فرہنگِ آصفیہ

جلد دوم

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہدو
کہ آتی ہے اُردو زباں آتے آتے

(جملہ حقوق محفوظ)



فرہنگِ آصفیہ

از ۔ ط

نسیم دہلوی ہم موجدِ باب فصاحت ہیں
سند ہے جو کہ ہم کہدیویں عارف
کہ اُردو کو کیا ہے سمجھتے ہیں
زبانِ رنجتہ اپنی زباں ہے

جلدِ دوم

(تریسٹھم)

یہ نئی ۔ جامع ضخیم مبسوط ۔ مکمل اور مطول ہندوستانی اور اُردو لغات یا خلاصہ ارمغان دہلی جس میں ہندوستانی موجودہ خاص و عام زبان کے تقریباً کل الفاظ یعنی عربی ۔ فارسی ۔ ترکی ۔ ہندی سنسکرت بلکہ لغاتِ انگریزی مخلوط بہ اُردو ۔ عدالتی و سیگماتی محاورات ۔ اہلِ پیشہ و اہلِ حرفہ کی ضروری اصطلاحات ۔ داخل روزمرہ ضرب الامثال خاص خاص اشارے ۔ کنائے ۔ تاریخی واقعات ۔ مناسب حال ماتے ۔ تذکیر و تانیث کے فیصلے ۔ طبیعات و فلسفہ کسب موقع مسائل علم زبان یعنی فلولجی کے نکتے ۔ اُردو صرف و نحو کے نامعلوم قاعدے ۔ ملک کی متداولہ رسمیں ۔ قدیم و جدید تحقیقات کے اختلافات مع نظائرِ نظم و نثر و کثرتِ معانی و وجہ تسمیہ ۔ تمام اولیائے ہند کے بترتیبِ زمانہ لفظ اولیائے ہند میں اسمائے گرامی مع حالات ۔ علمائے نامی گرامی کے ناموں کے ساتھ مختصر سوانح عمری ۔ بشمول حصہ اول ارمغان دہلی و دیگر اُمور مفیدہ زبانِ موجودہ قلمبند

پچپن ہزار سے زیادہ مندرج و مندمج ہیں

بندہ سید احمد دہلوی مصنف و مؤلف کتب متعددہ جنمیں سے اکثر کتابوں پر گورنمنٹ انگریزی و رؤسائے نامدار سے انعام بھی مل چکا ہے ۔ مثلاً مناظرہ تقدیر و تدبیر و قلع قمع ذرّیہ سفرنامہ مہاراجہ الور ۔ ارمغانِ دہلی ۔ طبیعی تعلیم ۔ لغات النساء ۔ فسانۂ رحمت ۔ انشائے ہادی النساء ۔ رسالۂ علم اللسان ۔ سیر شملہ ۔ رسوم دہلی و کتب تعلیم نسواں وغیرہ وغیرہ نے اپنی

لگاتار تیس برس کی شبانہ روز محنت و صرفِ کثیر سے

قدردانِ علم و ہنر فیض رسان فیض گستر جناب معلی القاب حضور پُر نور ۔ اعلیٰ حضرت ۔ والا شوکت ۔ رستم دوران ۔ افلاطونِ زمان سلطان ابن السلطان خلاک بارگاہ ۔ آصف جاہ سپہ سالار ۔ عالی وقار ۔ مظفر الملک ۔ نظام الدولہ حضرت بندگانِ عالی متعالی ۔ نوّاب مستطاب

ہز ہائنس میر محبوب علیخاں بہادر

نظام الملک ۔ فتح جنگ ۔ جی سی ۔ آئی ۔ ای و جی ۔ سی ۔ بی ۔ آصف جاہ سادس خلد اللہ ملکہم و سلطنتہم فرمانے ریاستِ فرخندہ بنیاد حیدر آباد دکن سماہ عن الشرور و الفتن کی اسلامی و دائمی یادگار کے واسطے سالِ جلوس سمنیت مانوس سے تالیف شروع کر کے اکیسویں سال میں ختم اور صد برس میں ترمیم و نظرِ ثانی کے بعد تیسرا و برتر کا حضور مروج کے نام نامی سے نامزد و شائع کی ۔ تاکہ اہلِ ہند کو عموماً اور باشندگانِ دکن کو خصوصاً اس کل فائدہ ہمیشہ پہنچتا اور مؤلف و حضورِ اقدس کا نام گرامی چلتا رہے

شعر

رہتا قلم سے نام قیامت تلک ہے ذوق ❊ اولاد سے تو ہے یہی دو پشت چار پشت

چنانچہ حضورِ انور دام اقبالہٗ و عمّ نوالہٗ نے وہ قدردانی فرمائی کہ بسلغ ساڑھے پانچ ہزار کلدار کے انعام اور چار سو جلدوں کی خریداری کے علاوہ پچاس روپیہ ماہوار کا وظیفہ بھی تالیفات مؤلف مرحمت کیا ۔ بلکہ حال میں جو مؤلف کو مالی صدمہ پہنچا اور تخمینہ سے بہت زیادہ اخراجات پیش آئے امید ہو کہ اسکی بھی ضرور تلافی فرمائی جائیگی

شعر

مال را از بہر کردہ دست جود ت پائمال ❊
وز ندامت خاک را کس بادنشناسد زرر ❊

مئی سنہ ۱۹۰۸ء میں

مطبع رفاہ عام پریس لاہور سے بحسن اہتمام مولوی سید ممتاز علی صاحب چھپکر شائع ہوئی


۱۳۲۶ھ

طبع اول ۱۱۰۰ جلد بر تقطیع کلاں

(سرورق مع دیباچہ مطبوعہ مخزن پریس دہلی)

قیمت فی کتاب مجلد کارتقدیر سی مئے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)



Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرہنگِ آصفیہ جلد دوم

ٹ

ٹ - ہ - اِسم مؤنث - (۱) اُردو والف بے کا پچاّواں اور ہندی کا گیارھواں حرف جسے تائے ثقیلہ بھی کہتے ہیں - (۲) حسابِ جُمل میں اِس کے بھی تاے ممثناۃ فوقانی کے برابر چار سو عدد ہیں - (۳) یہ حرف کبھی ہاے فارسی کبھی دال مہملہ کبھی دال ثقیلہ کبھی رائے ثقیلہ کبھی سین مہملہ اور کاف تازی سے بدلا جاتا ہے ٭

ٹابُر - ہ - اِسم مذکر - پورب (۱) ڈابر - چھوٹی سی جھیل - جوہڑ (۲) جھونپڑا چھوٹا سا گھر (۳) ٹبر - خاندان - کُنبہ - قبیلہ - (۴) مارواڑ) لڑکا - چھوکرا - چھورا طفل ٭ ؟ - للا - لالا ٭

ٹاپ - ہ - اِسم مؤنث - (۱) گھوڑے کا سُم - (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب (۳) وہ آواز جو گھوڑے کے چلتے یا دوڑتے وقت زمین پر سُم پڑنے سے نکلتی ہے - ٹھاپ - (۴) لکھنؤ) چارپائی کے پایہ کا گرد وہ جو پرواے پر رکھا جاتا ہے - (۵) مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا جس سے اکثر جوہڑ یا تالاب میں جب تھوڑا تھوڑا پانی رہ جاتا ہے تو پکڑا کرتے ہیں ٭

ٹاپ دار - اِ صفت - موٹے سرکا - آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا - گردہ دار

ٹاپا - ہ - اِسم مذکر - (۱) مُرغیوں کے بند کرنے کا کھانچا - قفس خروس و ماکیاں جمع (۲) ایک قسم کی کشتی یا بیڑا ٭

ٹاپا ٹوئی کرنا - ہ - فعل لازم - ع - ٹٹولنا - ٹوہنا - ڈھونڈنا - کھوجنا ٹٹولنا یا ٹوئی کرنا - چھان مارنا - ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا - (۲) پورب) ٹپکتے مکان کی مرمت کرنا - ٹپے ٹوئی بھی کہتے ہیں ٭

ٹاپرا - ہ - اِسم مذکر - (گنوار) جھونپڑا - چھپر کا گھر ٭

ٹاپنا - ہ - فعل لازم - گھوڑے کا دانے کے وقت اگلے پیر طاق کو زمین پر مارنا - دانہ طلب کرنا (۲) پاؤں پٹخنا - کوشش کرنا - ڈھونڈھنا - کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا - (۳) انتظار کرنا منتظر رہنا - (۴) بیکار اور آوارہ پھرنا (۵) بیچین ہونا - حالتِ محرومی میں گھبرانا مضطرب ہونا - (۶) افسوس کرنا - مایوس ہونا ہاتھ ملنا جیسے یار چلا گیا میں ٹاپا رہ گیا - (۷) پھاندنا - اُچکنا جیسے دیواریں ٹاپنا - (۸) (چوری آدمی بولتے ہیں) (۹) شوق اور ارمان میں رہنا ٭

ٹاپو - ہ - اِسم مذکر - جزیرہ - دیپ - وہ خشک زمین جو دریا یا سمندر کے بیچ میں ہو ٭

ٹاپ - ہ - اِسم مذکر - (۱) سن کا بُنا ہوا کپڑا - کرپاس - پلاس (۲) بیٹھنے کا گدی (۳) گنوار) پوت

ٹاٹ

چننے کی ٹوپی +

ٹاٹ یا ٹیٹر اُلٹنا - ف - فعلِ لازم - دیوالیہ ہونے کی علامت ظاہر کرنا دیوالہ نکلنا - دیوالیہ ہونا - کاروبار بند ہو جانا - کارخانہ اُلٹ جانا - دُکان اُٹھ جانا خط نے کھوئی جو تری حُسن کی دولت کھوئی واقعی ٹاٹ مہاجن نے جو اُلٹا اُلٹا (رشک) (ساہوکاروں کا قاعدہ ہے - کہ جب دیوالہ نکل جاتا ہے تو وہ اپنے بیٹھنے کے ٹاٹ یا گدی کو اُلٹ دیتے اور چراغ کر دیتے ہیں) +

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ - ا - (مثل) جیسی چیز ویسا ہی اُس کا لازمہ - پیوند میں پیوند +

ٹاٹ بافی جُوتا - ا - اِسمِ مذکر (صحیح تار بافی جُوتا) کامدار جُوتا - وہ جُوتا جس پر کلابتو کا کام ہو +

ٹال - ہ - اِسمِ مؤنث - لکڑی یا گھاس وغیرہ کا ڈھیر - انبار - تودہ (۲) لکڑیوں کی دُکان بھُس کی دُکان (۳) ایک قسم کا گھنٹا جو گلے یا ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں (۴) ٹالنے کا امر (۵) اِسمِ مؤنث ٹالا بالا یا لیت ولعل ٹالم ٹول - بہانہ +

ٹال آنا - ہ - فعلِ لازم - کم و بیش قیمت میں دے آنا - جن مولوں بکے اُن مولوں دے آنا +

کونین تک تھی ملتی جس دل کی محبو قیمت قسمت کہ ایک نگہ پر میں اُس کو ٹال آیا (سودا)

ٹال ٹپال یا ٹال مٹول - ہ - اِسمِ مؤنث - بہانہ - حیلہ حوالہ - آئیں شائیں (عوام) +

ٹالا - ہ - اِسمِ مذکر - حیلہ - بہانہ - تاویل +

ٹالا بالا - ہ - اِسمِ مذکر - حیلہ حوالہ - ٹال مٹول - بہانہ - تاویل چکر کر امروز فردا - آجکل +

ہوئی اجل بھی تری خو کی طرح وعدہ خلاف کہ آج تک مجھے رکھا ہے ٹالے بالے میں (نکہت)

ٹالا بالا بتانا یا دینا - ف - فعلِ متعدی - ٹالنا - دھوکا دینا - فریب دینا - حیلہ حوالہ کرنا - بہانہ بتانا - ٹال دینا - لیت ولعل کرنا - ؎

کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو کہاں تک دو گے جاناں ٹالے بالے (شائق)

ٹالم ٹول کرنا - ف - فعلِ لازم - حیلہ حوالہ کرنا - بہانہ کرنا - ٹال دینا - لیت ولعل کرنا - ؎

وقت پہ کر جاتے ہو تم ٹالم ٹول (نادر)

ٹالنا - ف - فعلِ متعدی (۱) بہانہ بتانا - بالا بتانا - حیلہ سے پھیرنا (۲) ہٹانا -

ٹان

سرکانا علیحدہ کرنا - دفع کرنا (۳) دیر کرنا ڈھیل کرنا مُلتوی کرنا - (۴) بگاڑنا - کھونا ضائع کرنا - جیسے وقت ٹالنا (۵) بہکانا - دھوکا دینا فریب دینا +

ٹالی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) چھوٹی گھنٹی جو چوپایہ وغیرہ کے گلے میں ڈالیں (۲) دلال) اٹھنی - آٹھ آنہ کا سکہ نصف روپیہ

ٹانٹ - ہ - اِسمِ مذکر - آدمی کے سر کی کھوپری - انڈہ - چندیا تارکِ سر +

ٹانٹ کھجانا - ہ - فعلِ لازم (۱) سر میں کھجلی ہونا - سر کھجلانا + چانٹا کھانے کو جی چاہنا (۲) خسارہ اُٹھانے کو جی چاہنا - نقصان اُٹھانے کو دل چاہنا +

ٹانٹ کے بال اُڑانا - ہ - فعلِ متعدی - جُوتیوں یا دھپّوں کے مارے چندیا پر بال نہ رکھنا - خوب چانٹے جڑا دھولیں مارنا +

ٹانٹ کے بال اُڑنا - ہ - فعلِ لازم - سر ننگا ہونا - سر پر بال نہ رہنا دیوالہ نکلنا - بھرکس نکلنا +

ٹانٹ گنجی کر دینا - ہ - فعلِ متعدی (۱) جُوتوں یا جوتیوں سے سر کے بال اُڑا دینا (۲) خرچ سے اُدھیڑ دینا - دیوالہ نکلوا دینا +

ٹانٹ گنجی ہونا - ہ - فعلِ لازم - سر پر بال نہ رہنا - خواہ بوجھ اُٹھانے اُٹھانے خواہ جُوتے کھاتے کھاتے سر گنجا ہو جانا (۲) نہایت خرچ کرنے سے مُفلس ہو جانا فضول خرچی سے برباد ہو جانا +

ٹانٹا - ہ - صفت مضبوط - قوی - توانا + موٹا مُسٹنڈا - دبنگ - بلوغت - تگڑا +

ٹانچنا - ہ - فعلِ لازم (بازاری) اُٹھتے پھرنا مزے سے اُڑانا + اِدھر اُدھر پھرنا - خراماں خراماں پھرنا جیسے کیا ٹانچتا ہُوا جوڑا آتا ہے - (۲) گنوار) قلم کرنا - تراشنا +

ٹانڈھ - ہ - اِسمِ مؤنث (گنوار) - مچان - ڈونگا (دو کڑیاں جو مکان کے اندر اسباب رکھنے کے واسطے لگا دیتے ہیں) (۲) ڈاچہ - وہ کڑیوں کا چبوترا اسا جس پر گنوار کھڑے ہو کر گوپیا پھینکا کرتے ہیں +

(ہاے ہوز کے بغیر بھی رانڈ کھانڈ سانڈ کے وزن پر جائز ہے) +

ٹانڈا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) قافلہ - کاروان - میدنی - سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب - اثاثہ - اثاث البیت (۳) خاندان - کُنبہ - قبیلہ کُنبہ (۴) کھیپ - وہ سوداگری کا اسباب جو ایک دفعہ لاد کر لیجائیں

ٹان

(۵) دست جاری ہونا۔ مگر خاص چوپایوں کی نسبت ضلع استعمال میں بولتے ہیں +

ٹانڈا لدنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) اسباب لدنا۔ سامانِ سفر کا روانہ ہونا۔ (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (بھجن میں) (۳) کوچ ہونا۔ ڈیرہ ڈنڈا لدنا +

ٹانک ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتی کا وزن یعنی چار ماشہ ایک رتی جو پونے چھے رتی کا ماشہ فرض کرنے سے قرار پایا ہے۔ یہ حساب صرف جواہرات کے وزن کرنے کا ہے + (۲) کمان جانچنے کا وزن اس کی مقدار ۲۵ سیر کی ہوتی ہے (۳) کمان کو کمان کے چلّے میں لٹکا کر ایک تیر کی مار کے انداز تک کھینچ لینے کو ٹانک کہتے ہیں مثلاً بعض کمان سوا ٹانک کی بعض ڈیڑھ ٹانک کی ہوتی ہے۔ اب سے پیشتر دو ٹانک تین ٹانک کی کمانیں ہوا کرتی تھیں۔ مگر وہ لوگ بھی نہایت طاقتور ہوتے تھے جو اتنی کڑی کمان کو کھینچ سکتے تھے (۳۔ ہندو) حصہ پتی (۴) جانچ۔ انداز۔ تشخیص۔ آنک +

ٹانکا ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) سیون۔ دوخت۔ سوتی تاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا (۲) دھات جوڑنے کا مصالح جس میں خود دھات بھی ہوتی ہے اور نیز وہ جوڑ جو اس مصالح سے لگایا جائے (۳۔ دکن) سہرتج۔ وہ کنواں یا حوض یا تالاب جس میں برساتی پانی پینے کے واسطے جمع کر لیتے ہیں۔ گونڈی۔ چوبچہ۔ کھیل (۴) پیوند۔ جوڑ۔ جیسے دلی کے بانکے جن کی جوتی میں نقشہ شوشہ ٹانکے +

ٹانکا بھرنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عمو۔ سینا۔ تیچی بھرنا۔ زخم کو سینا +

ٹانکا ٹوٹنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) سیون اُدھڑنا۔ زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا۔ محو ہو جاتا ہے دل کہ یاد یدۂ تر خشک ہو اور ٹانکے ٹوٹتے ہیں زخم کینہ کر خشک ہوا (آتش) (۲) ازالہ بکر ہونا۔ چیرا ٹوٹنا +

ٹانکا لگانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ زخم یا کپڑے کا سینا +

ٹانکا مارنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عمو۔ دیکھو (ٹانکا بھرنا) +

ٹانکا ٹوک ۔ ہ۔ صفت (دوکاندار) ٹھیکم ٹھیک۔ پورم پور۔ پوری تول۔ پورا پورا جھکتا نہ اڑتا تلا ہوا تول میں پورا (عوام ٹانکوں ٹانک ٹانکم ٹانک بھی بولتے ہیں) +

ٹانک رکھنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا نوٹ کر لینا +

ٹانکنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) سینا۔ دوخت کرنا۔ ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا (۲) جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ جھالنا (۳) نتھی کرنا۔ شامل کرنا (۴) یادداشت لکھنا۔ درج کرنا۔ لکھنا (۵۔ عوام) دینا۔ داخل کرنا۔ لگانا۔ جیسے عرضی ٹانکنا (۶۔ بازاری) کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔ ڈکنا جیسے سیر بھر

ٹان

جلیبیاں ٹانک گیا (۷) لٹکانا۔ آویختہ کرنا۔ آویزاں کرنا +

دی سزا اس مور و تسخیر کو ۔ نار گوں ٹانکا ہے پیچ پیر کو (نکہت)

(۸) طوطی اڑانا۔ دھول کرنا۔ پروانا +

ٹانکی ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام۔ خانی چھینی (۲) ترنجو یا خربزہ وغیرہ کی تراش جس سے اس کے اندر کی کیفیت معلوم ہو (۳) سوراخ۔ چھید (۴) ایک قسم کا پھوڑا۔ دُمبل۔ آتشک یا سوزاک کا زخم (۵) دندانہ۔ دانتا (۶) چوبیں یا آہنی ظرف جس میں پانی بھر کر رکھا کرتے ہیں (لکھنؤ) +

ٹانکی بجنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ سنگتراشی کا کام ہونا۔ عمارت کا چُنا جانا بسولی بجنا +

ٹانکی لگانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ تراشنا۔ تراش کر دیکھنا۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا +

ٹانکے ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ٹانکا کی جمع +

ٹانکے اُدھڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) بخیہ اُدھڑنا۔ سلائی کا ٹوٹ جانا (۲) حقیقت کھلنا۔ قدر عافیت معلوم ہونا +

ٹانکے اُدھیڑنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) سیون کھولنا سلائی اُدھیڑنا

مجھے اس درد میں لذت ہے اے جوشِ جنوں اچھا
مرے زخمِ جگر کے ہر گھڑی ٹانکے اُدھیڑے جا

(۲) حقیقت کھولنا قلعی کھولنا۔ عاجز کرنا۔ چھیں بلوانا۔ ہرانا +

ٹانکے ٹوٹنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹ جانا۔ (۲) سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا۔ مستعمل کپڑا ہونا +

ٹانکے دینا یا لگانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ زخم یا جامہ وغیرہ کا سینا +

ٹانکے کھانا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ زخم سلوانا۔ زخم میں دوخت کرانا +

ٹانکے کھلنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) سیون اُدھڑنا + بخیہ کھلنا۔ (۲) پردہ (ب) بھید کھلنا۔ راز فاش ہونا +

ٹانکے مارنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عمو۔ موٹی سیون سینا۔ اوپری سلائی کرنا۔ جلدی جلدی سینا۔ گھوپنا +

ٹانگ ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ۔ زانو مع ساق (۲) حصہ پتی + دلالوں کی اصطلاح میں چوتھا حصہ۔ چہارم +

ٹانگ اٹھانا ۔ ہ۔ فعل متعدی (بازاری) جماع کرنا۔ جماع کو مستعد ہونا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹان

آسن لینا +

ٹانگ اُٹھاکر مُوتنا - ہ - فعل لازم - کتے کی طرح مُوتنا +

(کہتے ہیں جب کتا بالغ ہوجاتا ہے تو ٹانگ اُٹھاکر مُوتتا ہے - جیسے اُس کی برابری وہ کرے جو ٹانگ اُٹھاکر مُوتے یعنی کتا بنے)

ٹانگ اَڑانا - ہ - فعل متعدی - پاؤں پھنسانا - مُزاحم ہونا + دخل دینا دست انداز ہونا - قدم رکھنا بیچ میں بولنا + (۲ - پہلوان) ٹنگڑی کے پیچ سے حریف کو گرانا +

ٹانگ برابر - ا صفت - چھوٹا سا - جیسے ٹانگ برابر لڑکا بڑوں کی اُلجھتا ہے +

ٹانگ پسار کے سونا - ہ - فعل لازم - آسودہ ہوکر سونا - بے فکر ہوکر سونا - نچنت ہوکر سونا +

ٹانگ تلے سے دیا - ٹانگ کے نیچے سے نکالنا - ہ - فعل متعدی کسی کو مغلوب اور عاجز کرنا - نیچا دکھانا - مُطیع کرنا - ہرانا +

ٹانگ تلے سے نکلنا - ہ - فعل لازم - ہار ماننا - عاجز ہونا - مغلوب ہونا - مُطیع ہونا - چیں بولنا +

ٹانگ توڑنا - ہ - فعل متعدی - (۱) بیکار کرنا - مُعطل کرنا - کسی کام کا نہ رکھنا - اپاہج کرنا - (۲) کسی زبان کی ذرا سی شد بد ہونے سے اُسمیں دخل دینا جیسے تم تو انگریزی کی ٹانگ توڑتے ہو + فارسی را ٹانگ توڑم - اکہ والنگلی شود (طنزیہ فقرہ) +

ٹانگ دینا - ہ - فعل متعدی - (۱) لٹکا دینا - آویزاں کر دینا - (۲) پھانسی دینا - پھانسی پر چڑھا دینا ؎

دُخترِ کوتوال ہے ظالم بیگناہوں کو ٹانگ دیتی ہے (یہ ذومعنی شعر ہے)

ٹانگ سے ٹانگ باندھکر بٹھانا - ہ - فعل متعدی - اپنے پاس سے سرکنے نہ دینا - پہلو میں بٹھانا +

ٹانگ لینا - ہ - فعل لازم - (۱) ٹانگ پکڑنا - (۲) کاٹنا - کاٹنے کو دوڑنا - کتے کی طرح کاٹنا یا کتے کا کاٹنا - (۳) سر ہونا - پیچھے پڑنا - گرویدہ ہونا +

ٹانگن - ہ - اِسم مؤنث - پہاڑی ٹانگن - پستہ قد ٹٹو - بہت تیز اور چھوٹے قد کا ٹٹو - پیگو ٹہرا ٹانگن شمشیر

ٹانگنا - ہ - فعل متعدی - (۱) لٹکانا - آویزاں کرنا - (۲) پھانسی دینا - پھانسی پر چڑھانا +

ٹانگیں - ہ - اِسم مؤنث - ٹانگ کی جمع +

ٹپا

ٹانگیں اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - (۱) آسن لینا - (۲) جلد چلنا - پاؤں اُٹھانا - قدم بڑھانا +

ٹانگیں توڑنا - ہ - فعل لازم - تھکنا - حیران ہونا - پھرنا - ہانڈنا - چکر لگانا - ربڑ کرنا +

ٹانگیں ہیجانا - ہ - فعل لازم - تھک جانا - ماندہ ہوجانا - گٹھیا کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہوجانا - ٹانگوں کا سوکھ جانا +

ٹائپ - انگلش Type اِسم مذکر - نقش چھاپے کے حرف ڈھلے ہوئے حرف - اسٹامپ - چھاپ - ٹھپا + نقشہ نمونہ + وضع - صورت - شکل - ڈھنگ +

ٹاپ - ہ - اِسم مذکر - (گنوار) چوپایہ خصوصاً بوجھ اٹھانے والا ٹٹو یا گھوڑا - تاج محل کی بجائے بھی بول دیتے ہیں جیسے ٹٹو ٹاپ +

ٹاپری - ہ - اِسم مؤنث - (گنوار) بودی سی ٹٹوانی یا گھوڑی +

ٹائیں ٹائیں - ہ - اِسم مؤنث - بکواس چیں چیں - کائیں کائیں جیسے کیا ٹائیں ٹائیں لگا رکھی ہے - یہ طوطے کی آواز سے مُحاورہ بنا ہے +

ٹائیں ٹائیں فش - ا - محاورہ - بکواس بہتیری اور نتیجہ ندارد یا بایں شوراشوری یا بایں بے نمکی +

ٹب - انگلش Tub اِسم مذکر - کٹھڑا - کٹھوتی - اندر بیٹھ کر نہانے کا چوبیں ظرف +

ٹبر - ہ - اِسم مذکر - (۱) خاندان - کُنبہ - قبیلہ - کُٹم - خویشاوند - اقربا - (۲ - عو) کُنبہ کا خرچ ؎

پنجتنِ پاک کی ہے آس مجھو ہوا جی جن کے صدقے میں ہرا رہتا ہے ٹبر جلتا (جانتا صاحب)

ٹپ - ہ - اِسم مؤنث - (۱) ہوادار یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا مینہ کے وقت کھول لیتے ہیں - قنادرا - اسپک - (۲) ٹپکنے کی آواز - بوند گرنے کی آواز - (۳ - گنوار) کود - پھاند +

ٹپا - ہ - اِسم مذکر - (۱) فاصلہ - زد - توڑ - جیسے گولی کا ٹپا - (۲) ایک قسم کا گیت جسکو شوری پنجابی نے ایجاد کیا تھا - (۳ - دکن) ڈاکخانہ - پوسٹ آفس (۴) زغند - کود - پھاند - (۵) ضلع - چکلہ - پرگنہ کا حصہ - (۶ - عو) دُور دُور کا بخیہ یا تیمچی - موٹی سیون - موٹی سلائی - کوک - (۷) ایک قسم کا بھک - کانٹا - (۸) پالکی لے جانے والوں کی ڈاک یا چوکی (۹) ہیڑا جو بادبان کے وسیلہ سے چلایا جاتا ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹپّا

ٹپّا بھرنا یا ڈالنا یا مارنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) کوکنا - موٹی سلائی کرنا تیمپی بھرنا - دُور دُور سینا + لنگر ڈالنا (۲) بے ترتیب یا بے ڈھنگے پنے سے پڑھنا (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) +

ٹپّا کھانا - ہ - فعلِ لازم - گولی کا ٹکرانا - بندوق کی گولی کسی چیز پر لگ کر چٹخنا - ٹکرانا - چٹخنا - چٹکنا - اُچھلنا +

ٹپانا - ہ - فعلِ متعدی (گنوار) کُدانا - پھندانا +

ٹپاٹپ - ہ تابع فعل - متواتر - پے در پے - لگاتار + آنسوؤں کے برابر گرنے کی آواز +

ٹپ ٹپ - تابع فعل - کسی چیز کے ٹپکنے کی آواز - اشکوں کے گرنے کی صدا + متواتر آنسوؤں کے گرنے کی آواز +

ٹپ جانا - ہ - فعلِ لازم (گنوار) کُود جانا - پھاند جانا +

ٹپس - ہ - اسمِ مؤنث (۱) سہارا - وسیلہ + دعوے کی بنیاد + ذرا سا تعلق علاقہ (۲ - گنوار) نام شہرت جیسے ٹپس کا بھوکا ہے +

ٹپس جمانا / **ٹپس لگانا** - ہ - فعلِ متعدی بنیاد ڈالنا تعلق پیدا کرنا - دعوے جمانا - پنیری جمانا یہ مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا +

ٹپک - ہ - اسمِ مؤنث (گنوار) ۱ - چبک - درد زخم ٹیس - چمک - (۲) پانی گرنے کی آواز +

ٹپک پڑنا - ہ - فعلِ لازم (۱) چکیدہ ہونا پھسل پڑنا - مُقطر ہونا - چُونا - رِسنا + کھسکنا + جلد مائل ہو جانا (۲) پھوڑے کا پھوٹ جانا - گانگن کا برس جانا (۳) ظاہر ہو جانا - کھل جانا ضبط نہ ہو سکنا (۴ - بازاری) جلد منزل ہو جانا - دھوتی میں آسنند ہو جانا (بازاری) +

ٹپک نویس - ا - اسمِ مذکر (پورب) غلط رپورٹ کر دینے والا +

ٹپکا - ہ - اسمِ مذکر (۱) چکیدگی - تقاطر - رِساؤ - بُوند (۲) پیڑ کا پکا آم جو از خود ٹپک پڑتا ہے +

مضمون کو آتش اُنہیں یا آم سمجھ لوں ہاتھ آئے ہیں دو چار یا تقدیر سے ٹپکے (آتش)

(۳) دھتا - اُنگلی سے لگایا ہوا رنگ + (۴ - صفت) گرا ہوا - چکیدہ وہ پھل جو ٹپک کر گرے - جھڑا ہوا +

ٹپکا ٹپکی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) بُوند باندی - پھوار - ترشح - تقاطر (۲) پھلوں کا گرنا - پھلوں کا جھڑنا (۳) گاہکوں کا مائل ہونا - گاہک پر گاہک پڑنا (۴) ایک کے بعد ایک کا مرنا - ایک آدھ کا روز مرنا (۵ - تابع فعل) کوئی کوئی -

ٹپّن

اِکا دُکا + کبھی کبھی - کبھی کبھار +

ٹپکا پڑنا - ہ - فعلِ لازم (۱) کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کے باعث ضبط نہ ہو سکنا - ظاہر ہو جانا - نکلا پڑنا + ٥

ٹپکی پڑتی ہے اُس سے گدراہٹ ہے یہ عالم تری جوانی کا (رنگین)

(۲) گرا پڑنا - مائل ہو جانا ٥

سینہ میں دل خُوں شدہ ہر روئے نکو پر ایک بُوند لہو کی ہے کہ ٹپکے ہی پڑے ہے (نکہت)

(۳) عورت کا مُباشرت کی طرف میلانِ خاطر ہونا - جوشِ شہوت سے بیقرار ہونا مستی میں بسکہ ٹپکی ہی پڑتی تھی دُخترِ رز ہونٹوں سے میرے ہونٹھ کل اپنے وہ رگڑ گئی (مرزا جان طپش)

ٹپکا لگنا - ہ - فعلِ لازم - چکیدگی کا شروع ہونا - تقاطر ہونا چُونا - رسنا ٹپکنا - آموں کا مُتواتر درختوں سے گرنا - رساؤ ہونا - پک پک کر گرنا +

ٹپکانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا - بُوند بُوند گرانا (۲) مُقطر کرنا - رسانا - عرق نکالنا - چُلانا - نچوڑنا +

ٹپکنا - ہ - فعلِ لازم (۱) قطرہ قطرہ گرنا - رِسنا - چُونا - چھننا - مترشح ہونا + عرق نکلنا - نچڑنا (۲) پکے پھل کا گرنا - ثمر کا پک کر از خود زمین پر گرنا + (۳) ظاہر ہونا - نمودار ہونا - نُمایاں ہونا ٥

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا (غالب)

(۴) کسی کی طرف مایل ہونا - رُجوع ہونا پھسلنا ٥

ہے چھوٹا سا ٹاپو سُہانا نپٹ ٹپکتا ہے دِل جس وہاں چل کے جھٹ (نامعلوم)

(۵) جنگ میں زخمی ہو کر زمین پر گرنا ٥

خوں ٹپکتا ہے زنوں کے دمِ شمشیر سے ٹپکے کیا کیا نہ کما نمدار ترے تیر سے ٹپکے (خواجہ آتش)

(۶) ٹیس اُٹھنا - چبک مارنا - زخم میں درد ہونا - ہُولیں اُٹھنا ٹیسنا چبکنا ٥

ٹیس نے اِن دنوں دل کی نئی صورت نکالی ہے ٹپکتا ہے پڑا راتوں کو یوں پکتا ہوا جُوں پھوڑا (سودا)

(۷) پھوڑے کا پک کر بہنا - پھوٹنا - گانگن کا برسنا (۸ - بازاری) چھلکنا پانی چھوڑنا - اِنزال ہونا - جھڑنا +

ٹپّن یا ٹپّین - ہ - از ٹیپ (ہندو) اسم مؤنث صحیح سنسکرت پتی - (fz ननी) (۱) شرح - تفسیر - حاشیہ - ٹیکا (۲) پتری - جنم پتری +

ٹپّن - ا - اسمِ مؤنث (انگلش) ٹِفن - جل پان - چاشتہ - ناشتہ -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹپن

خاص کر جسے سپہری کھانا کہنا چاہئے۔ وہ کھانا جو انگریز سپہر کو کھاتے ہیں +

ٹپنا - ۲ - فعل لازم (گنوار) ۱ - کودنا - پھاندنا - اُچک جانا - چھلانگ مار جانا - لانگ جانا (۲) ڈھانکنا سرپوش سے چھپانا (۳) مخفی کھانا - جوڑا لگنا - ملنا +

ٹپے ٹوئی - ۲ - اسم مؤنث - تلاش - تجسس - ٹٹول - ٹوہ یا ٹوئی +

ٹٹکا - ۲ - اسم مذکر (۱) بڑی مٹی - ٹاٹر - جھانپ - قنات (۲) اوٹ - پردہ + آسرا (۳ - پنجابی) تحصیہ - غوطہ +

ٹٹپونجیا - ۲ - صفت (اصل میں ٹٹ پونجیا تھا یعنی جس کی پونجی ٹوٹ گئی ہو) (۱) کم مایہ - قلیل البضاعت - تھوڑی پونجی والا - کم سرمایہ والا - اوچھی پونجی والا (۲) دیوالیہ - وہ شخص جس کو ٹوٹا آگیا ہو (بعض محقق ٹاٹ جیسی پونجی والا کا مخفف ٹٹ پونجیا قرار دیتے ہیں) +

ٹٹر - ۲ - اسم مذکر - دیکھو (ٹٹا) جیسے ٹٹر کھولو نکھٹو آئے +

ٹٹرُوں ٹوں - ۲ - اسم مؤنث (۱) ٹوٹرو کی آواز - فاختہ کی آواز (۲) (فعل) تنہا - اکیلا - اپنے دم سے ؎

صبح جب بول اُٹھا مرغ خرگوشوں کوں اُٹھ گئے پاس سے وہ رہگیا میں ٹٹرُوں ٹوں (نظیر)

ٹٹیری - ۲ - اسم مؤنث (۱) دیکھو (ٹانٹ) (۲) ٹٹی - ٹٹا (۳) ڈھلیچ - ٹھٹری +

ٹٹری گنجی ہونا - ۲ - فعل لازم - دیکھو (ٹانٹ گنجی ہونا) +

ٹٹکارنا - ۲ - فعل متعدی - جانوروں کو ٹٹکاری سے آگے بڑھانا - ہانکنا چلانا + ایڑ لگانا +

ٹٹکاری - ۲ - اسم مؤنث (۱) جانور کو ہنکانے کی آواز (۲) زبانی جمع خرچ جھوٹ موٹ کی کارگزاری جیسے بیل سرکاری اور یاروں کی ٹٹکاری - (۳) اشارہ - سیٹی - آواز +

ٹٹکاری پر لگنا - ۲ - فعل لازم (۱) اشارہ پر لگنا - سیٹی یا آواز پر چلا آنا (۲) آواز پر لگنا - آواز پہچاننا - ہل جانا - مانوس ہو جانا +

ٹٹو - ۲ - اسم مذکر (۱) بابو - چھوٹے قد کا گھوڑا - ٹانگن - ٹاٹر (۲ - بازاری) عضو تناسل (۳ - عوام) قابو - بس + زور - طاقت - جیسے جی چلتا ہے پر ٹٹو نہیں چلتا +

ٹٹو بھڑکنا - ۲ - فعل لازم (بازاری) ٹٹو کا سرکشی کرنا (۲) شہوت ہونا +

ٹٹو پار ہونا - ۲ - فعل لازم (عوام) کام کا انجام پر پہنچنا - کامیابی حاصل ہونا - بیڑا پار ہونا +

ٹٹوانی - ۲ - اسم مؤنث - ٹاٹری - ٹٹو کی مادہ - چھوٹے قد کی گھوڑی +

ٹٹی

ٹٹول - ۲ - اسم مؤنث (۱) لمس - مس - جماست (۲) تجسس - تلاش - ڈھونڈ - دریافت - مافی الضمیر +

ٹٹول دیکھنا - ۲ - فعل لازم (۱) ڈھونڈ لینا - تلاش کر لینا ؎

پیکان تیز نکلا پہلو کو کھول دیکھا دل کا پتانہ پایا سینہ ٹٹول دیکھا (نکہت)

(۲) آزما لینا - امتحان کر لینا ؎

یاروں نے گو انا الحق اس منہ سے بول دیکھا ہیں سرخرق سے غافل سب کو ٹٹول دیکھا (شوق)

ٹٹولنا - ۲ - فعل متعدی (۱) اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا - اندھے کا کسی چیز کو مس کر کے دیکھنا - ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا - ہاتھ پھیرنا - مس کرنا - چھونا (۲) عندیہ لینا - منشا پانا - مافی الضمیر دریافت کرنا - (۳) تلاش کرنا - ڈھونڈنا - کھوجنا - ٹوہنا (۴) آزمانا - دیکھنا - امتحان کرنا - جانچنا - پرکھنا ؎

فراق یار میں جب عشق نے مجکو ٹٹولا ہے جو دل ٹولا دکھایا تو پتھر کا جگر دیکھا (آتش)

ٹٹولواں - ۲ - تابع فعل - اٹکل سے - اندازے - اوپر وڈے +

ٹٹی - ۲ - اسم مؤنث (۱) بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا چھوٹا ٹٹا - چک - چلمن - جھانپ - کواڑی - دیوار (۲) آڑ - اوٹ - پردہ - حجاب - (۳) پاخانہ - جائے ضرور - بیت الخلا (۴) آرایش جو بیاہ شادیوں میں پھول وغیرہ تخت رواں پر لگا کر لیجاتے ہیں (۵) وہ چھت یا چوبی چار دیواری جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں (۶) شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں (ضمیر گنواروں اور پڑھیوں سے متعلق ہے) +

ٹٹی جانا - ۲ - فعل لازم (ہندو) پیخانہ جانا - دست آجانا +

ٹٹی کا آئینہ - ۱ - اسم مذکر - ایک قسم کا پتلا قلعی دار خواہ بے قلعی شیشہ +

ٹٹی کی آڑ یا اوٹ - یا ہو جھل شکار کھیلنا - ۲ - فعل لازم - در پردہ عیب کرنا - چھپ کر کام کرنا - چھپواں مزے اڑانا ؎

ٹٹی کی اوٹ میں وہ کیا کرتے ہیں شکار منہ کو چھپائے رکھتے ہیں اپنے نقاب میں (آتش)

تھی نہایت وہ شوخ دیدہ کھلاڑ کھیلتی تھی شکار ٹٹی کی آڑ

ٹٹی لگانا - ۲ - فعل لازم - اوٹ معلوم (۲) بھیڑ کرنا - ہجوم کرنا + آڑ کرنا - اوٹ کرنا + پردہ کرنا - تخت کھڑی کرنا +

ٹٹی میں چھپید کرنا - ۲ - فعل متعدی - حجاب اٹھانا - کھل کھیلنا - فاحشہ ہو جانا - ع

اب تو ٹٹی میں کیا چھپید غضب تو نے کیا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹٹی

ٹٹیا - ہ - اِسم مؤنث (۱) ٹٹی کی تصغیر - چھوٹی ٹٹی کبھی تحقیراً بھی کہتے ہیں - (۲) ٹانٹ کا مخفف و تصغیر بالتحقیر +

ٹٹیری - ہ - اِسم مؤنث (۱) (ایک پرند کا نام جس کی آواز سے یہ نام رکھا گیا - عوام کا خیال ہے کہ یہ مینہ کی دعا مانگا کرتی ہے - زمین پر پانی نہیں پیتی جب مینہ برستا ہے تو اوپر ہی اوپر پانی پی لیتی ہے - اپریل اور مئی کے مہینے میں انڈے دیتی اور اسی موسم میں اکثر بولا کرتی ہے +

(۲) ایک کھلونا جس کے چکر دینے سے یہی آواز نکلتی ہے (ممالک غربی میں چوکیداروں کے واسطے بھی ٹیٹریاں دی گئی تھیں) +

ٹُچّا - ہ - صفت و اسم مذکر (۱) اوچھا - کم ظرف - تنگ ظرف - چھچھورا - کم حوصلہ - (۲) لُچّا - شہدا - لفنگ + کمینہ - بیہودہ - نالائق - ناشائستہ - پاجی - رذالہ - مُتبذل - بےغیرت - بدذات - اوباش +

ٹُچ ٹُچ - ا - اِسم مؤنث تحقیراً گھوڑے کے چلانے کی آواز - ٹک ٹک +

ٹُخنا - ا - اِسم مذکر - شتالنگ - گٹا - کعب - وہ اُٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہے +

ٹِڈّا - ہ - اِسم مذکر (۱) ایک قسم کا پر دار کیڑا جو گھاس اور آک کے درخت پر ہوتا ہے - بوٹ پھدنگا (۲) پتلا دُبلا آدمی +

ٹِڈّی - ہ - اِسم مؤنث - ملخ - ٹیڈی - ایک قسم کا پر دار کیڑا جو اکثر زراعت کو نقصان پہنچاتا ہے - اس کا دل مشہور ہے (مثلاً ٹڈی کا آنا کال کی نشانی ہے) +

ٹِڈّی دَل - ہ - اِسم مذکر (۱) ٹڈیوں کا بڑا گروہ (۲) بری فوج + نہایت بھیڑ بھاڑ + مجمع عظیم - پرتھوی پر تھمی خلقت کا ہجوم - انبوہ کثیر جمہور + سوادِ اعظم +

ٹُر - ہ - اِسم مؤنث (۱) مینڈک کی آواز (۲) پوچ بات - بیہودہ بات (۳) ہٹ - ضد - اڑ + اکھڑپن جیسے شیخیوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹُر (۴) عید کے بعد کا میلہ جو پنجاب کا کیا کہا ہے - اور دہلی میں ۱۸۵۷ء کے بعد سے ہونے لگا ہے، جیسے عید پیچھے ٹربلات پیچھے دھوتسا (بے موقع اور بے محل بات کی نسبت بولتے ہیں) (۵) شیخی - خودستائی - بڑائی +

ٹُرٹُر - ہ - اِسم مؤنث (۱) بک بک - جھک جھک - پچ پچ - کائیں کائیں + گستاخی (۲) مینڈک کی آواز +

ٹُرٹُرانا - ہ - فعل لازم (۱ - پورب) بک بک کرنا - جھک جھک کرنا - بکنا - (۲ - حقارتاً) رونا - چھینکنا - بُڑبُڑانا جیسے ابھی تھپڑ مارونگا تو ٹُرٹُرانا

ٹسک

ہُوا جائیگا +

ٹُرّا - ہ - صفت (۱) اکھڑ - بدمزاج سخت گفتار + دنگئی شوخ شریر - بدذات - حرامزادہ - سرکش - سرزور (۲) بکّی - بکواسی - بک بک کرنے والا (۳) مغرور - گھمنڈی - اِترانے والا - شیخی باز +

ٹُرّا - ہ - اِسم مذکر (۱) دانہ - حب + باردد کا دانہ (۲) وہ اناج جس میں برکت زیادہ اور زیادہ صرف ہو چنانچہ باجرے - موٹھ - جوار وغیرہ کو ٹُرّا اناج کہتے ہیں +

ٹُرّاپَن - ہ - اِسم مذکر - اکھڑپن - خشونت - بدمزاجی +

ٹُرّانا - ہ - فعل لازم - بک بک کرنا - پچ پچ کرنا - سخت گفتاری کرنا - ٹُرٹُر کرنا + غل مچانا - گستاخی کرنا - اینٹھنا - شرارت کرنا - بُڑبُڑانا +

ٹُرٹُر پھُس - یا - **ٹُرٹُر پھُس** - ہ - اِسم مؤنث - شرارت - اکھڑپن + اکڑ پھوں + خشونت - بدمزاجی +

ٹُرٹُر بَنگا - یا - **ٹُرٹُر بَنکا** - ہ - صفت - ٹیڑھا بانکا - کج مج - ٹیڑھا خمیدہ +

ٹُرٹُر پھُس کرنا - ہ - فعل لازم - ڈنگا کرنا - اکڑنا - شرارت کرنا - بدمزاجی کرنا +

ٹُرکَل - ا - اِسم مؤنث (۱) ذلیل اور بیہودہ عورت - بےتمیز اور نالائق عورت - (۲ - صفت) سٹلو - بیوقوف - مال زادی - حرامزادی - فاحشہ - بدکار - زانیہ +

ٹُرکانا - ہ - فعل متعدی - ٹالنا - بہانہ کرنا - بلا بتانا +

ٹُرکُو - ہ - اسم مذکر - لغوی معنی ٹرّانے والا - اِصطلاحی مینڈک - نحوک (۲) ایک کھلونے کا نام جس پر جھلی منڈھ کر پھراتے ہیں +

ٹُرّیانا - ہ - فعل لازم (کبوتر باز) پر بند کبوتر کا اُڑ جانا +

ٹرَین - انگلیش (Training) اِسم مؤنث - قطار - سلسلہ - تانتا + ریل کی گاڑیوں کا تانتا + ریل گاڑی +

ٹَسّر - ہ - اِسم مذکر - کچا ریشم - ایک قسم کا ادنےٰ درجہ کا ریشم جس کا کارخانہ بھاگلپور میں ہے +

ٹَسَر ٹَسَر رونا - ہ - فعل لازم - نحو - زار زار رونا - ٹھنکنا - بسورنا - پھوٹ پھوٹ کر رونا (بچوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) +

ٹَس سے مَس نہ ہونا - ہ - فعل لازم - نحو - جنبش نہ کھانا - ذرا نہ سرکنا + بالکل متحرک نہ ہونا - نہ گھٹنا - گداز نہ ہونا +

ٹَسَر مَسَر - ہ - اِسم مؤنث - عوام - ہیر پھیر - ڈھیل + وقفہ - توقف +

ٹَسکا - ہ - اِسم مؤنث (پورب) چسک - کسک ٹیس - درد - ہوک + ہُول +

ٹَسکا - ہ - اِسم مذکر - بچوں کی کھانسی - چنانچہ ٹسکا لگنا ایسی کھانسی کو

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹسک

کہتے ہیں جس میں گھُر گھُر کی سی آواز نکلتی ہے +

ٹُسکانا - ف - فعلِ متعدی (پُورب) سرکانا - ہلانا +

ٹُسکنا - ف - فعلِ لازم (۱) ہلنا جُلنا - سرکنا - جُنبش کرنا (۲) گلنا - گداز ہونا (۳) چسکنا - کسکنا - درد معلوم ہونا - ہُولیں اُٹھنا (۴) کسی چیز کا کسی چیز پر اثر ہونا - متاثر ہونا +

ٹسکنا - ف - فعلِ لازم (پورب) رونا - سبکنا - ٹھسکنا - ٹسوے بہانا - گریہ کرنا - پسُورنا +

ٹسن - ف - اسمِ مؤنث (بازاری) (۱) فیل - کھوُر و شرارت - راڑ - تکرار - جھگڑا - پرخاش - ٹنٹا (۲) چیلنج - بے ایمانی +

ٹسن کرنا - ف - فعلِ لازم (۱) چیلنج کرنا - بے ایمانی کرنا (۲) جھگڑا کرنا - تکرار کرنا +

ٹسن لانا - ف - فعلِ لازم (۱) کھوروں لانا - جھگڑا کرنا - شرارت کرنا (۲) چیلنج کرنا - بے ایمانی کرنا +

ٹسوے بہانا - ف - فعلِ لازم (عو) آنسو بہانا - اشکباری کرنا - رونا + جھوٹا رونا رونا + (حقارتاً بولتے ہیں) +

ناحق بھی جھوٹ مُوٹ کے ٹسوے بہاؤ گی
مرجاؤں یا جیؤں نہیں سُسرال جاؤں گی } (جان صاحب)

ٹک - ف - صفت - گنوار - ذرا - تنک - اندک - کچھ - مصرعۂ نظیر ؎

ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوش وقت ہوئے اور چل نکلے

؎ گر جان تلک نکو تو سواس نہیں ہے اور نقد اگر چاہو تو ٹک پاس نہیں ہے (نامعلوم)

(۲ - تابع فعل) ذرا سی دیر - زمانۂ اندک - تھوڑی دیر کے لئے +؎

او دامن اُٹھا کے جانے والے ٹک ہم کو بھی خاک سے اُٹھا لے

ٹک جیا تو کیا جیا - ف (مثل) ذرا سی دیر آرام پایا تو کیا پایا - ذرا سی راحت کا کیا مزا +

ٹک سا - ف - صفت (گنوار) ذرا سا - واجبی سا - یونہی سا +

ٹکا - ف - اسمِ مذکر - دو پیسے - تنگہ - دو پول (۲) دو پیسہ کا پیسہ (۳ - پُورب) روپیہ - دام - نقدی +

ٹکا بھر - ف - صفت (۱) دو تولے - دو پیسہ بھر (۲) ذرا سا - کسی قدر - تنک سا +

ٹکا پاس نہیں - ف (فقرہ) کوڑی پاس نہیں مفلس ہے +

ٹکا سا جواب دینا - ف - فعلِ لازم - صاف جواب دینا - کانوں پر ہاتھ رکھے جانا - کورا جواب دینا - مطلق انکار کر دینا - دُرُشت جواب دینا - قطعی انکار کرنا

ٹکٹ

جیسے مصرعہ ؎

جو بوسہ مانگیں ٹکا سا جواب دیتے ہیں

ٹکاسی جان - یا - دم - ا - اسمِ مؤنث و مذکر - اکیلی جان - اکیلا دم - (عورتیں بولتی ہیں) +

ٹکانا - ف - فعلِ متعدی (۱) سہارا لینا - بوجھ اُتارنا - روکنا - ٹھیرانا جیسے گٹھڑی یا ہاتھ ٹکانا + (۲) مکان یا سرائے میں جگہ دینا - قیام کرانا - فروکش کرنا جیسے چار مسافر ٹکائے (۳) مارنا - سہی کرنا - لگانا جیسے دھپ ٹکانا + (نمبر دوم سرائے کی بھٹیاریوں کے متعلق ہے) +

ٹکاؤ - ف - صفت - ٹھہرا - پائیدار - رکاؤ - مضبوط +

ٹکاؤ - ف - اسمِ مذکر (بوا و مجہول) (۱) - رہایش - ٹھیراؤ - قیام - قرار - ٹھکانا - استقلال +

ٹکٹ - انگلش (Ticket) اسمِ مذکر (۱) پرچہ - دستاویز - تشک - پاس - اجازت کا پرچہ - پروانۂ راہداری + چراس (۲-۱) پکے تاگوں کا پتا - ریل پیچک (۳) سوداگری مال کے اوپر کا پرچہ جس میں کارخانہ کا نام وغیرہ ہوتا ہے - چٹھی (۴) پتی - چندہ - قیمت - اُجرت (۵) اسٹامپ - ڈاکخانہ کے محصول کا اسٹامپ (۶) ٹیکس محصول - لگان - باچھ - جزیہ - سوداگری مال کا خاص محصول +

ٹکٹ لگانا - ا - فعلِ متعدی (۱) خطوط وغیرہ پر اسٹامپ چسپاں کرنا (۲) محصول یا ٹیکس لگانا +

ٹکٹکی - ف - اسمِ مؤنث (۱) تاک - برابر دیکھے جانا - گھُورنا - ناظر - نظارہ +

ٹکٹکی نے تری کی اپنے ذلِ زار پر چوٹ سُور ما ہے وہی کرتا ہے جو مردار پر چوٹ (رنگین)

(۲) تپائی جس سے مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوڑے یا بید مارتے ہیں +

ٹکٹکی باندھنا - ف - فعلِ متعدی - برابر دیکھے جانا - تاکنا - پلک نہ جھپکا - گھورنا - غور سے دیکھنا - آنکھیں لڑانا +؎

ٹکٹکی باندھی اُدھر ہمنے تو دکھلا کر ہمیں ہاتھ سے اُس نے مُلِ نرگس کو مَل کر رکھ دیا (معروف)

ٹکٹکی پر کھڑا کرنا - ف - فعلِ لازم (مرغبازوں کا دستور ہے - کہ جب کوئی بہادر مرغ لڑائی کے وقت حریف کی ضرب شدید کھا کر مرجاتا اور نہیں ہٹتا ہے تو اُس وقت زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر اُس کی لاش کھڑی کر دیتے ہیں اور زندہ مرغ کو جس کا قاتل ہے روبرو چھوڑ دیتے ہیں - اگر اُس نے لات مار کر ٹکٹکی سے نیچے گرا دیا تو بے تکرار بازی جیتا اور جو بن لات مارے کسی اور طرف چلا گیا تو بازی ہارا) +

ٹکٹکی سے باندھنا - ف - فعلِ متعدی - سزائے تازیانہ دینا - باندھ کر

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹیکٹ

کوڑے لگانا۔ تپائی سے باندھ کر بید مارنا +

ٹکٹکی لگانا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ دیکھو ٹکٹکی باندھنا) +

ٹکٹکی لگنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نظر جمنا ۔ نظر لڑنا +

ٹکر ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث (۱) دھکا ۔ صدمہ ۔ ٹھوکر ۔ آسیب ۔ دو چیزوں کا لڑ جانا ۔ ٹھیس (۲) مقابلہ ۔ برابری ۔ ہمسری (۳) مقابل ہمسر ۔ برابر ۔ جوڑ ۔ (۴) نقصان ۔ ضرر ۔ ٹوٹا ۔ زیاں جیسے دس روپیہ کی ٹکر لگی +

ٹکر پہاڑ سے لینا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بڑے دشمن سے مقابلہ کرنا ۔ بڑے بھاری دشمن کے خلاف ہونا ۔ ایسے شخص کے مقابل ہونا جس کے مقابلہ کی قدرت نہ ہو (پہاڑ سے ٹکر لینا زیادہ بولتے ہیں) + ؎

کوہکن کیوں سر کو پھوڑے لی ہے جا کر پہاڑ سے ٹکر (میر سجاد)

ٹکر جھیلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ صدمہ سہارنا ۔ نقصان یا مصیبت وغیرہ کی برداشت کرنا +

ٹکر کھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) لڑ جانا ۔ مُٹ بھیڑ ہو جانا ۔ ٹکرانا ۔ باہم دھکا کھانا ۔ ٹھوکر کھانا ۔ ٹھیس کھانا (۲) صدمہ اُٹھانا (۳) نقصان اُٹھانا (۴) ضرب کھانا ۔ چوٹ لگنا (۵) بھڑ نا ۔ گتھنا ۔ لڑنا + ہمسر اور مقابل ہونا ہم پلہ ہونا +

ٹکر لڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم سر لڑانا ۔ مستک بازی کرنا ۔ ماتھے سے ماتھا لڑانا +

ٹکر لگانا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ دیوار یا ستون وغیرہ سے سر ٹکرانا ۔ سر سے ضرب لگانا ۔ صدمہ پہنچانا +

ٹکر لینا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) سر سے سر لڑانا ۔ سر زنی کرنا ۔ کلہ زدن کا ترجمہ (۲) صدمہ سہنا ۔ چوٹ سہارنا (۳) بھڑ پٹ ہونا + سامنے ہونا مقابل ہونا ۔ رُوکش ہونا ۔ سنمکھ ہونا ؎

شکوہ ہیں ترے ظلم کی کیا بیان کروں جو پیل چرخ سے لینا ہے اوج میں ٹکر (نامعلوم)

ٹکر مارنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) سر مارنا ۔ سر پٹکنا ۔ سر کا دھکا مارنا ۔ مُونڈ مارنا (۲) بیدلی اور بے توجہی سے سجدہ کرنا ۔ دکھاوے کی نماز پڑھنا ۔ (۳) کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ تندہی کرنا + بیفائدہ کوشش کرنا (۴) سر سے لڑنا ۔ مستک بازی کرنا ۔ مُونڈ بھڑانا +

ٹکرا ٹکرا پھرنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ تلاش کرتے پھرنا ۔ ڈھونڈتے پھرنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۔ سرگرداں پھرنا +

ٹکرانا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) ٹکر کھانا ۔ لڑ جانا ۔ بھڑ جانا (۲) کسی چیز سے سر مارنا ۔ ٹکر لگانا + ؎

ٹکڑ

کیا ہی راہیں نکالیں رنج بھرا میں سر کے ٹکرانے سے دبن بن گئے دیوار میں (بتق)

(۳) ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا + ؎

ٹکراتے ہوئے پھرتے ہیں ہم کو چہیں اُسکے کیا کیجئے دروازہ ادھر بند اُدھر بند (انشا)

(۴) ڈانواں ڈول پھرنا ۔ حیران و سرگردان پھرنا (۵) اندھیرے میں یا اندھیری جگہ میں ڈھونڈنا ۔ ٹٹولنا +

ٹکڑ ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ موٹی اور سخت روٹی جیسے تندور کے ٹکڑ +

ٹکڑ گدا ۔ ا ۔ اسمِ مذکر ۔ بھکاری ۔ بھیک مانگنے والا ۔ فقیر ٹکڑے مانگنے والا فقیر +

ٹکڑا ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر (۱) حصہ ۔ بھاگ ۔ جزو ۔ پارہ ۔ قطعہ ۔ پرزہ ۔ پھانک ۔ پرچہ ۔ ریزہ ۔ ٹوک (۲) روٹی کا نوالہ ۔ کور ۔ لقمہ + روٹی ۔ رزق ۔ روزی جیسے لگا لگایا ٹکڑا کھو دیا +

ٹکڑا توڑ کر ۔ یا ۔ **ٹکڑا سا جواب دینا** ۔ ا ۔ فعلِ متعدی سخت جواب دینا ۔ جواب صاف دینا ۔ صاف انکار کر دینا ۔ دوٹوک جواب دینا ۔ بے مروت ہو کر جواب دینا + لگی لپٹی نہ رکھنا ۔ صاف صاف کہنا +

ٹکڑا دینا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی (۱) روٹی کا ٹکڑا فقیر وغیرہ کو دینا (۲) رزق دینا ۔ روٹی دینا ۔ وظیفہ دینا جیسے سرکار ٹکڑا دیتی ہے تو کھاتے ہیں +

ٹکڑا سا توڑ کے ہاتھ میں دینا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی سخت و درشت جواب دینا ۔ کچھ لگی لپٹی نہ رکھنا ۔ دوٹوک جواب دینا +

ٹکڑا مانگنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ بھیک مانگنا ۔ گدائی کرنا +

ٹکڑوں پر پڑ رہنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ پرائی روٹی پر پڑا رہنا ۔ دوسرے کی کمائی میں سے کھانا ۔ دوسرے کے سہارے پر رہنا ۔ مُفت کی روٹیاں کھانا ۔ جیسے وہ تو سسرال کے ٹکڑوں پر پڑا ہے +

ٹکڑے ۔ ہ ۔ (ٹکڑا کی جمع) +

ٹکڑے اُڑانا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ پرزے اُڑانا ۔ کسی کے اعضا کا تلوار وغیرہ سے پارہ پارہ کرنا + کھال اُڑانا + دھجی دھجی کرنا ۔ پھاڑنا +

ٹکڑے اُڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ پرزے پرزے ہونا + دھجی دھجی ہونا ۔ پاش پاش ہونا +

ٹکڑے پکانا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ سوکھی روٹی یا نان پاؤ کو توڑ کر تریا شکر اور دودھ گھی ڈال کر پکانا +

ٹکڑے توڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی مُفت کی روٹیاں کھانا ۔ کسی کے دسترخوان پر ہمیشہ مُفت کی روٹی کھانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹکڑ

ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ف - فعلِ متعدی - پرزے پرزے کرنا - قیمہ قیمہ کرنا - دھجی دھجی کرنا - پارہ پارہ کرنا - پاش پاش کرنا +

ٹکڑے کرنا - ف - فعلِ متعدی (۱) پرزے کرنا - توڑنا - ٹوک کرنا (۲) حصّہ کرنا - بانٹنا +

ٹکڑی - ا - اسمِ مؤنث (۱) شیشے یا آبگینہ کا ٹکڑا - پرکالہ (۲) کبوتروں کا پرا + پرندوں کا جھلڑ - جانوروں کا غول + ؎

یاد آجاتی ہے ٹکڑی اُس کبوتر باز کی کیا اُڑا دیتے ہیں میری نیند تارے رات کو (ناسخ)

(۳) گروہ - دستہ - جتھا - رتھ - زمرہ جیسے یاروں کی ٹکڑی (۴) عوام کپڑے کا تھان + طاقہ (۵) کانک سُدی پورن ماشی کے نشان کا میلہ - کانکی نشان +

ٹکس - انگلش - صحیح Tax - ٹیکس - اسمِ مذکر - محصول - کر +

ٹکسا - ا - صفت (گنوار) ذرا سا - ننک سا - رتی بھر +

ٹکسال - ا - اسمِ مؤنث - مرکب از (ٹنکب - سکّہ) (دارالضرب - سکّہ خانہ روپیہ پیسا بنانے کا کارخانہ - وہ جگہ جہاں چاندی سونے وغیرہ کا سکّہ بنے +

ٹکسال باہر - ا - صفت - وہ روپیہ پیسہ جسے دارالضرب میں نہ بنایا ہو یا دارالضرب کے سکّہ سے خارج ہو - غیر معتبر - غیر مروج - غیر مستند - متروک + وہ شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی معتبر اُستاد کا شاگرد و پیرو نہ ہو + وہ محاورہ جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں +

ٹکسال چڑھنا - ف - فعلِ لازم (۱) کھرا کھوٹا پرکھا جانا - دارالضرب میں پرکھا جاکر رائج ہونا (۲) کسی فن یا ہنر میں ذی اعتبار و کامل تصوّر کیا جانا اُستاد تسلیم ہونا - ماہر و کامل مانا جانا مستند ہونا کسی علم یا فن کا پاس کرنا (۳) بیحیائی میں کامل ہوجانا - رُسوائی میں کوئی دقیقہ باقی نہ رہنا + نہایت گستاخ ہوجانا +

ٹکسال کا کھوٹا - ا - صفت - بدذات - حرامزادہ - کمینہ - کم اصل + ناتعلیم یافتہ - غیر مہذب - گستاخ - بے تمیز - بداطوار +

ٹکسالی - ا - اسمِ مذکر (۱) داروغۂ دارالضرب (۲ صفت) کھرا - اصل - درست آزمودہ - امتحان کردہ - آزمایا ہوا - جانچا ہوا - پاس شدہ (۳ صفت) رائج - مُروّج تسلیم کیا ہوا - مانا ہوا - مستند +

ٹکسالی بات - ا - اسمِ مؤنث - پکّی اور جمی ہوئی بات + کھری بات +

ٹکسالی بولی یا زبان - ا - اسمِ مؤنث - مانی ہوئی اور فصحاء و اہلِ زبان کی تسلیم کی ہوئی زبان - زبانِ فصیح - مستند زبان +

ٹلا

ٹکلی - ا - اسمِ مؤنث (پورب) بندی - ماتھے کا زیور - ستارہ +

ٹکنا - ف - فعلِ لازم (۱) ٹھیرنا - قیام کرنا - مقیم ہونا - رہنا - فروکش ہونا + رُکنا (۲) تہ نشین ہونا - نیچے بیٹھنا +

ٹکنا - ف - فعلِ لازم (۱) رسلنا - ٹانکا جانا - جڑا جانا - پرویا جانا (۲) سوہن یا ریتی کے خار نکلنا - مٹھے سوہن کا تیز ہونا +

ٹکور - اسمِ مؤنث (۱) ضرب - چوٹ - ہلکا دھکّا - ٹھیس (۲) پوٹلی میں گھونسی یا ریہ گرم کرکے سینکنا (۳) نوبت کی آواز - صدائے نقارہ - ؎

ٹکوروں میں نوبت کی شہنائی کی دھن سُگھڑ سُننے والوں کو کہتی تھی سُن (میر حسن)

نوبت سُنی نہ صبح شبِ وصلِ یار کی ٹکرا کے سر کو مر گئے پہلی ٹکور پر (بحر)

ٹکورا - ف - اسمِ مذکر - ٹکا - نوبت کی آواز + ؎

وفائے عہدۂ دیدارِ جاناں سے جو محشر پر تو نفخِ صورِ اسرافیل نوبت کا ٹکورا ہے (مغفور)

(حضرتِ ظفر نے بھی ٹکورا باندھا ہے مگر آجکل کی بول چال میں ٹکور زیادہ سننے میں آیا ہے (ظفر) ہر ٹکورے پر ہے نوبت کی طرح دل ہلتا + ابتو نوبت سے لگا کرنے یہ نوبت پہنچا) +

ٹکورنا - ف - فعلِ متعدی (عوام) سینکنا - پوٹلی سے سینکنا +

ٹکھائی - ا - اسمِ مؤنث - وہ عورت جو ٹکے پر فلاں کرائے گھنٹیل کسبی ادنےٰ درجہ کی رنڈی +

ٹکی - ا - اسمِ مؤنث (کہاوتوں میں) ٹکیا - چھوٹی روٹی +

ٹکیا - ا - اسمِ مؤنث (۱) چھوٹی روٹی (۲) چکتی - گتی - قرص (۳) تمباکو کی گول گتی جو چلم میں بھر کر پیتے ہیں - سُلفہ کے خلاف (۴) لپڑی - لگدی (۵ - عو) ماتھا - پیشانی - ناصیہ - پیشانی کے اوپر کا حصّہ +

ٹکے - ا - (۱) ٹکا کی جمع (۲) حروفِ مُغیّرہ کی اثر کی صورت جس نے الف کو یائے مجہول سے بدل دیا +

ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا - ا - کہاوت ارزاں بعلّت سستی چیز میں کچھ نہ کچھ نقص ضرور ہوتا ہے +

ٹکے گز کی چال - ا - اسمِ مؤنث - میانہ روی - کفایت شعاری سے اوقات بسر کرنا +

ٹکے گنا - ف - فعلِ متعدی - حُقّہ کا کڑاکے سے بولنا +

ٹلّا - ا - اسمِ مذکر (بازاری) دھکّا + ٹکور ضرب +

ٹلّا نویسی - ا - اسمِ مؤنث - دھکّے لکھنا - ناجائز خدمت - خدمت بیجا و نامناسب + لاحاصل اور بے سود کام +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹلّا

ٹلّا نویسی کرنا - ا۔ فعلِ لازم - لغوی معنی دھکے کھانا یا لکھنا - اصطلاحی وقت ضائع کرنا - خدمت بیجا کرنا - خالی پھرنا - خوشامد کا کام کرنا - ناجائز خدمت کرنا + حیلہ وحوالہ کرنا - بہانہ کرنا + بیکار پھرنا +

ٹلانا - ۲۔ فعلِ متعدی - عوام - دیکھو (ٹالنا) +

ٹلٹلانا - ۲۔ فعلِ لازم - دستوں کے باعث آواز دُبر نکلنا - دست آنا +

ٹلجانا - ۲۔ فعلِ لازم (۱) سرک جانا ہٹ جانا - بے جگہ ہو جانا جیسے ناف یا نلے کا ٹل جانا (۲) چلا جانا علیحدہ ہو جانا ٹل جانا (۳) گزر جانا - نکل جانا بیت جانا + غائب ہو جانا +

ٹلکنا - ۲۔ فعلِ لازم (۱) آہستہ آہستہ چلنا - سج سج چلنا (۲ - گنوار) گزرنا - مرنا ٹہلنا (۳ - گنوار) پھل گرنا - پھل ٹپکنا +

ٹلنا - ۲۔ فعلِ لازم (۱) جگہ سے ہٹنا - بے جگہ ہونا - سرکنا - اُکسنا + الگ ہونا بچنا (۲) غائب ہونا - چلا جانا (۳) بہانے سے چلا جانا (۴) آہستہ آہستہ چلا جانا (۵) گزرنا بیتنا +

ٹلوا ۲۔ اِسمِ مذکر (۱) گرہ دار ٹیڑھی اور چھوٹی گیڑی خمدار اور گٹھیلی لکڑی (۲) استرہ سر مونڈنے کا آلہ جیسے کالے پہاڑ پر ٹلوا ناچے (استرہ کی پہلی (۳ - پورب) خوشامدی - چاپلوس (۴) چھوٹا سا اور پستہ قد آدمی حقارتاً +

ٹلی لالی - ۲۔ اِسمِ مؤنث - بچکی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز +

ٹلے نویسی - ا۔ اِسمِ مؤنث - دیکھو (ٹلّا نویسی) +

ٹمّا - ۲۔ اِسمِ مذکر (بازاریان لکھنؤ) بونا آدمی - ٹھنگنا اور کم رو آدمی +

ٹماک یا ٹماخ - ۲۔ اِسمِ مؤنث (عو) عورتوں کی نمود - غرور + کر و فر - شان و شوکت - نخوت + بناؤ سنگار - ٹیپ ٹاپ - ٹھسّا +

ٹمٹم - اِنگلش - اِسمِ مؤنث (صحیح Tandom ٹینڈم) دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہیں ہوتا +

ٹمٹمانا - ۲۔ فعلِ لازم (۱) کم کم روشنی دینا جھلملانا - ستاروں کی سی روشنی دینا + چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا (۲) قریبِ مرگ ہونا - کوئی دم کی زندگی ہونا - مرنے کے قریب ہونا (۳ - جب آنکھیں ٹمٹمانا کہینگے تو وہاں ذرا سی آنکھیں کھولنے سے مراد ہوگی جیسے آرسی مصحف میں کہنے سننے سے دلسن ذرا کی ذرا آنکھیں نیم باز کر کے بند کر لیتی ہے) +

ٹن - ۲۔ اِسمِ مؤنث (۱) گھنٹے یا کسی دھاتی ظرف کی آواز ٹنکار - جھنکار - (۲ - پورب) غرور - گھمنڈ - نمود و شیخی (۳ - لکھنؤ) تپ - پاس سخن +

ٹنڈ

ٹن - اِنگلش (Ton) اِسمِ مذکر - ۲۸ من کا وزن ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن +

ٹِن - اِنگلش (Tin) اسمِ مذکر (۱) ٹین - انگریزی لوہا - ایک ملائم دھات کا نام - لوہے کے قلعی دار تختے (۲) ڈبا - رکابی (اصل میں ٹین رانگ اور قلعی کو کہتے ہیں - چونکہ اس لوہے پر رانگ کی قلعی کر دیتے ہیں - اس وجہ سے یہ نام ہو گیا +

ٹنا - ۲۔ اسمِ مذکر (۱) وہ گوشت کا بڑھا ہوا ٹکڑا جو عورت کے فرج کے دونوں پتنوں کے بیچ میں ہوتا ہے جسے عربی میں بطظ فارسی میں خروسۂ کہتے ہیں (۲ - بازاری) فرج - قبل - عورت کا اندامِ نہانی (دہلی کے آدمی اس کو ٹنڑاں زیادہ بولتے ہیں) +

ٹُنا - ۲۔ اِسمِ مذکر - بینگن یا کدو وغیرہ کا ناگو - وہ لکڑی جو پھل کی پہنڈی میں ہوتی ہے +

ٹنٹنا - ۲۔ اِسمِ مذکر - جھگڑا - قضیہ - مناقشہ - راڑ - نکرار - حجت - پرخاش - چپقلش - چخنیں - ردّوکد - ردّوبدل +

ٹُنٹنا - ۲۔ اِسمِ مذکر - بن ہاتھ کا آدمی - ہاتھ کٹا آدمی - ایک ہاتھ کا آدمی - لنجہ +

ٹَن ٹَن - ۲۔ اِسمِ مؤنث - دھاتی برتن یا چیز کی آواز - گھنٹے کی آواز +

ٹنٹنانا - ۲۔ فعلِ متعدی - گھنٹہ بجانا - ٹن ٹن کرنا (بضم تاے تقیلہ بھی جائز ہے) +

ٹنٹ - ۲۔ صفت (بازاری) کم - حقیر - خفیف - ذرا سا + کم مایہ - کم ظرف - ٹچی +

ٹنٹ پھڑانا - ۲۔ فعلِ متعدی - ذرا سے سرمایہ سے بڑا کام کرنا +

ٹنٹ لڑانا - ۲۔ فعلِ متعدی (بازاری) تھوڑی سی پونجی سے کوئی کام یا جوا شروع کرنا - آہستہ آہستہ جیتنا +

ٹنٹ - ۲۔ صفت (بازاری) ا۔ مستعد - تیار - آمادہ - لیس (۲ - پورب) انجیل کھٹور سنگدل +

ٹنچن - یا - **ٹچن** - صفت - اِنگلش - اٹنشن (Attention) سے بگاڑ کر ٹچن یا ٹنچن کر لیا ہے - لغوی معنی دھیان - چت - توجہ - خیال - غور - اصطلاحی لیس - تیار + حاضر - موجود + مستعد - آمادہ +

ٹنڈ - ۲۔ اِسمِ مذکر - کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ +

ٹنڈ - ۲۔ اِسمِ مذکر - مٹی کا لوٹا جو رہٹ میں کام دیتا ہے - ڈبوا - بدھنا - کرنا +

ٹُنڈا - ۲۔ صفت - بن ہاتھ کا - ہاتھ کٹا - لنجہ - وہ شخص جس کا ہاتھ کہنی سے کٹا ہوا ہو +

ٹنڈا - ۲۔ اِسمِ مذکر (۱) ایک قسم کا پھل جس کی ترکاری پکتی ہے ٹینڈسی + (۲) موٹا اور ٹھنگنا آدمی طنزاً +

ٹنڈی - ۲۔ اِسمِ مؤنث (۱ - گنوار) ناف - مونڈی (۲) بانجھ - ڈنٹر (۳) وہ عورت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹنڈ

جس کا ایک ہاتھ نہ ہو +

ٹنڈیاں - ا - ٹنڈی کی جمع + نافیں + ڈنٹر مشکیں + لنجیاں +

ٹنڈیاں باندھنا / ٹنڈیاں کسنا - ف - فعلِ متعدی - عورتوں کا باندھنا - گنہگار یا مجرم کے ہاتھ خواہ بازوؤں کو جکڑنا +

ٹنڈیاں کھنچنا - ف - فعلِ لازم مشکیں بندھنا + پکڑا جانا - گرفتار ہونا - بندھنا (آجکل ہتھکڑیاں پڑنا زیادہ مستعمل ہے) +

ٹنڈیل - ا - اسمِ مذکر (۱) داروغہ میگزین خلاصیوں کا افسر (۲) میٹھ قلیوں کا افسر +

ٹنڈیل - ا - اسمِ مذکر - دیکھو (ٹنا) +

ٹنڈرین کا - ف - صفت (بازاری) ایک سخت گالی - چھنال کا - فحبہ کا +

ٹنکار - ا - اسمِ مؤنث (ہندو) جھنکار + نافت کی آواز - کمان یا غلیل کی آواز +

ٹنکارنا - ف - فعلِ متعدی (ہندو) بجانا - آواز نکالنا - جھنکارنا + کمان کی نافت کو کھینچ کر آواز نکالنا - چینی یا گلی ظرف کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا +

ٹنگ - ا - اسمِ مؤنث - ٹانگ کا مخفف +

ٹنگڑی - ا - اسمِ مؤنث - ٹانگ کی تصغیر +

ٹنگڑی پر اڑانا - ف - فعلِ متعدی - ٹانگ کے داؤں سے گرانا - ٹانگ مار کر گرانا - اڑنگا لگانا - اڑنگا مارنا +

ٹنگنا - ف - فعلِ لازم (۱) لٹکنا - آویزاں ہونا (۲) پھانسی پر چڑھنا (۳ ہندو اسمِ مؤنث) الگنی - بلنگنی - الگنی +

ٹنہایا - ا - اسمِ مذکر (اصل میں ٹونا ہایا تھا) جادوگر - ٹونا کرنے والا - فسوں گر - فسوں ساز - افسوں خواں +

ٹنیاں - ا - صفت - چھوٹا - پستہ قد - بونا - ٹھنگنا +

ٹنیاں طوطا - ف - اسمِ مذکر - ایک قسم کا طوطا جو قد میں چھوٹا ہوتا ہے لیبری کے خلاف +

ٹوپ - ا - اسمِ مذکر (۱) بڑی ٹوپی - رُوئی دار ٹوپی جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں جیسے کنٹوپ (۲) خود - مغفر - وہ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں (۳) غلاف - پوشش (۴) انگشتانہ +

ٹوپا - ا - اسمِ مذکر (۱) عو - ٹانکا - دوخت - سیون (ہندو عورتیں بتائے قرشت بولتی ہیں) (۲ - ہندو) کنٹوپ - روئیدار ٹوپی +

ٹوپا بھرتا - ف - فعلِ متعدی - عو - سینا - ٹانکا لگانا - ٹانکا بھرنا +

ٹوپی - ا - اسمِ مؤنث (۱) کلاہ - تاج - مکٹ (۲) بندوق کا پٹاخا (۳) وہ

ٹوپ

تھیلی جو شکاری جانور کے مُنہ پر چڑھا دیتے ہیں - طُماغہ +

وہ بدگماں ہیں کہ خط دیکھ کے بند کیں آنکھیں / چڑھائی باز کی ٹوپی سرِ کبوتر پر (وزیر)

(۴) حشفہ - سرِ ذکر - سُپارا - سُپیاری (۵) پھل کے اوپر کا خول - ٹاٹ

(۶ - کنایہ از اقوامِ یورپ جیسے بارہ ٹوپیاں مشہور ہیں - شاید بلحاظِ طرزِ مختلفہ یہ بات قرار دی ہو ورنہ ملک اور قومیں تو اس تعداد سے زیادہ ہیں) +

ٹوپی اُچھالنا - ف - فعلِ متعدی (۱) وجد اور خوشی کرنا - خوشی میں کُودنا - ہُرّے ہُرّے پکارنا (یہ محاورہ اصل میں انگریزی سے لیا گیا ہے - مگر خواجہ آتش وغیرہ شعرائے لکھنؤ نے اردو میں بھی اس کا استعمال کیا ہے - اور فارسی میں بھی کُلاہ بر آسمان انداختن و کلاہ بہوا انداختن پایا جاتا ہے - لیکن یہ رواجِ حال سے ہٹا ہے (خواجہ آتش) اُنترے ہو مجم جو غُسل کو عالم ہے وجد کا + دریا اُچھالتا ہے گلاہِ حباب کو - (نامعلوم) آیا ہے جب سے ساقی اللہ رے جوشِ شادی + شیشے بھی انجمن میں ٹوپی اچھالتے ہیں (۲) پگڑی اُچھالنا - بیعزتی کرنا +

ٹوپی اُچھلنا - ف - فعلِ لازم (۱) وجد اور خوشی کا عالم ہونا (۲) بے عزتی ہونا +

ٹوپی بدلنا - ا - فعلِ متعدی - کسی کو بھائی بنانا - نہایت اتحاد پیدا کرنا - بھائی چارہ کرنا +

آئے جو کیف میں وہ گلگشتِ باغ کو / غُنچے سے ٹوپی لالے سے پگڑی بدل چلے (آتش)

ٹوپی بدل بھائی - ا - اسمِ مذکر - وہ دوست جسے ٹوپی بدل کر دینی یا دُنیوی بھائی بنایا ہو +

ٹوپی دار بندوق - ا - اسمِ مؤنث - پٹاخہ دار بندوق - وہ بندوق جو پٹاخہ کے وسیلہ سے چلے - توڑے دار کے خلاف +

ٹوپی والا - ف - اسمِ مذکر (۱) ٹوپی پہننے والا +

دہلی کے کجکلاہ لڑکوں نے کام عُشاق کا تمام کیا / کوئی عاشق نظر نہیں آتا ٹوپی والوں نے قتلِ عام کیا

(۲) افواجِ قزلباش دُرّانی اور ولایتی آدمی جو اوّل اوّل سُرخ ٹوپیاں پہنے ہوئے نادر شاہ اور احمد شاہ کے ہمراہ ۱۷۳۹ء اور ۱۷۵۹ء میں ہندوستان میں آئے تھے

کم نہیں کچھ ٹوپی والوں سے وطفل کجکلاہ / دیکھتے تنہا دلا ہم اُس کو کیونکر جائینگے

اُس کے کوچے میں گزارا کر بہ فوجِ اشک / ساتھ اپنے لیکے دُرّانی کا لشکر جائینگے

(۳) فرنگی - انگریز - یورپین +

ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے - امثل - (یعنی بے مشورہ کوئی کام نہیں چاہیئے - اگر آدمی نہ ملے تو ٹوپی ہی سہی (میر تقی) کہتے ہیں اپنی ٹوپی سے بھی مشورت کرو کر قصدِ ترک سر سے کچھ شرم مت کرو) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹوٹ

ٹوٹ ۔ ہ ۔ اِسمِ مؤنث (۱) پھوٹ ۔ ٹوٹن ۔ شکستگی (۲) وہ عبارت یا رقعہ جو بعد بیس بوقتِ صحت حاشیہ پر چڑھا دیتے ہیں ۔ ترک ۔ تکملہ +

ٹوٹ پڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ ہمہ تن مصروف ہو کر کسی کام میں جھک پڑنا ۔ گر پڑنا + حملہ کرنا ۔ دھاوا کرنا ۔ پل پڑنا + نہایت خواہش ظاہر کرنا ۔ کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا ۔ اژدحام کرنا +

ٹوٹ پھوٹ ۔ ہ ۔ اِسمِ مؤنث (۱) ٹوٹن پھوٹن ۔ شکستگی ۔ چورا چاما (۲) چھانٹ ریزہ ۔ ریزگی +

ٹوٹ پھوٹ کر ملنا یا ایک ہونا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ ایک جان ہو کر ملنا ۔ ریزہ ریزہ ہو کر آمیز ہونا + ؎

کیونکر حباب ہو سکے دریا سے بیکراں دریا سے جب تلک نہ ملے ٹوٹ پھوٹ کر (ذوق)

کب تک رہے حباب گلا گھوٹ گھوٹ کر اپنی ہَوا میں ایک ہو پھر ٹوٹ پھوٹ کر (آزاد)

ٹوٹ جانا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) شکستہ ہونا ۔ پھوٹ جانا (۲) علیحدہ ہو جانا ۔ جدا ہو جانا جیسے اُس سے ٹوٹ گیا اور ہم سے مِلگیا (۳) بیماری سے مضمحل اور کمزور ہو جانا (۴) پانی کم ہو جانا ۔ پانی نہ رہنا ۔ تہ نکل آنا جیسے کنواں ٹوٹ جانا (۵) نوڑا ہو جانا ۔ کمی ہو جانا (۶) قطعِ تعلق ہونا + دشمن ہو جانا ۔ اکھڑ جانا +

ٹوٹ کر برسنا ۔ ا ۔ ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ شدت سے برسنا ۔ چھاجوں مینہ برسنا ۔ موسلا دھار پڑنا +

ٹوٹ کر گرنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ ہجوم کر کے حملہ کرنا ۔ چاروں طرف سے گرنا ۔ ہمہ تن متوجہ ہو کر کسی کام کے سر ہونا +

ٹوٹا ۔ ہ ۔ صفت (۱) شکستہ ۔ پھوٹا ہوا + ناقص ۔ مرمت طلب (۲) مضمحل ۔ خستہ ۔ تھکا ماندہ (۳) کم مایہ ۔ مفلس ۔ بے زر ۔ وہ شخص جس کا روپیہ پیسہ نہ رہا ہو +

ٹوٹا پھوٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ دیکھو (ٹوٹا نمبر ۱) +

ٹوٹا ۔ ہ ۔ اِسمِ مذکر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) چربی کی بتی کا بچا ہوا ٹکڑا (۳) نقصان خسارہ (۴) کارتوس (۵ ۔ ہندو) کمی ۔ توڑا جیسے اِس چیز کا ٹوٹا نہیں ہے گبھا کو دش کہا دیکھی اپنا شام کھوٹا آپ آئے نہ چھپا پٹھے کا گدھا کیا ٹوٹا (دولھا)

(۶) معاوضہ ۔ تاوان ۔ ہرجانہ (۷) ایک قسم کی آتشبازی +

ٹوٹا اُٹھانا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ خسارہ اُٹھانا ۔ نقصان اُٹھانا +

ٹوٹا بھرنا یا دینا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ تاوان بھرنا ۔ خسارہ پورا کرنا معاوضہ دینا ۔ نقصان پورا کرنا +

ٹوٹا پڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) کمی ہونا ۔ توڑا ہونا (۲) نقصان ہونا ۔ خسارہ ہونا +

ٹوڑ

ٹوٹرو ۔ ہ ۔ اِسمِ مذکر (۱) ایک قسم کا پرند جو فاختہ سے چھوٹا اور دُبلا پتلا اُسی قسم میں سے ہوتا ہے (۲) بھنگ کا فضلہ ۔ بھنگ کا پھوک +

ٹوٹرو سا ۔ ہ ۔ صفت ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ واحد +

ٹوٹرو سادم ۔ ا ۔ اِسمِ مذکر ۔ غو ۔ اکیلا دم ۔ تنہا جان ۔ جانِ واحد +

ٹوٹکا ۔ ہ ۔ اِسمِ مذکر ۔ افسوں ۔ جادو ۔ ٹونا ۔ طلسم ۔ منتر ۔ سحر ۔ لٹکا ۔ جنتر منتر ۔ (وہ جنتر جو عورتیں کسی مرض کے دفع یا کسی بات کے حاصل کرنے کے واسطے کرتی ہیں) +

ٹوٹکا کرنا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی (۱) جادو کرنا ۔ لٹکا کرنا ۔ جنتر کرنا ۔ اُپائے کرنا +

ٹوٹکا کرنے آنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ غو ۔ جلدی آ کر چلا جانا ۔ آگ لینے آنا ۔ کھڑے کھڑے آنا ۔ پا در رکاب آنا +

ٹوٹکا ہونا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) جادو ہونا ۔ ٹونا ہونا ۔ کسی بات کا جلدی سے ہو جانا +

ٹوٹکے ہائی ۔ ہ ۔ اِسمِ مؤنث ۔ وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں اور بال بچے والی عورت پر جادو ٹونا کرتی پھرے +

ٹوٹنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) شکستہ ہونا ۔ ٹکڑے ہونا ۔ پھوٹنا (۲) کسی پر ہجوم کرنا ۔ یکدم حملہ آور ہونا (۳) گرنا ۔ جھکنا پڑنا جیسے چیل کا کسی چیز پر ٹوٹنا (۴) علیحدہ ہونا ۔ جدا ہونا ۔ اُکھڑنا جیسے گواہ ٹوٹنا + ؎

سیرِ گلشن میں اگر ٹوٹے ترا بندِ نقاب رنگ اُڑے خارِ گل سے سروِ بستاں سرد ہو (آتش)

(۵) کم ہونا ۔ تہ نکل آنا جیسے کنوے کا پانی ٹوٹنا (۶) پھوٹنا ۔ نہر یا نالی کے اندر سے باہر نکل جانا ۔ جیسے نہر کا پانی ٹوٹنا (۷) توڑا ہونا ۔ کمی ہونا (۸) کمزور ہونا ۔ ناتواں ہونا ۔ مضمحل ہونا ۔ طاقت نہ رہنا (۹) مُفلس ہو جانا ۔ مفلوک ہو جانا ۔ تنگدست ہونا (۱۰) اعضا شکنی ہونا ۔ جوڑوں میں درد ہونا جیسے بدن ٹوٹنا (۱۱) پھل اُترنا ۔ جیسے مرچیں ٹوٹنا ۔ شہتوت ٹوٹنا (۱۲) موت آنا ۔ مرنا جیسے ٹوٹی کی بوٹی نہیں (۱۳) بقایا میں پڑنا جیسے اِتنے روپے ٹوٹتے رہے (۱۴) واقع ہونا ۔ وارد ہونا جیسے غم یا آفت یا غضب ٹوٹنا (۱۵) تباہ و برباد ہونا (۱۶) چرنا ۔ پھٹنا جیسے بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان +

ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ دوسرے کا بوجھ اپنے اوپر پڑنا اپاہج کا خرچ اپنے ذمہ ہونا ۔ کسی عزیز یا اقارب کا اپنے اوپر بوجھ پڑنا +

ٹوٹرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بدوضع بینگن نامور وں + پستہ قد ٹھگنا ۔ بونا قصیر القامت +

ٹوڑی ۔ ہ ۔ اِسمِ مؤنث (ایک راگنی کا نام جسے بودکا اور ٹوڈی بھی کہتے ہیں ۔ محمد شاہ رنگیلے کو یہ راگنی بہت پسند تھی ۔ کہتے ہیں جس وقت نادر شاہ آیا تو آپ اُس وقت اسی راگنی کو سُن رہے تھے ۔ جب خبردار نے خبر دی تو کما کچھ ہی ہو پر میری ٹوڈی نہ بگڑے

+ کاغذ ۔ ہندی والوں کا تصرف +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹوس

ایک صاحب نے اِسے بیائے مجہول لکھا ہے مگر ہم نے کبھی نہیں سُنا) +

ٹوسا - ا - اِسمِ مذکر (گنوار) ڈوڈوا - آنکھ کا پھول (۲) ریشہ - پھوسڑا - نس +

ٹوک - ا - اِسمِ مذکر (ہندو) ٹکڑا - پارچہ +

ٹوک - ا - اِسمِ مؤنث - عو (۱) نظر گزر - ہونس جیسے بچہ ٹوک میں آگیا (۲) مزاحمت ممانعت - روک - تعرض لیکن اِس معنی میں روک کے ساتھ بولتے ہیں +

ٹوک ٹاک - ا - اِسمِ مؤنث - روک ٹوک - مزاحمت ممانعت - ٹوکا ٹاکی +

پُوچھ گچھ - دیکھ بھال +

ٹوک میں آنا - ا - فعلِ لازم عو - ہونس میں آنا - نظر لگنا +

ٹوکرا - ا - اِسمِ مذکر (۱) سبد - جھلّی - جھابا - ٹوکا - چھبڑا - جھوا - جھلّا - بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنا ہوا ظرف + ٥

مُنجھے آوازہ کستے ہیں سری دستار پر ٹوکرا کب تک یہ سر پر عزت و توقیر کا (امداد علی بحر)

(۲) چھوٹی سی ایک قسم کی کشتی - ڈونگا - بجرا +

ٹوکری - ا - اِسمِ مؤنث - جھلّی - چھینری - ڈلیا - چھبڑی +

ٹوکری ڈھونا - ا - فعلِ متعدی - قُلی کا کام کرنا - ادنےٰ درجہ کی مزدوری کرنا + چھینری اُٹھانا +

ٹوکرے پر ماٹھ رہنا - ا - فعلِ لازم (گنوار) بھرم بندھا رہنا - عزت رہنا +

ٹوکنا - ا - اِسمِ مذکر (ہندو) کلسا - پانی رکھنے کا ایک بڑا ہنجی ظرف +

ٹوکنا - ا - فعلِ متعدی (۱) روکنا - تعرض کرنا - مزاحم ہونا (۲) پوچھنا - دریافت کرنا - سوال کرنا (۳) دعوتِ جنگ دینا + ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کے واسطے کہنا (۴) ہونسنا - نظر لگانا + حسد کرنا - جلنا - سوخت ہونا + ٥

خدا کے واسطے اِس کو نہ ٹوکو یہی اک شہر میں قاتل رہا ہے (مظہر جانجاناں)

ٹوکری - ا - اِسمِ مؤنث (گنواری عو) وہ کپڑا جو ملکٹ کے اُوپر لگایا جاتا ہے +

ٹول - ا - اِسمِ مذکر (یہ لفظ Tuull ٹوئل کا بگڑا ہُوا ہے - پورب اور دیہات میں زیادہ بولا جاتا ہے) + ایک قسم کا سُرخ کپڑا - قند +

ٹول - ا - اِسمِ مذکر - عوام (۱) صدمہ - دھکّا (۲) بند - لُطف جیسے حرامی ٹول (۳) گروہ - کمپنی - جتھا (۴) چھوٹا گاؤں +

ٹول - اِنگلیش Toll اِسمِ مذکر - سڑک کا محصول - کرچنگی +

ٹول کلکٹر - اِنگلیش Toll coolector اِسمِ مذکر محصول وصول

ٹون

کرنے والا +

ٹولا - ا - اِسمِ مذکر (۱ - پورب) محلہ - گوچہ (۲) ٹھونگ - مخلب (۳ - گنوار) گرد - سنگریزہ - پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا - روڑا + (۴ گنوار) نشان - ضرب - بندھی نیل - اِس معنی میں ٹولا پڑنا بولتے ہیں (۵) بڑی کوڑی - کوڑا - ٹکّا +

ٹولی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) گروہ - جتھا - جماعت - پیرا - ٹکڑی - غول - طائفہ (۲) پتھر کی سِل - بھاری چوکور مربع یا مستطیل پتھر +

ٹوم - ا - اِسمِ مؤنث (۱) گمنا پاتا - زیور - ابھرن - بھوشن - سنگار (۲) خوبصورت عورت (۳) سونے کی چڑیا - مالدار عورت (۴) چالاک اور ہوشیار آدمی - چلتا پُرزہ (جب ٹوم دیتا کہینگے تو واں کبوتر کر چھتری پر سے اُبھار نا مراد ہوگی) (۵ - بازاری) نوچی - نیا پودہ +

ٹوم ٹام - ا - اِسمِ مؤنث (۱) گمنا پاتا - زیور و یور (۲) اکا دُکا - کوئی کوئی - چنڈ +

ٹوم چھلّا - ا - اِسمِ مذکر - چھوٹا موٹا گہنا - ادنےٰ قسم کا زیور +

ٹوں - ا - اِسمِ مؤنث - آوازِ گوز - پُوں +

ٹونا - ا - اِسمِ مذکر (۱) جادو - افسوں - منتر - سحر (۲ - عو) ایک قسم کا گیت جو شادی میں ڈومنیاں آرسی مصحف کے وقت گاتی اور دولھا سے ٹونا لگنے کا اقرار کراتی ہیں + (ٹونا)

ہر بالے بنے لاڈلے پر میں ایسا ٹونا بناؤنگی
جب دیکھے مکھ میرا ہی دیکھے میں تو سنگ لگاے پھرونگی

ٹونا ہائی / **ٹونہائی** - ا - اِسمِ مؤنث - جادوگرنی - وہ عورت جو پرانے بچوں اور عورتوں ٹونکا کرتی پھرے + وہ عورت جو منتر اور جھاڑ پھونک سے علاج کرے - سیانی + ساحرہ +

ٹونٹ - ا - اِسمِ مؤنث (پُورب) چونچ - منقار +

ٹونٹی - ا - اِسمِ مؤنث - آبریز - لوٹا + پرنالہ - خرطوم - لوٹے یا بدھنے وغیرہ کی نلی جس میں سے پانی نکالتے ہیں +

ٹونڈی - ا - اِسمِ مؤنث (۱ - پُورب) سُونڈی - ناف - نابھی (۲ - ہریانہ) گاجر مُولی وغیرہ اِس قسم کی ترکاری کی نوک +

ٹون - اِنگلیش Toun اِسمِ مذکر - قریہ - قصبہ - نگری + شہر بلدہ - نگر - پور +

ٹون ڈیوٹی - اِنگلیش Toundwty اِسمِ مؤنث - چنگی - یونٹوٹی شہر میں اشیاے آنے کا محصول +

ٹون ہال - اِنگلیش Townhall اِسمِ مذکر (۱) پنچایتی مکان چوپال -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹوہ

(۲) دیوانِ عام۔ ایوانِ گورنری (۳) کمیٹی گھر۔ میونسپل کمشنروں یا ممبروں کے اجلاس کرنے کا مکان +

ٹوہ ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ ٹٹول۔ تجسس۔ جستجو۔ کھوج۔ تلاش۔ تفحص۔ ڈھونڈ + دیکھ بھال۔ نگہبانی +

ٹوہ بوہ رکھنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ خبر رکھنا + حفاظت رکھنا +

ٹوہ رکھنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ ٹٹول رکھنا۔ خیال رکھنا۔ خبر رکھنا۔ تلاش رکھنا

ٹوہ لگانا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ کھوج لگانا۔ خبر لگانا۔ پتا لگانا۔ سُراغ لگانا +

ٹوہ میں رہنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ عو۔ تلاش میں رہنا۔ عیب جوئی کے درپے رہنا۔ جیسے ساس نندیں ایک ایک بات کی ٹوہ میں رہتی ہیں +

ٹوہا ٹوئی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ چھان بین۔ دیکھ بھال۔ ڈھونڈا ڈھانڈی۔ تلاش۔ تجسس۔ تفحص۔ ٹٹول +

ٹوہنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) ڈھونڈنا۔ ٹٹولنا۔ تلاش کرنا۔ کھوج لگانا (۲) ہاتھ ڈالنا۔ ہاتھ لگانا۔ چھیڑنا۔ چھونا جیسے (مثل) میاں نے ٹوہی گھر بار سے کھوئی (ٹونڈی باندی کی نسبت بولتے ہیں) +

ٹوہنیا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ تلاش کرنے والا۔ جاسوس۔ جوینده متفحص۔ خبر لگانیوالا مخبر۔ گوشنده۔ خبر رساں +

ٹوئی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) نیزہ کی پوری۔ قلم۔ جوار۔ باجرے کے پھٹیرے کی پوری +

ٹھا ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) ا۔ جگہ۔ ٹھاؤں۔ استھان۔ مکان۔ مقام ٹھور ٹھکانا (۲) مدھم آواز۔ متوسط آواز۔ بیچ کی راس میں گانا بجانا۔ دُون سے نصف آواز کو گویے ٹھا بولتے ہیں +

ٹھاٹ ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) بانس کا چوکھٹا۔ ٹھاٹر + ٹھٹھری۔ پنجر + ڈھانچا۔ ڈھانچ (۲) فیشن۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طور۔ طریقہ۔ ڈول۔ (۳) زیب و زینت۔ بھڑک۔ شان و شوکت۔ کرّوفر۔ تجمّل۔ جاہ و حشم۔ دبدبہ (۴) جلوس۔ سامانِ سواری۔ آرائش (۵) پٹابازی میں کھڑے ہونے کا قاعدہ۔ پٹابازوں کے پٹا کھیلنے کا انداز۔ پیترا (۶) اسباب۔ مال و متاع۔ دھن دولت۔ مثل جیسے ٹھاٹ پڑا رہیگا جب لاد چلیگا بنجارا (۷) کبوتروں کا خوشی میں پروں کو جھڑ جھڑانا + مُرغ کا پر جھاڑ کر اڑان دینا (۸) عطار کی کھونٹی کا درست کرنا (۹) مُرغ کا مرغ سے لڑنے کو بڑھتے وقت کا انداز (۱۰) بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ توڑا کے خلاف ضلع

ٹھا

ہریانہ میں بولتے ہیں) + (۱۱) ساز و سامان۔ تکلف + ٥

غم واندوہ وحرماں ہیں مُصاحب بوریا سند فقیری میں مُیسّر ٹھاٹ ہے ہم کو امیری کا (اسیر)

(۱۲) ہنگامہ۔ دھوم دھام (۱۳) آرام۔ آسائش۔ چین چان +

ٹھاٹ باندھنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) ٹھاٹر باندھنا۔ ٹٹی باندھنا۔ (۲) پٹابازوں کا چوب بازی کے قاعدہ سے کھڑا ہونا + ٥

لڑے جو یار تو جھک کر لڑیں یہ لازم ہے وہ ٹھاٹ باندھے چاکی ہو ہاتھ پالٹ کا (٥ بحر)

ٹھاٹ بدلنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) نیا انداز بدلنا۔ طرز بدلنا (۲) دوسرے انداز سے کھڑا ہونا۔ پینترا بدلنا +

ٹھاٹ مارنا ۔ا۔ فعلِ لازم (ہندو) موج کرنا۔ مزے اُڑانا۔ چین کرنا۔ موج مارنا (۲) مُرغ کبوتر کا پروں کو جھڑ جھڑانا۔ بال و پر مارنا۔ کبوتروں کا اُڑنے کے واسطے پر جھڑ جھڑانا +

ٹھاٹر ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) ڈھانچ۔ ٹھٹھری۔ ٹٹی جعفری (۲) کبوتروں اور لڑائی کے مُرغوں کے رہنے کا جال۔ کبوتر خانہ۔ چڑیا خانہ (۳) روشنی کرنے کی ٹٹی جو اکثر خوشی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے +

ٹھاٹر بندی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا +

ٹھاڈا۔ یا۔ ٹھاڑا ۔ا۔ صفت (۱) کھڑا ہوا۔ استادہ (۲) طاقتور۔ توانا مضبوط۔ قوی ہیکل۔ قوی جثہ۔ ہٹا کٹا۔ زور آور۔ زبردست جیسے ٹھاڈا مارے اور آگے دھر لے +

ٹھاڈا رہنا ۔ا۔ فعلِ لازم (گنوار) کھڑا رہنا۔ ٹھاڑ رہنا جیسے ٹھاڈا رہیو وے بانکے یار گگری میں گھر دھر آؤں + (گیت)

ٹھاکر ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) دیوتا۔ ایشور (۲) دیوتا کی مُورت (۳) سوامی۔ مالک خداوند۔ سردار + زمیندار (۴) راجپوت۔ چھتری (۵) نائی۔ حجام۔ (۶) ایک عزت کا لفظ جیسے حضرت۔ جناب۔ صاحب وغیرہ (۸) دولتمند مالدار جیسے ٹھکائی سے ٹھاکر بنتا ہے (مثل) +

ٹھاکر دوارا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ دیوستھان۔ وہ جگہ جہاں ٹھاکر جی کی مُورت رہتی ہے مندر۔ وہ مکان جہاں ہا چندر جی یا کرشن جی کی مُورت ہو +

ٹھاکر سیوا ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) دیوتا کی پرستش۔ دیوتا کی خدمت۔ (۲) وہ جاگیر جو مندر کے واسطے وقف ہو۔ جاگیر وقف +

ٹھال ۔ا۔ صفت (ہندو) خالی۔ بیکار۔ بے شغل۔ نکما رہنا (گنوار) فرصت کو بھی بولتے ہیں۔ جیسے مجھے ٹھال نہیں ہے +

ٹھالی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) خالی۔ بیکار۔ بے روزگار۔ بے شغل۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھا

ٹکمّا + فرصت + سوفتہ ۔ سُستا +

ٹھاں ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر ۔ بندُوق کی آواز +

ٹھاں ٹھاں ہونا } ۲ ۔ فعلِ لازم ۔ بندُوقیں چلنا ۔ بندُوقوں کی
ٹھائیں ٹھائیں ہونا } آواز ۔ لگاتار آواز ہونا +

ٹھانسنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی (۱) ٹھونسنا ۔ کھچا کھچ بھرنا ۔ خوب بھرنا ۔ ٹھساٹھس بھرنا (۲ ۔ لُوطی) گھسیڑنا ۔ دخُول کرنا +

ٹھاننا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی (۱) پکّا ارادہ کرنا ۔ دِلنشین کرنا ۔ منصوبہ باندھنا ۔ (۲) ٹھیرانا ۔ سوچنا ۔ قرار دینا ۔ نیّت کر لینا +

ٹھاؤں ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث (گنوار) استھان ۔ جگہ ۔ مقام ۔ ٹھور ۔ ٹھکانا +

ٹھائیں ٹھائیں ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث ۔ دیکھو (ٹھاں ٹھاں) (۲ ۔ لکھنؤ) ٹائیں ٹائیں ۔ بیہودہ گفتگو ۔ بیکار مباحثہ + کائیں کائیں ۔ کاؤ ۔ کاؤ +

ٹھپّا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر (۱) چھاپ ۔ نقش ۔ سکّہ ۔ اُبھرواں نقش + مُہر (۲) نقش کرنے کا آلہ ۔ پاسا ۔ چھاپنے کا آلہ + سانچا (۳) ایک قسم کا چوڑا مُنقّش بادلہ کا بُنا ہوا گوٹا + لیس +

ٹھپّا لگانا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی ۔ سکّہ لگانا ۔ نقش کرنا +

ٹھٹ ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر ۔ عو (۱) ہجُوم ۔ اِزدِحام ۔ بھیڑ ۔ اَنبوہ ۔ مجمعِ اجتماع +

ٹھٹ کے ٹھٹ ۔ ا ۔ تابعِ فعل ۔ گروہ کے گروہ ۔ بہت ہی اِزدِحام ۔ بھیڑ بھاڑ ۔ بڑی بھیڑ جیسے وہاں ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوئے تھے ۔ وہاں ٹھٹ کے ٹھٹ کھڑے تھے +

ٹھٹّا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر (۱) ہنسی ۔ کھیل ۔ مذاق ۔ مزاح ۔ ہزل ۔ چُہل ۔ تمسخُر ۔ ظرافت + رشخند ۔ تضحیک ۔ استہزا ۔ خندہ بآواز (۲) کارِ آسان و نہایت سہل +

ٹھٹّا اُڑانا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی ۔ ہنسی اُڑانا ۔ تضحیک کرنا ۔ کھلی کرنا ۔ مسخرا کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ مسخرا بنانا ۔ احمق بنانا +

ٹھٹّا کرنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی ۔ ہنسنا ۔ چُہل کرنا ۔ کھلی کرنا ۔ تمسخُر کرنا + مسخرا بنانا ۔ ٹھٹول کرنا ۔ ہنسی اُڑانا ۔ آوازہ کسنا +

ٹھٹّا لگانا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) کھل کھلا کر ہنسنا ۔ قہقہہ مارنا (۲ ۔ مُتعدّی) + چھیڑنا ۔ ہنسی اُڑانا ۔ آوازہ کسنا ۔ آوازہ پھینکنا +

ٹھٹّا مارنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی ۔ قہقہہ لگانا ۔ کھل کھلا کر ہنسنا +

ٹھٹھرنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) اَینٹھنا ۔ ٹھنڈیانا ۔ اکڑنا ۔ افسُردہ ہونا ۔ سرد ہونا +

اے آہِ سرد عرصۂ محشر میں سچ بتا جلتا ہُوں میں سُنوں کہ جہنّم ٹھٹھر گیا (میر تقی)

ٹھ

(۲) سردی کے مارے سُن اور بیحس و حرکت ہونا +

شب جو نالہ چرخِ اول سے گزر کر رہ گیا شاید آہِ سرد کھینچی تھی ٹھٹھر کر رہ گیا (نکہت)

(۳) درخت یا پودے یا انسان وغیرہ کا بڑھنے سے رہ جانا ۔ قوّتِ نامیہ کا زوال ہو جانا (۴) سُکڑنا + مُرجھانا (۵) کانپنا ۔ کپکپانا ۔ سردی سے لرزنا +

ٹھٹھکنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ اچانک رُک جانا ۔ متعجّب ہو کر ٹھیر جانا ۔ ٹھٹھک ہو کر کھڑا ہو جانا ۔ چلتے چلتے رُک جانا ۔ تامّل کرنا ۔ توقّف کرنا ۔ رُکنا ۔ ٹھیرنا +

ٹھٹک کر وہ گھوڑے کا چلنا شبھل ہُما کے وہ دونوں طرف مور چھل (میر حسن)

ٹھٹھول ۔ ا ۔ صفت (۱) ظریف ۔ خُوش طبع ۔ ہنسی باز ۔ ٹھٹھے باز ۔ مسخرا (۲) ہنسی ۔ مزاح ۔ ظرافت ۔ مذاق (عوام) +

ٹھٹھولی ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث ۔ ہنسی ۔ مزاح ۔ مذاق ۔ تمسخُر ۔ ٹھٹھے بازی ۔ ظرافت ۔ خُوش طبعی ۔ چھیڑ ۔ چھیڑ خانی +

ٹھٹولی میں نہ کردوں رے اموا کے چھتیاں
چھوٹے چھوٹے نبوا عجب رسیلے رسکی سیلی موری جاں } (ٹھمری)

ٹھٹھے باز ۔ ا ۔ صفت ۔ دیکھو (ٹھٹول) +

ٹھٹھے بازی ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث ۔ دیکھو (ٹھٹولی) +

ٹھٹھے میں اُڑانا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدّی ۔ مسخرا بنانا ۔ تضحیک کرنا ۔ ہنسی میں اُڑانا +

ٹھٹھیرا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر (۱) پیتل ۔ کانسی ۔ تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا ۔ کسیرا ۔ بھرتیا ۔ مسگر (۲) پھنٹا ۔ پھیرا ۔ جوار باجرے کی لکڑی +

ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے بدلائی ۔ ا ۔ (مثل) دو ہم پلہ ۔ ہم پیشہ و ہم فن ہوشیار آدمیوں کا معاملہ ۔ برابر کی ٹکّر +

ٹھڈّا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر (۱) پتنگ یا کنکوّے کی بیچ کی موٹی پتلی کھپچی ۔ کانپ کے خلاف (۲) پیٹھ کی ہڈی ۔ کمر کی ہڈی + ریڑھ کی ہڈی +

ٹھڈّا ٹوئی ۔ ا ۔ صفت ۔ کمر ٹوٹی ۔ کُبڑی ۔ کُوزہ پُشت ۔ وہ عورت جس کی کمر جُھک گئی ہو + (بازاری) +

ٹھڈّی ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث (گنوار) ۱ ٹھوڑی ۔ زنخدان ۔ ٹھوڑی ۔ ذقن (۲) بھُنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلایا خستہ نہ ہُوا ہو جیسے جوبُن ڈلیاں چباتے تھے آج اُن کو دمڑی کی ٹھڈیاں مُیسّر نہیں +

ٹھنڈ ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنّث (گنوار) ۱ ٹھنڈک ۔ پالا ۔ نہایت سردی ۔ خُنکی ۔ صر +

ٹھنڈا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکّر (۱) دیسی اور خراب شراب ۔ کم نشہ کی گھٹیا اور سستی شراب

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھر

جیسے چمار خاکروب وغیرہ پیتے ہیں (۲۔ لکھنؤ) انگیا کے بند۔ انگیا کی تنی + اپنی انگیا کی کٹوری نہ دکھاؤ مجھکو کہیں ٹھرتے کی ہوس میں نہ یہ میخوار بند دے (۰ بحر) (۳۔ لکھنؤ) کچی اینٹ۔ خراب اینٹ (۴۔ لکھنؤ) ایک قسم کا گنوار وجوتا +

ٹھڑکنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دیکھو ٹھرنا +

ٹھڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم (عوام) جاڑے مرنا۔ ٹھنڈیانا +

ٹھس ۔ ف۔ صفت (۱) ٹھوس۔ پُر مغز۔ نگر (۲) بھاری۔ بوجھل (۳) لازب + جُنبش نہ کرنے والا۔ اٹل۔ ایک جگہ بیٹھا رہنے والا۔ سُست۔ کاہل۔ (۴) دو ٹوٹا ہوا یا کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو (۵) مچلا۔ ضدی۔ ہٹیلا +

ٹھس پن ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ مچلا پن۔ ہٹیلا پن۔ بھدا پن۔ ایک جگہ جم جانا جمکر بیٹھنا +

ٹھسّا ۔ ف۔ اسمِ مذکر (۱) غرور۔ دماغ۔ گھمنڈ (۲) جلوس سواری۔ جلو۔ دھوم دھام (۳) ٹھاٹ۔ ظاہری ساز و سامان۔ شان و شوکت۔ کروفر (۴) ناز و انداز (۵) نقش۔ ٹھپا۔ چھاپا۔ سانچا (پورب میں بولتے ہیں) +

ٹھسّا ٹھس ۔ ف۔ صفت (بالضم و بالفتح) کھچا کھچ۔ خوب بھرا ہوا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا + لبریز۔ لبالب +

ٹھسک ۔ ف۔ اسمِ مؤنث (۱) بھڑک۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام (۲) ناز و انداز۔ خرام مستوقانہ۔ خوش خرامی +

فتنہ در سر بتان حشر خرام ہائے رے کس ٹھسک سے چلتے ہیں (میر تقی)

(۳) کھانسی کی آواز۔ دھسک (پورب) +

ٹھسکا ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ کھانسی کی آواز۔ دھسک۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی +

ٹھسکی ۔ ف۔ اسمِ مؤنث (پورب) پھسکی +

ٹھسنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ بھرنا۔ سمانا۔ آنا۔ ایک چیز میں دوسری چیز کا بمشکل سمانا +

ٹھسوانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ بھروانا۔ گھسوانا + گھسڑوانا +

ٹھکانا ۔ ف۔ اسمِ مذکر (۱) جگہ۔ اسٹیشن + گھر۔ منزل۔ ٹھور۔ مقام (۲) پتا۔ نشان۔ سُراغ (۳) گنوار۔ رشتہ داری۔ سگارت (۴) اعتبار۔ پرتیت۔ بھروسا۔ اعتماد (۵) ملجا۔ ماوا۔ پناگاہ۔ بازگشت۔ جائے قرار + مرکز (۶) موقع۔ جائے وقوع (۷) بجھان + بزنٹ (۸) چمار خاکروب اور کرکمین وغیرہ کا وہ محلہ یا مکان جس کی یہ لوگ ٹہل کرتے ہوں (۹) سرحد۔ حد +

ٹھکانا ڈھونڈنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) جگہ تلاش کرنا۔ گھر ڈھونڈنا۔ رہنے کا مکان تجویز کرنا (۲) نوکری تلاش کرنا (۳۔ گنوار) لڑکی کے لئے بر تلاش کرنا۔ دولہا ڈھونڈنا نسبت کے واسطے کوئی خاندان تلاش کرنا +

ٹھکانا کرنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) جگہ کرنا + ٹھیرنا۔ رہنا + موقع تلاش کرنا۔ (۲) بیاہ کرنا۔ گھر بسانا۔ جورو والا بنانا + خاوند والا بنانا۔ بیاہنا (۳) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ ٹھیک لگانا +

ٹھکانا لگانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ پتا لگانا۔ سُراغ لگانا +

ٹھکانے ۔ ف (۱) ٹھکانا کی جمع (۲) حروفِ مغیرہ کے اثر کی صورت +

ٹھکانے چکانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (ہندو) کسی بوڑھے کے مرنے پر لکڑی چاکر کرکمین وغیرہ کو حسب معمول روپے تقسیم کرنا +

ٹھکانے کی بات ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ معقول بات۔ ٹھیک بات +

ٹھکانے لگانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) مطمئن کرنا۔ ٹھیرانا۔ اطمینان بخشنا۔ تسلی دینا + ۵

بلا میرے دلبر کو مجھ سے خدا نہیں تو مرا دل ٹھکانے لگا (میر حسن)

(۲) منزلِ مقصود اور مدعا کو پہنچانا۔ کامیابی بخشنا + (۳) مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا کام تمام کرنا + ۵

فرہاد کو جنوں نے ٹھکانے لگا دیا اب جا کے ہم بسائیں مگر کوہسار کو (انشا)

(۴) اڑا دینا۔ خرچ کر دینا۔ اٹھا ڈالنا۔ صرف کر دینا (۵) کسی کام کو پورا کر دینا انجام پر پہنچانا۔ رائیگاں نکرنا جیسے محنت ٹھکانے لگانا (۶) گھر بسا دینا بیاہ کر دینا (۷) جگہ سے خرچ کرنا۔ موقع پر خرچ کرنا (۸) نوکری کرا دینا۔ کام سے لگا دینا۔ روزی سے لگا دینا۔ روزگار کرا دینا (۹) کام تمام کر دینا۔ مار ڈالنا +

ٹھکانے لگنا ۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) منزلِ مقصود کو پہنچنا۔ مدعا حاصل ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیابی حاصل ہونا + ۵

زلف سے جا مانگ میں شب دل ٹھکانے لگ گیا
اک مسافر تھا سو منزل ٹھکانے لگ گیا
(شاہ نصیر)

(۲) رائیگاں نہ ہونا۔ کام آنا۔ ضائع نہ ہونا (۱۷ علم)

ہزار شکر کہ میخانہ میں گزر اپس مرگ ٹھکانے لگ گئی رندِ خراب کی مٹی

(۳) مرنا۔ تمام ہونا۔ مارا جانا + خاتمہ ہونا +

ٹھکرانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ ٹھوکر مارنا۔ ٹھوکر لگانا۔ گھنڈلنا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔ لگد کوب کرنا + تنبیل و خوار جان کرلات مارنا + ۵

پارس وہ سنگ ہے جسے ٹھکرا کے تو چلے اکسیر جز ہے تیرے قدم کے غبار کا (ذوق)

ٹھکرائن ۔ ف۔ اسمِ مؤنث (۱) ٹھاکر کی بیٹی یا بہو۔ ٹھکرائن (۲) راجپوتنی

۵ خاندانِ مغلیہ کا دستور تھا۔ کہ جب بادشاہ مرجاتا تھا تو پہلے اُس کا جانشین اُس کی لاش کو ٹھکراتا اور اس کے بعد تخت پر بیٹھ کر اُٹھانے کی اجازت دیتا تھا +

Digitized by Rekhta Foundation. CC-0. https://rekhta.org/

ٹھاٹ

یا بیتابی وغیرہ کی مورت (۳) ناین - نائی کی بیوی +

ٹھکُرائی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) سرداری - حکومت - راج - جمانداری جیسے کہا کام آوے تو ری ٹھکرائی (۲) امیری - دولتمندی (۳) خدائی - اُلوہیت +

ٹھکنا - ف - فعلِ لازم (۱) گرنا - اندر گھسنا (۲) پٹنا - سزا پانا (۳) پھڑتا گشتی کھانا (۴) مغلوب ہونا - شکست کھانا (۵) نقصان اُٹھانا - خسارہ اُٹھانا - ضرب پڑنا جیسے دس روپیہ کی ٹھکی (۶) قید خانہ میں جانا پیڑیاں پڑنا - کاٹھ میں دیا جانا (۷) داخل ہونا - پڑنا - واقع ہونا جیسے عرضی ٹھکنا وغیرہ

ٹھکو - ا - اِسمِ مذکر (۱) ٹھوکنے والا - مارنے والا (۲ - بازاری) رنڈی کا یار - کسبی کا آشنا - دھگڑا +

ٹھکوانا - ف - ٹھکنے کا متعدی + (۱) (بازاری) جماع کرانا - بدفعلی کرانا (۲) جڑوانا جیسے چارپائی کے پائے میں بیچر ٹھکوانا +

ٹھگ - ا - اِسمِ مذکر (۱) ٹھگنے والا - دغاباز - چور - فریبی - چھلیا (۲) راہ مار - راہزن - بٹ مار - قزاق + ۵

جامۂ تن ہو گیا راہِ عدم میں نذرِ گور بوجھ اُٹھایا تھا مگر ٹھگ کیلئے اسباب کا (آتش)

(۳) ایک قوم جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دیکر مار ڈالنا اور طرح طرح سے چھلنا ہے (۴) یار مار - محسن کُش - جیسے جس نے نہ دیکھا ہو ٹھگ وہ دیکھے قصائی جس نے نہ دیکھا ہو شیر وہ دیکھے بلائی +

ٹھگ بِدیا - ا - اِسمِ مؤنث - علمِ قزاقی - مکاری - دغابازی - فریب دہی چال - فریب + چالاکی - عیاری +

ٹھگائی - ا - اِسمِ مؤنث (گیتوں میں) فریب - دھوکا جیسے (ٹھگی اہل دینو مورا جیارا لینو سانورے کینی کیسی ٹھگائی +

ٹھگایا جانا - ف - فعلِ لازم - دھوکا کھانا - جُل کھانا - کم داموں کی چیز کو زیادہ میں لے آنا - دم میں آکر نکمی چیز خرید لینا +

ٹھگ لانا - ف - فعلِ متعدی مُوس لانا - دھوکا دیکر لے آنا مُچرلانا - راہ مار کر لانا - چال یا فریب سے مال خواہ کوئی اور چیز لے آنا +

ٹھگ لینا - ف - فعلِ متعدی - دھوکا دیدینا - غریب یا بھولے کو دم دیکر کچھ لے لینا - چھل لینا - جُل دیکر لے لینا - مُوس لینا +

ٹھگنا - ف - فعلِ متعدی (۱) فریب دینا - دھوکا دینا - دغا کرنا - جُل دینا چھلنا (۲) کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا (۳) مُوسنا - چوری کرنا +

ٹھگنی - ا - اِسمِ مؤنث (ٹھگ کی جورو + ٹھگ قوم کی عورت (۲) قزاقنی

ٹھم

راہ زن (۳) ٹھگنے والی - فریب دینے والی مکارہ - دغاباز فی (۴) گُٹنی - دلّالہ +

ٹھگوانا - ف - فعلِ متعدی - فریب دِلوانا - دھوکا دلوانا - کم داموں کی چیز کو زیادہ میں دِلوا دینا +

ٹھگی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) قزاقی - راہ ماری (۲) ٹھگ کا پیشہ (۳) وہ محکمہ جو ٹھگوں کا انسداد کرتا اور اُن کو پکڑتا ہے - محکمۂ گیرائی +

ٹھگیا - ا - اِسمِ مذکر - دغاباز - فریبی - مکار - قزاق - راہ مار - راہزن - بٹ مار - قطاع الطریق +

ٹھل - ا - اِسمِ مؤنث (۱) خدمت - سیوا + خدمتگاری - خدمتگزاری + کام کاج + بندگی - غلامی (۲) جمعیغہ امر - چلدے - رُخصت ہوجا (۳) گشت پھیری + چہل قدمی - آہستہ آہستہ چلنا پھرنا +

ٹہلانا - ف - فعلِ متعدی (۱) پھرانا - چہل قدمی کرانا + گھوڑوں کو ٹھنڈا کرنا (۲) ٹالنا - رُخصت کرنا - ہٹانا - دفع کرنا - سرکانا (۳) مؤقوف کرنا - برطرف کرنا + نکالنا - خارج کرنا +

ٹہل جانا - ف - فعلِ لازم (۱) چل دینا - رُخصت ہوجانا - ٹل جانا - بھاگ جانا - چلا جانا - ہٹ جانا + ۵

کل اُس طرف جو سیرِ گلستاں کو نکل گئے صحنِ چمن سے سرو صنوبر ٹہل گئے

(۲) مرجانا - انتقال کرنا - لُڑھنا - گزر جانا +

ٹہلنا - ف - فعلِ لازم (۱) آہستہ آہستہ پھرنا - چہل قدمی کرنا - خرامیدن کا ترجمہ - گشت لگانا - پھیری مارنا (۲) علیحدہ ہونا - رُخصت ہونا - ٹلنا - جُدا ہونا - چلا جانا (۳) مرنا - انتقال کرنا (۴) سیر کرنا - ہوا کھانا تفریح کے واسطے پھرنا + مٹرگشت کرنا +

ٹہلنی - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) خادمہ - خدمت کرنیوالی عورت - داسی - ملازمہ + چیری - باندی - لونڈی - گھر کا کام کاج کرنے والی عورت +

ٹہلوا - ا - اِسمِ مذکر - خادم - خدمتگار - سیوک - چاکر - داس +

ٹھلیا - ا - اِسمِ مؤنث - چھوٹا گھڑا - سبو - چوڑ گلی - گگری - مٹی کا برتن - ڈبوا +

ٹھمری - ا - اِسمِ مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت - دو بول کا گیت (۲ - لشکری) اڑائی - افواہ - گپ - جھوٹی بات + غوغہ - گپ +

ٹھمری اُڑانا - ف - فعلِ متعدی (۱) ٹھمری گانا (۲) گپ اُڑانا - پچکلا چھوڑنا +

ٹھمک - ا - اِسمِ مؤنث (عوام) خرام - ناز و انداز کی رفتار - ناچنے کی چال +

ٹھمک ٹھمک کر - ا - تابعِ فعل - مٹک مٹک کر - خرامِ ناز سے +

۵ پوربی دوہا ۵ بنیا دیکھن کہن ٹھکرائی + بنا کہن لکھدین بُرائی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھمک

ٹھمک چال - ا - اِسمِ مؤنث - رفتارِ معشوقانہ - خرامِ ناز +

ٹھمکا - ا - صِفت - چھوٹا - ناٹا - پستہ قد - ٹھنگنا - کوتہ قامت +

ٹھمکنا - ف - فعلِ لازم (عوام) خرام کرنا - ناز و انداز سے چلنا + مٹکنا +

ٹھمکی - ا - اِسمِ مؤنث - جھٹکا - پھوٹا سا جھٹکا چھوٹا چھوٹا جھٹکا کنکوے کی ڈور کو اُس کے ہوا پر قایم رہنے کے واسطے ہاتھ سے ہلانا +

ٹھمکی دینا - یا - لگانا - ف - فعلِ لازم - کنکوے کو چھوٹے چھوٹے جھٹکے دینا تاکہ وہ قایم رہے - ہلانا - جُنبش دینا +

ٹھنا - ا - اِسمِ مُذکر - موٹی اور بڑی شاخ - گدّا - ڈالا +

ٹھنا - ف - فعلِ لازم (۱) ٹھہرنا - جمنا - جچنا - تہ نشین ہونا - پکا ارادہ ہونا - ذہن نشین ہونا - دلنشین ہونا (۲) قرار پانا - ٹھیرنا جیسے لڑائی ٹھنا +

ٹھنٹھ - ا - اِسمِ مُذکر (۱) سوکھا ہوا درخت یا گدّا یا ڈالا (۲) ہاتھ کٹا ہوا پہنچا یا کلائی +

ٹھن ٹھن - ا - اِسمِ مؤنث - گھڑی گھڑیال یا گھنٹے وغیرہ کی آواز - ٹن ٹن +

ٹھن ٹھن گوپال - ا - اِسمِ مُذکر (۱) بے سمجھے گوپال کے نام پر گھنٹی ہلانے والا + موڈھو - بیوقوف + مُورکھ - ناسمجھ - بَیل - گدھا (۲) کچھ نہیں - ہیچ + ٹھوٹھ - خالی +

ٹھنٹھنانا - ف - فعلِ لازم (عوام) گھنٹی بجانا - ٹھن ٹھن کرنا (۲) وِنوِنانا - ہنہنانا - کسی جگہ موجود ہو کر مرنے آنا - آنند کے تار بجانا (۳) عو) کھنکنا - بجنا جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں (انرچتر بہنبلی) +

ٹھنڈا - ا - صِفت (۱) سرد - خُنک - بیتل - بارد (۲) شوخ طبع کے خلاف سرد دل - افسُردہ دِل + چُپ - خاموش - کم گو +

معشوق بھی کوئی نظر آتا ہے تو ٹھنڈا اوقات بسر ہوتی ہے کشمیر میں میری (خواجہ آتش)

(۳) نامرد - کم شہوت - ہیز - مُخنث - ہیجڑا (۴) سُست - کاہل + مندا - دھیما (۵) متحمل - بُردبار - گمبھیر (۶) بے غُصّہ + بے نفس - رحمدل (۷) بے محبت + کٹھور - نِردئی - سنگدل - سخت دل +

ٹھنڈا پڑنا - ف - فعلِ لازم (۱) سرد ہونا - خُنک ہونا (۲) سُست و بے رونق ہونا - مندا ہونا (۳) غُصّہ دھیما ہونا - غُصّہ فرو ہونا +

ٹھنڈا رکھنا - ف - فعلِ لازم - عو - جُنبش رکھنا - آرام سے رکھنا - آسایش دینا + کسی تہم کا رنج یا غم نہ آنے دینا - راحت دینا +

ٹھنڈا رہنا - ف - فعلِ لازم (۱) خموش رہنا - آسودہ رہنا - آرام سے رہنا

ٹھن

(۲) بے رونق اور اُداس رہنا + ہ

قیس و فرہاد جو گزرے تو ہوا دور میرا نہ رہا معرکۂ عشق کا پالا ٹھنڈا (امیر)

ٹھنڈا سانس - ا - اِسمِ مُذکر - دمِ سرد - آہ (اگلے شاعروں نے سانس کو اکثر مؤنث باندھا ہے - گرد ہلی میں آجکل مُذکر بولتے ہیں - غالب نے بھی عود ہندی میں مذکر باندھا ہے) +

ٹھنڈا کرنا - ف - فعلِ لازم (۱) سرد کرنا - خُنک کرنا (۲) بجھانا - بڑھا نہ بتانا خاموش کرنا جیسے چراغ یا شمع وغیرہ ٹھنڈا کرنا (۳) غُصّہ دھیما کرنا + مزاج کی گرمی دفع کرنا (۴) عو) توڑنا - شکستہ کرنا جیسے چوڑیاں ٹھنڈی کرنا + ہ

سلسلہ اشک کا توڑے تو میر ادیدۂ تر موتیوں کی نکرو تم ابھی ملا ٹھنڈی (امیر)

(۵) دفن کرنا - دبانا - گاڑنا مگر صرف تعزیہ کے واسطے آتا ہے (۶) گرانا - پھینکنا - جیسے قرآن شریف ٹھنڈا کرنا (۷) ڈبونا - غرق کرنا (۸) تسلی دینا - تسکین دینا - دلاسا دینا +

ٹھنڈا مُلمّع - ا - اِسمِ مُذکر - وہ مُلمّع جو آگ کی مدد بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے +

ٹھنڈا ہونا - ف - فعلِ لازم (۱) سرد ہونا - خُنک ہونا + بارد ہونا (۲) غصّہ دھیما ہونا - غُصّہ دور ہونا - افروختگی سے باز آنا - نرم ہونا (۳) مرجانا - جان نکلنا - وفات پانا - اِنتقال کرنا - نزع کا تڑپنے سے باز رہنا (۴) بجھنا - اِنطفا ہونا جیسے چراغ وغیرہ (۵) افسردہ ہونا - دِل مرنا (۶) ڈوب جانا - غرق ہونا - (۷) خموش ہونا - آرام پانا - چین پانا +

حالہ جلی ہُوں کیا کہوں میں داماد کو لا تو ٹھنڈی ہوں میں (گلزارِ نسیم)

(۸) کُوٹنا - شکستہ ہونا + دفن ہونا - اکثر تبرّک یا عزیز چیز کی نسبت بولتے ہیں جیسے تعزیہ - تسبیح چوڑیاں وغیرہ (۹) گرنا - پھکنا جیسے قرآن شریف یا حمایل وغیرہ (۱۰) مندا ہونا - سرد بازاری ہونا - خرید و فروخت کا کم ہونا - (۱۱) بے رونق اور اُداس ہونا (۱۲) مارا جانا - شہید ہونا (جب کلیجہ ٹھنڈا ہونا کہتے تو وہاں مقصد دلی حاصل ہونا یا کسی دشمن کو مزا دیکر جی خوش ہونا مراد ہوگی) +

ٹھنڈائی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) تبریہ - وہ دوائی جو گرمی دفع کرنے کے واسطے پی جاوے (۲) مُطلق دوا دارو + نسخہ ہ

کاتے جیسے بھی تو ہو نانہ مداوا میرا گھول کر زہر ٹھنڈائی میں شفا مل جاتی

(۳ - عوام) بھنگ - بوٹی - سبزی - بجیا +

ٹھنڈک - ا - اِسمِ مؤنث (۱) سردی - خُنکی - بَرد - برودت (۲) خوشی - راحت - آرام - چین - تسلی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھن

ٹھنڈک پڑنا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) جلن یا سوزش یا گرمی کا رفع ہونا (۲) چین آنا ۔ دل کو آرام ہونا (۳) مقصد حاصل ہونا ۔ مُراد بر آنا (۴) کسی فساد یا فتنہ یا وبا وغیرہ کا کم ہونا (۵) غُصّہ رفع ہونا ۔ دشمنی نکلنا (۶) چل مٹنا ۔ تسلّی ہونا ۔ صبر آنا ۔ اطمینان ہونا +

ٹھنڈی ۔ف۔ صفت (۱) سرد ۔ بارد ۔ خُنک ۔ سیتل (۲) خُوش و خُرم بامُراد (۳) اسمِ مؤنث ۔ع۔ چیچک ۔ سیتلا ۔ ماتا +

ٹھنڈی آگ ۔ف۔ اسمِ مؤنث ۔ مُراداً برف ۔ یخ ۔ آبِ بستہ +

ٹھنڈی ڈھلنا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ چیچک کے دانوں کا مُرجھانا ۔ سیتلا کا زور کم ہونا ۔ باگ مُڑنا +

ٹھنڈی نکلنا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ چیچک نمودار ہونا ۔ سیتلا نکلنا +

ٹھنڈی کڑھائی ۔ف۔ اسمِ مؤنث ع۔ (حلوائیوں اور بنیوں میں دستور ہے کہ جب پکوان ختم ہوتا ہے تو کڑھائی میں حلوا بنا کر تقسیم کرتے اور اسے ٹھنڈی کڑھائی کہتے ہیں) +

ٹھنڈی گرمیاں ۔ا۔ اسمِ مؤنث ۔ اُوپری محبت ۔ ظاہری اختلاط ۔ جھوٹی گرم جوشی ۔ بے محبت عشق جتانا + بے اثر و بے مزہ خوشیاں ؎

بد مزہ پہلے خوشیاں نہ کرو بس چلو ٹھنڈی گرمیاں نہ کرو (شوں)

ٹھنڈی مار ۔ف۔ اسمِ مؤنث ۔ گپتی مار ۔ پھینٹری مار ۔ اندرونی سزا ۔ صدمۂ مخفی + اندرونی ضرب + میٹھی مار +

ٹھنڈی ہڈی ۔ف۔ اسمِ مؤنث ۔ کم بڑھنے اور پھبکنے والا جسم بدیر میں بالغ ہونے والا آدمی + زنانہ ۔ زنخہ +

ٹھنڈے ۔ف۔ (۱) ٹھنڈا کی جمع (۲) حروفِ مغیرہ کی وہ صورت جس میں الف یائے مجہول سے بدل جاتا ہے +

ٹھنڈے پیٹوں ۔ف۔ تابعِ فعل ۔ بخوشی ۔ بطیبِ نفس ۔ خوشی سے ۔ آرام سے ۔ بے لڑے جھگڑے ۔ سیدھے سیدھے +

ٹھنڈے ٹھنڈے ۔ف۔ تابعِ فعل (۱) آفتاب کی گرمی سے پہلے پہلے علی الصباح ۔ سویرے (۲) آرام سے ۔ خوشی خوشی ۔ خیریت سے +

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا یا چلنا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ سویرے اور ٹھنڈ کے وقت جانا ۔ آرام سے جانا + ؎

دِل سے کہدو کہ آہِ سرد کے ساتھ ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے (میر تقی)

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا ۔ف۔ فعل لازم (طنزاً) خوشی خوشی گھر جانا ۔ جان سلامت لیکر پہنچنا ۔ رخصت ہونا ۔ دفع ہونا +

ٹھو

ٹھنڈے سانس بھرنا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ آہِ سرد نکالنا ۔ کسی صدمہ یا اظہارِ عشق کے واسطے اُف اُف کرنا + افسوس کرنا + پچھتانا +

ٹھنگنا ۔ف۔ فعل لازم ۔ عو۔ ناز سے رونا ۔ مُسکنا ۔ لاڈ کر کے رونا + بچوں کی طرح رونا ۔ ریں ریں کرنا + ؎

ہوا بھی شادی تو بچے تُو کھلائے گوئیں کیوں ٹھنکتی ہے پری خانم تُو ہر بات پر (سید)

ٹھنگنا ۔ف۔ صفت ۔ پستہ قد ۔ بونا ۔ ناٹا ۔ قصیر القامت +

ٹھنگیر ۔ف۔ اسمِ مؤنث (۱) گزک ۔ نُقل ۔ بطورِ شغل کسی خُشک چیز کا ایک ایک کر کے کھانا جیسے ریوڑیوں کی ٹھنگیر (اصل میں یہ لفظ ٹھونگ سے نکلا ہے) +

ٹھنگیر لگانا ۔ف۔ فعلِ متعدی ۔ ایک ایک کر کے کھانا پھنکا لگانے کے خلاف +

ٹھنگیرنا ۔ف۔ فعلِ متعدی ۔ کسی خُشک چیز کو آہستہ آہستہ کر کے کھانا ۔ دانہ دانہ کر کے کھانا +

ٹھنی ۔ اسمِ مؤنث ۔ شاخ ۔ شاخچہ ۔ ڈالی ۔ قلم + کنول یا گلاس لگانے کی آبنہی ٹہنی +

ٹھنی ہلانا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ اصل نیم کی ٹہنی ہلانے کا مُخفف ہے ۔ آتشک کے زخم کے اُوپر سے مکھیاں اُڑانا ۔ آتشک میں گلنا یا سڑنا +

ٹھو ۔ف۔ صفت (پُورب) عدد ۔ جیسے ایک ٹھو دو ٹھو +

ٹھوٹ ۔ف۔ صفت (۱) بے مغز ۔ بیوقوف ۔ مُورکھ ۔ کوڑھ مغز (۲) جاہل ۔ کُبڈھ ۔ اَن پڑھ +

ٹھور ۔ف۔ اسمِ مؤنث (۱) جگہ ۔ مکان ۔ موقع ۔ ٹھکانا (۲) سُراغ ۔ پتا ۔ نشان ۔ کھوج + مقام ۔ استھان ۔ ٹھانو + ملجا و ماوا +

ٹھور بے ٹھور ۔ف۔ تابعِ فعل ۔ موقع بیموقع ۔ جا بیجا ۔ کُٹھور +

ٹھور ٹھکانا ۔ف۔ اسمِ مذکر ۔ محلِ بود و باش ۔ جائے قرار مسکن ۔ رہنے کی جگہ ۔ تجکوڈھونڈے کہاں کہاں دُوتی نہ ترا ٹھور نے ٹھکانا ہے (دوتی)

ٹھور رکھنا ۔ف۔ فعلِ متعدی ۔ کھیت رکھنا ۔ بیج کرنہ جانے دینا ۔ جان سے مار رکھنا ۔ سنگو الینا ۔ مار ڈالنا + ؎

ایک چھوٹا نہ زندہ جاں تو نے ٹھور رکھا ہے سب کو ہاں تُو نے (انشا)

ٹھور رہنا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) وہیں رہنا ۔ کسی جگہ رہ پڑنا ۔ جم رہنا (۲) کھیت پہنا مر رہنا ۔ قتل ہونا ۔ مارا جانا +

ٹھوڑی ۔ اسمِ مؤنث ۔ ذقن ۔ زنخدان ۔ ٹھوڈی ۔ ٹھڈی +

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا ۔ف۔ فعلِ لازم ۔ مغموم ہو کر بیٹھنا ۔ فکرمند ہونا +

ٹھوڑی پکڑنا یا ٹھوڑی میں ہاتھ دینا ۔ف۔ فعلِ متعدی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھوٹ

خوشامد کرنا۔ بنتی کرنا۔ منّت سماجت کرنا + نرم کرنا۔ مُلایم کرنا۔ غُصّہ فرو کرنا۔ دِھیما کرنا + تعریفی کلمات کہہ کر کسی کا غُصہ ٹھنڈا کرنا +

ٹھوڑی تارا - ا۔ اِسمِ مذکّر۔ وہ تِل جو کسی خُوبصورت کی ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی ہو۔ چنانچہ خوبصورت عورت کی تعریف میں کہتے ہیں ماتھے چاند ٹھوڑی تارا یعنی جس طرح ماتھے پر چاند ہے اسی طرح ٹھوڑی پر تارا ہے +

ٹھوس - ا۔ صفت (۱) پُر مغز۔ نگر بھاری۔ پُر۔ بوجھل سخت (۲) ٹھس بھدّا۔ کُند ذہن غبی +

ٹھوسا - ا۔ اِسمِ مذکّر۔ ہندوؤں۔ ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا +

ٹھوسا دِکھانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) انگوٹھا دِکھانا۔ ٹھینگا دکھانا۔ (۲) انکار کرنا۔ ضِد یا ہٹ سے اِنکار کرنا معشوقانہ انکار +

ٹھوسے سے - ا۔ تابع فعل۔ بلاسے۔ جُوتی سے پیزار سے۔ جُوتی کی نوک سے + (نہایت سُستی اور بے پروائی کا نامُناسب جواب ہے) +

ٹھوکا دینا - فعلِ متعدی (۱) ہاتھ یا پاؤں سے دھکّا دینا۔ جھنجھوڑنا۔ ٹھیلنا ؎

یہ وہ کمبخت ہے سونے نہ دیگا وصل کی شب بھی
ٹھوکے اضطرابِ قلب ہم کو رات بھر دیگا } (حسرت)

(۲) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ مُتنبّہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا +

ٹھوک بجا کے - ا۔ تابع فعل۔ اچھی طرح دیکھ بھال کے۔ کھرا کھوٹا اور ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے۔ جانچ کے۔ اطمینان کر کے سوچ سمجھ کے چٹکی لگا کے + علانیہ۔ کُھلم کُھلا +

ٹھوک بجا کے لینا - ا۔ فعل لازم۔ کھرا کھوٹا۔ ٹوٹا پھوٹا دیکھ کر لینا۔ پرکھ کر لینا۔ سوچ سمجھ کے لینا۔ اطمینان کر کے لینا۔ چٹکی لگا کے لینا۔ ڈنکے کی چوٹ لینا۔ علانیہ لینا +

ٹھوکر - ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) وہ ضرب جو پاؤں میں سنگ راہ وغیرہ سے لگے یا قصداً پُشتِ پا یا نوکِ پا سے کسی چیز کو ماریں جیسے آتش کا شعر ؎

روز وشب کرتا ہے وہ محبوبِ گل اندام رقص
اُڑتی ہے ٹھوکر سے دامن کی کناری اِن دِنوں } (آتش)

پاؤں کی ٹکّر۔ پالغز۔ صدمہ پا سنگ راہ کی چوٹ + سکندری گھوڑے کی ٹھوکر (۲) لات۔ لکد (۳) عیاش۔ ٹھیس۔ ٹکّر۔ ٹھوکر (۴) صدمہ۔ ضرب۔ دھکّا (۵) ضرر۔ نقصان (۶۔ کمہار) روڑا۔ سنگِ راہ۔ وہ پتھر جو سڑک میں اُبھرا ہُوا ہو۔ خراب سڑک (۷۔ قمار باز) جُوتا۔ جفت پا۔ پاپوش

ٹھوک

جُوتی۔ جیسے پاؤں کی ٹھوکر تک نکّی پر لگا دی +

ٹھوکر اُٹھانا - ا۔ فعل لازم۔ صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا +

ٹھوکر پر ٹھوکر اُٹھانا - ا۔ فعل لازم۔ صدمہ پر صدمہ اُٹھانا۔ متواتر صدمے اُٹھانا۔ نقصان پر نقصان اور ضرر پر ضرر اُٹھانا +

پیچ وخم میں مُوبمُو ہر موکے اُلجھا جائے ہے ناتگ کے رتبہ میں دل ٹھوکر پہ ٹھوکر کھائے ہے (نکہت)

ٹھوکر پر ٹھوکر لگنا - ا۔ فعلِ لازم۔ صدمہ پر صدمہ ہونا۔ نقصان پر نقصان اور تکلیف پر تکلیف پہنچنا +

گلی میں جُوں سنگِ راہ اُس کی پھرے ہے دِل کیا ہی مارا مارا
لگے ہے ٹھوکر پہ اُس کو ٹھوکر عجب وہ حال خراب میں ہے } (جُرأت)

ٹھوکر کھانا - ا۔ فعلِ لازم (۱) سنگِ راہ کی ٹکّر کھانا۔ پاؤں کی چوٹ کھانا + اُلجھنا۔ اُلجھ کر گر پڑنا۔ گر پڑنا (۲) صدمہ اُٹھانا۔ ضرب کھانا (۳) ضرر اُٹھانا نقصان اُٹھانا جیسے ٹھوکر کھا وے بدھیا پاوے (۴) بھولنا۔ چوکنا۔ دھوکا کھانا + دم یا فریب میں آکر ضرب اُٹھا بیٹھنا +

ٹھوکر لگانا - ا۔ فعلِ لازم۔ کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا۔ پُشتِ پا مارنا۔ سرِ پا مارنا +

دشتِ جنوں میں آج وہ آتش قدم ہوں میں ٹھوکر لگا کے سنگ کو اخگر بنا دیا (ناسخ)

ٹھوکر لگنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) پاؤں میں چوٹ لگنا۔ پاؤں کا راستہ کے پتھر سے ٹکّر کھانا (۲) صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا۔ ضرر پہنچنا +

ٹھوکر لینا - ا۔ فعلِ لازم۔ گھوڑے کا سکندری کھانا + اُلجھ اُلجھ کے گرنا ؎

اُلجھتے ناقۂ عشق میں گرے کہ دخل ٹھوکریں وہاں نوپڑا پائے نظر لیتا ہے (انشاء)

ٹھوکر مارنا - ا۔ فعلِ لازم۔ پُشتِ پا مارنا۔ سرِ پا مارنا۔ لات مارنا + ٹھیس لگانا۔ ٹھوکا دینا +

ٹھوکریں پر پڑنا - ا۔ فعلِ لازم۔ غیر کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا۔ مجبتیوں میں پڑنا۔ حقارت اور ذلّت کے ساتھ رہنا +

ٹھوکریں کھاتا پھرنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) مارا مارا پھرنا + صدمے اُٹھاتا پھرنا + آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا۔ خراب وتباہ پھرنا (۲) دامن میں آنا۔ کھُرمن میں آنا۔ پامال ہونا ؎

کل عجب ڈھب سے ترے کُشتہ کی رُسوائی ہوئی
ٹھوکریں کھاتی پھرے تھی لاش کفنائی ہوئی } (جُرأت)

ٹھوکرمن کھانا - ا۔ فعلِ لازم (۱) ضربِ پُشتِ پا یا سرِ پا کھانا۔ لاتیں کھانا ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھو

تو ہر قدم پہ فیس بگیوں کھائے ٹھوکریں طفلانِ رنگ زن ہے میں پتھر ملے ہوئے (شاہ نصیر)

(۲) ذلت و رسوائی اُٹھانا ؎

ضعف سے رہنا ہے اب پاؤں پر آپ اپنی ٹھوکریں کھاتے ہیں ہم (گویا)

(۳) زوال پر آنا۔ کھوندن میں آنا۔ پامال ہونا + گرنا۔ پڑنا۔ لڑھکنا ؎

لاغر زبسکہ آپ کو پاتا ہوں ان دنوں سایہ سے اپنے ٹھوکریں کھاتا ہوں ان دنوں (نکہت)

(۴) خراب و تباہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ خستہ و خراب پھرنا۔ آوارہ و سرگرداں پھرنا (۵) صدمے اُٹھانا۔ سختیوں اور تکلیفوں کی برداشت کرنا۔ مصیبت بھگتنا۔ دُکھ سہنا (۶) طعنے مہنے سہنا (۷) کثرت سے نقصان اُٹھانا۔ ضرر پر ضرر اُٹھانا (۸) لڑھکھڑانا۔ ڈگمگانا +

ٹھونکنا ـہ ـ فعلِ متعدی ـ ہاتھ یا پیر سے کسی امر کے جتانے یا ہوشیار کرنے کو دھکا دینا۔ ہوشیار کرنا۔ آنکس لگانا۔ آرکرنا۔ ایڑ لگانا + متنبہ کرنا آگاہ کرنا۔ جھنجھوڑنا۔ گہنی مارنا +

ٹھوکنا یا **ٹھونکنا** ـہ ـ فعلِ متعدی (۱) گاڑنا جیسے میخ یا کیل ٹھوکنا (۲) کوبہ کرنا۔ کوٹنا (۳) زدوکوب کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ بھوڑنا۔ جوتہ کاری کرنا۔ لات مکّے سے مارنا۔ کوڑے لگانا +

مسجد میں واعظوں کے تئیں لگ گئی ہے بڑ زاہد نے ٹھونکا شیخ کو پگڑی اُتار کر (سودا)

(۴) عرضی دینا۔ نالش کرنا۔ مقدمہ لڑانا (۵) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ کاٹھ میں پاؤں دینا (۶) بجانا جیسے طبلہ ٹھوکنا۔ سپ تھپپانا۔ تھپکنا جیسے پیٹھ ٹھوکنا۔ خواہ گھوڑے کی ہو خواہ انسان کی (۸) جڑنا۔ لگانا۔ جیسے تفل ٹھوکنا (۹) گھسیڑنا۔ دخول کرنا جیسے بنگا ٹھوکنا (۱۰) کھٹکھٹانا کھڑکھڑانا +

ٹھوکے دینا ـہ ـ فعلِ لازم (۱) ہولیں مارنا۔ آرکرنا۔ جھنجھوڑنا۔ چھیڑ چھیڑانا ؎

یہ وہ کمبخت ہے سونے نہ دیگا وصل کی شب بھی
ٹھوکے اضطرابِ قلب ہم کو رات بھر دیگا (لا علم)

(۲) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ متنبہ کرنا۔ خبردار کرنا (۳) ـعوام طعنے مہنے دینا۔ چھیڑنا جیسے ایک آتی ہے ٹھوکے دیتی ہے بُوا ہم نہ کہتے تھے +

ٹھونسنا ـہ ـ فعلِ متعدی (۱) دبا کر بھرنا۔ خوب زور سے بھرنا (۲) گھسیڑنا۔ دخول کرنا (۳) نگلنا۔ کھانا (حقارتاً) +

ٹھونگ ـہ ـ اسمِ مؤنث (۱) چونچ سے مارنا۔ منقار سے مارنا۔ ضربِ منقار۔ (۲) کوّے کی چونچ۔ منقار۔ چونچ (۳) ٹولا۔ بیچ کی اُنگلی کو دوہرا کر کے مارنا +

ٹھیٹ

ٹھونگا ـہ ـ اسمِ مذکر (ہندی) دیکھو (ٹھونگ) +

ٹھہاگا ـہ ـ اسمِ مذکر (پورب) تہمتہ۔ ٹھٹا +

ٹھٹیا ـہ ـ اسمِ مذکر (۱) حد۔ سیما۔ تودہ۔ ڈھولا۔ ٹھڈا۔ سوانا (۲) جگہ۔ ٹھکرا۔ گدی۔ دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ +

ٹھیٹ ـہ ـ صفت (۱) خاص الخاص + خالص۔ نرمل۔ ٹھیک۔ اصلی۔ جیسے ٹھیٹ گنوار۔ ٹھیٹ ہندی (۲) روزمرہ کی بولی +

ٹھی ٹھی ـہ ـ اسمِ مؤنث ہنسی کی آواز۔ بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز +

ٹھیرانا ـہ ـ فعلِ متعدی (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) ٹھاننا۔ منصوبہ باندھنا (۳) قائم کرنا۔ جمانا۔ منجمد کرنا جیسے پارہ ٹھیرانا (۴) ٹھکانا۔ فوکش کرنا مکان میں اُتارنا۔ سرائے میں اُتارنا (۵) مقرر کرنا۔ تجویز کرنا جیسے بات ٹھیرانا (۶) قیمت چکانا۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔ نرخ مقرر کرنا +

ٹھیراؤ ـہ ـ اسمِ مذکر۔ قیام۔ استحکام + وقفہ۔ رہاؤ + مقام ٹھکانا منزل +

ٹھیرنا ـہ ـ فعلِ لازم (۱) رُکنا۔ تھمنا۔ قیام کرنا۔ کھڑا رہنا (۲) جمنا۔ ٹھننا۔ منصوبہ ہونا + ؎

ٹھیری ہے کہ ٹھیرائینگے نجیر سے دل کو پر برہمیٔ زلف کا سودا نہ کرینگے (مومن)

(۳) قائم ہونا۔ جمنا۔ منجمد ہونا۔ بیٹھنا جیسے پارہ ٹھیرنا (۴) فوکش ہونا اُترنا (۵) مقرر ہونا۔ تجویز ہونا جیسے بات ٹھیرنا (۶) قیمت چکنا۔ بھاؤ قرار پانا نرخ کو تہ ہونا۔ طے پانا (۷) دیر لگانا۔ وقفہ کرنا۔ دیر نگ کرنا۔ تاخیر کرنا۔ (۸) دیرپا ہونا۔ مضبوط ہونا (۹) تامل کرنا۔ غم کھانا۔ صبر کرنا (۱۰) قرار پکڑنا قرار پانا جیسے لطف ٹھیرنا (۱۱) تہ نشین ہونا۔ نیچے بیٹھنا۔ تہ پر پہنچنا (۱۲) اضطراب کم ہونا۔ تسلی ہونا جیسے دل ٹھیرنا + ٹھہرنا اور ٹھیرنا دونوں جائز مگر اہلِ دہلی ٹھیرنا زیادہ بولتے ہیں + ؎

آنے سے تیرے ٹھیر گئے آپ وگرنہ جانے کا ارادہ تو کہیں ہو ہی چکا تھا ذوق

طبیعت کو ہوگا قلق چند روز ٹھہرتے ٹھہرتے ٹھہر جائیگی نامعلوم

ٹھیس ـہ ـ اسمِ مؤنث (۱) دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹکر۔ ضرب۔ صدمۂ خفیف + ؎

میرے ساغر کو نہ سختی سے دھکیل اے میفروش
شیشۂ دل ٹوٹ جاتا ہے ذرا سی ٹھیس سے (ناسخ)

ٹھیس لگنا ـہ ـ فعلِ متعدی ـ دھکا لگنا۔ ٹھوکر کھانا۔ ٹکر لگنا۔ صدمۂ خفیف پہنچنا + ضرب لگنا +

ٹھیک ـہ ـ اسمِ مؤنث (بیائے مجہول) اسہارا۔ اڑوا۔ ٹیک۔ ٹوٹ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھیک

(۲) خانہ۔ پھانہ۔ پچڑ (۳) غلّہ کا ڈھیر۔ انبارِ غلّہ (۴) تلا۔ تلی پیندی + جوتہ کی ایڑی +

ٹھیک ۔ا۔ صفت (۱) راست۔ دُرست۔ صحیح۔ بجا (۲) موزوں۔ کم و بیش۔ برابر۔ چُست۔ نگینہ سا + ۵

نہ کیونکر جامہ زیبی ختم ہو ساری خُدائی کی قبا ہے ٹھیک جسم دلربا پر دلربائی کی (نکہت) (۳) ہُو بہُو۔ بعینہٖ۔ ہو ہو۔ جوں کا توں (۴) پُورا پُورا۔ ٹانکا ٹوک۔ (۵) جیسا چاہئے حسبِ دلخواہ (۶) بالتحقیق۔ تحقیقاً جیسے ٹھیک یہی بات ہے (۷) مُستقل مُستقیم (۸) مُقررہ۔ مُجوّزہ۔ جیسے ٹھیک وقت پر آنا (۹) شایان۔ مناسب۔ چسپاں (۱۰) عین موقع پر۔ عین نشانہ پر جیسے نشانہ ٹھیک لگنا (۱۱) باقاعدہ۔ ہموار۔ مُسطّح۔ درست (۱۲) پُورا۔ کامل جیسے وزن میں ٹھیک (۱۳۔ اسمِ مذکّر) پتا۔ نشان۔ سُراغ۔ ٹھکانا جیسے اُس کا کیا ٹھیک (۱۴) انتہا۔ حد۔ انت۔ جیسے بے ٹھیک بے معنی ہمہ (۱۵) وقت خبر جیسے موت کا ٹھیک نہیں (۱۶) ٹھور ٹھکانا۔ نسبت جیسے اس کا بھی ٹھیک لگا دو (۱۷) اعتبار۔ بھروسا۔ پرتیت جیسے اِن کی بات کا ٹھیک نہیں (۱۸۔ تابعِ فعل) ٹھیکم ٹھیک۔ کامل طور سے + نے الحقیقت فی الواقع +

ٹھیک آنا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) کپڑے کا بدن پر اور جُوتے وغیرہ کا پاؤں میں درست آنا۔ موزوں ہونا + عین وقت اور موقع پر آنا +

ٹھیک بنانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی (۱) سزا دینا۔ گوشمالی کرنا۔ مارنا پیٹنا + ۵

اے خالِ رُخِ یار تجھے ٹھیک بناتا پر چھوڑ دیا حافظِ قرآن سمجھ کر (الاعلم)

(۲) درست کرنا۔ راہ پر لانا۔ سُدھارنا۔ قابل بنانا۔ کسی کام کے لائق کرنا + ۵

پٹکیگا زمیں پر تجھے اے چرخ اُٹھا کر چھوڑیگا مگر عشق چچا ٹھیک بنا کر (نکہت)

(۳) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا + ۵

ناصح کو جو چاہوں تو ابھی ٹھیک بناؤں پر خوفِ خدا کا ہے کہ میں کچھ نہیں کرتا (مومن)

ٹھیک ٹھاک ۔ا۔ تابعِ فعل (۱) ہر طرح سے درست۔ لیس۔ تیار۔ چُست۔ موزوں۔ چسپاں + ۵

اُلٹ آستیں، اور نہری کا چاک نئے سر سے انگیا کو کرتی ٹھیک ٹھاک (میر حسن)

(۲) مرمّت وغیرہ سے درستی چیپا چاپی (۳) ٹھور ٹھکانا (۴) سہارا۔ نوکری روزگار جیسے انکا بھی کہیں ٹھیک ٹھاک لگا دو (ہندو) +

ٹھیک ٹھاک کرنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی (۱) درست کرنا + مرمّت کرنا (۲) صحیح کرنا + ۵

ٹھیک

ٹھیرانا۔ پختہ کرنا جیسے بات ٹھیک ٹھاک کرنا +

ٹھیک ٹھاک ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ درست ہونا صحیح ہونا پختہ و پیزہ ہونا۔ ٹھیرنا۔ قرار پانا +

ٹھیک ٹھیک ۔ا۔ صفت (۱) ٹھیک کی تاکیدی صورت۔ سچ سچ۔ راست راست۔ بے کم و کاست۔ بلا فرق۔ بعینہٖ۔ ہُو بہُو۔ ہو ہو + ۵

نقشہ تمہارا نقشۂ یُوسف ہے ٹھیک ٹھیک یعقوب دیکھ لیں تو رہیں اشتباہ میں (امیر)

(۲) تقریباً۔ قریب قریب +

ٹھیکا ۔ا۔ اسمِ مذکّر (۱) سہارا۔ آرام (۲) اجارہ۔ مُقرری۔ قرارداد + کرایہ پٹّا + اُجرت (۳) مقررِ نشستگاہ۔ بیٹھک۔ جائے قرار (۴) طبلہ یا ڈھولکی کو گانے والے کے ساتھ ایک خاص طریق سے بجانے کو بھی ٹھیکا کہتے ہیں +

ٹھیکا بجانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ گانے والے کے ساتھ ڈھولکی یا طبلہ اس طرح بجانا کہ اُس کی آواز کو سہارا ملے +

ٹھیکا بھرنا ۔ فعلِ لازم۔ گھوڑے کا اُچھل گود کرنا۔ گدکنا۔ گودنا (لکھنؤ) +

ٹھیکا بھیٹ ۔ا۔ اسمِ مؤنث۔ وہ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے +

ٹھیکا پٹّا ۔ا۔ اسمِ مذکّر۔ دستاویزِ اجارہ + ۵

ٹھیکا دینا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ کسی چیز یا گانو کا اجارہ پر دینا +

ٹھیکا لینا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ اجارہ لینا۔ کسی مہم یا کام کے واسطے کسی چیز کی حقیقت یا حق خریدنا +

ٹھیکرا ۔ا۔ اسمِ مذکّر (۱) گلی ظرف کا ٹکڑا۔ خزف + کپرٹیل + ڈھوسرا۔ (۲) حقارتاً ظرفِ مس و ظرف کہنہ وغیرہ (۳) اینکسار یا حقارتاً مکان و جائداد (۴) اوزار۔ وسیلہ۔ جب کسبی کی طرف منسوب کرینگے تو وہاں نوچی سے مراد ہوگی جیسے فلاں کی روزی کا ٹھیکرا +

ٹھیکرا پھوڑنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی (ہندو) تہمت لگانا۔ الزام دینا۔ بُہتان لینا +

ٹھیکری ۔ا۔ اسمِ مؤنث (۱) مٹی کا توا۔ ٹھیکرا کی تصغیر (۲) عورتوں کی پیشانی پر فرج اندام نہانی کی پیشانی۔ مقامِ زیرِ ناف۔ عانہ +

ٹھیکری ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ عُو۔ کثرت سے صرف ہونا۔ بیقدری سے صرف ہونا +

ٹھیکرے میں ڈالنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدّی (عورتوں میں ایک رسم ہے کہ جب زچہ جن کر فارغ ہوتی ہے تو اُس ٹھیکرے میں جس میں بچہ کی آنول نال وغیرہ کا ٹکڑا ڈالتی ہیں دائی کا حق سمجھ کر سب گنبد برشتہ کی عورتیں کچھ نقدی ڈالا کرتی ہیں۔ بلکہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹھیک

جس بچہ کی اُسی وقت سے نسبت ٹھیرائی ہوتی ہے۔ تو اُسکے نام سے بھی ساس کچھ ڈالا کرتی ہے +

ٹھیکی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) سہارا - بوجھ اُتار کر آرام لینا (۲) اناج کی بوری - غلّہ کا بورا + انبار غلّہ وہیزم (۳) ڈاٹ +

ٹھیکی لگانا یا لینا - ہ - فعل لازم (۱) سہارا لینا - بوجھ اُتار کر دم لینا ٹھیرنا - بوجھ اُتارنا + مشتاق دہلوی ؎

جی میں یہ آئی ڈھیٹی دیکر یہیں کا ہو رہے تیرے در پہ جبکہ ٹھیکی نانواں لینے لگا (مشتاق)

(۲) بوروں میں اناج بھرنا + انبار لگانا + (اس معنی میں لگنے کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے) +

ٹھیکے دار - ا - اِسمِ مذکر - اجارہ دار - وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو - لائسنس دار +

ٹھیلا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) دھکا - ریلا (۲) ایک قسم کی گاڑی جس پر اسباب لادکر اکثر ہاتھ سے دھکیلتے ہوئے لے جاتے ہیں - بیلوں کے ذریعہ بھی چلتا ہے جسے بیل ٹھیلا کہتے ہیں +

ٹھیلنا - ہ - فعلِ متعدی - دھکیلنا - ریلنا - کُہنی مارنا ٹھوکنا ٹھوکا دینا +

ٹھیٹھی - ہ - اِسمِ مؤنث - کان کے مَیل کی گولی + کان کا جما ہوا مَیل چرکِ گوش +

ٹھینگا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) انگوٹھا - ٹھونسا (۲) لاٹھی سونٹا - بنگا - ٹھنگ جیسے زبردست کا ٹھینگا سر پر (۳) عضوِ تناسُل - ذکر +

ٹھینگا باجنا - ہ - فعلِ لازم - رسوائی ہونا - ہنسی اُڑنا + لڑائی ہونا - فساد ہونا جیسے جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے +

ٹھینگا دِکھانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) انگوٹھا دِکھانا - ٹھونسا دکھانا - (۲) خاطر میں نہ لانا - انکار کرنا + (۳) چڑانا - چھیڑنا +

ٹھینگے سے - ہ - تابع فعل - بلا سے - کچھ پروا نہیں +

ٹُٹیاں - ہ - صفت (۱) ننّا سا - چھوٹا سا (۲) پستہ قد - بونا - ٹھنگنا - (۳) اِسمِ مذکر) ایک قسم کا چھوٹا طوطا - لیسری کے خلاف +

ٹُٹیاں - ہ - اِسمِ مذکر - لیّہ کوڑی - ایک قسم کی چھوٹی کوڑی +

ٹیبا - ہ - اِسمِ مذکر (گنوار) ٹیلا - پہاڑی - پشتہ - کریوہ +

ٹیپ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) دباؤ - داب (۲) تمسک - چک ضمانت + ساہوکار کا وہ تمسک جس میں اصل مع سُود کے عوض فصل پر اناج وغیرہ دینے کا اقرار لکھا جاتا ہے (۳) اُونچا سُر - اُونچی لے - دُون - الاپ (۴) یادداشت نوٹ کر لینا - کچھ جلدی میں لکھ لینا (۵) مُسدّس کی تیسری بیت مخمس

ٹیڈ

مُثلث وغیرہ کی اخیر بیت + بند - گروہ (۶) فوج کا دستہ (۷) ایک زیور کا نام جسے عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۸) جب گنجیفہ میں حریف کے ایک پتّہ کو دو پتّوں سے مارتے ہیں تو اُسے بھی ٹیپ کہتے ہیں (۹ - عو) چوٹی کا عُمدہ منتخب - چیدہ - اعلےٰ (۱۰ - ہندو) لڑکی یا لڑکے کی جنم پتری جنم کنڈلی ٹیوا جوسگائی یا سبندہ کے وقت کام آتی ہے +

ٹیپ ٹاپ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) بھڑک - آرایش - طمطراق - زیبائش جلوس + (۲) ظاہری بناوٹ - تکلّف تصنّع (۳) خودنمائی - خودآرائی +

ٹیپنا - ہ - فعلِ متعدی (۱ - ہندو) دبانا - بھینچنا (۲) لکھ لینا - ٹانک لینا یا دداشت میں درج کر لینا (۳) گنجیفہ بازی میں) دو پتّوں سے ایک پتّا جیتنا (۴) دون میں گانا - الاپنا +

ٹیٹا - ہ - اِسمِ مذکر - چیچا - ٹنا - گالی کا لفظ +

ٹیٹر پیج - انگلش - صحیح (Tittle page) ٹائٹل پیج) سرورق - لوح - کتاب کے اوپر کا صفحہ +

ٹیٹک منجھا - ہ - اِسمِ مذکر - جھمیلا - دِقّت - دُشواری - اُلجھیڑا ضیق مخمصہ - سرگردانی - کشمکش +

ٹیر - ہ - اِسمِ مؤنث (گنوار) آواز - ہانک - پکار +

ٹیر کرنا - ہ - فعلِ متعدی - گزارنا - بسر کرنا - کاٹنا - بھگتنا جیسے عمر ٹیر کرنا +

ٹیرنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) پکارنا - بلانا - آواز دینا - چلّانا (۲) گزارنا بسر کرنا کاٹنا (۳) عُہدہ لینا - گانا نکالنا +

ٹیروا - ہ - اِسمِ مذکر - آب نے - فوارہ - کلی کی وہ نلی جس پر چلم رکھتے ہیں +

ٹیڑھ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) کجی - خمی - خمیدگی + کُبھ (۲) اکڑ - مروڑ - اَینٹھ + (۳) شرارت - سرکشی - انحراف (۴) جمالت - جہل +

ٹیڑھ کی لینا - ہ - فعلِ لازم - شرارت کرنا - جہالت کرنا سرکشی کرنا - اکڑنا - اَینٹھنا - بل کرنا - بل لانا - فیل لانا - مُتمرّدی کرنا - ٹیڑھ کی چلنا +

ٹیڑھا - ہ - صفت (۱) کج - خمیدہ - خم دار - ترچھا - بانکا - جھکا ہوا - منحنی مُعوج (۲) مُنحرف - پھرا ہوا - برگشتہ - برخلاف - مُخالف (۳) اکھڑ - اُجڈ - اُجھڑ + بینڈا - اُلٹا - اَوندھا - اَوندھی سمجھ کا + کج بحث - جاہل کھوچڑ + سخت - درشت - بدمزاج عُصیل (۴) خفا - ناراض (۵) شریر - بدذات حرامزادہ جیسے ٹیڑھے کو گھن بھی نہیں لگتا (مثل) +

ٹیڑھا بانکا - ہ - صفت (۱) چھیل چھکنیا - چھیلا - طرحدار - وضعدار -

؎ مزا بشرطے ضبط ہوتی + ٹھکسار ناتواں (لیتے ہو + (داغ)

؎ جسے گیت - بالا ہی کھوا ہے دشمن مل تھوڑی سی تو ہے کوڑ تیرے سیام +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹیڑ

(۲) سپاہی وضع مراکھڑ +

ٹیڑھا پن } ـہ ـ اسم مذکر (۱) کجی ـ خمیدگی ـ انجنا + مخالفت +
ٹیڑھ پنا } شرارت + انحراف +

ٹیڑھا ہونا ـہ ـ فعل لازم (۱) کج ہونا ـ خمیدہ ہونا ـ منحنی ہونا (۲) خفا ہونا + بگڑنا ـ اکڑنا ـ اینٹھنا +

ٹیڑھی ـہ ـ صفت ـ خمیدہ ـ بانکی ـ ترچھی ـ کژ ـ کج ـ واتوں +

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا ـہ ـ فعل متعدی (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا نگاہِ کج سے دیکھنا (۲) مخالفانہ دیکھنا + نظر بد سے دیکھنا + دشمنی کی آنکھ ڈوالنا خفگی سے دیکھنا ـ بگڑ کر دیکھنا تیوری پر بل ڈال کر دیکھنا +

ٹیڑھی آنکھیں کرنا ـہ ـ فعل لازم ـ ناراض ہونا ـ ناراضامندی ظاہر کرنا ـ بیمروتی کرنا ـ بُری نگاہوں سے دیکھنا +

ٹیڑھی ٹوپی ـہ ـ اسم مؤنث ـ کلاہِ کج ـ بانکی ٹوپی ـ آڑی رکھی ہوئی ٹوپی +

ٹیڑھی سُنانا ـہ ـ فعل متعدی ـ اوکھی سنانا ـ خلاف جواب دینا بُرا بھلا کہنا ـ بوتنگی سُنانا + ؎

کچھ جو سیدھی بھی بات کرتا ہوں ٹیڑھیاں وہ مجھے سُناتا ہے (میر)

ٹیڑھی کھیر ـہ ـ اسم مؤنث ـ بیڈھنگا کام ـ مشکل کام ـ دشوار کام (اس مثل کا قصہ یوں مشہور ہے ـ کرکسی اندھے سے کسی شخص نے پوچھا کھیر کھاؤ گے بولا سنے کہا کھیر کیسی ہوتی ہے ـ یہ بولا سفید ـ اس نے کہا سفید کیسی اس نے کہا جیسے بگلا اس نے کہا بگلا کیسا ہوتا ہے اس نے ہاتھ ٹیڑھا کرکے دکھایا کہ ایسا لانبا ہوتا ہے تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے ہم سے نہیں کھائی جائیگی ـ پس جب سے یہ مثل جاری ہوگئی) +

ٹیڑی ـہ ـ اسم مؤنث (گنوار) ٹیڑی ـ ٹیڈی ـ ملخ +

ٹیسُن ـہ ـ اسم مؤنث (۱) درد ـ پیڑا ـ تکلیف ـ چبک ـ ہُول ـ کسک چبک ٹیسیں گئیں نہ دل کی دوا بار بار لگی کوسا تھا کس نے کس کی اسے بددعا لگی (رند)

(۲) ـ (۱) جُزبندی ـ شیرازہ ـ کتاب کی سِلائی ـ بیہ (یہ لفظ اصل میں انگریزی اِسٹچ سے بگاڑ لیا ہے) +

ٹیسیں اُٹھنا یا مارنا ـہ ـ فعل لازم ـ بار بار درد اُٹھنا ـ زخم یا پھوڑے وغیرہ میں ہُولیں اُٹھنا ـ چبک مارنا +

ٹیسُو ـہ ـ اسم مذکر (۱) پلاس کا پھول ـ ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے (۲) ـ ایک کھیل کا نام جو بچے دسہرہ میں ایک مدت کا سر تاکر راتوں کو لئے ہوئے گاتے پھرتے ہیں اور دسہرہ کے دن اُس کو توڑ پھوڑ ڈالتے

ٹیک

ہیں ـ اس کی وجہ تسمیہ اس طرح پر بیان کرتے ہیں ـ کرشن اے مہابھارت کے زمانہ میں ایک بہادر راجپوت تھا جس کی شکست دیکھتا اُسی کی طرف ہوکر فتح کرا دیتا تھا جب پانڈوں نے دیکھا کہ یہ تو بڑا ہرج کرتا ہے تو اُس کا سر کاٹ لیا مگر اُس نے مرتے وقت یہ قول لے لیا کہ میرا سر ایک بانس پر جنگ کے وقت لٹکا دیا جایا کرے کیونکہ مجھے اس لڑائی کے دیکھنے کا بڑا شوق ہے ـ پس اب اسی طرح ایک کلا (سر) بنا کر اُسے لکڑیوں پر لگا کر نذرانہ مانگتے پھرتے ہیں ـ یہ لوگوں کی گھڑت معلوم ہوتی ہے ـ چونکہ اس کا چہرہ وضع راجپوتوں سے ملتی ہوئی ہے ـ شاید کوئی جے پور یا راجپوتانہ کا بہادر ہوا ہو ـ مہابھارت میں اس کا ذکر کہیں نہیں ملا ـ ہاں مہابھارت میں بیروبا ہن ایک شخص اس قماش کا پایا جاتا ہے جس کا قصہ مشہور ہے +

ہر اک صاحب جنم کا دور ہے نَو روز عالم میں دسہرے تک ہمارے شہر میں ٹیسو نکلتے ہیں) (بحر)

(۳) ٹیسو کا گیت ـ وہ ٹک جو لڑکے ٹیسو کے ساتھ ساتھ کہتے ہوئے پھرتے ہیں جیسے کھولو رانی چندن کواڑ + ٹیسو آیا گھر کے دوار ـ وغیرہ وغیرہ +

ٹیک ـہ ـ اسم مؤنث (۱) روڑا ـ ٹھونی ـ کھمبا ـ کھم ـ تھم ـ پشتی ـ سہارا ـ (۲) ـ پورب مستقل ارادہ مصمم ارادہ (۳) عزت ـ آبرو ـ بھرم +

چلنا بھلا نہ کوس کا بیٹی بھلی نہ ایک منگنا (مانگنا) بھلا نہ باپ سے جو پچھوڑا کھیر ٹیک (دوہا)

(۴) قول وقرار ـ اقرار مدار (پورب) ۵ ـ استھائی ـ انترہ ـ گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے ـ ٹیپ کا مصرع یا شعر +

ٹیک رہنا ـہ ـ فعل لازم ـ بات رہنا ـ عزت رہنا ـ بھرم رہنا ـ اعتبار رہنا +

ٹیکا ـہ ـ اسم مذکر (۱) قشقہ ـ تلک ـ صندل یا سیندور وغیرہ کا پیشانی پر نشان بُرا ہو بدبخت عاشقی کا ذکر دین برباد ہو کسی کا بنائے عشق تم نے ٹیکا نشان سیمبھی جیسی کا (ناسخ)

(۲) کنور ـ ولیعہد ـ وارث تاج یا گدی (۳) ایک زیور کا نام جو ماتھے پر عورتیں پہنتی ہیں (۴) ایک رسم کا نام ہے جو اہل ہنود میں نسبت یا بیاہ کے موقع پر ادا ہوتی ہے (۵) وہ نشتر یا زخم جو چیچک کی احتیاط کے واسطے بچوں کی بانہہ میں لگا کر چیچک کے دانوں کا چیپ لگا دیتے ہیں (۶) شرح تفسیر (۷) علامتِ سرداری + خصوصیت کا نشان جیسے اڈو کہے میرے ماتھے ٹیکا + مُنھ بن بیاہ ہونہ نیکا (۸) دھبا ـ داغ (۹) راج تلک ـ گدی پر بٹھانے کی رسم (۱۰) وہ نشان یا تلک جو ہندوؤں میں سفر یا جاترا میں جاتے وقت شگونِ نیک سمجھ کر لگا دیتے ہیں +

ٹیکا بھیجنا ـہ ـ فعل متعدی (ہندو) نشان بھیجنا ـ نشان چڑھانا ـ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا ـ سگائی کرنا +

ٹیکن ـہ ـ اسم مؤنث ـ اُڑکن ـ سہارا ـ اڑواڑ ـ ٹھونی ـ ٹیک ـ مدد ـ تکیہ گاہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ٹیلا

ٹینکنا - ف - فعل متعدی (۱) ٹکانا - رکھنا - سہارا لینا (۲) - قمار باز) داؤں پر لگانا - بازی پر رکھنا +

ٹینکے کا - ف - تابع فعل - صفت - عر (۱) مخصوص + نرالا - انوکھا خصوصیت کی علامت رکھنے والا جیسے کچھ یہی تو ٹینکے کا نہیں ہے جو سب کچھ لے لیگا (۲) مقدار و لیاقت کا حق رکھنے والا +

ٹینلا - ف - اسم مذکر - دیکھو (ٹیبا) تودہ +

ٹینلی گراف - انگلش Telegraph علامات سے خبر پہنچانے کا آلہ - تار برقی - خبر پہنچانے کا تار + تار کی خبر +

ٹینلی گرام - انگلش Telegram وہ خبر جو تار کے ذریعہ سے آئی یا گئی ہو - تار کی خبر +

ٹیم - ف - اسم مؤنث (۱) بتی کا گل - زبان چراغ چراغ کی بتی کا وہ اگلا حصہ جو بالکل جلکر سیاہ ہو جاے - (۲ - انگلش) ٹایم - وقت - سما +

ٹیم ٹام - ف - اسم مؤنث (گنوار) کمخواب کا ستیاناس کیا ہے - اسی کو وہ لوگ کیم کھام بھی کہتے ہیں (۲) نمود - نمائش - آرایش +

ٹیمی - ف - اسم مؤنث (گنوار) چنگاری +

ٹین - (انگلش tin) ایک سفید نرم دھات کا نام + رانگ - قلعی + لوہے کے پتلے پتلے قلعی دار تختے (۲) ٹین کا ظرف +

ٹیں - ف - اسم مؤنث - طوطے کی وہ آواز جو بلی کے دفعتہً دبا لینے سے ایک ہی دفعہ نکلکر جان چلی جاتی ہے +

ٹیں ٹیں - ف - اسم مؤنث - طوطے کی متواتر آواز - طوطے کی آواز + مہمل بات - بیہودہ بات + بکواس - بکواد - بک بک +

ٹیں ٹیں کرنا - ف - فعل لازم - طوطے کی طرح بولنا - بڑبڑانا - چیں چیں کرنا - بکنا - جیسے کہار رام کہاٹیں ٹیں +

ٹیں ٹوں ہونا - ف - فعل لازم - حقارتاً طوطے کی طرح مرنا - مر کر رہ جانا - مر جانا +

ٹینٹ - ف - اسم مذکر (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا پھلا - آنکھ کا وہ ابھرا ہوا بڑا دانہ جو کریل کے پھل کی برابر ہوتا ہے (۲) کپاس کا ڈوڈا - روئی کا پھل - ڈھینڈا +

ٹینٹوا - ف - اسم مذکر - گلا - گھینٹوا - حلق - نرخرا - نائے گلو +

ٹینٹوا دبانا - ف - فعل متعدی - گلا گھونٹنا + عاجز کرنا - گردن دبانا - سخت تقاضا کرنا +

ث

ث - ع - اسم مؤنث (۱) عربی کا چوتھا فارسی کا پانچواں اردو کا چھٹا حرف ثاے مثلثہ (۲) حساب جمل میں اس کے پانچسو عدد ہیں (اس کا تلفظ ہندوستانی سین مہملہ کی مانند نکالتے ہیں مگر یہ محض غلط ہے اس کا تلفظ اصل میں زبان کی نوک سے ادا ہوتا ہے) +

ثابت - ع - صفت (۱) پورا - کامل - سارا - درست جیسے ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (۲) قایم - مستقل - برقرار - مضبوط - پائدار - مستحکم جیسے ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (۳) صداقت کو پہنچا ہوا - مصدقہ - تصدیق شدہ - مستند (۴) وہ ستارا جو گردش نہ کرے جیسے قطبین وغیرہ +

ثابت ہو جانا - ف - فعل لازم (۱) تحقیق ہو جانا - صداقت کو پہنچ جانا - پورا ہو جانا - ٹوٹی ہوئی چیز کا جڑ کر کامل ہو جانا +

ثاقب - ع - صفت (۱) روشن - تاباں - چمکتا ہوا - درخشاں - چمکتا ہوا چمکدار (۲) نواب شہاب الدین احمد خاں ولد نواب ضیاء الدین احمد خاں رئیس لہارو شاگرد غالب کا تخلص - عاشقانہ اور صوفیانہ کلام میں شعر کہتے تھے نفسوس کہ عالم شباب میں بیس پچیس برس ہوے انتقال فرمایا +

ثالث - ع - اسم مذکر (۱) تیسرا - تیسرا آدمی (۲) بچولیا - پنچ - ایسپر +

ثالث بالخیر - ع - اسم مذکر - وہ پنچ جو کسی کی رو رعایت نہ کرے +

ثالث نامہ - ع - ف - اسم مذکر (قانون) پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ +

ثانی - ع - صفت (۱) دوسرا - دوجا + (۲ - اسم مذکر) نظیر - مانند - مقابل +

ثانی الحال - ع - تابع فعل - دوسرے وقت - بعد ازاں - پھر - من بعد +

ثانیہ - ع - اسم مذکر - پل - سکنڈ - دقیقہ - منٹ کا ساٹھواں حصہ + چھن لحظہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ثبا

ثبات - ع - اسم مذکر - قرار - قیام + پائیداری - استقلال - مضبوطی +

ثبات رائے - ع - اسم مذکر - استحکام رائے - استقلال رائے +

ثبت - ع - اسم مذکر - تحریر - ترقیم - نوشت + نقش - مُہر +

ثبت کرنا - ا - فعل متعدی - دستخط کرنا - العبد کرنا - لکھنا + درج کرنا +

ثبوت - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی اپنی جگہ پر قرار پکڑنا (۲) استحکام مضبوطی قیام (۳) دلیل - صداقت - تحقیق (۴) گواہی سے کسی بات کی تصدیق +

ثبوتِ قانونی - ع - اسم مذکر - قانون کے موافق صداقت شہادت +

ثروت - ع - اسم مؤنث (۱) مال کی کثرت - دولت - تونگری (۲-۱) حشمت اختیار - حکومت +

ثریٰ - ع - اسم مذکر - زمین کے نیچے کی مٹی - جب تحت الثریٰ کہینگے تو پاتال سے مُراد ہوگی + لغوی معنی نمناک خاک +

ثریا - ع - اسم مذکر - پروین - جُھبکا - وہ چھ ستارے جو باہم متصل واقع ہیں +

ثریا جاہ - ع - صفت - عالی مرتبہ - بلند پایہ - اس قسم کے نام شہزادگانِ دہلی خاندان تیموریہ کے ہوا کرتے تھے - علے ہذا کیواں شکوہ +

ثعلبِ مصری - ع - اسم مؤنث - ایک پودے کی جڑ جو لمبوتری گُچھیہ سے مشابہ ہے اطباء نے اس کو مُغلظ منی ثابت کیا ہے +

ثقالت - ع - اسم مؤنث (۱) گرانی - بوجھ - وزن - بھاری پن (۲) سختی جو ہضمی وغیرہ کے باعث ہو +

ثقل - ع - اسم مذکر (۱) بوجھ - بھار - وزن - گرانی - بھاری پن (۲-۱) سختی +

ثقہ - ع - اسم مذکر - معتبر - معتمد آدمی جس کے قول فعل پر اعتماد ہو + مقطع آدمی +

ثقہ بدمعاش - ا - اسم مذکر - وہ شخص جو پرہیزگاروں کی سی شکل بنا کر بدمعاشی کرے - مقطع صورت بدمعاش +

ثقیل - ع - صفت (۱) بھاری - وزنی - گراں - بوجھل (۲-۱) دیر ہضم - ناقابل ہضم + ؎

پھٹ جائیگا شکم تہِ دنیا بہت نہ کھا اے بوالہوس غذا یہ نہایت ثقیل ہے (خورشید)

ثلث - ع - اسم مذکر - تیسرا حصہ - ایک تہائی ⅓ +

ثمر - ع - اسم مذکر - پھل - میوہ - بارِ درخت - پیداوار + حاصل - فائدہ + اولاد + مال - دولت +

ثمرہ - ع - اسم مذکر (۱) پھل - میوہ (۲) نفع - فائدہ (۳) نتیجہ - حاصل + انجام (۴) بدلہ - عوضہ (بول چال میں بفتح ثانی مستعمل) +

جان

ثمن - ع - اسم مذکر - آٹھواں حصہ - ایک آٹھواں ⅛ +

ثمن - ع - اسم مذکر (۱) قیمت - اُجرت - مول (۲-۱) طلبی نامہ - حکمنامہ - بُلاوا - طلب (اس معنی میں بلفظ انگریزی سمن Summon سے بگڑا ہوا ہے - سین مہملہ سے لکھنا چاہئے - مگر اہل دفاتر نے تیئے مثلثہ سے لکھنے کا ڈھنگ ڈال دیا ہے +

ثمانیہ - ع - اسم مذکر (۱) آٹھ - ہشت (۲) رشتہ - ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں سات معلوم اعداد کے وسیلہ سے آٹھواں مجہول عدد دریافت کیا جاتا ہے +

ثنا - ع - اسم مؤنث - مدح - تعریف - ستایش - صفت - توصیف + حمد و نعت + برنن - بکھان - استت - جے جے کار +

مُنہ کیا برا کر سکوں میں جو نعت مُصطفےٰ اُس کی ثنا خدا نے ہے قُرآن میں کہی (ظفر)

ثنا گر - ع + ف - اسم مذکر - مدّاح - مدح گو - تعریف کرنے والا + ؎

رُو رُخوش آب مضامیں سے بنا کر لایا واسطے تیرے ترا ذوق ثنا گر سہرا (ذوق)

ثواب - ع - اسم مذکر (۱) مُزد - بدلہ - اُجرت نیک عوض - نیک کام کی جزا - نیکی کا بدلہ جو عاقبت میں ملیگا - عذاب کے خلاف (۲-۱) بھلائی - نیکی +

ثواب کمانا - ا - فعل لازم - نیکی حاصل کرنا - بھلائی حاصل کرنا - نیکی کا کام کرنا +

ثوابت - ع - اسم مذکر - وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے - ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے + غیر متحرک ستارے +

ثور - ع - اسم مذکر (۱) بیل - نر گاؤ (۲) برکھ - آسمان کا دوسرا برج جو بشکل گاؤ ہے +

ثیبہ - ع - اسم مؤنث - بیاہی عورت - بیاہی ہوئی عورت - زنِ شوہر دیدہ +

ج

ج - ع - اسم مؤنث (۱) عربی کا پانچواں فارسی کا چھٹا اُردو کا ساتواں ہندی سنسکرت کا آٹھواں حرف (۲) حساب مجمل میں اس کے تین عدد فرض کئے گئے ہیں (۳) یہ حرف کبھی تا سے قرشت کبھی جیم فارسی کبھی دال مہملہ کبھی شین منقوطہ کبھی کاف فارسی و گاہے یائے مجہول سے بدلا جاتا ہے +

جا - ف - اسم مؤنث - جگہ - مقام - ٹھاؤں - ٹھکانا - موقع +

جا بجا - ف - تابع فعل - ہر جگہ - ہر ایک موقع پر - ہر مقام پر +

جا بیجا - ف - صفت - موقع بموقع - درست نادرست - ٹھیک بے ٹھیک - مُناسب نامناسب + بُرا بھلا +

جا ضرور - ف + ع - اسم مذکر (۱) بیت الخلاء - صحت خانہ - پیخانہ کا مکان ٹٹی - گلا - بیٹھنے کی جگہ (۲-۱) پیخانہ - براز - گوہ +

جانشین - ف - اسم مذکر - ولیعہد - قائم مقام - نائب السلطنت + ٹیکا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جان

جانماز - ف+ع - اسم مؤنث - مُصلّے - نماز پڑھنے کا فرش + آسن + آسن پاٹی +

جابِر - ع - صفت (۱) جبر کرنے والا + ظالم - آن نہائی (۲) خود سر مطلق العنان - خود مختار - بااختیار + خود سر حاکم - مطلق العنان بادشاہ شخصی حکومت کا بادشاہ +

مردم آزار - جفاکار - زیادتی کرنیوالا + خصیل - مدقوق + بھرنیوالا - مال کرنیوالا - نقصان پھر دینے والا +

جا بجھڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) مقابل ہونا - روکش ہونا - مقابلہ کرنا - سنمکھ ہونا +

تنہا ہی جا بجھا صف مژگانِ یار سے کیا زور ہے یہ دل بھی جگردار دیکھنا (مصحفی)

(۲) ٹکر کھانا - ہم پلہ ہونا + ۵

ٹک ادھر دیکھیو مرے بخت سیاہ کا جا عرش سے بھڑا ہے دھواں دیکی آہ کا (جرأت)

جاپ - ہ - اسم مذکر (اگنوار) ۱ - مویشی کے مُنہ کا چھینکا - دہانہ (۲) ایک قسم کی گھاس + (۳) چپ - وظیفہ - پاٹھ - ورد - اس معنی میں جپنا مصدر سے حاصل بالمصدر ہے +

جاپا - ہ - اسم مذکر - جننا - زچگی + زائیدگی +

جات - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ۱ - جاپا - جنما ہوا - بچہ - بالک - بالا - طفل + اولاد + نسل - جنس - بیل - سنتان - آل (۲) نتیجہ - پھل - ثمر (۳) بیٹا فرزند پسر - ابن - پوت - لڑکا - خلف - پُتر - صاحبزادہ (۴) گروہ - جماعت - جتھا + درجہ - مرتبہ - پایہ - رُتبہ + ذات - جنس - صنف - قسم - رقم - بھانت + پرکار - برن - قبیل - قماش - نوع + بھاگ - قسمت - حصہ + طور - طریق - صورت طرح - اسلوب - ڈول - طرز - ڈھنگ (۵) برادری - بھائی برادر - گوت - قوم (۶) منّت - مانتا - نذر و نیاز - پیشکش - بھیٹ +

جات برادری - ا - اسم مؤنث (ہندو) جات پانت - قوم - خاندان + کٹم قبیلہ + گوت - نسب - نسل +

جات پات - یا - **جات پانت** - اسم مؤنث (ہندو) ہر دو مترادف - قوم - خاندان + ۵

جات پات نہ پوچھے کوے ہر کو بھجے سو ہر کا ہو (دوہا)

(لفظ پات تابع مہمل بھی ہو سکتا ہے) +

جات دینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) منّت بڑھانا - بھیٹ دینا - مانتا کا ادا کرنا - دیوی یا دیوتا کی نذر کا عہد پورا کرنا +

جاتا مُسجھاؤ - اسم مذکر (ہندو) قومی عادت - قومی اثر خلقی خصلت

جاتا رہنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھویا جانا - گم ہو جانا + غائب ہو جانا - نابود ہو جانا - نیست ہو جانا (۲) بالکل دُور ہو جانا - باقی نہ رہنا + نکل جانا - انقطاع ہونا +

جاد

جاترا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) تیرتھ کو جانا - زیارت - تیرتھ - سفر - کوچ - روانگی - پراستھان - وداع (۲) اُچھاؤ - دیوتا کی مورت کو رتھ وغیرہ میں بطریق سواری لیجانا (۳) تیوہار - پرب - عید +

جاتری - ہ - اسم مذکر - زائر - زیارت کو جانے والا - حاجی - تیرتھ کو جانیوالا + مسافر + راہگیر - بٹوی +

جاتی دُنیا دیکھنا - فعل لازم - دنیائے فانی کا خیال کر کے یا موت سامنے سمجھ کے کوئی کام ضروری سمجھنا جیسے کیا جاتی دُنیا دیکھی جو اِدھر نکل آئے +

جاٹ - ہ - اسم مذکر (۱) ایک ہندو قوم کا نام جس کا پیشہ کاشتکاری وغیرہ ہے شودروں کی ایک ذات (۲) بگڑے ہوئے چھتری - بگڑے ہوئے راجپوت وہ راجپوت جن میں کراؤ کی رسم جاری ہو گئی ہے +

جاحت - ا - اسم مؤنث - جیم کی تقطیع جو بچوں کو پڑھائی یا لکھائی جاتی ہے +

جاجم - ت - اسم مؤنث - چھپا ہوا فرش - ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے چھاپ کر فرش بناتے ہیں +

جاچک - ہ - اسم مذکر (ہندو) (۱) جانچنے والا - جچیا - جانچوہ + ممتحن - امتحان لینے والا - پرتال کرنے والا (۲) منگتا - مانگنے والا + کرکمین - جیسے نائی - بھاٹ وغیرہ (۳) سازندہ - بختری + ڈوم +

جاچکی - ہ - اسم مذکر (ہندو) جھانجھ بجانے والا - وہ نائی جو چوک چکنی کے ساتھ روشن چوکی بجاتے اور ارتھی کے آگے آگے بھجن گاتے جاتے ہیں + طبلچی وہ نائی جو طبلہ سارنگی وغیرہ لئے ہوئے بوڑھے کی میّت یا برات وغیرہ میں گانے بجاتے ہیں + ہندو نائیوں کی چوکی جو موقع بموقع گانے بجانے کا کام دیتی ہے +

جادُو - ف - اسم مذکر - ٹونا - سحر - افسوں - منتر (جیسے جادو برحق ہے اور کرنیوالا کافر یعنی منتر کا اثر سچ ہے مگر کرنے والا کافر ہے) +

جادُو جگانا - ا - فعل متعدی - افسوں یا منتر کے اثر کو آزما کر دیکھنا - جادو کرنے سے پہلے اُس کی آزمایش کرنا - جادو کو تازہ کرنا - سحر کو عمل میں لانا + ۵

سوتے ہیں فتنہ خوابیدہ کی صورت مشوق جاگتے ہیں یہ جگائے ہوئے جادو کی طرح (نامعلوم)

افیمچہ بلا یار کا گیسو نظر آیا آنکھوں میں جگایا ہوا جادو نظر آیا (صبا)

جادُو چلانا - ا - فعل متعدی سحر کرنا - افسوں کرنا - ورد ٹھ چلانا -

جادُو چلنا - ا - فعل لازم - سحر کا کارگر ہونا - ٹونے کا مؤثر ہونا +

جادُو ڈالنا - (فعل لازم دگیتوں میں) جادو کرنا - سحر کرنا - ٹوٹکا کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جاد

جادو کا پُتلا - ا - اسم مذکر (۱) انسان یا حیوان کی وہ مورت جو ساحر لوگ سحر کا عمل کرنے کے واسطے بناتے ہیں - کیونکہ ساحر کو جس پر افسوں کرنا منظور ہوتا ہے - وہ اُس شخص کی صورت کا آٹے کا بُت بنا کر اُس کے اوپر جادو پڑھتا ہے - کہتے ہیں جو کچھ جادوگر اُس پُتلے کے ساتھ عمل کرتا ہے وہی اُسکے ہمشکل غائب پر اثر ہوتا ہے - مثلاً یہاں پُتلے کی آنکھوں میں سوئیاں چبھوئیگا تو وہاں بھی یہی کیفیت ہوگی + ۵

سُرمۂ تسخیر سے ہم خود مُسخر کیوں نہوں آنکھ کی پُتلی جو تھی جادو کا پُتلا ہوگیا (مومن خاں)

(۲) معشوق جو دلِ عاشق کو نگاہ پُر اثر سے تسخیر کر لیتا ہے - جادوگر +

جادوگر - ف - اسم مذکر - فسوں ساز - ساحر - ٹونہایا - سیانا - اوجھا +

جادوگرنی - ا - اسم مؤنث - ٹونہائی - جادو کرنیوالی عورت - ساحرہ +

جادوگری - ف - اسم مؤنث - ساحری - سحر سازی +

جادو بنسی - ہ - اسم مذکر - راجپوتوں کی ایک شاخ جس سے کرشن جی تھے - چندر بنسی خاندان کی ایک شاخ - یہ لفظ اصل میں یدو بنسی تھا +

جادہ - ع - اسم مذکر - بیٹا - لبکیہ - وہ پتلا سا رستہ جو آدمیوں کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑ جاتا ہے - ڈگر - ڈگری +

ہمسفر ہو نہ سکا کوئی بھی اپنا لیکن جادہ پہنچا نے گیا تا لب دریا ہم کو (ذوق)

جادہ ٹھگنا - ہ - فعل لازم - جا پہنچنا - آموجود ہونا - زبردستی جا حاضر ہونا آن کودنا +

جاذب - ع - صفت (۱) جذب کرنے والا - چوسنے والا - سوکھنے والا - کھینچنے والا - کشش کرنے والا + (۲) اسم مذکر) سیاہی چٹ - بلوٹنگ پیپر - سوختہ +

جاذبہ - ع - اسم مؤنث - ایک قوت کا نام جو اعضا میں موجود ہے اور اپنے مناسب و موافق مادّہ کو جذب کرتی ہے - نیز تاثیر و کشش محبت سے بھی مراد ہوتی ہے + کھینچنے والی کشش کرنیوالی + چوسنے والی +

جاز - ع - اسم مذکر (۱) پڑوسی - ہمسایہ (۲) اجر دینے والا - زیر یا کسرہ دینے والا +

جاڑ - ہ - اسم مذکر (گنوار) دھگڑا - آشنا - یار - لگواڑ - زانی +

جاروب - ف - اسم مؤنث - جھاڑو - سوہنی - بُہاری + ۵

خطِ رخسارِ جاناں نے کدورت دلِ اہل کی + شعاعِ مہر تھی جاروبِ صحنِ خانۂ دل کی (اسیر)

جاروب کش - ف - اسم مذکر - جھاڑو دینے والا - خاکروب - کناس +

جاری - ع - صفت - رواں - بہتا ہوا - نافذ +

جاری - ہ - اسم مؤنث - زنا - چھنالا - چام چوری - حرام + حرامکاری

جاگ

زناکاری - فسق و فجور +

تُلسی جگ میں آن کے اوگن تجے چار چوری جاری جامنی اور پرائی نار (دوہا)

جاڑ - ہ - اسم مؤنث (گنوار) ڈاڑھ +

جاڑا - ہ - اسم مذکر (۱) سردی - سردی کا موسم - موسم سرما - زمستان - شتا (۲) سردی خنکی - ٹھر - سرما - ٹھنڈ - کہاوت ۵ جاڑا بھیڑ ابری بلائے +

جاڑا پڑنا - ہ - فعل لازم - سردی کا زور ہونا - سردی ہونا + سردی یکنا

جاڑا چڑھنا - ہ - فعل متعدی - کپکپی ہونا - سردی لگنا - تپ - رزہ کا اثر کرنا +

جاڑا لگنا - ہ - فعل متعدی - سردی معلوم دینا - ٹھنڈ لگنا +

جارُوب - ا - اسم مؤنث (دیکھو - ا جارم) عوام بولتے ہیں پڑھے لکھے نہیں بولتے +

جاسُوس - ع - اسم مذکر - مخبر - بھیدی - دُوت - گوینده - خفیہ نویس + ایک ملک کی دوسرے ملک میں خبر لیجانے والا - تھانگی - شہر خبرا + ۵

اگرچہ دل ہے کمال مُضطر ملیں تو کیونکر ملیں کہ دلبر
پھریں ہیں جاسوس یاں تو گھر گھر ادھر ہمارے اُدھر تمہارے (عالم)

جاسُوسی - ہ - اسم مؤنث - مُخبری - دوت پن - خفیہ رسی +

جاکٹ - ہ - اسم مؤنث - کمری - واسکٹ - نیمہ آستین - کرتی +

جاکڑ - ہ - اسم مذکر - بندھک - دھروڑ - شرطی - ہیرنی پھیرنی چیز - پسند ناپسند کے اقرار پر کسی چیز کا خریدنا - جانگڑ +

جاکڑ بہی - ہ - اسم مؤنث - روکڑ بہی کے خلاف - وہ بیاض جس میں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جاے +

جاگ - ہ - اسم مؤنث (۱) بیداری - ہوشیاری - جیسے چوروں نے تو اپنا کام بنا ہی لیا تھا پر جاگ ہوگئی (۲) شب بیداری + ترجمہ (۳) ہوم (ہَون) یگ - رات کی پوجا +

جاگ اُٹھنا - یا - جاگ پڑنا - ہ - فعل لازم - بیدار ہو جانا - سوتے سے اُٹھ بیٹھنا - چونک پڑنا +

جاگتی جوت - ہ - اسم مؤنث - کرامت ظاہر و روشن چلتی ہوئی کرامات - مُعجزۂ نمایاں + ۵

زبس ہے سودمند ایسی کہ سب خلق کہے ہے جاگتی جوت اُس کو اب خلق (اُجرات)

جاگتے رہنا - ہ - فعل لازم (۱) بیدار رہنا - نہ سونا (۲) چوکیداروں کی آواز - جاگتے رہیو ! +

جاگرن - ہ - اسم مذکر (ہندو) ترجمہ شب بیداری - خدائی رات +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جاگ

جاگنا - ف - فعل لازم (۱) بیدار ہونا - نیند سے اٹھنا - نیند اچٹنا (۲) ہوشیار ہونا چوکنا ہونا - متنبہ ہونا +

جاگر - ف - صفت (گنوار) جاگنے والا - شب بیدار - رات کو بہت ہوشیار رہنے والا + بیدار - ہوشیار +

جاگہ - ف - اسم مؤنث - جگہ - مقام - ٹھاؤں (اب متروک ہے) +

جاگی - ف - اسم مؤنث (گنوار) بھاٹ +

جاگیر - ا - اسم مؤنث (صحیح جائیگیر) وہ قطعۂ زمین یا گاؤں جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے دیا جائے تیول - اقطاع - پرگنہ تعلقہ - التمغا - معافی ؎

لے جان بسر ہو دیجی کس طرح سے اوقات میرا کہیں منصب ہے نہ جاگیر تمہاری (جانصاحب)

جاگیردار - ف - اسم مذکر (۱) مالک جاگیر + تعلقہ دار +

جال - ف - اسم مذکر (۱) دام - پھندا - شبکہ + ؎

اڑ کے اب جائیگی کہاں بطرے ابر باراں کا جال آ پہنچا (ناسخ)

(۲) بعض لوگوں نے اس کو فعل کے معنی میں بھی لکھا ہے مگر وہ درحقیقت جعل ہے - مکر - فریب - دھوکا + ؎

کوٹھے پہ چڑھ کے رنڈی کرتی ہے تو جو کنگھی
میں پیچ خوب سمجھی یہ بھی ہے جال تیرا (جانصاحب)

(۳) جادو - طلسم (۴) پھندا - بدھی - پرتلا (۵) کھڑکی - دریچہ (۶) جالیدار - سلسلہ دار - حلقہ بحلقہ جیسے جال کا دوپٹا +

جال بچھانا - ف - فعل متعدی (۱) دام گستردن کا ترجمہ - دام پھیلانا (۲) مکر فریب کا ڈھنگ ڈالنا + ؎

ہاتھ آئی ہے مگر سے ہمارے دولت جال کس کس نے بچھایا نہیں دانائی کا (امداد علی بحر)

جال پھیلانا یا لگانا - ف - فعل متعدی - دیکھو (جال بچھانا) +

جال دار - ا - صفت - پھندے دار - حلقے دار - جالی کا +

جال ڈالنا - ف - فعل لازم (۱) دام بچھانا یا دریا میں پھینکنا (۲) فریب یا دھوکے کا موقع ڈالنا +

جال کرچ - ف - اسم مونث - پیٹی اور تلوار مع پرتلا +

جال میں پھنسانا - ف - فعل متعدی - کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا +

جالا - ف - اسم مذکر (۱) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے لعاب دہن سے بناتی یا وہ چندتار جو عنکبوت تنتی ہے + ؎

جال

مہ میں کہاں جو تاب رخ یار میں ہے جالا سا عنکبوت کا سقف کہن میں ہے (ذوق)

(۲) وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے اسے بھی بطریق تشبیہ جالا کہتے ہیں + (۳) جالی جیسے کالا موتیوں کا جالا +

جالی - ف - اسم مؤنث (۱) خانہ دار کپڑا یا کوئی اور چیز مشبک چیز - چھید دار خواہ بُھندنے دار یا حلقہ دار چیز +

آسماں پر نظر جو کی شب ہجر سمجھے ہم مقبرے کی جالی ہے (ناسخ)

(۲) کشیدہ - وہ کپڑا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے ہوتے ہیں - (۳) وہ پردہ جو کیڑوں میں گٹھلی پڑنے سے پہلے پیدا ہو کر پھر اسی کی گٹھلی بن جاتی ہے (۴) وہ بان یا سن کی رسی کا بُنا ہوا کپڑا جس پر گھسیارے گھاس باندھتے ہیں (۵) وہ چربی دار جھلی جو حیوانات کے اوجھ پر سے نکلتی ہے (۶) وہ برقع یا جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۷) جال - نقاب - بُنا ہوا پردہ جو مُنہ پر یا بالوں پر ڈال لیتے ہیں (۸) وہ چھینٹا کا جو مویشیوں کے مُنہ پر لگا دیتے ہیں (۹ - عوام صفت) جعلی - فریبی - دغاباز + بنایا ہوا - اصل کے خلاف - مصنوعی +

جالی کاڑھنا - یا بنکالنا - ف - فعل لازم - عو - جالی کا کام کرنا - کپڑے یا بابریٹ پر کچھ کام بنانا - کشیدہ کاڑھنا +

جالی لوٹ - یا لوٹ جالی - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کا باریک خانہ دار انگریزی کپڑا +

جالیا - ا - اسم مذکر - جعل ساز - فریبی - مکار - دیکھو (جعلیا) +

جالینوس - یونانی - معرب گالی نوس یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام - یہ حکیم یونان اور مصر کے مدرسوں کو ایام سیاحت میں دیکھا کیا بلکہ مصر کے جنگلوں میں جڑی بوٹیوں کی تلاش میں بہت مارا مارا پھرا - اخیر میں شہر روم میں جا کر مقیم ہوا - اس شہر میں ایسے مشکل مشکل امراض کا علاج کیا کہ سکنائے روم اسے ساحر گمان کرنے لگے - شہنشاہ وقت مارکس اریلیس جالینوس سے از حد مانوس ہو گیا تھا - چنانچہ جب تک یہ بادشاہ زندہ رہا جالینوس نے بھی روم کو نہ چھوڑا - مگر شہنشاہ کے مرتے ہی شہر پرگیمس کو چلا گیا - اور اسی شہر میں ستتر برس کی عمر میں ۱۹۳ برس قبل ظہور مسیح علیہ السلام مرض اسہال میں جس کا علاج دعوے سے کیا کرتا تھا مبتلا ہو کر راہی ملک بقا ہوا - مغربی مورخ اس کی تصنیف تین سو جلدیں اور ایشیائی چار سو بیان کرتے ہیں - اسکی اکثر تصانیف آتشزدگی

لہ جالینا - ف - فعل متعدی - پکڑ لینا + گرفتار کر لینا + تھام لینا - قابو کر لینا + داغ ؎ غیر ہے خواب شب وصل میں اے آہ رسا + کام بن جائیگا اگر سوتے کو جالیگی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جام

کی زندہ ہوئی۔ یہ حکیم فن طبابت میں تمام حکمائے یونان پر فوقیت لے گیا تھا صاحب تاریخ الحکما سکندر رومی کے پچاس برس بعد اور صاحب روضۃ الصفا بعشت مسیح علیہ السلام کے بعد پیدا ہونا بیان کرتے ہیں۔ ایشیائی مؤرخ مقام فرغانہ جو مضافات سبا سے ہے جالے پیدائش لکھتے ہیں واللہ اعلم بالصواب

جام ف۔ اسم مذکر۔ پیالہ۔ گلاس۔ ساغر۔ قدح۔ پیمانہ۔ مینا۔ کٹورا +
شراب پینے کا ظرف۔ خراسان کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں کے ملا جامی مشہور ہیں +

جام جم یا **جام جمشید** ف۔ (اسم مذکر) (۱) پیالہ جمشید جو حکمائے فارس نے بنایا تھا کہتے ہیں کہ اسکے وسیلے سے ہفت آسمان کا حال معلوم ہو جاتا تھا اور اسی کو جام جہاں نما بھی کہتے ہیں۔ لیکن شرفنامہ معروف بہ سکندر نامہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ پیالہ کیخسرو نے بنایا تھا اور بعض کتابوں میں لکھا ہے۔ کہ کیخسرو نے اسی میں کچھ ایجاد کر دیا تھا۔ ایشیائی لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے ذریعے سے تمام عالم کا احوال اور خیر و شر معلوم ہو جاتی تھی صحیح اتنا ہے کہ اس میں خطوط ہفت سی کھنچے ہوئے تھے جنکے وسیلے سے حساب لگا کر ستاروں کی گردش اور اس کی وجہ سے اُن کا اثر معلوم ہو جایا کرتا تھا۔ مگر درحقیقت بات یہ ہے۔ کہ جس وقت جمشید نے شراب ایجاد کی تو اس کے لئے جو پیالہ شراب بنایا اس کا نام جام جم یا جام جمشید رکھا گیا چونکہ شاہانہ تکلف مشہور ہے۔ اس وجہ سے یہ جام انواع اقسام اور صنعت سے تیار کیا گیا تھا (۲) ایک تاریخ کی اور ایک حساب کی مشہور کتاب کا نام +

جام جہاں نما ف۔ اسم مذکر (۱) وہی جام کیخسرو یا جمشید (۲) روشنی کا وہ مینار جس کی روشنی سے جہازوں کو سمندر کا راستہ معلوم ہوتا ہے۔ (۳) جغرافیہ کی ایک مشہور کتاب کا نام جس کی چار جلدیں ہیں +

جام چڑھانا ا۔ فعل متعدی شراب کا پیالہ پینا۔ قدح نوشی کرنا +
یہی وظیفہ ہے دن رات مجکو مستی میں چڑھاؤں جام کوئی نشہ کا اُتار ہوا (ناسخ)

جام صحت پینا ا۔ فعل متعدی۔ کسی دوست یا عزیز خواہ بادشاہ خواہ مصنف وعالم کی تندرستی کا گلاس پینا۔ انگلستان میں دستور ہے۔ اپنے دوستوں حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کے لئے عام یا خاص جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں۔ ہندوستان میں اُسکی بجائے جام شربت کا رواج ہوتا چلا ہے +

جام ف۔ اسم مذکر (ہندو) ا۔ پہر۔ رات دن کا آٹھواں حصہ تین گھنٹہ کا عرصہ (۲) تخم۔ بیج۔ نطفہ۔ ولادت۔ نسل (۳) پوت۔ فرزند۔ پُتر۔ بیٹا۔ خلف ابن جیسے لونڈی کا جام +

جامد ع۔ صفت۔ جما ہوا + پتھر + وہ لفظ جس سے نہ تو کوئی اور لفظ بنے اور نہ وہ کسی سے بنا ہو (صرف) +

جان

جامدانی ا۔ اسم مؤنث۔ صحیح (جامہ دانی) بوغبند کپڑوں کی پیٹی۔ چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں (۲) ایک قسم کا کڑھا ہوا پھولدار کپڑا (۳) شیشے خواہ ابرک یا کاغذ کی ننھی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گٹا بھر کر رکھتے ہیں +

جامع ع۔ صفت۔ جمع کرنے والا + شامل۔ حاوی + کل۔ تمام +

جامع مسجد ع۔ اسم مذکر۔ وہ بڑی مسجد جس میں بہت سے آدمی جمع ہوں + جمعہ مسجد +

جامن ہ۔ اسم مؤنث (۱) ایک اودے رنگ کے ترش پھل اور اس کے درخت کا نام جس کو جامون لکھتے اور پورب میں پھلینڈا کہتے ہیں + ؎
سویا پڑا ہے کیا ری نازک بدن اکیلا دل آم ہو کے ٹپکا جامن اُسے اُٹھا لا (شرف غلط)
(۲) دہی یا چھاچ جس کے وسیلے سے اور دہی جماتے ہیں +

جامہ ف۔ اسم مذکر۔ کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ قبا۔ پیراہن۔ پشواز + ؎
تن کی عریانی سے بہتر نہیں دُنیا میں لباس یہ وہ جامہ ہے کہ جس کا نہیں سیدھا اُلٹا (قیس)
(۲) ایک قسم کا گھیر دار چوغہ نما لباس جسے شرفائے دہلی و درباری اشخاص پہنا کرتے تھے۔ ہندوؤں میں دولھا کو اب بھی جامہ پہنایا جاتا ہے۔ بلکہ دکن اور راجپوتانہ میں اسوقت تک اس کا کچھ کچھ رواج باقی ہے +

جامہ دانی ف۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (جامدانی) +

جامہ زیب ف۔ صفت۔ وہ آدمی جسے ہر ایک لباس اچھے اور موزوں معلوم دے ؎
تو جہاں بن ٹھن کے نکلا خلق حیرانی ہوئی جامہ زیبی سے تیری کس کس کو حیرانی ہوئی (ناسخ)

جامہ سے باہر ہونا ا۔ فعل لازم۔ آپے سے باہر ہونا۔ خودی میں نہ رہنا بیخود ہونا خواہ فرط خوشی سے خواہ جوش غضب سے +
اپنے جامہ سے وہیں ہو گئے باہر لکھوں گھر سے پوشاک بدل کر جو وہ باہر آیا (ناسخ)

جامہ میں پھولا نہ سمانا ا۔ فعل لازم۔ نہایت خوش ہونا۔ فرط خوشی سے آپے میں نہ رہنا۔ پھولا تنگ نہ سمانا +

جامہ وار ف۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی پھولدار چھینٹ یا اونی پھولدار چادر +

جان ہ۔ اسم مؤنث۔ پہچان۔ واقفیت۔ آگاہی علیت (مرکبات میں) +

جان بوجھ کر ہ۔ تابع فعل۔ عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ ارادۃً۔ بالارادۃ بالقصد۔ واقفیت سے +

جان پہچان ہ۔ اسم مؤنث۔ آشنائی۔ ملاقات۔ شناسائی ؎
کھڑا نش پہ ہو کے بولا کہ ہے ہے یہ کشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا (میر سوز)
عشق نے پر مرے لکھا ہو تو کیا اسکا علاج جان پہچان نہ تھی اور وہ پہچان گئے (داغ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جان

(۲) اسم مذکر و قینکار۔ صاحب سلامتی۔ ملاقاتی۔ جانبکار۔ +

جان کرا نجان بنا ۔ ہ ۔ فعل لازم تجاہل عارفانہ کرنا جھوٹی لاعلمی ظاہر کرنا۔ چند رانا۔ مکرانا۔ دیدہ و دانستہ انکار کرنا +

آخر تمہارا ناز کشیدہ ہے مصحفی کیوں ہو گئے ہو جان کے انجان یہ کیوں (مصحفی)

جان لینا ۔ ہ ۔ فعل لازم پہچان لینا۔ واقف ہو جانا معلوم کر لینا۔ تاڑ لینا +

جان نہ پہچان خالہ بڑی سلام ۔ امثل۔ ناحق کی تپاک اور گرمجوشی ظاہر کرنے والے کے حق میں یا بیجا اور بالاک کی نسبت جو خواہ مخواہ دوستی جتا کر اپنا مطلب نکالے بولتے ہیں +

جان ہار ۔ ہ ۔ صفت مرنے جوگا۔ چلن ہار۔ قابل مرگ۔ نابود ہونے والا۔ جینے کی باتیں نہ کرنے والا +

طفل سرشک اپنے گلے کا جو ہار ہے ہم جانتے ہیں آگے ہی یہ جانہار ہے (نکہت)

(۲) اپنی بساط اور عمر سے بڑھ کر کام کرنے والا۔ نہایت عقلمند یا بہادر

(۳) آفت کا پرکالا۔ نہایت شریر۔ بدذات +

جان ۔ ف ۔ اسم مؤنث (۱) روح۔ جی۔ پران۔ دم۔ زندگی۔ حیات۔ زیست آتما۔ بولتا۔ نفس ناطقہ + (وہ جوہر لطیف یا بخار لطیف جس کے سبب سے انسان کے جسم کو بقا حاصل ہے) + ؎

تم جان ہو ہماری اور جان ہے تو سب کچھ ایمان کی کہینگے ایمان ہے تو سب کچھ (ذوق)

(۲) بل۔ طاقت۔ زور۔ بوتا۔ شکتی۔ ست + ہمت (۳) عطر۔ لب لباب۔ انس۔ رس۔ ست + مغز۔ گودا (۴) زیبائش۔ آرایش۔ زیب۔ زینت۔ بناؤ جیسے کھٹائی آلو کی جان ہے (۵) ایک تعظیم و پیار کا کلمہ جیسے آجا جان معافی جان وغیرہ (۶) معشوق۔ من موہن۔ پیارا۔ جانی + ؎

میری تربت پہ خدارا گذرے جان کرو خاک کو جسم کرو جسم کو پھر جان کرو (ناسخ)

(۷) لخت جگر۔ کلیجہ کی کور۔ قرۃ العین۔ نور نظر۔ آنکھوں کا تارا نہایت عزیز اور پیارا بیٹا۔ لال (۸ ع ۔ اسم مذکر۔ بہ تشدید نون) جن و پریوں کے باپ کا نام۔ ابوالجن۔ کبھی اقسام جنات پر بھی اطلاق ہوتا ہے (سو برس پیشتر مذکر بھی باندھا ہے + ؎

کل جس کی جانکنی پر سارا جہان ٹوٹا آج اُس مریض غم کا پنجکی میں جان ٹوٹا (میر تقی)

جان آنا ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) طاقت آنا۔ قوت آنا۔ پنپنا۔ توانائی بہم پہنچنا (۲) تازگی حاصل ہونا۔ رونق آنا۔ تسکین و تسلی ہونا۔ خوشی و انبساط حاصل ہونا جیسے اُسے دیکھ کر جان آگئی + ؎

انتظار نامہ بر میں اس قدر بیہوش ہوں جان تن میں آگئی پیک قضا کو دیکھ کر (توقیر)

جان

جاں باز ۔ ف ۔ صفت۔ جاں نثار۔ جان پر کھیل جانے والا + دلیر بیباک۔ باہمت۔ اولوالعزم + جفاکش + محنتی + عاشق بے جگر۔ عاشق بیدل +

جاں بازی ۔ ف ۔ اسم مؤنث۔ جاں نثاری۔ دلیری۔ اولوالعزمی + جان جوکھوں۔ ہمت۔ جفاکشی +

جاں بازی کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی۔ جان پر کھیلنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا دلیری کرنا۔ جرأت کرنا +

جان بچی لاکھوں پائے ۔ ا ۔ جیتا رہنا ہی غنیمت اور بڑی دولت ہے +

جاں بخشی ۔ ف ۔ اسم مؤنث۔ معافی۔ عفو۔ آمرزش۔ مغفرت۔ رہائی نجات مکتی + درگزر +

جاں بر ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ جیتا بچنا۔ جی بچنا۔ جاں سلامت لیجانا۔ جیتا رہنا + ؎

جیتا نہ بچے ایک بھی جاں بر نہ ہو کوئی دو چار ستمگر ہوں تیرے سے اگر اور (داغ)

جاں بلب ۔ ف ۔ صفت۔ قریب بمرگ۔ مرنے کو۔ نزع میں۔ جاں کنی میں +

جاں بلب ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم مرنے کو ہونا۔ قریب بمرگ ہونا نزع میں ہونا +

جان بیکل ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ دل بے چین ہونا۔ اضطراب ہونا بیقراری ہونا +

جان پر بنا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ جان کا خطرہ میں ہونا۔ معرض ہلاکت میں ہونا مصیبت کا وارد ہونا۔ جان جوکھوں ہونا + نہایت تکلیف ہونا + ؎

بن گئی جان پر اور تو نے نہ جانا ہرگز ہائے تو اتنا مرے حال سے انجان بنا (ظفر)

جان پر کھیلنا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ اپنے تئیں محل ہلاکت میں مبتلا کرنا + ؎

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا جی رہے یا نہ رہے مجکو اُدھر دیکھنا (درد)

جان پر نوبت آنا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ دیکھو (جان پر بنا) +

جان پڑنا ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) روح کا پیدا ہونا۔ کسی چیز میں جی پڑنا۔ (۲) خوش ہونا مسرور ہونا (۳) پنپنا۔ تر و تازہ ہونا۔ رونق پکڑنا + ؎

اُس کی جیب بات کان پڑتی ہے تن بیجاں میں جان پڑتی ہے (مصحفی)

جان توڑ کر ۔ ا ۔ تابع فعل نہایت محنت و مشقت سے سخت محنت اٹھا کے + ہمت مصروف ہو کے ؎

افسوس ہے کہ ٹوٹ پڑیگا ہیں فلک ہم جان توڑ کر جو کہیں گھر بنائینگے (داغ)

جان جلانا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ جی جلانا۔ دل فروختہ کرنا رنج دینا + از حد غصہ دلانا +

جان جوکھوں ۔ ا ۔ اسم مؤنث۔ خطرہ۔ ہلاکت مخاطرہ۔ مہلکہ۔ اندیشہ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جان

خوف۔ ڈر۔ زبانِ جاں + مُصیبت (اہل لکھنؤ اس کو جان جوکھم بولتے ہیں) مجھنا نچہ حضرت بحر فرماتے ہیں ؎ خدا بچائے محبت میں جان جوکھم ہے مسیح اس میں ہے عاجز یہ لاوے عرض

جان چُرانا ۔ا۔ فعل لازم۔ کسی کام سے جی چُھپانا۔ کسی کام سے بچنا۔ پہلوتہی کرنا۔ کنارہ کرنا۔ گریز کرنا +

جان چُھڑانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) جان بچانا۔ جان کو امن دینا (۲) پیچھا چھڑانا نجات پانا + کسی کے پنجہ سے بچنا +

جان دار ۔ف۔ صفت (۱) ذی رُوح + جیوان (۲) طاقت ور۔ زور آور + مضبوط۔ کٹا۔ قوی (۳) چالاک۔ تیز۔ چُھرتیلا +

جان دوبھر ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ جان ناگوار ہونا۔ جان بھاری ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ زندگی اجیرن ہونا +

جان دینا ۔ا۔ فعل لازم (۱) جان تسلیم کرنا۔ جان سونپنا۔ مرنا۔ چولا چھوڑنا پران دینا + ؎

جان دی دی ہوئی اُسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا (غالب)

(۲) جان نثار کرنا۔ جان چھڑکنا۔ جان فدا کرنا (۳) نہایت بخل کرنا۔ ازحد مُمسک ہونا جیسے ایک ایک چیز پر جان دیتا ہے (۴) چلاتا۔ زندگی بخشنا +

جان سوکھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) دم خشک ہونا خوف کے مارے بحیں و حرکت ہونا (۲) دم نکلنا۔ مرنا۔ ناگوار گزرنا۔ جیسے اُسے دیتے ہوئے دیکھ کر اس کی جان سوکھتی ہے +

جان سے دُور ۔ا۔ محاورۂ عو۔ کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے تشبیہً ذکر کرتے وقت یا کسی آفت کا بیان کرتے وقت یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں +

جان سے گزرنا ۔یا۔ جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ مرجانا۔ فنا ہوجانا۔ پران چھوڑنا۔ فوت ہونا۔ جی دینا۔ دم دینا +

ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایماں سے گئے کتنے ہی بندگانِ خدا جان سے گئے (حکیم)

جان سے مارنا ۔ا۔ فعل لازم۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ گردن مارنا +

جان سی نکلنے لگنا ۔ا۔ فعل لازم۔ سخت تکلیف گزرنا۔ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔ رُوح پر صدمہ گزرنا +

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ زندگی سے مایوس ہوجانا زیست سے ناامید ہوجانا۔ مرنے پر آمادہ ہوجانا +

جان صاحب ۔ع۔ اسم مذکر۔ میر یار علی خلف میر حسن لکھنوی کا تخلص جنہوں نے ریختی گوئی میں اپنی اوقاتِ عزیز کو رائیگاں کھویا +

جان

جان فشانی کرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ جان چھڑکنا۔ جاں نثاری کرنا۔ سخت محنت و مشقت کرنا۔ جان توڑ کر کام کرنا۔ پلنا۔ ازحد کوشش کرنا۔ زور مارنا +

جان کا بیری ۔یا۔ لاگو ۔یا۔ لیوا ۔ا۔ صفت۔ دُشمنِ جاں جانی دشمن + مکمل الوت قابض ارواح + بدخواہ + عدو۔ حاسد +

جان کا ٹکڑا ۔ا۔ اسم مذکر۔ آرام دل معشوق۔ جگر پارہ + ؎

یوں کرکے میرے لاشۂ قربان کے ٹکڑے + جاتا ہے کہاں اب مری جان کے ٹکڑے (مصحفی)

جان کا جنجال ۔ا۔ صفت۔ وبالِ جاں۔ ناگوار خاطر۔ دُوبھر۔ گراں خاطر۔ بکھیڑا

جان کا روگ ۔یا۔ **عذاب** ۔ا۔ صفت۔ عذابِ جاں۔ مخلِ عیش و آرام۔ زیست کا بے لطف کرنے والا +

جانکاہ ۔ف۔ صفت۔ جاں گداز۔ جاں گزا۔ جان گھلانے والا۔ جان گھٹانیوالا دردانگیز (غم کی صفت میں) +

جان کالاگو ہونا ۔ا۔ فعل متعدی۔ جان کا خواہاں ہونا۔ دُشمنِ جاں ہونا۔ گلے کا ہار ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ بدخواہ ہونا۔ دُشمن ہونا۔ قتل کرنیکے درپے ہونا +

جان کسی پر دینا ۔ا۔ فعل لازم۔ کسی پر عاشق یا فریفتہ ہونا مفتون ہونا شیدا اور والہ ہونا۔ کسی پر مرنا +

جان کندنی ۔یا۔ کنی ۔ف۔ اسم مؤنث (۱) نزع موت کے وقت سانس کا اُکھڑنا۔ دم توڑنے کی حالت (۲) عذاب۔ عقوبت۔ اذیت +

جان کو جان نہ سمجھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ جان کا خیال نہ کرنا۔ جان کو عزیز نہ سمجھنا۔ نہایت محنت و ازحد مشقت کرنا +

جان کو رونا ۔ا۔ فعل لازم۔ بددعا دینا۔ کسی بدخواہ یا دشمن سے تکلیف اُٹھاکر اُسے کوسنا۔ صبر کر بیٹھنا + ؎

اب کیا رہا کہ جس سے رقیبو نہ ڈر کریں ہمتو بُروں کی جان کو پہلے ہی رو چکے (نامعلوم)

جان کھانا ۔یا۔ **جان کو کھانا** ۔ا۔ فعل لازم۔ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا ستانا تکلیف دینا۔ دق کرنا۔ بہت باتیں بنا کر بیزار کرنا + ؎

جان کھائی ہے مری اُن پُوچھنے والوں نے اور کیا کہوں کہنے کے قابل جو رہے دل میں نہیں (تنویر)

ایک بیمارِ جُدائی ہوں میں آپ ہی تِس پر پُوچھنے والے جُدا جان کو کھائے جاتے ہیں (امیر)

جان کھونا ۔ا۔ فعل لازم۔ عو۔ ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ مرنا +

جان کی امان ۔ا۔ اسم مؤنث۔ معافی۔ عفو۔ عفوِ تقصیر۔ نجات۔ رستگاری رہائی۔ جاں بخشی +

جان کی برابر رکھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ نہایت عزیز رکھنا۔ جان سے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جان

جان

جُدا نہ کرنا - جان کی سی قدر کرنا +

جان کے لالے پڑنا - ا - فعلِ لازم - زیست سے ناامید ہونا - زندگانی کی تمنا ہونی - جینے کی آرزو کرنی +

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا - ا - (مثل) ہر طرح نقصان ہی نقصان ہُوا - دین کے رہے نہ دُنیا کے +

جان لینا - ا - فعلِ لازم (۱) ہلاک کرنا - قتل کرنا - مارنا (۲) تنگ کرنا - عاجز کرنا - دِق کرنا جیسے تُم نے تو ہماری جان لے ڈالی +

جان مار کر کام کرنا - ا - فعلِ لازم - دل توڑ کر کام کرنا - کمال کوشش سے کام کرنا - نہایت محنت و مشقت سے کوئی کام کرنا +

جان مارنا - ا - فعلِ لازم (۱) نہایت سعی و کوشش کرنا - جفاکشی کرنی - از حد محنت و مشقت اُٹھانا (۲) عاجز کرنا - ستانا - تنگ کرنا - دِق کرنا - پران لینا - اذیت پہنچانا - تکلیف دینا +

جانِ من - ف (۱) لغوی معنی میری جان یعنی عزیز پیارے (۲ - ا - عو) دہلی کی بیگمات خلوت میں جو تین اس نام سے آپس میں دوستی کے رشتے جوڑا کرتی تھیں چنانچہ کسی سہیلی کا نام مثلاً کسی کا زناخی کسی کا جانِ من ہوا کرتا تھا - معشوق - محبوب +

جان میں جان آنا - ا - فعلِ لازم - تسلی و تشفی پانا - اطمینان ہونا - تقویت پانا - تسکین ہونا - دھیرج بندھنا - خوشی حاصل ہونا + ؎۱

آجائے ابھی جان میں جاں آؤ اگر تم تن ہجر میں بیجان ہے اے یار ہمارا (ناسخ)

جاں نثار - ف - صفت (۱) جان فدا کرنے والا - جان قربان کرنیوالا - وہ شخص جو اپنی جان کو کسی کے واسطے عزیز نہ رکھے - جاں باز (۲) وہ مُردہ جو دم نکلنے کے بعد رونے کی چیخم دھاڑ سے دفعۃً زندہ ہو جائے اور پھر نہایت سختی سے جان دے +

جاں نثار کرنا - ا - فعلِ متعدی - جان فدا کرنا - قربان ہونا - واری جانا - جان چھڑکنا - فریفتہ ہونا - عاشق ہونا +

جان نثار ہونا - ا - فعلِ لازم - تصدق ہونا - فدا ہونا - قربان ہونا - واری جانا - بلاگردان ہونا + خیر خواہ ہونا +

جان نثاری - ف - اسمِ مؤنث - جان بازی - جانفشانی + زحمت کشی جفاکشی - خیر خواہی + تندہی +

جان نکلنا - ا - فعلِ لازم (۱) دم نکلنا - مرنا - پران دینا - فوت ہونا - وفات پانا - ہلاک ہونا - رحلت کرنا (۲) کسی پر والہ و شیدا ہونا - شیفتہ و فریفتہ ہونا

دم نکلنا بھی کہتے ہیں (۳) دم سوکھنا - دم خشک ہونا - موت آنا +

جان ہار - ہ - صفت (اس لفظ کے معنی ہندی جان کے مشتقات میں مِلے گئے ہیں - کیونکہ یہ لفظ اصل میں جان بمعنی رُوح سے مُشتق نہیں ہے - اوّل تو اس کی ترکیب ہی کھے دیتی ہے - دوسرے لفظِ ہار جو ہندی میں والا کے معنی دیتا ہے وہ غیر زبان کے ساتھ ملانا جائز نہیں اور نہ کہیں دیکھا گیا مثلاً چلن ہار - مرن ہار - کرن ہار وغیرہ تو کہہ سکتے ہیں مگر رفتن ہار کردن ہار مُردن ہار نہیں کہہ سکتے - چونکہ بعض لُغات والوں نے اس لفظ کو فارسی جان کر مشتقات میں شُمار کیا اور اس کے معنی جان دینے والا لکھے ہیں اس وجہ سے ہمیں اس موقع پر لکھ کر جتانا پڑا) +

جان ہلکان ہونا - ا - فعلِ لازم - عو - جان مُضمحل ہونا - تھکنا - ہلاک ہونا عاجز ہونا - ناتوان ہونا - دِق ہونا +

جان ہلکان کرنا - ا - فعلِ لازم - عو - ستانا - دِق کرنا - تکلیف دینا - دُکھ دینا - ہلاک کرنا +

جان ہے تو جہان ہے - ا - مثل - جیتے جی کا سب لُطف ہے - زندگانی کے ساتھ دُنیا کا بھی مزہ ہے +

میر عمداً بھی کوئی مرتا ہے + جان ہے تو جہان ہے پیارے (میر تقی)

جانا - ہ - فعلِ لازم (۱) رفتن کا ترجمہ - رسیدھارنا - رُخصت ہونا - روانہ ہونا چلنا - چمپت ہونا (۲) گزرنا - بیتنا - ٹلنا - ہونا جیسے چاند پر دوش ہو گئے (۳) چھوٹنا - جدا ہونا - علیحدہ ہونا - الگ ہونا جیسے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (۴) داخل ہونا - پہنچنا - گھسنا جیسے ہاتھ کسی چیز کے اندر جانا (۵) دُور ہونا - رفع ہونا جیسے بیماری جانا (۶) ضائع ہونا - برباد ہونا کھویا جانا - چوری جانا جیسے جس کا جائے وہی چور کہلائے (۷) گرنا - اُترنا جیسے بال جانا (۸ - عو) ہمبستر ہونا - مُجامعت کرنا (۹ - عو) مرنا - بچہ کا گر گزرنا یا ہٹنا جیسے اُس کے تلے اوپر دو بچے گئے (۱۰) خیال کرنا - پروا کرنا - دل پر لانا جیسے اُس کی باتوں پر کیوں جاتے ہو (۱۱) ہٹنا - سرکنا جیسے جاؤ (۱۲) کٹنا - قلم ہونا جیسے سر جانا رہیگا بات نہیں جائیگی +

جاناں - ف - اسمِ مذکر معشوق - پیارا - جانی - یار محبوب - دِلدار +

جانب - ع - اسمِ مؤنث - طرف - اور سمت - پہلو - رُخ - دِسا - انگ +

جانب دار - ع - ف - صفت - طرفدار - حمایتی - مُعاون - حامی کار - مددگار - پیچ کرنے والا - پُشت پناہ - ساتھی - ساتھ دینے والا +

جانب داری - ع + ف - اسمِ مؤنث - پیچ - طرفداری - معاونت - اعانت

؎۱ جان میں جان آگئی ہے آج اُن کو دیکھ کر + دوسرا کب اور بھی دم ہے ہمارے دم کے پاس (داغ)

؎۱ دل ہے دونوں طرف کا جانب دار + کہیں ایسا گواہ دیکھا ہے (داغ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جان

مدد - حمایت - رعایت - ساتھ +

جانب داری کرنا - ا - فعلِ لازم حمایت کرنا - پچ کرنا - ساتھ دینا +

جانبین - ع - اسمِ مذکر - فریقین - طرفین - دونوں طرف - دو طرفہ +

جانبین سے - ا - تابع فعل - ہر دو جانب سے - دونوں طرف سے +

جانچ - ہ - اسمِ مؤنث - انداز - آنک - قیاس - اُنمان - تخمینہ - پڑتال - ٹکل - کنت - پرکھ - کس - شناخت +

جانچنا - ہ - فعلِ متعدی - پرکھنا - آزمانا - آنکنا - تخمینہ کرنا - حساب پڑتال کرنا - اندازہ کرنا - ٹکل کرنا - تولنا + پہچاننا - تشخیص کرنا - تاڑنا - معلوم کرنا +

جانگلو - ہ - صفت - گنوار - وحشی - جنگلی - ناشائستہ - اُجڈ - احمق - بیوقوف - کُندۂ ناتراش - ہونق + ناہنجار - اکھڑ - بے تربیت - بے وحدت +

جانگھ - ہ - اسمِ مؤنث - ران - زانو - ساق - تھل - ساق +

جانگھیا - ہ - اسمِ مذکر - کچھنا - گھٹنا - ننگ - شلوار کوتہ (بولنے میں جانگیا آتا ہے)

جاننا - ہ - فعلِ متعدی (۱) آگاہ ہونا - واقف ہونا - محرم ہونا - آشنا ہونا - پہچاننا - تمیز کرنا - معلوم کرنا (۲) تپیانا - اعتبار کرنا - بھروسا کرنا (۳) ذمہ دار ہونا - کفیل ہونا - ضامن بننا - ذمہ کرنا +

عداوت سے تمہاری کچھ اگر ہووے تو میں جانوں
بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہووے تو میں جانوں
(غلام حیدر بیگ)

(۴) ماننا - تسلیم کرنا - فرض کرنا (اطفال) جانے تم چور سہی +

جانور - ف - اسمِ مذکر (۱) حیوان - جاندار - ذی روح + کیڑا مکوڑا (۲) ڈھور - ڈانگر - چوپایہ - چرند + درندہ (۳) پرندہ - پکھیرو (۴) گھوڑا - اسب - (۵) وحشی - غیر مانوس (۶) صفت) احمق - بیوقوف - لایعقل + گدھا +

جانے - ہ - تابع فعل (اطفال) جیسے - گویا - مثلاً - جانے ہم بادشاہ ہیں +

جانی - ف - صفت - جانِ من - جان سے نسبت رکھنے والا - پیارا - محبوب - دلارام - دلدار - معشوق - عزیز - دوست - صنم +

جانی دشمن - ا - اسمِ مذکر - قاتل دشمن - عدوِ جاں - وہ دشمن جو ہلاک کرنے کے درپے رہے +

جانی دوست - ا - اسمِ مذکر - دلی دوست +

جانے دو - ہ - محاورہ (۱) نہ روکو - چلنے دو (۲) باز آؤ - معاف کرو - معذور رکھو - خیال نہ کرو - درگزر کرو (رفع ملال اور وحیما کرنے یا کسی کو بچانے کے واسطے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں (میر تقی) قتل کئے پر غصہ کیا ہے لاش مری اُٹھوانے دو + جان سے ہم

جائی

بھی جاتے رہے ہیں تم بھی آ جاتے دو + مصرعہ ہے بدنام ہوں گے جانے بھی دو امتحان کو) +

جانے دینا - ہ - فعلِ متعدی (۱) نہ روکنا - چھوڑنا - آزاد کرنا - رہائی دینا - خلاص کرنا (۲) درگزر کرنا - باز آنا - معذور رکھنا - خیال نہ کرنا + معاف کرنا +

جانیکے لچھن - ہ - (صحیح جانیکے لکشن) محاورہ - آثارِ بد - شگونِ بد - فنا ہونے اور نابود ہونے کی علامت +

گردش سے روسیہ کی کیا کیا بلائیں آئیں جانیکے ہیں لچھن سارے اس آسمان کے (میر تقی)

جاؤ بیٹھو - ہ - محاورہ (۱) اپنا کام کرو - اپنے کام سے لگو - اپنے کام میں مشغول ہو + دبدہ دیکھ کے پھر تا مجھے کہتا ہے وہ شوخ جاؤ بیٹھو اجی باتیں ہیں یہ گھر کھونیکی (شوکت) (۲) ہٹ جاؤ - چل دو - رخصت ہو - سرکو - ہٹو بھی + ؎

غیر کو لطف سے فرماتے ہو آؤ بیٹھو + دیکھ کر مجھ کو کھڑا کہتے ہو جاؤ بیٹھو (نامعلوم)

جاوید } ف - صفت - مدام - ہمیشہ - سدا - نت - دایم - ازازل تا ابد +
جاویداں } سناتن - قدیم - ابدی - ازلی - لازوال - ان انت - قایم - علے الدوام +

جاویدانی - ف - اسمِ مؤنث - ہمیشگی - قدامت - ابدی - سرمدی - ازلی +

جاہ - ف - اسمِ مؤنث (۱) رتبہ - مرتبہ - عزت - منزلت - وقر - شکوہ - اوج - تمکنت - درجہ - منصب - پدوی (۲) شرف - قدر - بزرگی - جلال - شان - عظمت - شوکت

جاہ و جلال - ف + ع - اسمِ مذکر - شان و شوکت - رعب داب - دبدبہ - عظمت - شکوہ - رفعت - جبروت +

جاہ و حشم - ف + ع - اسمِ مذکر (۱) شان و شوکت + لاؤ لشکر - حشمت - ٹھاٹ - کروفر - تجمل - جلو (۲) رفعت و منزلت (۳) دولت - عزت + اقتدار +

جاہ و منصب - یا - منزلت - ف + ع - اسمِ مذکر (۱) قدر و منزلت - اوج - شکوہ - مرتبہ - مرتبہ - پایہ (۲) جلال - عظمت - بزرگی - شان +

جاہل - ع - صفت - مورکھ - اناڑی - نادان (۲) کپڈھ - اَن پڑھ - ناخواندہ - بے علم (۳) وحشی - ناشائستہ - غیر مہذب - ناہموار - اُجڈ - کُندۂ ناتراش - بداخلاق - اکھڑ - بے ادب - گستاخ + بے سلیقہ +

جاے - ف - اسمِ مؤنث (۱) جگہ - مقام - ٹھاؤں - استھان - ٹھور - ٹھکانا - وسعت - گنجایش - سمائی +

جاے سے - جاے سر - ا - صفت - بجا - ٹھیک - درست - مناسب - واجب - لائق + اعتراض سے مبرا - گرفت کی گنجایش سے محفوظ +

جاے ضرور - ا - اسمِ مذکر - پیخانہ - صحت خانہ - بیت الخلا - ٹٹی +

جائی - ہ - اسمِ مؤنث - دختر - بیٹی - صبیہ - دھی - پُتری - لڑکی - لونڈیا -

ہ جاؤ بھی - ہ - محاورہ - تکرار - بیٹھو بھی - بیٹھو بھی - بیٹھو بھی

جابیے | جبر

گڑھی ہُئی جیسے گنجڑے کی جائی - ماں جائی وغیرہ +

جایا - ہ - اِسمِ مذکر - بیٹا - پُتر - ابن - خلف - پسر - لڑکا - ولد - پُوت - فرزند جیسے تُو چاہے میرے جائے کو میں چاہوں تیرے کھاٹ کے پائے کو +

جائیتا - ہ - صفت - عو - جانہار - مرنے جوگا + شریر - بدذات + نہایت ہوشیار - چالاک + زُود فہم - ذکی تیز طبع عقل و دانائی کے سبب جینے کی باتیں نہ کرنیوالا +

جائے پھل - ہ - اِسمِ مذکر - جائفل - جوز +

جائداد - ف - اِسمِ مؤنث - حقیت - مِلکیت - مِلک - دھن - املاک - مال اسباب جاگیر - محال - پونجی - اثاثہ - مایہ - اثاث البیت - مال و متاع - چیز بست - (۲) تیار - کھڑی ہوئی فصل +

جائداد آبائی - ف + ع - اِسمِ مؤنث - باپ دادا کی جاگیر - جدی وراثت +

جائداد غیر منقولہ - ف + ع - اِسمِ مؤنث - زمین - مکانات - املاک - زمین سکنی زمین مزروعہ - وہ جائداد جو سرک نہ سکے - وہ جائداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جاسکیں (قانون) +

جائداد مکفولہ - ف + ع - اِسمِ مؤنث وہ جائداد جو ضمانت میں رہن کردی جائے - آڑمیں رکھی ہوئی جائداد +

جائداد منقولہ - ف + ع (۱) وہ چیز جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکیں جیسے مال - اسباب - غلہ - زیور وغیرہ (۲) شخصی جائداد - ذاتی جائداد - نجی کی خاص (۲) چیز بست - اسباب - اجناس - مال و اموال - اثاثہ - دھن مال +

جائز - ع - صفت (۱) روا - بجا - درست - واجب - مناسب - حق - صحیح (۲) مباح مطابق شرع - قانون کے موافق حسب ضابطہ حسب سررشتہ - شاستر کے مطابق (۳) حلبی - اصلی - سگا - ولد الحلال جیسے جائز بیٹا قانون میں آتا ہے (۴) مستند مقبول (۵) قابلِ منظوری - قابلِ پذیرا +

جائز رکھنا - ا - فعلِ متعدی (۱) ماننا - تسلیم کرنا منظور کرنا - روا رکھنا - صحیح قرار دینا - سچ ماننا - درست جاننا (۲) مباح سمجھنا - حلال جاننا +

جائز ولی - ع - اِسمِ مذکر (قانون) یتیموں کا محافظ نگراں + کورٹ آف وارڈس

جائزہ - ع - اِسمِ مذکر (۱) لغوی معنی صلہ - سیورہ - انعام - نیک بدلا (۲) صحت کی یکسر - پڑتال کی علامت (۳) پڑتال - جانچ - بدھ - مقابلہ (۴) موجودات - حاضری - گنتی - شمار - سرسری امتحان +

جائزہ دینا - ا - فعلِ متعدی - حساب کتاب دینا - چارج دینا سنبھلوانا +

جائزہ لینا - ا - فعلِ متعدی - موجودات لینا - پڑتال لینا - جانچنا +

جبر

جائی جوئی - ہ - اِسمِ مؤنث - ایک قسم کا پھول اور آتشبازی +

جائیسی - ہ - اِسمِ مذکر - ملک محمد جائیسی سے مراد ہے جو قصبہ جائیس واقع ملک اودھ کا باشندہ - ہندی فارسی کا بہت بڑا شاعر تھا - یہ شخص شیر شاہ کے زمانہ یعنی ۹۴۷ھ میں موجود تھا - اس نے بہت سے کتب دوہرے اشلوک اُس زمانہ کی ہندی بھاشا میں لکھے - اور پدماوت بھاکا ہندی نظم میں نہایت دردانگیز پُر تاثیر مثنوی تصنیف کی - یہ مثنوی اب تک مروج ہے - کئی مرتبہ طبع ہوئی اور برطانیہ کے شاہی کتب خانے سے لیکر فرانس کے بادشاہی کتب خانہ تک پہنچی - ہم نے بھی اس مثنوی کو پڑھا اور اُس سے تبدیل شدہ الفاظ کا پتا لگایا ہے - سوسٹ راگنی اس شخص کا ایجاد ہے - جس کی ایک جلد کلکتہ کی ایشیاٹک سوسائٹی میں ابھی تک موجود ہے - امیر خسرو کے بعد اردو زبان کی بنا ڈالنے یا ہندی بھاکا میں عربی فارسی الفاظ ملانے والا یہ دوسرا شخص ہے - اس کی زبان سنسکرت میں بھی اعلےٰ درجہ کی لیاقت معلوم ہوتی ہے +

جب - ہ - تابع فعل - جس وقت - جد - تد - ہرگاہ - درحالیکہ تب +

جب تک - جب تلک - ہ - تابع فعل - تاوقتیکہ جس وقت تک +

جب توڑی - ہ - تابع فعل (گنوار - عو) دیکھو (جب تک) +

جب نہ تب - ہ - تابع فعل (متروک) ا - وقت بے وقت - وقتاً فوقتاً +

حالت میں غیر کی کس کو خط لکھنے کی ہے فرصت
اب جب نہ تب اِدھر کو جی ہی چلا کرے ہے (میر)

(۲) بارہا - اکثر - ہمیشہ +

وہ گئے دن جو ہمیشہ مجھ سے سیدھی آنکھ تھی
جب نہ تب میں اب تو پاتا ہوں نگاہ یار کج (ناسخ)

جب ہی - ہ - تابع فعل - فوراً - اُسی وقت - اُسی گھڑی - اُسی دم +

جبر - ع - اِسمِ مذکر (۱) زیادتی - سختی - بیرحمی - زبردستی - بیسنہ زوری - ظلم ستم - دباؤ - جور و جفا (۲) زخم بھرنا - پٹی باندھنا - پٹی (۳) مجازاً کمی ٹوٹے یا چھیج کا پورا کرنا - جیسے جبر نقصان (۴) کر - ڈنڈا (۵) حساب) کسرات کا اختصار +

جبر اُٹھانا - ا - فعلِ لازم - سختی جھیلنا - مصیبت بھگتنا - دُکھ سہنا +

جبر کرنا - ا - فعلِ متعدی - سختی کرنا - اڑانا - دبانا - تنگ کرنا مجبور کرنا ستانا +

جبرِ نقصان - ع - اِسمِ مذکر - نقصان بھرنا - ٹوٹا پورا کرنا نقصان کا عوضہ تاوان + کمی یا ٹوٹا پورا کرنا +

جبر و تعدی - ع - اِسمِ مؤنث - ظلم و ستم - جور و جفا - سرزوری - زبردستی +

جبر و مقابلہ - ع - اِسمِ مذکر - فن ریاضی میں سے ایک علم کا نام جس میں

جبر | جتی

علامات وحروف کے ذریعے سے عمل کیا جاتا ہے۔ اور مقادیرِ معلوم کے ذریعہ سے مقادیرِ مجہول دریافت کرتے ہیں +

جبراً ع - تابع فعل - زبردستی سے - از روئے تعدی - بجبر - قہراً + کرنا +

جبراً و قہراً ع - تابع فعل - چارناچار - مجبوراً جس طرح ہو سکے اسیطرح +

جبرائیل ع - اسمِ مذکر - چار مُقرب فرشتوں میں سے ایک مشہور فرشتہ کا نام جو خدا تعالےٰ کی طرف سے رسولوں پر احکام پہنچایا کرتے تھے +

جبڑا ا - اسمِ مذکر - کلہ - چانہ - فک +

جبڑا توڑ ا - اسمِ مذکر - کلہ توڑ - مُنہ توڑ - زبردست - زور آور +

جبلی ع - صفت فطرتی خلقی پیدائشی جنمی - قدرتی طبعی اصلی حقیقی سدھارن +

جبن ع - اسمِ مذکر (۱) نامردی بزدلی - کم ہمتی بیمیانہ پن عجز پن (۲) وہ سفید مادّہ جو دودھ پھاڑ کر نکالیں جیسے مائُ الجبن + ڈرپوک پن تردید گی از جنگ و جدل +

جبن چھانا ا - فعلِ لازم نامردی کا غالب ہونا دلیری اور بہادری کا جوش نہ رہنا +

جبّہ ع - اسمِ مذکر - چوغہ جامہ - ایک قسم کی رومی و عربی ثقہ پوشاک +

جبہ ع - اسمِ مذکر - ماتھا پیشانی + جبین +

جبہ سائی ع - ف - اسمِ مؤنث - ماتھا رگڑنا منت وسماجت - ناک رگڑنا +

جبھا ا - اسمِ مذکر (عو) حوصلہ عالی ہمتی دلیری جیسے بڑا جبھا کیا - یہ جبھے والے کا کام ہے +

جبیا ا - اسمِ مؤنث (عوام) جیب کی تصغیر بالتحقیر - للّو جیسے بھاڑ میں پڑے یہ جبیا جس کے کارن دوزخ کا عذاب بھگتوں +

جبیں ف - اسمِ مؤنث - ناصیہ - ماتھا - پیشانی +

جپ ا - اسمِ مؤنث (ہندو) ۱ - جپنا - تسبیح ہلانا - مالا پھیرنا - پوجا پاٹ کرنا بھگتی کرنا - یادِ مولا کرنا - پرستش و بندگی کرنا - عبادت کرنا (۲) جادو منتر افسوں

جپ جی ا - اسمِ مؤنث - سکھوں کی ایک مقدس کتاب کا نام +

جپ تپ ا - اسمِ مؤنث - پوجا - بندگی - عبادت - ریاضت - عبودیت - خدمت

جپ کرانا ا - فعلِ متعدی - کسی مطلب یا مُراد یا بیمار کی تندرستی کے واسطے منتر پڑھوانا یا پوجا پاٹ کرانا +

جپ مالا ا - اسمِ مؤنث - سُمرنی - سُمرن - پوجا کرنیکی مالا - تسبیح - جپنی +

جپنا ا - فعلِ متعدی (۱) مالا پھیرنا - تسبیح ہلانا - خُدا تعالےٰ کا نام لینا (۲) رٹنا بار بار کہنا - یاد کرنا - ورد کرنا جیسے رام رام جپنا پرایا مال اپنا +

جپنی ا - اسمِ مؤنث - ہندو (۱) مالا - تسبیح سمرن (۲) ورد - وظیفہ - رٹ +

جبروت ع - اسمِ مذکر - عظمت - بزرگی + تکبّر + عالم بالقوہ عالمِ عظمت و جلالِ آسمانی + صفاتِ الٰہی + مرتبۂ وحدت ہو حقیقتِ محمدی اور مرتبہ صفات سے متعلق ہے +

جپی تپی ا - اسمِ مذکر (ہندو) پجاری بھگت - عابد - زاہد - مرتاض +

جتا ساری ا - اسمِ مؤنث (وہ گیت جو عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں - کیونکہ جاتا ہندی زبان میں چکی کو کہتے ہیں) +

جتانا ا - فعلِ متعدی (۱) آگاہ کرنا - خبردار کرنا - ہوشیار کرنا + متنبہ کرنا - بتانا (۲) فہمایش کرنا کان کھولنا (۳) یاد دلانا - چیتن کرانا (۴) ایما کرنا - اشارہ کرنا (۵) رہنمائی کرنا - ہدایت کرنا (۶) تاکید کرنا تنبیہ کرنا (۷) کان کھولنا + ہوش میں لانا +

جتانا ا - فعلِ متعدی - ہرانا کا نقیض - غالب کرانا - بازی دلوانا +

جتلانا ا - فعلِ متعدی - دیکھو (جتانا) +

جتن ا - اسمِ مذکر (۱) علاج - اُپائے - دوا (۲) تدبیر - بندوبست - فکر - چارہ - تجویز (۳) محنت پُرشرم (۴) کوشش - کرتوت - فعل - کام (۵) ڈھنگ - رنگ - طریقہ (۶) سنسار - دُنیا - خلائق جیسے اُسی کا نام ستیاناس جھوٹا ہے جتن - (۷) حیلہ - بہانا - مکر و فریب (۸) سعی - کوشش (۹) استقلال - استحکام +

جتنا ا - صفت (۱) جس قدر - جو کچھ (۲) سب - سگرا - سارا - کُل - تمام +

جُتنا ا - فعلِ لازم (۱) بیلوں وغیرہ کا ہل یا گاڑی میں لگنا (۲) پلنا - مشغول ہونا سرہونا (۳) بھڑنا - مقابل ہونا - لڑنا جیسے ابھی چھٹا یا تھا پھر جا جُتا + (۴) ٹہل کرنا - خدمت کرنا + کوشش کرنا - محنت کرنا +

جتنی ا - صفت - جتن کرنے والا - ہوشیار - چوکس - مُدبّر - چالاک +

جتنی ا - اسمِ مؤنث - وہ بالوں کی رسّی یا ڈوری جو چرخے کی پنکھڑیوں کے کناروں پر مال کے ٹکاؤ کے واسطے باندھتے ہیں +

جتوانا ا - فعلِ متعدی - دیکھو (جتانا) +

جتھا ا - اسمِ مذکر (۱) منڈلی - گروہ - دل جماعت - ٹولی - دھڑا - اجلاس - غول - پرا - فرقہ (۲) انبوہ - بھیڑ - ازدحام - ہجوم - مجمع - ٹھٹ (۳) سرمایہ - پونجی - مایہ - اصل (۴) ایکا - اتفاق (۵) طاقت - زور - بل +

جتھا باندھنا ا - فعلِ متعدی - جماعت بنانا + متفق ہونا - ایکا کرنا +

جتی ا - صفت (۱) مُجرّد - وہ شخص جس نے بیاہ نہ کیا ہو - عورت سے علیحدہ رہنے والا - نفسِ امّارہ کو خواہش نفسانی سے روکنے والا - تارکِ لذات - علی الخصوص لذتِ جماع سے - رزرہنے والا (۲) اپنی عورت کے سوا دوسری کے پاس نہ جانے والا (۳) تپسّی سنیاسی - سنت - جوگی - زاہد - منی رشی مرتاض (۴) جین متی ہندوؤں کے سوامی جو صرف سفید چادر کا لباس رکھتے اور سیوڑی کہلاتے ہیں - یہ لوگ پنڈت ہوتے ہیں اکثر علاج معالجہ بھی کرتے ہیں +

عقدہ حرف چھا جانا - ڈر چھپنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جتی

جتی ستی ۔ ہ ۔ صفت ۔ نیک ۔ پارسا (وہ مجرد اور بے تعلق آدمی جو نہایت ایماندار اور پارسا ہو) + مجرد ۔ تجرد گزین ۔ تارک الدنیا +

جُتیانا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ جوتیاں مارنا ۔ جوتی سے خبر لینا + پیٹنا +

جُتّ ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ جاٹ کا مخفف +

جُتْ ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث (۱) جوڑا ۔ جفت ۔ جگ ۔ زوج ۔ جوٹ ۔ جوڑی ۔ لاٹ ۔ (۲) دو متحد و متفق آدمی یا کوئی چیز (۳) ہمسر ۔ ہم چشم ۔ ثانی ۔ نظیر +

جٹا ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث (۱) گندھے ہوئے بال ۔ چوٹی ۔ مجوڑا ۔ گیسو ۔ اس طرح کی لٹیں جیسے شیو کے چیلے رکھتے ہیں ۔ لمبے لمبے بال شیو جی کے وضع کے بال ۔ (۲) رسّا ۔ بڑی رسّی (۳) بڑی ڈاڑھی + جڑ +

جٹا دھاری ۔ ہ ۔ صفت ۔ لمبے لمبے بال والا ۔ گیسو دراز ۔ وہ شخص جس کے بالوں کی بڑی بڑی لٹیں ہوں جیسے جوگی ۔ سنیاسی وغیرہ (۲ ۔ اسم مذکر) شیو جی مہادیو ۔ مہیش (۳ ۔ اسمِ مذکر) وہ پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں ۔ مارِ گھنہ (اسمِ مذکر) زعفران ۔ کیسر +

جٹامانسی ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ بالچھڑ ۔ سنبل الطیب +

جُٹنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) بھڑنا ۔ گتھنا ۔ ملنا ۔ جڑنا ۔ پیوند ہونا (۲) گتھنا ۔ سازش کرنا (۳) چمٹنا ۔ لپٹنا (۴) ہمبستر ہونا ۔ مجامعت کرنا ۔ مباشرت کرنا ۔ صحبت داری کرنا (۵) سر ہونا ۔ گرویدہ ہونا ۔ پیچھے پڑنا (جڑنا اسی سے بنا ہے) +

جٹھانی ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ جیٹھ کی بیوی ۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی +

جٹی ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث (ہندو) ۱ ۔ سوکھے تمباکو کی گڈی + بنڈل (۲) روٹیوں جیٹھ تھئی ۔ بہت سی اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں (۳) روپئوں یا پیسوں کی بڑی ۔ اوپر تلے رکھے ہوئے روپے یا پیسے (۴) پاس پاس ۔ پیوستہ +

جٹی بھویں ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ ابروے پیوستہ ۔ جڑواں بھویں + ۵ عاشقوں سے اپنے وہ جٹی بھویں بڑھی ہوئیں اہلِ قبلہ سے پھر ائمۂ کعبہ کی محراب کا (آتش) ہلال عید کو جٹی بھوؤں سے نسبت دوں جو اُس کے پاس نکل آئے ایک اور ہلال (نادر)

جٹی بٹی ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ ہندوؤں ۔ جڑی بوٹی ۔ جٹی بٹی +

جثہ ۔ ع ۔ اسمِ مذکر (۱) تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ پنڈا ۔ دیہ ۔ سریر ۔ کایا ۔ انگ (۲) کاٹھی ساختِ جسم (۳) لاش + نعش + لوتھ (۴) انگلیٹ ۔ جسامت +

جثمان ۔ ع ۔ اسمِ مذکر (۱) ہوم کے واسطے پانڈو کو لکڑ رکھنے والا ۔ جگ کرنیولا (۲) وہ شخص جس پر نائی برہمن وغیرہ برت کا استحقاق رکھیں + مخدوم ۔ آقا ۔ مربی + موکل ۔ اسامی +

جُدھ

جُجھ ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ یدھ ۔ یودھن ۔ لڑائی ۔ معرکہ ۔ رن ۔ جنگ ۔ لڑائی مناقشہ جدل ۔ کارزار +

جَجّا ۔ ا ۔ اسمِ مؤنث ۔ زچہ کا بگڑا ہوا لفظ ہے ۔ الوانتی ۔ وہ عورت جس کے بچہ ہوا ہو

جچا گیریاں ۔ ا ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث ۔ سحر (وہ گیت جو زچہ خانے میں گائے جاتے ہیں جن میں بچے اور زچہ کی تعریف ہوتی ہے) +

جَچنا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم (۱) تُلنا ۔ آنکنا ۔ اندازہ ہونا ۔ پرکھا جانا (۲) آزمایا جانا ۔ امتحان ہونا (۳) قیمت لگنا ۔ قیمت کا اندازہ ہونا (۴) وقعت ہونا ۔ آن بان ہونا (۵) ممیز ہونا ۔ مشخص ہونا (۶) ثابت ہونا ۔ یقین کو پہنچنا ۔ ذہن نشین و دلنشین ہونا +

جچی تلی ۔ ہ ۔ صفت ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ نہایت ہی درست ۔ باون تولے پاؤ رتی + ٹھیکم ٹھیک ٹھیک ٹھیک + تجربہ اور امتحان کے موافق +

جَدّ ۔ ع ۔ اسمِ مذکر ۔ دادا ۔ باپ کا باپ +

جِدّ ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث ۔ سعی ۔ کوشش ۔ دوڑ دھوپ ۔ سرگرمی + اُپائے پیروی + محنت ۔ جانفشانی +

جِدّ و جہد ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث ۔ سعی ۔ کوشش + محنت مشقت +

جَدْ ۔ ہ ۔ تابع فعل (متروک) جب جس وقت ۔ ہرگاہ +

جُدا ۔ ف ۔ صفت ۔ الگ علیحدہ ۔ نیارا + نرالا + مختلف + ممیز + بچھڑا ہوا +

جُدا جُدا ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ الگ الگ ۔ نیارا نیارا ۔ بالانفراد ۔ فرداً فرداً علیحدہ علیحدہ ۔ جداگانہ ۔ ایک ایک کرکے ۔ بدفعات + تفصیل وار ۔ رقم رقم +

جُدا کرنا ۔ ا ۔ فعلِ متعدی ۔ الگ کرنا ۔ علیحدہ کرنا + ہٹانا + کاٹنا ۔ توڑنا + نفاق ڈالنا ۔ نکالنا ۔ کاڑھنا + چھڑانا ۔ آزاد کرنا +

جُدا گانہ ۔ ف ۔ تابع فعل علیحدہ ۔ الگ ۔ ایک طرف ۔ ایک لنگ +

جُدا ہونا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) الگ ہونا علیحدہ ہونا ۔ نیارا ہونا + چھوٹنا علیحدگی اختیار کرنا (۲) ٹوٹنا ۔ کٹنا جیسے ہاتھ جدا ہونا +

جُدائی ۔ ف ۔ اسمِ مؤنث ۔ بچھوا ۔ علیحدگی ۔ تفرقہ + بُرہ ۔ مفارقت +

جَدَل ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ معرکہ ۔ کارزار ۔ رزم +

جَدْوار ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث ۔ بڑ بسی ۔ ایک زہر دور کرنے والی جڑ + جیسے جدوارِ خطائی

جَدْوَل ۔ ع ۔ اسمِ مؤنث (۱) نہر ۔ نالی ۔ نلیا + روش (۲) وہ خط جو صفحہ کے اختتام پر سُرخ یا سیاہ کھینچا جاوے +

جُدھ ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ دیکھو (جُجھ) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جدھ

جِدھر ف - تابع فعل جس طرف - جس جانب - جہاں - جس جگہ - جس مقام پر - جہاں کہیں +

جدھر تِدھر ف - تابع فعل - جہاں تہاں - یہاں وہاں +

جَدی - ع - اِسم مذکر (لغوی معنی بکرا - بُرغالہ) اصطلاحی وہ آسمانی بُرج جو بُرغالہ کی شکل کا ہے جسے ہندی میں مکر کہتے ہیں اور نیز ایک ستارہ کا نام جو قطب شمالی کے قریب ہے +

جَدّی - ع - صفت (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) آبائی - موروثی - باپ دادا کی پشتینی +

جَدید - ع - صفت نیا - تازہ - حال کا - تُرت کا - اب کا - تہ درز +

جُذام - ع - اِسم مذکر - کوڑھ - ایک بیماری کا نام جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں وغیرہ گرا دیتی ہے +

جُذامی - ع - اِسم مذکر - کوڑھی - مجذوم - مبروص +

جَذب - ع - اِسم مذکر - کھینچاؤ - کھینچ - کشش + سوکھنا - چوسنا +

جذب کرنا - ف - فعل متعدی (۱) سوکھنا - چوسنا - اُٹھانا - کھینچنا - کشش کرنا (۲) لبھانا - مائل کرنا - اپنی طرف کھینچنا +

جذب ہونا - ف - فعل لازم خشک ہونا - سوکھنا - پیوست ہونا - کھنچنا - کشش ہونا +

جذبات - ع - اِسم مذکر - جمع جذبہ +

جذبات دلی - ع + ف - اِسم مؤنث - دلی خواہشیں - دلی کششیں - دلی ولولے +

جذبات طبعی - ع - اِسم مؤنث - قدرتی خواہشیں - قدرتی ولولے - اندرونی کشش

جذبہ - ع - اِسم مذکر (۱) یکبار کھینچنا + جوش دل - کشش قلبی - ولولہ (۲) شوق دلی توجہ - لو (۳) غصہ - غضب - کروفر - اعزاز - کشش کے معنے بھی دیتا ہے +

جَذر - ع - اِسم مذکر (۱) اصل - جڑ - مُول (۲) حساب) دوسرے درجہ کا گھٹاؤ + نیز جس عدد کو فی نفسہ ضرب دیں اُسے جذر اور اُس کے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں +

جَرّ - ع - اِسم مذکر (۱) کشش - کھنچاؤ - کھنچ (۲) زیر - کسرہ - کسر +

جرِ ثقیل - ع - اِسم مذکر وہ علم جس کے وسیلہ سے بھاری بوجھ بآسانی اُٹھالیں - چرخیوں کا علم - بل بتیا - آکرشن +

جُرأت - ع - اِسم مؤنث (صحیح جرأت) موزہ +

جُرأت - ع - اِسم مؤنث (۱) دلیری - مردانگی - چالاکی - جوانمردی - شجاعت - بہادری - چھاتی - دل گردہ - سورماپن - بے باکی (۲) شیخ قلندر بخش ولد حافظ امان دہلوی کا تخلص - عین شباب میں مرض چیچک سے نابینا ہوئے - نجوم اور موسیقی میں بھی بخوبی دخل تھا - غزلیں بھی اچھی پالی تھی - معاملہ بندی کے اُستاد تھے - عاشقانہ اشعار خوب اور دلچسپ کہتے تھے ۱۲۵۵ھ میں

جرّی

وفات پائی - اِن کا کلیات مشہور اور قابل دید ہے +

جرّاح - ع - اِسم مذکر - جراحت کا علاج کرنے والا - چیرا لگانے والا - فصاد - چرن رگ زن - صیغہ مبالغہ ہے +

جراحت - ع - اِسم مؤنث - زخم - گھاؤ - ریش - چیر +

جراحی - ع - اِسم مؤنث - فصادی - زخم کے علاج کرنے کا پیشہ - ڈاکٹری - چیرپھاڑ

جرار - ع - صفت (۱) ایک بڑا بھاری لشکر - انبوہ کثیر (۲-۱) بہادر - سورما + دلاور دلیر - جنگی - جنگجو (۳) کھینچنے والا - تیز رفتاری سے رو کرنے والا +

جرح - ع - اِسم مذکر (۱) زخم - گھاؤ (۲ - قانون) اعتراض - گرفت - حجت - عذر - جواب - دلیل - رد و قدح - طعن + (قانونی معنی میں بالفتح پڑھنا چاہئے) +

جرس - ع - اِسم مذکر - گھنٹا - زنگلہ + گھڑیال - ٹال - درائے کلاں +

جرثوم - ع - اِسم مذکر (۱) جسم - تن - دھڑ - دیہ - بدن - جثہ (۲) کرہ - نورانی جسم لطیف جسم (یعنی اصطلاح میں علویات - فلکیت - معدنیات اور جمادات پر اس کا زیادہ اطلاق ہوتا ہے اور نیز گلینہ کے جسمانی عیب پر) +

جُرم - ع - اِسم مذکر - دوش - گناہ - پاپ - اپرادھ - کھوٹ - قصور - خطا - عصیان +

جُرمانہ - ف - اِسم مذکر - جریمہ - ڈنڈ - تاوان - مُصادرہ - گنہگاری + مالی سزا +

جُرمانہ بھرنا یا دینا - ا - فعل لازم - ڈنڈ دینا - تاوان دینا - مصادرہ ادا کرنا

جُرمانہ کرنا - ا - فعل متعدی - ڈنڈ لینا - مالی سزا +

جُروا - ہ - اِسم مؤنث - جورو کی تصغیر - بیوی - عورت - اپنی - میری - پیارا - لگائی - زن - ناری +

جَری - ع - صفت - دلیر - دلاور - دل چلا - بہادر - من چلا - سورما - بیر - تہجاع +

جُری - یا - جُر - ہ - اِسم مؤنث - دائمی بخار - تپ مزمنہ - دھیمی حرارت +

جریان - ع - اِسم مذکر (۱) بہاؤ - روانی - رِساؤ (۲-۱) ایک مرض کا نام جسمیں پیشاب کے ساتھ بعد میں یا پہلے دھات نکلتی ہے - اصل میں جریان مَنی ہے (۳) مواد یا پیپ کا رِساؤ +

جریب - یونانی - گریک کا مُعرب (۱) ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے - ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی ۵۵ گز کی زنجیر جو بیس گٹھے کی ہوتی ہے (۲) عصا - چوب - چوبدستی - لاٹھی - وہ چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی جو توالبوں یا بادشاہوں کے چوبداروں پاس ہوتی ہے +

جریب ڈالنا - ا - فعل لازم - زمین ناپنا - زمین کی جریب کے وسیلے سے پیمایش کرنا + کھیت یا زمین کی پیمایش شروع کرنا +

جریب کش - ف - اِسم مذکر - وہ شخص جو جریب کھینچے - مرد ماپنا + پیمایش

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جری

کرنے والا + زمین پیما۔ زمین ناپنے والا +

جریب پینا ۔ یا۔ پینا۔ ا۔ فعل لازم۔ زمین کا جریب کے وسیلہ سے ماپا جانا + شاہان مغلیہ کی سواری کے وقت جو جلوس کے آگے آگے میروھے پیادے زمین ماپتے ہوئے چلا کرتے تھے اُسے بھی زمین پینا کہتے تھے۔ نیز ایک پیمانہ بھی ہوتا تھا جس کے چکروں سے کوس کا اندازہ کیا جاتا تھا ؎

چلی پایۂ تخت کے ہو قریب بدستور شاہانہ پیتی جریب (میر حسن)

جریدہ ۔ع۔ صفت۔ تنہا۔ اکیلا۔ مجرد۔ مفرد۔ بہ تن واحد +

جریمانہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو (جرمانہ) +

جڑ ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) بیخ۔ مول۔ کندہ۔ بُن۔ اصل (۲) بنا۔ بنیاد + مبدا +

جڑ اکھیڑنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ بیخ کنی کرنا۔ استیصال کرنا۔ بُنیاد کھودنا + مٹانا۔ نیست و نابود کرنا۔ ملیامیٹ کرنا +

جڑ پکڑنا ۔ا۔ فعل لازم۔ جمنا۔ جماؤ ہونا + استحکام ہونا۔ مضبوط ہونا +

جڑ پیڑ } ا۔ اسم مذکر۔ بیخ و بُن۔ بیخ و بُنیاد۔ از سر تا بُن +
جڑ مول }

جڑ پیڑ سے اُکھاڑنا یا۔ کھود کر پھینکنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ استیصال کرنا۔ بیخ و بُنیاد سے اُکھاڑنا۔ معدوم کرنا۔ نیست کرنا۔ اُجاڑنا +

جڑ جمانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ بُنیاد ڈالنا۔ نیو رکھنا۔ نصب کرنا۔ ٹھیرانا + قائم کرنا +

جڑ کھودنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ استیصال کرنا۔ مسمار کرنا +

جڑ کاٹنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ ع (۱) غارت کرنا۔ بُنیاد کھودنا۔ ڈھانا۔ مسمار کرنا۔ گرانا۔ مُنہدم کرنا۔ نمس نہس کرنا (۲) بُرائی کرنا۔ غیبت کرنا۔ جڑنا۔ لگانا۔ بہکانا۔ دل سے اُتارنا + مُضرت پہنچانا +

جڑاؤ ۔ا۔ اسم مذکر۔ مُرصع۔ جواہرات سے جڑا ہوا +

جڑاؤ ۔ا۔ اسم مؤنث۔ گرم کپڑے۔ جاڑے کے کپڑے۔ پوشاک سرما +

جُڑنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) پیوند ہونا۔ ملنا۔ پیوستہ ہونا (۲) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۳) شامل ہونا۔ شریک ہونا (۴) مجامعت کرنا۔ مباشرت کرنا۔ جُفت ہونا (۵) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا جیسے (گیت) تیر پروسن سب جڑائیں[1] ستیاں بیدرداں برے بے پیر + (۶) میسر ہونا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ جیسے روٹی جڑنا۔ کپڑا جڑنا وغیرہ (۷) جُتنا۔ گاڑی وغیرہ میں بیل لگنا +

جڑنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا یا پچی کرنا۔ کوفت کرنا۔ (۲) وصل کرنا۔ جوڑنا۔ سانٹنا۔ ملانا (۳) مارنا۔ لگانا جیسے دھول جڑنا۔

جزو

(۴) بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ نندا کرنا۔ بگویا کرنا۔ شکایت کرنا۔ لگانا۔ بھرنا کان بھرنا۔ تمازی کرنا + ؎

کہتا رہا کچھ اُن سے عدو دو گھڑی تک غمّاز نے پھر اور جڑی دو گھڑی کے بعد (ذوق)

(۵) نالش کرنا۔ عرضی دینا۔ دعویٰ کرنا۔ عرضی ٹھوکنا +

جڑی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) جڑ۔ روکھڑی + وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو (۲) ہر چی کھنڈ کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مُہرے کا کام دیتی ہے +

جڑی بوٹی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ دوا دارو۔ اوکھد۔ وہ بیج و برگ وغیرہ جو دوا کے کام میں آتے ہیں +

جڑیا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) مُرصع ساز۔ زیور میں جواہرات جڑنے والا (۲) لگّو۔ آشنا۔ یار۔ دھوری۔ پشنی + لونڈے کا یار (بازاری بولتے ہیں) +

جڑیلا } صفت مذکر } جڑدار + وہ مولی یا شلغم جس میں جڑیں
جڑیلی } ا۔ صفت مؤنث } نکل کر سختی آگئی ہو +

جُز ۔ف۔ تابع فعل۔ سوائے۔ بدُون۔ علاوہ۔ ماورا۔ ماسوا۔ بن چھٹ۔ باستثناء قطع نظر سے۔ غیر الّا مگر (۲) مُخفف جزو پارہ۔ ٹکڑا +

جزا ۔ع۔ اسم مؤنث۔ بدلہ۔ پاداش۔ مُکافات۔ عوض۔ پلٹا۔ انتقام۔ صلہ۔ تلافی + نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ۔ حاصل۔ محاصل نیکی + بدلہ۔ نقیض سزا +

جزاک اللہ ۔ع۔ ندا۔ خدا تجھے (نیک) صلہ دے۔ شاباش۔ مرحبا۔ صد رحمت +

جزائر ۔ع۔ اسم مذکر۔ جزیرہ کی جمع۔ ٹاپو +

جزبز ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ بھچنا۔ تنگ ہونا۔ کبیدہ خاطر ہونا۔ آزردہ ہونا۔ ترش رو ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا +

جزر ۔ع۔ اسم مذکر۔ بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اُتار + بخلاف مد یا جوار +

جزر و مد ۔ع۔ اسم مذکر۔ جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش کے باعث سمندر کا اُتار چڑھاؤ +

جزم ۔ع۔ اسم مذکر (۱) اٹل۔ مضبوط۔ پکّا۔ مُصمّم (۲) حرف کو ساکن کرنا اور نیز وہ علامت جو حرف ساکن پر اس شکل کی لکھی جاتی ہے ۸ +

جزو ۔ع۔ اسم مذکر (۱) ریزہ۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ کُن۔ بھاگ۔ پارہ (۲) ۱۶ صفحے یا ۸ ورق کا مجموعہ + سولہ پیج کا مجموعہ +

جزو بدن ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ انگ لگنا۔ کسی چیز کا بخوبی ہضم ہو کر موقع سے صرف ہونا۔ بدل مایتحلل ہونا +

جزو بندی ۔ع+ف۔ اسم مؤنث۔ کتاب کے اجزاء کو دور بجزء جزو کر کے سینا

[1] اصل میں جڑائیں تھا یعنی جمع مؤنث +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جزو	جعل
کتاب کی باہمی درخت +	بُرا بھلا - ہر قسم کا - ہر طرح کا +
جُزودان - ع + ف - اِسم مذکر - بستہ - وہ تھیلی جس میں کتاب رکھی جاے +	پکارا وہ جس نس کو فریاد کر نہ پہنچا کوئی کاروان بھی ادھر (حسن)
جُزورس - ع + ف - صفت (۱) کفایت شعار - کم خرچ - کفایت اندیش + بخیل کنجوس (۲) نکتہ رس - نکتہ فہم - ذہین - زود فہم - زکی +	**جس جس** - ہ - ضمیر - ہر ایک - ہر شخص - ہر چیز +
جُزورسی - ع + ف - اِسم مؤنث - کفایت اندیشی + بخیلی کنجوسی صرف +	**جس دم** - ا - تابع فعل - جس وقت - جب - جد - ہر گاہ - جس گھڑی +
جُزوکل - ع - تابع فعل - بالکل - تمام - سرتا سر یک لخت - دروبست رکھوڑا اور بہت - عام - جمامہ - پورا رسب +	**جسامت** - ع - اِسم مؤنث (۱) جسم ہونا - مٹائی - ڈیل ڈول - فربہی - دل (۲) عرض - طول - عمق + لمبائی چوڑائی گہرائی یا اونچائی +
جُزولاینجزّے - ع - اِسم مذکر - وہ چیز جو نہایت باریکی اور جزوں کے باعث قابل انقسام نہو +	**جست** - ہ - اِسم مذکر - ایک دھات کا نام - رُوح تونیا - جستا +
جُزوی - ع - صفت - ذرا سا - تھوڑا سا - منسوب بہ جزو - حقیر - خفیف - ہیچ ادنے - چھوٹا - قلیل +	**جست** - ف - اِسم مؤنث - چھلانگ - قلانچ - زقند - چوکڑی - کود پھاند اچھل +
جُزویات - ع - اِسم مذکر - فروعات - افراد - حصے - چھوٹے چھوٹے ذرے - کلیات کے برخلاف +	**جست بھرنا** - ا - فعل لازم - چھلانگ مارنا - زقند لگانا - چوکڑی بھرنا +
جزیرہ - ع - اِسم مذکر - ٹاپو - دیپ - وہ زمین جو سمندر یا دریا کے بیچ میں اس طرح واقع ہو کر پانی اُس کے چاروں طرف محیط ہو +	**جُستجُو** - ف - اِسم مؤنث - ڈھونڈ ڈھانڈ - تجسس - ٹٹول - تلاش - کھوج +
جزیرہ نما - ع + ف - اِسم مذکر - ٹاپو سا - وہ خشکی کا قطعہ جو تقریباً چاروں طرف اور عموماً تین طرف پانی سے محیط ہو +	**جِسم** - ع - اِسم مذکر - بدن - دیہ - ڈیل - سریر - انگ - کایا - تن - جسد - پنڈا +
جِزیہ - ع - اِسم مذکر - تاوان - خراج محصول - ڈانڈ - ڈنڈ - وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاے +	**جسمانی** - ع - صفت (۱) بدنی - جسم سے متعلق - جسمی (۲) مادی - ہیولائی +
جَس - ہ - اِسم مذکر (۱) ناموری - نام - شہرت (۲) آبرو - عزت - حرمت - وقار (۳) ساکھ - اعتبار (۴) بڑائی - نیکنامی (۵) ثواب + نیکی بھلائی جیسے پونجی ساہوکار کی جس کوئی کرے (صداے فقیر) (۶) استعداد - لیاقت (۷) گن - وصف - جوہر ذاتی (۸) اثر - تاثیر - برکت مصرع یہ وہ زمانہ ہے کہ کسی شے میں جس نہیں (۹) شکتی - طاقت - قدرت +	**جسمی** - ع - صفت (۱) متعلق بہ جسم (۲) شخصی نفسی - ذاتی +
جِس - ہ - اِسم ضمیر - ع - جونسا - فارسی ہر - عربی من وما - جیسے جس برتن میں کھاے اسی میں چھید کرے +	**جسولنی** - ا - اِسم مؤنث (صحیح لیسولنی) چوبدارنی - یساول کی تانیث - وہ عورتیں جو شاہی محل میں خبر خبر پہنچاتی ہیں +
جِس پر - ہ - تابع فعل - جس پر تو بھی تب - بعد ازاں - پھر - پھر بھی +	**جسیم** - ع - صفت - موٹا - فربہ - تن و توش کا +
جِس پر بھی - ہ - تابع فعل - تو بھی - اس پر بھی - باوجود اس کے - باوجودیکہ - ساتھ اس کے +	**جشن** - ف - اِسم مذکر (۱) شادی - مہمانی - مجلس عیش و نشاط + عید - خوشی - پرب - اُتسب - جگ (۲) کامرانی - فرخندہ فالی - لہر بہر - بول بالا (۳) تاریخ تخت نشینی کا جلسہ یا مہمانی - مجلس + (اس رسم کا بانی جمشید تھا) +
جِس تِس - ہ - اِسم ضمیر (متروک) ہر ایک - یگانہ و بیگانہ - اعلے و ادنے	**جشن اُڑانا** - ا - فعل لازم - مزا اڑانا - لطف اٹھانا - عیش کرنا - خط اُٹھانا +
	جشن منانا - ا - فعل لازم - خوشی منانا - ناچ رنگ اور عیش - نشاط میں مشغول ہونا - گل چھرے اُڑانا - الے تلے کرنا +
	جعفری - ع - اِسم مؤنث - ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول - مجازاً مطلق زرد گل اشرفی (۲) پورب) ٹھاٹر - ٹٹی - لکڑی یا لوہے کا جال جنگلا - یہ لفظ ضفیرہ بمعنی موے بافتہ سے بگڑا ہے) + (۳) - طاے ہاے - کھرا ہونا +
	جعل - ع - اِسم مذکر (۱) لغوی معنی بدلنا - بنانا - تبلیس - تبدیل - تقلیب (۲) نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعوے کرنا - مکر - فریب - دھوکا - بناوٹ - گھڑت - پاکھنڈ - جھوٹ - کھوٹ - غل وغش +
	جعل بنانا یا کرنا - ا - فعل لازم - جھوٹا کاغذ بنانا - جھوٹے دستخط یا مہر بنانا + جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا - فریب بنانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جعل

جعل ساز - ع + ف - اسم مذکر (۱) قلب ساز - فریبی - دھوکے باز - جھوٹے مقصے بنانے والا (۲ صفت) متفنی - شریر - بد +

جعل سازی - ع + ف - اسم مؤنث - مکر - فریب - تلبیس - بناوٹ - پاکھنڈ - قلب سازی - گھڑت - دھوکا - دھوکا دہی +

جعلی - ع صفت (۱) ساختہ - بنائی ہوئی - مصنوعی - جھوٹی - نقلی - وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق بنالیا ہو - قلبی - باطل + جھوٹے دستخط کئے ہوئے (۲) فریبی - مکار - دغا باز - جعلیا - دھوکے باز +

جغرافیہ - یونانی - اسم مذکر - مرکب از (جیو + گرافی) (جیو = زمین) سطح زمین کا بیان - وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم کا بیان کیا جائے بھوگول بدیا +

جفا - ف - اسم مؤنث - جبر - ستم - ظلم - جور - تعدی - ایذاؤ + سختی + کشٹ +

جفا کفا - ف - اسم مؤنث - جور و ظلم - سختی و مصیبت - کشٹ - بپت - سنکٹ - آفت +

جفا کفا اُٹھانا - ا - فعل لازم - مصیبت اور سختی اُٹھانا - کشٹ بھوگنا +

جفاکش - ف - صفت - سختی جھیلنے والا - محنتی - مشقت اُٹھانے والا - رحمت کش +

جُفت - ف - اسم مذکر (۱) جوڑا - زوج - جوڑ - جوڑی - جگ + وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے + طاق کی ضد - ٹکڑی - جوڑی (۲) ہمسر - ہم پایہ - ثانی - مقابل (۳) جرثی کا جوڑا - پوائی کا نقیض +

جُفتہ - ف - اسم مذکر (۱) لغوی معنی خصیہ گی - اصطلاحی - نمکن - چُرس - جُھتری - سلوٹ - چُنٹ - گنجلک (۲) جنیو - چرم - بال جو اکثر جواہرات میں ہوتا ہے (۳) دراڑ - شگاف - تڑیڑ - درز (۴) داغ - دھبہ - کلنک +

جُفتے - ا - اسم مذکر - جفتہ کی جمع - سلوٹیں - شکنیں - جُھرّیاں +

جفتے پڑنا - ا - فعل لازم (۱) چرس پڑنا - نمکن پڑنا - سلوٹیں پڑنا - جُھرّیاں پڑنا (۲) دُھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا +

رات بھر تڑپے فراقِ یار میں ہم اس قدر پڑ گئے جُفتے ہزاروں چادرِ مہتاب میں (ناسخ)

(۲) عزت میں فرق آنا - بٹا لگنا - عیب لگنا - سبکی ہونا - خفت ہونا (اہلِ دہلی اس موقع پر شان میں جُفتے پڑنا زیادہ بولتے ہیں +

اُس سمبر کے پوٹے کی چُناوٹ دیکھ کر پڑ گئے جُفتے گلوں کی چادر توفیر میں (امداد علی بحر)

جُفتی - ف - اسم مؤنث - نر و مادہ کا باہم ملنا - نر کا مادہ پر چڑھنا +

جفتی کھانا - ا - فعل متعدی - جُڑنا - جماع کرنا - نر پرندہ کا مادہ پر چڑھنا - یا مادہ کا نر سے مجامعت کرنا - جانوروں کا جفت ہونا +

جکڑ بند - ہ صفت (۱) کسا ہوا - تنا ہوا - کھنچا ہوا - مضبوط اور تنگ بندھا ہوا

جگا

(۲) گٹھیا - گٹھیا باؤ - وجع مفاصل +

جکڑنا - ہ فعل متعدی (۱) کھینچ کر باندھنا - کس کر باندھنا - کسنا (۲) مشکیں باندھنا - ہتھکڑیاں کسنا (۳) فعل لازم) اینٹھنا - اکڑنا - سخت ہو جانا جیسے چھاتی جکڑ گئی - ہاتھ جکڑ گئے وغیرہ +

جکڑی - ہ - اسم مؤنث - قصہ کہانی - گیت - راگ - جیسے ؎

بھول گئے راگ رنگ بھول گئے جکڑی تین چیزوں یاد ہیں نون تیل لکڑی

یعنی شادی کے بعد یہ حال ہو جاتا ہے - جکڑی غالباً ذکر کو بگاڑ کر جکڑ کر لیا اور اور اُس کی تصغیر بالتحقیر لفظ جکڑی بنالیا +

جگ - ہ - اسم مؤنث (۱) دُنیا - سنسار - جگت - جہان - عالم - تر لوک (۲) مخلوق - خلقت - لوگ (۳) بلدان - بھون - بھوم - پُوجا - راجاؤں کی ایک مذہبی رسم کا نام جو سب میں زبردست راجا کیا کرتے تھے (۴) جیونار - ضیافت - دعوت - بھنڈارا - مہمانداری - اُتسب - مہمانی +

جگ جیتنا - ہ فعل متعدی - عو (۱) ہلہ مارنا - تھکا مارنا - عاجز کر دینا (۲) لازم) ہار نا - تھکنا جیسے میں اُس کے ہاتھوں جگ جیتی +

جگ ہنسائی - ہ - اسم مؤنث - رسوائی - تضحیک - فضیحتی - بدنامی ؎ +

جگ - انگلش Jug اسم مذکر - گڑوا - کرا - جھجر - صراحی - لوٹا - دودھ رکھنے کا برتن +

جُگ - ہ - اسم مذکر - سمار - زمانہ - عہد - دَور - وقت - قرن (اہلِ ہند کے مجموعہ چار زمانوں میں سے ہر ایک زمانہ جیسے ست جگ - ترینا جگ - دواپر جگ - کلجگ) ۲ مدت - عمر عرصہ (۳) چوسر کے کھیل میں دونوں دونوں کا ایک ہی خانہ میں اکھٹا بیٹھنا جیسے جگ ٹوٹا - نرد ماری (۴) پیڑھی - پُشت (۵) ہمیشہ - سدا (۶) وہ ڈورا جو گوڑ بننے والے یا جولاہے تاروں کے بُھار رکھنے کی غرض سے تانے میں ڈال دیتے ہیں +

جُگ ٹوٹنا - ہ فعل لازم - نفاق ہونا - جھگڑا ٹوٹنا - اتفاق نہ رہنا - جُدائی ہونا - مفارقت ہونا - جیسے فوج کے چھکے چھوٹ گئے - جگ ٹوٹ گئے - لڑائی بگڑ گئی بھاگڑ پڑ گئی +

جُگ جُگ - ہ - تابع فعل - ہمیشہ - سدا - دائم - تا ابد جیسے جگ جگ جیو +

جگا دری - ہ صفت - پُرانا - گھاگ - گرگِ کہن - کہن سال - بہت پُرانا اور قدآور جیسے جگا دری بندر +

جگا جگا کر رکھنا - ہ فعل متعدی - عو - سینت سینت کر رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا - احتیاط سے رکھنا - سنبھال سنبھال کر رکھنا +

جگالنا - ہ فعل متعدی - جگالی کرنا - چگلانا - چوپایوں کا اپنے پیٹ سے کھانا منہ

؎ داغ ؎ ہنسی آتی ہے اپنے رونے پر + اور رونا ہے جگ ہنسائی کا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جُگالی

میں لاکر چبانا۔ مُنہ چلانا +

جُگالی - ا - اسم مؤنث - پاگر - حیوانات کا اپنے چارہ کو معدہ میں سے نکال کر مُنہ میں چبانا جسے فارسی میں نشخوارہ عربی میں جرہ کہتے ہیں +

جُگان - ا - اسم مذکر - دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی - دُھلے ہوئے کپڑے یا جوڑے (دھوبی) نیز بغیر دُھلے کپڑے جیسے جگان لاتا ہے (دھوبی)

جگانا - ا - فعل متعدی (۱) بیدار کرنا - اُٹھانا - نیند سے اُٹھانا (۲) خبردار کرنا ہوشیار کرنا - ٹھوکنا (۳) اُکسانا + روشن کرنا - جلانا جیسے دیوا جگانا اور جوت جگانا ہندو بولتے ہیں (۴) پھیکے حرف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا (۵) بیدار رکھنا - سونے نہ دینا - خواب سے باز رکھنا - جیسے مجھے رات بھر جگایا +

جگت - ا - اسم مذکر (۱) دُنیا - سنسار - جہان - عالم - دہر - زمانہ (۲) اسم مؤنث) کُنوے کی مینڈھ - لبِ چاہ +

جگت اُستاد - ا - اسم مذکر - اُستادِ زمانہ - مخدومِ جہاں - بہت بڑا کاریگر - سب کا ماتا ہوا - کامل فن + قدوۃ العلماء - شاہِ دانشمنداں - مرشدِ جہانیاں - مُسلّم الثبوت اُستاد - اپنے فن میں طاق آدمی + ٥

سب کسی کو فیض پہنچا اُن کی تحقیقات سے حضرت ناسخ کا کیا کہنا جگت اُستاد ہیں (امداد علی)

جگت سالا - ا - اسم مذکر - کسبی کا بھائی +

جگت سیٹھ - ا - اسم مذکر (۱) بڑا بھاری ساہوکار - بہت بڑا کوٹھی والا زمانہ کا مالدار - نیز سیٹھوں کا خطاب (۲) مقصود آباد عرف مُرشد آباد کے سیٹھ کا خطاب جس کی مدد سے انگریزوں کو بنگالہ میں استحکام اور حکومت نصیب ہوئی +

جگت سیٹھ کا سالا - ا - اسم مذکر - بڑے بھاری دولتمند کا رشتہ دار + (گالی)

جگت گرو - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو (جگت اُستاد) (۲) برہما وشن اور شیو جی کا نام +

جُگت - ا - اسم مؤنث (۱) چترائی - حکمت - دانائی (۲) جتن - تدبیر - اُپائے - (۳) طرز - ڈھنگ - انداز (۴) توڑ جوڑ - کرتب - سازش - ہتھکنڈا - اُستادی کاریگری - کارستانی - چالاکی - ہوشیاری (۵) مرضی - موافقت - رائے - صلاح - پول (۶) تجنیس + ضلع - قافیہ - تک - لطیفہ - ذُو معنی - بذلہ (۷) راز - بھید - رازِ الٰہی (۸) دلیل - تجویز - سونچ (۹) راہ و رسم +

جُگت باز - ا - اسم مذکر (۱) ضلع باز + لطیفہ گو - بذلہ سنج (۲) مُدبّر - ڈھنگ کا آدمی صاحبِ تدبیر - پولیٹیشن - پولیٹیکل معاملات اور چالوں سے واقف آدمی +

جُگت بازی - ا - اسم مؤنث - لطیفہ گوئی - بذلہ سنجی + ضلع بازی +

جُگت رنگ - ا - اسم مذکر (لکھنؤ) لطیفہ گو - بذلہ سنج + ضلع باز +

جگمگ

جگت لگانا - ٢ فعل لازم - توڑ جوڑ بٹھانا - تدبیر لڑانا - ڈھنگ کا متوقع نکالنا یا راہ و رسم پیدا کرنا +

جگت ملانا - ٢ - فعل لازم - مطلب گانٹھنا - اپنے مطلب پر لانا - ساز و باز کرنا +

جگر - ف - اسم مذکر (۱) کلیجا - کلیجی (وہ خون بستہ جو کل دی رُوح کے پہلو میں ہوتا ہے جسے مخزنِ خون کہنا چاہیئے - اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام - (۲ - ۱) مراد اوّل - بیبا - چت - من (۳ - ۱) جان - جی - پران - بولتا (۴ - ۱) اگری مغز - گودا + ست - جوہر - لُبِ لباب (۵ - ۱) بیٹا - فرزند + پیارا - لاڈلا - دُلارا - عزیز (۶) ہمت - حوصلہ - بہادری - شجاعت - دلاوری - چھاتی - گُردہ - مردانگی (۷ - ۱) تاب و طاقت - قُدرت - مقدور - مجال +

جگر بند - ف - اسم مذکر - دل - تلی - پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ - مراد اً جگر پارہ - فرزند - پیارا - نورِ نظر - عزیزِ جاں +

جگر جگر ہے دگر دگر ہے - (کہاوت) اپنا اپنا ہی ہے غیر غیر ہی ہے - یعنی یگانہ کبھی یگانہ کے برابر نہیں ہو سکتا +

جگر گوشہ - ف - اسم مذکر - لختِ جگر - فرزند عزیز - پیارا بیٹا + ٥

شلپشٹ کی پالتے ہوئے دیکھو انہیں تلفیں اور اپنے جگر گوشوں کو تو یہ سکھاؤ (حالی)

جگرا - ا - اسم مذکر - عَو ہمت - حوصلہ - جُرات - دلیری - چھاتی - کلیجا - دِل گردہ +

جگر جگر کرنا - ٢ - فعل لازم - چمکنا - جگمگ کرنا - جگمگانا +

جگری - ف - صفت (۱) بھیتری - دلی - اندرونی (۲) دل و جگر سے نسبت رکھنے والا (۳) صادق - سچا - ہمراز - مُنتر - پیارا - گہرا جیسے جگری دوست +

جگری داغ - ف - اسم مذکر - داغِ دل - لاعلاج صدمہ یا رنج - لاعلاج مصیبت چرم جو کسی جواہر میں ہو +

جگری دوست - ا - اسم مذکر - گہرا یار - دلی دوست - ہمراز - منتر - پیارا +

جُگل - ٢ - اسم مذکر (ہندو) جوڑا - زوج - جفت - دو +

جگل جوڑی - ٢ - اسم مؤنث (ہندو) ہم عمر - برابر کے بھائی یا دو آدمی ہمسن - ہمجولی - رادھا کرشن نیز - اگر کسی مندر میں رادھا اور کرشن یا سیتا اور رام کی پاس پاس مورتیں ہوں تو انہیں بھی جگل جوڑی کہتے ہیں +

جگمگانا - ٢ - فعل لازم - جگمگ کرنا - چمکنا - جھلکنا - روشن ہونا - تاباں ہونا - جگر جگر کرنا - دمکنا +

جگمگاہٹ - ٢ - اسم مؤنث (۱) چمک - دمک - جھلک - روشنی - درخشانی - جلوہ تابش - تجلی (۲) رونق - آبداری +

جگمگ جگمگ کرنا - ٢ - فعل لازم - چمکنا - دمکنا - درخشاں ہونا - تاباں ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جگن | جلا

جوت کا لہرانا +

جگنو - ہ - اسم مذکر (۱) پٹبیجنا - کرم شب تاب - کرم شب افروز + ؎

شرم سے اڑ جائے شعلہ کیوں نہ جگنو کی طرح دیکھے محفل میں جو رخ فندقِ جاناں شمع (ناسخ)

(۲) جگنی - گلے کے ایک زیور کا نام +

جگنی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (جگنو نمبر ۲) +

(۲) ایک مشہور گیت کا نام جو پنجاب میں گایا جاتا ہے +

جگہ - ہ - اسم مؤنث (۱) ٹھور - ٹھکانا - استھان - جائے - مقام - ٹھاؤں + محل - موقع (۲) گنجائش سمائی - وسعت (۳) خدمت - عہدہ - منصب - اسامی - کام - نوکری - علاقہ (۴) بجائے - مثل - مانند جیسے باپ یا بھائی کی جگہ سمجھنا +

جگہ جگہ - ہ - تابع فعل - ہر جا - ہر موقع پر - سب جگہ +

جگہ چھوڑنا - ہ - فعل لازم (۱) مقام چھوڑنا - اسٹیشن چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں سفیدی چھوڑ دینا (۳) ہٹنا - سرکنا (۴) نوکری یا علاقہ چھوڑنا +

جگہ دینا - ہ - فعل لازم (۱) ٹھیرانا - بٹھانا (۲) عہدہ - اسامی یا نوکری دینا (۳) زمین دینا - رہنے کو گھر دینا (۴) ہٹنا - سرکنا - پرے ہٹنا +

جگہ رکھنا - ے - ا - تابع فعل - درست - ٹھیک - بجا - قابلِ تسلیم - موقع سے حسب موقع - برمحل جیسے ان کا کہنا جگہ رکھتا ہے (ہندو)

جُل - ہ - اسم مذکر - فریب - دھوکا - دم - جھانسا - چھل بٹا - دھونس - دغا - مکر - بھگل - فطرت حیلہ - پاکھنڈ +

جُل باز - ا - اسم مذکر - فریبی - ومباز - عیار - چھلیا - دھوکے باز - حیلہ باز - دھونسیا - پاکھنڈی +

جُل دینا - یا - کھیلنا - ہ - فعل متعدی - ٹھگنا - چھلنا - دم دینا - دھونس بتانا - دغا دینا - دھوکا دینا - جھانسا دینا - بالا بتانا - بُتّا دینا +

جل - ہ - اسم مذکر - پانی - آب (ہندو بولتے ہیں) +

جل پان - ہ - اسم مذکر - ناشتہ - تھوڑا سا کھانا پینا + (ہندو)

جل ترنگ - ہ - اسم مذکر (۱) ایک طرح کے باجے کا نام جو پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے - عوام جلترنگ بھی کہتے ہیں + ؎

قدموں کے ساتھ ساز طرب ہے جنوں میں بھی جو کاسۂ آبلہ کا ہے وہ جلترنگ ہے (بحر)

(۲) پانی کی لہر - موج - ہلور +

جل تُرئی - یا - جل توری - ہ - اسم مؤنث (ہندو) مچھلی - مچھی - ماہی - مین +

جل تھل - ہ - اسم مذکر - بحر و بر - خشکی و تری (کثرتِ بارش کی نسبت بولتے ہیں) + ؎

ایسے میری نگر کے بیل بھرے ہوئے پل بلنے میں دیکھے ہیں جل تھل بھرے ہوئے (نظیر)

جل تھل ایک ہونا - ہ - فعل لازم - کثرت سے بارش ہونا - پانی ہی پانی نظر آنا +

جل جوگنی - ہ - اسم مؤنث - عو (۱) جونک - کیڑی - زلو (۲) چیل - زغن - غلیواز اوپر والی + جلاتن - بدمزاج (اس معنی میں اس کا مادہ چلنے سے ہے +)

جل کر - ہ - اسم مذکر (۱) محصولِ آب - وہ محصول جو مچھلیاں پکڑنے کی جگہ پر لگایا جاتا ہے + بحری آمدنی (۲) دیہات کے تالابوں - جوہڑوں وغیرہ میں جو سنگھاڑے یا کنول وغیرہ ہوتے ہیں اُن کا لگان +

جل کُکڑی - ہ - اسم مذکر (۱) مُرغ آبی - پانی کا پرند - جل پنچھی (۲) جلاتن - بدمزاج - غصیل - تیہار رکھنے والا +

جل مانس - ہ - اسم مذکر - مردِ آبی - پانی کا آدمی +

جل مرغابی - ا - اسم مؤنث (گنوار) مرغابی +

جلا - ع - اسم مؤنث صیقل - صفائی - آب - آبداری - چمک دمک - روپ - رونق - اوپ + **جلا دینا** - یا - کرنا - ا - فعل متعدی - رونق دینا - چمکانا - اُجالنا - آبداری بخشنا - آب دینا - صیقل کرنا - مانجھنا +

جلا کار - ف - ع - اسم مذکر صیقل گر - اُجالنے والا +

جُلّاب - ا - اسم مذکر مُسہل - مست آور دوا (یہ لفظ خاص ہندوستان میں مُسہل کی بجائے مستعمل ہوگیا ورنہ درحقیقت گلاب کا مُشربہ ہے - چونکہ لفظ مسہل معنا کر یہ تھا اور گلاب مسہل کا ایک مجرب بھی ہے پس اس لحاظ سے بطریقِ مجاز جزو کا کل پر اطلاق کرنے لگے +

جُلّاب لینا - ا - فعل متعدی - مُسہل لینا - دستوں کی دوا پینا یا کھانا +

جلا بُلا / **جلا بُھنا** - ہ - صفت - سوختہ - افروختہ + غضبناک - غصہ میں بھرا ہوا + رنجیدہ خاطر - مغموم + تُند مزاج - غصیل + ؎

جُل دو مدعا گزری سب بیچ و تاب میں اتنا ستانہ ظالم ہم بھی جلے بلے ہیں (میر تقی)

(مسلمان آج کل جلا بھنا بولتے ہیں) +

جُلّابی - ا - اسم مذکر - عو - مسہل لینے والا - وہ شخص جس نے مسہل لے رکھا ہو +

جلاپا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) رنج - غم - گھلفت - الم - آزردگی - سوگ - اندوہ - خاطر (۲) رشک - حسد - جیسے سوکن کا جلاپا (۳) بُغض و عداوت (اصل میں جلنے کا حاصل ہندی ہے +)

جلاتن - ہ - صفت - عو (کھٹو - جلے تن) ا - بدمزاج - جھلا - غصیل - غضبناک - خشمناک - تُند مزاج - مغلوب الغضب - تیز مزاج - وہ شخص جو کسی بات کا متحمل نہ ہو سکے (۲) حاسد - رشک کرنیوالا +

جلا جلا کر مارنا یا خاک کرنا - ا - فعل متعدی - عو - تنگ کر کے مارنا - غصہ

جلا

دلا دلا کر ہلاک کرنا۔ غم میں گھلانا۔ رشک دلا کر مارنا۔ نہایت ستانا۔ از حد دق کرنا۔

جلّاد ع۔ اسم مذکر (لغوی دُنبہ لگانے یا کھال کھینچنے والا کیونکہ اوّل صورت میں اُس کا مادّہ جلدہ بمعنی تازیانہ اور دوسری حالت میں جلد بمعنی پوست ٹھیرا سکتے ہیں مگر بتہ اوّل مناسب ہے) (۱) گردن مارنے والا۔ قاتل۔ سفاک (۲) بیرحم ظالم سنگدل۔ کٹھور۔ بیدرد۔ نردئے۔ ظالم (۳ ع) تُند مزاج۔ مُحصّل۔ غضبی +

جلّادِ فلک ع۔ اسم مذکر۔ مریخ۔ منگل۔ ایک آتشی ستارہ کا نام +

جلادت ع۔ اسم مؤنث۔ بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی +

جلادی ا۔ اسم مؤنث۔ ظلم۔ بیرحمی۔ بیدردی۔ قصائی پن +

جلال ع۔ اسم مذکر (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ جاہ (۳۔۱) رُعب داب (۴۔۱) غصہ۔ کروفر۔ غضب۔ خشم (۵ صفت) تیزی۔ خشونت۔ سختی۔ تندی (۶) باطنی عمدہ صفتیں (۷۔ ع) صاحب قدرت جیسے جلّ جلال تُو۔ بَلائی بلا کو ٹال تُو +

جلالی ع۔ اسم مؤنث (۱) منسوب بہ جلال (۲) وہ صفتِ الٰہی جس میں شانِ غضب کا اظہار ہو۔ بخلاف جمالی (۳) درویشوں کے ایک طریقہ اور سلسلہ کا نام جو سیّد جلال الدین بخاری سے منسوب ہے (۴) گل شمسی مینوں کا نام جسے جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی تاریخِ تخت نشینی سے منسوب کرتے ہیں۔ بعض کے نزدیک ماہ تیر دین سے مراد ہے۔ کیونکہ اس مہینے میں آفتاب کو شرف ہوتا ہے مگر ابوالفضل کے دفترِ دوم میں ماہ الٰہی سے عبارت ہے جو جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی تاریخ سے منسوب اور زمینِ تحویلِ آفتاب کا زمانہ ہے (۵) حیوانات۔ گوشت وغیرہ چنانچہ صوفیوں میں ترکِ جلالی سے ترکِ حیوانات مراد ہے (۶ صفت) صاحبِ جلال۔ جلال والا (۷) خوفناک۔ غضبناک۔ ہیبتناک (جلالی مہینوں کے نام)

ماہ ہائے جلالی	انگریزی	ہندی[۵]
فروردیں	مارچ	تقریباً بیساکھ
اردی بہشت	اپریل	" جیٹھ
خرداد	مئی	" اساڑھ
تیر	جون	" ساون
مرداد	جولائی	" بھادوں
شہریور	اگست	" کنوار یا اسوج
مہر	ستمبر	" کاتک
آبان	اکتوبر	" منگسر یا اگھن
آذر	نومبر	" پوہ یا پوس
دے	دسمبر	" ماہ
بہمن	جنوری	" پھاگن
اسفندارمذ	فروری	" چیت

[۵] نومبر کے مہینے کے سبب ہر تیسرے سال اس مطابقت میں فرق پڑ جاتا ہے +

جلد

جلالیہ ا۔ اسم مذکر (۱) سیّد جلال بخاری کو ماننے والا فقیر (۲) ایک مشہور لٹیرے کا نام جو اکبر بادشاہ کے وقت میں تھا اور جس کی وجہ سے دریائے سندھ کے ایک کشتی توڑ ڈالنے والے پتھر کا نام رکھا گیا +

جلالیری ا۔ اسم مذکر۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جسے اُتان جھلا بھی کہتے ہیں +

جلانا ف۔ فعل متعدی (۱) زندہ کرنا۔ رُوح ڈالنا۔ جان ڈالنا۔ جی اُٹھانا۔ تازگی بخشنا۔ طراوت بخشنا۔ سرسبز کرنا (۲) موت سے بچانا۔ مرنے نہ دینا جیسے اس روانے جلالیا (۳) دھات کو گشتہ کرنے کے بعد اُس کی اصلی حالت پر لے آنا +

جلانا ف۔ فعل متعدی (۱) بالنا۔ آگ لگانا۔ سوختہ کرنا۔ سلگانا۔ پھونکنا۔ آگ دینا۔ لُو کا لگانا۔ دُکانا۔ لکانا۔ روشن کرنا (۲) اشتعال دینا۔ بھڑکانا۔ غصہ دلانا۔ جوش یا طیش میں لانا۔ آگ بگولا کرنا۔ افروختہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا (۳) چھیڑنا۔ چڑانا۔ رشک دلانا۔ دشمنی یا حسد بڑھانا (۴) رنج کرنا۔ ستانا۔ رنج پہنچانا +

جلاوطن ع۔ صفت (۱) دیس نکالا۔ بن باس۔ ہجرت (۲) گھر بار یا دیس سے نکالا ہوا۔ مخرج البلد۔ بن باسی۔ شہر بدر +

جلاوطن کرنا ا۔ فعل متعدی۔ دیس نکالا دینا۔ شہر بدر کرنا۔ کالے پانی بھیجنا۔ عبور دریائے شور کرنا +

جلاوطنی ع۔ اسم مؤنث۔ بن باس۔ دیس نکالا۔ ہجرت۔ مہاجرت +

جُلاہا ا۔ اسم مذکر (اژ۔ ف۔ جولاہ) ا۔ حامہ باف۔ نور باف۔ کپڑا بُننے والا پاچہ باف۔ کولی۔ مدن (۲) پانی کے ایک کیڑے کا نام (۳ صفت) گاؤدی۔ احمق۔ بیوقوف۔ اُوت۔ کوڑن۔ مورکھ۔ گدھا +

جل بُجھنا ف۔ فعل لازم۔ جل کر خاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔ خاکستر ہو جانا۔ کوئلہ ہو جانا۔ جل کر تمام ہونا +

ہم آپ جل بجھے مگر اس دل کی آگ کو سینہ میں ہم نے ذوق نہ پایا بجھا ہوا (ذوق)

جلد ع۔ اسم مؤنث (۱) کھال۔ چمڑا۔ چام۔ پوست۔ کھڑی (۲) کتاب کا پٹھا (۳) کتاب کی مجلد بندی و سلائی وغیرہ (۴) کتاب۔ پوتھی۔ پستک (۵) حصّہ کتاب +

مضمونِ غم ہیں قابلِ قدر ہزار ہا دیواں ہمارا جلد نویس ہے بجا رکھی (امیر)

جلد ساز
جلد گر ف۔ اسم مذکر۔ کتاب کی جلد بنانے والا صحّاف +

جلد ع۔ ف۔ تابع فعل۔ تُرت۔ فوراً۔ بلا توقف۔ پٹ۔ جھٹ۔ چٹ پٹ جھٹ پٹ۔ جھپ پشتاب +

جلد باز ع۔ ف۔ صفت۔ تامّل و شتابی کرنے والا تعجیل کار۔ زود کار شتاب کار +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جلد

پھُرتیلا۔ چست چالاک تیز دست +

جلدی ع۔ اسم مؤنث عجلت۔ شتابی۔ تاؤلی۔ سرعت۔ تُرت پھُرت۔ چستی۔ پھُرتی + اضطرابی۔ گھبراہٹ +

جلسہ ع۔ اسم مذکر [illegible] ت۔ اجلاس بیٹھک۔ عزت۔ ملاقات (۳) سبھا محفل مجلس۔ بزم۔ انجمن۔ پنچایت (۴) مجمع۔ جمگھٹا (۵) ضیافت۔ دعوت۔ مہمانی۔ جیونار۔ کھانا (۶) محفل رقص سرود۔ ناچ رنگ رقص سرود (۷) نماز میں سجدہ کر کے اول مرتبہ بیٹھنے کو جلسہ دوسری دفعہ بیٹھنے کو جلسۂ استراحت کہتے ہیں +

جلق ع۔ مبدل زلق۔ اسم مذکر (بفتح اوّل و سکون لام ہر دو درست) مٹھولا۔ ہتھرس مٹھی ہاتھ کی مدد سے انزال ہونا۔ فارس والے بسکونِ لام استعمال کرتے ہیں مثلاً ؎

من چوں ندزم جلق کہ بے منّتِ خلق تنگی و فراخیش بدستِ خویش است (نامعلوم)

جلق لگانا ا۔ فعل متعدی مٹھولے مارنا۔ ہتھرس کرنا +

جلقی ع۔ اسم مذکر مٹھولے باز۔ وہ شخص جسے مٹھولنے کی عادت ہو +

جل کُکڑ ہ۔ صفت (۱) مُرغِ سوختہ مرغ کباب شدہ (۲) جلاتن غصیل مغلوب الغضب نک چڑھا۔ وہ شخص جو ذرا ذرا سی بات پر جل جائے +

جل مرنا ہ۔ فعل لازم عو۔ رشک و حسد میں جل کر کباب ہو جانا کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا۔ حسد کرنا۔ رشک سے مرنا +

جلن ہ۔ اسم مؤنث (۱) سوزش تپش تپن۔ سوختگی۔ جلنے کی حالت تپک۔ (۲) حسد۔ رشک (۳) کینہ۔ بیر۔ دشمنی۔ کپٹ۔ لاگ۔ عداوت + (۴) غصہ خشم کروہ۔ جیسے تم بھی اپنی جلن نکال لو۔ جلن کے مارے بنتا کام بگاڑ دیا +

جلنا ہ۔ فعل لازم (۱) بلنا۔ آگ لگنا۔ سلگنا + روشن ہونا مشتعل ہونا (۲) جھلسنا بھلسنا۔ بھُننا + داغ لگنا (۳) خاکستر ہونا۔ راکھ ہونا (۴) حسد کرنا۔ رشک کرنا + ناراض ہونا۔ عداوت کرنا (۵) سوزش ہونا۔ جلن ہونا۔ تپکنا (۶) مرچ یا تیز چیز سے زبان کا جھلبھلانا۔ چرپراہٹ ہونا (۷) کبیدہ خاطر یا دل آزردہ ہونا۔ رنج اٹھانا غم کھانا شکستہ دل ہونا۔ رنج و غم میں گھلنا (۸) نباتات کا برف یا پالے وغیرہ سے کملا جانا۔ سوکھ جانا جیسے۔ ؎

گرمیِ عشق مانعِ نشو و نما ہوئی میں وہ درخت تھا کہ اگا اور جل گیا (میر تقی میر)

جلنا ہ۔ فعل لازم۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔ خلط ملط ہونا (یہ لفظ اکیلا نہیں بولا جاتا ملنا جلنا (میل جلاپ ملا کر بولا جاتا ہے) +

جلندر ہ۔ اسم مذکر مرکب از (جل + اُدر) دیکھو (استسقا) +

جلو ت۔ اسم مؤنث (۱) باگ۔ لگام۔ لغام (۲) کوتل گھوڑا۔ وہ خالی گھوڑا جو

جلے

سواری کے ساتھ صرف زینت کے لئے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) زینت۔ طمطراق۔ ٹھاٹ تجمّل تزک کروفر حشم و خدم + سواری کے ساتھ کا ٹھاٹ جیسے ماہی مراتب۔ باجا گاجا بھیڑ بھاڑ۔ اہالی موالی وغیرہ۔ ؎

سوار و پیادہ صغیر و کبیر جلو میں تمامی امیر و وزیر (میر حسن)

(۴) ہمراہی۔ پارکابی۔ ہمرکابی معیت مشایعت +

جلوو ار ت۔ ف۔ اسم مذکر مصاحب ہمنشین۔ ہمراہی ہمرکابی۔ ساتھی + نوکر چاکر خدمتگار۔ خادم۔ پارکاب۔ حاضر باش +

جلوخانہ ت۔ ف۔ اسم مذکر صحن۔ انگنائی۔ آنگن۔ چوک + ڈیوڑھی پیشطاق۔ چھتا۔ پیشگاہ۔ وہ میدان جو شاہی دروازہ کے سامنے ہو۔ ؎

نیداں ہمارے رہنے کو کاشانہ ہو گیا دشتِ جنوں تمام جلوخانہ ہو گیا (ناسخ)

جلوس ع۔ اسم مذکر (۱) نشست بیٹھک (۲) تخت نشینی۔ راج گدی۔ راج تلک۔ (۳۔۱) بمعنی جلو شاہانہ حشم۔ بھیڑ بھڑکا۔ کروفر۔ تجمّل شان و شوکت تزک + امیروں اور بادشاہوں کی سواری +

جلوسی ع۔ صفت منسوب بجلوس۔ شاہی تخت نشینی سے منسوب جیسے سنِ جلوسی وغیرہ سامانِ جلوس۔ وہ لوگ جو شاہی جلوس کے ملازم ہوں +

جلوہ ع۔ اسم مذکر (۱) کسی خاص طرز سے اپنے تئیں ظاہر کرنا۔ اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا نمودار ہونا + نظارہ۔ دیدار + سامنے آنا (۲۔۱) رونق تجلی۔ نور[1] (۳۔۱) خرامِ معشوق (۴۔۱) وداع کے روز دولھا دلہن کو آمنے سامنے بٹھا کر آرسی مصحف دکھانا۔ ریت رسم آرسی مصحف۔ جیسے (مثل) الگئی بل گئی جلوے کے وقت ٹل گئی +

جلوہ گر ہونا ا۔ فعل لازم نمودار ہونا۔ نظارہ دکھانا۔ ظاہر ہونا + رونق بخش ہونا زینت بخش ہونا۔ بادشاہوں کا تشریف لانا +

جلی ع۔ صفت (۱) روشن۔ آشکارا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ عیاں واضح۔ پرگھٹ (۲) بخلافِ خفی۔ پُرکار۔ موٹا لکھا ہوا ممتاز +

جلینبا ا۔ اسم مذکر (۱) شہتوت۔ توت (۲) بڑی جلیبی +

جلی بھنی باتیں ہ۔ اسم مؤنث عو۔ رشک و حسد کی باتیں۔ عداوت و عناد کی گفتگو۔ رنجش آمیز گفتگو +

جلینبی ہ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کڑھائی میں تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے جلیبی +

جلے پاؤں کی بلی ہ۔ محاورۂ عو۔ وہ عورت جسے ایک جگہ قیام اور پھرنے کے سوا دوسرا کام نہ ہو۔ ہر دم گرد۔ آوارہ گرد۔ سگِ پا سوختہ + مضطرب + بیقرار ؎

[1] داغ ؎ در و دیوار کا جلوہ نہیں دیکھا جاتا + ان کے آتے ہی بدل جاتی ہے گھر کی صورت۔ مؤلف ؎ رنگ میں دوڑ جاتا ہے جلوہ خدائی کا + اس بت کے سامنے ہے مزہ جبہ سائی کا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جلے | جما

پڑی پھرتی ہوں جلے پاؤں کی بلی کی طرح دیکھوں اُس بن کٹے کس طرح شبِ بیتُ المال (مرزا جان)

جلے پر نمک چھڑکنا یا۔ لگانا ۱۔ فعل متعدی۔ جلے کو جلانا۔ ستانے کو ستانا مرے کو مارنا۔ غصّہ میں غصّہ دلانا۔ رنج پر رنج دینا +

جلے پھپھولے پھوڑنا ۲۔ فعل لازم۔ بدلہ لینا۔ رشک نکالنا۔ حسد نکالنا۔ عداوت نکالنا۔ دل کی حسرت نکالنا۔ بغضِ دلی کا ظاہر کرنا۔ عناد دلی ظاہر کرنا +

جلے تن ۱۔ صفت ۲۔ دیکھو (جلاتن) +

جلی کٹی ۱۔ اسم مؤنث ۲۔ رشک و حسد کی باتیں۔ دشمنی کی باتیں +

جلی کٹی رکھنا ۱۔ فعل لازم ۲۔ اَن بن رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا +

جلی کٹی کہنا ۱۔ فعل لازم ۲۔ بُرا کہنا۔ معاندانہ گفتگو کرنا۔ بدی کرنا۔ کسی کے خلاف کہنا۔ مصرعہ۔ اُن سے ندیم کہتا ہے ہر دم جلی کٹی +

جلیس ع۔ اسم مذکر۔ ہمنشین۔ مصاحب۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی۔ ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والا۔ ندیم +

جلیل ع۔ صفت۔ بزرگ۔ بڑا۔ کبیر۔ عظیم۔ کلاں + اعلےٰ۔ افضل۔ برتر +

جلیل القدر ع۔ صفت۔ عالی مرتبہ۔ بڑے رتبہ کا معزز۔ والاقدر +

جم ف۔ اسم مذکر (۱) بادشاہ بزرگ (۲) سلیمان علیہ السلام کا نام (۳) جمشید بادشاہِ ایران کا نام (۴) مفصل دیکھو (جمشید) +

جم جاہ ف۔ اسم صفت۔ جمشید کے سے مرتبہ والا۔ بڑے رتبہ والا +

جم ہ۔ اسم مذکر۔ ہندو (۱) دھرم راج۔ پتال کا راجہ۔ دِشا کا دیوتا (۲) ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔ قابضِ ارواح (۳) قضا۔ موت۔ اجل۔ فوت۔ مرگ۔ کال جیسے بوہرے کی رام رام جم کا سندیسا (ضرب المثل) (۴) ع) ناگوار طبع آدمی جو پاس سے ٹلے جیسے قرضخواہ و دشمن وغیرہ (۵) توام۔ جوڑواں۔ مُجڑواں +

جم دُوت ہ۔ اسم مذکر۔ ملک الموت۔ فرشتۂ موت + قاصدِ اجل +

جم دیا ہ۔ اسم مذکر۔ جم دیوتا کے نام کا ایک چراغ جو کاتک بدی ترودوشی کو یعنی دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے +

جم راج ہ۔ اسم مذکر۔ جم لوک کا بادشاہ۔ تحت الثرےٰ کا بادشاہ۔ پاتال کا راجا +

جم کا سندیسا ہ۔ اسم مذکر۔ پیغامِ اجل +

جم ہو جانا ہ۔ فعل لازم + موت کی طرح نہ ٹلنا۔ بھوت یا جن کی مانند گرویدہ ہو جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ قضائے مبرم بن جانا +

جماؤ ع۔ اسم مذکر۔ غیر ذی روح اشیا۔ بیجان چیزوں جیسے دھات۔ پتھر۔ پہاڑ۔ زمین وغیرہ وغیرہ۔ وہ زمین جس پر پانی برسے۔ سال خشک قحط۔ وہ چیز جسے نشو و نما نہ ملے۔ کچل کچھ جس زمین پر بخت +

جمادی الاوّل ع۔ اسم مؤنث ( ) پانچواں قمری مہینہ۔ قمری مہینا بھاگن یا مدار +

(لونڈی کی وجہ سے یہ مطابقت ہمیشہ درست نہیں (؟)) +

جمادی الآخر یا جمادی الثانی ع۔ اسم مذکر۔ عربی چھٹا مہینہ قمری مہینا تقریباً جیت یا خواجہ معین الدین +

جماع ع۔ اسم مذکر۔ مباشرت۔ مجامعت۔ صحبت داری۔ بھوگ۔ بشے +

جماعت ع۔ اسم مؤنث (۱) گروہ۔ آدمیوں کا جتھا (۲) اجتماع۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ جمگھٹا انبوہ (۳) فریق + فرقہ + (۴) محفل۔ ٹولی۔ منڈلی (۵) سبھا۔ مجلس (۶) سلسلہ۔ زمرہ۔ جُٹ۔ پرا (۷) درجہ (۸) صفِ نماز۔ نمازیوں کی قطار (۹-۱) مراد اً نماز جماعت جیسے جماعت ہو گئی یا نہیں +

جمائی ۱۔ اسم مؤنث۔ صحیح (جمعگی) جمعہ کے دن کاریگروں کا خرچ (شہزادگانِ دہلی کا دستور تھا کہ وہ اپنے بچوں کو اس نام سے کچھ ماہوار دیا کرتے تھے مگر دیانے لطافت سے پایا جاتا ہے کہ جمعرات کو جو اطفالِ مکتب اُستاد کو تنبا کو حجامت وغیرہ کا خرچ دیتے ہیں وہ بھی جمعگی ہے مگر یہ معنی اہل تلفہ نہیں لیتے) جیب خرچ۔ ہفتہ بھر کا خرچ +

جمال ع۔ اسم مذکر۔ حُسن۔ خوبصورتی۔ روپ۔ جوبن +

اک تماشا ہے کہیں کارگہِ حُسن و جمال دل یہ کہتا ہے نگہ سے ہو تقدم مجھکو (کیفی دہلوی)

جمال گوٹا ہ۔ اسم مذکر۔ ایک نہایت دست آور پھل کا نام گرم خشک درجہ چہارم میں +

جمالی ع۔ صفت (۱) شانِ رحمت کی تجلی۔ نوری۔ منسوب بہ جمالِ الٰہی (۲) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سروا خربزہ (۳) صوفیوں کے ہاں نباتات جیسے پیاز لہسن وغیرہ جنہیں ترکِ جمالی سے ہی مراد ہے +

جمانا ہ۔ فعل متعدی۔ کھانا کھلانا۔ بھوجن کرانا +

جمانا ہ۔ فعل متعدی (۱) منجمد کرنا۔ بستہ کرنا۔ جیسے دہی جمانا (۲) قائم کرنا۔ ٹھیرانا۔ اُکھاڑنا کے خلاف (۳) ترتیب سے لگانا۔ ڈھنگ سے رکھنا (۴) چسپکانا۔ چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ پیوستہ کرنا (۵) آمادہ کرنا۔ راضی کرنا (۶) رکھنا۔ دھرنا جیسے سلسلہ جمانا (حقہ نوش) (۸) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا۔ جوڑنا جیسے گھر جمانا۔ محفل جمانا (۹) لگانا شروع کرنا جیسے کام جمانا (۱۰) ٹھاننا بٹھانا جیسے کسی بات کو دل میں جمانا (۱۱) مستحکم کرنا۔ مضبوط کرنا (۱۲) جمانا۔ ذہن نشین کرنا۔ (۱۳) ردّہ رکھنا۔ چُنائی پر نئی چنائی کرنا (۱۴) ڈھیر لگانا۔ اٹبار کرنا +

جماؤ ہ۔ اسم مذکر (۱) بستگی۔ انجماد + جمنے کی قابلیت (۲) بھیڑ۔ ازدحام۔ ہجوم انبوہ۔ جم غفیر۔ مجمع۔ جمگھٹا (۳) قیام۔ ٹھیراؤ (۴) پختگی۔ مضبوطی۔ استحکام (۵) چسپیدگی۔ لیس۔ چیپ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جما

جماہی یا جمّاہی - ا - اسم مؤنث - فائدہ (نسبت کاہلی محمولہ کثرتِ خمار و بیداری سے منہ کھولکر سانس لینے کو کہتے ہیں - اسمیں اور انگڑائی میں بہت بڑا فرق ہے - آجکل بعض والے جماہی اور اہلِ پورب جمہائی بولتے ہیں میر تقی نے بھی ایک جگہ جماہا بمعنی جماہی لینا باندھا ہے اور ایک اور شاعر کے کلام سے بھی پایا جاتا ہے +

کرے اثباتِ دہن لاکھ جماہی تیری خامشی کہتی ہے جھوٹی ہے گواہی تیری (نامعلوم)

جُم جُم - ا - تابع فعل - عو (۱) برابر برابر - ہمیشہ - مُدام - سدا - ہ

منہ نہ موڑا تیغ سے جم جم اٹھائے زخم ناز آفریں ہے سوز صد رحمت ہے تیرے پیار پر (میر سوز)

(۲) سلامتی اور دولت و اقبال کے ساتھ (دیکھو دیوانِ انشا و تعریفِ نوروز)

(۳) خدا یونہیں کرے - خدا کرے ایسا ہی ہو (۴) مجازاً ضرور - درحقیقت صرف ناسخ نے لکھا ہے - ہ

ہو چکی طفلی چڑھا نشہ جوانی کا انہیں ابتو جام بادۂ گلرنگ جم جم چاہئے (ناسخ)

جم ہی جم - ہ - صفت - بہت زیادہ - مراد انہیں +

جمدھر - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا خنجر یکتار چھری (۲) ایک طرح کا بادامی کاغذ +

(یہ لفظ جم بمعنی فرشتۂ موت اور دھر مخفف دھارے سے مرکب ہے یعنی باڑھ دار ہتھیار جس سے موت یا فرشتہ وابستہ ہے) +

جمشید - ف - اسم مذکر (ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس کا پہلے نام جم تھا - مگر آذربائیجان کے جشن کے سبب لفظ شید جس کے معنے شعاع آفتاب ہیں اور زیادہ ہو گیا کہتے ہیں - کہ جب یہ بادشاہ سفر کرتا ہوا مقامِ مذکور پر پہنچا تو آفتاب کے نقطۂ حمل میں آنے کا دن تھا پس حسب الحکم شاہی اُس روز تختِ مرصع بلند جگہ پر رکھا گیا - اور تاجِ مرصع زیبِ سر فرما کر تختِ شاہی پر جلوس فرمایا - جب آفتاب نکلا تو اُس کا عکس اور شعاع تاج و تخت پر پڑنے سے نہایت روشنی ظاہر ہوئی - چونکہ پہلوی زبان میں شعاع کو شید کہتے ہیں - پس اُس روز سے جمشید مشہور ہو گیا - اور اُس روز کا نام نوروز رکھا گیا - نامہ خسروان کا مؤرخ جمشید کا حال اس طرح رقم کرتا ہے - کہ یہ پیشدادیوں کا چوتھا بادشاہ ہے - چونکہ اُس کا چہرہ مثلِ شعاعِ آفتاب رخشاں و تاباں تھا و شید یعنی شعاع و پرتو سے آیا ہے - پس جم کو جمشید کہنے لگے - نیک طبع تھا - نیک نہاد تھا - علم و حرفی میں بوڑھے تجربہ کاروں سے بڑھ گیا تھا - تختِ جمشید نامی عمارت جس کے کھنڈرات ابتک باقی ہیں اُسی کے وقت کی یادگار ہے - جس وقت آفتاب موسم بہار کے اول گھر میں آیا اور رات دن برابر ہوا تو جمشید نے اس عالیشان عمارت میں جشنِ جمشیدی فرمایا - لوگوں کو زر و جواہر سے مالا مال اور ارکانِ سلطنت کو نہال کر دیا - اور اس دن کا نام نوروز رکھا - چنانچہ یہ نوروز اب تک پارسیوں میں منایا جاتا ہے - حکیم فیثا غورس جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے پانچ سو ستر برس پیشتر پیدا ہوا اس کا ہمعصر تھا - حکیم مذکور نے ہی جمشید کے واسطے راگ اور ساز ایجاد کیا

جمع

شراب جس کا نام شاہ دارو رکھا گیا - اسی کے زمانہ میں تیار ہوئی جس کا قصہ طویل ہے جام اسی نے بنایا - پارسیوں کے چار فرقے - یعنی دینی دنیاوی + ملکی و مالی + سپہ گری و جنگ سازی + دکانداری و کاریگری (اہل ہند کے چار برنوں کے موافق اس نے قرار دئے - کوس کا ایجاد اسکے وقت میں ہوا - چوبی ہتھیار ڈنکا اور آہنی تیغ و نیزہ کا اسی نے رواج دیا - کاشتکاری پارچہ بافی اسی نے نکالی تیراندازی کا بانی یہ ہوا - خط کا طریق ایجاد کر کے مروا دیا اس نے نکلوائے غرض اس کے وقت میں بہت کچھ ایجاد ہوا - گو لوگوں نے اخیر میں خدائی کا دعوے کیا مگر پارسی اس کو پیغمبر مانتے اور سات سو برس تک سلطنت رانی خیال کرتے ہیں - مؤلفِ چہار چمن نے حضرت سلیمان اسی کو لکھا ہے - واللہ اعلم بالصواب +

جمع - ع - اسم مذکر (۱) کل تمام ہمہ مجموع - فراہم - اکٹھا - سب - سارا - جملہ (۲) گروہ جماعت - مجمع (۳) میزان - جوڑ - چند رقموں کا مجموعہ (۴) اصل سرمایہ - پونجی - بضاعت - سرمایہ جو بنک میں رکھا جائے (۵) دھن - دولت - مال - زرِ نقد - روکڑ (۶ - ا) لاگت - صرف + مول - خرچ - قیمت - دام (صرف ہندو بولتے ہیں) (۷) محاصل پیداوار - آمدنی وہ - زرِ لگان - زرِ مطالبہ - مالگزاری (۸) مجرا - وصول - آئے - جیسے بہی میں جمع کرنا (۹) زر یافتنی لینا - لینداری یعنی (۱۰) علم صرف میں ایک سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں (۱۱) ایک صفت کا نام جسمیں شاعر چند چیزوں کو ایک صف میں لکھتا ہے (۱۲) بہی کے صفحہ کا وہ حصہ جس میں رقم آمد لکھی جاتی ہے (۱۳) ذخیرہ گودام خزانہ (۱۴ - اہل حرفہ) اور اصل و حقیقت جیسے جمع میں لڑکا ہی بڑھتے +

جمع بندی - ع + ف - اسم مؤنث - بکاسی مفروزگان - تقسیم جمع +

جمع کرنا - ا - فعل متعدی (۱) اکھٹا کرنا - ٹھونسنا - سمیٹنا - ایک جگہ کرنا - فراہم کرنا - ڈھیر کرنا - جوڑنا + ذخیرہ کرنا - گودام میں رکھنا - بھرتی کرنا (۲) جوڑ لگانا - میزان دینا (۳) اگاہنا - وصول کرنا - تحصیل کرنا (۴) سپرد کرنا - حوالہ کرنا - سونپنا - دھروڑیا امانت رکھنا - تحویل میں دینا (۵) فرد حساب میں وصول لکھنا +

جمع والا - ا - اسم مذکر - دولت والا - پونجی والا - سرمایہ دار - مہاجن - ساہوکار - کوٹھی مال - سیٹھ +

جمع و خرچ - ع + ف - اسم مذکر (۱) آمد و صرف - آمد و خرچ - آمدنی و مصارف (۲ - ہندو) گلہ تمام - باقل +

جمع ہونا - ا - فعل لازم - اکھٹا ہونا - فراہم ہونا - سمٹنا - وصول ہونا - اگھنا +

جمعدار - ع + ف - اسم مذکر (۱) جماعت کا افسر - سردار جماعت + وہ سپاہیوں کا عہدہ دار جس کے ماتحت چند سپاہی ہوں - صوبہ دار کے نیچے کا ہندوستانی افسر (۲) خلاصی - بھشتی - ماشکی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جمع

جمعداری - ع + ف - اسم مؤنث - عہدۂ جمعدار جماعت یا گروہ کی افسری +

جمعرات - ا - اسم مؤنث (جمعہ + رات) شبِ جمعہ پنجشنبہ - پرسپت - یوم المخیس +

جمعراتی - ا - اسم مؤنث - وہ پیسہ جو کبھی ملا اپنے شاگردوں سے ہر جمعرات کو لیتے ہیں - انشاء اللہ خاں نے اِسے جگی لکھا ہے - لیکن وہ لڑکوں کا جیب خرچ ہوتا ہے - جو سودا کرنے کو جمعہ کو ملتا ہے - پاٹ شالا کے پنڈت اتواری کے نام سے لیتے ہیں +

جمعراتی سید - ا - اسم مذکر - بنے ہوئے سید مصنوعی سید - وہ شخص جو جمعرات کو پیدا ہونے کے سبب اپنے آپ کو سید بیان کرے +

جمگی - ع + ف - اسم مؤنث - دیکھو (جگی) +

جمعہ - ع - اسم مذکر (۱) پنجشنبہ کے بعد کا دن شکر - یوم آدینہ - وہ دن جسے مسلمان یوم الراحت سمجھتے اور بڑی مسجد میں جمع ہو کر نماز پڑھتے ہیں + (۲-۱) نمازِ جمعہ جیسے جمعہ کہاں پڑھا (۳-۱) دنگل یا اکھاڑا جو جمعہ کے جمعہ ہوتا ہے - خواہ پہلوانوں کا ہو خواہ پٹا باز لوگوں کا (۴-۱) یوم التعطیل چھٹی کا دن - یوم الراحت - مسلمانوں کی تعطیل کا ساتواں دن +

بچپن میں بھی بچتی پھری خانہ ویرانی مرے سے جمعہ کو بھی چھٹی نہ ملی ہفتے کے غم سے (نامعلوم)

جمعیت - ع - اسم مؤنث (۱) فراہمی - اکٹھا ہونا (۲) گروہ - مجمع - انبوہ - جمگھٹا - بھیڑ بھاڑ + فوج - لشکر - سپاہ - سینا - عسکر - سینا (۳-۱) طمانیت - اطمینان - تسکین - تجمعی - قرار - تشفی - تسلی +

جمعیت خاطر - ع - اسم مؤنث - تسلی - تشفی - تجمعی - آسودگیٔ خاطر - اطمینانِ دل - یکسوئی - طمانیتِ خاطر - تسکینِ دل +

درس و تدریس کے چرچے جو ہیں گھر گھر جاری ہیں یہ جمعیتِ خاطر ہی کی باتیں ساری (آزاد)

جمِ غفیر - ع - اسم مذکر - مرکب از (جم + غفیر) انبوہِ کثیر - بڑا بھاری جمگھٹ - ایسی بھیڑ بھاڑ کہ جس میں زمین نہ دکھائی دے - آدمی ہی آدمی +

جمگھٹ - ا - اسم مذکر - مرکب از (جم + گھٹ) یعنی ایسی کثرت جہاں آدمی کا جسم آسانی سے نہ ٹل سکے (۱) ٹھٹ - بھیڑ - بھیڑ بھڑکا - انبوہ - ہجوم - مجمع - ازدحام - جماؤ - انجمن +

ہجوم رکھتے ہیں جانبازیوں تمے آگے جواریوں کا دِوالی کو جیسے جمگھٹ ہو (ناسخ)

(۲) دیوالی کی اخیر رات - بڑی دیوالی کی پچھلی رات - نیز جواریوں کا اُس شب کو جمع ہونا -

دِوالی اُس نے بھری جان پوچ میٹھے ہم چراغ گور ہمارا دیا ہے جمگھٹ کا (امداد علی بحر)

جمہ

جمگھٹا - ا - اسم مذکر - دیکھو (جمگھٹ، جماؤڑا) +

جُمَل - ع - اسم مذکر - حروفِ ابجد کے اعداد کا حساب - حسابِ ابجد جس قاعدے سے ظاہر ہے -

تو ابجد سے حطی تک ایک ایک گن گر تا سعفص دے دس دس بڑھا
پھر آگے سے سو سو فرزوں کر کے یار دِل اپنا جمل سے لے نادر چھڑا

جُملگی - ع + ف - اسم مؤنث (۱) ہمگی - تمامی - عمومیت (۲ - صفت) تمام - سب - کل - میزان - ہمہ - جملہ - سب کا سب - مجموع +

جُملہ - ع - صفت (۱) تمام - سب - کُل + میزانِ کُل - ٹوٹل (۲) کلموں کا مجموعہ - فقرہ - کلام - وہ ہر ایک جملہ جو نحو میں مختلف صفات کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے جیسے جملۂ اسمیہ فعلیہ شرطیہ - انشائیہ خبریہ قسمیہ ندائیہ مستانفہ اور معترضہ وغیرہ +

جملۂ معترضہ - ع - اسم مذکر (۱) وہ زائد فقرہ جو مبتدا خبر خواہ فعل اور فاعل یا شرط و جزا کے درمیان تحسین کلام تقویت یا وضاحت وغیرہ کے واسطے آتا ہے (۲-۱) بات میں بات - ذکر میں ذکر + خارج از بحث ذکر +

جمنا - ف - فعل لازم (۱) منجمد ہونا - اکھٹا ہونا - بستہ ہونا جیسے دہی اور برف وغیرہ کا جمنا (۲) قایم ہونا - ٹھیرنا جیسے پارہ جمنا (۳) پیچ آگنا - نمو ہونا - زمین سے نکلنا - اُپجنا - کھڑا ہونا - پھوٹنا جیسے بال یا پودا جمنا (۴) چپکنا - چمٹنا - لسنا (۵) پکا ہونا - مستحکم ہونا - مضبوط ہونا + جڑ پکڑنا (۶) غیر متحرک یا اٹل ہونا - ڈٹنا - رُکنا - اڑنا - ایک جگہ کھڑا ہو جانا - اکھڑنے کا نقیض جیسے جمکر لڑنا (۷) مستقل ہونا - قائم ہونا - ٹکنا - ٹھیرنا - جیسے نظر جمنا (۸) ٹھیک آنا - ٹھیک بیٹھنا - چسپاں ہونا - موزوں آنا جیسے ٹوپی جمنا (۹ - بازاری) جماع کرنا - مجڑنا - مباشرت کرنا (۱۰) تہ میں بیٹھنا - نیچے بیٹھنا جیسے تلچھٹ وغیرہ کا جمنا (۱۱) لگنا پڑنا جیسے چانٹا جمنا (۱۲) ذہن نشین ہونا - دلنشین ہونا + منقش ہونا - موثر ہونا - دل پر اثر کرنا (۱۳) مشق ہونا - مشاق ہونا - رواں ہونا - بیٹھنا جیسے لکھنے پر ہاتھ جمنا (۱۴) انبوہ رہنا - ازدحام رہنا جیسے میلہ جمنا (۱۵) اطمینان ہونا - قرینِ یقین ہونا - ٹھکنا جیسے دل نہیں جمتا (۱۶ - اسم مؤنث) ہندؤں کے ایک مشہور اور متبرک دریا کا نام جس کے کنارہ پر دہلی متھرا - آگرہ وغیرہ واقع ہیں +

جمنوٹ - ف - اسم مؤنث (پورب) (۱) کنوے کی بنیاد (۲) کنوے کی بنیاد رکھنے کی رسم - رسم بنیاد چاہ +

جمہور - ع - اسم مذکر - لغوی معنی ریت کا ڈھیر - اصطلاحی آدمیوں کا بھاری گروہ + عام - سب - تمام + اُمرا - وزرا +

Digitized By Maktabah Mujaddidiyah http://www.maktabah.org

جمہ

جمہوری سلطنت ع - اِسمِ مؤنث شخصی سلطنت کے برعکس - وہ سلطنت جس میں بادشاہ مطلق العنان نہ ہو - بلکہ تمام رعایا کے عمائد وزرا تجار اور ہر قسم کے آدمی شریکِ حکومت ہوں + غیر جو دخل رسلطنت یا حکومت پنچایتی راج - وہ سلطنت جسمیں کثرت رائے سے بندوبست ہو - زمانۂ حال کے موافق وہ سلطنت جس میں رعایا کے وکیل مدتِ مقررہ کے واسطے اپنے میں سے کسی شخص کو انتظامِ سلطنت کے لئے منتخب کرلیں اِس شخص کو پریسیڈنٹ کہتے ہیں - ایسی سلطنت میں بادشاہ بالکل نہیں ہوتا جیسے فرانس کی جمہوری سلطنت اضلاعِ متحدہ امریکہ کی جمہوری سلطنت +

جمیع - ع صفت - سب - تمام - کُل - ہر ایک مجموع +

جمیل - ع صفت - خوبصورت - حسین - سُندر - خوب - نیکو - نیک +

جمیلہ - ع صفت - جمیلہ - خوبصورت عورت - پرپھرہ +

جن - ع - اِسمِ مذکر (۱) دیو - بھوت - پریت - ملائکہ کی وہ قسم جو آتش سے پیدا کیگئی ہے + روح - بھوتنا - ہمزاد (۲) ع غصہ - غضب - خشم - کرودھ - قہر جیسے اُس پر تو جن سوار ہے (۳) مضبوط آدمی - سخت آدمی - کڑا اور پکا آدمی + مستقل مزاج آدمی - ثابت قدم آدمی (۴) ضدی آدمی - ہٹیلا آدمی - ہر ہو جانیوالا آدمی + سرکش (۵) شہ زور آدمی - زور آور آدمی +

جن اُتارنا - ا - فعلِ متعدی (۱) بھوت کو قابو کرنا - پریت کسی کے اُوپر سے دُور کرنا - آسیب کو بھگانا (۲) کسی کے غصہ کو ٹھنڈا کرنا +

جن اُترنا - ف فعلِ لازم (۱) آسیب دُور ہونا - دیوانے یا سودائی کا ہوش میں آنا (۲) غصہ فرو ہونا - غصہ اُترنا - رسائی میں آنا - دھیما ہونا + ۵ لے پڑی مرغے سے کیا غصہ کہ اتنا غصہ جان دی میں نے مگر جن تمہارا اُترا (برق)

جن چڑھنا - ا - فعلِ لازم - عو غصہ چڑھنا - طیش آنا + آسیب کا اثر ہونا + ضد چڑھنا - ہٹ ہونا - پیچ پڑنا +

جن - ہ - اِسمِ مذکر (۱) شخص متنفس - آدمی - بشر - نفر - فرد (۲) جو جیس تیس جُن - جونسا - جیسے (۳) جین مت کے دیوتا جو تعداد میں ۲۴ ہیں - جین مت کے نیر تھنکر (۴) حرفِ نفی نہیں بت - جیسے جن جاوری سکھی مگ میں ٹھاوو سیام +

جنا - ہ - اِسمِ مذکر - عو (۱) آدمی - شخص - متنفس جیسے ایک جنا آئے (۲) پیدا شدہ جنا ہوا - جنا ہوا - زائیدہ - نطفہ - ٹول جیسے حرام کا جنا - چار اشراف یا حلاف کا جنا +

جنّا - ہ - فعلِ متعدی (۱) پیدا کرنا - بیانا - جسے فارسی میں زادن اور زائیدن کہتے ہیں - عربی ولادت +

جنت

جناب - ع - اِسمِ مؤنث و مذکر (۱) درگاہ - آستانہ - چوکھٹ (۲) حضرت - قبلہ - حضور - مہاراج - صاحب - خداوند (۳) خود بدولت - آپ - روپ +

جنابِ اقدس - ع - اسمِ مذکر - حضور معلّے - عالیجناب +

جنابِ عالی - ع - اِسمِ مذکر - عالی جناب - خداوندِ نعمت - حضرت سلامت +

جنابت - ع - اِسمِ مؤنث - آلودگی - نجاست - ناپاکی - گندا پن - وہ ناپاکی جو مرد و عورت کی صحبت سے ہو یا احتلام سے - نجاستِ حکمی (حقیقی معنی دُوری مجازی دوری از طہارت) +

جنات - ع - اِسمِ مذکر - جن بمعنی دیو کی جمع مگر کُتبِ عرب میں اس طرح نہیں آیا +

جنازہ - ع - اِسمِ مذکر (۱) لاش - لوتھ - مُردہ جسم (۲) تابوتِ مردہ + تختۂ تابوت ارتھی - بوان - بجرہ - بعض لغات والوں نے لکھا ہے کہ بمعنی لاش بکسر جیم عربی ہے مگر زیادہ اس طرف گئے ہیں کہ دونوں طرح درست ہے +

جنازہ دیکھے - ا - عو - قسم سخت یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے جو یہ بات کرے +

جنازۂ رواں - ع - ف - اسمِ مذکر - مراد گھوڑا +

جنازہ نکلے - ا - عو - دعاے بد - مرے - مرجاے +

جنانا یا جنوانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) بچہ دلوانا (۲) پیدا کرانا - بچہ کو پیٹ سے نکالنا - دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچہ باہر نکالنا +

جنائی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) جنانے والی عورت - دائی - قابلہ (۲) جنانے کی اُجرت پیدا کرائی کا حق - تولہ کرانے کی مزدوری جو قابلہ کو دی جاتی ہے +

جُنبش - ف - اِسمِ مؤنث - لرزش - حرکت - چال - رفتار - گردش - ہلن - ڈولن - ہلنا - جُلنا - تحرّک +

جُنبش دینا - ا - فعلِ متعدی - ہلانا - حرکت دینا - جھنجھوڑنا +

جنت - ع - اِسمِ مؤنث - باغ - بہشت - سُرگ - بیکنٹھ - دونخ کا نقیض +

جنت نصیب کرے - ا - دعاے عاقبت بخیر - بہشت ملے +

جنتر - س - اِسمِ مذکر (۱) آلہ - کل - اوزار - راچھ - آلۂ جرثقیل (۲) بین - ایک قسم کا باجا (۳) افسوں - ٹوٹکا - طلسماتی نقشہ - منتر + تعویذ - گنڈا (۴) ایک ظرف کا نام جس سے مُنہ میں روغن وغیرہ نکالتے ہیں صحیح بسکون نونِ فوقانی +

جنتر منتر - س - اِسمِ مذکر (۱) بازی گری - نظر بندی - ہاتھ بندی - سحر سازی جادوگری - شعبدہ بازی - ٹوٹکا فسوں سازی + نیرنگی فریب بازی دھوکا بازی (۲) رصد گاہ - اکاس لوچن - رمد - وہ اُونچا مکان جس پر نجومی لوگ بیٹھ کر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جنت

جنتری - ہ - اسمِ مؤنث (ایک اوزار کا نام جس میں بہت سے چھید ہوتے اور انگیں تار ڈال باریک یا لمبا کرتے ہیں - یہ اکثر تلوار کا مگلوا سا ہوتا ہے - وہ تلوار کا سوراخ دار ٹکڑا جس میں تار ڈال کر بارا نکالتے ہیں (۲) اسمِ مذکر) بھانمتی - شعبدہ باز - جادوگر - فریبی (۳ - اسمِ مؤنث) تقویم - پترا - حساب یکسالہ جس میں منجم ستاروں کی گردش واحوال مع تاریخ وسن درج کرتے ہیں +

جنتری میں کھنچنا - ہ - فعل - تار کے اوزار میں نکلنا + کجی نکلنا - ٹیڑھ نکلنا سیدھا ہونا - سیدھا بننا - درست ہونا - ٥

کہتے تھے جو مزاج میں بل تار کی طرح وہ لوگ جنتری میں کھنچے گوتر نگ سے (امداد علی)

جنتری میں کھینچنا - بانکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) تار کو جنتری کے ذریعہ سے پتلا یا لمبا کرنا - تار بڑھانا (۲) سیدھا کرنا - کجی نکالنا - ٹیڑھ پن نکالنا - درست اور سیدھا بنانا - تکلے کے بل نکالنا +

جنتو - ہ - اسمِ مذکر (ہندو) ا - جیو - جانور - پرانی پشو - حیوان (۲) رینگنے والے جانور - کیڑے مکوڑے - حشرات الارض +

جنتی - ع - صفت (۱) بہشتی - سرگی - بیکنٹھی - بہشت میں رہنے والا (۲ - ا) مغفور - مرحوم - بیکنٹھ باشی (۳ - ا) نیک آدمی - بھلا آدمی - اُپکاری + خدا ترس آدمی - رحم دل آدمی (۴ - ا) بھولا آدمی - سیدھا آدمی + سادہ لوح - احمق - بھولا بھالا - گاؤدی - دُنیا و مافیہا سے بیخبر +

جنتی - ہ - اسمِ مؤنث - عو (۱) ماں - مادر - ماتا - آماں - والدہ - مہتاری (ہندو - عو) جنّی (۲) تار کھینچنے کا اوزار - تلوار کا وہ سوراخ دار ٹکڑا جس کے اندر سے تار کا بارا نکالتے ہیں +

جنجال - ع - اسمِ مذکر (۱) بلا - آفت - مصیبت - وبال - عذاب - بپتا - دُکھ - تکلیف - ایذا (۲) مشکل - دقت - کشٹ - دشواری - سنکٹ - سختی - صعوبت (۳) حیرانی - پریشانی - سراسیمگی - انتشار (۴) بکھیڑا - جھگڑا - جھکنڈ - ناگوار خاطر (صحیح بفتح جیم مگر مستعمل بکسرِ جیم) +

جنجال میں پڑنا - یا پھنسنا - ہ - فعل لازم - مصیبت میں گرفتار ہونا - بلا میں مبتلا ہونا - بتلائے آفت ہونا - بپتا بھگتنا - عذاب میں پڑنا - مشکل میں پڑنا - حیران و سرگرداں ہونا +

جنجالی - ہ - اسمِ مذکر - بکھیڑیا - وبالی + جھگڑالو - حاج - مزاحم +

جنڈرے ڈھیلے ہونا - ہ - فعل لازم - عو - لغوی معنی کل پُرزوں کا نکما ہونا - اصطلاحی سُست ہونا - کاہل ہونا جیسے کچھ گیہوں گیلے کچھ

جنگل

جنڈرے ڈھیلے (کہاوت) +

جنڈری - ا - اسمِ مؤنث - عو + جان کی تصغیر بالتحقیر - جان - جیسے تیری جنڈری پر پڑے +

جنڈ - ہ - اسمِ مذکر (۱) ایک جنگلی درخت کا نام جسے سانگر بھی کہتے ہیں - اسکی پھلیوں کا اچار نہایت ہاضم ہوتا اور صاحبان ہنود میں اکثر ڈالا جاتا ہے +

جنس - ع - اسمِ مؤنث (۱) چیز - بست - شے + اسباب - سودا - اٹالہ - مال + سوداگری مال - سوداگری اسباب (۲) ذات - قماش - نوع - صنف - قسم - جماعت - اصطلاح منطق میں جس کے تحت میں کئی نوع مندرج ہوں جیسے حیوان جنس و انسان نوع اور حبشی و ہندی وغیرہ اصناف ہیں (۳) اناج غلہ - اَن - دانہ + پیداوار (۴) زیور - گہنا - ٹوم - جواہر (۵) تذکیر و تانیث +

جنس خانہ - ع + ف - اسمِ مذکر - گودام - گنجینہ - کوٹھری - بھنڈار - مردی خانہ - مال گھر +

جنس وار - ع + ف - صفت (۱) قسم وار - تفصیل وار (۲) وہ نقشہ جسے پٹواری ہر شماہی پر بھر کے تحصیل میں داخل کرتے ہیں - اس میں کاشت شدہ جنسوں کی کیفیت ہوتی ہے +

جنسیت - ع - اسمِ مؤنث - ہم قسم ہونا - ہمجنس ہونا - ایک میں ہونا - یکساں ہونا +

جنگ - ہ - اسمِ مذکر - مٹھا - پشتارہ - گٹھڑ - مجموعہ - مجموعۂ کتاب - بنڈل +

جنگ - ف - اسمِ مؤنث (۱) جدھ - رن - لڑائی - معرکہ - رزم - کارزار - بھارت - محاربہ - جدل - نبرد - پیکار - حرب (۲) عداوت - کینہ - دشمنی - خصومت - بیر پرخاش - مخالفت - مخاصمت +

جنگ آزمودہ - ف - صفت - لڑائی دیکھا ہوا - پیکار دیدہ + ولیر - نبرد آزما - لڑائی کی گھاتوں سے واقف +

جنگ آور - ف - صفت - لڑنے والا - لڑائی پر چڑھنے والا +

جنگ جو - ف - صفت - لڑاکا - جھگڑالو - جنگ خواہ - تجتی - تکراری - شورہ پشت

جنگِ زرگری - ف - اسمِ مؤنث - جنگِ ساختہ - جھوٹ موٹ کی لڑائی - وہ مصالحت کی لڑائی جو دشمن کے دھوکا دینے کے واسطے بغیر از عداوت لڑیں - سازشی لڑائی جس طرح پتنگ بازی میں غوطہ چارہ یا کشتی میں کمار ہوتا ہے +

جنگ کرنا - ا - فعل لازم - لڑنا - جھگڑنا - جدھ ڈالنا +

جنگ و جدل - ف + ع - اسمِ مذکر - لڑائی بھڑائی - کھٹاپٹی - رگڑا جھگڑا - جھگڑا ٹنٹا - دنگہ و فساد - قتال و جدال +

جنگل - ف - س - اسمِ مذکر (۱) جھاڑی - بن - کھنڈ - بن نخلستان (۲) صحرا - بیابان

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جنگ

میدان - ریگستان - جیسے جنگل میں منگل اور بستی میں کڑاکا (کہاوت) (۳) بنجر غیر زرخیز زمین بے کاشت زمین - بلا ترُدّد زمین - زمین نافتادہ - اُوجڑ - ویران جگہ (۴) چراگاہ - علف گاہ - چوپاؤں کے چرنے کی زمین (۵) بادشاہی شکارگاہ صیدگاہ - رمنا - خودرو درختوں کی زمین - تراکم اشجار - درختوں کی کثرت +

جنگل جانا - ف - فعل لازم (گنوار) ٹٹی جانا - جھاڑے جانا - فراغت جانا - پیخانے جانا (اہل قلعہ گئے جانا اور اہل دہلی بیت الخلا یا جاغور جانا بولتے ہیں) +

جنگل جلیبی - ا - اِسم مؤنث (اطفال) گوہ پیخانہ - براز - لینڈی +

جنگل کا آدمی - ا - اِسم مذکر - بن مانس + بندر + وحشی آدمی - مردم صحرا + غیر شائستہ - غیر مُہذب آدمی +

جنگل کی ہَوا - ا - اِسم مؤنث - ہوائے تازہ - لطیف ہَوا +

جنگل میں منگل ہونا - ا - فعل لازم صحرا یا بیابان میں تمام عیش و عشرت کا سامان مُہیّا ہونا + ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا + ؎

آیا اپنے پاس وہ ماہِ دوہفتہ شہر سے — اے جنوں لے دن پھرے جنگل میں منگل ہوگیا (صبا)

جنگل میں مورنا چاکس نے دیکھا - ا - (کہاوت) یعنی اگر غربت میں ثروت ہوئی تو کس کام کی - اگر غیر ملک یا پردیس میں سخاوت فیاضی اور امیری دکھائی تو کس کام کی آئی - یعنی عزت اور ناموری اپنے ہی دیس کی اچھی ہے +

جنگل والا - ا - اِسم مذکر - عو - سؤر - خنزیر - خوک - گراز - برہ +

جنگلا - ا - اِسم مذکر (۱) بنی - جھنڈ - گھنگا جنگل (۲) ویرانہ - اُوجڑ - غیر آباد جگہ (۳) کٹہرا - ٹٹی - چار دیواری - باڑ - احاطہ - وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو صحن کے گرداگرد لگا دیتے ہیں - جالی ؎

چوگرد میرے رہتی ہیں لوگوں کی ٹٹیاں — وحشت نے اہل شہر کو جنگلا بنا دیا (برق)

(۴) حاشیہ جو کسی دوپٹے وغیرہ پر گوٹے کناری کا بنایا یا گاڑھا جائے - نیز مختلف رنگوں کے بیل بوٹے (گنوار) (۵) ایک راگ کا نام + ؎

جوشِ جنوں میں رہتے ہیں صحرا کے سامنے — جنگلا وہ روز گاتے ہیں آ کے سامنے (برق)

جنگلا لگانا - ا - فعل متعدی - کٹہرا لگانا - احاطہ کے گرد ٹٹی لگانا - باڑ لگانا +

جنگلی - ا - صفت (۱) دشتی - وحشی صحرائی بھڑکنے والا - بدکنے والا (۲) خودرَو قدرتی - آپ ہی آپ اُگا ہوا (۳) گنوار - اُجڈ - ناشائستہ - غیر تربیت یافتہ - ناتراشیدہ - جاہل - بے تمیز +

جنگلی سُؤر - اِسم مذکر (۱) خوکِ صحرائی (۲) موٹا اور بدصورت آدمی +

جنگی - ف - اِسم مذکر (۱) سپاہی - لشکری - محارز (۲) شجاع - بہادر - دلاور -

جنم

سورما (۲) صفت قابلِ جنگ - لڑائی کا - میدان کے قابل - لڑاکا - (۳) صفت) فوجی - ملیٹری جیسے جنگی قانون - جنگی افسر (۵) صفت) بڑا عظیم جُغادری - کلاں + فراخ - کشادہ - وسیع - چوڑا + طویل لمبا +

جنگی بیڑا - ا - اِسم مذکر - جنگی جہازوں کا سلسلہ بہت سے جنگی جہاز - سامان جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز + بحری فوج +

جنگی پرنالا - ا - اِسم مذکر خصّی پرنالے کا تقیض - وہ پرنالا جس کی دھار دور جا کر پڑے +

جنگی جہاز - ف + ع - اِسم مذکر (۱) لڑائی کا جہاز (۲) بہت بڑا جہاز +

جنگی فوج - ف + ع - اِسم مؤنث (۱) لڑائی کی سپاہ (۲) بڑی فوج +

جنگی لاٹھ - ا - اِسم مذکر - سپہ سالار - کمانڈر انچیف - وہ فوج کا سب سے بڑا افسر جس کے ماتحت تمام سپاہ ہو (لاٹھ Lord لارڈ انگریزی لفظ کا بگڑا ہوا ہے) +

جنم - ا - اِسم مذکر (۱) ولادت - پیدائش - پیدا ہونا - اُتپت + نکاس نسل + بنیاد اصل + خلقت - فطرت - نیچر - آفرینش + رُوح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۲) زندگی - حیات - زیست - عُمر - اَوستھا (۳) عادت خصلت بان - ہمیشہ - مُدام - سدا - دوام جیسے جنم بھر - جنم جنم کو +

جنم اَشٹمی - ا - اِسم مؤنث (۱) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جس روز کرشن جی نے جنم لیا تھا - کنھیا جی کی پیدائش کا روز (۲) کرشن جی کی سالگرہ کا دن - جس میں ہندو لے کے اندر کرشن جی کی مورت رکھ کر آدھی رات کو پوجا کرتے ہیں +

جنم اندھا - ا - اِسم مذکر - کورِ مادر زاد - پیدائش کا اندھا +

جنم باؤلا - ا - اِسم مذکر - خلقی دیوانہ - جنم کا پگلا +

جنم بگاڑنا - ف - فعل متعدی (۱) زندگی بگاڑنا - گناہ میں زندگی بسر کرنا (۲) عادت بگاڑنا بُری خو اختیار کرنا (۳) دھرم بگاڑنا - دھرم کو بٹا لگانا - ایمان بگاڑنا +

جنم بگڑنا - ف - فعل لازم (۱) زندگی برباد ہونا + زندگی کو روگ لگنا (۲) بیوہ ہونا رانڈ ہونا (۳) دھرم میں فرق آنا - ایمان میں خلل پڑنا +

جنم بھر - ف - صفت - تمام عُمر - عُمر بھر - حین حیات - تا بہ زندگی - تا زیست +

جنم بھوم یا **جنم اَستھان** - ف - اِسم مذکر (۱) زادبوم - مسقط الرأس - ولادتگاہ مولد (۲) وطن - مسکن - دیس - ولایت +

جنم پتری - یا - **جنم پترا** - ف - اِسم مؤنث - زائچہ - تقویم - لگن کنڈلی - (وہ کاغذ جو بچے کی پیدائش کے وقت ستاروں کے حساب سے موجب تمام عمر کے احکام و احوال کے ساتھ لکھا جاتا ہے)

جنم

جنم جلا } صفت عو (۱) پیدائش کا بدنصیب۔ بدطالع۔ بدقسمت۔ بدبخت کمبخت
جنم جلی } منحوس شوم طالع۔ نگوڑا جیسے تری نے دیا جنم جلی نے کھایا جیب چلی نہ سوداد آیا (۲) بیچارہ مصیبت زدہ (۳) قلیل۔ بہت ہی تھوڑا بہت ہی کم۔ ذرا سا جیسے کیا جنم جلا سودا دیا ہے +

جنم جنم ۔ ۲ صفت (۱) ہمیشہ۔ مدام۔ سدا جیسے جنم جنم کا ساتھ چھوٹا جاتا ہے (۲) آواگون تناسخ۔ روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا +

جنم دِن ۔ ۲۔ اِسم مذکر (۱) یوم پیدائش۔ روز ولادت (۲) سالگرہ کا دِن برس گانٹھ کا دِن جسمیں عمر کی گنتی کے واسطے کلاوہ میں گرہ دی جاتی ہے +

جنم روگی ۔ ۲ صفت۔ دائم المرض + جنم کا دُکھیا + دُکھ کی پوٹ۔ سدا روگی +

جنم کُنڈلی ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (ہندو) چھوٹی جنم پتری۔ زائچۂ خرد یا مجمل + لگن کنڈلی۔ یوم پیدائش کا مختصر زائچہ +

جنم لینا ۔ ۲۔ فعل لازم (۱) پیدا ہونا۔ دُنیا یا ہستی میں آنا (۲) عقائدِ ہنود کے موافق اپنی کرنی بھوگنے کے واسطے دوبارہ کسی گھر یا کسی اور قالب میں پیدا ہونا تناسخ۔ آواگون + ؎

اے بتو ہم بھی تو جانیں کہ جنم لیتے ہیں تم میں سے کوئی صنم جان ہمارا ہو جائے (امداد علی بحر)

جنم مَرن ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (ہندو عو) ہمیشہ کی موت۔ موتِ ابدی +

جنم میں تھوکنا ۔ ۲۔ فعل متعدی۔ عو۔ دوش لگانا۔ ذات بنیا پر لعنت ملامت کرنا۔ نام دھرنا۔ عیب لگانا جیسے ان کوتاہوں پر کوئی کیا جنم میں تھوکیگا +

جنّا ۔ ۲۔ فعل متعدی۔ بچہ دینا۔ بیانا۔ زائیدن کا ترجمہ جیسے جنے کو کئی گوند بکھائے کھائے کوئی۔ جنا اور مرنا برابر ہے +

جنوا سا ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ دُلہن کے گھر کی وہ جگہ جہاں دُولھا اور برات ٹھیرائی جائے

جنوانا ۔ ۲ متعدی المتعدی۔ بچہ دِلوانا۔ بچہ نکلوانا۔ بچہ کو پیدا کرانا +

جنوانسا۔ یا جوانسا ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ ایک خاردار کپودا جسے اکثر اُونٹ کھاتا اور موسم گرما میں لوگ خس کی بجائے ٹٹیوں میں لگاتے ہیں +

جنوائی ۔ ۲۔ اِسم مذکر (۱) داماد۔ بیٹی کا خاوند۔ خویش (۲۔ عو) دشمن آستین کا سانپ۔ دشمن بغل جیسے بھلے کے بھائی بُرے کے جنوائی (کہاوت) (۳) بیٹی کی گالی جو نہایت سخت سمجھی جاتی ہے +

جنوب ۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) شمال کا نقیض۔ سیدھے ہاتھ کی طرف۔ دکھن دکھن قطب شمالی سے نیچے کی طرف کا ملک یا رُخ (۲) دکھنی ہوا۔ جنوبی ہوا +

جنوں ۔ ع۔ اِسم مذکر (۱) دیوانگی۔ سودا۔ پاگلپن۔ سڑپن۔ باؤلاپن۔ خبط۔ مالیخولیا (۲) غصہ۔ غضب۔ طیش۔ خشم +

جنوں آنا ۔ ۱۔ فعل لازم۔ غصہ آنا۔ حسرت وافسوس آنا + ؎

مجبور رہ کے پھر یہ آیا جنوں کیا یہ سمجھا تھا کیوں اُدھر دیکھا (درد)
مجھکو آتا ہے جنوں اِسپہ کریا روح کا میں ہوں دیوانہ وہ سمجھا نہیں مجنوں اپنا (جرأت)

جنوں چڑھنا ۔ ۱۔ فعل لازم (۱) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲۔ عو) غصہ چڑھنا۔ طیش آنا۔ غضبناک ہونا +

جنونی ۔ ع۔ صفت (۱) پاگل۔ دیوانہ۔ باؤلا۔ خبطی۔ فاتر العقل۔ ناقص العقل۔ نشٹ بُدھی (۲۔ عو) غضبی۔ غصیل۔ ظلی۔ سفاک +

جنھیں ۔ ۲۔ تابع فعل۔ جن کو جس کسی کو۔ جن لوگوں کو +

جنّی ۔ ع۔ اِسم مذکر۔ تسخیر جن کا عمل رکھنے والا۔ بھوت پریت اُتارنے والا۔ سیانا۔ عامل۔ اوجھا۔ بھوپا + جادوگر اور ساحر +

جنّی یا جناتی خط ۔ ۱۔ اِسم مذکر۔ بدخط۔ وہ خط جو اچھی طرح پڑھا نہ جائے۔ گھسیٹ شکستہ خط +

جنی ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (۱) عورت۔ گنوائی۔ تریا۔ استری۔ زن۔ ناری (۲) خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما + چھوکری۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیزک چیلی (۳) دُختر۔ بیٹی۔ لڑکی۔ صبیہ۔ پتری (۴ صفت) زائیدہ۔ نطفہ سے جیسے حرام کی جنی۔ شیطان کی جنی (گالی) (۵) سہیلی۔ گوئیاں۔ آلی (صرف کتابوں میں دیکھا ہے) +

جنے ۔ ۲۔ حرف شرط (اطفال) جانے کا مخفف (۱) گویا۔ جیسے مانو فرض کرو جانے (۲ استفہام۔ عو) خدا جانے۔ خبر نہیں۔ معلوم نہیں۔ مثلاً جنے کہاں گرا +

جنیا ۔ ۱۔ جانی کی تصغیر۔ جانِ من + جنا +

جنیت ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (ہندو) برات +

جنید ۔ ع۔ اِسم مذکر۔ ایک نہایت مشہور۔ صوفی مشرب۔ ولی کامل ساکن بغداد کا نام جو ۲۹۷ھ رجب ۲ دوشنبہ کو گرفتار عالم بقا ہوئے +

جنین ۔ ع۔ اِسم مذکر۔ وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو۔ پیٹ کا بچہ + کچا بچہ۔ اُدھورا بچہ۔ مُضغہ۔ لوتھڑا +

جنیئو ۔ ۲۔ اِسم مذکر (۱) زُنّار (وہ بٹا ہوا تاگا جسے اکثر برہمن لوگ حامل یعنی بیمی کی طرح گلے میں ڈالے رہتے ہیں۔ بلکہ کھتریوں بنیوں وغیرہ میں بھی اس کا دستور ہے مگر کھتری برہمن ہی ہیں) + (۲) جواہرات مثل عقیق وغیرہ کے اندر جو سفید یا سیاہ۔ آڑی خواہ سیدھی لکیر یا بال ہو اُسے بھی جنیئو کہتے ہیں۔ جرم سنگ (جنیئو اساڑھ میں کاوشی کے دن برہمن تنتر پڑھ کر بناتے ہیں) +

جنیئو کا ہاتھ ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ پٹابازی یا تیغ بازی کی اُس ضرب کا نام جو حامل وار

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جنی

حریف کے سینہ پر لگاتے ہیں +

جنیوا - لاطینی - اِسمِ مذکر (۱) سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے شہر کا نام جہاں اونے قسم کی گھڑیاں کثرت سے بنتی ہیں (۲) ایک قسم کی گھٹیا گھڑی +

جو - ہ - اسم موصول (۱) ہر شخص - ہر کہ - جن - جو کوئی - کسے باشد جیسے جو کرے سو بھرے (۲) حرف شرط) اگر - بشرطیکہ - بالفرض - جس صورت میں جس حال میں +

جو جو - ہ - تابع فعل - جن جن سا - ہر کوئی - ہر شخص - ہر چیز - جو چیز - جن +

جو کچھ - ہ - تابع فعل - جس قدر - جتنا - جہاں تک +

جو کوئی - ہ - تابع فعل - ہر ایک - ہر کوئی - جو چاہے - جسے منظور ہو +

جو کہ - ہ - حرف شرط - چونکہ - اگرچہ +

جو ہو - ہ - تابع فعل (۱) ہر چہ باد - جو کچھ ہو - کچھ ہی ہو (۲) جس قدر ہو - جتنا ہو جیسے جو ہو سو لے آؤ +

جو ہو سو ہو - ہ - تابع فعل - ہر چہ باد باد - کچھ ہی کیوں نہ ہو جیسے بن ہوری کھیلے نہ جاؤ نگی بنواری جو ہو سو ہو (گیت) +

جو ہیں - ہ - تابع فعل - جس وقت کہ - جبکہ - جس وقت - جس لمحہ - وہیں - فوراً +

جُو - ف - ہ - اِسمِ مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ سفید و زرد دو قسم جسے اکثر غربا اور جانور کھاتے ہیں شعیر (۲) مقدار قلیل - قدرے - ذرا + انچ کا تیسرا حصہ +

جُو جُو - ف - تابع فعل ذرا ذرا - رتی رتی - جتنا جتنا - جیسے حساب جُو جُو بخشش سو سو +

جُو فروش گندم نما - ف - صفت - دغاباز - وہ شخص جو گیہوں دکھا کر جَو دیدے وہ شخص جو دکھائے کچھ اور دیوے کچھ - ریاکار - دکھاوے کی عبادت کرنیوالا +

جُو کوب - ف - صفت - ذرہ ذرا - موٹا موٹا کٹا ہوا +

جَوا - ہ - اِسمِ مذکر (منسوب بہ جَو) ایک قسم کی شکل جو پتی جو کشیدے یا کارچوب یا ٹوپیوں وغیرہ پر کاڑھتے ہیں (۲) اسن کی پونجی کا ہر ایک حصہ وا میر (۲) ہندوؤں میں چھوٹی چھوٹی سوئیاں جن کو عورتیں بچے بھی کہتی ہیں +

جَوا کھار - ہ - اِسمِ مذکر - نمک جَو - وہ شورہ کہ جَو کو جلا کر اُس کی خاک سے نکالیں +

جواہر - ہ - اسم مؤنث چھوٹی ہڑ سیاہ ہڑ جو نہایت چھوٹی ہو +

جُوالا - ہ - صفت - جو آمیز - وہ گیہوں جن میں جو ملے ہوئے ہوں + گوجرا +

جُوا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل کے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے مُباد - سُخ جیسے ہ ارا ہے جوے کے نام سے بیل (۲) قمار شرط بازی - داؤں بازی جیسے پرائے پر تے کھیلا جُوا آج نہ وا کل مُوا +

جُوا چور - ہ - اِسمِ مذکر - وہ جُواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے +

جوا

جُوا کھیلنا - ہ - فعل لازم - قمار بازی کرنا - داؤں لگانا - پاسہ پھینکنا +

جَواب - ع - اِسمِ مذکر (۱) سُوال کا نقیض - بات کا اُتر - اُتر - پاسخ (۲-۱) مقابل - جوڑ - ہمسر + مانند - نظیر مثل - ثانی + ہ

کیا جو خالق عالم نے خلق دل میرا خلیل نے کہا کہیے کا یہ جواب بنا (امیر)

(۳-ع) رد - تردید - ردِ کلام - پرتی اُتر (۴) عرض - بدلہ - جزا - پاداش - مکافات - تلافی جیسے اس کا خدا جواب دے (۵) معزولی - برطرفی - موقوفی برخاستگی علیحدگی (۶) جوڑا جُفت (۷) انکار - ناپسندی - نامنظوری جیسے شادی یا کسی چیز کے خریدنے کا جواب یعنی انکار دیتے تو جواب دیدو +

جواب الجواب - ع - اِسمِ مذکر - جواب کا جواب +

جواب باصواب - ع - اِسمِ مذکر - مناسب اور عمدہ جواب جسے مُراد جواب - جواب معقول - بہتر جواب +

جواب پانا - ا - فعل لازم (۱) موقوف ہونا - برطرف ہونا (۲) سزا پانا - مکافات پانا +

جواب پڑھنا - ا - فعل لازم - سوز خوانوں کی اصطلاح میں مرثیہ کے اوّل مصرعہ کو اعادہ کرنا - مصرعہ دُہرانا +

جواب دعوے - ع - اِسمِ مذکر (قانون) مُدعی علیہ کا نوشتی جواب +

جواب دِہ - ع + ف صفت (قانون) ذمہ دار - ضامن + مواخذہ طلب جیسا دِہ + قابلِ بازپرس +

جواب دہی - ع - ف - اسم مؤنث (قانون) مُواخذہ ذمہ داری کفالت - بازپرسی +

جواب دہی کرنا - ا - فعل لازم (قانون) دعوے کرنا - مواخذہ کرنا - بازپرس کرنا

جواب دینا - ا - فعل متعدی (۱) اُتر دینا - پاسخ دینا (۲) ردِ کلام کرنا - تردید کرنا - بات رد کرنا (۳) جواب دِہ ہونا - قابلِ بازپرس ہونا + کفیل ہونا - ذمہ دار ہونا جیسے تم کو اس بات کا جواب دینا پڑیگا یعنی تم ذمہ دار ہوگے (۴) موقوف کرنا معزول کرنا - برطرف کرنا - خارج کرنا - نام کاٹنا (۵) تیاگنا - چھوڑنا - تجنا - ترک کرنا جیسے طاقت نے جواب دیدیا (۶) خلاف گفتگو کرنا گستاخی بے ادبی سے بات کرنا جیسے غلام یا ماتحتی وغیرہ کا اپنے آقا کو جواب دینا (۷) انکار کرنا منظور نہ کرنا - نہ ماننا +

جواب دیدینا - ا - فعل متعدی (۱) بالکل انکار کر دینا - ناٹ جانا (۲) موقوف کر دینا - برطرف کر دینا (۳) چھوڑ دینا - جیسے زندگی نے جواب دیدیا - طاقت نے جواب دیدیا - آنکھوں نے جواب دیدیا وغیرہ +

جواب سوال - ع - اِسمِ مذکر - بحث مُباحثہ مُجادلہ تکرار + ردّوکد - دو دفعہ + بحثا بحثی + مُناظرہ - گفت وشنید + کج بحثی +

(۱) جسقدر رشتے ہ گر میرے اشک خونیں سے نگ حنا ملے + جو چور کی سزا ہو وہ محکوم سزا ملے (۲) - جو لوگ جو کچھ - جو آدمی ہ یں ماندگانِ قافلہ کا انتظار تھا + جو رہ گئے تھے راہ میں یا رہ گئے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوا

جواب سوال کرنا - ا - فعلِ متعدی - مباحثہ کرنا - بحث کرنا - حجت کرنا - دلیل کرنا - مناظرہ کرنا - تقریر کرنا - تکرار کرنا - معترض ہونا - مقابلہ کرنا - جھگڑنا +

جواب شافی - ع - اِسمِ مذکر - تسکین بخش جواب - ٹھیک جواب - پورا جواب +

جواب صاف - ع - اِسمِ مذکر - بالکل انکار - مطلق انکار - ۵ صاف تھا جبتک جوابِ صاف تھا قاصد کے تئیں اب جو خط آنے لگا شاید کہ خط آنے لگا (نامعلوم)

جواب طلب - ع - صفت (۱) قابلِ بازپرس - قابلِ مواخذہ (۲) مشتبہ - مشکوک - قابلِ دریافت +

جواب طلب کرنا - ا - فعلِ متعدی - بازپرس کرنا - مواخذہ کرنا + وجہ دریافت کرنا - سبب پوچھنا - باعث دریافت کرنا +

جواب قطعی - ع - اِسمِ مذکر (۱) پورا پورا جواب (۲) دیکھو (جوابِ صاف) +

جواب کرنا - ا - فعلِ لازم - جرح کرنا - مقابلہ کرنا - مباحثہ کرنا +

جواب ملنا - ا - فعلِ لازم (۱) انکار ہونا (۲) موقوف ہونا - برطرف ہونا (۳) مکافات ملنا - بدلہ ملنا - سزا یا پاداش ملنا +

جواب ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) دیکھو (جواب ملنا) (۲) جوڑ ہونا - ہمسر ہونا - مقابل ہونا - جیسے کا تیسا ہونا +

جوابی - ع - اِسمِ مذکر (۱) وہ شخص جو سوز خوانی میں مرثیہ کا پہلا مصرعہ ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھے (۲) مقابلِ مشتبہ - نظیر (۳) فریقِ ثانی - مدعا علیہ - طرفِ ثانی - مخالف (۴) صفت - جھگڑنے اور جواب سوال کرنے والا - حجتی - تکراری +

جوآر - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) سمندر کا اُتار - جزر - برخلافِ مد +

جوآر بھاٹا - اِسمِ مذکر - جزر و مد - سمندر کا اُتار چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے روزانہ ہوتا ہے - سمندر کے پانی کا چڑھنا اُترنا +

جوارش - مُعرب - اِسمِ مؤنث - اصل (گوارش) ایک مرکب دوا کا نام جو خوش ذائقہ اور ہاضم و مُقوی معدہ ہوتی ہے - یہ خلافِ معجون ہے +

جواری - ہ - اِسمِ مذکر - قمار باز - جوا کھیلنے والا - شرط لگانے والا اور باجیت کرنے والا - بازی بدنے والا +

جواری ڈھنڈاری - ہ - اِسمِ مذکر - عیب چھپانے والا - شہدا - بدمعاش - لُچہ - پانچوں عیب شرعی - بدچلن - بداطوار +

جواری - ا - اِسمِ مؤنث - ایک درخت کا نام جو ستار یا طنبورے کے اُوپر بندھا ہوا ہوتا ہے اور سُر ونکالو نچانا اُسی پر موقوف ہے ستار کی کھرچ ستار کی گھوڑی +

جواز - ا - اِسمِ موقوف (۱) شعلہ - لو - لپٹ - بھبکا - جوت (۲) آگ - آتش - نار

جوا

(۳) حدت - حرارت (۴) تندی - تیزی (۵) سوزِ محبت - آتشِ عشق (۶) دُرگا دیوی - یہ بی بی اُس دیوی کا نام جس کا استھان ضلع کانگڑا میں واقع ہے اور ہزاروں ہندو وہاں جاترا کو جاتے ہیں +

جوالا مکھی - ہ - صفت (۱) آتش دہاں (۲) - اِسمِ مذکر - کوہِ آتش فشاں - وہ پہاڑ جہاں سے آگ کے شعلے نکلتے ہوں +

جوان - ف - صفت (۱) نوعمر - صغیر السن - خُرد سال - کم سن + نوخیز - بچہ - پٹھا یا بٹا (۲-۱) مضبوط - قوی (۳-۱) نیا - تازہ (۴) بہادر - دلیر (۵) - اِسمِ مذکر - برنا - گبرو + بالغ - سیانی سے سیانا - بالغ + بالغ ہونے سے تیس برس تک کی عمر کا آدمی جیسے جوانوں کو چاہیے بڑھاپے کو سیاہ کی پڑی (۶) بہادر - سپاہی - طاقت ور سپاہی (۷) لڑکا - چھوکرا - لونڈا - امرد - نئے ریش +

جوان بخت - ف - صفت (۱) جوان نصیب و الا کامران - اقبال مند - بہرہ مند - مقصود - بختاور - خوش نصیب - بھاگوان - خوش قسمت - نیک اختر (۲) تیمور یا خاندان کے اخیر پنشن خوار بادشاہ کے بدطالع خفتہ بخت ولیعہد کا جو نواب زینت محل کے بطن سے تھا - غالب اور ذوق کی اسی کی شادی کے سہرے کی بابت کہا ہے کہ جھوک ہو گئی تھی ؎

اے جوان بخت مبارک تجھے سر پہرا آج ہے یمن و سعادت کا ترے سر سہرا (ذوق)

خوش ہوا بخت کہ ہے آج ترے سر سہرا باندھ شہزادہ جوان بخت کے سر پر سہرا (غالب)

جوانِ صالح - ف - ع - اِسمِ مذکر - نیک بخت جوان - جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا - نیک چلن - پرہیزگار - نیکوکار +

جواں مرد - ف - صفت (۱) سخی - کریم - داتا - فیاض - دھرماتما - فراخ دل - (۲) عالی ہمت - اُولوالعزم - بلند حوصلہ - بلند ہمت - عالی منش (۳) شجاع - بہادر - سُورما - غازی + جدی - دلیر - دل چلا - من چلا - مُبارز +

جواں مردی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) شجاعت - شیر دلی - بہادری - سُورماپن - تہور (۲) عالی ہمتی - بلند حوصلگی (۳) بے باکی - جاں بازی - دلیری - جرأت (۴) دریادلی - سخاوت - فیاضی +

جواں مرگ - یا - جوانہ مرگ - ف - صفت (۱) جوان موت مرنے والا - عالمِ شباب میں مرجانے والا - وقت سے پہلے مرجانے والا (۲) دُعائے بد - جا بتیا - جا نہار - مرنے جوگا - جلد مرجانے کے قابل (عورتیں اس کا تلفظ بجوانا مرگ ادا کرتی ہیں) +

جوانہ مرگ مرنا - ا - فعلِ لازم - جوان موت مرنا - جلدی سے مرجانا - بڑھاپے سے پہلے مرنا +

جوانی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) شباب - برنائی (۲) صغر سنی - اوائل عمری (۳) بلوغت - سیان پن - زورِ شباب ۵ جوانی دیوانی یہ مشہور ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوا

جوانی اُبھرنا - ا - فعلِ لازم (۱) عنفوانِ شباب کا ظاہر ہونا - مدّے میں بھرنا بلوغت کا نمایاں ہونا + قد نکالنا - تن توانا ہونا - بدن گدرانا +

جوانی اُترنا - ا - فعلِ لازم - عالمِ شباب کا ڈھلنا - برنائی کا زوال پذیر ہونا + مستی کا کم ہونا +

جوانی اُٹھنا - ا - فعلِ لازم - شباب کا آغاز ہونا +

جوانی چڑھنا - ا - فعلِ لازم - شباب کا زوروں پر ہونا - مستی پر آنا - مدّ پر آنا - مدماتی ہونا - سنِ بلوغت کو پہنچنا +

جوانی دیوانی - ا - کہاوت - جوانی کا عالم دانائوں کے نزدیک دیوانگی سے کم نہیں - جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے یعنی کچھ نشیب و فراز نہیں سوچتا +

جوانی ڈھلنا - ا - فعلِ لازم - جوانی اُترنا - شباب اُترنا - جوانی کا زوال پذیر ہونا عُمر سے اُترنا - جوبن کا عالم نہ رہنا - جوبن بیٹھنا

جوانی کا پھل - ا - اِسمِ مذکّر - عو - جوانی کا چین یا راحتِ شباب - نشاطِ شباب +

جوانی کا سُکھ - ا - اِسمِ مذکّر - عو - جوانی کا چین یا راحتِ شباب - نشاطِ شباب +

جوانی کا سُکھ دیکھے - ا - دعائے نیک - عو - اپنی جوانی سے بار در ہو - جوانی کا عیش نصیب ہو +

جوانی کا زور - ا - اِسمِ مذکّر - شباب کی طاقت - زورِ شباب - قوتِ جوانی +

جوانی کا عالم - ا - اِسمِ مذکّر - موسمِ شباب - شباب کا وقت - حالتِ جوانی +

جوانی کی اُمنگ - ا - اِسمِ مؤنث - ولولۂ جوانی - جوانی کی ترنگ - جوشِ جوانی +

جوانی کی نیند - ا - اِسمِ مؤنث - خوابِ جوانی جو بکثرت اور بے خبری کے ساتھ ہو +

جواہر - ع - اِسمِ مذکّر (جوہر کی جمع) قیمتی پتھر - گوہر - جوہر - من - نگ - لعل - یاقوت ہیرا پنّا وغیرہ (اُردو میں مفرد پر بھی اطلاق ہوتا ہے) +

جواہرات - ع - اِسمِ مذکّر - جمع الجمع جوہر مگر صرف اردو میں مستعمل ہے +

جواہر خانہ - ع + ف - اِسمِ مذکّر - وہ شاہی مکان بادشاہی جواہرات رکھے رہتے ہیں - توشہ خانہ - زیور خانہ +

جواہر نگار - ف - صفت (۱) مُصنّع - جڑاؤ (۲) مُحوّش رقم - خوش تحریر - خوش خط

جوبن - ہ - اِسمِ مذکّر (۱) بلوغ - بلوغت - سیانا پن + شباب - ریعان - عنفوانِ جوانی آغازِ جوانی - اُٹھتی جوانی - چڑھتی جوانی (۲) خوبصورتی - خوبی - رنگ و روغن حُسن و جمال جیسے چھب گٹھڑی میں جوبن رکابی میں (کہاوت) خونِ عاشق کا ہے گلگونہ ترے عارض کو قتل ہونے سے ہمارے ترا جوبن نکلا (ظفر) (۳) عالم - حالت - ہیئت - کیفیت +

جوب

چاہیے آغازِ خط ہو گل سے رخِ پریا کے دل کو لہراتا ہے جوبن سبزۂ نوخیز کا (آتش)

(۴) بہار - رونق + تموج - لہر + پھبن + جیسے جوانی میں گدھے کے بچے پر بھی جوبن ہوتا ہے (۵) چھاتی - کُچ - پستان - چوچی جیسے گوری کا جوبن چھٹکیوں میں جائے +

میں کیسے کے مکسوں انگنوں سورا دیورا نہارے جوبنواں (گیت)

(۶) ہریاول - سبزہ + شادابی - طراوت - تازگی جیسے درختوں پر جوبن آرہا ہے یا کھیتی پر جوبن ہے +

جوبن اُمنڈنا یا اُبھرنا - ہ - فعلِ لازم - جوانی اُبھرنا + چھاتیاں اُٹھنا چوچیوں کا گدرانا -

کُچھیں نمودار ہوئی ہیں کہ جوبن اُبھرا نہیں ہے پورا ابھی ہے دریائے حُسن آدھا تو ہیں اُٹھا حباب آدھا (نامعلوم)

جوبن پر آنا - ہ - فعلِ لازم - جوانی پر آنا + بہار پر آنا - پھولنا پھلنا شگفتہ ہونا - سرسبز ہونا - رونق پر آنا + جوانی کا آغاز ہونا +

جوبن پھٹ پڑنا - ہ - فعلِ لازم - حُسن و جمال کی افزونی اور کمال نمایاں ہونا +

جوبن ٹپکنا - ہ - فعلِ لازم - جوانی کا ظاہر ہونا - حُسن کا نمایاں ہونا - مدماتا ہونا - مدمیں بھرنا +

دیکھ کیا آیا بھبوکا سا وہ بن ٹھن لے صبا ہر روش ٹپکا پڑے ہے جس کا جوبن لے صبا (جرأت)

جوبن ڈھلنا - ہ - فعلِ لازم - حُسن و جمال کا زوال پذیر ہونا - موسمِ شباب کا نکلنا رونق نہ رہنا - بہار کا عالم جاتا رہنا +

سراس قدر نہ کھینچ تو اے شمع بزم میں ٹک مُنہ پہ نُور آتے ہی جوبن ڈھل گیا (ممنون)

(۲) چھاتیوں کا ڈھیلا پڑ جانا - چوچیاں لٹک جانا +

جوبن سے ڈھلنا - ہ - فعلِ لازم - جوانی سے اُترنا - عُمر سے اُترنا - بہار نہ رہنا - شباب نہ رہنا +

لے سر پہ بال اپنے دور پھانے کا اے شمع تو اور بھی جوبن سے جو ڈھل جائے تو اچھا نہ ہو

جوبن کا - ہ - صفت (۱) بہار کا - رونق کا (۲) مزے کا مزیدار - لذیذ - خوش ذائقہ +

جوبن کا ماتا - ہ - صفت - مست جوانی - مدماتا +

جوبن کی - ہ - صفت (۱) بہار کی - رونق کی - پُرلطف - پُرفضا (۲) مزہ کی مزیدار - لذیذ - خوشگوار +

جوبن کی ماتی - ہ - صفت - بدمست عورت - بدمست - سرشارِ جوانی مستی میں بھری ہوئی - مدماتی +

جوبن لُٹنا - ہ - فعلِ متعدی - بہار لُٹنا - حُسن پر ہاتھ چلانا - ملا دلی ہونا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوت

چھاتیوں کا ملا ولا جانا +

جوبن نکالنا - ف - فعلِ متعدی - جوانی نکالنا بلوغ کو پہنچنا - رونق پر آنا - بہار پر آنا - رونق پکڑنا حسن و جمال پر آنا +

جوت - ا - اِسمِ مؤنث (۱) روشنی اُجالا لمعہ - چاندنی تجلی - چمک - تابش - نور (۲) بینائی چشم - تیور - قوتِ باصرہ - نظر - نگاہ - بصارت - آنکھ کی روشنی (۳) رونق - جلو جیسے ہوت کی جوت ہے (۴) شعلہ - لَو - لاٹ جیسے چوکھے جوت جگانا یعنی چاروں لو کا روشن کرنا (۵) جھلک - چمک - دمک (۶) چراغ - دیپک - دیوا - دیا (۷) دھن - دولت - زر - نقدی - مال (۸) رُوح - آتما - جی - پران - جان جیسے جوت میں جوت سمانا یعنی رُوح میں رُوح کا مل جانا (جوت بضم جیم تازی دواؤ مجہول) +

جوت بتی کرنا } ف - فعلِ لازم (ہندو) کسی سیانے کا جوت جلا کر اپنے
جوت چڑھانا } دیوتا کو بُلانا - دیا بالنا - جوت جگانا (یہ سیانوں اور بھگتوں کی اصطلاح ہے) +

جوت جگانا - ف - فعلِ لازم (۱) چراغ روشن کرنا - دیا بالنا (۲) کسی دیوی یا دیوتا کے نام کا دیا بالکر اُسے بُلانا - مُنوّروں کی حاضرات کرنا +

جوت - ا - اِسمِ مؤنث (۱) مخلبہ رانی - تردُّد - کاشت - کاشتکاری کھیتی - زراعت - کھیتی باڑی (۲) مزروعہ قطع - جوتی ہوئی زمین - (۳) قبضۂ کاشتکار - پٹی + کاشتکار - کاشتکار تھوک (۴) پورب لگان جو کاشتکار دیتا ہو (۵) بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے (۶) وہ رسّی جو آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس ہوتی ہے (۷) پونجی اسبابِ فروخت - دُکان کا اسباب + ترازو کی ڈس (بضم جیم تازی دواؤ مجہول)

جوت جمع - ا - اِسمِ مؤنث - لگان - پڑتی - وہ روپیہ جو کاشتکار سرکار میں داخل کرے - محاصل +

جُوت - ا - اِسمِ مذکر - بڑا جُوتا - جوتی پیزار جیسے جُوت چلنا یعنی لڑائی ہونا - جُوت پڑنا یا لگنا یعنی دھوے کے خلاف جواب پانا - یا احسان سر ہونا - جُوت برسنا یعنی جوتیاں پڑنا وغیرہ +

جُوتا - ا - اِسمِ مذکر - اسم فاعل (۱) مزارع کاشتکار (۲) جوتو - قلبہ راں ہلی ہل جوتا (۳) اسامی - کسان (۴ - بازاری) مُسمّاشر بہبستر ہونے والا (واؤ مجہول)

جُوتا - ا - اِسمِ مذکر (۱) دیوار کی حدِ فاصل تقسیم دیوار (۲) بیلوں کا تسمہ (۳) گردن کے پاس کے پٹھے (بضم جیم تازی دواؤ مجہول) +

جُوتا - ا - اِسمِ مذکر (۱) جُفتِ پا - پاپوش کفش - زیرپائی - پنہائی (۲) مجازاً نقصان

جُوت

ٹوٹا - گھاٹا جیسے سَو روپے کا جُوتا لگا (۳) بڑا بھاری احسان یا سلوک - (طنزاً کہتے ہیں) +

جُوتا اُٹھانا - ف - فعلِ متعدی (۱) جُوتا لے کر مُقابلہ کرنا - جُوتا مارنے کا ارادہ کرنا - گستاخی کرنا (۲) اطاعت کرنا کفش برداری یا تابعداری کرنا +

جُوتا اُچھلنا - یا - چلنا - ف - فعلِ لازم (۱) جوتوں سے لڑنا - جُوتی پیزار ہونا - (۲) بدتہذیبی کی لڑائی ہونا +

جُوتا برسنا - ف - فعلِ لازم - خُوب جوتیاں پڑنا - جُوتے لگنا - جُوتیوں سے سلامی اُترنا - تڑاتڑ جوتیاں لگنا +

جوتا لگنا - ف - فعلِ لازم (۱) ضربِ پاپوش (۲) نقصان ہونا - ٹوٹا آنا جیسے ہزار روپے کا جوتا لگا (۳) شرمندگی ہونا - خجالت ہونا - جیسا طعن کیا ویسا ہی جوتا لگا +

جُوتا مارنا - ف - فعلِ متعدی - اوّل معلوم (۲) ملامت کرنا - طعنہ دینا - بُرا بھلا کہنا + احسان کرنا - سلوک کر کے شرمندہ کرنا +

جُوتاؤ - ص - صفت - بواؤ معدولہ (گنوار) جوتنے کے قابل - قابلِ کاشت - لائقِ تردُّد - وہ زمین کہ جُتنے سے قابلِ کاشت ہو جائے +

جُوتے - ا - اِسمِ مذکر - جوتا کی جمع +

جوتے سے آنا - ف - فعلِ لازم - جُوتا لگانا یا مارنا - جوتیوں سے خبر لینا +

جوتے سے خبر لینا - ف - فعلِ لازم - دیکھو (جوتے سے آنا) +

جوتے کا یار - ا - اِسمِ مذکر - وہ بے کا دوست - زبردست کا یار جیسے چار جوتے کا یار - وہ تو جوتے کا یار ہے +

جُوتی - ا - اِسمِ مؤنث - پیزار کفش - پاپوش +

جُوتی پر جوتی چڑھنا - ف - فعلِ لازم - جوتی پر جُوتی کا آجانا + سفر کا شگون نکلنا - سفر کی فال نکلنا +

جُوتی پر رکھ کر روٹی دینا - ف - فعلِ متعدی - عَوِ حقارت سے وٹی دینا - نہایت ذلّت اور بیتوقیری سے نان و نفقہ کا سلوک کرنا +

جُوتی پر - یا - جوتی کی نوک پر مارنا - ف - فعلِ لازم - عَو - ٹھوکرانا + خاطر میں نہ لانا - ذلیل و حقیر سمجھنا - کچھ نہ گِنْنا - ناچیز یا ادنےٰ خیال کرنا - نفرت ظاہر کرنا - پروا نہ کرنا ہیچ سمجھنا +

جُوتی پہنانا - ف - فعلِ لازم (۱) پاؤں میں جُوتی ڈالنا (۲) بازار سے جُوتی خرید دینا +

جُوتی پہنانا - ف - فعلِ متعدی - جوتی خرید کر دینا + دوسرے شخص کے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوت

پاؤں میں جوتی ڈالنا +

جُوتی پیزار - ا - اِسمِ مؤنث - عو (۱) جُوت پتنگ جُوتم جاتا - مار پیٹ + دھول دھپا - مار کٹائی (۲) لڑائی دنگا جھگڑا ٹنٹا - مُنہ ما فضیحتی + ؎

کرنے جاتا ہے چاروں سے تو جُوتی پیزار چاند خاں آج تری چاند سے کھلائی کیا؟ (امداد)

جُوتی پیزار کرنا - ا - فعلِ متعدی - جُوتیوں سے لڑنا - لڑائی جھگڑا کرنا +

جُوتی چھپائی - ہ - اِسمِ مؤنث - عو + وہ نیگ جو دولہا کی سالیاں اُس کی جوتی وِداع کے وقت چھپا کر لیتی ہیں +

جُوتی خورہ - یا - جُوتی خورا - ا - صِفت - عو - وہ شخص جس کی پٹنے کی عادت ہو - لات مکے کھانیوالا + بے غیرت - پاجی - بے غیرت +

جُوتی سے - یا جُوتی کی نوک سے - ہ - تابعِ فعلِ عو + بلا سے - کچھ پروا نہیں (نہایت حقارت کے ساتھ انکار کرنے یا خاطر میں نہ لانے کے موقع پر جُوتیں بولتی ہیں) +

جُوتی کاری - ا - اِسمِ مؤنث - مار پیٹ - جُوتیوں سے خبر لینا یا مارنا +

جوتی کے برابر نہ سمجھنا - ا - فعلِ لازم - عو - کچھ نہ سمجھنا - ذرا خاطر میں نہ لانا خطرے میں نہ لانا - ہیچ اور ناچیز سمجھنا +

جُوتیاں - ہ - اِسمِ مؤنث - جوتی کی جمع - بہت سی پاپوشیں +

جُوتیاں اُٹھانا - یا - سیدھی کرنا - ہ - فعلِ لازم - کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا - زیرِ تربیت رہنا - نوکری بجانا +

جُوتیاں بغل میں دبانا - یا - مارنا - ا - فعلِ لازم (۱) جُوتیوں کو بغل میں چھپانا (۲) جوتیوں کو آہٹ نہ ہونے کی غرض سے اُتار کر بھاگ جانا - شک جانا - دبک کر نکل جانا +

جُوتیاں چٹخاتے پھرنا - ا - فعلِ لازم - آوارہ گرد ہونا - کوچہ گردی کرنا ہرزہ گردی کرنا - خاک چھانتے پھرنا - بادِ ہوائی پھرنا - نکما پھرنا - خراب و خستہ اور ذلیل و رُسوا پھرنا +

جُوتیاں سیدھی کرنا - ہ - فعلِ لازم - کمال عقیدت سے جُوتیوں کو سیدھا کر کے رکھنا - تعظیم بجالانا - عظمت کرنا - عزت کرنا + خدمت کرنا +

جوتیاں کھانا - ہ - فعلِ لازم - عو (۱) جُوتیوں سے پٹنا (۲) طعنے سہنا - طعن و تشنیع کی برداشت کرنا - لعنت و ملامت سُننا - سخت و سُست کی برداشت کرنا - بُرا بھلا سُننا + خفت اُٹھانا +

جُوتیاں گانٹھنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) جُوتیوں کی مرمت کرنا - جُوتی میں پیوند لگانا (۲) حقیر پیشہ کرنا - ذلیل کام کرنا (۳) بہت بڑا سینا - موٹی سِلائی کرنا (اس معنی میں جوتیاں سی گانٹھنا سمجھنا چاہئے) +

جُوتیاں مارنا - ہ - فعلِ لازم - عو - اوّل معلوم (۲) ذلیل و رُسوا کرنا + طعنہ مہنہ دینا +

جُوتیوں - ہ - اِسمِ مؤنث - جُوتی کی جمع جو حروفِ مُنیرہ کے آنے سے بن جاتی ہے +

جُوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا - ہ - فعلِ لازم - کمال گستاخی اور ڈھٹائی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا - زبردستی جھٹلانا - آنکھوں میں خاک ڈالنا +

جُوتیوں کا صدقہ - ا - محاورہ (۱) آپ کی جوتیوں کے طفیل آپ کی بدولت (ایک انکسار کا کلمہ ہے جو احسان ماننے کے اظہار میں زبان پر لاتے ہیں) +

جُوتیوں میں دال بٹنا - ہ - فعلِ لازم - آپس میں پھوٹ پڑنا - لڑائی جھگڑا ہونا - واشتا کل ہونا + مار کٹائی ہونا + ؎

جو زبم غیر میں مُنہ کالا تیرے اُگال بیٹے خدا کرے کہ وہاں جوتیوں میں دال بٹے (معرفت)

جوتی - ہ - اِسمِ مؤنث (پورب) تمراز و کی ڈس - وہ رسّی جس میں لکڑے باندھے جاتے ہیں (۲) دیکھو (جوت نمبر ۵) +

جَوتری - ہ - اِسمِ مؤنث - جوز یا جائیفل کا پھول +

جوتشی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) علمِ نجوم - علمِ ہیئت - رمل (۲) گرہ اور پچھتر وغیرہ جاننے کا شاستر +

جوتشی - ہ - اِسمِ مؤنث - نجومی - ہیئت داں - مُنجّم - اختر شناس + رمال - جفار + شگونیا + شانہ میں سدھاتی +

جوتنا - ہ - فعلِ لازم (۱) بیلوں کو گاڑی میں لگانا - بگھی میں گھوڑے کر جوڑنا جُوا رکھنا - ساز ڈالنا (۲) ساتھ لگانا - ہمراہ کرنا - مصروف کرنا جیسے کام میں جوتنا (۳) ہل چلانا - باہنا - دھرتی پھاڑنا - قلبہ رانی کرنا (۴) تردّد کرنا - کاشت کرنا - بونا (۵) عو کرنا - مچانا - جیسے اُودھم جوتنا (۶) راضی کرنا ڈھب پر لگانا اپنی مرضی یا رائے پر لے آنا جیسے آج اُن کو بھی جوت لیا +

جوٹ - ہ - اِسمِ مؤنث - ہندو (۱) جوڑ - جُفت (۲) ہمسر - ہمتا - برابر کا - ہمچشم + ہم پلّہ - مُقابل نظیر - ثانی (۳) ساتھی - سنگھاتی - ہمجولی - رفیق (۴) ہمقد - ہم جثّہ - ہم شکل (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے (۶) صفت برابر +

جوٹ باندھنا - ہ - فعلِ متعدی - ہمقد یا ہم عمر سے جوڑ ا لگانا - جوڑ لگانا - ملانا +

جوٹیا - ہ - اِسمِ مذکر (گنوار) ساتھی - مددگار - جوڑ +

جوجھنا - ہ - فعل متعدی (۱) لڑنا - گتھ کر لڑنا - جدھ کرنا - محاربہ کرنا جنگ کرنا کارزار میں مصروف ہونا (۲) مار پیٹ کرنا - خانہ جنگی کرنا - لٹھ بازی کرنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوج

(۳) لڑائی میں مارا جانا۔ قتل ہونا (۴) ہتیار سنبھالنا۔ ہتیار سنگوانا +

جُوجُو - ۱- اِسمِ مذکر (لکھنؤ) مُہیب اور ہیبتناک چیز جس سے بچّوں کو ڈراتے ہیں جیسے ہوّا۔ ہُو۔ ہاؤ۔ بی شادی بیچا۔ اللہ میاں کی بھینس وغیرہ +

جُوڈ - ع - اِسمِ مذکّر۔ کرم بخشش۔ سخاوت +

جُوڈت - ع - اِسمِ مؤنث۔ تیزی۔ تیز رفتاری۔ چترائی۔ چالاکی + ذکاوت تیز فہمی۔ ذہن کی تیزی۔ فراست +

جُوڈھا - ہ - اِسمِ مذکّر (ہندو) بہادر شجاع۔ غازی۔ سُورما۔ پہلوان۔ سُورِیر جنگ آور۔ مُبارز۔ رُستم صفت + سپاہی۔ لشکری (واؤ مجہول) +

جوڈیشل - انگلش Judicial تابع فعل۔ عدالتی۔ حاکمانہ۔ حاکمی ازراہِ تجویز شاستری۔ شرعی + دیوانی و فوجداری +

جوڈیشل اختیارات - ۱- اِسمِ مذکّر۔ دیوانی و فوجداری اختیارات +

جوڈیشل کارروائی - ۱- اِسمِ مؤنث۔ دیوانی و فوجداری کارروائی +

جُور - ع - اِسمِ مذکّر۔ ظلم۔ ستم۔ جفا۔ تعدّی۔ انیتی تیزی سختی۔ جبر۔ زبردستی + بیرحمی خشونت۔ درشتی۔ بدخُلقی +

جورُو - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) زوجہ۔ بیوی۔ اِستری۔ تریا۔ لگائی۔ بھوٗ۔ اہلیہ حلیلہ (۲) ایک قسم کی گالی جیسے فلانے کی جورُو +

جورُو کا مزدُور - ۱- اِسمِ مذکّر۔ زن مُرید۔ غلامِ زن۔ زن پرست۔ بیوی کا بندہ۔ جورُو کا تابعدار +

جورُو کا بھائی - ۱- اِسمِ مذکّر۔ سالا۔ خسر بورہ + ایک قسم کی گالی +

جُوری - ہ - اِسمِ مؤنث (ہندو) جاڑے کا بخار۔ تپ لرزہ + جھرجھری۔ کپکپی۔ تھرتھری (آجکل جُریا جُری زیادہ بولتے ہیں) +

جُوری - انگلش Jury پنچ۔ ثالث (۲) پنچایت +

جوڑ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو (جوڑ نمبر ۱-۲-۳-۴) + ؎

ہوں ناتواں نہ کوہ ستم سے لڑا مجھے پیدا ہماری اے فلکِ پیر جوڑ کر (میر)

(۲- اِسمِ مذکّر) بند۔ گرہ۔ گانٹھ۔ مُفصل (۳- اِسمِ مذکّر) پور۔ پوری عضو (۵- مذکّر) پیوند۔ تھگلی + سیون سلائی + جھال۔ ٹانکا (۶- مذکّر) سنجوگ۔ لگن قِران سمبندھ (۷) میزان۔ ٹوٹل۔ کُل تعداد۔ کُل مقدار (۸) چھل فریب داؤں پیچ ؎

توڑ تنگے یوں کہ پھر نہ ملے غیر سے وہ شوخ جس روز کوئی جوڑ ہمارا بھی چل گیا (نامعلوم)

(۹ مذکّر) مُہمت بہتان +

عدو غیر نے مجکو دلبر بنایا کوئی جوڑ مجھ پر مُقرر بنایا (رہنما)

جوڑ

(۱۰- مذکّر مثبت منفی کے خلاف (۱۱- مذکّر) وہ ظروف جو ہم رنگ اور ہم سلسلہ ہوں جیسے تھالی جوڑ وغیرہ (۱۲ مؤنث) مرثیہ خوانوں کی جماعت (۱۳ مذکّر) ایک قسم کی چھتی (۱۴ مذکّر) آمیزش ملاپ جیسے میل (۱۵- اِسمِ مذکّر) فرضی قصّہ افسانہ۔ گھڑی ہوئی کہانی۔ گھڑت (۱۶) ایک قسم کے چھلّے +

جوڑ باندھنا - ہ - فعلِ متعدّی (پہلوان) کُشتی کے واسطے دو برابر کے پہلوانوں کو مُقرر کرنا (۲) جوڑ لگانا۔ کسی کام پر دو دو آدمیوں کو مُقرر کرنا +

جوڑ بٹھانا - ہ - فعلِ متعدّی۔ چُھل بٹھانا۔ جوڑ ملانا۔ وصل کرنا +

جوڑ بند - ۱- اِسمِ مذکّر۔ بندش۔ جوڑ۔ عضو +

جوڑ بند ہونا - ہ - فعلِ لازم۔ کسی کام پر دو آدمیوں کا مُقرر ہونا۔ جوڑا بندھنا دو پہلوانوں کا کُشتی کے واسطے تجویز ہونا +

جوڑ دار - ۱- صِفت۔ جوڑی ہوئی۔ جوڑا ہوا پیوند لگا ہُوا + جوڑ والا +

جوڑ توڑ - ہ - اِسمِ مذکّر (مُرکّب توڑ جوڑ) ساز و باز + بُہتان۔ اُدھیڑ بُن + بے اصل بات + داؤں پیچ۔ بندش۔ حکمت۔ خُرافات۔ فریب۔ چل چال۔ دھوکا تزویر۔ فند + ترکیب۔ تدبیر۔ چالاکی۔ جُگت +

جوڑ توڑ کرنا - ہ - فعلِ لازم (۱) تدبیر کرنا۔ اُپائے کرنا۔ جتن کرنا (۲) جُگت لگانا (۳) منصوبہ گانٹھنا۔ تجویز کرنا (۴) فریب کرنا۔ چھل بٹا کرنا (۵) کسی کے برخلاف سازش کرنا۔ ساز باز کرنا (توڑ جوڑ کرنا زیادہ بولتے ہیں) +

جوڑ جوڑ - ہ - اِسمِ مذکّر۔ ہر ایک جوڑ۔ ہر ایک بند۔ بند بند۔ اعضا اعضا +

جوڑ چلنا - ہ - فعلِ لازم۔ مُہمت دھرنا۔ بہتان لگانا + داؤں پیچ کرنا +

جوڑ کا - ہ - صِفت۔ برابر کا۔ ہمتا +

جوڑ کو جوڑ ملنا - ہ - فعلِ لازم۔ جیسے کو تیسا ملنا +

جوڑ لگانا - ہ - فعلِ متعدّی (۱) جوڑا لگانا۔ جوڑ باندھنا (۲) ہیر پھیر دینا ٹوٹل لگانا۔ حساب جوڑنا (۳) پیوند لگانا۔ ملانا۔ تھگلی لگانا۔ گانٹھنا۔ جوڑنا۔ ٹانکنا +

جوڑ مارنا - ہ - فعلِ لازم (۱) چال چلنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) بُہتان دھرنا۔ مُہمت لیسنا (۳) عیب لگانا +

جوڑا - ہ - اِسمِ مذکّر (۱) جُفت۔ زوج۔ دو + ہمسر۔ ہمتا (۲) میاں بیوی + زیادہ (۳) مُقابل۔ نظیر۔ برابر کا (۴) ہمجولی۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی ہم صُحبت (۵) پُوری پوشاک۔ لباس۔ پیرہن جیسے کپڑوں کا جوڑا + (۶) جُفتِ پا۔ مُجوتہ۔ پاپوش (۷) خلعت (۸) مُہموسوں کی اصطلاح میں نصف

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوڑ

تانبا اور نصف چاندی ملاکر کھوٹی چاندی یا اسی طرح کا کھوٹا سونا (۱) صفت دوکا - دوسرا - ثانی +

جوڑا بنانا - ف - فعلِ متعدی (۱) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا - چاندی میں تانبا سفید کر کے ملانا سونے میں تانبا یا چاندی رنگ کرنا یا تانبا صاف کر کے وزن بڑھانا (۲) پوری پوشاک تیار کرنا + جوڑ بنانا + چوڑیاں تیار کرنا +

جوڑا بڑھانا - ف - فعلِ متعدی - عو - پوشاک اُتارنا - کپڑے اُتار کر رکھنا +

جوڑا لگانا - ف - فعلِ متعدی - باہمد گر جفت کرنا - نر و مادہ کو ملانا +

جُوڑا - ع - اِسمِ مذکر (۱) سر کے بالوں کا جُٹا - بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اکھٹا کر کے سر کے پیچھے یعنی گدی پر دے لیتی ہیں +

بلا جوڑے کی بندش اور قیامت قدِ بالا ہے غضب چندن رستم نکلا بن سانچے میں ڈھالا ہے (جرأت)

(۲) مونجھ کی بٹی ہوئی رسّی + اینڈوی جو پانی کے نیچے رکھی جاتی ہے لمبی لمبی گھاس کی اینٹھی یا بل دی ہوئی رسّی (۳) بلبل کی چوٹی - کلغی یا طرّہ (۴) پگڑی کا پچھلا حصّہ +

جُوڑا باندھنا - ف - فعلِ متعدی - بالوں کو اکھٹا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا + ہ

رات پوری نظر آتی تھی کھلے بالوں سے ہو گیا پچھلا پہر اُس نے جو جُوڑا باندھا (امداد علی بحر)

جوڑا کھولنا - ف - فعلِ متعدی - بالوں کا جُٹا کھولنا - ہ

دل پر عشق کے کیونکر نہ بلا نازل ہو تو نے اے شک پری شام کو جُوڑا کھولا (شاہ نصیر)

جوڑنا - ف - فعلِ متعدی (۱) ملانا - پیوستہ کرنا - چسپاں کرنا - پیوند لگانا - وصل کرنا ایک کرنا - گانٹھنا - سینا - چپکانا (۲) اکٹھا کرنا - بٹورنا - فراہم کرنا جمع کرنا سکیرنا - جیسے گنبد جوڑنا - روپیہ جوڑنا (۳) میزان دینا - تُولنا لگانا - جوڑ لگانا (۴) گننا - شمار کرنا - پھیلانا - حساب لگانا (۵) پس انداز کرنا - جگا کر رکھنا - بچا بچا کر رکھنا - تنگی و ترشی سے پیسہ بچانا (۶) بنانا - تصنیف کرنا - شعر کہنا جیسے گیت جوڑنا - کہانی جوڑنا وغیرہ (۷) جوتنا - کندھے پر جوا رکھنا - سارڈالنا گاڑی میں بیل یا گھوڑے کو لگانا (۸) ہندوم جلانا - بالنا - روشن کرنا جیسے آگ جوڑنا یا دیا جوڑنا (۹) دوستی کرنا - یارانہ گانٹھنا جیسے ایک سے جوڑی ایک سے توڑی (۱۰) گرہ دینا - باندھنا (۱۱) جتھا باندھنا - گروہ بنانا (۱۲) نتھی کرنا - منسلک کرنا + ملحق کرنا - متعلق کرنا - شامل کرنا (۱۳) لگانا - دھرنا - لازم کرنا جیسے بہتان جوڑنا - تہمت جوڑنا +

جوڑوان - ہ - اِسمِ مذکر - توام - وہ بچہ جو ایک ساتھ پیدا ہوا ہو +

جوش

جوڑی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو (جوڑا نمبر ۱ - ۲ - ۳ - ۴) ۲ - دو گھوڑوں کی گاڑی (۳ - بازاری) دو جوروں جیسے جوڑی ہانکتا ہے یعنی دو بیویوں والا ہے (۴) منجیرا - تال - وہ منجیرے جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۵) مگدر +

جوڑی دار - ا - اِسمِ مذکر - ساتھی - وہ دو شخص جو پہرا چوکی کے واسطے مقرر کئے جائیں اُن میں سے ہر ایک جوڑی دار کہلاتا ہے +

جوڑی والا - ہ - اِسمِ مذکر - وہ شخص جو رنڈیوں کے پیچھے منجیرے بجاتا ہے +

جوڑی ہانکنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا (۲) - ظ اقتا) دو بیویاں رکھنا - دو جورو والا ہونا +

جوڑی ملانا - ہ - فعلِ متعدی - مگدر ملانا - موگری ملانا +

جوڑ - ع - اِسمِ مذکر - جائفل - جگلان - اخروٹ + ناریل +

جوزا - ع - اِسمِ مذکر - دو پیکر - تیسرے آسمانی برج کا نام جو دو ننگے پشت سے جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے - بتھن راس +

جوش - ف - اِسمِ مذکر (۱) اُبال - اُبھان - کھد بد - کھدبدی (۲) ہیجان - تحریک - برانگیختگی - چھیڑ (۳) ولولہ - شورش - دُھن - حرارت - لہر - موج - ترنگ - اُچنگ (۴) حرارت - حدت تیزی - تندی (۵) وفور - زیادتی - فرط افراط - کثرت - زور + ہ

ہمارے رونے سے چمکیگا حسنِ چہرہ یار جو مینہ برستا ہے جوشِ بہار ہوتا ہے (اسیر)

(۶) مدمستی - کام دیو - شہوت - جھل - آگ - باہ (۷) غضب - غصّہ - جھنجھٹ جھوٹ جھل (۸) حمایت - پشتی - مدد (۹) تعصّب - مذہبی حرارت - دینی جوش (۱۰) سودائے عشق - دیوانگی - جنون (۱۱) سرگرمی - گرمجوشی - غلبہ + شوق اشتیاق - جذبہ - جلال - محبّتِ الٰہی کا جوش +

جوش آنا - ا - فعلِ لازم (۱) اُبال آنا - کھد بدانا (۲) غصّہ آنا - جذبہ آنا (۳) موج آنا - ولولہ اُٹھنا - لہر آنا - شوق چرانا +

جب اُن سے سُنا کہ اے غضب دل کچھ جوش آتا ہے مہ نو کی طرح کھولے ہوئے آغوش آتا ہے (صبا)

جوشِ جوانی - ف - اِسمِ مذکر - جوانی کا ولولہ جوانی کی ترنگ - جوانی کی تیزی حرارت جوانی + جوانی کی شگفتگی + جھل جوانی +

جوش و خروش - ف - اِسمِ مذکر (۱) غُل غپاڑا - غُل شور - گونج - گرج - گڑگڑاہٹ کڑک (۲) کروفر - غصّہ - غضب - طیش +

جوشِ خون - ف - اِسمِ مذکر (۱) پدری و مادری محبّت + برادرانہ جوش + مذہبی حرارت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوش

(۲) غلبۂ خون - افراطِ خون +

جوش دِلانا - ف - اِسمِ مذکر - مُنہ آنا - مُنہ پھلنا +

جوش دینا - ۱ - فعلِ متعدی - اُبالنا - اُونٹانا - کھولانا - اُسنا +

جوش کھانا - ۱ - مارنا - ۲ - فعلِ لازم - اُبلنا - کھولنا - اُونٹنا + وُفور ہونا - زیادتی ہونا +

جوش میں آنا - ۱ - فعلِ لازم (۱) اُبلنا - کھد بدانا - بُلبُلے اُٹھنا (۲) طُغیانی پر آنا - چڑھاؤ پر آنا - چڑھنا (۳) پھُول جانا - وَرم ہو جانا - سُوج جانا - آماس ہو جانا (۴) مَوج مارنا - مَوج زن ہونا - لہرانا (۵) غُصّہ میں آنا - غضب میں بھرنا - بھڑکنا + جذبہ میں آنا - جلال چڑھنا (۶) دُنوا اُٹھنا +

جوش میں لانا - ۱ - فعلِ متعدی - برانگیختہ کرنا - آگ بگُولا کرنا - طیش میں لانا غُصّہ دلانا + بھڑکانا - سنکارنا - چھیڑنا - اُکسانا - اُبھارنا +

جوشاندہ - ف - اِسمِ مذکر - اَوٹی - کاڑھا - جوش دی ہوئی دوا جو نزار میں پلائی جاتی ہے (بواؤ مجہول) +

جوشش - ف - اِسمِ مؤنث - دیکھو (جوش ۱ - ۲ - ۵) +

جَوشَن - ف - اِسمِ مذکر (۱) زِرہ - بکتر - چار آئینہ - چلتہ (۲) ایک قسم کا بازُو کا زیور - بازُو بند +

جَوف - ع - اِسمِ مذکر (۱) برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے + خلا - گڑھا - شگاف (۲) شکم - پیٹ + خلا - ہر ایک چیز کے درمیان کا خلو - اندرونی خلا - کھوکلاپن - ہر چیز کا خول +

جُوق - ت - اِسمِ مذکر - گروہ - انبوہ - فوج - بھیڑ + پرندوں کا پرا + آدمیوں کا جتھا (عوام بفتح جیم بولتے ہیں) جھُنڈ - غول - پرندوں کی ٹکڑی +

جُوق جُوق - ت - تابعِ فعل - گروہ گروہ - بہت بہت سے - پرے کے پرے +

جوکھ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) پرکھ - شناخت - امتحان + جانچ - انداز + کسوٹی پر لگا کر کس دیکھنا (۲) تول - وزن - دھڑا - مقدار - بوجھ - بھار جیسے تول جوکھ

جوکھنا - ہ - فعلِ متعدی - تولنا - وزن کرنا - جانچنا - امتحان کرنا - کسنا +

جوکھوں - یا جوکھ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) خطرہ - اندیشہ - خدشہ - ڈر - خوف جیسے جان جوکھوں یعنی خطرۂ جان (۲) قیمتی اشیا جیسے زر و جواہر - روپیہ پیسا گہنا پاتا وغیرہ (۳) تاوان (۴) نقصان - خسارہ - زیان - ضرر + آفت - بلا - مُصیبت - شامت + ؎

آفات میں ہیں غنچۂ چمنِ گل کے شوق سے جوکھوں ہزار رنگ کی رکھتے ہیں جان پر (میر تقی)

جوگ

نکر عادتِ وصل گھبرائیگا پھر جُدائی کی جوکھوں جو آ پڑیگی (مرغلہ)

جوکھوں اُٹھانا - ہ - فعلِ لازم - نقصان برداشت کرنا - خسارہ اُٹھانا - ٹوٹا اُٹھانا - گھاٹا بھرنا +

جوکھوں کا کام - ۱ - اِسمِ مذکر - خوف و اندیشہ کا کام + نقصان و ضرر کا کام +

جوکھوں میں پڑنا - ہ - فعلِ لازم - خطرہ میں پڑنا - معرضِ ہلاکت میں پڑنا - اندیشہ میں پڑنا - آفت میں پڑنا +

جوکھوں میں ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی - خطرہ میں ڈالنا - آفت میں پھنسانا مُبتلائے بلا کرنا +

جوکھنا - ہ - فعلِ متعدی - تولنا - جانچنا - وزن کرنا - اندازہ کرنا + - آزمانا - امتحان کرنا - عوام جھوکنا بھی کہتے ہیں +

جوگ - اِسمِ مذکر (۱) ستاروں کا ملاپ - قِران - سنجوگ - لگن - جمبند + میل - جوڑ - ملاپ (۲) سمجھ - گھڑی - نیک ساعت - وقتِ مُناسب - وقتِ سعید (۳) ہمیشہ پرمیشر کی طرف دِل لگانا - تپ - تپشیا - نفس کُشی - ریاضت - زُہد - بیراگ - فقیری - رہبانیت - درویشی (۴) کفارہ - پرائشچت (۵) ایک دائرہ کے ساتھ لگے ہوئے جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں (۶) وہ شخص جس کے نام کی ہُنڈی کی جائے (۷) مَوقع - وقت - ساعت (۸ - صفت) شایاں - لائق - زیبا مُناسب - قابل - جوگا + ٹھیک - درست (۹ - تابعِ فعل) سمت - طرف جانب مائیں + منجانب - از روئے (بضم جیم و واؤ مجہول) +

جوگ سادھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) دم کشی کرنا - جسم رم کرنا (۲) جتی جوگی یا سنیاسیوں وغیرہ کی طرح عبادت و ریاضت میں دن گزارنا +

جوگ لینا - ہ - فعلِ لازم - دُنیا سے کنارہ کش ہونا - تارکُ الدُّنیا ہونا - فقیر ہونا سنت بننا - جوگی بننا - بیراگ لینا +

جوگا - ہ - صفت - عو (۱) لائق - قابل - شایاں - مُناسب - زیبا (۲) مُوزوں مُوافق - مطابق - ٹھیک - درست (۳) بروقت - برمحل - حسبِ موقع - موقع کا - (۴ - اِسمِ مذکر) افیون کا فُضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے - سُفل +

جوکا جوگ - ہ - صفت (۱) برابر - ٹھیک - ٹھیکم ٹھیک - پورا پورا (۲) ہمسر - مقابل (۳) لائق - قابل - قابلیت والا +

جوگن - ہ - اِسمِ مؤنث - جوگی کی تانیث + جوگی کی بیوی + فقیرنی - سادھنی سنتنی +

جوگنی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) بھوتنی (۲) دیبی - دُرگا - گوری - پاربتی - بھدرکالی وغیرہ ۶۴ جوگنیاں مشہور ہیں جو درگا دیبی کی سکھیاں کہلاتی ہیں (۳) وہ فقیر عورت

؎ لاغت لے کھونوں داغِ محبت + مگر ڈرتا ہوں یہ جوکھوں بڑی ہے + (داغ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah www.maktabah.org

جوگ

جو دیسی کی کُنڈلی میں سے (۱) نجوم) وہ رُوحیں جن کے اختیار میں اچھے اور بُرے وقت ہوتے ہیں۔ اِن کا مقام پہلی۔ نویں۔ سولھویں۔ چونتیسویں کو مشرق میں ۳ر۔ ۱۱ر۔ ۱۸ر۔ ۲۶ر کو جنوب و مشرق میں ۵ر۔ ۱۳ر۔ ۲۰ر۔ ۲۸ کو جنوب میں ۲ر۔ ۱۲ر۔ ۱۹ر۔ ۷ کو جنوب و مغرب میں ۶ر۔ ۱۴ر۔ ۲۱ر۔ ۹ کو مغرب میں ۷ر۔ ۱۵ر۔ ۲۲ر کو شمال و مغرب میں ۱ر۔ ۱۰ر۔ ۱۷ر۔ ۲۵ کو شمال میں ۸ر۔ ۲۳ر۔ ۳۰ تاریخ کو شمال مشرق میں ہوتا ہے (۵) یوگ کی جاننے والی عورت +

جوگی ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) دھیانی۔ تپسّی۔ سنت۔ سنیاسی۔ عابد۔ زاہد۔ جتی۔ اتیت بیراگی۔ رِشی۔ مُرتاض۔ مُنی۔ ہندو فقیر جیسے جوگی جُگت جانے نہیں کپڑے رنگے تو کیا ہوا (۲) پجاری۔ مجاور (۳) جادوگر۔ ساحر۔ شعبدہ باز۔ ٹونہایا +

جوگی کُس کے میت ۔ا۔ (کہاوت) فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے + ۵

مسافر سے کرتا ہے کوئی بھی پریت مثل ہے کہ جوگی ہوے کس کے میت (میر حسن)

جوگیا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) سُرخی مائل۔ زرد رنگ۔ گیروا رنگ۔ اِینٹ کھوپا (۲) ایک راگنی کا نام (۳) ایک قسم کا کبوتر + ایک قسم کی قُمری +

جولاں ۔مث۔ اِسمِ مؤنث۔ بیڑی۔ زنجیر جو مجرم کے پیروں میں ڈالتے ہیں جیسے پا بجولاں۔ ہتھکڑی کا نقیض + (بضم جیم وواؤ مجہول) +

جولان ۔ع۔ اِسمِ مذکر۔ کودپھاند۔ گھوڑے کی دوڑ + (عربی میں بفتح واؤ مستعمل) +

جولانی ۔ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) گھوڑے کی دوڑ۔ پھٹّا یا سپاٹا (۲) تیزی چالاکی + سُرعت جلدی عجلت + تیز رفتاری + تیز روی۔ چستی۔ پھرتی (۳) اُمنگ۔ ولولہ۔ جوشِ جوانی + تیزیٔ طبع + طبیعت کی روانی تیز فہمی۔ دقیقہ رسی۔ ذہانت + ذکاوت

جولانیوں پر آنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ زوروں پر آنا۔ جوش میں آنا۔ ولولہ میں بھرنا۔ تیزی پر آنا۔ زور شور پر آنا +

جولانیوں میں رہنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ زوروں پر رہنا۔ جوش میں رہنا۔ کُل شور میں مصروف رہنا + ۵

زنجیر میں بھی خالہ زنجیری کی طرح جوشِ جنوں سے رہتے ہیں جمع لانیوں ہم (ذوق)

جولایا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ دیکھو (جُلاہا) +

جون ۔انگلش۔ اسم مذکر۔ انگریزی چھٹے مہینے کا نام جو تیس دن کا ہوتا ہے june

جوں ۔ا۔ حرفِ تشبیہ (متروک) مانند۔ جیسے نظیر۔ ہتا۔ مثل ۵

رُخسارۂ گلچیں کا ہے سرخی سے یہ عالم جوں رقتِ غضب چہرۂ ترکانِ خطائی (ذوق)

(اصل میں بزبانِ سنسکرت جم تھا اُس سے جُون ہوا۔ جون سے جُوں اور جیوں بن گیا) +

جوں ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ سُرسُرش۔ چیلڑ۔ وہ کیڑے جو بالوں یا کپڑوں میں عفونت

جوں

جسم یا میل کے سبب سے پڑ جاتے ہیں جیسے کوڑھی کے جوئیں نہیں پڑتی +

جُوں کی چال ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ نہایت سُست رفتار۔ بہت آہستہ چال +

جُوں مُونہا ۔ا۔ صفت۔ غریب صُورت۔ پُر فطرت یا کھنڈی۔ پُرزور فعل +

جَوُن ۔ا۔ اِسمِ ضمیر۔ جس۔ جو (بکسال باہر ہے) +

جَوُنسا ۔ا۔ اِسمِ ضمیر۔ جو کوئی + جو شخص +

جُون ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) جنم۔ پیدائش۔ ولادت + برن (۲) حلول تناسخ آواگون (۳) زمانہ + وقت۔ عرصہ۔ کال (۴) ہر فی جسمی + اہل ہند کا اعتقاد ہے۔ کہ انسان چوراسی لاکھ قالب بدل کر اشرف المخلوقات کے جسم میں آتا ہے اِس کے بعد اُس کی مکتی یعنی نجات ہوتی ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ انسان کی جون میں اگر اچھے کام کئے ہیں تو اچھی جون نہیں جنم لیکر نجات حاصل کریگا ورنہ ہر ایک مخلوق کی جون بھوگ کر پاک اور نجات یافتہ ہوگا +

جون بدلنا ۔یا۔ پلٹنا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) چولا بدلنا۔ کایا پلٹنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ قالب بدلنا (۲) صورت بدلنا۔ حالت بدلنا۔ لاغر یا فربہ ہو جانا۔ ترقی یا تنزل کرنا +

جُون پُوری کرنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ دِن پورے کرنا۔ زندگی بسر کرنا۔ دِن کاٹنا +

جُوں ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ اصل میں ہندی تھا۔ فرج۔ قبل۔ بچہ پیدا ہونے کی جگہ + اندام نہانی۔ عورت کی شرم گاہ + جنس۔ نوع + چیز۔ شے +

جُوٹا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ گھاس یا بان کی رسّی جو برتن مانجھنے کے کام آتی ہے اور نیز وہ گھاس کی رسّی جس سے لکڑیوں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا باندھتے ہیں +

جُوٹان ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ دعوت۔ ضیافت + ضیافتِ شادی ولیمہ شادی +

جُوں توں ۔ا۔ تابعِ فعل (۱) بہر صورت۔ جس طرح بنا جس طرح ہو سکا کسی نہ کسی طرح۔ بہر طور یکہ باشد (بضم جیم وواؤ مجہول و معروف ہر دو درست) ۵

مرض تھا مصحفی کو صعبِ پر خُوب وہ سمجھا کہ جوں توں آپ کے اُس نے ترے کوچہ میں لا ڈالا (مصحفی)

(۲) بمنت و سماجت۔ خوشامد درآمد سے + ۵

اُس وحشی کو پھسلاتا ہوں اور دام میں جوں توں لاتا ہوں
نزدیک جب اُس کے جاتا ہوں ہے مجھ سے پھرا وہ ویسا ہی (سودا)

جُوں توں کر کے ۔ا۔ تابعِ فعل (۱) کسی نہ کسی طرح سے + جس طرح ہو سکا اُس طرح۔ کسی طرح سے۔ کسی ڈھب سے (۲) بمشکل تمام۔ بہ دقت۔ بڑی مشکل سے۔ بدشواری۔ بمشکلات۔ خدا خدا کر کے +

جُوں جُوں ۔ا۔ تابعِ فعل۔ جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک + ۵

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوں

اُس نے تلواریں جڑیں یار پر جوں ہی ہوئیں زخم سے کرنے لگے فریاد ہم (ناسخ)

جونک ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) کیڑی ۔ زلو ۔ دیوچہ ۔ جلوکا وہ پانی کا کیڑا جو خونِ فاسد نکالنے کے واسطے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں ۔ عربی میں اس کو علق کہتے ہیں (۲) بازاری) رنڈی ۔ کسبی عورت ۔ استری ۔ زن + زنِ فاحشہ ۔ قحبہ +

جونک ہو کے لپٹنا ۔ یا ۔ چمٹنا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ جونک کیطرح لپٹنا ۔ اِس طرح چمٹنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو +

جُوں کا تُوں } ۔ا۔ تابع فعل (۱) ویسے کا ویسا ہی بجنسہٖ ۔ برقرار ۔ اصلی حالت اور
جُوں کی تُوں } اصلی ہیئت پر (۲) صفت) تمام پورا ۔ کامل + اچھوتا وہ کا وہی +

جونکیں ۔ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ جونک معنی زلو کی جمع ۔ کیڑیاں +

جونکیں لگانا ۔ا۔ فعلِ متعدی کیڑیاں چمٹانا ۔ زلو چسپانیدن کا ترجمہ +

جونکیں لگوانا ۔ا۔ فعلِ متعدی المتعدی ۔ کیڑیاں لگوانا کیڑیوں کے ذریعے سے خونِ فاسد نکلوانا +

جُونہیں ۔ا۔ تابع فعل ۔ جس وقت ۔ فوراً ۔ اسی وقت معاً ۔ تُرت + ۵

حُسن کا اک شعبدہ ہے جو ادا ہے یار کی کھُل گیا جُوڑا جُونہیں عنبر سے اَتر دھو گیا (امداد علی بحر)

جُونئیں ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (جُوں معنی پیش کی جمع) +

جُونئیں دِکھانا ۔ا۔ فعلِ متعدی ۔ سر کے بالوں کی جُوئیں چنوانا +

جُونئیں دیکھنا ۔ا۔ فعلِ متعدی ۔ عو ۔ سر کے بالوں یا کپڑوں میں سے جُوئیں چُننا ۔ پیش جستن کا ترجمہ +

جُونئیں مارنا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) جوؤں کو ناخن پر رکھ کر مارنا (۲) وقت ضائع کرنا ۔ تضیع اوقات کرنا + دیر لگانا + تحوست پھیلانا +

جُوہار ۔ا۔ اِسمِ مذکر (بواؤ معدولہ) جُوار زیادہ بولتے ہیں چنانچہ ہم خطاب ہے (بحر) ٹھاکروں کا سلام چین متوں کی رام رام ۔ جینیوں کا یا ہمی سلام ۔ بلکہ چھٹی تری میں عام ہے ۔ مہاجن بھی بولتے اور لکھتے ہیں جیسے بجھار بنجنا +

جَوہَر مُعرب گوہر ۔ اِسمِ مذکر (۱) من ۔ نگ ۔ قیمتی پتھر ۔ جیسے لعل ۔ زمرد ۔ ہیرا وغیرہ (۲) اصلِ شے ۔ خلاصہ ۔ عطر ۔ مادہ ۔ ست ۔ لُب لُباب ۔ اجزاء لطیفہ (۳) عرض کا نقیض ۔ وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو ۔ قائم بالذات جیسے رنگ اور کپڑا یہاں کپڑا جوہر ہے اور رنگ عرض کیونکہ کپڑا بذاتِ خود قائم ہے اور رنگ کپڑے کے وجود سے قائم (۴) آبِ تیغ تلوار یا فولاد کے وہ قدرتی نقوش جن سے اُس کی عمدگی ظاہر ہو ۔ وہ باریک نشان جو جیونٹیوں کے پاؤں کے نشانوں کی مانند تلوار یا بندوق وغیرہ میں ہوتے ہیں +

قتلِ عُشاق سے اب نفرت ہے تیغ ابرو سے یہ جوہر ہی گیا (گویا) (۵) خاصیت ۔ گن ۔ سُبھاؤ ۔ صفت ۔ عمدگی + خوبی + ۵

جوئے

میرا دم اور تری تیغ کا دم ایک سا ہے جوہر اخلاص کا دونوں میں بہم ایک سا ہے (ظفر)

(۶) ہُنر ۔ کمال ۔ لیاقت ۔ استعداد (۷) بھید ۔ راز ۔ پردہ ۔ حقیقت جیسے جوہر کھُلنا (۸) چالاکی ۔ کارستانی ۔ چترائی +

جَوہر دِکھانا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) ہُنر دکھانا ۔ گُن دکھانا ۔ کرتب دکھانا ۔ لیاقت اور فضیلت ظاہر کرنا + شرافت دکھانا (۲) چالاکی دکھانا ۔ خباثتِ نفسی ظاہر کرنا ۔ کوتک دکھانا +

جَوہرِ فرد ۔ا۔ اِسمِ مذکر ۔ جوہر یکتا ۔ جزو لایتجزیٰ + دہانِ محبوب +

جَوہر کرنا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ خودکُشی کرنا ۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا ۔ اپنی جان پر کھیل جانا جانِ شیریں کب گئی ہے کوہکن کی رائیگاں کہتے ہیں شیریں نے آخر آپ کو جوہر کیا (ناسخ)

(۲) فعلِ متعدی) جان لینا ۔ قتل کرنا ۔ مار ڈالنا (جوہر کرنا اصل میں ہندی جوہر سے ہے اردو میں آگیا ہے ۔ کیونکہ جیوہر نا بمعنی جان لینا ایک قدیمی رسم راجپوتوں میں تھی ۔ جب وہ دیکھتے تھے کہ کوئی زبردست غنیم اُن پر چڑھ آیا ہے تو وہ اپنے بال بچوں کو خود قتل کر کے یا آگ میں جلا کے بالکل قطع تعلق کرنے کے بعد جان توڑ کر لڑنے جاتے تھے ۔ اور وہیں جا کر مرتے یا فتح پا کر واپس آتے +

جوہر کھُلنا ۔ یا ۔ کھُل جانا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) ہُنر ظاہر ہونا ۔ لیاقت و استعداد معلوم ہونا ۔ خوبی و عمدگی نمایاں ہونا + ۵

ہمارے دل کے نہ جوہر کھُلے حسینوں پر کبھی نہ آئینہ دستِ نگار میں ہوتا (بحر)

(۲) حُسن و قبح معلوم ہو جانا ۔ قلعی کھُل جانا ۔ بھید ظاہر ہو جانا ۔ ظرف و ظرافت کھلنا شراب سے سمجھ کے پینا خراب کہتا ہے اس کو عالم کہیں نشہ میں کھُلیں نہ جوہر ادعا ہمارے (مصحفی) (جوہر)

جوہر کھولنا ۔ا۔ فعلِ متعدی ۔ حقیقت اور ہُنر ظاہر کرنا ۔ خوبی ظاہر کرنا ۔ ۵

کھول دیتا ہے اگر جوہر شمشیر کبھی چھپ گیا تیر سے بخت سے جوہر اپنا (ناسخ)

جَوہری ۔ع۔ اِسمِ مذکر (۱) جوہر فروش (۲) پرکھیا ۔ جانچو ۔ پرکھنے والا + شناسا (۳) ہُنر شناس ۔ جیسے یہ بڑے جوہری ہیں +

جوہَڑ ۔ا۔ اِسمِ مذکر ۔ باراں تالاب ۔ چُھپّر ۔ چھیل ۔ ڈابر + تال ۔ آبگیر ۔ غدیر + ڈبرا +

جوہنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (گنوار) انتظار کرنا ۔ راہ دیکھنا + ٹٹولنا ۔ تھاہ لینا ۔ جانچنا ۔ ٹوہنا + ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا +

جُوہی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) یاسمنِ دشتی ۔ ایک قسم کی جنگلی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتشبازی جس میں بہت سے پھول نکلتے ہیں (۳) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی میں لگ جاتا ہے +

جوئے ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (گنوار) جورو ۔ استری ۔ گھر والی ۔ زوجہ ۔ بیوی ۔ لگائی جیسے جولاہے کی جوئی ۔ سپاہی کی جوئے ۔ گھر میں پڑی پڑی پرانی ہوئے گھر میں آئی جوئے میڑھی پگڑی سیدھی ہوئے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جوے

جویا، جویاں، جوئندہ ف۔ اِسمِ مذکر۔ کھوجی۔ تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ متلاشی۔ جستجو کرنے والا۔ متفحص +

جوے خانہ ۱۔ اِسمِ مذکر۔ قمار خانہ۔ مکتب خانہ۔ پنڈت خانہ +

جھابا ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) گھی یا تیل رکھنے کا چرمی ٹونٹی دار ظرف (۲) وہ گول چوڑے کا بنا ہوا خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں۔ پنجاب میں اِسے سفرہ بولتے ہیں (۳۔ پورب) جھاڑ جو روشنی کے واسطے مکانوں میں لٹکاتے ہیں (۴) ٹوکرا +

جھابڑ ہ۔ اِسمِ مؤنث (گنوار) دلدل وہ زمین جہاں دلدل ہو +

جھابڑ جھلا ہ۔ صفت۔ ڈھیلا ڈھالا + بدنما۔ اور بدہیئت آدمی +

جہاد ع۔ اِسمِ مذکر (۱) کوشش کرنا۔ جدکرنا (۲) شرائطِ اسلام کے بندکر دینے پر کفار سے اثباتِ دین اور اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے جان اور مال سے لڑنا بشرطیکہ وہ بھی اہلِ اسلام سے ہتیار کے ساتھ لڑیں + بشرائط مذکورہ کافر کشی کرنا۔ حمایتِ دین کے لئے ہتیار اُٹھانا +

جہادِ اصغر ع۔ اِسم۔ باصطلاحِ صوفیاں کافروں کے ساتھ لڑنا +

جہادِ اکبر ع۔ اِسمِ مذکر۔ باصطلاحِ صوفیاں نفس کشی + ریاضتِ شاقہ +

جھارا ہ۔ اِسمِ مذکر (بھنگڑ) ۱۔ پتلی چھینی ہوئی بھنگ۔ بھنگ کا آبِ زلال جیسے پیوے جھارا رہے تارا (۲) وہ چھاج یا چھنا جس میں گیہوں وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں +

جھارنا ہ۔ فعلِ متعدی۔ چھاننا۔ رولنا +

جھاری ہ۔ اِسمِ مؤنث۔ ایک قسم کی صراحی جس کی نالی لمبی ہوتی ہے + اور اُس میں ایک ٹونٹی بھی لگا دیتے ہیں +

جھاڑ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) جھنکاڑ۔ کانٹوں کے درخت + جھاڑی۔ جھڑ بیری جھڑ بیری کا سوکھا ہوا درخت۔ وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت سے ہوں۔ (۲) بلور یا آبگینہ کا فانوس جو امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کے واسطے لٹکایا جاتا ہے۔ ؎

دیں اہلِ صفا ہر گز کسی کے دل کو رنج گوشۂ دامن سے بجھا جھاڑ کب بلور کا (آتش)

(۳) ایک قسم کی آتشبازی (۴) پنج شاخہ۔ پنجی (۵) تار۔ سلسلہ + قطار۔ تسلسل +

جھاڑ باندھنا ہ۔ فعلِ متعدی۔ تار باندھنا یا لگاتار کچھ کہے جانا۔ سلسلہ باندھ دینا جیسے گالیوں کا جھاڑ باندھ دیا + ؎

نہ جھاڑا غیر کو ہرگز کہ ہو کر جھاڑ پسپا تھا مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا (ذوق)

جھا

جھاڑ بسانا ہ۔ فعلِ متعدی (ہندو عو) لڑائی مول لینا۔ جھگڑا مول لینا +

جھاڑ پہاڑ ہ۔ اِسمِ مذکر۔ لاطائل بات۔ خارج از بحث مضمون بات کا بتنگڑ +

جھاڑ جھنکاڑ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) نہایت گھنا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں کا درخت۔ ببول کریل ہنیں اور جھاڑی وغیرہ کے درختوں کا جھنڈ (۲) گھسیٹوں خطِ شکستہ خط (۳) لپٹو۔ لپٹنے والا۔ جھاڑ کا کانٹا سر ہونے والا +

جھاڑ کا اِزار بند ۱۔ اِسمِ مذکر (لکھنؤ) ایک قسم کا ازار بند جس کے بڑے بڑے پھندنے وغیرہ ہوتے ہیں +

جھاڑ کا کانٹا ہ۔ اِسمِ مذکر۔ اوّل معلوم (۲) لڑاکا۔ جنگجو۔ بدجو۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو + ؎

دامنِ دل سے چھوٹا پڑ چھوٹا اے سرور گل نہ نکلا خارِ خرگاں جھاڑ کا کانٹا بنا (سرور)

جھاڑ ہو کر لپٹنا ہ۔ فعلِ لازم۔ جھاڑی کی طرح لپٹنا۔ گرویدہ ہونا۔ چمٹو ہونا۔ سر ہونا۔ جونک کی طرح چمٹنا۔ لپ ہونا + ؎

نہ جھاڑا غیر کو ہرگز کہ ہو کر جھاڑ پسپا تھا مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا (ذوق)

جھاڑا ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) تلاشی۔ تجسس۔ تفتیش (۲) کوڑا۔ گرگٹ (۳) گنوار۔ اجڈ۔ پیخانہ۔ جائے ضرور (۴) کوئی منتر پڑھ کر جو جھاڑتے ہیں اُسے بھی جھاڑا کہتے ہیں +

جھاڑا پھرنا۔ یا جھاڑے جانا ہ۔ فعلِ متعدی (گنوار) پیخانہ پھرنا۔ ٹٹی پھرنا۔ براز کرنا۔ ہگنا + جائے ضرور جانا۔ بیت الخلا جانا۔ صحت خانہ میں جانا +

جھاڑا پھونکی ہ۔ اِسمِ مؤنث (۱) منتر جنتر۔ افسوں و افسانہ۔ دم کرنا اور کچھ پڑھ کر جھاڑنا۔ جھپ پھیری + جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ منتر۔ ٹونا۔ سحر۔ گنڈا۔ تعویذ (۲) بازیگری شعبدہ بازی۔ مکاری +

جھاڑا دینا ہ۔ فعلِ لازم۔ تلاشی دینا۔ کپڑے لتے اُتار کر دکھانا +

جھاڑا لینا ہ۔ فعلِ متعدی۔ تلاشی لینا۔ کپڑے لتے اُتروا کر دیکھنا +

جھاڑ پونچھ ہ۔ اِسمِ مؤنث۔ جھاڑنا پونچھنا۔ صفائی +

جھاڑ بانی ۱۔ اِسمِ مؤنث۔ بالکل بے باق۔ بچا کھچا۔ رہا سہا +

جھاڑ پھونک ہ۔ اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو (جھاڑا پھونکی) (۲) وہ دعا جس سے جادو اور آسیب کا دفعیہ کریں +

جھاڑ جانا ہ۔ فعلِ متعدی (بازاری) کھا کر صاف کر دینا۔ سب اُڑا جانا۔ چٹ کر جانا۔ پی گئے سب جو ساقیا تہِ خمار شراب سیب کی جھاڑ گئے نشہ میں ہم قاب کی (افسوس)

جھاڑن ہ۔ اِسمِ مذکر و مؤنث (۱) جھاڑنے کا کپڑا۔ تولیہ۔ صفائی کا رومال۔ دستمال۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھاڑ

صافی (۲) اِسمِ مؤنث) چھلتی غبار بال (۳) کوڑا۔ کرکٹ + ریزہ کاری۔ ریزہ + پوچھن + وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے۔ جھڑن +

جھاڑن پوچھن - ۲ - اِسمِ مؤنث (۱) وہ چیز جو جھاڑنے پوچھنے سے نکلے (۲) اخیر کا بچہ - وہ بچہ جس کے بعد اور بچہ پیدا نہ ہو +

جھاڑنا - ۲ - فعلِ متعدی (۱) صاف کرنا غبار وگرد صاف کرنا۔ جھاڑو دینا۔ بُہارنا۔ پوچھنا + پیڑ میں سے پھل گرانا۔ توڑنا (۳) جھٹکنا۔ پھٹکنا (۴) لگاتار مارنا۔ سہی کرنا۔ بڑنا جیسے تلوار کا ہاتھ جھاڑنا (۵) چھوڑنا۔ فیر کرنا۔ داغنا جیسے بندوق جھاڑنا (۶) کنگھی کرنا۔ شانہ کرنا۔ بال صاف کرنا جیسے سر جھاڑنا (پورب میں بولتے ہیں) ۷ - دم کرنا۔ پھونکنا۔ ہتھ پھیری کرنا۔ ہتھیلیوں کو منتر پڑھ پڑھ کر چھوانا + ۵

مفت کے ہو گیا آسیب جو توڑے تم جوتیوں سے میکشو آج اسکو جھاڑ چاہئے (ناسخ)

(۸) آگ نکالنا چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹) پرگرانا۔ گریز کرنا (۱۰) سرزنش کرنا آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔ ذلیل وخفیف کرنا۔ لتاڑنا۔ لتے لینا۔ دھتکارنا ۵

نہ جھاڑ غیر کو پر گر کہ ہو کر جھاڑ پلٹنا تھا مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تونے بدگماں ہونا (ذوق)

جھاڑنا جھٹکنا - ۲ - فعلِ لازم - جھاڑو بُہارو دینا۔ گرد وغبار صاف کرنا ۵

جھاڑو جھٹکو گھر کی آرائش کروائے بانڈیو آج ہیں نگیں کے آنے کی یہاں تیاریاں (مرنگین)

(۲) جو کچھ کسی کے پاس ملے اُس سے لے لینا +

جھاڑو - ۲ - اِسمِ مؤنث (۱) جاروب۔ بُہاری۔ سوہنی (۲) دُمدار ستارہ ستارۂ دنبالہ دار +

جھاڑو پھرنا - ۲ - فعلِ لازم - صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔ لُٹ جانا جیسے اُس کے گھر میں تو جھاڑو پھر گئی +

جھاڑو پھیرنا یا پھیر دینا - ۲ - فعلِ متعدی - صفایا کرنا کچھ باقی نہ رکھنا بالکل چرا لینا (۲) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ تنکا نہ رکھنا لوٹ لینا۔ غارت کر دینا ۵

آتے ہی باد خزاں نے ایسی جھاڑو پھیر دی جائے گل پتا چمن میں باغباں کا نہیں (صبا)

(جب صورت پر جھاڑو پھیر دینا کہینگے تو وہاں کمال نفرت کے باعث صورت نہ دیکھنے اور نام نہ لینے سے مراد ہوگی جیسے میں ایسا جانتی تو اُس مُردار کی صورت پر جھاڑو پھیر دیتی) (عو) +

جھاڑو تارا - ۲ - اِسمِ مذکر - دُمدار ستارہ - دُمدار ستارہ - دوروب +

جھاڑو دینا - ۲ - فعلِ لازم (۱) بُہارنا - جاروب کشی کرنا (۲) صفایا کرنا لوٹ کر لیجانا۔ مُوس لینا۔ دھڑی دھڑی کر کے لوٹ لینا (۳) سب چٹ کر جانا۔ رکابی یا طباق خالی کر دینا (۴) قدم بد و نحوست سے کسی کو تباہ و برباد کرنا +

جھاڑو کرنا - ۲ - فعلِ متعدی (گنوار) دھمکانا سخت سست کہنا + مُنہ مارنا کرنا

جھاگ

ذلیل کرنا۔ لتاڑنا۔ آڑے ہاتھوں لینا +

جھاڑو کی تیلی - ۲ - اِسمِ مؤنث (جھاڑو کی سینک جس کے لگجانے سے عمدتوں کو خیال گزرتا ہے کہ اس کے مانند آدمی دُبلا اور لاغر ہو جائیگا۔ لیکن بعض عمدتوں کا یہ بھی اعتقاد ہے۔ کہ جب اُلو رات کو کسی بچے کا نام سُنتا ہے تو اُس کے گھر سے ایک جھاڑو کی تیلی اُٹھا کر دریا پر لے جاتا اور نام لیکر پانی میں ڈبوتا ہے جس سے بچہ دُبلا ہو ہو کر مر جاتا ہے۔ چنانچہ رات کو وہ بچے کا نام نہیں لیتیں اور اُس کی بجائے ہینگو یا ہینگو آمتی ہیں تا بچے اِن توہمات سے) +

جھاڑو مارنا - ۲ - فعلِ متعدی - اقوال معلوم (۲) تنفر ظاہر کرنا جیسے اُس کے نام پر جھاڑو مارو یعنی اُس کا نام نہ لو +

جھاڑی - ۲ - اِسمِ مؤنث (۱) چھوٹے خاردار درخت چھڑ بیری کے درخت (۲) بن جنگل صحرا کوچک نخلستان۔ خاردار درختوں کی جگہ +

جھاڑی بوٹی کا بیر - ۲ - اِسمِ مذکر - کنایہ صحرائی جنگلی چھوٹے چھوٹے سُرخ بیر +

جہاز - ع - اِسمِ مذکر (۱) لغوی معنی متاع خانہ واسبابِ عروس مگر اصطلاحی اسبابِ تجارت لادنے اور بحری سفر کرنے کی بہت بڑی ناؤ + ۵

بھر گیا ایسا ہمارے نالۂ دل کا دھواں بس جہازِ گنبدِ گردوں دُخانی ہو گیا (امیر)

(۲) ا - صفت بہت بڑا۔ نہایت فراخ جیسے جہاز مکان یا جہاز کنکوا +

جہاز کا جہاز - ا - صفت - بہت بڑا۔ نہایت وسیع اور فراخ +

جہاز کا کوا - ا - اِسمِ مذکر - وہ کوا جو جہاز کے ساتھ ہو لے اور بندرگاہ میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کے سبب اُسی کے اردگرد اڑتا رہے + وہ شخص جسے ایک جگہ کے سوا کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ملے +

جہاز کے اُترنے کی جگہ - ا - اِسمِ مؤنث - بندرگاہ +

جہازی - ع - اِسمِ مذکر (۱) خلاصی ملاح جہاز۔ جہاز چلانے والا (۲) جہاز کے سوار جہاز میں بیٹھنے والے (۳) صفت بحری بندرگاہ جیسے جہازی ملازم جہازی فوج۔ جہازی پولس۔ جہازی تجارت وغیرہ +

جہازی ڈاکو - ا - اِسمِ مذکر - وہ لوگ جو اپنی کشتیاں یا جہاز لاکر مسافروں کے جہاز کو لوٹ لیتے ہیں +

جہازی کُتا - ا - اِسمِ مذکر - تازی کُتا - بڑا شکاری کُتا +

جھاگ - ۲ - اِسمِ مذکر - کف - پھین (وہ سفید سفید بلبلے سے جو پانی کے زور یا پکنے کے اُبال سے پیدا ہوتے ہیں مادہ نیز آدمی کے مُنہ سے بھی حالتِ غضب یا بعض مرض میں نکلا کرتے ہیں) +

جھاگ لانا - ۲ - فعلِ لازم - کف لانا۔ جھگیانا غصہ کے مارے مُنہ سے تھوک اُڑانا +

ف ۵ زندگی کا خلاصہ سامان سرد دل میں + مزہ مارنے کیا پھیر دی جھاڑو دل میں (داغ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiya

جھال | جھان

جھال - ہ - اِسم مؤنث (۱) چرپراہٹ - تیزی - جلن جیسے مرچ کی جھال (۲) ٹانکا - دھات کا جوڑ (۳) جھلی - بڑا اور چوڑا ٹوکرا (۴) لہر - ہلکورا - تموج - تموّنگ - تلاطم (۵) جھل - آگ (خواہش جماع جو عورتوں کو ہوتی ہے نیز حسد و غصہ مگر بول چال میں اس کا مخفف کر کے جھل بولتے ہیں) (۶) نہر یا دریا کی لہر - موج (۷) ننھی سی بارش - وہ خفیف بارش یا اولوں کی یکبارگی ہلکی سی بوچھاڑ جو کبھی کبھی ظہور میں آتی ہے - جیسے اولوں کی جھال پڑ گئی +

جھالا - ہ - اِسم مذکر (۱) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو زمین کے کسی قطعہ پر برسے اور کسی قطعہ پر نہیں جیسے بھادوں کا مینہ + ؎

دریا بھرے ہیں دیدۂ گریاں میں اے سحاب — یہ وہ نہیں برسکے جو جھالا نکل گیا (ناسخ)

(۲) عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کی چند لڑیاں گوتی ہیں ؎

ناک کے یار نے بالوں کو جب بکھیڑا ہے — دکھا دیا ہے یہاں موتیوں کے جھالوں کا (امداد علی بحر)

(۳) کنواری عورتیں (اشارہ نہیں - جیسے گیت ؎ جھالر دے دے ناری +

جھالت - ع - اِسم مؤنث - بے علمی - نادانی - کچا پنا + ناواقفیت - لاعلمی - بے خبری + جہل - ناسمجھی - بے سمجھی - وحشی پن - بیوقوفی - جاہلپن - جہالت - اُجڈپن +

جھالر - ہ - اِسم مؤنث - پھلدے - کرن مسلسل - آنچل - چھند نے (ریشمی گوٹہ مقیشی تار جو سنہرا یا جھول وغیرہ کے گرد اگر دلگاتے ہیں - حاشیہ کسنادہ) +

جھالردار - ا صفت - پلے دار - وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو +

جھالرا - ہ - اِسم مذکر (گنوار عورتیں) (۱) ایک قسم کا روپوں کا بنا ہوا ہار جسے گلے میں بکل کیطرح پہنتے ہیں (۲) بڑا چوڑا کنواں - پانی کا بڑا گنڈ - جھرنا +

جھالنا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹانکا لگانا - برتن جوڑنا - زیادہ میں مصالحہ سے جوڑ لگانا (۲) لکھنؤ) پانی یا شراب وغیرہ کو برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا - ؎

ساقی مزہ ہے گر نہ ملیں آب سرد کا — بوتل شراب کی شورے میں جھال دے (امداد علی بحر)

جھام - ہ - اِسم مذکر - ایک قسم کا بڑا چھاڑ جو اکثر گنوے کی کوٹھی کے گلانے کے کام آتا ہے - ایک قسم کا آہنی چمچہ جس سے گنوے کا ملمہ نکالتے ہیں +

جہان - ہ - اِسم مذکر (۱) لوک - کھنڈ - زمین - دھرتی - تمام ملک - تمام عالم - جگ (۲) دنیا - عالم - پرتھمی - سنسار - جگت - گیتی - دنیا کے لوگ + ؎

اک جہاں دیوانہ اس زلف دوتا کا ہوگیا — ابتدا ہی میں یہ سودا انتہا کا ہوگیا (رند)

جہاں پناہ - ف - اِسم مذکر - بادشاہ - سلطان - راجا - وہ حاکم جس کی پناہ میں دنیا ہو - عالم پناہ +

جہاں دیدہ - ف - اِسم مذکر (۱) تجربہ کار - گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا ہوا آدمی -

جھان

ہمان کا پھرا ہوا (۱ صفت) پختہ کار - گرم و سرد آزمودہ - گرگ باراں دیدہ +

جہاں گرد - ف - اِسم مذکر - سیاح - جہاں گشت - سفر کرنے والا +

جہاں - ہ - تابع فعل (۱) جس جگہ - جس مقام پر - جیسے جہاں جائے بھوکا نہ رہے پڑے سوکھا (۲) جس وقت - جس گھڑی جیسے جہاں بجلی چمکی ہا وہ دبکا +

جہاں تک - ہ - تابع فعل - جب تک - تا بمقدور - حتے الوسع - حتے الامکان +

جہاں تک بنے یا ہوسکے - ہ - تابع فعل - جبتک ممکن ہو - جبتک پار بسائے - اپنے مقدور تک - تا بمقدور +

جہاں تہاں - ہ - تابع فعل - ہر جگہ - ہر کہیں - جگہ جگہ - ادھر اُدھر +

جہاں کہیں - ہ - تابع فعل - جس جگہ - جس مقام پر +

جہاں کی تہاں - ہ - تابع فعل (۱) کہیں کی کہیں - بے جگہ - بیموقع - اپنی جگہ کے خلاف جیسے جہاں کی تہاں چیز رکھ دیتا ہے (۲) اسی جگہ - اسی مقام پر - وہاں کی وہیں جیسے کیا تھوڑ عورت ہے کہ اب تک چارپائیاں جہاں کی تہاں پڑی ہیں (فقرہ) +

جھانپ - ہ - اِسم مذکر (۱) بانس کا بڑا خوان پوش - توڑہ پوش - بانس کا ٹوکرا - بگی کی ٹب (۲) پردہ حجاب (۳) چوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سا سائبان (۴) گنوار) جھنجی کوڑی - اوپر سے ٹوٹی ہوئی کوڑی +

جھانپنا - ہ - فعل لازم (یورپ) ڈھانکنا - چھپانا - منڈھنا - غلاف چڑھانا - پوشیدہ کرنا - مخفی کرنا +

جھانپو - ہ - اِسم مؤنث (۱) ایک چڑیا کا نام جو اکثر دم اٹھاتی اور ڈھنکتی ہے جسے دھوبن بھی کہتے ہیں (۲) از حد جماع کی خواہش رکھنے والی عورت چھنال اچھال چھکا (ایک بری گالی) +

جھانٹ - ہ - اِسم مؤنث (۱) موے زہار - موئے زیر ناف - کالے بال - (۲) مکر حقیقت آدمی - بے حقیقت چیز - ادنے چیز - بے اصل +

جھانٹ برابر - ا صفت - ادنے - بے حقیقت - کم وقعت + بہت ذرا سا - بہت چھوٹا +

جھانٹ کی جھٹلی - ہ - صفت - جھانٹ کی جھانٹ - نہایت ادنے - نہایت کم وقعت - بہت ذرا سا نہایت خفیف +

جھانٹیں - ہ - اِسم مؤنث - جھانٹ کی جمع +

جھانٹیں اکھاڑنا - ہ - فعل لازم - پشم کندہ کرنا - کچھ کرنا +

جھانٹیں مونڈنا - ہ - فعل لازم (۱) موے زہار کو صاف کرنا - بال لینا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھان

جھانجھ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) غصّہ - کرودھ - جھنجھل (۲) تیزی تُندی (۳) اضطرابی - بے صبری - ناشکیبائی - بیتابی جیسے بھوک کی جھانجھ (۴) ایک قسم کا بڑا مجیرا جو طاسا اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے - اصل میں یہ دو تشتریاں بیچ سے ابھری ہوتی ہیں جن میں سوراخ کر کے ڈورا ڈال لیتے ہیں اور ان دونوں کو ملا کر بجاتے ہیں - صنج + (۵) خواہش - شہوت - چاہ (۶) مٹی کے کھدانے میں کھوہ کی صورت جس میں بعض اوقات آدمی دب کر مر جاتے ہیں +

جھانجھ لانا - ہ - فعلِ لازم - سُن لانا - قضیہ کرنا - جھگڑا کرنا - فیل لانا - تکرار کرنا +

جھانجن - ہ - اِسمِ مؤنث - پائل - ایک قسم کا پاؤں کا آواز دار زیور +

جھانجی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل جو بیسو کے دو نمبر ہوتا ہے (دراصل ہانڈی میں چھید کر کے اس میں چراغ جلا کر سر پر لئے گاتی اور اس میں ناچتی پھرتی ہیں گویا یہ بیسو کی بیوی ہے) + (۲) وہ گیت جو جھانجی والیاں گاتی ہیں +

جھانسا - ہ - اِسمِ مذکر - دم - دھوکا - فریب - دغا - حیلہ - بہتا - چھل جل + جھانسا بتانا یا دینا - ہ - فعلِ متعدی - جل دینا - چھل بٹا کرنا - بہتا دینا - دھوکا دینا +

جھانسیا - ہ - اِسمِ مذکر - مسباز - فریبی - چھل بٹا کرنے والا +

جھانسے میں آنا - ہ - فعلِ لازم - دھوکے میں آنا - بہتے میں آنا - دم میں آنا +

جھانک - ہ - اِسمِ مؤنث - دزدیدہ نظر - تاک - نظر (مرکبات میں) جیسے تاکجھانک +

جھانکا جھونکی - ہ - اِسمِ مؤنث - تاک جھانک +

جھانکڑ - ہ - اِسمِ مذکر (۱) جھاڑی - خاردار درخت + جھنڈ (۲) دُبلا - لاغر +

جھانکنا - ہ - فعلِ لازم (۱) چھپ کر دیکھنا - دزدیدہ نظر کرنا - کھڑکی یا دروازہ سے مُنہ نکال کر دیکھنا - در و دیوار کے روزن سے تاکنا (۲) عَود آکی ذرا جانا - جا کر پھرنا +

جھانکی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) دید - نظارہ + دید بازی (۲) لیلا - نمائش - رُوپ جو پردے کے اندر سے بھر کر باہر دکھاتے ہیں سوانگ - تماشا (۳) روزن - سوراخ - رخنہ - جھید +

جھانگیری - ا - اِسمِ مؤنث - ہاتھ کے ایک جڑاؤ زیور کا نام + ایک قسم کی لاکھ یا کلاچ کی چوڑی (جہانگیر بادشاہ ہند اس کا موجد ہے) +

جھانوال - ہ - اِسمِ مذکر - کھردری اینٹ یا کھردرا ظرف جس سے پاؤں یا بدن کا میل اُتارتے ہیں - سنگِ پا + ؎

تیرے تلوے اور ونگے منسے سوا اشتفاف میں آئینہ بھی اُن کے آگے صاف جھانوال ہو گیا (ناسخ)

جھپ

جھانوری - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) جھپکی - آنکھ کا اشارہ - غمزہ - چشمک + عشوہ - کرشمہ - معشوقوں کی ناز و انداز بھری گردشِ چشم + ؎

اُس نے اِک جھانوری سے دکھلا دی گردشِ روزگار آنکھوں میں (مصحفی)

اپنی صورت کا جو اُس نے دور اُڑھیا تو بس جھانوری ہر دم ٹکی آرسی کے ساتھ ہے (جرأت)

(۲) ناز - ادا - سینا بینی - سینا سینی +

جھانوری باز - ا - اِسمِ مذکر - غماز - کرشمہ ساز - غمزہ باز - چشمک زن - عشوہ ساز - نخرے باز - چوچلے باز - عشوہ گر + چھلیا +

جھانوری دینا - ہ - فعلِ متعدی - آنکھ کی جھپکی دکھانا - غمزہ کرنا - عشوہ گری کرنا +

جھانوری لینا - ہ - فعلِ متعدی - جھانوری کے جواب میں جھانوری دینا - آنکھ سے آنکھ لڑا کر اشارہ کرنا +

جھاؤ - ہ - اِسمِ مذکر - ایک قسم کا درخت جو دریا کے کنارے ہوتا اور اُس سے ٹوکرے ٹوکریاں بنائی جاتی ہیں - درختِ گرو طرفا - اوّل درجہ میں سرو دوم میں خُشک +

جھائیں - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) عکس - چھائیں - سایہ + شیشے یا کسی چمک دار چیز کا وہ عکس جو دھوپ میں سورج کے مقابل کرنے سے پڑے (۲) کلف چہرے کے وہ سیاہ دھبے جو خون کے فاسد ہونے سے پڑ جاتے ہیں چھیپہ داغہائے چہرہ + ؎

رُوکشی کو اُس کے مُنہ بھی چاہئے ماہ کے چہرے پہ ہیں سب جھائیاں (میر تقی)

(۳) زنگِ آئینہ - وہ نشان جو آئینہ کی قلعی اُتر جانے سے نمایاں ہوتے ہیں +

جھائیں جھپّا - ہ - اِسمِ مذکر - اصل میں جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا مگر اصطلاح میں دھوکا - دم - فریب - جھانسا - بہتا - چھل - فند - فریب +

جھائیں جھائیں - ہ - اِسمِ مؤنث (بچوں کا ایک کھیل جس میں چکھیری پھرتے جاتے اور جھائیں جھائیں کرتے کوّوں کی برات آتی کہتے جاتے ہیں) +

جھائیں جھائیں - ہ - اِسمِ مؤنث - کائیں کائیں - زغ زغ - جھک جھک - جق جق - بک بک - شور و غوغائے بے معنی - ہم چخ - چخ +

جھبّا - ہ - اِسمِ مذکر - گچھا - پھندنا - آویزہ - گچھّا - پھلوا (نیز بڑے بڑے کانوں کو بھی کہتے ہیں جیسے عبدالرحمٰن تیرے جبّے جبّے کان) +

جُھبّا - ا - اِسمِ مذکر - دیکھو (جُبّہ) +

جھبرا - ہ - اِسمِ مذکر - بڑے بڑے بالوں کا کُتّا +

جھپ - ہ - تابعِ فعل - جلد - فوراً - فی الفور - تُرت - زود - بلا توقف +

جھپ جھپ - ہ - تابعِ فعل - جھٹ جھٹ جلد جلد +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھپ

جھپ کھانا - ہ - فعل لازم - تنگ یا کشتی کا جلد پیندی کے بل گر پڑنا +

جھپاکا - ہ - اسم مذکر - عو - جلدی سے کوئی کام کرنا - جلدی - شتابی +

جھپاکا مارنا - ہ - فعل متعدی - عو - جلدی سے کوئی کام کرنا جلدی سے نہانا +

جھپاک سے - ہ - تابع فعل - عو - جلدی سے - تُرت - تُرت پُرت +

جھپان - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی عمارتی لُمبا پالکی جس کا سر دو پہاڑوں پر رواج ہے +

جھپانی - ہ - اسم مذکر - جھپان اُٹھانیوالا کہار +

جھپٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) زد - جلدی کا حملہ - دوڑ - زغند - چھلانگ - جیسے چیتے یا کتے کی جھپٹ (۲) جب چھین جھپٹ کینگے تو وہاں اینچا کھینچی سے مراد ہوگی - یعنی چھیننے اور جھپٹنے کے معنی ہونگے +

جھپٹ لینا - ہ - فعل متعدی - اُچک لینا - بیچ میں سے کوئی چیز لے لینا +

جھپٹنا یا **جھپٹیٹا** - ہ - اسم مذکر - سایہ جن وپری - بھوت پریت وغیرہ کا اثر - آسیب +

جھپٹنا - ہ - اسم مذکر - چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو لے جانا چنگل مارنا - حملہ - جست +

جھپٹنا مارنا - ہ - فعل متعدی - چنگل مارنا - چیل کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو پنجوں میں لے جانا +

جھپٹانا - ہ - فعل متعدی - جلدی سے اُٹھانا - جلدی سے روانہ کرنا - جیسے گھوڑا جھپٹانا - آدمی کو کسی کام کے واسطے جھپٹانا +

جھپٹنا - ہ - فعل لازم (۱) حملہ کرنا - حربہ کرنا جیسے چیتے کا ہرن کی طرف جھپٹنا (۲) دوڑنا - جلد جانا - لپک جانا (۳) چھیننا - زبردستی سے یا جلدی سے اکبدگی لے لینا - اُچک لینا - درمیان میں لے لینا - جیسے کسی کو کوئی چیز بھیجی اور کسی نے جھپٹ لی + ہاتھ مارنا +

جھپک - ہ - اسم مؤنث (۱) حیا - شرم - حجاب (۲) پلکوں کی برہمزدگی +

جھپکنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھوں کا بند ہونا - پلکوں کا باہم ٹکرانا (۲) شرمندہ ہونا - کنیانا - جھینپنا (۳) خوف کھانا - ڈرنا +

جھپکی - ہ - اسم مؤنث (۱) نیند - غنودگی +

اِک جھپکی پیادہ ہے ساتی بہارِ عمر جھپکی لگی کہ دور آخر ہی ہوگیا (مید تقی)

(۲) ذرا کی ذرا صورت دکھانا - ذرا سی دیر کو آنا - جھلک +

جھپٹیٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) دوڑ - تاخت (۲) دھکا - صدمہ (۳) سایہ جن وپری ہوائے آسیب بھوت پریت کا سایہ +

جھٹک

جھپٹ میں آنا - ہ - فعل لازم - دوڑتے ہوئے کی ٹھوکر میں آنا - دھکا لگنا - صدمہ پہنچنا - دھکے سے گرنا بھوت پریت سے ٹھکرایا جانا +

جھپٹیٹا - ہ - اسم مذکر - جن کا حلول - سایہ آسیب - جن وپری کا اثر + ؎

تنکے چنتا باغ سے نکلا میں دیوانوں کیطرح پون تھی بادِ خزاں مجھ کو جھپٹیٹا ہوگیا (امداد علی بحر)

جھت ع - اسم مؤنث (۱) طرف - سُو - مائیں - جانب اور سمت (۲) وجہ سبب موجب - واسطہ - دلیل - باعث جیسے کس جھت سے آپ یہ فرماتے ہیں +

جھٹ - ہ - تابع فعل - دیکھو (جھپ) +

جھٹ پٹ - ہ - تابع فعل - بہت جلد - تُرت ہی - جلد تر - شتاب تر + ؎

گلے سے آکے لگو یا مرا گلا کاٹو جو ہیں آپ کو منظور ہو وہ جھٹ پٹ ہو (ناسخ)

جھٹاس - ہ - اسم مؤنث (پورب) بوچھاڑ جھپاس +

جھٹلانا - ہ - فعل متعدی (۱) جھٹلانا - جھوٹا ثابت کرنا - تکذیب کرنا - جھوٹا بنانا (۲) کسی کھانے کی چیز کو چکھ کر یا کھا کر اچھوتا نہ رکھنا + مستعمل کہ دینا کام میں لے آنا + (جب مرد جھٹلانا کہینگے تو نامرشتہ سے مراد ہوگی) +

جھٹ پٹا - ہ - اسم مذکر - صبح یا شام کی تاریکی - آفتاب کے غروب ہونے کا وقت علی الصباح کی تاریکی - دونوں وقت ملنے کا ہنگام (زیادہ شام ہی کے واسطے بولتے ہیں) + ؎ جھٹپٹے وقت گھر چلے جانا + دن بھی ہے گرم آفتاب بھی ہے (داغ)

یار آنکلا تو تھا صورت دکھاتا میں کسے جھٹ پٹے کا وقت تھا شمس و قمر کوئی نہ تھا (خواجہ آتش)

جھٹکا - ہ - اسم مذکر (۱) دھکا - صدمہ - ٹکر - جُنبش - ؎

ٹوٹ کے ایک ہی جھٹکے میں کلیجا پھٹ گیا بہت ایوب کو دعوے تھا شکیبائی کا (امداد علی بحر)

(۲) مصیبت - آفت - حادثہ (۳) وہ ذبیحہ جو شرائط اسلام کے خلاف ایک دفعہ ہی تلوار کا ہاتھ مار کر کیا جائے جس طرح بکھوں گورکھوں اور جاٹوں میں دستور ہے + ؎

نہ پایا مُن مسلمان سے نہ کافر سے کہیں ہوا میں ذبیحہ کہیں ہوا جھٹکا (امداد علی بحر)

جھٹکا اُٹھانا - ہ - فعل متعدی (۱) صدمہ اُٹھانا مصیبت اُٹھانا آفت جھیلنا اُٹھانا ہے وہی دل عشق میں جھٹکے پر جھٹکے کسی کی زلف نے سائے میں اپنے جس کو پالا ہے (نامعلوم)

(۲) خسارہ اُٹھانا - ضرر اُٹھانا - نقصان اُٹھانا +

جھٹکا دینا - ہ - فعل متعدی - صدمہ دینا - جھٹکنا - جھاڑنا - جُنبش دینا +

جھٹکا کھانا - ہ - فعل متعدی (۱) صدمہ اُٹھانا آفت سہنا - مصیبت اُٹھانا + ؎

عمر بھر یاد رہیگا ہمیں اُن آفتِ جاں دل بچشمِ کافر کے گیسو میں جو جھٹکا کھایا (نامعلوم)

(۲) ٹکرانا - باہم لڑ جانا - ٹھوکر کھانا - نقصان اُٹھانا جیسے اگر جھٹکا کھا کر سنبھل گیا تو پھر اپنا گھر ہے) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھٹ

جھٹکنا - ف - فعلِ متعدی (۱) جھاڑنا - کپڑے وغیرہ کو زور سے جنبش دینا (۲) دھکا دینا - صدمہ دینا (۳) دُبلا ہونا - لاغر ہونا +

کپڑے پھٹے جنہیں تو دیکھا یہ اپنا حال وحشی سا ہو گیا بدن ایسا جھٹک گیا (امانت لکھنوی)

(۴) چھیننا - ہاتھ مارنا - جیسے چور نے نتھ جھٹک لی +

جھٹکے کا مال - ا - اسمِ مذکر - چوری کا مال - چھینا جھپٹی کا مال - ڈاکے کا مال +

جھٹکل - ف - تابع فعل - پچل کا نقیض جھوٹ موٹ جیسے جھٹکل کھیلنا +

جھٹلانا - ف - فعلِ متعدی (۱) نکمّہ یا عیب کرنا - جھوٹا ثابت کرنا - باطل کرنا (۲) دیکھو (جھٹلانا نمبر ۲) +

جھٹنیل - ف - اسمِ مؤنث - غ - ہر ایک کی جھوٹی کی ہوئی عورت - بدکار عورت - مستعمل - جیسے ہزاروں کی جھٹنیل +

جھجاؤ - ف - اسمِ مذکر - بیٹھے کے کپڑوں میں سے جو کپڑا لمبا چوڑا ہوا سے جھاڑ کر کاٹتے ہیں +

جھجر - ف - اسمِ مذکر (۱) بڑی گلی صراحی - مٹی کا ایک صراحی نما ظرف جس میں پانی ٹھنڈا کرتے ہیں (۲) ایک قصبہ کا نام جو دہلی کے قریب ہے +

جھجک - ف - اسمِ مؤنث (۱) بھڑک - چمک - چونک - رمیدگی - وحشت +

تو کر فنا رقصِ طائرِ دل ہے اپنا ابھی صیاد کوئی اسی جھجک جاتی ہے (شاہ نصیر)

(۲) خوف و خطر - اندیشہ و وہم خیالی دہشت و ہیبت +

گھڑی ایک میں جو جھجک مٹی تو کہا زبان سے یہ جی لے لو گھڑی جلد سے دو ٹیرے بقرار نے خوش کیا (انشاء)

(۳) گنوار) روک - اٹک جیسے بولنے میں ذرا جھجک ہے +

جھجک جانا - ف - فعلِ لازم - خوف و رمیدگی کا دور ہونا - مانوس ہونا - اُنس پکڑنا - رُکاوٹ اور اٹک نکلنا +

اسے جس مرغ دست آموز رکھتا ہو میں ظالم کہ جب بگڑا تو جی سے اس کی ان جھجک نکلے (مصحفی)

جھجکنا - ف - فعلِ لازم (۱) بدکنا - چونکنا - رمیدہ ہونا - وحشت کرنا - بھڑکنا

جو آئینہ میں اپنی صورت کو دیکھ جھجکے یاد وہ ہمارے دل سے پھر وہ دو چار کب ہو (مصحفی)

(۲) ڈرنا - خوف کھانا + وہم کرنا - شرم یا خوف سے آنکھ بند کرنا +

جھجکے اور بوسہ مست شوق سے کر نوش یہ کیا لب ہے تیرا نہیں شراب میں سانپ (امرت)

جھجھر - ع - اسمِ مؤنث - کوشش - سعی - طاقت +

جھڈو - ف - اسمِ مذکر - بطال - بیکار - ناکارہ - مجہول - نکمّا + بیحیا - بیغیرت + بیوقوف - احمق - اوت + حقیر - اجھڑ دس - بوڑھا - بوبک +

جھڑ - ف - اسمِ مؤنث (۱) کپڑے یا کاغذ کے دفعتہً پھٹنے کی آواز (۲) بچے کسی کو چڑانے کی موقع پر بولتے ہیں - جیسے ٹلی لیلی جھڑ +

جھڑ

جھڑاٹا - ف - اسمِ مذکر - دیکھو (جھڑ) +

وجھڑ جھڑا - ف - صفت - جھوٹا - بہت باریک کپڑا جس کے تار فاصلے سے ہوں +

جھڑجھڑی - ف - اسمِ مؤنث - وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار پڑھنے سے پہلے محسوس ہوتی ہے - مضمحلہ - لرزہ +

جھڑمٹ - ف - اسمِ مذکر (۱) بھیڑ - انبوہ (۲) گروہ - عورتوں کا حلقہ (۳) وہ پردے یا دوشالے یا چادریں جو سر سے پاؤں تک بدن چھپانے کو بھی کہتے ہیں +

لے کو ہلا لیجے جنبش نہ دے بالے کی ایک چاند سا چمکے ہے جھڑمٹ میں دوشالے کی (مصطفیٰ)

(۴) گروہ - جمع - سڑک کوٹنے کا آلہ + ورمٹ (انگریزی) (شعر نے کھسنے مؤنث بنا دیا)

جھڑمکٹ - ف - صفت (۱) شوخ - مردہ - لچھن جھڑا ہوا - مُرجھایا ہوا - بے رونق + وہ آدمی جس کے چہرے کی رونق کثرتِ مباشرت یا تذکرات کے باعث جاتی رہتی ہو +

(۲) جھاڑی کا تابع مہمل جیسے جھاڑی جھڑکٹ +

جھڑمٹ مارنا - ف - فعلِ لازم (۱) حلقہ باندھ کر جانا - اکٹھا ہو کر جانا - جمع ہو کر جانا - جیسے جھڑمٹ مار فوجیں نکلیں بھوکن کی ماری (ہولی ایام عشرت)

(۲) چادر یا دوشالے وغیرہ سے منہ اور چہرہ چھپا لینا - تمام بدن ڈھک لینا +

رہ گئے مشتاق طالب جلوۂ دیدار کے مار ڈالا اس پری پیکر نے جھڑمٹ مار کے (آتش)

(۶) پنجابی) بگل مارنا +

جھڑنا - ف - اسمِ مذکر (۱) آبشار - پانی کی چادر - ٹپکتے پانی کا چشمہ (۲) ایک قسم کی بڑی چھتری جسے جھارا بھی کہتے ہیں - حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر - پانی صاف کرنے کی چھنی +

جھڑنا - ف - فعلِ لازم - ٹپکنا - رسنا - چونا - بہنا - جاری ہونا +

جھڑنا - ف - فعلِ لازم - تنزل پکڑنا - زائل ہونا - زوال پانا - مُرجھانا - کمزور ہونا - پژمردہ ہونا - سوکھنا - دُبلا ہونا - رونق کا کم ہونا - گھٹنا - بیماری کے سبب زرد اور ناتواں ہو جانا - لٹنا (دانستہ کرے کنجوس جھڑ جھڑ مرے مثل) +

جھروکا - ف - اسمِ مذکر - کھڑکی - دریچہ - غرفہ - روشندان + وہ کھڑکیاں جو بالاخانہ شاہی میں سیر و تماشا دیکھنے کے واسطے جانبِ باغ و طرفِ دریا واقع ہوتی ہیں جنہیں جھروکے درشن بھی کہتے ہیں + سیرگاہ - تماشا گاہ +

دیکھا جو لال نار جھروکوں سے جھانک کر گھر میں بلا لیا مجھے گھر کے سامنے (برق)

رام جھروکے بیٹھ کے سب کا مجرا لے جیسی جاکی چاکری ویسا واکو دے (دوہا)

جھڑی - ف - اسمِ مؤنث (۱) درز - شگاف - دریڑ (۲) پانی کا گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رِس کر پانی جمع ہو جائے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھر

جھُرجھُری ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ وہ شکن اور سلوٹ جو حالتِ پیری میں بوڑھے آدمیوں کی کھال پر پڑ جاتی ہے ۔ چین ۔ آڑنگ + ۵

زار ہوں قصید کی بیفائدہ تحریر میں ہیں جھُرّیاں جلدِ دہن کی مجھے زنجیر میں ہیں (ہلال)

جھُرّیاں ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (جھُرّی کی جمع) شکنیں سلوٹیں +

جھُرّیاں پڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ چین پڑنا ۔ شکن پڑنا ۔ سلوٹیں پڑنا ۔ مرجھا کر نشان پڑنا ۔ کسی چیز یا جسم کی کھال پر لکیریں سی ہو جانا جیسے جھُرّیاں پڑا ہوا آم یا چہرہ +

جھُڑ ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) پہرہ ۔ قفل ۔ فرماں روائی ۔ قفل کا پردہ ۔ قفل کا کھٹکا (۲) متواتر بارش ۔ جھڑی (۳) جھانکڑ ۔ جھاڑی +

جھڑبدلی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ وہ بدلی جو بہت سی جھڑی لگائے ۔ جھڑی کے موسم کی بدلی ۔ ساون کی بدلی +

جھڑبیری ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ وہ جھاڑی جس میں جنگلی بیر لگتے ہیں ۔ جھاڑی بوٹی کا درخت + کنار دشتی ۔ جنگلی بیری +

جھڑبیری کا کانٹا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر ۔ عو ۔ لڑاک اُلجھنے والا آدمی ۔ جھاڑ پر لپٹنے والا آدمی (لغوی معنی خارِ کنار دشتی) +

جھڑا جھڑ ۔ ا۔ تابع فعلِ متواتر متسلسل ۔ پے در پے ۔ لگاتار ۔ بکثرت +

جھڑاکا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (۱) جھپٹ ۔ جھڑپ ۔ ہلکی سی لڑائی ۔ قصہ ٹنٹا ۔ دو دو چونچیں ۔ دو دو ہاتھ + ۵

نظیر ہٹ جا پرے سرکہ جا بل لے صورت پھپھولے ذرہ کیونکر ہوگا بڑا جھڑا کا (نظیر)

(۲) زور کی بارش ۔ جھڑی +

جھڑپ ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو (جھڑاکا نمبر ۱) (۲) صدمہ ۔ باہمی ۔ ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچانا (۳) تندی ۔ تیزی ۔ جوش ۔ گرمی ۔ غصہ جیسے بس دیکھی آپ کی جھڑپ (۴) لاٹ ۔ لَو ۔ جوت ۔ جوالا ۔ شعلہ (پورب) +

جھڑپانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) پرندوں کو لڑانا ۔ دو دو چونچیں کرانا (۲) دو آدمیوں کو باہم لڑانا ۔ دو دو ہاتھ کرانا +

جھڑپکنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ پک کر جھڑ جانا ۔ خزاں کو پہنچنا ۔ بوڑھا ہو کر ناکارہ ہو جانا ۔ اپنی عمر کر پہنچ جانا ۔ بالکل بوڑھا ہو جانا +

جھڑپڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ مرغوں کا باہم لڑنا ۔ پرندوں کا آپس میں لڑنا + لڑنا جھگڑنا (عوام) +

جھڑجھڑانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) جھنجھوڑنا ۔ ہلانا ۔ پھٹپھٹانا ۔ جنبش دینا ۔ (۲) آٹے کے ہاتھوں لینا ۔ دھمکانا ۔ خبر لینا ۔ لتاڑنا +

جھک

جھڑکنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ سرزنش کرنا ۔ نکوہش کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ دھتکارنا ۔ لتاڑنا ۔ دھمکانا ۔ جھاڑنا ۔ گھرکنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ ڈانٹنا +

جھڑکی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ زجر ۔ توبیخ ۔ لعنت ملامت ۔ نکوہش + گھرکی ۔ ڈکی ڈانٹ ڈپٹ ۔ سخت بات [۵۱] +

جھڑکی دینا ۔ ف۔ فعلِ متعدی ۔ سرزنش کرنا ۔ زجر و توبیخ کرنا ۔ گھرکی دینا +

جھڑکیاں ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ جھڑکی کی جمع ۔ گھرکیاں +

جھڑکیاں پڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ کسی کا مورد عتاب ہونا ۔ دھتکارا پٹکارا جانا ۔ پڑنا

جھڑن ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) جھاڑنے کے بعد جو حاصل ہو ۔ گھرچن ۔ تلچھٹ ۔ (۲) نفع ۔ سود ۔ آمد جیسے روپیہ جس کا تیس ہے صرف جھڑن سے گزارا ہوتا ہے +

جھڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) گرنا ۔ ٹپکنا (۲) بچنا ۔ بچ رہنا ۔ فائدہ ہونا جیسے ہر ایک سودے میں دو چار روپے جھڑ رہتے ہیں (۳) گوٹا کرگٹ صاف ہونا ۔ جھاڑ دیا جانا (۴) انزال ہونا ۔ منی نکلنا ۔ آنا (۵) دم ہونا ۔ منتر پڑھ کر پھونکا جانا ۔ سفلی یا علوی عمل پڑھ کر دم کرنا +

جھڑوانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) گروانا ۔ درخت سے پھل گروانا (۲) گرد و غبار صاف کرانا ۔ خس و خاشاک نکلوانا (۳) دم کرانا ۔ پھنکوانا + ۵

کوئی عامل جو ہو تو اُس کو بُلوائو فلیستہ دوا سے جھڑواؤ پھنکواؤ (جرأت)

(۴) انزال کرانا ۔ منی نکلوانا (۵) پہنچانا ۔ بچت کرانا ۔ فائدہ کرانا ۔ نفع دلوانا +

جھڑوس ۔ ا۔ اِسمِ مذکر ۔ بُڈھا ۔ بُوبک + بے حمیت ۔ بے غیرت + قوّاد ۔ دَیّوث +

جھڑولنا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (گنوار) فوتا ئیدہ بچہ ۔ ترت کا جنا ہوا بچہ ۔ ہولر +

جھڑی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث ۔ کم کم یا لگاتار بارش ۔ وہ مینہ جو بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ متواتر برسے +

جھڑی بندھنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ بارش کا تار بندھنا ۔ باراں کا سلسلہ اتصال ہونا

جھڑی لگنا ۔ ف۔ فعلِ لازم ۔ لگاتار مینہ برسنا ۔ متواتر بارش ہونا +

جب بیٹھ رہتا ہوں تو لگتی ہے جھڑی ساون کی جب دھواں سینے سے اُٹھتا ہے گھٹا آتی ہے (اللہ علی بیگ بیخبر)

جھک ۔ ا۔ صفت (۱) صاف ۔ اُجلا ۔ نرمل (۲) زرق برق + چمکتا ۔ چمکدار ۔ روشن ۔ تاباں ۔ مُنوّر ۔ درخشاں (۳) ۔ اِسمِ مؤنث) جنون ۔ دیوانگی + ہذیان خفقان + اثرِ جنون ۔ خبط ۔ بڑ ۔ بک بک ۔ جھک جھک ۔ زرّ ۔ بکواس + ۵

باقی ہے ابھی اثر جنوں کا سودا تو گیا ہے جھک رہی ہے (سرشار)

(۴) اِسمِ مؤنث) زُلل ۔ ہرزہ درائی ۔ واہی تباہی گفتگو ۔ واہیات بیہودہ گوئی لغویت (۵) اِسمِ مؤنث ۔ بقال) جھکڑ اندہ ۔ کھتے کے غلہ کی سی بو (۶) اِسمِ مذکر

[۵۱] جھڑکی تو مدتوں سے مسادات ہو گئی + گالی کبھی نہ دی تھی سو اب بات ہو گئی (نامعلوم)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھاگ

غُصّہ - کرودھ - جھانج - جوش - جُشّہ +

جھک مارنا - ہ - فعل لازم - بحث زدن کا ترجمہ - بیہودہ بکنا - ہرزہ سرائی کرنا - لغو باتیں کرنا - پوچ و لاطائل گفتگو کرنا - یاوہ گوئی کرنا - شاترخائی کرنا +

جھکا جھک - ہ - صفت - خوب روشن - تاباں - چمکیلا - درخشاں - دمکتا ہوا - چمکدار - مُتموّلہ چاندی یا سونے سے جھلک مارنے والا + صاف - اُجلا - مُجلّا - بے عیب - مُصفّا +

جھکانا - ہ - فعل لازم (۱) - اصطلاح چوب بازاں - مغالطہ دینا - دھوکا دینا - چھپکی دینا - اُلجھنا (۲) پھرانا - دکھانا جیسے گھر جھکانا - بلی بچہ کو سات گھر جھکاتی ہے +

جھکانا - فعل مُتعدّی - حیران کرنا - ستانا - ہیرا پھیری کرنا - ٹالا بالا دینا - رُلانا +

جھُکانا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) خمیدہ کرنا - خم کرنا - دوتا کرنا - نیچا کرنا - سر جھکانا سرنگوں کرنا (۲) ہاتھ نیچا کر کے دینا - مُطلق دینا - بے تکلفانہ دینا + ؎

جُھکا ساقیا اِک اِدھر سبز جام جھلکتی ہو جس سے مئے لالہ فام (مؤلف)

(۳) شست باندھنا - نشانہ جمانا (بندوق) (۴) بات ڈالنا - بات کا رُخ ڈالنا - طعنہ دینا جیسے ایک اِدھر بھی جُھکائی (۵) رشوت دینا - گھوس دینا جیسے دس روپے جُھکاؤ تو سرخرو ہو جاؤ +

جُھکاؤ - ہ - اِسمِ مذکر (۱) جُھکاوٹ - خمیدگی - خم (۲) رُجحان - رُخ - توجہ +

جُھکاوٹ - ہ - اِسمِ مؤنث - خمیدگی - جُھکاؤ +

جُھکائی - ہ - اِسمِ مؤنث - مغالطہ - چوب بازاں - چھپکی (لکھنؤ) +

جُھکائی دینا - ہ - فعل مُتعدّی - چھپکی دینا - مغالطہ دینا - دھوکا دینا +

جھک جھک - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) بکبک - جک جک - بکواس - یاوہ گوئی - ہرزہ سرائی (۲) ٹنٹا - تکرار - قضیہ - حُجّت - بحث بحثا بحثی - راڑ - جھگڑا - دو بدو +

جھک جھوری - ہ - اِسمِ مؤنث (گیتوں میں) دھینگا مُشتی - چھین جھپٹ - ہاتھا پائی - توڑا مروڑی - لوچا کھسوٹی +

جُھک کر سلام کرنا - ا - فعل مُتعدّی (۱) نہایت ادب سے گردن جُھکا کر سلام کرنا اِس کو دیوانہ بناؤں تو کروں جُھک کر سلام میں تو بھولا ہوں مگر دشمن طرفہ زمانہ ہے (داغ)

(۲) طنزاً سلام کرنا - طعنہ کا سلام کرنا (۳) شرارت میں اُستاد ماننا +

جھکڑ - ا - اِسمِ مذکر (جکر اِس کا مُفرس ہے) ہوائے سخت - بادِ تُند - اندھیاؤ - طوفانِ باد +

جھکڑ چلنا - ا - فعل لازم - اندھیاؤ چلنا - طوفانِ باد آنا - ہوائے تُند آنا +

جُھکنا - ہ - فعل لازم (۱) خمیدہ ہونا - خم ہونا - نیچا ہونا - مُڑنا - ٹیڑھا ہونا - بل کھانا - خم کھانا (۲) فروتن ہونا - مُتواضع ہونا - نیونا - نیو ہرنا + ؎

جُھکے آپ سے اُس کے جُھک جائے رُکے آپ سے اُس سے رُک جائے (میر حسن)

جھگ

(۳) بند ہونا - مچنا - جیسے نیند سے آنکھیں جُھکی پڑتی ہیں (۴) مُتوجّہ ہونا - مصروف ہونا - مشغول ہونا جیسے ہر کام میں جُھک پڑنا (۵) دینا - مسلوک ہونا - سلوک کرنا - خیرات کرنا (۶) صرف ہونا - خرچ ہونا - لگنا جیسے اِس مکان کے بنانے میں سارا روپیہ جُھک گیا (۷) گرنا - پڑنا - داخل ہونا - جیسے آگ میں جُھکنا +

جھکنّدن - ہ - اِسمِ مؤنث - جھک جھک + تکرار + عتاب جان +

جھکوڑ - ہ - اِسمِ مؤنث (دکھ رب - ا) مُجنبش بادِ ہوا کی لہر + ہلور (۲) نقصان ضرر - خسارہ - ٹوٹا (۳) شامت - آفت - وبال +

جھکولا - ہ - اِسمِ مذکر (۱ - ہندو) لہر - ترنگ - تموج - ہلچھا - ہلکورا - پانی کا زور سے آنا (۲) غوطہ - ڈبکی جیسے پہلا جھکولا میرے رام کا جن یہ سرشٹ اُپائی + دُوجا جھکولا میرے باپ کا جن مندھا چھوایا (گنگا اشنان کا گیت) +

جھکولنا - ہ - فعل مُتعدّی (۲ - ہندو) پانی کھنگالنا - پانی کو ہلانا جُلانا - ہلکورنا - (۲) غوطہ لگانا - ڈبکی مارنا (۳) دھونا - پانی ڈالنا - صاف کرنا +

جھکولے کھانا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) غوطے کھانا - کبھی پانی میں ڈوبنا - کبھی اُبھرنا - ڈوبنا اُچھلنا + ؎

کوئی میں نکلتا ہوں لیے غم سے جھکولے بھی اِسی کھانے بہت ہیں (مُصحفی)

(۲) زمانے کا گرم و سرد آزمانا - نرم و سخت زمانہ دیکھنا +

جھکولے لینا - ہ - فعل مُتعدّی - غوطے کھانا - ڈبکی لگانا (گیت) رام جنا اُرے گنگا پے سادھو نیچ بہے دریا رادھا پیاری ہے لینا جھکولے لگھنے نیر کے

جھکّی - ہ - اِسمِ مذکر (۱) بکّی - بکواسی - بیہودہ گو - زری - ہرزہ سرا - یاوہ گو (۲) تکراری - حجتی - ضدی - ہٹیلا - چنچلا +

جھگڑا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) دنگا - فساد - ٹنٹا - خصومت - فتنہ - نزاع - کھٹاپٹی - راڑ - پرخاش - تکرار (۲) قضیہ - حجت - بحث + ؎

حشر تک ہے مرا ترا جھگڑا کیا ابھی انفصال ہوتا ہے (رمز)

(۳) بکھیڑا - مخمصہ + ؎

گرفتنہ ہوں نہیں کا گر شور آسماں کا اِس دل نے سر پہ رکھا جھگڑا کہاں کہاں کا (مؤلف)

(۴) خرخشہ - خلجان - حرج +

جھگڑا پاک ہونا یا چکنا - ا - فعل لازم (۱) رفع فساد ہونا - نزاع دُور ہونا (۲) فیصلہ ہونا - تصفیہ ہونا - انفصال ہونا (۳) مرجانا - موت آجانا - دنیوی سے چھوٹ جانا +

جھگڑا چکانا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) قضیہ فیصل کرنا - فیصلہ کر لینا - قضیہ

+ سے آسمان دور سے کرتا ہے نظارہ تجھے جھک جھک کے سلام - کوئی تجھ سا نہ ہوا ہے نہ ہوگا تو یکتا ہے (داغ)

؎ سنتا ہوں کہ ناصح کی زباں بند ہوئی ہے + ہر روز کی جھک جھک سے میرا نام مرد تھا (داغ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھگ

دُور کرنا۔ رفع فساد کرنا ۔ ۵

یا تو غیروں ہی کا ہویا ہو وہ دلبر اپنا آج جھگڑا ہی چکا لیتے ہیں چلکر اپنا (نامعلوم)

(۲) قرضہ بیباق کرنا۔ قرض ادا کرنا (۳) مار ڈالنا ۔ دُنیا کے تعلقات سے چھڑا دینا ۔

جھگڑا کرنا یا اُٹھانا ۔ ۲۔ فعل لازم (۱) فساد کھڑا کرنا۔ لڑنا۔ ٹنٹا کرنا۔ (۲) مُزاحمت کرنا۔ معترض ہونا۔ دعوے دار بننا۔ مقدمہ لڑانا ۔

جھگڑالو ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ لڑاک۔ فسادی۔ دنگئی۔ پرخاش جو ۔ شر پسند۔ متعصّب ۔ تجمّتی۔ تکراری ۔

جھگڑنا ۔ ۲۔ فعل لازم (۱) لڑنا۔ فساد کرنا۔ دنگا کرنا۔ راڑو کرنا۔ قضیہ کرنا (۲) بحثنا۔ حجت کرنا۔ دلیل کرنا۔ تکرار کرنا۔ تقریر کرنا۔ مُعترض ہونا۔ مباحثہ کرنا (۳) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑنا۔ زیادہ مانگنا۔ جیسے آج ہی تو میرے جھگڑنے کا دن ہے (عورتیں انعام یا نیگ لینے کے وقت پر بولی ہیں) ۔

جھگڑا ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (۱) لڑائی۔ فساد۔ دنگا۔ رار و کرنا۔ قضیہ۔ بحث۔ دلیل۔ تکرار۔ تقریر۔ اعتراض۔ مباحثہ۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑنا۔ زیادہ مانگنا۔

جھل ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (۱) غُصّہ۔ خفگی۔ کرودھ۔ خشم۔ طیش۔ عتاب۔ تیما۔ جھونجل (۲) رشک۔ حسد۔ جلن۔ ڈاہ۔ بدخواہی (۳) خواہش جماع۔ آگ۔ حرارت۔ شہوت ۔

جھل ہائی ۔ ۲۔ اِسم مؤنث۔ غُصیل۔ بدمزاج ۔ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ جماع کی خواہش رکھنے والی۔ چھنال۔ پُرشہوت ۔

جہل ۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) نادانی۔ ناواقفیت۔ جہالت۔ اناڑی پن۔ لاعلمی۔ بیوقوفی (۲) جاہلانہ ہٹ۔ اُجڈپن (۳) مزاحِ لفظی۔ تکرار ۔

جھلا ۔ ۲۔ اِسم مذکر (۱) بڑا ٹوکرا۔ جھلی کی تذکیر۔ چھیبا۔ جھابا۔ (۲) صفت۔ مغلوب الغضب۔ غُصیل۔ زود رنج۔ بدمزاج۔ تُند خو۔ غُصّہ ور۔ کودھی۔ درشت طبع۔ خشونت کار۔ سخت کار۔ سخت گیر۔ بدخلق۔ بدکا خلاق ۔

جھلاؤ ۔ ۲۔ صفت (۱) پُرتپ۔ زرق برق۔ تاباں۔ درخشاں۔ چمکتا۔ دمکتا۔ چمکیلا۔ چمکتا۔ چمکدار۔ جگمگاتا (۲) طغیان۔ طوفان۔ چڑھاؤ ۔

جھلا جھل ۔ ۲۔ صفت۔ چاندی سونے کی چمک دمک۔ جگ مگ۔ روشنی تابندگی۔ تاب و تابش۔ درخشندگی و رخشندگی ۔

جھلانا ۔ ۲۔ فعل متعدی (۱) جھونٹا دینا۔ جھولے میں بیٹھا کر حرکت دینا۔ ہلانا۔ ڈلانا (۲) نیست و نابود کرنا۔ آجکل کرنا۔ کسی کام میں ڈھیلی ڈالنا۔ کام اٹکائے رکھنا۔ لٹکائے رکھنا۔ امر و نفر دا کرنا۔ ٹالنا۔ حیران کرنا۔ کام پڑا رکھنا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ جھوٹی اُمید دلانا۔ اُمید میں رکھنا ۔ ۵

جھل

جھولتے ہیں یہ جھولے اس کو کہتے ہیں مجھے اک دن ترے یہ جھولے پہ جھلوں برسوں جھلا سکتے ہیں (انشا)

جھلانا ۔ ۲۔ فعل لازم (۱) غصہ ہونا۔ جھنجھلانا۔ جھنجھلاہٹ ہونا۔ جلنا (۲) بیس مارنا۔ جلن ہونا۔ سوزش ہونا۔ پکنا (۳) جھنجھلانا کسی ضرب کا دیر تک صدمہ رہنا۔ سنسنانا ۔

جھلاہٹ ۔ ۲۔ اِسم مؤنث۔ چرپراہٹ۔ چرمراہٹ۔ تیزی۔ سوزش۔ جلن۔ وہ کیفیت جو زخم پر نمک چھڑکنے یا تیز مرچ کھانے سے حاصل ہو۔ مثلاً ایک قراسی مرچ کھالی تھی جس کی اب تک جھلاہٹ ہے ۔

جھلجھلانا ۔ ۲۔ فعل لازم (۱) چرپرانا۔ سوزش کرنا۔ جلنا۔ چرمرانا۔ (۲) جھنجھلانا۔ سنسنانا۔ دیر تک صدمہ رہنا (۳) چمکنا۔ دمکنا ۔

جھلڑ ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ پرندوں کا پرا جتھا۔ گروہ غول۔ جھنڈ۔ ٹکڑی ۔

جھلسا ۔ اِسم مذکر۔ عو (۱) لُو کا۔ لگنا۔ آگ شعلہ۔ لاٹ۔ جوالا ۔

جھلسا ہے اسکے منہ کو جو چاہے کا نام ہے اس لال کی آگ میں کوئی کب تک جلا کرے (انشا)

(۲) صفت) سوختہ۔ جلا ہُوا۔ لو لگا ہُوا (۳) مُنہ۔ بگڑا ہُوا کیفیت۔ بیعیب۔ بخوں جلا جیسے دیکھ جھلسا مان جا۔ عو۔ دیکھو جھلسا مانتا نہیں ۔

جھلسا دینا / جھلسا لگانا ۔ ۲۔ فعل متعدی۔ عو۔ لُو کا لگانا۔ جلانا۔ آگ لگانا۔ آگ دینا ۔

بن تمہے آئے جواب بت قاتل باطل ہے جھلسا ہی لگا دینے کے قابل باطل (انشا)

جھلسنا ۔ ۲۔ فعل لازم۔ عو (۱) جلنا۔ جھلسنا۔ پھپھولنا۔ آگ لگنا (۲) متعدی) جلانا۔ آگ لگانا۔ پھپھولنا (۳) کچھ دیکر راضی کرنا۔ ٹالنا۔ رشوت دینا۔ ناراضی سے دینا۔ چٹانا (۴) بحالتِ ناراضی رخصت کرنا۔ بیاہنا۔ گھر سے نکالنا جیسے کوئی ہنر سیکھو جو کہیں تمہیں جھلسیں ۔

جھلک ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (۱) روشنی۔ چمک۔ چمک دمک۔ نور۔ تلاب۔ تجلی (۲) آب تاب۔ رونق۔ ساوپ۔ روپ (۳) جلوہ۔ پرتو۔ عکس۔ جھپکی۔ جھلکی۔ جھانکی ۔ ۵

وہ چھپے پھرتے ہیں اک جھلک دکھا کر ہم رہ گئے مشک ملے ہاتھ کو مَل کر (امداد علی بحر)

جھلکا ۔ ۲۔ اِسم مذکر۔ روشنی۔ پرتو۔ جلوہ۔ جھلک۔ عکس ۔

جھلکانا ۔ ۲۔ فعل لازم۔ چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ جھلملانا۔ چھپانا۔ کوندنا۔ کسی چیز کے اندر سے چمک دکھانا۔ جلوہ دکھانا۔ عکس ظاہر ہونا۔ جھجھانا ۔

جھلکی ۔ ۲۔ اِسم مؤنث (۱) دیکھو (جھلک) (۲) اندک خود نمائی ۔ ادھوری جھلک۔ نظارۂ اندک۔ جلوۂ ناتمام ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھل

جھلکی دکھانا یا۔ جھلک دِکھانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ جلوہ دکھانا عکس دکھانا۔ تجلی دِکھانا۔ جھانکی دکھانا +

جھلّم ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ ایک زِرہ کی طرح کی نقاب جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت مُنہ پر ڈال لیتے ہیں + ؎

بن خُود ایک دم نہیں رہتا سرِ حباب
ڈالے رہے ہے مُنہ پہ جھلم سن کی آبشار } (سودا)

جھلمل ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ جگمگاہٹ۔ پانی کی چمک۔ چراغوں کے پانی پر عکس پڑنے کی کیفیت۔ ستاروں کی کم کم چمک +

ندی کنارے میں کھڑی اور پانی جھلمل ہو
میں مَیلی پیا اُودھلے مرا ملنا کس بدھ ہو } (دوہا)

جھلملانا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ جھلکنا۔ لہرانا۔ چراغ یا ستارے کا کم کم چمکنا۔ دُھندلانا اور چمکنا + ؎

بیٹھے جو وہ شب نقاب اُٹھا کر بُجھنے لگی شمع جھلملا کر (سبا)

جھلملی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) چلمن۔ چک۔ جھری دار پردہ (۲۔ جھری دار کواڑ یا کھڑکی جو اکثر سیخ کاٹی یا کوٹھیوں کے دروازوں میں روشنی آنے کی غرض سے لگا دیتے ہیں۔ اور اُن میں کھلنے اور بند ہونے کی ترکیب بھی ہوتی ہے) (۳) کان کے ایک زیور کا نام + (۴) کم و بیش روشنی۔ دھیمی دھیمی چمک ملگجی چاندنی + ؎

چودھویں تاریخ اک ابر تُنک ساتھا جو رات
صحنِ گلشن میں عجائب سیر میں دیکھا کیا
جھلملی سی چادرِ مہتاب اوپر برق کا
وہ دوپٹہ بادلے کا سا جو ہیں لہرا گیا } (نامعلوم)

جھلنا ۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) پنکھا ہلانا۔ پنکھا کرنا۔ ہوا کرنا (۲) جُڑنا۔ پیوستہ ہونا۔ پیوند لگنا۔ ٹانکا لگنا۔ جیسے برتن کا جھلنا۔ زیور کا جھلنا وغیرہ (۳) متعدی) برف یا شورے میں ملایا جانا۔ برف میں ٹھنڈا کرنا۔ شورے میں لگانا + ؎

شورِ بختی کی نوازش ہے مَیخواروں پہ شورے میں شیشہ بانڈی کے جھلا کرتے ہیں (بحر)

(۴) مکھیاں اُڑانا۔ مکھیاں ہلانا۔ مگس رانی کرنا +

جھلنگا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (۱) ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ ایسی جھولا چارپائی جس کا بان ٹوٹ ٹوٹ کر لانگ گیا ہو۔ نیز وہ بان جو بُنا کا بُنا چارپائی میں سے

جھم

نکال لیں (۲) صفت) لاغر۔ دُبلا پتلا۔ ہڈی جُڑی +

جھلوانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) پنکھا کرانا (۲) مکھیاں اُڑوانا (۳) ٹانکا لگوانا۔ ظرفِ مسی وغیرہ میں جڑ لگوانا +

جھلّی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ غشا۔ پیٹ کے اندر کا باریک چمڑا یا پوست (۲) آنکھ کا جالا (۳۔ صفت) باریک پتلا۔ کاغذ سا +

جھلّی سا ۔ ا۔ صفت بہت باریک۔ کاغذ سا جھلّی کی مانند +

جھلّی ۔ ا۔ (۱) اِسمِ مؤنث فصیلِ طوائف۔ خشمناک عورت۔ بدمزاج عورت۔ (۲۔ صفت) جیسے جھلی طبیعت +

جھلّی ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ بڑا لوکرا۔ چھیبا +

جھما جھم ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) مینہ کے برسنے کی آواز۔ مینہ کے ٹھمکے کی آواز (۲) گوٹہ کناری کی چمک و دمک (۳) جھما جھم ناچنے کی آواز (۴) بارش کی آواز +

جھُما کا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (پورب) اندھڑ اکا۔ دھماکا (۲) مینہ کا بھاری جھلا (۳) چمک +

جھم جھم ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (۱) مینہ کے برسنے کی آواز۔ چھم چھم۔ رم جھم (۲۔ صفت) چمکیلا۔ چمکتا ہوا +

جھم جھم کا ۔ ا۔ صفت (اطفال) چمک دمک کا۔ گوٹا کناری کا۔ چمکتا ہوا یا چمکتا ہوا۔ تاباں۔ درخشاں۔ جگمگاتا +

جھم جھم ہونا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ جگمگ جگمگ ہونا۔ چمکنا جیسے (سادا جوڑ بکس کام کا مصالحہ بھی تو ٹکے جوڑا جھم جھم ہو) +

جھم جھماتا ۔ ا۔ صفت۔ چمکتا۔ جگمگ جگمگ کرتا۔ گوٹا کناری کا جھمکتا +

جھم جھمانا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ جگمگانا۔ جھلکنا یا جھلک مارنا +

جھمک ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ جھلک۔ چمک +

جھمکانا ۔ ف۔ صفت۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ جمگھٹا۔ ٹھٹ (متروک) ؎

اب جہاں دیکھو واں جھمکا ہے چور ہے ٹھگ ہے اور اچکا ہے (سودا)

جھمکانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ چمکانا۔ جھلکانا +

جھمکا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (۱) گچھا۔ جھمکا۔ خوشہ + پروین۔ عقدِ ثریا۔ وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں (۲) کانوں کے ایک زیور کا نام + ؎

جھمکڑا ۔ ا۔ اِسمِ مذکر (۱) کروفر۔ تجمل۔ شان و شوکت۔ جلو + ؎

ساتھ میں شوخیٔ و انداز و ادا جلوہ و ناز کس جھمکڑے سے شبِ وصل وہ محبوب آیا ناز معلوم)

(۲) صفت) چمک دمک۔ رونق۔ آب و تاب۔ خوبصورتی۔ جلوہ۔ تجلی۔ دیدارِ معشوق +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھم

جھکنا - ا - فعلِ لازم - چمکنا - جھلکنا +

جھمورا - ا - اِسمِ مذکر (۱) بہت سے بالوں والا حیوان + ریچھ - خرس + وہ بچہ جس کے کپڑے ڈھیلے ڈھالے ہوں + ایک قسم کا بھورا ریچھ (۲) بھاری یا بھانجی اپنے کھلاڑی لڑکے یا شاگرد وغیرہ کو اِس خطاب سے مخاطب کیا کرتے ہیں - وہ بچہ جو بازیگروں کے ساتھ رہتا ہے (۳ تصغیر بالمحبت) پیارے عام بچے کو بھی کہہ دیتے ہیں +

جھمیل - ا - اِسمِ مؤنث (۱) دیر - اٹکاؤ - بکھیڑا - جھگڑا - تامل (۲) آشنائی - دوستی - الیٹ +

جھمیلا - ا - اِسمِ مذکر - جھگڑا - بکھیڑا - ناحق کا فساد + ناپسند اور نامرغوب اسباب +

جھمیلیا - ا - اِسمِ مذکر - بکھیڑیا - جھگڑالو - نادہند +

جھن - ا - اِسمِ مؤنث - تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز - جھنکار - جھنک - تلوار کے گرنے کی آواز +

جھنجلانا - ا - فعلِ لازم - خفا ہونا - پیچ و تاب کھانا - ناخوش ہونا - ناراض ہونا + چڑچڑانا - غضبناک ہونا +

جھنجھوٹی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) ایک مشہور راگنی کا نام جس کا رواج پہاڑی تو موں میں زیادہ ہے (۲) باہمی تکرار جیسے آج تو کلن تلن میں جھنجھوٹی ہوگئی (گنوار) +

جھنجھوڑنا - ا - فعلِ متعدی (۱) کسی کے ہاتھ پاؤں پکڑ کر جگانے کے واسطے خوب ہلانا - جگانا - بیدار کرنا (۲) ہوشیار کرنا - خبردار کرنا - ٹھوکنا - تنبیہ کرنا + نشۂ غفلت میں ہیں جو انکو جھنجھوڑو اور نیند کے متوالے ہیں جو اُن کو جگاؤ (حالی) (۳) دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا جیسے شکاری کتے وغیرہ کسی شکار کو پکڑ کر ہلا دیتے ہیں - جیسے کتے نے بلی کو ایسا جھنجھوڑا کہ دم ہی نکال دیا +

جھنجھٹ - ا - اِسمِ مذکر (۱) جھگڑا - فساد - دنگا - ردوبدل - راڑ - ٹنٹنا - (۲) قضیہ - بحث - تکرار - جھک (۳) حیرانی - دقت + بکھیڑا - الجھن - الجھیڑا

جھنجھٹ لانا - ا - فعلِ لازم - فیصل لانا - ٹنٹنا کرنا - جھگڑا کرنا - جھک کرنا - قضیہ کرنا - فساد کرنا - بحثنا - تکرار کرنا - محبت کرنا +

جھنجھٹیا - ا - صفت - لڑاکا - جھگڑالو - فسادی + ردوبدل - ٹنک مزاج +

جھنجھری - ا - اِسمِ مؤنث - سوراخ دار توا یا آہنی جالی جو اکثر کوئلوں کے چولھے میں لگا کر چھن چھن کر گرنے کے واسطے لگا دیتے ہیں +

جھنجھن - ا - اِسمِ مؤنث (۱) دھاتی ظروف کے کھڑکنے کی آواز (۲) - اِسمِ مذکر - بازاری) گوبر گنیش - بیوقوف - آواز در پھس جیسے تم بھی نرے جھنجھن ہی ہو +

جھن

جھنجھنا - ا - اِسمِ مذکر (۱) بچوں کے ایک کھلونے کا نام جو اکثر مدور و مجوف ہوتا ہے اور اُسکے اندر کنکر وغیرہ بجنے کے واسطے پڑے ہوتے ہیں (۲ - بازاری) عضوِ تناسل - قضیب - ذکر - حشفہ +

جھنجھنانا - ا - فعلِ لازم (۱) ٹنٹنانا - ٹھنٹھنانا - جھنکارنا - بجنا (۲) سنسنانا +

جھنجھناہٹ - ا - اِسمِ مؤنث (۱) جھنکار (۲) سنسناہٹ +

جھنجھنی - ا - اِسمِ مؤنث - بیڑی - جولان +

جھنجھنیاں پہنانا - ا - فعلِ متعدی - بیڑیاں ڈالنا - پابجولان کرنا - قید کرنا - قید میں ڈالنا - جیلخانے پہنچانا +

جھنجھنیاں پہننا - ا - فعلِ لازم - بیڑیاں پہننا - قید بھگتنا - جیلخانے جانا +

جھنجھی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) ٹوٹی کوڑی - چھوٹی کوڑی - وہ کوڑی جسمیں آر پار چھید ہو (۲) وہ عورت جس کی ناک بیٹھی یا پچکی ہوئی ہو (۳) کھتریوں کے ایک فرقہ کا نام جو پنجابی یعنی ہندو ذاتی کا ایک جتھا ہے - انکا کاس حصّی ڈال نامی قصبہ سے ہے - جو دیپالپور کے پاس شہر لاہور سے پرے واقع ہے +

جھنڈ - ا - اِسمِ مذکر (۱) غول - گروہ - جانور کا پرا - گلہ - جمگھٹا - بھیڑ - انبوہ جیسے پریوں کا جھنڈ (۲) تراکم اشجار - درختوں کی گنج - بہت سے درخت جو ایک جگہ لگے ہوئے ہوں (۳) گھانس کا پولا - گھانس کا مٹھا - بنڈل (۴) بڑے بڑے اور گھنے ہوئے بال - گھنے بال +

جھنڈ کے جھنڈ - ا - اِسمِ مذکر - غول کے غول - پرے کے پرے بہت سے گروہ - بہت سے غول - ٹھٹ کے ٹھٹ +

جھنڈا - ا - اِسمِ مذکر - نشان - علم - بیرق - باوٹا - پھریرا - نیزہ - دھجا نوا +

جھنڈا اکھڑا کرنا - ا - فعلِ متعدی - لوگوں کے جمع کرنے یا فساد کھڑا کرنے کے واسطے نشان گاڑنا + فریاد یا استغاثہ کے واسطے علم نصب کرنا - نشانِ فتح نصب کرنا - فتحیابی حاصل کرنا - فتح کرنا +

جھنڈا گاڑنا - ا - فعلِ متعدی (۱) دیکھو (جھنڈا اکھڑا کرنا) (۲) اپنا عمل دخل کر لینا - اپنی حکومت میں لے آنا - کسی جگہ کو فتح کر لینا - قبضہ کرنا - سکہ بٹھانا + دل کو اُس محبوب کے اے دل مسخر کیجئے عرش پر نالے کا جھنڈا آج گاڑا چاہئے (ناسخ)

جھنڈا اگڑنا - ا - فعلِ لازم - عمل دخل ہونا - سکہ بیٹھنا - حکومت ہونا + ہمارے داغ کا سکہ ہے ہفت کشور میں گڑا ہے عرش پہ جھنڈا ہمارے نالوں کا (علی حزیں)

جھنڈولا - ا - اِسمِ مذکر - نوزائیدہ بچہ جسکے سر پر پیدائشی بال ہوں - بالک (گیتوں میں آتا ہے)

جھنڈے - ا - اِسمِ مذکر - جھنڈا کی جمع - باوٹے - پھریرے - بہت سے نشان +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھن

جھنڈے پر چڑھانا - ف - فعلِ متعدی (۱) رسوائے عام کرنا عیب لگانا - بدنام کرنا - لم لگانا - نام اُچھالنا (۲) مشہور کرنا - شہرت دینا +

جھنڈے پر چڑھنا - ف - فعلِ لازم - رسوائے عام ہونا مشتہر ہونا مشہور ہونا بانس پر چڑھنا - بدنام ہونا +

جھنڈے تلے کی دوستی - ا - اِسمِ مؤنث - چند روزہ دوستی اتفاقی دوستی - لشکر کی دوستی - راستہ کی جان پہچان - قہوہ خانہ کی دوستی - حمام کی ملاقات +

جھنڈی - ف - اِسمِ مؤنث - جھنڈے کی تانیث - کپڑا لگی ہوئی چھڑی چھوٹا سا نشان نشانِ کوچک - چھوٹی دھجا - پتاکا +

جھنڈی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) وہ گھونٹی جو پودوں کے کاٹ لینے کے بعد کھیتوں میں کھڑی رہ جاتی ہے (۲) گنے کی جڑ - مکئی یا جوار وغیرہ کے درخت کی جڑ (۳) گنڈے میں پڑا ہوا قلابہ - وہ گنڈے جنمیں حلقے پڑے ہوئے ہوں حلمین اور پردہ باندھنے کا قلابہ +

جھنک - ف - اِسمِ مؤنث - گھنگرو وغیرہ کی آواز - جھن جھن چھنا کا چھنکار جھنکار

جھنکٹ - ف - اِسمِ مذکر - موٹا پھوندنا +

جھنکار - ف - اِسمِ مؤنث - ظروفِ چینی و شیشہ وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز - کانسی کے برتن کی آواز - جھنک - تلوار جھانجھ یا زنجیر کی آواز + ؎

قیس کوئی مانتا ہے عبث آوازِ جرس — سُننے والا ہے میری زنجیر کی جھنکار کا (ناسخ)

جھنکار - ف - اِسمِ مؤنث (۱) چیخ - کوک (۲) نوبت کی آواز - نوبت کی ٹنکار جھمکے کے گیتوں کی گونج - الاپ +

جھنکارنا - ف - فعلِ لازم (۱) کوکنا - مور یا جھینگر کا بولنا جیسے ندیا کنارے مُرلا جھنکارے (گیت کا ٹکڑا) (۲) بیٹھے بیٹھے مُرکیوں میں گانا خوش الحانی سے گانا - ترنم کرنا - نغمہ سرائی کرنا +

جہنم - ع - اِسمِ مذکر (۱) گہرا کنواں - چاہِ عمیق + تحت الثرے (۲) دوزخ - نرک - وہ مقام جہاں گنہگار ہمیشہ آگ میں جلتے رہینگے جحیم - سقر + ؎

ضرور حشر کے دن عاصیوں کی ہوگی تلاش — نہ ہنگے ہم تو جہنم جلائیگا پھر کیا (رند)

جہنم میں پڑے یا جائے - ا - جو - دعائے بد - نہایت تنفر اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں چولھے میں جائے - دفان ہو + ؎

جائے ہے جی نجات کے غم میں — ایسی جنت گئی جہنم میں (میر تقی)

جہنمی - ف - صفت - دوزخی - دوزخ کے کام کرنے والا - ناری +

جھوٹ - ف - اِسمِ مؤنث - دو دیواروں کے بیچ کی تنگ گلی -

جھو

جس میں دونو طرف کے پرنالے گرتے ہیں +

جھوتڑے - ف - اِسمِ مذکر - طنزاً (گنوار عورتوں) سر کے بال - موئے سر - چونڈا جیسے کیوں جھوتڑے بڑھا رکھے ہیں +

جھوٹ - ف - اِسمِ مذکر (۱) واقع کے خلاف - سچ کا نقیض - دروغ - نادرست - کذب - غلط (۲) چغل - دھوکا - بہانہ - مکر - فریب (۳) کھوٹ غش فعل +

جھوٹ بنانا - ف - فعلِ متعدی - اتہام رکھنا - تہمت لینا - دروغ تراشیدن کا ترجمہ - خلاف بات گھڑنا +

جھوٹ بولنا - ف - فعلِ لازم - دروغ گوئی کرنا - خلاف بیانی کرنا - غلط کہنا خلاف واقع بیان کرنا -

جھوٹ پکڑنا - ف - فعلِ لازم - دروغ کا پتا لگانا - کذب دریافت کرنا جھوٹ کی گرفت کرنا - جھوٹ ثابت کرنا +

جھوٹ جاننا - ف - فعلِ لازم - خلاف جاننا - اعتبار نہ کرنا - اعتقاد نہ لانا باور نہ کرنا ؎ جھوٹ ہی جانوں کلام اس بدزبان ایماں کا — پھر کہا جاوے ہے آئے گر قرآں کا (ذوق)

جھوٹ سچ - ف - اِسمِ مذکر - راست و دروغ - دروغ آمیز سچ - دروغ +

جھوٹ سچ لگانا - ف - فعلِ متعدی - غیبت کرنا - برائی کرنا - بدگوئی کرنا - بدی کرنا - خلاف کہنا - جھوٹی سچی باتیں بنانا - بہکانا - بدگمان کرنا - بدظن کرنا +

جھوٹ کا پُتلا - ف - اِسمِ مذکر - دروغِ مجسم - نرا جھوٹا - بہت جھوٹ بولنے والا - جھوٹ کی پوٹ - جھوٹ کا بنا ہوا +

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے - ف - کہاوت - جھوٹ کو قیام نہیں ہوتا جھوٹ نہیں چلتا - جھوٹی بات مضبوط نہیں ہوتی ؎

کہتے ہیں لوگ جھوٹ نہیں پاؤں جھوٹ کے — جھوٹے تو بیٹھتے بھی نہیں پاؤں ٹوٹ کے (ذوق)

جھوٹ کی پوٹ - ف - اِسمِ مؤنث - دیکھو (جھوٹ کا پُتلا) +

جھوٹ کے پُل باندھنا - ف - فعلِ متعدی - نہایت جھوٹ بولنا جھوٹ کے ڈھیر لگا دینا - جھوٹ پر جھوٹ بولنا +

جھوٹ کے دفتر - ا - اِسمِ مذکر - افسانے - داستانیں جھوٹی کہانیاں +

جھوٹ لگانا - ف - فعلِ متعدی - بہتان لینا - غلط بیانی کرنا تہمت دھرنا بدگوئی کرنا - اتہام رکھنا - کان بھرنا - بدگمان کرنا +

جھوٹ موٹ - ف - تابعِ فعل - دروغ - غلط + یونہی - مذاق سے - ظرافتاً ہنسی سے (موٹ تابعِ مہمل ہے) +[1]

جھوٹ - ف - اِسمِ مؤنث (اس کا مادہ سنسکرت میں جُشٹ تھا) پنجم رہ

[1] جھوٹ موٹ کے - ف - تابعِ فعل - بناوٹ کے - بے اصل - ظاہرداری کے دکھاوے کے ؎ وہ بات کہ کے سر پر مرے کھاتے ہیں قسم + ہوتے ہیں جھوٹ موٹ کے احساں کبھی کبھی (امانت)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھو

جھوٹن - بچا ہوا کھانا +

جھوٹ کوٹ - ہ - تابع فعل - پس خوردہ وغیرہ بچا کھچا (اس میں کوٹ تابع مہمل ہے) جھوٹا کوٹا - آگے کا اٹھا ہوا +

جھوٹ - ہ - اسم مؤنث (گنوار) ہوا کے ساتھ زور کی بارش +

جھوٹا - ہ - اسم مذکر (۱) جنبش جھٹکا - دھکا جیسے جھولے کا جھوٹا (۲) عورتوں کے سر کے لمبے بال لٹیں (۳) بھینس کا بچہ + بھینس کا نر بھینسا بھینسے کا سانڈ (۴) نیند کا ہچکولا - نیند کا دھکا - غنودگی کے باعث گر پڑنا - یا جھک جھک پڑنا (اوّل - دوم - چہارم معنی میں جھونٹا زیادہ بولتے ہیں) +

جھوٹا - ہ - صفت (۱) دروغگو - کاذب (۲) سچا کے خلاف لپساٹی - لباڑ (۳) بے ایمان - بددیانت - آدھرمی (۴) دمباز - چھلیا - فریبی - مکار - دھوکے باز مُتقنی (۵) کھرا کے خلاف - کھوٹا - ناقص (۶) اصل کے خلاف نقلی مصنوعی ساختہ - جیسے جھوٹا موتی جھوٹا نگینہ (۷) نکما - بیکار جیسے ہاتھ یا پاؤں کا جھوٹا ہو جانا وغیرہ (۸) اچھوتا کا نقیض مستعمل - برتا ہوا (۹) پس خوردہ - الش - بچا ہوا کھانا + فضلہ +

جھوٹا بٹ - یا - پیمانہ - ا - اسم مذکر - کم وزن بٹ - کمتی پیمانہ +

جھوٹا بنانا - ہ - فعل متعدی - دروغگو ٹھیرانا - مکرانا - چندھانا - تکذیب کرنا +

جھوٹا پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) دروغگو ٹھیرنا - وعدہ خلاف ہونا (۲) نکما ہونا بیکار ہونا - کام سے جاتا رہنا - جیسے ہاتھ یا کل کا جھوٹا پڑ جانا +

جھوٹا جوڑا - ہ - اسم مذکر - کھوٹا جوڑا - چوڑیوں کا وہ جوڑا جس میں کھوٹا کام بنے + پترے یا گڑھی کے کام کا جوتا خواہ دُلہن کی پوشاک جس پر جھوٹا مصالحہ لگا ہوا ہو +

جھوٹا کاغذ - ا - اسم مذکر - جعلی دستاویز - بنایا ہوا تمسک +

جھوٹا کام - ا - اسم مذکر - زردوزی وغیرہ کا کام جو کھوٹے مصالحہ سے بنایا جائے +

جھوٹا لپاٹی - ہ - اسم مذکر - لباڑیا - گپی - نہایت کاذب - بڑا بھاری دروغگو + دغاباز - مکار - پرفریب + وعدہ خلاف + ہ

کس کا ہے کئی عاشق جھوٹے ہیں لپاٹی میں کہتے ہو یہ کم صاحب بننے کے سُننے کو (جرأت)

جھوٹا موتی - ہ - اسم مذکر - مصنوعی موتی + موی موتی + ہ

اشک سے تاثیر سے کہدو نہ ٹپکے آنکھ سے جھوٹے موتی کی طرح بے آبرو ہو جائیگا (امداد)

جھوٹا نگ - یا نگینہ - ہ - اسم مذکر - کلیچ کا نگ - نگینۂ آبگینہ + نگینِ زجاجی - نقلی نگینہ - وہ نگینہ جو کان سے نکلا ہوا نہ ہو +

جھو

جھوٹا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) دروغگو ٹھیرنا - کاذب قرار پانا - وعدہ خلاف ہونا (۲) نکما ہونا بیکار ہونا کام سے جاتا رہنا + ہ

بعدِ مُدت مُقررہ وعدہ جنابی وہ ہوا کھل گیا قفلِ دہن یار کا جھوٹا ہو کر (بحر)

جھوٹن - اسم مؤنث - پس خوردہ - جھوٹ کوٹ - جھوٹا کوٹا +

جھوٹوں کا بادشاہ - ا - اسم مذکر - بہت بڑا جھوٹا - جھوٹوں کا سردار +

جھوٹوں مُنہ نہ چھوانا - ہ - فعل مُتعدی - نام کو نہ پوچھنا - ذرا پرسانِ حال نہ ہونا - زبانِ نہ پوچھنا - خاطر میں نہ لانا - نظاہر داری سے بھی کنارہ کرنا + ہ

روٹھا جو رقیب اُسے منانے آئے اور آئے بھی یوں کہ کوئی جانے آئے (ناسخ)
اور ہم جو رُکے تو ہم سے بگڑے جھوٹوں بھی کبھی مُنہ نہ چھوانے آئے

جھوٹوں نہ پوچھنا - ہ - فعل لازم - بھول کر نہ پوچھنا - ذرا خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا - نام کو نہ پوچھنا - ظاہرداری یا دکھاوے کو بھی نہ پوچھنا +

جھوٹی خبر - ا - اسم مؤنث - خبرِ غلط - افواہِ دروغ +

جھوٹی قسم - ا - اسم مؤنث - سوگندِ دروغ - حلف دروغی + ہ

کیا دوگے تو مصحفِ رخسار کا مجھے جھوٹی قسم نہ کھاؤ کلامِ مجید کی (بحر)

جھوٹی گواہی - ا - شہادتِ دروغ - حلف دروغی +

جھوٹے موٹے - ہ - اسم مذکر - دیکھو (جھوٹ موٹ) ہ

سچ کو بھی میرے سمجھتا ہے وہ کیا جھوٹے موٹ جانا سچ مچ اگر اور نے کہا جھوٹے موٹ (ظفر)

جھوٹی مُنہدی - ہ - اسم مؤنث - ملی ہوئی مُنہدی - وہ مُنہدی کہ جسے اس کے طریق سے باندھا نہ ہو + ہ

سیکڑوں خم اس دستِ حنائی نے کئے دیتی ہے سچی گواہی جھوٹی مُنہدی آپکی (نامعلوم)

جھوٹی نالش - ا - اسم مؤنث - خواہ مخواہ کی نالش - بے سبب نالش - جھوٹا دعوے +

جھوٹے نوچنا - یا کھسوٹنا - ہ - فعل متعدی - عورت کے سر کے بال نوچنا - بال کھسوٹنا +

جھوٹے وعدے - ا - اسم مذکر - ایسے وعدے جو کبھی وفا نہ ہوں - وعدہ ہائے دروغ +

جھوٹے ہاتھ سے گنّا نہ مارنا - ا - فعل لازم - نہایت بخیل لوکس نہیں ہونا - مجسک ہونا - لئیم الطبع ہونا - مکھی چوس ہونا +

جھوجھا - ہ - اسم مذکر (۱) مسلمانوں کے ایک ادنےٰ فرقہ کا نام - (۲) پورب - زمیندہ - اوجھ +

جھوجھرا - ہ - صفت شکستہ - ٹوٹا - پھوٹا - بال بڑا ہوا متخلخل +

جھوجھرو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا جنگلی پودا جسے

ہ جھوٹا کوٹا - ہ - تابع فعل - پس خوردہ - الش - آگے کا بچا ہوا (کھانا) دوسرے کا استعمال شدہ - برتا برتایا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

اُونٹ اکثر خوشی سے کھاتے ہیں +

جھوجری آواز - ا- اِسم مؤنث - ٹوٹے ہوئے برتن کی سی آواز ظرفِ گلی یا چینی کے ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز +

جھوڑ - ا- اسم مذکر (ہندو) جھاڑی - جھانکڑ - جھنڈ جیسے چھوڑ جھوڑ مجھے ڈر دن دے +

جھوڑ - ا- اسم مؤنث (۱) لڑائی - جھگڑا - تکرار - راڑ - حجت - قضیہ - بحث ردّ و بدل +

جھوک - ا- اسم مؤنث (۱) خمیدگی - کبی - خم - (۲) دھکا - ہچکولا - ریلا لچک (۳) پینک - غفلت جیسے نشہ کی جھونک (۴) گرانے یک پلڑا ترازو - ترازو کے ایک پلڑا کا جھکنا (۵) تول - وزن +

جھوک سنبھالنا - ا- فعل لازم - جُنبش کو تھامنا ہچکولے کو سہارنا کسی لمبی چھڑی یا بانس کی لچک کو روکنا +

جھوک مارنا - ا- فعل لازم - کم تولنے کے واسطے ترازو کی ڈنڈی کو اُنگلیوں کی حرکت سے جھکا دینا ڈنڈی مارنا - کم تولنا +

جھوکا - ا- اسم مذکر (۱) ہوا کا ریلا - ہوا کا دھکا - ٹکر ؎

(ناسخ) دم بُلبلِ اسیر کا تن سے نکل گیا جھوکا نسیم کا جو نہیں سن سے نکل گیا

(۲) فیضان کا ہچکولا - غنودگی کے باعث سر کا جھک جھک جانا - جھوٹا +

جھوکنا - ا- فعل متعدی (۱) ڈالنا - پھینکنا - کوڑا کرکٹ یا بھس وغیرہ کا بھاڑ یا تنور میں ڈالنا - تنور گرم کرنا - بھاڑ گرم کرنا + (۲) برباد کرنا - اُڑانا صرف کرنا جیسے کسی کام میں سارا روپیہ جھوک دینا - (۳) بے پروائی سے پلے باندھنا - بُری جگہ شادی کر دینا جیسے انہوں نے بیٹی کو بُری جگہ جھوکا (۴) ہلاکت میں ڈالنا - خطرہ میں ڈالنا - جیسے جان جھوکنا (۵) تولنا - وزن کرنا جیسے تو تنا جھوکنا (کیلا انہیں بولا جاتا) (۶) - لاپ سنی میں صحیح جھکنا ہے - عام جھوکنا بول دیتے ہیں) +

جھول - ا- اسم مذکر (۱) ڈھیلا پن - چین - چرس - جھرّی - شکن - سلوٹ پہنے ہوئے کپڑے کی ناہمواری (۲) رفتار فیل کی ناہمواری - ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا - (۳) مُلمّع - گلٹ - خول (۴) ایک دفعہ جنا - ایک دفعہ کئی بچوں کا دینا مثلاً مُرغی کا جھول - کتیا کا جھول وغیرہ جیسے پہلے جھول کا بچہ دوسرے جھول کا بچہ وغیرہ (۵) - ہندو) شوربا - یخنی آب گوشت - مرق +

جھول بٹھانا - ا- فعل متعدی - مُرغی کے نیچے انڈے رکھنا - انڈے بٹھانا +

جھول جھال - ا- اسم مذکر (۱) جھگڑا ٹنٹا - ردّ و بدل بحث و تکرار (۲) دیر دار - ڈھیل ڈھال - التوا - توقف - وقفہ +

جھول نکالنا - ا- فعل متعدی (۱) بچے نکالنا - بچے دینا (مُرغی کے واسطے زیادہ بولتے ہیں) (۲) بچے دلوانا + (۳) جھولدار کپڑے کو درست کرنا +

جھول نکلنا - ا- فعل لازم - بچے نکلنا بچے پیدا ہونا +

جھول - ا- اسم مؤنث (۱) ہاتھی کے اُوپر ڈالنے کا کپڑا جُل + پوشش حیوانات - بیلوں یا کتوں وغیرہ کے اُوپر ڈالنے کا کپڑا (۲) بدنما پوشاک +

جھولا - ا- اسم مذکر - ہنڈولا - وہ رسّی جس پر بیٹھ کر جھولیں - درخت یا کھم میں پڑی ہوئی رسّی جس میں بیٹھ کر جھونٹے لیتے ہیں +

جھولا جھولنا - ا- فعل لازم - جھونٹے لینا جھولے پر بیٹھکر جُنبش کرنا +

جھولا ڈالنا - ا- فعل متعدی - جھولنے کے واسطے درخت وغیرہ میں رسّی باندھنا +

جھولا - ا- اسم مذکر (۱) ڈھیلا - تھیلا سا (۲) ہیجڑا - زعشہ - فالج - آدھے بدن کا ڈھیلا پڑ جانا + کمپ باٹی - ادھرنگ (۳) ہاتھ کا اشارہ (۴) گرم ہوا یا لُو کے اثر سے جو پھلوں یا درختوں میں پژمردگی آجاتی ہے - جیسے آموں کو جھولا مار گیا (۵) غلافِ بانات خواہ چرم جس میں ہندوق رکھتے ہیں - نیز وہ تھیلی جو پالکی کے پیچھے اسباب وغیرہ کے لئے باندھتے ہیں + (۶) کپڑے کا جامدانی نما تھیلا جس میں ہندو پوجا کا سامان رکھکر اوپر سے باندھ لیتے ہیں + (۷) جب چرس تھامنے کے قریب آجاتا ہے تو بار لینے والا بیلوں کو روک دینے کے واسطے جناتا اور اس طرح کہتا ہے بارا لائیو لال جھولو - (۸) جھولنے کی رسّی +

جھولا مار جانا - ا- فعل لازم (۱) فالج ہو جانا - ادھرنگ ہو جانا جسم کا ڈھیلا پڑ جانا امداد علی بحر ؎

پھنس کے ہم دامِ محبت میں نہ چھوٹے لاعلاج
زُلف کے جھولے نے مارا دل شکن میں رہ گیا -

(۲) عَو - سُست ہو جانا - بیکار ہو جانا جیسے اسے تو جھولا مار گیا +

جھولنا - ا- فعل لازم (۱) جھونٹے لینا پینگ چڑھانا پینگ لینا (۲) لٹکنا آویزاں ہونا (۳) اُمیدوار رہنا - پڑا رہنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھُو

امید و صل میں ہم جھولتے ہیں برسوں سے
یہاں رقیبوں میں تیاریاں ہیں جھولوں کی (ناسخ)

(۴) ایک ہی کام میں پڑا رہنا۔ سستی کرنا۔ ڈھیل کرنا جیسے برسوں ہو گئے ابھی تک ایک ہی کتاب میں جھول رہا ہے (۵۔ اسم مذکر) ایک قسم کی ہندی شاعری۔ ہندی گیت +

جھولنا - ہ۔ اسم مذکر (۱) ٹوکری۔ زنبیل۔ تھیلا۔ دامن کا جھولا۔ تھیلی۔ فقیروں کی وہ تھیلی جس میں روٹی اور آٹا مانگ کر رکھتے ہیں (۲) لوک کا گوشت گوشتِ پہلو +

جھولی - ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) جھولا کی تانیث چھوٹا جھولا۔ تونگروں مسافروں کی چوگوشہ سفر تھیلی فقیروں کی بغلی تھیلی۔ (۲) دامن کی گودی جو کسی چیز کے لینے کے واسطے پھیلائی جائے +

جھولی چھوڑنا - ہ۔ فعل لازم۔ بدن کا ڈھیلا پڑ کر دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک پڑنا۔ بڑھاپے کی علامت کا ظاہر ہونا +

جھولی ڈالنا - ہ۔ فعل لازم۔ فقیری کا سامان کرنا۔ بھیک مانگنے کو کھڑا ہونا +

جھوم جھوم کر - ہ تابع فعل (۱) لہرا لہرا کر۔ ہل ہل کر۔ جھول جھول کر۔ ہچکولے لے لے کر (۲) گٹھ کر۔ خوب زور سے۔ گھر گھر کر جیسے جھوم جھوم کر مینہ برسنا (۳) غلبہ کے ساتھ۔ نہایت عنودگی سے۔ جیسے پیا جھوم جھوم نیند یا آئی رے (گیت کا ٹکڑا)۔

جھومر - ہ۔ اسم مذکر (۱) ایک زیور کا نام جو ماتھے پر زینت کے واسطے لٹکایا جاتا ہے:۔

موے سر کو نہ سوا شب یلدا پہنچے
اور نہ جھومر کو ترے عقدِ ثریا پہنچے (احسان)

(۲) ایک قسم کا ناچ جس میں عورتیں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ اور حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں (۳) ایک قسم کا عورتوں کے گانے کا گیت (۴) گروہ۔ جھنڈ۔ مجمع۔ جھرمٹ +

رس بھری آنکھ ہے محبوب کی باشانِ عسل
گرد زنبور کا مجمع ہے کہ جھومر پلکیں (بحر)

جھومنگا - ہ۔ اسم مذکر۔ دیکھو (جھمکا) +

جھومنا - ہ۔ فعل لازم (۱) لٹکنا۔ آویزاں ہونا۔ جھکنا (۲) عالم مستی

جھُو

یا غلبۂ نوم میں جھونٹے لینا۔ اونگھنا۔ غنودگی میں ہونا جیسے گیت۔

پیا جھوم جھوم نیند یا آئی رے

(۳) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا (۴) سر ہلانا سر اور تمام جسم کو جنبش دینا۔ ۵ ہاتھی کی سی چال چلنا (۶) اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا جیسے بادلوں کا جھومنا (جب گھر یا دروازے پر ہاتھی جھومتا کہیں گے تو وہاں اظہار مادرت و دولت سے مراد ہوگی)۔

جھونا - ہ۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کی باریک دھونتی تار تر تنگا کپڑا۔ چھدرا چھدرا بنا ہوا کپڑا (۲) تابع مہمل جو سونے کے ساتھ آتا ہے جیسے مدا سونا جھونا پہنا نصیب کرے (۳) اول قسم کی چھالیہ۔ عمدہ سپاری (پورب)۔

جھونا - ہ۔ فعل لازم۔ عود (۱) بہان کرنا۔ ڈھکوسلا کرنا جیسے قصہ جھونا (۲) شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ پیسنا شروع کرنا جیسے چکی جھونا (۳) لگانا۔ جڑنا۔ مارنا سہی کرنا جیسے ایک ہی لٹھ جھویا دگنوا (۴۔ گنوار) ایک قسم کے مال +

جھونپڑا - ہ۔ اسم مذکر (۱) چھپر کا گھر۔ پھوس کا گھر کٹیا +۔ چھوٹا سا مکان جیسے رہے چھونپڑے میں خواب دیکھے محلوں کا (۲) سر کے بال بڑے بڑے بال جیسے جھونپڑا بڑھا رکھا ہے (ہندو)۔

جھونپڑی - ہ۔ اسم مؤنث۔ چھپریا۔ وہ چھوٹا سا چھپر جو جنگل یا سڑک کی چوکیوں پر سپاہیوں کے واسطے ڈال دیتے ہیں +

جھونٹا - ہ۔ اسم مذکر (۱) پینگ۔ جھولے کی جست جھولے کی جنبش (۲) عورت کے سر کے بال (۳) بھینس کا بچہ۔ (۴) بھینسا۔ نر بھینس +

جھونٹا دینا - ہ۔ فعل متعدی۔ جھلانا۔ جھولے کو جنبش دینا۔ دھکا دینا۔ ہلانا +

جھونٹا لینا - ہ۔ فعل لازم۔ پینگ لینا۔ پینگ چڑھانا +

جھونٹے پکڑنا - ہ۔ فعل متعدی۔ حقارت کے ساتھ سر کے بال پکڑنا۔ بال نوچنا +

جھونٹے کھسوٹنا - ہ۔ فعل لازم۔ سر کے بال نوچنا +

جھونچ - ہ۔ اسم مؤنث (پورب) گھونسلا۔ آشیانۂ مرغاں (۲۔ ہندو) کھجلی۔ چل۔ خارش۔ کھاج (۳۔ ع) خواہش۔ تمنا۔ چسکا۔ چاٹ + بیا کا گھونسلا +

جھونچ مارنا - ہ۔ فعل لازم۔ کھجلی ہونا۔ خارشت ہونا۔ چل ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جھو — جے

جھونجل - ہ - اسم مؤنث - عو - غصہ خشم - غضب - کرودھ - تیہا - خفگی +

جھونجل اُتارنا - ہ - فعل متعدی - عو - غصہ نکالنا بغض نکالنا - جلکر بدلا لینا - عداوت نکالنا +

جھونجل آنا - ہ - فعل لازم - عو - غصہ آنا - طبیعت جلنا - ناراض ہونا +

جھونک - ہ - اسم مؤنث (۱) جھکاؤ - خم - ترازو کے ایک پلڑے کا نیچا ہونا (۲) اونگھ - غنودگی - جھونٹا (۳) بوجھ - گرانی - بھار - بار - بڑھتی جاتی ہے نزاکت یار کی بالوں کے ساتھ
(بحر) جھونک زلفوں کا بھی اب بار کمر ہونے لگا
(اہل لکھنؤ مذکر بولتے ہیں) +

جھونکا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (جھوکا) +

جھونکنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (جھوکنا) +

جھونکنا - ہ - فعل لازم - بیل کا سینگ مارنا - بیل کا سینگ مارنے کے واسطے دوڑنا +

جھونکے آنا - ہ - فعل لازم - غلبۂ نیند کے باعث بار بار سر کا جھکنا نیند میں جھونٹے لینا +

جھیپنا - ہ - فعل لازم - آنکھ چرانا - کنیانا - شرمانا - لجانا - لجیانا - لجیانا ہونا +

جھیرا - ہ - اسم مذکر - چشمہ - سوتا - منبع - دہانہ - کنواں - باؤلی (۲) گڑھا - غار - سوکھا کنواں جس میں اکثر کبوتر رہتے ہیں +

جھیر جھیر - ہ صفت - پارہ پارہ - دھجی دھجی - ٹکڑے ٹکڑے - پرزے پرزے +

جھیر جھیر کر ڈالنا - ہ - فعل متعدی - عو - دھجی دھجی کر ڈالنا - لیر لیر کر ڈالنا - پرزے پرزے کر ڈالنا - پارچہ پارچہ کر دینا +

جہیز - ع - اسم مذکر - اسباب - سامان - وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں اُس کے ہمراہ کر دیتے ہیں +

جہیز میں آنا - فعل لازم - عو - ماں باپ کے گھر سے آنا - وہ چیز جس پر اپنا دعوی ہو - جیسے یہ چیز تمہارے جہیز میں تو نہیں آئی جو دعوی کرتی ہو +

جھیل - ہ - اسم مؤنث (۱) تال - تالاب - ڈل - غدیر - ڈابر - آبگیر پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے محیط ہو (۲) دلدل - کیچڑ - چہلا (۳) نیچی زمین (۴) گیت کا وہ حصہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے +

جھیلنا - ہ - فعل متعدی (۱) برداشت کرنا - سہارنا - سنبھالنا - اٹھانا جیسے بیماری یا مصیبت جھیلنا (۲) لکھنؤ) پایاب ہو کر جانا - پانی کھونڈ کر جانا
(مرزا رفیع) نصف شب کو یار بلوائے اگر برسات میں
جھیل کر ہم جائیں پانی تا کمر برسات میں
(۳) پچانا - ہضم کرنا +

جھیلنی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا لڑی دار زیور جو کانوں کے زیور کا بوجھ سہارنے کے واسطے سر کے بالوں میں اٹکا لیتے ہیں اس کی شکل مثلثی ہوتی ہے +

جھیلی دینا - ہ - فعل متعدی - بچہ ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے رحم کو جنبش دینا -
(نازنین) خوب جھیلی دی ترے صدقہ گئی
اب کے آسانی سے بچہ ہو گیا

چھینکنا - ہ - فعل لازم - عو - (۱) رونا - گریہ کرنا - زاری کرنا جیسے کیوں چھینکتی ہے - کیا رونا چھینکنا لگا رکھا ہے (۲) دکھڑا بیان کرنا - مصیبت دکھڑانا بپتا کہنا (۳) افسوس کرنا - پچتانا + غم کرنا - رنج کرنا (۴) ماتم کرنا سینہ پیٹنا +

چھینکنا - ہ - اسم مذکر - رونا - گریہ + گلہ - شکوہ + مصیبت - بپتا - قصہ - دکھڑا جیسے کیا چھینکنا چھینکتی ہے -
(جرأت) لوگ کیا اُن کا چھینکنا چھینکیں
بات کب کرنے دیتی ہیں چھینکیں

چھینگا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی +

چھینگر - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو اکثر دیواروں پر رہتا اور کپڑے وغیرہ کو چاٹ جاتا ہے - گھر گھرا - زنجیرہ - جندب +

جے - ہ - اسم مؤنث - (۱) فتح - نصرت - جیت - ظفر (۲) خوشی - خرمی - شادمانی - نشاط + سلامتی (۳) ترقی - بڑھوتری (۴) شاباش - مرحبا کیا کہنا ہے - کیا بات ہے +

جے پتر - ہ - اسم مذکر - فتحنامہ + فیصلہ - ڈگری +

جے جے کار یا جے جے کارا - ہ - اول اسم مؤنث - دوم مذکر

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جے

فتح و نصرت - خوشی و خرمی - سلامتی + ترقی و دولت + ترقی و اقبال +

جے کار - ہ - اسم مذکر - جے کی آواز بلند کرنے کو کہتے ہیں +

جے جے کار رہیں - ہ - دعا - اقبال بنا رہے - سلامت رہو - بول بالا رہے - فتح نصیب رہو - فتحمند رہو - بامراد و کامیاب رہو +

جے - ہ - صفت - جس قدر - جتنے +

جئی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا چھوٹا جَو +

جی - ہ - تابع فعل - (۱) حرف ایجاب - ہاں - بلے - آرے (۲) جناب حضرت - صاحب جیسے جی کہو جی کہلاؤ (۳) درست ہے - بجا ہے - اُونٹ بلیا لے گئی تو ہانجی ہانجی کہئے (اصل میں ایک تعظیم کا کلمہ ہے جیسے پنڈت جی - شیخ جی وغیرہ) +

جی - ہ - اسم مذکر (۱) جان - رُوح - پران - دم - سانس (ناسخ)

دل بر میں ہے جسم میں نہ جی ہے کچھ میری خبر تمہیں ابھی ہے

(۲) زیست - زندگی - حیات - عمر - او سستھا - آیُر بل (۳) دل - ہردہ - ہیا - قلب + طبیعت - خواہش (۴) ذات - خود - آپ - نفس - شخصیت (۵) جرأت - دلیری - مردانگی (۶) جانور - حیوان ذی رُوح (۷ - صفت) سادہ لوح - بھولا بھالا - انبول - نرمنہا - بے زبان - کم گو - بے سخن +

جی اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - محبت سے کنارہ کش ہونا - رغبت اُٹھانا - بیزار ہونا - توجہ اُٹھانا +

جی آجانا - ہ - فعل لازم - دل آجانا - عاشق ہو جانا - دل مائل ہو جانا +

(مثل) آگیا جی کسی پہ جی ہی تو ہے
لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہے

جی اُٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) دل برداشتہ ہونا - دل اُچٹنا - دل بیزار ہونا - طبیعت نہ لگنا - (۲) جان پڑ جانا - زندہ ہو جانا +

(مؤلف) جی بھی اُٹھ کہ یار آتا ہے
دم یہ خاصا دیا ہے سیجانے

(۳) سیر و تماشے یا کسی کام کے واسطے دل چلنا +

جی اُچٹ جانا - یا - **اُچٹنا** - ہ - فعل لازم - دل کا برداشتہ و برگشتہ ہو جانا - کسی کام سے دل بیزار ہو جانا - کسی کام پر دل نہ لگنا جیسے ؎

جی

تصویر کے سے طائر خاموش رہتے ہیں ہم
جی کچھ اُچٹ گیا ہے اب نالہ و فغاں سے

جی اُداس ہونا - ہ - فعل لازم - دل پریشان ہونا - دل نہ لگنا - افسردہ ہونا +

جی اُڑا جانا - ہ - فعل لازم - دل کا درہم برہم ہو جانا دل پریشان اور اُداس ہونا - دل گھبرانا +

جی اُکتا جانا - ہ - فعل لازم - دل بیزار ہو جانا - دل گھبرا جانا - دل برداشتہ ہو جانا جیسے کھاتے کھاتے جی اُکتا گیا +

جی اُلٹ جانا - ہ - فعل لازم - دیوانہ ہو جانا - پاگل ہو جانا - باؤلا ہو جانا +

جی اُلٹنا - ہ - فعل لازم - دل گھبرانا - دل پریشان ہونا - خاطر پراگندہ ہونا +

جی بٹنا - ہ - فعل لازم - (۱) دل بہلنا - دل پیچھے پڑنا (۲) دھیان بٹنا - خیال بٹنا (۳) محبت کا منقسم ہو جانا (۴) دل پریشان ہونا +

جی برا کرنا - ہ - فعل لازم (عو) قے کرنا - ڈالنا - اگلنا - رد کرنا (۲) - متعدی) ناخوش کرنا - ناراض کرنا - رنجیدہ کرنا +

جی برا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) قے ہونا - رد ہونا (۲) دل بیزار ہونا ناراض ہونا - نفرت ہونا +

جی بڑھانا - ہ - فعل متعدی - جرأت دینا - دلیری بخشنا - ہمت بندھانا دلیر کرنا - دھیرج بندھانا - دلاسا دینا مستعد کرنا - تعریف کر کے آمادۂ کار کرنا - خوش کرنا جس طرح پہلوان دانستہ پچھڑ کر اپنے شاگرد کا جی بڑھاتا ہے +

جی بڑھنا - ہ - فعل لازم - خوش و شادماں ہونا - جرأت بڑھنا - دلیری آنا - ہمت بڑھنا - دل تازہ ہونا +

جی بکھرنا - یا بکھرا جانا - ہ - فعل لازم - حال دگرگوں ہونا - دل کا حال ہونا - غش چلا آنا - دل بیٹھنا - پریشان ہونا +

جی بگڑا جانا - ہ - فعل لازم - دل متلانا - غثیان ہونا - جی مچلانا - متلی ہونا +

جی بند ہونا - ہ - فعل لازم - دل رُکنا - انقباض خاطر ہونا - کبیدہ ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی

جی بھاری کرنا۔ ف۔ فعل لازم غم۔ غمگین ہونا۔ اندوہگیں ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ دل پر بوجھ ڈالنا + رونا + ناراض ہونا +

(برنگین) { مجھ کو تو گاڑے دوگانا اپنا جی بھاری نکر
لے گیا گو لوٹ کر گھر چورمت سوے بہا

جی بھٹکنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا۔ مشتاق ہونا آرزومند ہونا۔

(بحر) { لبوں پہ رک گیا سینہ میں دم کبھی اٹکا
تمہارے واسطے کیا کیا نہ شب کو جی بھٹکا

جی بھرا آنا۔ ف۔ فعل لازم۔ رونا چلا آنا۔ دل اُمنڈ آنا +

جی بھر آنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دیا آنا۔ رحم آنا۔ ترس آنا + رقت آنا۔ آنسو بھر آنا۔ قریب بگریہ ہونا۔ کسی کی مصیبت دیکھ کر یا کسی کی یاد آکر دل کا دردمند ہونا۔ دل اُمنڈنا +

جی بھر بھرانا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل للچانا۔ طبیعت کا راغب ہونا۔ جی مائل ہونا +

جی بھر بھر آنا۔ ف۔ فعل لازم۔ بار بار قریب بگریہ ہونا۔ از حد رحم آنا۔ دل میں نہایت درد پیدا ہونا۔ رقت آنا۔ آنسو بھر بھر آنا +

جی بھر جانا۔ ف۔ فعل لازم (۱) دل سیر ہو جانا۔ طبیعت اُکتا جانا۔ آسودہ ہو جانا +

جی بھر کر۔ ف۔ تابع فعل۔ سیر ہو کر حسب خواہش تسلی کے موافق بخوبی۔ (ناسخ)

دم اخیر دیکھ لوں نظارہ جی بھر کر اتنی خنجر سفاک آبدار نہ ہو

جی بھرنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل سیر ہونا۔ دل اُکتانا +

جی بہلانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ دل خوش کرنا۔ رفع کلفت وملال کرنا۔ دل بانٹنا۔ دل پھیرنا۔ دل کا اور طرف مشغول ومتوجہ کرنا سیر وتماشے میں مشغول ہونا (لازم کے معنی بھی دیتا ہے) +

جی بہلنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل بٹنا۔ دل کا اور طرف متوجہ ہونا۔ سیر وتماشے میں مشغول ہونا۔ دل خوش ہونا۔ دل لگنا۔ کسی کام کی طرف طبیعت مشغول ہونا +

جی بیٹھا جانا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل کا گرجانا۔ دل کا ناطوس یا مضمحل ہونا۔ افسردگی خاطر ہونا۔ دل کا مایوس ہونا +

جی

جی پانی کرنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) لہو پانی ایک کرنا کمال زحمت اٹھانا۔ (۲) دل ملایم کرنا۔ دل موم کرنا +

جی پر کھیلنا۔ ف۔ فعل لازم۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ جان کو خطرہ میں ڈالنا۔ جان پر کھیلنا +

جی پڑنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) جان پڑنا۔ روح پڑنا + بچہ میں روح آنا۔ (۲) کیڑے پڑنا۔ جیو پڑنا۔ کرم پڑنا +

جی پک جانا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل کا آزار رسیدہ ہونا دل دکھی ہو جانا دل کا عاجز اور تنگ ہو جانا +

جی پکڑ جانا۔ ف۔ فعل لازم غم۔ دل میں شبہ پڑنا ماتھا ٹھنکنا +

جی پکڑ لینا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) دل تھام لینا۔ کسی کا رنج یا صدمہ سن کر تاب نہ لانا۔ کلیجہ پکڑ لینا +

جی پگلنا۔ ف۔ فعل لازم (پرانا محاورہ ہے) ہیجان خاطر ہونا دل آنا +

(ہدایت) { دل پر ہزار حرف شکایت سے تھا ہجوم
مکھڑے کو دیکھتے ہی پہ کچھ جی پگل گیا

جی پھٹ جانا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل بیزار ہو جانا۔ متنفر ہو جانا۔ دل برگشتہ ہو جانا۔ دل میں فرق آجانا + محبت نہ رہنا۔ ناراض ہو جانا +

جی پھر جانا۔ ف۔ فعل لازم (۱) دل بیزار ہو جانا یا اُکتا جانا۔ نفرت ہو جانا۔ متنفر ہو جانا +

جی پھسلنا۔ ف۔ فعل لازم۔ میلان خاطر ہونا۔ دل آنا۔ عشق ہونا۔ دل مائل ہونا +

جی پیچھے پڑنا۔ ف۔ فعل لازم۔ غم۔ جی بہلنا۔ دل بٹنا۔ دل کا مشغول ہونا۔ رنج وکلفت بٹنا +

جی پھیکا ہونا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل کا کسی چیز سے بیزار اور متنفر ہو جانا +

جی ترسنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دل کا مشتاق ہونا۔ دل کا آرزومند ہونا۔ جی للچانا۔ دل پھڑکنا +

جی ٹوٹ جانا۔ ف۔ فعل لازم۔ (۱) شکستہ خاطر ہونا بیدل ہونا۔ (۲) رنج پہنچنا۔ تکلیف پہنچنا +

جی ٹھکنا۔ ف۔ فعل لازم۔ اطمینان ہونا۔ خاطر جمع ہونا +

جی ٹھنڈا ہونا۔ ف۔ فعل لازم۔ (۱) جی خوش ہونا۔ دل راضی ہونا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی

نہایت خوش ہونا (۲) تسلی ہونا۔ تسکین خاطر ہونا۔ شفی ہونا (۳) ارمان پورا ہونا۔ دل کی ہوس نکلنا +

جی جان سے فدا۔ یا۔ قربان۔ یا۔ نثار ہونا۔ ۱۔ ع۔ فعل لازم دل و جان سے فدا ہونا۔ جان چھڑکنا۔ شیدا و والہ ہونا +

جی جانتا ہے۔ یا۔ جانے ہے۔ ۔ع۔ جملہ (۱) دل ہی کو خبر ہے۔ دل ہی واقف ہے + دل ہی پر صدمہ ہے (میر)

اُس کی طرز نگاہ بت پوچھو جی ہی جانے ہے آدمت پوچھو

(۲) بیان سے باہر ہے +

(رنگین) راستی کو مری ہے وہ کجی جانے ہے
کہ بدگماں مجھ سے وہ ایسا ہے کہ جی جانے ہے

جی جلانا۔ ۔ع۔ فعل متعدی۔ دل کو رنجیدہ کرنا + غم دینا۔ رنج دینا۔ دل میں آگ لگانا۔ غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔ (۲) حسد دلانا۔ رشک دلانا (۳) چھیڑنا۔ ستانا۔ کلپانا۔ آزار دینا +

جی جلنا۔ ۔ع۔ فعل لازم (۱) غصہ آنا۔ آگ لگنا۔ کوفت ہونا۔ رنج ہونا۔ (۲) رشک و حسد ہونا +

جی جی اُٹھنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ (کنوار) باغ باغ ہونا۔ نہایت خوش ہونا +

جی چاہنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ خواہش طبع ہونا۔ دل للچانا۔ لالسا ہونی من چلنا۔ دل کا مائل و راغب ہونا۔ دل ڈھونڈھنا۔ مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا +

جی چاہے۔ ۔ع۔ تابع فعل۔ گر دل میں آئے اگر مرضی ہو۔ اگر منظور ہو +

جی چرانا۔ یا۔ جی چھپانا۔ ۔ع۔ فعل متعدی۔ دم چرانا۔ اجتناب کرنا۔ پہلو تہی کرنا۔ کام سے بچنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ کام سے چھپنا۔ حیلہ جو ہونا (۲) عاشق کے دل کی چوری کرنا۔ عاشق کا دل لے لینا +

جی چلا۔ ۔ع۔ صفت (۱) دلیر۔ بہادر۔ من چلا۔ سورہیر۔ سورما۔ دلاور۔ شجاع (۲) سخی۔ داتا۔ دھرماتما۔ دریا دل فیاض۔ عالی ہمت۔ بلند حوصلہ (۳) دیوانہ دل رفتہ۔ دل الٹا ہوا مجنوں خفقانی +

جی چلانا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ (۱) رغبت کرنا دل رجوع کرنا۔ خواہش کرنا۔ (۲) جرأت کرنا۔ ہمت کرنا + (اگرچہ متعدی ہے مگر لازم کے معنی میں بولا جاتا ہے) +

جی

بن بلائے ہستو اُس کوچہ میں جا سکتے نہیں
دل تو چلتا ہے بہت پر جی چلا سکتے نہیں (معروف)

جی چلنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ (۱) خواہش ہونا۔ رغبت ہونا۔ دل میں آنا۔ ارادہ ہونا +

جی چلا بوسہ پیاں ہم سے طلبگاروں کا
اُڑ گیا رنگ وہاں یار کے غمازوں کا (نصیر)

(۲) دل رفتہ ہونا۔ دل اُلٹنا۔ جنون ہونا۔ دل کا قابو میں نہ رہنا۔ بیخود ہونا۔

جی چلا جائے ہے پازیب کی جھنکار کے ساتھ
محشر فتنہ ہے اُس شوخ کی رفتار کے ساتھ (جرأت)

جی چھپانا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ دیکھو (جی چرانا) (مصرعہ میر) ؎

مدت ہوئی کہ تاب و تواں جی چھپا گئے

جی چھوٹنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ بددل ہونا۔ بیدل ہونا۔ ناامید ہونا۔ ہمت ٹوٹنا۔ (ذوق)

ہاتھ اگر دل وحشی جو کوئی چھوٹ گیا ہوس صید میں صیاد کا جی چھوٹ گیا

(۲) عاجز آنا۔ ہارنا۔ تھکنا۔ جیسے چلتے چلتے جی چھوٹ گیا (۳) جبن چھانا۔ نشہ مردی جاتا رہنا نامردی آجانا۔ (مصرعہ عہد نکہت)

سینہ سپر ہر چند رہا دل آخر کو جی چھوٹ گیا +

جی چھوڑ دینا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ ناامید و عاجز ہونا +

پہلوانوں سے نہ ہو ہم ناتوانوں سے جو ہو
عشق کا وہ معرکہ ہے تہتن جی چھوڑ دے (ناسخ)

جی چھوڑنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ (ہندی) پران تجنا۔ مرنا۔ دم دینا۔ انتقال کرنا۔

جی دار۔ ۱۔ صفت (۱) من چلا۔ دل چلا۔ بہادر۔ جری۔ جیوٹ دار (۲) سخت۔ مضبوط۔ دم خم کا +

جی دان۔ ۔ع۔ اسم مذکر (ہندی) جان بخشی۔ حکم موت سے رہائی +

جی دُکھانا۔ ۔ع۔ فعل متعدی۔ خفیہ رنج و آزار پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ دُکھی کرنا۔ صدمہ پہنچانا +

جی دُکھی ہونا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ (ہندی) دل بیزار ہونا۔ دل عاجز ہونا۔ دق ہونا۔ تنگ ہونا۔ تکلیف ہونا۔ بیمار ہونا۔ علیل ہونا +

جی دوڑنا۔ ۔ع۔ فعل لازم۔ جی چلنا۔ قصد و ارادہ۔ عزم ہونا۔ میلان طبع و رغبت دل ہونا۔ ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی

مجھ مست کو کیوں بنائے نہ وہ سانولی صورت
جی دوڑے ہے میکش کا کباب نکیں پر (جرأت)

جی دھڑکنا - ف - فعل لازم - (۱) دل کا ٹپنا - دل ہلنا - تپاک قلب ہونا - اختلاج قلب ہونا (۲) خوف ہونا - اندیشہ ہونا + (مرثیگین)

مرا جی دھڑکتا ہے ناوقت یعنے کیا ہے اُدھر کو روانہ زنوناً +

(۳) دم گھوٹنا - دل گھٹنا - ملول آنا - افسوس آنا جیسے روپیہ دیتے ہوئے جی دھڑکتا ہے +

جی دھک دھک ہونا - ف - فعل لازم - خوف و خطر سے دل کانپنا +

جی دہلنا - ف - فعل لازم - خوف کھانا - جی ڈرنا - دل دھڑکنا - (نسیم)

تا خوف اس قدر ہیں روز گار سے جب کوئی بھی ہنسا تو مرا جی دہل گیا

جی ڈالنا - ف - فعل متعدی - (۱) چھوڑ ڈالنا - جسم میں روح اُتارنا - جان ڈالنا زندہ کرنا - (۲ - ہندی) محبت کرنا - انسبت کرنا - پریت کرنا +

جی ڈوبنا - ف - فعل لازم - (۱) دل غرق ہونا - (میر تقی)

سو بار ایکدم میں گیا ڈوب ڈوب جی پر بھر غم کی پائی نہ کچھ انتہا ہنوز

(۲) عالم غشی کا طاری ہونا - دل نڈھال ہونا - دل بیٹھنا - دل کا بے قابو ہونا خواہ توانائی سے ہو خواہ غم و فکر سے - (شاعر)

سیر گلشن کو ہوں میرے وہ عجب گیا آنکھیں پتھرا گئیں غش کر گیا جی ڈوب گیا

جی ڈھیا جانا - ف - فعل لازم (۱) دل کا سست اور مضمحل ہونا - غش چلا آنا - جی ڈوبا جانا +

جی ڈھیا جائے ہے جب دیکھے کہا مُکھ کے بولا جی ہے یا دیوار ہے (مصحفی)

(۲) دل گھبرانا - دل کا قابو میں نہ رہنا -

جی ڈھیا جائے ہے سحر سے آہ رات گزرے گی کس خرابی سے (میر تقی)

جی ڈرنا - ف - فعل لازم - دل منقبض ہونا + دم گھبرانا + دل نہ بلنا - دل کا حاضر نہ ہونا - دل سے کسی کے ساتھ نہ بولنا - دل بقابض خاطر ہونا +

جی رکھنا - ف - فعل متعدی - دلداری کرنا - پاس خاطر کرنا - خوش کرنا + آزردہ برلانا - تسلی دینا - دلاسا دینا - دل بہلانا +

جی سائیں سائیں کرنا - ف - فعل لازم - حال دل کا دگرگوں و زار ہونا - عالم غشی کا طاری ہونا - حالت ضعف یا غم سے دل سنسنایا جانا +

ہے کسکے ساتھ کہ اب ضعف سے مرا جی ہے کرے لگا سائیں سائیں (میر تقی)

جی

جی سنسنانا - ف - فعل لازم - ضعف و ناطاقتی کے باعث دل ڈگرنا ہونا - جی نڈھال ہونا - دل بیٹھنا یا پریشان ہونا - دل گرا پڑنا + ؎

آ ہ کر ہماری خلک سے پھری نہو کیسی ہوا چلی یہ کہ جی سنسنا گیا (مومن)

جی سے اُتر جانا - ف - فعل لازم - بیقدر ہو جانا - دل سے گر کرنا - حقیر ہو جانا - قابل نفرت ہو جانا - ؎

طفل اشک باعث افشای ما شد آنکھوں سے گیا گرا مرے جی سے ہو گیا

جی سے جانا - ف - فعل لازم - جان سے گزرنا - جان کنی ہونا - مرنا - دم نکلنا +

جی سے جی ملنا - ف - فعل لازم - دو دلوں کا ایک ہو جانا - دو آدمیوں کی دوستی اور اتفاق ہو جانا +

جی سے گزر جانا - اسم فعل لازم - دیکھو (جی سے اٹھنا) ؎

تیر نگاہ یار کو تار نفس کہوں گزرا جو سینے سے تو میں جی سے گزر گیا (بیخود)

جی کا بخار نکالنا - ف - فعل متعدی - رونے یا غضب ہونے سے دل کا اندرونی رنج دفع کرنا - غصہ نکالنا - دل کی بھڑاس نکالنا + ؎

خوب سا اُس نے نکال اپنی جی کا بخار ہو گئی آج میری اسکی صفائی بات بات (نسیم)

جی کا غبار - ا - (اسم مذکر) - ملال و کدورت دل - کدورت خاطر +

جی کانپنا - ف - فعل لازم - دیکھو (جی دھڑکنا)

جی کرنا - ف - فعل لازم (۱) جرأت کرنا - دلیری کرنا - ہمت کرنا - جگرا کرنا (۲ - متعدی - ہندی) کسی چیز کو جی چاہنا - من کرنا - کسی چیز کو دل چاہنا +

جی کُڑھانا - ف - فعل متعدی - حو - (۱) دل رنجیدہ کرنا - اندوہگین کرنا دل میلا کرنا - رنج دینا - (۲ - لازم) اندوہگین ہونا - رنجیدہ ہونا - غم کرنا + متاسف ہونا - افسوس کرنا +

جی کُڑھنا - ف - فعل لازم - اندوہگین ہونا - متاسف ہونا - دل میں درد ہونا - ہمدردی کے باعث رنج ہونا +

جی کو لگنا - ف - فعل لازم - (۱) دلپر گزرنا - دلپر اثر کرنا - اپنوں کی سب کے جی کو لگتی ہے (۲) بھانا - پسند خاطر ہونا - دلپسند ہونا - دکھوا اچھا معلوم دینا +

جی کو مارنا - ف - فعل لازم - دل کی خواہشوں کو ضبط کرنا - دل مارنا - من مارنا - صبر و سکوت اختیار کرنا - ؎

آرزوئیں ہزار رکھتے ہیں تو بھی ہم جی کو مار رکھتے ہیں (میر)

جی کھپانا - ف - فعل متعدی - جان صرف کرنا - جان دینا - جان کھونا جان گھلانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی

اس قسم کے غم سے جی کھویا ۔ اِس سوز نہاں نے جی جلایا

(۱) محنت کرنا۔ دِل توڑ کر کام کرنا۔ بخوبی محنت کرنا۔ جان لڑانا۔

جی کھٹا کرنا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دل بیزار کرنا +

جی کھٹا ہونا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ بیزار ہونا۔ متنفر ہونا۔

جی کھلنا ف۔ فعلِ لازم (۱) انشراحِ خاطر ہونا۔ انبساطِ طبع ہونا۔ کشایش دِل ہونا (۲) شرم و حجاب دُور ہونا (۳) بے دھڑک ہونا بے باک ہونا۔ دِل کو جُرأت ہونا +

جی کھول کر۔ ف۔ تابع فعل۔ خاطر خواہ۔ بخوبی۔ آزادانہ + بکثرت۔ بافراط + بیدریغ۔ بے افسوس جیسے جی کھول کر روپیہ اُٹھانا یا جی کھول کر دینا وغیرہ۔

جی کی امان پانا ۔ یا۔ **مانگنا**۔ ف۔ فعلِ متعدی (ایک مقدمہ آداب ہے جو عرض مطلب سے پیشتر زبان پر لاکر اظہار عاجزی کیا کرتے ہیں) جان بخشی چاہنا ؎

کہوں اک بات میں تجھ سے اگر جی کی امان پاؤں
مجھے قربان ہونے دے ترے قربان ہو جاؤں

جی کی جی میں رہنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کی حسرت کا دِل میں ہی رہنا آرزو و تمنائے دلی کا بر نہ آنا۔ حسرت رہنا۔ ارمان رہنا ؎

جی کی جی ہی میں رہی بات نہ نے پائی ایک بھی ان سے ملاقات نہ نے پائی (دلشاد)

جی گرا جانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دل کا بیٹھا جانا طبیعت میں سستی اور اضمحلال ہونا۔

جی گھبرانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دل بولانا۔ توحش ہونا۔ پریشان ہونا۔ دل نہ لگنا پریشان خاطر ہونا

جی گنوانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کھونا۔ دِل برباد کرنا۔

جی لبھانا۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) دِل مائل کرنا۔ تالیفِ قلوب کرنا۔ دِل پھسلانا۔ ترغیب دینا۔ جی بھرمانا + موہنا (۲) تسخیرِ قلوب کرنا۔ جادو سے اپنی طرف مائل و راغب کر لینا +

جی لڑا دینا۔ یا۔ **لڑانا**۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دل کا ہمہ تن مصروف کر دینا جان و دل سے دریغ نہ کرنا۔ ساری توجہ مصروف کر دینا۔ جان کھپا دینا ؎

جی لڑا رہا ہے کسی ہونہار بچہ سے نامہ تیرا ہے تو ناسخ کو بھی سے کم نہیں (ناسخ)

جی لرزنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کانپنا۔ دِل پر خوف چھانا۔ رعب غالب ہو جانا +

جی لگانا۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) ہوں کا مشغول کرنا۔ دِل کا متوجہ کرنا۔ جی بہلانا (یہاں خاطر و توجہ دلی سے مُراد ہے) ۲۔ عاشق ہونا۔ کسی کی طرف دل مائل کرنا۔ عشق کرنا +

جی

جی لگنا۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) جی بہلنا۔ دِل مشغول ہونا (۲) عاشق ہونا۔ دِل آنا۔ عشق ہونا۔

جی لُٹنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دِل غارت ہونا +

جی للچانا۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) دِل کا راغب ہونا۔ دِل کا مائل ہونا۔ آرزومند ہونا۔ دِل کا خواہشمند ہونا (۲) دِل کا ڈانواں ڈول کرنا + دِل کا ہکا بکا اور پریشان ہونا۔ دِل کا کبھی اِدھر کبھی اُدھر راغب ہونا

جی لوٹنا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دِل چھیننا۔ دِل کو چھین لینا۔ عاشق کر لینا۔ دل غارت کرنا۔

جی لوٹنا۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) دِل کا بیدار ہونا۔ دل کا بیتاب ہونا جیسے (مصرع) جی لوٹتا ہے سینہ کے اندر تماشات (۲) نہایت مشتاق ہونا۔ دل کا از حد آرزومند و متمنی ہونا + جی ڈھونڈھنا +

جی مارنا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ (دیکھو (جی کو مارنا)

واں کوئی کیونکر رہے ہوویں جہاں ایسے جواب (رنگین)
بس رہے سچا کوئی مار کے جی مغلانی

جی متلانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کا الٹنا کرنا۔ غثیان ہونا۔ طبیعت کا بغیر از تحریک قے کرنے پر مقتضی ہونا + دِل بیزار ہونا۔ ؎

اِس نجس دُنیا پہ تُو مت لائے جی تاکہ خُوب اِس سے ترا متلائے جی (رنگین)

جی مرجانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کا افسُردہ و مُردہ ہو جانا

جی مُلانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ عبرت افسوس آنا۔ افسوس ہونا۔ دریغ ہونا۔ جیسے دو دو پیسے پر جی مُلاتا ہے۔

جی ملنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل کا میل کھانا۔ دل کا موافق ہونا۔ ایکدل ہونا۔ ہم خیال اور ہم منشا ہونا۔

جی میں آنا۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) بھول میں گزرنا۔ دِل میں تصور کرنا۔ کسی خیال کا دِل میں وارد ہونا۔ مَن میں آنا (۲) جی چاہنا۔ دِل چاہنا۔ دِل کا ارادہ ہونا۔ دِل کا خواہش کرنا +

جی میں بیٹھنا۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) دِل میں گھونا۔ دِل میں رمنا دِل میں مستحکم ہونا۔ دِل میں گھر کرنا۔ دِل میں بیٹھنا۔ دِل میں اثر کرنا + حلول کرنا۔ اُترنا +

جی میں بیٹھنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دِل میں گھسنا۔ دِل میں گھونا۔ دِل میں اثر کرنا۔ دِل میں چُبھنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی

جی میں جلجانا - ہ - فعلِ لازم - دل میں رشک و حسد یا غصّہ کے باعث پیچ و تاب کھانا جلنا کرنا ؎

جو تیرے قد کو دیکھے شمع پانی ہو پگھل جاوے
بھلے دیکھے اگر پروانہ اپنے جی میں جلجاوے

جی میں جی آنا - ہ - فعلِ لازم - دم میں دم آنا - جان میں جان آنا - تسلی ہونا - تسکینِ خاطر ہونا - نشفی ہونا + زیست کی امید ہونا - جان بچنے کی امید بندھنا ؎

اِسقدر دردِ دل سے گھبرایا موت آئی تو جی میں جی آیا (محشر)

جی میں جی ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی - کسی کے دل کو اپنا سا دل بنانا - یقین دلانا - اپنی بات دوسرے کے دل میں پختے طور سے بٹھانا - تصدیق دلانا - دلنشین کرنا - نشچے کرانا +

جی میں ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی - دل میں اُتارنا - گھٹ میں اُتار دل میں خیال پیدا کرنا +

جی میں رکھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) خفیہ رکھنا - پوشیدہ رکھنا (۲) کسی بات کو دل میں رکھنا - کسی بات کا دل میں خیال رکھنا + بغض رکھنا - عداوت رکھنا - کینہ رکھنا - گپت رکھنا (۳) ارادہ رکھنا - قبضہ رکھنا -

جی میں کھبنا - یا - گڑنا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو (جی میں بیٹھنا)

جی میں گھر کرنا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو (جی میں بیٹھنا)

جی نڈھال ہونا - ہ - فعلِ لازم - دل مضمحل ہونا - دل کا بھر نا - دل پریشان ہونا - افسردگی ظاہر ہونا +

جی نکلنا - ہ - فعلِ لازم (۱) دم نکلنا - مرنا - رُوح پرواز کرنا - ہلاک ہونا (۲) فریفتہ ہونا - مفتون ہونا - عاشق ہونا (۳) نہایت خوف ہونا - نہایت ڈر لگنا +

جی ہارنا - ہ - فعلِ لازم - جی چھوڑنا - کسی کام سے عاجز ہو کر باز رہنا - نامردی کے باعث کسی کام کی جرأت نکرنا - ہمت ہارنا ؎

عشق بازی میں کیا ہوئے ہیں میر آگے ہی جی اُنہوں نے ہارا تھا (میر تقی)

جی ہاتھ میں رکھنا - ہ - فعلِ متعدی - خوش رکھنا - دل میلا نہ ہونے دینا +

جی ہاتھ میں لینا - ہ - فعلِ متعدی - تسلی دینا - خوش رکھنا - دل میلا نہ ہونے دینا +

جی ہٹجانا - ہ - فعلِ لازم - دل منتفر ہو جانا - دل بیزار ہو جانا - رغبت ہٹجانا +

جیب

جی ہلنا - ہ - فعلِ لازم - دل کا خوف یا ترس یا ترحم سے کانپنا +

جی ہوا ہو جانا - ہ - فعلِ لازم - دم فنا ہو جانا - رُوح کا قالب سے نکلجانا + صبر رخصت ہوا نگاہ کے ساتھ جی ہوا ہو گیا اِک آہ کے ساتھ (میر تقی)

جی ہوا ہونا - ہ - فعلِ لازم - دم نکلنا - جان نکلنا ؎

کیونکر نہ جی ہوا ہو کیونکر نہ دم فنا ہو آرام جاں غضب ہے دو چار دن سوا ہو (جرأت)

جی ہی جی میں باتیں کرنا - ہ - فعلِ لازم - دل ہی دل میں خیال پکانا - آپ ہی آپ باتیں کرنا +

جیا - ہ - (تصغیر جی) عورت (۱) جان - دل - پران (گیت) آج جو میں اور بس گئی سانوریا کی لچک چال (۲) - اِسمِ مذکر) جانی - پیارا - محبوب - عزیز از جان (۳) - اِسمِ مؤنث دایہ دَوا - نیرہ وہ عورت جسکو دایہ کی بجائے تصور کریں (اب یہ لفظ دہلی میں کم بولا جاتا ہے)

غرض کرتی ہے وہ گانا اسے جیا کیسوا سے ایک ادا میں میں ادا ہوں سنو اوا کیسوا سے (رنگین)

جیب (ع) (۱) اسم مذکر (۱) گریبان - سینہ - پیرہن - ۲ - اسم مونث - وہ تھیلی جو اہل عرب گریبان کے نیچے لگاتے ہیں لیکن اُردو میں اُس تھیلی پر اطلاق ہوتا ہے جو دہن کے چاک میں لگاتے ہیں اور اُسے عوام الناس یکسر ہم بولتے ہیں - کیسہ - دامن - گوجھ - ڈھب جیسے جیب میں نہیں کھلی کی ڈلی - پھیلا پھرے لگی کلی (۳) فبضہ - دخل - قابو - تحت جیسے اُن کا مال تو ہماری جیب میں ہے +

جیب خرچ - ف - اِسمِ مذکر - وہ بالائی خرچ جو روزمرہ کے واسطے رکھا جائے - پاکٹ منی +

جیب کترا - اِ - اسم مذکر - یکسہ بُر - اُچکا - عیار - وہ بدمعاش جو جیب کترا دام نکال لے ؎

جو نظر باز اُس کا چترا ہے خوب دیکھا تو جیب کترا ہے (جودا)

جیب گھڑی - ہ - اِسمِ مؤنث - چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے +

جیب میں پڑا ہونا - اِ - فعلِ متعدی - قابو میں ہونا - چنگیوں میں پڑا ہونا +

جیب یا جیبھ - ہ - اِسمِ مؤنث - زبان - لسان - رشو +

جیب چلنا - ہ - فعلِ لازم - زبان چلنا - مُنہ چلنا - کھایا جانا جیسے جیب چلے ستر بلا ٹلے +

جیب نکالنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) زبان نکالنا + زبان کھینچنا (۲) منہ پھاڑنا - بیہودہ پنے سے بات کرنا جیسے کیوں جیب نکالے ہے (۳) گرمی کے مارے زبان باہر کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جیب

جیب کرنا - ف۔ فعلِ متعدی (گنوار) زبان کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ جواب دینا۔ بیہودہ بات کرنا +

جیب کے تلے جیب ہونا - ف۔ فعلِ لازم (گنوار) زبان کے نیچے زبان ہونا۔ دو زبان ہونا دو فصلی باتیں کرنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا +

جیبی - ف۔ صفت جیب سے تعلق رکھنے والا چھوٹا جیسے جیبی گھڑی وغیرہ +

جیبی رومال - ف۔ اسمِ مذکر۔ چھوٹا رومال +

جیبی کتا - ا۔ اسمِ مذکر۔ بہت چھوٹی قسم کا کتا۔ پسّہ +

جیبی - یا **جیبھی** - ع۔ اسم مؤنث (۱) زبان صاف کرنے کا آلہ (۲) لگام کا ایک حصّہ +

جیت - ع۔ اسمِ مؤنث (۱) ہار کا نقیض۔ فتح۔ فتحمندی۔ کامیابی (۲) نفع۔ فائدہ۔ اوت۔ بیشی جیسے دس روپیہ کی جیت رہی (۳) غلبہ۔ فوقیت۔ برتری۔ چڑھتی۔

جیت ہونا - ع۔ فعلِ لازم (۱) فتح ہونا (۲) غلبہ ہونا (۳) نفع ہونا۔ اوت ہونا +

جیت گڑھ - ع۔ اسمِ مذکر (گنوار) فتح گڑھ۔ وہ قلعہ یا مقام جس جگہ سے کسی شہر کو فتح کیا +

جیتا - ع صفت (۱) زندہ۔ حیات والا۔ مُردہ کے خلاف (۲) جاندار (۳) زیادہ۔ بیش جیسے ذرا جیتا کپڑا پھاڑو +

جیتا جاگتا - ع۔ صفت۔ زندہ و سلامت۔ صحیح و تندرست +

جیتا چُنوانا - ع۔ فعلِ متعدی۔ بیرحمی کے زمانہ کی سزا۔ زندہ آدمی کو دیوار میں چنوا کرنا ؎

کبھی دیکھا ہو نظر بھر کے جو پیشانی کو مجھکو چُنوائے جیتا زلزلہ افشاں کی طرح (لاعلم)

جیتا رہنا - ع۔ فعلِ لازم۔ زندہ و سلامت رہنا +

جیتا گاڑنا - ع۔ فعلِ متعدی۔ زندہ درگور کرنا جیتے کو قبر میں دبانا +

جیتا لہو - ع۔ اسمِ مذکر۔ وہ تازہ خون جو جسم سے نکلا ہو۔

جیتنا - ع۔ فعلِ متعدی (۱) فتح کرنا۔ مات کرنا۔ شکست دینا۔ غالب آنا۔ زیر کرنا + بازی لینا +

جیتے جی - ع۔ تابع فعل (۱) تا بہ زندگی۔ تا بحیات۔ حینِ حیات۔ عُمر بھر۔ تمام عُمر (۲) حالتِ زندگی میں۔ ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں ؎

ناتوانی سے ہمارے جیتے جی خانۂ زنبور سُونا ہوگیا (ناسخ)

بیس

جیتے جی مرجانا - ع۔ فعلِ لازم۔ تباہ ہوجانا۔ برباد ہوجانا۔ حالتِ زندگی میں موت کا مزا چکھنا جیسے ہم تو اس چوری سے جیتے جی مرگئے +

جیتے جی کھی نگلنا - یا۔ **کھانا** - ع۔ فعلِ متعدی (۱) جان بوجھکر آفت میں پڑنا۔ دانستہ اذیت سہنا۔ دیدہ و دانستہ دامِ بلا و مصیبت میں پھنسنا + ؎

بوستعال لبِ شیریں ترا دل نے لیا جیتی کھی کس طرح سے اُسنے کھائی دیکھکر

(۲) سراسر بے ایمانی کرنا۔ جان بوجھکر بے ایمانی کرنا۔ بے انصافی کرنا۔

جیٹھ - یا **جیٹ** - ع۔ اسمِ مذکر (۱) خاوند کا بڑا بھائی جیسے جیٹھ کے بھروسے پیٹ (۲) ہندی دُوسرے مہینے کا نام جو مئی اور جون کے بیچ میں ہوتا ہے (۳) روٹیوں کی تھئی۔ بہت سی اُوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں + ہندو جیٹ بولتے ہیں (۴) برتنوں کی جیٹھ۔ تلے اُوپر رکھے ہوئے برتن (۵) آغوش +

جیٹھ کی جیٹھ یا جیٹ کی جیٹ - ع۔ تابع فعل تھئی کی تھئی۔ بہت سی روٹیاں۔ ساری روٹیاں جیسے جیٹھ کی جیٹھ کھا گیا +

جیٹھا - ع۔ صفت۔ ہندو (۱) سب سے بلند۔ سب سے اُونچا + سب سے بڑا (۱) پلوٹھی کا۔ وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہوا ہو (۳) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش جیسے جیٹھے بچے کی شادی اور جیٹھ میں ؟

جیٹھانی - ع۔ اسمِ مؤنث۔ جیٹھ کی بیوی۔ بڑے دیور کی بیوی۔

جیجا - ع۔ اسمِ مذکر (ہندو) بہنوئی۔ بہن کا خاوند +

جیجی - ع۔ اسمِ مؤنث (۱) بہن۔ ہمشیرہ۔ خواہر جیسے جیجی کے کاج اور میرے کھٹمٹا (۲-ع) چچی۔ پستان۔ چھاتی + (بچوں سے بولتے ہیں)

جیجی پینا - ع۔ فعلِ متعدی۔ دُودھ پینا +

جَید - ع۔ صفت (۱) خوب۔ کھرا۔ نیک (۲-ع) مضبوط۔ طاقتور۔ زوردار۔ زبردست + (۳) بھاری۔

جَیسا - ع۔ تابع فعل۔ ویسا کا نقیض۔ جسطرح + جسطرح کا جس صورت کا۔ جس ڈھنگ کا (کہاوت) جیسا یہ اِنون پانی ویسا میرا کام جانی!

جیسا تیسا - ع۔ تابع فعل۔ جسطرح کا جس قسم کا +

جیسا چاہو - ع۔ تابع فعل جس قسم کا مطلوب ہو + جیسی خواہش حسبِ دلخواہ۔ حسبِ مرضی +

جیسا چاہیے - ع۔ تابع فعل (۱) دیکھو جیسا چاہو (۲) قابلِ تعریف جو ہونے کی شرط ہے (۳) بخوبی سن مانتا۔ قرار واقعی +

جیسا کہ - ع۔ تابع فعل۔ جسطرح کہ + بموجب۔ مطابق +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جیس

جیسا کہ چاہیئے - ا - تابع فعل - دیکھو (جیسا چاہیے)

جیسے - ا - تابع فعل - دیکھو (جیسا) جیسے کنکھا گھر رہے ویسے رہے بدیں +

جیسے بنے - ا - تابع فعل - جسطرح ممکن ہو - جسطرح ہو سکے -

جیسے کا تیسا - ا - تابع فعل (۱) بعینہ - جوں کا توں - ہو بہو (۲) جیسا باپ ویسا بچہ +

جیسے کو تیسا - ا - تابع فعل - ہر فرعونے را موسے -

جیسی - ا - تابع فعل - بحالت تانیث جس طرح - جس طرح کی - جس ڈھنگ کی - جس موقع کی +

جیسی روح ویسے فرشتے - ا - (کہاوت) کہتے ہیں جس طرح کا آدمی ہوتا ہے ویسے ہی فرشتے نزع کے وقت اس کے روبرو آتے ہیں یعنی اگر نیک ہے تو اسے اچھی صورت کے فرشتے دکھائی دینگے اور بد ہے تو مہیب صورت فکر آئینگے پس اس مثل کا اطلاق جیسا خصلہ ویسی ہا - یعنی نیت ویسا اثر جیسی نیت ویسا پھل پر ہونے لگا +

جیغہ - ت - اسم مذکر - ایک مروع زیور کا نام جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے +

جیگر یا جیگھڑ - ا - اسم مؤنث (ہندو - ع) ا - ٹھلیا - سبوچہ - پانی کا گھڑا - پانی کے بھرے ہوئے مٹکے پر جو لوٹا یا ہنڈیا رکھ دیتے ہیں اسے جیگر کہتے ہیں مٹکے کے اوپر کی چھوٹی گھڑیا (۲) - وہ کٹھی پانی کی بھری ہوئی ٹھلیاں جو بیاہ ہونے والی عورت بیاہ سے پیشتر گھر میں بھر کر اس نظر سے لاتی ہے کہ ہمارے بال بچے ہونگے + بلکہ جب کوئی سفر کو جائے اور کمار کندھے پر جیگر لیکر سامنے آجائے تو اسے بھی فال نیک سمجھے اور اس جیگر میں کچھ ڈال دیتے ہیں -

جیگر بھری جانا - ا - فعل مرکب (ا) - (رسمات قلعہ میں دستور ہے کہ جب کسی کا ہاں کوئی بچہ روزہ رکھتا یا بیاہ ہوتا ہے تو کنواری ٹھلیا میں شربت اور بدھی میں دودھ بھر کر سہرا نامہ یعنی اور اسپر اللہ میاں کی نیاز لاتی ہیں) - (۲) ہندو عورتیں جیٹھ کے مہینے میں جو پانی پر برہمنوں کے گھر جاکر ثواب کے لئے پانی بھرتی ہیں اسے بھی جیگر بھرنا کہتے ہیں

جیل - ا - اسم مؤنث (۱) قطار - صف - پرا - لشکر - لار - ڈار (۲) - (۱) قیدیوں کی قطار جو ایک زنجیر میں بندھے ہوئے ہوں + (۳) ہولی کے دنوں میں جو گوبر کی پھرکیاں سی بنا کر ہار بناتے اور اسے ہولی کی آگ میں ڈالتے ہیں جیل کے لفظ سے موسوم کرتے ہیں -

جیل - انگلش - اسم مذکر - قید خانہ - محبس - زندان -

جیل خانہ - ا - اسم مذکر - قید خانہ - زندان +

جیلی - ا - اسم مؤنث (۱) گھانس اکٹھی کرنے کا آلہ - ایک لکڑی میں تین

جیش

شاخیں لگا لیتے ہیں تاکہ گھاس وغیرہ آسانی سے سر کایا جاوے (۲) قصاب اوجھے اور پرکی چربی دار جھلی +

جیمنا - ا - فعل متعدی (ہندو) ا - کھانا - نوش کرنا - تناول فرمانا (۲) رشوت لینا - گھوس لینا +

جین - س - اسم مذکر - ہندو (۱) بوڑھا آدمی - بڈھا آدمی (۲) سراوگیوں کے مت کا نام جسمیں ویدوں کو نہیں مانتے + (۳) جین مت کا ماننے والا +

جینا - ا - فعل لازم (۱) زندہ رہنا - جیتے رہنا (۲) خوشی منانا - مزے اڑانا جیسے اپنی خوشی جیتا ہے (۳) زندگی بسر کرنا - عمر کاٹنا جیسے نمٹنا جیا بُرے احوال +

جینا - ا - اسم مذکر (۱) زندگی - زیست حیات جیسے جینا دشوار ہوگیا - مرنا جینا سب کے ساتھ ہے (۲) - ع) زندہ و سلامت - عمر والا جیسے خدا جینا جاگنا بیٹا دے -

جینی - ا - اسم مذکر - جین مت والا - سراوگی +

جینو - ا - اسم مذکر - دیکھو (جی نمبر ۲)

جینو آتما - ا - اسم مؤنث - جان - روح - پران (ہندوؤں کے مذہب بموجب ہیشور کے سوا کل جانداروں کو جیو آتما کہتے ہیں - ذی روح) +

جیوٹ - ا - صفت - جی دار - بہادر - دلیر - شجاع - مردمنز - جری + ؎

نہ بدلی لگ گئی بستر سے کروٹ اس کو کہتے ہیں
رہے جیتے شب فرقت میں جیوٹ اسکو کہتے ہیں (نکت)

جیوڑا - ا - اسم مذکر - غو - (۱) جی کی تصغیر - جی + دل (۲) جان - پران ؎
گیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل کہاں کی رباعی کہاں کی غزل (میر حسن)
(۳) معشوق - دلبر - جانی (۴) پیار سے جی کو کہتے ہیں - جیسے کہو آج جیوڑا کیسا ہے (۵) وہ اناج جو کسان فصل پر کمینوں اور کمیوں کو دیا کرتے ہیں +

جیوڑا - ا - اسم مذکر (کنوار) رسا - لناب - رسیاں +

جیوڑی - ا - اسم مؤنث (کنوار) رسی - نیجو +

جیونار - ا - اسم مذکر - ضیافت - دعوت +

جیئے ہو - ہ - دعا - (ہندو) - فتح ہو + اقبال بالا ہو +

جیشٹھا - ا - اسم مذکر (۱) چاند کا اٹھارھواں نچھتر جسمیں تین ستارے شامل ہیں (۲) بیچ کی انگلی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چاب | چاٹ

چ

چ ۔ ف ۔ اِسمِ مؤنث (۱) فارسی مرکب الف بے تے کا ساتواں اور اُردُو کا آٹھواں ہندی و سنسکرت کا چھٹا حرف (۲) حساب جُمل میں اِس کے عدد اور جیم کے برابر ہیں (۳) یہ حرف کبھی کاف عربی کبھی ژای فارسی کبھی سین مُہملہ و مُعجمہ سے بدلا کرتا ہے ✦

چاب ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنث (ہندو و غ) ۱ ۔ ہندوؤں کے ہاں ایک رسم جسمیں بچہ پیدا ہونے پر عزیز و اقارب کی عورتیں گاتی بجاتی پوتڑے وغیرہ لیکر آتی ہیں (۲) جنم اشٹمی یا رادھا اشٹمی کو جو مٹھائی پکوان میوہ ۔ ترترکاری وغیرہ باجے گاجے سے لیکر مندر میں جائیں اُسے بھی چاب کہتے ہیں (۳) بندوق کی چانپ (۴) توس ۔ کمان ۔ دھنش (۵) گھمنو) پاؤں کی آہٹ ۔ آوازپا ۔

چابُک ۔ ف ۔ اِسمِ مذکر (۱) کوڑا ۔ تازیانہ ۔ سانٹا ۔ قمچی ۔ ہنٹر (۲) صفت (جُست و چالاک ۔ تیز ۔ پھرتیلا ۔ پھرتی باز ✦

چابُک دست ۔ ف ۔ صفت ۔ چالاک دست ۔ وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو ✦

چابُک سوار ۔ ف ۔ اِسمِ مذکر (۱) گھوڑا پھیرنے اور درست کرنے والا ۔ گھوڑے پر خوب چڑھنے والا (۲) گھوڑوں کا سوداگر ✦

چابُک سواری ۔ ف ۔ اِسمِ مؤنث ۔ گھوڑا پھیرنے کا ہُنر یا پیشہ ✦

چابنا ۔ ا فعلِ لازم (گنوار) خائیدن و چاویدن کا ترجمہ ۔ کسی چیز کو دانتوں سے کُچلنا یا پیسنا ✦ جُگالی کرنا (۲) دانتوں سے کترنا (۳) کھانا ۔ بھوجن کرنا (جنوں کی بنسبت زیادہ بولتے ہیں) ✦

چابی ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنث (دکھو ب) کُنجی ۔ تالی ۔ کلید ۔ مفتاح ۔

چاپاتی ۔ ف ۔ اِسمِ مؤنث پتلی اور چوڑی فطیری روٹی جسے چپاتی زیادہ بولتے ہیں ✦

چاپَٹ ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنث ۔ وہ غلّہ کے ٹکڑے جو پسنے سے رہ جائیں جیسے ہوئے اناج کی بھوسی ✦ چوکر بھوسی ۔ بُو ✦

چاپلوسی ۔ ف ۔ اِسمِ مؤنث ۔ خوشامد ۔ شیریں زبانی اور چرب زبانی سے فریفتہ کرنا ۔ بھٹی میٹھی باتوں میں تعریف کرنا ۔ تعریفِ بیجا ✦

چاتُر ۔ ا ۔ صفت (۱) تیز ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عیّار ۔ حیلہ باز (۲) مکّار ۔ فریبی

چاٹ

چھلیا ۔ متقی (۳) بہادر جری (۴) دانا ۔ عقلمند ۔ دانشمند ۔ تجربہ کار ۔ واقعہ کار ۔ چاتر تو بیری بھلا مُوکھ بھلا نہ بیت ساوہ کُھٹائی تاکریں نامُوکھ سے پیت (دوھا) (۵) ہُنرمند ۔ باسلیقہ ۔ ذہین (۶) چار ۔ اربع ✦

چاٹ ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنث (۱) کسی چٹپٹی اور مزیدار چیز کے چاٹنے کا مزہ ✦ ذائقہ ۔ چسکا ۔ مزہ ۔ ذوق (۲) عادت ۔ لپکا ۔ لت ۔ دھت ✦ شوق (۳) گزک وہ مزیدار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے واسطے کھائیں ۔ ؎

سُناتے ہیں ساقی کو نیچا دکھب کی کہ ہو چاٹ کوئی مزیدار ڈھب کی (ظفر)

چاٹ لگنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) مزہ پڑنا ۔ چسکا پڑنا ۔ ؎

یہ لگی چاٹ بُرے زخموں کو میری خوئی ہو گئے کتنے ہی قاتل کے نمکداں خالی (ناسخ)

(۲) عادت پڑنا ۔ شوق لگنا ۔ لت لگنا ✦

چاٹ ہے بارہ مصالحہ کی / **چاٹ ہے دہی کے میوے کی** / **چاٹ ہے نیبُو کے رس کی** ۔ ا ۔ کابلی چنے اور دہی بڑے والے کی آواز ۔ دہی بڑے بیچنے کی آواز ۔ کچالو بیچنے کی آواز ۔

چاٹنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ لیسیدن کا ترجمہ ۔ کسی رقیق چیز کو زبان سے اُٹھانا ۔ زبان سے پونچھنا ✦ بلّی کی طرح چپڑ چپڑ کرنا ✦ کھانا ۔ چٹ کرنا ۔ جیسے اِنکا چاٹا ہوا درخت نہیں رہا ✦

چاچا ۔ ا ۔ اِسمِ مذکر (گنوار) چچا ۔ عمُّو ۔ باپ کا بھائی ۔

چاچا جی ۔ ا ۔ اِسمِ مذکر (ہندو) برادرِ خُسر ۔ سُسرے کا بھائی ۔ پیتسرا ۔ ساس کا دیور ۔

چاچی ۔ ا ۔ اِسمِ مؤنث (ہندو یا گنوار) چچی ۔ چچا کی بیوی ۔ زوجۂ عمُّو ✦

چاچی جی ۔ ا ۔ اسمِ مؤنث (ہندو) ساس کی دیورانی ۔ پتیسرے سُسر کی جورو

چادَر ۔ ف ۔ اِسمِ مؤنث (۱) ردا ۔ بڑا اوڑھنا جو پیٹا اوڑھنا جیسی اوڑھی چادر ہوئی برابر میں بھی شاہ کی خالہ ہوں (کہاوت) ۲ ۔ پھولوں کی وہ ردا جو مزاروں پر چڑھائی جاتی ہے ۔ ؎

خوب روضہ پائے گلگوں کے بہاری قبر کو چادرِ گُل نقشِ پائے یار نے تیار کی (ذیر)

(۳) پانی کی چوڑی دھار ۔ لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پترے ✦

چادر اُتارنا ۔ ا ۔ فعلِ متعدی ۔ عورت کا برقع اُتارنا ۔ عورت کو بے پردا کرنا ✦ عزت اُتارنا (جس موقع پر مرد کے واسطے پگڑی اُتارنا بولتے ہیں اُسی پر عورت کے لئے چادر اُتارنا) ✦

چادر چوڑا ۔ ا ۔ اسمِ مذکر ۔ دوہری شال ۔ دوشالہ ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چاد

چادر چڑھانا - ا - فعلِ متعدی - کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا ۔

چادر چھپوّل - ا - اسمِ مذکر - بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کو چادر میں لپیٹ کر بٹھا دیتے ہیں اور دوسرے تھوک کے لڑکوں سے دریافت کرتے ہیں کہ اس میں کون ہے؟ اگر بیچ بتا دیا تو یہ اسکو جورو بنا کر لیجاتا ہے اور اس تھوک کے سب لڑکے دوسرے تھوک والوں کی پٹھیاں لیتے ہیں) ۔

چادر چھت - ا - اسمِ مؤنث - چھت گیری چھت کا کپڑا - کپڑ چھت ۔

چادر ڈالنا - یا - اُڑھانا - ا - فعلِ متعدی (ہندو گنوار) ا - اوڑھنا ڈالنا - بیوہ کے ساتھ شادی کرنا (۲) مُردے پر شال ڈالنا ۔

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا - ا - فعلِ متعدی - اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا ۔

چادر لانا - ا - فعلِ متعدی - لڑائی کی حالت میں مغلوب سپاہ کا پناہ چاہنا - جنگ روکنے کی علامت ظاہر کرنا - فریاد کرنا - استغاثہ کرنا ۔

چادُرا - ا - اسمِ مذکر (۱) مردانہ چادر - بڑی چادر - بڑا اور چوڑا دوپاٹ کا کپڑا (۲) چھوٹی چادر ۔

چار - ف - صفت (مختلف چار، تین اور ایک - اربع - فور - چوک - گنڈا - ہم - دلال پھوک کہتے ہیں جیسے پھوک چھٹے چار روپے ۔

چار ابرو کا صفایا - ا - اسمِ مذکر - سر بھویں مونچھیں اور ڈاڑھی کے مُنڈا دینے سے عبارت ہے - بھدرا ۔

چار اجساد - ف + ع - اسمِ مذکر - چار عنصر - خاک - باد - آب - آتش ۔

چار آدمی - ا - اسمِ مذکر - پنچ - دو چار بھلے مانس ۔

چار اسباب - ف + ع - اسمِ مذکر - چاروں علتیں یعنی علتِ مادّی - علتِ فاعلی - علتِ صوری - علتِ غائی ۔

چار آنکھیں کرنا - ا - فعلِ لازم - آنکھیں ملانا - مقابل ہونا - ملنا - سامنے آنا جیسے آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار آنکھیں ہوتیں اوٹ دل میں پڑی کھوٹ (۲) زیادہ واقفیت ہونا - زیادہ ہوشیاری آنا - زیادہ تجربہ ہونا - جیسے علم سے آدمی کی چار آنکھیں ہو جاتی ہیں ۔

چار انگلیاں سر پر رکھنا - ا - محاورہ - فعلِ متعدی - سلام کرنا - سلام کرنا ۔

چار آئینہ - ف - اسمِ مذکر - ایک قسم کا زردہ جو بکثرت جہیز چاڑھنے کی تختیاں بلات یا مخمل سے منڈھکر سینہ اور پشت پر ڈال لیتے ہیں ۔

چار

چار باغ - ف - اسمِ مذکر (۱) وہ شالی رومال جسکے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں ؎

چار عنصر کے سب تماشے ہیں واہ یہ چار باغ کس کا ہے (صبا)

(۲) ف) مُربع باغ - چوکھونٹا باغ ۔ اس نام کے تین باغ بھی ہیں ایک اصفہان میں دوسرا دہلی میں - تیسرا لکھنؤ میں ۔

چار بالش - ف - اسمِ مذکر - گاؤ تکیہ - اسکا پشت تکیہ جو چار بالشت سے زیادہ لمبا نہیں ہوتا - مسند - تکیہ گاہ ۔

چار بند - ا - اسمِ مذکر (۱) پشت کے چاروں جوڑ - پشت کا نیچے اوپر اور چپ و راست کا حصہ ۔ (۲) دنیا و عالم کا تعلق جس سے دنیا دار کو موت کے سوا رہائی ممکن نہیں ؎

نازک دو ہیں کہ باندھے جو انگیا کے کس کے بند
کہتے ہیں درد ہونے لگا چار بند میں (نامعلوم)

چار پا - ف - اسمِ مذکر - مرکب جو قابلِ سواری ہو - گھوڑا - اونٹ گدھا خچر

چار پانچ - ا - اسمِ مذکر - (۱) معلوم (۲) محبت - میلہ - مذر - کھجور و فیل

آج بوسے جاؤں گا میں تجھ سے لیکر چار پانچ
کون سنتا ہے تری عیار و دبسر چار پانچ (ممنون)

چار پانچ لانا - یا - کرنا - ا - فعلِ متعدی - چال و محبت کرنا ۔ کھجور و لانا - فیل لانا - بدذاتی کرنا - شرارت کرنا ؎

لاتا ہے ساتھ اپنے جو انیا چار پانچ کرنے لگا ہے وہ بت عیار پانچ (محبت)

چار پایہ - ف - اسمِ مذکر - چوپایہ - چار پاؤں کا جانور - ڈھور - ڈنگر - بہائم ۔

چار پایہ ہونا - ا - فعلِ لازم (نظر انشا - عوام) جورو والا ہونا - متاہل ہونا - عیال دار ہونا ۔

چار پائی - ا - اسمِ مؤنث (۱) کھاٹ - منجی - چھوٹا پلنگ - پلنگڑی (۲) لاش - نعش - لوتھ - ارتھی - جنازہ - زخمی - مجروح گھائل ؎

تری گلی سے صدائے کشندۂ عالم ہزاروں آتی ہوئی چارپائیاں دیکھیں

چار پائی پر پڑنا - ا - فعلِ لازم (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا گھٹیا سینا - صاحب فراش ہونا ۔

چار پائی سے بیٹھے لگانا - ا - فعلِ لازم - کھاٹ پر پڑے پڑے بیٹھے میں زخم ہو جانا - مثابہ بیمار پڑ کر صاحب فراش ہو جانا ۔

چار پائی میں کان لگنا - ا - فعلِ لازم - چارپائی میں بیل کے بادھ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

غم آجانا - چارپائی کا اُونچا نیچا ہو جانا - ؎

ہوتی ہے یہ تقوے سے زاہد کی صورت کسی چارپائی کے جوں کان نکلے (انشا)

چار پیر - ف - اِسم مذکر - سلسلہ زہاد میں جنکے پیرو عبادت الٰہی اور تزکیہ نفس میں مشغول رہتے ہیں یہ چار پیر مانے گئے ہیں جنکو علم لدنی میں حقیقت و معرفت کی تلقین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہوئی - امام حسن علیہ السلام - امام حسین علیہ السلام - حسن بصری قدس سرہ - کمیل ابن زیاد - اِن سے چودہ خانوادے چلے جنکا ذکر اسی لفظ میں ملے گا +

چار پیسے - ا - اِسم مذکر - زر - دولت جیسے چار پیسے کے سارے کھیل ہیں +

چار تار - ا - اِسم مذکر - عو (۱) چار جوڑے - چار کپڑے (۲) چار گہنے چار زیور +

چار تال - ا - اِسم مذکر - چوتالہ - چار ضربت - طبلہ بجانے میں ایک تال کا نام ہے +

چار تخم - ف - اِسم مذکر - تخم ریحاں - اسپغول بالنگوا و خرفہ سے مراد ہے +

چار تکبیر - ف - ع - اِسم مؤنث - نماز جنازہ جو مسلمان مُردے پر پڑھی جاتی ہے +

چار ٹوک - ا - اِسم مذکر - چار ٹکرے والا - چوکھنڈا - چار پھانک +

چار جامہ - ف - اِسم مذکر - زین - وہ پوشش جسے گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں +

چار چالے - ا - اِسم مذکر - عو - ایک مہانی کی رسم ہے جو بیاہ کے بعد دولہن کے چار رشتہ دار دولہا دلہن کو ایک ایک مرتبہ مہمان بلاتے اور کچھ نقدی طعام وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں +

چار چاند لگانا - ا - فعل لازم - عو - مرتبہ اور عزت بڑھانا - آنکھوں پر بٹھانا - چوگنی زینت بخشنا - دوبالا رونق دینا ؎

گر جائے آنکھ سے جو ہو کچھ سے دو چار چاند چار ابروؤں نے تجھکو لگائے ہیں چار چاند (بحر)

چار چاند لگنا - ا - فعل لازم - عو - عزت بڑھنا - عالی مرتبہ ہونا - توقیر بڑھنا - چوگنی عزت اور زینت ہونا - حُسن کا دوبالا ہونا - ؎

نظر آئے اتنے جو ایکبار چاند زمانے کے منہ کو لگے چار چاند (نکہت)

چار چشم - ا - صفت (۱) بے مروت بے وفا - طوطا چشم - بیدید - ؎

رکھ نہ بوسہ لینے کی اُس شوخ سے تو چار چشم بیمروت بیوفا بیدید و بے رُخ چار چشم (نکہت)

(۲ - ف) کمال مشتاق - نہایت آرزومند +

چار چوٹ کی مار - اسم مؤنث - عو - ضرب شدید لات گھونسی اور لکڑی وغیرہ سے مارنا +

چار حرف بھیجنا - ا - فعل متعدی - لعنت کرنا - لعنت بھیجنا +

چار

چار خانہ - ف - اِسم مذکر - ایک قسم کا چار چار خانہ دار کپڑا - خانہ دار کپڑا +

چار دانت - ا - اِسم مذکر - جب بکرا بکری کی نسبت کہتے ہیں تو چوتھی عمر سے مراد ہوتی ہے یعنی چار سال اور چوپایہ کی نسبت کہیں گے تو وہاں اُس کے شباب سے مراد ہوتی ہے +

چار دانگ - ف - صفت - مجازاً تمام عالم - تمام دنیا - ساتوں اقلیم دنیا کی چاروں سمتیں - شش جہت عالم میں سے چار جہت یعنی تحت جس سے مراد تحت الثرے ہے اور فوق جس سے مراد آسمان ہے چھوڑ کر باقی تمام عالم - (فرہنگ نویس چار دانگ اسی چیز سے مراد لیتے ہیں جو اپنی دیگر ہم جنس چیزوں سے دوچند ہو کیونکہ دینار چھے دانگ کا ہوتا ہے اور دانگ دینار کا چھٹا حصہ ہے پس چار دانگ وہ دانگوں کی نسبت زیادہ ہونے لہذا کثرت سے منسوب کئے گئے اور اس سے تمام عالم کو قیاس کیا - ہماری رائے میں چونکہ دنیا کو شش جہت مانا ہے پس تحت اور فوق کو نکال کر چہار انسان کا قابو نہیں چل سکتا - ربع مسکون سے استعارہ کر لیا پس بموجب چار دانگ دنیا کی ہر چہار سمت سے مراد ہوئی یعنی تمام روے زمین بعض اوقات ہندوستان سے بھی مراد لی گئی ہے جسکی وجہ یہ سمجھی ہے کہ چونکہ ہندوستان کا عرض طول اکثر بلاد عالم سے زیادہ ہے یا یہ کہو کہ اس کی آبادی اور آمدنی دیگر ولایات سے بڑھی ہوئی ہے پس تمام عالم کو ایک دینار فرض کر کے ہندوستان کو چار دانگ قرار دیا یا یہ کہ ہندوستان چونکہ چار اقلیموں میں پھیلا ہوا ہے اس سے چار دانگ مراد لی -)

چار دِن - ا - صفت - چند روز - تھوڑے دن پنجروزہ -

چار دِن کی بہار - ا - اِسم مؤنث - روئے چند روزہ حُسن ناپائیدار اِنبساطِ دو روزہ +

چار دِن کی چاندنی - ا - اِسم مؤنث - عیش چند روزہ - چند دن کی دولت - ثروت و حُسن ناپائیدار - سریع الزوال شان و شوکت ؎

چار دِن کی چاندنی اس میکدے میں عیش ہے
ساقیٔ شب کا بھی آخر دور ساغر ہو گیا (بحر)

چار دِن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ - ا - کہاوت چند روزہ عیش ہے اور پھر وہی تکلیف - چند روزہ آؤ بھگت اور پھر وہی بیقدری +

چار دیواری - ا - اِسم مؤنث - قصر پناہ - فصیل - گھر کا احاطہ +

چار زانو بیٹھنا - ا - فعل لازم - آلتی پالتی مار کر بیٹھنا - ایسا نشست سے بیٹھنا +

چار سال - ف - اِسم مذکر - چار برس کا بوڑھا جانور - چار دانت +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چار

چار شنبہ - ف - اِسمِ مُذکّر - چہارشنبہ - بُدھ - بُدھ وار +

چار ضرب - ف + ع - اِسمِ مُذکّر (۱) صُوفیہ کرام کے ایک شغل کا نام جس میں ذکر نفی اثبات کے وقت دل - جگر - دماغ اور سینہ پر اِلّا اللہ کے لفظ کی ضرب نوبت بنوبت زور سے لگاتے ہیں تصفیۂ قلب کے واسطے یہ عمل مُوجب ہے - (۲) رقص چوتالہ جو رقاص لوگ ناچتے ہیں (۳) چار ابرو کا صفایا جو قلندر بوقت بیعت کراتے ہیں یعنی ڈاڑھی - مونچھوں - سر اور بھوؤں کا صفایا چٹ کرانا +

چار طرف - ا - تابع فعل (۱) چارسُو - چاروں اور - چاروں اَنگ - چاروں دِشا (۲) ہر طرف - ہر جانب -

چار طُوفان - ف + ع - اِسمِ مُذکّر - وہ چار مشہور طُوفان جو چار پیغمبروں کی بد دعا سے اُن کی نافرمان اُمّت پر وارد ہوئے مثلاً طُوفان نُوح یعنی طوفان آب جو حضرت نوح کی اُمّت پر آیا - طُوفان ہوا جو قوم عاد پر آیا - طُوفان آتش جو قوم لوط پر آیا - طُوفان خاک جو قوم حضرت صالح پر نازل ہوا +

چار عُنصُر - ف + ع - اِسمِ مذکّر - خاک - باد - آب - آتش (وہ چاروں اصلی جُوجن سے موجُودات کی ظاہری صُورت نُمایاں ہوئی یعنی آگ پانی مٹی ہوا) +

چار قُل - ف + ع - اِسمِ مُذکّر - قرآن شریف کے اخیر سیپارہ کی چار سُورتیں قُلیا - قُلْ هُوَ اللّٰهُ - قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ - قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ - جو اکثر دفعیہ چشم زخم یا فاتحہ کے واسطے پڑھتے ہیں +

چار کھُونٹ - ا - اِسمِ مُؤنّث (۱) دیکھو (چار طرف) (۲) دنیا کے چاروں اطراف - چار اَنگ (۳) تمام دُنیا - تمام عالم - ہمہ آفاق +

چار گُنا - ا - صفت - چار چند - چوگُنا - چار ضرب چار (۴×۴)

چار کانے - ا - اِسمِ مُذکّر - چوسر بازوں کی اِصطلاح میں ایک داؤ کا نام ہے یعنی جب وُہ نرد بازی کے تینوں پاسوں کو پھینکتے ہیں اور تینوں پاسوں میں چار نقطے اِس طرح پر آتے ہیں کہ ایک پاسے میں تو دو اور ایک ایک باقی کے دونوں قُرعوں میں ہوں تو اُسے چار کانے کہتے ہیں +

چار کے کاندھے پر جانا - یا چڑھنا - ا - فعلِ لازم - مرکر تابُوت میں جانا - ارتھی پر نکلنا - چار آدمیوں کے کندھے پر مرنے کے بعد چڑھکر جانا +

چار گام - یا - چار گامہ - ف - اِسمِ مُذکّر - تیز چلنے والا گھوڑا - اسپِ بادرفتار - رہوار تیز رفتار +

چار مذہب - ف + ع - اسمِ مُذکّر - اہل سنت وجماعت کے چار مذہب یعنی

چار

حنفی - حنبلی - شافعی - مالکی +

چار مغز - ف - اِسمِ مُذکّر - اخروٹ - مگزگان +

چار مَنزِل - ف + ع - اِسمِ مؤنّث - شریعت - طریقت - حقیقت - معرفت +

چار میخا کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی - اوندھا یا چت ڈالکر چاروں ہاتھ پاؤں میخ سے باندھکر سزا دینا - یا دونوں ہاتھوں دونوں پیروں میں میخیں ٹھوک کر سزا دینا - (چوچمیخا کرنا بھی بولتے ہیں) +

چاردا - ا - اِسمِ مذکّر - کہار - گدھے کو کہتے ہیں - چوپا + بیل - اونٹ - ہاتھی - گھوڑا وغیرہ +

چار ہاتھ پاؤں - ا - اِسمِ مُذکّر - دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں - چلنے پھرنے کام کاج کرنے کے قابل اعضا جیسے خدا نے چار ہاتھ پاؤں سب کو دئے ہیں -

چار یار - ف - (۱) رسُولِ مقبُول کے چار مصاحب یعنی حضرت ابُوبکر صدیقؓ - حضرت عمر فارُوقؓ - حضرت عثمان غنیؓ - حضرت علی کرم اللہ وجہہ - (۲) چند دوست - چند احباب +

چاریاری - ف - اسمِ مذکّر (۱) مسلمانوں کا وہ بڑا اور اوّل فرقہ جو رسُولِ مقبُول کے چاروں یاروں کو درجہ میں ایک دوسرے پر فضیلت نہیں دیتا سُنّی اہل سنّت وجماعت (۲ - ا) کلمہ کا روپیہ - چوکھُونٹا روپیہ جو اکبر شرکت کے خیال سے روپیوں کی تھیلی میں رکھا کرتے ہیں یہ روپیہ اکبر اور جہانگیر کے وقت میں بنتا تھا +

چارا - ہ - اسمِ مذکّر - علف - گھانس - کرنی - چری وغیرہ جو چوپایوں کو دی جاتی ہے برخلاف دانہ +

چارناچار - ف - تابع فعل - مجبُوراً - قہراً جبراً - زبردستی +

چاروں - ہ - صفت - ہر چار - چار کے چار جیسے چاروں بھائی - چاروں رستے موکلے +

چاروں خانے چت گرنا - ہ - فعل لازم (اصل میں چار شانہ گرنا تھا) (۱) اِس طرح پر چت گرنا کہ دونوں ہاتھ دونوں پاؤں برابر پھیل جائیں - (۲) حیران وہکا بکا ہو جانا - جواب نہ بن پڑنا - حواس باختہ ہو جانا - مات کھانا +

چارہ - ف - اِسمِ مذکّر - علاج - تدبیر - گُزیر - مدد - دستگیری - سرانجام +

چارہ جُوئی - ف - اِسمِ مؤنّث - علاج چاہنا - بہتری - بھلائی - فریاد -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چار

نالش - اِستغاثہ - چارہ سازی - علاج طلبی - عِلاج خواہی +

چارہ ساز - ف - صفت - کام بنانے اور درست کرنیوالا - خدا تعالیٰ +

چارہ سازی - یا چارہ گری - ف - اِسم مؤنث - علاج - مُعالجہ - یاری - مدد - معاونت +

چارہ گر - ف - اِسم مذکر - حکیم - طبیب - معالج - بید -

چاشت - ف - اِسم مذکر (۱) پہر دن چڑھے کا وقت - چوتھائی دن گزرنے کا وقت - سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۲) حاضری - صبح کا کھانا - طعامِ صُبح - ناشتہ - نہاری - صبح کا چاء پانی - تقریباً -

چاشنی - ف - اِسم مؤنث (۱) طعام یا شراب کا بقدر ذائقہ نمونہ (۲) مزہ - ذائقہ (۳) پت - شربت وغیرہ کے پکنے کا انداز - شربت کا تار (۴) تھوڑی سی آمیزش - پھٹکار - جیسے سادے تباکو میں خمیرے کی چاشنی (۵) چکھنے کے قابل چیز - بقدر ذائقہ کوئی چیز (۶) سُوتے کی اصلیت کا امتحان جو کسوٹی پر ہو (۷) ذرا سی شیرینی - قدرے حلاوت (۸) مٹھاس کے اندر کی کھٹاس (۹) ایک ظرف کا نام جس میں گنے کا رس پکاتے ہیں - کڑھایا - کڑھائی +

چاشنی گیر - ف - اِسم مذکر - برکاول - باورچی خانہ کا افسر - خانساماں - داروغہ - باورچی خانہ -

چاق - ت - صفت - مضبوط - تندرست چُست وچالاک - ہوشیار +

چاق چوبند - ا - صفت (۱) چاروں گانٹھ مضبوط - توانا - زور آور - مُستعد - موٹا تازہ (۲) تندرست - بھلا چنگا - نیرو گا (۳) چُست - چالاک - پھرتی باز - پھرتیلا - مُرتریا ؎

چاق چوبند سینہ زوری میں پھول رکھے ہوئے کٹوری میں (شوق)

چاقُو - ت - اِسم مذکر - چاکو - قلم تراش - کارد خُرد -

چاک - ف - صفت - تراشیدہ - کٹا ہوا - دریدہ - پھٹا ہوا جیسے سینہ چاک +؎

چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں کرنا رفو سوزنِ تدبیر ساری عمر گو سیتی رہے -

(۲) اِسم مذکر) آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصّہ +

چاک دینا - ا - فعلِ متعدی - (پرانا محاورہ ہے) پھاڑنا - چیرنا - ٹکڑے کرنا ؎

آگیا ہاتھ میں گر اپکے گریباں میرا چاک وہ دیدے کہ تا دامنِ محشر پہنچے (مصحفی)

چاک کرنا - ا - فعلِ متعدی - پھاڑنا - چیرنا - پُرزے کرنا - پیوند لگانا +

چاک ہونا - ا - فعلِ لازم - پھٹنا - چرنا - دریدہ ہونا -

چاک - ہ - اِسم مذکر (۱) کُمہار کا پہیا جسے پھرا کر برتن بناتے ہیں - چرخ کوزہ گر ؎

چال

خبر کلال کو سرگشتگی کی تھی ناسخ جو میری خاک سے تیار اُسنے چاک کیا (ناسخ)

(۲) کُنوے کی چرخی - وہ پہیا جس پر کُنوے کا رسّا رہتا ہے (۳) وہ گول کُونڈا جس میں مصری یا قند جماتے ہیں (۴) کواڑ کی درز - کواڑ کی جھری یا دراڑ ؎

زخمِ دل سیرا نہیں جو ہو نہ ہو گریباں کا چاک ایک دن بخیۂ سوزن پری کا چاک ہو جائیگا (ناسخ)

(۵) تھاپا - وہ چیز جس سے کھلیان پر چھاپ لگاتے ہیں +

چاک کی طرح پھرنا - ا - فعلِ لازم - چرخ کی طرح گردش کرنا - گھومنا چکر کھانا +

چاک - اِنگلش Chalk - اِسم مؤنث - کھریا - کھریا مٹی +

چاکر - ف - اِسم مذکر (۱) نوکر - ملازم - خادم - خدمتگار - اہلکار (۲) نوکر کا نوکر +

چاکری - ف - اِسم مؤنث - ملازمت - نوکری - خدمتگاری - ٹہل - سیوا +

چاکسُو - ہ - اِسم مذکر (۱) ایک قسم کے کالے بیج جو پیسکر آنکھوں میں ڈالے جاتے ہیں (۲) آنکھ کی جنبش یا چکشُو سنسکرت میں آنکھ کو کہتے ہیں اس سبب سے نام رکھا گیا) +

چاکُو - ا - اِسم مذکر - دیکھو (چاقُو) +

چاکی - ہ - اِسم مؤنث (۱) پٹے بازوں کی اصطلاح میں اُس ضرب کا نام ہے جو حریف کے سر پر گھما کر پھیرا کر جہاں خالی پاتے ہیں وہیں مارتے ہیں - (۲) - گنوار) چکی - آسیا - جاتا ؎

چلتی چاکی دیکھ کے دیا کبیرا رو دو پاٹن میں آ کے ثابت رہا نہ کوئے

چال - ہ - اِسم مؤنث (۱) رفتار - حرکت - طرزِ رفتار - انداز رفتار ؎

چلتے ہیں ناز سے جب ٹھوکر لگے ہے کو آتیں نہیں سمجھ میں اِن دلبروں کی چالیں (میر تقی)

(۲) روش - رویّہ (۳) طور و طریق - طرز (۴) عادت - بُھجاؤ (۵) گھوڑے کی رفتار (۶) شطرنج کے مُہرے یا چوسر کی نرد کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لیجانے کو بھی چال کہتے ہیں ؎

یہ چوسر عشقبازی کی ہے ایدل نہ چلنا چال وہ جس سے ہو گھر بند (نحر

(۷) مکر و فریب - دم چھانسا - دھوکا - چھل بٹا -

اُن کی رفتار نے اُڑا لینا کبک کو تم نے چال کی ہوتی (صبا)

چال پڑنا - یا - پڑ جانا - ہ - فعلِ لازم - دانو چل جانا - فریب یا دھوکہ کارگر ہو جانا - تدبیر بن پڑنا +

چال چلن - ہ - اِسم مذکر - طور و طریقہ - رنگ - ڈھنگ - طریقِ معاشرت - روزمرہ برتاؤ - روش - رویّہ - عادت - خصلت - اخلاق +

چال چلنا - ہ - فعلِ لازم (۱) برتاؤ پیش آنا (۲) دم دینا - فریب دینا -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چال

دھوکا دینا +

چال دکھانا - ک - فعلِ متعدی (۱) گھوڑے کا قدم دکھانا - رفتار دکھانا - (۲) روانہ ہونا - چلتا بنتا - جانا - سدھارنا جیسے چال دکھاؤ یعنی جاؤ +

چال ڈھال - ک - اسمِ مؤنث - رفتار و گفتار - طرز و روش طور و طریقہ سانچہ طرزِ خرام کرتی ہے سرو کیڑیں قلم تلوار چل رہی ہے نئی چال ڈھال پر (سہر)

چالا - ک - اسمِ مذکر (۱) روانگی - مُرخصت - کوچ (۲) نئی دُلہن کا سُسرال سے شادی کے بعد اوّل چار مرتبہ جانا ؎

نوعروس باغ کی شادی کے تم ہو نئے پاؤں پھیرا باغ میں گھر میں کر چالا ہوا دیکھ (۳) روانگی کا مہورت - سفر کرنے کا روزِ مسعود - دساسول (رجال الغیب) کو پُشت یا بائیں ہاتھ پر چھوڑ کر جانا - چُنانچہ پُورب کو ہفتے اور پیر کے دن نہیں جاتے اور جمعہ و یکشنبہ کو پچھم کی جانب سفر نہیں کرتے اسی طرح منگل اور بُدھ کو شمال کی سمت اور جمعرات کو دکن کی طرف جانا منحوس خیال کرتے ہیں - ؎

بیٹھے رہے خراق میں لے جان بچل میں اُس دن چلے یہاں سے کچالا جس گیا (میر زاہد)

چالا دیکھنا - ک - فعل لازم - ساعت دیکھنا - وقت سفر حسبِ نجوم قرار دینا +

چالاک - ف - صفت (۱) چابک - کام کرنے میں چُست - پھرتی باز - ہوشیار - ذہین - زیرک - تیز (۲) تیز رفتار - زود رَو - (۳) عیار - مکار + فریبی - فتنہ پرداز

چالاکی - ف - تابع فعل - اور دے فریب - دھوکے سے +

چالاکی کرنا - ک - فعلِ متعدی - دھوکا دینا - ہتھکنڈا کرنا + بددیانتی و خیانت کرنا - عیاری کرنا +

چالان - ک - اسمِ مذکر (۱) بیجک - اشیائے فرستادہ کی فہرست (۲) رسید - رسید (۳) مُلزم کی عدالت کو روانگی - مُلزم کو سرکاری ملازموں کے ساتھ مجسٹریٹ کے ہاں بھیجنا (۴) پروانہ راہداری + راہداری یا بنکاسی کی چٹھی - روتہ - (۵) ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو روانگی -

چالاؤ - ک - صفت - چال باز - چاتر - فریبی - دھوکے باز - وہ شخص جسکی عادت میں دغابازی ہو - ؎

رفتار کی روش سے غضب چال چالئے چھوٹے سے بن میں بڑے تم ہو چالئے (امانت)

چالیس - ک - صفت - عدد - اربعین - ۴۰ -

چالیس سیر - ک - اسمِ مذکر - ایک من +

چالیس سیرا - ک - صفت - پُورا - من کی پُوری تول + پُورا ٹھیک +

چالیس سیرا اُوت - ک - صفت - پُورا احمق - نہایت بیوقوف +

چان

چالیس سیری تول - ک - اسمِ مؤنث - پُوری تول - من کی پُوری تول +

چالیسا - ک - اسمِ مذکر (۱) چالیس برس کی عُمر کا آدمی (۲) وہ پہلوان جسنے چالیس آدمیوں کو پچھاڑا ہو - چالیس آدمیوں سے مقابلہ کرنے یا چالیس آدمیوں کو مار ڈالنے والا بہادر (۳) سنہ ۱۸۷۰ کا قحط جو آجتک لوگوں کے ہوش کھوتا ہے (۴) ایک مشہور چور کا نام جس میں چالیس چیزیں پڑتی ہیں -

چالیسواں - ۲ - صفت (۱) وہ چیز جسپر چالیس کی گنتی پُوری ہو - چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) اسمِ مذکر) چہلم - فاتحہ چہلم مُردے کی سوا مہینے کی فاتحہ +

چام - ک - اسمِ مذکر - چرم - کھال جیسے چام چیا نہیں کام چیارا ہے +

چام کے دام - ا - اسمِ مذکر - چمڑے کا روپیہ - دو چمڑے کا گول روپیہ جس میں نظام نامی آنے جانوں بادشاہ کے عہد میں اپنی خیر خواہی کے صلہ میں نصف روز کی بادشاہی لیکر موتے کی کیل جڑکر چلایا تھا تاکہ میرا نام یادگار زمانہ رہے) دیکھو

چام کے دام چلانا - ک - فعلِ متعدی نہایت رُعب داب اور حکومت سے کام لینا - جوتے کے زور سے کام لینا - جبراً کام لینا +

چانپ - ک - اسمِ مؤنث - بندوق کا وہ پرزہ جس کے ذریعہ سے کندہ اور نال باہم جڑے رہتے ہیں +

چانٹا - ک - اسمِ مذکر - دھپا - تھپڑ - ریپٹا - دھول - تماچہ +

چاند - ک - اسمِ مذکر (۱) قمر - ماہ - ماہتاب چندرماں (۲) مہینے کا اخیر دن - بند تاریخ (۳) مہینا - تیس یا اُنتیس دن کا زمانہ ؎

ہلال دیکھ کے اُس رشکِ ماہ کا مُنہ دیکھ
خوشی سے تجکو امانت کٹے گا سارا چاند (امانت)

(۴) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول - ڈھال کی پھلی - ؎

تیغ اُسکی معرکے میں جو چمکی ہلال سا شرمندہ ہو کے چاند سپر سے نکل گیا (امانت)

(۵) جانداروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا (۶) ایک زیور کا نام جو ہلال نما ہوتا ہے (۷) نشانہ - ہدف - وہ گول نشان جو چاند ماری کے واسطے لگایا جاتا ہے (۸) تاج - افسر - مکٹ (۹) خوبصورت بیٹا - پیارا بیٹا - بیٹا جیسے میرا چاند کہاں گیا تھا (۱۰) اسمِ مؤنث کھوپری - چندیا - کلّہ +

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی - ک - کہاوت - بھلے بُرے نہیں ہو سکتے - اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا - ہُنر چھپائے نہیں چھپتا -

---

چالاکی - ف - اسمِ مؤنث - (۱) چستی - پھرتی - تیزی - (۲) ہوشیاری - زیرکی - (۳) عیاری - مکاری - دست برد +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چان

چاند کے اُوپر نہیں پڑتی کسی صورت سے خاک مُنہ تو دیکھیں لیکھے یُوسف کے برابر آئینہ (آتش)

چاند تارا - ا - اِسمِ مذکّر - ایک قسم کی باریک مل جس پر چاند اور تارے کی بُوٹیاں کڑھی ہوئی ہوتی ہیں - پھولدار مل - ؎

چاند تارے کا جو کُرتہ تُو نے پہنا اے صنم ایک ماہ نو نظر آتا ہے ہر اختر کے پاس (ناسخ)

(۲) ایک قسم کا کنکوا جس میں رنگین کاغذ کا چاند اور آدھ ستارے بنا کر چپکا دیتے ہیں

کاغذوں کے گھسے ہیں دُمچے ٹھپ پڑھاتے ہیں پتنگ چاند تارے ہیں پر تمہارا چاند تارا ماڑ رہے ہے نادری کم

مکس غال وابرے خانہ سے آئے نہ نظر کاغذ باد ی ہوا پر چاند تارا ہو گیا (برق)

چاند چڑھنا - ا - فعلِ لازم (۱) چاند کا اُونچا ہونا - چاند کا بلند ہونا (۲) مہینا پورا ہونا - اخیر چاند دکھائی دینا - غرّہ نظر آنا - اوّل روز کا چاند دکھائی دینا

جُھومر کا نظر سر پہ ترے اب تو پڑا چاند تھا وہ چڑھے چاند کا لا بوسہ چڑھا چاند (ذوق)

(۳) مہینے کی تنخواہ چڑھنا - مہینا چڑھنا (۳ - عو) ایامِ حیض کا مل جانا معمولی وقت پر حیض نہ آنا حیض کا مہینا گزر جانا - حمل ٹھیرنے کی علامت کا ظاہر ہونا +

چاند دیکھنا - ا - فعلِ متعدّی - ماہِ نو دیکھنا -

چاند دیکھے - ا - تابع فعل - پہلی تاریخ کو جیسے چاند دیکھے آنا +

چاند رات - ا - اِسمِ مؤنث - شبِ ہلال - دُوج - نیا چاند نکلنے کی تاریخ +

چاند سا مکھڑا / چاند سی صورت ا - صفت - چاند جیسا خوبصورت چہرا - چاند سا مُنہ +

چاند سورج - ا - اِسمِ مذکّر - ایک طلائی - خواہ نقرئی زیور کا نام جو مہر و ماہ کی صورت پر بنا ہوا عورتوں کی چوٹی میں لٹکا کرتا ہے (حضرت گھسیٹا کا ایجاد ہے)

مینگے کسکا زیور چاند سورج گھڑا کرتے ہیں گر چاند سورج (آتش)

چاند کا ٹکڑا - ا - اِسمِ مذکّر - ماہ پارہ - نہایت خوبصورت اور حسین آدمی - ؎

تُو ہے ایسا چاند کا ٹکڑا کہ موتے چاند کے کرتے تھے تارے تری جانب اشارے رات کو (ناسخ)

چاند کا کُنڈل مارنا - ا - فعلِ لازم - ماہ کا ہالہ نشین ہونا - چاند کا اپنے گرد دائرہ بنانا +

چاند کا کھیت کرنا - ا - فعلِ لازم - چاند نکلنا - چاند کی شعاعی نظر پڑنا - ماہ کا طلوع کرنا - چاند کا اُفق یا آسمان سے نمودار ہونا - چاند اُبھرنا - ؎

یُوں ترے رُخ سے عیاں ہے تیرے تن میں ماہتاب
کھیت جس صورت سے کرتا ہے چمن میں ماہتاب (برق)

چاند کو گہن لگنا - ا - فعلِ لازم - اوّل معلوم (۲) حُسن کو عیب لگنا خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا (۳) بہت سی خوبیوں کے ہوتے ایک آدھ عیب بھی ہونا +

چان

چاند گرہن - یا - چاند گہن - ا - اِسمِ مذکّر - گرہنی ماہ - خسوف - وجہ عالمِ بدر میں چاند کا فرخ روشن زمین کے سامنے آجاتا ہے اور زمین آفتاب کی روشنی اُس پر نہیں پڑنے دیتی یعنی زمین کا سایہ اُسے تاریک کر دیتا ہے تو اُسکو چاند گہن کہتے ہیں - سال بھر میں کم از کم دو گرہن اور زیادہ سے زیادہ سات ہوا کرتے ہیں)

تیرے مُنہ پر جو کہا غیر یہ نام نے مُنہ جُھکوائے رشک تم چاند گہن یاد آیا (امانت)

چاند ماری - ا - اِسمِ مؤنث - نشانہ بازی - نشانہ بازی کی مشق جو سانچے گول سا نشان بنا کر دیوار وغیرہ پر گولیاں لگاتے ہیں +

چاندنا - یا - چاندنا - ا - اِسمِ مذکّر (۱) اُجالا برُوفنی (۲) رونق - زیبائش (۳) اُجالا پاکھ - سُدی (۴) سفید بازو یا پروں والا کبوتر +

گھر مرا تاریک ہے ایسا کہ لیکے خط یار چاندنا آیا تو وہ کالا کبوتر ہو گیا (ناسخ)

چاندنا ہو جانا - یا - چاندنا ہو جانا - ا - فعلِ لازم (۱) روشنی کا نمودار ہو جانا + دن نکل آنا - پَو پھٹنا (۲) خیر گیرِ چشم ہو جانا - صدمہ دماغی سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا و (۳) صفا یا ہو جانا - یا الحل گھڑنت جانا ایسی چوری ہونا کہ کچھ باقی نہ رہنا (۴) رونق ہو جانا - زیبائش ہو جانا - جیسے معشوق کے آنے سے چاندنا ہو گیا +

چاندنی - یا - چاننی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) چاند کی روشنی - چاند کی جوت - مہتاب + ؎

افسردہ دل کیوں اسلئے کیا چاندنی کا لطف پیشا پڑا ہے مُردہ ساگو یا کفن کے ساتھ (ذوق)

(۲) ایک قسم کا سفید پھول جسے گل چاندنی بھی کہتے اور خفقانی آدمی کو اکثر کھلاتے ہیں (۳) سفید فرش - وہ سفید چادر جو دری کے اُوپر بچھاتے ہیں +

اے ماہ مرے کفن کے قابل تیری محفل کی چاندنی ہے (ناسخ)

چاندنی چوک - ا - اِسمِ مذکّر - دہلی کے ایک مشہور اور بارونق بازار کا نام +

چاندنی چھٹکنا - ا - فعلِ لازم (ہندو) چاندنی کھلنا - چاندنی کا پھیلنا اور پراگندہ ہونا + ؎

وہ صنم ہے جو کبھی شب کو تم نکلتے ہو زمیں پہ سائے کی جا چاندنی چھٹکتی ہے (بحر)

(دہلی کے مسلمان چاندنی چٹکنا یا چمکنا زیادہ بولتے ہیں)

چاندنی دیکھنا - ا - فعلِ متعدّی - شبِ ماہ کی سیر کرنا - چاندنی رات میں باغ کی یا کشتیوں میں سوار ہو کر دریا کی سیر کو نکلنا +

چاندنی رات - ا - اِسمِ مؤنث - شبِ مہتاب - سُدی - وہ رات جس میں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چان

شب بھر چاندنی رہے جیسے ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ ویں شب +

چاندنی کا اثر ہونا - ا - فعل لازم - زخم کا اچھا ہونا - زخم کا ہرا رہنا - آگیا تمہارا کیا وہ ماہ کامل خواب میں چاندنی کا ہے اثر زخم دل بیتاب میں (ناسخ)

چاندنی کا کھیت - کہ - اسم مذکر - برتو ماہ جو زمین کے چار و نطرف پڑا ہوا نظر آئے - چادر مہتاب - چھٹکی ہوئی چاندنی - ؎

ہیں جو روؤں خرمن ماہ درخشاں سبز ہو چاندنی کا کھیت مثل کشت دہقاں سبز ہو (ناسخ)

چاندنی کا کھیت کرنا - کہ - فعل لازم - چاندنی کا زمین پر گسترده ہونا - چادر مہتاب کا بچھنا - چاروں طرف چاندنی کھلنا - ؎

گیسو تمہارا چہرۂ روشن سے ہٹ گیا لو چاندنی نے کھیت کیا ابر چھٹ گیا (امیر)

چاندنی کھلنا - کہ - فعل لازم - ماہ کا نور افشاں ہونا - چاند نکلنا - چاند کا طلوع ہونا - چاندنی پھیلنا - چادر مہتاب گسترده ہونا +

چاندنی کو سونپنا - کہ - فعل متعدی (ایک ایشیائی وہمی رسم ہے کہ جب کسی کو زخم پہنچتا یا کسی کی فصد کھلتی یا عورت کے بچہ ہوتا ہے اور اُسے کسی ایسے مقام سے جہاں دھوپ کی طرح چاندنی آجاتی ہے اُٹھانا منظور نہیں ہوتا تو ٹوٹکے کے طریق پر سات پونے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے اور چاندنی کا اثر ہونے کے لئے یہ کہتے ہیں کہ ہمنے اس زخمی کو تیرے سپرد کیا وہ سرا آدمی کہتا ہے میں اس بات کا گواہ ہو گیا وجہ یہ ہے کہ زخم کے حق میں چاندنی مرطوب مزاج ہونے کے باعث مضر ہوتی ہے جس سے زخم دیر میں اندمال پذیر ہوا کرتا ہے +)

چاندنی مارنا - یا - مار جانا - کہ - فعل لازم - چاندنی کا اثر ہو جانا - (کہتے ہیں آدمی یا گھوڑا جب زخمی ہو جاتا ہے یا جل جاتا ہے تو چاندنی سے رگ اور پٹھے اینٹھ کر تشنج ہونے لگتا ہے اور اس تکلیف سے اکثر کوئی جانبر نہیں ہوتا اور نیز چاندنی کے مرطوب اثر سے زخم ہمیشہ ہرا رہتا یا بہت دنوں میں اچھا ہوتا ہے لیکن بعض محققوں سے معلوم ہوا کہ فالج ہو جانے کو بھی کہتے ہیں) ؎

چاندنی مار گئی جو دل زخمی کو رات مکس انداز یہ کس کا دل پر نور ہوا (ممنون)

دل زخمی پہ سمت ہو پرتو افگن روے روشن سے کہیں کو چاندنی مارے وہ جانبر ہو نہیں سکتا (شاہ نصیر)

چاندہ - کہ - اسم مذکر (۱) پیمائش کا وہ خاص مقام جس کے فاصلہ کے وسیلہ سے حدود بندی ہوتی ہے (۲) چھپر کا چاندہ - چھپر کا پاکھا - (۳) ممالک متوسطہ کے ایک شہر کا نام +

چاندی - کہ - اسم مؤنث (۱) روپا - نقرہ - سیم - فضہ - ایک سفید کانی جوہر کا نام جو مزاجاً دوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے اور اکثر اسکا زیور اور

چاؤ

روپیہ بنایا جاتا ہے (۲) مال - دولت - مبلغ - دام - لچھمی - دھن - (۳) کامیابی - گہرے - نفع - فائدہ ؎

بنے اُس بیم تن سے یا بگڑے ہر طرح عاشقوں کی چاندی ہے (نامعلوم)

چاندی خانہ - ا - اسم مذکر - وہ مقام جہاں سُنار لوگ امیروں کے مکان پر جا کر زیور بنایا کرتے ہیں +

چاندی کا پہرا - کہ - اسم مذکر - اقبالمندی کا زمانہ - دولتمندی کا زمانہ - روپا ریل + (ہندوؤں میں جس وقت بچہ پیدا ہو اُس وقت کے نچھتر کا پہلا دوسرا تیسرا جو تھا حصہ دیکھکر جو نشی بتا دیا کرتا ہے کہ یہ بچہ چاندی یا تانبے یا سونے کے پہرے پیدا ہوا ہے پس اول کو سعد اکبر دوم کو متوسط سوم کو نحس چارم کو نحس اکبر خیال کرتے ہیں)

چاندی کا تار - ا - اسم مذکر - عو - حقارتاً زیور نقرہ جیسے اُس کے ہاتھ میں چاندی کا تار تک نہیں -

چاندی کا جوتا - یا - جوتی مارنا - کہ - فعل لازم - کسی شخص پر احسان زر کر کے اُسے سرنگون کرنا - روپیہ کے زور سے شرمندہ کرنا +

چاندی کا ورق - ا - اسم مذکر - (چاندی کا بہت باریک پتر جسے اکثر دوا میں کھاتے اور خوبصورتی کے واسطے خوردنی اشیا پر لگاتے ہیں) +

چاندی کر دینا - کہ - فعل لازم - تمباکو کا جلا کر راکھ کر دینا - ایسا دم لگانا کہ سلفہ جلکر راکھ ہو جائے -

چاندی ہونا - کہ - فعل لازم (۱) جلکر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا - بن آنا - فائدہ ہونا - گہرے ہونا -

چاقُک - کہ - اسم مذکر - (۱) تھاپ - چاک - وہ کاٹ کی تھاپی جسپر جروف کھدے ہوئے ہوتے ہیں اور اُس سے کھلیان پر ٹھپا لگا دیتے ہیں (۲) چھاڑا پھونکی کرنے کے واسطے درد کے چاروں طرف حلقہ کھینچ دینا -

چانگلا - کہ - صفت (۱) تندرست - بھلا چنگا - توانا - طاقتور (۲) تیز - ہوشیار - چالاک (۳) خوش حال - کھاتا پیتا (۴) گھوڑوں کا ایک رنگ +

چانول - یا - چاول - کہ - اسم مذکر - (۱) برنج ایک سفید غلہ کا نام (۲) نیز وہ زیرہ یا گری جو کسی نباتات یا اور غلہ سے نکالا جائے جیسے چرچٹے کے چاول - کنگنی کے چاول - دھنئے کے چاول وغیرہ (۳) رتی کا آٹھواں حصہ +

چاول چبوانا - کہ - فعل متعدی (کسی شخص پر چوری کا احتمال ہو اُسے چاول پر عزیمت پڑھکر چبوانا تاکہ اگر واقع میں چور ہے تو اُسکے منہ سے خون نکل آئے - جہل میں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چاؤ

یہ صرف ایک دھکی ہے جسکے ڈر سے اکثر کچے پھر بچوں کی ہوئی چیز ڈال دیتے ہیں۔)

چاؤ - ا - اِسم مذکر دل ولولہ - خواہش جوش - ارمان (۲) شوق - ذوق - آرزو - تمنا (۳) ناز و نخرہ - لاڈ - چنیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ ہی لائی +

چاؤ چوچلا - ا - اِسم مذکر - عو - ناز و نخرہ - لاڈ پیار -

چاؤ ہونا - ا - فعل متعدی - ارمان نکالنا - حسرت پوری کرنا - اُمنگ پوری کرنا +

چاؤں چاؤں - ا - اِسم مؤنث - عو - (اصل میں فارسی چاؤ سے لیا گیا ہے) چائیں چائیں - کائیں کائیں - شور بیفائدہ +

(چڑیوں کی وہ آواز جو دہشت کے سبب یا انکا بچہ پکڑنے کے وقت واویلا کی بجائے مچلتی ہے) +

چاؤں چاؤں کرکے پیچھے پڑنا - ا - فعل لازم - غل و شور مچا کر درپے ہو جانا +

چاہ - ف - اِسم مذکر - کنواں - کوپ - کوا - خارگڑا - جیسے چاہِ ذقن -

چاہِ بابل - ف - اِسم مذکر - وہ کنواں جسمیں ہاروت و ماروت دو فرشتے قید ہیں کہتے ہیں جادو وہیں سے حاصل ہوتا ہے -

چاہِ رستم - ف - اِسم مذکر - وہ کنواں جسمیں رستم کے بھائی شغاد نے اسکو کرامر فریب سے گرا کر قتل کر دیا تھا اگرچہ رستم کے گھوڑے رخش نے باہر نکلنے کے واسطے بہتیری جست کی مگر نہیں نکل سکا بلکہ اُس کنوئے میں جو بھالے اور برچھے گڑے ہوئے تھے وہ رخش اور رستم دونوں کے جسم میں گھس گئے تھے

چو رستم کہ پایاں روزی بخورد شغاد اندر نہاد بیش بیاورد کرد (سعدی)

چاہِ نخشب - ف - اِسم مذکر - وہ کنواں جسمیں سے حکیم عطا بن مقنع نے سحر و طلسم سے چاند نکالا تھا - نخشب ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے - کہتے ہیں اُس نے یہ کنواں شہر کش کے باہر بنایا تھا اُسمیں سے ہر ایک اندھیری رات میں ایک چاند نکلکر ہوا میں قائم ہو جاتا اور چار فرسنگ تک اپنی روشنی پہنچاتا تھا +

چاہِ یوسف - ف - ع اِسم مذکر وہ کنواں جسمیں حضرت یوسف علیہ السلام کو اُنکے بھائیوں نے ڈال دیا تھا یہ کنواں اب تک نواح شام میں طبریہ کے قریب واقع اور اُسپر ایک گنبد بنا ہوا ہے +

چاہِ ذقن یا زنخدان - ف - ع اِسم مؤنث - ٹھوڑی کا گڑھا +

جان شیریں سے بھرے دل کو تمنا ہے یہی (آتش)
آب شیریں کے عوض چاہ زنخداں تیرا

چاہئے

چاہ - ا - اِسم مؤنث (۱) خواہش - ضرورت - چاہنا - طلب (۲) اشتیاق آرزو (۳) دوستی - محبت - اُلفت - عشق ؎

اِنما توجذب عشق نے بارے کیا — میری طرح سے اُنکو مری چاہ ہو گئی (امیر)

چاہت - ا - اِسم مؤنث خواہش - رغبت - طلب - خواستگاری - دوستی عشق - محبت - پیار - اُلفت +

چاہنا - ا - فعل متعدی (۱) مانگنا - درخواست کرنا - خواہش کرنا - طلب کرنا (۲) پیار کرنا - عشق کرنا - محبت کرنا + دوستی کا خواستگار ہونا (۳) پسند کرنا - قبول کرنا (۴) میل کرنا - مائل ہونا - رغبت کرنا - تمایل کرنا +

چاہنا - ا - اِسم مؤنث - دہندگی خواہش - ضرورت - طلب جیسے جیل سکی چاہنا نہیں ہے +

چاہو - ا - اِستقبام - اگر مرضی میں آئے - تمہارا دل چاہے - خواہ ؎

تمہیں ہے عاشق بیدل سے لینا دل کا کیا مشکل
کہ تم دمباز ہو جس وقت چاہو دیکھے دم لے لو (ظفر)

چاہے - ا - اِستقبام خواہ - خواہی جیسے چاہے یہ لو چاہے وہ لو +

چاہی - ف - اِسم مؤنث - بارانی کے خلاف - کنوئے کی زمین +

چاہے سو ہو - ا - ف - ہر چہ باداباد - کچھ ہی ہو جو ہو سو ہو +

چاہیتا - ا - صفت - لاڈلا - محبوب - وہ شخص جس سے بہت محبت ہو پیارا - دلپسند +

چاہیتی - ا - صفت - پیاری - لاڈلی - دلپسند - عزیزہ -

چاہیئے - ا - حرف (۱) باید - شاید (۲) مناسب - واجب (۳) مطلوب ہے - ضرور ہے (۴) واجب ہے - لازم ہے ؎

عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایکشخص پر فراغ — آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیئے (غالب)

چائے - ف - اِسم مؤنث - ایک قسم کی پتی ہے جسے قہوہ کی طرح جوش دیکر پیتے ہیں عربی (صائے - یا شائے) مزاجاً دوم درجہ میں گرم و تر چائنائی زبان کا لفظ ہے جسکو فرنگستان کی زبانوں میں کسی قدر تغیر کے ساتھ ٹی کہتے ہیں - اس غلطی کی وجہ یہ ہے کہ سرزمین ختا کے بعض اُن پرگنوں کے باشندے جو سمندر کے کنارے پر آباد ہیں غلطی یا دیہاتی پن کے سبب سے چاہ کو ٹا کہتے ہیں - فرنگیوں کی راہ و رسم اول اول انہیں لوگوں سے ہوئی اور اس وجہ سے یہ غلط لفظ اُنکی زبانوں پر بھی چڑھ گیا اور رفتہ رفتہ فرنگستان تک پہنچا اور وہاں اول خاص و عام میں نادر اور پھر کثرت استعمال سے صورت

چاے

بگڑ کر کئی مشہور ہو گیا +

چائے پانی - ا - اسم مذکر - انگریزوں کی طبع کے وقت کی ضیافت - ہلکی ضیافت +

چائے دانی - ا - اسم مؤنث - چائے پانی رکھنے کا برتن - چائے دان +

چائیں چائیں - کا - اسم مؤنث - بیہودہ غل شور - چڑیوں کی آواز - چڑیوں کی طرح چاؤں چاؤں - کائیں کائیں - بکواس +

چبا چبا کر باتیں کرنا - کا - فعل لازم - تکلف باتیں کرنا - بیدرد واہ یا دبدبہ طنز آمیز گفتگو کرنا - ٹھہر ٹھہر کر باتیں کرنا ؎

یوں نہ باتیں چبا چبا کے کرو مہرباں بات ہے بنات نہیں (ناخ)
اک تنگ پان ہی سکا بل خوں کن جان ہے پھبتی میں اسکو باتیں کرنی چبا چبا کر (میر تقی)

چبانا - کا - فعل متعدی - دانتوں میں پیسنا - دانتوں سے کچلنا - جگالنا - پگھرانا - پگھرانا - خائیدن کا ترجمہ +

چبانا - کا - فعل متعدی - چبوانا - کسی نوکدار چیز کو جسم کے اندر گڑوانا +

چبر چبر - کا - اسم مؤنث - بک بک - بکواس +

چبک - کا - اسم مؤنث - تپک - ٹیس - درد - ہول - پیڑ - گھولن +

چبکنا - کا - فعل لازم - ٹیسیں مارنا - ہولیں اٹھنا - زخم کا درد کرنا +

چپلا - کا - صفت - پھوہڑ - سفلہ بے تمیز - طفلانہ باتیں کرنے والا - مسخرا - بلا - نہایت کم عقل اور بے لیاقت آدمی +

چپلا پن - کا - اسم مذکر (۱) پھوہڑ پن - سفلہ پن - طفل مزاجی ؎

عجب کچھ چپلے پنے سے چلے ہے ہنسکر دگانا انی وار جوتا (درگین)

(۲) مسخرا پن - بلا پن +

چبنا - کا - فعل لازم (۱) خلیدہ ہونا - چبھنا - گڑنا (۲) کھٹکنا - خلش ہونا + ناگوار گزرنا (۳) دل کو لگنا - دل پر اثر کرنا +

چبینی ہڈی - کا - اسم مؤنث - گرگری ہڈی - وہ ہڈی جو بھربھری اور پتلی ہو +

چبوانا - کا - فعل متعدی - دیکھو (چبانا) +

چبوترا - کا - اسم مذکر (۱) چوترا - مربع یا مستطیل اونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے اٹھتے ہیں (۲) کوتوالی - بڑا تھانہ +

چبوڑ - کا - اسم مؤنث - (گنوار) بیہودہ بکواس - چبڑ چبڑ +

چبینا - کا - اسم مذکر - بھنا ہوا اناج - چبانے کے قابل اناج +

چبینی - کا - اسم مؤنث - وہ خشک خوراک جیسے بھنی دال - اور

چپ

شکر پارے - رشتہ ائی وغیرہ جو ہندوؤں میں براتیوں کی طرف سے بطور ناشتہ دیجاتی ہے

چپ - ف صفت (۱) بائیں طرف - یمین - الٹے ہاتھ کی طرف - (۲) بایاں - الٹا - کھبا (۳) - ا) دورنگا - آدھا اور رنگ - آدھا اور رنگ - دورنگ کا - جیسے چپ گولی یا کنکوا (۴) - اسم مذکر) بایاں ہاتھ - کھبا ہاتھ +

چپ غلط دینا - ا - فعل لازم - دھڑ میں دائیں بائیں ہو جانا - تاکہ حریف جو تعاقب کرتا ہے عاجز ہو جائے +

چپ وراست - ف - اسم مذکر - دائیں بائیں یہیں ویسا + ادھر اُدھر

چپ - کا - اسم مؤنث (۱) خاموشی - کم گوئی - سکوت جیسے ایک چپ سو کو ہراوے (۲ - صفت) خاموش - ساکت - خموش - گنگ صم - وہ شخص جو منہ سے نہ بولے +

چپ چاپ - کا - تابع فعل - خاموشی سے - خموشی سے - آہستہ سے - چپکے چپکے - چپ چپاتے - چھپے چھپے - چھپواں - خفیہ +

چپ چپ - کا - صفت (۱) دم بستہ - خاموش - نقش دیوار - بت کم گو - چپکا (۲) چپ کرنے کی ایک تاکیدی صورت جیسے خاموش رہ - خاموش رہ - بول مت +

چپ چپاتے - کا - تابع فعل - دیکھو (چپ چاپ)

چپ چھنال - کا - صفت - خفیہ چھنالا کرنے والی - غریب صورت حرامزادہ - چھپا رستم +

چپ سادھنا - کا - فعل لازم - خاموشی اختیار کرنا - گھنی سادھنا +

چپ کرنا - کا - فعل متعدی (۱) خاموش کرنا - بولنے سے روکنا (۲) پنجابی) چپ ہونا - خاموش ہونا +

چپ لگانا - کا - فعل لازم (۱) خاموش رہنا - سکوت اختیار کرنا - گنگ صم ہونا ساکت رہنا (۲) - فعل متعدی : دم بستہ کرنا - بت بنانا - خاموشی لگا دینا - گنگ صم کر دینا ؎

پردے سے اک آواز خوش آئی جسنے یہ چپ ہے مجھکو لگائی (مومن)

چپ ناندھنا - کا - فعل لازم - عو - خاموشی اختیار کرنا - گنگ صم ہونا - ساکت ہونا - دم بند ہونا ؎

نہ تو کچھ بولتے نہ چاہتے ہیں غصہ چپ ناندھ کے نکالتے ہیں (انشا)

چپ ہونا - کا - فعل لازم (۱) خاموش ہونا - دم بند ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا - نہ بول سکنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چپا

چپا - ہ - اسم مذکر (۱) چار انگل جگہ + چار بالشت - چوڑی جگہ - ذرا سی جگہ +

چپا بھر - ہ - تابع فعل - ذرا سی جگہ + ؎

پرے جا کر نئی دنیا سے بھی گرد ڈھونڈو دنیا میں تو خالی خاک آدم سے نہ چپا بھر زمیں نکلے (ذوق)

چپا چپا - ہ - تابع فعل - ذرا ذرا - ادنیٰ ادنیٰ جگہ - کو بکو - کوچہ بکوچہ +

چپاتی - ف - اسم مؤنث - وہ پتلی روٹی جو توا چمچہ کے زور سے بڑھائی اور پکائی جائے کیونکہ چپات فارسی میں بمعنی طمانچہ آیا ہے +

چپاتی ساپیٹ - ہ - اسم مذکر - پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ خواہ فاقہ کشی کے باعث خواہ نزاکت کے سبب +

چپانا - ہ - فعل متعدی - شرمندہ کرنا - شرمانا - شرم دلانا -

چپت - ہ - اسم مذکر - چانٹا (کمر صرف سر پر ماری جاتی ہے)

چپت گاہ - ا - اسم مؤنث (بازاری) گدی چانٹے کی جگہ +

چپت دھرنا - لگانا - مارنا - ہ - فعل متعدی - تھپڑ لگانا - چانٹا جڑنا +

چپٹا - ہ - صفت - چوڑا - پہن - چکلا + بیٹھا ہوا + چوڑے پیندے کا پکا ہوا +

چپت باز - ا - اسم مؤنث - طبق زن - فرج سے فرج لڑانے والی عورت +

چپٹی - ہ - صفت (۱) چوڑی چکلی - بیٹھی ہوئی - پچکی ہوئی جیسے چپٹی ناک (۲) طبق زنی - سحق - مساحقت +

چپٹی لڑنا - یا کھیلنا - ہ - فعل لازم - طبق زنی کرنا - مساحقہ کرنا - فرج سے فرج گھسنا جیسے آؤ پڑوسن چپٹی کھیلیں بیٹھے سے بیگار بھلی +

چپچپانا - ہ - فعل لازم - چپکنا - لیسدار ہونا +

چپچپاہٹ - ہ - اسم مؤنث - لیس - لزوجت - چیپ +

چپڑا - ہ - صفت (۱) گنوار - اگھڑ - لکھ جانے والا - انکار کر جانے والا - (۲) خواہ مخواہ - دھینگا دھینگی سے بدوستی سے جیسے دیکھا بھالا تو چپڑا چپڑا سیدھے

چپڑاس - ف - اسم مؤنث (۱) ایک سپاہی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا کھدا ہوا لگایا جاتا ہے (اصل میں چپ و راس تھا یعنی وہ لوگ جو امیروں کے دائیں بائیں چلتے ہیں اور انکے گلے میں پٹکا پڑا ہوا ہوتا ہے (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے +

چپڑاسی - ا - اسم مذکر - ہرکارہ - سپاہی - پیادہ - قاصد - وہ شخص جس کے چپراس پڑی ہوئی ہو +

چپڑانا - ہ - فعل متعدی (گنوار) جھٹلانا - چندرانا - جھوٹا بنانا - جھوٹا کرنا +

چپڑنا - ہ - فعل لازم (گنوار) چلا جانا - بھاگ جانا - رفو چکر ہو جانا - کھسیانہ ہو جانا

چپک

پوشیدہ ہو جانا +

چپڑا - ہ - اسم مؤنث - صاف کی ہوئی لاکھ - لک - عمدہ لاکھ + لک مغسول +

چپڑاٹا - ہ - اسم مذکر - چندھا - پلک پیٹا - بل کی بیماری والا +

چپڑ چپڑ - ہ - اسم مؤنث - کتے کی طرح کھانے یا پینے کی آواز - وہ آواز جو کتے کے پانی پینے میں نکلتی ہے جیسے چپڑ چپڑ چاٹنا +

چپڑخندی - ا - اسم مؤنث - ہرزہ گرد اور بازاری عورت - سفلی عورت +

چپڑغٹو - ا - صفت (بازاری) اسیر بلا و گرفتار آفت (۲) غنڈ پٹ - گھسا گھسایا +

چپڑقناتیا - ا - اسم مذکر - صفت - کمینہ - سفلہ - بیہودہ + بے ندیشنی - عاشق بے زر +

چپڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) چرب کرنا - گھی لگانا - چکنانا (۲) پالش کرنا - روغن کرنا (۳) عیب پوشی کرنا - عیب کو لیپنا (۴) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا -

چپڑی - ہ - صفت (۱) چربیدہ - گھی لگائی ہوئی - مرغن (۲) وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہو +

چپڑی اور دو دو - ا - محاورہ - اچھی بھی اور بہت سی - عمدہ اور بہتر دو - کامیابی اور پھر عمدگی کے ساتھ +

چپقلش - ت - اسم مؤنث (۱) لڑائی جھگڑا - ٹنٹا - تکرار - راڑ - ردوبدل قضیہ (۲) بکبک (۳) جگہ کی تنگی - انبوہ - بھیڑ بھاڑ +

چپکا - ہ - صفت (۱) خاموش - چپ - ساکت + انبول - گنگ صم (۲) مکار - فریبی +

چپکانا - ہ - فعل متعدی - لیئی سے جوڑنا - چسپیدہ کرنا - چٹانا - چسپاں کرنا (۲) نوکری سے لگانا - کسی کام میں اٹکا دینا - تعلق پیدا کر دینا +

چپکن - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی قبا - خدمتگاروں کا سا سینہ کشادہ بالا بر کا انگرکھا +

چپکنا - ہ - فعل لازم (۱) جڑنا - لسنا - چسپیدہ ہونا - چپٹنا - چمٹنا - چسپاں ہونا (۲) اُلجھنا - پھنسنا - آنکھ لگنا - اٹکنا - عورت کا مرد سے یا مرد کا عورت سے تعلق پیدا ہونا (۳) روزگار سے لگنا - نوکر ہونا +

چپکی - ہ - اسم مؤنث - خاموشی - سکوت - گمتی +

چپکی سادھنا - ہ - فعل لازم - خاموشی اختیار کرنا - چپ ناند صنا - گمتی سادھنا +

چپکی لگ جانا - ہ - فعل لازم - زبان بند ہو جانا - عالم خاموشی کا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چپین

طاری ہو جانا - پَیپ لگ جانا + ؎

لگ گئی چپکی سی کیوں مجکو غضنفر یک بیک اٹھکے چپکے سے کوئی کیا اپنے گھر جانے لگا (غضنفر)

چپنا - ک - فعلِ لازم (۱) شرمندہ ہونا - خجل ہونا - اپنے عیب سے شرمانا جھینپنا - کھسیانا - نیچا دیکھنا (۲) خاموش ہونا چُپ ہونا (۳) پامال ہونا برباد ہونا + (فصیح نہیں ہوتے) +

چپنی - ک - اسم مؤنث (۱) ہانڈی کا گلی سرپوش - ڈھکنی - ڈھکن (۲) گھنے کی ہڈی - کاسۂ زانو (آئینۂ زانو فارسی میں لکھتے ہیں) +

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا - ک - فعلِ لازم (۱) کمال منفعل اور شرمندہ ہونا (میر نافع سودا در تعریف چاہ، مومن خاں) ؎

بھتنے روے زمین پہ تھے کوئے چپنی بھر پانی لیکے ڈوب موئے (سودا)

(۲) انتہائی غیرت اور شرم دلانے کے واسطے بولتے ہیں جس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ اگر گھنوں نہیں ملتا تو چپنی بھر پانی ہی میں ڈوب مرو +

چپنی چاٹ کر گزران کرنا - ا - فعلِ لازم قناعت اور صبر سے گذارا کرنا - جو میسر آئے اُسی میں کام نکالنا - کفایت کر لینا +

بچے کھچے میں چاٹ کر چپنی کرو گزران یارو تم اپنی (سودا)

چپنو - ہ (سم مذکر - ناؤ چلانے کی ڈانڈ (پنجاب) ؎

چپنوئی - ا - اسم مؤنث - عوام چھوٹی سی ٹوپی ٹپو - پرانی ٹوپی - ادنیٰ ٹوپی گھسٹ کی ٹوپی جسے پاؤں میں جوتی نہ سر پہ چپنوٹی +

چپنی - ہ - اسم مؤنث (پورب) خاموشی +

چپی - ک - اسم مؤنث - نشست مال - آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا -

چپی کرنا - ک - فعلِ متعدی - دبانا - مالش کرنا - نشست مال کرنا + ؎

اُنکی خدمت میں تب اہل گذارتی ہے چپی لڑے کبھی مٹھے کبھی پنکھا کھینچا (بحر)

چپیٹ - ک - اسم مؤنث (عوام) (۱) پوٹ طرب - دھکا - تھپڑ - ڈھول صدمہ - زد - (۲) ہلاے ناگہانی - آفت ناگہانی (۳) ٹوٹا - نقصان +

چپیڑنا - ک - فعلِ متعدی (۱) چپکانا - چمٹانا - چپٹانا (۲) سر کرنا - سر منڈھنا - سر ڈالنا گلے ڈالنا (۳) روزگار سے لگا دینا - باوجود عدم لیاقت نوکر کرا دینا -

چپٹ - ک - صفت پٹ کا نقیض - پشت کے بل - اوندھے کے خلاف - سینہ کے بل +

چپٹ پٹ - ک - اسم مؤنث (ایک قسم کی شرط جس میں کسی چیز کے چپٹ یا پٹ یعنی اونچی یا سیدھی گرنے پر بازی لگائی جاتی اور ہار جیت ہوتی ہے مثلاً کوڑی یا جوتی کو اچھال کر شرط

چپٹا

لگانا) ۲ - کشتی کا کھیل +

چپٹ گرنا - ک - فعلِ متعدی (۱) پچھاڑنا - پیٹھ کے بل گرانا (۲) جیت بازی لینا - ہرانا +

چپٹ لیٹنا - ک - فعلِ لازم - پیٹھ کے بل پڑنا +

چپٹ ہونا - ک - فعلِ لازم (۱) پچھڑنا - پشت کے بل پڑنا لیٹ جانا مر جانا - جان سے جاتا رہنا (۳) نشہ میں بیہوش ہو جانا +

چپٹ - ک - اسم مؤنث (۱) نظر چپٹون (۲) خیال - دھیان - توجہ (۳) دل ہردہ - ہیاں - من - جی (۴) بدھ - سمجھ - عقل - کیاست - ہوش - سُرت - گیان تمیز - شعور - ادراک - ذہن - حافظہ - قوتِ محرکہ - یاد داشت - یاد +

چپٹ بٹانا - ک - فعلِ متعدی - خیال بٹانا - دھیان بٹانا - توجہ بٹانا دل ڈانواں ڈول کرنا -

چپٹ بھنگ ہونا - ک - فعلِ لازم - اوسان گم ہونا عقل کا جاتا رہنا - سٹ پٹا جانا +

چپٹ پر چڑھنا - ک - فعلِ لازم - دھیان پر چڑھنا - تصور میں جمنا خیال میں آنا - ذہن نشین ہونا - نظر پر چڑھنا - دل میں کھبنا ؎

یہ کون تیرے چپٹ پر چڑھا ہے بتا مجھے جرأت کچھ ان دنوں ترا منہ سا اُتر گیا (جرأت)

چپٹ چڑھنا - ک - فعلِ لازم - دھیان میں آنا - تصور میں آنا خیال میں آنا - دل میں بیٹھنا - ؎

کیا لعل لب کسی کے اے میر چپٹ چڑھے ہیں (میر)
چہرے پہ تیرے ہر دم بہتا رہے ہے خونناب

چپٹ چور - ک - اسم مذکر - دلربا - من موہن +

چپٹ دھرنا - ک - فعلِ لازم - خیال کرنا - توجہ دینا - دھیان کرنا - یاد رکھنا - خیال رکھنا +

چپٹ سے اُترنا - ک - فعلِ لازم (۱) دھیان سے اُترنا خیال سے جاتا رہنا - یاد نہ رہنا (۲) دل سے اُترنا - دل سے گرنا - بیقدر اور بیوقعت ہونا - نظروں میں حقیر ہونا +

چپٹ میں بیٹھنا - ک - فعلِ متعدی - دل میں بیٹھنا - گھٹ میں بیٹھنا - نظروں پر چڑھنا - تصور میں جمنا - خاطر میں آجانا +

چپٹا - ک - اسم مؤنث - (ہندی) وہ لکڑیوں کا ڈھیر جو لاش کے نیچے اُوپر اور چاروں طرف چنا گیا ہو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چتا

چتا پیٹ - ا - اسم مذکر - (ہندو) چاول اور دودھ کا پنڈ جسے توشۂ عافیت خیال کر کے تیجے کے روز دریا میں بہاتے ہیں - نیز جو کے آٹے کا پنڈ جو ارتھی پر رکھے ہوئے لاتے اور دریا برد کر دیتے ہیں -

چتا چُتا - ا - فعل لازم - مُردہ جلانے کے واسطے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا +

چتا میں بیٹھنا - ا - فعل لازم - ستی ہونے کے واسطے لکڑیوں کے ڈھیر میں جلنے کو بیٹھنا +

چتانا - ا - فعل متعدی - (ہندو) جتانا - ہوشیار کرنا - اشارہ کرنا - چیتر لانا +

چتر - ا - اسم مذکر (۱) چھاتا - چھتری + ؎

(۱) اے دور فلک نانۂ جہاں آباد چتر بخشا سر محمود کو انگڑائی کا (اسیر)

(۲) سر کے چھوٹے چھوٹے بال +

چتر یا چترا - ا - صفت - دیکھو (چاتر)

چترائی - ا - اسم مؤنث - تیزی - چالاکی - عیاری - حیلہ بازی - ہوشیاری - دانائی - چابکدستی - ہنرمندی - خوش اسلوبی - گیت ؎

دیکھو دیکھو رے بلم چترائی ہمارا ادھی میں تین سودے کرائیں رے

چترنگ - ا - اسم مذکر (۱) وہ فوج جس میں ناتھی گھوڑے رتھ اور سوار پیادے شامل ہوں چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج کا قدیمی ہندی نام - (۳) ایک قسم کا گیت +

چتکبرا - ا - صفت - ابلق - کبڑا - سفید اور کالے رنگ کا - داغدار - چتلا +

چتلا - ا - صفت - داغدار - دھبے دار - کالا اور سفید رنگ کا +

چتون - ا - اسم مؤنث - نظر - تیوری - نگاہ - درشت - ؎

ہمیں یہ نہ تھی تمنّے چشم اُمید کہ وہ دن میں چتون بدلجائیگی (رند)

چتون چڑھانا - ا - فعل متعدی - تیوری چڑھانا چشم قہر آلود سے دیکھنا غضب کی نظر ڈالنا + ؎

جانبیٹھے ہم امن تت بیباک کے نزدیک گر دور سے وہ دیکھ کے چتون نہ چڑھاتا (جرأت)

چتون کہے دیتی ہے - ا - محاورہ - یعنی طرز نظر اور انداز نگاہ سے ظاہر ہے حاجت تقریر نہیں - ؎

چتون کہے دیتی ہے مفصل خبر چشم تو نے نگہ فاش نہ پردہ در چشم (انشا)

چتھا - ا - اسم مذکر - زخمی اور پٹا ہوا بٹیر جسے دوسرے بٹیر نے جارح کیا ہو +

چتھاڑنا - ا - فعل متعدی - (عوام) پھاڑنا - چیرنا - چیتھڑے چیتھڑے کرنا - دھجی دھجی کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - خبر لینا - پرزے اُڑنا - ٹھیک بنانا

چٹ

ذلیل و رسوا کرنا +

چٹھڑا یا چیتھڑا - ا - اسم مذکر - پرانے کپڑے کا ٹکڑا - گودڑ - دھجی - لیرا - لوگرا - لیر +

چتھڑے لگانا - ا - فعل متعدی - پیوند پر پیوند لگانا - پھٹے کپڑے پہنے پھرنا - گودڑیا فقیر بنا پھرنا - زدہ حال رہنا +

چٹکلہ - ا - صفت (بگڑات تلفظ) ٹھٹھے باز - ٹھٹولیا - ظریف - خوش مسخرہ + مثال دیکھو لفظ چھل بل میں قطعۂ رنگین -

چٹکل بازی - ا - اسم مؤنث - ٹھٹھے بازی - ہنسی - مزاح - بیہودہ ہنسی - مسخرہ ؎

زہر لگتی ہے مجھے یہ تری چٹکل بازی یاں ترے آنے سے اے جی تجھے پہچان گئی (رنگین)

چٹکل بنا دکھانا - ا - فعل متعدی - مزا خاکچھ کہنا ہنسی اُڑانا ٹھٹا اُڑانا - ٹھٹھے میں اُڑانا - مُنہ آنا - آوازہ کسنا - آوازہ توازہ پھینکنا +

کبھی دیکھے چٹکل پنے دکھاتی ہے کبھی جا مجھے کہتی ہی کیوں آنکھ میں مینہ در رنگین

چٹنی - ا - اسم مؤنث - بُندکی - دھتیا - ذائع +

چٹنی پڑنا - ا - فعل لازم - روٹی کا سکنا - روٹی پر پک جانے کی علامت کا ظاہر ہونا - سُرخ نشان پڑنا - لال لال بُندکیاں پڑ جانا +

چٹنی دار - ا - صفت - داغدار +

چٹ - ا - تابع فعل (۱) فوراً - اُسی وقت - تُرت - اُسی دم - اُسی گھڑی ؛ ؎ جیسے چٹ منگنی پٹ بیاہ - چٹ روٹی پٹ دال (۲) نرم آتشک - وہ نشان جو آتشک سے جسم پر پڑ جاتے ہیں + رگڑ (۳) کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے کی آواز جیسے چوڑی چٹ سے ٹوٹ گئی +

چٹ پٹ - ا - صفت (۱) فی الفور - بہ زجلد - تُرت - متاد (۲) یکایک - یک بیک - ناگاہ - دفعتہً +

چٹ پٹ ہونا - ا - فعل لازم - عو - جلدی سے مرجانا - ناگہانی موت ہو جانا جیسے دم بھر میں بچہ چٹ پٹ ہو گیا +

چٹ چٹ - ا - تابع فعل - انگلیوں کے چٹخنے یا اسپند یعنی کالے دانے وغیرہ کے جلنے کی آواز ؎

تری بلائیں مری طرح یہ بھی لیتا ہے نہ کیونکر آگ میں اسپند کی یہ چٹ چٹ ہو (ناسخ)

چٹ چٹ بلائیں لینا - ا - فعل متعدی - عو - دونوں ہاتھوں سے اس طرح بلا گرداں ہونا کہ انگلیوں میں سے چٹخنے کی متواتر آواز نکلے جسے کمال

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چٹ

محبت کی علامت خیال کیا جاتا ہے) ۵

تو ساتوں پریوں کا بیگانہ، لاڈلا بھائی کہ تیری لیتی ہیں چٹ چٹ بلائیں (نظیر، رنگین)

چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا - ک - فعلِ لازم - متواتر آوازوں کے ساتھ چوڑیوں کا ٹوٹنا - پے در پے چوڑیاں ٹوٹنا +

چٹ - ا - اسمِ مؤنث - کپڑے یا کاغذ کی دبھی - کاغذ کا پرچہ - چٹھی جو کتابوں یا ادویات کے شیشوں وغیرہ پر نام لکھکر لگائی جاتی ہے + جامہ وغیرہ کا طولانی کپڑا جو بہت کم چوڑا ہوتا ہے -

چٹا - ک - صفت (۱) سفید - اُجلا - دھولا - گورا - صبیح - برف کی مانند (۲ - اسمِ مذکر) روپیہ - چاندی کا سکّہ +

چٹّا - ا - اسمِ مذکر (ہندو) چیلا - شاگرد - گرگا - پاٹ شالا کا طالب علم (بضم جیم فارسی جوڑا - بڑی چوٹی سر پر بندھی ہوئی)

چٹا بٹّی - ک - اسمِ مؤنث (۱) بھرتا پھرتی - مارا مار - دھڑا دھڑی (کثرت کے واسطے بولتے ہیں) ۲ - مرگِ عام - وبا - موت پر موت +

چٹا چٹ - ک - اسمِ مؤنث (۱) پے در پے اُنگلیوں کے چٹخنے کی آواز چٹ چٹ (۲ - تابع فعل) متواتر - پے در پے - لگاتار مارنے کی آواز جیسے چٹا چٹ مارا +

چٹا چٹ بلائیں لینا - ک - فعلِ متعدی - دیکھو چٹ چٹ بلائیں لینا +

چٹاخ - یا **چٹاک** - ا - اسمِ مؤنث - چانٹے یا لکڑی کے ٹوٹنے یا اُنگلی کے چٹخنے کی آواز +

چٹاخ پٹاخ - ا - تابع فعل - تڑاق پڑاق - تڑاتڑ +

چٹاخا - یا **چٹاکا** - ا - اسمِ مذکر (۱) وہ آواز جو نرم لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے ظاہر ہو (۲ - صفت) شدت کثرت جیسے چٹاخے کی گرمی چٹاخے کی پیاس وغیرہ

چٹان - ک - اسمِ مؤنث (۱) بڑی سِل - بڑا اور چوڑا پتھر - خارا سنگ - صخرہ - (۲) پتھریلی زمین +

چٹانا - ک - فعلِ متعدی (۱) چاٹنے کا متعدی - لیسانیدن کا ترجمہ + بچے یا بیمار کو شہد وغیرہ ذرا ذرا کرکے کھلانا (۲) رشوت دینا - گھوس دینا جیسے جو چٹائے گا سو ہی جیت کر آئے گا +

چٹائی - ک - اسمِ مؤنث (پورب) بوریا صف - حصیر - گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش +

چٹ پٹ - ک - اسمِ مؤنث - عو - خرچ متفرق - چھوٹی چھوٹی چیزوں کا

چٹنا

خرچ - متفرقات +

چٹ پٹا - ک - صفت - خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا مزیدار چٹکیلا +

چٹخارا - ا - اسمِ مذکر - وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزا لینے سے نکلتی ہے -

چٹخارے بھرنا - ک - فعلِ لازم - عو - کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینا - زبان چاٹنا - ہونٹ چاٹنا - خوب مزے لینا -

چٹخارے کا بھرتا - ا - اسمِ مذکر - تیز نمک مرچ کا بھرتا چٹ پٹا بھرتا +

چٹخارے کا سالن - ا - اسمِ مذکر - مزیدار سالن - خوب نمک مرچ پڑا ہوا سالن - چٹ پٹا سالن +

مجھے بھاتا ہے چٹخارے کا سالن یا لبتہ چٹوری ہوں زبان کی (رنگین)

چٹخانا - یا **چٹکانا** - ک - فعلِ متعدی (۱) اُنگلیوں کی یا اور کسی چیز کی آواز نکالنا (۲) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر اچٹانا جیسے گیند چٹخانا (۳) الگ کرنا - جُدا کرنا - رفو چکر بنانا + چھوڑنا - القط کرنا - ترک کرنا - جیسے نوکری چٹخا دی +

چٹخنا - ک - فعلِ لازم - سخت چیز پر گر کر اُچٹنا + آگ پر کسی چیز کا جلکر آواز دینا - کڑکنا - آزردہ ہونا - خفا ہونا - تڑقنا - بگڑنا - علیحدگی اختیار کرنا - چلدینا + پھول کھلنا - کلی کھلنا +

چٹخنی بات کرنا - یا - **بولنا** - ک - فعلِ لازم - عو - تڑ تڑ کر بولنا - بگڑ کر بات کرنا - خفا ہو کر بولنا +

چٹخنا - ا - اسمِ مذکر - چانٹا - دھپا - تھپڑ - دھول (لگانا یا لگانا کیسا تھ آنا)

چٹک - ک - اسمِ مؤنث (۱) ٹوٹنے کی آواز چٹ (۲) پھرتی - جلدی - تیزی (۳) چمک - دمک - بھڑک - آرایش +

چٹک جانا - ک - فعلِ لازم - تڑخ جانا - ٹوٹ جانا +

چٹک مٹک - ک - اسمِ مؤنث - لمطراق - کروفر - شان و شوکت - بھڑک - تمکنت - تکلف - بناوٹ - غرور - نخوت - ناز و نخرہ +

چٹک مٹک سے بیٹھنا - ک - فعلِ لازم - عو - بن سنور کے بیٹھنا - ناز و انداز سے بیٹھنا +

چٹک مٹک سے چلنا - ک - فعلِ لازم - اِتراکر چلنا - ناز و انداز سے چلنا +

چٹاکا - ک - اسمِ مذکر - دیکھو (چٹاخا) +

۵ ترتیب سے گنی ہوئی لکڑیوں یا اینٹوں کا ڈھیر جو اکثر سائل کے ہاتھ مزدور سے لگایا جاتا ہے -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چٹکا

چٹکا - ہ - اسم مذکر - (لکھنؤ) چاٹ - مزا - وہ ذائقہ جسکا زبان کو مزا پڑا ہو چٹخارا +
علاج ہی نہیں کچھ تیرے نام کی رٹ کا چھڑائے سے نہیں چھٹتا زبان کا چسکا (آتش)

چٹکا - ہ - اسم مذکر (۱) لپ بھر اٹھا - لپ بھر کے (۲) چٹکی +

چٹکارا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (چٹخارا) +

چٹکانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (چٹانا) +

چٹ کر جانا - ہ - فعل لازم کھا جانا - اُڑا جانا - نگلجانا +

چٹ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھانا - اُڑانا - نگلنا (۲) تباہ و برباد کرنا +
ہوا داغوں سے ہے ضرر مرا کیا چٹ سب عشق نے گھر مرا (مصطفر)
کیا کھا کے لخت جگر مرا یہ کباب کیا مزیدار تھا

چٹکلا - ہ - اسم مذکر (۱) لطیفہ - دلچسپ فقرہ - سخن مختصر و پُر تکلف و مزہ دار (۲) لٹکا - چھوٹی سی پُر تاثیر دوا - طلسم حیرت (۳) نادر - بدیع - عجیب چیز +

چٹکلا چھوڑنا - ہ - فعل لازم شگوفہ چھوڑنا - عجیب بات بیان کرنا - طلسم دکھانا - نئی بات بیان کرنا +

چٹکلا سا - ہ - صفت - دلچسپ - دلپسند +

چٹکنا - ہ - فعل لازم (۱) سانپ کا کاٹنا - ڈسنا - چٹکی بھرنا (۲) اوپر اوپر سے توڑنا - ساگ یا پھول توڑنا +

چٹکنا - ہ - فعل لازم (دیکھو چٹخنا) ۱ - ٹوٹنا - تڑقنا - پھٹنا - بگڑنا - خفا ہونا - جھنجلانا -
چٹک کر بولتے ہیں جسے غنچے بھی گستاں میں لبِ خاموش تک ہے اہلِ باتیں ناتے ہیں
(۳) کالے دانے یا کوئیلہ کا آگ پر آواز دینا +
کیا دل میں نے شکوہ کیا ہو فراق میں چٹکا کبھی نہ آگ سے دانہ سپند کا (بحر)
(۴) انگلیوں کا بلائیں لیتے وقت یا موڑتے اور خمیدہ کرتے وقت آواز دینا
(۵) غنچہ کا کھلنا - کلی کا کھلنا و شگفتہ ہونا -
انگلیاں تیری جو چٹکیں کبھی آئے شکِ چمن ہمکو غنچوں کے چٹکنے کی صدائیں آئیں

چٹکنی - ہ - اسم مؤنث - دروازے کے روکنے کی چیز + وہ کل جو چھڑے میں پرند پکڑنے کے واسطے لگاتے ہیں +

چٹکی - ہ - اسم مؤنث (۱) دو انگلیوں سے پکڑ کر گوشت سلنے کو چٹکی کہتے ہیں - بگڑنا (۲) مٹھی بھر آٹا - مٹھی بھر چیز - چٹکا (۱) گوکھرو - گوٹے اور لچکے کو موڑ کر جو کنگورے دار بناتے ہیں اُسے چٹکی کہتے ہیں اور کبھی چٹکی کشتی نما بھی

چٹک

ہوتی ہے جسے کشتی کی چٹکی کہتے ہیں (۴) بندوق کے پیالہ کا سرپوش (۵) کٹار دار گلبدن و شروع (۶) پاؤں کا ایک زیور جو انگلیوں میں پہنا جاتا ہے اور وہ اصل میں چوڑے چوڑے چھلے ہوتے ہیں بلکہ ۱ - تو ہاتھوں کی چٹکیاں بھی بننے لگی ہیں (۷) دوسیر غلہ جو بطور رواج ہندو میں کرکین وغیرہ کو دیا جاتا ہے (۸) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۹) انگشت نہ کو انگشت وسطی کے ساتھ بلا کر آواز نکالنا +

چٹکی بجاتے میں - ہ - تابع فعل - ذرا سی دیر میں - طرفۃ العین میں آن کی آن میں - پلک مارتے میں جیسے چٹکی بجاتے میں ساری ثروت خاک میں مل گئی +

چٹکی بجانا - ہ - فعل لازم (۱) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے بلا کر آواز نکالنا - فارسی میں فترک و انگشتک زدن کہتے ہیں (۲) ہندوؤں میں ایک رسم ہے کہ جس وقت جائی آتی ہے تو نوڑ چٹکیاں بجاتے ہیں - ؎
لی جائی اُس پری نے جب باغ میں چٹکیاں مجھے بجاتے لگے سب باغ میں (جرأت)

چٹکی بھرنا - ہ - فعل متعدی (۱) دو انگلیوں سے گوشت پکڑ کر سلنا (۲) داغ میں کاٹنا - چبھتی ہوئی بات کہنا +

چٹکی لگانا - ہ - فعل متعدی (دیکھو چٹکانا) ۱ - کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا - بنا کپڑا ٹھان سے اُتارنا (۲) جیب کترنا - کیسہ بُری کرنا - بہ صفائی سے جیب کاٹنا (۳) ڈونا بنانا - پتے کو موڑ کر اُس میں انگلی سے بندش لگانا - پتے کا پیالہ بنانا +

چٹکی لینا - ہ - فعل متعدی (۱) دیکھو (چٹکی بھرنا)
لے لی کس زور سے مرے چٹکی پڑے اس اختلاط پر چٹکی + (شوق)
(۲) آنا - پہنچانا - چبھتی ہوئی بات کہنا - داغ میں کاٹنا (۳) کسی بات کو پوشیدہ منع کرنا چٹکی کے اشارے سے کسی بات کو روکنا +
میں نالہ کرتے کرتے قیامت میں کہا چٹکی وہ لی کسی نے دلِ دادخواہ میں (داغ)

چٹکیوں میں اُڑانا - ہ - فعل لازم - خاطر میں نہ لانا - ہنسی میں اُڑانا - باتوں میں اُڑانا - ٹھٹھے میں اُڑانا + ذلیل و خوار کرنا +
تالیاں بجتی ہیں باتوں میں چٹکی بجے چٹکیوں میں وہی اغیار اُڑاتے ہیں مجھے (انیس)
مجھے گلشن میں آتے دیکھ وہ غنچہ دہن بولا ذرا آگے دوا اسکو چٹکیوں میں کیا اُڑاتا ہوں (داغ)
جگر کے آبلے جو پھوٹتے ہو حضرتِ خوش ہماری چٹکیوں میں ہنکو تم اُڑاتے ہو (ذوق)

چٹکیوں میں کام کرنا - ہ - فعل لازم - اٹکا خانا میں کام کرنا - بہت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چٹک

جلدی کوئی کام کرنا +

چٹکیوں میں کام ہونا - ہ - فعلِ لازم - بہت جلد کام ہونا - طرفۃ العین میں کام ہونا +

چٹکیلا - ہ صفت (۱) بھڑک دار - چمک دار - بھڑکیلا - شوخ رنگ (۲) خوش فائقہ - چٹ پٹا - خوب نمک مرچ پڑا ہوا +

چٹکیلی دھوپ - ہ - اسمِ مؤنث - گرم اور تیز دھوپ - چلچلاتی دھوپ + کب تلک ابر کے پردے سے رہے سیلی دھوپ یا الٰہی نکل آوے کہیں چٹکیلی دھوپ (انشا)

چٹلا - ہ - اسمِ مذکر (ہندو وغیرہ) ۱ - سونے یا چاندی کا گچھا سا جو چوٹی کے پیچھے ہندو عورتیں لگا لیتی ہیں جیسے چوٹ - چونک پنجاب میں کہتے ہیں - (۲) وہ بڑے بنے ہوئے بالوں کا پٹا جو سر میں لگا لیتے ہیں +

چٹنی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) چاٹنے کے قابل چیز - چٹنی لعوق (۲) وہ کھٹی چیز جس میں ہرا دھنیا پودینہ نمک مرچ وغیرہ ڈالکر پیس لیتے ہیں - سرکہ کی چٹنی بھی کہلاتی ہے جیسے دسترخوان پر چٹنی پلنگ پر نٹنی -

چٹنی کرنا - یا - **کر ڈالنا** - ہ - فعلِ متعدی - چٹنی کی طرح چاٹ لینا - جھٹ پٹ کھا ڈالنا + جلدی سے مار ڈالنا +

چٹنی ہونا - ہ - فعلِ لازم - جلدی ختم ہو جانا - جلدی سے کھا جانا + کھانے کا ناکافی ہونا +

چٹوانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) چاٹنے کا متعدی (۲) سان دھوانا - دھار نکلوانا - باڑھ رکھوانا - اسمیں تلوار ہو یا گھر پا وغیرہ +

چٹورا - ہ - صفت - وہ شخص جسے زبان کا مزا ہو - کھاؤ - اڑاؤ - چاٹو چٹو + زہے انصاف تجکو بدمعاش احباب کہتے ہیں لٹو اپنا پیو نہیں تو گنوا جاؤں چٹوروں میں (بحر)

چٹورا پن - یا - **چٹوڑ پن** - ہ - اسمِ مذکر - زبان کا مزہ - اڑاؤ پن - چٹوروں کی سی عادت +

چٹھا - ہ - اسمِ مذکر - وہ داغ جو بدن کی جلد پر خون کے اختراق و جوش سے نمایاں ہو +

چٹھا پڑنا - ہ - فعلِ لازم - خون کے بگاڑ سے سرخ یا سیاہ دھبا پڑنا +

چٹھا - ہ - اسمِ مذکر (۱) چندے یا روزنامچے کی کتاب فرد (۲) تنخواہ کی کتاب فہرستِ تنخواہ - قبض الوصول (۳) وہ روپیہ جو روزمرہ یا ماہ بماہ کسی کام کی اجرت یا تنخواہ میں تقسیم کیا جائے (۴) حساب جمع خرچ لین دین کی کتاب +

چٹھا بانٹنا - ہ - فعلِ متعدی - تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا +

چٹھی

چٹھا باندھنا - ہ - فعلِ متعدی - بل بنانا - فرد تیار کرنا - فہرست درست کرنا - جمع خرچ کی فہرست تیار کرنا لین دین اور موجودہ اسباب کی فرد بنانا -

چٹھا بٹنا - ہ - فعلِ لازم - تنخواہ یا مزدوری تقسیم ہونا +

چٹھی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) خط - پتری - مراسلہ - رقعہ شقہ (۲) سرٹیفکیٹ - سند - کارگزاری ویلکنامی کا پرچہ (۳) چٹ - وہ کاغذ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر یادداشت کے واسطے لکھکر لگا دیتے ہیں - تھان وغیرہ کے اوپر کا وہ خوشنما کاغذ جس میں کارخانے کا نام وغیرہ ہوتا ہے (۴) ہنڈوی کاغذ زر - چک +

چٹھی پڑنا - یا - **ڈلنا** - ہ - فعلِ لازم - کسی چیز پر قیمت لگا کر قرعہ پڑنا - لاٹری پڑنا +

چٹھی ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی - لاٹری ڈالنا - لاٹری میں شریک ہونا - قرعہ بازی میں چندہ دینا +

چٹھی رساں - ا - اسمِ مذکر - ڈاکیا - پیوں - قاصد - خط پہنچانے والا - پیک - ہرکارہ +

چٹھی کرنا - ہ - فعلِ متعدی - کسی کے نام پر ہنڈی کرنا - ہنڈی لکھنا - کسی کے نام پروانہ کر دینا +

حوریں مجھے کیونکر نہ لیں حکم ہے جبریل نے کر دی مری رضوان پہ چٹھی (انشا)

چٹھی نویس - ا - (۱) اسمِ مذکر - چٹھی لکھنے والا - کسی چیز کے منگانے کی چٹھی کرنے والا (۲) اسمِ مؤنث) وہ لکھنے والی عورت جو امیروں کے محل میں نوکر ہوتی ہے - چنانچہ دہلی میں جو رائے بہادر لالہ رام کشن داس کے باغ میں ایک عالیشان عمارت ہے اُسکا نام بھی چٹھی نویسی اسیوجہ سے ہے -

چٹخارے مٹھوں کا مزا پڑنا - ہ - فعلِ متعدی - عو - زبان کا مزا پڑنا - دونوں کی چاٹ لگنا - کھٹے میٹھے کا مزا پڑنا +

چٹی - ہ - اسمِ مؤنث - عو - (۱) دھونس - کرہ - ڈنڈ - ٹیکس - جرمانہ - تاوان (۲) نقصان - ضرر - ٹوٹا - خسارہ (۳) خرچ - صرف - اٹھاؤ +

چٹی بھرنا - ہ - فعلِ لازم - عو - (۱) تاوان دینا - ڈنڈ بھگتنا (۲) نقصان اٹھانا - ضرر اٹھانا جرمانہ دینا +

چٹی دھرنا - ہ - فعلِ لازم - ڈنڈ ڈالنا - تاوان بھرنا +

چٹی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) لال کی مادین - مادہ لال - منیا (۲) گوری + دھولی سفید (اطلاعی میں جنی صحیح ہے) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چٹی

چٹیا - ا - اسم مؤنث - عو (۱) چوٹی کی تصغیر بالتحقیر - چوٹڈا (۲) وہ چند بال جو بچے کے سر پر منت مان کر جاہل مسلمان اور عام ہندو رکھتے ہیں +

چٹیانا - ف - فعل متعدی - زخم دینا - کاٹنا - ڈسنا - زخمی کرنا - گھائل کرنا - کچلنا + گھر سے باہر جو وہ قاتل کبھی آجاتا ہے وہیں دو چار کو چٹیا کے چلا جاتا ہے (معروف)

چٹیایا ہوا - ص - صفت - زخم رسیدہ - جراحت دیدہ - خستہ - زخمی - گھائل مجروح - کچلا ہوا + ؎

چشم سے آہو کا دم ہے ناک میں آیا ہوا ناوک آہو بھی ہے چوٹ کا چٹیایا ہوا (نکہت)

چٹیے بٹیے - ا - اسم مذکر (۱) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے جیسے چوسنے اور لٹو پڑے ہوئے ہوتے ہیں (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھا کر دھوکا دیتے ہیں +

چٹے بٹے لڑانا - ف - فعل متعدی - شعبدہ بازی دکھانا - جھوٹے سچے شگوفے چھوڑنا - لڑائی جھگڑا کرانا جیسے تمہیں تو خوب چٹے بٹے لڑانے آتے ہیں

چٹیل - ص - صفت - وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو - صاف میدان - کف دست میدان - ہموار و یکساں میدان +

چٹیل میدان - ا - اسم مذکر دیکھو (چٹیل) +

چٹیل - ص - صفت (لکھنؤ) ضرب رسیدہ - خستہ - زخم رسیدہ - مجروح +

چٹیلا - ص - صفت - دیکھو (چٹیایا ہوا) +

چٹیلنا - ف - فعل متعدی - زخمی کرنا - دیکھو (چٹیانا)

چچا - ا - اسم مذکر - باپ کا بھائی - عمو - عم - چاچا +

چچا بنا کے - یا - کر کے چھوڑنا - ف - فعل متعدی - معقول سزا دیکے چھوڑنا - خوب بدلا لیکے اور ٹھیک بنا کے دم لینا -

غم معشوق سے کہتے ہیں گرد عشاق عوض اسکے کہ دیا کوئی گھڑی دو دم آپکے منہ کو چٹ نوچ جیں سے لینگے ہم چچا کر کے تمہیں چھوڑینگے یا حضرت غم

چچا بنانا - ف - فعل متعدی - ٹھیک بنانا - درست کرنا - بدلا لینا معقول سزا دینا +

چچازاد بھائی - ا - اسم مذکر - چچیرا بھائی - چچا کا بیٹا بھائی - باپ کے بھائی کا بیٹا

چچڑی - ا - اسم مؤنث - کلنی - کیک - بکمی - ایک قسم کے خون پینے والے کیڑے کا نام جو اکثر کتے بکری گائے بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے) +

چچڑی ہو کر چمٹنا - ف - فعل لازم - چچڑ ہونا - سر ہو جانا - پیچھا نہ چھوڑنا - جونک ہو کر لپٹنا +

چچوڑنا - ف - فعل متعدی - چوسنا - نچڑنا - نچوڑنا - بچے کا چھاتیوں پر چوسنا +

چڈہ

چچی - ا - اسم مؤنث - زوجہ عم - چچا کی بیوی +

چچیا ساس - ا - اسم مؤنث - خاوند کے چچا کے بیوی - بیوی کے چچا کی بیوی +

چچیا سسرا - ا - اسم مذکر - بیتیسرا - خاوند کا چچا - بیوی کا چچا +

چچیرا - ا - اسم مذکر - عموزاد - چچازاد +

چچینڈا - ا - اسم مذکر - ایک گھڑی کی شکل لمبی ترکاری کا نام +

چخ - ف - اسم مؤنث (۱) بک - جھگڑا - تکرار - راڑ - ٹنٹا - دنگا - قضیہ + حجت - بحث (۲) بکبک - جھک جھک - بڑ بکواس - غل و شور غوغا +

چخ چخ - ا - تابع فعل لفظی تکرار - بکبک جھک جھک - کائیں کائیں - شور و غوغا +

چخنا - ا - تابع فعل - عو - کلمۂ نفرت - چل دور ہو - پرے ہٹ - بانیں نہ بنا - دیکھ کبھی اختلاط کبھی عتاب کبھی ناز کبھی انکار بمنزل اقرار کے موقع پر بولا جاتا ہے

چل چخ دور ہو نہ دکھلا منہ اے شب ہجر تیرا کالا منہ (مومن)

چخیا - ا - اسم مذکر - بچیا - تکراری - جھگڑالو - بکی - بکواسی +

چداس - ا - اسم مؤنث - خواہش جماع جو عورت کو ہوتی ہے - شہوت کام دیو +

چدانا - ف - فعل متعدی - جماع کرانا - لگوانا -

چدر - ا - اسم مؤنث - چادر کا مخفف +

چدریا - ا - اسم مؤنث - چادر کی تصغیر بالتحقیر +

چدنا - ف - فعل لازم - مجامعت ہونا +

چدوانا - ف - فعل متعدی - کسی عورت کو کسی مرد سے مجامعت کرنا - دینا + لگوا دینا جماع کروا دینا +

چڈا - ا - اسم مذکر (۱) بن ران - جانگھ کی جڑ - پیڑو - ران - جھنگا سا (۲) مسخرہ آدمی - بھڑسان - ماٹھو - چوتیا +

چڈا گلگیرو - ص - صفت - نقل مجلس - مسخرہ - ماٹھو - چوتیا - احمق - بھڑسالا

چڈو - ا - صفت - کلمۂ دشنام خاص عورتوں کے واسطے - حرامزادی مردار - قطامہ - خندی + فاحشہ - قحبہ - چھنال +

چڈھی - ا - اسم مؤنث - پیٹھ کی سواری - سواری پشت +

چڈھی توڑنا - ف - فعل متعدی - پشت کی سواری لینا - پشت پر چڑھنا +

چڈھی چڑھانا - ف - فعل متعدی - پیٹھ پر لینا - پیٹھ کی سواری دینا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چڈھ

چڈھی چڑھنا - ک - فعلِ لازم - پشت کی سواری لینا +

چڈھی دینا - ک - فعلِ متعدی (۱) پیٹھ کی سواری دینا (۲) - بازاری) اغلام کرانا - لواطت کرانا +

چڈھی لینا - ک - فعلِ متعدی - پیٹھ کی سواری لینا +

چُڑ - ک - اسمِ مؤنث - کسی چیز کے پھٹنے کی آواز - جھر +

چُڑ - ک - اسمِ مؤنث - سوکھے ہوئے پتوں کے مڑنے یا دفعۃً ٹوٹنے کی آواز +

چُڑ مُڑ ہونا - ک - فعلِ لازم - سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ ٹوٹا کر چورا چورا ہو جانا - مُرجھا مرجھو کر چھوٹا سا ہو جانا - جھریاں پڑ جانا +

چَراغ - ف - اسمِ مذکر (۱) وہ ظرف جس میں تیل اور بتی ڈالکر روشن کریں جیسے چراغ میں بتی پڑی اللہ رکھی تخت چڑھی (کہاوت) ۲ - دیپک - دیا - لمپ - شمع - بتی + ؎

ہوتا ہے آہ صبح سے داغ اور شعلہ زن کیسا چراغ تھا کہ کبھی گل نہ ہو سکا (مومن)

(۳ - ا) بیٹا - لڑکا - فرزند - لال (۴ صفت) رونق - روشنی - ضیا +

چراغ بتی کرنا - ا - فعلِ متعدی - روشنی کا سامان کرنا - روشنی کرنا - چراغ جلانا +

چراغ بتی کا وقت - ا - اسمِ مذکر - مغرب کا وقت - شام کا وقت - سانج +

چراغ بڑھانا - یا - بُجھانا - چراغ ٹھنڈا کرنا - یا خاموش کرنا - چراغ گل کرنا - یا چراغ کو ہاتھ دینا ا - فعلِ لازم - روشنی کو بند کرنا - چراغ کو پھونک مارنا - اندھیرا کرنا - دیا بُجھانا -

لگے جو مرنے تو یوں دل کے داغ نیست کیے کہ وقت خواب کوئی جس طرح بڑھائے چراغ

راحت فلک نے گور میں ہی دل جو کو خوب ٹھنڈا کیا چراغ ہمارے مزار کا

چراغ بُجھنا - یا - بڑھنا - ا - فعلِ لازم - چراغ کا خاموش ہونا +

جی لیتی ہے وہ زُلیخا سے نام ہمارا بُجھتا ہے چراغ آج سرِ شام ہمارا (ناسخ)

یہ کیا تیلی ہے مژدہ آمدِ محبوب کا نا گہاں میرا چراغ داغ بھی بڑھ گیا (ناسخ)

چراغ پا ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) گھوڑے کا الف ہونا - گھوڑے کا سیدھا کھڑا ہو جانا - گھوڑے کا پچھلے پیروں پر کھڑا ہو جانا (۲ - عوام) اکھڑنا - دھمنا - کھڑا نہ رہنا - خفا ہونا جیسے اُن کی باتوں سے کیوں چراغ پا ہو گئے

چراغ جلانا - ا - فعلِ متعدی (۱) چراغ روشن کرنا - دیا بالنا (۲) دیوالہ نکالنا

چراغ جلنا - ا - فعلِ لازم (۱) روشن ہونا - چراغ کا افروختہ ہونا - دیا بلنا + شام ہونا (۲) فروغ ہونا - فروغ پانا جیسے کالے کے آگے چراغ

چرا

نہیں جلتا یا زبردست کے آگے +

چراغ جلے - ا - ظرفِ زمان - بوقتِ شام - سورج چھپے یا دیا بتے - چراغ میں بتی پڑے - جھٹ پٹے کے وقت + ؎

"کہہ گئے تھے کہ آئینگے ہم چراغ جلے تمام رات چراغوں سے اپنے داغ جلے (ناسخ)

چراغ دان - ف - اسمِ مذکر - فتیل سوز - دیوٹ - چراغ پایہ - چراغ رکھنے کی چیز +

چراغ دکھانا - ا - فعلِ متعدی - روشنی دکھانا - راستہ میں روشنی دکھانا +

چراغ رُخصت ہونا - ا - فعلِ لازم - چراغ بُجھنا - چراغ خاموش ہونا +

چراغ روشن کرنا - ا - فعلِ متعدی - دیا بالنا +

چراغ روشن مُراد حاصل - ف - دُعا - بامُراد - خانہ آباد +

چراغ سحر - ف + ع - صفت (۱) چراغِ صبح + قریب الزوال +

چراغِ سحری - ف + ع - صفت - چراغ صُبح - قریبِ مرگ - آفتاب - لبِ بام - آفتاب کوہ - قریب الزوال + ؎

بک میرے جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا (میر)

چراغ سحری ہونا - ا - فعلِ لازم - کوئی دم کا مہمان ہونا - مرنے کے قریب ہونا - قریب الزوال ہونا - اخیر وقت ہونا +

چراغ سے پھول جھڑنا - ا - فعلِ لازم (چراغ کا گل افشاں ہونا - چراغ کا شرارہ افشاں ہونا - جس وقت چراغ میں سے جلتا ہوا تیل ٹپکتا ہے اُسی کو پھول جھڑنا کہتے ہیں اور اُس سے شادی یا کوئی خوشی ہونے کا شگون لیتے ہیں) + ؎

پھول جھڑتے ہیں چراغ شب فرقت سے تحق شادیِ وصلِ صنم ہو گی ہمارے گھر میں) (تعلق)

چراغ سے چراغ جلنا - ا - فعلِ لازم - ایک کو دوسرے سے فیض پہنچنا - ولی سے ولی اور کامل سے کامل ہونا + ؎

داغِ جگر کو فیض ہوا دل کے داغ سے آفاق میں چراغ ہے جلتا چراغ سے (نامعلوم)

چراغ صُبح - ف + ع - صفت - دیکھو (چراغِ سحری)

ہم آفتابِ بام ہیں یا ہیں چراغ صُبح کیا، اعتبار شام گئے یا سحر گئے (سید محمد خاں رند)

چراغ کا ہنسنا - ا - فعلِ لازم - دیکھو (چراغ سے پھول جھڑنا) +

میں جو شبیہ ہوں لبِ خندانِ یار کا کیا کیا چراغ ہنستا ہے میرے مزار کا (ذوق)

اس شمع رُو کو کیا ہے مرے رونے کی خوشی ہنستا ہی دیکھتا ہوں چراغِ مزار کو (ناسخ)

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا - ا - فعلِ لازم - مُنصف حاکم کے قریب میں ظلم ہونا - روشن دلوں سے بیخبری کا وقوع میں آنا - اوروں کو

چرا

فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا +

چراغ گل یگدی غائب - ا - کہاوت - موقع ملا اور مال مارا - اندھیری دی اور لوٹ لیا - غافل پایا اور مال اڑایا +

چراغ گل کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) دیکھو چراغ بڑھانا (۲) نیست و نابود کرنا - معدوم کرنا (۳) زوق کھونا +

چراغ گل ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) چراغ بجھنا - اندھیرا ہونا (۲) زوال ہونا - فروغ نہ رہنا - بیرونق ہونا - رونق نہ رہنا + ؎

زلفِ پیچاں سے پریشاں حالِ سنبل ہوگیا گل ترے آگے چراغ لالہ و گل ہوگیا (آتش)

(۳) خاندان کا نیست و نابود ہونا - لیا میٹ ہونا +

چراغ گور - ف - اسم مذکر - چراغِ مزار - وہ چراغ جو قبر پر جلایا جائے

گزرتا تھا جب سرِ دفن کسیکا چراغ گور تھا روشن کسی کا (وجید)

چراغ لیکر ڈھونڈنا - ا - فعلِ لازم - کمال محنت اور تجسس سے تلاش کرنا - کسی کی نہایت جستجو کرنا + ؎

مجھ سا مشتاق جمال ایک نہ پاؤ گے کبھی گرچہ ڈھونڈو گے چراغ رخ زیبا لیکر (ذوق)

چراغ میں بتی پڑنا - ا - فعلِ لازم - شام کا وقت ہونا - چراغ جلنا - چراغ روشن ہونا - دیا بلنا + ؎

ابھی چراغ میں بتی پڑی نہ تھی آئے بجز شبِ وصال کے مشکی کو تازیانہ ہوا (بحر)

چراغ ہنسنا - ا - فعلِ لازم - دیکھو (چراغ سے پھول جھڑنا) +

چراغ ہو جانا - ا - فعلِ لازم - چراغ بجھ جانا - آدمی کا سرد ہو جانا یا مر جانا + ؎

اپنا چراغ عمر سرِ شام ہوگیا جلنے کا اُسکے کام نہ پہنچا سحر تلک (مصحفی)

چراغا - ا - اسم مذکر - نذرانہ - پیسہ - جیشی بچہ (اصطلاح آزاداں و فقیراں) +

چراغاں - ف - اسم مذکر - روشنی - دیپ مالا - بہت سے چراغوں کا روشن کرنا + شمعیں کافوری جلاتے تھے سو انکی گور پر دیدۂ گل بیاباں سے چراغاں ہوگیا (ناسخ)

چراغی - ا - اسم مؤنث (۱) نذرانہ - بھیٹ - نذر - پیشکش (وہ نقدی جو کسی مزار پر یا کسی بزرگ کے نام پر فاتحہ دیتے وقت کسی چیز پر رکھکر چراغ کے نیچے رکھ دیتے ہیں)

(۲) مزار پر چراغ جلانے کے واسطے جو نقدی دی جائے +

چراغی چڑھانا - ا - فعلِ متعدی - بھیٹ چڑھانا - نذر دینا - فاتحہ کے واسطے نقدی چڑھانا + مزار پر نقدی چڑھانا +

چراگاہ - ف - اسم مؤنث - ڈھوروں کے چرنے کی جگہ - گھاس کی جگہ - جنگل - سبزہ زار +

چرب

چرانا - ک - فعلِ متعدی (۱) گھاس کھلانا - جانوروں کو جنگل میں لیجاکر سبزہ کھلانا (۲) فریب دینا - دھوکا دینا - احمق بنانا - اُلّو بنانا + ؎

فریب دیتی ہیں کیا محبوبہ کی آنکھیں بہت سے ایسے ہرن ہیں سر چرائے ہوئے (لاعلم)

چرانا - ک - فعلِ لازم - زخم کا تڑخنا - زخم کا پھٹنا - زخم کا خشک ہوتے وقت درد کرنا +

چرانا - ک - فعلِ متعدی (۱) چوری کرنا - دزدی کرنا - سرقہ کرنا (۲) چھپانا - بچانا + اغماض کرنا جیسے آنکھ چرانا - دل چرانا (۳ - عوام) چوسنا - جذب کرنا - سوکھنا جیسے بوند چرانا بمعنی ظلفہ جذب کر لینا +

چرانڈ - ک - اسم مؤنث - چمڑے یا بال یا روغن اور ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبو

چرانڈا - ک - صفت - چرانڈ کا بسا ہوا - بدبو کا - بدمزاج - تنک مزاج +

چرانڈا مزاج - ا - اسم مذکر - چڑچڑا مزاج - بیمار کا سا مزاج - ذرا ذرا سی بات پر بگڑنے والا مزاج +

چرانڈا ہونا - ا - فعلِ لازم - بدمزاج ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا - ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا +

چراؤ - ک - اسم مذکر - پھٹاؤ - درز - شگاف - وہ نشان جو لکڑی چرنے سے ظاہر ہوتا ہے +

چرائی - ک - اسم مؤنث (۱) مویشیوں کو گھاس کھانے کے واسطے جنگل بھیجنا (۲) چرانے کی اُجرت - چروائی +

چرائیتا - ک - اسم مذکر - ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں جو مصفیٔ خون اور قاطعِ بخار سودا وی ہوتی ہیں +

چرب - ف - صفت (۱) فربہ - موٹا - لحیم - شحیم - جسیم (۲) چکنا - مغن (۳) غالب - ور - تیز - زبردست - زیادہ جیسے نمک چرب ہونا +

چرب زبان - ف - صفت چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - تیز زبان - گویا - لسان - خوشامدی - چاپلوسی کرنیوالا - چالاک - فریبیا +

چربانک یا چرنبانک - ا - صفت - ع - چالاک - عیارہ - عیار - شوخ - دلیر - نڈر - بے باک - تیز - ہوشیار +

چربانک دیدہ - ا - صفت - نڈر عورت - دیدہ دلیر - شوخ چشم - حراف - تیز - ہوشیار - دیدہ دلیر -

چربراک - ا - صفت (گنوار) دیکھو (چربانک) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چرب

چَربیَہ - ف - اِسمِ مُذکّر (۱) خاکا - کاغذ خواہ پوست آہو کو چرب کر کے کسی چیز کے نقش یا تصویر پر رکھکر ہو بہو اُس کی نقل اُتارنا (۲) ہو بہو کے اُوپر کی ملائی - یا - بالائی (فارسی میں سرشیر)

چربہ اُتارنا - ا - فعلِ لازم - ہُو بہو نقل اُتارنا - خاکا اُٹھانا - کسی نقش یا تصویر پہ باریک کاغذ رکھکر اُس کی ہُو بہو نقل کرنا (۲) کسی کا ناز و انداز اپنے میں پیدا کرنا - انداز اُڑانا - ڈھنگ سیکھنا +

چَربی - ف - اِسمِ مؤنث - جسم کی چکنائی - پیہ - روغن - چکنائی - رَواز - شحم - ایک سفید مادّہ جو خون اور رطوبت سے پیدا ہوتا ہے +

چَرپَرا - ہ - صفت - تیز - تُند - چٹ پٹا - چٹخارے کا - گرم - سوزاں +

چَرپَرانا - ہ - فعلِ لازم - ٹیس مارنا - زخم کا خشکی کے باعث تڑقنا - تیزی کرنا - مرچیں لگنا +

چَرپَراہَٹ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) تیزی - جلن - سوزش (۲) مرچ کی جھل - جھال - (۳) گنوار - دشمنی و حسد +

چَرپَوز - ف - صفت - لغو - بیہودہ - لچر + بیوقوف - کمینہ - سفلہ + ادنی +

چَرتَرس - اسمِ مُذکّر - چالتر - چال چلن - طور طریقہ - عادت - مزاج + قصہ کہانی - افسانہ تاریخ - فن - کرتب - ہُنر - گُن - داؤ - فطرت - چالاکی

چُرتی - ہ - اِسمِ مؤنث - (ہندو) برتی کا قبیض برت نہ رکھنے والا تارک الصوم

چرچا - اِسمِ مُذکّر (۱) ذکر - اذکار - افواہ - تذکرہ - گفتگو (۲) شہرہ - ستائی - (۳) بحث - تکرار +

چرچا کرنا - ہ - فعلِ لازم - کسی کا ذکر کرنا - کسی چیز کا جابجا ذکر کرنا - باہم ذکر کرنا - تذکرہ کرنا +

چرچا ہونا - ہ - فعلِ لازم - افواہ ہونا - شہرہ ہونا - بات پھیلنا - ذکر اذکار ہونا - بُرائی کے ساتھ ذکر ہونا +

چرچٹا - ہ - اِسمِ مُذکّر (ایک خار دار پودے کا نام جس کی باتیں اکثر چمٹ جاتی ہیں اسکا نمک ریشہ دار چیزوں کو گلا دیتا ہے اور بچھو کے کاٹے کو بہت فائدہ بخشتا ہے اس کی جڑ دو روز کے وقت کمر میں باندھنے سے بچہ آسانی کے ساتھ ہو جاتا ہے - اِس کے چاول بھوک کو بند کر دیتے ہیں یہانتک کہ بیس روز تک آدمی بن خوراک رہ سکتا ہے) +

چرچر - ہ - اِسمِ مؤنث - نئی جوتی کی سی آواز +

چرچرانا - ہ - فعلِ لازم - درد کرنا - زخم کا سوزش کرنا +

چرچراہَٹ - ہ - اِسمِ مؤنث - درد - زخم - ترقیدگی +

چرخ

چرخ - ف - اِسمِ مُذکّر (۱) پھرنے والا + پہیا - چرخی - چاک (۲) آسمان - فلک - گردون گردان (۳) گردش - چکّر - پھیر جیسے چرخ میں آٹا (۴) ایک آلہ کا نام جسپر مِس گر ظروف مسی وغیرہ کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں - وہ لکڑی جسپر کشمیر اُونی کپڑے کو چڑھا کر درست کرتے ہیں (۵) چرخ ایک قسم کا تنکہ (۶) فقیروں کا راگ کے وقت چکّر کھانا (۷) نمبنیق جسمیں پتھر رکھکر پھراتے ہیں (۸) کمہار کا چاک (۹) ایک درندے جانور کا نام جو کتوں کو کھا جاتا ہے - گڑ بھگا - تیندوا +

چرخ پُوجا - ا - اِسمِ مؤنث - پُوب کے ایک مشہور تماشے اور رسم کا نام ہے جس میں زمین پر ایک کھم کھڑا کر کے اُس میں ایک رسّی لٹکاتے اور پُوجا کرنے والے آدمی کی پیٹھ میں لوہے کے کانٹے لگا کر اُس رسّی میں باندھ کر خوب چرخ دیتے اور پھراتے ہیں + ؎

مُنہ سے چرخ دنی رکھتے ہیں چرخ پُوجا کا دکھاتے ہیں تماشا مجکو (ناسخ)

چرخ چڑھانا - ا - فعلِ متعدی (۱) ظروف مسی وغیرہ کو خراد چڑھانا (۲) سان چڑھانا - سان پر رکھنا +

چرخ چڑھنا - ا - فعلِ متعدی - خراد چڑھنا +

چرخ کھانا - ا - فعلِ لازم (۱) گردش کرنا - گھومنا (۲) تاؤ کھانا - دھات پگل کر پانی ہو جانا +

چرخ چوں - ا - اِسمِ مؤنث - گاڑی یا کنوے یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز جیسے چل میرے چرخے چرخ چوں کہاں کی بڑھیا کہاں کا تُوں +

چرخہ - ف - اِسمِ مُذکّر (۱) سُوت کاتنے کا آلہ - ڈھیرا (۲) ایک قسم کا تاج (۳ - صفت) وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کے باعث بخیر بخیر ڈھیلے ہو گئے ہوں - فرتوت - ڈھانچ (۲) پرانی اور کمزور گاڑی +

چرخہ پونی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) چرخہ اور اُسکے کاتنے کا سامان جیسے دن بھر اونی اونی رات کو چرخہ پونی (۲) عورت ذات کا ہنر - عورت کا کام

چرخہ کاتنا - ا - فعلِ متعدی - سُوت کاتنا - چرخہ کے ذریعہ سے تاگے بنانا - چرخہ کا کام کرنا +

چرخہ ہو جانا - ا - فعلِ لازم ضعیفہ اور فرتوت ہو جانا - پیرو نحیف ہو جانا +

چرخی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) اونٹنی - روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا اوزار (۲) ایک قسم کی آتشبازی + ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چرس

آہ سوزاں کی ہوائی نہ گئی تا بفلک چرخ چرخی کی طرح سے شرر افشاں نہ ہوا (بحر)
(۳) چاک۔ گھرنی۔ پانی کھینچنے کا پہیا۔ دولاب (۴) ٹھاٹری۔ ڈوریا بادلہ پیٹنے کا اوزار (۵) پھرکی +

چرخس ۔ا۔ اسم مذکر (۱) بڑا ڈول۔ لاڈ کا ڈول جو چمڑے کا ہوتا ہے دلو کلاں (۲) ایک قسم کا نشہ جسکو تمباکو کی طرح پیتے ہیں +

چرخس ۔ا۔ اسم مؤنث۔ شکن۔ سلوٹ۔ بٹ۔ چنت۔ چین۔ فرش یا کپڑے کی شکن +

چرسا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) بھینس یا گائے بیل کا چمڑا۔ آدھوڑی۔ ادیم ڈھور کی کھال (۲) دیکھو (چرس نمبر ۱) +

چرسا بھر زمین ۔ا۔ اسم مؤنث۔ بھینس یا گائے کے بیٹھنے کے قابل زمین۔ تھوڑی سی زمین +

چرسی ۔ا۔ اسم مذکر (۱) بار لینے والا۔ چرس کو کنوئے میں ڈالنے اور نکالنے والا (۲) چرس کا نشہ باز۔ چرس پینے والا جیسے چرسی یا رکس کے دم لگایا اور کھسکے +

چرسیا ۔ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو (چرسی نمبر ۱)

چرغ ۔ اسم مذکر (۱) ایک درندے کا نام جسے تیندوا یا گلدار بھی کہتے ہیں (۲) ایک شکاری پرند شامل شکرہ و باز جسے عربی میں صقر کہتے ہیں صحیح یہی معنی ہیں مگر اردو والے اول نمبر کے معنی میں استعمال کرتے ہیں

چرغم چرغم کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ غو۔ چخ چخ کرنا۔ بکبک بکبک کرنا +
کمسر کمسر کرنا۔ کمسر پھسر کرنا جیسے اب ذرا آپس میں چرغم چرغم نہ کرو۔
کہانی سنو دلفقرہ)

چرغینا ۔ا۔ اسم مذکر۔ کمینہ آدمی۔ سفلہ آدمی۔ ادنیٰ آدمی۔ نیچ آدمی چرپوز +

چرک ۔ف۔ اسم مذکر۔ پیپ۔ ریم۔ میل۔ چیٹر۔ میل کچیل۔ کیٹ۔ لید گوبر۔ براز۔ غلاظت۔ آلایش +

چرکا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) زخم۔ گھاؤ + زخم خفیف۔ چیرا خط۔
مزا آتا نہیں وہ قتل میں اب ترے چرکوں میں جو لذت کبھی تھی (طاغ)
(یہ لفظ عموماً سی چرک ہے مگر اردو والوں نے چرکا باندھا ہے)
چرکے سے بھی کیا نہ کبھی ہکو سرفراز + قاتل کی تیغ میں نہ تواضع کا خم ہوا (آتش)
(۲) داغ کسی آہنی چیز کو گرم کرکے اس سے جلانا (۳) نقصان

چرکا دینا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) زخم دینا (۲) داغ دینا (۳) نقصان پہنچانا +

چرو

چرکا لگانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) زخم پہنچانا۔ زخم دینا + (۲) نقصان پہنچانا (۳) جلانا۔ داغ دینا +
ایک دستر س سے تیرے حالی بچا ہوا تھا اسکے بھی دل پہ آخر چرکا لگا کے چھوڑا (حالی)

چرکٹا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) ہاتھی کا چارہ لانے والا۔ ہاتھی کا چارہ کاٹکر لانیوالا (۲) فیلبانوں کا پیشکار۔ فیلبانوں کا پیش خدمت (۳) کمینہ۔ ادنیٰ +

چرک دھانش ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) بیماری کا کچھ نہ کچھ خلل۔ ہر روز کی بیماری۔ آئے دن کا روگ (۲) لڑائی جھگڑا۔ راڑ منٹا +

چرکنا ۔ا۔ فعل لازم۔ ذرا سا برا نکلنا۔ ذرا سا بگڑنا +

چرکنا ۔ا۔ فعل لازم۔ بولنا چھانا۔ ریز کرنا۔ (دھتار بتا بولتے ہیں) +

چرکین ۔ف۔ صفت۔ غلیظ۔ میلا۔ نجس۔ پلید (ایک شہور لکھنؤ کے غلیظ گو شاعر شیخ ناصر علی نامی کا تخلص) +

چرم ۔ف۔ اسم مذکر۔ چمڑا۔ کھال۔ چام +

چرمر ۔ا۔ صفت۔ مرجھایا ہوا۔ پژمردہ۔ سوکھا۔ چورا کیا ہوا + لاغر۔ دبلا + بوڑھا۔ مرنڈا +

چرمر ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ سوکھ کر مرنڈا ہونا +

چرن ۔س۔ اسم مذکر (۱) قدم پاؤں (۲) مجازاً) پاپوش (۳) ہندی سر کے ہر ایک حصہ کے دو چرن ہوتے ہیں جنہیں رکن کہنا چاہیے +

چرن بردار ۔ا۔ اسم مذکر۔ امیروں کی جوتیاں اٹھانے والا۔ خادم کفش بردار +

چرن چھونا ۔ا۔ فعل لازم۔ قدم لینا۔ پیروں پڑنا +

چرن لینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ قدم لینا۔ پیروں پڑنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا +

چرنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) چرید ن کا ترجمہ۔ گھاس کھانا۔ چگنا۔ پرورش پانا۔ کھانا (۲) اسم مذکر۔ گھلنا۔ چھوٹا اور اونچا پائجامہ جو اکثر نوکروں اور مجروں کو پہناتے ہیں (لکھنؤ) +

چرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ پھٹنا۔ دریدہ ہونا۔ ترقنا + لکڑی کا دو پارہ

چرند ۔ا۔ اسم مذکر (بمعنی) چرنے والا۔ وہ بارہ سوت سے کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں +

چرند ف۔ اسم مذکر۔ حیوان۔ چوپایہ۔ چرنے والا + چگنے والا +

چرواہا ۔ا۔ فعل متعدی۔ چوری کرانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چڑوانا

چڑوانا - ک - فعلِ متعدی - لکڑیاں دوپارہ کرانا +

چڑوانا - ک - فعلِ متعدی - چڑائی پر بھیجنا +

چڑوانا یا **چڑوایا** - ک - اسمِ مذکر - گلہ بان - چوپان - گڈریا - گوالا - محافظ چارپایان - چرانے والا +

چڑونجی - ک - اسمِ مؤنث - ایک مشہور میوے کا نام جسے فارسی میں نقلِ خاجہ عربی میں حبّ السّمنہ کہتے ہیں مزاجاً بعض کے نزدیک دوم درجہ میں گرم و خشک اور بعض کے نزدیک گرم مائل بازدک رطوبت +

چڑی - ک - اسمِ مؤنث (۱) کڑبی - خویدہ - جوار - باجرے یا مکّی کے ہرے درخت (۲) لہسوڑا چرنا - چرائی کرنا + ؎

سبزہ مری تربت کا بہت خوب ہوا ہے ایسے میں ہرن آئیں تو موقع ہے چوکڑی (آتش)

چڑیا چڑھ - ک - اسمِ مؤنث - کبج - ناگوارِ خاطر اجیرن - کھجاوٹ - چھو غصّہ - ناخوشی - نفرت جیسے جو تمہاری چڑ وہی ہماری ریجھ +

چڑیں نکالنا - ک - فعلِ متعدی - چھیڑ نکالنا - نفرت کی بات کرنا - کھجانا - غصّہ دلانا +

چڑ - ک - اسمِ مؤنث - فرح قُبل - کس +

چڑمرانی - ک - اسمِ مؤنث - ایک گالی جیسے گاڑ مرانی - قحبہ - کسبو وغیرہ +

چڑ - ک - اسمِ مؤنث - پھٹنے کی آواز - لکڑی وغیرہ کے پھٹنے کی آواز - چٹ +

چڑا - ک - اسمِ مذکر - گنجشکِ نر - گوریا - چڑیا کا نر +

چڑانا - ک - فعلِ متعدی - کسی بات کی نقل کرکے غصّہ دلانا - طبیعت جلانا کھجانا - منہ ہونٹھ اور بھوڑی کو بگاڑ کر نقل کرنا - چھیڑنا +

چڑبڑ چڑبڑ کرنا - ک - فعلِ لازم - بلبک کرنا - بڑبڑانا - بکواس لگانا +

چڑچڑ - ک - اسمِ مؤنث (۱) پھٹنے کی آواز - چٹ چٹ - کڑکڑ (۲) بک بک +

چڑچڑا - ک - صفت - بدخُو - تنگ مزاج - بدمزاج - کج اخلاق - وہ شخص جسکا مزاج بیماری یا مُفلسی یا کسی اور باعث سے بگڑا ہوا ہو +

چڑچڑانا - ک - فعلِ لازم - چڑچڑ آواز دینا - جلتے ہوئے تیل یا روغن میں سے جو پانی پڑ کر آواز نکلتی ہے اُسکو چڑچڑانا کہتے ہیں + ؎

جو ضبط اشک سے داغ جگر ہے گرم نہ ہو چراغ پانی کے پڑنے سے چڑچڑاتا ہے (نکہت)

نمک دونگے ہیں ملنے سے تفنّہ دلِ بیزار کہ جیسے آب کے پڑنے سے چڑچڑاے چراغ (مؤلف)

چڑھنا - ک - فعلِ لازم - بگڑنا - خفا ہونا - ناراض ہونا - کھجنا - کسی بات یا کسی چیز سے تُرش و ناخوش ہونا +

چڑھ

چڑھوئے - ک - اسمِ مذکر - گئے ہوئے چاول جن کو بھونکر دسہرے کے دنوں میں اکثر کھاتے ہیں +

چڑھانا - ک - فعلِ متعدی - نیچے سے اُوپر لیجانا + لادنا (۲) سوار کرانا (۳) پینا - نوش کرنا - دھرنیں اتارنا - شراب یا پانی کو بالکل غٹ غٹ پی جانا + ؎

دو لنترانی سکندر رندوں کے واسطے جس نے کہ ایک جام چڑھایا وہ جم ہوا (بحر)

(۴) بلند کرنا - اُونچا کرنا جیسے کنکوا چڑھانا - آستین چڑھانا - اُتارنا کا نقیض - (۵) نذر کرنا - نیاز دینا - شیرینی وغیرہ کسی بزرگ کے مزار پر لاکر رکھنا + ؎

مزورِ تربت مجنوں پہ گُل چڑھاؤں گا جناب کے خیمے فصلِ بہار میں گزری (ذوق)

(۵) لگانا جوڑنا - سینا جیسے پیوند چڑھانا - آستین پر کپڑا چڑھانا (۶) نوش لینا - اُوپر لینا - بڑھانا - زیادہ کرنا جیسے قرض چڑھانا - سانسا چڑھانا +

چڑھاؤ - ک - اسمِ مذکر (۱) طغیانی - جوش (۲) عروج - صعود (۳) ترقی - زیادتی (۴) دریا کا وہ رُخ جدھر سے پانی آتا ہو + ؎

کہتا ہے ضبط اشکوں سے بہنا نہ تھمکے سے پیراک ہے وہی کہ چڑھے جو چڑھاؤ پر (لاعلم)

(۵) پیشگی باقی - وہ روپیہ جو اپنے کاریگر پر چڑھتا رکھیں +

چڑھاوا - ک - اسمِ مذکر (۱) نذر - بھیٹ + پُوجا پا (۲) وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دُلہن کو دُولہا والوں کی طرف سے پہنایا جائے (۳) بڑھاوا - دم (۴) ہندو، وہ کپڑا - زیور - مٹھائی - ترکاری اور کھانے وغیرہ جو سسرال والوں کی طرف سے قبل از شادی بھیجے جایا کرتے ہیں +

چڑھاوا بڑھاوا دینا - ک - فعلِ متعدی - دم دلاسا دینا + اُونچ نیچ سمجھانا - نشیب و فراز سمجھانا - خوشامد کرکے پُھسلانا +

چڑھائی - ک - اسمِ مؤنث (۱) بلندی - اُونچائی (۲) حملہ - دھاوا - تاخت - یورش - پُونجا کا لشکر یا لشکر یاں سے یہ زور ہرنالے کی ہے دشت میں دریا پہ چڑھائی (ذوق)

چڑھتا - ک - صفت - بڑھتا - ترقی کرتا ہوا - عروج کرتا ہوا - زوروں پر آتا ہوا - جوش پر آتا ہوا جیسے چڑھتا چاند چڑھتی جوانی وغیرہ +

چڑھتا چاند - ک - اسمِ مذکر - بڑھتا چاند - عروج ماہ +

چڑھ بنا - ک - فعلِ لازم - بن آنا - حسبِ مراد ہونا +

چڑھنا - ک - فعلِ لازم (۱) پستی سے بلندی پر جانا - نیچے سے اُوپر جانا - چوٹی پر جانا - بلندی پر صعود کرنا - اُٹھنا - اُبھرنا (۳) بڑھنا - ترقی کرنا - (۴) اُڑنا - پرواز کرنا جیسے کبوتر کا چڑھنا (۵) طغیانی پر آنا - چڑھاؤ پر آنا (۶) حملہ کرنا - یورش کرنا - دھاوا کرنا (۷) گراں ہونا - مہنگا ہونا (۸)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چڑھ

آواز کا بلند ہونا (۹) کسا جانا۔ کھچ جانا۔ تنا جانا جیسے ڈھول یا طاسہ چڑھنا (۱۰) پھولنا۔ نہ سمانا جیسے سانس چڑھنا (۱۱) قربانی ہونا۔ ذبح ہونا۔ کسی دیوی یا دیوتا پر بلدان کیا جانا (۱۲) نذر ہونا۔ بھینٹ ہونا (۱۳) سوار ہونا۔ سواری لینا (۱۴) لٹکایا جانا۔ بندھنا جیسے سہرا چڑھنا (۱۵) مشق ہونا۔ مہارت ہونا جیسے ہاتھ چڑھنا (۱۶) گزر جانا۔ بہت ہو جانا۔ ذوبہ ہو جانا جیسے مہینا چڑھنا۔ دن چڑھنا (۱۷) مندرج ہونا۔ درج ہونا۔ چرا ہونا۔ لکھا جانا جیسے نام چڑھنا (۱۸) سر یا دماغ پر اثر کرنا جیسے زردا یا تمباکو چڑھنا (۱۹) ہونا جیسے نشہ چڑھنا (۲۰) جانا۔ روانہ ہونا جیسے غلہ کا ولایت کو چڑھنا (۲۱) چولہے پر رکھا جانا۔ پکنے کو رکھا جانا جیسے ہانڈی چڑھنا (۲۲) کچہری میں جانا۔ عدالت میں جانا۔ جیسے کچہری چڑھنا۔ پولس چڑھنا (۲۳) چننا۔ جمنا جیسے نظر چڑھنا (۲۴) بدن میں آنا۔ جسم پر آنا ✣ ؎

آستیں ہے یہ عجب ننگ کہ چڑھتی ہی نہیں بندہ داری کے بھونڈے ہیں سبھی مغلانی (رنگین)

چڑھاؤں - ا۔ صفت۔ کھڑی جوتی۔ کھڑی ایڑی کی جوتی۔ مردانہ جوتی۔ اونچی ایڑی کا جوتا ✣

چڑھوانا - ا۔ چڑھانے کا متعدی المتعدی ✣

چڑھیت - ا۔ اسم مذکر۔ سوار۔ سواری لینے والا۔ چڑھنے والا۔ مالوں کا قائل

چڑھیتا - ا۔ اسم مذکر (۱) بارگیر۔ وہ شخص جو دوسرے کے گھوڑے پر ذکر ہو (۲) دیکھو (چڑھیت) ✣

چڑی - ا۔ اسم مؤنث۔ لات۔ وہ لات جو کسی بھاگتے کے ماری جائے۔ اچھل کر لات مارنا ✣

چڑی مارنا۔ یا۔ چڑی دینا - ا۔ فعل متعدی۔ لات مارنا۔ اچھل کر لات مارنا ✣

چڑیا - ا۔ اسم مؤنث۔ (دگنوار) چڑیا۔ پرند ✣

چڑی مار - ا۔ اسم مذکر۔ پرند پکڑنے والا۔ چڑیا پکڑنے والا۔ کھٹک گیر۔ صیاد ✣

چڑی مار ٹولا - ا۔ اسم مذکر۔ چوک۔ گذری۔ وہ جگہ جہاں طرح طرح کے جانور بکتے ہیں جیسے چڑی مار ٹولا بھانت بھانت کا جانور بولا ✣

چڑیا - ا۔ اسم مؤنث (۱) پرند۔ کھٹک۔ مادہ۔ گوریا۔ عصفور (۲) انگیا کی وہ سیون جس سے کٹوریاں ملی رہتی ہیں

قہر ہے ربط ہے اُڑ جائے یہ چڑیا کمبخت تپہ ڈوری ہے عجب ڈھب کی نکی مغلانی (رنگین)

(۳) چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی پر جو سہارے کے واسطے ایک لکڑی کا آڑا انگڑا سورا خ کر کے لگا دیتے ہیں جیسے یہ ہے آ (۴) نیفہ۔ ازار بند رہنے

چسک

کی جگہ (لکھنؤ) ✣

چڑیا چودن - ا۔ اسم مذکر۔ جلدی سے حلال ہونا۔ جماع خفیف ✣

چڑیا خانہ - ا۔ اسم مذکر۔ چڑیا گھر۔ وہ مکان جہاں امیروں کے طیور اور طرح طرح کے پرند رہتے ہیں ✣

چڑیا کا۔ یا۔ چڑیا والا - ا۔ اسم مذکر۔ (گالی) احمق ✣

چڑیا کا دودھ - ا۔ عنقا چیز۔ ناممکن بات ✣

چڑیا کے چھنالے میں پکڑا جانا - ا۔ فعل لازم۔ سخت کی آفت اور بلائے ناگہانی میں گرفتار ہونا۔ ناحق کی مصیبت اور عذاب میں پڑنا ✣

چڑیا نوچن - ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ تکا بوٹی۔ عذاب تکلیف۔ بوٹیاں توڑنا جیسے سب کو تھوڑا تھوڑا روپیہ دیکر چڑیا نوچن سے جان بچائی ✣

چڑیل - ا۔ اسم مؤنث (۱) بھتنی۔ چھلبلائی۔ مادۂ غول ✣ ڈائن۔ پلید عورت۔ خبیث عورت۔ میلی کچیلی عورت (۲) بدصورت۔ زشت صورت ✣

چڑیوں کے جھنڈ - ا۔ اسم مذکر۔ چڑیوں کے غول۔ جھلڑ ✣ بہت سی چڑیوں کا اکٹھا ہو کر اڑنا ✣

چسانا - ا۔ فعل متعدی۔ چچوڑوانا ✣ پلانا جیسے دودھ چسانا ✣

چسپاں - ف۔ صفت (۱) چسپیدہ۔ چپکا ہوا (۲) موزوں۔ ٹھیک۔ برمحل

چسپاں کرنا - ا۔ فعل متعدی۔ چپکانا۔ لگانا جیسے اشتہار چسپاں کرنا ✣

چست - ف۔ صفت (۱) چالاک۔ پھرتیلا۔ پھرتی باز۔ تُرتُریا (۲) تنگ۔ کھچا ہوا (۳) ٹھیک۔ موزوں۔ درست (۴) مضبوط۔ محکم۔ استوار ✣

چستہ - ا۔ اسم مذکر۔ پنیر مایہ۔ بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے ✣

چستی - ف۔ اسم مؤنث (۱) چالاکی۔ پھرتی تیزی (۲) تنگی۔ کھچاوٹ۔ (۳) مضبوطی۔ استحکام (۴) جرأت۔ دلیری۔ جسارت ✣

چسک - ا۔ اسم مؤنث (۱) درد۔ بیٹھا بیٹھا درد خفیف درد۔ کسک (۲) سنجاف یا مغزی کے آگے جو گوٹے یا اطلس و دارائی وغیرہ کی گوٹ سی لگاتے ہیں

چسکا - ا۔ اسم مذکر (۱) مزہ۔ چاٹ۔ چٹورپن ✣ ؎

بوسہ طلب کیا تو دیا ہنسکے بجواب منہ کی کھلائے مجھے چسکا زبان کا (برق)

(۲) عادت۔ لت۔ وضع ✣ ؎

بیٹھے بیٹھے اپنے کو بیٹھا ہوں کچھ گناہ پاؤں پڑنے کا جو اسکے مجکو چسکا ہو گیا (جرأت)

(۳) ذوق۔ شوق ✣

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چمک | چکا

چسکنا - ک - فعل لازم - میٹھا میٹھا درد ہونا - کسکنا - کبھی کی چوٹ کا ابھرنا +

چسکی - ک - اسم مؤنث (۱) کش - سڑک - گھونٹ - جرعہ (۲) افیون کا گھونٹ جو خلاف معمول پیا جائے +

چسکی لگانا - ک - فعل متعدی - پی جانا - سڑک جانا - سڑ لینا - اُتار جانا - غٹک جانا - افیون پینا +

چسنا - ک - فعل لازم - چوسا جانا - پیا جانا - عرق نچل جانا - طاقت کا زائل ہو جانا - نچڑ جانا +

چسنی - ک - اسم مؤنث (۱) بچوں کے چوسنے کا کھلونا (۲) دودھ پلانے کی شیشی +

چشم - ف - اسم مؤنث (۱) آنکھ - نین - دیدہ - نیتر - لوچن (۲) آس - امید +

چشم بد دور - ف - جملہ معترضہ - (ایک کلمہ ہے جو دفع چشم بد کے واسطے کسی چیز کی تعریف سے پہلے زبان پر لاتے ہیں) نظر بد دور ہو - نظر نہ لگے بچ نظر +

چشم پوشی - ف - اسم مؤنث - اغماض - آنکھ چرانا - دیکھکر ٹال جانا +

چشم نمائی - ف - اسم مؤنث - دھمکی - ڈراوا - تنبیہ - سرزنش - ملامت - جھڑکی +

چشم نمائی کرنا - ا - فعل متعدی - تنبیہ کرنا - سرزنش کرنا - دھمکانا - آنکھ کی دھمکی دینا +

چشم و چراغ - ف - اسم مذکر - قرۃ العین - روشنی چشم - لڑکا - آنکھ کی پتلی - نہایت عزیز اور پیارا +

چشنک - ا - اسم مؤنث - وہ کھانا جو باورچی تقریبوں کے موقعوں پر اپنے دوسرے بطور حصہ ڈوبے میں بھر کر صاحب تقریب کے گھر سے لیجاتے ہیں -

آتش ہمیشہ سیر ہوا خوان حسن سے نیت کو رکھے بوسہ لب کی چشنک بھرا (آتش)

چشمک - ک - اسم مؤنث (۱) اشارہ چشم - جھپکی - رمز - گوشہ - جھانولی - غمز (۲) شکر رنجی - رشک - حسد - انقباض (۳) عینک چشمہ +

چشمک زنی کرنا - ا - فعل متعدی - طعنہ زنی کرنا - آوازہ توازہ کسنا - چھیڑنا

اتنے ترے تاب حسن کا اس کا دم بلاق چشمک زنی کرے ہے سیمیں بدن کسی کا (ذوق)

چشمہ - ف - اسم مذکر (۱) پانی کی سوت - منبع - پانی جھرنے یا نکلنے کی جگہ - غدیر - تالاب (۲) عینک +

چغد - ف - اسم مذکر - الو - بوم - ایک قسم کا چھوٹا اُلو +

چغل - ف - اسم مذکر (۱) غماز - کترا - سخن چیں - نام (۲) گنتی - گنک - کنکر جو چلم میں رکھکر اوپر سے تمباکو رکھا جاتا ہے +

چغل خور - ا - اسم مذکر - غماز - کترا - نام +

چغل خوری - ا - اسم مؤنث - غمازی - کترا پن - نمامی +

چغلی - ف - اسم مؤنث - کسی کی برائی - بدی - غمازی - سخن چینی - کترا پن - غیبت +

چغلی کھانا - ا - فعل متعدی - بدی کرنا - برائی کرنا - غیبت کرنا - غمازی کرنا +

چغفی - ا - اسم مؤنث - چپٹی لکڑی جس کے سہارے سے بید کی پکریں کھینچتے ہیں - چوبی مسطر - چپٹا رول +

چق - ت - اسم مؤنث - چلون - چلمن - چک - بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ +

چقر - ف - اسم مذکر - جوہر - چشمہ - ڈابر +

چقماق - یا **چقمق** - ت - اسم مؤنث - آگ نکالنے کی پتھری جو اکثر بندوق وغیرہ پر لگائی جاتی ہے +

چقندر - ف - اسم مذکر - ایک جڑ کا نام جو نہایت سرخ اور شلغم کے قسم میں سے ہے

چک - ک - اسم مذکر (۱) پٹی - کاشت - قطعۂ زمین (۲) چشمک - جھگڑا - تنازعہ - زمین کا جھگڑا (۳) کھٹیک - ہندو قصاب (۴ ع) پھیر جاؤ +

چک بندی - ا - اسم مؤنث - زمین کی حد بندی - حد بست + کشتوار - پیمائش کی سہولت کے واسطے حد بست کے نقشہ کے اندر کئی مناسب حصے کرنا یہ نقشہ و شجرہ جدا چھپا رہتا ہے +

چک بندھنا - ک - فعل متعدی - ع - پھیر پڑنا - کسی چیز کا افراط سے ہونا جیسے اب کہ کے خرچ کا چک بندھا ہے +

چک - ک - اسم مؤنث (۱) چکا - دھچکا - چک جھٹکا + درد کمر (۲ - ا) چق - چلمن (۳) انگلش (Cheque) ہنڈی کاغذ - نقدی بننے کا پرچہ +

چک آنا - ک - فعل لازم - جھٹکا آنا - چکا آنا - کمر میں دھچکا آنا -

جانصاحب کمر میں آئی ہے چک لیکے ڈولی جو کل کمار گرے (جانصاحب)

چکا - ک - اسم مذکر (۱) گول چیز + مربع + پتھروں کا پیٹ کے حساب سے ڈھیر - اینٹوں وغیرہ کا ڈھیر جو پیٹ کے واسطے لگایا جائے (۲ - صفت) جما ہوا - منجمد جیسے دہی جما - دھوسن کی آواز -

چکا باندھنا - ک - فعل متعدی - چوکور اور اونچا پیٹ کے واسطے اینٹوں یا پتھروں کا ڈھیر لگانا +

چکا چک - ا - اسم مؤنث (۱) چقا چاق - تلواروں کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز (۲ - ا - صفت) تر بتر تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا - چوپٹ +

+ شوربود +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چکا

چکاچوندی - ا - اسم مؤنث (۱) خیرگی چشم - آنکھ کا روشنی کے باعث جھپکنا + تیرگیٔ روشنی آمیز

سورج مکھی کو بحر چکاچوند ہو گئی تنے ذرا جو داغ سے بھایا اٹھایا (بحر)

(۲) تعجب - حیرت +

چکاچوندی لگنا یا آنا - ا - فعل لازم - آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا - تاب نظارہ نہ لانا -

کیونکر نگاہ نہ تجھ کو چکاچوندی دیکھکر دیکھا بھی ہے کسی نے نظر بھر کر آفتاب (فخر)

چکارا - ا - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا نہایت چالاک اور نازک ہرن - ہرن

شکم گروہ جو دیکھی آنکھ اُس صیاد کی شیرا ہو ہو گیا آہو چکارا ہو گیا (ناسخ)

(۲) چھوٹی سارنگی ایک قسم کا دوتارا +

چکانا - ا - فعل متعدی (۱) قیمت ٹھیرانا - مول کرنا - نرخ قرار دینا - بھاؤ کرنا (۲) فیصلہ کرنا - قصہ کوتاہ کرنا - انفصال کرنا ؎

جلد انصاف چکا خلق کا اے داور حشر پھر قیامت ہے جو وہ شوخ شگرا (شبدی)

(۳) نشانا - ٹھکانا - ٹھکانا - بے باق کرنا + ختم کرنا - انجام کو پہنچانا - پورا کرنا +

چکانی دینا - ا - فعل متعدی (پرانا محاورہ ہے) دھوکا دینا - فریب دینا - نظر بگانا ؎

شب جو جاتے رہے تم دیکے چکانی مجکو صبح تک ایک پلک نیند نہ آئی مجکو (آتشا)

(شاہ نصیر نے بھی اس لفظ کو باندھا ہے) +

چک بچک - ا - صفت - جو تیل یا گھی میں تر بتر - لتھاپت - ستور بور - چور - ڈوبا ہوا - لتھڑا ہوا +

چکچھیری - ا - اسم مؤنث - چکر باندھکر پھرنا - دائرہ میں گردش کرنا + وہ پھرت جو چکر باندھکر پھریں - وہ گردش جو دائرے میں ہو +

چکچھیری پھرنا - ا - فعل لازم - چکر میں پھرنا - دائرہ میں گردش کرنا +

چکت مارنا - ا - فعل متعدی - بکنا مارنا - منہ سے بوٹی بھر لینا - دانتوں سے کاٹ کھانا - منہ مارنا - دانت مارنا +

چکتا - ا - اسم مذکر (۱) گول نشان - گول دھبا - بڑا اور گول دھبا (۲) کاٹے کا نشان - دانتوں کا نشان (۳) لال خواہ نیلا داغ - دھبا جو فساد خون سے ہو جاتا ہے (۴) مچھا - گوشت کا ٹکڑا + قاش +

چکتا بھرنا - ا - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹنا - منہ مار کر گوشت اتار لینا +

چکنا ڈالنا - ا - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹکر نشان ڈال دینا +

چکر

چکتا مارنا - ا - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹنا +

بانہہ پر میری چکتا مارے ایسی بھی تو یہ نہیں لکڑی گلی (شوق)

چکتی - ا - اسم مؤنث (۱) ٹکیا - قرص - گردہ - گول یا دوتر چیز (۲) دنبہ کی گول دم - دنبہ کی چوڑی دم +

چکٹ - ا - صفت - نہایت میلا - ازحد چکٹا ہوا - چیکٹ کی مانند میلا گچیلا

چکٹا - ا - اسم مذکر - مٹھی بھر - پنجہ بھر +

چکٹنا - ا - فعل لازم (۱) چکنا ہو کر چپچپانے لگنا جیسے سر چکٹنا (۲) میلا ہونا - کثیف ہونا - غلیظ ہونا ؎

آلودگی کے واسطے اپنا بناؤ تھا نکھرے یہ ہم کہ جامۂ ہستی چکٹ گیا (بحر)

چکچکی - ا - اسم مؤنث - دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو اکثر جوگی ایک ایک ہاتھ میں جوڑی بلا کر بجاتے ہیں -

چکچک لونے کھانا یا چکھنا - ا - فعل متعدی ہو - ترتراتے اور گھی میں تر بتر نوالے کھانا +

چکر - ا - اسم مذکر (۱) حلقہ - گردہ - دائرہ - پہیا (۲) پہیہ - محیط - احاطہ (۳) بھنور - گرداب (۴) گول سڑک (۵) غش دھنی - گھمیری گردش (۶) دھاردار - حلقہ آہنی - ایک گول ہتیار کا نام جو اکثر لوگوں کی پگڑی میں رہتا ہے یہ منڈھ دیکھے ہیں -

قتل ہو جاؤں جو آنکھ اُسکی پھرے میرے گرد گو نا زکی گردش مجھے چکر ہو جائے (لالہ)

(۷) سری بشن جی مہاراج کا ایک ہتیار جیسے سنکھ - چکر - گدا - پدم دھاری آپ کی تعریف میں کہا کرتے ہیں -

چکر آنا - ا - فعل لازم - سر گھومنا + غش آنا ؎

پیچ دیتی نہیں وہ لٹ مجھکو کیا گردش چشم سے آتے نہیں چکر کیا کیا (آتش)

چکر باندھنا - ا - فعل متعدی - اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے - جلد جلد گردش کر کے دائرہ کی شکل پیدا کر دینا +

چکر کھانا - ا - فعل لازم - گردش کرنا - پھرنا - گھومنا -

چکر کی سڑک - ا - اسم مؤنث - گول سڑک - پھیر کی سڑک - مدور سڑک +

چکر لانا - ا - فعل متعدی - شرارت کرنا - فعل لانا - فساد اٹھانا - ٹیڑھ کی لینا - اسکا اضافہ بگاڑنے ہوئے کہتا ہے چرخ سے کہدو کہ اب لائے نہ کوئی چکر لانا بادی

چکر لگانا - ا - فعل متعدی - گرد پھرنا - گھومنا + پھیرے کرنا + منڈلانا - گردش کرنا جیسے دن بھر چکر لگاتا ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چکر

چکر میں آنا - ک - فعلِ لازم - گردش میں آنا - پھیر میں آنا - مصیبت میں پھنسنا

چکر میں ڈالنا - ک - فعلِ متعدی (۱) مصیبت اور سختی میں مبتلا کرنا - مخمصہ میں پھنسانا (۲) ہوش بھلانا - حواس باختہ کرنا (۳) راستہ بھلانا +

چکرانا - ک - فعلِ لازم (۱) چکر کھانا - گردش کرنا - سر گھومنا - سر گھمانا (۲) گھبرانا - سٹ پٹانا - حیران و ششدر رہونا - ہکا بکا رہنا

تیری صورت دیکھکر چکرا گئے تماش بیں خانۂ ارژنگ فانوس خیالی ہوگیا (بحر)

(۳) غش کھانا - سُور چھا گست میں آنا (۴) مصیبت میں پڑنا - تکلیف میں ہونا +

چکر نگر - ا - اسمِ مذکر (لشکری) ٹھگ و فریب - حیلہ و حوالہ - بہانہ - دم جھانسا +

چکریا - ا - اسمِ مذکر (لشکری) نوکری پیشہ +

چکڑیا - یا - **چقڑیا** - ک - اسمِ مذکر (عوام) جھگڑا - بکھیڑا - چقلش - مخمصہ - شور و فغاں +

چکڑ بڑی - ک - اسمِ مؤنث - ایک قسم کی زرد لکڑی جسکی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں +

چکس - ف - اسمِ مذکر (صحیح غیر مشدد) نشیمن بازو و چرہ و شاہین وغیرہ شکاری کا اڈا - پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی یا گز +

چکل - ک - اسمِ مذکر - (گنواری) کسی پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ مٹی سمیت اُٹھانا +

چکلا - ک - صفت - چوڑا - عریض + فراخ - گول +

چکلا - ک - اسمِ مذکر (۱) دانا دلنے کی چکی - بغیر گرنڈ کی چکی - ہلکی چکی (۲) چکی کا پاٹ - گول پتھر جسپر اکثر ہندو لوگ مصالحہ پیستے یا پوریاں بیلتے ہیں + لکڑی کا گول تختہ (۳) جاگیر - ضلع - پرگنہ - علاقہ - صوبہ - ملک کا حصہ + ضلع کا کوئی حصہ (۴) کسبی خانہ - اربابِ نشاط کے رہنے کا مقام - رنڈیوں کا محلہ +

چکلا بندی - ا - اسمِ مؤنث - حد بست - حد بندی - ڈھولا بندی +

چکلانا - ک - فعلِ متعدی - چکل اُٹھانا - کسی پودے کو مٹی سمیت اُٹھانا +

چکلے دار - ا - اسمِ مذکر (۱) صوبہ دار - ناظم علاقہ - جاگیردار - پرگنہ کا حاکم (۲) علدار - بھڑوا - قوّاد - کسبی خانہ کا داروغہ +

چکلی - ک - (۱) گھرنی - چرخی (۲) چکلا کی تانیث جسے ہندو ہر سامی کہتے ہیں اسپر صندل رگڑا جاتا ہے

چکما - ک - اسمِ مذکر (۱) فریب - دھوکا - جُل - دم (۲) ضرر - نقصان (۳) ایک قسم کا کھیل +

چکما اُٹھانا - ک - فعلِ لازم (۱) نقصان اُٹھانا - خسارہ بھگتنا - ٹوٹا بھرنا (۲) صدمہ اُٹھانا - بکّہ کھانا (۳) جُل کھانا - دھوکا کھانا +

چکن

چکما دینا - ک - فعلِ متعدی (۱) دھوکا دینا - فریب دینا - نقصان دینا - ضرر پہنچانا (۲) گنجیفہ بازی کی ایک اصطلاح جسمیں حریف کو اُس پتے سے دھوکا دیتے ہیں جس سے وہ واقف ہوتا ہے + ؎

کسکو معلوم نہیں گنجفہ بازی تیری کونسا فردِ بشر ہے جسے چکما نہ دیا

چکما کھانا - ک - فعلِ متعدی - حریف سے دھوکا کھانا - فریب میں آجانا +

چکن - ف - اسمِ مؤنث - (صحیح بکسرِ من) ایک قسم کا کشیدہ + سوزن کاری - سوئی کا کام + بیل بوٹے کا کپڑا +

چکن دوز - ف - اسمِ مذکر - چکن کار - کپڑے پر چکن بنانے والا +

چکن - انگلش (Chicken) اسمِ مذکر - چوزہ مرغی کا بچہ + چینگا +

چکنا - ک - صفت (۱) چرب + تیلیا (۲) روغن + مُرغن (۳) چربی دار موٹا - فربہ - روا جدار (۴) پھسلنا - پھسلواں - رپٹواں (۵) صاف ستھرا - چمکدار + روغن کیا ہوا - وارنش کیا ہوا (۶) بیحیا - بے غیرت (۷) خوبصورت رُوپدار - رونق دار - جیسے دلّی کے دلوالی مُنہ چکنا پیٹ خالی +

چکنا چپڑا - ک - صفت - خوش پوش - خوش لباس - چمیل چھکنیا - بنا ٹھنا - صاف ستھرا +

چکنا دیکھ پھسل پڑے - ک - کہاوت - دولت دیکھ کے پھیل گئے + خوبصورت دیکھ کے مرگئے +

چکنا گھڑا - ک - اسمِ مذکر - بیحیا - بے غیرت - بے شرم -

چکنا مُنہ پیٹ خالی - ا - کہاوت - مُنہ پر رونق پیٹ کا اللہ ہی بیلی +

چکنا - ک - فعلِ لازم (۱) ختم ہونا - کٹنا - خرچ ہوجانا - نبڑنا (۲) بھاؤ ٹھیرنا - قیمت کوتاہ ہونا (۳) بیباق ہونا - حساب پاک ہونا (۴) جھگڑا فیصلہ ہونا - قضیہ رفع ہونا - (۵) پنجاب) اُٹھانا +

چکنا چور - ک - صفت (۱) ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ (۲) تھکا ہوا - مُضمحل - ماندہ (۳) تیل میں ڈوبا ہوا - میل میں لتھ پتھ +

چکنا چور کرنا - ک - فعلِ متعدی (۱) بڑے کڑے توڑ چور چور کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا + ؎

خدا جانے کہ اضا پانی کریں سے ژبن کو کیا کہ اُنکے پٹھوں میں اپنی چکنا چور حملے میں دنگیں،

(۲) تھکا مارنا - مُضمحل کردینا (۳) تیل میں پک بچک کر دینا

چکنا چور ہونا - ک - فعلِ لازم (۱) چور چور ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چکن

منع کی ہے پرستی کسی کی چشم مست سے غنچۂ گل کی گلابی تک جو چکنا چور ہے (ناسخ)

(۲) تھک کر چور ہونا مضمحل ہونا (۳) تیل میں تر بتر ہونا۔ چک بچک ہونا +

چکناہٹ - ی۔ چکنا ہٹ - ا۔ اسم مؤنث۔ چکنائی۔ صفائی۔ چمک۔ خوبصورتی +

چکنائی - ا۔ اسم مؤنث۔ چربی + دہنیت۔ تیل۔ گھی۔ روغن +

چکنی - ا۔ اسم مؤنث (۱) روغنی۔ چپڑی مرغن۔ چربی دار (۲) پھسلنی۔ پھسلدار۔ جیسے چکنی مٹی (۳) ایک قسم کی چھالیہ۔ ڈلی +

چکنی باتیں - ا۔ اسم مؤنث کلماتِ خوشامد۔ دلفریب باتیں۔ پُرلطف اور بامزہ باتیں +

چکنی چپڑی باتیں - ا۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (چکنی باتیں) +

چکنی چپڑی باتیں بنانا - ا۔ فعل متعدی۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ دلفریب باتیں بنانا +

چکنی ڈلی - ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی چھالیا ہے جس کو دودھ میں پکاتے ہیں +

چکنی مٹی - ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے۔ گل چپاں۔ لیسدار مٹی +

چکنیا - ا۔ صفت۔ بانکا۔ چھیل۔ چھیلا (پورب)

چکو - ا۔ اسم مذکر۔ چاکو کا مخفف۔ چھوٹا چاقو +

چکوا چکوی - ا۔ اسم مؤنث۔ جفت سرخاب۔ جفتک۔ چکاوک۔

(دو آبی پرندوں کے نام جو اکثر دریا کے کنارے رہتے ہیں۔ دن بھر تو جوڑا ساتھ پھرتا ہے۔ رات کو کہتے ہیں کہ ہر ایک جدا الگ ہو جاتا ہے چنانچہ ہندی شاعروں نے اسکا اکثر ذکر کیا ہے اور امیر خسرو نے بھی ایک مقام پر ان کا حوالہ دیا ہے)

چکوا چکوی دو جنے ان مت مارو کوے ہم مارے کرتار کے رین بچھوہ ہوے (دوہا)۔

چکوتا - ا۔ اسم مذکر۔ فیصلہ۔ تقرر۔ نرخ۔ چکتا۔ بے باق +

چکوتا - ا۔ اسم مذکر۔ ایک مرض کا نام جو اکثر گھٹنے کے نیچے پھنسیوں کی شکل میں نمایاں ہوتا ہے اور اُس سے تمام ٹانگ پھیلتی چلی جاتی ہے +

چکوترا - ا۔ اسم مذکر۔ ایک پھل کا نام جو نرنج اور نارنج سے پیوند دیکر بنایا گیا ہے +

چکور - ا۔ اسم مذکر۔ مؤنث۔ کبک۔ پہاڑی تیتر۔ مرغ آتشخوار (ایک خوشنما تیتر کے قسم کا پرند جس کے پنجے سرخ اور گھونسلے طاق ہوتا ہے۔ ہندی شاعروں نے

چکی

اسے چاند کا عاشق باندھا ہے چنانچہ چاند کے دنوں میں اسکو پالنے والے ابر نہیں لگا لیتے اگر کو یہ جانور رکھا جاتا ہے ؎

بالائے بام آج وہ دیکھیں گے چاندنی بھاری ہے چاند چودھویں شب کا چکور پر) (ظ)

چکھانا - ا۔ فعل متعدی (۱) چشانیدن کا ترجمہ۔ چاشنی دکھانا۔ ذائقہ دکھانا۔ سواد دلانا (۲) کھلانا۔ نوش کرانا +

چکھنا - ا۔ فعل متعدی (۱) مزہ لینا۔ چاشنی دیکھنا۔ لذت اُٹھانا۔ ذائقہ دیکھنا۔ چشیدن کا ترجمہ (۲) کھانا۔ نوش کرنا جیسے اپنا رکھ پرایا چکھ +

چکھ ڈالنا - ا۔ فعل متعدی۔ کھا ڈالنا۔ اُڑا ڈالنا۔ بالکل کھا جانا۔ جیسے ؎ چکھ ڈالا مال دھن کو کوڑی نہ رکھ کفن کو +

چکھنوتیاں - ا۔ اسم مؤنث۔ مزیدار کھانے۔ لذیذ کھانے۔ چٹخارے + چٹورپن۔ چکھی +

چکھنی - ا۔ اسم مؤنث (۱) چاٹ چکھوتی (۲) بھیڑوں کا دانہ کھانا +

چکی - ا۔ اسم مؤنث (۱) آسیا۔ جانتا۔ چکلا۔ چاکی۔ آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ (۲۔ پورب) گھٹنے کی ہڈی بعض لغات والوں نے چکی کو بھی لکھا ہے

چکی پیسنا - ا۔ فعل لازم (۱) چکی چلانا۔ آٹا پیسنا (۲) مصیبت جھیلنا۔ پاپڑ بیلنا +

چکی جھونا - ا۔ فعل لازم (۱) چکی چلانا۔ آٹا پیسنا۔ چکی شروع کرنا۔ آٹا پیسنا شروع کرنا (۲) قصہ نا نمودنا۔ دکھڑا بیان کرنا۔ مصیبت دہرانا اپنی بپتا کہنا۔ اپنی بیتی کہنا +

چکی چلانا - ا۔ فعل متعدی۔ چکی شروع کرنا +

چکی چلنا - ا۔ فعل لازم۔ غلہ پسنا۔ چکی کا گردش کرنا

چکی رہا - ا۔ اسم مذکر۔ چکی کو اوزار سے گود کر پیسنے کے قابل بنانے والا۔ آسیا بان +

چکی رہانا - ا۔ فعل متعدی۔ چکی کو گودنا۔ چکی کو گھردرا کرنا +

چکی کا پاٹ - ا۔ اسم مذکر۔ چکی کا ہر ایک حصہ۔ پرۂ آسیا +

چکی کا کھونٹا - ا۔ اسم مذکر۔ ہتا۔ دستہ آسیا۔ چکی چلانے کا ڈنڈا +

چکی کی مانی - ا۔ اسم مؤنث۔ میخ آسیا۔ وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے + قطب۔ دھرتارا +

چکیٹی - ا۔ اسم مؤنث (۱) پھریری۔ ایک لکڑی کا گول کھلونا جسے بچے اکثر پھراتے ہیں دفعتہ پھر گئی دہائی چکی کی مصیبت مرغ کا پنجہ بڑھا کاں نے جو ڈورا کھینچا (بحر)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چکی

(۲) گول - مدور جیسے چکی آٹو ٭

چکنی آٹو - ک - اسم مذکر - گول شفتالو - گول آڑو ٭

چکیندہ - ف صفت - ٹپکا ہوا - چوا ہوا ٭ مُنقطر ٭

چگانا - ک - فعلِ متعدی - جانوروں کو کھلانا - پرندوں کو کھلانا - مُرغی و بطک کو کھلانا ٭

چگڈڑھیا - ک - اسم مذکر - چگی ڈاڑھی والا - چھوٹی سی داڑھی والا ٭

چگنا - ک - فعل متعدی - دانہ چیدن کا ترجمہ - چننا - مُرغی بطخ وغیرہ کا دانہ کھانا ٭

چل - ک - اسم مؤنث (۱) خارش - خارسنت - کھجلی - کھلج (۲) الگ - مستی - باہ - شہوت - کام دیو - آگ ٭ جھانجھ (۳) بیکلی - بیقراری - اضطراب - بےچینی ٭

چل اُٹھنا - ک - فعلِ لازم - کھجلی ہونا - خارشت ہونا - شہوت ہونا - خواہش جماع ہونا ٭

چل مٹانا - ک - فعلِ متعدی - خارشت دُور کرنا - شہوت یا خواہش سے سیری کرنا

چل - ک - کلمۂ تنفّر و نیز کلمۂ اختلاط جو معشوق حالت گرمجوشی میں زبان پر لاتے ہیں - ہٹ دُور ہو - چیٹ - چمیت ہو - پرے سرک - لبابن ٥

اگر کچھ حرف مطلب اس پر بُرا دے میں کہتا ہوں تو کیا منہ پھیر کر کہتا ہے چل بے مجھکو سودا ہے (جرأت)

(۲) چلنے کا امر - روانہ ہو - جا (۳) برہمی - پراگندگی - ابتری مگر پڑھنا کے ساتھ آتا ہے ٥

چل سے صبر و قرار و طاقت و تاب و تواں — چلتے ہی تیرے بھوں میں یک بیک چل پڑ گئی (مصحفی)

(۴) ڈگمگاہٹ - لغزش - فرق - تفاوت ٥

آوارہ میرے ہونے کا باعث وہ زُلف ہے — کافر ہوں اس میں ہووے اگر ایک بال چل (میر تقی)

چل بے - ک - محاورہ - ایک کلمۂ دُرشت و سنگ جو حالت خفگی و رنجش و نازمیں نفرت ظاہر ہونے کے واسطے زبان پر لاتے ہیں ٥

سوز نے جب کہا کہاں تھا یار — کہا چل بے میں یار کا ہوں (میر سوز)

چل بسنا - ک - فعلِ لازم - ہستی سے درگزرنا - مرنا - گزر جانا - جہان سے اُٹھ جانا دنیا سے چلا جانا - ٥

کل گئے تھے تم جسے یار ہمیں چھوڑ کر — چل بسا وہ آج سب ہستی کا ساماں چھوڑ کر (ذوق)

چل چخ / چل پخ / چل دُور - ۱ - محاورہ مع (۱) دیکھو (چل نمبر ۱)

(۱) چمیت ہو - لبابن - چلا جا -

(درحالتِ خفگی) ٥

گلے چلے بھی تو اگر اُس بُت مغرور کے ساتھ — پہنچے مرنے کے قریب ایک ہی چل دور کے ساتھ (مومن)

چلا

چل سکنا - ک - فعلِ لازم - قدرت پانا - طاقت پانا - پیش رفت جانا ٥

کیا کرے پاؤں بھی کہ جھکل میں — کچھ نہیں آبلوں سے چل سکتا (نجاد)

چل نکلنا - ک - فعلِ لازم (۱) بساط سے باہر قدم رکھنا - حد سے بڑھ جانا - مرتبہ سے گزر کر کام کرنا -

گرہلیں نیچوں تو فرماتے ہیں بس بیٹھے رہو — ساتھ چل نچلوں تو کہتے ہیں کہ چل نکلے ہیں آپ (دلکش)

(۲) اِتراجانا - گھمنڈ میں آجانا ٥

سوز نے دامن کو جو پکڑا تو وہیں چھینکا — وہ نگاہ کہنے کہ اب تو بہت چل نکلا ہے تُو (سوز)

(۳) گستاخ اور بے ادب ہو جانا ٥

پتنا نہ مجھے کام دلا بچر کے دن سے — گر اُس سے شب وصل میں تو چل نہ نکلنا (جرأت)

(۴) بڑھ جانا - سبقت لیجانا - آگے ہو جانا - ٥

وہ جگت میں جو مجھ سے چل نکلا — تو وہیں میں نے روک کے کھا کر پل

کہا اُس سے کہ اب ہے اے رنگین — مجھسے بولے تو ہو تجب شغل

(۵) روانہ ہو جانا - چل پڑنا - چل کھڑا ہونا - ٥

دل سے کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ — ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے (آتش)

چل ہوا بن چل ہوا ہو - و - محاورہ - رخصت ہو - ہوا کھا - لبابن - چمیت ہو چلتا پھرتا نظر آ - سدھارے - چال دکھاٹے (خاطر میں نہ لانے اور ناراضی یا نہایت بے تکلفی کے موقع پر برابر والے سے بولتے ہیں)

چلّا - ا - اسم مذکر - دیکھو (چلّہ) ٭

چلّا - ک - اسم مذکر (۱) تلہ - وہ کالا بتوتی بُنا ہوا پگڑی کا سرا جو اُس کے اوّل اور آخر ہوتا ہے یہ لفظ طلا سے بگڑا ہے (۲) وہ خمیری اور ملائم بیٹھی روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑھائی میں تلی جاتی ہے - پُوڑا - گھنڈرا بلکہ بیسن اور مونگ کی دال کی پیٹھی کے سلونے چلّے بھی ہوتے ہیں -

چلا چلی - و - اسم مؤنث (۱) روا روی - بلچل - سفر کا تہیہ اور شور جیسے لوگوں کو چلا چلی پڑ گئی یا کوچ کی پڑی (۲) موت کی گرم بازاری آخرت کے سفر کی تیاری جیسے چلا چلی کا سودا پیارے بھلا بھلی کرو

چلّانا - ک - فعلِ لازم (۱) چیخنا - غل مچانا - غوغا کرنا - شور کرنا - پکارنا (۲) رونا گریہ و زاری کرنا - فریاد کرنا (۳) غصّہ کرنا - غضب ہونا ٭

چلانا - ک - فعلِ متعدی (۱) ہانکنا - روانہ کرنا (۲) رواں کرنا - جاری کرنا - بہانا (۳) کاروبار جاری کرنا - کسی کام کو رونق دینا جیسے دُکان یا کارخانہ چلانا (۴) بندوبست کرنا - انتظام کر کے کسی کام کو جاری رکھنا - کام نکالنا -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چلا

(۵) گھسیٹنا۔ اندر کرنا جیسے لکڑی چلانا (۶) ہلانا۔ ڈلانا۔ حرکت دینا جیسے ڈوئی چلانا (۷) مسکانا۔ کھسکانا۔ پھاڑنا۔ کپڑے کے تاروں کو جُدا کر دینا (۸) پھیلانا۔ یادگار رکھنا۔ بڑھانا جیسے نام چلانا (۹) سُپرد کر دینا۔ بیاج پر دینا (۱۰) استعمال کرنا۔ کام میں لانا جیسے کھوٹا روپیہ چلانا (۱۱) نکالنا۔ باہر کرنا۔ رخصت کرنا +

(مرکب ہونے کی حالت میں اِس لفظ کے بہت سے معنی آتے ہیں مثلاً ہاتھ چلانا ہاتھ اُٹھانا یا لگانا بمعنی مارنا۔ زبان چلانا بمعنی بولنا۔ دل چلانا بمعنی خواہش کرنا) +

چلاؤ - ف - اِسمِ مُذکّر (صحیح چلاؤ) بن گوشت کا پلاؤ۔ نکمین خشکہ +

چلن چلَّل - ک - صفت (۱) بے جگہ بے ٹھور۔ بیموقع۔ اپنی جگہ سے الگ +

گر ہو خدانخواستہ ایک کل بھی چل چل — پھرنے خوشی نہ عیش نہ کچھ زندگی کا پھل (نظیر)

(۲) اِسمِ مُؤنّث) غلطی۔ چوک۔ خطا (۳) اِسمِ مُؤنّث) علیحدگی۔ جُنبش۔ حرکت +

چل بچل ہونا - ک - فعلِ لازم - بے ٹھور ہونا۔ ابتر ہونا۔ بگڑنا۔ خراب ہونا +

دیکھتے میرے غیر کی اُس سے نگاہ لڑ گئی — کام ہی چل بچل ہو بات ہی سب بگڑ گئی (قائم)

چلبلا - ا - صفت (ف - چلبلہ) بے کل۔ بے چین۔ نچلا نہ رہنے والا۔ بے آرام۔ ایک جگہ نہ رہنے والا۔ بیاکل۔ نہ رہنے والا۔ اچپل۔ کھلاڑی۔ زندہ دل +

شوخ مزاج۔

عشق نے مجھ پر اُٹھایا اور تازہ اشغلا — لیگیا طِفلِ چمن اک نیا چلبلا چُلبلا (انشا)

چلتا - ک - صفت (۱) بہتا۔ رواں۔ جاری (۲) مروّج۔ رواجی (۳) چالاک۔ ہشیار (۴) بھاگتا ہوا (کہاوت) چلتے چور لنگوٹی لابھ (۵) کارگر۔ مُجرّب۔ جیسے چلتا نسخہ +

چلتا پُرزہ - ا - اِسمِ مُذکّر۔ بڑا چالاک اور شُغلی آدمی +

چلت پھرت - ک - اِسمِ مؤنّث - پھرتی اور چالاکی رفتار۔ جُنبش۔ گردش۔ حرکات۔ رقص۔ بالن ڈولن +

چلتر - ک - اِسمِ مُذکّر۔ دیکھو (چرتر، فریب۔ مکر۔ چال۔ چل۔ چھل بتا +

چلتر بازی - ا - اسمِ مُؤنّث - چالاکی۔ فریب۔ دھوکا بازی +

چلتہ - ف - اِسمِ مُذکّر۔ زرہ بکتر۔ ایک قسم کی لڑائی کے وقت کی پوشاک +

چلتے پھرتے نظر آؤ - ا - محاورہ۔ رخصت ہو چل دکھاتے نظر آؤ +

چلتی - یا - **ڈھلتی پھرتی چھاؤں** - ک - کہاوت (دُنیا کی دولت ناپائیدار اور جاہ و مراتب چند روزہ سے مُراد ہے جو کبھی اس کے پاس اور کبھی اِس کے پاس ہے

ہم پر بھی پڑ گئی نظرِ مہر یار کی — اِس چلتی پھرتی چھاؤں کا ہے اعتبار کیا (الاعلم)

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - ک - فعلِ متعدی۔ ہوتے ہواتے کام میں

چلم

خلل ڈالنا چلتے ہوئے کام میں مُزاحم ہونا۔ چلتے ہوئے کام میں مُخل ہونا چلتے ہوئے کام کو روکنا +

نالہ جب دل سے چلا سینے میں پھٹا اٹکا — چلتی گاڑی میں دیا عشق نے روڑا اٹکا (ذوق)

چلتی ہوا سے لڑنا - ا - فعلِ لازم - ع - نہایت بدمزاج ہونا۔ بات بات پر لڑنا۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا +

چلچل - ک - اِسمِ مُؤنّث - بھوڈل۔ ابرق۔ ابرک۔ ایک کانی جوہر جو اکثر بجری میں چمکتا ہوا نکلتا اور پرت دار ہوتا ہے۔ اِسکو عربی میں طلق کہتے ہیں +

چل چلاؤ - ک - اِسمِ مُذکّر (۱) روا روی۔ چلا چلی

ساقیا گو مگ رہا ہے چل چلاؤ — جب تلک بس چل سکے ساغر چلے (درد)

(۲) سفر۔ کُوچ

اِتنا نہ اپنے جامہ سے باہر نکل کے چل — دُنیا ہے چل چلاؤ کا رستہ سنبھل کے چل

چلتر - ک - اِسمِ مُذکّر (گنوار، مجوں۔ ڈیگر۔ سُپنش چیڑ کا مُخفف +

چلغوزہ - ف - اِسمِ مُذکّر۔ ایک قسم کا میوہ جو مقوّی دماغ ہے۔ درخت صنوبر کا پھل +

چلک - ک - اِسمِ مُؤنّث۔ چمک۔ جھلک۔ تابش۔ تاب۔ دمک۔ روشنی +

چلکا - ک - اِسمِ مُذکّر (لکھنؤ) چاندی کا سکّہ۔ روپیہ +

روشن ہو کیوں نہ داغ کے سکّوں سے نامِ عشق — چلکے خدا نے جس کو دیے وہ چمک گیا (دلگیر)

چلکتا ہوا - ک - صفت - چمکتا ہوا۔ چلول جیسے چلکتا ہوا روپیہ +

چلکنا - ک - فعلِ لازم - چمکنا۔ روشن ہونا۔ دمکنا۔ تاباں ہونا +

چلم - ف - ک - اِسمِ مُؤنّث - سرقلیان (آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقّے کے فوارے پر رکھکر دم لگاتے ہیں فارسی ہونے کی حالت میں بکسر تین صحیح ہے) +

چلم بردار - ف - اِسمِ مُذکّر۔ جھنڈے بردار۔ حُقّہ پلانے والا مُلازم +

چلم پینا - ا - فعلِ لازم (ہندی) (۱) حقّہ پینا۔ حُقّے سے چلم اُتار کر غیر گوت ہونے کے سبب پینا۔ تمباکو پینا

عروسِ ساقیِ گلرخ کے آگے کیوں نہ جاوے دِل مچل — پیتے ہی اُسکی چلم یہاں کرتی ہے پرواز رُوح (نادر)

(۲) سُلفہ پینا۔ چرس پینا۔ جرس یا گانجے کا دم لگانا +

چلم تمباکو - ا - اِسمِ مُذکّر۔ تھوڑا سا تمباکو۔ ایک سُلفہ +

چلم چیٹ - ا - + اِسمِ مُذکّر (دیانداری) چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

آدمی۔ حقے کا نَے یا ٭

چلموں پر آگ رکھنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ چلمیں بھرنا۔ بھر بھر کر حقہ پلانا۔ حقہ پلانے کی خدمت کرنا۔ ٹہل کرنا۔ خدمت کرنا ٭ ؎

کیا تاب دل جلوں سے جو برق لاگ رکھے دوزخ بھی ہو تو آگ چلموں پر آگ رکھے (ذوق)

چلمیں بھرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو (چلموں پر آگ رکھنا) حقے پلانا ٭ ؎

سوز دل سے کیسوئے خالی ہوا پنا کوئی شعر حقے میں نے تو تمباکو کی چلمیں بھریں اُستاد کی (سیر)

چلمچی ۔ف۔ اسمِ مؤنث (سنسکرت۔ سنجلی بقول صاحب غیاث چلمچی مگر نا بلد چلمچی ہی درست ہے) طشت۔ ہاتھ منہ دھونے کا ظرف جو ایک خاص وضع پر بنایا جاتا اور اُسکے سرپوش میں چھید کئے جاتے ہیں ٭

چلمن ۔ا۔ اسمِ مؤنث۔ چک۔ تیلیوں کا بُنا ہوا پردہ چق۔ چلون مجھ سے منظور اُسے پردہ ہے تو اپنے آگے یکے میرے دلِ صد چاک کی چلمن والے (۱۱ علم)

(باندھنا۔ لٹکانا ٭ ڈالنا۔ چھوڑنا کے ساتھ آتی ہے) ٭

چلن ۔ا۔ اسمِ مذکر (۱) چال۔ رفتار ؎

ہندی سے ہے شگفتہ مہ اس شکلِ پری کا پاپوش نے سیکھا ہے چلن کبک دری کا (تاریخ)

(۲) روش۔ رویہ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ ٭ (۳) ریت۔ رسم۔ رواج (۴) روپے پیسے کا دستور۔ سکۂ سیم وزر کا رواج ؎

سکۂ داغِ جگر اِک دن مرے کام آئیگا عشق کے بازار میں اُن کا چلن ہو جائیگا (آتش)

(۵) عادت۔ سُبھاؤ۔ برتاؤ ؎

ساقی وہ پلائے کہ دو عالم ہوں فراموش ہو جائے خدائی سے نرالا چلن اپنا (نسیم)

(۶) کفایت شعاری۔ جُز رسی۔ جیسے چلن کا آدمی یعنی کفایت شعار آدمی ٭

چلن سے چلنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ متوسط درجہ کا خرچ اختیار کرنا۔ فضولخرچی نکرنا۔ کفایت شعاری سے گزران کرنا۔ نیک معاش رہنا۔ بھلمنسائی سے بسر کرنا ٭

چلن ہار ۔ا۔ صفت۔ رفتنی۔ گزشتنی۔ مرنے جوگا۔ مرن ہار۔ فنا پذیر۔ فنا ہونے والا۔ پا در رکاب۔ مسافر۔ کوچ کو تیار ٭

چلنا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) حرکت کرنا جُنبش کرنا۔ جیسے ہوا یا پنکھی یا نبض چلنا (۲) جانا۔ کوچ کرنا۔ روانہ ہونا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا (۳) رواج پانا۔ رائج ہونا۔ سکۂ سیم وزر کا مقبول سرکار و عام ہونا (۴) سفر کرنا۔ جاتا کرنا (۵) رواں ہونا۔ جاری ہونا۔ بہنا جیسے ؎

ساون بھادوں بہت چلے اور راہ پس میں تھوڑی امیر خسرو یوں کہیں تو بوجھ پہیلی موری

(۶) گزرنا۔ عبور کرنا۔ اُترنا۔ پار ہونا (۷) ترقی کرنا۔ آگے بڑھنا (۸) پھیلنا

قائم رہنا۔ مشہور ہونا جیسے بیٹے سے نام چلتا ہے (۹) اُبھرنا۔ بڑا ہونا۔ جیسے اب یہ پودا بھی چلا یعنی اُونچا ہوا (۱۰) نکلنا۔ رُت آنا۔ بازار میں آنا۔ بکنا شروع ہونا جیسے آم بھی چل گئے ؎

بشکل آتی ہے نے دُھونڈتے ہم دُور چلے تج ہم دشت میں ہیں شہر میں انگور چلے (تاریخ)

(۱۱) سکنا۔ پھٹنا۔ دریدہ ہونا جیسے انگرکھا مونڈھے پر سے چلگیا (۱۲) سڑنا۔ بسنا جیسے سالن چل گیا۔ دال چل گئی (۱۳) پھسلنا۔ گرنا (۱۴) مدہوش ہونا۔ نشہ ہونا (جیسے اب یہ بھی چلے شرابی کی نسبت نشہ ہونے کے وقت کہتے ہیں) ۱۵ دُنیا سے جانا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ رحلت کرنا۔ دوھا

چلتا ہے رہنا نہیں ہو چلنا بسوے بس ایسے سچ نساگ پر کون گنڈھائے بیس

(۱۶) لڑائی ہونا۔ فساد ہونا۔ رنجش ہونا جیسے انکی انکی چل رہی ہے (۱۷) دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا جیسے ہم سے بھی چلنے لگے (۱۸) گرم بازاری ہونا۔ بکری ہونا۔ ترقی ہونا۔ رونق ہونا جیسے دُوکان چلنا۔ کام چلنا (۱۹) شروع ہونا۔ چھڑنا جیسے ذکر چلنا۔ بات چلنا (۲۰) اُٹھنا۔ بڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا جیسے اِس سے کتاب تو چلتی ہی نہیں (۲۱) رواں ہونا۔ خوب کام دینا۔ جیسے قلم یا سیاہی کا چلنا (۲۲) ٹہلنا۔ خرام کرنا۔ چہل قدمی کرنا (۲۳) بندوق یا توپ چھوٹنا۔ بندوق سر ہونا (۲۴) تیر و تیغ و خنجر وغیرہ کا رواں ہونا (۲۵) مدتوں قائم رہنا۔ خوب کام دینا۔ جیسے یہ کپڑا تو گھس گھس کر چلا ؎

نہیں رخت ہستی کو ہرگز ثبات گلے میں یہ پوشاک چلتی نہیں (برق)

(۲۶) کارگر ہونا۔ اثر کرنا جیسے جادو یا تعویذ کا چلنا ؎

کیا پوچھتا ہے تو عملِ بغض و محبت چلتا ہوا تعویذ سمجھ نقشِ درم کو (ذوق)

(۲۷) گردشِ جام و ساغر ٭ پیا جانا۔ نوش ہونا ؎

شراب کیوں نہ پلے فصلِ گل میں اے زاہد کہ نہریں جاری ہوئیں موسم بہار آیا (برق)

چلّو ۔ا۔ اسمِ مذکر۔ ہاتھ کی اس طرح کی مٹھی کہ جس میں پانی یا کوئی اور رقیق چیز رکھ لیں۔ کفِ آب وغیرہ ٭ ؎

زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں کیا ڈیڑھ چلّو پانی میں ایمان بہ گیا (ذوق)

چلّو بھر ۔ا۔ تابع فعل۔ چلّو کی مقدار۔ تھوڑا سا ٭

چلّو میں اُلّو ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ ذرا سی تند شراب یا تیز بھنگ میں مدہوش ہو جانا (شراب یا بھنگ کی تندی و تیزی کی تعریف میں بولتے ہیں جیسے چلّو میں اُلّو ہوئے میں تو کباب ٭

چلّو میں سمندر نہ سمانا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ کوزے میں سمندر نہ آنا۔ چھوٹے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چلو

ظرف والے سے بڑا کام نہ ہو سکنا۔ کم حوصلہ آدمی سے بڑے کام کا انصرام نہ ہونا

اِس بحر میں وہ نام بزرگ آوے سو کیونکر چلّو میں سمندر نہیں آتا ہے کسی رنگ (سودا)

چلوانا - ک - چلانے کا متعدی المتعدی +

چلوانا - ک - چلانے کا متعدی المتعدی +

چلوانس - ک - اِسمِ مؤنث - چلاہٹ (بچے کی وہ چلاہٹ جو مرض اُم الصبیان میں مرنے سے تین چار روز پیشتر شروع ہو جاتی ہے) +

چلون - ا - اِسمِ مؤنث - دیکھو (چلمن) +

چلّوں رونا - ک - فعلِ لازم - عو - کثرت سے رونا - زار و قطار رونا - زار زار رونا +

چلّوں لہو پینا - ک - فعلِ متعدی - عو - بہت سا لہو پینا - خوب مارنا - اچھی طرح ذبح کر کے لہو پینا - خوب ستانا - خوب پیٹنا +

چلّہ - ف - اِسمِ مذکر (از چل مخفف چہل) ۱ - چلّا - چالیس دن کا عرصہ - چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی + چالیس روز کا عمل - (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو (۴) وہ کلاوہ یا ڈورا یا بند جو حصولِ مطلب کے واسطے کسی ولی اللہ کے مزار یا مقدس درخت یا علم و منبر و تعزیہ پر اکثر بدعتی لوگ باندھا کرتے ہیں ؎

یا الٰہی نہ برآئی کوئی اِس دل کی مراد تیری درگاہ میں باندھا تھا نہ کھولا چلّا (سودا)

(۵) زچہ کا چالیسویں دن کا نہان - غسل نفاس زچہ کا سوا مہینے کا نہان (۶) چالیس دن کا جاڑا جو پوس سے شروع ہو کر سوا مہینے تک خوب زور سے پڑتا ہے جیسے دھن کے پندرہ مگھر بیچیں چلّے کے دن ہیں چالیس (کہاوت) (۷) زہ کمان - کمان کا چڑھاؤ - کمان کی تانت +

چلّہ باندھنا - ا - فعلِ متعدی - مُراد ماننا - منت ماننا (کسی بزرگ کے مزار یا مقام مقدس وغیرہ میں کلاوہ اِس نیت سے باندھنا کہ ہماری مُراد پوری ہوگی تو اُسے کھول دینگے

تُو بان رُخ جعد میں اور جعد زیبِ قد باندھا ہے یہی سر پہ چلّا بہار نے (نکہت)

چلّہ بندھنا - ا - فعلِ لازم - مُراد کا ڈورا یا کلاوہ کسی مقدس مقام پر بندھنا + ٹانگے کماں ہیں زخمِ دلِ ناامید پر چلّے بندھے ہوئے ہیں مزارِ شہید پر

چلّہ چڑھانا - ا - فعلِ متعدی - کمان کو زہ کرنا + تیر کو تانت میں رکھنا تانت کو تان کر کمان کے اُوپر لگانا +

چلّہ کھولنا - ک - فعلِ متعدی - منت کا ڈورا حصولِ مُراد کے بعد جا کر یا نذر تھا وہاں جا کر کھولنا +

چمپ

چلّہ کھینچنا - ک - فعلِ متعدی (۱) چالیس روز تک کوئی عمل یا وظیفہ گوشہ میں بیٹھ کر پڑھنا - چالیس روز تک نیت کر کے کچھ پڑھنا - معتکف ہونا - گوشہ نشین ہونا + ؎

مار کر جھکا وہ تائب ہوئے سفاکی سے معتکف تیغ ہوئی تیرنے چلّا کھینچا (۔ع۔)

چلیپا - ف - اِسمِ مؤنث - صلیب - دار - سُولی (یہ شکل + جو اکثر گرجاؤں وغیرہ پر عیسائی لوگ حضرت عیسیٰ کی یادگار میں بناتے ہیں شاعروں نے زُلف کو اکثر اِس شکل سے تشبیہ دی ہے اور تیر ایک قسم کی ضرب جو آڑی لکیریں کھینچ کر دی جاتی ہے)

چلی چلی نی ماکھنو آنیں - ک - (کہاوت - عو) پھسلتے پھسلتے یہانتک بات پھیلی + لڑکوں کا ایک کھیل +

چلے چلنا - ک - فعلِ لازم (۱) برابر چلے جانا - کہیں نہ ٹھیرنا (۲) چلتے چلتے سفر کرتے کرتے جیسے کہاوت چلی چلی کہاں گئی سوت کے پیسر +

چمّ - ک - اِسمِ مذکر - چام کا مخفف - چمڑا - چرم +

چمار - ک - اِسمِ مذکر - (چرم + کار) چمڑا + بنانے والا - (۱) موچی - چرم دوز - چرم ساز - دباغ - چرم فروش - چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا (۲ - صفت) کمینہ - سفلہ - نیچ - میلہ - کثیف +

چمار چودس - ک - اِسمِ مؤنث (۱) چماروں کی عید - چماروں کا بڑا تہوار + مجمع نالائقاں (۲) کمینہ خوشحالی - کمظرفی کے باعث چند روزہ خوشحالی پر اترانا +

چمارُوں کو عرش پر بھی بیگار - ا - غریب کی ہر جگہ کمبختی ہے (کہاوت ہے) +

چمارنی - ک - اِسمِ مؤنث (۱) چمار کی جورو + چمار کی تانیث (۲) کنول گٹے کا وہ پھول جس کے اندر کا زیرہ اپنی اصلی رنگت سے گرا ہوا بدرنگ ہو جاتا ہے +

چمبک - ک - اِسمِ مذکر (پورب) مقناطیس - آہن رُبا +

چمپا - ک - اِسمِ مذکر - ایک قسم کا درخت جسکا پھول سفیدی لئے ہوئے زرد اور نہایت مست خوشبو کا ہوتا ہے +

چمپاکلی - ک - اِسمِ مؤنث - گلے کے ایک زیور کا نام جس کے دانے چمپا کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں +

چمپت بتّا - ک - فعلِ لازم - چلا جانا - رفوچکر ہونا - غائب ہونا - جلدی سے چلا جانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چمپ

چمپت ہونا - ف - فعلِ لازم - رخصت ہونا - چلتا بنا - جلد چلا جانا - بھاگ جانا - ہوا ہو جانا +

چمپئی - ا - صفت - سنہری - سونے یا چمپا کی سی رنگت کا + ؎

چمپئی رنگ کا گرا اپنے دکھاوے عالم ایک عالم کا ہو دل ایک بغل میں چمپت (ذوق)

چمٹا - ا - اسمِ مذکر (گنوار) دست پناہ - آتش گیر - آتش کش - آگ پکڑنیکا آلہ +

چمٹانا - ف - فعلِ متعدی (۱) چسپاں کرنا - چپکانا (۲) پیچھے لگانا - سر کرنا (۳) لپٹانا +

چمٹنا - ف - فعلِ لازم (۱) چپکنا - لسنا - چسپاں ہونا (۲) سر ہونا - پیچھے پڑنا (۳) گتھنا - لپٹنا + ؎

چمٹتا ہے وہ سو سو بار آکر بچی اُس سے بھلا آنکھ جُھپکیں (رنگین)

چمچمچہ - ا - صفت - نقوسی معنی چمڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا - وہ چیز یا وہ شخص جو بمشکل کسی سے جُدا ہو - پیچھا نہ چھوڑنے والا - سر ہونے والا - چمٹو - لپٹو +

چمچمانا - ف - فعلِ لازم (ہندو) چمکنا - جھلکنا +

چمچہ - ن - اسمِ مذکر - شوربہ یا شربت یا کوئی اور رقیق چیز پینے کا ظرف - ڈوئی کفچہ +

چمچی - ا - اسمِ مؤنث - چھوٹا چمچہ - کتھا چونہ نکالنے کا ایک چھوٹا سا آلہ +

چمر - ا - اسمِ مذکر - چمار کا مخفف +

چمر توحید - ا - اسمِ مؤنث - مکمل توحید - ادنیٰ درجہ اور کم فہمی کی توحید (صوفی لوگ اُس توحید کو تمسخراً کہا کرتے ہیں جو کم فہم موحد حقیقت وحدت الوجود کے سمجھے بغیر سہاوت کا دم مارا کرتے ہیں) +

چمر جلاہا - ا - اسمِ مذکر - کولی - ہندو جُلاہا - مومن جُلاہے کا نقیض +

چمڑ - ا - اسمِ مؤنث - وہ چمڑے یا مُونج کی پتلی سی چیز جو چرخے کی لاٹھ اور دونوں گڑیاؤں میں رہتی ہے اُس کے اندر نکلا پھرتا ہے (۲) صفت) دُبلی - پتلی - لاغر - کمزور عورت +

چمرس - ا - اسمِ مذکر - چمڑے کا زخم - وہ زخم جو جُوتی کے چمڑے سے پڑ جائے

چمڑا - ا - اسمِ مذکر (۱) کھال - چرم - جلد - پوستِ حیوانات - ادھوڑی (۲) صفت) سخت - نہ گلنے کے قابل +

چمڑی - ا - اسمِ مؤنث - کھال - پوست جیسے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے +

چمڑی لینا - ف - فعلِ متعدی - مار کر کھال اُدھیڑ دینا +

چمک

چمک - ا - اسمِ مؤنث (۱) روشنی - جھلک - بھڑک - تاب - فروغ - تابش (۲) ترقی کرتا ہوا درد - ہُول + ؎

دل میں جو اک چمک سی تڑپ سے لگا ہیں بجلی گری تھی ہم پہ تری جلوہ گاہ میں (لاعلم)

چمک چانتی - ا - اسمِ مؤنث - عو - وہ عورت جو باش وضع نہایت زرق برق اور بنی ٹھنی رہتی ہے +

چمک دار - ا - صفت - چمکیلا - درخشاں - منور - چمکتا - جگمگاتا +

چمک دمک - ا - اسمِ مؤنث - جھلک - تابش - رونق اور جھمک - زیب و زینت +

چمگ - ا - اسمِ مذکر (ہندو) - ستیاناس - آہن ربا +

چمگادڑنا - ف - فعلِ متعدی - چمکارنا - پیار کرنا - دلاسا دینا گلے لگانا + گھوڑے کی پیٹھ ٹھوکنا - تھپکنا - مُنہ سے بوسہ کی سی آواز نکالنا +

چمکارا - ا - اسمِ مذکر - لمعہ - چمک - روشنی - تابش جیسے دُھوپ کا چمکارا +

چمکانا - ف - فعلِ متعدی (۱) آب دینا - اُوپ کرنا - صیقل کرنا - جھلکانا (۲) بھڑکانا - برافروختہ کرنا (۳) ڈپٹانا - گھوڑے کو دوڑانا + ؎

چمکاتے ہی جاتا ہے زمیں سے جو فلک پر سب کہتے ہیں خورشید درخشاں ہے یہ گھوڑا

ایک عالم ہے سوئے تنگ عدم پایہ کاب تو سن نازندہ ترک سنگر چمکا (ناسخ)

چمکنا - ف - فعلِ لازم (۱) روشنی دینا - تاباں ہونا - درخشاں ہونا - کوندنا (۲) رونق پکڑنا - شان و شوکت اور زیب و زینت حاصل کرنا مشہور ہونا - نام پانا رونق پانا - جلا پانا + ؎

گرد سے آئینہ پاتا ہے جلا دیکھ لو تم حُسن یہ آپکا مجھ خاک بسر سے چمکا (جرأت)

گرد افشاں ہے نیساں کرم سلطانِ عالم کا بہار آئی جو اب اہلِ چمن کی لکھنؤ چمکا (مرزا رفیع)

(۳) جھلکنا جگمگانا - دمکنا (۴) بھڑکنا - بدکنا - ڈرنا - توحش کرنا (۵) عروج پکڑنا - بلند ہونا - طلوع ہونا - اُدے ہونا جیسے ستارہ چمکنا سورج چمکنا (۶) زور پکڑنا - زور پر ہونا - ترقی پر ہونا جیسے بیماری یا پیشہ کا چمکنا (۷) لڑائی ہونا - جنگ ہونا - جھگڑا ہونا جیسے رُوم روس میں خوب چمک رہی ہے (۸) غصہ ہونا جھنجلانا - غضب ہونا جیسے چھیڑے کوئی چمکو کسی پر (۹) ڈپٹنا جھپٹنا گھوڑے کا خوب دوڑنا - فراٹا بھرنا (۱۰) ٹھکنا - سخت پن کی حرکتیں کرنا (۱۱) گرم بازاری ہونا - خوب بکری ہونا - کثرت سے خرید و فروخت ہونا جیسے بانبا چمکنا +

چمگو - ا - صفت - عو (۱) اُوادی - چھنال - فاحشہ - بدکار (۲) چغل - غموز - اوچل (۳) عیار - حرافہ - قطامہ (۴) لٹا کا - جنگجو - فسادی - جھگڑالو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

پچک

چمکوَل - ا - صفت - چمکتا ہوا - چمکدار - روشن - درخشاں +

چمکی - ا - اِسمِ مؤنث - جھوٹا مُقیش - جھوٹا کام - جیسے چمکی کا جوتا +

چمگادڑ - ا - اِسمِ مؤنث - شپرہ - خفاش (ایک نر مادہ پرند کا نام جو اکثر چھتوں میں لٹکا رہتا اور رات کو اُڑا کرتا ہے) +

چمن - ف - اِسمِ مُذکر (۱) سبز کیاری - چھوٹا سا باغیچہ جو گھر کے اندر لگا لیتے ہیں - بُستان سرا + پھولوں کا باغیچہ ؎

پرشیدہ ہے پھایوں سے ہر اک داغ تن اپنا پامال خزاں اب کیا ہے چمن اپنا (نسیم)

(۲) نہایت آباد شہر - غُنچہ شہر +

چمو - ا - اِسمِ مؤنث - امیر خسرو کے وقت کی ایک بھٹیاری کا نام جس کی تعریف میں خسرو کا یہ شعر مشہور ہے + ؎

اوروں کی چوپہری یا جے چتو کی اٹھ پہری باہر کا کوئی آوے نا میں آویں سارے ٹہری

چمونڑانی - ا - اِسمِ مؤنث - بچّوں کے ایک کھیل کا نام جسے پہلا دجا اور سات سمندر بھی کہتے ہیں +

چمونٹا - ا - اِسمِ مُذکر (۱) وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر نائی اُسترہ صاف کرتے ہیں - (۲) - بازاری) بیوقوف +

چمونی - ا - اِسمِ مؤنث - وُہ چمڑا جو قیدیوں کے پیروں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے واسطے لگا دیتے ہیں +

چنا - ا - اِسمِ مُذکر (۱) خود - بُوٹ - حمّص جیسے کھالے چنا رہے بنا (۲) - ع) اولاد - بچّہ جیسے جب دانت تھے تو چنے نہ تھے اب چنے ہوئے تو دانت نہیں یعنی جب پیسا تھا تو اولاد نہ تھی اب اولاد ہوئی تو دولت نہیں +

چُننا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) اِکٹھا کرنا - جمع کرنا - بینا - سمیٹنا - سکیڑنا (۲) انتخاب کرنا - چھانٹنا - پسند کرنا - اخذ کرنا - اِستنباط کرنا - مُستثنیٰ کرنا - لینا (۳) تعمیر کرنا - عمارت اُٹھانا - دیوار بنانا + ردّہ رکھنا (۴) لگانا - مرتّب کرنا - ترتیب دینا - سجانا - سلیقہ سے رکھنا جیسے دسترخوان پر کھانا چُننا (۵) پچگنا - دانہ اُٹھانا (۶) کپڑوں کو کھرّے سے یا چکلی سے چُننا - چُنّت ڈالنا (۷) پھٹکنا بنانا - اکونا کرنا +

چنار - ف - اسمِ مُذکر - ا - (ولایت کے ایک بہت بڑے درخت کا نام جس کی پتّیاں سُرخ اور پنجۂ انسان کے مشابہ ہوتی ہیں اگرچہ اُس میں پھل نہیں لگتا مگر لکڑیاں نہایت جوہردار ہوتی ہیں اور اکثر اوقات از خود آگ بھی لگ جایا کرتی ہے پنجۂ معشوق کو اُس کے پتّے سے اکثر تشبیہ دیا کرتے ہیں - اوّل درجہ - بارہ دوم میں بالبس ہے ؎

چنبیلی

تری سواری ہیں کبیدہ خاطر ہیں سُست جلویں ہیں جن گلستاں سے ہے چنار آیا (ناسخ)

(۲) ایک ہندی لگانے کی طرح جس سے ماتھوں میں قلمیں سی چھوڑ دیتے ہیں

چُنارنا - ا - فعلِ مُتعدّی - (گنوار) باترتیب اُوپر تلے رکھنا - ترتیب وار چُننا +

چُنان وچُنین - ف - (چُوں اُں + چُوں ایں) اِسمِ مؤنث (۱) ایسا ویسا - یُوں دُوں - اِس طرح - اُس طرح ؎

خطا ہیں توبت اُستے چناں اوچنیں لکھی پر بات اِک بنی ہوئی اب تک نہیں لکھی (ظفر)

(۲) لُغت تراشی - لسانی جیسے اِن کو تو بڑی چناں چنیں آتی ہے (۳) مین میکھ - نکتہ چینی - قباحت - نقص - عیب (۴) چرچا - ذکر اذکار - بحث بحثی

مجنی تُو نے نشاں جوے مجھیں ہے ستاروں ہیں کیا کیا چناں اور چنیں ہے (ذوق)

چُنانچہ - ف - تابع فعل - جیسا کہ - مثلاً - جسطرح پر - اسطور سے - اِسطرح سے +

چُنائی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) تعمیر - عمارت - عمارت کی بناوٹ اور ساخت (۲) چُننے کی مزدوری +

چنبیر - ف - اِسمِ مُذکر (۱) سرپوش - گردہ - حلقہ - گھیرا - مُحیط آسمان کا دور - (۳) چلم کا سرپوش - چلم کا ڈھکنا ؎

مُحرّر اسقدر ہوں جو قلیاں کا شوق ہو گر داب کی چلم ہو تو چنبر حباب کا (اسیر)

(۴) گردن کی ہنسلی + ؎

وہ قلیاں کشی اُس تُرک کو کیونکر پسند آئے نہ سونے کا نہ چاندی کا ہے چنبر ی گردن کا (اسیر)

چنبل - ا - اِسمِ مؤنث - ایک مشہور ندی کا نام جو دھولپور اور اگرہ وغیرہ سے گزرتی ہوئی جمنا میں گرتی ہے +

چنبل - ا - اِسمِ مُذکر (اصل میں چُنبل فارسی میں گدائی کو کہتے ہیں) کاسۂ گدائی بھیک کا پیالہ (۲) خفّہ کا سرپوش (۳) - ا - اِسمِ مؤنث) گوالیار اور دھولپور کے درمیان ایک مشہور ندی کا نام جسکا برساتی چڑھاؤ اور تاریخی واقعہ مشہور ہے +

چنبیلی - یا چنبلی - ا - اِسمِ مؤنث - ایک قسم کا چھوٹا پیالہ جو لگنی سے مشابہ ہوتا ہے (یہ لفظ فارسی چنبلی یعنی گدائے ماخوذ ہے چونکہ اکثر فقیر لوگ اس قسم کا پیالہ رکھتے ہیں اسوجہ سے یہ نام پڑ گیا) +

چنبیلی - ا - اِسمِ مؤنث (ایک مشہور خوشبودار پھول کا نام جسے فارسی میں یاسمن کہتے ہیں - یہ پھول زرد اور سفید دو قسم کا ہوتا ہے زرد میں خوشبو نہیں ہوتی) ۲ - لونڈیوں باندیوں کے نام (۳) فرضی نام جو گستاخ اور بے ادب اور بدمزاج عورت کے حق میں بولتے ہیں + جیسے چنبیلی چاؤ میں آئی بختیار یوڑیاں بانٹے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چنت

چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ ہی لائی +

چُنٹ - ا - اِسم مُؤنث - سلوٹ - اُتّو - شکن جامہ - چین جامہ و نیز سر زلفی معشوقہ +

چنتا - ا - اِسم مُؤنث - ہندو - فکر - اندیشہ - تشویش - ڈر - خوف - خطرہ +

چنچل - ا - صفت - اچپل - شوخ - شوخ مزاج - گرم - چُست و چالاک - شرّیر یا + ٹھہرنے والا - نچلا نہ بیٹھنے والا - بے چین +

چنچل سایہ کون رُوبرو ہے دل بر میں کبھو نہیں کبھو ہے (جرأت)

چنچنانا - ا - صفت - بدمزاج - رونا - بات بات پر ٹھنکنے والا - چیں چیں کرنے والا - چڑچڑا (بدمزاج لڑکے کے حق میں بولتے ہیں) +

چنچنانا - ا - فعل لازم - ٹھنکنا - چیں چیں کرنا - رونا - بدمزاج ہونا - بگڑنا (بچوں کے حق میں بولتے ہیں) +

چُن چُن کے نام رکھنا - ا - فعل متعدی - بات بات پر بُرا کہنا - چھانٹ چھانٹ کر نام رکھنا - ہر بات پر طعنہ دینا +

دیکھا جو مرا سینۂ صد چاک تو بلبل چُن چُن کے گلی رکھنے بہت نام قفس پر (نصیر)

چنچنے - ا - اِسم مُذکر - وُہ سُوت سے کیڑے جو بچوں کی مقعد میں پیٹ کے بگاڑ سے پڑ جاتے ہیں - چُرنے - کرم شکم - دیدان شکم +

چنچنے لگنا - ا - فعل لازم - ناگوار گزرنا - برچھیں لگنا - گاڑھ چلنا +

چند - ف - صفت (۱) کسقدر - کتنے - کچھ - قلیل - محدود - معدود +

چند بار - ا - تابع فعل - کئی بار - کئی مرتبہ +

چند روزہ - ف - صفت - پنجروزہ - عارضی - فانی - ناپائیدار - بے ثبات

چند - ا - اِسم مُذکر - چاند کا مخفف +

چندا - ا - اِسم مُذکر (۱) چاند - مہتاب - ماہ - چاند کی تصغیر بالمحبت (۲) مور کی دُم کا چاند +

چندا ماموں - ا - اِسم مُذکر - بچے چاند کو کہتے ہیں اور نیز ماں باپ بھی اِس نام سے چاند دکھا کر انکو بہلاتے ہیں اور ایک کھیل کا نام بھی ہے جس کے یہ فقرے ہیں چندا ماموں دُور کے - بڑے پکاویں بُور کے آپ کھاویں تھالی میں ہمکو دیویں پیالی میں پیالی گئی ٹوٹ چندا ماموں گئے رُوٹھ پیالی آئی اور چندا ماموں آئے دوڑ) +

چندان - ف - تابع فعل - اِسقدر - اتنی - ایسی جیسے رُوپے کی چنداں ضرورت نہیں مگر آدمی کی حاجت ہے +

چندرُ - س - اِسم مُذکر - چاند - ماہ - مہتاب + گیت ؎

بنے کچھ دیکھ تیری بنو ہے سہاگ بھری تاروں بھینی رات رے - رہیو جیسے چندرکی کرن کنول کی

چندر

چندر بنسی - ا - اِسم مذکر - ایک مشہور خاندان کا نام جس میں پانڈے اور کورو ہوئے ہیں +

چندر کلا - ا - اِسم مذکر (۱) چاند کے قطر کا سولھواں حصہ (۲) ایک زیور کا نام جو خاصکر مندروں کی مُورتوں کے سر پر بندھتا ہے +

چندرما - ا - اِسم مذکر - چاند - ماہ - ماہتاب +

چندر ہار - ا - اِسم مذکر - گلے کا ایک زیور جس میں چاند سے پڑے ہوئے ہوتے ہیں +

چندرانا - ا - فعل متعدی (۱) ٹھکرانا - جھٹلانا - بترانا (۲) جان بُوجھکر کوئی بات پُوچھنا - تجاہل عارفانہ کرنا +

چندراول - ا - اِسم مذکر (۱) مضافات دہلی سے جمنا کے کنارے ایک قصبہ ہے (۲) ایک مشہور گوجری کا نام جسکا قصہ مشہور ہے +

چندن - س - اِسم مُذکر - صندل - صندل کی لکڑی (ایک قسم کی خوشبودار لکڑی جو سُرخ سفید اور زرد تین قسم کی ہوا کرتی ہے دُوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے) +

چندوا - ا - اِسم مذکر - ٹوپی کے اُوپر کا حصہ - گول ٹوپی کے اُوپر کا گرہ +

چندہ - ف - اِسم مذکر - بہری - بانٹ - حصہ - وُہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لیکر کسی کام کے واسطے جمع کیا جائے +

چندھا - ا - صفت - وُہ شخص جس کی آنکھیں روشنی نہ دیکھ سکیں سیل کی بیماری والا - ماننی کھایا - پلک پیٹا - پلک جھڑا - شپرہ چشم +

چندی - ا - اِسم مؤنث - ٹکڑا - بھاگ - حصہ + ذرا ذرا معنی درمعنی جیسے ہندی کی چندی سمجھانا +

چندیا - ا - اِسم مؤنث - عو (چاند بمعنی کھوپری کی تصغیر) ۱ - سر - کھوپری (۲) چھوٹی سی روٹی + بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا - مثلاً پچھلی چندیا کھائی پچھلی بہت آئی (۳) روٹی کے بیچ میں جو گڑھا بڑھاتے وقت رہ جاتی ہے +

چندیا پر بال نہ چھوڑنا - ا - فعل لازم - عو - سر کے بال تک نہ رکھنا - مُفلس اور قلاش بنا دینا - لُوٹ لُوٹ کر کھا جانا - کورے اُسترے سے سر مُونڈنا +

چندیا سے پرے سرک - ا - محاورہ عو - پاس سے ہٹ - سر کے اُوپر سے الگ جا کر کھڑا ہو +

چندیا مُونڈنا - ا - فعل متعدی - عو - سر مُونڈنا + لُوٹ کر کھانا - دغا سے روپیہ لینا + سزائے سخت دینا +

چندیا کھانا - ا - فعل متعدی - عو - لُوٹ کر کھانا - مُفلس بنانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چند

چندیا گھجانا - ف - فعل لازم - عو - سر کھجانا - جوتیاں کھانے کو جی چاہنا - شامت آنا جیسے چندیا تو نہیں کھجائی +

چندے آفتاب چندے مہتاب - ا - محاورہ عو - خوبصورتی کی تعریف میں اکثر کہانیوں میں یہ لفظ آتا ہے یعنی چمک دمک میں چاند اور سورج سے بڑھکر +

چنڈال - ا - صفت (۱) نیچ - کمینہ - فرومایہ - ادنیٰ ذات کا ہندو - دوغلا ہندو (۲) بدنصیب - بدبخت (۳) بخیل - کنجوس - خسیس - ممسک + (چنڈال کشمیری زبان میں نگہبان کو کہتے ہیں چونکہ ہندی زبان میں اس کے معنی فرومایہ ترین مردم کے ہیں اور یہ لوگ اکثر گاؤں کی باقی وصول کرنے یا دیہات کی چوکیداری کے واسطے مقرر ہوا کرتے تھے اس سبب سے یہ نام پڑگیا لیکن اصل میں ان کا کام سُور پالنا اور اُسکا گوشت بیچنا تھا جب یہ لوگ اُمراء و سلاطین ہند کے درولتوں پر رہنے لگے تو خدمتی کے نام سے موسوم ہوئے - کہتے ہیں جلال الدین اکبر کے وقت سے دربانی کی خدمت ان کے سپرد ہوئی اور شراب فروشی کی خدمت ایک اور ادنے درجہ کے لوگوں کو دی گئی چنڈال کا نام کلال پڑگیا اکبر کے زمانہ میں فرقہ اول گوشت خوک اور دوم شراب بیچا کرتا لیکن اس کے بعد جو بادشاہ ہوئے انہوں نے عُشروں کی خدمت چنڈال قوم کے سپرد کی اس امر کی تفصیل تاریخ بدایونی میں بخوبی موجود ہے واللہ اعلم بالصواب) +

چنڈال بال - ا - اسم مذکر - وہ ایک بڑا بال جامے پر ہو جاتا اور اُسے منحوس جانتے ہیں +

چنڈالپنی - ا - اسم مؤنث - کمینی - سفلی - حرامزادی - لے لوٹ - سر ہو جانیوالی چندتن +

چنڈاول - ا - اسم مذکر (۱) لشکر کی آخری فوج - ہراول کا نقیض (۲) سنتری - چوکیدار - پاسبان - پہرے والا - ناظر - بہادر - سپاہی +

چنڈو - ا - اسم مذکر - چانڈو - ایک قسم کا نشہ جو افیون پانی میں پکا کر بنایا جاتا اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے اسکا رواج چین سے ہندوستان کی فوج لیکر آئی تھی

چنڈوباز - ا - اسم مذکر (۱) چنڈو کا نشہ کرنے والا چنڈو پینے والا (۲) زرد رنگ اور مُرزنی آدمی +

چنڈول - ا - اسم مذکر - سُکھپال - محافہ - ڈولا - ایک زنانہ سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں (۲) ایک مٹی کا کھلونا جسے چوگھڑا بھی کہتے ہیں اس معنی میں اصل چوڈول تھا +

چنڈول - ا - اسم مذکر - ایک خوش آواز چڑیا سے بڑے تاجدار پرند کا نام جس کو عربی میں قبرہ فارسی میں چکاوک کہتے ہیں (۲) بدتمیز اور بے ہنگم آدمی

چنگ

جسے پُرانا چنڈول بھی کہتے ہیں +

چنڑی - ا - اسم مؤنث - گنواری رنگ برنگ کا وہ پٹا - چونڑی - چونڑ +

چنگ - ا - اسم مؤنث (۱) قسم کی بٹیر جو گرمی کے موسم میں نکلتی ہے (۲) ہندو) کمر کی لچک - کمر کا جھکاؤ +

چنگ - ا - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا کنکوا جسکو رات میں غبارہ کی طرح ایک گیند روشن کرکے اُڑاتے ہیں ؎

ہوا بلند فلک پر ہے میرا شعلہ آہ ہمارا پیچ نہیں ہے کہ چراغ اُڑی (ظفر)

(۲) گجرات کی ایک بازی کا نام (۳) ہندو) چنگ - سوزش مثانہ - ایک مرض کا نام جس میں پیشاب تکلیف سے اُترتا ہے +

چنگ - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کا باجا +

چنگا - ا - صفت (۱) اچھا - تندرست - جیسے من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (۲) توانا - طاقتور (پنجاب میں یہ لفظ تنہا بھی بولا جاتا ہے مگر دہلی میں اجمل بھلا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے بھلا چنگا مرگیا) +

چنگاری - ا - اسم مؤنث (۱) انگاری - آگ کا چنگا - اخگر - آتشپارہ - شرارہ (۲) ایسی بات جو لوگوں کی سوختگی اور رنجش کا باعث ہو +

چنگاری چھوڑنا - ا - فعل متعدی - ایسی بات کرنا جس سے لوگوں کو رنج اور سوختگی ہو - فتنہ انگیزی کرنا - آگ لگانا - لڑائی کرانا +

چنگاری یا چنگی ڈالنا - ا - فعل متعدی (۱) آگ لگانا (۲) فساد کرانا - جھگڑا اٹھانا جیسے بنس میں چنگی ڈال بالو دور کھڑی +

چنگاریاں چھوٹنا - ا - فعل لازم (۱) آگ کے شرارے نکلنا - آگ کی لپٹیں اُٹھنا (۲) کمال جلال اور غضب کی خاہر ہونا - خشونت طبع نمایاں ہونا - خونخواری برسنا - اس معنی میں مونچھوں سے چنگاریاں چھوٹنا زیادہ بولتے ہیں اور یہ لفظ نہایت مفصل اور بہادر مگر خونخوار آدمی کی تعریف میں بولتے ہیں +

چنگل - ف - اسم مذکر (چنگال کا مخفف) ا - آدمی یا جانور کا پنجہ جیسے شیر وباز وغیرہ کا (۲) مٹھی - ہاتھ - جیسے چنگل بھر آٹا (کتب لغت سے چنگل فتح اول و ضم سوم معلوم ہوتا ہے) +

چنگھاڑ مارنا - ا - فعل لازم - مہیب آواز چلانا - ہاتھی یا دیو کا چیخنا +

چنگھاڑنا - ا - فعل لازم (۱) ہاتھی کا چیخ مارنا - دھاڑنا - مہیب آواز نکالنا (۲) مور کا چنگھاڑنا - مور کا بولنا ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چنگ

وہ ابر گہر فشاں کا اک شور پچگھاڑ رہے تھے ہر طرف مور (نظیر)

(۵) بعض شاعروں نے شیر کے دڑوکنے اور بادل کے گرجنے اور دیو کے چلانے کو بھی باندھا ہے ؎

سُن خروش نرہ اپنا ہے عدو تو چیز کیا کھا کے دہشت بھاگ جائے دیو بھی چنگھاڑ کر (انشا)

چنگی - ا - اِسم مؤنث (۱) چٹکی - چٹکی بھر - چٹکل بھر (۲) شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے - ٹیکس - پون ٹوٹی +

چنگیر - ا - اِسم مؤنث (۱) پھول رکھنے کا برتن - پھولوں کی ٹوکری - سبد گل (۲) خواں کا سرپوش - توڑہ پوش +

چنگیری - ا - اِسم مؤنث - روٹیوں کی ٹوکری (ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیشک دار ٹوکری +

چنندہ - ا - اِسم مذکر چیدہ - منتخب - چُنا ہوا - عمدہ - چھنٹا ہوا - چوٹی کا - اچھے سے اچھا (عوام) +

چنونگ - ا - اِسم مؤنث - پیشاب کی سوزش - حرقۃ البول - موت میں جلن ہونا +

چنوان - ا - صفت - دیکھو (چنندہ) چھنواں +

چنوانا - ا - فعل متعدی - بنوانا - اکٹھا کرانا - سمٹوانا +

چنور - ا - اِسم مذکر - مگس راں - چوری - مورچھل - چوڑی - سُرا گائے کی دُم جو مکھیاں اُڑانے کے واسطے امیروں کے ملازموں کے پاس رہتی ہے اور نیز گھوڑے کی دُم کی بھی ہوتی ہے ؎

ہو گئی تیز پائے حرص جب توڑا زیر ہاتھ آٹھایا جامے سر پر چنور ہونے لگا (ذوق)

چنہ - ا - اِسم مؤنث - نشان - علامت - دھبہ - بل - سلوٹ - اشارہ - کنایہ - خط و خال - شناخت - پہچان +

چنی - ا - اِسم مؤنث - سُرخ چھوٹا سا منگ جو اکثر تحفہ کے موقعوں کے درمیان ڈالتے ہیں - لالڑی - یا توت کا ٹکڑا +

چنیا گوند - ا - اِسم مذکر - ڈھاک کا گوند +

چنے کا تارا مرنا - ا - فعل لازم - ذرا سی چوٹ سے مرنا جیسے آدمی چنے کا مارا مرتا ہے +

چو - ا - اِسم عدد - چار - چہار - اربع +

چوا - ا - اِسم مذکر (۱) گنجینہ کا وہ ورق جس پر چار لفظ ہوتے ہیں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر یا چار ڈھیریاں +

چوب

چوا - ا - اِسم مذکر (ہندی) ارگجا خوشبو کی چیز - پانی کی سوت - بھیگی دال کا پھلکا

چوالیس - ا - صفت - چار اوپر چالیس - چہل و چہار - ۴۴ -

چوانا - ا - فعل متعدی - ٹپکانا - نچوڑنا - جیسے منہ میں پانی چوانا +

چواؤ - ا - اِسم مذکر - رساؤ - ٹپکاؤ - چکیدگی +

چوب - ف - اِسم مؤنث (۱) لکڑی - کندہ - سونٹا - شاخ - چھڑی (۲) آنکھ کی چوٹ - آنکھ کی ضرب (۳) شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی (۴) باجہ بجانے کی لکڑی - ڈنڈا +

چوبا - ا - اِسم مذکر (۱) بیخ - گھونٹا - کیل (۲) ایک قسم کے میٹھے چاول جنہیں میوہ وغیرہ لگا کر شادی میں بھیجتے ہیں - شکرانہ +

یکے ساجن ترے گھر دے میں تتی تھلی میا آج تیاری مرے چوبوں کی کروا سمدھن (زنگین)

چوبا - ا - اِسم مذکر - چترویدی - چار ویدوں کا عالم برہمن - متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم جو بہت سا کھانا کھانے میں مشہور ہیں اور ہندوانی بہت بڑی عزت کرتے ہیں +

چوبارا - ا - اِسم مذکر - کوٹھا - مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں

چوبائی - ا - اِسم مؤنث - چوطرفی ہوا - چاروں طرف کی ہوا +

چوبچہ - ا - اِسم مذکر (چاہ + بچہ) چھوٹا حوض - ہودا - حوضہ - گندے پانی کا گڑھا +

چوب چینی - ف - اِسم مؤنث - ایک مشہور دوا کا نام گل عباسی کی جڑ +

چوبدار - ف - اِسم مذکر - سونٹا بردار - چوبکی - سرہنگ - نقیب - عصا بردار (وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا سونٹا لیکر امیروں کے آگے چلتا ہے) +

چوبدستی - ف - اِسم مؤنث - ہاتھ کی لکڑی چھڑی - باندلی +

چوبرسمی - ا - اِسم مؤنث - مُردہ کی ایک رسم جو چار سال بعد اکثر ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے +

چوبغلا - ا - اِسم مذکر - چوٹے یا اگر کے بدن کے نیچے کا حصہ +

چوبندی - ا - اِسم مؤنث - نغلبندی - خراج +

چوبولا - ا - اِسم مذکر - ہندی زبان کے گیت - چار مصرعوں کا گیت +

چوبی - ف - صفت - لکڑی کا بنا ہوا +

چوبیس - ا - صفت - چار اوپر بیس - بست و چہار - ۲۴ +

چوپنیا - ا - اِسم مذکر (۱) چوبیس گانو کا پرگنہ (۲) ایک قسم کا جشر یعنی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چوپ

تعویذ پر جو بیس کا نقش +

چوپایا - ا - اسم مذکر (گنوا، چوپایا - چارپایہ - چارپاؤں کا جانور - گدھا خچر + حیوان مطلق +

چوپایہ - ا - اسم مذکر (دیکھو (چوپایا) +

چوپال - ا - اسم مؤنث (۱) بیٹھک - نشست گاہ - گاؤں کا وہ پختہ سکان جس میں پنچ بلکر بیٹھتے یا مسافر ٹھیرتے ہیں (۲) چوپہل کا بگڑا ہوا لفظ جیسے چوپال بینٹ +

چوپائی - یا **چوپئی** - ا - اسم مؤنث - رباعی - چار مصرعوں کی نظم +

چوپٹ - ا - صفت (۱) چاروں دروازے کھلے ہوئے - کھلا ہوا + فراخ - کشادہ جیسے چوپٹ کھلے پڑے ہیں (۲) تاہینا - اندھا + کور مادرزاد + اعمی - کورا - جاہل مطلق (۳) ویران - برباد - تباہ - خراب +

چوپٹ کرنا - ا - فعل متعدی - اُجاڑنا - برباد کرنا - ویران کرنا + لوٹنا - غارت کرنا + ؎

اپنے دروازے آگے رکھ نٹ کھٹ کئے ہیں اس نے گھر کے گھر چوپٹ (سودا)

چوپٹ ہونا - ا - فعل لازم - اندھا ہونا - ویران ہونا +

چوپڑ - ا - اسم مؤنث (۱) چوسر - پچیسی نرد بازی (۲) بساط چوسر چوچار سر اور چار کو نہ ہوتی ہے - چوسر کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں رکھتے ہیں +

چوپڑدنا - ا - صفت - چوپل موٹا - نہایت موٹا جس کے ہاتھ اور پاؤں میں تیر مزہو - سنڈ مسنڈ - خنگا - موٹا تازہ +

چوپڑ کا بازار - ا - اسم مذکر - چار راستوں کا بازار - وہ بازار جس کے چاروں طرف دوکانیں ہوں - چارسو - چار بازار +

چوپہلا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا ڈولا - محافہ +

چوپھلا - ا - صفت - چارپل کا - وہ چاقو جسمیں چار کار دہوں +

چوپہل - ا - صفت (۱) چار پہلو کی - مربع - چار پہلو (۲) اسم مؤنث چوڑی اینٹ

چوت - ا - اسم مؤنث - فرج - قبل - عورت کا اندام نہانی شرمگاہ زن +

چوت مرانی - ا - اسم مؤنث (گالی) کس مرانی - فاحشہ - قحبہ - زانیہ +

چوتارا - ا - اسم مذکر - چار تار کا بنا ہوا کپڑا - باجے کے ایک اوزار کا نام + ایک باجے کا نام +

چوتالا - ا - اسم مذکر (۱) چار ضرب - طبلہ کے بجانے کا ایک طریق (۲) ایک قسم کا گیان +

چوت

چوتڑا - ا - اسم مذکر - دیکھو (چوتڑا) +

چوترا بنانا - ا - فعل متعدی - (گنوا) مسالہ کرنا - ڈھالنا - اینٹ سے اینٹ بجانا +

چوتڑ - ا - اسم مذکر - سرین - کفل - گولا - پٹھا - چوڑا +

چوتڑ بجانا - ا - فعل متعدی - خوش ہونا - خوشی کی علامت ظاہر کرنا - بغلیں بجانا +

چوتڑ دکھانا - ا - فعل متعدی - پیٹھ دکھانا - پشت دکھانا - بے شرمی سے بھاگنا +

چوتڑوں پر پیاز کترنا - ا - فعل متعدی - سامنے دھوکا دینا - روبرو فریب دینا +

اہل مطبخ کی جب سنو آواز کتریں آقا کے چوتڑوں پر پیاز (سودا)

چوتڑوں پر پیاز کتروانا - ا - فعل متعدی - (عوام) روبرو فریب کھانا - چکما کھانا - چونا لگوانا +

چوتڑوں پر کھانا - ا - فعل متعدی - نہایت بیغیرتی اور بے عزتی سے شکست کھانا - بے غیرتی کی مات کھانا +

چوتڑوں کا لہو مرنا - ا - فعل لازم - چوتڑوں کے خون کی حرکت ہٹ کر اس قابل ہو جانا کہ بیٹھنے کے بعد اٹھنے کو جی نہ چاہے - جگہ بیٹھنے کے قابل ہونا +

چوتھ - ا - اسم مؤنث - چوتھا حصہ - ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ - ایک قسم کا خراج جو مرہٹوں نے مقرر کیا تھا جس میں ایک چوتھائی آمدنی لے لی جاتی تھی - چار یک - ربع - سرکاری مالگذاری کا چوتھا حصہ +

چوتھا - ا - صفت (۱) چہارم - رابع (۲) - پنجاب - ہندو، چاوتھا - اٹھاونی میت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم - سوم - تیجا +

چوتھائی - ا - اسم مؤنث - چہارم - چوتھا حصہ - ربع +

چوتھی - ا - اسم مؤنث (۱) چوتھا کی تانیث (۲) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے مگر اب کل تیسرے ہی روز ہو جاتی ہے +

چوتھی کا جوڑا - ا - اسم مذکر - وہ بھاری جوڑا جو ساچق کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے جسکو دلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے +

چوتھی کھیلنا - ا - فعل لازم - چوتھی کے روز دلہن کے گھر جاکر چھڑیوں اور سبز ترکاری اور میووں سے لڑنا یا ان چیزوں کو ایک کا دوسرے پر پھینکنا +

چوتھے پانچویں - ا - تابع فعل - گاہ بیگاہ - گاہے ماہے - کبھی کبھی - بھولے چوکے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چوٹ

بلتے تھے چوتھے پانچویں وہ وقت ہوگیا اب یہ کہ چار پانچ مہینے پہ حرف ہے (انشا)

چوٹنی - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کا سوتی بستر جسکو چار تہ کرکے بچھاتے ہیں - ایک قسم کا دوہترا بادلہ سوتی وغیرہ ٭

چوتھیا - ا - اسم مذکر (۱) چوتھے روز کا بخار - تپ رابع (۲) ممبردار - زمیندار ٭

چوتیا - ا - اسم مذکر - احمق - بیوقوف - گاؤدی - موڈھو - بھونڈو ٭

چوٹ - ا - اسم مؤنث (۱) ضرب - مار - کوب - کوفت - صدمہ - دکھ - تکلیف (۲) حربہ - حملہ - درندے یا موذی جانور کا حملہ ؎

سندھی لگا ہے چوٹ مرجاں پر ہاتھ لانا بگاڑ کیا کہنا (صبا)

(۳) طعن - تشنیع جیسے چوٹ چلنا (۴) صدمۂ عشق و محبت ؎

چوٹ پر چوٹ لگی دل پہ نئے عشق میں اور شام کو اور لگی وقتِ سحر اور لگی (ظفر)

(۵) خواہش - آرزو - چسکا (۶) جوڑ - جوٹ - مقابل ؎

ہمارا نالۂ پرشور و شورِ اسرافیل ہے چوٹ اسے دلِ اندوہگیں برابر کی (ظفر)

(۷) داؤں گھات - وار - چال - پیچ ؎

جو چوٹ ہے ابرو تری خالی نہیں جاتی آخر کو وہی کی جو سنبھالی نہیں جاتی (نسیم)

(۸) نقصان - ضرر ٭

چوٹ آنا - ا - فعلِ لازم (۱) ضرب آنا - صدمہ پہنچنا (۲) منہ آنا - آوازہ کسنا - طنز و طعن کی بات کہنا - طعن مارنا ٭

چوٹ ابھرنا - ا - فعلِ لازم - لگی ہوئی ضرب کا ظاہر ہونا - کسی تکلیف کا ہوائے مرطوب کے باعث از سرِ نو پیدا ہونا - درد کا دوبارہ ظاہر ہونا ٭

چوٹ بچانا - ا - فعلِ متعدی - خالی دینا حریف کی ضرب سے بچنا ٭

چوٹ پڑنا - ا - فعلِ لازم - ضرب یا صدمہ پڑنا - دھکا لگنا ٭

چوٹ پھیٹ
چوٹ چپیٹ } ا - اسم مؤنث - ضرب و صدمہ ٭

چوٹ چلنا - ا - فعلِ لازم (۱) وار چلنا - وار کرنا - حملہ کرنا (۲) منہ آنا - طعنہ دینا - آوازہ پھینکنا - طنز کرنا (۳) دو حریفوں کا باہم وار چلنا دو حریفوں کا لڑنا - داؤں کرنا ٭

چوٹ خالی جانا - ا - فعلِ لازم - وار خالی جانا - ہاتھ بہکنا - نشانہ چوکنا نشانہ خالی جانا ٭

چوٹ روکنا - ا - فعلِ متعدی - حریف کی ضرب کو سر پر روکنا - حریف کی ضرب کو رد کرنا ٭

چوچ

چوٹ کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) منہ مارنا - کاٹنا - ڈسنا - ضرب پہنچانا (۲) وار کرنا - حملہ کرنا - داؤں کرنا - پیچ کھیلنا - دھوکا دینا (۳) منہ آنا - طعنہ دینا - طنز کرنا ٭

چوٹ کھانا - ا - فعلِ لازم (۱) زخمی ہونا - صدمہ اٹھانا (۲) نقصان کا برداشت کرنا (۳) مار کھانا - پٹنا ٭

چوٹ لگنا - ا - فعلِ لازم (۱) صدمہ پہنچنا - ضرب لگنا - درد ہونا - اثر ہونا (۲) عشق ہونا (۳) پھانس لگنا - کھٹکا لگنا ٭

چوٹا - ا - اسم مذکر - چور - دزد - اٹھائی گیرا - سارق - اچکا - کیسہ بر ٭

چوٹی - ا - اسم مؤنث (۱) جمعد چونڈا - سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیتے ہیں - لمبے بال - چٹا - گندھے ہوئے بال - عورتوں کے سر کے بال (۲) قلۂ کوہ - منتہی کوہ - تیغ کوہ - سر کوہ - پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ (۳) وہ پر جو پرندوں کے سر پر ابھرے ہوتے ہیں - کلغی - طرّہ - جیسے بلبل کی چوٹی - (۴) سردار - سرغنہ - استاد جیسے یہ سب کی چوٹی ہے (ا - صفت) اونچا - بلند بڑھا کا چوٹی کا مضمون (۲ - صفت) چیدہ - عمدہ - منتخب - سب سے اوّل ٭

چوٹی رکھنا - ا - فعلِ لازم - سنت کے بال سر پر چھوڑنا ٭

چوٹی کا - ا - صفت - بڑھکا - عمدہ - اوّل درجہ کا چیدہ - چنندہ - چھنا ہوا جیسے چوٹی کا پھل ٭

چوٹی کرنا یا کنگھی چوٹی کرنا - ا - فعلِ متعدی - بال گوندھنا - بال سنوارنا ٭

چوٹی گوندھنا - ا - فعلِ متعدی - دیکھو (چوٹی کرنا) ٭

چوٹی والا - ا - اسم مذکر - بھنتا - بھوت ٭ ہمزاد - سایہ - بلا ٭

چوٹی ہاتھ ہونا - ا - فعلِ لازم - قابو اور اختیار ہونا کہتے ہیں جب بھتنے کی چوٹی ہاتھ آجاتی ہے تو وہ بے بس اور بے قابو ہو جاتا ہے پس اس خیال سے یہ اصطلاح ہے گئی ہے کیونکہ دست شانہ زور پاوے کہ ہے چوٹی پری کی ہاتھ اس کے (جرأت)

چوٹی کا - ا - صفت - دگلی (حرامی - حرامی موت - حرامزادی کا - قحبہ کا - فطامہ کا - چڈو کا ٭

چوٹی والا - ا - صفت - دگلی (حرامی - حرامی موت - حرامزادی کا ٭

چوچہ - ا - اسم مذکر (ہندو) ا - بیوقوف - موڈھو - بھونڈو (۲) کم دودھ دینے والی گائے ٭

چوچلا - یا - چونچلا - ا - اسم مذکر - ناز - نخرہ - لاڈ - پیار - اخلاص - **چوچلا بگھارنا** - ا - فعلِ لازم - ناز کرنا - نخرہ کرنا ٭

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چوچل

چُوچَل ہائی - ا - اسمِ مؤنث - نخرے بیبی - نازک مزاج - اترانے والی ✤

چُوچَل نایا - ا - اسمِ مذکر - عو - نخرہ بایا - لاڈلا ✤

چُوچَنڈ - ا - صفت - چار چند - چوگنا ✤

چُوچی - ا - اسمِ مؤنث - پستان - چھاتی - جبجی - تھن ✤

چُوچی پینا - ا - اسمِ مذکر - دودھ پیتا - ناداں - ناسمجھ ✤

چُوچی پینا - ا - فعلِ متعدی - دودھ پینا - انچل منہ میں لینا ✤

چُوڈانی - ا - اسمِ مؤنث - ایک کان کے زیور کا نام جس میں موتی کے چار دانے لگے ہوئے ہوتے ہیں ✤

چُودَس - ا - اسمِ مؤنث - چاند کی چودھویں تاریخ - ہندی مہینے کے ہر ایک پاکھ کی چودھویں تاریخ ✤

چُودنا - ا - فعلِ متعدی - جماع کرنا - لگنا - مجامعت کرنا - ہم بستر ہونا (بازاری بولتے ہیں) ✤

چُودُو - ا - صفت (بازاری) بہت لگنے والا - لگو ✤

چُودہ - ا - صفت - چار اوپر دس - چاردہ - ۱۴ ✤

چودہ بدیا - ا - اسمِ مؤنث - ہندی چودہ علم یعنی چار وید - چھے ارنگ - دھرم - میمانسا - نیائے - پران ✤

چودہ بدیا بندھان - ا - اسمِ مذکر (۱) چودہ علموں کا عالم ✤ بڑا بھاری فاضل (۲) پختہ کار - تجربہ کار - آٹھوں گانٹھ کمیت ✤

چودہ خانوادے - ا - اسمِ مذکر - سلسلہ زناد کے چودہ خاندان جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلے ہیں - چاروں پیروں کے نام لفظ چار میں دیکھو خاندانوں کے نام یہ ہیں ✤

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے عبدالواحد زید اور حبیب عجمی نے تلقین پائی - عبدالواحد سے پانچ خانوادوں کا ظہور ہوا - اوّل زیدیاں منسوب بہ عبدالواحد بن زید چلا سلسلہ خلیفہ حسن بصری سے چلا ہے دوم عیاضیاں منسوب بفضیل عیاض چلا سلسلہ خلیفہ عبدالواحد بن زید سے نکلا ہے سوم ادہمیاں چلا سلسلہ ابراہیم ادہم سے منسوب او خلیفہ فضیل عیاض سے چلا ہے - چہارم ہبیرہ یاں چلا سلسلہ ہبیرہ بصری سے جو دو واسطہ سے خلیفہ ابراہیم ادہم کے چلا ہے - پنجم حبیبیاں چلا سلسلہ خواجہ احاق سے چلا ہے - خواجہ حبیب عجمی کے ان خانوادوں کا انکاس ہوا ہے جن کی تفصیل ذیل میں درج ہے - اوّل عجمیاں منسوب بہ حبیب عجمی جو حسن بصری کے خلیفہ تھے - دوم طیفوریاں منسوب بہ بزید بسطامی جن کا نام طیفور اور وہ حبیب عجمی کے خلیفہ تھے - سوم کرخیاں منسوب بہ معروف کرخی - چہارم

چور

سقطیاں جو سری سقطی خلیفہ معروف کرخی سے منسوب ہے - پنجم جنیدیاں منسوب بہ جنید بغدادی جو سری سقطی کے خلیفہ تھے - ششم گاذرونیاں منسوب بہ ابو اسحاق گاذرونی جو دو واسطہ سے جنید بغدادی کے خلیفہ تھے - ہفتم طوسیاں منسوب بہ علاء الدین طوسی جو پانچ واسطہ سے خلیفہ مجمی تھے ہشتم سہروردیاں منسوب بحبیب سہروردی جو پانچ واسطہ سے خلیفہ حبیب عجمی تھے - نہم فردوسیاں - جو نجم الدین سہروردی خلیفہ ابوالنجیب سہروردی سے منسوب ہے - پس پانچ اور نو ملکر چودہ ہوگئے چونکہ جاہل فقرا ان ناموں کے یاد کرنے پر بڑا فخر کرتے اور اسی کو محک امتحان قرار دیتے ہیں اسلئے محتصراً لکھدیا ✤

چُودھَراٹ - ا - اسمِ مؤنث - چودھری پن - چودھری کا عہدہ - نمبرداری - سرداری - چودھری پنے کا حق یا فیس ✤

چُودھری - ا - اسمِ مذکر (۱) ہم پیشہ لوگوں کا سرگروہ - نمبردار - مقدم - گانو کا سردار - میر محلہ - میر بازار (۲) بنگال کے زمینداروں کا ایک خطاب ✤

چُودھویں - ا - صفت - چار دہم - چودہ سے نسبت رکھنے والی - چترد شی چترس ✤

چودھویں رات - ا - اسمِ مؤنث - چاند کی وہ شب جس میں چاند پورا ہوجاتا ہے - شب چاردہم ✤

چودھویں رات کا چاند - ا - اسمِ مذکر (۱) پورنماسی کا چاند - ماہ کامل - ماہِ تام - بدر (۲ - صفت) نہایت خوبصورت - قمر طلعت ✤

چُورَن - ا - اسمِ مذکر (۱) دُرُد - سارق - چوتا (۲) ناسور - گیت گھاؤ - زخم کے اندر کا چھید جو ہمیشہ باقی رہے اور اوپر سے اچھا ہوجائے

نشہ ہونیں اس ناوکِ دزدیدہ نظر کا جانے کا نہیں چور مرے زخمِ جگر کا (ذوق)

(۳) خفیہ درز - پوشیدہ سوراخ جیسے چھت کا چور وغیرہ (۴) دُرد حنا - مہندی کا چورہ وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جائے (۵) شمع کے ایک طرف سے گھل جانے کو بھی چور کہتے ہیں - شمع کی ایک جانب سے گداختگی ✤

داغ چمک دیکھکر عارض پہ کہتی ہے غلط کیا تماشا ہے کہ شمع اور میں بھی چور ہے (برق)

(۶) بدگمانی - بدظنی - بُرائی ✤

ادھر تو دل میں زمانے کے چور بیٹھا ہے اُدھر کو دل ہے وہ گاہک ہم و ہم (رنگین)

(۷) دُبکا - اندیشہ - خوف - خطر ✤

بے سبب آنکھیں نہیں مجھے چراتا دمبدم کچھ نہ کچھ میری طرف سے اُسکے دل میں چور ہے (داغ)

(۸) گنیفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جسے کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں

چور

کھیل تو دیکھو وہ چھپاتا ہے لیکن ہاتھ میں دل نہیں قبضہ میں گویا گنجفہ کا چور ہے (برق)

(۹- صفت) پوشیدہ۔ خفیہ۔ در پردہ (۱۰- صفت) جھوٹا۔ دروغگو۔ دغاباز۔ فریبیا +

چور بالو- ا- اسم مذکر- دلدل۔ چہلا۔ بالو ریت۔ سراب +

چور بدن- ا- اسم مذکر- وہ جسم جس کی مٹائی معلوم نہ دے۔ پوشیدہ فربہی۔ فربہئے نامعلوم +

چور بیٹھنا- ف- فعل لازم۔ بدگمانی ہونا۔ ڈر بکا ہونا۔ خوف ہونا۔ برائی جمنا +

چور پر مور پڑنا- ف- فعل لازم۔ ٹھگوں کو ٹھگنا۔ بدمعاش سے بدمعاشی کرنا۔ چور کے گھر میں خود چوری ہونا +

چور پیٹ- ا- صفت- مؤ- (۱) وہ حمل جو دکھائی نہ دے۔ وہ پیٹ جس کا حمل مدت تک متغیر نہو (۲) وہ دو پیٹا بڑھنا جسے مداری تماشا کرتے وقت چالاکی سے ایک رخ خالی اور دوسرا بھرا دکھاتے ہیں۔ بازیگروں کا وہ ڈبا جس میں مختلف قسم کی چیزیں کھولنے اور بند کرنے سے دکھاتے ہیں +

چور پیسا- ا- اسم مذکر- ڈیل پیسا جو خاک میں گر کر مشکل سے پایا جاتا ہے +

چور تالا- ا- اسم مذکر- بے معلوم قفل +

چور لیک- ا- اسم مؤنث- خفیہ راستہ۔ چور راستہ +

چور و چتر- ا- اسم مذکر- ہم شمنہ و ہم دزد۔ خوبی چور خوبی ساہ + ؎

ہم چور و چتر سنتے تھے سو آپ کو دیکھا دیں گالیاں اور مجھیے ہوئے آپ ہی برہم (رنگین)

چور چکار- ا- اسم مذکر- چور اچکا۔ چور و بدمعاش۔ چور و در۔ چور اور گٹھ کٹ +

چور خانہ- ا- اسم مذکر (۱) صندوقچہ کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ جو دوسرے خانہ میں ہو (۳) خلوت خانہ۔ خلوت گاہ +

چور دروازہ- ا- اسم مذکر- غیر معلوم دروازہ۔ وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہو

چور راستہ- ا- اسم مذکر- غیر متعارف راستہ +

چور زمین- ا- اسم مؤنث- دلدل۔ دھساؤ۔ دھسان پانک +

چور کچہری- ا- اسم مؤنث- عدالت خفیہ وہ محکمہ جو بدمعاشوں اور راہ زنوں کی سراغ رسانی کرے۔ خفیہ پولس۔ محکمہ خفیہ +

چور کھڑکی- ا- اسم مؤنث- پوشیدہ دریچہ۔ غیر معلوم +

چور کی ڈاڑھی میں تنکا- ا- کہاوت۔ یعنی جہاں گوشہ ہوتا ہے وہاں پائی جاتا ہے چور چوری کی بات کو اپنے اوپر لے جاتا ہے۔ اصل میں یہ ایک قاضی کے فیصلہ کی تلمیح ہے جس نے مشتبہ آدمیوں کو بلا کر کے اپنے پیارے سے کہا کہ جس کی طرف میں اشارہ کروں اسے گرفتار کر لینا۔ پس یہ کہتے ہی کہا کہ دیکھو چور کی ڈاڑھی میں تنکا ہے چور کے دل میں

چور

چونکہ ڈکلا تھا اسنے فوراً ڈاڑھی پر ہاتھ ڈالا اور اس حرکت سے وہ شناخت کر کے پکڑا گیا +

چور گلی- ا- اسم مؤنث (۱) بھوچہ خفیہ (۲) بیاتی۔ پیچا۔ کاوہ کپڑا جو راستوں کے بیچ میں رہتا ہے +

چور محل- ا- اسم مؤنث- حرم۔ سریت۔ وہ بیوی جو بیاہتا نہو۔ اصلی بیوی کے خلاف +

چور مونگ- یا- اڑد- ا- اسم مذکر- وہ چھوٹے چھوٹے سخت مونگ یا اڑد جو گھٹنے سے رہ جاتے ہیں۔ کنکر کوار ڈیا مونگ

چور ہٹیا- ا- اسم مذکر (از چور+ ہٹ یعنی ہاٹ۔ بمعنی دوکان) وہ دوکاندار جو چوروں سے مال خریدے۔ یہ لفظ اکثر اس صراف کی نسبت بولا جاتا ہے جو اچکوں یا بدمعاشوں سے چوری کا گوٹا کناری وغیرہ سستا اور ٹکے پیچھے خرید کر لیتا ہے۔ جسکو عوام چور ٹھیا بولتے ہیں) +

چور- ا- اسم مذکر (۱) ریزہ ریزہ پارہ پارہ ؎

نہیں بعید کہ ہو سنگ حادثات سے چور پہر ہے پہری نظروں میں نام شیشے کا (لا علی)

(۲- صفت) مدہوش۔ بدمست۔ مخمور۔ بیتوالا بیہوش۔ سرشار جیسے نشہ میں چور +

چورا- ا- اسم مذکر- برادہ۔ پیسا کوٹا۔ ریزہ +

چورا کرنا- ف- فعل متعدی (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (۲- ہندو) خوب مارنا۔ کوبکاری کرنا۔ بخوبی زدوکوب کرنا +

چوراسی- ا- صفت (۱) چار اوپر اسی۔ ہشتاد و چہار ۸۴- (۲) ایک قسم کا زیور۔ پابرنجن۔ خلخال۔ جھانجن ؎

صیدگہ ہو جانبگی محفل کسی کے رقص سے لوہے کے چھرے میں چوراسی کے اندر بولتے (بحر)

(۳) گھنگروں کا ہار جو گھنگھروں کے بیلوں کی گردن یا اس کے ڈنڈ میں باندھا جاتا ہے

چوراسیا- ا- صفت (۱) چوراسی برس کا۔ ہشتاد و چہار سالہ (۲- اسم مذکر) برہمنوں کی ایک قوم کا نام +

چوراونے- یا- **چوراونیں**- ا- صفت- چار اوپر نوے۔ چہل کم سو۔ نود و چہار ۹۴ +

چوراہا- ا- اسم مذکر- وہ جگہ جہاں سے ہر چہار طرف کو ایک راستہ جاتا ہو ؎

گرا ہے کوئی بیتاب اس بت کافر کے صدمے کا کہ چوراہے کو اکثر پوجتے ہندو سمجھتے ہیں (بحر)

چورس- ا- صفت- ہموار۔ مسطح۔ مربع۔ چوکور +

چورسانا- ا- فعل متعدی- ہموار کرنا۔ مسطح کرنا۔ مربع بنانا۔ چوکور کرنا۔ صاف کرنا +

چورسائی- ا- اسم مؤنث- ہمواری۔ برابری +

چورپہرو- ا- اسم مذکر- خفیہ پہرہ- پوشیدہ پاسبانی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چُورما - ا - اسم مذکر (ہندو آملیدہ +

چُورَن - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا سفوف جو ہضمی کے واسطے بنایا جاتا ہے - پاچک - چٹکی - پھنکی +

چُورنا - ف - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کر کے گھی دودھ یا کسی اور رقیق چیز میں ڈبونا جیسے روٹی چورنا +

چورنگ - ا - اسم مذکر (۱) برش شمشیر کا امتحان - ضرب شمشیر کی ایک قسم تلوار کی مشق + وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں +

نگاہ یاریوں دلبر سے ہر بار پڑتی ہے پیکانے جس طرح چورنگ پر تلوار پڑتی ہے (شیدا)

(۲) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا ؎

قاتل نے ایک ہی ہاتھ میں چورنگ کر دیا سینہ کہیں بدن کہیں اور دست و پا کہیں

(۳) تلوار کا وار - تلوار کا ہاتھ - تلوار کی ضرب +

اسماں سے تا زمیں اور گاؤ سے ماہی تلک امتحاں گر کیجئے اُسکا تو ایک چورنگ ہے (سودا)

چورنگ کاٹنا - ا - فعل متعدی - تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا - تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ضرب شمشیر سے برابر دو ٹوک کرنا +

بوقت جنگ جو چورنگ کاٹے کرے امتحان صفائے تیغ ہو منظور

بجنگ طائر بسمل زمین پر تڑپیں اِدھر کو رات کا سایا اُدھر کو صبح کا نور

چُورَنی - ا - اسم مؤنث - دُزدی - سرقہ +

چوری اور چترائی - ا - محاورہ - ایک تو چوری کرنا دوسرے حیلہ بازی دکھانا +

چوری اور سرزوری } ا - کہاوت - سرکشی کے ساتھ چوری کرنا -

چوری اور سینہ زوری } اپنے قصور پر نادم نہ ہو کر اُلٹا دوسرے کو قصوروار ٹھیرانا +

چوری چوری - ا - تابع فعل - چھپے چھپے - در پردہ + ؎

شوخی اُس چشم مست کی دیکھو چوری چوری جا سے لڑتی ہے

چوری چھپے - ا - تابع فعل - در پردہ - خفیہ + چھپواں - پوشیدہ و پنہاں - چپکے سے - بیخبری کی حالت میں + ؎

رات کو چوری چھپے پنچا جو میں گل چرایا اُس نے دوڑ و چور ہے (جرأت)

چوری سے - ا - تابع فعل (۱) دُزدی اور سرقہ سے (۲) چھپا کر خفیہ طور پر (۳) چپکے سے - بیخبری سے +

چوری سے دیکھنا - ا - فعل متعدی - دُزدیدہ نگاہ سے دیکھنا چھپ کر دیکھنا نظر بچا کر دیکھنا +

چوری کا گڑ میٹھا - ا - (کہاوت) سُنت کا مال سب کو پیارا لگتا ہے +

چوڑا - ا - صفت - چکلا - فراخ - کشادہ - وسیع + پہن - عریض - پہناور +

چوڑا - ا - اسم مذکر (۱) ہاتھی دانت یا لاکھ وغیرہ کی چوڑیوں کا جوڑا (۲) ایک قسم کا زیور (۳) پوربی (دیکھو دُچوڑا) (۴) گنوار) خاکروب - حلال خور - مہتر - بھنگی - چوہڑا +

چوڑا کر دینا - ا - فعل متعدی - عو - گیلا کر دینا - بھگو دینا - چلا کر دینا جیسے موت موت کر نہا لچے چوڑا کر دئے +

چوڑان - ا - اسم مؤنث - چوڑائی - عرض - پہنائی - فراخی - وسعت +

چوڑانا - ا - فعل متعدی - عریض کرنا - پھیلانا - فراخ کرنا - کشادہ کرنا +

چوڑاؤ - ا - اسم مذکر - پھیلاؤ - پاٹ - عرض وسعت +

چوڑائی - ا - اسم مؤنث - دیکھو (چوڑان) +

چوڑی - ا - اسم مؤنث (۱) حلقۂ دست - دست برنجن - لاکھ کانچ یا سونے چاندی وغیرہ کے حلقے جو سُہاگن عورتیں اکثر ہاتھ میں پہنا کرتی ہیں (۲) پیچ وہ پیچ جو کسی پُرزے میں کٹے ہوئے ہوں اُن میں سے ہر ایک کو چوڑی کہتے ہیں (۳) گنوار) مہترانی - خاکروبن - بھنگن - چوہڑی (۴) صفت - عو - نازک - بودی - وہ چیز جو ادنیٰ سی ضرب سے ٹوٹ جائے - اِس جگہ کانچ کی چوڑی سے مراد لیکر یہ معنی عورتوں کے لگائے ہیں +

چوڑی کی مثال - یا - مانند - ا - صفت - نہایت نازک بودا +

چوڑیتا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا دھاری دار کپڑا +

چوڑی دار پائجامہ - ا - اسم مذکر - وہ تنگ پائجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑتی ہیں +

چوڑیاں - ا - اسم مؤنث - چوڑی کی جمع +

چوڑیاں بڑھانا - ا - فعل متعدی - عو - چوڑیاں اُتارنا - چوٹیاں اتار کر رکھنا

چوڑیاں پہننا - ا - فعل لازم (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) عورت بنکر پردہ میں بیٹھنا - عورت بننا - عورت کا پیشہ لینا - نامردی اختیار کرنا (فقرا) جیسے چوڑیاں پہنکر گھر میں بیٹھ جاؤ یا چوڑیاں پہن لو (۳) عوام ہندو شادی کرنا جیسے دیور پر چوڑیاں پہن لیں + (یہ رسم ہندوؤں کے ہاں دستور ہے جو برہمن بنیوں اور کھتریوں کے علاوہ ہیں) +

چوڑیاں پہنانا - ا - فعل متعدی - (ہنڈہ - عو) (فعل معلوم (۲) بیوہ عورت کی شادی کرنا +

چوڑا - ا - اسم مذکر - مویشی کے گوبر پیشاب وغیرہ سے تر تہ بہ گیلی ہوئی کیچڑ (۲) صفت) گیلا - بھیگا ہوا +

Digitized by Wahabban Trust Digital Library

چوڑ

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - ف - فعل متعدی - چوڑیاں توڑنا - (دو موقعوں پر بولتے ہیں ایک تو لڑائی جھگڑے یا غصے کی حالت میں جب عورتیں خود توڑ ڈالتی ہیں دوسرے جس وقت عورت بیوہ ہو کر سہاگ بڑھاتی ہے اُس حالت میں چوڑیاں توڑنا کہتے ہیں مگر اور موقع پر یہ لفظ زبان پر لانا فال بد خیال کیا جاتا ہے - دوجمنی ہندوؤں میں یہ رسم نہیں ہے)

چوڑیاں ٹھنڈی ہونا - ف - فعل لازم - چوڑیاں ٹوٹنا - کسی صدمہ یا ضرب سے چوڑیوں کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا +

چوزہ - ا - اسم مذکر (فارسی والے عموماً چوجہ بولتے ہیں) ۱ - مرغی کا بچہ - پٹھا پٹھ (۲) نوعمر اور خورد سال آدمی + پٹھیا - جوان لڑکی +

چوزہ باز - ا - اسم مؤنث (بازاری) کسبی جو بچوں سے زیادہ رغبت رکھے - لونڈوں باز - لونڈوں سے فعل بد کرانے والی +

چوسٹھ یا چونسٹھ - ک - صفت - چار اوپر ساٹھ - تین بیسی اور چار - شصت و چہار - ۶۴ +

چوسر - ک - اسم مؤنث (۱) نردبازی - پچیسی - چوسر اور پچیسی میں اتنا فرق ہے کہ یہ پانسوں سے کھیلی جاتی ہے اور وہ کوڑیوں سے (۲) بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں - مثلاً چوسر بچھانا +

چوسر باز - ا - اسم مذکر - چوسر کا کھلاڑی - نردباز + ؎

جنگ نرد کیا کٹ گئے ہیں دیکھنے والے کے سر تیغ سی ہے چال اُس محبوب چوسر باز کی (ناسخ)

چوسنا - ک - فعل متعدی (۱) مکیدن کا ترجمہ - نچوڑنا - جذب کرنا - سوکھنا - پینا + دودھ پینا (۲) نچوڑنا - عرق نکال لینا +

چوغہ - ت - اسم مذکر - جبا - لبادا - جبہ - ایک قسم کا مہذب لباس +

چوک - ک - اسم مؤنث (۱) بھول - خطا - سہو - قصور - فراموشی (۲) ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام + ایک کھٹی چیز کا نام جو لیموں سے بنتی ہے (۳) ترش - نہایت کھٹا + ؎

لائی ہے دوا تو مری خاطر جو بنا کر کھائی نہیں جاتی ہے یہ وہ چوک ہے دائی (رنگین)

چوک - ک - اسم مذکر (۱) مربع - مربع میدان (۲) صحن وسیع - انگنائی (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں - چار سو - (۴) سامنے کے چار دانتوں کی لڑی جس اوپر کے ہوں خواہ نیچے کے جن کو چوکا بھی کہتے ہیں +

چوکا - ک - اسم مذکر (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) سنگ مرمر کی مربع سل مربع پتھر - چوکور سل (۳) ہندوؤں کے روٹی پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں جیسے چوکیوں کا چوکا وغیرہ -

چوک

(۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک پیمانہ کا نام +

چوکا - ک - اسم مذکر - ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام +

چوکڑ - ک - اسم مؤنث (پورب) بھونسی - چوکھر +

چوکڑ - ک - صفت - اچھا - نادر - عمدہ +

چوکڑی - ک - اسم مؤنث (۱) جست آہو - ہرن کی کلانچ - زغند - پھلانگ - گزند آہو (۲) چار گھوڑوں کی گجھی (۳) ایک زیور کا نام (۴) حد - حد بست +

چوکڑی بھرنا - ک - فعل متعدی - ہرن کا کلانچیں مارنا - زغند لگانا - پھلانگ مارنا + کُدکنا - اُچھلنا - اُڑنا +

چوکڑی بھول جانا - ک - فعل لازم - سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - حواس باختہ ہو جانا - ہوش نہ رہنا + ؎

واہ کیا ہوش رُبا ہیں تری آنکھیں مہتاب چوکڑی کیا کہ ہرن راہِ ختن بھول گئے (ناسخ)

چوکس - ک - صفت (۱) ہوشیار - خبردار - سُرتا - محتاط - چوکنا (۲) تول میں پورا - ٹھیک - کامل الوزن (۳) سیر و - حوالہ +

چوکس رہنا - ک - فعل لازم - خبردار رہنا - ہوشیار رہنا - بیدار رہنا - نگہبان رہنا +

چوکسی - ک - اسم مؤنث - خبرداری - ہوشیاری - پاسبانی - نگہبانی - احتیاط - چوکیداری

چوکنا - ک - فعل لازم (۱) بھولنا - غلطی کرنا - خطا کرنا - سہو ہونا جیسے چوکا سو گیا (۲) باز آنا - باز رہنا جیسے وہ بڑوں کے سامنے بھی نہیں چوکتا (۳) نشانہ پر نہ بیٹھنا - نشانہ نہ لگنا +

چوکنا - یا - **چونکنا** - ک - فعل لازم - ڈرنا - خوف کھانا - متوحش ہونا نیند میں اچھل پڑنا + بدکنا - بھڑکنا (اہل دہلی نون غنہ کے ساتھ بولتے ہیں) +

چوکنا - ک - صفت - (چوکنا + کان واہ) ہوشیار - خبردار - سُرتا + بیدار مغز - باخبر دُور اندیش - چوکس +

چوکنا ہونا - ک - فعل لازم - ہوشیار ہونا - چیتنا - بیدار ہونا + بھڑکنا - بدکنا + تیز ہونا +

چوکور - ک - صفت (۱) مربع - چوگوشہ - چورس (۲) - ظرافتاً) خربہ اندام - نہایت موٹا آدمی +

چوکھا - ک - صفت (۱) خالص - کھرا - بے غش - بے میل - اصل - صاف (۲) اچھا - خوب (۳) عمدہ - نادر - پسندیدہ +

چوکھٹ - ک - اسم مؤنث - چوب آستانہ - دروازہ کی چار لکڑیاں جن میں پٹ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چوک

لگائے جاتے ہیں۔ دہلیز۔ عتبہ +

چوکھٹا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ آئینہ کا گھر۔ وہ چار لکڑیاں جنمیں آئینہ جڑا جاتا ہے۔ ڈھانچا۔ تصویر یا نقشہ وغیرہ کا فریم +

چوکھونٹ ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) چاروں طرف۔ چودیں (۲) دُنیا۔ عالمِ آفاق (۳۔ تابعِ فعل) ہر طرف۔ ہر سمت +

چوکھونٹا ۔ا۔ صفت۔ چارگوشہ۔ چار پہلو۔ مُربع +

چوکی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) چھوٹا تخت۔ کُرسی (۲) پہرا۔ پاسبانی (۳) اسٹیشن۔ پڑاؤ (۴) باری۔ اوسر اوار جیسے آج بادشاہ کے ہاں اُن کی چوکی ہے (۵۔ لشکری) کسی کا صاحب لوگوں یا امیروں کے پاس شب باشی کو جانا (۶) اخذ دست سیوا۔ (۷) کری (۸) نیاز۔ نذر۔ فاتحہ۔ بھیٹ (۹) مُوکل۔ بیر۔ جادو۔ ٹُونا (۹) قوالوں کا گروہ (۱۰۔ ہندو) گلے کے ایک طلائی زیور کا نام جسے پٹری بھی کہتے ہیں یہ زیور ہنسلی سے مُشابہ مگر چوڑس ہوتا ہے +

چوکی بٹھانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی (۱) پہرا بٹھانا + حراست میں کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ محافظ بٹھانا ؎

ہاں سے جاتے ہو جو گھر کو تو دلِ پُر درد پر ۔ ایک بیتابی کی چوکی کو بٹھا جاتے ہو (جرأت)

(۲) جادو کرنا + بیر بٹھانا۔ مُوکل بٹھانا +

چوکی بھرنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ عو۔ (۱) باری باری سے پہرا دینا۔ اپنے اپنے وار سے جاگنا (۲) دیوی دیوتا کے استھان پر جاکر بھینٹ چڑھانا۔ اولیاء اللہ یا شہیدوں کے مزار پر نوچندی جمعرات کو جاکر عُقدہ کشائی کی مدد مانگنا۔ نیاز دلوانا + ؎

گزری محفلِ عشرت میں گزرتا عاشق ۔ چوکیاں جاکے زدرگاہوں پہ بھرتا عاشق (نکہت)

چوکی پہرجانا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ بیخانہ جانا۔ خدمت خانہ میں جانا (امیروں کے دستے برتے ہیں)

چوکی جانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی۔ خرچی جانا۔ خرچی پہرجانا + ؎

چوکیاں جاتی ہے وہ بے تو ایسا ہو گیا ۔ مُنہ تری ڈاڑھی پہ تو جوڑو کا بھڑوا ہو گیا (راسخ)

چوکی خانہ ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ وہ مکان جہاں اُمرا کے درباری اور حضّار اپنی اپنی حاضرباشی پر موجود ہو کر بیٹھتے ہیں +

چوکی دینا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی (۱) پہرا دینا پاسبانی کرنا۔ نگہبانی کرنا (۲) کُرسی دینا۔ کُرسی پر بٹھانا +

چوکیدار ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ پاسبان۔ نگہبان۔ محافظ۔ نگراں۔ پہریدار۔ پہرائی +

چوکیدارا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ حق پاسبانی۔ چوکیداروں کا ٹیکس +

چوکیداری ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) پاسبانی۔ نگہبانی۔ محافظت (۲) چوکیداری کی بابت

چول

کا ٹیکس + حق پاسبانی۔ وُہ چندہ جو نگہبانی کی بابت دیا جائے (۳) محافظت کا کام + چوکیداری کا کام +

چوگا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ پرندوں کی غذا۔ دانہ +

چوگا بدلنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ دانہ بدلی کرنا۔ خوراک بدلنا۔ دانہ بدلنا +

چوگان۔ یا چوغان ۔ف۔ اِسمِ مذکر (۱) گیند کا بلا۔ گلی کا ڈنڈا۔ وُہ ڈنڈا جو برسی کی طرف سے کج ہو۔ چوب نقارہ ۔ فولادی گیند اُچھالنے کا سر کج بلا کو کبہ (۲) ایک قسم کا گیند کا کھیل۔ گھوڑے پر چڑھکر دوڑنے کی کھیل۔ پولو +

چوگان کھیلنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ گیند بلا کھیلنا۔ گھوڑے پر چڑھکر دوڑنے کا کھیل۔ پولو +

چوگڑا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) وُہ مقام جہاں چار گاؤں کی حدیں ملیں (۲) چار گانووں کا گچھا۔ عام چار چیزوں کا میل +

چوگڈی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ بانس کی پتلی کھپچیوں سے جو جانور پکڑنے کی ایک قسم کی کل بناتے ہیں اُسے چوگڈی کہتے ہیں +

چوگرد ۔ا۔ تابعِ فعل۔ گردا گرد۔ چاروں طرف۔ آس پاس +

چوگلا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ گُل چار برگہ۔ چار پنکھڑی کا پھول ؎

بہارِ عالمِ امکاں نہایت بے حقیقت ہے ۔ عنا بر کو سمجھ اک چوگلا ہے باغ فانی کا (بحر)

چوگنا ۔ا۔ صفت (چو + گُنا) چار چند +

چوگوشیا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) چار گوشہ کی ٹوپی (۲) تُرکی گھوڑا +

چوگھڑا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) چار خانوں کا سونے یا چاندی وغیرہ کا بکس (۲) بچوں کے کھیلنے کا ایک چار کلیوں کا ظرف جو اکثر دیوالی میں بکتا ہے (۳) ساچق کی آرائش کی وُہ ٹہلیاں جو ایک ایک ٹٹی پر چار چار ہوتے وغیرہ سے بھری ہوئی رکھی جاتے ہیں (۴) سفید بڑی الائچی۔ چوبیل چھوٹی الائچی +

چول ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) وہ چھید جس میں کیلا پھرتا ہے + وہ چھید جس میں دُوسری لکڑی ملائی جائے (۲) باشندہ۔ لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۳) جوڑ۔ تُخلی۔ بند جیسے پھرتے پھرتے چولیں ڈھیلی ہو گئیں

چولا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) جسم۔ قالب۔ دیہ (۲) ایک قسم کی پوشاک جو دلہن کو برات کے روز پہناتے ہیں (۳) چلی۔ انگرکھے کا بالائی حصّہ +

چولا بدلنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی (ہندو) قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا۔ ایک جسم سے دُوسرے جسم میں حلول کرنا + یہ ایک بڑی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چول

کرامت ہے جو مرتاضوں کو حاصل ہوتی ہے +

چولا چھوڑنا - ف - فعل لازم - قالب چھوڑنا + پران چھوڑنا - مرنا - انتقال کرنا +

چولائی - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کا ساگ جو سرخ یا سبز ہوتا ہے - لال ساگ +

چولہا - ا - اسم مذکر - دیگدان - دیگیا - اجاغ - آتشدان - آگ کے رہنے کی جگہ +

چولہا پھونکنا - ف - فعل متعدی (حقارتاً یا غصہ سے) چولہا گرم کرنا - آگ سلگا کر روٹی پکانا + روٹی پکانا +

چولہے آگ نہ گھڑے پانی - ا - (کہاوت) اس نہایت مفلس کے حق میں بولتے ہیں جسے کھانے پینے کو میسر نہ ہو +

چولہے میں پڑے / چولہے میں جائے - ا - محاورہ دعو - (۱) آگ لگے - خاک میں ملے - اجڑ جائے (۲) ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں - بردار ارم - بلا سے +

چولی - ا - اسم مؤنث (۱) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ - اوپر کے دھڑ کا حصہ (۲) گنوار) انگیا +

چولی دامن کا ساتھ - ا - محاورہ - لازم ملزوم - قدیمی ساتھ - وہ آدمی یا دو چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں +

چولیں ڈھیلی ہونا - ف - فعل لازم - زیادہ کام کرنے یا چلنے پھرنے سے تھک کر چور چور ہو جانا +

چومنا - ا - اسم مذکر (گنوار) بوسہ + مچھو - مٹھی + بتی +

چومنا چاٹنا - ا - اسم مؤنث - بوس و کنار - اختلاط - ناز و نیاز - رنگ رس +

چومنا سا - ا - اسم مذکر - برسات کے چار مہینے - برسات - برکھا - برشکال +

چوم چاٹ کے چھوڑنا - ف - فعل متعدی (۱) اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دیکر اسکے خیال سے باز آنا - سلام کرنا - ہاتھ اٹھانا ۔ بھلے چنگے جوان دیر کے روڑے پتھر چوم اور چاٹ کے میں کھپ کے چھوڑے پتھر (انشا) (۲) کام نکالکر چھوڑنا +

چومکھ - ا - اسم مؤنث (صحیح چہ + مکھ) چار بتی کا چراغ - وہ چراغ جسکے چاروں طرف بتی روشن کریں اس میں آٹے کا ہو یا دھات کا +

چومکھ جلانا - ف - فعل متعدی منت کا چراغ جلانا - صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا +

چومکھنا - ا - صفت (۱) چار منہ کا (۲) اسم مذکر) چار بتی کا چراغ (۳) پٹا بازی کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح پھیرا جائے کہ کسی طرف سے حریف کا گھونسا نہ آئے (۴) وہ پھکڑ باز جو ایک اکیلا چار کو جواب دے +

چون

چونٹکھی - ا - اسم مؤنث - ہندوؤں کی ایک دیبی کا نام + ایک درخت جسکے بیج کا نام

چونمٹا - ف - فعل متعدی (۱) بوسہ دینا - کسی بزرگ کے مزار کو ادباً منہ لگانا (۲) بوسہ لینا - بتی لینا + پیار کرنا - پچکارنا - چمکارنا (۳) ادباً تعظیم دینا +

چومنا چاٹنا - ف - فعل لازم (۱) چومنا چاٹی کرنا - بوس و کنار کرنا - پیار کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا - لتو پتو کرنا +

چومنزلا - ا - اسم مذکر - چار منزل کا مکان - وہ اونچا مکان جس کے اوپر تک چار درجے ہوں +

چومیخا کرنا - ف - فعل متعدی - چت یا اوندھا ڈالکر چاروں ہاتھ پاؤں چوبوں سے باندھکر سزا دینا - چار میخ کردن کا ترجمہ +

چون - ا - اسم مذکر (گنوار) آٹا - آرد + چونہ +

چوں - ا - اسم مؤنث - آواز گوز + چمڑے وغیرہ کی آواز +

چوں نکرنا - ف - فعل لازم - جواب نہ بجانا - اُف نکرنا - کچھ نہ بولنا - مات بھلانا - چپ چاپ کوئی کام کر دینا - انکار نہ کرنا +

چون - ا - صفت - چار اوپر پچاس - پنجاہ و چہار - ۵۴ +

چونا - ا - اسم مذکر (۱) ایک کلس - قلعی - سفیدی - وہ پتھر یا کنکر جو کوئلوں میں پکا لیا جائے (۲) صفت) تیز تند - مگر کھٹاس کی تیزی پر اطلاق ہوتا ہے جیسے کھٹا چونا +

چونا لگانا - ف - فعل لازم (۱) نمک دینا - ذلیل و خفیف کرنا - چمکہ دینا (۲) عورتوں میں دستور ہے کہ جب کسی کی چھیڑ جاتی رہتی ہے تو وہ مسجد میں چونا لگا دیتی ہے تاکہ لینے والا اندھا ہو جائے +

چونپ - ا - اسم مؤنث (۱) شوق - چاؤ - خواہش - امنگ - اچھاہ (۲) بڑھاوا (۳) سونے کی کیل جو اکثر ہندو دانتوں میں نجات کی غرض سے لگاتے ہیں (۴) ضد - ہٹ +

چونپ دینا - ف - فعل متعدی - بڑھاوا دینا + کسی کام پر آمادہ اور مستعد ہونا وہ جو برے چھیڑے کو نکالا کر چونپ دی دم سے ندامانہ اسکے جانی کو سونپ دی (انشا)

چونمترا - ا - اسم مذکر - ہندو - دیکھو (چومنزلا) +

چونتیس - ا - صفت - چار اوپر تیس - سی و چہار - ۳۴ +

چونچ - ا - اسم مؤنث (۱) منقار - پرندوں کا منہ (۲) نوک - برا (۳) زبان لو - جیب جیسا دھتا بولتے ہیں جیسے چونچ سنبھالو یعنی بدزبانی کو روکو ہم - جھڑپ + باتوں کی لڑائی + متنازع لفظی جیسے دو دو چونچیں ہو گئیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چون

چونچ سنبھالو - ک - (محاورۂ عوام) زبان روکو۔ للو سنبھالو۔ بدزبانی نکرو +

چونچ مارنا - ک - فعلِ متعدی۔ ٹھونگ مارنا۔ مقلب زنی کرنا (۲) بیہودہ بکنا - واہی تباہی زبان سے نکالنا +

چونچال - ک - صفت - عو - (۱) ہوشیار - چالاک - مستعد - چست جیسے بڑھال پڑی تھی ویسی ہی چونچال ہوگئی (۲) توانا + سیانا - سمجھدار جیسے بچہ دن بدن چونچال ہوتا گیا +

چونچلا - ک - اسمِ مذکر - ناز و نخرہ - غمزہ و دلال - ناز و کرشمہ +

چوں چوں - ک - اسمِ مؤنث (۱) چڑیوں کی آواز ؎

سانجھ سویرے چڑیاں چوں چوں چوں چوں کرتی ہیں
چوں چوں چوں چوں کیا وہ بیچوں بچوں کرتی ہیں (نظیر)

(۲) گاڑی کے چلنے کی آواز - نئے جوتے کی آواز (۳) ایک کھلونے کا نام جو کھینچنے سے اس طرح کی آواز نکالتا ہے +

چونڈھ - ک - اسمِ مؤنث - خیرگی +

چونڈھیانا - ک - فعلِ لازم - ترمرانا - چکا چوند ہونا - خیرہ چشم ہونا چکدار یا تابدار چیز کو دیکھکر آنکھوں کا جھپک جانا ؎

چونڈھیا کر ابھی گرتے ہیں فلک پر تارے کیوں بدن زیرِ فلک کرتے ہو خوباں اپنا (ناسخ)

(۲) حیرت زدہ ہونا - متحیر ہونا (۳) گھبرا جانا - حواس باختہ ہو جانا +

چونڈرا - ک - اسمِ مذکر - عو (۱) سر - مونڈ - منڈ یا (۲) چوٹی - جوڑا - وہ بالوں کا گچھا جو عورتیں سر پر لاکر باندھ لیتی ہیں (۳) پرندوں کی چوٹی - دو چند پر جو پرند کے سر پر ابھرے ہوئے ہوتے ہیں (۴) کچا گنواں +

چونڈے پر ڈولا اچھلنا - ک - فعلِ لازم - سوکن بنکر آنا - سوکن بنا (یہ اصطلاح خاص لکھنؤ میں بولی جاتی ہے اس لفظ کے معنی ہیں کہ نئی جورو کا ڈولا پہلی جورو کے سر پر رکھنا یعنی پہلی بیوی کے ہوتے دوسری بیوی کا نکاح میں آنا جیسے ان بیبی کا بھی ایک دفعہ میرے چونڈے پر ڈولا اچھل چکا ہے یعنی میری سوکن بن چکی ہیں) +

چونر - ک - اسمِ مؤنث - گنواری رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ - چنری چوندر +

چونری - ک - اسمِ مؤنث - موٹھیل + مرد ران +

چونڑی - ک - اسمِ مؤنث - دیکھو (چنری) +

چونسٹھ - ک - صفت - چار اوپر ساٹھ - شصت و چہار - ۶۴ +

چونسٹھ گھمبا - ک - اسمِ مذکر - دہلی کی دو مشہور عمارتوں کا نام جن میں سے ایک نظام الدین میں جس کے اندر مرزا عزیز کوکلتاش خاں کا مدفن ہے - سنگ مرمر کی

چوہ

بنی ہوئی ۶۴ ستونوں پر موجود ہے اسکی تعمیر ۱۰۳۳ ہجری میں ہوئی دوسری عمارت خراب حالت میں ترکمان دروازہ کے باہر ہے +

چونک - ک - اسمِ مؤنث - رمیدگی - وحشت - بھڑک - چمک - جھپک +

چونک اٹھنا - ک - فعلِ لازم - (۱) دفعتہً گھبرا کر جاگ اٹھنا - سوتے سوتے اچھل پڑنا (۲) چوکنا ہو جانا - ہوشیار ہو جانا - بدک جانا + گھبرا جانا - متعجب ہو جانا +

چونک پڑنا - ک - فعلِ لازم - دیکھو (چونک اٹھنا) +

چونکنا - ک - فعلِ لازم (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا (۲) بدکنا - بھڑکنا - رمیدہ ہونا - کودنا (۳) ہوشیار ہونا - جاگنا - بیدار ہونا - چوکنا ہونا (۴) گھبرانا - ہکا بکا ہونا - حیرت میں ہونا +

چونکہ - ف - حرفِ شرط - کیونکہ - اسلیے کہ - اسواسطے کہ +

چونگا - ک - اسمِ مذکر (پورب) ا - خوشامد درآمد - للو چپو - چاپلوسی + چرب زبانی - فریب (۲) باٹس کا تلوا - تلوا +

چون وچرا - ف - اسمِ مذکر - حیل و حجت - بحث و تکرار - ردوبدل - رد و کد - جرح و قدح +

چوبی - ک - اسمِ مؤنث - دال کا بڑا دہ - وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے +

چوبی بھی کہے مجھے بھی سے کھاؤ - ک - کہاوت (یعنی ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا - لیاقت سے پڑھکر تعلیم کا طالب ہونا - نااہل ہوکر اہل میں داخل ہونا) +

چوتھی - ک - اسمِ مؤنث - پاؤلا - روپیکا چوتھا حصہ - چار آنے - وہ چاندی کا سکہ جو چوتھائی روپیہ میں چلے (۲) چوتھا حصہ - چہارم جیسے چوتھی کا شریک +

چوتھے والیاں - ک - اسمِ مؤنث - ایک قسم کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی اور بدھائی لیکر چلی جاتی ہیں +

چوہا - ک - اسمِ مذکر (د) موسا - موش - فار + گھوس (۲) ناک کا سوکھا ہوا رینٹ - ناک کا میل +

چوہا سے کپڑے - ک - اسمِ مذکر - نہایت میلے کپڑے - میلے کچیلے کپڑے +

چوہان - ک - اسمِ مذکر - راجپوتوں کی ایک ذات +

چوہترا - ک - اسمِ مذکر - چارتہ - چاترتا +

چوہتر - ک - صفت - چار اوپر ستر - ہفتاد و چہار - ۷۴ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چوہ

چوہٹا - ا - اِسمِ مذکر (پورب) ۱- چوک - وُہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو (۲) وُہ جگہ جہاں چار دُکانیں ہوں +

چوہڑا - ا - اِسمِ مذکر (گنوار) خاکروب - بھنگی - حلالخور +

چوہڑی - ا - اِسمِ مؤنث - خاکروبن - بھنگن - حلالخوری +

چوہی - ا - اِسمِ مؤنث - (گنوار) چوہیا - چوہا کی تانیث +

چوہیا - ا - اِسمِ مؤنث - دیکھو (چوہی) +

چوہیا سے دانت - ا - اِسمِ مذکر - چھوٹے چھوٹے دانت - دندانِ موش +

چوہے کا بچا بھی شیر ہوتا - ا - فعلِ لازم - نام کو اولاد نہ ہونا - لڑکا بالا نہ ہونا - بے اولاد ہونا +

چوہے دنتی - ا - اِسمِ مؤنث عورتوں کے ایک دستی زیور کا نام جس کے دانے چوہے کے دانتوں سے مشابہ ہوتے ہیں + کنگن +

چوہیا - ا - اِسمِ مذکر - پانی کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی بھر بھر کر ٹھیرا جائے + سطحِ آب مجازاً +

چہ - ف - حرفِ استفہام - کیا +

چہ خوش - ف - کلمۂ طنز - کیا خوب - واہ کیا کہنا ہے - کیا بات ہے - کھرے آئے - خاصے آئے +

چہ خوش چرا نباشد - ف - کلمۂ طنز - ہاں کیوں نہ ہو - کیا کہنے ہیں - بے شک اسی قابل ہو +

جب یہ کہا کہ مجھ کو تمھے ملنے کا ہے اشتیاق بجد
اک بار وہ کھلکھلا کے رنگین بولے کہ چہ خوش چرا نباشد

چہ معنی - ف + ع - اِستفہام - کیا باعث - کیوں - کیا بات - کیا وجہ کیا سبب - کس لئے +

چہ معنی دارد - ف + ع - اِستفہام - کیا سبب ہے - کیا وجہ - کیا باعث ہے

چہہ - ف - اِسمِ مذکر (۱) چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا (۲) وُہ پل جو دریا کے کنارے سے کشتی تک آسانی سے سوار ہو جانے کے واسطے بنا دیتے ہیں (۳) پل کے دونوں سرے +

چھ - ا - صفت - شش - ستہ - تین اور تین - ۶ +

چھاپ - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) مُہر - ٹھپا + نشان دینے - ملامت + دھات کا چپا جس سے چندن لگا دیا جاتا ہے +

چھاپ لگانا - ا - فعلِ متعدی - مُہر لگانا - ٹھپا لگانا +

چھپا

چھاپا - ا - اِسمِ مذکر (۱) مُہر - ٹھپا (۲) وُہ نشان جو ہندو وجاتری دُوار کا اور تیرتھوں میں جا کر اپنے بازوؤں اور کندھوں پر لگواتے ہیں (۳) چھاپنے کا آلہ - قالبِ طبع (۴) مطبوع - چھپا ہوا (۵) شبخون - رات کو شبخیر پر چڑھ کر قتل عام کرنا (۶) تجارت کے مال کا وُہ نشان جو محصول لے لینے کی علامت ہے (۷) (لکھنؤ) وُہ نشان جو عورتیں صمک یعنی طباق نذر یا گھر کی دیوار پر بنا دیکے وقت لگا دیتی ہیں (۸) نقشہ - صُورت - تصویر - تمثال + ۹ سویں رنگ ہے کچھ کچھ تری زیبائی کا جامۂ گل میں ہے چھاپا تری رعنائی کا (بحر) (۹) سانچا ڈھالنے کا ظرف (۱۰) مُہر خرمن - چاک - کھلیان پر ٹھپا لگانے کا آلہ (۱۱) مطبع - چھاپہ خانہ +

چھاپا مارنا - ا - فعلِ متعدی - شبخون مارنا + ۹ بجبر قتل کیا شب کو صفِ ہرگاں نے - چھپ کے فوجِ بتِ بیرحم نے چھاپا مارا (برق)

چھاپنا - ا - فعلِ متعدی - مُہر لگانا + نقش کرنا - ٹھپا اُٹھانا + طبع کرنا + نشان کرنا + شائع کرنا - پھیلانا + مشہور کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا + بیاہ کی رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نقاشوں سے آراستہ کرنا +

چھاپے خانہ - ا - اِسمِ مذکر - مطبع - کتابوں کے چھاپنے کا کارخانہ +

چھاپے خانہ والا - ا - اِسمِ مذکر - مطبع والا - چھاپے خانہ کا مالک + ملازمِ مطبع +

چھاتا - ا - اِسمِ مذکر (گنوار) ۱- بڑی چھتری - چھتر - چھتریں (۲) بڑا سینہ - سینہ کشادہ - سینہ باز +

چھاتی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) سینہ - صدر (۲) چوچی - پستان + تھن (۳) ہمت - حوصلہ - دل - گردہ جیسے بڑی چھاتی کی (۴) استقلال - مضبوطی - استحکام (۵) سخاوت - فیاضی +

چھاتی اُمنڈ آنا - ا - فعلِ لازم - عو - دل بھر آنا - درد یا غم کے باعث رونا آجانا + چھاتی ابھر آنا +

چھاتی بھر آنا - ا - فعلِ لازم - عو - (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا پگھل جانا - چھاتی اُبھر آنا (۳) رحم آنا - ترحم آنا - دل کڑھنا - ترس آنا (۴) چھاتی میں دُودھ بھر آنا - مادری محبت کے باعث دُودھ اُتر آنا +

چھاتی بھر جانا - ا - فعلِ لازم گھوڑے کے سینہ میں خون کا اکٹھا ہو جانا +

چھاتی تڑیڑ جانا - ا - فعلِ لازم کھانسی یا زکام سے آواز کا بھاری پڑ جانا +

چھاتی پتھر بنجانا - یا - ہونا - ا - فعلِ لازم - عو - دل کا سخت ہو جانا - رحم نہ رہنا - کٹھور ہو جانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھا

چھاتی پر پتھر رکھنا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ سخت دِلی اختیار کرنا۔ دِل سخت کرنا + صبر کرنا +

چھاتی پر پھیرنا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ ہر وقت سینہ پر پھیرنا۔ ہر وقت یاد آنا۔ (جب کوئی بچہ حال کا مرا ہوا ہوتا ہے اور ماں کو برابر یاد آتا ہے تو اُس موقع پر یہ فقرہ کہتی ہے) +

چھاتی پر چڑھکر ڈھائی چلّو لہو پینا - ف۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ سخت سزا دینا۔ جان سے مار ڈالنا (نہایت غصّہ کی حالت میں یہ کلمہ زبان پر آتا ہے اور کبھی نوبت بھی پہنچ جاتی ہے)

چھاتی پر دھر کر لیجانا - ف۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لیجانا جیسے چھاتی پر دھر کر کوئی نہیں لیجاتا (کہاوت) +

چھاتی پر سانپ پھر جانا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ رشک آنا۔ رشک گزرنا

ہاتھ سینے پہ کسی کے جو نہ دھرا جائے پھرے سانپ چھاتی پہ مرے کینہ کہ دندانے پھرے (نکہت)

(۲) افسوس آنا۔ ملال گزرنا۔ حسرت ہونا ؎

رکھ اے مہ پارہ سینہ عاشقِ محزوں کی چھاتی پر
پھرے تا انکشاں سے سانپ شب گردوں کی چھاتی پر (نکہت)

(۳) ملال ہونا۔ رنج گزرنا۔ صدمہ پہنچنا

ہلا کے زلف نہیں کی تھی کس نے بوسہ پر جو پھر گیا ہری چھاتی پہ اُس نہیں کا سانپ (انشا)

چھاتی پر سانپ لوٹنا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو (۱) افسوس آنا۔ ملال آنا۔ حسرت آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا ؎

غیر ہے سینہ بسینہ ہوئے تم سانپ چھاتی پہ یہاں لوٹ گیا (لالہ علم)

(۳) رشک آنا۔ حسد ہونا۔ رباعی

یا ایک پری سے وصل تھا آٹھ پہر یا دیتے ہیں رنج مجھکو جن شام و سحر
یا کاکلِ دلدار سے تھا ربط مدام یا لوٹتے ہیں سانپ مری چھاتی پر

چھاتی پر مونگ دلنا - ف۔ فعلِ متعدی۔ عو (۱) رشک دلانا آتشِ غیرت سے جلانا (یہ محاورہ اکثر عورتیں ایسے موقع پر بولتی ہیں کہ جب خاوند کے سر پر کسی سوکن کو لانا یا خود عورت اپنے خاوند کے ہوکے اور سے اظہار رکھتی ہے مثلاً خاوند کا چھاتی پر مونگ دلنا کہیگی تو وہاں غرض ہوگی کہ اُس کی چندے اسکے سامنے ناشائستہ حرکت کرنا اور جب کہیگی کہ خاوند بیوی کی چھاتی پر مونگ دلتا ہے تو اس سے غرض ہوگی کہ غیر عورتوں کو گھر رکھنا اور بیوی کو جلانا ہے اس کے علاوہ آپس میں ایک دوسری کو جلانے کی نسبت بھی بولتی ہیں جیسے تیری چھاتی پر مونگ دلوں اور یہی ہر دو قسم کی عورتیں کہتی ہیں)

مونگ چھاتی پہ دوگا نا مرے دلتے بیٹھی (ترکیبیں)

(۲) عذاب دینا۔ تعزیر دینا۔ سزا دینا ؎

نہیں کم آسیا سے گردشِ اس چرخِ پیر کی کہ اس عالم کی چھاتی پر یہ ظالم مونگ دلتا ہے (ظفر)

چھا

چھاتی پک جانا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ چوچی میں زخم ہوجانا (۲) عاجز ہوجانا۔ جان سے بیزار ہوجانا۔ غم کھاتے کھاتے اُکتا جانا۔ تکلیف سہتے سہتے عاجز آجانا +

چھاتی پکڑ کر رہ جانا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ دِل مسوس کر رہجانا۔ دل ہی دل میں غم و افسوس کرکے بیٹھ رہنا + کسی رنج پر اُف نکرنا +

چھاتی پکڑنا - ف۔ فعلِ لازم۔ چھاتی پر ہاتھ ڈالنا +

چھاتی پھٹنا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ (۱) سینہ کا شق ہونا۔ دِل پر صدمۂ عظیم گزرنا۔ دِل بے تابو ہونا + ؎

کونسی شب ہے جو رو رو کے نہیں کٹتی ہے شام ہوتی ہے اُدھر چھاتی اِدھر پھٹتی ہے (آتش)

(۲) کسی کی دولت دیکھکر رشک ہونا۔ آنکھیں پتھرانا۔ جلنا۔ حسد کرنا +

چھاتی پیٹنا - ف۔ فعلِ لازم (۱) سینہ کوبی کرنا۔ سینہ زنی کرنا (۲) ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا (۳) غصّہ ظاہر کرنا غصّہ میں سینہ پیٹنا (۴) کسی کی دولت کو ہُونسنا۔ حسد ظاہر کرنا +

چھاتی پر بال ہونا - ف۔ فعلِ لازم۔ شجاعت رحمدلی اور دریادلی کی علامت ہونا۔ مردانگی اور مروت کا نشان ہونا +

چھاتی تلے رکھنا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ پاس رکھنا + جان کے برابر رکھنا۔ آنکھوں سے دُور نہ ہونے دینا۔ اپنی بغل میں رکھنا جیسے اپنا بچہ اور اپنا مال

چھاتی تلے اچھا +

چھاتی تلے رہنا - ف۔ فعلِ لازم۔ پاس رہنا۔ آنکھوں کے سامنے رہنا +

چھاتی ٹھکنا - ف۔ فعلِ لازم۔ اطمینان ہونا۔ طمانیت ہونا۔ تسلی ہونا +

چھاتی ٹھنڈی کرنا - ف۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ (۱) دِل خوش کرنا (۲) اپنی دشمنی نکالکر خوش ہونا۔ دِل ٹھنڈا ہونا + ارمان نکالنا + کینہ نکالنا +

چھاتی ٹھنڈی ہونا - ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ دِل خوش ہونا۔ دِل ٹھنڈا ہونا + ارمان نکلنا۔ حسرت نکلنا +

چھاتی ٹھوکنا - ف۔ فعلِ متعدی۔ عو (۱) اطمینان کرنا (۲) دِل مضبوط کرنا جیسے اپنی چھاتی ٹھوک کر وہاں جانا +

چھاتی جلانا - ف۔ فعلِ متعدی (۱) دِل جلانا۔ دِل میں سوزش پیدا کرنا۔ رنج دینا۔ صدمہ دینا ؎

گلے اُس رشک سے لگ کر ایک دو رات مہینوں تک مری چھاتی جلائی (میر تقی)

(۲) رشک دلانا۔ حسد دلانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھا

چھاتی جلنا - ا - فعلِ لازم - عو (۱) سینہ میں سوزش ہونا (۲) غم یا حسد یا رشک سے دل جلنا ۔

چھاتی چھنا یا چھنی ہو جانا - ا - فعلِ لازم - عو - غم یا صدموں کے باعث سینہ کا پُر داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا ۔

چھاتی دھڑکنا - ا - فعلِ لازم - عو (۱) دل کا تپنا - دل لرزنا (۲) خوف چھانا (۳) دل دُکھنا - دل پر صدمہ گزرنا جیسے روپیہ دیکھکر تمہاری کیوں چھاتی دھڑکی

چھاتی دینا - ا - فعلِ متعدی بچے کو دودھ پلانا بچے کے منہ میں چوچی دینا ۔

چھاتی سراہنا - ا - فعلِ لازم - عو - (۱) تاب و تحمل کی تعریف کرنا - برداشت اور بُردباری کی واہ واہ کرنا ؎

اے لاڈ گو فلک نے دیئے تجھکو چار داغ چھاتی بھری سراہ کہ ایک دل ہزار داغ (سودا)

(۲) تحسین و آفرین کرنا - شاباشی دینا - کسیکی بہادری کا مُقر ہونا - صدر حمت کہنا لگا کر اُس سے دل چندے جو کوئی اُسکو چاہیگا تو اے رنگین یہ قیس ہے وہ بھری چھاتی رہیگا (رنگین)

چھاتی سے لگا کر رکھنا - ا - فعلِ لازم - عو - بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا جان کے برابر رکھنا - آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا ۔

چھاتی سے لگانا - ا - فعلِ متعدی - عو - فرطِ محبت و اخلاص کے باعث سینہ سے چمٹانا گلے سے لگانا - پیار کرنا - انگ لگانا (۲) تسلی دینا - دلاسا دینا - چمکارنا پچکارنا ۔

چھاتی سے پتھر ٹلنا - ا - فعلِ لازم (۱) دل کا بوجھ دور ہونا - بارِ خاطر کا دُور ہونا (۲) بیٹی کا بیاہا جانا ۔

چھاتی کا اُبھار - ا - اسمِ مذکر - نوئے پستان - کُچوں کا اُوپر کو اُبھر آنا - عورت کی چھاتیوں کا باعثِ بلوغت نمایاں ہو جانا علامت بلوغتِ زن ؎

دباؤ ہے آب - واں کا ہر مگر چھاتیوں کا نہیں کم اُبھار (خاک)

چھاتی کا پتھر یا پہاڑ - ا - صفت (۱) گرانیِ دل - بارِ خاطر - سنگ سینہ - ناگوارِ خاطر - خلافِ طبع ؎

کوئی کہے ہے کہ ہم ایسے چھاتی کے ہیں پہاڑ تو چاہیے کہ ہمیں شب کو زہر دیجے گھول (سودا)

(۲) بارِ غم - بارِ الم - اندوہِ خاطر - سوہانِ رُوح

پیسا غم محبوب نے جینگ کہ جیئے ہم یہ چھاتی کا پتھر نہ سرکنا تھا نہ سرکا (بحر)

(۳) جوان بن بیاہی یا ناتہ بیٹی جسکا خرچ ماں باپ کے سر ہو ۔

چھاتی کا پھوڑا - ا - اسمِ مذکر - تخمِ جگر - سوہانِ رُوح - وبالِ جان - وبالِ گردن - اپنی طبیعت کے مخالف آدمی ۔

چھا

چھاتی کا جم - ا - اسمِ مذکر (۱) قابضُ الارواح - فرشتۂ موت ؎

اُٹھا یا غیر کو محفل سے تو نے جی گیا عاشق بغیر از جاں نہ نکلے گا نہ جم جاتا (ظفر)

(۲) ناگوارِ خاطر - بارِ خاطر - سنگِ سینہ - سوہانِ رُوح ؎

مجھے دوزخ ہے بن تیرے اگر محفل ارم ہووے جو دو جام جم ہووے مری چھاتی پہ جم ہووے (نکہت)

(۳) وہ ناگوار طبع آدمی جو پاس سے ٹلے - ہر وقت چھاتی پر موجود رہنے والا - ڈھیٹ

کبھی دل رُکنے لگتا ہے جگر گلنے سے تپتا ہے غم ہجراں میں چھاتی کے ہمارے جم ہیں یہ دونوں (میر)

چھاتی کوٹنا - ا - فعلِ متعدی (۱) سینہ کوبی کرنا - ماتم کرنا (۲) کسیکی دولت دیکھکر مُہ نوچنا - رشک کے مارے چھاتی پیٹنا کہ بے اسکے پاس اس قدر دولت ۔

چھاتی کی سل - ا - اسمِ مؤنث - عو - دیکھو (چھاتی کا پتھر) ؎

روتے ہی روتے خونِ جگر دم نکل گیا چھاتی کی سل یہ عشق کا آزار ہو گیا (بحر)

چھاتی کے کواڑ - ا - اسمِ مذکر - جانبِ راست و چپ سینہ - سینے کے دونوں پہلو ۔

چھاتی کے کواڑ کھلنا - ا - فعلِ لازم (۱) سینہ شق ہونا - سینہ کا دو پارہ اور چاک ہونا - قطعۂ نکبت

پر خانۂ دل ہے نقدِ جاں سے ہو واقفِ کار کھل رہے ہیں

اے دُزدِ نگاہ مُژدہ باد ا چھاتی کے کواڑ کھل رہے ہیں

(۲) عو ایک دفعہ ہی چیخ نکلنا - زور کی آواز نکلنا - بے تحاشا چیخ پڑنا جیسے کمبخت ایسی کیا آفت آئی کہ تیری چھاتی کے کواڑ کھل گئے دایہ موقع پر چھٹنا بھی کہہ دیتے ہیں (۳) سینہ کا تنگ کدورت سے اور دل کا دُنیوی تکلفت سے صاف و پاک ہونا ۔ شاہدِ معنی کی صورت کا دل میں جلوہ گر ہونا ؎

کتنا شگفتہ رُو ہے کہ ماننِ آرسی چھاتی کے جسکے سامنے کھلتے ہیں کواڑ ۔

چھاتی کے کواڑ کھولنا - ا - فعلِ متعدی (۱) سینہ چاک کرنا - سینہ کو دو پارہ کرنا تیغِ قاتل نے جو کھولے مری چھاتی کے کواڑ حسرتِ دل کی نکلنے کو مجھ در ہو گیا (ناسخ)

(۲) آئینۂ دل کو تنگ کدورت سے پاک کرنا ۔

چھاتی مسلنا - ا - فعلِ متعدی - چھاتی مروڑنا - چھاتی دبانا - چھاتی ملنا

چھاتی مسوسنا - ا - فعلِ متعدی (۱) افسوس کرنا - دل پکڑ کر رہ جانا - صدمہ اُٹھانا (۲) صدمہ دینا - دل دُکھانا - رنج دینا ۔

چھاتی نکال کر چلنا - ا - فعلِ لازم - سینہ اُبھار کر چلنا - سینہ تانکر چلنا اکڑ کر چلنا - اِتراکر چلنا - آنکھ مار چلنا - پہلوانوں کی چال چلنا ۔

چھاتیوں کا اُبھار - ا - اسمِ مذکر - نموئے پستان - چوچیوں کی اُٹھان ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھاتیاں اُبھرنا - ف فعل لازم - چھاتیوں کا نمود ہونا - چھاتیوں کا اٹھنا - پستان کا بلند ہونا - بلوغت کی علامت کا ظاہر ہونا +

چھاج - ا اسم مذکر - (۱) سوپ - غلہ افشاں - غلہ پھٹکنے کا اونار (۲) گھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے نیچے کو چوان کے پاؤں اور اوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے +

چھاج سی ڈاڑھی - ا اسم مؤنث - بڑی اور چوڑی ڈاڑھی +

چھاجوں مینہ برسنا - ف فعل لازم - کثرت سے بارش ہونا - کل دھار دار پردھار پانی برسنا اندھیری رات ہے ساون کی چھاجوں مینہ برستا ہے - اگر اسوقت تم گلوبند جاؤ گے تو کیا ہوگا (رنگین)

چھاچھ - ا اسم مؤنث (۱) مٹھا - چھا - مہی - بلویا ہوا یا گھی نکالا ہوا دودھ خواہ دہی (۱) وہ ترش سفید دودھ جو گھی نکالنے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے +

چھاڑنا - ف فعل متعدی - دگنوار کے کرنا - روکرنا - اُلٹی کرنا +

چھاڑنا یا **چھاڑنا** - ف فعل متعدی (۱) گنوار چھوڑنا جیسے چھاڑ مورا اچرا دیجو (میں گاری (گاڑی) دُوگی (۲) ترک کرنا - تیاگنا +

چہار ف صفت - چار - اربع - گنتی ۴ +

چہار چند ف صفت - دیکھو چوچند +

چہار شنبہ - ف - اسم مذکر - بدھ وار - بدھ کا دن - اتوار سے چوتھا دن +

چہارم - ف - صفت - چوتھا - چوتھائی +

چھاڑ - ا اسم مؤنث (۱ پورب) دریا کا کنارا - کگر (۲) پتھر یا ڈھیلے کا بڑا ٹکڑا +

چھاک - ا اسم مذکر - (ہندو) میدے کے بڑے بڑے سہال جو شادی میں جاتے ہیں

چھاگل - ا اسم مؤنث (۱) مشکیزہ - چھوٹی سی مشک - پکھال ٥

نکلی زبان خشک ہر اک خار و خشت کی + پہنچا جو آبلوں کی میں چھاگل بھرے ہوئے (ناسخ)

(۲) مٹی کا وہ برتن جس میں اکثر مسافر پانی بھر لیتے ہیں (۳) جھانجن - خلخال - پاسرنجن - پیروں کے ایک زیور کا نام + ٥

نظر ڈالے جو زیور پر اسے پامال کر ڈالو - یہی آواز آتی ہے دم رفتہ چھاگل سے (بحر)

چھال - ا اسم مؤنث - پوست - بکل - درخت کے اوپر کا پوست +

چھالا - ف اسم مذکر (۱) آبلہ - پھپھولا - بجلہ (۲) وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ میں ہو جاتا ہے +

چھالا پڑنا یا ہونا - ف فعل لازم - آبلہ کا نمودار ہونا - پھپولا پڑنا - تبخالہ ہونا +

چھالیا - ا اسم مؤنث - سپاری - پھال - کسیلی - فوفل ٥

تعریف اسکی جو پب زبانی کی کیا کروں - کہاں جو چھالیہ چکنی ڈلی ہوئی (ناسخ)

چھاں - ا اسم مؤنث (ہندو) سایہ - چھاؤں - ظل - برچھائیں (۲) چھپر +

وہ صافی جس سے شربت چھانا جائے +

چھانا - ف فعل متعدی (۱) پانی - چھاننا - پھونس یا کھپریل کی پوشش کرنا (۲) اندھیرا کرنا - سایہ کرنا + برچھاواں ڈالنا (۳) بادلوں کا بھر کر سایہ کرنا - سر کا محیط آسمان ہونا (۴) غالب ہونا - طاری ہونا جیسے رعب - چھانا فکر چھانا (۵) گھرنا - محیط ہونا جیسے غم چھانا +

چھان بین یا **چھان بِتان** - ا اسم مؤنث - تحقیق تجسس دریافت کھوج +

چھانٹ - ا اسم مؤنث (۱) فضلہ (۲) ریزگی - چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں (۳) کترنیں - کترن - ریزہ (۴) انتخاب کتر بیونت قطع و برید + قطع وضع - انداز - تراش - طرز +

چھانٹ لینا - ف فعل متعدی (۱) چن لینا منتخب کر لینا - انتخاب کر لینا (۲) قطع کر لینا - تراش لینا (۳) پسند کر لینا - اختیار کر لینا (۴) کتر لینا - کاٹ لینا درخت وغیرہ کے واسطے بولتے ہیں -

چھانٹن یا **چھنٹن** - ا اسم مؤنث - وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ رہے کترن - فضلہ ریزگی - جھانٹن - افشانہ - چھانٹا ہوا +

چھانٹنا - ف فعل متعدی (۱) چننا - انتخاب کرنا - استنباط کرنا - اخذ کرنا - مستثنیٰ کرنا (۲) پسند کرنا - اختیار کرنا (۳) کاٹنا - تراشنا - بیونتنا قطع کرنا (۴) قلم کرنا - درخت کی شاخیں تراشنا + سر کے بال کترنا (۵) صاف کرنا - پاک کرنا جیسے کنواں چھانٹنا (۶) تنقیہ کرنا - مواد نکالنا - مواد اخراج کرنا - جیسے اس دوا نے خوب پیٹ چھانٹا (۷) اختصار کرنا - مختصر کرنا (۸) بنانا - طرز کرنا جیسے باتیں چھانٹنا (۹) گوشت کے پارچے کرنا ٹکڑے کرنا (۱۰) الگ کرنا - چھوڑنا جیسے اتنے آدمی چھانٹ دو (۱۱) قتل کرنا - تلوار سے سر اُڑانا (۱۲) پورب) مٹھ کرنا - استفراغ کرنا - اُلٹی کرنا - زمین دیکھنا (۱۳) چلتی جھاڑنا - سہیرنا +

چھانڈ - ا - اسم مؤنث - لنگا - انتا گوڑی - چھاڑی - پالنگ - نیانا +

چھانڈا - ا اسم مذکر (تصغیر) حقہ - بجرہ بھاجی +

چھانس - ا اسم مؤنث - (ہندو) چھنن - بھوسی - بور + کوڑا - موٹا ردا +

چھان ڈالنا / **چھان مارنا** - فعل لازم (۱) ڈھونڈ ڈالنا - کمال تلاش اور جستجو کرنا - دیکھ ڈالنا - تلاش کر لینا - پھیر لینا جیسے سارا شہر چھان مارا - کسی کی ہر طرف جستجو کر لینا ٥

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھا

یکسر موپر دل گم گشتہ کا پایا نہ کھوج چھان مارا شوخیٔ شانے سے کوئے زلف کو (نکہت)

(۵) سوزن زدہ کرنا۔ پیندہ ڈالنا۔ مشک کر دینا۔ چھنی کر دینا +

زُلفوں کی برہمی نے سارا جہان مارا پلکوں کی کاوشوں نے سینے کو چھان مارا (مصحفی)

چھاننا - ف - فعل متعدی (۱) چھنی سے آٹا نکالنا۔ رولنا۔ جھاڑنا۔ پھٹن کا جمع (۲) صاف کرنا۔ بتھارنا۔ نتارنا جیسے پانی پیچھے چھانکے گرو کیجے جان کے (۳) جانچنا۔ پڑتالنا۔ آزمانا۔ امتحان کرنا۔ پرکھنا (۴) دیکھنا۔ دیکھ بھال ڈالنا یا ہو نجومی کال تاروں کو چھان ڈالا سورج گہن بچارا چندر گہن نکالا (نظیر)

(۵) تحقیقات کرنا۔ دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔ تحقیق و تدقیق کرنا (۶) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا خوب جستجو کرنا +

اُسکے ملنے سے کرے ہے منع ناصح مجکو تو ایک پایا ہے جسے سارے جہاں کو چھان کر (جرأت)

چھاؤں - ف - اسم مؤنث (۱) سایہ۔ چھاں۔ ظل۔

جنوں پسند ہے چھاؤں ہے بیولوں کی عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی (ناسخ)

(۲) اندک مشابہت۔ شبیہ پرکیف

ہمارے دل کی طرح سے جہان ہے روشن ذرا سی چھاؤں تمہاری جو آفتاب میں ہے (لا اعلم)

(۳) پرتو۔ پرتوا۔ پرچھانواں۔ کرن۔ روشنی جیسے ستاروں کی چھانو +

چھاؤنی - ف - اسم مؤنث (۱) چھاؤں کرنے کی چیز۔ چھپر خس پوش سفالہ پوش۔ کھپریل (۲) لشکر گاہ۔ کیمپ۔ سپاہیوں کی بارگیں +

ہے یاد صف مژہ جو دل میں گویا پلٹن کی چھاؤنی ہے (ناسخ)

چھاؤنی چھانا - ف - فعل لازم (۱) چھپر یا کھپریل ڈالنا (۲) مقام کرنا۔ مسکن بنانا۔ رہ پڑنا

لی تنگ عدم کی راہ دل نے واں یار نے چھاؤنی جو چھائی (جرأت)

(۳) لشکر گاہ بنانا۔ کیمپ ڈالنا۔ فوج رکھنا +

چھاؤنی ڈالنا - ف - فعل لازم۔ دیکھو (چھاؤنی چھانا) +

چھائیاں - ف - اسم مؤنث۔ کلف۔ وہ سیاہ داغ جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے اور جن کو جھائیاں بھی کہتے ہیں +

کبھی ناس رُخ روشن پہ چھائیاں دیکھیں گھٹائیں چاند پہ سو چھائیاں دیکھیں (نسیم)

ابر تنک کا آنا کیا چاند پر خوش آوے جسکی تقدیس اُسکے مکھڑے کی چھائیاں ہوں (انشا)

چھائیں پھوئیں - ف - تابع فعل ف (۱) فوج خدا نکرے۔ خدا بچائے۔ خدا پرے ہی رکھے (۲) جن بھوت۔ پریت +

چھائیں مائیں - ف - اسم مؤنث (اطفال دہلی کے بچے پکھیری پھر کر یہ لفظ بکے

چھپ

ہیں کہ "چھائیں مائیں کوؤں کی برات آئی مگر چوب میں کہتے ہیں چھائیں مائیں گھول گجال راجہ کے گھر بیٹا ہوا۔ غرض ایک کھیل ہے جو بچے کھا کر کھیلا جاتا اور الفاظ مالا اس میں زبان پر لائے جاتے ہیں پہلے فقرے کے معنی ہیں کہ ہم جاڑوں طرف پھر کر اسلئے خوشی مناتے ہیں کہ کوؤں کی برات آئی ہے۔ دوسرے فقرے کے معنی ہیں ہم چاروں طرف پھر کر اس لئے گھومتے ہیں کہ راجہ کے گھر بیٹا ہوا ہے) +

چھایا - ف - اسم مؤنث (ہندوستانی) سایہ چھاؤں +

چھب - ف - اسم مؤنث (۱) آرائش۔ زیبایش۔ زیب۔ زینت (جیسے چھب گڑھنی میں صورت طباق میں یعنی زیبایش جسم کپڑے سے اور رونق چہرہ خوش خوراکی سے ہے) ۲۔ ناز و انداز۔ معشوقانہ انداز +

خوش چھب تو ہزاروں ہی جہاں میں ہیں پہ کلفر حق یہ ہے کہ کاٹ ایسی کسی کی بھی نہیں اب (جرأت)

(۳) خوبصورتی۔ تناسب اعضا۔ اعضا کی بناوٹ۔ اندام جسم +۔ جسامت۔ گات

تختی تیری اگر بھلی ہے تو سانچے میں چھب بری ڈھلی ہے (رنگین)

چھب تختی - ا - اسم مؤنث - ع - سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ گات اور جسامت کی خوش وضعی۔ زیب سراپا +

اگرچہ سرو کو تشبیہ تیرے قد سے ہے لیکن تری سی اُسے چھب تختی و رعنائی کہاں پائی (نامعلوم)

وہ چھب تختی اُسکی قیامت نژاد چمن زار قدرت میں نخل مراد (میر حسن)

اگرچہ تمام شعرائے چھب تختی باندھا ہے اور بول چال میں بھی یہی ہے مگر صحیح چھب تقطیع ہے کیونکہ تقطیع بمعنی قطع و وضع اس معنی میں شعرائے فارس نے باندھا ہے) +

چھبڑا - ف - اسم مذکر۔ لوکرا۔ چھبیلا جمعلی +

چھبی - ف - اسم مؤنث لآل) پیسہ۔ فلوس +

چھبیا مکڑیا - ف - اسم مذکر۔ ایک زہریلے جانور کا نام جسکی پشت پر چھ بندکیاں ہوتی ہیں اور اُسکا کاٹا سانپ سے بھی جلد مرتا ہے پورب میں اُسے چھبندا بولتے ہیں چنانچہ امداد علی بحر نے بھی باندھا ہے

چڑھا ہے زہر ایسا اغنی گیسو نے جانان کا چھبندا بنتی ہیں آنکھیں جو چار آنسو نکلتے ہیں (بحر)

چھبیلا - ف - صفت۔ چھبے اور بنے۔ بست و شش۔ ف +

چھبیلا - ف - صفت۔ چھب والا۔ خوش وضع۔ وجیہ۔ شکیل۔ خوش انداز۔ خوش اندام۔ رنگیلا +

چھپ - ف - اسم مؤنث پانی کی آواز +

چھپ چھپ - ف - اسم مؤنث پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ پانی کی سطح پر ڈالنے کی آواز +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھپ

چھپا - ا - اسم مذکر - پوشیدہ - مخفی - گپت - نامعلوم +

چھپا رستم - ا - اسم مذکر (۱) وہ شخص جو اپنے ہنر اور کمال میں پورا ہو مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو - پوشیدہ کامل فن (۲) چُپ بدمعاش - چھپا بدذات بڑا بھاری شریر +

چھپاکا - ا - اسم مذکر (۱) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز (۲) چھپکا - بڑا بڑا چھینٹا

چھپانا - ف - فعل متعدی - ڈھانپنا - پوشیدہ کرنا - مخفی کرنا - ڈھانکنا - گپت کرنا - اوجھل کرنا +

چھپائی - ا - اسم مؤنث (۱) چھاپنے کی اُجرت - طبع کرائی کی مزدوری (۲) چھاپا

چھپتی - ا - اسم مؤنث - ریزہ چوب - چوب ریزہ - وہ لکڑی کی چھیلن جو کچھ کام بنانے میں نکلتی ہے (۲ - صفت) پتلا - دُبلا - لاغر +

چھپٹی سا - ا - صفت - دُبلا پتلا - چھپٹی کی مانند + چھلنگا آدمی +

چھپر - ا - اسم مذکر (۱) وہ سائبان جو چھونس سے ڈالا جائے - پھونس کی چھت (۲) بوجھ - بھار - بار (۳) ڈابر - پوکھر - وہ برسانی پانی جو اکثر گڑھوں میں بھر جاتا ہے اور اُسمیں اکثر سنگھاڑے یا کنول لگائے بویا کرتے ہیں یہ لفظ پنجاب میں زیادہ بولا جاتا ہے +

چھپر بند - ا - اسم مذکر - گھرامی - سائبان چھانے والا - چھپر بنانے والا +

چھپر پر پھونس نہ ہونا - ف - فعل لازم - نہایت مفلس ہونا - قلاش ہونا - از حد تنگ حال اور تنگدست ہونا - تنگی سے گزارا کرنا جیسے چھپر پر پھونس نہیں اور بڑھی پر تقاضا

چھپر پر رکھنا - ف - فعل متعدی - الگ کرنا - الگ کرنا - الگ کا لٹنا چھوڑ دینا چھوڑ دینا + خاطر میں : لانا - طاق پر رکھنا +

چھپر پھاڑ کر دینا - ف - فعل متعدی از غیب سے دینا گھر بیٹھے دولت دینا - بے محنت کچھ دینا +

چھپر چھانا - ف - فعل متعدی - چھپر ڈالنا - چھانا +

چھپر رکھنا - ف - فعل متعدی (۱) با احسان رکھنا بڑا بھاری احسان کرنا (۲) بوجھ رکھنا - الزام رکھنا +

چھپر کھٹ - ا - اسم مذکر - مسہری - وہ پلنگ جسکے اُوپر چھتری اور پوشش ہو + دُلہن کا چھتری دار پلنگ امیروں کے سونے کا پلنگ + ؎

جوتے گوچہ میں سو یا خاک پر آرام سے ترک اسے اپنے سونے کا چھپر کھٹ کو (ظفر)

چھپکا - ا - اسم مذکر (۱) پانی کا بڑا چھینٹا - چھپاکا - بڑا بڑا رسیلے جی میں آیا تو ایک آدھ پانی کا چھپکا سوتے اوسکے منہ پر ڈال دیا ۲ ایک قسم کا چھوٹا سا جال اور دو لکڑیوں میں لگا ہوا ہوتا ہے اور اُس سے کبوتر باز صیدی کے کبوتر پکڑتے ہیں - (۳) ایک

چھت

زیور کا نام جو عورتیں جھومر کی طرح بالوں میں باندھکر ماتھے پر لٹکاتی ہیں (۴) پگلائی ہوئی راگ کا چوڑا ٹکڑا (۵) صندوق وغیرہ کا چوڑا پترا جو گنڈی میں اگر اسے بند کر دیتا ہے

چھپکلی - ا - اسم مؤنث (۱) چلپاسہ - کرکس - مردار خور - وہ جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا اور کھیاں کھاتا ہے (۲) پنجاب میں اُس کان کے زیور کو بھی کہتے ہیں جسے یہاں مگر کہتے ہیں (۳) دُبلی پتلی عورت +

چھپن - ا - صفت - چھے اُوپر پچاس - پنجاہ و شش - ۵۶ +

چھپنا - ف - فعل لازم (۱) پوشیدہ ہونا - پنہاں ہونا - گپت ہونا - اوجھل ہونا - مخفی ہونا (۲) میچنا - آنکھ بچانا - دبکنا (۳) غروب ہونا - ڈوبنا - غائب ہونا - جیسے چاند یا سورج کا چھپنا (۴) دیوار وغیرہ پر مٹی چڑھنا - تھپنا (۵) پردا کرنا اوٹ کرنا جیسے وہ اُن سے چھپتی ہے +

چھپنا - ف - فعل لازم - طبع ہونا + مہر لگنا - نقش و نگار بننا + عکس اُترنا +

چھت - ا - اسم مؤنث (۱) سقف - پٹاؤ - سائبان (۲) کوٹھا - بام (۳) چھت گیری چادر چھت +

چھت بندھنا - ف - فعل لازم - ابر کا گہرا رہنا +

چھت پٹنا / **چھت پڑنا** - ف - سائبان یا سقف کا مکان کے اُوپر چھا جانا +

چھتا - ا - اسم مذکر (۱) پٹا ہوا راستہ - دُور تک کا پٹا ہوا راستہ (۲) مہال کی مکھیوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر - خانۂ زنبور - آشیانۂ زنبور (۳) گروہ - انبوہ - جتھ (۴) دادیا پھنسیاں جو پاس پاس ایک ہی جگہ گچھا بنا لیں (۵) گھاس کا پھیلاؤ جس کی جڑ ایک ہی ہو +

چھتر - ا - اسم مذکر (۱) بڑا چھاتا - چتر - بادشاہ کے سر کی چھتری (۲) شاہانہ نگہبانی (۳) پناہ گاہ - امن - امان - ملجا و ماوا +

چھتراؤ - ا - اسم مذکر (ہندو) اتہار - پراگندگی - تتر بتر ہونا +

چھتری - ا - اسم مؤنث (۱) چھوٹا چھاتا - آفتاب گیر - دھوپ اور بارش کے بچاؤ کی چیز جو سر پر لگا لیتے ہیں (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا ایک ٹھٹہ جو بلی میں باندھکر گاڑ دیتے ہیں (۳) ایک قسم کا گنبد دار محل (۴) ڈولی کے اُوپر کا ٹھٹہ (۵) ہندوؤں کی ایک قوم کا نام (۶ - صفت) سر کے بڑے بڑے اور گھنگھریالے بال (۷) وہ مکان جس میں کسی ہندو فقیر - امیر - جوگی یا راجہ وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں - سمادھ - مقبرہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھت

چھت گیری ا۔ اِسمِ مُؤنث۔ پوششِ سقف۔ وُہ کپڑا جو چھت کے نیچے خاک وغیرہ کے ڈگنے کی غرض سے لگا دیتے ہیں +

چھتیانا ا۔ فعلِ مُتعدی۔ بندُوق کی نشست باندھنا +

چھتیس ا۔ صفت چھے اُوپر تیس۔ سی و شش۔ ۳۶ +

چھتیسا ا۔ صفت۔ عو چھتیس ہُنر جاننے والا مرد + آفتِ روزگار + چھنٹا ہوا نہایت تجربہ کار اور پُورا عیّاش۔ جملہ عیب و ہنر سے واقف +

چھتیسا پن ا۔ اِسمِ مُذکر عو۔ مکّاری چالاکی۔ ہوشیاری عیّاری +

چھتیسی ا۔ صفت عو۔ تمام عیب و ہنر سے واقف۔ چالاک۔ عیّار۔ علّامہ۔ آفتِ روزگار۔ فتنۂ زمانہ۔ مکّار و مہلز جہاندیدہ۔ تجربہ کار۔ گرم و سرد چشیدہ بود و اوباش وضع جو نہایت ہوشیار و تقلید کر سکے وُہ مُوگا ٹا کی ذکر کیا چھتیسی ہووے کیسی ہی گُوفان دُومنی (رنگین)

چھُٹ ا۔ حرفِ استثنا۔ چھوٹا ہُوا۔ برگزیدہ۔ علٰحدہ۔ جدا۔ مُستثنےٰ +

توہت کرتی ہے گویاں سیری نالہ و یاراں چھٹ دگانا تیرے سر پہ ہوں صدقے سلامت (رنگین)

چھُٹ ا۔ اِسمِ مُذکر۔ چھوٹا کا مخفف +

چھٹ بھیّا ا۔ اِسمِ مُذکر گھٹ کا ہم پیٹ۔ اونے دوکاندار + نیچ قوم کا + اوسط درجہ کا +

چھٹ پن ا۔ پنا ا۔ اِسمِ مُذکر خُردی۔ بچپن۔ لڑکپن۔ طفولیت۔ بالپن +

چھَٹ ا۔ اِسمِ مُؤنث (ہندو ماہر) پاکھ کی چھٹی تاریخ جسے چھٹھ بھی کہتے ہیں + ہندی مہینے کی ہر کھوارے کی چھٹی تاریخ +

چھٹا ا۔ صفت۔ چھے سے نسبت رکھنے والا چھواں۔ ششم۔ اوس +

چھٹانک ا۔ اِسمِ مُؤنث (۱) سیر کا سولھواں حصّہ۔ پانچ تولہ۔ دو اونس (۲) پانچ تولہ کا بٹ چھٹنکی +

چھُٹکا ا۔ صفت (پُورب) چھوٹا۔ خورد۔ کہتر +

چھٹکا ا۔ اِسمِ مُذکر (لکھنؤ) پیس کار نگین و مُنقش پردہ +

لوگ کیا بجرے کئی ڈوب گئے اے یمِ حُسن تو نے پیسے کا جو چھٹکا لبِ دریا اُٹھا (رشک)

چھُٹکارا ا۔ اِسمِ مُذکر رہائی۔ خلاصی۔ نجات + فرصت مہلت +

چھٹکارا پانا یا ہونا ا۔ فعلِ لازم۔ آزاد ہونا۔ رہائی پانا۔ خلاص ہونا چھٹی پانا۔ فرصت پانا +

چھٹکارا دینا ا۔ فعلِ مُتعدی۔ رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔ فرصت دینا + موقُوف کرنا + طرف کرنا

چھٹکنا ا۔ فعلِ لازم (۱) ہنسنا و بکھرنا۔ پراگندہ ہونا۔ پھیلنا۔ تتر بتر ہونا۔ منتشر ہونا (۲) تاروں کا کھلنا تارے چمکنا + روشنی ہونا۔ چمکنا جیسے چاندنی یا ستاروں کا چھٹکنا (۳) فوط یا بیضہ کا چھٹکا کھا کر بڑھ جانا +

چھٹنا ا۔ فعلِ لازم (۱) صاف ہونا۔ سوا و یا لمبہ نکلنا جیسے پیٹ یا کنواں چھٹنا (۲) جُدا

چھٹ

ہونا کم ہونا۔ گھٹنا۔ لاغر ہونا جیسے بدن چھٹنا (۳) مُنتخب ہونا۔ چُنا جانا جیسے رکاری چھٹنا (۴) قلم ہونا۔ تراشنا + قطع ہونا جیسے درخت یا کپڑے کا چھٹنا (۵) علیحدہ ہونا جُدا ہونا جیسے ساتھ سے خصیوں کا چھٹنا +

چھُٹنا ا۔ فعلِ لازم (۱) رہا ہونا۔ آزاد ہونا۔ خلاصی پانا۔ واگزاشت ہونا (۲) پیٹ جاری ہونا پیٹ چلنا۔ وست آنا (اس معنی میں پیٹ کے ساتھ آتا ہے) (۳) برطرف ہونا موقُوف ہونا (۴) بچنا باقی رہنا۔ جیسے جو اُنکے مُنہ سے چھُٹے سو ہی غنیمت ہے (۵) دُھیلا اٹھنّی سُست ہونا جیسے نبض چھُٹنا (۶) بکھرنا۔ تتر بتر ہونا (۷) نکلنا۔ جاری ہونا چلنا جیسے فوّارہ چھُٹنا (۸) دھنا۔ سر ہونا جیسے بندُوق یا توپ یا آتشبازی چھُٹنا (۹) علیحدہ ہونا جُدا ہونا جیسے گھر چھُٹنا وطن چھُٹنا۔ رنگ۔ چھٹنا (۱۰) چلنا۔ روانہ ہونا جیسے ریل چھُٹنا

چھُٹوانا ا۔ فعلِ مُتعدی۔ رہا کرنا۔ جاری کرانا۔ جدا کرانا موقُوف کرانا۔ دھونا۔ واگزاشت کرانا +

چھُٹوئی ا۔ اِسمِ مُؤنث (پُورب) رعایت۔ تخفیف۔ کمی +

چھٹّی ا۔ صفت (۱) چھٹے سے نسبت رکھنے والی۔ ششم (۲) اِسمِ مُؤنث ہر تاریخ ششم۔ (۳) بچہ پیدا ہونے کے چھٹے روز بعد کی رسم جس میں مہمان جمع ہوتے اور عزیز کھانے پکتے ہیں (۴) وُہ چیزیں جو چرچہ اور اُسکے بچے کے واسطے میکے سے چھٹی کے دن آتی ہیں جیسے کھلونے۔ جوڑا مُرغ۔ ٹاپا۔ کھچڑی۔ طشت چوکی وغیرہ +

چھٹی کا دُودھ یاد آنا ا۔ فعلِ لازم مُصیبت میں آرام عیش گزشتہ کا یاد آنا۔ مصیبت پڑنا جب نہایت رنج و سعوبت پہنچی ہے تو ایسے موقع پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔

جانبِ میکدہ کیا وہ ستم ایجاد آیا میکشو! دودھ چھٹی کا جو تمہیں یاد آیا (اسیر)

چھٹی کا رجا ا۔ اِسمِ مُذکر پوتڑوں کا امیر خاندانی امیر ہمیشہ سے دولتمند اور آسُودہ حال (اصل میں وُہ شخص جسکی چھٹی میں نانا کے گھر سے اسقدر دولت آئے کہ پیڑھیوں کھائی ہو

چھٹی کا کھانا ا۔ فعلِ مُتعدی وہ کھانا جو ولادت کے چھ روز بعد پکایا جاتا ہے اور نیز زچہ کا عمدہ کھانا جیسے گوند۔ ٹھورا۔ اجھوائی وغیرہ +

چھٹی کا کھایا نکلنا ا۔ فعلِ لازم عو۔ سارا عیش و آرام تلخ ہو جانا گزشتہ آرام اور راحت کی کسر نکل جانا +

چھٹّی ا۔ اِسمِ مُؤنث (۱) تعطیل۔ یوم الراحت۔ رخصت۔ فرصت۔ اجازت (۲) موقُوفی۔ برطرفی (۳) چھوٹے چھوٹے لطیفے جو نقال کہتے ہیں۔ مثلاً دو چار چھٹیاں کہہ لو پھر رخصت (۴) مرنا +

چھٹّی دینا ا۔ فعلِ لازم (۱) رخصت دینا۔ اجازت دینا (۲) موقُوف کرنا برطرف کرنا (۳) بچوں کو مکتب سے چھوڑنا یا تعطیل دینا +

چھٹّی ملنا ا۔ فعلِ لازم۔ فراغت پانا۔ رخصت ملنا + موقُوف ہونا۔ برخاست

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ہونا + تعطیل ہونا +

چھٹی ملی - ک - محاورہ - چلو فراغت پائی - خوب چھوٹے +

چھٹے چھماہے - ک - تابع فعل گاہ گاہ - گاہے ماہے + کبھی کبھی - بھولے چوکے - شاذ و نادر

چھٹیاں - ک - اسم مؤنث نقالوں کے چٹکلے اور لٹکے - مطائبہ +

چھجا - ک - اسم مذکر (۱) وہ آگے بڑھا ہوا چھت کا حصہ جو کڑیوں یا سلوں کا ہوتا اور بارش کی حفاظت کے واسطے یا دھوپ کے بچاؤ کے لیے لگایا جاتا ہے - طرۂ دالان - دالان - برجہ - برآمدہ + انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ جو دھوپ کے بچاؤ کے واسطے ہوتا ہے +

چھجانا - ک - فعل متعدی چھیجنے کا متعدی +

چھچھڑا - ک - اسم مذکر (۱) چھیچھڑا کا مخفف - گوشت کا نکما اور پتلا حصہ + غشا - ریزہ + غدود (۲ - صفت) لجلجا - لڑبڑا +

چھچکارنا - ک - فعل متعدی (ہندو) کتے کو دلنسکارنا - کتے کو پیچھے لگانا + ملامت کرنا +

چھچھے دار پگڈی - ا - اسم مؤنث - کھڑکی دار پگڑی - وہ پگڑی جسکے آگے چھجا سا نکلا ہوا ہو

چہچہا - ا - اسم مذکر - خوش الحانی - خوش آوازی - پرندوں کا شوق میں آکر بولنا (جمع کے ساتھ بولتے ہیں یہ لفظ فارسی چہچہہ یعنی زن قہقہہ سے لیا گیا ہے جس کے معنی بلبل وغیرہ چڑیوں کے چہکنے اور بولنے کی آواز کے ہیں - ۵

خواہش کہ تا کب دری کے قفسے کب تک خیاباں میں رہیں گے بلبلوں کے چہچہے کب تک (امیر)

چہچہا - ک - صفت - نہایت شوخ اور سرخ رنگ + ۵

ہزار پنجۂ مژگاں کا چہچہا ہو رنگ وہ دلربائی دست حنائی مشکل ہے (انشا)

چہچہانا - ک - فعل لازم (۱) نغمہ سرائی کرنا بلبل کی طرح خوش الحانی کرنا چہکنا پرندوں کا نواسنجی کرنا (۲) خوشی میں آکر بولنا - خوش آوازی سے باتیں کرنا

چہچہانا - ک - فعل لازم - سرخی ٹپکنا - شوخی برسنا +

چہچہاہٹ - ک - اسم مؤنث - نغمہ سرائی - نواسنجی - چہچہہ - صفیر بلبلاں +

چھچھورا - ک - صفت - بچوں کی سی بری عادت والا - سبک وضع - سبک حرکات کمینہ - سفلہ - اوچھا - چلتا - سفلہ مزاج + لتڑا - پیٹ کا ہلکا - کمظرف +

چھچھورا پن - یا - **چھچھورپن** - ک - اسم مذکر - سفلہ پن - کمینہ پن - کمینگی - سفلہ مزاجی +

چھچھورمت - ک - اسم مؤنث - چھچھوروں کی سمجھ - سفلانہ عقل +

چھچھوندر - ک - اسم مؤنث (۱) مشک - مشک کور - ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے اور اسکے جسم سے مشک سے ملتی ہوئی بدبو آتی ہے (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) وہ عورت جو ادھر ادھر لڑائی کراتی پھرتی ہے +

چھچھوندر چھوڑنا - ک - فعل متعدی - آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا - + شگوفہ چھوڑنا - نئی بات اختراع کر کے بیان کرنا +

چھچھندا - ک - اسم مذکر (۱) الزام - تہمت - بہتان - دوش (۲) گلہ - شکوہ (۳) بار احسان - (ہندو چھچھندا بھی بولتے ہیں) +

چھچھندا اتارنا - ک - فعل متعدی - عو - گلہ اتارنا - شکوہ اتارنا - سر سے بوجھ اتارنا + بار احسان اتارنا + جلدی آگ جلا جانا - آگ لینے آنا جیسے کیا چھچھندا اتارنے آئی تھیں

چھچھندا دھرنا - یا - رکھنا - ک - فعل متعدی - الزام لگانا - بہتان لینا +

چھچھندرا - ک - اسم مذکر - چھر چھرا + چھیدوار + فرق فرق سے +

چھچھرا کر چلنا - ک - فعل لازم - ٹانگیں کھول کر چلنا - ٹانگوں کو فرق سے رکھکر چلنا - مخنوں یا آتشک والے کی طرح چلنا +

چھچھرام - ک - اسم مذکر (پورب) دمڑی - پیسہ کا چوتھا حصہ +

چھچھڑتا - ک - فعل لازم (۱) سوراخ ہونا پنڈھنا (۲) چھیدنا - خلیدہ ہونا (۳) زخمی ہونا - مجروح ہونا +

چھچھلے مدے - ک - اسم مذکر - عو - ایک پیار کا کلمہ ہے جو اس بچے سے خوش ہو کر صدقے قربان کی جگہ کہتی ہے اور اصل میں صدقے ہی سے یہ لفظ بگڑا ہے +

چھچھرا - ک - اسم مذکر (۱) چھوٹی چھوٹی گولیاں - ریزۂ آہن یا سرب جو بندوق میں بھکر چھوڑتے ہیں - سنگریزہ - چھن (۲) روئے جو گھنگروں وغیرہ میں ڈالتے ہیں +

چھرا چلنا - ک - فعل لازم - سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا + گالیوں اور آوازوں توازوں کا سنتا تر پڑنا - تبرا کرنا +

چھرا - ک - اسم مذکر - بڑا چاقو - دشنہ - ساطور - چھوٹی تلوار - بندا +

چہرہ - ف - اسم مذکر (۱) صورت - رخسارہ - منہ - مکھڑا (۲) سامنے کا رخ - مہرا (۳) حلیہ - ملازموں کے حال و حلیہ جو دفتر ملازمت میں لکھے جائیں +

چہرہ اترنا - ا - فعل لازم - منہ اترنا - رخساروں کا پچکنا - صورت کا مرجھانا - پژمردگی چہرہ کا ظاہر ہونا +

چہرہ بگاڑنا - ا - فعل لازم - صورت مسخ کر دینا - بدصورت بنا دینا - ایسا مارنا کہ شکل پہچانی نہ جاوے +

چہرہ بنانا - ا - فعل لازم - منہ بنانا - چہرے کی لینا - منہ چڑانا +

چہرہ تمتمانا - ا - فعل لازم - چہرہ کا گرمی یا بخار سے سرخ ہو جانا +

چہرہ شاہی روپیہ - ا - اسم مذکر - سرکاری سکہ جس پر ملکہ معظمہ کا چہرہ بنا ہوا ہے - چہرہ دار روپیہ +

Digitized by Maktaba Jadidiyah (www.maktabah.org)

چھہرہ ہونا - ا۔ فعلِ لازم۔ فوج میں نام کھا جانا +

چھُچھری - ا۔ اسمِ مؤنث۔ کوتک۔ لمبا چاکو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا +

چھری بند بھائی - ا۔ اسمِ مذکر۔ قصائی۔ بوچڑ + ہم قوم۔ ہم پیشہ +

چھُری بھلی نہ کٹاری - ا۔ (کہاوت) کوئی مصیبت اچھی نہیں + دشمن دشمن سب برابر +

چھُری بھونکنا - ا۔ فعلِ لازم۔ چھری گھسیڑنا۔ چھری مارنا +

چھُری پھیرنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ گلا کاٹنا۔ حلال کرنا۔ جان سے مارنا (۲) تکلیف دینا۔ آزار پہنچانا۔ رنج دینا۔ ظلم کرنا ؎

تقدیر چھری پھیرے تو پانی سے ہو فیض زخمی کو دیا آب نہ زخموں کی تری نے (بحر)

چھُری تلے دم لینا - ا۔ فعلِ لازم۔ عو۔ تکلیف سہانا۔ مصیبت برداشت کرنا + صبر و قرار لینا + ٹھہرنا۔ تامل کرنا

چھُری تیز رہنا - ا۔ فعلِ لازم۔ ظلم و ستم رہنا۔ مارنے کو مستعد رہنا +

کون سے دن نگہ تیز نہ خونریز رہی مجھ ظالم تری ہر روز چھری تیز رہی (ذوق)

چھُری تیز کرنا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) چھری پر دھار رکھنا۔ چھری پر آب چڑھانا (۲) لوہا تیز کرنا۔ دھکانا۔ سزا دینا۔ بس چلانا۔ قابو چلانا +

چھُری تیز ہونا - ا۔ فعلِ لازم۔ قابو ہونا۔ بس چلنا۔ زور چلنا۔ لوہا تیز ہونا

سچ ہے چھری غریب پہ ہوتی ہے سب کی تیز چھیڑا سبائے زلف کو مجھ پر عتاب ہے (بیدل)

چھُری چلنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) چھریوں سے مار کٹائی ہونا (۲) کھٹا پٹی رہنا۔ اَن بن رہنا (۳) رنج پہنچنا۔ کسی کو صدمہ پہنچنا +

چھری دینا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ ذبح کرنا۔ حلال کرنا۔ چھری پھیرنا۔ مارنا۔ قتل کرنا

اپیلیں مری لٹریا میں بری دو خدا کے لئے کوئی ان کو چھری دو (رنگین)

(۲) جانور کو شریعت کے بموجب ذبح کرنا ؎

میتا دھنس میں تنگ ہوں میں اب مجھکو چھری دے یار ہاکر (بحر)

چھُری کٹاری - ا۔ اسمِ مؤنث۔ عو۔ وہ مکرا جس میں ہتیاروں کی نوبت پہنچے + باہمی مخاصمت۔ جانی دشمنی + کھٹا پٹی۔ اَن بن + لڑائی جھگڑا جیسے ساس نندوں سے چھری کٹاری +

چھری کٹاری ہونا - ا۔ فعلِ متعدی مستعد بجنگ و آمادہ پیکار ہونا۔ دھکانا۔ ڈرانا

نگاہیں ہیں دو تیغ ابرو وہ زخم کاری دلِ دجگر کو
بتا ہی ہیں نگاہ و مژگاں چھری کٹاری دل و جگر کو (رنگت)

چھُری کٹاری رہنا - ا۔ فعلِ لازم۔ عو۔ باہم لڑتے جھگڑتے رہنا۔ اَن بن رکھنا۔ کھٹا پٹی رہنا +

چھُری کٹاری ہونا - ا۔ فعلِ لازم۔ سخت دشمنی ہونا۔ مخاصمانہ گفتگو ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔ لڑائی جھگڑا +

اس کی برگماں کا تھا جاں مذکور بات میں واں چھری کٹاری تھی (جرأت)

چھُری مارنا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عو (۱) چھری بھونکنا۔ خنجر مارنا۔ زخمی کرنا گھایل کرنا (۲) بُری بات کہنا۔ ناگوار بات کہنا +

چھُریاں بھونکنا - ا۔ فعلِ لازم۔ عو۔ جا بجا تمام جسم کے اندر چھریوں سے زخم دینا۔ نہایت تکلیف دایذا پہنچانا +

چھُریاں کٹاون پڑنا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عو (۱) تر بہ مار ہونا۔ کچلنا۔ کھونسنا۔ کھانا چرا کر کھانا۔ غصہ کا کلمہ ہے جیسے بتاؤ تو یہ روٹیاں کس کے چھریاں کٹاون پریں (۲) کٹ کٹ کر نکلنا۔ انتی سانر ہونا۔ اتی سانر ہونا +

چھَریرا - ا۔ صفت۔ دبلا پتلا۔ لاغر۔ ہلکا پھلکا جیسے چھریرا بدن۔ اکہرا بدن۔ کسنہ سا۔ ع چھریرا سا بدن نام خدا ہے ترے دولہا کا۔

چھُریوں کا غسل دینا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ چھریاں مارنا + بھاری سزا دینا + لہولہان کرنا جیسے کوئی چھریوں کا غسل دے تو یہ جب بھی بازنہ آئے +

چھَڑ - ا۔ اسمِ مؤنث۔ پتلا اور لمبا بانس نیزہ۔ چوب نیزہ و نشان و علم وغیرہ +

چھَڑا - ا۔ صفت (۱) تنہا۔ اکیلا ؎

فرہاد و قیس ساتھ تھے سب کب کے چل بسے دیکھیں نباہ کیونکہ ہو اب ہم چھڑے رہے (میر)

(۲۔ اسمِ مذکر) ایک قسم کا پاؤں کا کڑا۔ پاؤں کی چوڑی ؎

وہ جوبن کو اپنے دکھاتی چلی چھڑے کو کڑے سے لڑاتی چلی (میر حسن)

(۳) کان کا ایک موتیوں کا زیور +

چھُڑانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) چھوڑنے کا متعدی۔ رہا کرانا۔ چھٹوانا۔ آزاد کرانا۔ جدا کرانا۔ علیحدہ کرنا۔ ہٹانا جیسے رنگ چھڑانا (۲) ترک کرانا۔ موقوف کرانا جیسے دودھ چھڑانا یا نوکری چھڑانا (۳) کھولنا۔ وا کرنا جیسے پھندا چھڑانا +

چھُڑائی - ا۔ اسمِ مؤنث (۱) رہائی کا عوضانہ۔ جرانہ رہائی چھڑانے کی اجرت (۲) وہ دام جو صیدی اپنے کبوتر کے عوض دیکر لیجاتا ہے (۳) کھنٹو (۴) رہائی کنکوا بچانے کے واسطے دوسرے کے ہاتھ سے چھڑوانا (۵) وہ نقدی جو چڑیمار کو دے کر پرندوں کے چھوڑ دینے کی اجازت دی جائے +

چھڑکاؤ - ا۔ اسمِ مذکر۔ آبپاشی۔ پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا ؎

یہ کسکے واسطے کرتی ہے چشم تر چھڑکاؤ کہ آبگینہ کا نہیں چاہتا ہے گھر چھڑکاؤ (ناصر)

نقدمانے اسے چھڑکاب باندھا ہے چنانچہ میر تقی اور سودا وغیرہ کے کلام میں موجود ہے ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھڑ

وہ نہیں میں اشک ریزی سے بری چھڑکا ہو اب جو روئے یہ جا ہوں جھیل ہو تالاب ہو (میر)

سمندر کا صرف کر کے جواب صحن خانہ میں کیجئے چھڑکاب (سودا)

اسی طرح شاہ نصیر اور نجابت وغیرہ کے کلام میں بھی پایا جاتا ہے وجہ یہ ہے کہ انہوں نے چھڑکنا اور آب سے مرکب مانا ہے اور بقاعدۂ تبدیل متاخرین نے بائے موحدہ کو واؤ سے بدل کر فصیح اور عمدہ بنا لیا ہے مگر درحقیقت چھڑکنا مصدر سے مائل بالصدر ہے جس طرح بنانا سے بناؤ بتانا سے بتاؤ وغیرہ +

چھڑکاؤ - ا۔ اسم مؤنث (ہندو) چھڑکوائی۔ چھڑکنے کی اجرت (۲) ہندوؤں میں رسم ہے کہ برات وغیرہ کے موقع پر سمدھیوں کے ملنے کے وقت بھاٹ آکر کیسر یا ٹیسو کا رنگ ہاتھیوں نے کر یب کے کپڑوں پر چھڑکتا ہے اس کا نیگ جو ملتا ہے وہ چھڑکاؤ کہلاتا ہے نیز دھیانا یعنی داماد جو گلاب پاش سے گلاب پانی کرتا ہے وہ اپنا حق الگ لیتا ہے اُسے بھی چھڑکاؤ کہتے ہیں

چھڑکنا - ف۔ فعل متعدی (۱) آبپاشی کرنا چھڑکاؤ کرنا۔ زمین وغیرہ میں تھوڑا تھوڑا پانی ڈالکر اُسے تر کرنا۔ پاشیدن کا ترجمہ (۲) نثار کرنا۔ تصدق کرنا جیسے جان چھڑکنا عو (۳) رنگ پاشی کرنا۔ رنگ ڈالنا۔

چھڑکوانا - ف۔ چھڑکنے کا متعدی +

چھڑنا - ف۔ فعل لازم شروع ہونا۔ آغاز ہونا جیسے تار چھڑنا۔ ذکر چھڑنا + بجنا +

چھڑنا - ف۔ فعل متعدی مونسل سے غلہ کو کوٹکر صاف کرنا ہاوکھلی میں غلہ کوٹنا +

چھڑوانا - ف۔ فعل متعدی چھڑوانا۔ آوازہ توازہ پھکوانا + غصہ دلوانا۔ پھٹپھٹائی کرانا +

چھڑوانا - ف۔ فعل متعدی۔ رہائی کرانا + جُدا کرانا +

چھڑی - ا۔ اسم مؤنث (۱) پتلی لکڑی۔ چوب دستی۔ بید۔ قمچی (۲) وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے جیسے مدار اور میراں جی کی چھڑیاں (۳) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی (۴) گوکھرو اور چکی وغیرہ کی سیدھی تکمن جو عورتیں اکثر پیجامے وغیرہ میں ٹانکتی ہیں (ف۔ صفت) تنہا۔ اکیلی۔ (رباعی امداد علی بحر)

جس وقت چلی یہ جاں پیاری اپنی یاروں کو ہوئی دریغ یاری اپنی

دو گام دیا نہ چوبدستی نے ساتھ دنیا سے چلی چھڑی سواری اپنی (بحر)

چھڑی سواری - ا۔ اسم مذکر۔ جریدہ۔ یک بینی دوگوش۔ تنہا +

چھڑی چھٹانک - ف۔ صفت۔ دم نقد۔ جریدہ۔ تنہا + مُفلس۔ سبکبار۔ سُبکسا۔ سبکدوش +

چھڑیوں کا میلا - ا۔ اسم مذکر۔ وہ میلا جو کسی بزرگ کی چھڑیوں کے نام سے کیا جاتا ہے جیسے مدار کی چھڑیاں۔ میراں جی کی چھڑیاں۔ ظاہر پیر کی چھڑیاں۔ نیزوبی جی کی چھڑیاں جو چیت اور اسوج میں نچنی کو ہندوؤں میں پوجی جاتی ہیں اور ظاہر پیر کبھی سلونوں کے دن + ؎

چھل

میری آہوں نے جو گاڑے چرخ پر پہیے نشاں

تارے نکلے سیر کو چھڑیوں کا میلا ہوگیا (لالہ علم)

چھلکا - ا۔ اسم مذکر (۱) اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو اکثر چھتوں یا صحن خانہ میں لگایا جاتا ہے (۲) داغ چرکا۔ لوکا بجلا مثلاً جلتی ہوئی لکڑی کا چھکا لگا دیا +

چھلکا دینا - یا۔ **لگانا** - ف۔ فعل متعدی (۱) اینٹوں کا فرش جانا (۲) آگ سے جلا دینا۔ لوکا یا لُکا لگا دینا +

چھکا - ا۔ اسم مذکر۔ چھنے سے نسبت رکھنے والا۔ گنجینے یا تاش کا وہ پتا جس پر چھے نقطے یا ملامتیں ہوں اور قمار بازی میں وہ داؤں جس میں پاسہ چھکنے سے چھکے کے عدد یا نقاط کا پہلو پڑے چنانچہ پوچھکا بہت بولتے ہیں +

چھکا چھک - ف۔ تابع فعل (۱) سیر۔ اگھایا (۲) بدمست۔ سرشار۔ سیر مست۔ نشہ میں چور +

چھکا دینا - ف۔ فعل متعدی۔ سیر کر دینا۔ اگھا دینا۔ غنی اور بے پروا کر دینا +

ساقی تری نگاہ نے ایسا چھکا دیا + غم دو جہاں کا بس ترے یکجام سے گیا (مُنتظر)

چھکانا - ف۔ فعل لازم۔ (مکسنہ) چھچھانا۔ چھچھہ کرنا +

چھکانا - ف۔ فعل متعدی۔ سیر کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ اگھانا مستغنی کرنا + ؎

چھکاؤں میں تجھے بند کفن تو چھکائے جا ہی ہے ہمارے ہوم کلام پیشے کا (ناسخ)

چھکڑا - ا۔ اسم مذکر (۱) گڈا۔ چھے بیلوں کی گاڑی۔ اڑا۔ اسباب لادنے کی بڑی گاڑی (۲) صفت۔ وہ چیز جس کے اینجر پینجر ڈھیلے ہوں۔ وہ چیز جو کام دیتے دیتے چرخا ہو جائے ۔ زن فرتوت +

چھکنا - ف۔ فعل لازم۔ سیر ہونا۔ دل بھرنا۔ اگھانا مستغنی ہونا۔ بے پروا ہونا +

چھکنا - ف۔ فعل لازم۔ نواسنجی کرنا۔ چھچھانا۔ خوش الحانی کرنا +

چھکے چھوٹنا - ف۔ فعل لازم حواس باختہ ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ بے اوسان ہونا۔ گھبرا جانا (اصل میں چوسر بازوں کی اصطلاح تھی)

تختۂ نرگس و سنبل کھلا جو گل بدن یار سے چھٹ گئے ایسے مرے چھکے کہ شیدا ہو گیا (آتش)

چھل - ا۔ اسم مؤنث (۱) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔ دیوار کی چند گری ہوئی اینٹیں (۲) اسم مذکر نامکمل۔ غریب۔ دھوکا۔ چھند۔ چلتر۔ عیاری۔ جگل۔ پاکھنڈ۔ دم +

چھل بنانا - یا۔ **بٹنے** - ف۔ اسم مذکر۔ فن۔ فریب۔ مکر و خدع۔ دم اور دھوکا (مع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) +

چھل بل - ف۔ اسم مذکر (۱) دیکھو (چھل بنانا ۲) شوخی۔ چالاکی +

Digitized By: Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھل

قسم اس سر کی ہوں میں سیدھی سادھی نہیں آتا مجھے چھل بل سے اخلاص
جو تم بھوکے ہو چھل بل کے تو رنگیں کرو جا کر کسی چھتل سے اخلاص

چھل بل کرنا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جیسے ہم سے کر کے چھل بل سیاں سوتن گھر گئے گئے (گیت) +

چھل کرنا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دھوکا دینا۔ چالاکی کرنا۔ عیاری کرنا۔ حیلہ کرنا۔ فریب دینا۔ جیسے بل کرے چھل نکرے +

چُھل۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ ہنسی۔ مزاح۔ خوش طبعی۔ دل لگی + مسخرا پن + زندہ دلی۔ خوش مزاجی +

چُھل باز۔ ا۔ صفت۔ ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرا۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔ ٹھٹھے باز۔ ٹھٹول +

چِھل یا چِھل۔ ف۔ صفت۔ چالیس +

چِھل ابدال۔ ف + ع۔ (وہ چالیس تن جنکے وجود کی برکت سے بعقائد صوفیۂ اہل اسلام خداوند کریم نے عالم کو قائم رکھا ہے۔ نیز فقر کے ایک بڑے مرتبے اور مقام کا نام) +

چھل چراغ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ ایک قسم کے برنجی جھاڑ کا نام جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں۔ اور وہ فرش پر رکھا جاتا ہے۔

جو سوزِ عشق سے میں ہجر کے دل داغ جلا + تو جسنے دیکھا یہ جانا چھل چراغ جلا (ظفر)

چھل قدمی کرنا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) ٹہلنا۔ چالیس قدم تک پھرنا۔ ہوا کھانا۔ مٹر گشت کرنا۔ تفریحِ طبع کے واسطے مشی کرنا۔

خانۂ ہستی کا اپنے صحن ہے دشتِ عدم + رفتہ کر لیجے چھل قدمی مگر رخصت نہیں (ذوق)

چھلا۔ ا۔ اسمِ مذکر دپورب (خلاب۔ خلاص۔ وہ زمین جو پانی اور دلدل سے پُر ہو۔ کیچڑ کی زمین چنانچہ چھلے کی بھینس سؤر نے بھی فسانۂ عجائب میں لکھا ہے (یہ لفظ صاحب فرہنگِ جہانگیری نے چھلہ مگر زبانِ زدِ عوام چھلا در جزیرہا ہے) ۲۔ صفت۔ گیلا۔ چوڑا جیسے بچے نے موت موت کر چھوٹا چھلا کر دیا +

چھلا۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) حلقہ۔ کنڈلی۔ قلابہ۔ کڑا (۲) مُندری۔ انگشتری۔ کچھ۔ سونے چاندی یا اور دھات کا بن نگینہ کا حلقہ جو ہاتھ یا پاؤں کی انگلیوں میں پہنا جاتا ہے (۳) نیچے کے وہ نشان جو کلابتوں یا ریشم کے گول گول ڈالے جاتے ہیں (۴) ایک قسم کا پنجابی گیت اور نیز وہ ٹکڑا فقرے جو ہیجڑے دیوالی دسہرہ میں گا کر مانگتے پھرتے ہیں (۵) گھر کی وہ دیوار جو ایک رُخ سے پختہ اور دوسری جانب سے کچی ہو (بحر) خرابی لائیگا اک دن فراق اُس یار جانی کا، ہمارے قصرِ تن میں چاہئے چھلا نشانی کا (۶) وہ تیل کے چند قطرے جو کسی بوتل میں نیبو وغیرہ کا عرق بھر کر ہوا سے بچانے اور اُسکے محفوظ رکھنے کے واسطے ڈالدیتے ہیں۔ اس سے تازہ عرق بگڑنے نہیں پاتا۔

چھلا دھو کر اُٹھانا۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ منّت کا چھلا پاک کر کے رکھنا کہ کامیابی پر للہ دیا جائے۔ عورتیں اپنی مراد کے واسطے ایسا کرتی ہیں ؎

رنگیں سے لیا تھا میں نے روکر چھلا دیکھا ؤنگی کیا منہ اُسے کھو کر چھلا
پاؤں جو وہ چھلا تو دوا بیٹھک دوں منت کا اُٹھاتی ہوں یہ دھو کر چھلا (رنگین)

چھلا چھپّول۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل ہے کہ ہاتھ کا چھلا اُتار کر کسی مٹھی میں چھپا دونوں مٹھیاں بند کر لیتے ہیں جو شخص چھلے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اُسکی طرف اشارہ کرتا ہے اُسی کا چھلا ہو جاتا ہے۔ بعضے اوقات دو ٹھوک بنا کر بھی کھیلتے ہیں +

چھلا نشانی کا۔ ا۔ اسمِ مذکر (نشانی کا چھلا زیادہ بولتے ہیں) وہ سونے یا چاندی کا حلقہ جو اپنے ہاتھ سے اُتار دوسرے شخص کو بطور یادگار دیں یا دوسرے سے لیں لیکن اکثر محبوبوں کے ساتھ یہ امر ہوا کرتا ہے۔

لکھوں کیا حال میں دیکھ اپنی ناتوانی کا بناطوقِ گراں گردن میں وہ چھلا نشانی کا (ناسخ)

چھلانگ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ زغند۔ جست۔ چوکڑی۔ کُلانچ۔ پھلانگ پھاند +

چھلانگ مارنا یا چھلانگنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ جست لگانا۔ اُچھل جانا۔ کود جانا۔ پھاند جانا +

چھلاوا۔ ف۔ اسمِ مذکر (۱) لغوی معنی چھل دینے والا۔ اصطلاحی آسیب۔ غول بیابانی۔ شہابہ۔ اگیا بیتال (وہ فاسفورس یعنی پرانی ہڈیوں کا روشن مادہ جو اکثر برسات میں پانی کے قریب یا پرانے قبرستان وغیرہ میں رات کے وقت چمکتا ہوا دکھائی دیتا۔ اور اپنی لطافت کے باعث ہوا کے ساتھ اُڑتا پھرتا ہے بلکہ جب کوئی آدمی اُسکے پاس سے نکل جاتا ہے تو اُس ہوا کے خلا میں جو اُسکے چلنے سے پیدا ہوتا ہے وہ ساتھ ساتھ چلا آتا ہے۔ جاہل لوگ اسی کو بھوت پریت خیال کر کے ڈر جاتے اور اکثر بیمار پڑ جاتے ہیں بلکہ بعض کہتے ہیں کہ مختلف صورتوں میں رُوپ دکھاتا ہے (محبت) چھلاوے کی نمط بس دل کو چھل کر + ہوا یکبارہ وہ دلدار چلتا۔ (۲۔ صفت) شوخ و طرار۔ معشوق۔ چُلبلا آدمی + وہ شخص جو گھڑی کہیں اور گھڑی کہیں ہو۔ بجلی کی طرح ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا آدمی۔

دم میں آنکھوں سے ہو غائب نظر آجائے صاف بجلی کی سی چھل بل ہے چھلاوا تو تن (کبت)

(۳) شعبدہ باز۔ طلسم دکھانے والا۔ اندر جال کرنے والا +

چھلاوا سا۔ ف۔ صفت۔ تُرتُریا سا۔ چالاک سا۔ طرار سا۔ برق سا۔ غول سا۔ شہابہ کی مانند۔ شعبدہ باز سا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھل

جھوٹے نہیں سچے ہو اس پر میں اے یار مجھکو بھی چھلاوا سا ایکبار نظر آیا (مصحفی)

چھلاوا سا پھرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اہل گملا پھرنا۔ شوخی دکھلانا۔ انداز معشوقانہ کے ساتھ پھرتیلوں کی طرح پھرنا۔ طرارے بھرنا +

چھلاوا کھیلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چھلاوے کا دوڑا دوڑا پھرنا۔ شبابہ کا کبھی ادھر کبھی اُدھر چمکنا۔ ؎

لالۂ خودرو یہ انگارا یا صحرا میں ہے + یا کہ اے مجنوں چھلاوا کھیلتا صحرا میں ہے (ظفر)

چھلیدار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پرائی۔ ایک قسم کے ڈوم جو اکثر دائرہ بیچا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں اگر چکتے گاتے عمر گذر جاتی ہے مگر ان لوگوں کو گانا نہیں آتا

چھل پلانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ بازار میں کھڑے ہو کر ساسوں کو کوٹنے سے بچا بچا کر پانی پلانا۔ ؎

کہیں چھل پلاتا تھا سقا سبیل + کہ تھا دوش پر مشک سے رود نیل (نکہت)

چھل پھل۔ ہ۔ اسم مونث (۱) گھما گھمی۔ رونق۔ آبادی۔ گرمی ہنگامہ۔ اداؤں جیسے پتلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں چھل پھل ہو رہی ہے ؎ رونق وہ بزم تھا وہ جب تک کہ اکیا گھر میں مرے چھل پھل تھی۔ (۲) خوشی۔ خرمی۔ زندہ دلی۔ مزاح و خوش طبعی۔ ہنسی ٹھٹھا (اسکی اصل چھل بمعنی مذاق ہے)

چھلچھلانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) پانی چھوڑنا چھل چھل موتنا + پیشاب کرنے کی آواز۔ (۲۔ گنوار) اترانا +

چھل چھل موتنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ عورت کے موتنے کی آواز۔ ڈر یا خوف کے مارے دھل دھل کر کے موتنا +

چھلکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پوست۔ چھل۔ قشر۔ کھال۔ بکل +

چھلکا اتارنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ چھیلنا۔ پوست جدا کرنا۔ کھال اتارنا۔ بکل دور کرنا۔ پوست کشیدن کا ترجمہ +

چھلکانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ لبالب بھر کر گرا دینا۔ گرانا۔ ڈھلکانا۔ لبریز چیز کو جنبش دیکر گرانا۔ لبالب بھر دینا +

چھلکتا ہوا۔ ہ۔ صفت۔ لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا +

چھلکنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ لبریز ہو کر ٹپکنا۔ ڈھلکنا۔ نیچے گرنا۔ اُبلنا۔ باہر نکلنا۔ رقیق چیز کا لبالب ہو کر بہنا (گیت) رنگ کی گاگر یا چھلک دی موری۔ بھر دلبر تو سے ساری لونگی۔ چھاڈو مورا اچرا میں کاری دونگی۔ (برق) بادۂ دولت دنیا سے بہک جاتے ہیں جام کمظرفی کم ظرف چھلک جاتا ہے) (۲) کماروں کی اصطلاح میں کسی قدر خالی ظرف کو بھر کر پورا کر دینا۔ مثلاً ان کا کلہ۔ کسی قدر خالی رہ جائے تو کہیں گے کہ اسے چھلکا

چھل

اور اگر زیادہ بھرا ہوا ہو تو وہاں غرض ہوگی کچھ خالی کر دو +

چھلکنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عورت کا موتنا۔ پانی چھوڑنا بغیر ارادہ تھوڑا سا پیشاب خواہ خوف کے باعث یا کسی اور وجہ سے نکل جانا +

چھلکیوں موتنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ عو۔ چلوؤں موتنا۔ بہت سا موتنا۔ ڈر کے مارے بہت سا پیشاب نکلنا۔ جیسے ذرا آنکھ بھر کے دیکھا اور چھلکیوں موت دیا۔ نہایت ڈرنا۔ از حد رعب میں آنا +

چھلم۔ ف۔ صفت (۱) چالیسواں۔ چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲۔ اسم مذکر) وہ رسم جو میت کے سوا مہینے بعد ادا کی جاتی ہے۔ شہدائے کربلا کا چالیسواں جو ہر محرم کے چالیس روز بعد کیا جاتا ہے +

چھلنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جل دینا۔ دم دینا۔ پھسلانا (۲) بڑی چھلنی۔ غربال تارہ۔ ہانگی۔ جھارا +

چھلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ خراشیدہ ہونا۔ کسی چیز کا پوست اتر جانا چمڑا اکھڑنا۔ کھال اُدھڑنا۔ رگڑ لگنا چیمنٹ آنا۔ کھڑنیچ لگنا +

چھلنی۔ ہ۔ اسم مونث (پورب) غربال۔ چھاننے کا آلہ۔ چھنی۔ چھلنی +

چھلنی میں دال چھلاج میں اڑانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عو۔ رسوا کرنا۔ الم نشرح کرنا۔ دھندی پیٹنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔ سوراسی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا جیسے ساس نندیں ایک برائی ہو تو چھلنی میں ڈال چھلاج میں اڑائیں +

چھلنی ہو جانا۔ ہ۔ فعل لازم (دکھنی) سوزن زدہ ہو جانا۔ سوراخ سوراخ ہو جانا۔ تیروں سے بندھ جانا۔ ؎

کاوش مژگاں سے چھلنی ہو گئے پائے نظر + سوزن عیسےٰ زبان خار صحرا ہو گئی (برق)

چھلوری۔ ہ۔ اسم مونث۔ وہ چھالا جو انگلی یا کسی ناخن کے اندر ہو جاتا اور بغیر چیرا دیئے اچھا نہیں ہوتا۔ اسکی نسبت لوگوں کا گمان ہے کہ یہ اس مٹی کے ہاتھ میں لگ جانے سے پیدا ہوتا ہے جس پر سانپ کی مستی کے جھاگ گرتے ہیں۔ انگل بڑا +

چھلے کا گل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ داغ جو معشوق کا چھلا لال کر کے محبت جتانیکی غرض سے اپنے جسم پر کھاتے ہیں۔ ؎

گل کھائے ہیں معشوق کے چھلوں کے یہاں تک
ہاتھوں پہ گماں ہے مرے طاؤس کے پر کا۔ ؎

چھلا نہیں تو چھلے کا گل لے نکالدے + کچھ تو نشانی اپنی مجھے یادگار دے (لالہ لم)

چھلیا۔ ہ۔ صفت۔ فریبی۔ شعبدہ باز۔ جل باز۔ دمباز۔ دھوکے باز۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھما

چھما ۰- اِسم مُونث (ہندی) عفو - لغوی معنے معافی - درگزر - خطا بخشی - مجازی مہربانی - کرپا - رحم - ترحم +

چھما کرنا ۰- فعل مُتعدی (ہندی) مہربانی کرنا - کرپا کرنا - دیا کرنا - رحم کرنا - معاف کرنا - درگزر کرنا - سزا دینے سے باز رہنا +

چھم چھم ۰- اسم مُونث (۱) رِم جھم - رِمنے کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز - ٹھما ٹھما - ٹھکا + (ٹھمری)

چھم چھم چھم چھم میہا برسے لہجے مہارا جیارا
پروا پچھوا پون چلت ہے کیسے بارُوں دیارا

(۲) گھنے کی آواز - گھنگرُوں کی آواز - جھنکار (ہندی اس معنی میں بالضم بولتے ہیں)

چھیڑ مینگو بیٹیاں ۰- اِسم مُونث - طعن تعرض - مکتہ چینیاں - طعنے مہنے کی باتیں - لاڈ پیار کی باتیں - ناز و نخرے کی باتیں - نخرا تِلا +

چھن ۰- اِسم مذکر (۱) کسی جلتی ہوئی چیز جیسے توے وغیرہ پر پانی پڑنے کی آواز - روپے کی آواز - گھنگرُو کی آواز (۲) سنگریزہ - چھوٹے چھوٹے کنکر - بجری (۳- ہندُو) کنگن - مگری - وہ زیور جو ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتے ہیں (۴) ایک قسم کے ٹانک جو دُلہا سُسرال میں سناکر انعام لیتا ہے جیسے چھن پکائی چھن پکائی چھن پکے کا خُرما + تیری بیٹی ایسی رکھوں آنکھوں میں کا سُرما - (یہ صرف ہندُوں میں دستور ہے)

چھن ۰- اِسم مذکر (۱) تلنے کی آواز - کڑکڑاتے تیل میں کوئی چیز پڑ جانیکی آواز - (۲) گھنگرُو کی آواز - پائل یا کسی اور خولدار زیور کی آواز جسمیں گھونگرو پڑے ہوئے ہوں +

چھن ۰- اِسم مُونث - پل - لمحہ - ثانیہ - سیکنڈ +

چھنا ۰- اِسم مذکر - بڑی چھنی - غربالِ کلاں +

چھنا ۰- فعلِ لازم (۱) کسی چیز کا چھنی سے نکلنا - چھانا جانا (۲) تیروں یا گولیوں سے بدن کا بندھ جانا - مُشبک ہونا (۳) سوراخ سوراخ ہونا - چھید چھید ہونا جیسے کپڑا چھن جانا (۴) لڑائی ہونا - بگاڑ ہونا - آپس میں چلنا جیسے رُوس رُوم میں چھن رہی ہے (۵) تحقیقات ہونا - تجسس ہونا جیسے مُقدمہ کا چھنا (۶) روشنی شمع نور ماہ یا آفتاب وغیرہ کا باہر نکلنا +

چھنا کا ۰- اِسم مذکر - جھنکار - کھنا کا - ٹھنا کا - روپیہ کی آواز - دولت کی آواز +

چھنال ۰- اِسم مُونث - خراب عورت - بدعورت - اوباش اور بدوضع عورت - بدکار عورت - فاحشہ - فاجرہ - زانیہ - قحبہ (۲) شہوت پرست - جھلمانی - جھلو

چھو

(۳) شوخ - بیباک - بے شرم - بیحیا - ؎

سر تا پا شرم وہ پری ہے + لیکن ہیں بڑی چھنال آنکھیں (ناسخ)

(۴) عیارہ - مکارہ - چالاک - ہوشیار - بدذات - شریر +

چھنال پن / **چھنال پنہ** ۰- اِسم مذکر - اوباشی - بدوضعی - زنا کاری - بدکاری - شہوت پرستی - شوخ پن - شرارت - حرمزدگی - بے شرمی - بیحیائی - بے باکی - عیاری - مکاری - کیادی +

چھنالا ۰- اِسم مذکر - بدکاری - زنا کاری - حرام کاری +

چھنالا کرنا ۰- فعلِ لازم - حرام کرنا - حرام کاری کرنا - بدکاری کرنا - زنا کرنا - جاری پن کرنا - قحبہ پن کرنا - قحبہ بننا - کسب سمانا +

چھنٹاؤ ۰- اِسم مذکر - چھنٹن - چھانٹ +

چھنٹنا ۰- فعلِ لازم (۱) الگ ہونا - جُدا ہونا - انتخاب ہونا - جیسے دس میں سے پانچ چھنٹنا (۲) کم ہونا - دُبلا ہونا جیسے بدن چھنٹنا (۳) صاف ہونا - ملیہ نکلنا جیسے کنوُاں چھنٹنا وغیرہ باقی معنی دیکھو (چھٹنا) +

چھنچھناہٹ ۰- فعلِ لازم - چھن چھن کی آواز نکلنا - جھنکار ہونا +

چھند ۰- اِسم مذکر (۱) دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا - (۲) عیب مکر و فریب - جُل چھل (۳) ظلم - اغلوک - ایک خاص قسم کے اشعار - (۴) وزن - بحر + لے - سُر (۵) معنی بیان - مطالب +

چھند بند ۰- اِسم مذکر - عیب - فند - فریب - چالاکی - عیاری +

چھند چور ۰- اِسم مذکر (ہندُو) تصنیف چوٹنا +

چھند مانترا ۰- اِسم مذکر - تعلیم - اوزانِ بحور +

چھنرا ۰- اِسم مذکر - پُورب (۱) زانی - زنا کار - بدکار - اوباش - عیاش چھنالا کرنے والا (۲) شہدا - لُچہ - رند - شرابی +

چھنگا ۰- اِسم مذکر - (ہندی) اچھے انگلیوں والا آدمی (۲) صفت اچھی انگلیوں والا

چھنگلی / **چھنگلیا** ۰- اِسم مُونث - ہاتھ یا پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی - من - اُنگلی - ملک - خنصر +

چھنلا ۰- اِسم مذکر - دیکھو (چھنا) +

چھن مُن / **چھنن مُنن** ۰- اِسم مُونث - گھنگھرو یا تلے جانے کی آواز +

چھنوانا ۰- فعلِ مُتعدی - چھیننا کا مُتعدی +

چھنوانا ۰- فعلِ مُتعدی - چھاننے کا مُتعدی +

چھو ۰- اِسم مذکر (ہندُو) پیار - محبت (۲) رحم - الطاف - مہربانی (۳) غصہ - خفگی

چھُو

چھو ہونا ۔ہ۔ فعلِ لازم (ہندو) اخفا ہونا چھنجلانا +

چھُو ۔ہ۔ اسمِ مذکر۔ کچھ پڑھکر پھونکنے کی آواز + جادو۔ افسوں۔ منتر + دم + دعا۔

چھوبنا یا ہو جانا، ا۔ فعلِ لازم۔ ہوا ہونا۔ رخصت ہونا۔ چلتا بنا۔ ہوا بنا + چلدینا۔ کافور ہونا۔ چمپت ہونا۔ غائب ہونا۔ صرف میں آجانا +

چھُوچھُوبنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ دیکھو (چھُوبنا) +

چھُوچھُوبنانا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ احمق بنانا +

چھُو کرنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ دم کرنا۔ دعا پڑھکر پھونکنا +

چھُومنتر ۔ہ۔ اسمِ مذکر۔ جادو یا افسوں پڑھکر پھونکنے کو چھومنتر کہتے ہیں کیونکہ منتر بمعنی سحر اور چھو بمعنی دم آیا ہے۔ ؎

پڑھکے چھومنتر جو کہتا تھا کسی کے مُنہ میں + سو وہ اُلٹا ہو کے میرے مُنہ پہ اُلٹا پڑا (جرأت)

چھُو ہونا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ غائب ہونا۔ رفوچکر ہونا۔ غائب غلہ ہونا۔ کافور ہونا +

چھُوا چھُو ۔ہ۔ اسمِ مؤنث۔ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز +

چھُوارا یا چھُہارا ۔ہ۔ اسمِ مذکر۔ خرما۔ تمر۔ ایک قسم کی بڑی سوکھی کھجور +

چھُوارا بیر ۔ہ۔ اسمِ مذکر۔ سُرخ اور شیریں لمبا اور پرکار بیر +

چھُوانا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ چھونا کا متعدی۔ لگانا۔ مس کرنا +

چھُوپنا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ گیلی مٹی سے سوراخ دیوار وغیرہ کا بھرنا۔ مٹی تھوپنا۔ مٹی چڑھانا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا کچی دیوار میں مٹی لگانا +

چھُوت ۔ہ۔ اسمِ مؤنث (۱) چھواؤ۔ مس (۲) ناپاک آدمی کا سایہ پلیدکا پرچھاواں۔ پرتو۔ سایہ (۳) ناپاکی۔ پلیدی۔ نجاست +

چھُوت اُتارنا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ نجس آدمی کے سایہ کا دفعیہ کرنا۔ پرچھائیں کا علاج کرنا۔ منتر سے اچھا کرنا +

چھُوت جھاڑنا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو (چھوت اُتارنا) (ہندو بود و جہل بروزن ہوت بولتے ہیں)

چھُوٹ ۔ہ۔ اسمِ مؤنث (۱) رہائی۔ آزادی۔ مخلصی (۲) فرصت۔ مہلت چھٹکارا ؎

جامِ مے ہاتھ میں از شیشۂ مے برِ بغل + نہیں عیّاش کو اب بزمِ خرابات سے چھوٹ (عیاش)

(۳) تخفیف۔ کمی۔ چھُوٹی (۴) بیت پھکیت یا بکیت کا اس طرح بیقاعدہ ہو کر باہم مقابلہ کرنا کہ حریف کو اجازت ہو کہ جہاں خالی دیکھے باشوق مارے۔ ؎

لگی یار شکِ قمرات کو اس گھات سے چھوٹ + گئی خورِ شیدِ درخشاں کی پہ تڑپ سے چھوٹ (نصیر)

(۵) بے تکلفانہ مزاح۔ گالی گفتار۔ گالی گلوچ۔ پھکڑ۔ مُغلظات (۶) ایک صاحب اسکے معنی بے ساختہ اور خوبصورتی کے بھی لکھتے ہیں (۷) طلاق مُستثنیٰ

چھو

یہ معنی بھی گو قرینِ قیاس ہیں مگر سند میں نہیں آئے۔ دیگر لغات سے معلوم ہوئے ہیں (۸) کبوتر بازوں کی اصطلاح میں وہ مقام جہاں سے کبوتروں کے چھوڑنے کی شرط ہو +

چھُوٹ لڑنا ۔ہ۔ فعلِ لازم (۱) کسی فنِ چوب بازی کے کاملِ فن سے بہت سے آدمیوں کا ہتیاروں کے ساتھ مقابلہ ہونا اور اُس کا سب کو جواب دینا۔ دو فنِ پسر گری کے کاملوں کا اس طرح پر لڑنا کہ باہم جس کا جی چاہے جہاں چوٹ مارے۔ ؎

نگہِ ناز اُسکے عاشق سے + چھُوٹ کر کس ادا سے لڑتی ہے (ذوق)

(۲) کھلی گلوچ لڑنا۔ پھکڑ لڑنا +

چھُوٹ ہونا ۔ہ۔ فعلِ لازم (۱) فرصت ہونا۔ وقت ملنا (۲) پھکڑ ہونا بے تکلفانہ مزاح ہونا (۳) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گرکوں سے لڑنا +

چھُوٹا ۔ہ۔ صفت (۱) کوتہ + اوچھا + تنگ (۲) صغیر۔ کوچک۔ خرد۔ اصغر قد میں یا عمر میں کم (۳) کمتر۔ کہتر۔ گھٹکا۔ تھوڑا (۴) کمینہ۔ نیچ (۵) کم۔ تھوڑا۔ قلیل (۶) ادنےٰ۔ اعلےٰ کا نقیض + ارزل +

چھوٹا چلاّ ۔ا۔ اسمِ مذکر۔ دسواں بیسواں اور مہینے کا غسل جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔ (چونکہ اس میں بھی چلّے کی رسمیں مختصراً ادا کی جاتی ہیں اسواسطے یہ نام قرار پایا ہے)

چھوٹا صاحب ۔ا۔ اسمِ مذکر۔ جج۔ جنٹ مجسٹریٹ۔ ڈپٹی کلکٹر سے کم درجہ کا حاکم۔ ڈپٹی کلکٹر کا نائب۔ جسٹرار عدالت خفیفہ کا چھوٹا منصف۔ کم درجہ کا جج +

چھوٹا کپڑا ۔ہ۔ اسمِ مذکر۔ انگیا۔ سینہ بند زنان۔ فارسی سماچہ۔ سامچہ۔ شاماچہ۔ شاما کچہ +

چھوٹا مُنہ بڑی بات ۔ہ۔ کہاوت۔ اپنی لیاقت سے زیادہ بات کہنی۔ حوصلہ سے بڑھکر بات۔ بڑوں کی عیب گیری + کم رتبہ اور بے حقیقت کا اپنے حوصلہ سے زیادہ کام۔ ؎

شبِ غم کا بیان کیا کیجے + ہے بڑی بات اور چھوٹا مُنہ (ممنون)

چھُوٹنا ۔ہ۔ فعلِ لازم (۱) دیکھو چھُٹنا نمبر ۱-۲-۳-۴-۵-۶-۷-۸-۹-۱۰- (۲) کھلنا۔ رسّی تڑانا جیسے گھوڑے کا چھوٹنا (۳) اسپ نر کا اسپ مادہ سے مجامعت کرنا جیسے گھوڑا اُس گھوڑی پر دوبارہ چھوٹا +

چھوٹی الائچی ۔ا۔ مؤنث۔ سفید الائچی۔ بیل خرد +

چھُوٹی اُمّت ۔ا۔ اسمِ مؤنث (۱) اخیر زمانہ کی اولاد۔ حال کی اولاد۔ موجودہ زمانہ کی پیدائش (۲) کمینے آدمی۔ کم ذات۔ نیچ قوم۔ فرومایہ۔ ذلیل آدمی جیسے چھوٹی اُمّت کے لوگ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھو

چھوچک ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ زچہ خانہ کی ایک رسم کا نام ۔ چھٹی ۔

چھوچھو ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ عو ۔ بچوں کی جھی جھی دھونے والی عورت ۔ پوتڑے دھونے والی ۔ دایہ ۔ کھلائی وہ لڑکی جو لڑکیوں کی خدمت کے واسطے مقرر ہوتی ہے ۔

نتے سے کلجے کو کیا اسکے ہوا لوگو ۔ کچھ اندنوں رہتی ہے دلگیر میری چھوچھو (رنگین)

چھوڑنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) ترک کرنا ۔ تیاگنا ۔ روکرنا ۔ (۲) رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ نجات دینا ۔ (۳) بخشنا ۔ معاف کرنا ۔ جیسے سود چھوڑنا (۴) فیر کرنا ۔ بندوق چلانا ۔ بندوق خالی کرنا ۔ توپ سر کرنا (۵) بچانا ۔ محفوظ رکھنا ۔ شلا ارگ چھوڑ کر کاٹنا (۶) واگذاشت کرنا (۷) استعفا دینا ۔ نوکری سے علیحدگی اختیار کرنا (۸) طلاق دینا ۔ قطع تعلق کرنا (۹) ہجرت کرنا ۔ دوسری جگہ جا رہنا (۱۰) جھپٹانا ۔ دوڑانا جیسے کتے یا کسی شکاری پیندہ کو شکار پر چھوڑنا ۔ (۱۱) جھٹکنا ۔ علیحدہ کرنا جیسے ہاتھ سے چھوڑنا ۔ (۱۲) تخلیہ کرنا ۔ علیحدہ ہونا ۔ (۱۳) مکان خالی کرنا ۔ اٹھنا جیسے گھر چھوڑنا (۱۴) باقی نہ رکھنا ۔ بچا رکھنا (۱۵) لڑکانا ۔ غلطاں کرنا (۱۶) جاری کرنا ۔ پانی بہانا (۱۷) اسپ نر کو اسپ مادہ پر چڑھانا ۔

چھوکرا ۔ا۔ (۱) اسم مذکر (۱) لڑکا ۔ امرد ۔ سادہ رو (۲) غلام ۔ چیلا ۔ داس (۳) صفت نادان ۔ ناتجربہ کار ۔

چھوکری ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) چھوری ۔ لڑکی ۔ صبیہ ۔ دختر کو چک (۲) باندی چیری ۔ لونڈی ۔ کنیز ۔ کنیزک ۔

چھولداری ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا ڈیرہ ۔ پال ۔ راؤٹی (یہ لفظ انگریزی سولجر Soldier یعنی سپاہی سے بنایا گیا ہے)

چھہول ۔ا۔ صفت ۔ چاروں ۔ ہر طرف ۔ چاروں طرف ۔

چھونا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) مس کرنا ۔ ہاتھ لگانا (۲) چیڑنا ۔ ٹوہنا ۔

چھونا ۔ا۔ اسم مذکر (پورب) بچہ ۔ لڑکا ۔ طفل ۔ جانور کا بچہ ۔

چھونک ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) بگھار ۔ وار ۔

چھونکنا ۔ا۔ فعل متعدی (ہندو) بگھارنا ۔ گھی وار کرنا ۔

چھوئی موئی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) لجالو ۔ لجونی ۔ ایک قسم کی بوٹی جس کے پتوں میں یہ خاصیت ہے کہ کسی کے ہاتھ لگانے سے بلکہ سایہ تک سے مرجھا جاتے ہیں (۲) نہایت نازک ۔ موم کی مریم ۔ مرزا پھویا ۔ کاجو بھوجو ۔

چھہتر ۔ا۔ صفت ۔ پچھتر اور ایک ۔ ستہتر ۔ دوشش ۔ ۷۶ ۔

چھی

چھئے ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ (ہندو) بربادی ۔ نقصان ۔ شکست جیسے رام کی جے راون کی چھے ۔

چھی ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ حرف تنفر (۱) تف ۔ تھو تھو ۔ آخ تھو (۲) برا ۔ خراب ۔ گندا ۔ (۳) اسم مؤنث ، چھینکنے کی آواز ۔ چھینک کی نقل ۔

چھی چھی ۔ا۔ کلمہ تنفر یا تاکید (۱) برا برا ۔ خراب خراب ۔ نکما نکما (۲) اسم مؤنث بچے کا گوہ ۔ پیخانہ ۔ براز جیسے گوہ نہیں لالا کی چھی چھی ۔

چھی چھی پھرنا ۔فعل متعدی بچے کا پیخانہ پھرنا ۔

چھی چھی کرنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) بچہ کا ہگنا (۲) جیسے بری باتوں سے چھی چھی کر کے کالے کوسوں بھاگے (۳) برا برا کہنا ۔

چھیاسٹھ ۔ا۔ صفت ۔ چھے اوپر ساٹھ ۔ شصت و شش ۶۶ ۔

چھیاسی ۔ا۔ صفت ۔ چھے اوپر اسی ۔ ہشتاد و شش ۸۶ ۔

چھیالیس ۔ا۔ صفت ۔ چھے اوپر چالیس ۔ چہل و شش ۴۶ ۔

چھیانوے ۔ا۔ صفت ۔ چھے اوپر نوے ۔ نود و شش ۹۶ ۔

چھید ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) چھدائیں ۔ دھبا ۔ داغ ۔ سبق ابیض سفید دھبے جو اکثر منہ یا جسم پر خون کے فساد سے ہو جاتے ہیں (۲) قسم کا سیوہ (۳) ڈگن ۔ مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی (۴) چھاپ کا مالہ ۔

چھیپی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) چھپیرا ۔ کپڑا چھاپنے والا (۲) وہ کپڑا بندھی ہوئی چھڑی جس سے کبوتر اڑاتے ہیں ۔

چھیتا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ ہندو عورت باپ یا خاوند کے گھر جانے کی تاریخ ۔

چھیتنا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ عو ۔ چاہیتا ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ عزیز ۔ جانی ۔ معشوق ۔

چھیدنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ (ہندو) مارنا ۔ کوٹنا ۔ پیٹنا (۲) ڈنک مارنا ۔ کاٹنا ۔

چھیتنی ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ عو ۔ چاہیتی ۔ پیاری ۔ عزیزہ ۔ جان ۔ معشوقہ ۔

چھیچھیڑ ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) کمی ۔ گھٹی ۔ نقصان ۔ زوال ۔ کمی چیز لے بار بار نوکنے جو کھنے اٹھانے رکھنے سوکھنے سکھانے سے جو کمی ہوتی ہے اسے چھیچھیر کہتے ہیں ۔

چھیدنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ چھید کا پڑ جانا ۔ چھید کا پھٹ جانا جیسے کان چھیدے گئے یعنی کان کے چھید جن میں زیور پہنے تھے بہ گئے ۔ (ہندو بیاہ عروسی میں بولتے ہیں)

چھیجنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) کم ہونا ۔ گھٹنا ۔ زوال ہونا ۔ (۲) مرنا ۔ جان سے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھی

جانا جیسے دس آدمی روز بھیجتے ہیں (۳) خراب ہونا۔ ضایع ہونا۔ تلف ہونا (۴) گزرنا۔ سہنا۔ بچہ کا سرنا۔ ہاتھ سے کھسلنا +

چھید ۱۔ اسم مذکر (۱) سوراخ۔ رخنہ۔ روزن۔ خانہ۔ سال (۲) گرمعا۔ بل۔ بخار پلا۔ بھٹ (۳) دُبر۔ مقعد۔ گانڑ۔ گُون + فرج +

چھیدنا ۱۔ فعل متعدی۔ سوراخ کرنا۔ بیندھنا۔ سالنا +

چھیدا یا چھیدڑا ۱۔ اسم مذکر۔ دیکھو (چھیدڑا)

چھیر ۱۔ اسم مؤنث۔ بھیڑ کا نقیض۔ خلاف کثرت وانبوہ۔ آدمیوں کی کمی۔ ہجوم کا زوال +

چھیڑ ۱۔ اسم مؤنث (۱) چھوٹ۔ پرسنگ + مساس (۲) ہنسی ٹھٹھا۔ مخول۔ چھیڑخانی۔ دل لگی۔ نوکاچوکی + ؎

چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسد + گو نہیں وصل تو حسرت ہی سہی (غالب)

(۳) کاوش۔ رنج۔ انکار دہی۔ مخالفت۔ فساد۔ ؎

دل پُر درد ہے جنبش طلب شرگاں دلبر سے + مرے پھوڑے نے خود اک چھیڑ پیدا کی ہے نشتر سے

(۴) چڑ۔ چڑانے کی بات۔ اشتعالِ طبع جیسے یہ بھی کچھ چھیڑ مقرر کی ہے (۵) نشتر زنی (۶) کسی باجے کی حرکت۔ مضراب زنی۔ ؎

سانہ کی طرح رہا کرتے ہیں عاشق نالاں + چھیڑ طرفہ تجھے اے عربدہ جو آتی ہے (آتش)

چھیڑ چھاڑ ۱۔ اسم مؤنث۔ ہنسی۔ مذاق + نوکاچوکی۔ طعن تعرّض + بات چیت + تحریک + خط وکتابت۔ لڑائی بھڑائی +

چھیڑخانی ۱۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (چھیڑ نمبر ۲-۳-۴)

چھیڑ نکالنا ۲۔ فعل متعدی۔ چڑ نکالنا +

چھیڑنا ۲۔ فعل متعدی (۱) چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ مس کرنا (۲) گدگدانا۔ سہلانا۔ گدگدی کرنا (۳) خفا کرنا۔ برسرشورش لانا۔ چڑانا۔ بھڑکانا۔ رنجیدہ کرنا۔ اشتعال دینا۔ ؎

سنتے ہیں اس کو چھیڑ چھیڑ کے ہم + کس مزے سے عتاب کی باتیں (ذوق)

(۴) مہمیز کرنا۔ ٹھوکر لگانا۔ گرم رفتار کرنا۔ گھوڑا دوڑانا۔ ؎

یہ زمیں اے رشک ہے روندی ہوئی + توسنِ طبع رواں اس پر نہ چھیڑ (رشک)

(۵) مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ دل لگی کرنا۔ (۶) ذکر کرنا۔ بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔ ذکر چلانا۔ کسی بات کا ذکر چلا کر آزردہ کرنا۔ کوئی بات یاد دلانا۔ ؎

ہوں سراپا نالۂ آہنگِ محبت کچھ نہ پوچھ + ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے (غالب)

چھی

(۷) آزار دینا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ (۸) ٹھوکنا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ تحریک کرنا۔ ؎

بزنگِ آبلہ ہم پھوٹ پھوٹ کر روئے + ہمیں تو چھیڑ کے کچھ پوچھنا بھی نشتر تھا + (۱۱ علم) (۹) نشتر لگانا۔ نشتر چبھونا۔ نشتر مارنا۔ زخم کو چیرا لگانا ؎

تیری ہر اک بات ہے نشتر نہ چھیڑ + پکا پھوڑا ہوں میں اے دلبر نہ چھیڑ (بحر)

(۱۰) باجا بجانا۔ ساز نوازی کرنا ؎

تیری آہیں یار کو نا ساز ہیں + ساز اپنا اے دلِ مضطر نہ چھیڑ (بحر)

آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ ؎ (آتش)

کہتے ہیں ذکر لیلیٰ و مجنوں جو چھیڑیے + چپ رہیے بس نہ گور کے مردے اکھیڑیے

(۱۲) گانا۔ الاپنا جیسے کوئی ٹھمری ہی چھیڑو +

چھینک ۲۔ اسم مذکر (ہندو) دیکھو (چھید) +

چھینٹ ۲۔ اسم مذکر۔ چھیلا۔ کاشف۔ خوش پوشاک آدمی۔ خوش وضع جوان۔ بانکا جوان۔ البیلا جوان۔ چکنا۔ رسیا آدمی۔ رنگیلا آدمی +

چھینٹ پن ۲۔ اسم مذکر۔ بانک پن۔ رنگیلا پن +

چھینٹ چکنیا ۲۔ اسم مذکر (پورب) بانکا تیرچھا۔ رنگیلا +

چھینٹلا ۲۔ اسم مذکر۔ دیکھو۔ (چھینٹ) جیب میں ٹنکنے کھلی کی ڈلی چھیلا پسرے گلی گلی +

چھینٹل چھینٹیلا ۲۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس پر عطر کے کپڑے رنگتے وقت ڈال کر خوشبودار بنائے جاتے ہیں (۲) رنگیلا آدمی چھیلا +

چھینلنا ۲۔ فعل متعدی (۱) خراشیدن کا ترجمہ۔ پوست اتارنا۔ گھرچنا۔ (۲) خراش کرنا۔ کھجلی کرنا جیسے کسی تیز چیز کا گلے کو چھیلنا (۳) حرف اڑانا۔ حک کرنا +

چھینلی یا چھینری ۲۔ اسم مؤنث۔ (گنوار) بکری۔ گوسفند۔ بز +

چھینی ۲۔ اسم مؤنث (پورب) چھل +

چھینٹا ۲۔ فعل لازم۔ سوراخ کا کھنچا نا۔ سوراخ کا پھٹ جانا +

چھینٹا ۲۔ فعل متعدی (۱) زبردستی لینا۔ اچکنا۔ جھٹک لینا۔ جھپٹنا (۲) غصب کرنا۔ دولت یا جایداد لوٹ مار لینا۔ حق رکھ لینا +

چھینٹا جھپٹی ۲۔ (اسم مؤنث۔ زبردستی چھیننا اور جھپٹنا۔ نوچا کھسوٹی۔ کش مکش +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چھی

چھیننا چھڑانا ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ دیکھو (چھینا جھپٹی)

چھینٹ ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) بوند چکر ۔ رشاشہ ۔ کسی رقیق چیز کا اچٹکر کسی چیز پر پڑنا ۔

پڑے نہ دامن قاتل پہ دیکھ لے بسمل ۔ لہو کی چھینٹ دم اضطراب اڑتی ہے (ظفر)

(۲) ایک قسم کا بیل بوٹے کا کپڑا ۔ دریس ۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا (۳) داغ ۔ دھبہ ۔

چھینٹا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) پانی کا چلو بھر کر جو کسی چیز پر پھینکا جائے ۔ چھپکا (۲) ہلکی بارش ۔ خفیف سا مینہ (۳) بڑھاوا ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ دم (۴) چشمہ کا ایک دم ۔ مدک کا دم ۔ چانڈو کی ایک مقدار (۵) طعنہ ۔ لوکا چوکی ۔ آواز ما لوازہ ۔

چھینٹا پڑنا ۔ یا ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ ہلکی سی بارش ہونا ۔ تھوڑا سا مینہ پڑنا

چھینٹا دینا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) کسی پر چلو بھر کر پانی وغیرہ چھڑکنا یا پھینکنا ۔ چھپکے کے سر جانے پر سونے کے پانی کا چھینٹا دینا (۲) فریب دینا ۔ دم دینا ۔ لالچ دینا ۔ طمع دینا ۔

چھینٹے اڑانا ۔ا۔ فعل لازم (۱) چھینٹا بازی ہونا ۔ دریا خواہ حوض کے کنارے پر بیٹھ کر دو تو شخصوں کا باہم پانی سے لوٹنا (۲) متعدی ۔ طعنے دینا ۔ لوکا چوکی کرنا ۔ آوازے توازے پھینکنا (۳) دھوکے دینا ۔ دم دینا ۔ فریب دینا

چھینٹے لڑانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) آنکھ سے آنکھ ملا کر دو آدمیوں کا اسطرح پانی کے چھپکوں سے لڑنا کہ ذرا آنکھ نہ چھپکتے تھے کہ سرخ ہو جائے ۔

چھینٹے خیروں سے جو کل آپ لڑے پانی کے ۔ پڑ گئے سیکڑوں ہن ہیں پہ گھڑے پانی کے (جرأت)

(۲) گھمار لوٹنا ۔ بد و سوال و جواب کرنا ۔ لوکا چوکی کرنا ۔ باہم مقابلہ کرنا ۔

تیری شمشیر خوں کے چھینٹوں سے ۔ چھینٹے آب بقا سے لڑتی ہے (ذوق)

چھینن جھپٹ ۔ا۔ اسم مؤنث (دیکھو چھینا جھپٹی)

چھینک ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ عطسہ ۔ وہ آواز جو ناک سے کسی غلط کے دفع کرنے کے واسطے حالت زکام یا کسی سلسلاہٹ وغیرہ کے باعث صادر ہو ۔

چھینک آنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ عطسہ آنا ۔

چھینک ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ اول معلوم (۲) شگون بد ہونا ۔ کیونکہ ہندوؤں اور عام جاہلوں میں اس کو مانتے اور یہ کہتے ہیں کہ ؎

چھینکت نہائے چھینکت کھائے چھینکت رہئے سوئے ۔

چھینکت پر گھر سجائے چاہے سرب سونکی ہوئے

ست جاؤ نہ اس سے ملاقات نہ ہوگی ۔ ہوتی ہے جب ہی چھینک جب ہی چھلو میں (شار)

چھینکا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) وہ جالی یا ٹکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے واسطے چھت

چیت

میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے منہ میں کسی چیز کے کھانے سے روکنے کے واسطے لگا دیتے اور اسے منہ چھینکا بھی کہتے ہیں ۔

چھینکتے ہی ناک کٹی ۔ا۔ کہاوت یعنی بدشگونی ہوتے ہی نقصان ہوا ۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے ۔

چھینکنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ ناک سے کسی باعث سے آواز نکلنا جیسے چھینکتے گئے بھینکتے آئے ۔

چھینکیں لینا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ لباس یا بتی وغیرہ کے ذریعہ سے چھینکنا یا از خود چھینکیں آنا ۔

چھین لینا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ جھپٹ لینا ۔ زبردستی سے لینا ۔ غصب کر لینا دبا بیٹھنا ۔ مار لینا ۔

چھینی ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ نانکی ۔ رکھانی ۔ لوہا کاٹنے کا اوزار ۔

چیاں ۔ا۔ اسم مذکر ۔ انبلی کا بیج ۔ تخم تمر ہندی ۔

چیاں سا یا چیاں سی ۔ا۔ صفت ۔ بہت چھوٹا سا ۔ بہت چھوٹی سی دزاسی ۔

چیپ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ لیس ۔ لاسا ۔ چپکنے والی چیز زخم کی پیپ ۔ رطوبت لزجہ جو اکثر پکے ہوئے آبنوں وغیرہ سے نکلتی ہے ۔

چیپ دار ۔ا۔ صفت ۔ لیسدار ۔ چپچپا ۔ چپکتا ہوا ۔

چیپڑ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ ڈھیڈ ۔ چمک چشم ۔ آنکھ کا میل کچیل ۔ وہ رطوبت جو آنکھ سے نکل کر گوشہ چشم میں جم جائے ۔

چیپڑ بہنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ آنکھوں سے چرک کا رواں رہنا ۔

چیتنا ۔ا۔ فعل متعدی (ہندو) (۱) چکانا ۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا ۔ سر ڈالنا ۔ سر کرنا ۔ (۳) کسی کام سے لگا دینا ۔ نوکر رکھا دینا ۔

چیتی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) کاغذ کی دبی ہو چپکائی جائے ۔ پیوند کاغذ (۲) مابون ۔ بیلا ۔

چیت ۔ا۔ اسم مذکر (۱) ہندوؤں کا بارھواں قمری مہینہ جو مارچ اور اپریل میں آکر پڑتا ہے ۔ پہلا مہینہ (۲) چیت کے گیت ۔

چیتنا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ عو (۱) ۔ ذہن ۔ حافظہ ۔ یاد ۔ فہم ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ خیال (۲) ہندو) گیان دینے والا ۔ جتانے والا (۳) ہندو) آرزو ۔ تمنا ۔ شوق خواہش ۔

چیتا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ یوز ۔ ایک درندے جانور کا نام جس کی کمر نہایت پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چیت

چیتل ۔ا۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کا جنگلی شکار جو ہرن کی قسم سے ہے (۲) ایک قسم کا ابلق موٹا سانپ +

چیتنا ۔ا۔ فعل متعدی (ہندو) ہوشیار ہونا۔ متنبہ ہونا۔ جاگنا۔ سنبھلنا۔ سمجھ میں آنا۔ یاد کرنا۔ خیال کرنا (۳) چوکنا +

چیتنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) چٹیاں ڈالنا۔ زیور یا برتن پر نقش کرنا (۲) کاغذ کو غوطہ پٹینا۔ بہت سا لکھکر کاغذ سیاہ کر دینا۔ گھسیٹنا۔ کاغذ بھرنا۔ لتھیڑنا۔ (۳۔ عو) خواہش کرنا۔ چاہنا جیسے جو کوئی کسیکا برا چیتے گا خدا اس کا برا کرے گا +

چیتڑا ۔ا۔ اسم مذکر۔ لیرا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ لتہ +

چیتھڑے لگنا ۔ا۔ فعل لازم۔ عو۔ زدہ حال ہونا۔ مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا جیسے زبان کے آگے چیتھڑے لگ گئے +

چیٹک ۔ا۔ اسم مؤنث۔ عو (۱) لو۔ لگن لاگ (۲) دُھن لے (۳) شوق۔ چونپ لگن۔ تشحیذ +

چیٹک لگنا ۔ا۔ فعل لازم۔ (۱) دلگنا۔ لگن لگنا۔ لاگ ہونا۔ دلبستگی ہونا (۲) دھن لگنا۔ لے لگنا۔ (۳) لاگ لگنا۔ شوق ہونا۔ تشحیذ ہونا +

چیٹک ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ لگن ہونا + دُھن ہونا + چونپ ہونا۔ شوق ہونا۔ لاگ ہونا۔ تشحیذ ہونا۔ دلبستگی ہونا۔ جیسے اسے پڑھنے کی بڑی چیٹک ہے +

چیچا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ٹھنا۔ فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت +

چیچک ۔ف۔ اسم مؤنث۔ ستیلا۔ ٹھنڈی ماتا +

چیچک رُو ۔صفت۔ ستیلا۔ منہ داغ۔ آبلہ رُو وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہوں +

چیخ ۔ا۔ اسم مؤنث۔ شور و فریاد جو حالت خوف یا تکلیف میں زبان سے نکلے۔ چنگھاڑ۔ کوک۔ زور کی آواز۔ غل۔ آواز سخت۔ چلاہٹ۔ درد کی آواز۔ رونا +

چیخ اٹھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) چلا اٹھنا۔ چلا پڑنا۔ (۲) بول جانا۔ گھبرا جانا۔ رو پڑنا۔ بول اٹھنا۔ چیں بول جانا + عاجز آجانا +

چیخ پڑنا ۔ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (چیخ اٹھنا) +

چیخ مارنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ شور مچانا۔ چلانا۔ غل مچانا + ہنگامہ برپا کرنا +

چیخ مچانا ۔ا۔ فعل لازم۔ غل شور کرنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ گھر سر پر اٹھانا۔ ا

جب بھائی سے اسنے چن میں چیخ + دیکھا اسکو ہو گیا ہے ہر ایک گل کا رنگ فق (مصحفی)

چیخم دھاڑ مچانا ۔ا۔ فعل لازم۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ دھوم مچانا۔ رولا ڈالنا + رولا ہونا +

چیخنا ۔ا۔ فعل لازم۔ چلاّنا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔ پکارنا۔ فریاد کرنا۔ دھاڑنا کلکاری مارنا +

چیدہ ۔ف۔ صفت۔ چُنندہ۔ چنا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ پسندیدہ۔ چھانٹا ہوا عمدہ۔ منتخب۔ برگزیدہ۔ مستثنیٰ +

چیدہ چیدہ ۔ف۔ صفت۔ اچھے اچھے۔ عمدہ۔ منتخب +

چیر ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) شگاف۔ زخم۔ درز (۲) دھجی۔ لیر۔ کپڑے کی پٹی یکتن (۳) دوپٹہ +

چیر آنا ۔فعل لازم۔ عو۔ شگاف ہو جانا۔ چر جانا۔ زخم آجانا۔ شق ہو جانا +

چیرا ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) شگاف۔ زخم۔ شگاف نشتر (۲) ایک قسم کی منقش پگڑی۔ بعض فارس کے شعرا نے بھی چیرہ باندھا ہے (۳) بکارت۔ دوشیزگی۔ بکر +

چیرا اُتارنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) کسبیوں کی اصطلاح میں ازالۂ بکارت کرنا۔ بکارت توڑنا (۲) بے عزت کرنا۔ آبرو لینا۔ عزت لینا +

چیرا بندھ ۔و۔ صفت (۱) دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنواری۔ انچھیڑ (۲) چیرا باندھنے والا۔ دستار بند +

چیرا توڑنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ دیکھو چیرا اُتارنا +

چیرا دینا ۔ یا۔ لگانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا +

چیر پھاڑ ۔ا۔ اسم مؤنث۔ جراحی عمل۔ کاٹ کوٹ۔ کاٹ چھانٹ + (فن تشریح

چیرنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شگاف دینا۔ شق کرنا (۲) نچوڑنا۔ لینا جیسے مال چیرنا (۳) تراشنا۔ کاٹنا جیسے تختے چیرنا +

چیرو ۔و۔ اسم مذکر۔ سرخ رنگ کا کپاسوت جو ولایت سے آتا ہے +

چیڑہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو چیر (نمبر ۲)

چیڑی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ باندی۔ کنیز۔ چھوکری۔ لونڈی +

چیرے بندھ ۔و۔ اسم مؤنث۔ باکرہ۔ دوشیزہ۔ کواری۔ انچھیڑ۔ عورت جو مرد کے پاس نہ گئی ہو +

چیرے والا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) وہ شخص جو چیرا باندھے۔ پگڑی والا (اسی لئے ری چیرے والا سوہ سے اینڈو ہی ڈوبے رگیت) ۲۔ (سیگمات) حکیم۔ طبیب۔ بید + معالج +

چیڑ ۔ا۔ اسم مذکر۔ درخت صنوبر۔ ایک درخت کا نام جس کے صندوق

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چیڑ

وغیرہ بنتے ہیں۔ دیار۔ ایک دیودار کی قسم کا درخت جو برفانی پہاڑوں پر ہوتا ہے۔

چیڑ کرنا۔ف۔ فعلِ متعدی۔ جوتی کا چمڑا صاف کرنا (موچی بولتے ہیں) +

چیز۔ف۔ اِسمِ مؤنث (۱) شئے۔ بست۔ بستو۔ پدارتھ۔ اسباب۔ جنس جیسے چیز نہ رکھے اپنی اور چوروں لگالی دے (کہاوت) ۲۔ا۔ زیور۔ جواہر۔ گہنا پاتا۔ (۳۔ا) گیت۔ راگ۔ ٹھمری۔ ٹپہ۔ غزل وغیرہ (۴) حقیقت۔ اصل جیسے اُس کے آگے یہ کیا چیز ہے (۵) مٹھائی۔ شیرینی جو بچوں کو دیجئے۔ (۶) امانت۔ دھروڑ (۷۔عو) جب بڑی چیز کہینگے تو قرآن شریف سے مُراد ہوگی۔ جیسے بڑی چیز کی قسم کھا جا۔ بڑی چیز پر ہاتھ دھر جا +

چیز بست۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ اسباب۔ اثاثہ۔ اثالہ +

چیزی۔ا۔ اِسمِ مؤنث (اطفال) مٹھائی۔ شیرینی +

چیس۔ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) ٹیس۔ درد +

چیستا۔ا۔ صفت۔ خوش وضع امرد۔ گبرو جوان (لوطی) +

چیستی۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ خوش وضع عورت۔ خوش اندام عورت۔ گرما گرم عورت۔ وضعدار عورت +

چیستاں۔ف۔ اِسمِ مؤنث۔ پہیلی۔ بجھول۔ بجھارت۔ شعر معمّا۔ کسی قسم کا اتا پتا خواہ نظم میں خواہ نثر میں بنا کر اُس چیز کا نام دریافت کرنے کو چیستان یا پہیلی کہتے ہیں۔ مثلاً ہندی کی پہیلی ہے خدا کا دیا سر پر یعنی چاند۔ فارسی کی چیستان ہے۔ ؎

رنگش چو رنگ زعفراں بریاں چو جانِ عاشقاں
پادار دو پر ہم بدال جاناں بگو ایں چیستاں (پاپڑ)

ایضاً۔ قطعہ

یک جفت کبوتراں ابلق + ہستند جُدا جُدا معلق
پرواز باسماں نمایند + از خانہ خود بروں نیایند (چشم)

غرض اس قسم کی بہت سی چیستان موجود ہیں +

چیف۔ انگلش (Chief) صفت (۱) اعلےٰ۔ افضل۔ بڑا (۲) اسمِ مذکر۔ افسر محکمہ کا اعلےٰ عہدہ دار +

چیف جسٹس۔ انگلش (Chief Justice) اِسمِ مذکر۔ صدر الصدور اعلےٰ جج۔ عدالت عالیہ کا حاکم +

چیف کورٹ۔ انگلش (Chief Court) اِسمِ مذکر۔ عدالتِ عالیہ۔ بڑی عدالت +

چینکٹ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) چراغ کی گاد۔ تیل کی گاد۔ وہ مٹی جو تیل کے

چیل

باعث سیاہ اور چکنی ہو جائے (۲۔صفت) سیاہ۔ کالا کلوٹا +

چیل۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ غلیواز۔ زغن۔ ایک مُردار خوار پرندے کا نام۔ ؎
ہوتے بیرت سے ہیں مردانِ دلاور ممتاز + ورنہ صورت میں تو کچھ کم نہیں شہباز سے چیل (ذوق)

چیل انڈا چھوڑتی ہے۔ا۔ محاورہ۔ یعنی ایسی گرمی ہے کہ اُس کی تاب لاکر چیل انڈا چھوڑ کر سیتے سیتے کھڑی ہو جاتی ہے (جن دنوں میں زمین نہایت تپتی اور خوب لُوئیں چلتی ہیں تو مبالغہ سے یہ فقرہ کہتے ہیں۔ نیز انڈا تل پڑنے سے بھی مُراد ہے (نظمؔ)

نکلکر سینۂ سوزاں سے میرے + جو آہِ دل سفر ہرا چھوڑتی ہے
کہے ہے عطش آتش میں قفس + زمین پر چیل انڈا چھوڑتی ہے

چیل جھپٹا۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) کسی چیز کا اس طرح پر لیجانا جس طرح چیل جھپٹا مار کر لیجاتی ہے + چیل کا جھپٹا۔ (۲) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جس میں ایک لڑکے کو اُس کے ہاتھ میں رسّی دیکر بٹھا دیتے ہیں اور دوسرا لڑکا اُس رسّی کو پکڑ کر چکر لگاتا ہے۔ باقی لڑکے داؤں بچا بچا کر اُس بیٹھے ہوئے لڑکے کے سر پر چانٹے لگاتے ہیں۔ جس چانٹا لگانے والے کو چکر پھرنے والا لڑکا چھو لیتا ہے پھر وہی بٹھایا جاتا اور چانٹے کھانے والا لڑکا اِس پہلے لڑکے کی بجائے رسّی تھام کر چاروں طرف پھرتا ہے۔ جو لڑکا رسّی تھام کر بیٹھتا ہے اُسے چیل اور چکر لگانے والے کو جھپٹا کہتے ہیں)

چیل جھپٹا کرنا۔ف۔ فعلِ متعدی۔ تبکا بوٹی کرنا۔ چھین لینا۔ لُٹس ڈالدینا چھینا جھپٹی کرنا۔ زبردستی چھین جھپٹ کرنا۔ کوئی چیز اُچک اُچک کر لیجانا +

چیل چلو۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) چیل کو بُلا کر گوشت کھلانے کی آواز چیل کے بلانیکی آواز (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام جسے کیل کانٹا اور لیرم لیرا بھی کہتے ہیں۔ اِسمیں لڑکوں کے دو تھوک ہو کر علیحدہ علیحدہ لکیریں کاڑھ کر چھپاتے پھرتے ہیں جب وقت معیّنہ پورا ہو جاتا ہے تو ہر ایک گروہ اپنی اپنی طرف کی لکیریں گنواتا ہے جس گروہ کی لکیریں زیادہ ہو جاتی ہیں وہ ہی اُسیقدر ہاتھوں پر دو انگلیوں سے ضرب لگاتا ہے جسے چیونٹیاں کاٹتی ہیں) گنوار اور ہندو چینٹی بولتے ہیں +

چیل کا پٹھا۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) چیل کا بچہ (۲) احمق بیوقوف۔ اُلّو کا پٹھا +

چیل کا مُوت۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ عنقا چیز۔ ناپید چیز۔ نایاب چیز جسکا حاصل ہونا امکان سے باہر ہو

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں۔ا۔ کہاوت۔ فضول خرچ یا خراج کے پاس روپیہ کہاں۔ جسکا جو کھا جا یعنی خوراک ہوتی ہے وہ اُسے کھانے بغیر نہیں رہتا۔ علےٰ ہذا خراج خرچ کئے بغیر نہیں رہتا۔ ؎

دم و دام اپنے پاس کہاں۔ چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (نامعلوم)

چینلا۔ا۔ اِسمِ مذکر (ہندو) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا +

چینلا۔ا۔ اِسمِ مذکر (ہندو) دیکھو (چلا نمبر ۲) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چیل

چیلا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) بندہ۔ غلام۔ (اس (۲) شاگرد۔ چٹا۔ تابعند (۳) مُرید۔ گرگا پیرو جیسے من ملے تو میلا کیجئے تن ملے تو چیلا (۴) خدمتی۔ ٹہلوا۔ خدمتگار۔ درویشوں کی خدمت کرنے والا (۵) بندۂ خاص۔ شاہی غلام۔ راجا لوگوں کے خدمتی۔ چیلے چیلیوں کی اولاد۔ پرستار زادہ +

چیلا ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ مُرید ہونا۔ پیرو بننا۔ پیرِ یا گرو بنانا +

چیلک مُونا ۔ا۔ فعل لازم (دکھنی) نظری ہونے کی علامت کا لگایا جانا اسم یا شعر یا کسی لفظ کے نام ہونے پر ایک نشان کر دینا۔ ؎

لکھے ہے ہول صاد آنکھوں سے دفترخانۂ خط میں
ہمارا نام بولا جائے تو ابرو سے چیلک ہو (بحر)

چیلو ۔ا۔ اسم مذکر۔ زرد رنگ کا ایک پہاڑی میوے کا نام جو آڑو سے مشابہ ہے +

چیلوں کو دینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ غو۔ نہایت غصے یا خفگی کے باعث مُجرم کا گوشت کاٹ کاٹ کر چیلوں کو کھلانا۔ نہایت غُصہ ظاہر کرنا۔ بوٹیاں کاٹ کر چیلوں کو دینا۔ جیسے میرا بس چلے تو تیری بوٹیاں کاٹ کر چیلوں کو دوں +

چین (انگلش Rain) اسم مؤنث۔ زنجیر + گھڑی کی زنجیر۔ لڑی +

چین ۔ا۔ اسم مذکر۔ راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ کل۔ آسودگی۔ اطمینان۔ عیش۔ آسائش +

چین آنا ۔ا۔ فعل لازم۔ آرام آنا۔ عیش ہونا۔ دلدار پار ہونا۔ سُکھ ہونا۔ تکلیف کا دُور ہونا۔ اطمینان ہونا۔ سکھ ہونا +

چین پڑنا ۔ا۔ فعل لازم۔ کل پڑنا۔ اطمینان ہونا۔ سکھ ہونا۔ ٹھنڈک پڑنا +

چین سے ۔ا۔ تابع فعل۔ آرام سے۔ بےفکری سے۔ بے غل و غش +

چین سے کٹنا۔ یا۔ گزرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ عیش سے بسر ہونا۔ بے غل و غش اوقات بسر ہونا۔ ؎

واقف نہ کبھی عشق کے ہنگام سے تھے + کیا چین سے کٹتی تھی کسی آرام سے ہم تھے (بیگم)

چین کرنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ گلچھرّے اُڑانا (۲) رخصت ہونا چپت بنا جیسے جاؤ چین کرو +

چین نہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) آرام نہ پڑنا۔ بیاکل رہنا۔ بے تاب مُضطرب رہنا۔ اطمینان نہ ہونا۔ (۲) غو۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ تھرندہنا۔ جیسے اس لڑکے کو ذرا چین نہیں کیسا چنچل ہے +

چین ۔ف۔ اسم مؤنث۔ شکن۔ بل۔ چُنّت۔ سلوٹ۔ بٹ جھرّی۔ ؎

خود بخود کچھ دل شیدا کو ہے اندوہ ملال + کن جبیں کے لئے درکار ہے چین اتنی سی (آتش)

چین ابرو ہونا۔ چین بہ جبیں ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ تُرش رو ہونا۔

چین

تیوڑی چڑھانا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔ ناراض ہونا +

چیں ۔ا۔ اسم مؤنث۔ چڑیا کی آواز +

چیں بولنا ۔ا۔ فعل لازم۔ ہار ماننا۔ مات کھانا۔ عاجز آنا۔ عجز اختیار کرنا۔ (دہلی کے لڑکوں کا قاعدہ ہے کہ جب وہ کسی کمزور لڑکے کو دیکھ لیتے ہیں تو اُس سے مار کر مٹھیاں بھلوا لیتے ہیں اور اس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ یہ لڑکا ہمارا چیل اور دلبر ہے جس سے ہمنے چڑیا کی بُوٹی بھلوائی)

چیں چپڑ کرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ فیل لانا جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا +

چیں چیں ۔ا۔ اسم مؤنث۔ چوں چوں۔ غُل۔ شور۔ چاؤ۔ چاؤ (۲) لفظی تکرار لفظی بحث (۳) جس وقت کوئی شکاری جانور چڑیا کو یا اُسکے بچے کو پکڑ لیتا ہے تو اُس وقت اُسکی یہ آواز نکلتی ہے اور اسی سے رونا۔ چلّانا۔ گریہ کرنا یہ معنی لئے گئے ہیں +

چیں چیں کرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ چوں چوں کرنا۔ غُل مچانا۔ رونا۔ تکرار کرنا +

چیں مانا ۔ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (چیں بولنا) + ؎

ہے شرم سے نیل پانی پانی + موج نعماں نے چین مانی (مومن)

چینا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کے چھوٹے غلہ کا نام۔ ارزن۔ وٹن +

چینا ۔ا۔ فعل لازم (پورب) شناخت کرنا۔ پہچاننا۔ جیسے "ایسے کٹر بھیٹے نینا چینت نا ہیں" (رگیت) +

چینٹ ۔ا۔ اسم مؤنث۔ کھڑپنچ۔ رگڑ لگنا چھل جانا +

چینٹ آنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ کھڑپنچ لگنا۔ رگڑ لگنا چھل جانا +

چینٹا ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) مور کلاں۔ بڑی چیونٹی۔ چیونٹا +

چینٹی ۔ا۔ اسم مؤنث (ہندو) چیونٹی۔ مور۔ کیڑی +

چینچلا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) پرندکا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں۔ (۲) اُلجھا ہوا سُوت + ٹوٹی ہوئی عمکڑی +

چینڈ ۔ا۔ اسم مؤنث۔ بدمعاملگی۔ حق تلفی بے ایمانی۔ رونٹ۔ بھیڑ +

چینڈ بازی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ بدمعاملگی بے ایمانی۔ گڑبڑ۔ بھیڑ۔

چینڈ کرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ بے ایمانی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔ بدمعاملگی کرنا۔ حق تلفی ناانصافی کرنا۔ کھیل میں امر واجبی کو چھپانا + ؎

بازیٔ عشق میں دل بہ کے لگے لینے جاں + خیر یہ جانے پر چینڈ یہ سر کارنے کی (معروف)

چینڈ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ بھیڑ ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔ بے ایمانی اور حق تلفی ہونا۔ بدمعاملگی ہونا + ہٹ دھرمی ہونا۔ رولا پڑنا + ؎

ناکام اس کمسیل بیچ چینڈ نہ ہو + اس کے نکتہ داں میں قواعد کو (انشا)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

چین

چینڈیا ۔ا۔ اسم مذکر۔ چینڈباز۔ بے ایمان۔ گڑبڑیا +

چینگنا گونی ۔ا۔ اسم مونث (ہندو) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے جنکے پر وبال نہ نکلے ہوں +

چینگی بوٹے ۔ا۔ اسم مذکر۔ چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے۔ بال بچے +

چیونٹا ۔ا۔ اسم مذکر۔ مورِ کلاں۔ مورسوار۔ نمل۔ چینٹا +

چیونٹی ۔ا۔ اسم مونث۔ چینٹی۔ مور +

چیونٹی کی آواز عرش تک ۔ا۔ (کہاوت) غریب و مظلوم کی آہ خدا تک پہنچتی ہے۔ غریب کی پہنچ دور تک ہے۔ غریب کو بے وسیلہ نہ سمجھو +

چیونٹے کو پر لگنا / **چیونٹے کے پر نکلنا** ۔ا۔ فعلِ لازم۔ شامت کے دن یا موت کا وقت قریب آنا۔ اجل رسیدہ ہونا۔ کیونکہ جہاں چیونٹے کے پر نکلے وہ اُڑا اور چڑیا نے چٹ کیا۔ قطعہ

زبس ہے ریختی ایجاد رنگیں + اسی خاطر کہا کرتا ہے اکثر
مُوا انشاء بھی اب کہنے لگا ہے + چہ خوش اس چیونٹے کو بھی لگے پر (رنگین)

ے کمر نازک ہے تیری کیوں اُٹھاتا بارِ خنجر ہے

میاں چیونٹے کے حق میں کب نکلنا پر کا بہتر ہے (شاہ نصیر)

چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ نہایت کم خوراک ہونا۔ پھول سونگھ کر رہنا (کہتے ہیں کہ چیونٹا کھاتا نہیں صرف سونگھ کر رہتا ہے)

چیونٹیوں بھرا کباب ۔ا۔ع۔ اسم مذکر۔ جھگڑے کی چیز + آل واولاد والا مرد + مصیبت کا گھر +

(جب کسی عورت کی شادی بال بچے دار مرد سے ٹھیرتی ہے تو اسکی خیر خواہ عورتیں اس مرد کو چیونٹیوں بھرا کباب کہکر تعبیر کرتی ہیں)

چینی ۔ا۔ اسم مونث۔ (۱) کھانڈ۔ بورا۔ شکر سفید (۲) چین کی مٹی کا برتن۔ ایک قسم کی روغن دار مٹی (۳۔ اسم مذکر) باشندہ چین۔ چین کا رہنے والا +

ح

ح ۔ع۔ اسم مونث۔ عربی کا چھٹا فارسی آٹھواں اردو کا نواں حرف ہائے حطّی۔ (۲) حسابِ جمل میں اس کے آٹھ عدد فرض کئے گئے ہیں +

حاتم ۔ع۔ اسم مذکر (۱) اسی کو حاتم طائی بھی کہتے ہیں اس کی کنیت ابوسفانہ اور نام حاتم بن عبداللہ بن سعد طائی یمنی ہے بعض مورخ کہتے ہیں کہ طائی کوئی ولی بزرگ یمن میں تھے ان کے نام سے بطور منت یہ نام رکھا گیا تھا غرض یہ شخص کاملان عرب میں سے شمار کیا جاتا ہے۔ فنون جنگ فن عروض اقسام سخن سے خوب واقف تھا۔ اس نے سخاوت میں یہانتک

حاج

نام پایا کہ شاعروں اور افسانہ نگاروں نے دیگر سخیوں کے قصے بھی اسی کی طرف منسوب کر دیئے۔ اس کی سخاوت میں کس کو کلام ہے مگر ایسا جیسا کہ نام ہے حاتم سنہ ہجری میں موجود تھا کہتے ہیں ظہور اسلام کی تحقیق خبر اس کے کانوں تک نہیں پہنچی تھی۔ ورنہ وہ ضرور مسلمان ہو جاتا چنانچہ اسکا بیٹا عدی نامی مسلمان ہو ہی گیا۔ شعرائے فارس نے بفتح ثانی بزن خانم باندھا ہے۔ اس کے فیاضانہ مشہور قصوں میں سے ایک قصہ بھی مشہور ہے کہ (فیاضی اور سخاوت کا شہرہ سنکر اُس زمانہ کے نوفل نامی بادشاہ عرب اُس سے بڑا حسد ہوا اور اُس نے حکم دیا کہ جو شخص اُسے پکڑ لائیگا بڑا بھاری انعام پائیگا۔ انہیں دنوں میں ایک بُوڑھا اور بُڑھیا کسی جنگل میں جہاں حاتم بھی چھپا ہوا تھا لکڑیاں کاٹ رہے تھے لکڑیاں کاٹتے کاٹتے بڑھیا نے اپنی بدنصیبی کی شکایت کر کے بڑے میاں سے کہا کہ آج کو حاتم ہی ہمیں مل جاتا تو اُسے بادشاہ کے پاس لے جا کر نہال اور مالا مال ہو جاتے اور اس مصیبت سے عمر بھر کو نجات پاتے حاتم نے جونہیں سُنا اُس کی فیاضی نے جوش مارا فوراً آن موجود ہوا کہ لو میں ہی حاتم ہوں مجھے لے چلو اور انعام واکرام پھٹکارو +

(۲ صفت) سخی۔ کریم۔ فیاض۔ داتا۔ بلند حوصلہ۔ دل والا۔ جیسے حاتم ائی۔ حاتم بادا (فقیر یہ کہتے ہیں) +

حاتم کی گور پر لات مارنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ حالتِ افلاس میں سخاوت کرنا + بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا +

حاجت ۔ع۔ اسم مونث (۱) خواہش۔ چاہ۔ ضرورت۔ غرض۔ مطلب۔ (۲) آرزو۔ اُمید۔ مُراد (۳) التجا۔ نیازمندی (۴۔ پُورب) حوالات۔ نظر بندی۔ سپردگی (اُردو والے اکثر بکسر جیم استعمال کرتے ہیں) +

حاجت رفع کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) مطلب نکالنا۔ کاربراری کرنا۔ حاجت روائی کرنا۔ کام نکالنا۔ ضرورت پوری کرنا (۲) قضائے حاجت کرنا۔ بیت الخلا جانا۔ پیخانہ جانا +

حاجت روا کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ کسی کا مطلب نکالنا۔ مقصد بر لانا۔ کام نکالنا۔ (بہت کم بولتے ہیں بلکہ شاذ و نادر) +

حاجتمند ۔ع۔ صفت (۱) غرضمند۔ مُرادمند۔ خواہشمند (۲) محتاج۔ درماندہ۔ تنگ دست۔ تنگ حال۔ مُفلس + قلاش +

حاجتی ۔ا۔ اسم مونث (۱) وہ ظرف جس میں بیمار چارپائی پر پڑے پڑے پیشاب کرتے ہیں یا امیروں کے پلنگ کے پاس بوقت شب رکھی جاتی ہے (۲) حضرتمند۔ مُرادخواہ۔ حاجتمند +

حاجی ۔ع۔ اسم مذکر۔ حج کرنے والا۔ وہ شخص جو کعبۃ اللہ کا حج کر آیا ہو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حاد

حاجی الحرمین ع۔ اِسم مُذکّر۔ وہ شخص جو مکّے اور مدینے کے حج میں شریک ہوا ہو۔ مکّے مدینے کا حاجی۔ پورا حاجی +

حادِث ع۔ صِفت۔ قدیم کا نقیض۔ نیا۔ نو پیدا شدہ۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو + زوال قبول کرنے والا۔ فنا ہونے والا۔ مخلوق سے مراد ہے +

حادِثہ ع۔ اِسم مُذکّر۔ لغوی معنی نئی بات۔ اصطلاحی وقوعہ۔ رنج آمیز واقعہ۔ واردات۔ صدمہ۔ سانحہ +

حادّہ ع۔ صِفت (اقلیدس) سکڑا۔ جب زاویۂ حادہ کہینگے تو سکڑے کونے سے مُراد ہوگی جو مُنفرجہ کا نقیض ہوگا +

حاذق ع۔ صِفت۔ زِیرک۔ دانا۔ ماہر۔ کامِل۔ کامِل الفن اپنے فن میں یکتا۔ اُستاد۔ تجربہ کار۔ کثیر المعلومات۔ دانا (حکیم کی تعریف میں آتا ہے)

حار ع۔ صِفت۔ حرارت رکھنے والا۔ گرمی کرنے والا + بارد کے خلاف +

حارُونی ا۔ صِفت۔ عو۔ سرکش۔ سرزور۔ دنگئی۔ نافرمان۔ حُکم عُدول + چانیا۔ شریر (یہ لفظ حرون یعنی اہب سرکش سے لیا گیا ہے (مثال) دیکھئے یہ موا حارونی کب پیدا ہوتا ہے) (دیکھ موئے حارونی اب بھی مان (ماں بیٹے کو کہتی ہے) +

حارِج ع۔ اِسم مُذکّر۔ حرج کرنے والا۔ مُزاحِم۔ متعرّض۔ سدِّ راہ ہونے والا +

حاسِد ع۔ اِسم مُذکّر۔ حسد کرنے والا۔ اِیر کھار رکھنے والا۔ سرکش۔ کینہ توز۔ بدخواہ۔ دُشمن +

حاشا ع۔ حرفِ تردید (۱) پناہ۔ ہرگز نہیں (۲۔ اِستثنا) مگر۔ سوا +

حاشا للہ یا۔ حاشا رحمان ع۔ کلمۂ تردید لغوی معنی خدا اُس کام سے پاک اور دُور ہے۔ اصطلاحی خُدا کی پناہ۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنے اور قسم کھانے اور لاعلمی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ خُدا نہ کرے ہرگز نہیں۔ ہم بالکل واقف نہیں + ہرگز اِس بات کے پاس نہیں۔ ہم کبھی یہ بات نہیں کرینگے +

حاشا و کلّا ع۔ حرفِ تردید۔ پہلی بات کی رد کرنے یا قسمیہ اِنکار کرنے کے واسطے بولتے ہیں یعنی ہرگز ہوا ہے نہ ہوگا۔ لاعلمی کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ ہرگز نہیں +

حاشِیہ ع۔ اِسم مُذکّر (۱) کنارہ۔ گوٹ۔ سنجاف۔ کور۔ لب (۲) شرح و یادداشت جو کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جائے۔ نوٹ + فٹ نوٹ +

حاشیہ چڑھانا ا۔ فِعل مُتعدّی (۱) گوٹ لگانا۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب پر شرح یا تفسیر چڑھانا (۳) بات بڑھانا۔ نمک مرچ لگانا۔ اپنی طرف سے کسی بات میں ایجاد کر کے بیان کرنا +

حاشیہ چھوڑنا ا۔ فِعل لازِم۔ کنارہ چھوڑنا۔ چاروں طرف سے کاغذ چھوڑ کر لکھنا۔ گردہ چھوڑنا۔ متن کے چاروں طرف زیادہ گنجائش رکھنا +

حاصِل ع۔ اِسم مذکّر (۱) کسی چیز کا بقیہ (۲) نقدی + محاصل۔ آمدنی۔ بکری (۳) پیداواری (۴) منافع۔ فائدہ۔ پیدا (۵) نتیجہ۔ پھل (۶) مطلب خُلاصہ (۷) پیداوار۔ فصل کی پیداوار۔ زراعت +

حاصِل تفریق ع۔ اسم مُذکّر۔ وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے (حساب)

حاصِل تقسیم ع۔ اِسم مُذکّر۔ خارج قسمت۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حِصّہ +

حاصِل جمع ع۔ اِسم مُذکّر۔ میزان۔ ٹوٹل۔ مجموعہ۔ جُملہ +

حاصِل ضرب ع۔ اِسم مُذکّر۔ وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصِل ہو +

حاصل کرنا ا۔ فِعل مُتعدّی (۱) بہم پہنچانا۔ پانا (۲) کمانا۔ گھٹنا پیدا کرنا (۳) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا +

حاصِل کلام ع۔ تابع فعل۔ القصّہ۔ الغرض۔ خلاصہ کلام۔ خلاصہ مطلب +

حاصِل بہ حصول ا۔ اِسم مُذکّر۔ بیفائدہ۔ مطلب نہ غرض۔ کام نہ کاج +

حاصِل ہونا ا۔ فِعل لازِم (۱) وصول ہونا۔ پانا (۲) بہم پہنچنا۔ ہاتھ لگنا۔ (۳) فائدہ ہونا۔ مطلب نکلنا جیسے تمہیں اس بات سے کیا حاصل ہوا +

حاضِر ع۔ صِفت موجود۔ طیار۔ آمادہ۔ سامنے۔ مستعد +

حاضِر باش ع + ف۔ اِسم مُذکّر۔ موجود رہنے والا +

حاضِر باشی ع + ف۔ اِسم مُونّث۔ موجودگی۔ حاضری +

حاضِر جواب ع۔ صفت۔ فوراً اور بلا تامل جواب دینے والا۔ فی البدیہہ جواب دینے والا کسی بات میں نہ رُکنے والا۔ بات سُنتے ہی معقول جواب دینے والا +

حاضِر رہنا ا۔ فِعل لازِم۔ موجود رہنا۔ پاس رہنا۔ کھڑا رہنا +

حاضِر ضامنی ا۔ اِسم مُونّث۔ کسی شخص کو موجود کر دینے کی کفالت +

حاضِر کرنا ا۔ فِعل مُتعدّی (۱) موجود کرنا۔ بلا کر لانا۔ پیش کرنا (۲) سامنے دھرنا۔ نذر پکڑانا۔ دینا +

حاضِر میں مجت نہیں غیب کی تلاش نہیں۔ کہاوت۔ جو موجود ہے نذر ہے لاکر دینے کا اقرار نہیں +

حاضِر ہونا ا۔ فِعل لازِم۔ موجود ہونا۔ پیش ہونا۔ آنا۔ سامنے ہونا +

حاضِرات ع۔ اِسم مُونّث۔ جن بھوت پریت اور بدروحوں کے جمع کرنیکا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حاض

کا جلسہ جو اکثر سیانے لوگ دم دینے کو کیا کرتے ہیں +

حاضرات کرنا - ا - فعلِ متعدی بھوت پریت اور جنوں کو جمع کر کے پوشیدہ حال دریافت کرنا +

حاضری - ع - اسم مونث (۱) موجودگی (۲) بھتی - کڑوی کھچڑی - وہ کھانا جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے اور نیز وہ روٹی جو مُردے کے ساتھ جانے والوں اور مہمانوں کو کھلائی جائے + وہ لقدر روپیہ جو میت والے کو دیا جائے (۳) صاحب لوگوں کا صبح کا کھانا - ناشتہ (۴) کباب شیرمال - پیاز - پنیر - پودینہ وحلوا وغیرہ جو سپر شہدا لے کر بلایا حضرت عباسؓ کی فاتحہ دیتے ہیں +

حاضری پکارنا - ا - فعلِ لازم موجودات لینا - شمار کرنا کہ کس قدر موجود ہیں +

حاضری دینا - ا - فعلِ متعدی (۱) موجودات دینا (۲) میت کے گھر کھانا - یا اُس کی بجائے کچھ نقدی دینا (۲) صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا +

حاضری کھانا - ا - فعلِ متعدی (۱) میت کا کھانا کھانا - حلوائے مرگ کھانا (۲) ناشتا کرنا - صبح کا کھانا کھانا (انگریز) +

حاضری لگانا - ا - فعلِ لازم (۱) موجودہ اشخاص کے نام کے سامنے موجودگی کا نشان کرنا - (۲) موجودگی میں شمار کرنا +

حاضری لینا - ا - فعلِ متعدی موجودات لینا - گنتی کرنا - نام پکارنا +

حافظ - ع - اسم مذکر (۱) نگہبان - محافظ - حفاظت کرنے والا - پاسبان خبر گیران جیسے اللہ حافظ - اللہ نگہبان (۲) وہ شخص جسے قرآن شریف ازبر یاد ہو - قرآن مجید کو محفوظ رکھنے والا (۳) اندھوں کا لقب - سورداس - اندھا +

حافظ حقیقی - ع - اسمِ مذکر - اصلی محافظ - خدا تعالےٰ +

حافظہ - ع - اسمِ مذکر - وہ قوت جو حواسِ ظاہری و باطنی کے افعال کو دماغ میں محفوظ رکھتی ہے - یاد رکھنے کی قوت - یاد - چیتا +

حاکم - ع - اسمِ مذکر (۱) حکومت کرنے والا - سردار - حامل - ناظم (۲) فرمانروا - بادشاہ - راجا (۳) آقا - مالک (۴) زمیندار - مقدم - نمبردار +

حاکم بالا - ع - مذ - اسم مذکر (۱) خدا - خداوند تعالیٰ (۲) افسرِ اعلےٰ - بڑا حاکم +

حاکم اعلےٰ - ع - اسم مذکر - دیکھو (حاکم بالا نمبر ۲)

حاکم وقت - ع - اسمِ مذکر - حاکم موجودہ - اس وقت کا حاکم - فرمانروائے حال +

حال

حاکمانہ - ع + ف - صفت - حاکم کے طور پر - حاکم کی مانند جیسے حاکمانہ طرز برتو +

حاکمی - ا - اسمِ مونث (۱ - گنوار) حکومت - فرمانروائی (۲) سرداری - چودھراہٹ - نمبرداری +

حال - ع - اسمِ مذکر (۱) زمانۂ موجودہ - ماضی اور استقبال کے درمیان کا زمانہ (۲) حالت - گت - گتی - کیفیت - ؎

کہکے یہ بات جو میں رونے لگا + اور یہی حال مرا ہونے لگا (مومن)

(۳) حیثیت - طور - طریق - اسلوب (۴) مشایخ لوگوں کا وجد - رقت - جذبہ - محبت الٰہی کا جوش - قال کا نقیض (۵) ذکر - احوال - سرگزشت - (۶) دم - طاقت - تاب وتوان جیسے اب بچہ میں کچھ حال نہیں رہا (۷) صفت اب - ہُن - اس وقت - اس گھڑی - (پورب میں بولتے ہیں جیسے حال آیا (۸) تابع فعل عنقریب - فی الحال - ابھی جیسے حال میں لکھا ہے +

حال آنا - ا - فعلِ لازم - راگ سنکر وجد آنا - رقت ہونا - کیفیت ہونا (مشایخ) کسی کی نغمہ سرائی کا جب خیال آیا + رہے نہ ہوش میں صوفی کی طرح حال آیا

حال آنکہ - ع + ف - تابع فعل - باوجودیکہ - درحالیکہ +

حال بحال ہونا - ا - فعلِ لازم - اچھی حالت سے بُری حالت ہونا - حیثیت بگڑنا + لچھن جھڑنا +

حال کھُل جانا - ا - فعلِ لازم (۱) آگاہی ہو جانا - بھید ظاہر ہو جانا (۲) حقیقت کھُل جانا - قلعی کھُل جانا (۳) گت بنجانا - سٹر کو پہنچنا +

حال کھیلنا - ا - فعلِ لازم - وجد لانا - وجد میں آنا - راگ سنکر ہوحق کرنا - لوٹنا لوٹنا پھرنا +

حال گیا احوال گیا دل کا خیال نہ گیا - ا - کہاوت - تباہ و برباد ہو گئے مگر عادتِ بد نہ گئی +

حال لانا - ا - فعلِ لازم - وجد میں آنا +

حالات - ع - اسمِ مذکر - حال کی جمع +

حالاسے - ا - تابع فعل - گتا سے - چوڑے چکلے بڑے بڑے جیسے حالا سے چار روپیہ لے گیا (یہ بالکل غلط ہے ہائے ہوز سے لکھنا چاہئے - کیونکہ مالچاند کے کنڈل کو کہتے ہیں اور اس سے عورتوں نے یہ خیال لیا ہے ہرف روپے کے ساتھ یہ لفظ بولا جاتا ہے)

حالت - ع - اسمِ مونث (۱) گت - گتی - (درجہ (۲) دم - جان - طاقت جیسے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حال

اب کپڑے میں حالت نہیں رہی (۲) چگونگی۔ کیفیت +

حالت موجودہ ع + ف۔ اسم مونث۔ اُسکی کیفیت۔ اس وقت کی حقیقت موجودہ حیثیت +

حالت نزع ع۔ اسم مذکر۔ جان کنی کا عالم۔ دم توڑنے کی کیفیت۔ کیفیت مرگ +

حالی ع۔ سعدیٔ ہند حضرت مولوی خواجہ الطاف حسین صاحب ظلہ العالی خلف الصدق خواجہ ایزد بخش رئیس پانی پت کا تخلص جنہوں نے اردو زبان کی نیچرل شاعری میں تازہ روح پھونک کر قدیمی غیر مفید مخرب اخلاق رنگ کو بالکل بدل دیا۔ آپ کو اسد اللہ خاں غالب سے تلمذ حاصل ہے عربی۔ فارسی۔ اُردو تینوں زبانوں میں خوب شعر کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ صاحب تصانیف کثیرہ ہیں۔ حیات سعدی۔ حیات جاوید۔ یادگار غالب مسدس مدوجزر اسلام وغیرہ وغیرہ آپ کی بہت سی مقبول عام کتابیں ہیں۔ فرہنگ آصفیہ کے قدردان اور تقریظ نگار ہیں +

حامل ع۔ اسم مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا + لدنے والا۔ کوئی چیز اٹھانے یا لیجانے والا جیسے حامل مراسلہ +

حاملہ ع۔ صفت۔ پیٹ والی۔ زن باردار۔ وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو +

حاملہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ پیٹ سے ہونا۔ گرب سے ہونا۔ پیٹ رہنا۔ حمل قرار پکڑنا +

حامی ع۔ اسم مذکر۔ حمایتی۔ مددگار۔ معاون + محافظ نگراں۔ نگہبان +

حامی بھرنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) ہمت کرنا۔ ارادہ کرنا۔ ؎

ہر اک کے آگے انہیں بھرتا ہوں اسلئے میں + لا نیکی اسکے حامی نا کوئی بھر کے اُٹھے (معروف)

(۲) اقرار کرنا۔ ہاں کرنا۔ ؎

کیا مرے قتل پہ حامی کوئی جلاد بھرے + آہ جب دیکھ کے تجھ سا ستم ایجاد بھرے (مومن)

(اس معنی میں یہ لفظ اُبنی یعنی ہاں سے نکلا ہے لیکن چونکہ اس کا مدراج اس طرح پڑ گیا۔ اور اساتذہ نے بھی خیال نہ رکھا لہذا ہمنے بھی اسی جگہ درج کر دیا) +

(۳) ہمت بندھانا۔ ڈھارس بندھانا۔ دلاسا دینا۔ جرأت دینا (جرأت)

آہیں مت بھر اُسے لے آتے ہیں + اتنی حامی نہیں بھرتا کوئی

حامی کار ۔ا۔ اسم مذکر۔ حامئے کار۔ کسی کام کی حمایت کرنے والا۔ معاون مددگار۔ پشتی لینے والا۔ حمایتی + گرمجوش۔ اقرار کرنے والا +

حبس

حاوی ع۔ صفت (۱) گھیرنے والا۔ محیط ہونے والا۔ احاطہ کرنے والا + چھایا ہوا۔ غالب۔ محیط جیسے وہ اُس کے مزاج پر حاوی ہے (۲) قابض قابو کرنے والا + کسی فن میں کامل۔ ماہر +

حائل ع۔ صفت۔ بیچ میں آنے والا۔ مزاحم۔ باز رکھنے والا۔ مانع۔ سدراہ آڑ۔ روک۔ (عورتیں جو حائل کرنا یعنی ہلاک کرنا استعمال کرتی ہیں وہ غلط ہے۔ لکھنا چاہیے اگرچہ اس کے معنی بھی ہولناک ہیں یہ نہیں ہیں لیکن یہ خیال اسی لفظ سے پیدا ہوا ہے)

حُبّ ع۔ اسم مونث (۱) محبت۔ الفت۔ پریم۔ موہ۔ اُنس۔ پیار۔ پریت (۲۔ا) دوستی۔ آشنائی۔ (۳۔ا) شوق۔ چاہ۔ آرزو (۴۔ا) توفیق۔ مرضی۔ اچھا جیسے جو تیری حُب ہو سو دے جا +

حُبُّ الوطن ع۔ اسم مونث۔ وطن کی محبت۔ مولد کی اُلفت۔ جیسے حب الوطن از ملک سلیماں خوشتر +

حُبّ کا عمل ۔ا۔ اسم مذکر۔ موہنی منتر۔ وہ دعا یا عمل جسکے ذریعہ سے باہم محبت و الفت پیدا ہو۔ ؎

ذوق کہتا تھا کر رنگا جو کہ حب کا عمل + کوئی اس کو یاد دلوادے ہوا وہ دن کہ (ذوق)

حَبّ ع۔ اسم مذکر (۱) گولی + دانہ + بیج۔ تخم +

حُبّاب ع۔ اسم مذکر (۱) پانی کا بلبلا۔ گنبدِ آب (۲۔ا) ایک زیور کا نام جو ماتھے میں پہنا جاتا ہے + روشنی کے باریک زجاجی کنول + شیشے کے گولے جو مکانوں میں آرائش کے لئے لگاتے یا بچوں کے کھیلنے کے واسطے بناتے اور اُس میں رنگ بھرتے ہیں +

حباب سا ۔ا۔ صفت (۱) باریک۔ پتلا۔ ہولسا (۲) تاؤ بھاؤ۔ ذرا سا جیسے حباب سا چونہ لگانا +

حَبْس ع۔ اسم مذکر (۱) بند۔ قید (۲) قید خانہ۔ محبس (۳) گھٹاؤ۔ انقباض گھٹن۔ اُمس۔ گھمس +

حَبْس بیجا ع + ف۔ تابع فعل۔ حبس ناجائز۔ زبردستی کسی شخص کو مکان وغیرہ میں بند کر دینا جو قانوناً منع ہے +

حبس دم ع + ف۔ اسم مذکر (۱) ضیق النفس۔ دمہ۔ سانگ (۲) دم روکنا سانس کو قابو کرنا۔ ہندو فقیروں کا ایک عمل ہے کہ جس سے وہ سانس روکنے کی اس قدر مشق کرتے ہیں کہ سیکڑوں برس زندہ رہ سکتے ہیں۔ جیسے پرنایام یا پرانایم کرنا۔ سانس کو دماغ میں لیجا کر روکنا اور اس حالت میں خدا کا خیال باندھنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حبس

حَبَش ع۔ اسمِ مذکر۔ حبشیوں کا ملک۔ شیدیوں کا دیس۔ زنگبار۔ سودان افریقہ۔ ابیسینیا وغیرہ +

حَبَشن ۔و۔ اسم مؤنث (۱) شیدن۔ حبش کی رہنے والی عورت (۲) شاہی محل کی چوکیدارنی۔ اردابیگنی۔ قلماقنی (۳) کالی کلوٹی (دبوتے بائے سانسکرت میں

حَبَشی ع۔ اسمِ مذکر (۱) باشندہ حبش شیدی۔ زنگباری (۲) کالا آدمی۔ کالا غلام (۳) صفت، سیاہ۔ کالا کلوٹا +

حبشی حلوا سوہن ۔و۔ اسمِ مذکر۔ ایک قسم کا سیاہ حلوا سوہن +

حَبُوب ع۔ اسمِ مذکر۔ حب بمعنی دانہ کی جمع +

حَبَّہ ع۔ اسم مذکر (۱) دانہ۔ خلہ کا دانہ (۲) رتی۔ مقدار تقلیل۔ ذرا ذرا جیسے حبہ حبہ وصول پایا +

حبہ بھر ۔و۔ صفت۔ رتی بھر۔ ذرا سا۔ چاول بھر +

حَبیب ع۔ اسمِ مذکر۔ دوست۔ پیارا۔ محبوب۔ محب۔ معشوق پریتم +

حتّٰی ع۔ حرفِ عطف و انحطاط۔ یہانتک۔ یہانتک کہ اس قدر۔ جب تک۔ جہانتک۔ جس قدر +

حتی الامکان ع۔ تابع فعل۔ تا بمقدور۔ مقدور بھر۔ جہاں تک ہو سکے جس قدر ممکن ہو +

حتی المقدور ع۔ تابع فعل۔ دیکھو (حتی الامکان)

حَج ع۔ اسم مذکر۔ لغوی معنی ارادہ کرنا اصطلاحی کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے قصد کرنا اور اس کا بجالانا۔ ماہ مقررہ پر مکہ میں ارکان اور شرائط عبادت ادا کرنا۔ مقامِ عرفات میں نویں ذی الحجہ کو پہنچنا +

حج اصغر ع۔ اسمِ مذکر۔ چھوٹا حج۔ معمولی حج جو جمعہ کے علاوہ دنوں میں واقع ہو۔ صوفیوں کی اصطلاح میں عام حج +

حج اکبر ع۔ اسمِ مذکر۔ بڑا حج۔ بہت بڑے ثواب کا حج۔ وہ حج جو جمعہ کے روز اگر پڑے۔ صوفیوں کی اصطلاح میں جذب قلوب +

حج خریدنا ۔و۔ فعلِ متعدی۔ حج کا ثواب مول لینا +

حج کرانا ۔و۔ فعل متعدی (۱) کسی کو کچھ دیکر اپنی طرف سے حج کو بھیجنا (۲) ارکان حج ادا کرانا +

حج کرنا ۔و۔ فعلِ متعدی۔ کعبہ کا طواف کرنا کعبہ کے گرد شرائط مقررہ کے ساتھ پھرنا کرنا +

حِجاب ع۔ اسمِ مذکر (۱) پردہ۔ اوٹ۔ آڑ۔ چک۔ چلمن (۲) حیا۔ شرم

حجر

لاج۔ لحاظ۔ ؎

تمہیں دنیا کا کب حجاب ملا + ہمیں قسمت سے اضطراب بلا (مؤلف)

حجاب اُٹھنا ۔و۔ فعلِ لازم (۱) پردہ اُٹھنا۔ ۔وک نہ رہنا (۲) لاج نہ رہنا۔ غیرت کا جاتا رہنا +

حجاب آنا ۔و۔ فعل لازم۔ لحاظ آنا۔ شرم آنا +

حجاب ٹوٹنا ۔و۔ فعلِ لازم۔ شرم دور ہونا۔ کھلنا۔ ؎

گویاں کروں میں پھیر امتصد ملے نہ میرا + جب تک حجاب تیرا پردہ نشیں نہ ٹوٹے (جرأت)

حجام ع۔ اسمِ مذکر۔ نائی۔ موتراش۔ خاص تراش۔ ناؤ۔ اُستا خلیفہ۔ بال مونڈنے والا۔ (یہ لفظ لغت عرب میں اس معنی میں نہیں پایا جاتا البتہ اساتذہ فارس کے کلام میں موجود ہے)

حجامت ع۔ اسمِ مونث (۱) مونڈن۔ سر مونڈنا (۲) صفائی۔ درستی (یہ لغت موتراشی کے معنے میں کتب لغات میں نہیں پایا جاتا عربی میں اس کے معنی پچھنے لگانے اور خون نکالنے کے ہیں) +

حجامت بنانا ۔و۔ فعلِ متعدی (۱) سر مونڈنا۔ ؎

حجامت بنانے کو آیا تھا نائی + حجامت بناتے ہی مانگی رضائی

تو فوراً مجھے یہ مثل یاد آئی + کہ دمڑی کی بڑھیا انگا سر منڈائی (لالہ علم)

(۲) مونسنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا +

حجامت بننا ۔و۔ فعلِ لازم (۱) سر منڈنا (۲) لٹنا مونسنا جیسے۔ ؎

ہر کسی کا مونڈتے تھے سر یہاں حجام جی + شوخ کے کوچے میں انکی بھی حجامت بنگئی +

حجامی ۔و۔ اسمِ مونث۔ پیشہ موتراشی۔ سر مونڈنے کا کام +

حُجّت ع۔ اسمِ مونث (۱) دلیل۔ برہان (۲) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا +

حجت کرنا ۔و۔ فعلِ متعدی۔ تکرار کرنا۔ بحث کرنا۔ بحثنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ نزاع کرنا +

حجت نکالنا ۔و۔ فعلِ متعدی۔ اعتراض کرنا +

حُجّتی ۔و۔ صفت۔ تکراری۔ جھگی۔ جھگڑالو +

حَجَر ع۔ اسم مذکر۔ پتھر۔ سنگ +

حجرِ اسود ع۔ اسم مذکر۔ سنگِ سیاہ جو حرم یعنی مکہ شریف کی دیوار میں لگا ہوا ہے اُسے تمام اہل اسلام بوسہ دیتے اور موجب ازالہ معاصی جانتے ہیں +

حُجرہ ع۔ اسم مذکر (۱) کوٹھری مسجد کی کوٹھری۔ وہ خلوتخانہ جس میں بیٹھکر

حدّ

عبادت کریں (۲) بعض ہندوستانی ریاستوں میں خوجوں کو بھی حجرہ کہتے ہیں یعنی ملازمان خلوت وجلوت محرم کار (۳) حظیرہ +

حدّ ع۔ اسم مونث (۱) کنارہ۔ افق۔ سرحد (۲) انتہا جیسے حد ہوئی (۳) دفعہ قانونی۔ تعریف۔ اقلیدس کے مقرر ماصول (۴) وہ سزا جو شریعت اسلامی کے موافق دی جائے (۵) مقام۔ روانہ ہونے کی جگہ۔ (۶) احاطہ۔ بگڑ۔ باڑا (۷۔ ف) بہت۔ بسیار۔ نہایت جیسے حد بے معلوم ہوتا ہے +

حد باندھنا ف۔ فعل متعدی سرحد مقرر کرنا۔ حد بست کرنا۔ حد معین کرنا +

حد بندھنا ف۔ فعل لازم۔ سرحد مقرر ہونا۔ حد بست ہونا۔ حد بندی ہونا +

حد بست کرنا ف۔ فعل متعدی۔ سرحد باندھنا۔ حد بندی کرنا +

حد بلوغ ع۔ اسم مونث۔ بالغ ہونے کی انتہا۔ زمانہ بلوغت۔ سیان پن +

حد بلوغ کو پہنچنا ف۔ فعل لازم۔ بالغ ہونا۔ جوان ہونا +

حد سے بڑھنا ف۔ فعل لازم۔ اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا۔ بساط سے باہر پاؤں رکھنا +

حد سے زیادہ ف۔ صفت۔ ات گت۔ نہایت۔ ازحد

حد کا درجہ ف۔ اسم مذکر۔ انتہا درجہ۔ آخر الامر جیسے دو سے چلنا حد کا درجہ دش روپے دینا +

حد کرنا ف۔ فعل متعدی۔ ایسی بات کرنی کہ اس سے آگے ناممکن ہو +

حد کے اندر ف۔ تابع فعل۔ احاطہ میں۔ بگڑ میں۔ سرحد میں +

حد نہ رہنا ف۔ فعل لازم۔ انتہا نہ رہنا۔ ؎

نالہ فلک نہم سے گزرا + کچھ حد نہ رہی مرے الم کی (مومن)

حُدُود ع۔ اسم مونث۔ حد کی جمع +

حدود اربعہ ع۔ اسم مونث۔ چاروں سمت۔ چاروں دشا + مشرق و مغرب شمال وجنوب +

حدیث ع۔ اسم مونث (۱) نئی بات + بات (۲) رسول مقبول کے قول اور ان کے فعل کی خبر (۳) بیان۔ ذکر۔ حکایت۔ ؎

رد کے حدیث شوق ادا کی + آگ پہ روغن تھی نمنا کی (مومن)

(۴) خبر۔ سندیسا۔ پاتی + توا نج +

حدیث کھینچنا ف۔ فعل لازم۔ حو۔ قسم کھانا۔ عہد کرنا۔ توبہ کرنا۔ باز آنا۔ تارک ہونا +

حدیقہ ع۔ اسم مذکر۔ چار دیواری کا باغ +

حرا

حذر ع۔ اسم مذکر۔ پرہیز۔ اجتناب۔ انکار +

حذف ع۔ اسم مذکر۔ دور کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔ جیسے کسی حرف کا حذف کرنا بمعنی کم کرنا +

حرارت ع۔ اسم مونث (۱) گرمی۔ حدت + تبخیر۔ جوش۔ جوشہ (۳) کرودھ۔ غصہ (۴) بخار۔ تپ۔ ہلکا بخار۔ تبخیر +

حرارت دین اسم مونث۔ مذہبی جوش +

حرارت غریزی ع۔ اسم مونث۔ اصلی حرارت۔ فطرتی گرمی۔ وہ حرارت جس پر آدمی کی زندگانی کا مدار ہے +

حرارہ ع۔ اسم مذکر۔ جوش۔ جوشہ۔ گرمی۔ غلبۂ شوق یا غضب غصہ تیزی۔ تندی۔ ؎

کچھ سوز دل اپنا کسی دلسوز کے آگے + فرصت ہو تپ غم کے حراروں سے تو کہئے (ذوق)

حرارہ لانا ف۔ فعل متعدی۔ غصہ دکھانا۔ تندی کرنا۔ جنگی کرنا + بل لانا۔ زور دکھانا۔ جوش ظاہر کرنا۔ برافروختہ ہونا۔ گرم ہونا۔ تیز ہونا۔ ؎

کیجئے برق تجلی کو اشارا اپنا + لاچکے حسن جہاں سوز حرارا اپنا (آتش)

حرارہ لینا ف۔ فعل متعدی۔ جوشہ دکھانا۔ جوش دکھانا۔ جذبہ دکھانا تیزی دکھانا + ؎

نہ کیونکر شیخ کو پھر کہئے شیخ سند و آج + دیا جو راگ کسی نے تو کیا حرارے لئے (جرأت)

حراست ع۔ اسم مونث۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ پہرہ داری۔ حوالات +

حرّاف ع۔ صفت (۱) حرفت باز۔ مکار۔ چالاک۔ فریبی (۲) شوخ دیدہ طرار۔ عیار۔ ؎

دلفریبی کا نہیں کونسا انداز آتا + چھوڑ تا جان کو عاشق کی وہ حرّاف نہیں (آتش)

(یہ لفظ عربی لغات میں نہیں پایا گیا اگرچہ قاعدہ کے موافق ٹھیک مبالغہ کا صیغہ ہے)

حرام ع۔ صفت (۱) ناروا۔ ناجایز۔ ناشایستہ۔ خلاف شرع۔ حلال کا نقیض غیر مباح (۲) ناپاک۔ نجس۔ پلید (۳) افعال شنیعہ + زنا۔ بدکاری چھنالا +

حرام خور ع + ف۔ اسم مذکر (۱) مردار خوار۔ رشوت خوار (۲) نمک حرام کورنمک + مفت خورا + بیمروت۔ بے وفا۔ بیدید +

حرام خوری ع + ف۔ اسم مونث۔ نمک حرامی۔ کورنمکی + بدذاتی بیوفائی

حرامزادہ ع + ف۔ اسم مذکر (۱) ولد الزنا۔ زنازادہ۔ وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو (۲) صفت) شریر۔ بدذات۔ دنگئی۔ فتنہ پردازہ۔ پاجی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حرا

فتنہ انگیز۔ فسادی +

حرامزادی ۔ع + ف۔ اِسم مؤنث۔ وہ عورت جو زنا سے پیدا ہوئی ہو (۲) شریر۔ چالاک۔ فتنہ پرداز +

حرام کا ۔ا۔ صفت۔ بن باپ کا۔ وہ شخص جو بغیر از نکاح پیدا ہوا ہو۔ جیسے جس کے ماں باپ جیتے ہوں وہ حرام کا نہیں کہلاتا +

حرام کار ۔ع + ف۔ اِسم مذکر۔ زانی۔ جار۔ بدکار +

حرام کاری ۔ع + ف۔ اِسم مؤنث۔ زنا۔ بدکاری +

حرام کا مال ۔ا۔ اِسم مذکر۔ غیر مُباح اور ناجائز دولت۔ رشوت یا حرام کی کمائی۔ مالِ مُفت +

حرام کر دینا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ عَو۔ تلخ کر دینا۔ بدمزہ کر دینا۔ ناگوار کر دینا جیسے بنیہ حرام کر دی یا زندگی حرام کر دی وغیرہ وغیرہ +

حرام کرنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی۔ زنا کرنا۔ بدکاری کرنا +

حرام کھانا ۔ا۔ اِسم مذکر۔ دیکھو (حرام خوار) +

حرام کھانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی۔ رشوت کھانا۔ ناجائز کمائی کھانا +

حرام مغز ۔ع + ف۔ اِسم مذکر۔ وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی یا مُہرہ ہائے پشت میں ہوتا ہے۔ چونکہ اِس کا کھانا جائز نہیں۔ اِسوجہ سے یہ نام رکھا گیا +

حرام موت مرنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ خودکشی کرنا۔ زہر یا کسی اور مُہلک چیز سے اپنی جان دینا۔ بن آئے مرنا +

حرامی ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) چور۔ دُزد۔ سارق (۲ صفت) شریر۔ بدذات۔ (۳۔ا) بیسوا پُتر۔ ولدالزنا۔ حرام کا جنا +

حرامی پِلّا ۔ا۔ اِسم مذکر۔ حرام کا بچہ۔ حرام کا جنا + بدذات۔ شریر۔ دنگئی +

حرامی موت ۔ا۔ اِسم مذکر۔ نطفۂ حرام۔ ولدالزنا + شریر۔ دنگئی +

حربہ ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) لڑائی کا ہتھیار (۲) حملہ۔ چڑھائی۔ دھاوا۔ (۳) جست۔ جھپٹا +

حربہ کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ حملہ کرنا۔ مارنے کا ارادہ کرنا + چوٹ کرنا +

حربے ضربے ۔ا۔ تابع فعل۔ عَو۔ ہر حربہ اور ہر ضرب پر + ہر گھڑی۔ ہر حملہ پر۔ ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی۔ بار بار۔ ہر بات (فقرہ) حربے ضربے ہم ہی پر آفت آتی ہے +

حرج ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) تنگی۔ سختی (۲۔ا) نقصان۔ ضرر + تضیع اوقات + دیر۔ کمی۔ وقفہ +

حرص

حرج مرج ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) دنگا فساد (۲۔ا) دبردار۔ اودسوید۔ نفع نقصان۔ عرجہ۔ روک راک۔ بکھیڑا۔ بلوہ۔ ہنگامہ +

حِرز ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) پناہ گاہ۔ مامن (۲) تعویذ۔ منتر +

حِرص ۔ع۔ اِسم مؤنث (۱) طمع۔ لالچ۔ آز۔ لوبھ۔ لالسا۔

عشق میں کام کچھ نہیں آتا گر نہ کی حرصِ مال وجاہ نہ کی (مومن)

(۲) چاہ۔ خواہش۔ ہوس۔ رغبت۔ اِچھا +

حرص کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ دیکھا دیکھی لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔ غبطہ کرنا۔ ہمسکا کرنا +

حِرصا حِرصی ۔ا۔ تابع فعل۔ دیکھا دیکھی۔ اَوروں کو دیکھکر خود بھی وہی کام کرنے لگنا +

حِرصی ۔ا۔ اِسم مذکر۔ حریص۔ لالچی۔ طامع۔ لوبھی +

حَرف ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) لُغوی معنی دھار۔ طرف۔ کنارہ۔ تُلہ۔ پہاڑ کی چوٹی (۲) انچھر۔ اکشر۔ کسی زبان کے وہ حُروف جنسے الفاظ بنیں۔ حروف تہجی + آدمی میں۔ آدمی تُم۔ کیوں نہ ہو ہم اِہلِ حرف کو دیکھو کہ یک بہم جنس سے مُتنعم ہوا (ناسخ) (۳) بات۔ سخن + کلمہ۔ شبد۔ لفظ۔

زباں کٹ کے دانتوں سے ملگئی تعزیر کبھی جو لب پہ مرے حرفِ آرزو آیا (وزیر)

(۴) نقص۔ عیب۔ طنز۔ (۵۔ علم صرف) وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں۔ چنانچہ اُس کی بہ تفصیل ذیل قسمیں ہیں +

حرف اختصاص۔ جو خصوصیت پیدا کرنے کے واسطے آئے +

" **اِستثنا**۔ جو اپنے مُستثنےٰ منہ کو خاص یا جُدا کر دے +

" **اِستدراک**۔ جو پہلے مُجمل کے شُبہ کو دور کرے +

" **اِضافت**۔ جو ایک اِسم کا دوسرے اِسم کے ساتھ لگاؤ بتائے +

" **تردید**۔ جو ایک بات کو رد کر کے اُسکی بجائے دوسری بات لائے +

" **تشبیہ**۔ جو مُشابہت اور نظیر کے واسطے آئے +

" **تنبیہ**۔ جو تاکید کے واسطے آئے +

" **جر**۔ جو اِسم کو فعل یا مشابہ فعل سے ربط دے +

" **جزا**۔ جو حرفِ شرط کے جواب میں جزا سے پہلے آئے +

" **جواب**۔ جو استفہام کے جواب میں آئے +

" **شرط**۔ جو کسی بات کی شرط کے واسطے آئے۔

" **عطف یا وصل**۔ جو اپنے ماقبل کو مابعد سے ملائے +

" **ندا**۔ جو بلانے یا پکارنے کا کام دے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حرف

حرف نفی - جو انکار کے واسطے آئے +

حرف اُٹھانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) حرف کھُرچنا۔ حرف کو اِس طرح چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے + حرف کو الگ چُوس لینا (۲) پڑھنا۔ پڑھنے میں آنا۔ شناخت ہونا۔ جیسے اِس سے تو کتاب کا حرف بھی نہیں اُٹھتا اب وہ حرف اُٹھانے لگا +

حرف اٹھنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) حرف دُور ہونا۔ اِس طرح پر حرف کا الگ ہونا کہ کاغذ پر نشان نہ رہے۔

ہر داغِ معاصی مرا اس طامن تمسے جوں حرف سر کاغذ نم اُٹھ نہیں سکتا (رند وق)

(۲) پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا۔ شناخت میں آنا +

حرف آنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) کچھ لکھنا پڑھنا آنا۔ حرف شناسی ہونا۔ حرفوں کا معلوم ہونا (۲) اِلزام آنا۔ عیب لگنا۔ داغ لگنا۔

وضع پر حرف نہ آنے دیا جنت میں بھی

لفظ و معنی کی طرح میں کبھی عُریاں نہ ہوا (بحر)

حرف بحرف - ع۔ تابعِ فعل۔ حرفاً حرفاً۔ بالاستیعاب۔ لفظ بلفظ۔ ایک ایک حرف جیسے حرف بحرف پڑھا +

حرف بنانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) حرفوں کو درست کرنا۔ حرف کو باقاعدہ بنانا۔ خط دُرست کرنا (۲) نستعلیق لکھنا + چھاپے کے پتھر پر حرف درست کرنا (۳) حرف کھودنا (۴) جعل کرنا۔ خط میں خط ملانا۔ دست آویز کے اصل حرف اُڑا کر دوسرا حرف چسپاں کرنا +

حرف پکڑنا - ا۔ فعلِ متعدی۔ غلطی پکڑنا۔ ٹوکنا۔ اعتراض کرنا۔ زبان پکڑنا۔ حرف گیری کرنا۔ مزاحم ہونا۔ عیب پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا +

حرف پہچاننا - ا۔ فعلِ متعدی۔ حرف شناسی بہم پہنچانا۔ الف بے تے کو ذہن نشین کرنا +

حرف شناس - ع + ف۔ اِسمِ مذکر۔ ابجد خوان +

حرف گیری - ع + ف۔ اِسمِ مؤنث۔ عیب گیری۔ نکتہ چینی +

حرف لانا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عیب رکھنا۔ نقص نکالنا۔ الزام دھرنا۔ کلنک لگانا +

حرف نہ اُٹھ سکنا - ا۔ فعلِ لازم۔ پڑھا نہ جانا۔ پڑھنے میں نہ آنا۔ پڑھ نہ سکنا۔

نانوانی کا مرے مضمون کم از منشا نہیں گر کوئی پڑھنے کو بیٹھے حرف اُٹھ سکتا نہیں (نکہت)

حرم

حرفت - ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) کسب۔ پیشہ۔ کاریگری۔ حرفہ۔ دستکاری۔ (۲) ہُنر۔ گُن۔ علم (۳) عیّاری۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ ہتکھنڈا +

حرفت باز - ا۔ وصف۔ عیّار۔ چالاک۔ عیّار۔ عیارہ۔ مکارہ۔

تو دوا ایک ہے اللہ رے حرفت باز قادری مانگی تھی تو دوڑ کے لائی پشوا (رنگین)

حرفہ - ع۔ اِسمِ مذکر۔ پیشہ۔ کسب + ہُنر۔ دستکاری۔ کاریگری۔ صنعت +

حرکت - ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) جُنبش۔ چال۔ رفتار۔ گردش۔ بالٹ ڈھلن + دھڑکن۔ تڑپ۔ اضطراب (۲) اِعراب۔ زیر و زبر پیش۔ ماترا۔ (۳۔ ا) کام فعل + اِرتکاب + کرتب + کردار۔ کرنی عمل (۴۔ ا) ناپسندہ بات۔ بیجا کام۔ ناشائستہ امر (۵۔ ا) تقصیر۔ قصور۔ خطا۔ جُرم۔ جُرمِ صغیرہ + بد اطواری (۶۔ ا) پاپ۔ گناہ۔ اپرادھ۔ کھوٹ۔ (۷۔ ا۔ ہندو) حرجہ۔ حرج۔ نقصان۔ ضرر۔ زیاں + دیر۔ وقفہ۔ روک اوبر (۸۔ ا) سفر۔ کُوچ۔ آمد و رفت۔ چلت پھرت جیسے حرکت میں برکت (۹) جماع۔ صحبت داری +

حرکت دینا - ا۔ فعلِ متعدی۔ ہلانا۔ ڈلانا۔ متحرک کرنا۔ جُنبش دینا۔ گردش دینا +

حرکت کرنا - ا۔ فعلِ لازم (۱) ہلنا۔ جُنبش کرنا۔ چلنا (۲) ناشائستہ امر کرنا + قصور کرنا۔ خطا کرنا۔ (۳) حرج کرنا۔ نقصان کرنا + دیر کرنا + وقفہ کرنا + جماع کرنا +

حرکت ہونا - ا۔ فعلِ لازم (۱) جُنبش ہونا۔ ہلنا (۲) قصور ہونا۔ خطا ہونا (۳) دیر ہونا۔ عرصہ لگنا۔ حرجہ ہونا (۴) کسل ہونا۔ ہلکا سا بُخار ہونا +

حرم - ع۔ اِسمِ مذکر (۱) کعبہ کی چار دیواری۔ احاطہ (۲) اندرون خانہ۔ اشرافوں کے گھر کی عورتیں۔ گھر کی بیوی (۳۔ مؤنث) منکوحہ۔ گھر میں ڈالی ہوئی باندی۔ وہ کنیز جس سے صحبت کی ہو۔

گھر کرو لونڈی کے دل میں حج کی کیا حاجت تمہیں
ہے حرم گھر میں میاں کعبہ نہ جانا چاہئے (دنارنگین)

(۴۔ مؤنث) لونڈی۔ باندی۔ سُریت۔ حاملہ۔

پھرے کیونکر نہ اہلی گھلی باتکی دوگانا ہے حرم منے میاں کی (رنگین)

(منے میاں۔ زین خاں۔ شاہ دریا وغیرہ یہ سب فرضی جنوں کے نام ہیں)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حرم

حرم سرائے ۔ع۔ اِسم مُونث ۔اندرُونِ خانہ اُمرا + بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان ۔ زنانخانہ +

حُرمت ۔ع۔ اِسم مُونث (۱) عزت ۔ آبرو ۔ پت ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ وقر و آدر (۲) مذہبی کتابوں میں حرام ہونا حلال ہونے کے خِلاف جیسے حِلّت و حُرمت +

حُرمت اُتارنا ۔و۔ فعلِ متعدی ۔عو۔ دیکھو (آبرو اُتارنا صفحہ ۱۰) +

حُرمت بنانا ۔و۔ فعلِ مُتعدی ۔عو۔ دیکھو (آبرو بنانا صفحہ ۱۰) +

حُرمت جانا ۔و۔ فعلِ لازم (۱) عزت جانا ۔ وقر نہ رہنا (۲) عظمت اور عفت میں فرق آنا +

حُرمت کا لاگو ہونا ۔و۔ فعلِ متعدی ۔عو۔ دیکھو (آبرو کا لاگو ہونا صفحہ ۱۰)

حُرمت کرنا ۔و۔ فعلِ مُتعدی ۔عزت کرنا ۔ وقر کرنا ۔ آدر کرنا ۔ تعظیم و تکریم سے پیش آنا ۔ آؤ بھگت کرنا +

حُرمت لینا ۔و۔ فعلِ متعدی ۔ دیکھو (آبرو لینا) +

حُرمت والا ۔و۔ صِفت ۔ عزت والا ۔ صاحب آبرُو ۔ مُعزز ۔ عزت دار ۔ ذی عزت + شریف + ساکھ والا ۔ مُعتبر ۔ دیانت دار + رئیس +

حَرمزدگی ۔و۔ اِسم مُونث ۔ شرارت ۔ بدذاتی ۔ فِتنہ انگیزی + شوخی +

حُرُوف ۔ع۔ اِسم مُذکر ۔ حرف کی جمع +

حَریر ۔ع۔ اِسم مُذکر ۔ ریشم ۔ ریشمی کپڑا +

حَریرہ ۔ع۔ اِسم مُذکر ۔ ایک میٹھی پینے کی چیز کا نام جو میدہ کو کھانڈ میں گھول کر پتلی پکائی جاتی ہے +

حَریری ۔ع۔ صِفت (۱) ریشمی ۔ ریشم کا (۲) باریک ۔ پتلا ۔ مہین جیسے حریری کاغذ (۳) دُبلا پتلا آدمی ۔ نحیف آدمی +

حَریص ۔ع۔ صِفت (۱) لالچی ۔ لوبھی ۔ لالچ خورا (۲) حاسد ۔ حسد کرنیوالا (۳) پیٹو ۔ کھاؤ (۴) دیکھا دیکھی کوئی مقابلہ کرنیوالا ۔ حرصی ۔ مقلِد +

حَریف ۔ع۔ اِسم مُذکر (۱) ہم پیشہ ۔ ہمکار (۲) دشمن ۔ بدخواہ (۳) چالاک ہوشیار ۔ حرّاف (۴) جب دو شخص باہم لڑیں تو ایک دوسرے کا حریف کہلائیگا ۔ ہم نبرد + ہمتا ۔ ہمسر +

حُزن ۔ع۔ اِسم مُذکر ۔ غم واندوہ ۔ رنج و ملال +

حِس ۔ع۔ اِسم مُونث ۔ حواسوں میں سے کسی حواس کے ذریعہ سے جاننا ۔ (۲) جُنبش ۔ حرکت +

حسا

حِسِ مُشترک ۔ع۔ اِسم مُونث ۔ اُس قوت کا نام ہے جو تمام صورِ محسوسات کو جو حواسِ خمسۂ ظاہری میں منقوش اور مُرتسم ہوتے ہیں ۔ قبول کر لیتی ہے ۔ پس حِسِ مشترک کو ایک حَوض اور پانچوں ظاہری حواس کو اُس میں پانی پہنچانے والی نہریں تصوّر کرنا چاہیے ۔ اِس کا مقام پیشانی کے جوف میں ہے ۔ مجازاً عام عقل +

حِساب ۔ع۔ اِسم مُذکر (۱) گنتی ۔ شُمار (۲) علمِ ریاضی ۔ سیاق (۳۔و) نرخ ۔ بھاؤ ۔ قیمت جیسے کس حساب سے دوگے (۴۔و) قاعدہ ۔ ڈھنگ ۔ طَور ۔ طرح جیسے یہ کیا حساب ہے (۵۔و) لین دین جیسے اِنکا اُن کا حساب ہے (۶۔و) نزدیک رائے ۔ سمجھ ۔ لیکھے ۔

جب دُور تم ہوئے مری چشمِ پُرآب سے لاکھوں برس گذر گئے اپنے حساب سے (مؤلف)

(۷) بدھ ۔ میزان ۔ جوڑ (۸) حال ۔ کیفیت ۔ حالت ۔ گت (۹) چلن ۔ کفایت شعاری ۔ رویہ ۔ برتاؤ (۱۰) آشنائی ۔ ایسٹ ۔ مُلاقات + مخفی محبت (۱۱) پٹّت ۔ پھیلاوٹ ۔ پڑتی +

حساب بے باق کرنا ۔و۔ فعلِ متعدی ۔ حساب چُکانا ۔ لین دین کا فیصلہ کرنا ۔ قرضہ ادا کرنا ۔ کھاتا پاک کرنا ۔ اگلا پچھلا چکا کر فارغ ہونا +

حساب بے باق ہونا ۔و۔ فعلِ لازم ۔ حساب پاک ہونا ۔ فیصلہ ہونا ۔ قرضہ چکنا +

حساب جوجو بخشش سو سو ۔و۔ کہاوت ۔ مُعاملہ ۔ ذرا ذرا دیکھا جائے اور انعام کا اِختیار ہے چاہے جسقدر دیدو +

حساب جوڑنا ۔و۔ فعلِ مُتعدی ۔ میزان دینا ۔ جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ ٹوٹل دینا ۔ متفرق رقموں کو یکجا کرنا +

حساب دار ۔و۔ اِسم مُذکر ۔ بینک میں روپیہ جمع کرنے والا (قانون) +

حساب دینا ۔و۔ فعلِ متعدی (۱) حساب سمجھانا ۔ حساب سپرد کرنا ۔ چارج دینا ۔ (۲) ذمہ واری ہونا ۔ ذمہ پڑنا جیسے اِسکا حساب دینا آئیگا +

حساب رکھنا ۔و۔ فعلِ متعدی (۱) لین دین کا خرچ اُٹھانا (۲) درج فہرست کرنا ۔ دفتر میں درج کرنا (۳) اسیٹ رکھنا ۔ جمیل رکھنا ۔ آشنائی رکھنا ۔ ربط رکھنا +

حساب سے ۔و۔ تابعِ فعل ۔ لیکھے ۔ حسابوں ۔ نزدیک +

حساب سے باہر ۔و۔ تابعِ فعل ۔ بیشمار ۔ لاانتہا ۔ بیحد +

حساب کتاب ۔ع۔ اِسم مُذکر (۱) لیکھا جوکھا ۔ لین دین + جمع و اصل باقی ۔ حساب مالگذاری (۲) ربط ۔ ضبط ۔ میل مِلاپ +

حساب کرنا ۔و۔ فعلِ مُتعدی ۔ بیباقی کرنا ۔ حساب سمجھانا ۔ قرض چُکانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حسا

حِساب کی رُوسے ۔ا۔ تابع فعل۔ از روئے حساب۔ حساب بموجب +

حِساب لڑنا ۔ا۔ فعل لازم (بازاری) آشنائی ہونا۔ آنکھ لڑنا۔ ربط ہونا +

حِساب لگانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) حساب پھیلانا۔ پٹرت پھیلانا (۳۔ بازاری) آشنائی کرنا۔ گانٹھنا۔ ربط پیدا کرنا (۴۔ لشکری) نوکری کرنا۔ ٹھکانا لگانا +

حِساب لگانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) جمع خرچ سمجھنا۔ پڑتال کرنا۔ جائزہ لینا (۲) بازپرس ہونا۔ مواخذہ ہونا +

حساب میں جمع کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ بہی میں درج کرنا۔ کھاتے میں چڑھانا +

حساب میں لگانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ حساب میں شامل کرنا۔ نام لکھنا۔ ذمہ ڈالنا +

حِسابی ۔ا۔ صفت (۱) حساب دان۔ ماہر حساب (۲۔ اسم مؤنث) حساب کی بات۔ قاعدے کی بات۔ معمولی بات +

حسب ۔ع۔ تابع فعل۔ بموجب۔ موافق۔ مطابق +

حسب اتفاق ۔ع۔ اتفاقاً۔ سنجوگ سے۔ ناگہاں۔ ناگاہ۔ اچانچک +

حسب ارشاد ۔ا۔ تابع فعل۔ حکم بموجب۔ حسب الحکم۔ فرمانے بموجب۔ حسب الامر +

حسب توفیق ۔ع۔ تابع فعل۔ سردھا کے موافق۔ خدا کی ہدایت کے موافق +

حسب حال ۔ع۔ تابع فعل۔ حال کے موافق۔ ٹھیک موقع سے +

حسب ذیل ۔ع۔ تابع فعل۔ نیچے لکھے بموجب۔ تفصیل زیریں کے موافق +

حسب قاعدہ ۔ع۔ تابع فعل۔ حسب ضابطہ +

حسب مراد ۔ع۔ تابع فعل۔ حسب منشا۔ خواہش اور آرزو کے موافق جیسا دل چاہتا ہے +

حسب معمول ۔ع۔ دستور کے موافق +

حسب مقدور ۔ع۔ تابع فعل۔ مقدور بھر۔ تا بہ امکان۔ اپنی بساط اور حیثیت کے موافق +

حسب منشا ۔ع۔ تابع فعل۔ حسب خواہش اپنے ارادے کے موافق +

حَسَب ۔ع۔ اسم مذکر۔ نسل۔ سلسلہ خاندان۔ نسب کا نقیض۔ ماں کی طرف کا سلسلہ + مال وجاہ کا شرف۔ دینی بزرگی +

حسب نسب ۔ع۔ اسم مذکر۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔ نانا دادا

حسن

کا خاندان +

حَسَد ۔ع۔ اسم مذکر۔ ڈاہ۔ جلن + رشک +۔ ایر کھا۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا + عداوت۔ بُغض۔ کینہ۔

ہفتاد و دو فریق حسد کے عدد سے ہیں اپنا ہے یہ طریق کہ باہر حسد سے ہیں (ذوق)

حسد رکھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ جلن رکھنا۔ جلنا۔ کسی کے مال و دولت کو دیکھ کر خوش نہ ہونا + دشمنی رکھنا۔ بیر رکھنا + کینہ رکھنا +

حَسرَت ۔ع۔ اسم مؤنث (۱) افسوس۔ تاسّف۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس۔ دریغ پشیمانی۔ ح

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے
حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

(۲) آرزو۔ ارمان۔ شوق۔ تمنا۔ ہوس

آنکھیں مری تلوؤں سے وہ مل جائے تو اچھا
ہے حسرتِ پابوس نکل جائے تو اچھا (ذوق)

حسرت آنا ۔ا۔ فعل لازم۔ افسوس آنا۔ ملولانا۔

کیا کیا اُسے دیکھ آتی ہے حسرت ہمیں جرأت
پھر آئے ہے واں سے جو کوئی نامہ بر اپنا (جرأت)

حسرت برسنا ۔یا۔ ٹپکنا ۔ا۔ فعل لازم۔ آثار حسرت و افسوس کا نمایاں ہونا +

حسرت بھرا ۔ا۔ اسم مذکر۔ پُر ارمان۔ پر شوق۔

ترے کشتہ کا لاشہ بعد مُردن کیوں نہ بھاری ہو
گیا حسرت بھرا جیسے وہ سو اُمید داروں میں (جرأت)

حَسَن ۔ع۔ صفت (۱) خوب۔ نیک۔ اچھا۔ بھلا (۲۔ اسم) خوبی۔ نیکی۔ عمدگی۔ بھلائی + خوبصورتی۔ خوشنمائی (۳۔ اسم مذکر) جناب شہادت مآب ابو محمد امام دوم کا اسم گرامی جن کا لقب ذکی۔ تاریخ تولد ۱۵۔ رمضان المبارک ۲ھ یوم سہ شنبہ ہے۔ آپ ۲۸ صفر ۴۷ھ روز پنجشنبہ کو ۴۷ برس زندہ رہکر پانی میں زہر دیئے جانے سے شہید ہوئے۔ بروایت اہل شیعہ کل ۸ برس چار مہینے اور معتبر مورخین کی روایت سے صرف چھ مہینے خلافت فرمائی۔ جنۃ البقیع میں دفن ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور والدہ محترمہ جناب

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حسن

فاطمۃ الزہرا بنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں یہ شہادت بادشاہ وقت کی خود غرضانہ کوشش اور سماۃ جعدہ بنت اشعث کے پانی میں ریزہ الماس پلا دینے سے ظہور پذیر ہوئی۔ ماہ محرم میں آپکا ماتم اور سوگ بھی آپ کے چھوٹے بھائی سید الشہید امام حسین کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ (اسکے بعد دیکھو نمبر ۲)

حُسن ع۔ اسم مذکر (۱) خوبی۔ محاسن۔ عمدگی۔ نیکوئی۔ بھلائی۔ لطف (۲) خوشنمائی۔ دلبری۔ دلربائی (۳) جمال۔ خوبصورتی۔ رُوپ۔ سُندرپن۔ تناسب اعضا (۴) خوشنمائی رنگ (۵) رونق۔ بہار۔ جوبن ؎

مہ نو بشکلے کہ طول شہا لے جدائی ست ؎ کہاں تک دیکھئے وہ حسن روز افزوں خیر گذری (مومن)

حسن انتظام ع۔ اسم مذکر۔ خوبی انتظام۔ خوش انتظامی ؎

حسن تدبیر ع۔ اسم مونث۔ خوش تدبیری ؎

حُسن طلب ع۔ اسم مذکر۔ عمدہ اشارات و پاکیزہ کنایات سے کسی چیز کا مانگنا مثلاً کسی کی لکڑی پسند آئے تو یہ کہنا کہ کیا خوب لکڑی ہے ؎

حُسن ظن ع۔ اسم مذکر۔ گمان نیک ؎

حُسن محفل ع۔ اسم مذکر۔ حقہ۔ قلیاں۔ چوپاں ؎

مشہور کیا ہے حُسن محفل ؎ قلیاں کو اُسنے منہ لگا کر (بحر)

حُسن مطلع ع۔ اسم مذکر (عروض) غزل یا قصیدے کے مطلع کے بعد کا شعر۔ دوسرا شعر یا دوسری بیت ؎

حُسن دان ا۔ اسم مذکر۔ آرام دان۔ چھوٹا سا گمٹی دار پاندان۔ ننھی سی پٹاری ؎

(نمبر ۲) حَسَن ع۔ صفت (۱) نیک اچھا ؎ خوبصورت (۲) سید غلام حسین خلف میر غلام حسین صاحب دہلوی کا تخلص۔ ان کے اشعار پُر مزہ اور مثنوی بدر منیر لاجواب ہے۔ شیریں بیانی ان پر ختم۔ روزمرہ دہلی ان کا حصہ تھا۔ سنہ ۱۲۱۳ھ میں وفات پائی۔ شیریں زبان تاریخ فوت کسی نے اچھی نکالی ہے ؎

حَسِین ع۔ صفت۔ حُسن والا۔ خوبصورت۔ سُندر۔ شکیل۔ جمیل۔ شکیلہ۔ جمیلہ ؎ وجیہ۔ موہنی صورت۔ من موہن ؎

حُسَین بند ا۔ اسم مذکر۔ (اہل تشیعہ) چاندی کی وہ بن نگینہ کی دو انگوٹھیاں جو روز عاشورہ کو بچوں کے ہاتھ میں پہناتے ہیں اور ان دونوں کے بیچ میں چاندی کی زنجیر بھی ہوا کرتی ہے ؎

شب وصال ہوئی مجھکو روز عاشورا ؎ شہید دیکھ کے اس کا حسین بند ہوا (خواجہ)

حشر

حُسَین ع۔ (۱) تصغیر حَسَن (۲) اسم مذکر جناب شہادت انتساب ابو عبداللہ امام سوم کا نام مبارک جن کا لقب شریف رشید و سید الشہدا ہے۔ تاریخ ولادت آخر ربیع الاول ۳ھ مقام تولد مدینہ منورہ ایام امامت گیارہ سال گیارہ ماہ تین یوم۔ آپ کی شہادت بحکم یزید پلید علیہ اللعنۃ ابن معاویہ بمقام شش عبداللہ ابن زیاد دسویں ماہ محرم الحرام سنہ ۶۱ھ روز جمعہ کو بمقام کربلا غم افزائے اہل اسلام ہوئی اور اسی جگہ مدفن بنا عمر شریف ۵۷ سال تین مہینے اور دس روز تھی۔ والدہ ماجدہ بی بی فاطمۃ الزہرا اور والد ماجد وہی علی مرتضے علیہ السلام تھے ؎

حَشّاش بشّاش ع۔ صفت۔ نہایت خوش و مسرور ؎ شادان و فرحان خندان رو۔ (حشاش حائے حطی سے لکھنے کا دستور پڑ گیا ہے اس کو ہائے ہوز سے لکھنا چاہئے اس کے معنے خنداں رو ہیں شکسپیر (نام مؤلف لغات اردو ہندی) نے بھی اس جگہ دھوکا کھایا ہے۔ کاش صراح دیکھ لیتا ؎

حشر ع۔ اسم مذکر (۱) برانگیختگی۔ اٹھانا۔ برپا کرنا۔ دگرگون کرنا۔ ہلاک کرنا ؎ قیامت ؎ روز حساب۔ ؎

حساب آب و دانہ حشر میں ہوگا تو کہہ دونگا
پیا ہے عمر بھر خون جگر غم میں نے کھایا ہے (انت)

(۲) شور و غل۔ غوغا ؎

حشر برپا کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ عو۔ آفت ڈھانا۔ فساد اٹھانا۔ کہرام مچانا ؎

حشر توڑنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ عو۔ آفت ڈھانا۔ نہایت خفا ہونا۔ شور کرنا۔ خفا ہونا۔ جھنجلانا ؎

حشر ٹوٹنا۔ ا۔ فعل لازم۔ عو۔ آفت ٹوٹنا۔ خفگی ہونا ؎

حشر ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ عو۔ قیامت ہونا۔ آفت ٹوٹنا۔ کہرام مچنا۔ غل شور ہونا ؎

حشرات ع۔ اسم مذکر (۱) چھوٹے چھوٹے کیڑے جو اکثر زمین میں سوراخ کر کے رہتے یا برسات میں پیدا ہو جاتے ہیں (۲) غل شور۔ غوغا ؎ ہنگامہ۔ مصیبت و خوف ؎

حشرات الارض ع۔ اسم مذکر۔ زمینی کیڑے۔ کیڑے مکوڑے جو زمین میں بل بنا کر رہنے والے کیڑے جیسے سانپ۔ نیولا۔ چوہا۔ گوہ۔ گرگٹ گھسیرا وغیرہ۔ برساتی کیڑے ؎ زمین کے موذی کیڑے۔ ہوام۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حشر

حشری باغی - ا۔ اسم مذکر۔ وہ باغی جو اوروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرنے کھڑے ہو جاویں۔ درمیانی باغی۔ اتفاقی سرکش +

حشری گھوڑا - ا۔ اسم مذکر۔ وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں کے ساتھ ملکر رہے دنگئی گھوڑا۔ حرامزادہ گھوڑا + اسبِ سرکش حرون +

حشفہ ع۔ اسم مذکر۔ سر ذکر۔ قضیب کی ٹوپی۔ خان دار دو والے عوام الناس اس کا تلفظ حشوہ کرتے ہیں) +

حشمت ع۔ اسم مونث (۱) نوکر۔ چاکر۔ خدمتگاروں اور خادموں کا انبوہ (۲۔ بکسرِ حطی) بزرگ مرتبہ۔ عظمت (۳) دبدبہ۔ شان و شوکت (۴) سامان لشکر۔ اسباب فوج۔ سواری۔ جلو۔ ساز و سامان و لوازمہ وغیرہ

حصار ع۔ اسم مذکر (۱) احاطہ۔ گرد۔ گھیرا۔ چار دیواری + شہر پناہ (۲) قلعہ۔ گڈھ۔ کوٹ + ؎

شاد ہے دل قیدیٔ زلف بتِ پیچا + ہاتھ آیا ہے حصارِ عافیت زنجیر کا (اسیر)

حصار باندھنا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) قلعہ باندھنا + چاروں طرف سے گھیراڈالنا + چار دیواری کھڑی کرنا (۲) کسی دعا یا افسون کے ذریعہ سے چاروں طرف کی روک کر دینا +

حصول ع۔ اسم مذکر۔ حاصل۔ فایدہ +

حصّہ ع۔ اسم مذکر۔ (۱) ٹکڑا۔ (۲) بانٹ۔ تقسیم (۳) بخرہ۔ بھاجی (۴) درجہ۔ کمرہ۔ کونہ (۵) جزو کتاب (۶) علاقہ۔ صیغہ۔ سررشتہ (قانون)

حصّہ بخرہ - ا۔ اسم مذکر۔ عو (۱) کھانے پینے کی چیز کا حصّہ۔ بھاجی (۲) میل ملاپ۔ آپس کے کھانے پینے کا لینا دینا۔ جیسے اِن کا اُن کا مدت سے حصّہ بخرہ ہے +

حصہ داری - ا۔ اسم مونث (زمیندار) زمین کشت کی شراکت۔ زمین کی پتی +

حصّہ رسد ع۔ ف۔ تابع فعل۔ جتنا جتنا حصّے میں آئے۔ تقسیم کے موافق۔ بانٹ کے موافق +

حصہ کرنا - ا۔ فعلِ متعدی۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا + ٹکڑے کرنا +

حصہ لگانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ باہم پتی کرنا۔ (۲) ڈھیریاں لگانا +

حصے دار - ا۔ اسم مذکر۔ شریک۔ شریک کشت۔ یا شریک دہ +

حصیر ع۔ اسم مذکر۔ بوریہ۔ چٹائی +

حظ

حضرت ع۔ اسمِ مذکر (۱) قرب۔ نزدیکی + درگاہ (۲) جناب۔ حضور قبلہ۔ ایک تعظیم و عزت کا لقب جو بزرگوں بادشاہوں وغیرہ کی نسبت بولا جاتا ہے) + (۳) رسول مقبول۔ نبیٔ برحق۔ محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

(۴۔ ا) بجائے تسلیم۔ آداب۔ سلام علیک جیسے سر جھکا کر یا ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کہیں کہ حضرت + وعلیکم السلام یا جواب سلام پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور جب کسی کام یا چیز کا شکریہ ادا کرتے ہیں تب بھی لفظ حضرت شکر گزاری کی بجائے زبان پر لاتے ہیں) صفت شریر۔ بدذات۔ چالاک۔ چلتے ہوئے۔ ذاتِ شریف۔ بیڈھب جیسے تم بھی حضرت ہی ہو!

حضرت سلامت ع۔ اسمِ مذکر (یہ لفظ تعظیمی بھی ہے اور برابر والوں کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے) + حضورِ عالی۔ جنابِ عالی۔ قبلہ میاں۔ یار۔ دوست۔ یارچہ + ؎

رہا گر کوئی تا قیامت سلامت + پھر اک روز مرنا ہے حضرت سلامت (غالب)

حضرت فاطمہ کی جھاڑو پھرے - ا۔ دعائے بد۔ عو۔ تباہ ہو جائے برباد ہو جائے۔ صفایا ہو جائے۔ کوئی نر ہے۔ کچھ نہ ہے +

حضرات ع۔ اسمِ مذکر۔ حضرت کی جمع۔ بزرگ۔ مخدوم +

حضور ع۔ اسم مذکر۔ (۱) غیبت کا نقیض۔ حاضری۔ موجودگی۔ حاضر باشی (۲) جناب۔ حضرت۔ جنابِ عالی۔ خداوند۔ قبلہ۔ مخدوم۔ بندہ (۳) دربار۔ مجلس + اجلاس (۴) روبرو۔ سامنے۔ مُنہ و مُنہ (یہ لفظ تعظیمی کلمہ خطاب کے معنی میں اردو خیال کیا جائے کیونکہ کلام عرب و فارس میں صرف حاضر ہونے کے معنی میں آیا ہے) +

حضور میں - ا۔ تابع فعل (۱) حاکم یا کسی بزرگ کے سامنے۔ روبرو + برسرِ اجلاس (۲) خدمت میں۔ جناب میں (۳) درگاہ یا دربار میں +

حضور والا ع۔ اسم مذکر۔ جنابِ عالی۔ حضورِ اقدس +

حضوری ع۔ اسم مونث (۱) دوری کا نقیض حاضری۔ قربت۔ نزدیکی (۲) صفت) بادشاہی دربار یا اجلاس +

حظ ع۔ اسم مذکر (۱) نصیب۔ بہرہ۔ بخت + بہرہ مندی۔ بختیاری (۲) خوشی۔ انبساط۔ آنند (۳۔ ا) لطف۔ مزہ (۴۔ ا) لذت ذائقہ۔ حلاوت +

حظ اٹھانا - ا۔ فعلِ متعدی۔ مزہ اڑانا۔ لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔ عیش کرنا۔ موج مارنا۔ مزے لوٹنا۔ خوشی منانا + ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حظ

جو کچھ اٹھانا ہے پھر کہاں یہ شباب کی باتیں (مومن)

حظِ نفسانی ع - اسم مونث - حیوانی خوشی +

حِفاظت ع - اسم مونث (۱) نگرانی چوکسی - پاسبانی - محافظت - (۲) بچاؤ - سلامتی +

حفاظت کرنا - ا - فعل متعدی - نگہبانی کرنا - بچاؤ کرنا +

حِفظ ع - تابع فعل (۱) ازبر - زبانی - کنٹھ - یاد - برزبان (۲) حفاظت محافظت (۳) پاس - لحاظ - ادب +

حفظ پڑھنا - ا - فعل متعدی - یاد کرنا - ازبر کرنا - بن دیکھے پڑھنا +

حفظِ صحت ع - اسم مذکر - تندرستی کی محافظت - صحت کا قیام اور بچاؤ

حفظ کرنا - ا - فعل متعدی - یاد کرنا - ازبر کرنا +

حفظ ماتقدم ع - اسم مذکر - پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنی - وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے +

حفظِ مراتب ع - اسم مذکر - ادب کا پاس - مرتبہ کا لحاظ - درجہ کی رعایت

حف نظر ا - ع - چشم بد دور - نظر بد اُدھری رہے - جیسے حف تیری نظر اس طرح بچے کو ہونسی ہے (۲) جب کسی بات کی تعریف کرتے ہیں تو پہلے یہ لفظ زبان پہ لے آتے ہیں تاکہ نظر بد نہ لگے + ؎

حف نظر کو کاجو میری تھی جوان چوتھی کے بعد
پیٹ اُسے جب رہ گیا تب دوسرا چالا کیا (رنگین)

(حف عربی میں لوٹنے پھرنے واپس ہونے کے معنے ہیں یعنی بری نظر بد جو آئی ہے واپس ہو جائے

حَق ع - اسم مذکر (۱) خدا - اللہ (۲) سچ - راست - راستی - صدق (۳) لائق - واجب - سزاوار + (۴) درست - بجا - ٹھیک - (۵) ثابت - قایم (۶) وہ کام جو ضرور واقع ہو - ا - ف - جس وقت جان کے ساتھ کہہ گئے تو وہاں مرنے کے معنے ہونگے جیسے جان بحق ہونا (۸ - ا) شان + نسبت بابت لئے - واسطہ - جیسے تمہارے حق میں ہمارے حق میں وغیرہ (۹ - ا) فرض - ڈیوٹی - ذمہ داری - جیسے اپنا حق ادا کر دیا (۱۰ - ا) دعوے - استحقاق - جیسے تمہارا حق نہیں پہنچتا (۱۱ - ا) جایز - درست مُباح - حسب مشرح - جیسے حق کر حلال کرا ایک دن میں (۱۲ - ا) اضاف - نیاؤ (۱۳ - ا) صلہ - بدلہ - عوضہ - جیسے حق خدمت یا حق نمک مراد اُ کارگذاری (۱۴ - ا) حصّہ - جیسے شعر کہنا انہیں کا حق ہے (۱۵ - ا) ماجورہ - مزدوری جیسے اپنا حق چھوڑ دو نہ زیادہ لو (۱۶) انعام نیگ جیسے

حق

بہن کا حق جو شادی میں دیا جائے (ا - دویس بلا تشدید بولتے ہیں)

حق ادا کرنا - ا - فعل متعدی (۱) فرض ادا کرنا (۲) نوکری یا خدمت یا کوئی کام بجا لانا +

حق اللہ پاک ذات اللہ - ا - جملہ - خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے (یہ جملہ اکثر حلوے کو یاد کراتے یا خدا تعالےٰ کی تعریف کے موقع پر بولتے ہیں)

حق پرست ع + ف - اسم مذکر - خدا پرست - خدا کی پرستش اور عبادت کرنے والا - خدا کو ماننے والا - ؎

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے + حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے (ذوق)

حق پر لڑنا - ا - فعل متعدی - سچ پر لڑنا - استحقاق پر جھگڑا کرنا +

حق تعالےٰ ع - اسم مذکر - خدائے بزرگ - خدائے بلند +

حق تلفی ع - اسم مونث - بے انصافی - حق مارنا +

حق ثابت کرنا - ا - فعل لازم - دعوے کا ثبوت پہنچانا + استحقاق کا تسلیم کرانا +

حق حق کرنا - ا - فعل لازم (۱) خدا کا نام لینا (۲) انصاف کرنا - عدل کرنا - منصفی کرنا - نیاؤ کرنا +

حق رسی ع + ف - اسم مونث - انصاف - عدل - نیاؤ +

حق سرکار ع + ف - اسم مذکر - زر لگان - خراج - مالگزاری +

حق شفعہ ع - اسم مذکر - ملحق جایداد کے خریدنے کا استحقاق - پڑوس کا حق ہمسائگی +

حق شناس ع + ف - صفت - قدردان - جوہر شناس - منصف - خدمت شناس +

حق شناسی ع + ف - اسم مونث - خداشناسی + حق خدمت سے واقف ہونا - قدردانی - جوہر شناسی +

حق کو پہنچنا - ا - فعل لازم - انصاف کو پہنچنا - انصاف پانا + سچ کو دریافت کرنا +

حق لینا - ا - فعل متعدی (۱) ورثہ یا محنتانہ یا واجبی حصّہ پانا (۲) مال مارنا جایداد دبانا +

حق میں - ا - تابع فعل - درباب - بہ نسبت +

حق ناحق - ا - تابع فعل - عو - ناحق - بے سبب - خواہ مخواہ - بلا وجہ + یونہیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حق

حق نام اللہ کا ۔ا۔ محاورہ ۔ سچا نام خدا کا +

حق نمک ادا ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ نمک خواری اور ملازمت کا فرض ادا ہونا واہیں حشر تلک ہر دعا گو لب زخم + پر ترا حق نمک کوئی ادا ہوتا ہے (مومن)

حق ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) مرنا ۔ جہان سے گزرنا (۲) سچ ہونا ۔ راست ہونا جیسے حق حق ہے ناحق ناحق ہے (۳) انصاف ہونا ۔ نیاؤ ہونا جیسے حق کا پلہ بھاری ہے +

حقارت ع ۔ اسم مونث ۔ خفت ۔ سبکی ۔ اہانت ۔ ذلت ۔ خواری ۔ بے عزتی +

حقارت کی نظر سے دیکھنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ دوسرے کو ذلیل و خوار سمجھ کر کم توجہی کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ ذلیل سمجھنا +

حق دق رہ جانا ۔ا۔ فعل لازم ۔ عو ۔ صحیح دہک دک رہ جانا ۔ بھچک رہ جانا ۔ متحیر ہو جانا ۔ حیرت میں رہنا ۔ ہکا بکا ہو جانا ۔ گھبرا جانا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ ہوش و حواس نہ رہنا ۔ حواس باختہ ہو جانا +

حقہ ع ۔ اسم مذکر ۔ پچکاری + عمل طائر + شیاذہ کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو نیچا لانے کے واسطے سفرے میں چڑھائی جائے +

حقنہ کرنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ سفرے میں پچکاری یا بتی چڑھانا جس سے پیخانہ آجائے +

حقوق ع ۔ اسم مذکر ۔ حق کی جمع +

حقہ ع ۔ اسم مذکر (۱) درج ۔ ڈبا ۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا ۔ (۲) ۔ ا۔ نلیاں پنچوں کا پیالہ ۔ بھنڈا +

حقہ باز ع ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) بھان متی ۔ بازیگر ۔ مداری (۲) ۔ ا۔ بہت حقہ پینے والا +

حقہ بجانا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ حقہ پینا ۔ کثرت سے حقہ پینا ۔ حقہ بلونا +

حقہ بردار ع + ف ۔ اسم مذکر ۔ بھنڈے بردار ۔ حقہ اٹھانے والا جو حقہ ساتھ لے چلنے والا حقہ بھرنے والا +

حقہ بھرنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ۔ حقہ پر آگ رکھنا جیسے حقہ بھر بڑے کو دیجے جب بلائیں تب آپ پیجے +

حقہ پینا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ قلیان نوش کرنا ۔ قلیان کشیدن کا ترجمہ +

حقہ تازہ کرنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ حقہ کا پانی بدلنا اور پنچے وغیرہ کو تر کرنا +

حقیت ۔ ع ۔ اسم مونث ۔ حق ۔ حقداری ۔ ملکیت +

حکم

حقیر ع ۔ صفت ۔ (۱) چھوٹا ۔ ادنے (۲) دبلا ۔ لاغر ۔ پتلا ۔ نحیف (۳) ذلیل خوار ۔ خفیف ۔ مبتک ۔ اوچھا ۔ بے قدر +

حقیر جاننا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ ذلیل سمجھنا ۔ کمینہ جاننا ۔ بے قدر سمجھنا ۔ خوار سمجھنا +

حقیقت ع ۔ اسم مونث (۱) اصلیت ۔ ماہیت (۲) اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد (۳) کیفیت ۔ چگونگی + حال + ؎

ہمکو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے (غالب)

(۴) صداقت ۔ ست ۔ سچ (۵) بساط ۔ حیثیت جیسے تمہاری کیا حقیقت ہے (۶) ماجرا ۔ سرگذشت +

حقیقت کھل جانا ۔ا۔ فعل لازم (۱) قلعی کھل جانا ۔ بھید ظاہر ہو جانا ۔ حال کھل جانا (۲) ہزا اجانا ۔ کیفیت معلوم ہو جانا + ؎

شب وصل عدو کیا کیا جلا ہوں + حقیقت کھل گئی روز جزا کی +

حقیقت میں ۔ا۔ تابع فعل ۔ واقع میں ۔ دراصل ۔ اصل میں ۔ نفس الامر میں +

حقیقی ع ۔ صفت (۱) اصلی ۔ (۲) سگا ۔ اپنا + سگی ۔ اپنی +

حقیقی بھائی ۔ا۔ اسم مذکر ۔ برادر عینی ۔ سگا بھائی ایک ماں باپ سے دوسرا یا تیسرا بیٹا +

حک ع ۔ اسم مذکر ۔ کھرچنا ۔ چھیلنا ۔ دور کرنا +

حکاک ع ۔ اسم مذکر ۔ مہر کن ۔ حرف کھودنے والا ۔ ؎

حکاک کا پسنہ بھی میسر سے کم نہیں + فیروزہ ہووے مردہ تو دیتا ہے یہ جلا (زنا معلوم)

حکام ع ۔ اسم مذکر ۔ حاکم کی جمع +

حکایت ع ۔ اسم مونث ۔ کہانی ۔ قصہ ۔ داستان + بات + حدیث +

حکایتاً ع ۔ تابع فعل ۔ برسبیل تذکرہ ۔ بطور ذکر +

حکم ع ۔ اسم مذکر ۔ ثالث ۔ سرپنچ + پنچ ۔ حکم کرنے والا منصف ۔ جج ۔ فیصلہ کرنے والا +

حکم ع ۔ اسم مذکر (۱) فرمان ۔ ارشاد ۔ آگیا (۲) فتوی ۔ فیصلہ شرعی (۳) منطق کسی ایسی بات کا ثابت کرنا کہ جس قائل کا سکوت صحیح ہو (۴) حکومت فرمانروائی ۔ سرداری جیسے آپکا حکم بنارہے ۔ حکم نشانی بہشت کی جو مانگے سو پائے (کہاوت) (۵) اجازت پروانگی (۶) تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جو سب سے پہلے پھینکا جائے جیسے آفتاب ۔ سر (۷) فیصلہ ۔ جھگڑے کا نیاؤ

حکم

(۸-ا) سختی - جبر - سیاست +

حکم اٹھانا - ا - فعلِ متعدی (۱) حکم ماننا - فرمان بجالانا (۲) گنجیفہ میں سر کے پتہ لینے کے واسطے حکم کا پتا ڈالنا +

حکمِ اخیر ع - اسمِ مذکر - اخیر فیصلہ - حکمِ ناطق - قطعی حکم +

حکم انداز ع + ف - اسم مذکر - کہہ کر نشانہ لگانے والا - وہ کامل تیر انداز جسکا نشانہ خطا نہ کرے - قدر انداز +

حکم بجانا - ا - فعلِ متعدی - تعمیلِ ارشاد کرنا - کہا کرنا +

حکم بردار ع + ف - صفت - فرماں بردار - حکم ماننے والا - نمک حلال

حکم برداری ع + ف - اسم مونث - فرمانبرداری - اطاعت - اگیا کاری تابعداری +

حکم بھیجنا - ا - فعلِ متعدی - سرکاری طور پر اطلاع دینا - فرمان بھیجنا +

حکم توڑنا - ا - فعلِ متعدی - حکم عدولی کرنا - نافرمانی کرنا - کہنا نہ ماننا +

حکم جاری کرنا - ا - فعلِ متعدی - حکم صادر فرمانا - اشتہار دینا - ڈونڈی پٹوانا +

حکم چلانا - ا - فعلِ متعدی - حکم دینا - حکومت کرنا - بیٹھے بیٹھے کام فرمائے جانا + سختی کرنا - جبر کرنا +

حکم دینا - ا - فعلِ متعدی (۱) ارشاد فرمانا + کام فرمانا - اگیا دینا (۲) فتوی دینا (۳) فیصلہ کرنا (۴) اشتہار دینا (۵) اجازت دینا +

حکم رانی ع + ف - اسم مونث - فرمانروائی - حکومت - سلطنت - بادشاہی +

حکم رانی کرنا - ا - فعلِ متعدی - سلطنت کرنا - فرمانروائی کرنا - بادشاہی کرنا +

حکم سے بلانا - ا - فعلِ متعدی - جبراً بلانا - زبردستی بلانا - سمن بھیجنا +

حکمِ ظہری ع - اسمِ مذکر - وہ حکم جو کسی رپورٹ یا کاغذ کی پشت پر لکھا جائے پشتی حکم +

حکمِ قطعی ع - اسم مذکر - دیکھو (حکمِ اخیر)

حکم کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) حکم چلانا - حکم دینا - اگیا کرنا - فرمانا - ارشاد کرنا (۲) اجازت دینا - پروانگی دینا (۳) سختی کرنا - جبر کرنا +

حکم گشتی ع + ف - اسم مذکر - وہ حکم جو سب جگہ پھرایا جاوے - سرکلر - وہ حکم جو اکثر جگہ بھیجا جاوے +

حکو

حکم لگانا - ا - فعلِ متعدی (۱) پختہ رائے ظاہر کرنا + دعوے جمانا (۲) دفعہ لگانا - حد لگانا +

حکمِ مطلق ع - اسم مذکر (۱) حکمِ قطعی (۲) عام حکم +

حکم نامہ ع + ف - اسم مذکر - تحریری حکم - فرمان - وہ حکم جو جج کی طرف سے لکھا جائے +

حکمت ع - اسم مونث (۱) عقل - دانش - دانائی + درست گفتاری و راست کرداری (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم - وہ علم جس میں اشیائے موجودات خارجہ کے احوال سے بحث کی جائے اس کی تین قسمیں ہیں اول طبیعی جس میں ان امور سے بحث کی جائے جو تعقل اور وجود خارجی میں مادہ کی محتاج ہوں جیسے آب و ہوا اور دیگر اجسام بسیطہ و مرکبہ - دوم ریاضی جس میں صرف ان امور سے بحث کی جائے جو وجود خارجی میں مادہ کی محتاج ہوں جیسے مقدار و عدد - سوم الٰہی جس میں ان امور سے بحث کی جائے جو تعقل اور وجود خارجی میں مادہ کی محتاج نہ ہوں جیسے عقول عشرہ باری تعالےٰ + بعض لوگوں نے اس کی دو قسمیں علمی اور عملی لکھکر ہر ایک کو کئی کئی قسم پر منقسم کیا ہے جس کی کیفیت عربی و فارسی کے بڑے بڑے لغات میں لکھی ہے - صاحب قاموس نے عدل علم جامع نبوۃ معرفت قرآن و انجیل کو حکمت قرار دیا ہے) ۳ - تدبیر - آپائے - ترکیب (۴-ا) طبابت - علاج - معالجہ - بیدرک (۵-ا) ٹوٹکا - ڈھنگ مطلب - غرض جیسے اپنی حکمت سے چلتا ہے +

حکمت سے - ا - تابع فعلِ احتیاط سے - عاقبت اندیشی سے - دانائی سے - تدبیر سے ہوشیاری سے - ترکیب سے - تدبیر سے +

حکمتِ عملی ع - اسم مونث (معاش و معاد کے انتظام کا بخوبی احوال جاننا) - تدبیر منازل - تہذیب اخلاق اور سیاستِ مدن کی واقفیت + تدبیر چالاکی - فطرت - ہوشیاری + پالسی - ملکی مصلحت - ملکی تدبیر - دور اندیشی - فطانت - توڑ جوڑ - چھل بل +

حکمت کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) طبابت کرنا - علاج معالجہ کرنا - پیشہ طبابت کرنا یا ڈاکٹری کرنا (۲) دانائی کرنا - تدبیر کرنا +

حکمتِ مدنی ع - اسم مونث - شہری انتظام کے قوانین - انتظامِ شہری +

حکمتی - ا - صفت (۱) فلسفی - فیلسوف (۲) چالتر - چالاک - ہوشیار

حکومت ع - اسم مونث (۱) فرمان روائی - حکمرانی - راج - سلطنت - (۲-ا) سختی - جبر - تعدی - زبردستی جیسے حکومت سے کام لینا (۳-ا)

حکو

اختیار۔ بس مقدرت جیسے ایسی ہی اُنکی حکومت ہے؟

حکومت جتانا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ تیزی و تُندی دکھانا۔ رتبہ دکھانا + جبر کرنا۔ سختی کرنا +

حکومت کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) راج کرنا۔ فرمانروائی کرنا (۲) دبانا۔ زور دکھانا۔ سختی کرنا +

حُکمی ع۔ صفت (۱) بے چوک۔ بے خطا۔ ٹھیک نشانہ پر (۲۔ا) مُدام ہمیشہ (۳۔ا) شرطی۔ ضروری۔ فرضی (۴۔ا) فرمانبردار۔ فرمان پزیر محکوم +

حکمی دوا ع۔ اسم مونث۔ تیر بہدف دوا۔ سریع الاثر دوا۔ مجرب دوا۔

حکمی بندہ ع۔ف۔ اسم مذکر۔ فرمان بردار۔ تابعدار بندہ +

حَکیم ع۔ اسم مذکر (۱) دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ فیلسوف۔ فلسفی (۲) محقق واقف التحقایق (۳۔ا) طبیب۔ بید۔ ڈاکٹر جیسے حکیم کو اور قارورہ سے لاج +

حکیمی ۔ا۔ صفت۔ طبابت۔ ڈاکٹری +

حَل ع۔ اسم مذکر (۱) کشایش۔ انکشاف۔ کھولنا۔ واکرنا۔ سلجھاؤ۔ عقدہ کشائی۔ مشکل کام کو آسان کرنا (۲) تحلیل۔ گھلنا۔ ملنا۔ پسنا۔ گھُٹائی پسائی (۳) حساب کا سوال نکالنا۔ سوال کو پوری منزل پر پہنچانا (اصل میں بہ تشدید لام ہے)

حل کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) سلجھانا۔ کھولنا۔ انکشاف کرنا۔ پیچیدگی رفع کرنا۔ عقدہ کشائی کرنا۔ آسان کرنا (۲) اجزا علیحدہ کرنا۔ تجزیہ کرنا (۳) پیسنا کھرل کرنا + گھلانا۔ ملانا (۴) حساب کا سوال نکالنا۔ سوال کا عمل کرنا +

حل ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) گھلنا۔ سلجھنا + عقدہ کشائی ہونا۔ آسان ہونا + اگر عقدہ سراپا ہے برنگ اشک کیا غم ہے

مری افتادگی کے ہاتھ حل ہونا ہے مشکل کا (وزیر)

(۲) اجزا کا علیحدہ ہونا (۳) تحلیل ہونا۔ گھلنا (۴) پسنا۔ سائیدہ ہونا (۵) سوال نکلنا +

حَلال ع۔ صفت (۱) حرام کا نقیض۔ مُباح۔ جایز۔ روا۔ درست۔ شدہ حق (۲) ذبیحہ۔ ذبح کیا ہوا (۳) حسب شرع۔ حسب قانون۔ شرعًا جایز

حلال خور ۔ا۔ اسم مذکر (۱) حق حلال کی اجرت کھانے والا + مباح چیز کھانے والا۔ (۲) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔ چوڑھا۔ یہ نام جلال الدین اکبر نے

حلق

رکھا تھا) +

حلال کا ۔ا۔ صفت۔ حرام کا کے برعکس۔ وہ بچہ جو نکاح سے پیدا ہوا ہو۔ ولد الحلال + مباح۔ جایز +

حلال کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) ذبح کرنا۔ شریعت کے موافق چھری پھیرنا (۲۔عو) کاٹنا۔ قتل کرنا (۳۔عو) مارنا۔ کوٹنا۔ پیٹنا جیسے آتو سہی کیسا حلال کرتی ہوں +

حلال کر کے کھانا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ محنت کر کے کھانا۔ نمک حرامی سے نہ لینا +

حلال میں حرکت حرام میں برکت ۔ا۔ کہاوت۔ الٹی بات زمانہ کی نیرنگی +

حلاوت ۔ع۔ اسم مونث (۱) مٹھاس۔ شیرینی + پکے پھل کی مٹھاس (۲۔ا) لذت۔ مزہ + ذایقہ (۳۔ا۔عو) راحت۔ آرام۔ سُکھ چین جیسے اس کے گھر میں آکر کچھ حلاوت نہیں پائی +

حلف ع۔ اسم مذکر۔ قسم۔ سوگند + عہد و پیمان + قرآن +

حلف اُٹھانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ قسم کھانا + قرآن اٹھانا۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا۔ گنگا جلی اٹھانا +

حلف دروغی ۔ا۔ اسم مونث۔ جھوٹی قسم کھانا۔ جھوٹا قراں اُٹھانا +

حلف دینا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ قسم دینا۔ سوگند دینا۔ قرآن یا گنگا جلی اٹھوانا +

حَلَفًا ع۔ صفت۔ از روے قسم۔ قسمیہ۔ سوگند سے +

حَلق ع۔ اسم مذکر (۱) گلا۔ گلو۔ نالے۔ ٹیٹوا (۲۔ا) نالی۔ گردن (۳۔ا) منہ۔ زبان جیسے خلق کا حلق کس نے پکڑا ہے + حلق سے نکلی خلق میں پڑی +

حلق بند کرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ خاموش کرنا۔ منہ پکڑنا۔ زبان بندی کرنا +

حلق پر چھری پھیرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) ذبح کرنا۔ حلال کرنا + گردن کاٹنا (۲) ظلم کرنا۔ جبر کرنا۔ ستم کرنا۔ تعدی کرنا +

حلق دبانا ۔ا۔ فعلِ متعدی۔ گلا دبانا۔ گلا گھوٹنا + ٹیٹوا دبانا۔ بات کرنے سے روکنا۔ بات سے باز رکھنا +

حلق کا دربان ۔ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ وہ شخص جو کھانے پینے کا مل ہو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حلق	حلی
وہ بچہ جہاں کو کوئی چیز نہ کھانے دے اور ہر چیز کے کھاتے وقت موجود ہو جائے ۔ ؎ عشاق کریں گر طلب مے تو کہے وہ + کمبخت یہ ہیں حلق کے دربان ہمارے (جرأت) پینے دیتے ہیں کسے خون جگر + نالے دربان مرے حلق کے ہیں (مصحفی)	(۲) آسان سمجھنا۔ سہل جاننا +
حلق کا نہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا۔ ا۔ کہاوت یعنی کھایا نہ پیا نو نہیں کتوں کو دیکر ضایع کیا +	حلوا سوہن۔ ا۔ اسم مذکر۔ صحیح (حلوا سونان) (ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو اکثر موسم سرما میں تیار کی جاتی ہے یہ نام ابتدا میں اس کی سختی کے باعث رکھا گیا تھا بعد میں ملایم کو بھی اسی نام سے تعبیر کرنے لگے +
حلق میں نوالہ پھنسنا۔ ا۔ فعل لازم۔ جو۔ کسی عمدہ چیز کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا یاد آنا +	حلوا کھائے۔ ا۔ قسم سخت۔ عو۔ ہمیں مردہ دیکھے ہمیں ہے ہے کرے ہمیں مرا ہوا پائے۔ ہماری بھتی کھائے۔ حاضری کھائے جیسے ہمارا حلوا کھائے جو وہاں جائے +
حُلقُوم ع۔ اسم مذکر۔ حلق۔ گلو۔ نرخرہ۔ ناڑ۔ ٹینٹوا۔ مقتل۔ سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا۔ گلے کا گھنگرو +	حلوا نکل جانا۔ ا۔ فعل لازم (لکھنؤ) نہایت سختی سے بدحال ہو جانا بلبتھن نکل جانا۔ پتلا حال ہو جانا +
حَلقَہ ع۔ اسم مذکر (۱) گھیرا۔ احاطہ (۲) منڈلی۔ مجلس (۳) کڑا۔ لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کنڈا (۴) گھنگنی کا گھر۔ تکمہ (۵) علاقہ۔ ضلع +	حلوائے بے دود ع + ف۔ اسم مذکر (۱) پیڑ کا پکا میوہ۔ قدرتی حلوا۔ (۲۔ ا) نرم چارہ۔ ملایم مال +
حلقہ باندھنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ چاروں طرف کھڑا ہو کر گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا۔ دایرہ بنانا۔ حصار باندھنا +	حلوائے مرگ ع + ف۔ اسم مذکر بھتی۔ کڑوی کھچڑی۔ موت کا حلوا + حاضری +
حلقہ بگوش ع + ف۔ اسم مذکر۔ غلام۔ فرمان بردار۔ وہ شخص جس کے کان میں غلامی کا حلقہ ہو +	حلوائے مقراضی ع۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا حلوا جس میں بہت باریک میوہ کتر کے ڈالتے ہیں +
حلقہ ڈالنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ گھیرا ڈالنا۔ حصار باندھنا۔ چاروں طرف سے روک لینا +	حلوائے مغزی ع + ف۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغز بادام اور پستے ڈالتے ہیں +
حلقہ کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ گھیرا کرنا۔ گھرنا +	حَلوان۔ ا۔ اسم مذکر (یہ لفظ عربی میں حُلّان وحُلّام تھا) ۱۔ بچہ گوسفند۔ بکری کا بچہ۔ بھیڑ کا بچہ جو صرف دودھ پیتا ہو (۲۔ ا) ملایم گوشت۔ نرم گوشت جو جلد گل جائے +
حِلم ع۔ اسم مذکر۔ کسی کی سزا میں آہستگی کرنا (۲) سمائی۔ بردباری برداشت۔ تحمل (۳۔ ا) نرمی۔ نرم دلی۔ نرم خوئی +	حَلوائی ع۔ اسم مذکر۔ حلوا فروش۔ حلوا گر۔ مٹھائی بیچنے اور بنانے والا۔ قنادی +
حَلوا ع۔ اسم مذکر (۱) میٹھا۔ میٹھی چیز + موہن بھوگ۔ نرم شیرینی (۲) نرم چیز۔ ملایم چیز۔ نرم مال +	حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ۔ ا۔ کہاوت) پرائے مال کو اپنا سمجھ کر صرف میں لانے یا غیر کا مال بیدریغ صرف کرنے کے موقع پر بولتے ہیں +
حلوا سمجھنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) کسی شخص کو حلوے کے مانند نہایت نرم سمجھنا۔ ضعیف تصور کرنا۔ نرم چارہ خیال کرنا + ؎ میں جو نرمی کی تو دونا سر چڑھا وہ بدمعاش کھانے ہی کو دوڑتا ہے اب مجھے حلوا سمجھ (میر تقی)	حلوئے مانڈے سے کام رکھنا۔ ا۔ فعل متعدی (اپنا بھلا چاہنا کوئی مرے یا جیے جیسے مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام +
	حلیم ع۔ صفت (۱) بردبار۔ فروتن۔ دھیما۔ گمبھیر۔ متحمل۔ مزاج۔ نرم۔ ملایم۔ (۲۔ ا) ایک قسم کا کھانا جو گندم چنے کی دال گوشت اور گرم مصالحہ اور کئی فیرہ ڈالکر اکثر ماہ محرم میں شہدائے کربلا کے فاتحہ کے واسطے پکایا جاتا ہے۔ اصل میں یہ لفظ لیم تھا کہ نیکر

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حلی

اس کھانے کا جزو اعظم گوشت ہوتا ہے اور باقی چیزیں صرف بڑھانے اور پھیلانے کے واسطے ڈالتے ہیں مگر غلط العام ہونے کے باعث حلیم مشہور ہو گیا۔ کچھڑی۔

حُلیہ ع۔ اسم مذکر (۱) زیور۔ گہنا (۲) خلقت۔ عنایتی پوشاک (۳) صورت۔ چہرہ۔ خط و خال جو شناخت کے واسطے لکھے جائیں۔

حلیہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ چہرہ لکھا جانا۔ نام لکھا جانا۔

حماقت ع۔ اسم مونث۔ نادانی۔ بیوقوفی۔ جمق۔ احمق پن۔

حمال ع۔ اسم مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا۔ بندھانی۔ پلے دار۔ مزدور۔ باربردار۔

حمام ع۔ اسم مذکر (۱) گرمابہ۔ نہانے کی جگہ۔

بیگم یہ ٹھنڈی سانسیں بھریں کس کے واسطے
خس خانے سے سوا جو یہ حمام ہو گیا (جان)

حمام کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ نہانا۔ غسل کرنا۔ امیروں کا نہانا۔

حمام کی لنگی ۔ا۔ اسم مونث۔ عام کاروائی کی چیز وہ چیز جو ہر شخص کے استعمال میں آئے۔ کسبی رنڈی۔ بیسوا۔ بازاری عورت۔

حمام ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ نہان ہونا۔ غسل ہونا۔ امیروں کا اشنان ہونا۔

حمامی ع۔ اسم مذکر۔ نہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔ حجام۔ دلاک۔

حمایت ع۔ اسم مونث (۱) طرفداری۔ پشتی۔ مدد۔ پرچک۔ مامی۔ (۲) نگہبانی۔ سایہ۔ محافظت۔ ظل۔ جیسے کسی کی حمایت میں آنا۔

حمایت کرنا یا۔ لینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ طرفداری کرنا۔ پشتی لینا۔ مامی بننا

حمایتی ع۔ اسم مذکر۔ طرفدار۔ معاون۔ مددگار۔ حامی۔ پشتیبان۔

حمایتی کا ٹٹو ۔ا۔ صفت۔ دوسرے کے بل پر کودنے والا۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا۔

حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے ۔ا۔ کہاوت جس کا کوئی مددگار ہوتا ہے وہ ادنے ہو کر بھی بڑوں کا سامنا کرنا چاہتا ہے۔

حمائل ع۔ اسم مونث (۱) گلے میں ترچھا پرتلا ڈالنا۔ دوال شمشیر پرتلا (۲) گلے میں ڈالنے کی چیز (۳) بدھی۔ جنیئو (۴) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں ڈال سکیں۔

خدا حافظ و ناصر ان کی کمر کا ۔ سنا ہے گلے میں حمایل پڑیگی (رند)

حمد ع۔ اسم مونث۔ خدا کی تعریف۔

حمق ع۔ اسم مذکر۔ نادانی۔ بیوقوفی۔ احمق پن۔

حوا

حمل ع۔ اسم مذکر (۱) بوجھ۔ بار۔ بار یا بوجھ (۲) گیا بھر۔ پیٹ۔ گربھ (۳) بفتح ہ گما بھرم۔ قیاس۔ مگر اس معنی میں فارسی میں ہی آتا ہے (۴) بفتحتین، آسمان کا پہلا برج جو مینڈھے کی شکل کا ہے۔ مسیکہ۔

حمل اسقاط ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ پیٹ گرنا۔ تو جانا۔

حمل رہنا ۔ا۔ فعل لازم۔ پیٹ میں بچہ پڑنا۔ پیٹ رہنا۔

حمل گرانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ پیٹ گرانا۔ اسقاط کرنا۔

حمل گرنا ۔ا۔ فعل لازم۔ (دیکھو حمل اسقاط ہونا)

حملہ ع۔ اسم مذکر (۱) چڑھائی۔ دھاوا۔ ہلا۔ یورش (۲) حربہ۔ وار۔ چوٹ۔

حملہ آور ع۔ ف۔ اسم مذکر۔ چڑھ کر آنے والا۔

حملہ کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ دھاوا کرنا۔ چڑھنا۔ یورش کرنا۔ حربہ کرنا۔ وار چلانا۔ چوٹ کرنا۔

حنا ع۔ اسم مونث۔ مہندی۔

حنا بندی ع۔ ف۔ اسم مونث۔ مسلمانوں کی ایک رسم جو ساچق سے ایک روز پیشتر عمل میں آتی اور جسے مہندی کہتے ہیں۔

حنائی ف۔ اسم صفت۔ گیروا۔ زردی لئے ہوئے سرخ رنگ۔ مہندی کے رنگ کا۔ مہندی لگا ہوا۔

سرد ہے حنا پہنچے ہے عاشق کے جگر تک
معشوق کا گر ہاتھ میں ہے دست حنائی (ذوق)

حنظل ع۔ اسم مذکر۔ اندرائن کا پھل۔ پھر پھیندوا۔

حوا ع۔ اسم مونث۔ باوا آدم کی بیوی کا نام۔ سب آدمیوں کی ماں۔ بنی آدم کی اماں (۲) ۔ا۔ اسم مذکر۔ کالے ڈراونے ہونٹوں یا چہرے والا۔ (اس معنی میں ہوائے ہوز سے چاہیے۔ یہ رسم الخط غلط ہے مفصل کیفیت لفظ ہوا میں دیکھو)

حواری ع۔ اسم مذکر۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے اصحاب۔ مسیح کے دوست۔

حواس ع۔ اسم مذکر۔ حاسہ کی جمع (۱) اندری مدرکہ قوتیں۔ وہ قوت جو حس کرتی ہے (حواس گنتی میں دس ہیں پانچ ظاہری جیسے قوت۔ باصرہ۔ سامعہ۔ شامہ۔ لامسہ۔ ذائقہ اور پانچ باطنی جیسے حس مشترک۔ خیال۔ وہم۔ حافظہ۔ متصرفہ) (۲) ہوش۔ اوسان۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ بدھ۔

Digitized By Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حوا

حواس باختہ ع ف۔ صفت۔ مخبوط الحواس۔ بے اوسان۔ گھبرایا ہوا ہکا بکا +

حواس باختہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ بے اوسان ہونا۔ ہوش نہ رہنا۔ گھبرا جانا سٹ پٹا جانا + ہکا بکا ہو جانا +

حواس جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ اوسان نہ رہنا۔ قوت ادراک اور تمیز کا زایل ہو جانا۔ ؎

شغل طفلانہ دل کے پاس گئے + ہوش کے آتے ہی حواس گئے (مؤمن)

حواسوں پر سے صدقہ دینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ ہوش درست کرنا عقل کی خبر لینا۔ عقل ٹھکانا جیسے اپنے حواسوں پر سے صدقہ دو پھر تلاش کرنا +

حواصل ع۔ اسم مونث۔ ایک سفید آبی پرند کا نام جسکا پوٹا (حوصلہ) بڑا اور آگے نکلا ہوا ہوتا ہے (چونکہ حواصل حوصلہ کی جمع ہے اور اسکا حوصلہ کئی حوصلوں کے برابر ہے اس وجہ سے جمع کا اطلاق واحد پر ہونے لگا +

حوالات ۔ا۔ اسم مونث (صحیح حوالت) سپردگی۔ تحویل + حراست نظر بندی۔ قید۔ نگرانی (۲) وہ مکان جس میں مجرم تا تحقیقات مقدمہ نظر بند رکھے جائیں۔ حاجت۔ توکیل +

حوالات کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ حوالات میں دینا۔ قید کرنا۔ نظر بند کرنا۔ نگرانی میں رکھنا +

حوالات ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ نظر بند ہونا قید ہونا +

حوالہ ع۔ اسم مذکر۔ (۱) سپردگی۔ تحویل (۲۔ا) پتا نشان +

حوالہ دار ۔ا۔ اسم مذکر۔ وہ عہدہ دار سپاہی جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں۔ چند سپاہیوں کا سردار +

حوالی ع۔ اسم مونث۔ نواح۔ گرد۔ آس پاس +

حوالے کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ سپرد کرنا۔ دینا۔ سنبھلنا۔ پکڑانا +

حوت ع۔ اسم مونث (۱) بڑی مچھلی (۲۔ اسم مذکر) آسمان کا بارھواں برج۔ بین +

حور ع۔ اسم مونث (حوراء کی جمع) وہ گوری چٹی عورت جس کی آنکھ کی پتلی اور بال بہت سیاہ ہوں (فارسی اور اردو میں مفرد استعمال ہے) (۲) خوبصورت لڑکیاں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی بیویاں ہونگی (۳۔ صفت) نہایت خوبصورت۔ شکیلہ۔ جمیلہ۔ پری تمثال + ؎

حیث

ہنے جو سے دیکھا تو جانا کہ پری ہے + پریوں نے جو دیکھا تو انہیں جی کی سوجھی (نظیر)

حور کا بچہ ۔ا۔ صفت۔ نہایت خوبصورت۔ پری کا ٹکڑا۔ پریزاد +

حوصلہ ع۔ اسم مذکر (۱) پرند کا پوٹا معدۂ پرند جو حلق کے نیچے ہوتا ہے (۲) مقدور۔ ہمت۔ دل۔ جرأت۔ دلیری۔ تحلاوت (۳۔ا) سمائی۔ بردباری۔ ظرف (۴۔ا) ارمان۔ آرزو۔ ہوس +

حوصلہ نکالنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ ہوس نکالنا۔ ارمان پورا کرنا + خوب خرچ کرنا۔ بخوبی ہمت کرنا +

حوض ع۔ اسم مذکر (۱) آبدان۔ تالاب۔ پانی جمع کرنے کا مکان۔ برکہ۔ ؎

صیاد نے تسلے بلبل کے واسطے + گنج قفس میں حوض بھرا ہے گلاب کا (آتش)

(۲۔ا) ہودہ۔ متن۔ حاشیہ کے اندر کا میدان۔

حویلی ۔ا۔ اسم مونث (بعض لوگ اسے حوالی کا مالہ قرار دیتے اور بعض اسکا گاؤں کہتے ہیں بہرحال اردو ہے کیونکہ تو فارس کے شعرا نے اس لفظ کو باندھا اور نہ عربی میں پایا جاتا ہے مبارک بھی کوئی سند نہ دے سکا) ۱۔ چار دیواری کا مکان۔ محلسرا۔ بڑا اور پختہ مکان + عالی شان مکان + گھر۔ خانہ +

حیا ع۔ اسم مونث۔ لاج۔ شرم + حجاب + غیرت۔ لحاظ + ؎

کیونکہ حیرت سے فلک کو دیکھیوں + شرم آتی ہے حیا سے تیری (مؤمن)

(۲) مرزا رحیم الدین خلف شہزادہ کریم الدین دہلوی کا تخلص۔ آپکا دیوان اور گلستان سخن تذکرہ نہایت مشہور ہے۔ صائب کی طرز پر اشعار کہتے تھے اب انتقال ہو گیا +

حیادار ۔ا۔ صفت۔ عو۔ غیرت مند۔ شرم دار۔ لحاظ والا۔ نیک بخت +

حیامند ۔ا۔ صفت۔ عو۔ دیکھو (حیادار) +

حیات ع۔ اسم مونث۔ زندگی۔ جان۔ پران۔ روح۔ زیست۔ عمر اوستھا +

حیاتِ مستعار ع۔ اسم مونث۔ مصدر جعلی (۱) وضع۔ اسلوب۔ طرز طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ استعداد (۳۔ا) حوصلہ۔ پوٹہ۔ ظرف (۴۔ا) مالیت۔ دولت۔ ملکیت۔ جایداد (۵۔ا) مقدور۔ مقدرت۔ بساط + آمدنی (۶۔ا) عزت۔ آبرو۔ حرمت +

حیثیت سے بڑھ کر ۔ا۔ تابع فعل۔ بساط سے باہر۔ مقدور و مقدرت سے باہر +

حیثیت عرفی ع۔ اسم مونث۔ ظاہری عزت۔ بنی ہوئی عزت۔ مانی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

حیر

ہوئی عزت + ساکھ - اعتبار (قانوں) +

حیران ع - صفت - ششدر - ہکا بکا - دنگ - متحیر - حیرت زدہ - پریشان +

حیران کرنا - ا - فعل متعدی - پریشان کرنا - خراب کرنا - پھرانا - ڈلانا - ستانا - دق کرنا +

حیرانی - ا - اسم مونث - حیرت - پریشانی - تعجب +

حیرانی جتانی - ا - اسم مونث - عو - ستانا - دق کرنا + ہیرا پھیری (اس کا ملاوہ ہرانا جتانا خیال کرنا چاہئے اور املاء ہائے ہوز سے لکھنا مناسب ہے) +

حیرت ع - اسم مونث - اچنبہ - اچرج - تعجب - تحیر - حیرانی - سکتے کی حالت بھک رہنا +

حیص بیص ع - اسم مونث - جنگ وغوغا - لڑائی جھگڑا - بحث بحثی - ردّو بدل - تکرار - ٹنٹا - ردّوقدح (حیص بمعنی گرہی ہیں بمعنی سختی و تنگی عربی میں آیا ہے) +

حیض ع - اسم مذکر - وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے - کپڑے ایام - طمث +

حیض کا لتہ - ا - اسم مذکر (۱) حیض کی گدی وہ کپڑا جس سے حیض کو صاف کریں (۲) نہایت بیقدر - ازحد ذلیل - قابل نفرت - دودھ کی سی مکھی

حیضی - یا **حیضی بچہ** - ا - اسم مذکر (۱) حرامی - حرام کا - ولد الزنا (۲) شیر دنگئی - حرامزادہ +

حیف ع - اسم مذکر (۱) دریغ - افسوس - ہائے (۲) ظلم ستم - جبر - تعدی +

حیلہ ع - اسم مذکر (۱) بہانہ - مکر - فریب - کید - دھوکا (۲) روزگار کام - نوکری +

حیلہ باز - حیلہ گر - حیلہ ساز ع + ف - صفت - مکار - فریبی دغاباز - متقی +

حیلہ بازی - ا - اسم مونث - مکاری - دم بازی - بہانہ بازی کیادی +

حیلہ حوالہ ع - اسم مذکر - ٹال مٹول - لیت ولعل - ہیرا پھیری آلا بلا

حیلہ رزق بہانہ موت - ا - کہاوت - رزق اور موت کسی نہ کسی بہانے اور سبب سے ہوتی ہے - ہر حیلہ رزق ہر بہانہ موت بھی بولتے ہیں +

حیو

حیلہ کرنا - ا - فعل متعدی (۱) بہانہ کرنا - فریب کرنا (۲) روزگار کرنا - پیشہ کرنا +

حین ع - اسم مذکر - وقت - ہنگامہ - بیلا - زمانہ - عرصہ - آن - ویلا +

حین حیات ع - اسم مونث - جیتے جی - تا بہ زندگی + تمام عمر - عمر بھر - جنم بھر کو +

حیوان ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی زندگانی + مجازی جاندار - ذی روح جانور + بہایم (۲) نادان - بیوقوف - وحشی + جانگلو - گستاخ مگر (اردو و فارسی میں یائے ساکن مستعمل ہے)

حیوان مطلق ع - صفت - حیوان آزاد - جانور - بے سلیقہ - حیوان یا جانور - پشو +

حیوان ناطق ع - صفت - نطق والا حیوان - گویا حیوان + آدمی انسان +

حیوان ناہق ع - اسم مذکر - گدھا - خر +

حیوانی ع - صفت (۱) انسانی کے خلاف (۲) بہیمی - شہوانی - نفسانی (۳) عامل لوگ گوشت کھانے اور جو کچھ حیوان سے گھی دودھ وغیرہ نکلے اسکے کام میں لانے سے مراد رکھتے ہیں +

حیوانیت ع - اسم مونث - رسیدگی - وحشت - وحشی پن - بے شرمی بے حیائی + نادانی - بیوقوفی + گستاخ مگری - جانگلو پن (یہ مصدر اردو میں بنا لیا ہے) +

خ

خ ع - اسم مونث (۱) عربی کا ساتواں فارسی کا نواں اردو کا دسواں حرف جس کی آواز قاف کے اوپر سے نکلتی اور خائے معجمہ منقوط یا شین کے نام سے لکھی اور بولی جاتی ہے (۲) حساب جمل میں اس کے ۶۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں (۳) یہ حرف جیم - عربی سین مہملہ غین منقوط قاف کاف عربی اور ہائے ہوز سے بدلتا ہے - لیکن ماضی یا مصدر میں جو خے واقع ہوتی ہے وہ اکثر ژائے عربی سے بدل جایا کرتی ہے چنانچہ دوختن ریختن سوختن تاختن باختن ساختن آموختن آمیختن وغیرہ مصدروں کے مضارع سے معلوم ہو سکتا ہے اس کے علاوہ کبھی سین جملہ اور شین معجمہ سے بھی ایسے موقع پر بدل ہو جاتا ہے جیسا کہ شناختن اور

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خات

فوحتن کے مضارع سے ظاہر ہوتا ہے +

خاتِم ع۔ اسم مذکر (۱) ختم کرنے والا۔ اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔ (۲۔ اسم مونث) انگوٹھی۔ انگشتری + مُہر۔ چھاپ + ؎

ارزو تھی کہ تیرے ہاتھ کا چھلا ملتا + خاتمِ دستِ سلیماں مجھے درکار نہ تھی (اسیر)

(اس معنی میں بفتح تو قافی بھی درست ہے)

خاتم الانبیا ع۔ اسم مذکر۔ تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے۔ اخیر پیغمبر۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم۔ محمد مصطفےٰ۔ رسول مقبول۔ احمد مختار +

خاتم بندی۔ یا۔ کاری ع + ف۔ اسم مونث۔ ناتھی دانت۔ اونٹ کی ہڈی یا لکڑی وغیرہ کی گلکاری جو اکثر امیروں کی چھت وغیرہ میں ہوتی ہے + جڑاوت کا کام۔ کوفت کا کام۔ تختہ بندی +

خاتمہ ع۔ اسم مذکر (۱) انجام۔ عاقبت۔ اخیر + نتیجہ (۲۔ ا) انتقال۔ رحلت موت (۳) وہ عبارت جو اتمام کتاب پر لکھی جائے +

خاتمہ بالخیر ع۔ تابع فعل۔ انجام بخیر۔ اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری کے ساتھ گزرنے کی دعا حسنِ خاتمہ کی دعا۔

خاتمہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا۔ ہو چکنا + مرجانا۔ گزر جانا +

خاتُون ۔ت۔ اسم مونث۔ امیر گھر کی عورتوں کا لقب۔ امیرزادی۔ شہزادی۔ بیگم۔ لیڈی۔ ملکہ۔ رانی + نواب زادی + بی بی۔ بیوی (عربی والوں نے تصرف کر کے اسکی جمع خواتین فارسی کی طرح بنالی ہے جس سے بعض لغات والوں نے دھوکا کھا کر عربی قرار دے لیا ہے)

خاتونِ جنّت ۔ت + ع۔ اسم مونث۔ جنت کی شہزادی حضرت فاطمہ علیہا السلام کا لقب جو رسول مقبول کی پیاری اور چھوٹی صاحبزادی حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے بطن سے پیدا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بیوی اور امامین حسنین علیہما السلام کی والدہ ماجدہ تھیں +

خادِم ع۔ اسم مذکر (۱) خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ چاکر۔ سیوک۔ ٹہلوا۔ خدمتگار (۲۔ ا) کسی درگاہ یا معبد کی خدمت کرنے والا۔ مجاور +

خادم درگاہ ع + ف۔ اسم مذکر۔ مجاور + ملازم درگاہ۔ ملازم آستانہ +

خار ۔ف۔ اسم مذکر (۱) کانٹا۔ سول + پھانس + ؎

خار

کانٹا سا کھٹکتا ہے کلیجے میں غم ہجر + یہ خار نہیں دل سے گل اندام نکلتا (مومن)

(۲۔ ا) مرغ کے پاؤں کا کانا شاخ جو کٹنے کے اوپر ہوتا ہے (۳۔ ا) ہنڈ ڈاہ جلن۔ سوختگی۔ رشک (۴۔ ا) ڈاڑھی کے بال۔ ڈاڑھی +

خار پشت ف۔ اسم مذکر (۱) سی۔ سیہ۔ ایک قسم کا کانٹے دار جانور جو اکثر جنگل میں رہتا ہے + جنگلی۔ خاردار چوہا (۲) پیٹھ کھجانیکا آہنی پنجہ +

خار خار ف۔ صفت۔ بہت بہت۔ بکثرت۔ از حد۔ غم یا حسد یا رشک۔ رنج کے موقع پر آتا ہے (مومن) خار خار غم آشکارہ ہوا + مثلِ دل جامہ پارہ پارہ ہوا)

خاردار ۔ف۔ صفت (۱) کانٹے دار۔ کانٹوں والا (۲۔ ا) ڈاڑھی والا۔ وہ لڑکا جس کی ڈاڑھی نکل آئی ہو۔

خار کھانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ عو۔ حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ جلنا۔ دشمنی کرنا جیسی پرائی جائی پر ساس نندیں ہمیشہ خار کھایا کرتی ہیں +

خار گزرنا ۔یا۔ لگنا ۔ا۔ فعل لازم۔ عو (۱) ناگوار گزرنا۔ برا لگنا۔ کھٹکنا۔ (۲) رشک آنا۔ حسد ہونا۔ جلن ہونا۔

خاروخس ۔یا۔ خاشاک ۔ف۔ اسم مذکر۔ کوڑا۔ کرکٹ۔ تازہ درات کچرہ +

خار ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) ناگوار گزرنا۔ برا معلوم دینا کھٹکنا (۲) حسد ہونا رشک ہونا۔ جلن ہونا + ؎

چمن میں جب سرے ہمراہ وہ نگار ہوا + گلوں کو داغ ہوا بلبلوں کو خار ہوا (صبا)

خارا ۔ف۔ اسم مذکر۔ سخت پتھر۔ نیلا پتھر۔ سنگ خارا +

خارِج ع۔ صفت۔ باہر۔ نکالا ہوا۔ مخروج۔ مردود۔ نکالا ہوا + دور۔ علیحدہ + علاوہ +

خارج از بحث ع + ف۔ تابع فعل۔ حد سماعت سے باہر سننے کے ناقابل +

خارج از عقل ع + ف۔ اسم مذکر۔ احمق۔ گاؤدی +

خارج قسمت ۔ع۔ اسم مذکر۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت +

خارج کرنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) نکالنا۔ باہر کرنا + جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ (۲۔ قانون) مقدمہ ڈسمس کرنا۔ مقدمہ کو قابل سماعت نہ سمجھنا +

خارج ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) نکلنا۔ باہر ہونا + جدا ہونا (۲) مقدمہ کا ڈسمس ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خار

خارجہ ع۔ اسم مذکر۔ داخلہ کا نقیض۔ باہر کا۔ خارج شدہ جیسے زاویہ خارجہ +

خارجی ع۔ اسم مذکر (۱) خارج از مذہب۔ بے ایمان۔ دین اسلام سے نکلا ہوا (۲) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفۂ برحق نہیں مانتا اور ان سے باغی ہو کر لڑا +

خارش ۔ یا۔ **خارشت** ف۔ اسم مونث (۱) کھجلی۔ چُل۔ کھاج۔ جھانج (۲) ایک سوداوی مرض کا نام جس سے تمام جسم پھل جاتا اور کھجلاتا ہے + حکہ +

خارشاک ف۔ اسم مذکر۔ کوڑا کرکٹ +

خارشتی ف۔ اسم صفت۔ کھجلی والا۔ کھجلی بھرا +

خارشتی کتا مخمل کی جھبول۔ و۔ کہاوت۔ بدصورت بوشش پوشاک آدمی۔ وہ شخص جو جامہ زیب نہواس کہاوت کا مصداق ہے +

خاص ع۔ صفت (۱) عام کا نقیض۔ مخصوص۔ نجی کا۔ ذاتی۔ ذات کا اپنا (۲۔ و) صرف۔ فقط جیسے خاص آپ ہی کی پرورش ہے (۳۔ و) عمدہ۔ منتخب۔ چیدہ (۴۔ و) ٹھیک + ٹھیٹ جیسے خاص اردو یا خاص دہلی کا محاورہ (۲۔ و) منظور نظر۔ مقبول۔ مرغوب۔ پیارا۔ چاہیتا +

خاص بازار ع + ف۔ اسم مذکر (۱) شاہی بازار۔ وہ بازار جو بادشاہ کے درِ دولت کے سامنے ہو۔ وہ بازار جس سے بادشاہ کی اکثر سواری نکلتی ہو (۲) دہلی کے ایک بازار کا نام جو قلعہ معلّے کے دہلی دروازے کی سڑک اور جامع مسجد کا شاہی راستہ تھا +

خاص بردار ع + ف۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کے سپاہی جو بادشاہ یا امیروں کی سواری کے آگے کندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے ہیں + بندوقچی سپاہی۔ تفنگچی +

خاص تحصیل ع۔ اسم مونث۔ حضور تحصیل۔ وہ تحصیل جو حاکم ضلع کے قریب ہو +

خاص تراش ع + ف۔ اسم مذکر۔ امیروں کا حجام۔ بادشاہ اور امیروں کی حجامت بنانے والا۔ نائی +

خاص خاص لوگ ۔ و۔ اسم مذکر۔ ذی عزت اور رئیس آدمی چیدہ چیدہ اشخاص۔ منتخب اشخاص +

خاط

خاصکر ۔ و۔ تابع فعل۔ علی الخصوص۔ بالخصوص۔ خصوصاً۔ اولاً۔ مقدم +

خاص نویس ع + ف۔ اسم مذکر۔ پرائیوٹ سکریٹری۔ ذاتی منشی نجی کا منشی +

خاص و عام ع۔ صفت۔ چھوٹے بڑے۔ امیر و غریب۔ وضیع و شریف۔ تمام۔ سب +

خاصا ۔ و۔ اسم مذکر (۱) خوب۔ اچھا۔ بہت ٹھیک جیسے تو اتنی دور سے خاصا آیا (۲) برائے بھل۔ بیچ کی رس۔ متوسط جیسے خیر خاصا ہے (۳) موزوں۔ سڈول۔ خوشنما +

خاصا رہنا ۔ و۔ صفت۔ خوب رہنا۔ اچھا نکلا +

خاصّہ ۔ و۔ صفت۔ عادت خصلت خو۔ بان +

خاصہ ع۔ صفت (۱) بادشاہوں یا امیروں کا کھانا + ؎

مرا خاصہ جو دھرا ہے وہی کر نوشی جاں
آوے کب گھر سے خدا جانئے کھانا تیرا (رنگین)

(۲) امیروں کی سواری کا گھوڑا۔ بادشاہ کی سواری کا گھوڑا (۳) ایک قسم کے کپڑے کا نام جو سفید سوت کا ہوتا ہے + متوسط کپڑا +

خاصدان ۔ و۔ اسم مذکر۔ گلوریوں کے رکھنے کا ظرف جو گنبد نما ہوتا ہے۔ گلوری داں +

خاصنی ۔ و۔ صفت (۱) اچھی۔ عمدہ۔ بھلی۔ ؎

ہے اجی میری دوگانا کی سجاوٹ خاصی
چمپئی رنگ غضب تس پہ کھچاوٹ خاصی (رنگین)

(۲) بیچ کی رس۔ بڑی نہ بھلی۔ متوسط درجہ کی (۳) امیروں کی بندوق +

خاصی پیاری ۔ و۔ اسم مونث۔ زنخہ۔ زنانہ۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکات و سکنات کرے۔ جان صاحب۔ بی جی۔ بہوجی۔ گرہائی بنوجان +

خاصیت ع۔ اسم مونث (۱) مزاج۔ طبیعت۔ اثر۔ خو۔ بان۔ سیرت خصلت۔ عادت (۲) وصف۔ صفت۔ گن

خاطر ع۔ اسم مونث (۱) وہ جو خطور کرے (۲) دل۔ ہردہ۔ ہیا۔ من۔ (۳۔ و) جگر۔ کلیجہ (۴۔ و) چت۔ دھیان۔ خیال (۵۔ و) قصد و ارادہ (۶۔ و) مرضی۔ خوشی + پاس۔ لحاظ جیسے تمہاری خاطر۔ (۷۔ و) مدارات تواضع۔ آؤ بھگت (۸۔ و) طبیعت۔ مزاج +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خاط

پھر بندھا زلفِ پریشاں کا خیال + پھر پریشاں اپنی خاطر ہوگئی (اسیر)

(۹-ا) لئے۔ واسطے + ے۔

دوگانا نوزنا ہے پر مرے مرتی ہے کس خاطر

بنے ہے دوست جانی کون اپنے جی کے دشمن کا (رنگین)

(۱۰) طرفداری۔ پاسداری۔ جانبہ +

خاطر آزردہ ع + ف۔ صفت۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ دل آزردہ۔ ملول۔ کبیدہ خاطر +

خاطر جمع ع۔ اسم مونث۔ دلجمعی۔ اطمینان۔ طمانیت۔ تسکین۔ تسلی دلجوئی +

خاطر خواہ ع + ف۔ تابع فعل۔ موافق طبع۔ حسب دلخواہ۔ حسب مرضی +

خاطر داری ف۔ اسم مونث۔ آؤ بھگت۔ تواضع۔ مدارات + مسافر پروری۔ مہمان نوازی +

خاطر کرنا ف۔ فعل متعدی (۱) آؤ بھگت کرنا۔ مدارات کرنا (۲) تعظیم و تکریم کرنا (۳) خوشی کرنا۔ مرضی کے موافق کرنا + کہا ماننا + دلجوئی کرنا +

خاطر کی لینا ف۔ فعل متعدی ع۔ طرفداری کرنا۔ پاسداری کرنا خوشامد کرنا جیسے حق حق کہنا خاطر کی نہ لینا یعنی خوشامد نہ کرنا +

خاطر میں آنا ف۔ فعل لازم (۱) خیال میں آنا۔ نظر چڑھنا۔ جچنا (۲) وقعت ہونا۔ عزت ہونا (۳) دل میں گزرنا۔ خطور کرنا (۴) ارادہ ہونا۔ قصد ہونا +

خاطر میں گزرنا ف۔ فعل لازم۔ دلمیں آنا۔ خیال گزرنا +

خاطر میں نہ لانا ف۔ فعل متعدی۔ خیال نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ عزت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا +

خاطر نشان ف۔ اسم مونث ہندی۔ دیکھو خاطر جمع +

خاطر ہونا ف۔ فعل لازم۔ آؤ بھگت ہونا۔ تعظیم و تکریم ہونا۔ مدارات ہونا + ے

چار عضر میں بس اب ٹھیرے لگا کون + چار دن ان کی بھی خاطر ہوگئی (اسیر)

خاقان ت۔ اسم مذکر۔ سلطان۔ بڑا بادشاہ۔ (پہلے چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب ہوا کرتا تھا اب ہر ایک بادشاہ پر اطلاق ہوتا ہے +

خاک ف۔ اسم مونث (۱) مٹی۔ دھول۔ گرد + ے

ظاہر ہوا مجھے یہ بلند مجھ سے سروسے + کرتی ہے کام خاک بھی عالی دماغ کے (آتش)

خاک

(۲-ا) راکھ۔ بھبوت۔ خاکستر۔ بھسم (۳-ا) زمین۔ دھرتی۔ ارض بھوم (۴-ا) کچھ۔ ذرا۔ ہیچ + ے

رنگیں سے جو پیغام و سلام اسنے کیا ہے + سوچو تو ذرا جی میں وہ انسان ہے کیا خاک (رنگین)

(۵-ا) کچھ نہیں بالکل نہیں۔ کیا ہے۔ ے

تربت میر پہ چلے تم دیر + اتنی مدت میں وہاں رہنا کیا خاک (میر تقی)

خاک اڑانا ف۔ فعل متعدی۔ (۱) دھول اڑانا۔ گرد اڑانا (۲) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا (۳) لازم) آوارہ پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا +

خاک اُڑنا ف۔ فعل لازم (۱) دھول اڑنا۔ گرد اڑنا (۲) رسوا ہونا۔ مٹی پلید ہونا (۳-ع-ہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔ اُف ہو جانا۔ (۴) پریشان نظر آنا۔ رونق نہ ہونا جیسے آج تو بازار میں خاک اڑ رہی ہے +

خاک برسنا ف۔ فعل لازم (۱) ریت اڑنا۔ دھول اڑنا (۲) ویرانی برسنا۔

خاک بسر ف۔ صفت۔ پریشان حال۔ خستہ و خراب جیسے دربدر خاک بسر پھرتا ہے +

خاک پھانکنا ف۔ فعل لازم۔ اوّل معلوم۔ دوم آوارہ پھرنا۔ سرگرداں رہنا۔ آوارہ گرد ہونا۔ واہی تباہی پھرنا۔ جھوٹ بولنا۔ بہتان لینا +

خاک تودہ ف۔ اسم مذکر۔ آماجگاہ۔ نشانہ لگانے کا مٹی ڈھیر گیلی مٹی کا وہ تودہ جو تیر کی مشق کرنے کے واسطے بنا لیتے ہیں۔ چاند ماری کا ڈھانچا +

خاک چاٹکر بات کہنا ف۔ فعل متعدی عجز و انکسار ظاہر کر کے کچھ کہنا۔ دعوے کی بات کو عجز کے ساتھ ظاہر کرنا + ے

حسن کی لاف زنی کرتے ہیں وہ چاٹ کے خاک

کب بھلا حسن قبول اس قدر اکسیر میں ہے (ناسخ)

خاک چھانکر کوئی کام کرنا ف۔ فعل متعدی۔ بڑی تلاش اور جستجو سے کوئی بات بہم پہنچانا۔

خاک چھاننا ف۔ فعل متعدی (۱) خوب ڈھونڈنا۔ نہایت تلاش کرنا تجسس کرنا۔ ملک در ملک پھرنا۔ ے

ہوئی یہ بربادِ زندگانی رہی نہ ہستی کی کچھ نشانی

صبا نے ہر چند خاک چھانی نہ ہاتھ شتِ غبار آیا (میر)

(۲) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا (۳) تباہ برباد ہونا +

خاک ڈالنا ف۔ فعل متعدی (۱) دبانا۔ چھپانا مخفی کرنا (۲) توجہ نہ کرنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خاک

خیال نہ کرنا۔ عیب پوشی کرنا + ؎

کیا تعجب ہے چھپائے جو کفن عیبوں کو + خاک شاید مرے اعمال پہ مدفن ڈالے

خاک سر پر اُڑانا - یا - **ڈالنا** - ا۔ فعلِ لازم - ماتم کرنا - رونا پیٹنا + افسوس کرنا +

خاکِ شِفا - ف۔ ع - اسم مونث - شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی خاک + شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک + ؎

اسکتے ہیں لحد میں فرشتے عذاب کے + دیکھیں گے جب کفن میں ہے خاکِ شفا لگی (رند)

خاک سیاہ ہو جانا - ا۔ فعل لازم - عو۔ جلکر خاکستر ہو جانا - راکھ ہو جانا تباہ برباد ہو جانا - پتا نہ رہنا +

خاک کا پتلا - ا۔ اسمِ مذکر - آدمی - مشتِ خاک + ؎

خاک کا پتلا ہے انساں خاک سے پرہیز ہے (مصرع)

خاک کا پیوند ہونا - ا۔ فعل لازم - زمین میں دفن ہونا - خاک میں ملنا - مرنا +

خاک کرنا - ا۔ فعلِ متعدی - جلا کر راکھ کرنا + اجاڑنا - تباہ کرنا + کچھ نکرنا جیسے تمنے کیا خاک کیا - تم کیا خاک کروگے یعنی کچھ نہ کروگے +

خاک لے ڈالنا - ا۔ فعلِ لازم - بار بار جانا - دروازے کی مٹی اڑا دینا - کسی کے گھر کے بست سے پھیرے کرنا + ؎

میکدے کی خاک تک لے ڈالئے یہ دل میں ہے +

کس خرابات کی مٹی اپنی آب و گل میں ہے (لالہ علم)

خاک ملا - ا۔ صفت - عو۔ مری لیا - خانہ خراب - خاکسار - تباہ حال +

خاک میں ملانا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) برباد کرنا - تباہ کرنا - اُجاڑنا بگاڑنا - خراب کرنا - (۲) ہیٹا کرنا - ناپید کرنا - زمین کا پیوند کرنا - پامال کرنے سپرد کرنا جیسے تجھے خاک میں ملاؤں ؟ (عو) +

خاک میں ملجائے - ا۔ کوسنا (عو) مرجائے - گڑ جائے - دفن ہو جائے +

خاک میں ملنا - ا۔ فعلِ لازم - برباد و بے نشان اور ناپید ہونا + ؎

ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر + اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا (میر)

خاک نہیں - ا۔ صفت - کچھ نہیں - ذرا نہیں - بالکل نہیں + ؎

خاک سے کیوں ہے اجتناب ایسا + ایک دن غیرِ خاک خاک نہیں (ناسخ)

خاک ہیں - ا۔ صفت - کچھ نہیں - ذرا نہیں +

خاک ہو جانا - ا۔ فعلِ لازم - گل کر مٹی ہو جانا - بوسیدہ ہو جانا + ؎

ہمنے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن + خاک ہو جائینگے ہم تمکو خبر ہونے تک (غالب)

خاکا - ا۔ اسمِ مذکر (۱) گردہ نقاشاں (۲) خاک کے ذریعہ سے نقشہ وغیرہ کا نشان ڈالنا - ڈھانچا - نقشہ - چربہ +

خاکا اتارنا - ا۔ فعلِ لازم - کچا نقشہ بنانا - مسودہ کرنا - حدود وغیرہ کے خطوط کا نشان ڈالنا +

خاکا اُڑانا - ا۔ فعل لازم (۱) نقل اڑانا - نقشہ کھینچنا (۲) رسوا کرنا - بدنام کرنا نام نکالنا (۳) کسی کی روش اور انداز کو اپنے میں پیدا کرنا - ڈھنگ اڑانا طور سیکھنا - ؎

پھرے تیرے سودے میں سرگشتہ سر + بگولوں کا ہے یار خاکا اڑایا + (لالہ علم)

خاکا کرنا - یا - **بنانا** - ا۔ فعلِ متعدی - نقشہ وغیرہ کا نشان ڈالنا - مسودہ کرنا +

خاکا کھینچنا - ا۔ فعلِ متعدی - نشان ڈالنا - مسودہ کرنا - خاکا اتارنا +

خاکروب - ف - اسم مذکر - جاروب کش - مہتر - چوڑھا - کناس - بھنگی حلال خور +

خاکسار - ف - اسم مذکر - مثل خاک + فروتن - عاجز - پاخاک - آدھین +

خاکساری - ف - اسم مونث - عجز و انکسار - فروتنی - عاجزی غریبی +

خاکستر - ف - اسم مونث - راکھ - جلی ہوئی چیز کی بھبوت + ؎

دل جلوں کی ہوتی بربادی نہ قسمت میں تو کیوں

پھرتی پروانے کی خاکستر سحر اڑتی ہوئی (ظفر)

خاکسی - ا۔ اسم مونث - خوب کلاں - جثہ - ایک نہایت باریک تخم کا نام جو اکثر بخار میں بنارسنہ پھانکا کرتے ہیں - مزا جاگرم تر (یہ لفظ اصل میں خاکشی تھا کیونکہ فارسی میں اسے خاکشی خاکشو اور خاکشری کہتے ہیں)

خاکنائے - ف - اسم مونث - خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے خشکی کے قطعات کو ملائے جیسے خاکنائے پانامہ یا کرایہ (یہ لفظ نائے بمعنے زمین اور خاک بمعنے زمین سے مرکب ہے) -

خاکی - ف - صفت (۱) خاک کا - خاک کی پیدائش + خاک آلودہ - گرد آلود (۲) خاک کے رنگ کا - مٹیالا مٹیلا (۳) - اسم مذکر) وہ پنجابی فوج کے سپاہی جنکو ۱۸۵۷ء کے غدر میں خاکی وردی ملی تھی - کھکے - (۴) فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiya (www.maktabah.org)

خاک

خاکی انڈا ا۔ اسم مذکر۔ وہ انڈا جو مرغی جفتی کے بغیر خاک میں لوٹ کر دے اس انڈے کا بچہ نہیں نکل سکتا ہے (۲۔ صفت) حرامی۔ حرام کا بن باپ کا۔ حرامی موت۔ حرامی تگا۔ حرامی پلا +

خاگینہ ف۔ اسم مذکر (اصل میں خایگینہ تھا مگر ہندوستانیوں نے خاگ بھی انڈا لکھا ہے) پکے ہوئے انڈے۔ انڈوں کا سالن + تلے ہوئے انڈے اور کترا ہوا پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا سالن +

خال ع۔ اسم مذکر (۱) چہرے یا جسم کا خلقی تل وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو اکثر جسم پر ہوتا ہے + ؎

آتا نہیں نظر مسی آلودہ وہ دہن + گویا کہ ہے وہ خال رخ آفتاب کا (وزیر)

(۲۔ ا) دورنگا کبوتر۔ سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر (۳۔ ا) کاجل کا وہ نشان جو معشوق لوگ خوبصورتی یا نظر بد کے دفعیہ کے واسطے چہرے پر لگا لیتے ہیں +

خال خال ا۔ تابع فعل۔ کم کم۔ اکا دکا۔ بعض بعض۔ ٹک ٹک۔ اندک اندک۔ کوئی کوئی +

خالص ع۔ صفت۔ نرمل۔ صاف۔ بے ملاوٹ + اصل + بے غش + کھرا +

خالصہ ع۔ صفت (۱) جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو وہ سرکاری ملک یا زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو سرکاری زمین۔ سرکاری جایداد (۲ پنجاب) ذی عزت سکھ۔ سردار۔ عام سکھ۔ سکھوں کے زمانہ میں سکھوں کی فوج سے مراد تھی۔ حکومت سکھاں جیسے واگرد وا خالصہ۔ واگرو دی فتح +

خالصے لگانا ا۔ فعل متعدی۔ عو۔ اڑانا۔ برباد کرنا۔ بیچ کھوچ ڈالنا۔ اُف کر دینا۔ خاک سیاہ کر دینا +

خالصے لگنا ا۔ فعل لازم۔ عو۔ (۱) ضبط ہونا سے وارثان قرار پا کر سرکاری ملکیت میں داخل ہونا (۲) رائیگاں جانا۔ تلف ہونا۔ ضایع ہونا۔ برباد ہونا +

خالق ع۔ اسم مذکر۔ پیدا کرنے والا۔ کرتار۔ سرجن ہار +

خالو ا۔ اسم مذکر۔ خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا میاں (اصل میں خال عربی زبان میں ماموں کو کہتے ہیں +

خالہ ع۔ اسم مونث۔ مانگی بہن۔ ماؤسی +

خالہ جایا ا۔ اسم مذکر۔ خالہ کا بیٹا۔ موسیرا +

خالہ زاد بھائی ا۔ اسم مذکر۔ خالہ کا بیٹا بھائی۔ خالہ جایا +

خال

خالہ زاد بہن ا۔ اسم مونث۔ خالہ کی بیٹی بہن خالہ جائی +

خالہ جی کا گھر ا۔ صفت۔ کار آسان و سہل۔ اس قلعہ کا فتح کرنا خالہ جی کا گھر نہیں +

خالہ کا گھر ا۔ اسم مذکر (۱) وہ مکان جس پر دعوے ہو سکے۔ دعوے کا مقام۔ نہیں خالہ کا گھر اس میں آئے جب کا جی چاہے (مصرعہ)

(۲) کار آسان و سہل؛

خالہ کی خل بچی اسم مونث (طنزاً یا حقارتاً) خالہ کی بیٹی۔ خالہ جائی +

خالہ کی مہمانی ہاتھ ڈال پچتانی ا۔ (کہاوت) غیر جگہ کی دست اندازی میں افسوس ہی افسوس ہوتا ہے +

خالی ع۔ صفت (۱) بھرا کا نقیض۔ رتیا۔ تہی + کھوکلا۔ مجوف (۲۔ ا) حرف فقط۔ اکیلا۔ تنہا۔ (۳۔ ا) بیکار۔ نکما۔ جیسے خالی پھرتا ہے (۴۔ ا) بے روزگار + معطل (۵) بید خل۔ غیر مقبوضہ + غیر آباد۔ سونا (۶۔ اسم مذکر۔ عو) ذی قعدہ۔ مسلمان عورتوں کے چاند کا گیارھواں مہینا۔ ؎

کر گیا ہے مری آغوش کو جاناں خالی + اس مہینے کو بجا کہتے ہیں انسان خالی (ناسخ)

(چونکہ ذی قعدہ کے معنے صاحب قیام ہے اور اہل عرب اس مہینے کو جنگ و جدل سے خالی رکھکر اپنے گھروں میں بیٹھ جایا کرتے تھے اس مناسبت سے نور جہان نے اسکا نام خالی رکھ دیا اور یہاں تک اس لفظ کا اثر ہوا کہ اس مہینے میں شادی کی رسمیں بھی اداہونی موقوف ہو گئیں اور اسے منحوس خیال کرنے لگے) +

خالی خریطی پوری فضیحتی ا۔ کہاوت۔ جب آدمی کی جیب میں کچھ نہیں ہوتا تو بھگڑا ہی رہتا ہے +

خالی جانا ا۔ فعل لازم۔ نشانہ پر نہ بیٹھنا۔ حربے کا بیکار جانا۔ حریف کے گدکا نہ لگنا + بندوق کا خطا کرنا۔ گولی نہ لگنا + ؎

خالی گئی جو یار کی بندوق صید پر + شیروں پہ نیستاں سے ہزاروں فل چلے (بحر)

خالی دینا ا۔ فعل متعدی۔ حریف کی ضرب نہ کھانا۔ حریف کے حربہ یا وار کو بچا جانا۔ توڑ کرنا +

خالی کا چاند یا۔ مہینا۔ ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ ماہ ذیقعدہ۔ قمری گیارھواں مہینا +

خالی کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) رتیا کرنا۔ انڈیلنا۔ نکالنا۔ انجیلنا۔ تہی کرنا۔ (۲) بندوق چھوڑنا (۳) مکان سے قبضہ یا اسباب اٹھانا +

خالی ہاتھ ا۔ صفت (۱) مفلس۔ نادار۔ تہیدست (۲) بن چیزلئے۔ رتیا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خام

بغیر اٹھائی جیسے انکے گھر خالی ہاتھ کیا جاؤں ✦

خام ف۔ صفت (۱) کچا۔ ناپختہ ✦ کچا چمڑا (۲) خالص ✦ کھرا جیسے عنبر خام وسیم خام (۳۔۱) بودا۔ کمزور (۴۔۱) ناتجربہ کار۔ پختہ کار کے خلاف جیسے خام کو کام سکھا لیتا ہے (۵۔۱) بند۔ سر بستہ جیسے مٹھ خام کرنا ✦

خام پارہ یا۔ خمیارہ۔ ا۔ صفت (۱) کچی ٹوٹی ہوئی پھنسال ✦ بھلبھلائی بھجلو (۲ ف) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے گردہ۔ اور ریکلہ بھی کہتے ہیں ✦

خام خیالی ف۔ اسم مونث۔ گمان غلط۔ غلط خیالی۔ جھوٹا خیال۔ وہم ✦

خام کرنا ا۔ فعل متعدی۔ بند کرنا۔ آٹا گاگر۔ ناندی کا منہ بند کرنا ✦

خاموش ف۔ صفت چپ۔ ساکت۔ دہم ✦

خاموشی ف۔ اسم مونث۔ سکوت چپ ✦

خامہ ف۔ اسم مذکر۔ قلم۔ کلک۔ لیکھنی ✦

خامی ف۔ اسم مونث۔ کچا پن۔ ناپختگی ✦ ناتجربہ کاری ✦ نقص کمی ✦

خان ف۔ اسم مذکر (۱) پہلے یہ شاہانِ تاتار کا لقب تھا مگر اب ہر ایک سردار رئیس اور امیر کا لقب ہو گیا (۲) پٹھانوں کا لقب ✦ ڈوم اور خانساماں کا خطاب ✦

خان بہادر ف۔ صفت۔ وہ عزت کا خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے کسی صلہ میں یا عہدہ کے لحاظ سے دیا جائے ✦

خانخاناں ت۔ اسم مذکر۔ صحیح خانِ خاناں (۱) سرداروں کا سردار۔ امیروں کا امیر (۲) عبدالرحیم بن بیرم خاں بن سیف الدین علی خاں کا خطابی عرف۔ یہ خطاب ان کے باپ دادا سے چلا آتا ہے۔ کچھ آج کا نہیں ہے۔ جس طرح ان کے باپ بیرم خاں نے ہمایون اور اکبر کے وقت میں جان نثاریاں دکھا کر خطاب خانخاناں حاصل کیا تھا اسی طرح ان کے جد امجد نے جنہیں شاہ اسمٰعیل نے ماوراءالنہر کی لڑائی میں بابر بادشاہ کی کمک کو بھیجا تھا۔ بہت بڑا خطاب بہم پہنچایا تھا ✦

عبدالرحیم خان خاناں قوم کے ترکمان۔ دل کے فیاض علوم مختلفہ کے ماہر کامل تھے۔ ۴ صفر ۹۶۴ھ میں بمقام لاہور پیدا ہوئے ۲۱ جلوس جہانگیری مطابق ۱۰۳۶ھ میں اس دنیائے ناپایدار کی ۷۲ برس ہوا کھا کر نیک نامی کے ساتھ رہگرائے عالم بقا ہوئے اور اپنی بیوی کے مقبرہ میں جو حرمسرا کے پاس جانب جنوب اب تک گنجی گنبد کے نام سے مشہور ہے دفن کئے گئے۔ ان کے والد بیرم خاں خانخاناں

خان

کو ہمایون کے عہد میں بہت بڑا عروج تھا۔ تمام مہمات سلطنت کے وہی مدار المہام تھے۔ عبدالرحیم خاں خانخاناں اکبر کے وقت میں بہت معزز رہے۔ سپہ سالاری اور صدارت کے مرتبہ تک پہنچے البتہ جہانگیری عہد میں کبھی عزت سے کبھی ذلت سے بسر ہوئی۔ قابلیت اور استعداد میں اپنا نظیر نہ رکھتے تھے۔ انہیں علوم عقلی و نقلی سے بہرہ کافی اور نصیب وافی حاصل تھا۔ عربی۔ ترکی۔ فارسی۔ سندھی۔ ہندی اور سنسکرت میں بہت بڑا دخل رکھتے تھے ترک بابری کا فارسی ترجمہ عبدالرحیم خاں خانخاناں ہی نے کیا ہے۔ پانچوں زبانوں میں شعر بھی قابل داد کہتے اور رحیم تخلص کرتے تھے۔ سنسکرت کے اشلوک اب تک پنڈتوں کی زبان پر بطور تمثیل فخریہ چڑھے ہوئے ہیں۔ سنسکرت سے گیتا کا فارسی ترجمہ آپ ہی نے کیا ہے۔ شجاعت و مروت کو ان کی ذات پر فخر تھا۔ سان کے خاندانی کارناموں سے تاریخیں بھری ہوئی ہیں۔ ہمایون اور اکبر کو ہند کی سلطنت انہیں دونوں باپ بیٹوں کی بدولت میسر ہوئی۔ دونوں کے دونوں اپنے زمانہ کے اسفندیار اور رستم نامدار تھے۔ عبدالرحیم خاں خلق اللہ کی حاجت روائی اور جود و سخا میں معنِ عرب اور حاتم یمن سے کسی طرح کم نہ تھے جس وقت انکے پدر بزرگوار احمد آباد گجرات میں شہید ہوئے اس وقت اس دُرِ یتیم کی عمر صرف چار برس کی تھی۔ اعتماد خاں حاکم گجرات نے اس ہوشیار یتیم کو بحفاظت تمام اکبر بادشاہ کے حضور میں پہنچا دیا۔ اکبر نے ان کے والد ماجد کی خدمات پر خیال فرما کر عبدالرحیم خاں کی تعلیم و تربیت میں کچھ کسر باقی نہ رکھی۔ انہوں نے بھی وہ ترقی کی کہ فنونِ جنگ میں شہزادہ سلیم کے اتالیق مقرر ہو گئے ✦

عبدالرحیم خاں خود بھی شاعر تھے اور ارباب سخن اور اہل کمال کی قدر بھی حد سے زیادہ کرتے تھے ان کی قدر دانی نے ایران کے اکثر اہل کمال کو ادھر دھر گھسیٹا جو آیا وہی خانخاناں کی سرکار میں بھرتی ہو گیا ✦

رؤسائے ملک اور وزرائے سلطنت کیا کہ سلاطین ہند کے پاس بھی اس قدر اہل جوہر مجتمع نہ تھے ✦

خانخاناں نے جس شاعر کو انعام دیا بورے اور گونیں بھر کر ہی دیا توڑوں اور تھیلوں کا نام تک نہ کرنے دیا چنانچہ فیضی نے اس جینوائک فیاضی کو دیکھ کر خانخاں کی شان میں یہ قطعہ موزون کیا ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خان

خانخاناں عہد کا نعماش ✦ طبع را رخصت شگفتن داد (فیضی)
داشت چوں اعمام دبر شعرا ✦ صلہ بیش از پیش گفتن داد

کہتے ہیں ایک مرتبہ ایک قصیدے کے صلہ میں ملا حیاتی کو خزانہ میں لیجا کر کھڑا کر دیا اور کہا کہ جس قدر اشرفیاں اٹھا سکو پوٹ باندھ کر لے جاؤ چنانچہ جس قدر وہ اٹھا سکا گٹھری باندھ کر لے گیا۔ اسی طرح ایک دفعہ ملا عرفی کو ایک قصیدے کے صلہ میں ستر ہزار روپے مرحمت فرمائے غرض حیاتی۔ عرفی۔ ظہوری۔ ملک قمی۔ شکیبی۔ سوبر قلی۔ میر منیث ملا عرفی ملا محمد رضا۔ ملا محمد مومن۔ ملا نظیری وغیرہ میں سے کوئی ایسا نہیں جس نے انعام وافرہ نہ پایا ہو ✦

عبدالرحیم خاں جس وضیع و شریف کو تنگدست سنتے اس کی گھر بیٹھے دعوت کر دیتے اور جب پلاؤ زردہ بھیجتے تو پلاؤ کے قابوں میں سفید سفید بیض نورانی کے چھلے اور زردے کے طباقوں میں زردیاں بھر دیتے اصل تر مال یہی تھا کہ اوپر چاول اور اندر دولت ہوتی تھی چنانچہ آجتک مشہور ہے کہ نواب خانخاناں جن کے کھانے میں بٹیر خانہ۔ ایک یہی نہیں بلکہ انکا دارغہ فہیم جو ایک خانہ زاد تھا وہ بھی دریا دل اور بڑا نیک نہاد تھا چنانچہ اسکی نسبت بھی اب تک زبان زد خلائق ہے کہ کہا دیں میاں خانخاناں اُدھر میاں فہیم نقل ہے کہ ایک دفعہ کوئی شخص نہایت پریشانی و حیرانی کی حالت میں آپ ہی آپ دل سے باتیں کرتا اور ہائے رے تقدیر کا کا نعرہ مارتا چلا جاتا تھا۔ اثنائے راہ میں ایک اس کا دوست مل گیا جسنے اس حیرانی و پریشانی کا سبب پوچھا اسنے کہا کہ یار کیا پوچھتے ہو۔ درد بے درمان نے مار لیا سچ ہے۔ جوں نیست عشق ٹیں نیں۔ ایک سہ پارہ پر دل اگر ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ اس کا باپ ایک لاکھ کا طالب ہے ہم اس بے نوری کے ہاتھوں مغلوب اور وہ غالب ہے۔ اس دنیا میں اپنا رہنا نظر نہیں آتا اس کے دوست نے کہا کیوں گھبراتا ہے اگر تجھ میں ذرا بھی عقل اور قابلیت ہے تو اس عقدہ کا شکل کشا موجود ہے۔ اس درد کی دوا جیسی شکل ہے ویسے ہی آسان بھی ہو سکتی ہے ترکیب میں بتائے دیتا ہوں عمل کر نا ئیر اکام ہے آپ کچھ نظم کچھ نثر جمع کر کے نواب خانخاناں کے پاس پہنچیں جو کچھ بیت رہی ہے بے کم و کاست راست راست کہدیں اگر کام نہ بنے تو ہمارا ذمہ۔ وہ سرکاڑی پاؤں پیٹے بنا کر جھٹ پہنچا۔ اپنا تمام حال بیان کر کے خاتمہ پر یہ مقطع کا شعر پڑھ دیا ✦ ؎ گر جاں طلبد مضایقہ نیست ور زر طلبد

خان

سخن دراین است ✦ خانخاناں مسکرائے اور پوچھا ایسا کتنا روپیہ مانگتی ہے اسنے عرض کیا اجی حضرت ایک لاکھ جو بیری پیٹھیوں میں بھی کسی نے نہ دیکھا ہوگا۔ اگر اس کے ساتھ روپیہ کا لفظ اس کا باپ نہ لگاتا تو دم بھر میں سیروں لاکھ اٹھی کر دیتا حکم دیا ایک لاکھ وہ جو اس کے خسر کے گھر چھپائینگے اور چھپے ہزار اور اس عاشق زار کے ارمان نکالنے کے واسطے ہماری طرف سے دیدو۔ اسی طرح ایک دفعہ آپ خاصہ نوش فرما رہے تھے ایک فلک وہ امیر زادہ جو کھانا کھلانے پر نوکر تھا اپنا اگلا وقت یاد کر کے آنکھوں میں آنسو بھر لایا۔ خانخاناں نے دیکھ لیا پوچھا جان و مال کی خیر تو ہے اس لفظ سے وہ اور بھی قابو سے باہر ہو گیا اور عرض کیا کہ حضور کبھی ہم بھی اپنے گھر کے امیر تھے۔ اسی طرح ہمارا بھی دسترخوان بچھا کرتا تھا۔ وہ زمانہ آنکھوں کے آگے پھر گیا۔ صرف یہی وجہ آنسو بھر لانے کی تھی۔ خانخاناں نے استخانہ دریافت کیا کیا بھلا مچھلی میں کیا چیز مزیدار ہے اسنے جواب دیا پوست ماہی پھر خانخاناں نے کہا کہ مرغ میں کیا گزارش کیا وہی پوست مرغ۔ اُس نے جان لیا کہ درحقیقت امیر زادہ ہے۔ اس قدر دیا کہ پھر اپنی اصلی حالت پر آگیا۔ ایک دوسرے خدمتگار نے جو دیکھا کہ ہمارا ساتھی اس ترکیب سے مالا مال ہو گیا تو وہ بھی ایک روز اس سے زیادہ رو پڑا اور وہی کیفیت بیان کی خانخاناں تاڑ گیا کہ یہ فریبی ہے پوچھا بھینس میں کیا چیز مزے کی ہوتی ہے۔ اس نے کہا کہ حضور اس کا چمڑا۔ خانخاناں نے کہا اور گائے میں جواب دیا وہی پوست گاؤ۔ نواب صاحب نے فرمایا ؎ بس جی بس معلوم شد با فندگی با فندگی اور اسے کچھ بھی نہ دیا۔ صرف روٹیاں کھاتا۔ تنخواہ پاتا اور دل بہلاتا رہا۔ اسی طرح ایک گھٹکے کا قصہ مشہور ہے جسے بخوف طوالت قلم انداز کیا جاتا ہے ملا عبدالباقی نے ایک کتاب مآثر رحیمی نواب ممدوح کے مناقب میں لکھی ہے اور اچھی کہی ہے گویا حق نمک ادا کر دیا ہے۔ اس خانخاناں کے دیوان خانہ میں سیکڑوں من گلاب روز چھڑکا جاتا تھا یا آج اس کے قبر پر گائے بھینسوں کے بندھنے سے تعفن کے مارے ناک نہیں دی جاتی زمانہ کا انقلاب اور حیات مستعار کا سراب قابل عبرت ہے ✦

خاندان ف۔ اسم مذکر (۱) گوت گھرانا۔ بنس۔ پروار۔ نسل۔ ؎ گو خاکسار خلق ہیں رتبہ بلند ہے ✦ سید ہیں خاندان ہمارا بلند ہے (رند)
(۲) کنبہ قبیلہ ✦

ہ تبطانہ۔ بطن سے ماخوذ ہے چنانچہ پگڑی کا بطانہ وہ ہے جو پگڑی کے پیٹ میں رہتا ہے اس کا ٹھیک ترجمہ پیٹو ہے ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خان

خاندانی ف۔ صفت۔ نسبی۔ جسے عمدہ نسل کا۔ اچھے پروار کا۔ قدیمی شریف۔ قدیمی رئیس۔

خانساماں ف۔ اسم مذکر۔ (۱) گھر کا سامان کرنے والا۔ داروغہ بیمیر سامان۔ ناظر بیوتات (۲) صاحب لوگوں کو کھانا کھلانے والا۔ خدمتگار میز لگانے اور میز پر جانے والا۔

خانقاہ معرب۔ اسم مونث (مرکب از خانہ+گاہ) درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔ امام باڑا۔

آیا نہ لطف نشہ مئے کچھ مگر کہیں ہم رات جس میں تھی وہ کوئی خانقاہ تھی (سالک)

خانگی ف۔ صفت (۱) متعلق بہ خانہ۔ گھریلو۔ گھر کا (۲-۱) بنج کا مذاتی۔ خاص۔ اپنا۔ (۳-۱) چھپولں کسب کرانے والی پردہ نشین عورت جو گھر بیٹھے کسب کرائے۔

دنیا سی خانگی کوئی ہوگی نہ بیسوا شوہر سے اپنے رہتے نہ دیکھی یہ زن ستمگر آتش

خانگی جھگڑا ا۔ اسم مذکر۔ خاندانی فساد۔ اندرون خانہ کی ناچاقی۔ آپس کا جھگڑا۔ آپس کی تکرار۔

خانم ف۔ اسم مونث۔ (۱) اعلےٰ خاندان کی عورتوں کا لقب۔ امیرزادی بیگم۔ بیوی۔ تانیث خان (۲-۱) وہ عورت جو قوم کی چوہدرانی ہو۔

خانمان ف۔ اسم مذکر۔ مرکب از خان (بمعنی مان) گھر کا اسباب۔ اثاث البیت۔ اثاثہ۔

خانماں خراب ف۔ صفت۔ تباہ۔ برباد۔

خانوادہ ف۔ اسم مذکر۔ مرکب از خان (بمعنی دادہ) خاندان۔ مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے اُن کو توسل ہو۔ فقرا کا سلسلہ۔ ایک گھر کے لوگ۔ ایک بزرگ کی اولاد۔ ایک خاندان کے آدمی۔

خانہ ف۔ اسم مذکر (۱) گھر۔ مکان۔ حویلی (۲-۱) کبوتروں یا مرغیوں کے رہنے کا ڈربا۔ کابک۔ آشیانہ۔ گھونسلا (۳-۱) صندوقچہ کے اندر کا گھر۔ شطرنج یا چوسر وغیرہ کا وہ مربع نشان جس میں مہرہ یا مہرہ کو بٹھاتے ہیں۔ مہرہ کا گھر۔ نرد کا مقام (۴-۱-ع) پیٹ۔ شکم۔ (جیسے خانہ کا خراب یا ماں کا ایک ہونا یعنی ماں کے پیٹ کا فرق یا ایک شکم کی اولاد ہونا) (۵) کوہ شریفہ وغیرہ کے اندر کا گھر (۶) کسی چیز کے رکھنے کا گھر جیسے گھڑی کا خانہ۔ آئینہ کا خانہ وغیرہ۔

خانہ آباد ف۔ کلمہ دعا۔ (۱) بھرا پرا گھر۔ معمور گھر۔ گھر بھرا رہے جیسے خانہ آباد دولت زیادہ (۲) خوش۔ آنند۔ مسرور۔

خان

خانہ آباد دولت زیادہ ف۔ دعا۔ دولت وافر اور گھر معمور۔ تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش۔

خانہ باغ ف۔ اسم مذکر۔ حدیقہ۔ بستان سرا۔ وہ باغ جو چار دیواری اندر ہو۔

دل پر داغ کی یہی ہے بہار دیکھئے خانہ باغ کس کا ہے (صبا)

خانہ بدوش ف۔ صفت۔ آوارہ۔ پریشان۔ وہ شخص جو ایک جگہ گھر بسا کر نہ رہے۔ بادیہ گرد۔ گھر کو ساتھ لے کے پھرنے والا۔ وہ قوم یا آدمی جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو جیسے کنجر۔ سپیرے یا تاتار کی بعض قومیں جیسے قلماق۔ گرجی وغیرہ۔

خانہ بربادی ف۔ اسم مونث۔ گھر یا خاندان کی تباہی (کسی سرپرست یا بیوی کے مرجانے پر زیادہ کہتے ہیں)۔

خانہ پُری ا۔ اسم مونث۔ نقشہ بھرنا۔ سرکاری مقررہ نقشوں کو پر کرنا جیسے پولیس کی کارروائی صرف خانہ پری پر موقوف ہے۔

خانہ جنگ ف۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو ادنےٰ ادنےٰ باتوں پر آپس میں لڑنے اور فساد کرنے کھڑا ہو جائے۔ گھر میں لڑائی رکھنے والا۔

خانہ جنگی ف۔ اسم مونث۔ ذرا ذرا بات کی باہمی لڑائی۔ دنگا۔ فساد۔ جھگڑا گھر کی لڑائی۔ آپس کی لڑائی۔

خانہ خانہ ف۔ تابع فعل۔ ڈبے ڈبے۔ مرغیوں یا کبوتروں کو اس آواز سے بند کیا کرتے ہیں۔

خانہ خدا ف۔ اسم مذکر۔ معبد۔ عبادتگاہ۔ صومعہ۔ مسجد۔ مندر۔ شوالا۔

خانہ خراب ف۔ اسم مذکر (۱) آوارہ گرد۔ ہرجائی۔ اوانواں ڈول پھرنے والا۔ بدوضع۔ خانہ سیاہ (۲) اجڑا۔ تباہ۔ ویران۔ نشٹ۔ خراب وخستہ۔ برباد۔

خانہ خرابی ف۔ اسم مونث۔ ناس۔ ستیاناس۔ تخریب۔ خانہ ویرانی۔ بربادی۔

خانہ خرابیاں دل بیمار غم کی دیکھ وہ ہی دوا خراب ہے جو خانہ ساز ہے (ذوق)

خانہ خمار ف۔ مرع۔ اسم مذکر۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ بھٹی۔ خرابات

خانہ داری ف۔ اسم مونث۔ گھر کے معاملات۔ انتظام خانہ۔ گھر بار کا کام کاج۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خان

خانہ داماد ـف۔ اسم مذکر۔ گھر داماد۔ داماد کو۔ فرزندی میں لیکر اپنے ہی گھر رکھنا۔

خانہ زاد ـف۔ اسم مذکر۔ گھر کا پیدا شدہ غلام لونڈی کا بچہ۔ پرستار زادہ۔

خانہ ساز ـف۔ صفت (۱) مکان بنانے والا۔ معمار (۲) گھر کی بنی ہوئی دوا۔

خانہ شماری ـف۔ اسم مونث۔ گھروں اور مکانوں یا آدمیوں کا شمار کرنا۔ مردم شماری۔

خانہ نشین ـف۔ صفت (۱) گھر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔ پردہ نشین۔ (۲) بیکار۔ معطل۔ بے نوکر۔

خاوند ـف۔ اسم مذکر۔ آقا۔ مالک۔ صاحب۔ صاحب خانہ۔ میاں خصم۔ شوہر۔ گھر والا۔

خاوند سلامت ـف۔ع۔ کلمہ دعا۔ خداوند نعمت۔ جناب عالی۔ حضرت سلامت۔

خاوند کرنا ـو۔ فعل متعدی۔ عورت کا اپنے آپ شوہر کر لینا۔ نکاح کرنا۔ اوڑھنا ڈلوانا۔

خاوندی ـف۔ اسم مونث۔ بندہ نوازی۔ بندہ پروری۔ پرورش مہربانی۔ عنایت۔

خائف ـع۔ اسم مذکر۔ ترساں۔ ڈرنے والا۔ ڈرپوک۔ اندیشہ کرنیوالا۔

خائن ـع۔ اسم مذکر۔ بددیانت۔ خیانت کرنے والا۔

خایہ ـف۔ اسم مذکر (۱) بیضہ۔ انڈا (۲) خصیہ۔ فوطہ۔ آنڈ۔ (۳) ـو عضو تناسل۔ ذکر۔ قضیب (گالی کے موقعہ پر اس معنی میں بولتے ہیں)

خایہ باشد ہونا ـو۔ فعل لازم (بازاری) خاک میں ملجانا۔ برباد جانا۔ جاتا رہنا۔ غایب ہوجانا۔ چلدینا۔

خایہ بردار ـو۔ اسم مذکر (بازاری) خوشامدی۔ چاپلوس۔ للو پتو کرنے والا۔ جھوٹے سہلانے والا۔

خباثت ـع۔ اسم مونث (۱) پلیدی۔ ناپاکی۔ گندا پن۔ گندگی (۲) بدباطنی۔ شرارت۔

خبث ـع۔ اسم مذکر۔ پلیدی۔ گندگی۔ بدباطنی۔

خبر ـع۔ اسم مونث (۱) آگاہی۔ واقفیت۔ اطلاع (۲) سندیسا۔ پاتی۔

خبر

پیغام۔ پیام (۳) افواہ۔ شہرت (۴) حدیث نبوی (۵) ـو پتا نشان سراغ جیسے اس کی بھی کہیں خبر ہے۔

میں ہی کچھ ڈوبا نہیں دریائے مے میں سا تیا
کتنے مے کی بھی خبر لینے گئی ہے تھاہ کی (ناسخ)

(۶) ـو سناونی۔ خبر مرگ۔ ناعی (۷) ـو ہوش۔ ادسان۔ سمجھ۔ عقل سدھ بدھ جیسے اُسے اپنی بھی خبر نہیں۔ ع

کس کی خبر کہوں مجھے اپنی خبر نہیں

خبر پڑنا ـو۔ فعل لازم۔ معلوم پڑنا۔ حقیقت کھلنا۔ اصلیت ظاہر ہونا۔ سمجھ میں آنا مفہوم ہونا۔

خبر آنا ـو۔ فعل لازم۔ اطلاع آنا۔ سناونی آنا۔

خبر اڑانا ـو۔ فعل متعدی۔ افواہ اڑانا۔ جھوٹی بات مشہور کرنا۔ ادائی اُڑانا۔

خبر اڑنا ـو۔ فعل لازم۔ افواہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ بات پھیلنا۔ چرچا ہونا۔

خبر پہنچانا ـو۔ فعل متعدی۔ اطلاع کرنا۔ مطلع کرنا۔ آگاہی بخشنا۔

خبر جانا ـو۔ فعل لازم۔ اطلاع جانا۔ تار جانا۔

خبردار ـف۔ صفت (۱) واقف الحال۔ واقفکار۔ آگاہ (۲) ہوشیار۔ چوکس۔ چوکنا (۳) اسم مذکر (خبر رساں۔ مخبر۔ جاسوس (۴) حرف تنبیہ) زنہار۔ ہگز جیسے خبردار یہ کام نہ کرنا۔

خبردار کرنا ـو۔ فعل متعدی۔ جتانا۔ مطلع کرنا۔

خبردار ہونا ـو۔ فعل لازم۔ واقف ہونا۔ ہوشیار ہونا۔

خبرداری ـف۔ اسم مونث۔ نگہبانی۔ ہوشیاری۔ احتیاط۔ حزم۔

خبرداری کرنا ـو۔ فعل متعدی۔ احتیاط کرنا۔ نگرانی کرنا۔ حفاظت کرنا

خبر دہندہ ـف۔ اسم مذکر۔ جاسوس۔ مخبر۔

خبر دینا ـو۔ فعل متعدی۔ اطلاع دینا۔ آگاہ کرنا۔

خبر رساں ـو۔ اسم مذکر۔ قاصد۔ دوت۔ پیغامبر۔ نامہ بر۔ پیامبر۔ سندیسا لیجانے والا۔ ہرکارہ۔ پیک۔

خبر رکھنا ـو۔ فعل لازم۔ واقف ہونا۔ خیال رکھنا۔

خبر کو بھیجنا ـو۔ فعل متعدی۔ بیمار پرسی۔ یا مزاج پرسی کے واسطے بھیجنا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خبر

خبر کو زناخے کے بھیجا تھا مینے گیا اور کے گھر دوانا رونا (زنگین)
خبر گیر۔ف۔اسم مذکر (۱) سپاہی۔جاسوس (۲) نگہبان۔محافظ۔
(۳) مسلوک ہونے والا۔دانا پانی کا خیال رکھنے والا + دستگیر
معاون +
خبر گیری۔ا۔اسم مونث (۱) دیکھو (خبرداری) (۲) دستگیری۔مدد۔
معاونت۔سلوک +
خبر لانا۔ا۔فعل متعدی۔پتا لگانا۔سراغ نکالنا +
خبر لگانا۔ا۔فعل متعدی پتا لگانا۔سراغ لگانا۔ٹھکانا دریافت کرنا +
خبر لینا۔ا۔فعل متعدی (۱) دستگیری کرنا۔مسلوک ہونا (۲) پوچھنا
حال پرسی کرنا۔دریافت کرنا (۳) دیکھنا۔نظر رکھنا۔نگرانی کرنا (۴)
مارنا۔پیٹنا۔سزا دینا۔بدلا لینا۔ٹھیک بنانا۔درست کرنا۔مزا چکھانا +
معلوم نہیں کل مری تقدیر میں کیا ہے + لے نالہ دل عالم بالا کی خبر آج (نامعلوم)
خبر لینے والا۔ا۔اسم مذکر (۱) پتا لگانے والا۔(۲) حامی۔مددگار۔
دستگیر +
خبر نہ ہونا۔ا۔فعل لازم (۱) اطلاع کا نہونا + واقف نہونا (۲) خاموش
رہنا۔گھنی سادھنا۔چپ لگانا (۳) روا نکرنا۔خیال نکرنا۔دلپر نہ لانا۔
(۴) ہوش نہ آنا۔غوطہ میں رہنا +
خبر ہونا۔ا۔فعل لازم۔معلوم ہونا۔واقف ہونا + اطلاع ہونا۔شہرت
ہونا +
خبیر۔ع۔صفت (۱) خبر دینے والا۔اطلاع پہنچانے والا (۲) واقف۔جاننے
والا۔دانا۔(۳) خدا تعالے کا صفاتی نام۔علیم۔عالم الغیب +
خبط۔ع۔اسم مذکر۔لغوی معنی عقل کا جنوں کے ساتھ آمیز ہونا۔جنون۔
سڑپن۔دیوانگی۔سودا +
خبط اچھلنا۔ا۔فعل لازم۔خفقان ہونا۔جنون ہونا۔سودا ہونا۔دل
چل جانا +
خبطی۔ع۔اسم مذکر۔دیوانہ۔مجنوں۔پاگل۔باؤلا۔سودائی۔بیوقوف +
حواس باختہ۔بدحواس +
خبیث۔ع۔اسم مذکر (۱) پلید۔ناپاک۔نجس۔گندا (۲۔۱) شریر۔
بدباطن +
خنگ۔ا۔اسم مذکر۔خنکا کی تصغیر (۱) سونٹا + ٹملوا۔گدکا (۲۔۱) انگوٹھا

خدا

ٹھینگا (ظاہر اگنکہ میں تصرف کر لیا ہے) +
خنکا۔ا۔اسم مذکر۔سونٹا + ٹملوا۔گدکا (۲۔۱) انگوٹھا + ٹھینگا + (دکنکہ میں
تصرف کر لیا ہے)
ختم۔ع۔اسم مذکر (۱) انت۔اخیر۔انجام۔انتہا۔تمام۔مکمل۔اتمام (۲)
قرآن شریف کے تمام ہونے کی رسم (۳) فاتحہ۔قل۔نذر۔نیاز +
ختم کرنا۔ا۔فعل متعدی (۱) تمام کرنا۔پورا کرنا۔انجام کو پہنچانا + نبیڑنا۔
سمیٹنا۔نمٹانا (۲) فاتحہ دلوانا۔نیاز دلوانا (۳) قرآن شریف کو تمام کرنا +
ختم ہونا۔ا۔فعل لازم۔ہو چکنا۔تمام ہونا۔انجام کو پہنچنا۔نبڑنا + فاتحہ
ہونا۔نیاز ہونا۔قرآن شریف پورا ہونا +
ختنہ۔ع۔اسم مذکر۔سنت۔مسلمانوں کی ایک رسم جس میں بچہ کے عضو
تناسل کا زاید چمڑا کاٹا جاتا ہے +
خجالت۔ع۔اسم مونث۔شرمندگی۔حیا۔لاج۔شرم۔ندامت۔
انفعال۔تشویر۔غیرت +
خجستہ۔ف۔صفت۔مبارک۔فرخندہ۔ہمایون +
خچر۔ا۔اسم مذکر۔استر۔وہ دوغلا جانور جو خر نر اور اسب مادہ سے
پیدا ہو +
خدا۔ف۔اسم مذکر۔خود ہی آنے اور موجود ہونے والا۔واجب الوجود
اگ۔اللہ۔خداوند۔مالک۔صاحب۔آقا۔بھگوان۔پرمیشر
نارائن۔جگدیس +
خدا اٹھالے۔ا۔دعائے بد۔خدا فنا کرے۔موت آجائے خدا
مار ڈالے +
خدا اس کا سہرا دکھائے۔ا۔دعا عو۔خدا اس کا بیاہ دکھائے
خدا اسکو دولہا بنا کر دکھائے +
خدا بخشے۔ا۔دعائے مغفرت۔جب کسی مردہ کا ذکر کرتے ہیں تو پہلے
یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں + ؎
خدا بخشے وہ کیکے مجھکو اکثر یاد کرتے ہیں + دعائے مغفرت میرے لئے جلاد کرتے ہیں (آتش)
خدا پر چھوڑ دینا۔ا۔فعل متعدی۔خدا پر بھروسا کر کے بیمار کا علاج
ترک کر دینا۔توکل پر بیٹھنا +
خدا پر رہنا۔ا۔فعل لازم۔توکل پر رہنا۔خدا کا بھروسا کرنا + خدا کی صفات
پر تکیہ کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خدا پرست ف۔ صفت۔ زاہد۔ عابد۔ بھگت۔ خدا کو پوجنے والا۔ حق پرست +

خدا ترس ف۔ صفت۔ رحمدل۔ دیانت +

خدا جانے ا۔ تابع فعل۔ کچھ معلوم نہیں۔ مجھے خبر نہیں۔ خدا کو خبر ہے۔ الغیب عند اللہ۔ واللہ اعلم + ؎

پتا اس کا تجھے کیونکر بتاؤں + خدا جانے وہ ہرجائی کہاں ہے۔ ؎

دل اک بت پہ شیدا ہو لیا ہے + خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے (ناسخ)

خدا جواب دے ا۔ فقرہ۔ خدا سمجھے۔ خدا سزا دے +

خدا چاہے ا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ خدا کی مرضی ہوئی تو۔ خدا کی رضا ہو تو +

خدا حافظ ف + ع۔ (ایک کلمہ دعا جو رخصت ہوتے وقت ایک دوسرے کو کہتا ہے) یعنی خدا کی حفاظت میں تم کو چھوڑا۔ اللہ نگہبان۔ اللہ بیلی۔ فی امان اللہ۔ فی عین اللہ +

خدا خدا کر کے ا۔ تابع فعل بمشکل۔ بدقت۔ ؎

لائے اس بت کو التجا کر کے + کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے (۱۱ علم)

خدا خدا کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) خدا کا نام لینا۔ عبادت کرنا۔ اللہ اللہ کرنا + ؎

غرور کرنے لگے زاہد و عبادت پر + خودی سما گئی آخر خدا خدا کرتے (۲) توبہ توبہ کرنا۔ اجتناب کرنا۔ توبہ کرنا۔ باز آنا۔ ترک کرنا + بعد خلیل کہیے میں بت پرستی خدا خدا کر خدا خدا

خدا خدا کرو ا۔ محاورہ۔ جھوٹ نہ بولو۔ خدا کا نام لو۔ خدا سے ڈرو۔ توبہ توبہ کرو +

خداداد ف۔ صفت۔ وہبی۔ عطیہ الٰہی۔ امداد غیبی۔ وہ چیز جو خدا نے دوسرے کی مدد بغیر بخشی ہو۔ جیسے دولت خداداد۔ ملکۂ خداداد۔ جوہر خداداد +

خدا دکھائی دینا ا۔ فعل متعدی۔ خدا کا خوف آنا۔ خدا نظر آنا +

خدا راس لائے ا۔ دعا۔ خدا موافق کرے۔ خدا سازگار کرے +

خدا رکھتے ہیں ا۔ محاورہ۔ ہمارا بھی خدا ہے۔ سچ کہتے ہیں۔ خدا کو جانتے ہیں۔ حق شناسی اور خوف خدا رکھتے ہیں + ؎

سچ تو یہ ہے کہ نہیں دوسرا تجھ سا کوئی + اے صنم جھوٹ نہ بولینگے خدا رکھتے ہیں (آتش)

خدا رکھے ا۔ کلمہ دعا۔ عو۔ جب کسی زندہ بچے کا ذکر کرتے یا کسی اپنے حبیب کا غیبت میں کسی سے بیان کرتے تو اول یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں یعنی خدا اسے زندہ رکھے جیسے خدا رکھے اب بھی اس کے چار بچے ہیں

خدا سلامت رکھے ا۔ دعا۔ خدا جیتا رکھے (طنزاً) ایسے موقع پر بھی یہ لفظ کہا جاتا ہے جہاں مدح کی بجائے ذم ہو اور سامع کی بات ناگوار یا خلاف طبع ہو جیسے اللہ اکبر اللہ غنی۔ بارک اللہ۔ صد آفرین (وغیرہ) +

خدا سمجھے ا۔ دعائے بد۔ خدا اس کی سزا دے۔ خدا اس کا بدلا لے + ؎

ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے + اور اس پر بھی نہ سمجھے وہ تو اس سے خدا سمجھے (ذوق)

کچھ سمجھتے نہیں ہمارا حال + تم سے بھی اے بتو خدا سمجھے (میر)

خدا سے ڈرو ا۔ ندا۔ خدا کا خوف کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ بہتان نہ لو۔ سختی نہ کرو۔ ظلم نہ کرو۔ بیرحمی اچھی نہیں (ان موقعوں پر بولتے ہیں) +

خدا سے کام پڑنا ا۔ فعل لازم۔ کسی کام کا تدبیر سے گزر جانا +

خدا سے کیا پانا ا۔ فعل لازم۔ بدی کی مکافات ملنا۔ خدا کا قہر نازل ہونا۔ خدا کے ہاں سے سزا ملنا + ؎

نہ نکلے ابھی چاؤ سارے تمہارے + خدا ہی سے اپنا کیا پاؤ سارے (رنگین)

لگے تم کو ایسی ہی گولی کہارو

خدا سے لڑنا ا۔ فعل متعدی۔ زبردست سے مقابلہ کرنا۔ اپنی شامت آپ لانا + ؎

قسمت اس بت سے جا لڑی اپنی + دیکھو احمق خدا سے لڑتی ہے (ذوق)

خدا سے لو لگنا ا۔ فعل لازم (۱) خدا کا دھیان بندھنا۔ خدا کی طرف متوجہ ہونا (۲) حالت نزع میں ہونا۔ حالت لغرغر کی ہونا۔ گھڑا لگنا +

خدا سے ملانا ا۔ فعل متعدی خدا رسیدہ بنانا خدا سے سرخرو کرانا جیسے اولاد کیا خدا سے ملائیگی۔ ؎

گھر والے بگڑ جائیں بگڑنے دو بلا سے + کیا تم سے جدا کر یہ ملائینگے خدا سے (بی نصیب)

خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے ا۔ کہاوت خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے اور خرچ کے موافق دیتا ہے +

خدا غارت کرے ا۔ دعائے بد۔ خدا ناپید کرے۔ خدا کھووے +

خدا کا دیا سر پر ا۔ کہاوت (۱) جو کچھ خدا کی طرف سے ہو اسے تسلیم کرنا چاہئے۔ ہر ایک آفت کو جھیلنا لازم ہے (۲) پھیلی ہے جسکے معنے ہیں کہ خدا کا چراغ سر پر یعنی چاند +

خدا کا قہر ٹوٹے ا۔ دعائے بد۔ عو۔ خدا کا غضب نازل ہو۔ آسمانی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

بلا کا درود ہو +

خدا کا گھر۔ ا۔ اسم مذکر۔ خانۂ خدا۔ مسجد۔ معبد +

خدا کا نام لو۔ ا۔ خدا خدا کرو۔ سچ بولو۔ انصاف کرو۔ عدل کرو +

خدا کا نام لینا۔ و۔ فعل متعدی۔ اللہ اللہ کرنا۔ تسبیح پڑھنا۔ نماز پڑھنا۔ کلمہ بھرنا +

خدا کرے۔ و۔ دعا۔ خدا سے کمال تمنا اور آرزو کے وقت میں کہتے ہیں +

تب رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ + کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی (غالب)

خدا کو سونپنا۔ و۔ فعل متعدی۔ کوئی کام خدا کے سپرد کرنا۔ خدا پر چھوڑنا +

خدا کی حفاظت میں دینا۔ توکل اختیار کرنا +

خدا کو مان۔ و۔ قسم۔ عو۔ یہ کام نہ کر۔ تجھے خدا کی قسم۔ خدا کی قسم کا خیال کر +

خدا کو مان کر۔ و۔ تابع فعل۔ از بہر خدا۔ برائے خدا۔ خدا کے لئے۔ خدا کو حاضر ناظر جانکر۔ خدا کا پاس کر کے +

خدا کو ماننا۔ و۔ فعل متعدی۔ خدا کو برحق جاننا۔ پاس خدا کرنا۔ خدا کا منکر نہ ہونا + ؎

نہ پوج سنگ و گل اے شیخ اس صدا کو مان

مرے صنم کی پرستش کر آ خدا کو مان (سودا)

خدا کو یاد کرنا۔ و۔ فعل متعدی۔ مصیبت میں خدا کی طرف توجہ کرنا۔ خدا کا نام لینا۔ خدا سے توقع رکھنا۔ خدا سے امیدوار ہونا + ؎

جو درد ہجر بتاں سے ترے لبوں پہ دم ہے تو کیا الم ہے

خدا کو کر اپنے یاد جرأت کہ ایک دم میں ہزار دم ہے (جرأت)

خدا کھوئے۔ و۔ دعائے بد۔ دیکھو دعا غارت کرے +

خدا کی باتیں خدا ہی جانے۔ و (کہاوت)، خدا کی حکمت خدا ہی کو خوب معلوم ہے۔ خدا کے گھر کی کسی کو خبر نہیں +

خدا کے پاس جانا۔ و۔ فعل لازم۔ مرنا۔ انتقال کرنا +

خدا کی پناہ۔ و۔ کلمۂ عبرت (۱) معاذ اللہ۔ خدا بچائے۔ خدا امن میں رکھے (۲) مبالغے کے موقع پر بھی بولتے ہیں جیسے اتنی خلقت تھی کہ خدا کی پناہ +

خدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری۔ و (کہاوت)، جب خدا سے پردہ نہیں تو بندے سے کیا پردہ + ؎

پئیں ہے آشکارا ہم کو کسی سے کیا چوری + خدا کی گر نہیں چوری تو پھر بندے کی کیا چوری (ذوق)

خدا کی دین۔ و۔ اسم مونث۔ عطیۂ بخشش خدا۔ خدا کی عنایت + ؎

خدا کی دین کا موسے سے پوچھئے احوال + کہ آگ لینے کو جائے پیمبری ہو جائے

خدا کی راہ کا سودا۔ و۔ اسم مذکر۔ کار ثواب للہ کوئی کام کر دینے کی نسبت بولتے ہیں + ؎

دل اسیر زلف ہے اک بندۂ اللہ کا + کیجئے آزاد سودا ہے خدا کی راہ کا +

خدا کی سنوار۔ ا۔ دعا (عو) خدا تجھے درست کرے۔ خدا تجھے ہدایت دے خدا سمجھے۔ خدا کا غضب پڑے۔ خدا کا قہر ٹوٹے۔ خدا کی مار +

خدا کی شان۔ یا۔ قدرت۔ و۔ اسم مونث۔ کلمۂ استعجاب۔ حکمت خدا۔ صنعت خدا +

خدا کے گھر جانا۔ و۔ فعل لازم۔ مرنا۔ اس جہان کو سدھارنا۔ سفر آخرت کرنا +

خدا کے گھر سے پھرنا۔ و۔ فعل لازم۔ مر کر بچنا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا۔ نئے سرے سے زندگی پانا۔ سخت اور مہلک بیماری سے نجات ہونا ہلاکت سے بچنا +

خدا کے ہاں سے پھر کر آنا۔ و۔ فعل لازم۔ دیکھو خدا کے گھر سے پھرنا + ؎

کہے میں جاں بلب تھے ہم دوائے بتاں سے

آئے ہیں پھر کے یارو اب کے خدا کے ہاں سے (میر)

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی۔ و۔ (کہاوت)، غیب کی سزا کہکر نہیں آتی۔ خدا ناگہانی سزا دیتا ہے +

خدا کی مار۔ و۔ دعائے بد عو۔ خدا کا غضب۔ از غیب کی سزا (جب کسی سے کچھ تکلیف یا ضرر پہنچتا ہے تو عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں)

خدا کی مار پڑنا۔ و۔ فعل لازم۔ خدا کا غضب نازل ہونا۔ ناگہانی آفت آنا عذاب خدا نازل ہونا +

خدا کی ماری۔ و۔ اسم مونث۔ آفت زدہ۔ مصیبت زدہ +

خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔ و (کہاوت)، خدا کم حوصلہ اور کمینہ آدمی کو ذی اختیار نہ کرے۔ خدا غبی کو مقدرت نہ دے +

خدا لڑنی رات کرے پچھڑنی نہ کرے۔ و (کہاوت)، لڑائی بھڑائی کا ڈر نہیں مگر خدا افتراق کی مصیبت نہ دے

خدا لگتی کہنا۔ و۔ فعل متعدی۔ انصاف کی کہنا۔ حق کہنا۔ سچ کہنا۔ طرفداری نہ کرنا + ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خدا

بتوں کے جرم الفت پر ہمیں زجر و ملامت ہے
مسلماں بھی خدا لگتی نہیں کہتے قیامت ہے

خدا مارے یا چھوڑے - ا۔ محاورہ - ہر چہ باداباد کچھ ہی ہو۔ اس میں خدا بخشے یا نہ بخشے +

خدا مہربان تو جگ مہربان ع (کہاوت) خدا کی عنایت ہو تو سب

خدا مہربان تو کل مہربان } خیر خواہ بن جاتے ہیں۔ جدھر ہو ب ادھر سب +

خدا نخواستہ - ف - تابع فعل - خدا نہ کرے - خدا ناکردہ - ایسا نہ ہو - نوج - مبادا +

خدا نہ کرے - ا - تابع فعل - دیکھو (خدا نخواستہ) +

خدا واسطے کا بیر یا دشمنی - ا - اسم مونث - بغض للہ - ناحق کی دشمنی - بیجا عداوت +

خدا ہی ہو - ا - محاورہ - خدا سے دور نہیں ورنہ مشکل ہے - امید نہیں ناممکن ہے - شاید ہی جیسے خدا ہی ہو جو روپیہ دے +

خدایا - ف - ندا - اے خدا - یا الٰہی +

خدا یاد آنا - ا - فعل لازم کمال مصیبت میں گرفتار ہونا یا شان خدا کا جلوہ نظر آنا + ؎

ناگہ جو وہ صنم ستم ایجاد آگیا + دیکھے سے اسکے مجھکو خدا یاد آگیا (میر تقی)

خداوند - ف - اسم مذکر - صاحب - مالک - آقا +

خدائے مجازی - ف ع - اسم مذکر - مراد آباد شاہ وقت - حاکم وقت

خدائی - ف - اسم مونث (۱) کردگاری - صاحبی - خاوندی + شان عظمت خدا (۲ - ا) دنیا - جہان + ؎

میں تیرے واری نصیحت نکر مجھے باجی + تجھے بھی یاد ہے بکواس سب خدائی کی (رنگین)

خلقت - خلق اللہ + ؎

ہمارک سے ہے قول آشنائی کا جھوٹا + وہ کافر ہے ساری خدائی کا جھوٹا ذوق

خدائی خراب - ا - اسم مذکر (۱) آوارہ - آوارہ گرد - سرگشتہ خرابانی - خانہ خراب + ؎

خانہ آباد کعبہ میں تھا میر + کیا خدائی خراب ہے وہ بھی (میر)

(۲) خراب و خستہ - ذلیل و رسوا - واہی تباہی + ؎

تیری طرف اگر ترے اعمال تک ہیں + زاہد خدا ہے مجھ سے خدائی خراب کا +

خدے

خدائی خوار - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو (خدائی خراب) جیسے خدائی خوار کدھے سوار (کہاوت) +

خدائی رات - ا - اسم مونث - رتجگہ +

خدائی کا جھوٹا - ا - اسم مذکر - زمانہ کا جھوٹا - نہایت دروغ گو + فریبی - دغاباز +

خدائی کا مارا - ا - اسم مذکر - خراش + اندیشہ - فکر - ڈر +

خدشہ - ف - اسم مذکر - خراش + اندیشہ - فکر - ڈر - دبدھا - خوف - خطرہ شک - شبہ - خلش - تردد +

خدشے میں ڈالنا - ا - فعل متعدی - خطرہ میں ڈالنا - فکر میں مبتلا کرنا شبہ میں ڈالنا +

خدکا - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو (خکا) ۲ - بھنگ گھوٹنے کا سونٹا - ؎ ہے کشمکش شراب کو جب کھینچئے نظر + جو قوت دیکھئے تو ہے خدکی کے نیچے بنگ (سودا)

خدمت - ع - اسم مونث (۱) نوکری - چاکری + سیوا - ٹہل (۲) کار متعلقہ - کام - کاج +

خدمت سے عظمت ہے - ا - (کہاوت) مالک کو خوش رکھنے سے بڑائی اور فائدہ حاصل ہوتا ہے - محنت و مشقت سے کامیابی ہوا کرتی ہے +

خدمت کرنا - ا - فعل متعدی (۱) ٹہل کرنا - سیوا کرنا + نوکری بجالانا (۲) جز لینا - ماننا - پیٹنا - گت بنانا +

خدمتگار - ع + ف - اسم مذکر - ٹہلوا - سیوک - خادم - خدمتی - چاکر

خدمتگاری - ع + ف - اسم مونث - ٹہل - نوکری - سیوا - پیشہ ملازمت

خدمت گزار - ف - اسم مذکر - خدمت ادا کرنے والا - کارگزار ملازم - اہلکار +

خدمات - ع - اسم مونث (خدمت کی جمع) کارگزاریاں +

خدمتی - ف - اسم مذکر - ٹہلوا - سیوک - نوکر - چاکر +

خدنگ - ف - اسم مذکر - (ایک مضبوط درخت کا نام جس کی لکڑی اکثر تیروں میں لگاتے ہیں چنانچہ اسی وجہ سے تیر کے معنے میں مستعمل ہو گیا) ۲ - ایک قسم کا چھوٹا تیر - مطلق تیر +

خدیو - ف - اسم مذکر - خداوند - مصر کے بادشاہ کا لقب + مطلق بادشاہ صاحب جیسے کیہان خدیو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خر

خرؔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) گدھا۔ حمار۔ گھوتا (۲) کلان۔ بڑا۔ عظیم جیسے خرگاہ بڑا خیمہ۔ خرمہرہ بڑی کوڑی۔ خرمن۔ کھلیان۔ وغیرہ

خرِ دجّال ف۔ ع۔ اسم مذکر۔ دجال کی سواری کا گدھا +

خر دماغ ف۔ ا۔ صفت۔ سیفہانہ دماغ والا۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی +

خر دماغی ف۔ ا۔ اسم مونث۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ + ؎

مناسب کب ہے یہ محکوم بندہ + بنے مالک کا نافرمان و باغی

تعجب ہے تعجب ہے تعجب + اگر ہو آدمی سے خر دماغی (قطعہ)

خرِ عیسےٰ ع۔ اسم مذکر۔ حضرت عیسےٰ کی سواری کا گدھا +

خرمستی ف۔ اسم مونث۔ گدھے کی سی مستی۔ بدمستی۔ شہوت پرستی +

خراب ع۔ صفت (۱) ویران۔ تباہ۔ برباد۔ اُجڑا ہوا۔ اُوجڑ (۲) ضایع۔ اکارت (۳) برا۔ نکما (۴) خستہ۔ پریشان جیسے خراب حالت +

خراب حال ع۔ صفت۔ پریشان احوال۔ خستہ حالت +

خراب کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا (۲) بگاڑنا۔ نکما کرنا۔ حیران کرنا۔ پریشان کرنا (۴) زنا کرنا۔ حرام کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ کسی غیر عورت سے کالا منہ کرنا +

خراب ہونا ا۔ فعل لازم (۱) برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ ویران ہونا (۲) نکما ہونا۔ بگڑنا (۳) حیران ہونا۔ پریشان ہونا (۴) کسی کے ساتھ بدفعل ہونا۔ جیسے فلان عورت فلان مرد سے خراب ہے (۵) مفت کا سفر کرنا۔ (۶) آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا۔ بدراہ ہونا +

خرابات ع۔ اسم مونث۔ خراب کی جمع (۱) دیکھو خراب (۲) جوئے خانہ شراب خانہ + ؎

نکلینگے خانقاہ سے جبوقت پھر وہی + ہم ہونگے رند ہونگے خرابات ہوینگی (ظفر)

خرابی ف۔ اسم مذکر۔ شراب انگور + جواری +

خرابہ ع۔ اسم مذکر۔ ویران مکان۔ اُوجڑ مکان۔ کھنڈر + ؎

اب خرابہ ہوا جہاں آباد + ورنہ ہر اک قدم پہ یاں گھر تھا (میر)

خرابی ف۔ اسم مونث (۱) تباہی۔ بربادی (۲) مشکل۔ دقت (۳) برائی۔ بدی (۴) بگاڑ۔ اوگن +

خرابی میں پڑنا ا۔ فعل لازم۔ آفت میں پڑنا۔ مصیبت میں آنا +

خرابی میں ڈالنا ا۔ فعل متعدی۔ مصیبت میں ڈالنا۔ پھنسانا۔ آفت

خرا

میں ڈالنا +

خرّاٹا ا۔ اسم مذکر۔ وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے۔ نفیر خواب۔ غطیط۔ خرخر +

خراٹے لینا ا۔ فعل لازم۔ سوتے میں خرخر کرنا۔ بے خبر ہو کر سونا۔ ؎

سنے وہ نالۂ عاشق جو کوئی دم جاگے + اسے تو شام سے خراٹے تا سحر لینا (بحر)

خراج ع۔ اسم مذکر۔ باج۔ ملک کی آمدنی۔ مالگزاری کر محصول محاصل مداخل۔ لگان۔ نغلبندی +

خراج گزار ع + ف۔ اسم مذکر (۱) باجگزار۔ نغلبندی۔ یا بھیٹ دینے والا (۲) ماتحت بادشاہ یا رئیس +

خرّاد ف۔ اسم مذکر (اصل میں عربی خرّاط سے لیا ہے) ایک آلہ کا نام جس سے لکڑی کو چھیل کر درست صاف اور گول بناتے ہیں۔ مخرط +

خراد چڑھنا یا۔ اترنا ا۔ فعل لازم۔ درست ہونا۔ سدھرنا۔ نکسالی ہونا تجربہ کار ہونا۔ زمانہ کا سرد گرم دیکھنا۔ نشیب و فراز آزمانا +

خرّادی ا۔ اسم مذکر۔ خراد کرنے والا کاریگر۔ خراشندہ چوب۔ درودگر۔ خرّاط + ؎

بنک و بد صنعت صانع ہے نہیں طعن کی جا

چوب مجبور ہے خرّادی میں خرّادی سے (برق)

خراش ف۔ اسم مونث۔ رگڑ۔ چھیلن۔ کھجلی +

خرادیِ مُرادیِ ا۔ صفت۔ خودغرض۔ اپنے مطلب اور اپنے کھانے پینے سے غرض رکھنے والا +

خرافات ع۔ اسم مونث۔ جمع خرافت بیہودہ باتیں۔ یاوہ گوئی۔ ہرزہ درائی ہزل ہنسی کی باتیں۔ گالی گلوچ +

خرافات بکنا ا۔ فعل متعدی۔ گالی گلوچ کرنا۔ مغلظات بکنا۔ واہی تباہی بکنا۔ مسخرا پن کرنا +

خرام ف۔ اسم مذکر۔ ناز و انداز کی ملایم اور نرم چال۔ رفتار ناز۔ مشک چال۔ اہلی گہلی رفتار + ؎

ہزار طرح سے تقلید تیری کی لیکن + نہ کبک کو نہ یہ طاؤس کو خرام آیا

خرامِ ماں خرامِ ماں چلنا ا۔ فعل لازم۔ مشک مشک کر چلنا۔ ناز و انداز سے قدم رکھنا +

خرانٹ ا۔ صفت۔ گرگ کہن۔ پیر جہاندیدہ۔ تجربہ کار۔ بوڑھا آدمی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خرب

آٹھوں گانٹھ کمیت + مضبوط۔ سخت۔ قوی آدمی +

خربزہ ۔ف۔ اسم مذکر۔ مرکب از (خر۔ بزہ) ایک بڑے خوشبودار اور شیریں پھل کا نام۔ مسروہ۔ بطیخ (بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ لفظ خر بمعنی خورشید اور بزہ بمعنی پختہ سے مرکب ہے یعنی آفتاب سے پختہ ہونے والا پھل مگر کتب متداولہ لغات سے ثابت ہوتا ہے کہ خر بمعنی کلان اور بزہ بمعنی میوہ شیریں و خوشبودار سے مرکب ہے اور انہی صفتوں کے سبب اس نام سے موسوم ہوا۔ صاحب نفائس کی رائے ہے کہ بوزہ بمعنی بار و خر بمعنی کلان سے مرکب بھی بعض محقق بیان کرتے ہیں۔ دیکھو (فرہنگ رشیدی۔ مؤید الفضلا۔ مدار الافاضل۔ سراج اللغات۔ فرہنگ سروری۔ و غیاث وغیرہ)

خربزہ چھری پر گرے تو خربزہ کا ضرر اور چھری خربزے پر گرے تو خربزے کا ضرر ۔ا۔ (کہاوت) کمزور کی ہر طرح شامت ہے +

خربزے کو دیکھکر خربزہ رنگ پکڑتا ہے ۔ا۔ (کہاوت) آدمی کو دیکھ کر آدمی ڈھنگ اختیار کرتا ہے۔ صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے +

خرج ع (اسم مذکر۔ باہر نکلنا۔ صرف ہونا۔ صرف خرچ۔ نقیض آمد۔ اٹھاؤ + لاگت +

خرچی ۔ف۔ اسم مونث۔ خرجین۔ خرج۔ جھولا۔ جھولی۔ بیگ۔ زنبیل۔ وہ تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب وغیرہ کیواسطے باندھ دیتے ہیں +

خرچ ۔ا۔ اسم مذکر (۱) دیکھو (خرج) (۲) روپیہ۔ زر۔ ؎ مرد درویش ہوں تکیہ ہے توکل پر + خرچ ہر روز ہے یاں آمد بالائی کا

خرچ اٹھانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ حساب کتاب رکھنا۔ روپیہ صرف کرنا۔ برتنا +

خرچ بالائی ۔ا۔ اسم مذکر۔ روپیہ کا خرچ۔ مقررہ خرچ سے زیادہ۔ معمولی خرچ کے علاوہ +

خرچ بردار ۔ا۔ اسم مذکر۔ وہ نوکر جو تمام خرچ اٹھائے۔ داروغہ + دفتر کا سودا خریدنے والا +

خرچ خانہ داری ۔ا۔ اسم مونث۔ گھر کا خرچ +

خرچ دینا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) صرف کے واسطے پیشگی دینا (۲) روزینہ تقسیم کرنا۔ مزدوری دینا +

خرچ روزمرہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ روزانہ خرچ۔ روز کا حساب +

خرچ معمولی ۔ا۔ اسم مذکر۔ بندھا ہوا خرچ۔ مقررہ صرف +

خرچ میں ڈالنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ کسی رقم کو ذیل صرف میں درج کرنا +

خرچ کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ اٹھانا۔ صرف کرنا +

خرچ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ اٹھنا۔ صرف ہونا۔ ہو چکنا۔ برتاؤ میں آنا +

خرچنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) صرف کرنا۔ اٹھانا۔ خرچ کرنا + بیاہ شادی میں دینا۔ (۲) برتنا۔ کام میں لانا۔ استعمال کرنا (۳) چلانا +

خرچہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ مقدمہ کا صرف + لاگت۔ صرف۔ اٹھاؤ + انصراف۔ زر صرف شدہ +

خرچہ دلانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ از روے انصاف مدعی یا مدعا علیہ کو اس کا صرف جو قانوناً جائز ہے دلایا جانا جیسے اسٹامپ وکیل اور خوراک گواہان وغیرہ +

خرچہ عدالت ۔ا۔ اسم مذکر۔ مقدمہ کا صرف +

خرچی ۔ا۔ اسم مونث۔ اجرت زنا۔ چرمہ۔ حرام کرائی کی مزدوری +

خرچی پر چلنا ۔ا۔ فعل لازم۔ کسب کمانا۔ زنا کرانے جانا +

خرچی جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ کسب کمانے جانا۔ زناکاری کے واسطے عورت کا جانا +

خرخر ۔ا۔ اسم مونث۔ خراٹے کی آواز۔ گھرگھر۔ وہ آواز جو سوتے میں آدمی کے منہ سے نکلتی ہے +

خرخر ۔ا۔ اسم مونث۔ بلی کی آواز جو اکثر از خود نکلتی رہتی ہے اور یہ اس کی خوشامد کی علامت ہے +

خرخشہ ۔ف۔ اسم مذکر۔ مجادلہ۔ لڑائی جھگڑا +

خرد ۔ف۔ صفت۔ ضد بزرگ۔ چھوٹا۔ کم عمر + کم قدر۔ کم جثہ۔ کم جسامت +

خردبین ۔ف۔ اسم مونث۔ وہ آلہ جس سے پاس کی ادنی ادنی اور باریک چیز بہت بڑی دکھائی دے۔ بڑا دکھانے والا آئینہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خرد

خرد سال - ف - صفت - کم عمر - کم سن - صغیر سن - یانا - طفل - بچہ +

خرد سالی - ف - اسم مونث - کم سنی - بچپن - لڑکپن +

خِرَدْ - ف - اسم مونث - عقل - دانائی - دانش - سمجھ - فطانت - بدھ - لب +

خرد مند - ف - صفت - دانشمند - دانا - عاقل - سمجھ دار - بدھوان +

خرد مندی - ف - اسم مونث - دانائی - دانشمندی - بدھ وانی سمجھ داری +

خِرَدْماغ - ف - اسم مذکر - (دیکھو مشتقات خر) +

خُرْدَہ - ف - اسم مذکر (۱) ٹکڑا - پارچہ - جزو (۲-۱) چھٹن - جھڑن - (۳-۱) ریزہ - ریزگاری - روپے کے حصے جیسے دوانی چوانی فلوس وغیرہ (۴-۱) بیع فروخت (۵-ف) نکتہ - باریکی + عیب +

خردہ بین - ف - اسم مذکر - عیب جو - نکتہ چین - برائی دیکھنے اور نکالنے والا + باریک بیں +

خردہ بینی - ف - اسم مونث - عیب جوئی - نکتہ چینی - باریک بینی +

خردہ فروش - ف - اسم مذکر - تھوک فروش کا نقیض - بساطی - بکس والا + پرچونیا + پھیری پھر کر بیچنے والا +

خُردہ کرانا - ا - فعل متعدی (۱) روپیہ بھنانا - ریزگاری منگانا - (۲) بکوانا - فروخت کرانا +

خردہ کرنا - ا - فعل لازم (۱) روپیہ بھنانا - روپیہ یا پیسا توڑانا جیسے بڑا کیا دل گردہ پیسا کیا خردہ (۲) بیچنا - فروخت کرنا - بیع کرنا +

خردہ گیری - ف - اسم مونث - عیب گیری - نکتہ چینی - عیب جوئی +

خُرْدی - ف - اسم مونث - بزرگی کا نقیض - کہتری - چھوٹا پن - چھٹائی +

خُرفہ - ع - اسم مذکر (ایک تخم کا نام جو اکثر ٹھنڈائی میں ملاتے اور اسکا ساگ پکاتے ہیں یہ ساگ ذائقہ میں ترش اور مزاج دوم میں سرد تر - نقل الحکما) +

خِرْقہ - ع - اسم مذکر - پرانا جامہ - پیوند لگا ہوا کپڑا - گدڑی + درویشوں کا لباس + چیتھڑا +

خرقہ پوش - ع + ف - اسم مذکر - درویش - صوفی +

خری

خرگوش - ف - اسم مذکر - گدھے کے سے کان والا - جانور خرگوش سا - سایا ایک بلی کی برابر تیز رفتار جانور کا نام +

خُرَّم - ف - صفت (۱) شادمان - خوش - آسودہ - شاد - پرسبزہ (۲) شاداب - سرسبز - تر و تازہ - آفتاب سے دور رہنے والا +

خُرْما - ف - اسم مذکر (۱) چھوہارا + کھجور (۲) بالوشاہی - ایک قسم کی مٹھائی +

خرمستی - ف - اسم مذکر (۱) بدمست - سیاہ مست - متوالا (۲) بے پرواہ - فاقہ مست +

خرمستی - ف - اسم مونث - بدمستی بے پروائی +

خِرمَن - ف - اسم مذکر - کھلیان - انبار غلہ - وہ غلہ کا ڈھیر جس میں ابھی تک بھس نہ نکالا ہو +

خرمہرہ - ف - اسم مذکر (۱) ادنی سکہ + کوڑی - پیشیز (۲) کوڑا - شکھ ناقوس - ناقور +

خُرَّمی - ف - اسم مونث - خوشی - شادمانی - طرب - فرحت - خرسندی +

خروج - ع - اسم مذکر (۱) نکاس - برآمد - اخراج - باہر نکلنا (۲) حملہ - شورش - فتنہ +

خروس - ف - اسم مذکر - مرغ - ککڑ - مرغا +

خروش - ف - اسم مذکر - شور - غل - غوغا - غپاڑا +

خریج - ع - اسم مونث (بقال) متفرقات - مخلف - جیسے خریج میں اتنا اٹھا + (عوام کھریچ بولتے ہیں)

خرید - ف - اسم مونث (۱) مول - قیمت (۲) خریدی ہوئی - مول لی ہوئی - خرید کردہ + (صفت میں)

خرید و فروخت - ف - اسم مونث - لین دین - بیع و شرا - لینا بیچنا +

خرید کے مول - ا - اسم مذکر - خرید کی خرید - اصل قیمت یا لاگت پر

خریدار - ف - اسم مذکر (۱) گاہک - مول لینے والا - مشتری (۱) خواناں - طلبگار +

خریداری - ف - اسم مونث - گاہکی + بکری

خریدنا - ا - فعل متعدی - مول لینا - لینا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خزی

خزینہ ع۔ اسم مذکر (۱) تھیلی۔ کیسہ (۲) وہ لفافہ جس میں رئیسوں یا امیروں کے نام شقہ جائے۔ سرکاری حکم جو امیروں کے نام جائے +

خزینی ۔ و۔ اسم مونث ۔ عو۔ تھیلی جیسے خالی خزینی پوری نفیستی +

خریف ع۔ اسم مونث ۔ سالگی ۔ وہ فصل جس میں جوار۔ مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔ اساڑھ سے کاتک تک +

خزاں ۔ ف ۔ اسم مونث (۱) پت جھڑ۔ بہار کا نقیض۔ فصل خریف وہ موسم جس میں درختوں کے پتے جھڑ کر گر پڑتے ہیں۔ آفتاب کے میزان عقرب اور قوس میں رہنے کا زمانہ یعنی اکتوبر۔ نومبر دسمبر۔ (۲) بے رونقی ۔ بدرونقی + زوال + ؎

افسوس کیا جوانی رفتہ کا کیجئے + وہ کونسی بہار تھی جسکو خزاں نہ تھی (آتش)

یہ لفظ خزہ آن سے مرکب ہے جس کے دو معنے ہو سکتے ہیں ایک تو سردی کا زمانہ جس میں حشرات الارض اکثر زمین کے اندر گھس جاتے ہیں اس صورت میں لفظ خزام کا صیغہ خزیدن مصدر سے اور آن نسبت کا ہے۔ دوسرے خز لفظ آبن جامۂ پشمین و پوستین یعنی گرم کپڑے پہننے کا زمانہ اس حالت میں بفتح خا پڑھنا چاہیے مگر لغات والوں نے دونوں طرح درست رکھا ہے)

خزاں آنا ۔ و۔ فعل لازم۔ موسم بہار کا جانا۔ بیرونقی کا ظہور ہونا زوال آنا ۔ جھڑ لگنا۔ حسن نہ رہنا +

خزانچی ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ خازن ۔ گنجینہ دار ۔ تحویلدار ۔ فوطہ دار ۔ روکڑیا ۔ خزینہ دار +

خزانہ ع۔ اسم مذکر (۱) گنجینہ ۔ گنج ۔ کنز ۔ مال گھر ۔ مخزن ۔ وہ جگہ جہاں روپیہ جمع رہے ۔ فوطہ خانہ ۔ صندوق (۲) ذخیرہ ۔ گودام ۔ انبار خانہ ۔ کوٹھا ۔ کوٹھیار ۔ گولا ۔ بکھار (۳) پانی کا ذخیرہ رکھنے کی جگہ جیسے حوض وغیرہ کا خزانہ (۴) مجازاً روپیہ ۔ مال دولت ۔ نقدی (مشہور بفتح خا اور صحیح یکسر خانے بمعنے ہے)

خس ۔ ف ۔ اسم مونث و مذکر (۱) سوکھی گھانس + کوڑا کرکٹ ۔ پھوس + خاشاک (۲) ایک خاص قسم کی خوشبودار گھانس کی جڑ جو دریا کے کنارے ہوتی ہے اور اس کی ٹٹیاں وغیرہ بنالی جاتی ہیں۔ ریشہ گیاہ خاص +

خس خانہ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ سردخانہ ۔ وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں

خست

سے گرمی کے موسم میں امیر لوگ بنایا کرتے ہیں۔ حس کی راڈی +

خس کم جہاں پاک ۔ ف ۔ (کہاوت) جب کوئی نالائق مر جاتا ہے تو کہتے ہیں یعنی جہان سے کوڑا اٹھا تو اور صفائی ہو گئی +

خس و خاشاک ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ کوڑا کرکٹ ۔ رطب و یابس ۔ جڑ اسبلا +

خسارہ ع ۔ اسم مذکر۔ ٹوٹا ۔ نقصان ۔ ضرر ۔ کسر ۔ گھاٹا (اگرچہ صحیح بفتح خا ہے مگر بول چال میں بکسر خا مستعمل ہے)

خسارہ اٹھانا ۔ و۔ فعل متعدی ۔ دیکھو (ٹوٹا اٹھانا) ؎

نصیب سب جا لڑا چکے ہیں خسارے کیا کیا اٹھا چکے ہیں

وہ مفت دل کو لگا چکے ہیں ہم اپنی قیمت یہ پا چکے ہیں (مولف)

خسارہ دینا ۔ و۔ فعل متعدی ۔ ٹوٹا بھرنا ۔ گھاٹا اٹھانا ۔ تاوان بھرنا ۔ چٹی بھگتنا +

خساندہ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ جو شاندہ کے برعکس ۔ بھیگی دوا کا آب زلال ۔ نقوع +

خست ع ۔ اسم مونث (۱) کمینگی ۔ فرومائگی (۲) بخل ۔ بخیلی ۔ کنجوسی ۔ کنٹک پن ۔ ؎

کل کے لئے کر آج نہ خست شراب میں

یہ سوئے ظن ہے ساقی کوثر کے باب میں (غالب)

خستگی ۔ ف ۔ اسم مونث (۱) شکستگی ۔ شکستہ حالی ۔ زخمی پن (۲) دلگیری ۔ رنج ۔ کلفت ۔ (۳۔ و) بھربھراہٹ ۔ خستہ پن (۴) مفلسی ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تنگدستی +

خستہ ۔ ف ۔ صفت (۱) زخمی ۔ شکستہ ۔ گھایل (۲) رنجیدہ ۔ دلگیر (۳) بھربھرا + کرکرا ۔ مُرمُرا (۴) خراب زدہ ۔ بدحال ۔ پریشان ذلیل ۔ جیسے خراب خستہ اناج سستا (۵) مفلس ۔ نادار ۔ تنگدست (۶۔ اسم مذکر) خوبانی کی گری جو مغز بادام کے دھوکے میں فروخت ہوتی ہے + بادام کی گری +

خستہ حال ۔ و۔ صفت ۔ زدہ حال ۔ خراب حالت میں پڑے حال ۔ پریشان احوال +

خستہ دل ۔ ف ۔ صفت ۔ دل شکستہ ۔ دل افسردہ + عاشق +

خسر ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ شسرا ۔ سسر ۔ جورو یا خصم کا باپ ۔ پدر

لہ لگنا ۔ دو میں آیا کیا کرنا ۔ حساب میں لگانا کے معنے میں بولتے ہیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسر

شوہر یا پدر زن ؛

خسرپورہ ۔ف ۔اسم مذکر ۔ سالا ۔جورو کا بھائی ۔ برادر نسبتی ؛

خسرو ۔ف ۔اسم مذکر ۔معرب (کسریٰ یا خوشرو) (۱) خوبرو خوبصورت (۲) سیاوش کے بیٹے کا نام (۳) مجازاً ہر ایک بادشاہ ۔(۴) خواجہ ابوالحسن بن امیر سیف الدین محمود لاچین عرف امیر خسرو ملقب بہ طوطیٔ ہند کا پیارا تخلص ۔خسرو وہ فرد زمانہ موجد غزلیات عارفانہ و عاشقانہ ہوا ہے کہ اس کی پہیلیوں کہہ مکریوں ۔دوسخنوں ۔نسبتوں اور آخر زمانہ کی ریختہ کے سبب ہندوستان کا بچہ بچہ جانتا ہے ۔کوئی شہری اور گنواری عورت ایسی نہ ہوگی ۔جو خسرو کے نام ۔اور اس کی چلبلی طبیعت سے واقف نہ ہو ۔ فارسی نظم و نثر کی ننانوے کتابیں آپ نے تصنیف فرمائیں ۔ پانچ ہزار اشعار کا دیوان آپ نے لکھا ۔ قصاید کا بھاری مجموعہ آپ نے تیار کیا ۔جس کا ایک پانچ یا چھے ہزار اشعار کا دیوان قصاید نواب ضیاء الدین احمد خان صاحب رئیس لوہارو کے کتب خانہ میں اب تک موجود ہے ۔ نظامی کے خمسہ کے جواب میں خمسہ آپ کا معروف ۔ناصر الدین بغرا خان اور سلطان معز الدین کیقباد دونوں باپ بیٹوں کی ملاقات کے بیان میں قران السعدین مشہور ہے ۔اعجاز خسروی ۔کتاب سپہر ۔تغلق نامہ اور اس کے علاوہ حالات دہلی میں بھی ایک کتاب آپ نے لکھی ۔فن موسیقی میں وہ مہارت پیدا کی کہ موجد کے درجہ کو پہنچے ۔ تانک کھلائے ۔ راگ راگنیاں ایجاد کیں ۔ ستار بنایا ۔ قوال اور بڑے بڑے گوئے آجتک آپ کا نام سنکر کان پکڑتے ہیں ۔ آپ نے سات بادشاہوں کا عہد دیکھا ۔ ہر ایک سلطنت میں معزز عہدوں پر یا مصاحب خاص رہے ۔ علاء الدین خلجی آپ کے اوصاف حمیدہ اور لیاقت پسندیدہ کا گرویدہ تھا ۔ دسہزار سکہ رایج الوقت جسے تنکہ کہتے تھے ۔ بطور مشاہرہ ماہوار دیا کرتا تھا ۔ اردو زبان کی اصل بنا آپ ہی نے ڈالی ۔ ہندی بھاکھا کو فارسی و عربی کی چاشنی

۱ غیاث الدین بلبن ۔ سلطان محمد قاآن ۔ سلطان معز الدین کیقباد ۔ سلطان جلال الدین فیروز شاہ ۔ سلطان علاء الدین ۔ سلطان قطب الدین ۔ سلطان غیاث الدین تغلق ۔ سلطان محمد تغلق ۔

خسر

سے مزید ارمرتبہ بنایا ۔ کبھی ہندی کے الفاظ فارسی میں لے گئے کبھی فارسی کے ہندی میں لے آئے ۔ اور اس ترکیب سے ایک خوشگوار مصالحہ تیار کیا ۔ یہاں تک کہ بعض مصادر جیسے چلنے سے چلینڈن وغیرہ بنا کر فارسی زبان میں رائج کر دئے بلکہ بعض فارسی اشعار میں عربی زبان کے ایسے الفاظ مصطلح بفارسی لائے کہ ہندی جاننے والے ان پر غش ہو ہو گئے ۔ اور انہوں نے جانا کہ خاص ہندی ہی لفظ عربی خواہ فارسی میں چلا گیا ہے ۔ مثلاً اس شعر کو ملاحظہ فرمائیے ۔ ؎

بیچارہ خسرو ختہ را خوں ریختن فرمودہ ہست
خلقے بمنت یکطرف واں شوخ تنہا یکطرف ؛

حالانکہ فاضل عرب جانتا ہے کہ منت عربی میں احسان کرنے یا ممنون ہونے کے معنے میں آیا ہے ۔ اور اہل فارس نے بعض موقع پر عاجزی کے معنے میں مستعمل کر لیا ہے ۔ لیکن عالم ہندی کہتا ہے کہ نہیں یہ لفظ منتی سے منت بنا ہے ۔ اور وہی معنے اس جگہ لطف دیتے ہیں ۔ غرض اس موقع پر منت کا لفظ جو کچھ ہندوستانیوں کے دلوں پر اثر کرتا ہے اسے ان کے دل سے پوچھنا چاہئے درحقیقت منتی اور منتی ایک ہی ہے گیتوں میں اکثر سنا ہوگا ۔ ؎

منتی کرت ہوں پرت تورے پیا ؛ اچھے سیاں چھاڈ دے موری بیاں

قصہ مختصر ہندی اور فارسی کو شیر و شکر کرنے والے اس میں نئے نئے انداز اور چوچلے پیدا کرنے والے سب سے پہلے آپ ہی بزرگوار ہیں ۔ آپ کی فارسی ہندی پہیلے غزلوں سے جو وجد ہوتا ہے اسے صاحب حال اور صاحب مذاق ہی خوب جانتا ہے درحقیقت آپ شہرستان سخن کے بادشاہ ۔ مملکت عرفان کے طاؤس خوشخرام تھے ۔ جناب ولایت مآب سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی سے آپ کو دلی ارادت اور ذاتی عقیدت تھی ۔ یہاں تک کہ آپ محبوب الٰہی کے خود محبوب بن گئے تھے ۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت ممدوح بھی آپ کی محبت اور مرشدانہ الفت کا دم بھرنے لگے تھے ۔ حضرت امیر اپنے مرشد کا ہر طرح سے دل رکھتے اور جس رنگ میں ان کو

خسر

رنگا ہوا پاتے آپ بھی ڈوب جاتے۔ ہر طرح سے اپنے پیر کو خوش رکھنا محظوظ فرمانا آپ کا فرض تھا۔ جس وقت تک امیر خسرو حاضر درگاہ رہتے آپ کو کوئی فکر کوئی رنج لاحق حال نہ ہوتا۔ حضرت امیر کو آخر وقت میں ریختے یعنی اُردو کا شوق ہوا اُسے بھی نباہ دیا۔ اور وہ کیا جو کسی سے نہ ہو سکتا۔ میر تقی نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ ان کے بہت سے ریختے ہیں۔ بیشک ہم نے بھی قوالی کے موقع پر ایک آدھ ریختہ سنا ہے۔ نیز یہ بھی درج تذکرہ ہے کہ خسرو نے اپنے پیر و مرشد کے ہمراہ چند حج بھی پاپیادہ کئے ہیں لیکن ہمیں کسی اور کتاب سے اس کا ثبوت نہیں ملا۔ بلکہ ہم کو تو معلوم ہے کہ سلطان جی صاحب نے ہندوستان سے باہر قدم ہی نہیں رکھا۔ ہاں روحانی حج آپ نے بیشک فرمایا ہے اور اس کا ذکر بعض کتابوں میں نظر سے گزرا ہے کہ لوگوں نے آپ کو حج میں بھی دیکھا اور یہاں بھی اسی تاریخ میں موجود سُنا۔ محبوب الٰہی آپ کو مُترک اللہ یعنی خدا کا سپاہی اور کبھی صرف ترک فرمایا کرتے تھے جس کے معنے کسی صاحب دل سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ اکثر بار ارشاد ہوا کہ بروز قیامت جب مجھ سے پوچھینگے کہ میاں نظام الدین تم ہمارے واسطے دنیا سے کیا تحفہ لائے تو میری زبان سے بیساختہ یہ ہی نکلے گا کہ سوز سینہ ترک اللہ۔ کہتے ہیں کہ آپ کا سینہ سوزِ عشق اللہ سے ہر وقت بھڑکتا رہتا تھا بلکہ بعض اوقات عبائے ترکی کا پردہ جل اٹھتا تھا۔ مذکرہ دولت شاہی میں آپ کے سچے اور پاکیزہ عشق کی عجیب حکایت لکھی ہے جسے بخوفِ طوالت قلم انداز کیا جاتا ہے۔ بعض ارباب تاریخ و سیر نے۔ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی سے آپ کی ملاقات ہونا بھی لکھا ہے۔ اور یہاں تک زور دیا ہے۔ کہ سعدی ایران سے ا۔ کے حسن صورت۔ حسنِ سیرت۔ اور حسن کلام کو سنکر ہند میں آئے۔ چنانچہ ان ایام میں جو خسرو نے شعر کہا ہے وہ یہ ہے۔ ؎

خسرو سرمست اندر ساغر معنے بریخت
شیرہ از مخانۂ مستے کہ از شیراز بود

خسر

بیشک یہ شعر حضرت کا ہے اور اس سے گمان گزرتا ہے کہ شاید تشریف لائے ہوں۔ مگر معتبر اور مبسوط تاریخوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شہزادہ سلطان محمد قاآن ناظم ملتان ولیعہد سلطان غیاث الدین بلبن نے (جسکی جاگیر میں ملک سندھ و ملتان ملا ہوا تھا۔ اور جو صفاتِ حمیدہ و اخلاق پسندیدہ کے ساتھ ہی متصف نہیں بلکہ علما و فضلا کا بھی دلدادہ تھا۔ چنانچہ اسی وجہ سے وہ امیر خسرو دہلوی اور امیر حسن دہلوی کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتا تھا) جب شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے فضل و کمال کا شہرہ سنا۔ تو دو مرتبہ ملتان سے شیخ کے بلانے کے واسطے بہت بہت سا روپیہ دیکر شیراز قاصد بھیجا۔ اور شیخ کے واسطے ملتان میں خانقاہ بنا دینے اور اس کے مصارف کے لئے مواضعات وقف کر دینے کا وعدہ کیا۔ لیکن شیخ نے ضعف پیری کا عذر کر کے ایک مرتبہ اپنے مختلف اشعار کی بیاض اور دوسری دفعہ کتاب گلستان و بوستان خاص اپنے ہاتھ سے لکھکر شہزادہ کے پاس بھیجدی اور اپنی بجائے امیر خسرو کی سفارش کی۔ اور لکھا کہ مجھے بڑھاپے کی ناتوانی اپنی جگہ سے ہلنے نہیں دیتی۔ موت قریب ہے اور شیراز سا وطن عزیز ؎

سعدی اور امیر حسن دہلوی آپ کے ہم عصر شعرا میں تھے حضرت امیر خسرو کے آباواجداد چنگیز خاں کے ظلم سے تنگ آکر ماوراء النہر چھوڑ ہند میں چلے آئے تھے۔ تغلق شاہ نے خسرو کے والد کو فوجی خدمت دیدی تھی جس میں وہ شہید ہوئے۔ خسرو نے اخیر عمر میں امرا کی مدح سرائی سے توبہ کی۔ اور جس قدر قصاید لکھے تھے سب کو دواوین سے نکال دیا۔ مدح باری عزاسمہ کے سوا کچھ نہ رکھا۔ آپ ہجری چھٹی اور عیسوی تیرھویں صدی میں بمقام مومن آباد عرف پٹیالی ضلع ایٹہ میں پیدا ہوئے تھے۔ جس وقت آپ کے پیر و مرشد محبوب الٰہی نے ۱۸ ربیع الثانی ۶۲۵ھ ہجری مطابق ۱۲۲۷ عیسوی میں نقل مکان فرمایا تو اُس وقت آپ سلطان غیاث الدین تغلق کے ساتھ لکھنوتی مضافاتِ بنگالہ میں تشریف رکھتے تھے۔ جب وہاں سے آئے تو سارا مال و اسباب لٹا دیا۔ پہنا کالا اور جامہ پارہ پارہ کر کے

خسرو

دروازہ حظیرہ پر بقول شخصے ۔ ع

جامہ دراں چشم چکاں خون دل واں

حاضر ہوئے اور باآواز بلند کہا کہ اے مسلمانوں میں کون ہوں اور میری حقیقت کیا ہے کہ میں ایسے بڑے شیخ کے واسطے دو آنسو بہاؤں ۔ میں تو اپنے واسطے روتا ہوں کہ میرا بھی وقت قریب آگیا ۔ غرض پورے چھے مہینے کے بعد ۲۹ ذیقعدہ سنہ مذکور کو عالم ارواح میں اپنے عاشق حقیقی سے جا ملے ۔ کہتے ہیں جس وقت آپ کا وصال ہوا یہ دوہا فرمایا ۔ ؎

گوری سووے سیج پر اور مکھ پر ڈالے کیس

چل خسرو گھر آپنے سانج بھی چوندیس

یعنی میرا معشوق پلنگ پر اس حالت میں سوتا ہے کہ چہرے کو اس کے لمبے لمبے بالوں نے ڈھانک لیا ہے ۔ جب اس کا دیدار ہی میسر نہیں تو خسرو اپنے اصلی گھر کو چلو ۔ کیونکہ چاروں طرف شام ہوگئی ہے اندھیرے میں نہ تم کسی کو دیکھو گے اور نہ کوئی تمہارا قدر دان بنکر تمہارے اوپر نظر محبت ڈالے گا ۔

کہتے ہیں نو برس کی عمر میں امیر خسرو کے والد کا سایہ ان کے سر سے اٹھ گیا تھا چنانچہ آپ نے اس وقت یہ شعر کہا ۔

سیف زر گم گشت غم من دو نیم شد ۔ دریائے سہ واں شدہ در یتیم بلند

آپ کے کلام میں نمکینی اور شیرینی دونوں کیفیتیں اپنے اپنے موقع پر موجود ہیں ۔ خزانہ عامرہ میں لکھا ہے کہ آپ دوہیال اور ننیال دونوں طرف سے امیرزادے تھے نواب عماد الملک بہادر کی بیٹی جو اس زمانہ کے امراء عصر میں سے تھے آپ کی والدہ ماجدہ تھیں آپ انہیں کے بطن سے پٹیالی میں پیدا ہوئے ۔ آپ کے والد امیر سیف الدین ایک کپڑے میں لپیٹ کر آپ کو ایک مجذوب کے پاس لے گئے جس وقت اس درویش باخبر و بے خبر کی نظر حضرت پر پڑی فرمایا کہ آپ ایسے شخص کو میرے پاس لائے ہیں جو خاقانی سے دو قدم آگے جائیگا ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آپ نے اس یتیمی کی حالت میں بھی وہ کمال حاصل کیا کہ شاذ و نادر ہی اس کمال کے آدمی ہوتے ہیں ۔ جب سن تمیز کو پہنچے تو آپ سلطان جی کے مرید ہوگئے ۔

خسرو

ایک مرتبہ آپ نے حضرت کی مدح لکھکر سنائی سلطان المشائخ کو پسند آئی فرمایا کہ اس کا کیا صلہ چاہتے ہو ۔ آپ نے دست بستہ عرض کیا کہ اپنے کلام کی شیرینی چاہتا ہوں ۔ ارشاد ہوا کہ ہماری چارپائی کے نیچے شکر کا بھرا ہوا طباق رکھا ہے اسے اٹھا لاؤ اور اپنے سر کے اوپر سے نثار کر دو بلکہ ذرا سی تم بھی کھالو ۔ حضرت امیر اٹھا لائے چنانچہ خسرو کے کلام کی شیرینی نے سب کے مذاق کو شیریں کر دیا ۔ ایک دفعہ سلطان جی صاحب نے فرمایا کہ اے ترک اصفہانیوں کی طرز پر شعر کہا کر ۔ لوگوں نے اصفہانیوں کی طرز سے عشق انگیز و زلف و خال آمیز اشعار سے مراد لی ہے واللہ اعلم حضرت کی اس سے کیا غرض تھی ۔ ہمارے ایک دوست نے جو صاحبزادگان درگاہ محبوب الٰہی میں سے ایک لائق مولوی اور ہونہار جوان ہیں حضرت امیر خسرو کے متعلق ایک عجیب حکایت شش سالہ عمر کی بیان کی یعنی آٹھ یا ساڑھے آٹھ برس کی عمر تھی کہ ان کے والد خواجہ ابو الحسن امیر خسرو اور ان کے بڑے بھائی امیر اعز الدین علی شاہ صاحب کو لیکر سلطان جی کی خدمت میں حاضر ہوئے جب خانقاہ کے دروازہ پر پہنچے تو امیر خسرو کچھ سوچ کر ٹھٹک رہے اور اپنے والد صاحب سے کہا کہیں تو اندر نہیں جاتا ہر چند امیر سیف الدین نے اصرار کیا مگر یہ نہ مانے اور وہیں کھڑے کھڑے ایک قطعہ موزون کیا جس سے غرض یہ تھی کہ اگر سلطان جی صاحب کشف ہیں تو اس بات کو سمجھ لینگے اور جواب بھی مرحمت فرمائینگے ورنہ جیسے اور درویش ہیں ویسے ہی یہ بھی نام کے ہوں گے ۔ قطعہ یہ ہے ؎

تو آں شاہی کہ بر بالائے قصرت ۔ کبوتر گر نشیند باز گردد ۔

غریبے مستمندے بر در آمد ۔ بیاید اندروں یا باز گردد ۔

سلطان جی نے اپنے کسی مرید سے فرمایا دیکھو باہر اس شکل و شباہت کا کوئی لڑکا کھڑا ہے چنانچہ وہ شخص گیا اور یہ شعر امیر خسرو سے سنکر آیا آپ نے جواب میں یہ قطعہ بھیجدیا ۔ ؎

بیاید اندروں مرد حقیقت ۔ کہ با ما یک نفس ہمراز گردد

اگر ابلہ بود آں مرد نادان ۔ ازاں راہے کہ آمد باز گردد

آپ یہ جواب سنکر اندر گئے اور قدموں پر گر پڑے ۔

آپ نے کتاب نہ سپہر سلطان قطب الدین ابن سلطان

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسرو

علاء الدین خلجی کے نام پر نظم کی تھی جس کے صلہ میں ہاتھی کے ہموزن سونا عطا ہوا تھا چنانچہ خسرو نے اس کتاب میں اس انعام کی تصریح کی ہے اور اس کے چند شعار خزانہ عامرہ کے مولف نے بھی نقل کئے ہیں اس کتاب میں ساٹھ برس سے زیادہ اپنی عمر بیان کی ہے اور اس وقت تک چار بادشاہوں کی خدمتگزاری کا فخر جتایا ہے اور اس انعام کو ان سے بڑھکر بتایا ہے +

امیر خسرو ایک دفعہ پکڑے بھی گئے تھے۔ جس وقت سلطان محمد قاآن کو ملتان کی نظامت کرتے ہوئے پانچ برس ہوئے تو کفار تتار نے ملتان پر حملہ کر کے ۶۸۴ھ میں سلطان محمد کو شہید کر دیا اور امیر خسرو کو قید کر کے بلخ میں لے گئے۔ آپ دو برس کے بعد رہائی پاکر سلطان بلبن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور خان شہید کے مرثیہ میں جو ایک نہایت پر درد پر اثر رقت انگیز معنے خیز قصیدہ لکھا تھا پڑھکر سنایا۔ حاضرین مجلس میں کہرام پڑ گیا۔ ہائے ہائے کے سوا دوسری آواز کان میں نہیں آتی تھی۔ بادشاہ کو روتے روتے بخار چڑھ آیا اور تھوڑے ہی دنوں بعد اسی بخار میں چل بسا۔ سلطان غیاث الدین تغلق سے بھی امیر خسرو کو بہت کچھ فایدہ ہوا۔ تغلق نامہ اسی کی شان میں نظم کیا۔ سلطان محمد تغلق کے زمانہ میں تو آپ نے چھے سات مہینے سے زیادہ دنیا کی سیر نہیں کی سب کچھ چھوڑ چھاڑ اپنے مرشد کی مع پر فتوح سے جا ملے +

(۵) پرویز ابن ہرمز ابن نوشیروان کا نام جس نے شیریں پر عاشق ہو کر شعرا کی دنیا میں بہت کچھ شہرت پائی چونکہ خسرو پرویز بلکہ صرف خسرو کے نام کے ساتھ بھی شیریں فرہاد کا ذکر لانا مناسبت شعری کے لئے شاعرانہ فرض اور سخن گسترانہ لازمہ قرار پایا ہے لہذا ہم بھی اسی جگہ خسرو پرویز اور ایسے متعلقات کا ذکر کر دینا مناسب جانتے اور مختصراً سارے واقعات کا لب لباب لکھ دیتے ہیں +

لفظ پرویز کے لغوی معنے مختلف فرہنگ نویسوں نے مختلف طرح سے بیان کئے ہیں۔ کسی نے مظفر۔ فتحمند اور بزرگ سے مرادلی ہے۔ کسی نے عزیز اور پیارے سے نسبت دی ہے کسی نے مچھلی پر انحصار کیا اور ماہی دوست قرار دیا

خسرو

ہے۔ چونکہ مچھلی اس کو از حد مرغوب اور اس کا شکار اس کے دل کا بھلا واتھا لہذا اس لقب سے ملقب ہو گیا +

پرویز شاہان ایران میں۔ رعب داب۔ مال متاع۔ استقلال طبع۔ استحکام عزم۔ اور کارہائے مردانہ میں اول اول نہایت مشہور رہا۔ اس نے تخت شاہی پر جلوس فرماتے ہی سلطنت کی شان و شوکت چمکا دی مگر اخیر میں اپنی بدچلنی فرعون مزاجی اور ظلم ناروا کے سبب ایسا گرا کہ پھر سنبھالے نہ سنبھلا۔ نجومیوں کی رائے پر چلکر ساری اولاد کو قید کر دیا نوزائیدہ معصوم بچوں کو چھریوں سے حلال کرا دیا اور آپ عیش و عشرت میں ایسا ڈوبا کہ اپنے ساتھ اوروں کو بھی لے ڈوبا جب تک روزانہ ایک نت نیا معشوق بغل میں اور رنگ برنگی شراب جام میں نہ ہوتی چین نہ پڑتا۔ رات دن معشوق ہی اوڑھنا معشوق ہی بچھونا معشوق ہی تکیہ معشوق ہی پائنتی اور معشوق ہی سرہانا تھا۔ عالم مستی میں ایسے ایسے خلاف عقل لغو اور پوچ احکام صادر کرتا کہ بچہ بھی سنکر نہیں دیتا تھا۔ رعیت عاجز تھی ارکان سلطنت اعیان دولت تنگ اور مجبور۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۶۲۸ھ میں امراء و زرائے سلطنت نے متفق ہو کر اسے قید کر اس کے بیٹے شیرویہ کو تخت سلطنت پر بٹھا دیا۔ شیرویہ نے بھی موقع پاکر باپ کو خوابگاہ میں قتل کرا دیا اور کہا کہ فتنہ خوابیدہ کو ہمیشہ کے واسطے سلا دینے سے بہتر کوئی نیک بات نہیں۔ ۳۸ برس حکومت کی۔ ہندوستان میں راجہ آنند پور والے قنوج اس کا ہم عصر تھا +

پرویز کے وقت کی چند چیزیں مشہور ہیں ایک عجیب و غریب تخت جس کا نام طاقدیس تھا اور وہ فریدوں سے اس کے ورثہ میں آیا تھا اس تخت کا طول ۶۰ گز اور عرض ۴۰ گز اور تمام جواہرات جنیں قیمتہ سے مرصع تھا جیسیں آسمانی بارہ برجوں اور ساتوں سیاروں کو اس حکمت سے بنایا تھا کہ تمام فلکی اور نجومی احوال اس سے معلوم ہوتا رہتا تھا اس کے پاس اکسٹھ سو خزانے تھے جنیں سے آٹھ نہایت مشہور ہیں اس کے شبستان میں ۳۷۰ پریزادیں تھیں جنیں سے ایک شیریں بھی ہے جس پر یہ از حد فریفتہ اور دل دادہ تھا۔ پچاس ہزار خاص سواری کے گھوڑے تھے جن میں ایک نہایت تیز رفتار بادپیما مشکی گھوڑا بھی تھا جسے شبدیز

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسر

کہا کرتے تھے۔ شب مجاز اسیاہ دیز یعنی رنگ جس کے ترکیبی معنے اسپ خنبرنگ ہوئے یہ گھوڑا دنیا کے تمام گھوڑوں سے چار انگشت بلند بیان کیا جاتا تھا۔ پرویز جو کچھ آپ کھاتا وہی اس کو بھی کھلاتا تھا جب وہ مرگیا تو خسرو نے اُسے نہایت عزت کے ساتھ اسی طرح دفن کیا جس طرح سکندر اعظم نے اپنی سواری کا گھوڑا جامع کتبہ و سکہ ہائے مروجہ خود راولپنڈی کے میدان میں دفن کر کے اس کا مقبرہ بنا دیا تھا۔ باربد اسی کا مطرب خوشنوا تھا جس کا حال اسی لفظ میں لکھا گیا۔ شیریں اسی کی معشوقہ تھی جس کا مختصر ذکر یہ ہے۔ کہ ملک ارمن میں ایک خاتون سماۃ شہمیرا یا مہین بانو فرمان روا تھی اور اس کا دارالخلافہ شہر برذع تھا۔ مہین بانو کی ایک نہایت شکیلہ و جمیلہ بھتیجی شیریں نامی تھی جسے اس کی میٹھی میٹھی باتوں کے سبب مہین بانو شیریں شیریں کہکر پکارتی اور اُسی کو اپنے تخت و تاج کا وارث گردانتی تھی۔ حسن و جمال میں یکتائے روزگار۔ رفتار و گفتار میں کبک و طوطی شکر خوار سے کم نہ تھی۔ ہرمزد مہ اس کے کردار پر جان نثار۔ اور ادائے معشوقانہ پر بیقرار تھا۔ غرض دلبری اور دلربائی میں آفت ہر شہر و دیار تھی۔ اس زمانے میں جب تک چالیس مخصوص صفتیں حسینہ میں موجود نہ ہوتیں اُسے حسین و مہ جبین نہیں کہہ سکتے تھے خدا کی شان شیریں میں یہ سب کی سب موجود تھیں۔ اور اسی سبب سے اس کا شہرہ اور بھی دور دور ہو گیا تھا۔ جب شیریں دوشیزگی کی عمر کو پہنچی۔ اس کے حسن نے طفلی سے باہر قدم نکالا اور کسی شاعر کا یہ کہنا مصداق آیا ؎

بہ طفلی دایہ دستش میگرفت و زیر لب میگفت
کہ ایں سرپنجہ از خون کسان گلگوں شود روزے

تو اس وقت شاپور خسرو پرویز کے مصاحب کو بھی جو فن مصوری میں ید طولےٰ رکھتا تھا یہ خیال آیا کہ اپنے آقا شہزادہ پرویز کو بھی جس کے گھٹی میں مہ جبینوں کا عشق پڑا ہوا اور حسن کا ناز و انداز اس کی رگ رگ میں بسا ہوا ہے شیریں کا حال سنائے گو ابھی شہزادگی کا زمانہ ہے مگر وہ حسن پریرویاں کا دیوانہ ہے اپنا مطلب نکالے بغیر نہیں رہیگا چنانچہ ایک روز اس کے حسن و

جمال کا ذکر چھیڑ ہی دیا۔ شہزادہ کو تو مزا پڑا ہوا تھا ہی یہ بات سنکر اور چٹخ لگ گئی شاپور سے کہا کہ یار تم نے بتو عشق کا دیو میری گردن پر سوار کر دیا یا تو اس کے اتارنے کی تدبیر کرو ورنہ میری اور تمہاری گردن مروڑ کر رکھ دیگا۔ مجھے بھی اب یہی دھن ہے کہ یا تو شیریں میری ہم بستر ہو ورنہ یہ خسرو اُس کے عشق کی آگ میں جلد خاکستر ہو۔ شاپور نے شہزادے کو تسلی دی اور کہا کہ میرے دم میں دم ہے تو ایک روز آپکی بغل میں اُسے دکھا دونگا۔ اس نے شہزادہ پرویز کی مختلف اوقات کی تصویریں بنانی شروع کیں ایک تو شہزادہ عالم جوانی کے سبب خود ہی خوش وضع اور خوبصورت تھا اس نے اپنی رنگ آمیزی سے اُسے اور بھی چار چاند لگا دئے اور ایک ایک تصویر ایسی بنائی کہ جو دیکھے غش کھا جائے۔ ان کو احتیاط سے ساتھ لے شہر برذع میں جا دھمکا۔ اتفاقاً یہ موسم بہار تھا۔ پھولوں کا جوبن دیکھنے اپنی نازک بدنی دکھانے بی شیرین جان بھی سنگار پھولیوں اور بہت سے سہیلیوں کو ساتھ لے باغ کی سیر کو آئی تھیں۔ شاپور بھی باغبانوں سے گنہ گٹھا باغ میں جا براجا۔ اور شہزادہ پرویز کی شبیہہ ایک پودے کی شاخ میں ٹنکا دی اور آپ کسی کونہ میں چھپکر کھڑا ہو گیا۔ شیریں بھی سیر کرتی ہوئی بوٹا سا قد لئے اس درخت کے پاس آنکلی۔ تصویر کو دیکھتے ہی غش ہو گئی۔ یہ بات دیکھ کر اس کی سہیلیوں کا ماتھا ٹھنکا۔ مگر تیر نشانہ پر لگ چکا تھا۔ شاہ پور نے موقع تاک دوسری روش پر جا پرویز کی دوسری تصویر کو ایک اور درخت پر آویزاں کر دیا۔ چونکہ ادھر تو پرویز حسن و جوانی میں یوسف ثانی بنا ہوا تھا اور اُدھر شیریں بھی سرمست جوانی تھی دوبارہ دیکھتے ہی صاحب تصویر کی خواہش و جستجو میں بیتاب بلکہ پرازاضطراب ہو گئی۔ اسی حالت میں اس کی نظر شاپور پر جا پڑی جو فقیرانہ لباس پہنے ہوئے باغ کے ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا نظر میں تار رہا تھا۔ شیریں چونکہ از خود رفتہ اور بیقرار ہو گئی تھی کسی نہ کسی بہانہ سے اس کے پاس چلی آئی اور پوچھا کہ شاہ صاحب یہ تصویر کس آفت جان کی ہے شاپور نے عرض کیا کہ حضور شہزادہ پرویز کی ہے۔ آپ تصویر کو کیا دیکھتی ہیں جو منہ سے نہ بولے نہ سر سے کھیلے جس کی تصویر ہے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسر

اسے دیکھیں کہ خدا نے اپنے ہاتھ سے بنایا اور نہایت فرحت مین بیٹھ کر دل سے بنایا ہے۔ میں کیا عرض کروں خدا نے شہزادہ میں حسن تو کوٹ کوٹ کر بھر دیا ہے۔ یوں تو ماشاء اللہ چشم بد دور آپ کا حسن بھی پھٹ پڑا ہے مگر وہ بھی دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے خدا اس جوڑی کو سلامت رکھکر سازگاری دکھائے تو دنیا کا لطف دونوں کو زندگی بھر کا مزہ آجائے۔ خدا کی قدرت دیکھو مرتبہ میں دونوں یکساں۔ حسن و جمال میں ایک کو چھپاؤ دوسرے کو نکالو ویسی شکل ہے۔ تراوید دیوسف راشنیدہ۔ غرض شاپور نے وہ پینیری جمائی کہ مطلوب کو طالب اور طالب کو مطلوب بنا دیا۔ اور اپنے وہاں سے یہاں تک آنے کی ساری کیفیت بھی راست راست لے کہہ وکاست سنا دی بلکہ ساتھ ہی یہ پٹی بھی پڑھا دی کہ اگر آپ ایک روز اپنی چچی مہین بانو سے شکار کا بہانہ کرکے مداین چلی آئیں تو سارے کام بن جائیں اور وہ اعتراض جاتا رہے کہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ شیریں نے یہ بات منظور کی اور جھٹ شکار کا بہانہ کر مداین پہنچی۔ اتفاق سے اسی موقع پر شہزادہ پرویز باپ کے خوف سے بھاگ کر مہین بانو کے پاس چلا آیا۔ یہاں آکر شیریں کے مداین جانے اور اس کے خود مامل ہو جانے کی خبر سنکر شاپور کو فوراً مداین بھیجا تاکہ اُسے بروع میں واپس لے آئے۔ ہنوز شیریں بروع میں داخل نہ ہوئی تھی کہ پرویز کو اپنے باپ پر مصیبت کا آسمان ٹوٹ پڑنے کی خبر لگی اور ربتیانہ اسی دم مداین کو سوار ہو گیا اور بہرام چوبین سے جو ایران پر غالب ہو گیا تھا جا بھڑا۔ چونکہ دل پہلے ہی ہارے بیٹھا تھا لڑائی بھی ہار گیا۔ چار و ناچار پھر بروع میں وارد ہوا۔ اس وقت نادیدہ عاشق اور شنیدہ معشوق دونوں دوچار ہوئے۔ ایک نے دوسرے کو دیکھ کر آہ سرد بھری آنکھوں ہی آنکھوں میں کام بن گیا۔ چونکہ مہین بانو ایک جہاں دیدہ اور عاقلہ عورت تھی وہ ان محبت بھری نظروں کو تاڑ گئی اور بہانہ سے شیریں کو ایک گوشہ میں لیجا کر سمجھایا کہ بٹیا جان تمہیں دنیا جہان کی خبر بھی ہے۔ کہیں اس الجھن میں اپنی جان کو روگ نہ لگا بیٹھنا۔ پرویز کے محل میں اب بھی دس ہزار حسینہ و جمیلہ پریزادین موجود ہیں۔ وہ ایک دو روز سے زیادہ کسی کی محبت

خسر

نہیں پالتا میری جان تمہیں اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو برباد کرنا مناسب نہیں۔ جو کچھ کرنا حق حلال کرنا عصمت میں بڑی عظمت ہے آگے تم جانو اور تمہارا کام۔ یہ کہہ شند و پازند دونوں کتابیں اسکے ہاتھ پر رکھ شرعی قسم لے لی۔

ایک روز پرویز اور شیریں میں شراب کا دور چل رہا تھا۔ پرویز پر اضطراب غالب ہوا جھٹ شیریں کی بغل میں ہاتھ ڈال دیا اور اس قدر مجبور کیا کہ اسے قسم کے لالے پڑ گئے جب سارے جتن کر چکی تو اس نے خسرو کو اس طرح شرمندہ کیا کہ تمہاری عقل اور تمہاری ہمت پر رونا چاہئے کہ ملک تو ہاتھوں سے نکلتا جاتا ہے اور تم عیش و عشرت کے آگے آبائی سلطنت اور بنی بنائی عزت کو رسوا کھوئے دیتے ہو۔ جس وقت پردہ نشینان حرم سرائے پر ہاتھ پڑیگا۔ بادشاہ مارا جائیگا۔ رعیت ذلت اور تباہی اوٹھائیگی اس وقت آپ کی محبت کہاں جائیگی۔ اے جوان مرد اگر تو ایسا ہی مدہوش رہا تو ایک تیر اسی بھی تجھ کو وبال دوش ہو جائیگا۔ یہ باتیں سنکر ہمت و غیرت شاہی نے جوش مارا۔ بروع سے نکل قسطنطنیہ کی ٹھہرائی۔ قیصر نے پرویز کے آنے کو غنیمت جانا۔ اپنی بیٹی مریم کو اس کے نکاح میں دیکر لشکر جرار ہمراہ کر دیا چنانچہ خسرو بہرام چوبین کو شکست دے اپنے موروثی ملک پر قابض ہو گیا۔ اس عرصہ میں مہین بانو بھی دمان پہنچی جہاں ایک دن سب کو جانا ہے۔ شیریں نے سلطنت کی پروا نہ کی سب کو چھوڑ چھاڑ مداین چلی آئی۔ شہر کے باہر ایک محل تیار کرا کر اسی میں رہنے اور شب و روز درد و فراق میں بسر کرنے لگی۔ کیونکہ مریم دختر قیصر کو یہ گوارا نہ ہوا کہ شیریں اس کے ہوتے ہوئے خسرو کا پہلو بسائے۔ مشہور ہے کہ بیچ کی مکھی بھی بری ہوتی ہے اور یہ تو سوکن اور سوکن بھی کیسی کہ عشق و محبت کے جال میں مچھلی بنکر پھنسی ہوئی اسے کس طرح گوارا ہو سکتی تھی۔ شیریں بھی کچھ ایسی ویسی عورت نہ تھی آخر افراسیاب کی نسل سے تھی مریم سے آنکھ نیچی کرنا اسے بھی منظور نہ ہوا۔ غیرت کو کام فرما کر پرویز جیسے شہریار سے بیزار ہو گئی۔ لیکن کیا کرتی نہ تو رہتے ہی بنتی تھی اور نہ نکلتے ہی بن آتی تھی۔ جہانتک بنا برابر صبر اور طبیعت پر جبر کیا اس عرصہ میں خدا نے اس کی سن لی اور

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسرو

اُس کی بیوی مریم مکانی کو آنجہانی بنا دیا لیکن شیریں کے عتاب اور اس کی کدورت میں ذرا فرق نہ آیا۔ مگر مثل مشہور ہے کہ بادشاہوں کا عشق بھی گھات سے خالی نہیں ہوتا۔ دن کو رات اور رات کو دن بنا کر دکھا دیتا ہے۔ غریب شیریں کے جلانے اور رشک دلانے کی غرض سے ایک اور معشوقہ کو دام فریب میں لانا چاہا۔ اس امر کا خیال آنا تھا کہ شکر نام معشوقۂ اصفہانی کا ہاتھ آنا وہی مثل ہوئی کہ خدا شکر خورے کو شکر دیتا ہے۔ لیکن شیریں کے عشق کا شعلہ بھی ایسا نہ تھا کہ وہ یونہیں بجھ جاتا خسرو کے حق میں یہ اور توے پر پانی بلکہ کڑوسین تیل ہو گیا۔ پھر اپنے یار شاپور کو یاد کیا غرض شاپور گیا اور طرح طرح سے اُتار چڑھاؤ دیکر شیریں کو شیشے میں اتار لیا آخر پھر عورت ذات تھی دونوں کا دل ہاتھ سے گیا ہوا تھا۔ راضی ہونا ہی پڑا۔ پرویز نے اس خوشی میں بڑا بھاری جشن کیا اور زردشت کی شریعت کے موافق شیریں سے عقد کر لیا۔ جب تک زندہ رہا عیش و کامرانی کے ساتھ بسر کرتا رہا۔ کہتے ہیں بیٹے نے باپ کو قتل کرنے کے بعد اس کی بیوی شیریں پر نظر بد ڈالی چونکہ شیریں ایک پاکدامن اور باعصمت عورت تھی اُسے یہ بات منظور نہ ہوئی سیدھی پرویز کی قبر پر چلی گئی اور خنجر سے اپنا کام تمام کر کے اس دلارام کے پاس جا سوئی۔

شیریں کے پروانوں میں صرف خسرو پرویز یا ان کے صاحبزادہ شیرویہ ہی نہ تھے بلکہ فرہاد سنگساز بھی خسرو کی زندگی سے اس کے عشق کا دم بھرتا اور بن آئی مرتا تھا جس کا سچا قصہ یہ ہے کہ شیریں کو شیر تازہ سے نہایت رغبت تھی لیکن جب سے راج پاٹ چھوڑ مدائن میں آگئی تھی اس کی مرضی کے موافق شرت کا دودھ دوہا دودھ میسر نہ ہوتا تھا۔ شیریں نے شاپور سے جو اس کا دیرینہ ہمراز بنا ہوا تھا اس کے انتظام کو کہا۔ وہ فرہاد نام ایک شخص کو جو علم ہندسہ اور فن سنگ تراشی میں استاد کامل۔ شیر شاپور کا ہم مکتب رہ چکا تھا لے آیا۔ شیریں نے پردہ میں بیٹھکر اپنے دل کی بات اس سے کہی۔ فرہاد نے ایسی شیریں کلامی کہاں دیکھی تھی۔ اس کی میٹھی میٹھی باتوں پر لٹو ہو گیا۔ دل و جان۔ دین و ایمان۔ زر و مال۔ عقل و ہوش۔ علم و ہنر جو کچھ اس کے پلے تھا

خسرو

سب نذر کر دینے پر آمادہ ہو گیا۔ اور آج ہی سے اپنے آپ کو عاشق اُسے معشوق قرار دیکر اس کی خدمت بجا آوری احکام میں مستعد رہنے لگا۔ ایک ہی مہینے میں اس کے محل کے نیچے ایک نہایت عمدہ صاف شفاف حوض تیار کر دیا اور فراز کوہ سے جس کے نیچے چراگاہ تھی ایک نہر بھی لا کر اسی حوض میں ڈال دی۔ چراگاہ میں سے گایوں کا تازہ تازہ دودھ لیتا اور اسی نہر کے ذریعہ سے حوض شیریں میں پہنچاتا۔ چونکہ عشق اور مشک چھپا نہیں رہتا شیریں کے دل پر بھی اس کی شیفتگی و فریفتگی کھل گئی وہ اس محبت زدہ کی ہر طرح سے دلداری کرتی اور ہر بہانہ سے انعام و اکرام مرحمت فرماتی۔ القصہ اس عشق کا چرچا تمام شہر میں پھیل گیا کوئی گلی اور کوئی کوچہ ایسا نہ تھا جہاں فرہاد و شیریں کا ذکر نہ ہو۔ پرویز کے کانوں تک بھی یہ خبر پہنچی وہ فرہاد کی جان کا لاگو ہو گیا عجیب شان کبریائی ہے کہ اس نے شاہ و گدا کی باہمی رقابت ٹھیرائی ہے۔ اگرچہ پرویز نے گوہ کن کو پکڑ بلایا مگر بے گناہ کا قتل کر دینا اپنی بدنامی اور رسوائی کا سبب سمجھ کر ایک اور تدبیر سے اس کی جان کے درپے ہوا۔ فرہاد کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ آج آپ کی کوہکنی کا امتحان ہے آپ جانتے ہیں کہ کوہ بیستون جو عین شاہ راہ میں واقع ہوا ہے لوگوں کی آمد و رفت میں کس قدر ہرج کرتا اور تکلیف دیتا ہے اگر آپ شیریں کے نام کی برکت سے اس کا پاپ کاٹ دیں تو شیریں تمہیں اور تم شیریں کو مبارک ہمیں کچھ تعرض نہیں۔ اندھے کو کیا چاہیے دو آنکھیں اس نے جھٹ اس امر کا بیڑا اٹھا لیا۔ اور کہا کہ میرے دم میں دم ہے تو اس سد راہ کو اکھاڑ کر رہونگا۔ ؎

عشق کچھ آتا ہے عشاق جفاکش سے بزور
بار صد کوہ الم بے عمل جبر ثقیل

دیوانہ وار اس کٹھن میں ایک امید موہوم پر مصروف ہو گیا۔ نہایت مشقت اور مصیبت اُٹھا کر ایفائے وعدہ کے قریب پہنچا تھا کہ پرویز نے بات بنا کر فرہاد کے پاس ایک آدمی بھیجا جس نے جا کر یہ سندیسا سنایا کہ آپ کی شیریں نے جان شیریں خدا سے جان آفرین کو سونپ دی اب آپ کا انتظار کر رہی ہے وصال کی تیاری کیجئے۔ اور اس خبر کو مژدہ راحت فزا سمجھئے۔ فرہاد اس پیغام کو پیغام موت سمجھکر ہائے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خسر

شیریں ہائے شیریں کہنے اور اس طرح اپنی جان کھونے لگا یہاں تک کہ تھوڑے ہی عرصہ میں جاں بحق ہو گیا۔ ؎

ہو گیا کشتۂ ناز کا بسمل ٹھنڈا ✦ لے ہوا تو کلیجا تیرا قاتل ٹھنڈا

کہتے ہیں فرہاد کو شیریں کا اس قدر عشق تھا کہ اس نے پہاڑ تراشنے کی حالت میں بھی اس کے خیال سے دور نہ ہونے کی غرض سے ایک پیکر سنگین نہایت خوشنما اُسی کوہ بیستون میں تراش لی تھی جسے دیکھ کر اپنے دل کو تسلی دیتا اور ایک نہ ایک روز ملنے کا شگون لیتا رہتا تھا۔ یہ بت سنگین دل اب تک کوہ بیستون پر موجود ہے سیاحان عالم جاتے اور اسے دیکھ کر فرہاد و شیریں کے زمانہ کا لطف اٹھاتے ہیں۔ غرض یہی خسرو۔ یہی شیریں۔ یہی فرہاد۔ یہی کوہ بیستون اور بار بد گویا ہے جس کے ذکر سے عاشقانہ اشعار اور عشقیہ کہانیاں رنگی جاتی ہیں۔ افسوس نہ اب فرہاد جان بازی ہی باقی ہے نہ شیریں سا سایۂ دلنواز۔ سب کے سب سپرد خاک ہو گئے۔ یہی دن ہمارے واسطے دہرا ہے۔ اللہ اللہ اس زمین کے تہ خانوں میں بھی کیسے حور شمایل۔ فرشتہ خصایل مزے کی نیند سوتے ہیں کہ اٹھنے کا نام تک نہیں لیتے ✦

خسرہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ کھیت بہی۔ گانوں کے کھیتوں کی فہرست نقشہ دیہہ کی فہرست ✦

خسوف ۔ع۔ اسم مذکر (۱) زمیں دھنسنا۔ (۲) دیکھو (چاند گرہن)

خسیس ۔ع۔ صفت (۱) کمینہ۔ فرومایہ (۲) بخیل۔ تنگدل۔ کنجوس۔ زبون۔ نالائق ✦

خشت ۔ف۔ اسم مونث۔ اینٹ ✦

خشک ۔ف۔ اسم مونث۔ چولغلا ✦ میانی۔ پیجامہ کا رومال۔ ؎

بھانجا اُس کا جوانی سے ہے اب گدرایا
جس کی خالہ پھرے تھی گلیوں میں بھکاری خشک (سودا)

خشخاش ۔ف۔ اسم مونث (۱) پوست کے دانے۔ خشش۔ تخم افیون (۲) چاول کا آٹھواں حصہ ✦

خشخت ۔ا۔ اسم مونث۔ عوام الناس نے خشک کو بگاڑ لیا ہے ✦

خشش ۔ا۔ اسم مونث۔ خشخاش کا مخفف ✦

خصم

خشخش برابر ۔ا۔ صفت۔ ذرا سا۔ منے برابر ✦

خشک ۔ف۔ صفت (۱) سوکھا۔ تر کے خلاف (۲) روکھا ✦ کج اخلاق (۳) بغیر روٹی کے۔ بن روٹی۔ جیسے خشک تنخواہ (۴) صرف۔ فقط تنہا جیسے خشک دس روپے ملتے ہیں (۵) بے مغز۔ کوڑھ۔ ناسمجھ ✦

خشک دماغ ۔یا مغز۔ف۔ صفت۔ مجنون۔ دیوانہ۔ سودائی۔ پاگل کوڑھ مغز۔ سادہ لوح۔ کندۂ ناتراش۔ گاؤدی۔ بے مغز ✦

خشک دماغی ۔یا مغزی۔ف۔ اسم مونث۔ دیوانگی۔ جنون۔ سودا باؤلاپن۔ گاؤدی پن۔ کوڑھ مغزی ✦

خشک سالی ۔ف۔ اسم مونث (۱) قحط۔ کال۔ اکال۔ سوکھا (۲) وہ موسم جس میں حسب معمول بارش نہ ہوئی ہو ✦ قحط زدگی ✦

خشک ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) سوکھنا (۲) مرجھانا۔ بھرنا ✦ کھڑنک ہونا۔ رطوبت جذب ہونا ✦

خشکہ ۔ف۔ اسم مونث۔ ابالے ہوئے چاول۔ بھات۔ بھتا۔ پھیکے اُبلے چاول ✦

خشکہ کھاؤ ۔ا۔ (محاورہ) جب کوئی شخص کسی نامعلوم کام میں مداخلت کرتا یا بیوقوف جواب دیتا ہے تو اس وقت یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں جس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ جاؤ رخصت ہو اپنے گھر خوش رہو۔ خوشی خوشی سدھارو۔ چلو چلو۔ ؎

چل دوات چھیڑ بس ہے کون وہ تشکہ تو کھا۔

اس کی خاطر میں دھڑی گھری جماؤں دُور پار (رنگین)

خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ ۔ا (محاورہ) اپنا راستہ لو۔ چلو ہٹو۔ سرکو۔ رخصت ہو۔ چمپت ہو۔ خود کماؤ۔ خود مزے سے کھاؤ (چونکہ بے محل بات کا یہ جواب ہوتا ہے اس سبب سے پنیر اور خشکہ ایک بے میل چیز کا نام لیا گیا) ✦

خشکی ۔ف۔ اسم مونث۔ یبوست۔ سکھاوٹ۔ سوکھا پن (۲) روکھا پن (۳) کال۔ قحط (۴) پلیتھن وہ باریک سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ گیلا آٹا ہاتھ کو نہ چپکے ✦

خصلت ۔ع۔ اسم مونث۔ خو۔ عادت۔ سبھاؤ۔ بان ✦

خصم ۔ع۔ اسم مذکر (۱) بیری۔ دشمن۔ بدخواہ۔ عدو۔ حریف۔ مخالف۔ مقابل (۲) مالک۔ آقا۔ خداوند (۳) شوہر۔ میاں۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خصم

خاوند - گھر والا - سوامی - پتی - دھنی - بھرتار - کنتھ - بالم - پی - جیسے خصم کا کہا مے بھیاجی کا گیت گائے یعنی کوئی دے اور کسی کا نام ہو +

خصم روئی - یا خصم پٹی - ا - اسم مونث - عو - رانڈ - بیوہ - بدھوا (۲) ایک قسم کا کوسنا جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے +

خصم کرنا - ا - فعل متعدی - اپنے آپ کو بیاہ کرنا - خود خاوند بنا لینا جو عیب میں داخل ہے جیسے خصم کیا سکھ سہنے کو پانی نگ کے رونے کو + تیلی خصم کیا اور پھر بھی رو کھا کھایا +

خصم والی - و - اسم مونث - بیاہتا - بیاہی تھیاہی - خاوند والی - میاں والی - گھر بار کی +

خصموں پٹی - و - اسم مونث - دیکھو (خصم روئی)

خصموں جلی - ا - اسم مونث - وہ عورت جو خاوند کا سکھ نہ دیکھے مصیبت کی ماری - برہ کی ماری - شوہر سے ناالاں ؛

خصوص - ع - اسم مذکر - خاص + خاص کر +

خصوصاً - ع - فعل - خاص کر - علی الخصوص - بشیش کر کے + مقدم - اولا +

خصوصیت - ع - اسم مونث - خاص کرنا - خاص ہونا + خاص صفت - خاص بات - ذاتی تعلق - میل ملاپ - ربط ضبط - دوستی اخلاص - اختلاط +

خصومت - ع - اسم مونث (۱) دشمنی - عداوت - بغض - کینہ - بیر (۲) جھگڑا - ٹنٹا - فساد +

خصی - ع - اسم مذکر - خصیے نکالا ہوا جانور - اختہ - بدھیا (۲) نامرد زنخہ - ہیجڑا + ہیز - ہیجڑا - مخنث - عنین - خواجہ سرا - وہ شخص جس کو رجولیت نہ ہو +

خصی پرنالہ - و - اسم مذکر - جنگی پرنالے کا نقیض وہ پرنالہ جس کا پانی دور جا کر نہ پڑے - دیوار کے اندر کا پرنالہ جنگی پرنالہ کے خلاف +

خصیہ - ع - اسم مذکر - انڈا - فوطہ - بیضہ - پیلڑ - خایہ +

خضاب - ع - اسم مذکر (۱) عموماً ہر ایک رنگ دگلگونہ (۲) خصوصاً

خضر

وسمہ مہندی اور نیل کا رنگ - ؎

وہ بادہ نوش تھے پیری میں بھی نہ توبہ کی
شراب خم میں رہی شیشے میں خضاب رہا (صبا)

خضاب کرنا - یا - لگانا - و - فعل متعدی - وسمہ لگانا - وسمہ کرنا - بالوں کو نیل وغیرہ لگانا - بال رنگنا - بال سیاہ کرنا +

خضر - ع - اسم مذکر - (یہ لفظ بکسر اول وسکون دوم یا بفتح اول وسکون ثانی اساتذہ فارس کے کلام میں وبکسر اول وفتح دوم بعض متاخرین فارس و اردو کے اشعار اور عوام الناس اردو دان کی بول چال میں پایا جاتا ہے لیکن شعرائے اردو نے اکثر متقدمین فارس کا تتبع کیا ہے چنانچہ ایک شعر قاآنی کا جو متاخرین فارس سے ہے اور جس نے نظر اثر شجر وغیرہ پر بنائے قافیہ رکھی ہے۔ تمثیلاً اردو کے درج لغات کئے جاتے ہیں + ؎

صد مرتبہ گردد بتر از زہر ہلاہل + گر زانکہ فتد عکس تو در آب خضر بر (قاآنی)
عمر خضر سے اس کی زیادہ ہو زندگی + دھوؤں پیئے جو یار کی زلف دراز کا (آتش)
وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناس خلق اے خضر + نہ تم کہ چور بنے عمر جاوداں کے لئے (غالب)
لے گرعمر بھر ہمکو گرداریں بادہ خواری ہیں + خضر کیطرح کیوں پھر پھر کے ہستی رائیگاں کیجے (عارف)

(۱) ایک پیغمبر کا نام جن کا معجزہ یہ تھا کہ جہاں بیٹھتے وہاں سبزہ نمودار ہو جاتا یا جس جگہ سے گزر جاتے وہ جگہ ہمیشہ سرسبز و شاداب رہتی چنانچہ اسی وجہ سے یہ لقب پڑ گیا کیونکہ خضر بمعنی سبز و سبزہ کلام عرب میں آتا ہے ایشیائی لوگ ان کو دریا اور صحرا کا پیغمبر مانتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ سکندر کو آب حیات تک یہی لے گئے تھے جس کے پینے سے ان کو عمر جاوداں نصیب ہوئی مگر سکندر محروم رہا + ؎ کیا کیا خضر نے سکندر سے۔ اب کسے رہنما کرے کوئی + سمندر دریا جنگل بیابان وغیرہ کا ان کو راہبر خیال کرتے اور کہتے ہیں کہ بھولے بھٹکوں کو رستہ بتانا ان کا کام ہے۔ ایک انگریزی مورخ کا بیان ہے کہ خضر ایران کے شاہان قدیم میں سے ایک بادشاہ کا وزیر تھا جسے سکندر اعظم یا کیقباد کہتے تھے مگر یہ سکندر مقدونیہ والا سکندر جسے سکندر رومی بھی کہتے ہیں نہیں ہے اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ اس کو آب حیات کا چشمہ ملا اور اس نے اس کا پانی پیکر عمر جاوید پائی۔ بعض ان کو حضرت الیاس بھی قرار دیتے ہیں چنانچہ اہل انگلینڈ انہیں خضر الیاس کے نام سے ملقب کرتے ہیں کیونکہ ان دونوں کی حیات بدستور خیال کی جاتی ہے۔ سیر المتاخرین نے خضر کا اصل نام بلیان پور کلیان بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح لکھا ہے اور وجہ خضر یہ بیان کی ہے کہ ایک دفعہ آپ پر یتین سفید پر جو بیٹھے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خضر

تو آپ کے قدم مبارک کی برکت سے وہ سبزہ ہوگیا۔ شیراز سے دو فرسنگ کے فاصلہ پر موسےٰ علیہ السلام کے عہد میں پیدا ہوئے اور بعض مورخ عہد ابراہیم علیہ السلام میں آپ کی پیدائش بیان کرتے ہیں۔ تاریخ جہان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسےٰ آپ سے مجمع البحرین میں بحکم خدا جا کر ملے۔ اٹھارہ روز معاشر و مصاحب رہے۔ اور ان کی خدمت سے ایک خاص تعلیم بوسیلۂ سفر حاصل کی ✦ (۲) رہبر۔ رہنما۔

بھولے بھٹکے کو راستہ بتانے والا۔ ؎

گر مسیحا دشمن جاں ہو تو ہو کیونکر علاج
کون رہبر ہو سکے جب خضر بہکانے لگے ✦

خضر ملے ۔ا۔ محاورہ۔ مراد حاصل ہوئی۔ پورے رہنما مل گئے کام بن گیا۔ امید بندھ گئی۔ ؎

خوشی کے مارے کہوں آج مجکو خضر ملے
جو راہ کو چۂ جاناں کا راہبر مل جائے (ناسخ)

خط ۔ع۔ اسم مذکر (۱) نوشتہ۔ لکھت۔ تحریر۔ نوشت ✦ ؎

استر امنہ پہ چوپھرنے نہیں دیتا ہے بجا
محو دیندار سے کیونکر خطِ قرآں ہوتا (ناسخ)

(۲) دستاویز۔ چمشک۔ سند۔ قبالہ (۳) لکیر۔ لائیں۔ دھاری ڈھدیر۔ ؎

بے مے کسے ہے طاقت آشوبِ آگہی
کھینچا ہے عجز حوصلہ نے خطِ ایاغ کا (غالب)

(۴) اقلیدس) وہ لکیر جس کا طول ہی طول ہو اور عرض و عمق مطلقاً نہ ہو (۵۔ ا) نامہ۔ مکتوب۔ چٹھی۔ شقہ۔ پتری۔ رقعہ۔ ؎

آ کے اک نامۂ دلدار دیا ✦ خطِ مشکیں رقم یار دیا (مومن)

(۶) ڈاڑھی۔ ریش۔ سبزۂ رخسار ✦ ؎

کم ہوا خطِ شعاعی سے فروغِ آفتاب
کچھ نہیں غم گر خطِ رخسارِ جاناں بڑھ گیا (ناسخ)

(۷) ہاتھ کا لکھا۔ نستعلیق۔ دستخط (۸) نشان۔ علامت (۹) حجامت۔ اصلاح ✦

خط آزادی ۔ع ✦ف۔ اسم مذکر۔ وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھ دیتے ہیں مفصل دیکھو (آزادی کا خط)

خط آنا ۔یا۔ نکلنا۔ ا۔ فعل لازم (۱) سبزہ آغاز ہونا۔ رخسارہ پر ڈاڑھی

خط

کا نمودار ہونا (۲) نامہ آنا۔ چٹھی آنا ✦

خطِ استوا ۔ع۔ اسم مذکر۔ وہ فرضی خط جو زمین کے دو برابر حصے کرتا اور اس پر آفتاب پہنچنے سے رات دن مساوی ہو جاتا ہے مجازاً معدل النہار کو بھی کہتے ہیں ✦ یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے ✦

خط بگڑ جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ بد خط لکھنے لگنا۔ دستخط کی شان میں فرق آنا۔ خوشخط نہ رہنا ✦

خط بنانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) حجامت بنانا۔ رخسار کے بال لینا۔ اصلاح بنانا۔ (۲) خوشخطی کی مشق کرنا۔ خط درست کرنا ✦

خط بنوانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ اصلاح بنوانا۔ رخسار کے بال نوچنا ✦

خطِ جدی ۔ع۔ اسم مذکر۔ لکیر رکیھا۔ وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ جانبِ جنوب واقع ہے جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن بڑا رات چھوٹی ہوتی اور وہاں سردی زیادہ پڑنے لگتی ہے۔ جنوب کی طرف خطِ جدی اور شمال کی طرف خطِ سرطان سے آفتاب آگے نہیں بڑھتا ✦

خط دار ۔ا۔ صفت۔ دھاری دار ✦

خطِ سرطان ۔ع۔ اسم مذکر۔ لکیر رکیھا۔ وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ جانب شمال واقع ہے۔ جب آفتاب اُدھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی ہو جاتی ہے ✦

خط سنورنا ۔ا۔ فعل لازم۔ دستخط کا درست ہونا۔ خوشخطی آنا خط میں شگفتگی آنا ✦

خط عمود ۔ع۔ اسم مذکر۔ وہ کھڑی لکیر جو دو برابر کے زاویے پیدا کرے سیدھا خط ✦

خط کا پکڑا جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ خفیہ خط کا فاش ہو جانا ✦

خط کتابت ۔ع۔ اسم مونث۔ مراسلت۔ چٹھی۔ پتری۔ لکھت پڑھت ✦

خط متوازی ۔ع۔ اسم مذکر۔ ہیچ برابر لکیر۔ وہ دو خطوط کہ جن کو جہانتک چاہیں کھینچتے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خط

خط مستقیم - ع - اسم مذکر - سیدھا خط - سیدھی لکیر +

خط منحنی - ع - اسم مذکر - ٹیڑھا خط - سیدھے خط کا نقیض +

خط نسخ - ع - اسم مذکر - چھے خطوں میں سے ایک عربی خط جسے خواجہ عماد الدین نے اختراع کر کے اس سے پیشتر کے خطوں کو اس کی خوبی کے آگے منسوخ کر دیا تھا +

خط نستعلیق - ع - اسم مذکر - وہ ایرانی خط جو خط نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے کثرت استعمال سے خائے سنجہ کو حذف کر دیا +

خطا - ع - اسم مونث - صواب کا نقیض - قصور - بھول چوک - تقصیر - گناہ - جرم - غلطی - سہو جیسے بیوی خطا کرے باندی پکڑی جائے +

خطا کرنا - ا - فعل متعدی - قصور کرنا - قصوروار ہونا - گناہگار ہونا +

خطاوار - ع مذ - صفت - قصوروار - تقصیر وار - گنہگار - مجرم - خفا گرچہ ناحق بھی پاتے ہیں ہم + خطاوار بنکر مناتے ہیں ہم (مؤلف)

خطا ہونا - ا - فعل لازم (۱) بھول ہونا - غلطی یا سہو ہونا - قصور ہونا - جرم ہونا - ؎

تری تیغ کے منہ کا بوسہ لیا + خطا مجھسے اتنی تو قاتل ہوئی (رند)

(۲) نکلنا - خروج کرنا جیسے پیشاب یا پخانہ خطا ہونا +

خطاب - ع - اسم مذکر (۱) کسی کے روبرو متوجہ ہو کر کلام کرنا - کلام گفتگو (۲) تعریفی لقب - عزت کا توصیفی نام جو حکام کی طرف سے رکھا جائے (۳) ضد غیبت - غیر حضوری (۴) غصہ - عتاب +

خطاب دینا - ا - فعل متعدی - توصیفی نام رکھنا - خواہ حکام کی طرف سے یہ لقب دیا جائے خواہ ساس اپنی بہو کا کوئی عمدہ نام رکھے - طنزاً برا نام رکھنے کو بھی کہتے ہیں +

خطامہ - ع - اسم مونث - غلط العوام - دیکھو (قطامہ)

خطبہ - ع - اسم مذکر (۱) وہ تعریف باحمد و نعت خواہ وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے (۲) کتاب کا دیباچہ - کتاب کا دیباچہ - کتاب کا مقدمہ - سبب تالیف وغیرہ (۳) نماز جمعہ و عیدین میں خدا و رسول کی حمد و نعت اور بادشاہ وقت کی

خفت

تعریف سنانا +

خطبہ پڑھا جانا - ا - فعل لازم - اول معلوم - دوم کسی بادشاہ کا نام اس کی حکومت کو تسلیم کر کے خطبہ میں داخل کرنا - بادشاہ مانا جانا جیسے نادر کے نام کا خطبہ پڑھا گیا یعنی اس کی بادشاہی تسلیم ہوئی +

خطر - ع - اسم مذکر - خوف - اندیشہ - آفت - دشواری +

خطرا - ا - اسم مذکر - عو - خاطر کی تصغیر بالتحقیر جیسے وہ اب کسی کو خطرا میں نہیں لاتی +

خطرہ - ع - اسم مذکر - خوف - اندیشہ - حذشہ - جوکھوں - وسوسہ ڈر - سندیہہ - وسواس - فزع - توزع +

خطرے میں ڈالنا - ا - فعل متعدی - جوکھوں میں ڈالنا - ہلاکت میں ڈالنا - آفت میں پھنسانا +

خطرے میں نہ لانا - ا - فعل لازم - عو - خاطر میں نہ لانا - حقیر سمجھنا + بات نہ ماننا - کہا نہ ماننا - کسی امر کا خیال نہ کرنا - کچھ نہ سمجھنا - وقعت نہ جاننا +

خطمی - ع - اسم مونث - گل خیرو +

خطہ - ع - ا - مذکر - وہ قطعۂ زمین جس کے گرداگرد عمارت کے واسطے خط کھینچ دیں - زمین کا گھرا ہوا حصہ - ملک کا قطعہ - شہر کلاں - ملک - سرزمین +

خطیب - ع - اسم مذکر - خطبہ پڑھنے والا - وعظ سنانے والا - مخاطب کرنے والا - وہ عہدہ دار جو بادشاہ کو کسی شخص یا کسی بات کی طرف دعا دیکر متوجہ کرے +

خطیر - ع - صفت - بڑا - کثیر - بہت - نہایت +

خفا - ا - صفت - غضبناک - ناخوش - برہم - ناراض - آزردہ - (یہ لفظ فارسی خپہ بمعنی گلوفشردن سے نکلا ہے)

خفا کرنا - ا - فعل متعدی - ناراض کرنا - برہم کرنا - غصہ دلانا رنجیدہ کرنا - آزردہ کرنا +

خفا ہونا - ا - فعل لازم - ناراض ہونا - آزردہ ہونا - کبیدہ ہونا - برہم ہونا +

خفت - ع - اسم مونث (۱) سبکی - ہلکاپن - اوچھاپن (۲) ذلت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خفت

شرم - خجالت +

خفت اٹھانا - ا - فعلِ متعدی - شرمندہ ہونا - خجالت اٹھانا انفعال پانا +

خفقان ع - اسم مذکر - تپاکِ قلب - دھڑکن - دل کا دھڑکنا - دل اچھلنا - ایک بیماری کا نام جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے مالیخولیا کا ایک مقدمہ - ؎

گھر کے دروازے میں زنجیر لگی رہتی ہے
میری وحشت سے نہیں وہ خفقاں رہتا ہے (صبا)

(۲) جنون - سودا - گھبراہٹ مالیخولیا - خیالات باطلہ - توہمات وحشت +

خفقان ہونا - ا - فعلِ لازم - دل دھڑکنا + دل گھبرانا + جنون ہونا - مالیخولیا ہونا - وحشت ہونا +

خفگی - ا - اسم مونث - آزردگی - ناراضگی - ناراضی - ناخوشی - غضب - غصّہ +

خفی ع - صفت (۱) جلی کا نقیض - باریک خط - مہین خط (۲) پوشیدہ - مخفی - الوپ - (۳) دہلی کی ایک شاعرہ کا تخلص جو حضرت داغ کی شاگرد اور بہن ہیں +

خفیف ع - صفت (۱) ہلکا - سبک (۲) اوچھا - کمظرف - (۳ - ا) ذلیل - رسوا (۴ - ا) بقید ر - بحقیقت (۵ - ا) کم - تھوڑا جیسے خفیف بخار ہونا +

خفیف سا - ا - صفت (۱) ہلکا - کم - بہت تھوڑا - حباب سا - جیسے خفیف سا چونہ لگانا (۲) ذلیل سا - بے حقیقت سا +

خفیف ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) ذلیل ہونا - شرمندہ ہونا - خجل ہونا حقیر ہونا (۲) کم ہونا - ہلکا ہونا +

خفیفہ ع - اسم مونث - منسوب بخفیف - چھوٹا - خورد - محکمۂ جج

خفیف عدالت ع - اسم مونث - وہ عدالت جس میں زر نقد کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو - جج - جج صاحب کی کچہری +

خفیہ ع - صفت - پوشیدہ - درپردہ - چھپواں - چھپا ہوا گپت +

خلا

خفیہ پولس - ا - اسم مذکر - وہ جاسوسوں کا محکمہ جسے درپردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنے کا کام سپرد ہے +

خفیہ خبر ع - اسم مونث - مخفی خبر - پوشیدہ خبر +

خفیہ کارروائی کرنا - ا - فعلِ متعدی - چھپے چھپے کام کرنا - درپردہ کارروائی کرنا +

خفیہ نویس ع + ف - اسم مذکر - جاسوس - مخبر پوشیدہ خبر دینے والا - خبر نویس - دوت +

خفیہ نویسی - ا - اسم مونث - درپردہ تحریر کرنا - مخبری - جاسوسی

خلا ع - اسم مذکر - تہی کا نقیض - خالی - جوف - خلوئیسن دھکا کا قول ہے کہ خلا محال ہے جو چیز ہے وہ کسی نہ کسی چیز سے پُر ہے اور کچھ نہیں تو اس میں ہوا ہی ہے - ؎

ہے یوں ہی ترک ہوا ہو کو اگر نے طبعی + ثابت اپنے عالم دل میں خلا ہو جائیگا (ناسخ)

خلا ملا - ع - صفت (۱) خالی اور بھرا (۲) خلط ملط - ملا جلا - ربط ضبط رکھنے والا - مخلوط + گھلا ملا - خلوت اور جلوت کا شریک - نہایت دوستی اور ارتباط کے موقع پر بولتے ہیں اس معنے میں یہ لفظ میری رائے میں اردو اور خلط ملط سے بگڑا ہوا ہے کیونکہ لغوی معنی بہ تکلف اس موقع پر چسپاں ہو سکتے ہیں جیسے یہ تو ہم دم اُن سے خلا ملا ہیں - بعض دوستوں کی رائے ہے کہ خلط ملط سے خلا ملا بن گیا ہے لیکن - اس صورت میں خلوت اور جلوت کی شرکت نکل جاتی ہے +

خلاص ع - اسم مذکر (۱) رہا - آزاد - وارستہ چھوٹا ہوا (۲ - ا) فارغ - انزال +

خلاصہ ع - صفت (۱) فراخ - کشادہ - وسیع - چوڑا - متخلخل ڈھیلا (۲ - ا - تابع فعل) دور دور - فاصلہ سے جدا جدا (۳) چیدہ - برگزیدہ - چنا ہوا چھانٹا ہوا + پاک صاف : (۴) مجمل - مختصر منتخب (۵) اصل - تت - لب لباب - عطر - ست (۶) اختصار - اقتصار - سنکشیپ +

خلاصہ کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) کھولنا - کشادہ کرنا - ڈھیلا کرنا فراخ کرنا (۲) اختصار کرنا - کم کرنا (۳) چھانٹنا - انتخاب کرنا (۴) واشگاف کہنا - ظاہر کرنا +

خلاصہ ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) فراخ ہونا - ڈھیلا ہونا - کھلنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خلا

(۲) ظاہر ہونا۔ علانیہ ہونا (۳) اختصار ہونا (۴) انتخاب ہونا (۵) صاف ہونا +

خلاصہ یہ ہے ۔ا۔ محاورہ۔ اصل مطلب یہ ہے۔ حاصل کلام یہ ہے۔ الحاصل۔ صاف یہ ہے +

خلاصی ۔ا۔ اسم مونث (۱) رہائی۔ نجات۔ آزادی۔ رستگاری چھٹکارا (۲۔ اسم مذکر۔) تو پخانے یا جہاز کے کارندے۔ خیمہ ایستادہ کرنے والے (اس معنے میں لوگ بہ تشدید لام خلاصی بولتے ہیں اول معنے میں بھی غلط مشہور ہے اگرچہ بعضے لوگوں نے اسے ایک قسم کا تصرف فارسیان قرار دیا ہے لیکن جس حالت میں خلاص خود مصدر ہے تو پھر بائے مصدری لگانی خلاف عقل ہے)

خلاصی پانا۔ا۔ فعل متعدی۔ رہائی پانا۔ چھٹکارا پانا قید سے چھوٹنا۔ آزاد ہونا +

خلاف ع صفت (۱) لغوی معنے پیچھے شکر کھر طہونا۔ موافق کا نقیض الٹا۔ ناسازگار۔ ناموافق۔ برعکس۔ برخلاف۔ نقیض (۲۔ اسم مذکر) جھوٹ۔ دروغ (۳) مدمقابل۔ حریف۔ دشمن۔

خلاف بیانی۔ا۔ اسم مونث۔ جھوٹ بیان کرنا۔ دروغگوئی۔ حلف دروغی +

خلاف دستور ع + ف۔ صفت۔ رواج کے برخلاف۔ بے ضابطہ۔ بے قاعدہ +

خلاف سررشتہ۔ یا۔ **ضابطہ** ع + ف۔ صفت دیکھو (خلاف دستور)

خلاف سمجھنا۔ا۔ فعل لازم۔ جھوٹ خیال کرنا۔ برعکس سمجھنا +

خلاف شرع ع۔ تابع فعل۔ قانون محمدی کے خلاف۔ شریعت کے برعکس +

خلاف طبع ع۔ تابع فعل۔ طبیعت کے برعکس۔ مزاج کے برخلاف +

خلاف عقل ع۔ تابع فعل۔ بعید العقل۔ دانشمندی کے برعکس

خلاف قیاس ع۔ تابع فعل۔ ناممکن +

خلاف کہنا۔ا۔ فعل متعدی۔ جھوٹ بولنا۔ طبیعت کے ناموافق بات کہنا +

خلاص

خلاف وضع ع۔ تابع فعل۔ طریقے اور عادات کے برعکس

خلاف ہونا۔ فعل لازم۔ا۔ مخالف ہونا۔ برعکس ہونا۔ دشمن ہونا۔ مدعی بننا۔ دعوے دار ہونا +

خلافت ع۔ اسم مونث۔ ولیعہدی۔ جانشینی۔ نیابت۔ خلیفہ کا عہدہ (درویش یا مشائخ یا بادشاہ یا بنی کے قایم مقام ہونے کی نسبت بولتے ہیں) +

خلال ع۔ اسم مذکر (۱) درمیان۔ مجازاً دانت کریدنیکا تنکا دانت کریدنے کا آلہ (۲۔ا) مات۔ گنجیفہ میں بازی دینا +

خلال دینا۔ا۔ فعل متعدی۔ مات دینا۔ بازی دینا۔ ہرانا شکست دینا۔ گنجیفہ کی بازی دینا +

خلال کرنا۔ا۔ فعل متعدی (۱) دانت کریدنا۔ دانتوں کے اندر سے ریشہ وغیرہ نکالنا (۲) مات دینا +

خلال لینا۔ا۔ فعل لازم۔ مات لینا۔ ہار ماننا +

خلایق ع۔ اسم مونث۔ جمع خلق۔ خلقت۔ پرتھی۔ پرتھمی۔ مخلوقات۔ آفرینش +

خلجان ع۔ اسم مذکر۔ خلش۔ تردد۔ تفکر۔ وسواس۔ فکر۔ اندیشہ چنتا۔ حرج۔ سندھ +

خلخال ع۔ اسم مذکر۔ پازیب۔ پابرنجن۔ گوجری ؎

اس قدر رویا میں آنکھیں مل کے آسکے پاؤں پر
یار کی خلخال پا گرداب دریا ہو گئی (اسیر)

خلخلہ۔ا۔ صفت۔ متخلخل۔ ڈھیلا ڈھالا +

خلد ع۔ اسم مونث۔ جنت۔ بہشت۔ فردوس +

خلد بریں ع + ف۔ اسم مونث۔ فردوس اعلےٰ +

خلش ف۔ اسم مونث (۱) خلیدگی۔ چبن۔ کھٹک ؎

بھولتی آنکھیں نہیں اک دم تجھے اے شہسوار
یاد تیری دل سے رکھتی ہے خلش مہمیز کی (آتش)

ترے تیر نیمکش کو کوئی میرے دل سے پوچھے
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر سے پار ہوتا (غالب)

(۲) حضومت۔ جھگڑا۔ مناقشہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خلط

خِلط ع۔ اسم مذکر (۱) آمیزش۔ سرشت + ملی ہوئی چیز۔ مرکب چیز (۲) اخلاطِ اربعہ یعنی صفرا۔ سودا۔ خون۔ بلغم میں سے ایک چیز +

خلط ملط ع۔ صفت۔ خلاملا۔ ملا جلا۔ مخلوط۔ گڈمڈ۔ گھال میل۔ گھلا ملا +

خَلَطہ ا۔ اسم مذکر۔ خریطہ کا بگڑا ہوا لفظ ہے۔ تھیلی +

خِلعَت ع۔ اسم مذکر (۱) اپنا لباس اتار کر دوسرے کو بخشنا۔ لباس۔ جوڑا۔ کپڑا۔ جو انعام میں بادشاہوں یا امیروں کے ہاں سے دیا جائے۔ کم از کم تین پارچہ کا عطیہ (۲۔ ا) وہ نشان جو استاد خوشخطی کی اصلاح دیتے وقت عمداً و ربا قاعدہ حرف پر لگا دیتے ہیں +

خلعت پہنانا یا۔ دینا۔ ا۔ فعل متعدی عطیہ۔ پوشاک دیکر عزت بڑھانا۔ پوشاک عطا فرمانا + انعام دینا +

خلعت ملنا ا۔ فعلِ لازم۔ پوشاک یا لباس کا انعام ملنا۔ انعام ملنا + ؎

کس کے داغ دل سے محشر میں ملایا جائیگا۔
روز ایک خورشید کو ملتا ہے خلعت نور کا (آتش)

خَلَف ع۔ اسم مذکر (۱) فرزند نیک۔ فرزند صالح سعادتمند بیٹا۔ فرزند۔ بیٹا۔ ابن۔ ولد (۲) وارث۔ جانشین مستحق۔ حقدار +

خُلَفاء ع۔ اسم مذکر۔ خلیفہ کی جمع +

خُلُق ع۔ اسم مذکر۔ خو۔ عادت۔ خصلت۔ مروت۔ خوش مزاجی ملنساری۔ نیک عادت +

خلق والا ا۔ اسم مذکر۔ با اخلاق۔ خوش خو۔ خوش خلق۔ ملنسار +

خَلق ع۔ اسم مونث (۱) آفرینش۔ آفریدہ۔ مخلوق آفریدہ شدگان (۲) خلقت۔ دنیا۔ بنی آدم۔ آدم زاد۔ نوع انسان۔ لوگ۔ ؎

اک نظر بام پہ اے بت نظر آجایا کر
دیکھنے کو ترے اک خلق خدا آتی ہے (رند)

خلل

خِلقَت ع۔ اسم مونث۔ پیدائش۔ آفرینش۔ فطرت۔ سرشت۔ خمیر +

خَلقَت ع۔ اسم مونث۔ دیکھو (خلق بمعنی بنی آدم)
بت خانہ میں بھری ہوئی خلقت خدا کی ہے
بت بھی خدائی کرتے ہیں قدرت خدا کی ہے

خَلَل ع۔ اسم مذکر (۱) رخنہ۔ سوراخ۔ دراڑ۔ درز (۲۔ ا) فتور۔ بگاڑ۔ اختلاف۔ اختلال۔ پراگندگی۔ انتشار۔ ابتری (۳۔ ا) نقصان۔ ضرر۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ حرج (۴۔ ا) بدہضمی۔ پیٹ کا بگاڑ۔ ان پچ (۵۔ ع) جن و پری کا اثر۔ آسیب۔ بھوت پریت کا جھپٹا جیسے اوپری خلل (۶۔ ا) بیماری۔ دکھ۔ علالت۔ روگ۔

خَلَل آنا ا۔ فعل لازم۔ فتور پڑنا۔ انتشار ہونا۔ فرق آنا۔ رخنہ پڑنا +

(انتخاب تاریخ وفات مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی)
انتخاب نسخۂ دین مولوی عبدالعزیز
سعید دل و بے نظیر و بیمثال و بے مثل
جانب مُلک عدم تشریف فرما کیوں ہوئے
آگیا تھا کیا کہیں مردوں کے ایماں میں خلل
مجلس درد آفرین تعزیت ہیں ہیں بھی تھا
جب پڑھی تاریخ موت نے یہ آکر نے بدل
دست بیداد اجل سے بے سروپا ہو گئے
فقرو دین فضل و ہنر لطف و کرم علم و عمل (نقلہ مومن)
۱۲۳۹ھ

خلل انداز ع + ف۔ اسم مذکر۔ رخنہ انداز۔ فسادی۔ جھگڑالو فتنہ پرداز۔ مزاحم۔ سدِ راہ +

خلل انداز ہونا ا۔ فعل لازم۔ رخنہ انداز ہونا جھگڑا نکالنا مزاحم ہونا۔ سدِ راہ ہونا +

خلل دماغ ع + ف۔ اسم مذکر۔ فتور دماغ۔ مالیخولیا۔ سودا دیوانگی۔ جنون +

خلل کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) حرج کرنا۔ مزاحم ہونا مخل ہونا۔ مداخلت کرنا (۲) نقصان کرنا۔ ضرر کرنا۔ (۳) درد کرنا۔ بدہضمی کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خلو

خلوت ع۔ اسم مونث (۱) جلوت کا نقیض۔ تنہائی۔ علیحدگی۔ گوشہ نشینی (۲) مکان کا غیر سے خالی ہونا (۳) خالی جگہ۔ تنہائی کی جگہ (۴) خوابگاہ۔ سونے کا کمرہ (۳۔۱) پوشیدگی جیسے خلوت میں یہ بات کہی۔

خلوت کرنا ا۔ فعل لازم (۱) مکان خالی کرنا۔ مکان غیر سے خالی کرنا۔ تنہا ہونا (۲) عورت سے ہم صحبت ہونا۔ خلوت صحیحہ سے مراد ہے۔

خلوت کے وقت ا۔ تابع فعل۔ (۱) تنہائی میں پوشیدگی میں۔ علیحدگی میں (۲) ہم صحبت ہونے کے وقت۔ بوقت ملاقات۔

خلوص ع۔ اسم مذکر (۱) سادگی۔ صفائی۔ پاکی (۲۔ اسم مذکر) خالص دوستی۔ صادق دوستی۔ سچی دوستی۔ دوستی۔ اخلاص محبت (۳) صداقت۔ راستی۔ راستبازی۔ وفاداری۔ سچائی صفائی۔

خلوص نیت ع۔ اسم مونث۔ خالص نیت۔ پاک نیتی صاف درونی۔ صفائی ارادہ۔

خلیج ع۔ اسم مونث۔ راس کا نقیض۔ شاخ دریا۔ نہر۔ ندی۔ باصطلاح جغرافیہ کھاڑی یا خلیج وہ قطعہ آب جو خشکی کو دور تک کاٹتا چلا گیا ہو جیسے خلیج بنگالہ وغیرہ۔

خلیا ساس ا۔ اسم مونث۔ ساس کی بہن جسے ہندو سوس مولس۔ ماسی جی کہتے ہیں۔

خلیرا بھائی ا۔ اسم مذکر۔ خالہ جایا۔ خالہ کا بیٹا۔ موسیرا۔ ماں کی بہن کا لڑکا۔ ماسی کا بیٹا۔

خلیطہ ا۔ اسم مذکر۔ (صحیح خریطہ) تھیلا بتھیلی۔

خلیطی ا۔ اسم مونث (۱) خریطی (۲۔ عوام) گھر والی۔ جورو۔ زن۔ زوجہ۔

خلیفہ ع۔ اسم مذکر (۱) کسی کے بعد آنے والا۔ ولیعہد۔ ٹیکا۔ قایم مقام۔ جانشین۔ نائب۔ بادشاہ (۲۔۱) مانیٹر۔ استاد کا نائب۔ سب لڑکوں سے زیادہ پڑھا ہوا لڑکا یا استاد کا بیٹا خواہ بیٹی (۳۔۱) حجام۔ نائی۔ درزی وغیرہ ادنے پیشہ کرنے والے آدمیوں کو ان کے خوش کرنے کی غرض سے کہتے ہیں۔

خا

خلیق ع۔ صفت۔ صاحب خلق۔ خوش خلق۔ اچھے سبھاؤ والا۔ خوش مزاج۔ ملنسار۔ خندہ پیشانی۔

خم ف۔ اسم مذکر (۱) ٹیڑھ۔ کجی۔ ترچھاپن۔ جھکاؤ۔

ہر کسی کا حال ہے وضع مصاحب سے عیاں
دال حیدر کی تواضع پر ہے خم تلوار کا (ناسخ)

(۲) پیچ۔ تاب زلف وغیرہ۔

شاید کہ دست غیر سے ہارات شانہ کش
اُس زلف تابدادہ میں کچھ آج خم نہ تھا (مومن)

خم ٹھوکنا ا۔ فعل متعدی۔ ڈنڑوں یا بازوؤں پر اسطرح ہاتھ مارنا کہ حریف جان لے کہ اب یہ کشتی کو تیار ہے۔ ٹھپے ٹھوکنا۔ ڈنڑ بجانا۔ دست بازو زدن۔ دست فرو کوفتن۔ لڑنے یا کشتی کرنے کو مستعد ہو جانا۔

خم و چم ف۔ اسم مذکر۔ رفتار ناز۔ خرام ناز۔ خرام معشوق۔ محبوب کی شک چال۔

خمدار ف۔ صفت۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ بانکا۔ کج۔ پیچدار۔ پیچیدہ پیچاں۔ خمیدہ۔

خم ف۔ اسم مذکر (۱) شراب کا مٹکا۔ امرت بان۔ مانڈی۔ سبوچہ۔

لڑکھڑاؤنگا وروج نشہ میں تو دیکھنا
ایک ٹھوکر میں کئی ٹکڑے خم گردوں ہوا (ناسخ)

(۲) خمیر۔ جوش۔ اچھان۔

خم اٹھنا ا۔ فعل لازم۔ خمیر اٹھنا۔ سڑکر جوش آجانا۔

خم خانہ ع+ف۔ اسم مذکر۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ بھٹی۔ خرابات۔ خانۂ خمار۔

خمار ع۔ اسم مذکر (۱) نشہ۔ سرور۔ شراب کی مستی۔ سکر۔

شکست پائی ہے توبہ کی طرح اُسنے بھی
ہمارے پاس جو آئے مے کشو خمار آیا (ناسخ)

(۲) نشہ اترنے کا کسل۔ کسل شراب۔ بقیۂ مستی (۳۔۱)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خما

نیند کا زور۔ اونگھ۔ غنودگی (۴) نشہ کا آثار +

خمار آلودہ ع ۔ف۔ صفت۔ متوالا۔ مست۔ سرشار۔ نشہ میں چور۔ مخمور + اُنیدا +

خُمیازہ ۔ا۔ صفت۔ مخفف خام پارہ +

خُمرا ۔ا۔ اسم مذکر۔ مسلمان فقیروں کے ایک فرقہ کا نام جس کا پیشہ اکثر تکیوں میں بیٹھنا یا میلے تماشوں میں مانگنا ہے (یہ لفظ قنبر سے بگڑ کر قنبرا ہوا اور پھر خمرا ہو گیا قنبر حضرت علی رضہ کے غلام کا نام تھا چونکہ اس نام سے وہ اپنا فخر سمجھتے ہیں اس وجہ سے انہوں نے بھی لقب اختیار کر لیا بعض لوگ ان کو اس کی اولاد میں سے خیال کرتے ہیں واللہ اعلم) +

خُمریاں ۔ا۔ اسم مونث (عورتوں کی) عورتیں جو اکثر میلوں تماشوں پر مانگا کرتی ہیں "خیراں ہی خیراں" ان کی آواز ہوتی ہے ایک کہتی ہے تیرے ٹبوے میں پیسہ "دھرا ہے دھرا ہے" باقی سب کہتی ہیں "ملیگا ملیگا" غرض اسی طرح تک بندی کرتی چلی جاتی ہیں اور گروہ بنکر مانگا کرتی ہیں)

خُمس ع ۔ صفت ۔ پانچ سے پنج ۔ ۵ +

خُمس ع ۔ صفت ۔ پانچواں حصہ ۔ پنجم +

خمسہ ع ۔ صفت (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا جیسے حواس خمسہ وغیرہ (۲) ۔ اسم مذکر) وہ نظم جسمیں پانچ پانچ مصرعوں کا بند ہو + پانچ منظوم رسالوں کا مجموعہ جیسے خمسہ نظامی و خسرو وغیرہ +

خمیازہ ۔ف ۔ اسم مذکر ۔ انگڑائی ۔ غلبۂ خواب یا کاہلی سے ہاتھوں کو اونچا کر کے بدن کو تاننا ۔ (۲) خازہ ۔ جمہائی ۔ (۳۔۱) مکافات ۔ بدلہ + تاوان (۴۔۱) رنج ۔ تکلیف ۔ پشیمانی ۔ افسوس وغیرہ (خمیازہ یوں کہا کہ بعضا کو غم کرنا پڑتا ہے، کیونکہ یازہ بمعنی حرکت دینا آتا ہے)

خمیازہ اٹھانا ۔ یا ۔ بھرنا ۔ یا بھگتنا ۔ ا۔ فعل لازم (۱) ڈنڈ بھرنا ۔ تاوان دینا + نقصان اٹھانا ۔ ضرر اٹھانا (۲) مکافات اٹھانا ۔ پاداش جھیلنا ۔ قصور کی سزا بھوگنا ۔ معاوضہ دینا ۔ (۳) مصیبت بھرنا ۔ رنج و تکلیف اٹھانا (۴) پچھتانا ۔ پشیمان ہونا +

خمیازہ حسرت ۔ف مع ۔ اسم مذکر ۔ وہ خمیازہ جو حالت افسوس

خمی

مانا امیدی اور مایوسی میں لیا جائے ۔ ۵

اے ستم پیشہ میرے بعد کہاں نشۂ عشق

دیکھ خمیازۂ حسرت ہے یہ شمشیر نہ کھینچ (مومن)

خمیازہ کھینچنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ تکلیف اٹھانا ۔ رنج اٹھانا + پشیماں ہونا ۔ پچھتانا ۔ افسوس کرنا +

خمیدہ ۔ف ۔ صفت ۔ ٹیڑھا ۔ جھکا ہوا ۔ کبڑا +

خمیر ع ۔ اسم مذکر ۔ فطیر کا نقیض (۱) گندھے ہوئے آٹے کو سڑا کر پھلانا ۔ سڑا ہوا آٹا یا کوئی اور چیز جس میں جوش و خم پیدا ہو جائے ۔ مایہ آرد + مایہ عجین + جوش ۔ اُبال (۲) سرشت ۔ خلقت ۔ فطرت ۔ ترکیب ۔ آمیزش ۔ مزاج ۔ طبیعت ترکیب عناصر (۳) مٹی ۔ جسم کی مٹی جیسے جہاں کا خمیر تھا وہیں دفن ہوا +

خمیر اٹھانا ۔ا۔ فعل متعدی سڑانا ۔ خم اٹھانا جوش پیدا کرنا ۔ ابال اٹھانا ۔ جھاگ اٹھانا +

خمیر اٹھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) سڑنا ۔ جوش میں آنا ۔ ابلنے لگنا ۔ خمیر تیار ہونا +

کمال منہ کا لوالہ نہیں ہے بی نعمت

خمیر چینی کا بارہ برس میں اٹھتا ہے (میر یا علی)

(۲) خمیری آٹے کا روٹی پکانے کے قابل تیار ہو جانا ۔ پھول جانا ۔ پھگیا جانا +

خمیر بگڑنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ سرشت میں فرق آنا + ترکیب میں تفاوت ہو جانا + شامت آنا +

خمیر کھٹا ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ خمیر بگڑ جانا ۔ خمیر کا ترشی پر آ جانا ۔ آٹے کا زیادہ کھٹا ہو جانا +

خمیرہ ع ۔ اسم مذکر (۱) خمیر اٹھا کر تیار کیا ہوا + چینی میں پکائی ہوئی دوا جیسے خمیرہ بنفشہ و گاؤزبان وغیرہ (۲) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو جو سیب وغیرہ سڑا کر بنتا ہے

خمیری ع ۔ اسم مونث ۔ خمیر اٹھائی ہوئی ۔ فطیری کے خلاف ۔ وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں +

خنا ع ۔ اسم مذکر ۔ لغوی معنی نحش و بھبھوڑہ ۔ دماغ ۔ مغز ۔ تکبر ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خنا

خیال باطل (منتخب میں یہ لفظ غیر مشدد ذال اور جوانسن میں مشدد لکھا ہے)

خنا بہکنا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ دماغ چلنا ۔ مغز چلنا ۔ اترانا ۔ تکبر کرنا +

خنا ہونا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ دماغ ہونا ۔ مغز ہونا ۔ متکبر اور مغرور ہونا +

خناس ع ۔ اسم مذکر (۱) سرکش دیو ۔ شیطان رجیم ۔ روح بد ۔ (۲۔ صفت) وسوسہ ڈالنے اور بہکانے والا ۔ مردود ۔ شریر ۔ حرامزادہ +

خناق ع ۔ اسم مذکر ۔ ایک گلے کی بیماری کا نام +

خنثیٰ ع ۔ اسم مذکر ۔ وہ شخص جس میں مرد اور عورت دونوں کی علامت پائی جائے ۔ مرد نہ عورت ۔ وہ شخص جو چھ مہینے مرد اور چھ مہینے عورت رہے + پنسک ۔ ہیجڑا ۔ نہ آہ مردان نہ آہ زناں ۔ خوجہ ۔ مخنث +

خنجر ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ایک مشہور ہتیار کا نام + جمدھر ۔ بچھوا + تلوار + ایک قسم کا چھرا ۔ کٹار +

خنجر بیگ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ایک مہلک پھوڑے کا نام جو اکثر پشت پر ہوتا اور مریض کو اپنے ساتھ لیکر جاتا ہے ۔ اڈیٹھ پھوڑا ۔ اڈشٹ پھوڑا ۔ وہ پھوڑا جو پیٹھ کے پیچھے ہونے کے سبب دکھائی نہ دے +

خنجری ۔ ا۔ اسم مونث (۱) وہ کپڑا جس پر کٹار کی سی بناوٹ ہو ایک ریشمی کپڑے کا نام (یہ لفظ بنون غنہ و ساکن دونوں طرح بولا جاتا ہے + ؎

بے تیغ ذبح ہم تو ہوتے ہیں دیکھ کر وہ + رانیں بھری بھری اور شلوار خنجری کی (جرأت)

(۲) ڈفلی ۔ ڈھپلی ۔ ایک چھوٹے سے ساز کا نام جو اکثر جوگی فقیر بجاتے پھرتے ہیں +

خندق ۔ معرب کندہ ۔ اسم مونث (۱) کھائی وہ کھدی ہوئی زمین جو شہر کے چاروں طرف ہوتی ہے (۲) غار ۔ گڑھا ۔ کھوہ ۔

خندہ زدو ۔ یا پیشانی ۔ ف ۔ صفت ۔ ہنسکھ + کھلیا +

خندی ۔ ا۔ اسم مونث ۔ بیہودہ ہنسنے والی عورت + بیحیا بیغیرت (۲) فحبہ ۔ فاحشہ +

خنزیر ع ۔ اسم مذکر ۔ جنگلی سؤر ۔ سور ۔ برہل +

خوا

خنک ف (نیز بفتحتین) صفت ۔ سرد ۔ ٹھنڈا + یخ ۔ برف ۔ برد +

خنکی ۔ ف ۔ اسم مونث ۔ سردی ۔ ٹھنڈ + برودت +

خنگ ف ۔ اسم مذکر ۔ نقرا گھوڑا +

خنگ سوار ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ سید حسین شہید کا لقب جنکا مزار تارا گڑھ واقعہ اجمیر میں ہے +

خنگا ۔ ا۔ صفت عو ۔ سنڈ مسنڈ ۔ چوپڑدنا ۔ موٹا ۔ تازہ ۔ فربہ اندام مسٹنڈا ۔ شاکتا +

خنگڑا ۔ ا۔ اسم مذکر عو ۔ خنگا کی تصغیر +

خنیا ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) راگ نغمہ سرود (۲۔ اسم مونث) ڈومنی میراثن جیسے بجاوے خنیا ڈھولکی میاں خیر سے آئے یعنی ڈھولکی کے آنے کا شادیانہ بجاوے +

خو ۔ ف ۔ اسم مونث ۔ بان ۔ عادت ۔ خصلت ۔ سیرت ۔ سبھاو

خو پڑنا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) بان پڑنا ۔ عادت پڑنا ۔ لت پڑنا دھت لگانا +

خو ڈالنا ۔ ا۔ فعل متعدی ۔ عادت اختیار کرنا ۔ عادی ہونا ۔ لت لگانا + ؎

ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے + بے نیازی تری عادت ہی سہی (غالب)

خواب ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) سپنا ۔ وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے رویا (۲) نیند ۔ نوم ۔ بیداری کا نقیض ۔ نندیا ۔ ؎

قسم مجھے انہیں آنکھوں کی جھپکی ہو جو پلک
شب فراق میں کس کو نصیب خواب ہوا (آباد)

(۳) خیال ملصور ۔ وہم ۔ گمان جیسے خواب و خیال (۴) واقعہ ماجرا ۔ سرگزشت ۔ واردات ۔ بات ۔ روئداد ۔ ؎

نوجوانی کا نہ پیری میں کبھی ہوش ہوا
خواب دیکھا تھا جو شب صبح فراموش ہوا (اسیر)

خواب آلودہ ۔ ف ۔ صفت ۔ نیند میں بھرا ہوا ۔ خمار میں بھرا ہوا ۔ اُنیدا +

خواب پریشان یا ۔ آشفتہ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ڈراونا سپنا ۔ خواب متوحش +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خواب خرگوش ۔ف۔ اسم مذکر۔ خواب غفلت ۔ تغافل ۔ مدہوشی بیخبری ۔

خواب دیکھنا ۔ یا ۔ ہونا ۔ ا۔ فعل متعدی ۔ سپنا دیکھنا سوتے میں کسی بات کو دیکھنا ۔

خواب کی باتیں ۔ا۔ اسم مونث ۔ بے اصل باتیں خیالی باتیں موہوم باتیں ۔ ؎

وقت پیری شباب کی باتیں ۔ ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں (ذوق)

خواب گاہ ۔ف۔ اسم مونث ۔ سونے کا کمرہ ۔ پلنگ کا کمرہ ۔ خلوت گاہ ۔

خواب وخیال ۔ف ۔ع ۔ اسم مذکر ۔ سپنے کی مایہ ۔ بھولی ہوئی بات ۔

خواجہ ۔ف۔ اسم مذکر (۱) خداوند ۔ صاحب ۔ مالک خانہ ۔ سردار آقا (۲) توران میں سادات کا لقب اور ہندوستان میں وہ شخص جسکی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو (۳) خصی غلام ۔ خواجہ سرا ۔ ہیجڑا ۔ نپنسک (۴) وہ شخص جو اصل خلقت سے عضو تناسل نہ رکھتا ہو

خواجہ زادہ ۔ف اسم مذکر ۔ وہ شخص جو ماں کی طرف سے سید ہو اور باپ کیطرف سے شیخ ۔

خواجہ سرا ۔ف ۔ اسم مذکر (۱) وہ خصی غلام جو گھر میں آجا سکے ناظر (۲) ہیجڑا ۔ نامرد ۔ اس لفظ کے لغوی معنے صاحب خانہ اصطلاحی یعنی گھر سے تعلق رکھنے والا مجازاً وہ عضو بریدہ اشخاص جو امرا وزرا ۔ سلاطین اور رؤسا وغیرہ کے محلسراؤں میں بطور دربان یا چوبدار حاضر باش رہتے اور احکام رسانی کی خدمت بجالاتے ہیں ۔ بعض شاہی محلوں میں قلماقنیاں ۔ حبشنیں ۔ کشمیرنیں ۔ اردابیگنیاں وغیرہ ان خدمتوں پر اب بھی مامور ہوا کرتی ہیں ۔

اصل میں ہیجڑے کا اعزازی نام خواجہ سرا قرار پایا تھا ۔ جنکا ذکر قدیم یونانی اور رومی تاریخوں یا پیغمبرونگی حدیثوں میں شاذونادر آیا ہے مگر جمیس کارک صاحب نے اپنی تاریخ چین میں اسکا کچھ ذکر لکھا ہے ۔ چونکہ ہمارے ہندوستان میں یہ رسم شمالی بادشاہ یعنی تورانی ۔ ایرانی ۔ ترکستانی وغیرہ اپنے ساتھ لائے اور اس کی ابتدا خاص ملک خطا سے ہوئی ہے اس لئے ہم مناسب جانتے ہیں کہ

کچھ التخاباً اپنی ذاتی معلومات کے ساتھ یہاں بھی لکھدیں ۔

ایک زمانہ ایسا بھی ہو گزرا ہے کہ جس میں خواجہ سراؤں کا دور دور وخطا وختن میں مدت تک رہا اور ان کے اقبال کا ستارہ ایسا چمکا کہ مورخوں کو ان کے حالات لکھنے کی ضرورت پڑی ۔

ساڑھے چار ہزار برس کے قریب عرصہ گزرا کہ ملک خطا میں زانی اور سرکش خطاوار کے لئے یہ سزا تھی کہ اس کا عضو تناسل کاٹ کر قطع نسل کر دیا کرتے تھے اول تو اس تکلیف سے اکثر جانبر ہی نہیں ہوا کرتے تھے اور اگر بالفرض کوئی سخت جان بچ جاتا تھا وہ تو شاہی محلسراؤں میں جھاڑو دینے یا دربانی کرنے کی ذلیل خدمت پر مقرر کر دیا جاتا تھا ابتدا تو اس کی یہ تھی مگر چونکہ دنیا کی بھیڑ چال مشہور ہے اور بادشاہی افعال کو اگرچہ وہ برے ہی کیوں نہ ہوں لوگ فخریہ اپنا معمول علیہ بنا لیتے ہیں پس امرا ایسے لوگوں کو جس طرح اب لاوارثوں کو لیکر پال لیا کرتے ہیں اس وقت کی گورنمنٹ سے مانگ کر دربانوں میں رکھنے لگے چونکہ امیر اور بادشاہوں کی قربت کا ہر ایک خواستگار ہوا کرتا ہے اور اس خدمت سے بڑے بڑے کام نکلنے اور دولت کمانیکا ایک عمدہ وسیلہ ہاتھ آجاتا ہے اکثر خود غرض از خود بھی بچوں کو خواجہ سرا بنانے اور اس باعظمت خدمت پر پہنچانے لگے بلکہ بعض اوقات شرفا نے بھی اس حرکت کو ننگ خاندان نہیں خیال فرمایا لیکن بعض بادشاہ قدرتی خصیوں اور عضو بریدوں کو ایسے لوگوں پر ہمیشہ ترجیح دیتے رہے ۔

غرض اس ذلیل اور ناپاک فرقہ کی ابتدا تو یہ تھی مگر جس سبب سے اس نے ملک خطا میں ترقی پائی اسے بھی بیان کر دینا خلاف مصلحت نہیں ۔

حضرت عیسے علیہ السلام سے ۱۸۷ برس پیشتر جب فغفوریون مین یعنی بادشاہ خطا سریر آرائے سلطنت ہوا تو ایک اتفاقیہ امر پیش آنے سے اس فرقہ کی تقدیر کا پتا اقبال کے ہولے کے جھونکے سے اڑ کر پرے جا پڑا جس کے ہٹتے ہی خوش نصیبی کا ستارہ جگمگانے لگا فغفور مذکور اپنی ملکہ کا دل سے مطیع و فرماں بردار تھا لیکن اس کی ایک نہایت چالاک حرم مساۃ بوسی کو یہ امر نہایت ناگوار گذرتا اور وہ رشک کی آگ میں جلا کرتی تھی اس کا قول تھا کہ مجھے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خوا

بیچ کی بھی سوکن سے کم جلایا نہیں دیتی۔ یہ ہمیشہ اس کا رتبہ گھٹانے اور اپنا رسوخ بڑھانے کی فکر میں رہا کرتی تھی مگر کوئی صورت نہ بن پڑتی تھی۔

حسب اتفاق ایک خواجہ سرا اپنی چرب زبانی اور خوشامد کی سرنگ لگا کر بادشاہ کے مزاج میں اس قدر دخیل ہو گیا کہ اس کا محرم راز بلکہ یار غار بن گیا۔

پوسی نے اسے گانٹھ کر بیگم کی طرف سے بادشاہ کے کان بھروانے شروع کئے اور وعدہ کر لیا کہ میں تجھے نہال اور مالا مال کر دونگی۔ غرض اس لالچی اور عیار خواجہ سرا نے بیگم کی طرف سے بادشاہ کا دل پھیر ہی نہیں دیا بلکہ اسے برہم بھی کر دیا یہاں تک کہ بادشاہ نے اصلی بیگم کو طلاق دے دی اور پوسی کو بیگم بنا لیا وہی مثل صادق آگئی کہ باندی تھی سو رانی ہوئی اور رانی تھی سو باندی ہوئی جب یہ ملکہ کے مرتبہ پر پہنچی تو اس نے حسب وعدہ اسے مالا مال ہی نہیں کیا بلکہ شاہی محلوں کا کامل اختیار دلوا دیا۔ کیا تو صرف خواجہ سرا کیا نواب ناظر جنگ بہادر کہلانے لگے خیر اگر اسی کمبخت تک یہ عہدہ قایم رہتا تو خطا پر کئے دن کی ناگہانی بلائیں تو نازل نہ ہوتیں لیکن اس علامہ بیگم کی بدولت سلطنت کی یہ نوبت پہنچی کہ خواجہ سراؤں کو تمام بڑے بڑے ملکی عہدے مل گئے اور یہاں تک ان لوگوں کا زور ہوا کہ فغفور صرف بادشاہ شطرنج رہ گیا۔

اس گروہ کی ترقی و کامیابی دیکھکر اکثر دنیا پرستوں نے قطع عضو کو طالع کی یاوری سمجھ لیا اور رفتہ رفتہ اس ملک میں یہ رسم جاری ہو گئی کہ لوگ لڑکوں کو خرید لے اور انہیں خواجہ سرا بنا کر فغفور کی سرکار میں داخل کرنے لگے یہانتک کہ آخر کو امرا نے بھی اپنے بچوں کو خواجہ سرا بنا کر فغفور کی نذر بھیجنا شروع کر دیا تاکہ اپنا آدمی ہر وقت مشیر سلطنت رہے اور بادشاہ سے یہ تعلق وقت بے وقت کام دے۔

اس فرقہ کو یہاں تک ترقی نصیب ہوئی کہ وزارت اعظم کا عہدہ خاص خواجہ سراؤں کے واسطے مخصوص ہو گیا اور رفتہ رفتہ فغفور گرہن گئے چاہا جسے تخت پر بٹھا دیا اور چاہا جسے اتار دیا جس وقت تک اہل خطا کی حکومت کا نام رہا یہ لوگ بھی برابر قایم رہے۔ ہاں

خوا

جب تاتاریوں نے اہل خطا پر فتح پائی تو یہ لوگ ان عہدوں سے معزول کئے گئے اور پھر اپنی اصل خدمت پر مقرر ہونے لگے بعض بادشاہوں نے اُن عہدوں پر بھی عورتوں کو مقرر کیا اور قلماقنیاں دربانی کے کام کو انجام دینے لگیں۔ لیکن جب اس سے دقتیں پیش آئیں تو مجبوریہ لوگ پھر محلسراؤں میں دخلیاب ہوئے لیکن صرف اسی قدر کہ محلات کی خدمت میں مصروف رہیں۔ اگرچہ ان کی بنیاد ایسی ہل گئی ہے کہ اب دوبارہ سرسبز ہونے کی امید نہیں رہی مگر مورخ لکھتا ہے کہ اس وقت بھی چھ سات ہزار خواجہ سرا سے کم وہاں موجود نہیں ہیں البتہ صرف یہی چند خدمتیں ان کے سپرد ہیں مثلاً بادشاہ اور اس کے عزیزوں کے باغات اور گورستان کی داروغگی۔ محلات کی دربانی۔ محلسراؤں میں میں احکام رسانی اور باقی خیر سلا۔ لیکن بعض بعض ان میں بھی سربرآوردہ اور رتبہ چڑھے ضرور ہیں۔ اور وزرائے سلطنت ان کے ملائے رکھنے میں اپنی خیر سمجھتے ہیں اس جاہلانہ حرکت میں اہل خطا سے ہی یہ خطا سرزد نہیں ہوئی بلکہ ہندوستان کے بادشاہ سلطان علاء الدین خلجی کے عہد میں بھی ملک کافور خواجہ سرا کو ہمارے ہندوستان میں شامان خطا کے زمانہ سے کم اقتدار اور مرتبہ حاصل نہیں ہوا۔ ملک کافور سلطنت کے ایک اعلےٰ ارکان میں تھا اس سے بڑے بڑے کارنمایاں ظہور میں آئے تھے یہ شخص چار مرتبہ تسخیر دکن کے واسطے بھیجا گیا۔ راجہ رام دیو کو اسی نے قید کر کے دہلی روانہ کیا۔ دوار کے راجگان کو اسی نے مغلوب کیا۔ وارنگل کے راجہ کو اسی نے باجگذار بنایا تمام دکن کو گولکنڈہ تک تہ و بالا کر کے وہاں ایک مسجد مسلمانوں کے عہد سلطنت کی یادگار تعمیر کی غرض ہندوستان کی تیرھویں عیسوی صدی بھی خواجہ سراؤں کی تاریخ کے واسطے ایک قابل مخصدی ہوئی ہے۔

دہلی کے اخیر برائے نام بادشاہ ابوظفر سراج الدین کے زمانہ میں بھی نواب محبوب علی خاں خواجہ سرا نے اس زمانہ کے موافق اچھا رتبہ پالیا تھا مگر افسوس کہ ۱۸۵۷ء نے دونوں کا خاتمہ کر دیا غدر سے چند روز پیشتر وزیر صاحب دنیا سے رخصت ہوئے اور بادشاہ تخت سے اتارے گئے جنہوں نے تین برس بعد

خوا

رنگوں میں دفعات پائی ہیں۔

خواجہ معین الدین کا چاند - یا۔ مہینا۔ ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ عورتوں کا چشما قمری مہینا۔ جمادی الآخر۔

خوار - ف۔ صفت۔ آوارہ۔ سرگردان۔ پریشان۔ ذلیل۔ رسوا بے اعتبار۔

خوار کرنا - ا۔ فعل متعدی۔ ذلیل و رسوا کرنا۔ ستانا۔ حیران کرنا۔ دق کرنا۔

خواری - ف۔ اسم مونث۔ آوارگی۔ پریشانی۔ سرگردانی۔ ذلت رسوائی۔ فضیحتی۔ فضیحت۔

خواری کرنا - ا۔ فعل متعدی۔ بے عزتی کرنا۔ رسوائی کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔

خواستگار - ف۔ اسم مذکر۔ خواہان۔ امیدوار۔ طلبگار۔ خواہشمند متمنی۔ طالب۔ درخواست کرنیوالا۔

خواستگاری - ف۔ اسم مونث۔ درخواست۔ خواہش۔ تمنا۔ طلبگاری۔ نسبت کی درخواست۔ مناکحت کا پیام۔ پیغام شادی۔

خواص - ع۔ اسم مذکر (۱) خاص کی جمع۔ عوام کا نقیض۔ اردو میں مفرد مستعمل ہے (۲۔ ا) خاصیت۔ اثر۔ عادت

ٹھہرتے ہی نہیں ہیں آنچ پر سوز محبت کی
رکھے ہیں اس زمانے میں خواص اجبا پارے کے (ظفر)

(۳) جمع خاصہ۔ ممتاز نوکر۔ اعلےٰ درجہ کے خدمتگار پر ستارا ممتاز (۴) مصاحب۔ ہمصحبت۔ جلیس (دوم سوم معنی میں صرف ہندوستان کی اصطلاح ہے)

خواص - ا۔ اسم مذکر۔ عادت۔ سبھاؤ۔ اثر۔ طبیعت۔ مزاج خاصہ (اردو میں یہ لفظ خصایص کی بجائے خواص مستعمل ہو گیا بلکہ مفرد بولنے لگے۔ مثال دیکھو فرہنگ ظفر۔ خواص عربی بمعنے ۲ میں)۔

خواصی - ع۔ اسم مونث (۱) خدمتگاری۔ ملازمت (۲) مصاحبت ہمنشینی (۳۔ ا) ہودج کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں امیروں یا رئیسوں سواری کے وقت اعلےٰ درجہ کا ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک (۴۔ ا عو) انگیا کا وہ جوڑ

خوا

جو بغل کی طرف ہوتا ہے۔ انگیا کے ایک حصہ کا نام۔

خواصی میں بیٹھنا - ا۔ فعل لازم۔ کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔

خواصیں - ا۔ اسم مونث۔ وہ ملازمہ یا مصاحب عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہتی ہیں۔ سہیلیاں۔ ہمجولیاں۔

اکبلا درختوں میں جانا اُسے ۔ خواصوں کو بالا بتانا اُسے (میر حسن)

خوان - ف۔ اسم مذکر (۱) سینی۔ خوان۔ کشتی۔ کھانا لانے اور لیجانے کا ظرف۔ چنگیر۔ طباق۔ تھال۔ طشت۔

قل ہو فراق یار میں کس کس کا دیکھئے
تاروں کے نقل سے ہے یہ خوان فلک بھرا (آتش)

(۲) دسترخوان۔ سفرہ۔

خوان بڑا خواں پوش بڑا کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا

خوان پاک خوان پوش پاک کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک

ا۔ کہاوت۔ ظاہر آراستہ باطن خراب۔ اونچی دوکان پھیکا پکوان باوجود استطاعت کم ہمتی۔

خوان پوش - ف۔ اسم مذکر۔ خوان کے ڈھکنے کا کپڑا۔

خوانچہ - ف۔ اسم مذکر (۱) چھوٹا خوان یا سینی تھال (۲) وہ گلی رکابی جس میں قرنی جمائی جاتی ہے۔

خوانچہ اٹھانا - یا۔ لگانا - ا۔ فعل متعدی۔ تھال میں رکھ کر بیچنے پھرنا۔

خواندہ - ف۔ صفت (۱) پڑھا ہوا۔ تعلیم یافتہ۔ پڑھا لکھا (۲) بلایا ہوا۔ طلبیدہ۔

خوان سامان - ف۔ اسم مذکر۔ کھلانے پلانے کا سامان کرنے اور رکھنے والا۔ خدمتگار۔ انگریزوں کو کھانا کھلانے والا۔ میر بکاول۔ میر سامان۔

خواہ - ف۔ حرف عطف (۱) یا۔ یا تو۔ چاہے۔ چاہو (۲) خواہش۔ درخواست۔ چاہ۔

خواہان - ف۔ اسم مذکر۔ چاہنے والا۔ طالب۔ خواستگار۔ خواہشمند متمنی۔ آرزومند۔ طلبگار۔

خواہ مخواہ - ا۔ تابع فعل۔ لابد۔ لاجرم۔ ناچار۔ زبردستی۔ مجبوراً

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خوا	خود
چارنا چار۔ بزور۔ ناگزیر۔ قہراً جبراً +	خودآرائی۔ ف۔ اسم مونث۔ اپنے تئیں بنانا۔ سنوارنا۔ خود نمائی۔ بناؤ سنگار +
خواہ نخواہ۔ ف۔ تابع فعل۔ دیکھو (خواہ مخواہ)	خودبخود۔ ف۔ تابع فعل۔ از خود۔ آپ ہی آپ + بے کہے + بن چھیڑے + بن بلائے +
خواہر۔ ف۔ اسم مونث۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ بھینا +	خودبدولت۔ ف۔ تابع فعل۔ آپ روپ۔ حضور۔ عالی جناب آپ۔ بذات خاص +
خواہش۔ ف۔ اسم مونث۔ آرزو۔ تمنا۔ ارمان۔ چاہ۔ چاؤ۔ لاسا + کامنا۔ رغبت۔ شوق (۲) اچھا۔ مرضی (۳) مطلب۔ مقصد۔ مدعا۔ مراد +	خودبین۔ ف۔ صفت۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر۔ ابھمانی۔ پندار نما +
خواہشمند۔ ف۔ صفت۔ آرزومند۔ شایق۔ طالب۔ خواہاں متمنی +	خودبینی۔ ف۔ اسم مونث۔ غرور۔ تکبر۔ ابھمان۔ گرب۔ عجب۔ نخر۔ گھمنڈ +
خواہی نخواہی۔ ا۔ تابع فعل۔ دیکھو (خواہ مخواہ)	خودپرست۔ ف۔ صفت۔ مغرور۔ متکبر +
خوب۔ ف۔ صفت (۱) زشت کا نقیض۔ عمدہ۔ اچھا۔ بھلا (۲) خوبصورت۔ سندر۔ سوہنی۔ سہاونا۔ سہاونی۔ ملوک۔ شکیل۔ حسین۔ قبول صورت۔ (۳) کومل۔ نفیس (۴) زیبا۔ پسندیدہ (۵) ہردلعزیز۔ من بھاونا۔ پیارا + معشوق +	خودپرستی۔ ف۔ اسم مونث۔ خودبینی۔ خودرائی + غرور۔ تکبر +
خوب رو۔ ف۔ شکیل۔ سہی چہرہ۔ ملوک۔ سندر	خودپسند۔ ف۔ صفت۔ اپنی کرنے والا۔ دوسرے کی رائے پر نہ چلنے والا + خودرائے + مغرور۔ متکبر +
خوبصورت ف مع۔ صفت۔ سندر۔ ملوک +	خودپسندی۔ ف۔ اسم مونث۔ خودرائی۔ سرکشی۔ مغروری۔
خوبصورتی ف مع۔ اسم مونث۔ حسن وجمال۔ ملوک پن۔ سندرپن۔ خوش اندامی +	خودرائے۔ ف۔ صفت۔ اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا۔ خودمختار +
خوبانی۔ ف۔ اسم مونث۔ زردآلو۔ ایک میوے کا نام جو مزہ اچھا درجہ دوم میں سردوستر ہے +	خودرائی سے۔ ا۔ تابع فعل۔ خودسری سے۔ سرکشی سے۔ اپنی عقل سے۔ اپنے آپ سے +
خوبکلان۔ ا۔ اسم مونث۔ دیکھو۔ (خاکسی)	خودرفتہ۔ ا۔ صفت (صحیح۔ ف۔ از خود رفتہ) آپے سے باہر بیخود۔ بیخبر۔
خوبو۔ ا۔ اسم مونث۔ عادت۔ خصلت + سبھاؤ + برتاؤ۔ رویہ۔ چال چلن۔ رنگ ڈھنگ +	خودرفتگی۔ ا۔ اسم مونث (صحیح ف۔ از خود رفتگی) بیخودی۔ مدہوشی۔ بیخبری +
خوبی۔ ف۔ اسم مونث۔ عمدگی۔ بھلائی۔ خوبصورتی۔ حسن۔ لطف۔ بڑائی + برتری۔ بزرگی۔ شان۔ شرف۔ ترجیح۔ فوقیت + جوہر۔ گن +	خودرو۔ ف۔ صفت۔ اپنے آپ اگا ہوا +
خوجہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ خصی غلام۔ ہیجڑا۔ نپنسک۔ زنانہ۔ زنخہ +	خودستائی۔ ف۔ اسم مونث۔ اپنی آپ تعریف اپنے مُنہ میاں مٹھو +
خود۔ ف۔ اسم مذکر۔ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں۔ (بواو معروف بروزن زود صحیح ہے)	خودسر۔ ف۔ صفت۔ سرکش۔ ضدی۔ ہٹی۔ ہٹیلا خودرائے کہا نہ ماننے والا + خودپسند +
خود۔ ف۔ تابع فعل۔ آپ۔ بذات خاص + ذات نفس۔ آتما +	خودسری۔ ف۔ اسم مونث۔ سرکشی + ضد۔ ہٹ۔ آتم بدھ۔ خودرائی۔ خودپسندی۔ تکبر۔ استغنا +
	خودغرض ف مع۔ صفت۔ خودمراد۔ خودکام۔ خودمطلبیا۔ آپ سوار تھی۔ وہ شخص جو اپنی غرض پر تو محبت اور آشنائی کا دم بھرے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خود

اور دوسرے کے مطلب پر بے پروائی و بے اعتنائی ظاہر کرے ✦ اکل کھرا۔ نفس پرور۔ ابن الوقت ✦

خود غرضی ف ✦ ع۔ اسم مونث۔ آپا دھاپی۔ خود مطلبی ✦

خود کاشت ف۔ اسم مونث (۱) وہ زمین جسے مالک خود بوئے جوتے (۲) وہ شخص جو اپنی زمین آپ ہی بوئے ✦

خود کشی ف۔ اسم مونث۔ اپنے تئیں آپ مار ڈالنا۔ آتم گھات آپ گھات۔ قتل نفس ✦

خود کشی کرنا ا۔ فعل متعدی۔ اپنے تئیں آپ ہلاک کرنا ✦

خود مختار ف ✦ ع۔ صفت (۱) آزاد۔ خود رائے۔ خود سر (۲) با اختیار ذی اختیار۔ مطلق العنان ✦

خود مختاری ف۔ اسم مونث (۱) آزادی۔ خود رائی۔ خود سری (۲) با اختیاری۔ ذی اختیاری ✦

خود مطلبی ا۔ صفت دیکھو (خود غرضی)

خود منڈا ا۔ اسم مذکر۔ بے پیرا۔ بے استاد۔ وہ شخص جو کسی پیر کا مرید یا استاد کا شاگرد نہو ✦

خود نما ف۔ صفت۔ مغرور۔ متکبر۔ ابھمانی ✦

خود نمائی ف۔ اسم مونث۔ نمود۔ شیخی۔ شکوہ۔ نمائش۔ طمطراق۔ خود بینی۔ غرور۔ تکبر۔ گربھ۔ خود پسندی۔ زعم۔ ابھمان ✦ اوچھاپن۔ کنظرنی ✦

خودی ف۔ اسم مونث (۱) آپا۔ اپنا ✦ ذات۔ نفس۔ آتما۔ (۲) خود مختاری۔ خود سری۔ خود رائی (۳) خود غرضی۔ خود کامی۔ خود مرادی (۴) خود پسندی۔ خود بینی۔ غرور۔ بخوت۔ تکبر۔ گربھ۔ نمود۔ خود ستائی۔ انانیت جیسے خودی اور خدائی میں لڑائی ہے ✦

خودی میں نہ رہنا ا۔ فعل لازم دیکھو آپے میں نہ رہنا ✦

خُر خُر ا۔ اسم مذکر۔ بلی یا کچھ خرگوش وغیرہ کی آواز (دیکھو خرخرانے کی آواز)

خورد و نوش ف۔ اسم مونث۔ کھانا پینا ✦ دانہ پانی ✦

خوراک ف۔ اسم مونث۔ کھانے کی چیز۔ خورش۔ کھانا۔ غذا۔ بھوجن۔ اوہار۔ اہار (۲) روزینہ۔ راتبہ۔ رتیبہ۔ راتب پٹیا (۳) کھاجا۔ چارہ۔ جانوروں کی خاص غذا جیسے چوہا بلی کا کھاجا ہے (۴) بھتا۔ سفر خرچ۔ رسد (یہ لفظ خود بمعنی

خوش

خورش ادراک کا مرکب نسبت ہے) ✦

خوراکی ا۔ اسم مونث (لشکری) سپٹیا۔ روزینہ۔ راتبہ۔ وظیفہ کھانے پینے کی چیز جو انگریزی سوداگر ساختہ ولایت بیچتے ہیں ✦

خورد برد ف۔ اسم مونث۔ کھانا اڑانا۔ غبن۔ خیانت۔ بددیانتی۔ ہاتھ چھانٹی۔ بالائی یافت۔ دست برد۔ تغلب بیجا تصرف۔ رشوت ✦

خورد برد کرنا ا۔ فعل متعدی۔ کھانا اڑانا۔ غبن کرنا تغلب کرنا۔ کھا جانا ✦

خورش ف۔ اسم مونث۔ دیکھو (خوراک بمعنی)

خورشید ف۔ اسم مذکر۔ سورج۔ مہر۔ آفتاب۔ شمس۔ آدت۔ ہور ✦

خورندہ ف۔ اسم مذکر۔ کھاؤ۔ کھانے والا۔ پیٹو۔ چالو۔ اڑاؤ۔ فضول خرچ ✦

خوش ف۔ صفت (۱) پرسنہ۔ مگن۔ خورسند۔ مسرور۔ آنند۔ خرم۔ شادان۔ شادمان (۲۔ ا) چنگا۔ تندرست۔ راضی (۳۔ ا) تر و تازہ۔ شاداب۔ سرسبز (۴۔ ا) مقصدور۔ بامراد۔ مراد مند (۵۔ ا) عمدہ۔ اچھا جیسے خوش مزاج خوش مزہ وغیرہ ✦

خوش اسلوب ف ✦ ع۔ صفت۔ خوش وضع۔ خوش طرز خوش قطع۔ عمدہ۔ خوبصورت۔ کومل۔ دلپسند خوب ✦ خوش انتظام ✦ خوش طریق۔ باوضع ✦

خوش اقبال ف ✦ ع۔ صفت۔ اقبالمند۔ خوش نصیب بامراد ✦

خوش الحان ف ✦ ع۔ صفت۔ اچھی آواز والا۔ خوش گلو۔ سریلا خوش آہنگ ✦

خوش الحانی ف ✦ ع۔ اسم مونث۔ خوش گلو ہونا۔ خوش آوازی نغمہ سرائی ✦

خوش انتظامی ف۔ اسم مونث۔ عمدہ بندوبست۔ خوش نظمی ✦

خوش باش ف۔ اپنی خوشی سے رہنے والا۔ اپنی مرضی سے سکونت رکھنے والا ✦ بطور خود آباد ہونے والا ✦ عارضی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خوش

سکونت پزیر ۔

خوش بُو ۔ف ۔اسم مونث ۔سگندھ ۔مہک ۔اچھی باس ۔

خوشبودار ۔ف ۔صفت ۔معط ۔عمدہ خوشبو والا ۔سگندھ والا ۔سگندی ۔

خوش بیان ۔ف ۔ع ۔صفت ۔خوش تقریر ۔خوش کلام ۔شیریں گفتار ۔شیریں دہن ۔

خوش بیانی ۔ف ۔اسم مونث ۔وضاحت ۔خوش گفتاری ۔طلاقت لسانی

خوش پوشاک ۔ف ۔صفت ۔خوش لباس ۔عمدہ پوشاک پہننے والا ۔سفید پوش ۔

خوش تقریر ۔ف ۔ع ۔صفت ۔گویا ۔عمدہ تقریر کرنیوالا ۔خوش بیان ۔خوش گفتار ۔شیریں زبان ۔شیریں کلام ۔مٹھ بولا ۔

خوش حال ۔ف ۔ع ۔صفت ۔خوش قسمت ۔خوش نصیب ۔اچھے حال سے رہنے والا ۔امیر ۔تونگر ۔پیٹ بھرا ۔مالدار ۔مرفہ حال ۔آسودہ ۔

خوش خبری ۔ف ۔ع ۔اسم مونث ۔مژدہ ۔نوید ۔بشارت خبر خوش ۔

خوش خبری دینا یا سنانا ۔لہ ۔فعل متعدی ۔بشارت دینا ۔مژدہ سنانا ۔

خوش خرام ۔ف ۔صفت ۔خوش رفتار ۔اچھا چلنے والا ۔آہستہ چلنے والا ۔ ؎

شیشے میں جبکہ آیا وہ گھوڑا امام کا ۔ ماتھا لہو سے سرخ تھا اس خوشخرام کا

خوش خط ۔ف ۔ع ۔صفت (۱) عمدہ لکھا ہوا (۲) ۔اسم مذکر) خوشنویس ۔عمدہ لکھنے والا ۔خوش رقم ۔

خوش خلق ۔ف ۔ع ۔صفت ۔اچھے سبھاؤ کا ۔خلیق ۔صاحب اخلاق ۔بامروت ۔

خوش خوان ۔ف ۔اسم مذکر ۔وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو ۔

خوش خوراک ۔ف ۔صفت ۔عمدہ ولطیف کھانا کھانے والا ۔خوش غذا ۔لذیذ کھانا کھانے والا ۔خوش گزران ۔

خوش خیال ۔ف ۔ع ۔صفت ۔ناثر و ناظم ۔شاعر خوش فکر عمدہ خیالات والا مصنف ۔

خوش

خوش دامن ۔لہ ۔اسم مونث ۔ساس ۔مادر زن یا شوہر ۔

خوش دل ۔ف ۔صفت ۔شادمان ۔خوش خاطر ۔مگن ۔بشاش شادان و فرحان ۔غمناک نہ رہنے والا ۔

خوش ذائقہ ۔ف ۔ع ۔صفت ۔لذیذ ۔خوش مزہ ۔مزیدار ۔خوشگوار خوش کیفیت ۔

خوش رفتار ۔ف ۔صفت ۔خوش خرام ۔خوش رہ ۔سبک رفتار ۔نازک خرام ۔

خوش رنگ ۔ف ۔صفت ۔اچھا اور چٹکیلا رنگ ۔شوخ رنگ ۔سوہاونا رنگ ۔

خوش زبانی ۔ف ۔اسم مونث ۔خوش تقریری ۔خوش بیانی خوش کلامی ۔

خوش سلیقہ ۔ف ۔ع ۔صفت ۔سگھڑ ۔اچھے سلیقہ والا ۔مہذب ۔ترتیب یافتہ ۔تعلیم یافتہ ۔صاحب جوہر ۔صاحب ہنر ۔گن والا ۔خوش سیرت ۔نیک خصلت ۔

خوش طالع ۔ف ۔ع ۔صفت ۔نیک نصیب ۔قسمت کا دھنی ۔اچھی تقدیر والا ۔

خوش طبع ۔ف ۔ع ۔صفت ۔ظریف ۔ٹھٹے باز ۔ہنسی باز ۔دل لگی باز ۔زندہ دل ۔خوش رہنے والا ۔صاحب مذاق ۔

خوش طبعی ۔ف ۔ع ۔اسم مونث ۔ظرافت ۔مزاح ۔دل لگی ۔ہنسی ۔مذاق ۔کھلی ۔ٹھٹا ۔

خوش عنان ۔ف ۔ع ۔صفت ۔مطیع و فرماں بردار ۔گھوڑا جو اشارہ کے ساتھ کام دے ۔خوش لگام ۔بے شر گھوڑا ۔اصیل گھوڑا

خوش غلاف ۔ف ۔صفت (۱) وہ تلوار جو ذرا سے اشارے میں غلاف سے نکل آئے (۲ ۔لہ) وہ عورت جسے کسی سے انکار نہو ۔ازار بند کی ڈھیلی ۔(۳) وہ تلوار جو خود بخود میان سے نکل نکل پڑے ۔

خوش قد ۔ف ۔ع ۔صفت ۔خوش قامت ۔خوش اندام ۔بوٹا قد ۔

خوش قطع ۔ف ۔ع ۔صفت ۔خوش وضع ۔خوش انداز ۔خوش ہیئت ۔خوش لباس ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خوش	خوف
خوش قلم - ف + ع - صفت (۱) عمدہ لکھنے والا - خوشنویس - (۲) وہ کاغذ جس پر اس کی صفائی کے سبب خوب اور اچھا لکھا جائے +	**خوش لوئیس** - ف - صفت (۱) عمدہ لکھنے والا (۲) خوشخط خوش رقم - نستعلیق لکھوانے والا استاد +
خوش کرنا - ا - فعل متعدی (۱) راضی کرنا - مسرور کرنا - محظوظ کرنا - آنند کرنا - مگن کرنا (۲) تسلی دینا - تسکین کرنا - تشفی کر دینا +	**خوش نیت** - ف + ع - صفت - نیک نیت - دیانت دار متدین امانت دار +
خوش گام - ف - صفت - خوش رفتار - تیز رو - قدم سا (دوڑتے گھوڑے کی نسبت بولتے ہیں)	**خوش نیتی** - ف - اسم مونث - نیک نیتی - دیانت داری +
خوش گپ - ف - صفت - خوش گفتار - چرب زبان - رٹیل باز - لسّان +	**خوش و خرم** - ف - صفت - شاد - شادماں - دلشاد - آنند - مگن +
خوش گذران - ف - صفت - اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا - مزے سے زندگی بسر کرنے والا +	**خوش وقت** - ف + ع - صفت - خوشحال - آنند - خرسند - کامران +
خوش گفتار - ف - صفت - خوش تقریر - خوش کلام خوش بیان - اچھی گفتگو کرنے والا +	**خوشوقتی** - ف - اسم مونث - خوشی - شادمانی - خوش حالی - آرام چین چان - کامرانی - خوش نصیبی +
خوش گلو - ف - صفت - دیکھو (خوش الحان)	**خوش ہونا** - ا - فعل لازم (۱) آنند ہونا - مگن ہونا - شاد ہونا خرسند ہونا (۲) ہنسنا - کھلنا +
خوش گوار - ف - صفت (۱) خوش ذائقہ - مزیدار - لذیذ پسند دل پذیر - مرغوب الطبع - وہ چیز جسکے کھانے سے طبیعت خوش ہو - شیریں +	**خوشامد** - ف - اسم مونث - چاپلوسی - لاوپتو - چڑھاوا بڑھاوا بھٹئی - جھوٹی تعریف جیسے خوشامد سے آمد ہے +
خوش لباس - ف + ع - صفت - دیکھو (خوش پوشاک)	**خوشامدی** - ف - اسم مونث - چاپلوس - چڑقنا تیا - لگوپتو کرنے والا - خوشامد گو +
خوش لگام - ف - صفت - خوش عنان - فرماں بردار گھوڑا اشارہ پر کام کرنے والا گھوڑا +	**خوشنودی** - ف - اسم مونث (قلب خوشوندی) خوشی - خوبی - خرسندی + رضامندی +
خوش نصیب - ف + ع - صفت - طالع ور - صاحب نصیب خوش قسمت - مراد مند - بھاگوان - بہرہ مند - مقصد ور - بختاور - خوش اقبال +	**خوشہ** - ف - اسم مذکر - گچھا + سٹا + بال - سنبلہ - بھٹا +
خوش نصیبی - ف + ع - اسم مونث - خوش قسمتی - بہرہ مندی خوش اقبالی + حسن اتفاق - سنجوگ +	**خوشی** - ف - اسم مونث - شادمانی - خرسندی - سرور - انبساط نشاط - شادی - طرب +
خوش نما - ف - صفت - موزون - دلچسپ - خوش منظر - زیبا مزین +	**خوشی خوشی / خوشی سے** - ا - تالع فعل - امنگ اور چاؤ سے - نہایت اشتیاق کے ساتھ - مشتاقانہ +
خوش نمائی - ف - اسم مونث - موزونیت - دلچسپی - زیبائش زیب و زینت - بھڑک +	**خوشی کرنا / خوشی منانا** - ا - فعل لازم - خوش ہونا - شادی منانا - جشن کرنا +
	خوض - ع - اسم مذکر - فکر - سوچ (اصل میں اس کے معنے غوطہ لگانا اندر گھسنا تھے)
	خوف - ع - اسم مذکر - ڈر - اندیشہ - ہول بھئے - دہشت - ہراس ہیبت +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خوف

خوف کا مکان - ا۔ اسم مذکر۔ عوام وحشت ناک مکان۔ منحوس مکان۔ وہ مکان جس میں بھوت پریت رہتے ہیں +

خوف کرنا - ا۔ فعل لازم (۱) ڈرنا۔ اندیشہ کرنا (۲) رحم کھانا۔ ترس کھانا + عبرت پکڑنا +

خوفناک - ف۔ صفت۔ ڈر کا بھرا ہوا۔ بھیانک۔ ڈراونا۔ ہیبت ناک۔ اندیشہ ناک۔ مہیب۔ خطرناک +

خوک - ف۔ اسم مذکر۔ سؤر۔ خنزیر +

خوگر - ف۔ صفت۔ عادی۔ جس کو کسی بات کی خو پڑی ہو۔ لیتا دھیتا خوگر فتہ +

خوگیر - ف۔ اسم مذکر (۱) تہرو۔ نمدزین۔ گھوڑے کی وہ گدی جو کاٹھی کے نیچے پسینا جذب کرنے اور اس کی پیٹھ نہ چھلنے کی غرض سے رکھتے ہیں (دراصل خے گیر تھا)۔ یعنی جاذب عرق +

خوگیر کی بھرتی - ا۔ اسم مونث۔ اسباب و اشیائے بیکار۔ زاید اسباب۔ نکما اسباب۔ آخور۔ کوڑا کرکٹ۔ خراب چیزیں ناکس۔ فرومایہ۔ نالایق۔ آدمیوں کا ہجوم۔ بیکار اور نکمے آدمی + ؎

ہیں اب کے زمانہ کے سوار ایسے کہ سب زین
خوگیر کی بھرتی ہیں لگا تنگ میں کپڑا (جرأت)

خول - ا۔ صفت (۱) غلا + بھتوتھا۔ کھوکلا + پولا (۲۔ اسم مذکر) چھلکا۔ اوپر کا غلاف +

خول چڑھانا - ا۔ فعل متعدی۔ غلاف چڑھانا۔ پتر اپھانا۔ لفافہ کرنا +

خولنڈ - ا۔ اسم مذکر۔ (عوام) بیوقوف آدمی۔ غبی آدمی +

خولنجان - ف۔ اسم مونث۔ پان کی جڑ۔ کلیجن +

خون - ا۔ اسم مذکر (عوام) (دیکھو خوان)

خون - ف۔ اسم مذکر (۱) رگت۔ لہو۔ رودھر (۲) قتل۔ خونریزی کشت وخون + رنج۔ ہلاکت + ؎

حنا وہ ملتے ہیں اتنا کوئی نہیں کہتا۔
کہ خون عاشق شہید احضور ہوتا ہے (جسرت)

خون

خون آلودہ - ف۔ صفت۔ لہو میں لتھڑا ہوا۔ خون میں بھرا ہوا۔ لہولہان +

خون آنکھوں میں اترنا - ا۔ فعل لازم۔ غصے کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ غصہ آنا۔ کسی کو دیکھ کر غضبناک ہو جانا +

خون بگڑنا - ا۔ فعل لازم (۱) خون میں فساد آنا۔ خون کا خراب ہو جانا + کوڑھ یا جذام ہونا (۲۔ عوام) شامت آنا۔ بدنصیبی کا سامنا ہونا جیسے تیرا خون تو نہیں بگڑا جو اس کے سر ہوتا ہے

خون بہا - ف۔ اسم مذکر۔ دیت۔ وہ نقدی۔ جو مقتول کے وارث بعوض خون لیں +

خون بہانا - ا۔ فعل متعدی (۱) خون رواں کرنا۔ خون گرانا۔ خون نکالنا (۲) کشت وخون کرنا۔ قتل وقمع کرنا +

خون بہنا - ا۔ فعل لازم۔ خون جاری ہونا۔ خون نکلنا۔ قتل ہونا۔ کشت وخون ہونا +

خون بیٹھنا - ا۔ فعل لازم۔ خون کا نیچے کی طرف رجوع کرنا۔ مقعد سے خون آنا۔ بواسیری خون نکلنا +

خون پینا - ا۔ فعل متعدی (۱) خون چوسنا۔ لہو نوش کرنا۔ (۲۔ عوام) مارنا۔ ذبح کرنا۔ قتل کرنا جیسے یہاں آیا تو تیرا خون پی جاؤں گا (۳۔ عوام) ستانا مارنا۔ تنگ کر دینا۔ جان لے ڈالنا۔ جیسے ہمارا تو وہ خون پی گیا +

خون جگر پینا یا کھانا - ا۔ فعل لازم (۱) غصہ کھانا۔ پیچ وتاب کھانا۔ کلفت اٹھانا۔ رنج اٹھانا (۲) محنت شاقہ کرنا سخت محنت کرنا +

خون چلانا - ا۔ فعل متعدی۔ دیکھو (خون بہانا)

خون خرابا - ا۔ اسم مذکر۔ کشت خون۔ خونریزی + مار دھاڑ +

خون خشک ہونا - ا۔ فعل لازم۔ دم خشک ہونا۔ خوف چھا جانا +

خون خوار - ف۔ اسم مذکر۔ خون آشام۔ ظالم۔ جلاد۔ غضبی +

خون دل پینا - ا۔ فعل متعدی۔ غم میں گھٹنا یا رنج اٹھانا۔ غصہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خون

کھانا۔ پیچ و تاب کھانا۔ رنج ضبط کرنا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔ یا دکر کے لب پاں خوردہ کی تیرے سُرخی

خونِ دل آج پیا ہے کئی چلو اپنا (رند

لطف جاتا ہے سرود نالہ پرشور کا۔ (خون دل پینا ہے یہ کھانا مجھے سینہ کا (ذوق)

خون ریزی۔ ف۔ اسم مذکر۔ جدال و قتال۔ جنگ و جدل۔ گشت و خون۔ گھمسان۔ تجوجھ۔ بجھ۔ جدھ۔ بدھ۔ جنگ۔ لڑائی۔

خون سر چڑھنا۔ یا۔ سر پہ سوار ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی کے مارنے اور قتل کرنے پر آمادہ ہونا۔ خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر دوسرے کے پیچھے پڑنا۔ جیسے خون سر پہ سوار تھا یہ چھپتا پھرتا ہے (فسانہ آزاد)۔

خون سفید ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ بے مہری ظاہر ہونا۔ الفت اور محبت نہ رہنا جیسے دنیا کے خون سفید ہو گئے یعنی دنیا سے محبت اٹھ گئی۔

خون سوکھ جانا۔ ا۔ فعل لازم۔ جسم میں خون کا خشک ہو جانا۔ خوف کے مارے خون کی حرکت کا بند ہو جانا۔ دم خشک ہو جانا کسی سے ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خوف چھانا۔

خون کا پیاسا۔ ا۔ اسم مذکر۔ تشنہ خون۔ جان کا خواہاں۔ جان کا لاگو۔ جانی دشمن۔ کسی کی ہلاکت کا آرزومند۔

خون کا جوش۔ ا۔ اسم مذکر۔ خاندانی محبت۔ عصبیت۔ خویشاوندی کا زور۔ طبع۔

خون کا دورا۔ ا۔ اسم مذکر۔ خون کا چکر۔ خون کا جسم کے اندر گردش کرنا۔ سیران خون۔

خون کا عوض۔ ا۔ اسم مذکر۔ قصاص۔ جان کی عوض جان جیسے کے بدلے جیسا۔ انتقام از قاتل۔

خونِ کبوتر۔ ف۔ صفت۔ نہایت سرخ۔ کبوتر کے خون کی مانند لال۔ چھپھا۔ شراب سُرخ۔

خون کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ جان لینا۔

خون کی بو آنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دشمنی کی علامت کا ظاہر ہونا۔ جانی دشمنی پائی جانی۔

خون گردن پہ سوار ہونا۔ ا۔ فعل لازم دیکھو خون سر پہ

خون

چڑھنا یا سوار ہونا) ۵

کج رکھ کے وہ کلاہ جو چڑھتے ہیں اسپ پر

گردن پہ ان کے خون ہمارا سوار ہو (آتش)

خون گرفتہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ اجل رسیدہ۔ اجل گرفتہ۔

خون لینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ فصد کھولنا۔ رگ زدن کا ترجمہ۔ خون کم ہونا۔

خون نکلوانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ فصد کھلوانا۔ فصد لوانا خون کم کرانا۔

خون ہونا۔ ا۔ فعل لازم (۱) قتل ہونا۔ تلوار سے مارا جانا۔ جان جانا۔ (۲) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ دکھنا رنجیدہ ہونا۔ جیسے دل خون ہونا۔

خونناب۔ ف۔ اسم مذکر (۱) خون کے آنسو۔ پانی ملا ہوا خون۔ رنگ آمیزیاں کیسی ہیں کسکا ڈر ہے دیکھو تو

مجھے تو کچھ نظر آتا ہے یہ خوناب اپنا سا (مومن)

(۲) لال۔ سُرخ۔ خون خالص۔ خون ناب (۳) وہ خون جو حالت غم و رنج یا محنت و مشقت میں آنکھوں کے رستہ آنسو ہو کر یا مسامات سے پسینہ بنکر ٹپکے۔ عموماً رنج و غم محنت و مشقت۔

خونی۔ ف۔ اسم مذکر (۱) قاتل۔ گھاتک۔ ہتیارا۔ سفاک۔ خونریز وہ شخص جس نے کسی کو مارڈالا ہو (۲۔ صفت) جلاد ظلمی ظالم۔ ایذائی۔

خونی دست۔ ا۔ اسم مذکر۔ لہو کے دست۔ خونی پیچش آنا۔ اسہال خونی۔ پیچش۔

خونین۔ ف۔ صفت۔ خون آلود۔ سرخ۔ لال۔ خون سے نسبت رکھنے والا۔

خونیں جامہ پہنانا۔ ا۔ فعل لازم۔ قتل کا حکم دینے یا غصہ ظاہر کرنے کے واسطے بادشاہ کا سرخ جامہ پہنانا۔

خویش۔ ف۔ اسم مونث۔ کھود۔ سرے جو۔

خویش۔ ف۔ ضمیر (۱) خود۔ آپ (۲۔ صفت) قریب کا۔ اپنا۔ رشتہ کا۔ رشتہ دار (۲۔ ا۔ اسم مذکر) داماد۔ بیٹی کا خاوند۔ جنوائی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خیا

خیارہ ع۔ اسم مذکر۔ کھیرا + ککڑی +

خیارین ع۔ اسم مذکر۔ کھیرا۔ ککڑی +

خیاط ع۔ اسم مذکر۔ درزی۔ کپڑا سینے والا۔ جامہ دوز +

خیاطہ ع۔ اسم مذکر۔ تاگا۔ دھاگا + سخ۔ ریشم کا تار +

خیال ع۔ اسم مذکر (۱) تصور + وہم۔ پندار۔ گمان۔ زعم + وہ قوت جو اس چیز کو محفوظ رکھتی ہے جسے حس مشترک نے قبول کیا ہے وہ صورت جو آدمی بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے (۲) فکر۔ اندیشہ۔ ادھیڑبن۔ کتر بیونت۔ سوچ بچار + حوض غور (۳۔ ا) سمجھ۔ سوجھ۔ فہمید۔ رائے (۴۔ ا) مضمون۔ معنی۔ عبارت (۵۔ ا) منشا۔ ارادہ۔ منصوبہ + دھیان۔ چت + توجہ۔ التفات (۶۔ ا) لہر۔ موج۔ ترنگ (۷۔ ا) ضبط جنون (۸۔ ا) ایک راگ کا نام (۹۔ ا) ایک قسم کے گیت + مرثی تک۔ لاؤنی بکھنڈ۔ ہندی شاعری کی ایک قسم +

خیال باطل ع۔ اسم مذکر۔ جھوٹا خیال۔ غیر ممکن الوقوع بانکا خیال +

خیال باندھنا ا۔ فعل متعدی۔ وہم پکانا۔ تصور باندھنا۔ دل ہی دل میں کوئی بات پیدا کرنا۔ منصوبہ باندھنا +

خیال بندھنا ا۔ فعل لازم۔ تصور بندھنا۔ کسی بانکا خیال جم جانا متواتر سوچنا۔ کسی منصوبہ کا ڈور بندھنا۔ ؎

بندھا رہے کمر یار کا خیال دلا + نہ مثل زر سنجف ہو یہ بال بال جدا + (ذاسخ)

خیال بندی ا۔ اسم مونث۔ خیالات کا سلسلہ۔ خیالی تصویر +

خیال پر چڑھنا ا۔ فعل لازم۔ یاد آنا۔ کسی بات کا یاد رہنا + سمجھ میں آنا۔ ذہن نشین ہونا +

خیال پڑنا ا۔ فعل لازم۔ خیال ہونا + یاد آنا۔ شبہ گزرنا +

خیال خام ع + ف۔ اسم مذکر۔ کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ خیال ناقص۔ وہ خیال جس کے پورے ہونے کی امید نہ ہو۔ ؎

خیال خام ہیں اپنے کہ یہ ارمان نکلیں گے
ہوا معلوم نکلیں گے تو لیکر جان نکلیں گے

خیال رکھنا ا۔ فعل متعدی۔ یاد رکھنا۔ ملحوظ رکھنا۔ توجہ رکھنا کسی کام کا فکر رکھنا +

خیا

خیال سے اتر جانا ا۔ فعل متعدی۔ یاد سے اتر جانا۔ چت سے اتر جانا۔ خیال نہ رہنا +

خیال سے باہر ا۔ صفت۔ سمجھ سے دور۔ تصور سے باہر۔ دور از خیال +

خیال فاسد ع۔ اسم مذکر۔ برا خیال۔ فتنہ برپا کرنے والا خیال نکما خیال۔ ناقص خیال۔ بیہودہ خیال

خیال کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) سوچنا۔ بچارنا + فکر کرنا (۲) تصور کرنا۔ قیاس کرنا۔ دھیان کرنا + منصوبہ باندھنا (۳) تجویز کرنا مضمون گانٹھنا یا تراشنا (۴) لحاظ کرنا۔ رعایت کرنا۔ توجہ کرنا (۵) تصور کرنا +

خیال میں آنا ا۔ فعل متعدی۔ تصور میں لانا۔ سمجھنا + لحاظ کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا +

خیال میں لانا ا۔ فعل متعدی۔ تصور میں لانا۔ سمجھنا + لحاظ کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا +

خیال میں نہ لانا ا۔ فعل متعدی۔ توجہ نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ داد نہ دینا کچھ نہ سمجھنا۔ دھیان میں نہ لانا +

خیال نہ رکھنا ا۔ فعل لازم۔ یاد نہ رکھنا۔ فراموش کرنا۔ توجہ نہ رکھنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ دھیان نہ رکھنا +

خیال نہ رہنا ا۔ فعل لازم۔ یاد نہ رہنا۔ دھیان نہ رہنا۔ سہرنا بھولنا۔ فراموش ہونا +

خیالات ع۔ اسم مذکر۔ خیال کی جمع۔ تصورات +

خیالی ع۔ صفت۔ تصوری + خوابی + وہمی + طلسمی + گمانی + قیاسی + ظنی +

خیالی پلاؤ پکانا ا۔ فعل متعدی۔ ایسی باتیں تصور کرنا جو ممکن الوقوع نہوں۔ من کے لڈو پھوڑنا۔ خیال خام کرنا +

خیانت ع۔ اسم مونث (۱) دغل و فصل۔ ناراستی۔ دغا (۲) غبن تغلب۔ امانت میں چوری۔ بے ایمانی۔ بددیانتی۔ چوری +

خیانت کرنا ا۔ فعل متعدی۔ غبن کرنا۔ چرانا۔ مال مارنا۔ تغلب کرنا۔ ہاتھ مارنا +

خیانت مجرمانہ ع۔ اسم مونث۔ قانون کے خلاف خیانت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خیر

کرنا۔ وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو۔ سرکاری غبن سرکاری تغلب (قانون)

خیر ع اسم مونث (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری (۲۔ ا) مرادف برکت بڑھوتری جیسے خیر برکت نہیں ✦ (۳۔ ا) ایجاب کے واسطے بجائے ہاں۔ اچھا۔ بھلا (۴۔ ا) ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ (۵۔ ا) برا نہ بھلا۔ متوسط (۶۔ ا) سلامتی۔ تندرستی عافیت ✦

خیر اندیش ع ✦ ف۔ اسم مذکر۔ خیر خواہ۔ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہتا رہے۔ بھلائی چاہنے والا۔ نیک خواہ ✦

خیر باد ع ✦ ف۔ اسم مونث۔ ایک کلمہ ہے جو رخصت سفر وغیرہ کے وقت کہتے ہیں جیسے فی امان اللہ۔ خدا حافظ وناصر۔ اللہ بیلی ✦

خیر باشد ا۔ تابع فعل۔ خیر تو ہے۔ خیر ہے؟ (تجاہل عارفانہ اور شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی بولتے ہیں)

خیر باشد کد دھر کرم کیا ا۔ محاورہ۔ کیونکر آنا ہوا۔ خلاف عادت آنیکا سبب کیا ہے۔ خیر تو ہے۔ کیونکر آئے کیا رستہ بھول گئے (دوست سے ملاقات کے وقت اسکے نہ آنے کے شکوے و اظہار اشتیاق میں بطور طنزیہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں)

خیر برکت ا۔ اسم مونث۔ عو۔ برکت شے سے جیسے ماما ہاتھ کی خیر برکت کون لے گیا۔ اس چیز میں ذرا خیر برکت نہیں ✦

خیر خبر ا۔ اسم مونث۔ عو۔ خیریت۔ خیر و عافیت۔ خیر سلا ✦ خبر اتر اچھی خبر۔ عمدہ خبر۔ خبر نیک۔ ٹھور ٹھکانا۔ اتا پتا ✦

خیر چاہنا ا۔ فعل لازم۔ عافیت چاہنا۔ بھلائی یا سلامتی چاہنا جیسے خیر چاہتا ہے تو چلا جا ✦

خیر خواہ ع ✦ ف اسم مذکر۔ بہی خواہ۔ دیکھو (خیر اندیش)

خیر خواہی ع ✦ ف۔ اسم مونث۔ بھلائی۔ خیر اندیشی بہتری نمک حلالی ✦

خیر سلا ا۔ اسم مونث۔ عو۔ (صحیح خیر و صلاح) کھیم کسل۔ خیر و عافیت ✦ مزاج پرسی ✦

خیر سے رات کٹنا یا۔ گزرنا ا۔ فعل لازم۔ شب کا سلامتی سے بسر ہونا ✦

خیر سے گھر کو سدھارو ا۔ محاورہ۔ اتنا نہ لگ چلو۔ زیادہ مصاحب نہ بنو۔ (زبان دراز اور بے ادب آدمی کی نسبت یا بے تکلف دوست کے حق میں لطیفہ خوش اخلاقی زبان پر لاتے ہیں)

خیر گزرنا یا۔ ہونا ا۔ فعل لازم۔ آفت سے بچنا۔ ناگہانی صدمہ یا حادثہ سے جان بچنا ✦

خیر محض ع۔ صفت۔ سرتاسر خیر۔ ہمہ تن خیر۔ سراپا نیکی۔ بالکل نیکی۔ از سرتاپا بھلائی ✦

خیر مانگنا ا۔ فعل لازم (۱) سلامتی چاہنا۔ امن چاہنا۔ بھلائی چاہنا بچاؤ چاہنا ✦ ٥ اللہ رے پھڑکنا اسیران تازہ کا ✦ صیاد خیر مانگتا ہے اپنے دام کی (آتش) (۲) توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا جیسے خیر مانگو ہوش میں آؤ اتنا تو جھوٹ نہ بولو ✦

خیر مقدم ع۔ اسم مذکر۔ خیر باد کا نقیض۔ وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ کے آنے کے وقت کہا جاتا ہے دِنلکم ✦

خیر منانا ا۔ فعل لازم۔ بھلائی چاہنا۔ عافیت چاہنا۔ سلامتی چاہنا ✦ دعائے نیک کرنا۔ دعا دینا جیسے ہم تو نمک پروردہ ہیں ہر دم تمہاری خیر مناتے ہیں ✦

خیر و عافیت ع۔ اسم مونث۔ خیر سلا۔ کھیم کسل۔ خیریت سلامتی تندرستی ✦

خیر ہے ؟ ا۔ کلمۂ تعجب (جب کوئی شخص کسی ایسے کام کا ارادہ کرے جو اُس کے لائق نہ ہو یا بعید از قیاس ہو تو کہتے ہیں تو کو خیر ہے یعنی یہ کام نہ کر دیا یہ امر غیر واقعی ہے) ✦

خیرات ع۔ اسم مونث (خیر کی جمع) ا۔ نیکیاں۔ بھلائیاں ✦ اعمال نیک (۲۔ اسم) دان۔ پن۔ للہ۔ خدا رہ ✦ زکوۃ ✦ تصدق صدقہ ✦

خیرات خانہ ع ✦ ف۔ اسم مذکر۔ محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔ دھرم سالہ۔ سدا برت بٹنے کی جگہ ✦

خیرات داخل ا۔ محاورہ۔ خرچ ناحق۔ خرچ بیجا۔ مثل مفت مثل تصدق ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

خیر

خیرات دینا - ا - فعل متعدی - للہ دینا - خدا کی راہ پر دینا + مفت دینا + وقف کرنا - صدقہ دینا +

خیراتی - ف - صفت - خیرات سے منسوب - للہ کی - وقف کی دان پن کی - زکواۃ کی + مفت کی - جیسے خیراتی مال - خیراتی اسپتال

خیراں ہی خیراں دیں گے - کوئی ایسے ہی داتا دینگے - ا - صدا - خیرلوں کے مانگنے کی صدا یعنی خدا سلامت رکھے دینگے کیونکہ ایسے ہی سخی دیا کرتے ہیں +

خیرگی ف - اسم مونث - تیرگی - چکاچوند - آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانے کی کیفیت - نگاہ کا جمنا + تعجب - حیرت + بچیائی - ڈھٹائی +

خیرو - ف - اسم مذکر - خطمی (اردو والے بفتح خا مجہ بولتے ہیں) +

خیریت - ع - اسم مونث (۱) نیکی - بھلائی (۲) تندرستی - سلامتی - عافیت - صحت +

خیراڈ - ا - اسم مونث - دیکھو (خراد) +

خیزی - ف - اسم مونث - ایستادگی ذکر - نشوونما +

خیلا - ا - صفت - عو - لغو - بیہودہ + پھوڑ - احمق - بیوقوف - (اس لفظ کی اصل یوں خیال میں آتی ہے کہ اول میں یہ محاورہ خیالہ ماخوذ از خیال سے بنا ہو یعنی وہ عورت جسے اپنے وہم وخیال کی معرفت کے آگے اپنا ہوش نہ ہو)

خیلا پائینچا - ا - اسم مونث - عو - لغو اور بیہودہ عورت - وہ عورت جسے اپنی سدھ نہ ہو +

خیلاپن - ا - اسم مذکر - پھوڑپن - احمق پن بے سلیقگی - بیوقوفی -

خیلاجان بیلا - ا - اسم مونث - عو - دیکھو (خیلا پائینچا)

خیمہ - ع - اسم مذکر - ڈیرہ - تنبو - خرگاہ +

خیمہ دوز - ع + ف - اسم مذکر - ڈیرہ سینے اور بنانے والا

خیمہ گاہ - ع + ف - ظرف مکان - خیام - کمپو - کیمپ - لشکرگاہ - اردو - مضرب - خیام - مخیم +

د

د - ع - اسم مونث (۱) عربی کا آٹھواں فارسی کا دسواں اردو کا گیارھواں

داب

ہندی کا اٹھارھواں حرف تہجی (۲) حساب جمل میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں (۳) یہ حرف فارسی و ہندی میں اپنے اپنے موقع پر ب ت ج ذ ز س ش گ ل ن وہ سے بدلتا ہے

داب - ع - اسم مونث (۱) دباؤ - بوجھ - زور (۲) اہل مطابع کی اصطلاح میں ایک رخے نتلو کاغذ خواہ وہ چوصفحے ہوں خواہ اس سے زیادہ وکم جیسے چار آنے داب - دو آنے داب - تین آنے داب - پانچ آنے داب کی مزدوری (۳) پیچ گھماؤ - ایک دفعہ کل سے نکالنا +

داب چوک - ا - اسم مونث (جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصہ پتھر کے اوپر پورا پیچ نہ بیٹھنے سے خالی رہ جاتا ہے تو اسے داب چوک کہتے ہیں)

داب - ع - اسم مذکر (۱) طور - طریق طرز - ڈھنگ (۲) خو - خصلت عادت (۳ ف) کروفر - رعب - دبدبہ (از جہانگیری)

داب سلطنت - ع - اسم مذکر - آداب حکومت - طریق سلطنت قواعد سلطنت +

داب صحبت - ع - اسم مذکر - علم مجلس + تہذیب شائستگی + حقوق دوستی +

دابا دینا - ا - فعل متعدی (۱) بخار کی حالت میں اس غرض سے لحاف اڑھانا کہ بیمار کو پسینے آجائیں - سیت کے موقع پر گرمی پہنچانے کی غرض سے گرم کپڑا یا کمل اڑھانا - (۲) بیل وغیرہ کو دبانا کہ اس میں جڑ نکل آئے تو دوسری جگہ کاٹکر لگا دیں +

داب بیٹھنا - ا - فعل متعدی (۱) چوکڑی بیٹھنا - سواری کسنا - دلوچ لینا (۲) مال مار لینا - ملک یا جائداد غصب کر لینا - کسی کا حق نہ دینا +

داب دینا - ا - فعل متعدی - دفن کر دینا - گاڑ دینا - دفنانا - زمین میں دبا دینا + چھپا دینا - مخفی کر دینا +

داب رکھنا - ا - فعل متعدی (۱) دلوچ رکھنا - پکڑ رکھنا (۲) مار رکھنا - روپیہ مار لینا (۳) کسی چیز کو روک رکھنا - روپیہ روک رکھنا -

داب لینا - ا - فعل متعدی (۱) دلوچنا بھینچ لینا + کولی بھر لینا قابو میں لے آنا - قابض ہو جانا (۲) زیر کرنا - مغلوب کرنا - مجبور کرنا - عاجز کرنا (۳) مار لینا - غصب کر لینا - مال مار لینا -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

داب	داخ
جائداد اینٹھ لینا بے ایمانی سے کسی چیز کو اپنا کر لینا۔	جیسے نام داخل ہونا (۵) پہنچنا۔ درآمد ہونا۔
دابنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) کسی چیز کو ہاتھوں کے زور سے نیچے بٹھانا دبانا (۲) چپتی کرنا۔ مٹھیاں بھرنا۔ جسم دبانا (۳) گاڑنا۔ دفن کرنا (۴) بھینچنا۔ دبوچنا۔	**داخلہ** ۔ع۔ اسم مذکر (۱) سپردگی۔ حوالگی۔ تفویض (۲) روپیہ کی رسید مالگزاری کی رسید۔ محصول یا چنگی کی رسید (۳) باریابی گزر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔ دخلیابی (۴) داخل کرنیکی فیس۔ اجرت سپردگی۔
داتا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) دینے والا۔ جواد۔ سخی۔ دتار۔ فیاض (کہاوت) داتا پن کرے کنجوس بھڑ بھڑ مرے (۲) رزاق۔ رازق۔ رزق دہندہ۔ خدا۔ بھگوان داتا کے تین گن دئے دلاوے دیکے چھین لے۔ (۳) درویش۔ فقیر۔ سائیں۔ باباجی۔ لنگوٹے کو آگے بڑھا لیجئے۔ کرامات داتا چھپا لیجئے (شوق)	**داخلی** ۔ع۔ اسم مونث (۱) باریابی۔ کسی مقدس جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن (۲) ۔ا۔ صفت۔ مشمولہ۔ ملحقہ۔ شامل داخل۔
داخل ۔ع۔ صفت۔ خارج کا نقیض (۱) اندر آنے والا۔ پہنچنے والا (۲) شامل۔ ملحق۔ اندر پہنچا ہوا۔ گھسا ہوا (۳) ۔ا۔ تابع فعل، اندر۔ بھتہ (۴) برابر۔ مقابل جیسے ان کے روپے دئے داخل ہیں (ہندو)	**داؤ** ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) وہ پھنسیوں کے پھٹتے جو فاسد خون سے جسم پر ہو جاتے اور نہایت کھجلاتے ہیں۔ قوبا (۲) گنج (یہ لفظ فرہنگ جہانگیری نے بھی فارسی قرار پایا ہے)
داخل خارج ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام سرکاری دفتر میں چڑھنا۔ پہلے شخص کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا۔	**داؤ** ۔ف۔ اسم مونث (۱) عدل۔ انصاف۔ نیاؤ (۲) عطا۔ بخشش (۳) ۔ا۔ آفرین۔ واہ وا۔ تحسین (۴) ۔ا۔ فریاد۔ نالش جیسے اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھیگا (۵) ۔ا۔ سزا۔ پاداش جیسے اس کی داد خدا دے۔
داخل دفتر کرنا ۔ا۔ فعل متعدی (قانون، اشامل مثل کرنا قابل کرنا۔ منسلک کرنا۔ منتھی کرنا۔ کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کو دفتر کے سپرد کر دینا (۲)۔ رفع دفع کرنا۔ کسی بات کو دبا دینا۔	**داد پانا** ۔ا۔ فعل متعدی۔ انصاف کو پہنچنا۔ تعریف کا مستحق ہونا۔ تحسین حاصل کرنا۔
داخل دفتر ہونا ۔ا۔ فعل لازم (قانون) ا۔ شامل مسل ہونا منسلک ہونا۔ منتھی ہونا۔ دفتر میں رکھا جانا کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کا سپرد ہونا (۲) رفع دفع ہونا۔ کسی بات کا دب جانا۔	**داد چاہنا** ۔ا۔ فعل لازم (۱) انصاف کا خواہاں ہونا۔ نیاؤ چاہنا (۲) تحسین چاہنا۔ تعریف چاہنا۔ جیسے شعر سنا کر اسکی داد کا منتظر ہونا۔
داخل کرنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) اندر کرنا۔ دخول کرنا۔ گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا۔ ملحق کرنا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا۔ حوالہ کرنا۔ روپیہ پہنچانا۔ سرکاری خزانہ میں روپیہ جمع کرنا۔ تحویل کرنا (۴) نام لکھوانا۔ درج کرانا جیسے مدرسہ میں داخل کرنا یعنی بٹھانا (۵) نام لکھنا۔ نام درج کرنا۔ رجسٹر پر چڑھنا (۶) بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا۔	**دادخواہ** ۔ف۔ اسم مذکر۔ فریادی۔ مستغیث۔ نالشی۔ دعویدار۔ مدعی۔
داخل ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) اندر آنا۔ اندر گھسنا۔ پیٹھنا۔ بیٹھنا (۲) شامل ہونا۔ ملحق ہونا۔ شریک ہونا (۳) سپرد ہونا۔ حوالہ ہونا جمع ہونا جیسے روپیہ داخل ہونا (۴) لکھا جانا۔ درج ہونا چڑھنا	**دادخواہی** ۔ف۔ اسم مونث۔ استغاثہ۔ نالش۔ فریاد۔ دعوے۔
	دادودہش ۔ف۔ اسم مونث۔ سخاوکرم۔ جود وعطا۔ خیر خیرات فیاضی۔ سخاوت۔ دان پن۔
	دادودینا ۔ا۔ فعل لازم (۱) انصاف کرنا۔ عدل کرنا۔ نیاؤ کرنا۔ ہے روز جزا کے آنے میں دیر۔ اب کون دے داد اس ستم کی (مومن) (۲) تحسین و آفرین کرنا۔
	دادرسی ۔ف۔ اسم مونث۔ فریادرسی۔ انصاف۔ نیاؤ۔ چارہ سازی۔ حق رسی۔ دادخواہی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

داد

داد سند ف۔ اسم مونث۔ لین دین۔ باہمی حساب وکتاب سے لیا۔

داد فریاد ف۔ اسم مونث۔ عدل وانصاف + واویلا۔ دہائی دہائی استغاثہ۔ نالش +

داد فریاد کرنا ۔ف۔ فعل لازم۔ غل مچانا۔ واویلا کرنا۔ ظلم یا بے انصافی سے چلّانا۔ دہائی مچانا۔ دہائی دینا +

داد کو پہنچنا ۔ف۔ فعل لازم (۱) دادملنا۔ انصاف ہونا۔ داد پانا (۲) دوسرے کا انصاف کرنا۔ فریاد سننا + ؎

عبث نالاں ہے اس گلشن میں تو اے بلبل ناداں
نہیں یہ رسم یاں کوئی کسی کی داد کو پہنچے (سودا)

داد (۳) اپنے ہنر یا کمال کی تعریف سنکر خوش ہونا۔ محنت کا صلہ ملنا۔ واہ واہ ہونا۔ سراہا جانا +

داد لینا ۔ف۔ فعل لازم۔ کسی سے اپنے کمال یا ہنر کی تعریف کرانا انصاف چاہنا +

دادنہ فریاد ۔ف۔ محاورہ۔ اندھیر۔ ظلم۔ ناشنوائی۔ پرسان حال نہ ہونا + عدم توجہی + اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھیگا

داؤا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) باپ کا باپ۔ پدر پدر۔ جد۔ پتامہ (۲) ننھالی برادر کلان کو داوا کہتے ہیں اور جاٹ گوجر برہمن کو (۳) گنوار کبیر بڑی عمر والا۔ بوڑھا۔ بڑے صاحب بڑے میاں (یہ معنی فارسی میں بھی پائے جاتے ہیں اور تگہ کے معنے میں بھی آیا ہے یعنی جس شخص کو کسی مرد نے پالا اور خدمت کی ہو تو وہ پالنے والا بھی داوا کہلاتا ہے۔ چنانچہ صاحب فرہنگ جہانگیری نے نشاہ دامی شیرازی کی سند بھی دی ہے۔) ۴۔ (بیگمات قلعہ) دادی۔ جدہ جیسے داوا حضرت بجائے دادی جان +

داؤس ۔ہ۔ اسم مونث۔ دویا ساس۔ خوشدامن کی سلس دویس +

داؤسرا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ دویا۔ خسر۔ سسرے کا باپ۔ دوسورہ +

دادی ۔ف۔ اسم مونث۔ پیشگی۔ باقی۔ قرض۔ وہ روپیہ جو کسی کام کے واسطے پیشگی دیا جائے +

دادی ۔ہ۔ اسم مونث (۱) جدہ۔ والد کی ماں۔ باپ کی والدہ۔ مادر پدر۔ ہندوؤں میں والدہ کی ساس کو بھی دادی کہتے ہیں (۲) تعظیماً ہر ایک بڑھیا عورت +

دادر ۔ہ۔ اسم مذکر۔ مینڈک۔ عنوک۔ ضفدع۔ مرکہ (گیتوں میں آتا ہے)

دار

داور ۱ہ۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کی چلتی لے کا گیت جو اکثر پوربی کی عورتیں گایا کرتی ہیں۔ + نکٹا۔ گدا +

داؤد ۔ہ۔ اسم مذکر۔ ایک مشہور فقیر کا نام جس نے داؤد پنتھ نکالا تھا۔ یہ شخص ذات کا دھنیا اور احمد آباد گجرات کا رہنے والا تھا اس نے اول کبیر پنتھ اختیار کیا اور کبیر پنتھیوں کے مادیوں میں سے ایک مادی کا چیلا بنا یہ اس کے چیلوں میں پانچویں پشت کا چیلا تھا جن کے ترتیب وار نام یہ ہیں۔ کمال۔ جمال۔ بیل۔ بدھن۔ داؤد یہ شخص بارہ برس کی عمر میں نکل کھڑا ہوا اول ساںبھر واقع اجمیر میں پھر کلیان پور دہان سے نزائن ہیں جو ساںبھر سے چار کوس اور جے پور سے بیس کوس ہے جاکر رہا اس وقت اس کی ۱۴ برس کی عمر ہو گئی تھی وہاں اس نے ہاتف غیبی کی آواز سنکر اپنی زندگی راہ مذہب میں سونپ فقیری اختیار کی اس وقت وہ یہاں سے بھی چل دیا اور بھیڑانہ پہاڑ پر جو نرینا سے پانچ کوس ہے مقیم ہو گیا اور ایک عرصہ کے بعد وہاں سے بالکل غائب ہو گیا۔ داؤد پنتھ اسی نے نکالا جو رامانندیوں کی ایک شاخ اور روشنادر کی شریک بدعت ہے۔ اس کے پنتھ والے یقین کرتے ہیں کہ وہ نور الٰہی میں مجذوب ہو گیا۔ یہ واقعہ ۱۶۰۰ء کے درمیان اکبر کے اخیر اور جہانگیر کے شروع عہد میں پیش آیا نرینا میں جو داؤد پنتھی کی عبادت گاہ ہے اب تک اس کی اصل چارپائی اور اصل کتاب کا متن جس کی وہ لوگ بہت تعظیم کرتے ہیں جوں کی توں موجود ہے جس جگہ سے وہ غائب ہوا اس پہاڑ پر ایک چھوٹا سا مکان بنا دیا گیا ہے۔ اس کے اقوال اور اس کی تحقیقات موحدانہ طرز پر کبیر سے بہت مشابہ ہے۔ داؤد کی بانی پڑھنے والے اس کا تصفیہ کر سکتے ہیں یہ کتاب بیسواری مارواڑی زبان میں ہے اسے داؤد پنتھی گرنتھ کہتے ہیں۔ داؤد کے اقوال اس قسم کے ہیں + ؎

داؤد دنیا باوڑی پھر پھر مانگے سون
لکھن ہارا لکھ گیا سو مین ہارا کون (دوہا)

دار ۔ف۔ اسم مونث۔ سولی۔ وہ لوگدار لکڑی جسے زمین میں منج کی طرح گاڑ کر مجرم کی جان لیا کرتے تھے اردو میں عموماً پھانسی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دار

کو کہنے لگے ہیں + ست
دل کو اُس زلف چلیپا میں جو لٹکا دیکھا نظر آیا مجھے منصور نیا دار نئی (ناسخ)

دار پر چڑھانا - ا - سولی پر چڑھانا - سولی دینا - بر دار کشیدن کا ترجمہ +

دار ع - اسم مذکر - خانہ - گھر - محلہ - سرا - جگہ - مقام +

دار الامارت ع - اسم مذکر - راجدھانی - دار الخلافہ - تختگاہ یا پایۂ تخت + صدر مقام - کسی بادشاہ یا امیر یا حاکم اعلےٰ کے رہنے کا مقام +

دار الامن ع - اسم مذکر - امن کا گھر + وہ ملک جہاں چین اور آرام سے گزر بسر کے علاوہ مذہب میں دست اندازی نہ ہو -

دار البقا - یا - آخرت ع - اسم مذکر - قائم رہنے والا گھر - عالم بالا - دوسرا جہاں +

دار الحرب ع - اسم مذکر - مقام جنگ - کافروں کا ملک - ان لوگوں کا مقام جو مطیع اسلام نہ ہوں - قابل غزا ملک وہ ملک جہاں مسلمان مذہبی ارکان ادا کرنے سے مجبور ہوں +

دار الحکومت
دار الخلافہ
دار السلطنت
دار الملک
ع - دیکھو (دار الامارت)

دار الشفا ع - اسم مذکر - ہوسپٹل - شفاخانہ - بیمار خانہ - صحت حاصل کرنیکا گھر +

دار الضرب ع - اسم مونث - ٹکسال +

دار المکافات ع - اسم مذکر - مقام جزا و سزا + بدلا ملنے کا گھر - قصاص گھر + دنیا +

دارا - ف - اسم مذکر - ایک مشہور بادشاہ ایران کا نام جسے دارائے اکبر اور داراب بھی کہتے ہیں - سکندر کے زمانہ میں یہی مارا گیا - دارائے اصغر اسکے بیٹے کا نام تھا + ع
دارا جم سکندر بڑھ کر ہوا تو پھر کیا

دارائی - ف - اسم مونث - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسے اُردو میں دریائی کہتے ہیں +

دار چینی - ف - اسم مونث - ایک درخت اور اس کی چھال کا

دس

نام جسے تج بھی کہتے ہیں +

دارُو - ف - اسم (۱) دوا - ادکھد (۲ - ف) بارود (۳ - ا ہندو) شراب - مے +

داروے بیہوشی - ف - اسم مونث - وہ دوا جسے سونگھا کر بیہوش کر دیتے ہیں - کلوروفورم +

دارو درمان - ف - اسم مذکر - علاج - معالجہ -

داروغہ - ف - اسم مذکر - محافظ - نگران - منصرم - کسی کام کا اہتمام کرنے والا + کوتوال - انسپکٹر پولیس - تھانہ دار + کسی جماعت کا سردار - سردار ملازمان + سپاہیوں کا افسر +

داروغہ آبکاری - ا - اسم مذکر - مسکرات کا داروغہ - بنثی اشیا کی نگرانی و خبرداری رکھنے والا - نیٹو عہدہ دار +

داروغہ پولیس - ا - اسم مذکر - کوتوال - وہ اعلےٰ درجہ کا سارجنٹ جسے کوتوالی کا کام اور شہر کا انتظام سپرد ہو +

داروغہ توپخانہ - ف - اسم مذکر - میر آتش - توپخانہ کا افسر +

داروغہ جیلخانہ - ا - اسم مذکر - نگران بندی خانہ - قید خانہ کا افسر جیلر - افسر مجلس +

داروغہ دیوانخانہ - ف - اسم مذکر - میر بار - وہ شخص جو امیروں کے پاس دیوانخانہ میں جانے کی اجازت دے +

داروغہ گھاٹ - ا - اسم مذکر - دریا کے پلوں کا محصول لینے اور انتظام کرنے والا - عہدہ دار - میر بحری +

داروغگی - ا - اسم مونث - محافظت - نگہبانی - انتظام انصرام اہتمام + حکومت - افسری - سرداری +

دار و مدار - ف - اسم مذکر (۱) صلح و مصالح - بیچ بچاؤ - تصفیہ انفصال - صفائی - فیصلہ (۲) انحصار - ٹھیراؤ - اقرار - موقوف - قراردار +

داری - ہ - اسم مونث (ہندو) باندی - لونڈی وہ کنیز جسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں - حرم +

داری جارہ - ہ - اسم مذکر (پورب) پرستار زادہ - لونڈی بچہ - خانہ زاد +

داس - ہ - اسم مذکر (۱) شودر - خدمتی + غلام - چیلا + خادم - نوکر - چاکر +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

داس

داسا یا۔ **داسہ** ۔ اسم مذکر۔ وہ کڑی کا ٹکڑا یا لمبی سل جسے دیوار پر رکھکر اوپر سے کڑیاں ڈالتے یا ستونوں کے نیچے خواہ اوپر دُھرا دھر لگاتے ہیں ۔

داستان ف۔ اسم مونث۔ قصہ۔ کہانی۔ حکایت۔ روایت۔ ذکر۔ نقل۔ لازم ہے احتیاب معاصی سے غافلو ۔ کیا داستاں سنی نہیں قوم ثمود کی (اسیر) (۲) طویل قصہ۔ سرگزشت ۔

داستان گو ف۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصہ سنانے کا ہو ۔ قصہ خوان ۔

داستانہ ف۔ اسم مذکر۔ دستانہ۔ ہاتھ کی ایک قسم کی پوشش کا نام۔ دستگی۔ وہ چمڑا جسے میر شکار اپنے ہاتھ میں شکاری پرند کے جھانے کیواسطے پہن لیتے ہیں تاکہ اسکے پنجے یا خار ہاتھ میں نہ چبھیں ۔

داعیہ ع۔ اسم مونث (۱) دعوے کرنیوالی عورت۔ دعویدار عورت (۲۔ ا) نالش۔ دعوے۔ استغاثہ۔ درخواست (عوام بولتے ہیں)

داغ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) دھبا ۔ نشان ۔ چتی۔ جھائیں (۲۔ ا) کلنک عیب۔ کلنک کا ٹیکا۔ (۳۔ ا) جلے کا نشان۔ گل۔ جلا ہوا نشان۔ (۴۔ ا) زخم۔ گھاؤ۔ جراحت ۔ ناسور (۵۔ ا) رنج۔ صدمہ (۶۔ ا) کسی عزیز کے مرنے کا غم (۷۔ ا) رشک۔ حسد (۸ پورب) فصیح الملک نواب مرزا دہلوی شاگرد ذوق استاد حضور نظام والا مقام کا تخلص جنکے چار دیوان چار دانگ عالم میں مشہور۔ زبان پر اثر معاملہ بندی ان پر ختم ہے۔ ۹ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ کو حیدرآباد فرخندہ بنیاد میں دنیا سے رحلت کی مصرعہ تاریخ وفات ع داغ نواب میر زا گفتا۔

داغ اٹھانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ رنج و صدمہ اٹھانا ۔

داغ بیل ا۔ اسم مونث۔ وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے کیواسطے بیلچہ یعنی پھاوڑے سے ڈالتے ہیں اور نیز نشان عمارت جو معمار زمین پر لگاتے اور عمارت کے حدود قایم کرتے ہیں ۔

داغ پر داغ ۔ ا۔ تابع فعل۔ صدمہ پر صدمہ۔ مصیبت پر مصیبت۔ آفت پر آفت۔ رنج کے بعد رنج ۔

داغ جگر ف۔ اسم مذکر۔ زخم جگر۔ زخم دل۔

داغ دار ف۔ صفت۔ داغی۔ وہ چیز جس میں دھبے ہوں۔ وہ پھل جو کہیں کہیں سے گا گیا ہو جیسے داغدار سیب یا آم وغیرہ ۔

داغ

داغ دکھانا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ رنج دینا۔ صدمہ دینا۔

داغ دینا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) رنج دینا۔ صدمہ دینا (۲) جلانا۔ بھلسا دینا۔ لو کا لگانا۔ داغنا۔ گل دینا۔ کسی چیز کو گرم کرکے اسکا نشان ڈالنا (۳۔ سندھی) مویشی کو داغ دینا ۔

داغ کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) گرم کرنا۔ کڑکڑانا۔ بگھارنا (۲) جلانا۔ گل دینا ۔

داغ کھانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ صدمہ اٹھانا۔ رنج اٹھانا ۔ گل کھانا معیوب ہو جانا ۔

داغ لگانا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) جلانا ۔ گل دینا (۲) عیب لگانا۔ کلنک لگانا۔ بدنام کرنا ۔

داغ لگنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جلنا۔ جل جانا۔ دیگچی وغیرہ میں کھانا۔ جل جانا جیسے کھچڑی میں داغ لگ گیا ۔ ؎

اُس بادہ کش کی آج ضیافت ہے آہ گرم
دل کو لگے نہ داغ کہ ہوگا کباب تلخ (جرأت)

(۲) عیب لگنا۔ دھبا لگنا۔ بدنامی آنا ۔ عیب دار ہونا ۔

برہنہ آیا تھا یاں عدم سے برہنہ یاں سے چلا عدم کو
نہ لوئے کافور میں سونگھی نہ داغ محکو لگا کفن کا (آتش)

(۳) کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر چلنے سے نشان یا سیاہی کا آجانا کالا ہو جانا ۔

داغ نکلے ۔ ا۔ قسم سخت۔ دعوے پھوٹ کر نکلے۔ جلکر نکلے چلے۔ جیسے ہمارے پاس روپیہ ہو تو داغ نکلے ۔

داغ ہو کر نکلنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ ع۔ جلکر نمایاں ہونا۔ پھوٹ کر نکلنا جیسے ہمارا کھایا پیا داغ ہو کر نکلے ۔

داغ ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ بگھرنا۔ پھونک لگنا ۔

داغنا جانا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ جلایا جانا۔ لوہا جلاکر چرکا دیا جانا جیسے اونٹ داغے جاتے تھے کوڑے نے بھی ٹانگ پھیلائی کہ مجھے بھی داغو ۔

داغنا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) چرکا دینا۔ جلاکر گل دینا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۲) توپ یا بندوق چھوڑنا۔ توپ سر کرنا ۔ توپ کو بتی دکھانا۔ فیر کرنا ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

داغی ۔ا۔ صفت ۔ داغدار ۔ دھبے دار ۔ جلایا ہوا (۲) معیوب ۔ عیب دار (۳) سزایاب ۔ سزا یافتہ ۔ قید بھگتا ہوا (۴) کنوٹڈا ۔ شرمندہ ۔ لعسانمند

داکھ ۔ا۔ اسم مونث (ہندو) کشمش ۔ انگور ۔

دال ۔ا۔ اسم مونث (۱) دلے ہوئے چنے مونگ اڑد وغیرہ جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں (۲) کھرنڈ ۔ انگور زخم (۳) انڈے کی زردی (۴) آتشی شیشہ کا وہ عکس جس سے آگ لگتی ہے ۔ اجتماع شعاع (۵) وہ زردی جو پرند کے بچوں کی باچھوں میں ہوتی ہے ۔

دال بندھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) کھرنڈ بندھنا ۔ انگور بندھنا (۲) آتشی شیشے کا عکس پڑنا ۔ شعاع کا جمع ہونا ۔

دال جوتیوں میں بٹنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ نااتفاقی ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ خانگی جھگڑا ہونا ۔

دال چپاتی ۔ا۔ اسم مونث ۔ اول معلوم ۔ دوم بچوں کے ورانے کا ایک فرضی نام جیسے بی شادی اور اللہ میاں کی بھینس وغیرہ ۔

دال چپو ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر زمین پر گر پڑنا ۔ ؎

اس نصیحت کا مزا تب پائیگا ۔ دال چپو ہو کے جب گر جائیگا (رفعان)

(۲) گتھم گتھا ہونا ۔ باہم لپٹنا ۔ لپٹنت ہونا ۔

دال دلیا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ غریبانہ خوراک ۔ غریبوں کا سا کھانا ۔ ماحضر جیسے خدا نے جو دال دلیا دیا ہے سو موجود ہے ۔

دال روٹی ۔ا۔ اسم مونث ۔ غریبانہ خورش ۔ اوسط درجہ کی وجہ معاش مدرزق ۔ روزی ۔ آدھ سیر آٹا ۔

دال روٹی سے خوش ۔ا۔ تابع فعل ۔ کھاتا ۔ پیتا ۔ آسودہ حال ۔

دال گلنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) دال کا گھل بلکر گداز ہو جانا ۔ ابل جانا پک جانا (۲) دخیل ہونا ۔ دسترس ہونا ۔ باریاب ہونا ۔ مراد کو پہنچنا کامیاب ہونا ۔ مگر اس معنی میں زیادہ نہیں کے ساتھ بولا جاتا ہے

دال میں کچھ کالا ۔یا۔ کالا کالا ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ کسی کی طرف سے شبہ گزرنا ۔ گمان بد ہونا ۔ شک ہونا ۔ کچھ قباحت یا اندیشہ ہونا ۔

بیوجہ نہیں اسنے تل منہ پہ لیا ہے ۔ دل مجھ سے یہ کہتا ہے کچھ دال میں کالا ہے (نصیر)

منہ پر بکھرے بال ہیں سب اور ٹوٹا کان کا بالا ہے

ہمنے تو معلوم کیا کچھ دال میں کالا کالا ہے (جرات)

دال ہوٹھ والا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) وہ شخص جو بھنی دال اور ۔ چنے یا مٹر (۲) کم حیثیت اور دون شخص نہایت ذلیل اور تباہ آدمی ۔

دال نہ گلنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ اول معلوم ۔ دوم پہنچ نہ ہونا ۔ دسترس نہ ہونا ۔ باریابی نہ ہونا ۔ قابو نہ چلنا ۔ دخل نہ پانا ۔ کامیاب نہ ہونا مراد نہ بر آنا ۔

دانۂ خال کا بوسہ وہ کہیں دیتے ہیں
کچھ کہیں دال ہماری کبھی گلنے کی نہیں (اسیر)

گلنے کی دال یاں نہیں بس خشکہ کھائیے

اے شیخ صاحب آپ نہ سیخی مگھارئیے (انشاء)

دالان ۔ا۔ اسم مذکر ۔ بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ دری لگا یا جاتا ہے یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں ۔

دالان در دالان ۔ا۔ اسم مذکر ۔ دہرا دالان ۔ دالان کے اندر دالان آگے پیچھے دو برابر کے کمرے ۔

دام ۔ا۔ اسم مذکر (۱) دمڑی ۔ چھدام ۔ کوڑی ۔ حبہ (۳) گنڈا پیسے کا پچیس یا چوبیسواں حصہ ۔ چار کوڑیاں (۴) قیمت ۔ مول ۔ نرخ ۔ بھاؤ (۵) نقدی ۔ زر نقد ۔ دولت ۔ روپیہ ۔ جیسے دام کریں کام داموں کا رو ٹھا ۔ باتوں سے نہیں مٹتا ۔

دام اٹھنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ کسی چیز کا فروخت ہو جانا قیمت یا لاگت کا حاصل ہو جانا ۔ دام کھرے ہونا ۔ ؎

بازار عشق میں ہم دل کو پھرے دکھاتے
پر خاک بھی نہ یارو دام ایسے گھر کے اٹھے (معروف)

دام بھر پانا ۔ا۔ فعل متعدی قیمت وصول ہونا ۔ حساب بیباق ہونا ۔ روپیہ وصول ہو جانا ۔

دام بھرنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ قیمت دینی آنا ۔ تاوان دینا ۔

دام چکانا ۔ا۔ فعل لازم (۱) نرخ کرنا ۔ مول کرنا ۔ بھاؤ ٹھیرانا قیمت کوٹھیرانا (۲) متعدی ، قیمت ادا کرنا ۔ مول دیدینا ۔

دام دام ۔ا۔ تابع فعل ۔ کوڑی کوڑی ۔ حبہ حبہ جیسے دام دام دام چکا دیا ۔

دام دینا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ قیمت دینا ۔ مول ادا کرنا ۔

دام دینے آئے ۔ا۔ محاورہ ۔ زر قیمت ادا کرنا یا تاوان بھرنا پڑا ۔ ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دام

فرقت یار میں اب دیدۂ تر کی دولت
دینے آئے مجھے عالم کے در و بام کے دام (ہاشم)

دام کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ کوڑے کرنا۔ بیچنا۔ فروخت کر ڈالنا۔ ؎

گردش چشم ہے تیری تو وہ آشوب جہاں
جسنے نظروں میں کئے گردش ایام کے دام (ہاشم)

دام کھڑے کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ قیمت اٹھانا۔ لاگت وصول کرنا۔ بیچکر نقدی کر لینا +

دَام۔ ف۔ اسم مذکر (۱) جال۔ پھندا۔ ؎

ماں جوش تپش چھیڑ چلی جائے کہ پر تو
جھڑ جائینگے فرسودہ اگر دام نہ ہوگا (مومن)

(۲) گھاس کھانے والے صحرائی چوپائے جانور جیسے ہرن بارہ سنگا وغیرہ کا تقیض (۳-۱) امراء و سلاطین ہند کے مناصب و خراج ملک میں روپیہ کے چالیسویں حصے سے مراد ہوا کرتی تھی اور پیسے کے بچیسویں حصے کو بھی دام کہتے ہیں (۴) دواؤں کی تول میں پختہ دام ۱۸ ماشہ کا اور خام ۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے بعض لوگوں نے ۲۱ ماشہ کا بھی مانا ہے +

دام میں لانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ جال میں پھنسانا۔ پھندے میں لانا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا + مکر فریب میں لانا۔ تزویر میں لانا +

دَامَاد۔ ف۔ اسم مذکر (لغوی) نوکد خدا۔ نیا دولہا۔ (اصطلاحی) جوائی شوہر دختر خویش۔ بیٹی کا خاوند (بعض اہل لغات کا خیال ہے کہ اخیر معنی میں یہ لفظ اردو ہے فارسی نہیں مگر حکیم سنائی نے خود سنقبہ میں لکھا ہے ؎

ہم نبی را دی دہم اماد روح پیغمبر از جالش شاد + البتہ اس کے مادہ میں ہم متفق ہیں کہ اصل میں یہ لفظ دایم آباد ہوگا اور بطریق دعائے نیک یہ نام رکھا گیا)

دَامَان۔ ف۔ اسم مذکر (۱) دامن۔ انگرکھے یا قبا کا وہ حصہ جو نیچے لٹکا رہتا ہے۔ ذیل۔ آنچل ؎

آتش گل سے کیا ہے میری طینت کو خمیر
دامن باد بہاری مجھے بھڑکاتا ہے (آتش)

(۲) کور۔ کنارہ۔ لب۔ حاشیہ (۳) تلیٹی۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین پائین کوہ کی صحرا +

دامن۔ یا۔ دَامان۔ ف۔ اسم مذکر (۱) دیکھو (دامان نمبر ۱-۲-۳)

دام

۲۔ جہاز کا پال +

دامن اٹھا کر چلنا۔ یا۔ اٹھا لینا۔ ا۔ فعل لازم۔ آنچل سنبھال کر چلنا دامن سمیٹ کر چلنا۔ آنچل اونچا کرنا +

خدا جانے کریگا چاک کس کس کے گریباں کو
ادا سے اس کا چلنے میں اٹھا لینا یہ داماں کو (جرات)

دامن پکڑنا۔ ا۔ فعل لازم (۱) متقاضی ہونا۔ مانگنا۔ متعرض ہونا روکنا + باز رکھنا۔ مزاحم ہونا۔ دامنگیر ہونا۔ سر ہونا۔ آنچل پکڑنا (۲) پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ نگراں ہونا۔ حفاظت کرنا +

دامن پھیلانا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) گودی پھیلانا۔ آنچل پھیلانا (۲) دعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا۔ بھیک مانگنا۔ آرزو کرنا +

دامن تلے چھپانا۔ یا۔ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا۔ ا۔ فعل لازم (۱) اپنی پناہ میں لینا۔ اپنے ظل حمایت میں لینا۔ سایہ میں لینا۔ آنچل سے ڈھانکنا (۲) عیب پوشی کرنا (۳) بیٹی دینا۔ بیٹی کا بیاہ کر دینا (جب کسی سے بیٹی لینے کی درخواست کرتے ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں کہ آپ ہمیں اپنے دامن تلے ڈھانک لیں) ۴۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ حفاظت کرنا +

دامن جھاڑ کر اٹھنا۔ یا کھڑا ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ پاک و آزاد ہو کر کھڑا ہونا۔ کسی بات کے محاسبہ یا تلاشی سے نجات پانا۔ دنیوی تعلقات سے آزاد ہونا۔ ؎

پھر بہار آئی نکلئے گھر سے دامن جھاڑ کر
سوئے صحرا لے جنوں چلئے گریباں پھاڑ کر (ناسخ)

دامن جھٹک لینا۔ ا۔ فعل لازم۔ دامن چھڑا لینا آنچل کو جھٹکا دیکر ہاتھ سے چھڑا لینا۔ انکار کرنا۔ قبول یا منظور نہ کرنا۔ الگ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ سرک جانا۔ پیچھا چھڑا لینا عقب گزاری کر لینا

دامن چھڑانا۔ ا۔ فعل لازم۔ پیچھا چھڑانا۔ گریز کرنا۔ بھاگنا۔ کانوں ہونا۔ محفوظ رہنا +

دامن سے لگنا۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی کے سایہ میں ہونا۔ حمایت میں ہونا بھروسے پر ہونا۔ آسرے پر ہونا +

دامن کوہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ پہاڑ کے نیچے کی صحرا +

دامنگیر۔ ف۔ اسم مذکر۔ مزاحم۔ متعرض۔ سر ہونے والا۔ بگڑنے والا دعویدار۔ مدعی۔ دادخواہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دام

دامن گیر ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ مزاحم و متعرض ہونا۔ سر ہونا۔ پیچھا کرنا۔ درپے ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ گرویدہ ہونا۔ دعوے کرنا۔ دعویدار ہونا۔ مدعی بننا۔ داد خواہ ہونا + ؎

ہو نہ دامنگیر کوئی جانکر قاتل تجھے
تو بھی روتا چل جنازے کو ہمارے دیکھکر

(۲) تنگ کرنا۔ ستانا۔ عاجز کرنا۔ تکلیف دینا۔ دکھ دینا +

دامنی۔ ف۔ اسم مونث (۱) وہ چوڑا کپڑا جو گھوڑے کے پچھلے پیر دامنوں کو پسینے سے بچانے کے واسطے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش (۲) ایک پاٹ کی باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں۔ اوڑھنی +

دامنی۔ ہ۔ اسم مونث (گیتوں میں) بجلی۔ برق۔ گاج۔ صاعقہ۔ (۲۔ اسم مذکر) شاعر۔ کبیشر +

دان۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) زکواۃ۔ خیرات۔ پن۔ صدقہ۔ ؎

خط شبرنگ یہ گالوں پہ نہیں دھیان کرو
ہے اجی چاند گہن بوسہ کوئی دان کرو (ناسخ)

(۲) بھیک۔ بھکشا (۳) جہیز۔ دہیز۔ دایجا (۴) بخشش۔ عطا۔ موہبت۔ جود +

دان پن۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) خیر خیرات۔ صدقہ۔ سلا (۲) لنگر۔ سدابرت +

دان دتار۔ ہ۔ صفت۔ عو۔ سخی۔ فیاض۔ دریادل۔ جواد۔ فیض رسان۔ لکھ لٹ۔ لکھ بخش +

دان دتاری۔ ہ۔ اسم مونث۔ عو۔ سخاوت۔ فیاضی۔ دریادلی

دان دہیز۔ ا۔ اسم مذکر (صحیح۔ دان جہیز) عو۔ وہ سامان جو دلہن کو ماں کے گھر سے دیا جاے۔ جہیز +

دان۔ ف۔ کلمۂ ظرف (مرکبات میں) گھر۔ جگہ۔ مکان۔ مقام۔ خانہ جیسے قلمدان۔ آتشدان۔ شمعدان۔ نمکدان وغیرہ +

دانا۔ ف۔ صفت (۱) عالم۔ دانندہ + حکیم۔ دانشمند۔ عاقل۔ زیرک ہوشمند۔ گیانی۔ بدھ وان + چتر۔ ہوشیار۔ سیانا (۲) عمر رسیدہ۔ پیر جہاندیدہ +

دانا بینا۔ ف۔ صفت۔ عاقل و ہوشیار۔ کار آزمودہ و تجربہ کار۔

دان

زمانہ دیکھا بھالا۔ سنجیدہ و فہمیدہ +

دانا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہندی) اچھی۔ پھلی (۲) جن بھوت۔ پریت۔ دیو۔ عفریت +

دانائی۔ ف۔ اسم مونث۔ عقلمندی۔ ہوشیاری۔ دانشمندی چترائی زیرکی۔ تیز فہمی۔ شعور +

دانایان فرنگ۔ ا۔ اسم مذکر۔ عقلائے یورپ +

دانت۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) دندان۔ رسن۔ ڈاڈھا۔ چبانے یا کاٹنے کا استخوانی اوزار جو خدا تعالے نے انسان و حیوان کے منہ میں پیدا کیا ہے (۲) میل۔ رغبت۔ میلان طبع۔ خواہش۔ قصد۔ ارادہ جیسے ہمارا مدت سے اسپر دانت ہے (۳) دندانہ۔ دانتا +

دانت اکھاڑنا۔ یا۔ اکھیڑنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ دندان کشیدن و برآوردن کا ترجمہ۔ دانتوں کو مسوڑوں میں سے نکال لینا۔ دانت توڑنا۔ دانتوں کی سزا دینا۔ عاجز کرنا +

دانت بجانا۔ ہ۔ فعل متعدی دانتوں سے آواز نکالنا۔ (عورتیں اس حرکت کو منحوس خیال کرتی ہیں ان کے نزدیک یہ لڑائی ہونے اور رنڈی ہونے کی علامت ہے) +

دانت بجنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دانت کڑکڑانا۔ دانتوں کا نہایت سردی کے باعث باہم ٹکرا کر آواز دینا +

دانت بنانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ہڈی یا سیپ کے دانت گھڑنا۔ دانت درست کرنا۔ مصنوعی دانت لگانا +

دانت بندھوانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے جکڑوانا۔ دانتوں کو کسوانا +

دانت بنوانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ مصنوعی دانت لگوانا +

دانت بھینچنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دانت دبانا۔ دانت پیسنا +

دانت بیٹھنا۔ یا۔ بیٹھ جانا۔ ہ۔ فعل لازم دندان بدندان نشستن کا ترجمہ۔ حالت غشی یا مرض صرع میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ دانت بستہ ہو جانا۔ دانت پچی ہو جانا +

دانت پر رکھنا۔ فعل متعدی (ہندی) چکھنا۔ منہ پر رکھنا زبان پر رکھنا +

دانت پر نہ رکھا جانا۔ ہ۔ فعل متعدی (ہندی) ترشی کی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دان

زیادتی کے سبب دانت کو ناگوار گزرنا ۔

دانت پر میل نہ ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نہایت مفلس اور قلاش ہونا ۔ کوڑی پاس نہ ہونا ۔ بھکڑ ہونا ۔ تہیدست ہونا ۔

دانت پیسنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) چبانا ۔ دانت کچکچانا (۲) نہایت غصے میں ہونا ۔ جھلانا ۔ (۳) کسی کو ذلت دینے کا ارادہ کرنا ۔ غصہ دکھانا ۔ ؎

جب دیکھتا ہے یار تو ہے دانت پیستا
ڈوبونگا میں ڈوبیگا آب گہر مجھے (آتش)

دانت تلے انگلی دبانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ انگشت بدنداں گرفتن کا ترجمہ ۔ افسوس کرنا ۔ تاسف کرنا ۔ حیرت میں ہونا ۔ تعجب میں ہونا ۔

دانت توڑنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) دانت نکالنا ۔ دانت اکھاڑنا (۲) عاجز کرنا ۔ کام کا نہ رکھنا ۔ مغلوب کرنا ۔ ؎

زہر گیسو کا بہت ہے اور تھوڑا سانپ کا
تیری کنگھی نے صنم سر دانت توڑا سانپ کا (واجد علی)

دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے ۔

ہ ۔ کہاوت ۔ دولت تھی تو اولاد نہ تھی ۔ اب جو اولاد ہوئی تو دولت نہیں ۔ بے اختیاری کے وقت آرزو بر آنا ۔

دانت ٹوٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) دانت کا گر جانا یا شکستہ ہو جانا (۲) دودھ کے دانت گرنا ۔ دودھ کے دانت نکل جانا (۳) بڑھاپے سے دانت جھڑنا ۔ پوپلا ہونا ۔

دانت ٹوٹے گھر گھسے پیٹھ بوجھ نہ لے
ایسے بوڑھے بیل کو کوں باندھ بھس دے (دوہا)

دانت جھاڑنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ دانت توڑنا ۔ دانت نکالنا دانتوں کی سزا دینا جیسے ابکے بولا تو دانت جھاڑ دونگا ۔

دانت جھڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دانت گرنا یا ٹوٹنا ۔

دانت دکھانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (ہندو) (۱) ڈرانا ۔ (۲) عظمت ظاہر کرنا ۔

دانت دیکھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عمر کی شناخت کرنا حیوانات کی نسبت مستعمل ہے ۔

دان

دانت رکھنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) ارادہ رکھنا ۔ قصد رکھنا ۔ گھات میں رہنا ۔

زیست کرتا ہوں اس بھروسے پر ۔ دانت رکھتا ہوں بسکہ بوسے پر (اثر)

(۲) بدلا لینے کو آمادہ رہنا ۔ عوض لینے کا ارادہ رکھنا ۔ ؎

نہیں ہو جہ تیرا خندۂ دنداں نما ہر گز
کسی کے تو لہو پینے کو یعنی دانت رکھتا ہے (ناجی)

دانت سلسلانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دانت دکھنا ۔ دانتوں کا درد کرنا یا چسکنا ۔ دانتوں میں کلکن ہونا ۔ دانت کلنا ۔

دانت سے دانت بجنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نہایت سردی کے باعث بدن میں لرزہ پڑکر دانتوں کا باہم ٹکرانا ۔ شدت سے جاڑا پڑنا یا جاڑے کا بخار چڑھنا ۔ نہایت جاڑا لگنا ۔

بچ رہے ہیں اب اس کے دانت سے دانت
اور بدن ہو گیا ہے سوکھ کے تانت (جرأت)

دانت سے کاٹ کھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بدنداں گزیدن کا ترجمہ ۔ منہ مارنا ۔ دانت مارنا ۔ بھنبھوڑنا ۔ چبا جانا ۔

دانت سے کاٹنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ دانتوں سے کترنا ۔ کترنا ۔ دانت مارنا ۔ دانت سے زخم پہنچانا ۔

دانت کاٹی روٹی ۔ ہ ۔ اسم مونث ۔ نہایت اتحاد و ارتباط غایت درجہ کی محبت ۔ ایسی الفت کہ ایک نوالہ میں آدھا وہ کھائے آدھا یہ ۔

دانت کاٹی روٹی کھانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ نہایت الفت اور اتحاد رکھنا ۔ ناک کا بال ہونا ۔ ایک جان دو قالب ہونا جیسے ایسے دوستدار بنے ہیں کہ دانت کاٹی روٹی کھاتے ہیں ۔

دانت کٹکٹانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (پورب) دیکھو (دانت پیسنا)

دانت کچکچانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دیکھو (دانت پیسنا)

دانت کرکرے ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ اول معنے کرکراہٹ کے کے سبب دانتوں کا کام نہ دینا ۔ دوسرے عاجز ہونا ۔ ہار ماننا ۔ زک اٹھانا ۔

دانت کریدنے کو تنکا نہ رہنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دھڑی دھڑی کر کے لٹنا ۔ بالکل لٹ جانا ۔ چوری سے گھر کا صفایا ہو جانا ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دان

مال اسباب پر جھاڑو پھر جانا +

دانت کڑکڑانا - ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (دانت بجنا) +

دانت کھٹے کرنا - ا۔ فعل متعدی (۱) دانت کند کرنا۔ دانتوں کو کسی قابل نہ رکھنا (۲) عاجز کرنا۔ ہرانا۔ تھکانا۔ جی چھڑانا چھین بلوانا۔ رخ پھیر دینا۔ بھگا دینا۔ مات کرنا۔ ؎

میرے دانتوں نے باغ میں لے گل
دانت کھٹے کئے اناروں کے +

دانت کھٹے ہو جانا - ا۔ فعل لازم (۱) دانت کند ہو جانا۔ دانتوں کا تر شی کے باعث کام نہ دے سکنا (۲) مات ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔ ہار جانا۔ دل چھوٹ جانا۔ جی چھوٹ جانا +

دانت گھنگنی - ا۔ اسم مونث۔ خنخاش کی میٹھی گھنگنیاں جو بچے کا پہلا دانت نکلنے میں تقسیم ہوتی ہیں +

دانت لگانا - ا۔ فعل متعدی (۱) مُنہ مارنا۔ دانت کا زخم پہنچانا کاٹنا (۲) دانت مجھوانا۔ دانت سے مس کرنا (۳) لکھنؤ میلان کرنا۔ رغبت کرنا۔ کسی چیز کی خواہش کرنا +

دانت لگنا - ا۔ فعل لازم۔ اول معلوم۔ دوم جڑ اسند ہو جانا +

دانت مارنا - ا۔ فعل متعدی (۱) کاٹنا۔ بھنبوڑنا۔ مُنہ کی بھرنا (۲) کسی چیز کا حاصل کر لینا۔ قابو میں لے آنا +

دانت نکال دینا - ا۔ فعل متعدی (۱) دانت پھاڑ دینا۔ مُنہ بابد دینا۔ دانت کھول کر ہنسنا۔ کھیانی ہنسی ہنسنا۔ ؎

نکال دیں ترے ہنستے ہی کیوں نہ تارے دانت
خدا نے عرش سے یہ نور کے اتارے دانت (ناسخ)

(۲) تار تار نگا ہو جانا۔ اُدھڑ جانا۔ ٹانکے کھل جانا۔ پھونسڑے پھونسڑے نکل آنا (جوتی یا کپڑے کی نسبت بولتے ہیں) ۳۔ خوف کے مارے دانت کھلے رہجانا۔ عاجز ہو کر منہ پھاڑ دینا +؎

تارے نہیں نکال دئے دانت چرخ نے
دہشت ہے اس قدر مرے شہبائے تار کی (ناسخ)

(۴) دانت توڑ دینا۔ مُنہ میں دانت نہ رکھنا +

دانت نکالنا - ا۔ فعل متعدی (۱) دانت اکھاڑنا (۲) پھونسڑے نکل آنا (۳) بچے کا دانت نمایاں ہونا۔ دانت ابھارنا۔ دانت

دان

لے آنا (۴) خوف یا دہشت سے مُنہ پھاڑ دینا۔ عجز ظاہر کرنا۔ ناٹا کھانا منت سماجت کرنا +؎

زلفوں کے حبب الجھتے ہیں اس ساتھ آکے بال
دیتا ہے شانہ عاجزی سے دانت تب نکال (میر سجاد)

(۵) بیموقع ہنسنا۔ بیہودہ طرح سے ہنسنا۔ کھیانی ہنسی ہنسنا +

مسترد میر سوز

سن سوز عشق دیکھ کے حیران ہو گا خوبوں کا جمال
دل زلف میں الجھیگا پریشان ہو گا مت لے یہ وبال
یہ چال بری ہے تجھے بننے کی نہیں آمان کہا
ہنستا ہے کیا بہت پشیماں ہو گا مت دانت نکال

دانت نکلنا - ا۔ فعل لازم۔ دانت نکالنے کا لازم۔

دانت نکوسنا - ا۔ فعل متعدی۔ دیکھو (دانت نکالنا)

دانت نہ لگانا - ا۔ فعل متعدی۔ یونہی نگل جانا۔ ہپ کر جانا سٹک جانا۔ غٹک جانا۔ کسی چیز کو بہت حقیر اور کم سمجھکر حلق میں اتار جانا۔ ثابت نگل جانا +

دانت ہونا - ا۔ فعل لازم (۱) قصد ہونا۔ ارادہ ہونا + میلان طبع و رغبت ہونا +

ایک عالم ہے کشتہ اس لب کا + الغرض اسپہ دانت ہے سب کا (سودا)

(۲) گھات ہونا۔ گھات لگنا۔ دل ہونا۔

دانتوں پہ اس کے دانت ہے سارے جہان کا
کہتے ہیں لوگ چاٹ کے ہونٹوں کو ہائے دانت (میر برق)

(۳) عداوت ہونا۔ دشمنی ہونا۔ جان کا لاگو ہونا۔ تدبیر قتل ہونا۔ ہلاکت کا ارادہ ہونا۔

اک نہ اک دن خاتمہ ہے عاشق مہجور کا
ناتوں پہ دانت ہے فیل شب دیجور کا (بحر)

(۴) ذلیل کرنیکا ارادہ ہونا۔ درپے تذلیل ہونا +

دانتا - ا۔ اسم مذکر۔ دندانہ + خار +

دانتا پڑنا - ا۔ فعل لازم۔ دندانہ پڑنا۔ دھار کا گر جانا۔

دانتا کِلکِل - ا۔ اسم مونث (۱) آئے دن کا جھگڑا نخانکی تکرار۔ ہر وقت کی لڑائی اور فساد۔ روز روز کا ٹنٹا۔ قصہ۔ قضیہ۔ مناقشہ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دان

شور وغوغا۔ دنگہ فساد ؛ ؎

درد دنداں پہ مبتلا دل ہے ؛ دل میں اور مجھ میں دانتا کلکل نکہت

(۱) کچا بچی۔ بچھا بچی۔ نکتہ چینی۔ بات بات پر گرفت۔ حرفگیری عیب جوئی ؛

دانتن ۔ یا۔ **دتون** ۔ ا۔ اسم مونث (ہندو) مسواک۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی

دانتو ۔ ا۔ اسم مذکر۔ بڑے بڑے دانتوں والا۔ بڑدنتا۔ دراز دنداں ؛

دانتو ۔ ا۔ اسم مونث۔ بڑے بڑے دانتوں والی۔ بڑدنتی۔ وہ عورت جس کے دانت آگے نکلے ہوئے ہوں ؛

دانتوں ۔ ا اسم مذکر۔ دانت کی جمع ؛

دانتوں انگلی کاٹنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ افسوس کرنا تاسف کرنا ؛ متحیر ہونا متعجب ہونا ؛

دانتوں پہ مسی نہ ہونا ۔ ف۔ فعل لازم دیکھو (دانت پر میل نہ ہونا ؛ ؎

تجکو میل لعل وگوہر یاں نہیں دانتوں پہ مسی
میں گدا اس طور کا تو شاہ اس دستور کا

(نظیر دہلوی)

کیجئے بندہ پہ فرمائش ولیکن اس قدر
جسقدر مقدور ہووے مجھ سے بمقدور کا

دانتوں پر ہونا ۔ ف۔ فعل لازم۔ بچے کے دانت نکلنے کو ہونا۔ بچہ کا دانت نکالنے کے واسطے آمادہ ہونا دانت نکلنے کے قریب ہونا ؛

دانتوں پسینا آنا ۔ ف۔ فعل لازم۔ کسی دشوار کام کے کرنے سے عاجز آجانا۔ چیں بول جانا تھک جانا ؛

دانتوں چڑھنا ۔ ف۔ فعل لازم۔ عو۔ ہونس میں آنا۔ نوک میں آنا ؛ نظر لگنا ؛

دانتوں زمین پکڑ کے ۔ ف۔ تابع فعل۔ بمشکل تمام نہایت عسرت اور تنگی سے۔ کمال کفایت شعاری اور کنجوسی سے جیسے دانتوں زمین پکڑ کر ان روپوں میں مہینا پورا کیا ؛

دانتوں زمین پکڑنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ مضبوط گرفت کرنا۔ نہایت مضبوطی سے پکڑنا۔ نہایت عسرت اور تنگدستی سے گزر اوقات کرنا۔ بمشکل مصیبت وصعوبت کا ٹنا ؛ ؎

دان

دیکھ اس کو ہستی سب کی دم سے گئی اکھڑ کر
ٹھیری ہے آرسی بھی دانتوں زمیں پکڑ کر (میر تقی)

دانتوں سے اٹھانا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ دانتوں سے چننا۔ نہایت قدر کے ساتھ اٹھانا جیسے یہ کوڑی گرے تو دانتوں سے اٹھائے ؛

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ اپنا غصہ رفع کرنے کے واسطے اپنا ہاتھ کاٹکر آپ ہی اُسکا دفعیہ کرنا۔ ہاتھ پر بھونجل اتارنا۔ (۲) نہایت افسوس کرنا۔ کمال تاسف کرنا (۳) کسیکو چڑانے کے واسطے ہاتھ منہ میں دبا کر کھا جانیکا اشارہ ظاہر کرنا ؛

دانتوں میں انگلی دبانا ۔ ف۔ فعل متعدی (۱) نہایت افسوس ظاہر کرنا۔ تاسف ہونا۔ ؎

کل ڈالی جو میں اپنے گریبان میں انگلی
تو اسنے دبائی وہیں دنداں میں انگلی (صنعت)

(۲) منع کرنا۔ روکنا۔ کسی کام سے باز رکھنا۔ ؎

کچھ اُس سے اشارے میں کہتا ہوں تو کہتا ہے
دانتوں میں دبا انگلی اے وائے یہ رسوائی (صادق)

(۳) متعجب ہونا۔ متحیر ہونا۔ اچنبہ میں ہونا ؛

دانتوں میں تنکا لینا یا پکڑنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ ہاتھ کھانا۔ گڑگڑانا۔ عجز وزاری کرنا ؛ جان کی پناہ اور امان چاہنا۔ ؎

خوف مانا اس قدر زلفوں کی کن کارات نے
کہکشاں سے لے لیا دانتوں میں تنکا رات نے (نسیر)

دانتوں میں جیب یا زبان ہونا ۔ ا۔ فعل لازم دشمنوں کے ہجوم یا نرغہ میں رہکر سلامت رہنا ؛ دشمنوں کے بیچ میں گھرا رہنا ؛

دانتی ۔ ا۔ اسم مونث (ہندو)۔ بتیسی۔ دانتوں کا چوکا (۲) درانتی گھاس کاٹنے کا آلہ۔ ہنسیا ؛

دانتی لگنا ۔ ف۔ فعل لازم۔ جبڑا بند ہونا۔ دانت بیٹھ جانا۔ دنداں بہ بندد از نشستن کا ترجمہ ؛

دانتیا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ ریہ کا نلک جو اکثر پینے کا تمباکو تیز کرنے کے واسطے دغاباز دوکاندار کام میں لاتے ہیں ؛

دانست ۔ ف۔ اسم مونث۔ دانش۔ واقفیت ؛ شناخت ؛ رائے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دان

سمجھ - بُدھ - ادراک +

دانستہ - د - تابع فعل - جان بوجھکر - سمجھ بوجھکر +

دانشمند - ف - صفت - عالم - عقل مند - ہوشیار - گیانی - بدھوان - سمجھدار - زیرک +

دانش - ف - اسم مونث - علم - عقل - دانائی - سمجھ - بوجھ +

دانشمندی - ف - اسم مونث - دانائی - عقل - فہم - فراست - حکمت

دانگ - ف - اسم مونث - (۱) چھے رتی کا وزن + مثقال یا درم کا چوتھا حصّہ (۲) اطراف - سمت - جانب (۳) کسی چیز کا چھٹا حصہ (۴) حصہ - ٹکڑا +

دانون - ہ - اسم مذکر - دیکھو داون بمعنے - باری - وار +

دانہ - ف - اسم مذکر (۱) اناج - غلہ - بیج - تخم (۲) روا - اونا (۳) اظہار انزال کے واسطے جیسے آم کا دانہ - سیب کا دانہ - انگور کا دانہ وغیرہ +

دانہ اگلنا - ا - فعل متعدی - پرندوں یا کبوتروں کا منہ سے دانہ نکالنا - کھایا ہوا دانہ پوٹھے سے باہر لانا +

دانہ بدلنا - ا - فعل متعدی - پرندوں کا آپس میں ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا +

دانہ بدلی - ا - اسم مونث - کبوتروں کا باہم ایک دوسرے کو دانہ کھلانا + نہایت محبت کی علامت ظاہر کرنا +

دانہ بندی - ا - اسم مونث - گنگوتی - کھڑی کھیتی کو آنکنا یا گوشنا + کچی پیمائش +

دانہ بھرانا - ا - فعل متعدی - پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں چوگا ڈالنا +

دانہ پانی - ا - اسم مذکر (۱) ان جل - آب و دانہ - آب و خورش + کھینچ لاتا ہے قفس تک ہمیں دانہ پانی

دیکھئے دانہ فلک سبد کرے یا پانی (اسیر)

(۲) ہر دو آبود و باش - اقامت +

دانہ دار - ف - صفت - روپے وار - دانہ دار - جیسے دانہ دار گھی یا قلاقند وغیرہ +

دانہ دانہ پر مہر ہونا - ا - فعل لازم - جو دانہ جسکی قسمت کا ہونا اُس کو ملنا - جہاں کا رزق تقدیر میں لکھا ہونا وہیں جا کر ملنا +

داؤ

دانہ ڈنکا - ا - اسم مذکر - ایک آدھ دانہ - ٹکڑا ایسا +

دانہ دینا - یا - ڈالنا - ا - فعل متعدی - دانہ بکھیرنا - کبوتروں کو دانہ کھلانا - (دانہ دینا گھوڑے کے راستے بھی آتا ہے)

دانہ زد - ا - اسم مذکر - وہ شخص جو ایک ایک دانہ پر بخل کرے - نہایت کنگ - حسنیں - بخوس +

داؤ - ا - اسم مذکر (۱) شطرنج کی چال + ڈک - وار - داؤں نوبت قمار (۲ - ف) مکر - فریب - حیلہ - دھوکا +

داؤ - ہ - اسم مذکر (سندھی) (۱) بڑا بھائی (۲) تاؤ + (۳) کرشن جی کے بڑے بھائی کا نام +

داوا - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) دادا - شوہر دادیہ - تگا - آنا کا خاوند دھاؤ ڑا +

داؤد - ع - اسم مذکر (۱) اصل عبرانی داؤد بمعنی محبوب و عزیز - یعنی محبوب الٰہی (۲) ایک مشہور و معروف پیغمبر کا نام جو بادشاہ اور نبی اللہ دونوں تھے - آپکے والد بزرگوار کا نام ایشا تھا - کتاب زبور یعنی وثیقہ جدید آپ ہی پر نازل ہوئی - آپ اس درجہ خوش الحان تھے کہ جس وقت زبور کے زمزموں میں حمد باری ادا فرماتے تو خلقت کیا حیوانات کا ہجوم ہو جاتا تھا - چنانچہ حاسدوں کو رجوع خلق سے اس قدر رشک پیدا ہوا کہ انہوں نے اسی زمانہ میں بربط مزامیر - لحن - سرود وغیرہ بہت سے ساز ایجاد کر لیے لیکن وہ تاثیر نہ پائی - یہ ساز خوش کن بیشک تھے مگر وجد آوری سے کوسوں دور - آپ نہایت متقی - پرہیزگار اور خلق خدا پر جان نثار تھے آپ کے دعوے پارسائی نے ہی بحکم خدا ایک مرتبہ لغزش دلائی - آپ کا معمول تھا کہ راتوں کو گلیوں - کوچوں میں گشت لگاتے - رعیت کا حال بچشم خود دیکھتے اور اجنبی بن کر پوچھتے کہ داؤد مخلوق سے کس طرح پیش آتا ہے - اس کا طریق معاشرت کیا ہے - معلوم ہوا کہ ساری باتیں اچھی ہیں مگر یہ بات ضرور ہے کہ اپنا ذاتی خرچ بیت المال سے چلاتا ہے - آپ نے خدا کی درگاہ میں دعا کی کہ الٰہی مجھے کوئی ایسا ہنر سکھا کہ میں اپنا خرچ اس سے نکالا کروں - اور بیت المال سے ایک کوڑی نہ لوں - خدا تعالےٰ کو ان کی یہ بات پسند آئی - حکم ہوا کہ زرہ بنا کر

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

اپنا پیٹ پالا کرو۔ جنہوں نے کو یہ معجزہ دیا کہ لوہا تمہارے ہاتھ میں مثل موم ملایم اور نرم ہو جایا کرے لیکن حکماء کا بیان ہے کہ جس وقت آپ کو یہ خیال آیا تو آپ سے چونکہ علم کیمیا کا ہنر بھی حاصل کر رکھا تھا اُس کے ذریعہ سے نہایت آسانی کے ساتھ زرہ بنانی شروع کی اور اُس سے اپنا گزارہ کرنے لگے۔ بیت المال سے لینے کی توبہ کی۔

آپ نے اپنی اوقات کو اس طرح تقسیم کر رکھا تھا ایک روز پند و نصایح میں صرف فرماتے۔ ایک روز گوشہ عبادت میں معتکف بیٹھتے۔ ایک روز امور خانگی میں مصروف رہتے۔ باقی ایام مہام سلطنت و داد خلایق میں بسر کرتے۔ آپ کا رعب بھی بدرجہ غایت تھا۔ اوریا کی بیوی کو اسے شہید کرا کر اپنے نکاح میں لانے کا دھبہ ان پر لگا تھا لیکن یہ امر ربی تھا تاکہ ان کا غرور پارسائی ملوث ہو جب آپ اپنی لغزش پر متنبہ ہوئے تو ایسے روئے ایسے روئے کہ چہرے مبارک کے گرد اگرد آنسوؤں کی تری سے جس زمین پر پڑے رہے تھے گھاس پھوٹ آئی۔ جب خدا تعالےٰ نے ان کی زبان سے کہلوا لیا کہ بیشک داؤد خاطی خالی ہے تو اس کا قصور خود بھی معاف کر دیا اور اوریا کی قبر پر پہنچ کر اس سے بھی معافی دلوا دی۔ ایک دفعہ قوم بنی اسرائیل نے وہ سر اٹھایا کہ ان کی سلطنت اور تمام رعایا کو تہلکہ میں ڈال دیا۔ خدا تعالےٰ نے حضرت داؤد کی دعا سے ان کے واسطے تین سزائیں تجویز کیں اور حکم دیا کہ جس سزا کو وہ منظور کریں وہی دی جائے سب نے مشورہ کر کے طاعون کی وبا کو پسند کیا چنانچہ پانچ پہر میں ایک لاکھ ستر ہزار بنی اسرائیل فوت ہوئے جب آپ کی دعا سے یہ بلا دفع ہوئی تو آپ نے اس کے شکریہ میں ان سے مسجد اقصےٰ کی بنیاد ڈلوائی اور قدآدم بنوا کر حسب الحکم بازی باقی عمارت اپنے فرزند رشید حضرت سلیمان علیہ السلام کے واسطے چھوڑ دی۔ آپ کی عمر سو یا ایک سو بیس برس کی ہوئی۔ جس وقت آپ کا جنازہ اٹھا تو عوام الناس کے علاوہ چالیس ہزار رہبان شریک مشایعت تھے۔

داؤدی ۔ا۔ ایک زرد و سفید رنگ پھول کا نام جسے گل داؤدی

بھی کہتے ہیں۔

داؤدی، یا داؤدخانی ۔و صفت۔ منسوب بہ داؤد خاں۔ سفید گیہوں (دو سفید گیہوں جن کو بادشاہی امیروں میں سے ایک شخص داؤد خاں نامی شاہ عالم کے عہد میں عرب سے لایا تھا)

داؤن ۔ا۔ اسم مذکر۔ ہنیا۔ ڈونس۔ گھکری۔ جنبیہ۔ (ایک قوس فاختہ جو اکثر پہاڑیوں گورکھوں اور عربوں کے پاس ہوتا ہے)

داؤں، یا داؤنوں ۔ا۔ اسم مذکر (۱) باری۔ وار۔ دک۔ نوبت (۲) گھات۔ کمین۔ موقع۔ قابو۔ بس (۳) بازی۔ چال۔ حیلہ۔ مکر۔ فریب (۵) بند کشتی۔ کشتی کا پیچ (۶) پاسہ۔ ثرعہ۔

داؤں آنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) جوئے میں حسب مراد پاسہ پڑنا۔ (۲) وار آنا۔ نوبت آنا۔

داؤں پر چڑھانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) پیچ پر چڑھانا۔ داؤ بھر لینا (۲) قابو میں لانا۔ بس میں لانا۔

داؤں پر چڑھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ قابو پر چڑھنا۔ بس میں آنا۔ پیچ پر چڑھنا۔

داؤں پر رکھنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا۔ اڑانا۔ لگانا۔ (۲) کشتی کے پیچ پر بھرنا۔

داؤں پڑنا ۔ا۔ فعل لازم۔ حسب مراد پاسہ پڑنا۔ بازی آنا۔

داؤں پھینکنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ پاسہ پھینکنا۔ پاسہ ڈالنا۔ بازی کی کوڑیاں پھینکنا یا اچھالنا۔

داؤں پیچ ۔ا۔ اسم مذکر۔ داؤں گھات۔ مکر و فریب۔ دم جھالنا چال (۲) کشتی یا بازی کے ڈھنگ اور قاعدے۔ کشتی کے بند۔

داؤں تاکنا ۔یا۔ لگانا ۔ا۔ فعل لازم۔ گھات لگانا۔ موقع دیکھنا۔ گھات میں بیٹھنا۔ گھات میں رہنا۔ تاک لگانا۔

داؤں دینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جل دینا۔ چھل کرنا۔ گھگنا۔

داؤں کرنا ۔ا۔ فعل متعدی پیچ کرنا۔ پیچ کھیلنا۔ چھل کرنا۔ گھات لگانا۔ شکاری کا گھات میں بیٹھنا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

داؤ

داؤں کھانا - ا۔ فعل لازم (لطی) مواطات کرانا +

داؤں کھیلنا - ا۔ فعل لازم پیچ کھیلنا۔ جل دینا - دھوکا دینا۔ گھات لگانا +

داؤں لگانا - ا۔ فعل لازم (۱) گھات لگانا۔ موقع دیکھنا۔ قابو پانا۔ (۲) بازی لگانا۔ اڑنا + شرط بمد کا شرط لگانا +

داؤں میں آنا - ۲۔ فعل لازم۔ فریب سے قابو میں آنا۔ ڈھب پر چڑھنا۔ بس میں آنا۔ ؎

آتا نہیں ہے وہ تو کسی ڈھب سے داؤں میں
بنتی نہیں ہے ملنے کی کیے کوئی (ح اسومن)

داؤنا - ۲۔ فعل متعدی (پورب) دائیں چلانا۔ گاہنا۔ خرمن کو سیدن

داہنا - ۲۔ سیدھا۔ یمین۔ راست +

داہنا ہاتھ - ۲۔ اسم مذکر۔ سیدھا ہاتھ۔ دست یمین +

داہنے ہاتھ کا کھایا حرام ہے - ا۔ عو قسم سخت یعنی اگر تم اس بات کو نہ کرو تو تم نے جو کچھ اپنے سیدھے ہاتھ سے کھایا یا کھاؤ گے وہ حرام میں داخل ہوگا) +

داہنے ہاتھ کو - ۲۔ تابع فعل۔ اندھے کو راستہ بتانے میں یہ لفظ زیادہ مستعمل ہے یعنی داہنے ہاتھ کی طرف جا +

دائی - ا۔ اسم مونث (۱) دایہ۔ جنائی۔ قابلہ۔ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت (۲) انا۔ پلائی۔ دودھ پلانے والی (۳) پورب) خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما۔ (۴) آنکھ مچولی میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا شخص (۵۔ ۲۔ صفت۔ ہندو) دینے والا۔ اور کرنے والا جیسے سکھ دائی۔ دکھ دائی +

دائی پلائی - ا۔ اسم مونث (۱) انا۔ دودھ پلانے والی عورت۔ دھایا +

دائی جانے اپنی بائی - ا۔ (کہاوت) دائی کو جنے والی کی تکلیف نہیں معلوم ہوتی۔ ہر شخص دوسرے کا اپنا سا حال جانتا ہے +

دائی جنائی - ا۔ اسم مونث۔ قابلہ۔ دایہ +

دائی چنبیلی کے مرہ امو گرا - ا۔ کہاوت۔ جو شخص کمینے گھر میں پیدا ہو کر اپنے کو عالی خاندان ظاہر کرے اس کی

دائی

نسبت طرز یہ کلمہ بولتے ہیں +

دائی دائی تیرے ساتوں بھائی - ا۔ کھیل کا فقرہ جب بچے آنکھ مچولی کھیلتے ہیں اس شخص کو جو چور کی آنکھیں بند کرتا ہے جب سلامت اگر چھو لیتے ہیں تو یہ دعائیہ فقرہ کہتے ہیں یعنی دائی تیرے ساتوں بھائی جئیں ہمنے تجھکو بے چور بنے اگر چھو لیا) +

دائی دوا والے - ا۔ اسم مذکر۔ وہ لوگ جو دائی دوا کے وسیلہ سے روزی حاصل کریں۔ وہ لوگ جن کی ماں یا جورو یا بہن دائی دوا کا پیشہ کر کے روٹی کھائے۔

دائی سے پیٹ چھپانا - ا۔ فعل متعدی۔ واقف الحال یا واقف راز سے کسی بات کا پردہ کر کے جھوٹا بننا +

دائی سے پیٹ نہیں چھپتا - ا۔ کہاوت یعنی محرم و رازدان اور آگاہ و واقفکار سے اسرار یا بھید مخفی و پوشیدہ نہیں رہتا + ؎

رقیب کیوں نہ ہو محرم تمہارے راز کا اب
مثل ہے پیٹ کوئی چھپ سکے ہے دائی سے (جرأت)

دائی کو سونپنا - ا۔ فعل متعدی۔ عو۔ دایہ کے حوالہ کرنا۔ بچے کو انا کے سپرد کرنا۔ پالنے کے واسطے بچہ کو دائی کے گھر دینا +

دائی کو میری کوستی ہے - ا۔ محاورہ عو یعنی میرے واسطے دعائے بد کرتی ہے۔ میرا برا چاہتی ہے +

دائی کھلائی - ا۔ اسم مونث۔ وہ دایہ جو بچوں کو کھلائے یا رکھے

دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا - ا۔ (کہاوت) دیکھو دائی سے پیٹ نہیں چھپتا) +

دائی کے سر پھول پان - ا۔ کہاوت یعنی نیکی و بدی سب دائی کے سر۔ ہر بلا و بہتان بیچارے غریب و بے زبان لوگوں پر پڑتا ہے +

دائی گیری - ا۔ اسم مونث۔ دایہ گری۔ جنائی کا کام یا پیشہ کرنے والی +

دایاں ۲۔ اسم مذکر۔ دیکھو (داہنا) +

دایاں بولنا - ۲۔ فعل لازم۔ تیتر کا دائیں ہاتھ کی طرف چوری کو جاتے ہوئے بولنا جو شگون نیک خیال کیا جاتا ہے (جو ریا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دا

مسافر بولتے ہیں) +

دائجا ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) جہیز۔ دہیز۔ استری دان۔ حصہ۔ بہ + مہر۔ کابین +

دائرہ ۔ع۔ صفت (۱) پھرنے والا۔ دورہ۔ دورا کرنے والا (۲) قانون زیر تجویز۔ درپیش۔ مرجوعہ +

دایر کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ چلانا۔ رجوع کرنا۔ درپیش کرنا سلسلہ شروع کرنا۔ جیسے مقدمہ دایر کرنا +

دائرہ ۔ع۔ اسم مذکر (۱) حلقہ۔ کنڈل + چکر۔ دور۔ محیط (۲) منڈلی مجلس (۳) اقلیدس، وہ گول مستوی سطح جو ایک گول خط سے جس کے بیچوں بیچ ایک مرکز ہو محدود ہو اور اس مرکز سے جو خط محیط تک کھینچے جائیں وہ سب آپس میں برابر ہوں (۴) ۔ا۔ خانقاہ۔ ڈیرہ۔ محلہ۔ تولہ (۵) ڈفلی۔ ایک باجہ کا نام جو ایک رخ سے کھلا ہوا ہوتا ہے + چنگ (۶) حرفوں کی گولائی جیسے ج یا ح کا دائرہ

دائک ۔س۔ اسم مذکر۔ دینے والا۔ رائی جیسے سکہ دائک۔

دایم ۔ع۔ تابع فعل۔ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا + جم جر +

دایم الحبس ۔ع۔ اسم مذکر۔ جنم قید۔ عمر قید +

دایم الخمر ۔ع۔ صفت۔ ہمیشہ شراب پینے والا + ہر وقت نشہ میں غرقاب رہنے والا۔ شرابی۔ نشہ باز +

دایم المرض ۔ع۔ صفت۔ جنم روگی۔ دکھ کی پوٹ ہمیشہ بیمار رہنے والا +

دائمی ۔ع۔ صفت۔ مدامی۔ سدا کا۔ جنم کا۔ ہمیشہ کا۔ دوامی + سرمدی۔ ابدی +

دائن ۔ع۔ اسم مذکر (قانون) قرض دینے والا۔ قرضخواہ۔ لین دار قرض دہندہ +

دائینں ۔ا۔ اسم مونث۔ توپ یا بندوق کے متواتر چھوٹنے کی آواز دھنادھن۔ وناون +

دائنیں ۔ا۔ اسم مونث (۱) دو یا کئی بیلوں کو اناج گاہنے کیواسطے ایک ساتھ جوتنا۔ بیلوں کی جوٹ (۲) ہمسر۔ برابر۔ ہمسر +

دائنیں چلانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ اناج گاہنا۔ پیروں پر بیلوں کو چلانا کھلیان پر بیلوں کو پھرنا۔ اناج روندنا +

دے

دائین دار ۔یا۔ دائین کا ۔ا۔ صفت۔ برابر کا۔ ہمعہ ہمسر۔ ہم پہ

دائین ۔ا۔ صفت۔ جانب راست۔ دہنی طرف۔ داہنے ہاتھ پر۔ سیدھے ہاتھ کی طرف

دائیں، بائیں ۔ا۔ تابع فعل۔ چپ و راست۔ یمین و یسار۔ ادھر ادھر +

دائیں بائیں دیکھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ ادھر ادھر دیکھنا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ چیتنا۔ چوکنا ہونا +

دائیں بائیں کر دینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ چھپا دینا۔ غائب کر دینا ادھر ادھر کر دینا +

دایہ ۔ف۔ اسم مونث۔ بچے کو پرورش کرنے والی دھایا + انا۔ پلائی کھلائی + خادمہ۔ ماما +

دایہ گری ۔ف۔ اسم مونث۔ کار دایہ۔ پیشۂ دایہ +

دبا ۔ا۔ اسم مذکر (پورب۔ ا) گھات یکمین (۲) غوطہ۔ ڈبکی (۳) موتیا چنبیلی وغیرہ کے درخت کی شاخ کو دوسری جگہ دبا دینے اور جب اس میں جڑیں نکل آئیں تو اسے اور جگہ لگا دینے کو بھی دبا کہتے ہیں +

دبا مارنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) گھات لگانا۔ کسی دشمن یا شکار کے واسطے چھپ رہنا +

دبا بیٹھنا ۔یا۔ لینا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) قبضہ کر لینا۔ زبردستی مال مار لینا۔ غصب کر لینا (۲) دبوچ لینا۔ آسن بھر لینا۔ سواری کسنا + عورت پر سوار ہونا۔ زنا بالجبر کرنا + غٹ پٹ۔ مباشرت کرنا۔ صحبت داری کرنا۔ مجامعت کرنا +

دبا کر ۔ا۔ تابع فعل (۱) زور سے۔ جکڑ بخوبی جیسے دبا کر کام لینا یا کرنا (۲) زبردستی سے۔ حکومت سے جبر سے جیسے دبا کر بلب ڈکا لنا +

دباغ ۔ع۔ اسم مذکر۔ چمڑا رنگنے یا پکانے والا۔ کھٹیک +

دبانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) گاڑنا۔ دفن کرنا۔ زمین دوز کرنا (۲) بیج بونا بیج کو زمین کے اندر رکھنا (۳) زبردستی قبضہ کرنا غصب کرنا۔ پایا حق دبانا (۴) بھینچنا۔ دبوچنا۔ فشار دادن کا ترجمہ (۵) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا مغلوب کرنا۔ بھگانا۔ شکست دینا۔ جیسے دشمن دبا لے چلے گئے (۶) زور ڈالنا۔ دباؤ ڈالنا (۷) بھینچی کرنا مشت مالی کرنا مٹھیاں بھرنا۔ ۵

چیں جبیں کچھ بات کی بنے تو وہ بولے + ہمتو نہیں دبنے کے دبا کے کسی کے (دا نخفا

دبا

(۸) نقصان دینا۔ خسارہ دینا جیسے اُسنے دس روپیہ کو دبا لیا اور پھر نہ بولا۔
(۹) کسی چیز کو زور سے اندر بھرنا۔ اماما۔ بھرنا۔ ہاتھ کے زور سے یا انگلیوں سے کسی چیز کو برتن کے اندر ٹھونسنا (۱۰) چھپانا مخفی کرنا۔ اخفا کرنا جیسے بات دبانا۔ واردات کا دبانا۔ اُڑانا +

دَبَاؤ۔ ہ۔ صفت (۱) بوجھ۔ غلبہ۔ زور۔ بھار۔ بار۔ داب جیسے گاڑی کا دباؤ ہونا۔ آزاد کے خلاف (۲) خوف۔ دہشت ڈر۔ ڈری۔ اندیشہ + ؎

یہ تو بتلا مجھے گراس کا نہیں تجکو دباؤ

غیر کے سامنے کیوں اتنا دبا جاتا ہے (معروف

(۳) جبر۔ سختی۔ تعدی جیسے اُن کے دباؤ سے یہ کام کیا (۴) رُعب۔ داب۔ ؎

پاؤں کیوں دابنے نہیں دیتے

گر کسی کا تمہیں دباؤ نہیں (جرأت)

(۵) حکم۔ حکم۔ زور۔ حکومت + اختیار (۶) لحاظ۔ خیال +

دباؤ ڈالنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ زور ڈالنا + بوجھ ڈالنا۔ عاجز کرنا +

دباؤ ماننا۔ ہ۔ فعل لازم۔ خوف ماننا۔ ڈر ماننا حکم ماننا

دَبدَبہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ لغوی معنے ڈھول یا ٹاپ کی سی آواز۔ ٹپ ٹاپ + طمطراق۔ کرّ و فر۔ رعب داب۔ شان و شوکت +

دَبو دبو کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ کسی بات کو دبانا۔ کسی معاملہ کو چھپا دینا۔ سنی اَن سنی کر دینا +

دُبدھا۔ ہ۔ اسم مونث۔ تذبذب۔ شک۔ شبہ۔ پس و پیش۔ شش و پنج۔ ہچر مچر جیسے دبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام (عوام اور علی الخصوص مستورات دُگدھا بولتی ہیں اصل میں (دو + بدھا) سے مرکب ہے یعنی دو طرح۔ یا دو طرح کی مت)

دبدھا کرنا۔ ف۔ فعل لازم۔ شک کرنا۔ شبہ کرنا۔ تذبذب میں رہنا۔ آگا پیچھا سوچنا۔ ہچر مچر کرنا۔ بدظنی و بدگمانی کرنا + تردد کرنا۔ وسوسہ کرنا +

دُبر۔ ع۔ اسم مونث۔ پشت۔ پیچھا۔ مجازاً مقعد مسفرہ۔ گانڈ۔ گانڑ۔ گنڈ۔ نڈ۔ گون۔ مبز +

دُبر و گھسرو۔ ہ۔ صفت۔ ڈرپوک۔ بزدلا۔ بودا۔ کم ہمت۔

بنا

دُبکانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ چھپانا۔ لُکانا۔ کپڑے میں چھپانا جیسے بچے کو رضائی میں۔ دبکالو +

دُبکنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا۔ روپوش ہونا۔ دبکی مارنا (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خوف کرنا۔ منہ پھیرنا (۳۔ متعدی) چاندی سونے کے تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا +

دُبک بیٹھنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ چھپ بیٹھنا۔ مخفی یا روپوش ہو جانا دبکی لگا جانا۔ زمین سے پیٹ لگا کر بیٹھ جانا جیسے جانور بیٹھ جاتے ہیں +

دُبک جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چھپ جانا۔ دبکی مار جانا۔ روپوش ہو جانا۔ چلدینا۔ غائب ہو جانا +

دُبکی۔ ہ۔ اسم مونث (۱) روپوشی۔ کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا جیسے تیتر کا دبکی لگانا (۲) داؤں گھات +

دبکی لگانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چھپنا۔ غائب ہونا + گھات لگانا۔ گھات میں بیٹھنا +

دُبگیا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ تار دبکنے والا۔ بادلہ بنانیوالا۔ تار کو ٹکر چوڑا کر نیوالا۔ تار چپٹا کرنے والا +

دُبگر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ سپر ساز۔ ڈھال بنانے والا۔ آجکل گپا بنانے والے کو کہتے ہیں +

دُبلا۔ ہ۔ صفت۔ ضد کا نقیض۔ پتلا۔ لاغر۔ نحیف۔ مارا۔ کمزور کم گوشت +

دبلا پا۔ یا۔ دُبلاپن۔ ہ۔ اسم مذکر۔ لاغری۔ نحافت۔ کمزوری مارا پن +

دبلا پتلا۔ ہ۔ صفت۔ چھریرا۔ ہلکے بدنکا۔ ہلکا پھلکا +

دُبنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا۔ گڑنا۔ (۳) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا (۴) زیر ہونا مغلوب ہونا (۵) سکڑنا سمٹنا (۶) ہٹنا۔ بچنا۔ راستہ دینا (۷) رکنا جیسے تنخواہ دبنا (۸) عجز و انکسار کرنا لحاظ کرنا جیسے جتنا دبتے ہیں تم پر چڑھتے ہو (۹) اپنا بچنا جیسے چول میں ہاتھ دبنا وغیرہ (۱۰) کینا نا۔ شرمانا (۱۱) کسی چیز کے اجزا کا متصل ہو جانا (۱۲) نیچے آنا۔ اندر آنا جیسے گوٹ یا سنجاف کا دبنا (۱۳)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دبن

ذرد ہونا۔ رفع ہونا جیسے جھگڑا دبنا ✦

دَبنگ ۔ا۔ صفت۔ قوی ہیکل۔ فربہ تنومند۔ مسٹنڈا۔ موٹا تازہ ہٹا کٹا ✦ زبردست۔ زور آور۔ پرزور۔ توانا۔ ؎

چوک کے بازار میں تھا اک دبنگ
عار الطبا و طبابت کا تنگ (سودا)

(۲) کٹھور۔ سخت دل۔ کٹر۔ بیرحم ✦

دَبنگا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ہٹا کٹا آدمی۔ مسٹنڈا۔ پرزور اور طاقتور آدمی ✦

دَبنگی ۔ا۔ اسم مونث۔ مسٹنڈی۔ موٹی۔ تازی۔ ہٹی کٹی عورت زور آور عورت ✦ ؎

ڈرو وحشت کی دھوم دھام سے تم
وہ تو ایک دبو نی دبنگی ہے (انشاء)

دَبوچنا ۔ف۔ فعل متعدی۔ دبانا۔ بھینچنا۔ گرفت کرنا۔ اس طرح دبانا جس طرح بلی چوہے کو دباتی ہے ✦ قابو میں لانا۔ قابو میں کرنا ✦

دَبّہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ کپا ✦ چرمی ظرف ✦ (متروک)

دُبھاسیا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ترجمان۔ مترجم (ہندی) (ف ✦ آسیاس۔ بمعنی ربط سے یہ لفظ بنا ہے)

دُبلے ۔ا۔ اسم مذکر۔ دوویدجاننے والے برہمنوں کا لقب ✦

دُبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے ۔ا۔ کہاوت زبردست دشمن دبے پر اپنے زیردست کا بھی حکم بجالاتا ہے ✦

دَبے پاؤں ۔ا۔ تابع فعل۔ (۱) آہستہ آہستہ سہج سہج آہٹ کے بغیر۔ چپکے چپکے۔ دبے پیر۔ ؎ (نصیر)

دبے پاؤں طواف خانہ لیلیٰ کرلے مجنوں
مبادا جاگ اٹھے سنکے ربابِ محمل اسما کا

(۲) چپکے سے چوری سے۔ ؎

حسد سے جل کے دبے پاؤں اڑ گئے اغیار
ہمارے نالوں نے جب کار برق دکھایا کیا آتش)

دبے پاؤں آنا ۔ا۔ فعل لازم۔ چپکے سے آنا۔ اس طرح آنا کہ پاؤں کی آہٹ نہ ہو ✦

تو

دبے پاؤں جانا۔ یا چلنا۔ ا۔ فعل لازم۔ زمین پر آہستہ قدم رکھکر جانا تاکہ آہٹ نہ ہو۔ چپکے چپکے جانا ✦ سہج سہج پولے پاؤں سے چلنا ✦

دبے پاؤں نکل جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ چپکے سے چلا جانا۔ کان دبا کر نکل جانا ✦ ؎

کوچے میں جو اس کے کل گئے ہم ✦ کیا پاؤں دبے نکل گئے ہم (عباسی)

دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے ۔ا۔ کہاوت۔ تنگ آکر ناتوان بھی حملہ کر بیٹھتا ہے ✦

دَبیر ۔ف۔ اسم مذکر۔ کاتب۔ نویسندہ ✦ منشی ✦ انشا پرداز مصنف نگار (۲) مرزا سلامت علی مرثیہ گو ولد میاں غلام حسین لکھنوی شاگرد مظفر حسین ضمیر کا تخلص انکے مرثیوں میں نازک خیالی۔ عالی دماغی اور آورد پائی جاتی ہے۔ اور انکے ہم عصر میر انیس کے کلام میں آمد

دَبیرِ فلک ۔ف مع۔ اسم مذکر۔ عطارد ستارہ۔ بدھ ✦

دَبیز ۔ف۔ صفت (۱) موٹا۔ گاڑھا۔ غفص۔ سنگین۔ گندہ۔ دل دار

دِلی زبان سے کچھ کہنا ۔ا۔ فعل لازم۔ ہچکچاہٹ یا جھجکی زبان سے کچھ اقرار کرنا۔ کم توجہی سے بات کہنا۔ غیر مستقل ہو کر کچھ کہنا شرما شرمی کچھ اقرار کرنا۔ گرمجوشی سے نہ کہنا ✦

دَبیل ۔ا۔ صفت (۱) زیردست۔ مغلوب۔ دبنے والا ✦ ماتحت۔ زیر حکم۔ زبان بردار۔ رعیت ✦ کمزور۔ بودا (۲) کمبخت۔ نڈا۔ عیب دار۔ وہ شخص جو اپنے عیبوں کے باعث لوگوں سے دبتا اور کنیاتا رہے ✦ ؎

نہ ہے دبا و کسیکا نہ ہو کسی کے دبیل
پھر ہم سے بزم میں کیوں کان تم دباتے ہو (ذوق)

دُت ۔ا۔ کلمہ حقارت (۱) کتے کو ہنکانے کی آواز (۲) بہت دور ہو۔ الگ ہٹ

دُت تیرے کی ۔ا۔ کلمہ حقارت۔ ہٹ تیرے کی ✦

دُتکار ۔ا۔ اسم مونث۔ دھتکار۔ لعنت ملامت۔ جھڑکی۔ زجر و توبیخ ✦

دُتکارنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ جھڑکنا۔ دھتکارنا۔ گھرکنا۔ کتے یا نالائق آدمی کو نکالنا۔ لعنت ملامت کرنا ✦

دَتون یا دَاتون ۔ا۔ اسم مونث۔ مسواک ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دجا

دَجّال - ع - اِسمِ مذکر - (۱) صیغۂ مُبالغہ ہے یعنی دریاے دجلہ سے پیدا ہونیوالا - اہلِ اِسلام کے عقائد کے موافق یہ شخص قیامت کے کچھ عرصہ پہلے دریاے مذکور سے پیدا ہوکر اصفہان سے ظہور کریگا - ایک آنکھ سے کانا اور بڑا اَکفر ہوگا - حتّٰے کہ اُس کے ماتھے پر بھی لفظِ کافر لکھا ہوا خاص اہلِ ایمان کو بوجہ نُورِ ایمان نظر پڑیگا - اور وہ اُلوہیت کا مدّعی ہوکر بہت سے خرقِ عادات مثل احیاءِ اموات یا اماتتِ احیاء اور کھیتیوں باغوں کو بار آور کرنا وغیرہ وغیرہ بطورِ استدراج دکھاکر بہت آدمیوں کو اپنی اُلوہیت کا مُعتقد کرلیگا - تین روز کے عرصہ میں تمام عالم پر قابض ہوکر گمراہی پھیلائیگا اِس کی یہ کیفیت دیکھکر حضرت عیسیٰؑ آسمان سے اور امامِ مہدی آخرالزماں سرِ منارۂ شامی نامی غار سے تشریف لاکر ہلاک کرینگے - ظہور سے چالیسویں دن ہلاک ہوگا جس میں پہلا دن ایک سال کے برابر - دُوسرا ایک ماہ اور تیسرا ہفتہ کے برابر ہوگا - باقی سینتیس روز ایامِ معہود کے برابر ہونگے چونکہ وہ ایک آنکھ سے کانا اور بڑا بھاری کافر ہوگا اِس وجہ سے اُس کانے کو بھی کہتے ہیں جو نہایت شریر اور بدذات ہوتا ہے * جھوٹا مکّار - بَطّال - بہت جھوٹ بولنے والا - ایک بہت بڑے جھوٹے یہودی کا لقب جو اخیر زمانے میں پیدا ہوگا * مخالف مہدی و عیسےٰ علیہما السّلام (۲) طلا - سونا - زر - ذہب (۳) تیغ جوہردار *

دَچھنا - ک - اِسمِ مؤنّث - (ہندو) دکشنا (۱) ہدیہ - تحفہ - سوغات (۲) نذر بھیٹ - نذرانہ - (۳) شکرانہ - مِحنتانہ - مُزد - اِنعام *

دُخان - ع - اِسمِ مذکر - دُھواں - دُود - بُخار - بھاپ *

دُخانی - ع - صفت - دُھوئیں کا * وہ چیز جو بھاپ یا دُھوئیں کے زور سے چلے جیسے دُخانی جہاز یا کل وغیرہ *

دُخت - ف - اِسمِ مؤنّث - دُختر کا مُخفّف *

دُختر - ف - اسمِ مؤنّث - لڑکی - بیٹی - دِسی *

دُخترِ رَزیہ - ف + ع - اسمِ مؤنّث - گیدڑ لڑکی - سوتیلی لڑکی *

دُخترِ رَز - ف - اِسمِ مؤنّث - انگوری شراب * شراب ۵ (ذوق)

لے ذوق دیکھ دخترِ رز کو نہ منہ لگا چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی

دَخل - ع - اِسمِ مذکر - (۱) آمد - پیداوار - آمدنی * اندر آنا - داخلہ - برآمد ہونا - رسائی * پہنچ * قبضہ - (۳-۱) اِمکان - ممکن جیسے کیا دخل ہے وہ یہاں تک آجائیں (۴-۱) دست اندازی - مُزاحمت (۵-۱) عمارت

دخی

شُدبُد - واقفیت - دسترس جیسے اُنہیں انگریزی میں بھی کچھ دخل ہے *

دَخل بیجا - ع + ف - اِسمِ مذکر - (قانون) مُداخلتِ ناجائز - بے اِجازت کسی کے مکان میں چلا جانا *

دخل پانا - ا - فعل لازم (۱) گزر ہونا - آمدورفت ہونا * راہ پانا - رسائی ہونا - پہنچ ہونا - باریاب ہونا * (۲) زمین پر دخل پانا - زمین پر قبضہ پانا - قابض ہونا - قبضہ پانا *

دَخل در معقولات - ع + ف - اِسمِ مذکر - کسی بات میں خواہ نخواہ دخل دینا - لوگوں کی بات میں مُداخلت کرنا - بیچ میں بولنا - معقولات میں درک دینا - اپنے تئیں پانچوں سواروں میں سمجھنا *

دخل دِہانی - ا - اِسمِ مؤنّث - (قانون) قبضہ دلانا - قابض کرانا *

دخل دینا - ا - فعل لازم - درک دینا - بیچ میں پڑنا - بیچ میں بولنا * دست اندازی کرنا - سدِّ راہ ہونا *

دخل کرنا - ا - فعل متعدی - قبضہ کرنا - قابض ہونا - اِختیار میں لانا - متصرّف ہونا - دست اندازی کرنا - دبالینا - غضب کرلینا *

دخل میں رکھنا - ا - فعل متعدی - قابو میں رکھنا - قبضہ میں رکھنا - تصرّف میں لانا *

دخل نامہ - ع + ف - اِسمِ مذکر - (قانون) قبضہ کی سند یا حکم - قابض ہونے کا سرکاری حکم - پروانہ دخلیابی *

دخل یابی - ع + ف - اِسمِ مؤنّث (۱) باریابی - گزر - پہنچ - رسائی (۲) قبضہ - تصرّف *

دُخول - ع - اِسمِ مذکر - خُروج کا نقیض - درآمد - بار - دخل - گزر - رسائی - پہنچ - گھسنا - داخل ہونا - گھسنا *

دخول کرنا - ا - فعل متعدی - گھسیڑنا - اندر کرنا - داخل کرنا - پیوستا - چبھونا *

دخول ہونا - ا - فعل لازم - گھسنا - گھسنا - داخل ہونا - اندر جانا *

دَخیل - ع - صفت (۱) دخل دینے والا - باریاب - کسی کے کاروبار میں دخل دینے والا - (۲) قابض - متصرّف *

دَخیل کار - ع + ف - صفت - کاروبار میں دخل دینے والا - سربراہ کار * قابض - متصرّف *

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دَدّ

دَ خیل ہونا - ا۔ فعل لازم۔ کسی کے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا۔ سربراہ کار ہونا۔ مصاحب ہونا۔ شریک الرائے ہونا +

دَدُو - ف۔ اسم مذکر۔ درندہ۔ پھاڑنے والا جانور۔ جیسے شیر بھیڑیا وغیرہ +

دَدا - ا۔ اسم مؤنث۔ (ترکی میں دَدہ یا دَدک آتا ہے) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے واسطے نوکر ہو۔ کھلائی۔ بچوں کو پالنے اور رکھنے والی باندی +

دَدوڑا - کا۔ اسم مذکر۔ وہ چھوٹے دانے جو مچھروں کے کاٹنے یا خوش خون سے جلد پر نمایاں ہوں اُن میں سے ہر ایک دَدوڑا کہلاتا ہے۔ (اصل میں دادی کی تصغیر ہے) +

دَدھ - کا۔ اسم مذکر۔ (گنیتوں میں) دہی۔ دوغ۔ دودھ۔ شیر۔ (ٹھگی) ڈگر چلیت موسے کینی راڑ دَدھ بیچن مَیں ناجاؤنگی +

دُدّھی - کا۔ اسم مؤنث (ا) شیر گیاہ۔ ایک بوٹی کا نام جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے۔ (پورب کی ہندو عورتیں اکثر خوبصورتی کے واسطے جسم پر اس کا دودھ لگا دیتی ہیں اور اُس سے وہ جگہ نیلی ہو جاتی ہے +(۲) ایک قسم کا سفید اور سرخ پرت دار پتھر جس کی سلیں مکانوں میں لگتی ہیں (۳) چوچی۔ پستان۔ چھاتی (اس معنی میں دودھی زیادہ بولتے ہیں) +

دُدھیل - کا۔ صفت۔ دودھ دینے والی۔ دودھار جیسے دُدھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی +

دَدیا خسر - ا۔ اسم مذکر۔ بیوی کا دادا + خسم کا دادا۔ دادسرا +

دُر - ا۔ کلمۂ تحقیر و تنفر (ا) دور ہو۔ چھپٹ بن اپنا رستہ لے۔ چلے۔ ہٹ۔ سرک نکل

سچ ہے کہ آبروئے قدی موتی کی آب ہے
تم نے کہا جو دُر میری عزت بگڑ گئی

دُر دُر پھیٹ پھیٹ - کا۔ اسم مؤنث۔ کلمۂ تنفر۔ لعنت ملامت۔ دھکار۔ دِھکا۔ تھڑی تھڑی +

دُر دُر پھیٹ پھیٹ کرنا - ا۔ فعل متعدی (ا) نکالنا۔ دھتکارنا۔ ہٹانا۔ (کلہ مکھی)

دُر دُر کروں تو دوڑا آوے کمن آنگن کمن باہر جاوے
دہیل چھوڑ کہیں نہیں سُتا کیوں سکھی ساجن ناسکھی کُتا

(۲) چھی چھی کرنا۔ نفرت کرنا۔ پھٹ پھٹ کرنا جیسے اُسے سب دُر دُر کرتے ہیں +

دُر

دُر دُر ہونا - ا۔ فعل لازم۔ دھتکار پڑنا۔ نکالا جانا۔ نفرت ہونا۔ (دوہا) یہ کُتا در در پھرے اور در در دُر دُر ہوے
ایک ہی در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کوے

دُر مُوے - ا۔ کلمۂ تنفر۔ عو۔ مرنے جوگے دُور ہو۔ ہٹ کمبخت + ہشت + دُر +

دُر - ع۔ اسم مذکر (ا) موتی مروارید کلاں۔ گوہر جوہر (۲) ایک موتی کا گوشوارہ

وہ شعر ترے وصف در گوش میں پڑھوں
(اسیر) سیپی اُتار دے مجھے دُر اپنے گوش کا

(عربی میں مشدد اور فارسی میں دونوں طرح بولا جاتا ہے) +

دُر افشانی - ف۔ اسم مؤنث۔ دُر ریزی۔ موتی بکھیرنے + خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ گوہر افشانی۔ فصاحت +

دُر بچہ - ا۔ اسم مذکر۔ گوشوارہ کو چک جس میں ایک موتی ہوتا ہے + مرکی +

دُر خوش آب - ف۔ اسم مذکر۔ نہایت آبدار موتی یا عمدہ شعر

دُر خوش آب مضامیں سے بھا کر لایا
واسطے تیرے ترا ذوق ثنا گر سہرا

دُر شہوار - ف۔ اسم مذکر۔ بادشاہوں کے قابل موتی۔ بہت بڑا موتی +

دُر ناسُفتہ - ف۔ اسم مذکر۔ (ا) اَن بندھا موتی۔ بن چھیدہ کا موتی (۲) صفت) دوشیزہ۔ کواری۔ انچھیڑ +

دُر نجف - ف۔ اسم مذکر (ا) سفید و شفاف مانند بلور پتھر کا نام جس میں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان بالوں کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف منسوب کر کے اُس کی تعظیم بجا لاتے ہیں۔ (۲) ا۔ عو نجیب۔ شریف۔ صحیح النسب۔ نجیب الطرفین۔ اصل نسل سید۔ سندی سید +

دُر یتیم - ع۔ صفت۔ دُر یکتا۔ وہ موتی کا بڑا دانہ جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے + قیمتی موتی +

دُر یکتا - ع + ف۔ صفت۔ دیکھو دُر یتیم) +

دُر - س۔ صفت (ا) بد۔ خراب۔ برا۔ نکما۔ زبون + نحس۔ منحوس (۲) سخت۔ مشکل۔ دشوار +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دُر

دُربچن - ک - اِسمِ مذکر - (ہندو) (۱) کھوٹی بات - بُری بات - بدکلامی بددہانی (۲) بدلگام - مُنہ پھٹ - مُنہ کا پھوڑا - دریدہ دہن +

دُربل - س - صفت (ہندو) کمزور - غریب - ناتواں +

دُرجن - س - اِسمِ مذکر - (ہندو) بدآدمی - بُرا آدمی + دشمن - بدخواہ - شریر +

دُرگت - ک - اِسمِ مؤنث - (ہندو) بدحالی - بُرا احوال - پتلا حال + بدانجام +

دُرگت کرنا - یا - بنانا - ک - فعلِ متعدی - بُری گت بنانا - بُرا درجہ کرنا - بُرا لکھا کرنا پتلا حال کرنا +

دُرگند - ک - صفت - (ہندو) سنگند کا تقیض - بُو سے بد - بدبُو عفونت +

دُرلب - س - صفت - ناممکن + جو شے بمشکل ہاتھ لگے - اصل میں دُرلبھ تھا +

دُرمتی - ک - صفت - کوڑھ مغز - بیوقوف - نادان - احمق - بُری سمجھ کا +

دُر - ک - اِسمِ مؤنث - (۱) نرخ - قیمت - بھاؤ - مول - جیسے سولہ روپے کی در کا سونا (۲) قدر - عزت - آبرو - وقر - توقیر جیسے اُنکے ہاں مہمان کی کچھ در نہیں +

دَر - ف - اِسمِ مذکر - (۱) دروازہ - ڈور پکوٹ ؎

وحشتِ دل کا تقاضا ہے نکل چلنے کا
(آتش) تنگ ہوں گنبدِ گردوں کا نہیں در ملتا

(۲) حرفِ جار - بیچ - اندر + بھیتر + میں + درمیان (۳) پر بھی آتا ہے جسکے تعین کلام کے واسطے خیال کرنا چاہئے جیسے درگزر +

دربدر - ف - تابعِ فعل (۱) دیکھو در در (۲) صفت) آوارہ و سرگشتہ + کوچہ کوچہ

دَربدر پھرنا - ا - فعلِ لازم - آوارہ پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا بھیک مانگتے پھرنا - کوچہ گردی کرنا +

دربدر خاک بسر - ا - صفت آوارہ و سرگرداں +

دَردَر - ف - تابعِ فعل - دربدر - گھر گھر - ہر ایک کے دروازے اور گھر پر جیسے اپنے دام کھوٹے کے در در مانگے بھیک +

در در مارا پھرنا یا - دربدر مارا پھرنا - ا - فعلِ لازم - آوارہ و سرگرداں پھرنا - تباہ و برباد پھرنا - خراب و خستہ پھرنا +

در در مانگنا - ا - فعلِ متعدی - ہر ایک گھر پر بھیک مانگنا - ہر ایک

دارا

در دروازے پر سوال کرنا +

دَرا ژیا - دَڑا ژ - ک - اِسمِ مؤنث - درز - شگاف - جھری - بال - تریڑ - رخنہ جھانکنے کے لئے ہوں جیسیں دراڑیں رکھنے (ناسخ)

اے پریرو ہے مجھے ایسی ہی دیوار پسند

دَراز - ف - صفت - لمبا - طویل +

دراز قد - ف + ع - صفت - طویل القامت - لمبے قد کا - قدآور - چھڑ لمچھڑ - بانس بلیٹڈا +

دراز گوش - ف - صفت (۱) بڑ کٹا - بڑے بڑے کانوں والا (۲) مذکر خرگوش - سُستا +

دراز ہونا - ا - فعلِ لازم - لمبا ہونا - لیٹنا سونا - پاؤں پھیلانا اصطلاح فقراء +

دَرائر - ا - (انگلش Drawers) ڈراورز (۱) اِسمِ مؤنث - الماری یا میز کا کھینچتا ہوا خانہ +

دَرازی - ف - اِسمِ مؤنث - لمبائی - طوالت +

دَر آمد ہونا - ا - فعلِ لازم - داخل ہونا - اندر آنا +

دَر آمد برآمد - ف - اِسمِ مؤنث - آمد و رفت - آنا جانا +

در آمد برآمد کے دن - ا - اِسمِ مذکر - موسم بدلنے کے دن - تبدیلِ موسم

دَر آنا - ا - فعلِ لازم پہنچنا - داخل ہونا + کسی چیز کا کسی چیز کے اندر سمانا - اٹنا +

دَرّانا - ا - صفت - عَور - بے دھڑک - بے خوف و خطر - مُنہ اُٹھائے - سیدھا - بن پوچھے - بلا اجازت جیسے کسی کے گھر میں درّانا چلا جانا +

دُرانا - ک - فعلِ متعدی (ہندو) چھپانا - پوشیدہ رکھنا - دُراؤ کرنا +

دَرانتی - ک - اِسمِ مؤنث - ہنسیا - گھانس کاٹنے کا قوس نما اوزار +

درانتی پڑنا - ک - فعلِ لازم - کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا +

دَرانداز - ف - اِسمِ مذکر - دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا - لڑا غمّاز - چغلخور - غیبت کرنیوالا - بدگوئی کرنیوالا - بدگو -

صحبت آخر کو بگڑتی ہے سخن سازی سے
(میر) کیا درانداز بھی اک بات بنا لیتے ہیں

پابوس کو ہر روز گیا یار کے گھر میں
(آتش) پٹکا کئے سر کو پسِ دیوار درانداز

دَراندازی - ف - اِسمِ مؤنث - غمّازی - بدگوئی - چغلخوری - لڑانے

دربار

دُرّانی - ف اِسم مُذکّر - احمد شاہ دُرّانی کی قوم پٹھانوں کے ایک فرقہ کا نام - ابدالیوں کا فرقہ کان میں موتی پہننے والا پٹھانوں کا جرگہ +

دُراؤ - ا - اِسم مُذکّر - غ - دوئی - جُدائی - بیگانگی - نِفاق - جیسے تم تو ہم سے دُراؤ رکھتے ہو +

دِرب - س - اِسم مؤنث - روکڑ - نقدی +

دَرباب - ف - اِسم مُذکّر - بابت - دربارہ - نسبت + مُقدمہ - معاملہ + کارن سبب - باعث +

دَربار - ف - اِسم مُذکّر - درگاہ - بارگاہ - آستانہ - (۲-۱) امرائے عظام و شاہان ذوالاکرام کی مجلس - شاہی عدالت - کچہری - اِجلاس + جشن (۳-۱) رجواڑوں میں راجہ کو بھی دربار کہتے ہیں - (۴-۱) حاضری - حاضرباشی - حضوری - خِدمت -

عِشق کا قصّہ کہیں گے ہم حضورِ شاہِ حُسن
(آتش) وقتِ شب دربار اگر اپنا مقرر ہو گیا

(۵-۱) امرتسر کا مشہور مکان جس میں گرنتھ رکھا ہوا ہے +

دربار باندھنا - ا - فِعل مُتعدّی - رشوت مُقرّر کرنا - گھوس دینا - مُنہ بھرائی دینا - مُنہ بھرنا - چٹاتے رہنا +

دربار برخاست ہونا + ا - فِعل لازِم - شاہی مجلس کے حُضّار اور اُمرا کا رُخصت ہونا - کچہری اُٹھنا +

دربارِ خاص سف + ع - اِسم مُذکّر - وہ دربار جس میں عام لوگوں کی اجازت نہو - خلوتی مجلس - اِجلاسِ خاص +

درباداری - ا - اِسم مؤنث - حاضرباشی - کسی امیر یا حاکِم خواہ بادشاہ کے ہاں روزانہ حاضر ہونا +

دربارداری کرنا - ا - فِعل لازِم - کسی امیر کے ہاں روز حاضر ہونا روزگار پر خوشامد کرنے جانا +

دربارِ عام - ف + ع - اِسم مُذکّر - وہ اجلاس جس میں تمام لوگ حاضر ہو سکیں عام لوگوں کے واسطے اجلاس فرمانا - عدالتِ عام +

دربار کرنا - ا - فِعل مُتعدّی - بادشاہوں کا جلوت میں بیٹھ کر امیر و اُمرا کا مُجرا و سلام لینا + کچہری کرنا - عدالت کرنا - اِجلاس فرمانا +

دربار لگنا - ا - فِعل لازِم - (۱) مُلازموں اور مجرائی لوگوں کا مجلس شاہی میں اکٹھا ہونا (۲) مجمع ہونا - ہجوم ہونا - بھیڑ لگنا -

دربار

کہئے کیونکر نہ اُسے بادشہِ کشور حُسن
(جرأت) کہ جہاں جا کے وہ بیٹھا وہیں دربار لگا

دربار معمور ہونا - ا - فِعل لازِم مجلس شاہی کا حاضرین سے بھر جانا

دَربارہ - ف - تابع فِعل - دیکھو (دربار) +

دَربارِی - ف - اِسم مُذکّر (۱) مُلازمانِ حضوری - مجرائی لوگ - سلام کرنے والے - امتیازی + ندیم - مُصاحب - ہمنشیں - خواص - (۲) (صفت) منسوب بہ دربار - دربار سے نسبت رکھنے والا +

دربارِی پوشاک - ف - اِسم مؤنث - (۱) شاہی مجلس میں پہنکر جانیکا لباس - وہ خاص کپڑے جو شاہی دربار کے دستور کے مُوافق وہاں پہنکر جاتے ہیں - رختِ سلامی (۲) مُکلّف لباس تکلّف کے کپڑے +

دربارِی زبان - ف - اِسم مؤنث - عدالت کی بولی چال + وہ الفاظ جو شاہی مجلس میں بولے جاتے ہیں - شاہی زبان + اُردوئے مُعلّیٰ

دَربان - ف - اِسم مُذکّر - جاپب - ڈیوڑھی بان - مُلازم در ماندہ + چوکیدار پہرے دار - سنتری بلوّاب پردہ دار - دروازہ کا نگہبان +

دَربَست یا **دَربَستہ** - ف - تابع فِعل (۱) بالکل تمام - غیر کے دخل اور تصرّف کے بغیر + (۲) محفوظ - حفاظت میں +

دَربَہرہ - ہ - اِسم مُذکّر - بجو کی شراب - بیر شراب - غلّہ کی شراب + صحیح دڑبہرہ ہے مگر پورب میں یا تزک جہانگیری وغیرہ میں دال معلوم آیا ہے +

دَربہشت - ا - اِسم مؤنث - ایک قسم کی شیرینی جو اکثر پنجاب میں بنتی ہے ؎

غمخانہ تیری یاد میں ہے جیسے بہشت
(ناسخ) زہرِ غمِ فراق مزے میں ہے دربہشت

دَربَردہ - ف - صفت (۱) پیٹھ پیچھے - غائبانہ (۲) تابع فِعل - خفیہ پوشیدہ مخفی - مُبہم + اشارۃً کنایۃً بالکنایہ +

دَرپَن - س - اِسم مُذکّر - (ہندی) شیشہ - آئینہ - آرسی جیسے ترے دَرپن (دھرم نہیں مَن میں + مکھڑا کیا دیکھے درپن میں (کبیر) +

دَرپَے - ف - تابع فِعل - پیچھے عقب میں - آہٹ پر + پیروی یا تلاش میں - تفتیش میں + لاگو - خواہاں +

درپے آزار ہونا - اِفعل لازِم - ستانے کی گھات میں رہنا تکلیف

دینے یا ضرر پہنچانے کی فکر میں رہنا ۔

درپے تضحیک ہونا ۔ یا ۔ رہنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ عزت کا لاگو ہونا ۔ ذلت دلانے کی گھات میں رہنا ۔ رسوا کرنے پر آمادہ رہنا ۔

درپے جان ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ جان کا لاگو ہونا ۔ جان کے پیچھے پڑنا دشمن جان ہو جانا ۔

درپے ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔ لاگو ہونا ۔ سراغ لگانے کی گھات میں رہنا ۔ سر ہونا ۔

درپیش ۔ ف ۔ حرف ربط ۔ آگے ۔ سامنے ۔ روبرو ۔ دائر ۔ پیشی میں ۔

درپیش کرنا ۔ فعل متعدی ۔ سامنے کرنا ۔ آگے رکھنا ۔ پیش کرنا ۔

درپیش ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ سامنے ہونا ۔ آگے ہونا ۔ پیشی میں ہونا ۔ واقع ہونا ۔

درج کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ داخل کرنا ۔ کسی رجسٹر میں چڑھانا ۔ لکھنا ۔ فہرست میں داخل کرنا ۔

درجن ۔ ا ۔ (انگلش dozen) اسم مؤنث و مذکر ۔ بارہ کا ٹھوک ۔ بارہ ۔ دوازدہ ۔ ۱۲ ۔

درجہ ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ (اردو میں درجہ بولا جاتا ہے) ۱ ۔ لغوی معنی سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا ۔ اوپر کی سیڑھی زینہ ۔ سیڑھی ۔ سیڑھی کا پایہ ۔ (اس معنی میں درجہ بھی آتا ہے) ۲ ۔ پایہ ۔ مرتبہ ۔ پایگاہ ۔ منزلت (۳) عمدہ ۔ منصب ۔ (۴) ہمنزل بہشت کی منزل ۔ مرحلہ ۔ حصہ ۔ کھنڈ ۔ کھن ۔ کمرہ ۔ کوٹھڑی آسمان یا گز کا تین سو ساٹھواں حصہ ۱/۳۶۰ ۔ منٹ ۔ ثانیہ ۔ دقیقہ (۶ ۔ ا) بار ۔ نوبت ۔ دفعہ (۷ ۔ ا) جماعت ۔ زمرہ ۔ کلاس (۸ ۔ ا ۔ ع) گت ۔ حالت ۔ کیفیت جیسے تم نے اپنا کیا درجہ رکھا ہے (۹ ۔ ا ۔ ع) عزت ۔ وقر جیسے اپنا درجہ آپ کھو رکھا ہے ۔

درجہ بدرجہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ سیڑھی بہ سیڑھی ۔ بتدریج ۔ رفتہ رفتہ ۔ علی قدر مراتب ۔ حسب رتبہ ۔

درجہ توڑنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ عہدہ گھٹانا ۔ رتبہ کم کرنا ۔ تنزل کرنا ۔

درجہ وار ۔ ع + ف ۔ تابع فعل ۔ سلسلہ وار ۔ جماعت وار ۔ رتبہ کے موافق حسب رتبہ ۔

درحقیقت ۔ ف + ع ۔ تابع فعل ۔ فی الواقع ۔ واقع میں حقیقت میں بے شک ۔ بے شبہ ۔ دراصل ۔ اصل میں ۔

درخت ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ رکھ ۔ پیڑ ۔ شجر ۔ پیڑ ۔ تروَر ۔

وہ کون ہے جسے نعم البدل نہیں ملتا
(اسیر) درخت میں نہ رہے گل تو میوہ دار ہوا

درخشاں ۔ ف ۔ صفت ۔ روشن ۔ چمکدار ۔ چمکیلا ۔ تاباں جھلکتا ہوا ۔

درخواست ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ خواہش ۔ ارداس ۔ عرضداشت ۔ سوال ۔ عرضی ۔ التماس ۔ گذارش ۔ عرض ۔ آرزو ۔ تمنا ۔

درخواست دینا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ عرضی دینا ۔ سوال دینا ۔ کسی چیز کے لینے کی تمنا ظاہر کرنا ۔

درخواست کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ دیکھو (درخواست دینا) ۔

درد ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ گاد ۔ تلچھٹ ۔

درد ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ (ا) دکھ ۔ پیڑ ۔ پیڑا ۔ تکلیف ۔

اُس نے صندل لگایا ماتھے پر
(گویا) درد دُونا ہوا مرے سر کا

(۲ ۔ ا) رحم ۔ ترس ۔ دیا ۔

درد دل سے لوٹتا ہوں کس کو میرا درد ہے
(ذوق) ہوں میں حرف درد جس پہلو سے اُلٹو درد ہے

(۳ ۔ ا) دریغ ۔ افسوس ۔ ملولا جیسے اس کو پیہ کا درد نہیں (۴ ۔ ا) ٹھوک ٹیس ۔ چبک ۔ (۵) سوز و گداز ۔ (۶) حضرت خواجہ میر درد دہلوی ولد خواجہ ناصر عندلیب کا تخلص جو ایک صوفی مشرب اور درد حقیقت پُر ور واشعار کہنے والے تھے ۔ دیوان درد ۔ نالۂ درد ۔ آہ سرد ۔ سوز دل ۔ شمع محفل وغیرہ آپ ہی کی تصنیف سے ہیں ۔ سنہ ۱۱۹۹ھ میں انتقال فرمایا ۔

درد اٹھنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ ہوک اُٹھنا ۔ پیڑ ہونا ۔ چبک مارنا ۔

درد آمیز ۔ ف ۔ صفت ۔ دردناک ۔ سوز و گداز سے بھرا ہوا ۔ مؤثر جگر سوز رقت انگیز ۔

درد آنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ (ا) افسوس ہونا ۔ دریغ ہونا ۔ ملولا آنا جیسے روپیہ صرف کرتے درد آتا ہے ۔ (۲) ترس آنا ۔ رحم آنا ۔

درد انگیز ۔ ف ۔ صفت ۔ رقت انگیز ۔ جگر سوز ۔ جاں گداز ۔ دل پر اثر کرنیوالا ۔ جیسے درد انگیز مضمون ۔

درد دل ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ غم و رنج ۔ دکھ اور تکلیف ۔ دلی صدمہ ۔ صدمۂ دل ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

درد

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

دردِ زہ - ف - اِسمِ مذکر - جننے کا درد - درد وضعِ حمل - بچہ ہونے کا درد ٭

دردِ سر - ف - اِسمِ مذکر - اوّل معلوم - دوم دردسری - تکلیف - عذاب ٭ وقت مشکل - محنت - زحمت ٭

دردِ سر کے واسطے مخمل لگانا چاہئے
اُس کا گیسنا اور لگانا دردِ سر ہی تو ہے

دردِ سر لینا - یا - **دردِ سر مول لینا** - ا - فعلِ لازم - عذاب سر لینا - پاپ خریدنا - تکلیف مول لینا ٭

دردسری - ا - اِسمِ مؤنث - تکلیف - مشکل - وقت - زحمت کشی - جفاکشی ٭

دردشریک - ا - صفت - شریکِ درد - ہمدرد - دردمند - دکھ کا ساتھی ہم شریکِ رنج و غم - غمخوار - غمگسار ٭

درد کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) کسی کی چیز کا پاس کرنا - افسوس کرنا (۲) تکلیف دینا - دکھ دینا - چبھنا - کسکنا ٭

درد کھانا - ا - فعلِ متعدی (۱) دردزدہ ہونا - درد لگنا (۲) رحم کرنا - ترس کھانا (۳) افسوس کرنا - غم کھانا ٭

درد کھا کر جننا - ا - فعلِ متعدی - ع - تکلیف اُٹھا کر جننا - درد اُٹھا کر بچہ دینا جیسے اُسے کیا درد کھا کر نہیں جنا تھا ٭

درد لگنا - ا - فعلِ لازم - درد ہونا - بچہ جننے کا درد شروع ہونا ٭

دردمند - ف - صفت - (۱) دُکھی - دُکھیا - تکلیف زدہ - مُصیبت زدہ - آفت کا مارا (۲) غمخوار - ہمدرد - شریکِ غم - وہ شخص جس کے دل کو لگی ہو - جیسے یا کرے غرضمند یا کرے دردمند (۳) رحمدل - دیاونت ٭

دردمندی - ف - اِسمِ مؤنث - غمخواری - رحمدلی - ترس - خوفِ خدا ٭

دَرْدَرا - ہ - صفت - ٹیکوفتہ - ٹیکوب - موٹا موٹا پسا یا کٹا ہُوا - دلا ہُوا - دانہ دار - جَو کوب جیسے دردرا قیمہ یا دَوا ٭

دَرز - ا - اِسمِ مؤنث - دراڑ - شگاف - باریک - جھری - فرجہ ٭

دَرزَن - ا - اِسمِ مؤنث (۱) کپڑا سینے والی مُغلانی (۲) درزی کی بیوی ٭

دَرزی - ف - اِسمِ مذکر - خیاط - سینے والا ٭

درزی کی سُوئی - ا - اِسمِ مؤنث - مردِ ہر کارہ - ہر کام کا آدمی - سختی نرمی دکھ درد اوتے اعلے کام میں شریک ہو جانے والا آدمی جیسے درزی

درف

کی سُوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی تاش میں - یا رُوہ تو درزی کی سُوئی ہے سب ہی کام میں موجود دیکھ لو ٭

دَرس - ع - اِسمِ مذکر - (۱) اسبق - پاٹ - لیکسن ٭

عبُور اللہ نے اُس کو دیا ہے علم باطن پر
لیا ہر چند ظاہر میں نہ درس اک حرفِ ابجد کا (ناسخ)

(۲-۱) وعظ - پند - مذہبی لکچر - کتھا ٭

درس دینا - ا - فعلِ متعدی - پڑھانا - سبق دینا ٭

درس کہنا - ا - فعلِ لازم - وعظ سُنانا - نصیحت کرنا - کتھا کہنا ٭

درس و تدریس - ع - اِسمِ مذکر - پڑھنا - پڑھانا ٭

دَرَس - ہ - اِسمِ مذکر - درشن - نظارہ - دیدار - (دوہا)

کاگا تین نکاس دُوں اور پیا پاس لے جا
پہلے درس دکھائے کے پاچھے لیجو کھا

دُرُست - ف - صفت (۱) ٹھیک - بجا - صحیح - راست - (۲) مَوزُون چُست (۳) تندرست - چنگا ٭

دُرست کرنا - ا - فعلِ متعدی - ٹھیک بنانا ٭ سُدھارنا - سنوارنا - ادب دینا - گوشمالی کرنا - تادیب کرنا ٭

دُرُستی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) ترتیب - اِصلاح - مُرمّت - ترمیم (۲-۱) گوشمالی ٭

دُرُشتی - ف - اِسمِ مؤنث - سختی - بیرحمی - بدخلقی ٭

دَرَشت - س - اِسمِ مؤنث - نظر - ڈیٹ - نگاہ ٭

دَرشنانت - س - اِسمِ مذکر - مثال - نظیر - تمثیل ٭ نمونہ - بانگی ٭

دُرَفش کاویانی - ف - اِسمِ مذکر - وہ ریشمی سہ گوشہ طلائی کام کیا ہُوا کپڑا جو عموماً جھنڈے کے سرے پر لگایا جاتا ہے چونکہ درفش ہلنے لرزنے میں آتا ہے اور یہ کپڑا ہوا کے جھونکے سے اُڑتا اور لہراتا رہتا ہے لہٰذا اِس نام سے موسوم ہو گیا ٭ نیز ایک سُتالی کو بھی کہتے ہیں جس کے چڑے میں سوراخ کیا کرتے ہیں - بعض فرہنگ نویسوں نے اوزار کے معنے میں بفتحتین اور پھریرے یا باڈٹے کے معنی میں بضم اوّل و فتح ثانی صحیح قرار دیا ہے مگر فرہنگ جہانگیری میں ہر دو معنی کیواسطے بہ فتحتین اور بعض نے بکسر اول و فتح ثانی بھی بیان کیا ہے - مگر زیادہ تر مشہور بضم اول و فتح ثانی ہے - کاوہ ایک آہنگر یا لوہار کا نام ہے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

درف

جس نے ضحاک جیسے ظالم بیرحم پر چڑھائی کر کے فریدوں کو اُس کے باپ کا تخت اس غاصب سلطنت سے دلوا دیا تھا دیانی ہرف نسبت ہے یعنے وہ جھنڈا مع پھریرا جو کاوہ آہنگر سے نسبت رکھتا ہے۔

اب ہم اِس کا مختصر ذکر بھی سُنائے دیتے ہیں تاکہ ہمارے زمانہ کے اختصار پسند شعرا کو زیادہ دِقت اُٹھانی نہ پڑے۔ لو سُنو۔ پیشدادیوں کی سلطنت کے زمانہ میں ضحاک ابن علوان جس نے جمشید کی حکومت پر ہاتھ مار کر اُسے قتل کرا دیا تھا۔ پانچواں بادشاہ تھا۔ مذہبی کتابوں اور روایتوں کو چھوڑ کر اصلی مطلب کی طرف رجوع کی جاتی ہے۔ اگرچہ ظالم تو یہ اوّل ہی سے پیدا ہُوا تھا مگر اِس کی اس کیفیت نے جس کا ہم آگے ذکر کرتے ہیں اظلم اور ابدحد بیرحم بنا دیا تھا۔ اِس کی عیاشی۔ بدکرداری اور بے قاعدگی کے سبب اِس کے جسم میں ایک ایسا خراب مادہ پیدا ہو گیا کہ اُس نے اس کے دونوں شانوں سے رسولی کی طرح دو گوشت کے لوتھڑے نمایاں کر دئے۔ چونکہ وہ نہایت بدنما معلوم ہونے اور روز بروز بڑھتے جاتے تھے۔ اُس نے اِن کو کٹوا ڈالا۔ غرض اس بدگوشت کا جسم سے جُدا کرنا تھا کہ سخت درد کا اُٹھ کھڑا ہونا۔ حکمائے حاذق اور بڑے بڑے جراحوں نے ہر چند کوشش کی مگر یہ درد ہی ہو گیا۔ تب ناچار ہو کر ایک ایسا مرہم تجویز کیا گیا جس میں کم سے کم دو آدمیوں کا بھیجا چربی کی بجائے ڈالا جاتا تھا۔ جب تک وہ مرہم جُور رہتا درد میں تخفیف اور ذرا تسکین رہتی جہاں وہ خشک ہو جاتا پھر وہی تکلیف شروع ہو جاتی۔ بعض مؤرخ لکھتے ہیں کہ اُس نے خواب میں دیکھا تھا کہ اس سرطانی مادہ کا یہی علاج ہے۔ غرض اس درد کی خاطر اِس نے اوّل تو قیدیوں اور مجرموں کے دماغ نکلوانے شروع کئے۔ جب جیلخانہ خالی ہو گیا تو رعیت میں سے کبھی دو کبھی چار آدمیوں کو فی محلہ منگواتا اور اُنہیں فجع کر کے اُن کے بھیجے سے تسکین پاتا۔ اِس درد سے ایسا عاجز آ گیا تھا کہ اگر تمام کے تمام آدمی قتل کر دئے جاتے تو اُسکو افسوس نہ آتا۔ جب اِس طرح ظلم کرتے ہوئے مدت گذر گئی اور خلق اللہ کا ناک میں دم آ گیا تو کاوہ نام لُہار ساکن اصفہان جس کے چار بچے اِس بیرحمی کی نذر ہو چکے تھے دُکان کو قفل لگا کر لڑنے مرنے پر کمر باندھ اُٹھ کھڑا ہُوا۔ اور جس چمڑے کو اہرن کے پیچھے بچھایا کرتا تھا اُسکا پھریرا بنا ایک لکڑی پر لٹکا ڈھول بجاتا اور ضحاک کے ظلم کا راگ گاتا ہُوا۔ گلی کوچوں میں چکر

درف

لگانے لگا۔ سینکڑوں ظلم رسیدہ اُس کے ساتھ ہوتے چلے گئے۔ یہانتک کہ سارا اصفہان اِسکا ساتھی ہو گیا اور سب نے جان لیا کہ یہ خُدائی علم ہے جو کاوہ کے ذریعہ سے جہاد کے واسطے کھڑا کیا گیا ہے۔ چھوٹتے ہی اوّل حاکم اصفہان کو جہنم واصل کر شہر پر قبضہ کیا۔ پھر ضحاک کے لشکر کو متواتر کئی شکستیں دیں۔ اصفہان سے نکل اُس کے اکثر قلعوں پر قابض ہُوا۔ اور اس چمڑے کو تبرک و علامت فتح خیال کر کے خزانہ ضحاک کے دُرو جواہر سے پُر تمن اور مثل خورشید چمکدار بنا دیا۔ اُس وقت سے اس جھنڈے کا نام درفش کاویانی قرار پایا۔ جب کاوہ اُٹھ کر ہر طرف سے ضحاک کی فوج و حکومت کا صفایا کرتا ہُوا ملک رے میں پہنچا تو وہاں تمام اعیان و ارکان کو جمع کر کے ضحاک کی سلطنت کے متعلق مشورہ کیا۔ سب نے بالاتفاق ضحاک کی جانستانی اور کاوہ کی جہانبانی کا فتویٰ دیا۔ مگر کاوہ نے ملک رانی سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ مجھے اِس عظیم الشان کام کا استحقاق نہیں ہے۔ فریدُوں ابن جمشید اس سلطنت کا وارث اور مستحق ہے۔ چنانچہ فریدُوں کی تلاش ہُوئی۔ وہ بھی مُلک رے میں ہی ملگیا۔ اُسکو لاتے ہی تخت پر بٹھا دیا۔ اور ضحاک کو قتل کر کے اُسکے ظلم اور غصب سلطنت کا مزہ چکھا دیا۔ کاوہ نے بیس برس تک فریدُوں کا ساتھ دیا۔ اور مُلک در مُلک پھر کر چین۔ ہند۔ ترکستان اور رُوم تک کا اُسے بادشاہ بنا دیا۔ جتنی لڑائیاں ہُوئیں درفش کاویانی اُن سب میں ساتھ رہا۔ اور اُس کی برکت سے اِن فتحمندیوں کو منسوب کیا۔ ہر میدان جنگ میں تیمناً و تبرکاً یہی جھنڈا نصب کیا جاتا۔ اور جو کچھ مال غنیمت سے ہاتھ آتا اُس کا ایک حصّہ درفش کاویانی پر چڑھا دیا جاتا۔ جب کاوہ دُنیا سے چل بسا تو فریدُوں نے وہ جھنڈا اپنے قبضہ میں کر لیا۔ اور اپنا عروج اُسی کی طفیل سے سمجھ کر اُسے نہایت بیش قیمت جواہرات سے اور بھی مُرصّع اور مُزین کر دیا۔ بلکہ فریدوں کے بعد اُس کی نسل سے جس قدر بادشاہ ہُوئے ہر ایک کچھ نہ کچھ بڑھاتا گیا۔ بادشاہوں کے دِلوں میں اِس جھنڈے کی وہ دھاک بیٹھ گئی کہ باوجود کثرت لشکر جب سُنتے کہ شاہی فوج درفش کاویانی لیکر آئی ہے بے تردد مُطیع و فرماں بردار ہو جاتے۔ یہ جھنڈا ہر دور جرد ایران کے اخیر بادشاہ کے زمانہ تک اُسکے قبضہ میں رہا۔ اور اِس قدر بیش قیمت ہو گیا کہ جوہریانِ زمانہ

درش

اُس کی تشخیص قیمت سے عاجز آ گئے۔ چڑا جواہرات سے چھپکر بوسیدہ اور نظروں سے پوشیدہ ہو گیا۔ چار ہزار برس تک یہ جھنڈا قائم۔ ہا گر سنہ ۶ ہجری میں اِس کی بھی قضا آگئی۔ حضرت عمرؓ خلیفۂ دوم کے عہد میں جب لشکرِ اسلام نے مملکتِ ایران پر تسلط پایا اور دُرفش کاویانی اُن کے ہاتھ آیا تو خلیفہ موصوف نے اُسکے جواہرات تمام سپاہ پر تقسیم کر دئے اور اُس چمڑے کو جلا کر خاکستر کر دیا اور کہا کہ دیکھو کوئی چیز خدا سے لاشریک کے سوا یہ طاقت نہیں رکھتی کہ انسان کی مدد و حمایت کر سکے۔ جو شخص کاوہ لُہار کے جھنڈے کی حمایت چاہے وہ لُہار کے لوہے سے ہی قتل کر دیا جائے۔ پس یہ وہ دُرفش کاویانی ہے جس نے شاہنامہ کو مزیدار اور قصہ خوانوں کو اُسکا گرفتار بنا دیا +

دَرشَن - س - اِسمِ مذکر (ہندی) (۱) دیکھو (درس بمعنی نظارہ) (۲) زیارت + مُلاقات (۳) حکمائے ہند کے چھ مشہور درشنوں میں سے ہر ایک درشن یا شاستر کا نام جیسے سانکھ شاستر۔ جوگ شاستر۔ نیا شاستر۔ ویشیشک شاستر پورو میمانسا۔ اوتر میمانسا +

دَرشَن دینا - ف - فعلِ لازم - دیدار دکھانا۔ ملنا۔ مُلاقات کرنا۔ سامنے آنا۔ صورت دِکھانا +

دَرشَن کرنا - ف - فعلِ متعدی - زیارت کرنا + دیدار سے مُشرف ہونا۔ ملنا۔ مُلاقات کرنا +

دَرشَنی ہُنڈی - ف - اِسمِ مؤنث - (ا) وہ ہُنڈی جسکا روپیہ فوراً دیکھتے ہی ملجائے۔ (۲) بازاری (نہایت خوبصورت عورت جسے دیکھتے ہی آدمی فریفتہ ہو جائے +

دَرشَوَرت - ف + ع - تابعِ فعل - وجہات - درآں حالت +

دِرعہ - ا - (صحیح عربی ذراع) اِسمِ مذکر - کپڑا یا زمین ماپنے کا آلہ - گز +

دَرک - ع - اِسمِ مذکر - (ا) دریافت - معلومات - واقفیت - عقل - سمجھ (۲) تمیز - دخل - مداخلت +

درک دینا - ا - فعلِ متعدی - دخل دینا - بیچ میں بولنا یا پڑنا + دست اندازی یا مزاحمت کرنا +

دَرکار - ف - صفت - ضرور - مطلوب - حاجت - خواہش +

دَرکنا - ف - فعلِ لازم (ہندی) ترقنا - پھٹنا + مسکنا + شگاف پڑنا + چرنا + جُدائی ہونا - نفاق ہونا جیسے چھاتی درکنا +

دَرکِنار - ف - تابعِ فعل - ایک طرف - علیحدہ - جُدا - الگ - علاوہ - سوا +

دُرگا - ہ - اِسمِ مؤنث (ہندی) بھوانی کالکا - کالی + ایک دیبی کا نام جسنے

درم

دُرگ راکشس کو مارا تھا +

دَرگاہ - ف - اِسمِ مؤنث (ا) چوکھٹ - آستانہ + دربار شاہی - دربار - کچہری - بارگاہ + محل - ایوانِ شاہی (۲) (۱) خانقاہ + کسی بزرگ کا مزار - روضہ - مقبرہ + زیارتگاہ + مسجد - مندر + عبادتگاہ +

دَرگزر کرنا - ا - فعلِ متعدی - اغماض کرنا - ٹالنا - چشم پوشی کرنا - باز آنا - مُعاف رکھنا چھوڑنا - بھُلانا - بسرانا +

درگزرنا - ا - فعلِ لازم - باز آنا - مُعاف کرنا - چھوڑنا +

دُرگندہ - ہ - صفت (ہندی) بدبُو - بُری بُو - عفونت +

دَرگور - ا - دعائے بد کا کلمہ تنفر - عو - (ا) قبر میں جائے - مرے - مر جائے غارت ہو - ناپید ہو - اُجڑ جائے ؎

درگور یہ پیری ہو ضعیفی کے مَیں قُرباں
(بحر) جینے کا مزہ خاک ہے دُنیا کا مزہ خاک

(۲) فوج - خدا نہ کرے جیسے درگور وہ میرا جنا کیوں ہونے لگا (۳) دُور ہو - سرک - مُنہ نہ دِکھا ؎

چل دُور ہو درگور یہ کس بھونڈے پنے سے
(رنگین) دیتی ہے لگا کر تو مجھے پان دوگانا

بعد مرُون آپکے رونے کو سُنکر گور دُور
(ذوق) جیتے جی ہی کہتے ہو صورت تیری درگور دُور

دِرَم - یا - **دِرہَم** - اِسمِ مذکر (درم مُخفف درہم ہے) ایک چاندی کے سِکّے کا نام مثل چونّی ؎

نشانہ تیرِ تہمت کا ہے میرا اختر طالع
(آتش) اُٹھاؤں داغ مَیں تو آسماں سمجھے درم پایا

دیتا ہے دَورِ چرخ کسے فرصتِ نشاط
(ذوق) دِرہم کی شکل صورتِ دَرہم سے کم نہیں

(۲) ۳/۴ ماشہ کا وزن (۳) فقہ) جیتلی کے گہاؤ برابر چوڑا (عربی درہم سے اہلِ فارس نے اُس کا مُخفف درم کر لیا ہے) +

دَرمان - ف - اِسمِ مذکر - علاج - چارہ - مُعالجہ - دوا دارو - اوکھد ؎

درد ہے جاں کی عوض ہر رگ و پے میں ساری
(مومن) چارہ گر ہم نہیں ہونیکے جو درماں ہو گا

دَرماندگی - ف - اِسمِ مؤنث - ناچاری - مجبوری - عاجزی - بلا - مُصیبت

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

آفت۔ شامت ۔

دَرماندَہ ۔ ف صفت۔ عاجز۔ مجبور۔ ناچار۔ بیکس۔ آدھین جیسے پیر آپ درماندے شفاعت کس کی کریں ۔

دَرماہَہ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ مہینا۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہوار۔ طلب۔ ماہانہ ۔

دَرمَن ۔ ا ۔ اسم مذکر۔ مخفف درمان۔ علاج۔ معالجہ (مرکب کر کے دوا درمن بولتے ہیں) ۔

دَرمیان ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ (ا) بیچ ۔ وسط۔ منجملہ (ر) تابع فعل) اندر۔ بھیتر۔ مابین ۔

درمیان دینا ۔ یا۔ لانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ بیچ میں ڈالنا۔ ضامن دینا کفیل کرنا جیسے خدا کو درمیان دیکر کہتا ہوں ۔

دَرمیانی ۔ ا۔ صفت۔ بیچ کا۔ متوسط۔ اندرونی۔ بچولیا ۔

دَرندَہ ۔ ف ۔ صفت۔ (ا) پھاڑنے والا۔ چیرنے والا۔ خونخوار (۲) اسم مذکر) پھاڑ کھانے والا جانور۔ دد۔ مردم خوار یا خون آشام جانور جیسے شیر ببر یا ریچھ۔ چیتا۔ تیندوا وغیرہ ۔

دِرنگ ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ دیر۔ تامل۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تاخیر۔ توقف۔ تساہل

دَروازہ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ ڈیوڑھی۔ دوار۔ در۔ باب۔ پٹ۔ پھاٹک۔ مدخل ۔

دروازہ بند کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ پٹ بھیڑنا۔ کنڈی لگانا۔ کواڑ بند کرنا ۔

دروازہ میکدہ کا در بند محتسب ظالم خدا سے ڈر کہ وہ تو پہ باز ہے (ذوق)

دروازہ بھیڑنا ۔ ا۔ فعل متعدی پٹ بند کرنا۔ کنڈی دینا ۔

دروازہ معمور کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ تعظیماً دروازہ بند کرنا ۔

دروازہ معمور ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ کواڑ مندنا۔ کنڈی لگنا۔ دروازہ بند ہونا ۔

چپکے آتا ہے تو آرات چلی جاتی ہے لوگ سب سو گئے دروازے بھی مورے ہیں (جرأت)

دروازہ کھولنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ کواڑ کھولنا۔ کنڈی کھولنا۔ درباز کردن کا ترجمہ ۔

دروازے کی مٹی لے ڈالنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ بہت سے پیسے کرنا۔ دروازے پر بار بار آنا۔ اس کثرت سے گھر پر آنا کہ دہلیز کی مٹی تک اڑ جائے جیسے میاں تم نے تو دروازے کی مٹی لے ڈالی ۔

دَروبَست ۔ ف ۔ صفت۔ دیکھو (دربست) ۔

دُرُود ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ صلوٰۃ ۔ اگر خدا کی طرف سے ہو تو رحمت اور برکت کے معنے ہیں اور جو ملائکہ کی طرف سے تو استغفار اور اگر مسلمانوں کی طرف سے ہو تو دعا سلام تحفہ حمد کے اور بہائم و طیور کی طرف سے تسبیح کے ۔

درود بھیجنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ پیغمبر کی تعریف کرنا۔ کسی خوبصورت کو دیکھ کر خدا کو یاد کرنا۔ خوشنودی سونگھ کر پیغمبر کی تعریف کرنا ۔

دُروغ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ جھوٹ۔ کذب۔ بہتان جیسے دروغ کو فروغ نہیں ۔

دروغ حلفی ۔ ا۔ اسم مؤنث (قانون) حلف دروغی جھوٹی قسم۔ قانون کے خلاف جھوٹ بولنا ۔

دروغ گو ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ جھوٹا۔ کاذب۔ لپاٹی۔ لپاڑیا ۔

دروغ گوئی ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ کذب ۔ جھوٹ کہنا ۔

دَروَیش ۔ ف ۔ اسم مذکر (اصل میں درآویزتھا) فقیر۔ گدا۔ بھکاری۔ سائیں۔ سائل (۲) خدا رسیدہ۔ سالک (۳) غریب۔ مسکین ۔

دَروَیشانہ ۔ ف ۔ صفت۔ فقیرانہ۔ غریبانہ جیسے درویشانہ گذران یا مزاج ۔

دَروَیشی ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ فقیری۔ گدائی۔ مسکینی۔ غریبی ۔

دِرّہ ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ معروف دُرّہ۔ چمڑے کا چابک۔ تازیانہ۔ وہ چمڑے کا تسمہ جس سے شرعی محتسب حد مارتے ہیں ۔

دَرّہ ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ گھاٹی۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ شِعب۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی فراخی یا وسعت ۔

دَرہَم ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ دیکھو (درم) ۔

دَرہَم ۔ ف صفت۔ تہ و بالا۔ تتر بتر۔ اُلٹ پلٹ۔ خراب۔ گڑبڑ۔ گڈمڈ ۔

درہم برہم ۔ ف ۔ صفت (ا) تہ و بالا۔ ابتر۔ اُلٹ پلٹ۔ گڑبڑ۔ (۲) خفا۔ ناراض ۔

درہم برہم کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ تہ و بالا اور تتر بتر کرنا۔ خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔ بیزہ کرنا ۔

درہم برہم ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ (ا) تہ و بالا ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ اُلٹ پلٹ اور بے ترتیب ہونا (۲) خفا ہونا۔ برافروختہ ہونا ۔

درہم کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی (ا) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ تہ و بالا کرنا۔ اُلٹ پلٹ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

کرنا۔ برباد کرنا۔ ابتر کرنا (۲) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔ بیزہ کرنا +

دوہم ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ برافروختہ ہونا۔ غضب ہونا +

دُوی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دو کا پتا یا پاسہ +

دَوی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ شطرنجی۔ ایک موٹے سوتی کپڑے کا فرش +

دَوی ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ فارسی کی سات زبانوں میں سے ایک زبان کا نام جو درۂ کوہ سے منسوب اور خالص بولی ہے +

دَوْیا ۔ ف۔ اسم مذکر۔ بحر۔ ندی۔ دریاؤ۔ بڑا نالہ جو بارہ مہینے بہے۔ جیحوں۔ رود۔ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکلکر خشکی پر بہتی ہوئی سمندر میں جا ملے۔ رَو۔ سیلاب ؎

دمِ سہیل یہ کس کے خوف سے ہم پی گئے آنسو کہ ہر زخمِ بدن سے خون کا دریا نکل آیا (مومن)

دریا اُترنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ دریا چڑھنے کا نقیض۔ دریا کا گھٹنا۔ دریا کا پانی کم ہونا +

دریا برآمد ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئی ہو دیارا۔ کڑی۔ وہ زمین کا ٹکڑا چک جو دریا سے نکل آئے یا دریا کا پانی جسے کاٹ کر ہٹ جائے +

دریا بُرد ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی یا کٹ گئی ہو +

دریا بُرد ہو جانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ دریا میں ڈوب جانا + کسی زمین کو دریا کا بہا لے جانا +

دریا چڑھنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ دریا اُترنا کا نقیض۔ دریا کا طغیانی پر آنا۔ چڑھاؤ ہونا +

دریا دل ۔ ف۔ صفت۔ سخی۔ فیاض۔ دان دتار۔ جواد +

دریا دلی ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ سخاوت۔ فیاضی۔ دان دتاری۔ جوادی +

دریا کو کوزے میں بند کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ کسی بہت بڑے بیان کو تھوڑے سے لفظوں میں بیان کر دینا۔ چھوٹی سی کتاب میں بہت سی باتیں لکھ دینا۔ ناممکن یا محال کام کو کرنا +

دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر ۔ ا۔ کہاوت۔ افسر یا حاکم یا سرگروہ کے ساتھ بگاڑ رکھنا۔ جہاں رہنا وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا ؎

ہو چکی دل کی اپنے عشق میں خیر رہیں دریا میں اور مگر سے بیر (ذوق)

دریائے شور ۔ ف۔ اسم مذکر۔ سمندر۔ کالا پانی +

دریائی ۔ ف۔ صفت منسوب بہ دریا۔ دریا کا۔ دریا کی۔ بحری آبی (۲) ایک قسم کا کیکڑا

دریائی آدمی ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) جل مانس۔ آدمی کی صورت کا بحری جانور (۲) دریا میں رہنے والا آدمی + مانجھی۔ مچھوا +

دریائی گھوڑا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ دریا میں رہنے والا گھوڑے کی شکل کا جانور +

دریائی ناریل ۔ ا۔ اسم مذکر۔ سمندری ناریل۔ ایک دوا کا نام جو اکثر ہیضہ میں گھس کر پلاتے ہیں +

دریائی ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (۱) جھولی۔ پتنگ کو دور لیجا کر ہوا میں چھوڑنا۔ (۲) ایک ریشمی کپڑے کا نام۔ ساٹن +

دریائی دینا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ پتنگ کو جھولی دینا۔ کنکوے کو دور لیجا کر ہاتھوں سے چھوڑنا ؎

گو مرے خط کو اُڑایا آپ نے بن کر پتنگ لیک دستِ غیر سے لینا تھا دریائی کا کیا (نکہت)

دریافت ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ پہچان۔ جانچ + تحقیق + استفسار۔ جستجو۔ پوچھ گچھ۔ ٹوہ۔ تفتیش +

دریافت کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا۔ استفسار کرنا۔ پوچھنا +

دریافت ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ تحقیق ہونا۔ معلوم ہونا۔ پتا لگنا۔ کھوج نکلنا + استفسار ہونا +

دریاؤ ۔ ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو (دریا) +

دریبا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پانوں کا بازار۔ پنواڑیوں کا محلہ +

دریچہ ۔ ف۔ اسم مذکر۔ کھڑکی چھوٹا دروازہ۔ عرفہ۔ موکھا +

دریدہ ۔ ف۔ صفت۔ پھٹا ہوا +

دریدہ دہن ۔ ف۔ صفت۔ منہ پھٹ۔ زبان دراز۔ بے لگام۔ منہ کا پھوٹا + بدزبان +

دریز ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی باریک چھینٹ جس کے اکثر دوپٹے بناتے ہیں +

دریس ۔ ا۔ متابع فعل (لشکری) لیس۔ تیار۔ آراستہ و پیراستہ۔ مرتب + باترتیب۔ باقاعدہ۔ ہموار۔ سطح مسطح۔ سیدھا۔ چوکس۔ ہوشیار کیل کانٹے اور وردی سے درست (یہ لفظ انگریزی Dress سے لیا گیا ہے) +

دریس کرنا ۔ ا۔ فعل متعدی (لشکری) ہموار کرنا۔ زمین کو برابر کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دری

دریغ - ف - اِسم مُذکّر - افسوس، حسرت، غم، پشیمانی، پچھتاوا +

دریغ کرنا - ا - فِعل مُتعدّی - افسوس کرنا - کنجوسی کرنا +

وُہ جو آوے مرے گھر میں تو مجھے جاوے لُوٹ
جاؤں گھر اُس کے تو وہ مجھ سے کرے پان دریغ (رنگین)

دریوزہ - ف - اِسم مُذکّر - بھیک - گدائی +

دریوزہ گری - ف - اِسم مُؤنّث - بھیک مانگنا - گدائی کرنا +

وَڑاڑ - ہ - اِسم مُؤنّث - دیکھو (وراڑ)

وَڑبا - ہ - اِسم مُذکّر - کابک - کبوتروں یا مُرغیوں کا گھر +

وَڑبڑانا - ہ - فِعل مُتعدّی - عَو - (۱) جھوٹا ٹھیرانا - ڈرا کر گھبرا دینا - خوف دِلانا - دھمکانا - جھڑکنا - گھُرکنا (۲) دبانا - مغلوب کرنا جیسے سب نے وڑبڑا کر شادی کا اقرار لیلیا +

وَڑبے وَڑبے کرنا - ا - فِعل مُتعدّی - مُرغیوں کو خانہ خانہ کہکر ڈربے میں بند کرنا +

وَڑکنا - ہ - فِعل لازِم (عوام) کھانا - ڈکارنا - نوش کرنا - چٹ کرنا - اُڑانا - بھکنا - بہت کھانا +

وَڑبہرہ - ہ - اِسم مُؤنّث - دیکھو (ورہرہ) جَو کی شراب - بیر شراب +

وَڑتگے لگانا - ا - فِعل مُتعدّی - عَو - کُودنا - کُدکڑے لگانا جیسے بیٹی بیٹے وہ سارے میں وُڑتگے لگاتی کُدکڑے مارتی پھرتی ہے +

وَڑوکنا - ہ - فِعل لازِم - دھاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا - چنگھاڑنا + سانڈیا بجار کا بولنا +

وَڑیڑا - ہ - اِسم مُذکّر - (لکھنؤ) مینہہ کا جھالا - زور کا مینہہ - دریا کے بہاؤ کا زور - زور کی رَو ؎

کہیں تنکے نے بھی روکا ہے دریا کے ریڑوں کو بہالیجائیگا مُجھکو پسینا ناتوانی کا (بحر)

وُزدو - ف - اِسم مُذکّر - چور - سارِق +

وزدوحنا - ف + ع - اِسم مُذکّر - وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھُوٹ جاتی ہے - مہندی کا چور +

وُزدی - ف - اِسم مُؤنّث - چوری - سرقہ +

وَس - ہ - صِفت - دَو - عشر +

وس گز یا - وس ہاتھ کی زبان - ا - اِسم مُؤنّث - نہایت زبان دراز بدزبان جیسے اُس کی تو دس گز کی زبان ہے +

دسا

دِسا یا دِشا - ہ - اِسم مُؤنّث (ہندو) ا - طرف - جانب - سمت جیسے پُورب دِسا - دکھن دِسا وغیرہ (۲) فراغت - باہر - ٹٹی - پَیخانہ - جنگل جیسے دِسا جانا +

دسا جانا - ہ - فِعل لازِم - (ہندو) ٹٹی جانا - پَیخانہ جانا - جھاڑے جانا +

وَسا - ہ - اِسم مُؤنّث - (ہندو) حالت - کیفیت +

وَسا - ہ - اِسم مُذکّر - وشنو کی ایک ادنیٰ قوم کا نام - بنیوں کی ایک قوم جو دس سے پیدا ہوئی باپ اصل ماں غیر +

وُسا یا وُستہ - ہ - اِسم مُذکّر - ایک قسم کا اُونی گرم کپڑا - ایک قسم کی چادر پشمینہ جیسے کابلی یا کشمیری وُسا وغیرہ +

وَسائیر - ع - اِسم مذکر - جمع دستور - (۱) قاعدے - طریقے - قانُون - آئین رسمیں - طرزیں - روشیں (۲) امیر - وزیر - مشیر - صاحب مسند - گدی نشین - ارکانِ دولت - (۳) رخصت - اِجازت (۴) - ف - اِسم مُذکّر پارسیوں کی وہ مذہبی کتاب جو اُن کے سب سے بڑے پیغمبر یعنی فرزآباد وخشوا وخشوران پر آسمان سے آسمانی زبان میں نازل ہوئیں - یا یُوں کہو کہ وہ کتاب جو مدآبا دیعنی آبادیوں کے سب سے بڑے پیغمبر پر زبان فارسی میں نازل ہوئی (۵) زرتشتیوں کے پیشوا

وُسادہ - ہ - اِسم مُذکّر - ہندوؤں کی ایک نیچ ذات جو سُور پالتی ہے +

وِساسُول - ہ - اِسم مُذکّر - رجال الغیب - مَردانِ غیب - وہ فرضی اور غائب وجود جو دنیا کے دائرہ میں حرکت کرتا رہتا ہے یا یُوں کہو کہ آسمان کے وہ نشان کہ جس طرف وہ واقع ہوں اُدھر اُن دِنوں میں احکام نجُوم کے موافق سفر کرنا منحُوس ہے - چُنانچہ فارسی کے اِس شعر سے اُن کی سمتیں بخُوبی ظاہر ہیں کہ اِس جانب اِن دِنوں میں سفر نہ کرے ؎

شرق دوشنبہ وشنبہ مُجمعہ یکشنبہ غروب سہ چہار اندر شمال و پنجشنبہ در جنُوب

(بقول اہل نجوم انکا شہر روز اور علی الخصوص تین گھڑی تین گھنٹہ ۳ منٹ تک قران کے غروب ہوتے وقت رہا کرتا ہے - اِس مُدت میں جس طرف یہ ہو سفر کرنا باعثِ نُقصان ہے - ہاں اگر بائیں طرف ہو تو مضائقہ نہیں پُشت پر ہونا نہایت مناسب ہے - لیکن سامنے پڑنا یا دائیں ہاتھ پر ہونا از حد منحُوس خیال کیا جاتا ہے)

وِساوَر - ہ - اِسم مُؤنّث - (۱) پردیس + غیر دیس کو جانے والا مال - باہر کا سوداگری مال (۲) آب و ہوا - رُت - موسم (۳) مُلک - اقلیم - ولایت (۴) وہ جگہ جہاں ہر ایک جنس بافراط فروخت کرنے کیواسطے جمع کریں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دسا

دِساور آنا۔ ہ۔ فعلِ لازم۔ باہر کا سوداگری مال کسی شہر یا مُلک میں داخل ہونا۔

دِساور چڑھنا۔ ہ۔ فعلِ مُتعدی۔ سوداگری مال کا دُوسرے مُلک کو جہاں اُس کی کھپت یا مانگ ہو روانہ ہونا۔ دِساور کو مال لادنا۔ مال بھرنا۔

دِساوَری۔ ہ۔ صِفت (۱) ایک قسم کا عمدہ پان (۲) باہر جانے والا مال۔ پردیس میں جانے والا مال۔ پردیس میں جانے والا سوداگری اسباب۔ (۳) ایک قسم کا کپڑا۔

دساوَری مال۔ ہ۔ اسمِ مُذکّر۔ باہر جانے والا سوداگری مال۔ بھرتی کا مال۔

دَسپَنا۔ ا۔ اسمِ مُذکّر۔ سیج (دست پناہ) چمٹا۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔ آتش گیر۔

دَسْت۔ ف۔ اسمِ مُذکّر۔ (۱) ہاتھ۔ ید۔ کر۔ پنجہ ؎

دامن اُس کا جو ہے دراز تو ہو دستِ عارف رسا نہیں ہوتا (مومن)

(۲) قُدرت۔ طاقت۔ قابو۔ غلبہ۔ نصرت۔ فتح (۳) نوبت۔ کرت۔ دفعہ۔ (۴) اِطبائے ہند کی اصطلاح میں اِجابتِ طبیعت یعنی مادہ اسفل کے بار بار دفع ہونے سے مُراد ہے۔ پتلا پیخانہ۔ اِسہال۔ (۵) عدد۔ تعداد۔ مُرغانِ شکاری کے واسطے جیسے یک دست جُرّہ و باز وغیرہ (۶) تمام۔ بالکل۔ پُوری چیز۔

دست آنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ اِسہال آنا۔ جُلاب لگنا۔ سنگ رہنی۔ بہضمی۔ پیٹ چلنا۔

دست انداز۔ ف۔ صِفت۔ مُخِل۔ خلل انداز۔ مُزاحم۔

دست اندازی۔ ف۔ اسمِ مُؤنث۔ ہاتھ ڈالنا۔ مُداخلت۔ مُزاحمت۔ ہاتھا چھانٹی۔ دخل۔

دست اندازی کرنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدی۔ مُداخلت کرنا۔ تعرّض کرنا۔ مُخالفت کرنا۔

دست آموز۔ ف۔ صِفت۔ دست پروردہ۔ ہاتھوں سدھایا ہُوا۔ پالتو۔ گھریلو۔ جیسے مُرغ دست آموز۔

دست آور۔ ف۔ صِفت۔ دست لانے والی دوا۔ مُسہل۔ جُلاب۔

دست آویز۔ ف۔ اسمِ مُؤنث۔ تمسّک۔ قبالہ۔ وثیقہ۔ سند۔ نوشتہ۔ اقرارنامہ۔ عہد نامہ۔ اپنا دعویٰ ثابت کرنے کا نوشتہ۔

دست

دست بخیر۔ ف + ع۔ کلمۂ دُعا۔ جب کسی دوست کے مرض کو اپنے یا کسی دوست کے ہاتھ میں اُس کی جگہ بتلاتے ہیں تو اوّل یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں۔ جیسے دست بخیر اُنکے بھی اسی جگہ درد تھا یعنی ہماری اِس نظیر سے خُدا تعالیٰ اِس ہاتھ کو سلامت رکھے۔ اُن کا ہاتھ اِس جگہ سے درد کرتا تھا۔ دستم بخیر بھی کہدیتے ہیں مگر کم۔

دست بدست۔ ف۔ تابعِ فعل۔ ہاتھوں ہاتھ۔ جلدی۔ شتابی۔ نظیر نے دست بدستی بھی باندھا ہے جیسے ؎

اِس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

دست بدست آنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ہاتھوں ہاتھ آنا۔ پُشت بہ پُشت پہنچنا۔

دست بدست ملنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ہاتھ بہ ہاتھ حاصل ہونا۔ ہاتھوں ہاتھ ملنا۔

دست بُرد۔ ف۔ اسمِ مُؤنث۔ غبن۔ تغلّب۔ خیانت۔ تصرّف بیجا۔ غُرد۔ لُوٹ۔ مالِ غارت۔ بازی۔ غلبہ۔ قُدرت۔ تسلّط۔

دست بُرد کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ غبن کرنا۔ چُرانا۔ اُڑانا۔ ہاتھ مارنا۔ مال مارنا۔

دست بردار ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ہاتھ اُٹھانا۔ باز آنا۔ چھوڑنا۔ تیاگنا۔ تجنا۔ ترک کرنا۔

دست بستہ۔ ف۔ تابعِ فعل۔ ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ جیسے دست بستہ عرض کرنا۔

دست بُقچہ۔ ف + ت۔ اسمِ مُذکّر۔ بُقچی۔ چھوٹی سی بُقچی جو ہر وقت ساتھ رہے۔ کپڑوں یا سینے پرونے کی گٹھڑی۔

دست بند ھک۔ ا۔ اسمِ مُؤنث۔ امانت۔ دھروڑ۔ گرو۔ رہن۔ گروی۔

دست بوس ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ تسلیم بجالانا۔ ہاتھ چُومنا۔

دست بوسی کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ ہاتھ چُومنا۔ ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ بوسۂ تحیّت دینا۔

دست بیع ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ہاتھوں بکنا۔ مُرید ہونا۔ چیلا ہونا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔

دست پاک۔ ف۔ اسمِ مُذکّر۔ رُومال۔ وہ کپڑا جس سے کھانا کھا کر ہاتھ پُونچھتے ہیں۔ تولیا۔ انگوچھا۔

دست پناہ۔ ا۔ اسمِ مُذکّر۔ دیکھو (دسپنا)۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دست

دست چالاک - ا۔ صفت - ہاتھ چالاک - چور - وہ شخص جسے چوری کا چسکا ہو + آنکھ بچا کر چرا لینے والا +

دست چالاکی - ا۔ اسم مؤنث - ہاتھ چالاکی - چوری + داؤں کر جانے کی پھرتی +

دست خط / **دستخط** ف + ع - (۱) اسم مذکر (۲) اسم مؤنث - اپنے ہاتھ کا لکھا - العبد - اپنے ہاتھ کی علامت یا نشان +

دست خطی / **دستخطی** ا۔ صفت - ہاتھ کا لکھا ہوا - ہاتھ کے دستخط کئے ہوئے - العبد شدہ +

دست دراز - ف - صفت - (۱) ہاتھ چالاک - ہاتھ لپک (۲) - ا۔ ہاتھ چھٹ - مار بیٹھنے کی عادت رکھنے والا (۳) - ا۔ چور - ہاتھ چالاک +

دست درازی - ف - اسم مؤنث (۱) ہاتھ چالاکی (۲) مار پیٹ - مار کوٹ (۳) مداخلت بیجا - زیادتی - عہد شکنی - غصب +

دست درازی کرنا - ا۔ فعل متعدی - لوٹنا - ہاتھ ڈالنا - زیادتی کرنا - بدسلوکی کرنا - مارنا - پیٹنا - دبانا - غبن کرنا - غصب کرنا +

دست رس / **دسترس** ف - اسم مؤنث - پہنچ - رسائی - قدرت - طاقت - تونگری - مقدور + بساط - حیثیت - دست برد ۵ اک دسترس سے تیری حالی بچا ہوا تھا آخر کو دل کو اس کے چرکا لگا کے چھوٹا (حالی)

دست رسی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (دسترس) +

دستِ شفا - ف + ع صفت - صحت بخشنے والا ہاتھ - (جب کسی حکیم کے ہاتھ سے بہت سے آدمی صحت پاتے ہیں تو اس کی نسبت کہتے ہیں) +

دستِ قدرت - ف + ع صفت - طاقت - قدرت - شکتی - سامرتھ - بس - قابو - اختیار - مقدور (اصل میں یہ استعارہ ہے قدرت کو ایک آدمی فرض کر کے اس کے ہاتھ سے مراد لی ہے) +

دستِ قلم - یا - **دست و قلم** - ف + ع - صفت - عو - خواندہ - لکھا پڑھا تعلیم یافتہ - عالم - فاضل +

دست کار / **دستکار** ف - اسم مذکر - ہاتھ کا کاریگر - وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو +

دست کاری / **دستکاری** ف - اسم مؤنث - کاریگری - ہاتھ کی کاریگری - ہاتھ کا کام +

دست گرداں - ف - تابع فعل - بازاری چیز - سرِ راہ بکتی ہوئی چیز - وہ چیز جو دوکان سے نہ خریدی جائے - غرضمند کا بکاؤ مال - ہاتھ اٹھا

دست

قرض - مستعار +

دست گرداں دینا - ا۔ فعل متعدی - قرض یا مستعار دینا +

دست گرداں لینا - ا۔ فعل متعدی - قرض یا مستعار لینا +

دست گرفتہ - ا۔ اسم مذکر - دستگیری کیا گیا +

دست گیر / **دستگیر** ف - اسم مذکر - معاون - مددگار - فریادرس +

دست گیری / **دستگیری** ف - اسم مؤنث - معاونت - مدد - حمایت - پناہ - سرن +

دست لگنا - ا۔ فعل لازم - دست چھوٹنا - اسہال جاری ہونا - متواتر دست آنا +

دست مال - ف - اسم مذکر - ہاتھ کا رومال - جیبی رومال +

دست نگر - ف صفت - ہاتھ تکنے والا - محتاج - حاجتمند مفلس - تنگدست +

دست و گریباں ہونا - ا۔ فعل لازم - گتھم گتھا ہونا - غٹ پٹ ہونا - چمٹ جانا - لڑنا - گتھ جانا - لپٹ جانا - دھینگا مشتی کرنا +

دستا - ا۔ اسم مذکر - (لکھنؤ) استنجاف - حاشیہ + توئی - چیراس ۵ نگلہ پڑتی ہے کسی کے خلک پیر ستاروں پہ قبا پارہ میں جس روز سے چکی کا دستا ہو (ناسخ) (۲-۵) ایک قسم کی دھات - جستہ +

دستار - ف - اسم مؤنث - پگڑی - عمامہ - لپڑی - پھیٹا - چیرا - منڈاسا - سر پیچ +

دستار بند - ف - اسم مذکر - پگڑی باندھنے والا - چیرا بند +

دستار فضیلت - ف + ع - اسم مؤنث - فاضل ہو جانے کی پگڑی - عمامہ فضیلت +

دستانہ - ف - اسم مذکر - (۱) ہاتھ میں پہننے کا بُنا ہوا کپڑا - ہاتھ کا موزہ - (۲) وہ بڑی کرچ یا سیف جسمیں ہاتھ پر چڑھتی ہوئی لوہے کی مٹھ ہوتی ہے

دسترخوان - ا۔ اسم مذکر - سفرہ - کھانا کھانے کی چادر یا کپڑا - میز کی چادر + (یہ لفظ ہندوستان کے فارسی دانوں کا بنایا ہوا ہے) +

دسترخوان بڑھانا - ا۔ فعل متعدی - دسترخوان اٹھانا یا سمیٹنا +

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا - ا۔ فعل متعدی - عو - جب دسترخوان پر کھانا چنا رکھا ہو اور کھانے کو کوئی نہ بیٹھے تو اس وقت یہ کہتے ہیں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دست

جیسے ہاتھ لئے بیٹھے ہیں۔ دسترخوان تو بہ توبہ کر رہا ہے ٭

دسترخوان کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ بزرگانِ دین کی نذر دینا دکرنا۔ شہدے کربلا کی فاتحہ کا کھانا کھلانا ٭

یار نے تجھ کو کھلایا اپنے ساتھ بحر اب گھر چل کے دسترخوان کر (بحر)

دسترخوان کی بلی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ بلی جو کھانا کھانے کے وقت آ موجود ہو۔ طعام تلاش آدمی۔ کام چور۔ نوالہ حاضر آدمی۔ ہری چگ آدمی ٭

دسترخوان کی مکھی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ہری چگ۔ ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والے الفتے۔ طعام تلاش۔ خوشامدی جیسے وہ ہری چگ جو دسترخوان کی مکھی بنی ہوئی تھی مصیبت آتے ہی کھسک گئی ٭

دستک۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کواڑ پر ہاتھ مار کر اجازت بغیر دروازہ کھڑکھڑانا۔ بلانا۔ (۲۔ ا) دھونس۔ کریمن۔ ٹیکس۔ (۲۔ ا) پروانۂ باداری۔ بکاس کی چٹھی ٭

دستک پیادہ یا سوار۔ ف۔ اسم مذکر۔ وہ چپراسی یا سوار جو اگلے پڑاؤ پر رسول کرنے کے واسطے جائے ٭

دستک دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ تالی بجانا۔ کنڈی کھڑکھڑانا۔ پکارنا بلانا ٭

متہم کرکے ظفر کو پوچھے ہے غیروں نے تجھے کس نے میرے پہ دی دستک بتا دو کون ہے (ظفر)

دے جلا دی جا کے جو بینے دستک موت بولی کہ ٹھہر جا ابھی آرام میں ہیں (سودا)

دستک یا دھونس باندھنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ خرچ باندھنا۔ ناحق کا خرچ بڑھانا ٭

دستک لگانا۔ ا۔ فعل لازم۔ کر لگانا۔ ٹیکس لگانا۔ محصول لگانا ٭

دستکی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ پاکٹ بک۔ یادداشت کی چھوٹی سی کتاب۔ جو ہر وقت پاس رہے۔ شکرے باز دنکا وستانہ ٭

دستگاہ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) قدرت۔ طاقت مقدور۔ دست رسی۔ (۲۔ ف) مال۔ اسباب ٭

دستگی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ تسمہ جو قبضہ شمشیر سے لٹکتا رہتا ہے۔ تلوار کا پٹڑا ٭

دستور۔ ف۔ اسم مذکر۔ رسم۔ طور۔ طریقہ۔ آئین۔ طرز۔ روش۔ عادت۔ ڈھنگ۔ رواج ٭ قاعدہ۔ معمول۔ قانون ٭

دستور العمل۔ ف + ع۔ اسم مذکر۔ قانون۔ قاعدہ۔ معمول۔ طریقہ۔

دسم

ہدایت نامہ ٭

کیوں کسی استاد کے دیواں کو دیکھیں وقتِ فکر
حاکمِ مردہ کا دستور العمل پایا تو کیا (اسیر)

(۲) وزیر۔ منتری۔ مدار المہام۔ دیوان اعلےٰ ٭

دستور باندھنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ قاعدہ مقرر کرنا۔ قانون ٹھیرانا۔ عادت ڈالنا۔ معمول باندھنا ٭

دستور جاری کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ قاعدہ نکالنا۔ طریقہ مقرر کرنا۔ رواج ڈالنا ٭

دستوری۔ ا۔ اسم مؤنث (۱) وہ حق جو ملازم اپنے آقا کی خریداری کی بابت فروشندہ سے پیسہ روپیہ یا دو پیسے روپیہ لے (۲۔ ف) اجازت۔ رخصت ٭ وزارت ٭

دستہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) چھری یا تلوار وغیرہ کا قبضہ۔ مونٹھ۔ بینٹا (۲) آدمیوں کا گروہ۔ فوج کا ایک حصہ ٭ گارد (۳) گلدستہ۔ پھولوں کا بنا ہوا گچھا (۴) ایک قسم کی گھنڈیاں جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں ٭ چپراس۔ سنجاف وغیرہ (۵۔ ا) کاغذ کے چوبیس تختوں کا ایک دستہ کہلاتا ہے۔ رم کا بیسواں حصہ (۶۔ ا) سوتنا۔ خسکا۔ ڈنڈا ٭

دستی۔ ا۔ صفت۔ (۱) منسوب بہ دست جیسے ایک دستی خلال دو دستی خلال وغیرہ (۲) مشعل۔ فلیتہ۔ ہاتھ کا شمعدان ٭

مدینہ کی دستی آگے آگے چلے موسیٰ شبِ معراج کو روشن ہوا حال اس کی عظمت کا (بحر)

(۲) کشتی کے ایک داؤں کا نام جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے جیسے یک دستی دو دستی وغیرہ (۳) چھوٹا دستہ۔ چھوٹا سا قبضہ۔ مونٹھ۔ مٹھیا (۵) چھوٹا سا قلمدان جو ہر وقت ہاتھ میں رہے (۶) وہ تحفہ یا ہدیہ جو راجہ لوگ دسہرے کے دن سرداروں اور عہدہ داروں کو دیتے ہیں ٭

دستیاب۔ ف۔ صفت۔ بہم پہنچنے والا۔ میسر۔ حاصل۔ وصول موصول ٭

دستیاب ہونا۔ ا۔ فعل متعدی۔ بہم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔ میسر ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ پانا ٭

دستمال۔ ا۔ اسم مذکر۔ (صحیح دست مال) عو۔ برتن صاف کرنے کی صافی نہایت میلی صافی یا کپڑا جس سے برتن پونچھتے ہیں ٭

دسمبر انگلش۔ December (ف) اسم مذکر۔ انگریزی ۱۲ دن کا بارھواں مہینہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دسو

دَسُوتھَن - ہ - اِسمِ مؤنث (گنوار) وہ دودھ جو لڑکا پیدا ہونے کی خوشی میں دیا جائے۔

دِسنا - ہ - فعلِ متعدی (پُرانی اُردُو) دِکھائی دینا۔ نظر آنا۔ سُوجھنا۔ ولی گجراتی نے بہت جگہ باندھا ہے۔ پنجاب میں اب بھی بولتے ہیں ٭

دسوال - ہ - صفت - دس سے منسوب - دہم - حصۂ دہم - عشر ٭ فاتحہ دہم - دسائی ٭

دَسوں - ہ - تابعِ فعل - ہر دہ - ہر ایک دس - کُل دس - دس کے دس ٭

دسوں انگلیاں دسوں چراغ - ا - محاورۂ عو - ایک ایک انگلی ایک ایک ہُنر سے روشن - بڑی ہُنرمند اور شگھڑ لڑکی - لیاقت والی عورت - سلیقہ والی بی بی ٭

دسوں دِشا - ہ - اِسمِ مؤنث - (ہندو) جہات عشر یعنی مشرق مغرب شمال - جنوب - تحت - فوق - اور چاروں گوشے یعنی اگنی کون (گوشۂ جنوب و مشرق) نیرت (گوشۂ جنوب و مغرب) بائب (گوشۂ شمال و مغرب) ایسان (گوشۂ شمال و مشرق) ٭

دَسوں دُوار یا دُوار - ہ - اِسمِ مذکر - منفذ عشرہ جو آدمی کے جسم میں ہیں جیسے دونوں آنکھیں دونوں کان دونوں نتھنے مُنہ - ناف یا کپال - مقعد - پیشاب گاہ ٭

دَسویں - ہ - اِسمِ مؤنث - دہم - دس تاریخ منسوب بہ دہ ٭

دَسُوتھَن - ہ - اِسمِ مذکر (ہندو وغو) دسواں چلّہ - بچہ پیدا ہونے کے بعد دسویں روز کا نہان ٭

دَسہرا - ہ - اِسمِ مذکر - (۱) جیٹھ کے مہینے کی سُدی کی دسویں تاریخ جسمیں گنگا اشنان کرنے سے صاحبانِ ہنود کے اعتقاد کے مُوافق گناہ چھوٹے جاتے ہیں (۲) اسوج کے مہینے کی سُدی کی دسویں تاریخ کا بڑا بھاری تہوار جس میں نو روز پہلے سے پوجا وغیرہ کرتے اور اخیر دن دیوی کی مُورتی ٹیسو - جمبھی سانجی وغیرہ کو دریا میں ڈالتے ہیں اور چونکہ رامچندر جی نے انہیں دنوں میں راون پر چڑھائی کر کے فتح پائی تھی اُن کی لیلا رچاتے اور بہت بڑی خوشی مناتے ہیں ٭

دِشا - س - اِسمِ مؤنث - دیکھو (سا بمعنی طرف وغیرہ) ٭

دَشت - ف - اِسمِ مذکر - صحرا - جنگل - بیابان - بادیہ - میدان ٭

دشت نوردی - ف - اِسمِ مؤنث - صحانوردی - جنگل اور بیابان در

دشو

بیابان پھرنا ٭

دُشٹ - س - صفت (ہندو) بُرا - خراب - چنڈال ٭ بد ذات - بد شریر - سنگین دل - بیرحم - ظالم - پاپی ٭ بدکارہ ٭ کھوٹا ٭

دُشمَن - ف - اِسمِ مذکر (دُشت + دِل من) مُخالف - بیری - بدخواہ - عدو (۲-۱) حریف - رقیب (۳ - عو - بیگماتِ قلعہ) دوستی کا رشتہ جو عورتیں آپس میں بدلیتی ہیں جیسے جانِ من - زناخی - دل ملا وغیرہ ٭

دُشمن جانی - ف - اِسمِ مذکر - جان کا لاگو - جان لیوا - دشمن قاتل ٭

دشمن زیرپا - ا - کلمۂ دُعا - جس وقت نئی جوتی پہنتے ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں ؎

دوستو نکو روندتا ہے دل سپنکر کفشِ پا اسے پری لگتا ہے زیبا بجز دشمن زیرپا (ناسخ)

دشمن سوئے نہ سونے دے - ا - کہاوت (دشمن آپ نہیں لیتا ہے نہ دوسرے کو لینے دیتا ہے - دشمن سے ہر وقت تکلیف پہنچتی ہے ٭

دشمن کہاں؟ بغل میں - ا - کہاوت - دشمن پاس ہی کے آدمی ہوا کرتے ہیں - اپنا ہی دشمنی کرتا ہے ٭

دُشمنوں - ا - اِسمِ مذکر - دشمن کی جمع ٭

دُشمنوں کو یا کے - ا - محاورۂ عو - اُسکو - اِسکے وغیرہ - جب کسی اپنے حبیب کی بیماری کا بیان یا کسی اور مکروہات سے نسبت دی جاتی ہے تو عورتیں اُس کی بجائے اُس کے دشمنوں سے منسوب کرتی ہیں جیسے اُس کے دشمنوں کو بخار ہے یا اُس کے دشمنوں کے چوٹ لگ گئی یعنی اُسے بخار ہے اُس کے چوٹ لگ گئی ٭

دُشمنوں کے من کا چیتا ہُوا - ا - محاورۂ عو - دشمنوں کی مُراد بر آئی ٭

دُشمنوں میں ایسے رہئے جیسے تیس دانتوں میں زبان - ا - کہاوت - یعنی دشمنوں میں ملا ہُوا اور پھر الگ اور بچا ہُوا رہے ٭

دُشمنی - ف - اِسمِ مؤنث - بیر - بیخواہی - عداوت - لاگ - مخالفت - مُخاصمت - خصومت ٭

دُشنام - ف - اِسمِ مؤنث (مرکب از دُش + نام) گالی - گالی گلوچ - گالی گفتار ٭

دُشوار - ف - صفت - مرکب از (دُش + وار) مشکل - دوبھر - کٹھالی - درشت ٭

دشو | دغد

دُشواری - ف - اِسمِ مؤنث (ا) مُشکل - دِقّت - سختی - صعوبت - حسرت (۲ - ع) ناگوار - بارِ خاطر ٭

دُعا - ع - اِسمِ مؤنث (ا) حاجت - درخواست - التجا - استمداد - التماس - عرض - ارواس - چھوٹے کا بڑے سے مانگنا (۲) منتر - افسون - وظیفہ - (۳) مناجات - مغفرت کی طلب ٭

کسی طرح سے نہ ٹوٹا طلسمِ حسرتِ یاس — درِ قبول سے ٹکرا کے سر دُعا اُلٹی (آتش)

(۴) نیکی - بھلائی - بہتری ٭ اسیس - اشیرباد ٭

دُعا دینا - ا - فعلِ متعدی - اسیس دینا - اشیرباد دینا - خُدا یتعالیٰ سے کسی کے واسطے بھلائی چاہنا ٭

دُعا کرنا - ا - فعلِ متعدی (ا) بھلائی چاہنا - نیکی چاہنا - خُدا سے التجا کرنا (۲) جب کوئی شخص کسی کا مزاج پُوچھتا ہے تو اُسکے جواب میں بھی کہتے ہیں کہ دُعا کرتا ہُوں یعنی آپ کے حق میں دُعا مانگتا رہتا ہُوں ٭

دُعا لگنا - ا - فعلِ متعدی - دعا کا اثر کرنا - مُراد بر آنا ٭

دُعا لینا - ا - فعلِ متعدی - بھلائی لینا - کسی کو خوش کر کے اُسکی اسیس لینا ٭

دُعا مانگنا - ا - فعلِ متعدی - خُدا سے بھلائی چاہنا - خُدا سے التجا کرنا - مُراد مانگنا - حاجت چاہنا ٭

دُعائے خیر - ع - اِسمِ مؤنث (ا) دُعائے عافیت - کسی کی بھلائی اور نیکخواہی کی خُدا یتعالیٰ سے التجا کرنا - (۲) نکاح - فاتحہ - ایصالِ ثواب ٭

دُعائے دَولت - ع - اِسمِ مؤنث - کسی کی ترقی دَولت یا اقبالمندی کی خُدا یتعالیٰ سے مُراد مانگنا ٭

دُعائیہ - ع - صفت - منسُوب بہ دُعا ٭

دَعوت - ع - اِسمِ مؤنث - کھانے کے واسطے بُلانا - ضیافت - جیونار ٭ بُلاوہ - طلبی ٭

دعوتِ اِسلام کرنا - ا - فعلِ متعدی - اِسلام لانے یا مسلمان ہونے کی درخواست کرنا - اچھی نصیحت کے وسیلے سے مُسلمان ہونے کو کہنا - موعظت اور حکمت سے خُدا کی راہ کی طرف بُلانا - گمراہی سے راہِ راست کی جانب بُلانا ٭

دَعوتِ جنگ - ع ٭ ف - اِسمِ مؤنث - لڑنے کی درخواست - مُنادیِ جنگ - اشتہارِ جنگ ٭

دَعوتِ سمرقندی - ع ٭ ف - اِسمِ مؤنث - صلاے سمرقندی - وہ دعوت جو تہِ دل اور حُبِّ باطن سے نہ ہو - ظاہر صلاح - مُنہ خشالنا ٭ (باقی دیکھو - صلاے سمرقندی) ٭

دعوتِ شیراز - ع ٭ ف - اِسمِ مؤنث - بے تکلفی کی دعوت - جو حاضر اور موجود ہو وہ کھلا دینے کی دعوت - اِس کی نسبت سعدی کی ایک حکایت بھی مشہور ہے جسکو لوگ دعوتِ شیراز ٭

دعوت قبول کرنا - ا - فعلِ متعدی - ضیافت منظور کرنا ٭

دعوت کرنا - ا - فعلِ متعدی - ضیافت کرنا - کھانا کھانے کو بُلانا ٭

دعوتِ ولیمہ - ع - اِسمِ مؤنث - وہ ضیافت جو بعد از نکاح کی جائے - ضیافت شادی ٭

دَعوٰی - ع - اِسمِ مذکر - درخواست - خواہش ٭ مطالبہ - طلبگاری - مانگ - استغاثہ - نالش ٭ حق - استحقاق ٭

دعوٰی باندھنا - ا - فعلِ لازم - دعوے کرنا - شرطیہ کوئی کام کرنے کا ادّعا کرنا ٭

دعوٰی جمانا - ا - فعلِ متعدی - مُقدمہ جمانا - دلیل قائم کرنا ٭ ملکیت ظاہر کرنا ٭ قبضہ جتانا ٭

دعویدار - ا - اِسمِ مذکر - مُدّعی - نالشی - مُستغیث - فریادی - داد خواہ - حق طلب (۲) دشمن - رقیب ٭

دعوٰی کرنا - ا - فعلِ متعدی - مطالبہ کرنا - باز پُرس کرنا ٭ نالش کرنا - استغاثہ کرنا - حق چاہنا - درخواست کرنا ٭

دعوٰیٔ مہر - ع - اِسمِ مذکر - کابین کا دعوے - اُس روپے کا دعوے جو عورت کا نکاح بندھتے وقت قرار پاتا ہے ٭

دَغا - ف - اِسمِ مؤنث - فریب - دھوکا - دم - جھانسا - بُتا جُل ٭

دغا باز - ف - اِسمِ مذکر - دھوکا دینے والا - مکّار - دمباز - چھلیا جلساز - فریبی - ٹھگ ٭

دغا بازی - ف - اِسمِ مؤنث - مکّاری - دمبازی - جلسازی - بے ایمانی ٭

دغا دینا - یا - کرنا - ا - فعلِ متعدی - دھوکا دینا - بُتا دینا - دم دینا ٭

دیا علم و ہُنر حسرت کسی کو — فلک نے مجھ سے یہ کیسی دغا کی (مومن)

دغا کھانا - ا - فعلِ متعدی - دھوکا کھانا - فریب میں آنا - جل میں پھنسنا ٭

دغدغا - ا - اِسمِ مذکر (ا) دگدگا - قُمقُمہ - ایک قسم کی چھوٹی قندیل - کنول

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دغل

(۲- صفت) روشن - تاباں - دمکتا ہُوا - چمکتا ہُوا - دہکتا ہُوا ۔

دَغدَغانا - ا- فعل لازم - وگدگانا - دمکنا - چمکنا - روشن ہونا - سُرخ ہونا ۔

دَغدَغاہَٹ - ا- اِسم مُؤنث - چمک - دمک - مہک - سُرخی - لالی - تمتماہٹ - لہر ۔

دَغدَغہ - ع - اسم مذکر - خوف - اندیشہ - ڈر - تشویش خاطر - دُھکڑ پکڑ - خدشہ - کھٹکا ۔ ؎

وصل کی رات رہتا ہے ہر دم دغدغہ تا سحر جُدائی کا

دَغنا - ا- فعل لازم - (۱) چھوٹنا - سَر ہونا - بندوق یا توپ کا چلنا (۲) چرکا لگنا - کسی چیز کو گرم کر کے نشان دیا جانا - چھاپ لگنا - گُل دیا جانا جیسے اُونٹ تو دغتے تھے مگر بھی دغنے آئے ۔

دَغیلا - ا- صفت - (۱) داغدار - دھبہ دار - رگڑ کھایا - چوٹ لگا ہُوا یا گرا ہُوا پھل - سڑا ہُوا پھل (۲) عیب دار - کنوندا - دھبہ کھایا ہُوا ۔

دَف - ع - اِسم مذکر - ڈف - ڈفلی - بڑی ڈھپڑی - دائرہ - ایک چوبی حلقہ جس کا مُنہ ایک طرف کھال سے منڈھا ہو - ڈفلا ۔

دَف - ا- اِسم مذکر - دھبہ - جوش - چڑھاؤ - زور - تیزی غُصّہ - پِتّا ۔

دف مرنا - ا- فعل لازم - زہر کا دُور ہونا - جوش کم ہونا - تیزی دفع ہونا - غُصّہ رفع ہونا - پِتّا مرنا ۔

دَفاتِر - ف - دفتر کی جمع - فرانسیسی طرح بطور عربی جمع بنالی ہے ۔

دَفالی - ا- اِسم مذکر - (۱) ڈفالی - ڈف بجانے والا - ڈھپڑی بجانیوالا ڈفالچی (۲) ایک فرقہ کا نام جس کا پیشہ دف بجانے کا ہے - پرانی ۔

دَفان - اسم مذکر - ع - دفع - دُور - دفعان ۔

دفان ہونا - ا- فعل لازم - ع - دُور ہونا - دفع ہونا - نکلنا - مُنہ کالا کرنا - جیسے چلو دفان ہو ۔

دَفتر - ف - اِسم مذکر - (۱) مجموعۂ حساب وغیرہ - کتاب کاغذات - کچہری کے کاغذات کا مجموعہ ؎

اب لفظ جس حساب میں ہے خط کا دور ہے سرکارِ حُسن یار کا دفتر بدل گیا (صبا)

(۲- ا) طومار - بڑا بھاری خط ؎

پڑا ہی مرنا بس اب تو ہم کو کہ اُس نے خط پڑھکے نامہ بر سے کہا کہ گر سچ یہ حال ہوتا تو دفتر اِتنا رقم نہ ہوتا (مومن)

دفن

(۳- ا) طویل کہانی - طویل قصّہ یا رپورٹ ؎

ہم تو سمجھے تھے لکھیگا تو کوئی حرفِ اثیر پر ترا نامہ تو اک شوق کا دفتر نکلا (میر تقی)

(۴- ا) محکمۂ اوقاف ۔

دَفتری - ف - اِسم مُؤنث - دفتر کے کاغذات درست کرنے جلد وغیرہ بنانے اور رول کرنے والا ۔

دَفتی - ا- اِسم مُؤنث - صحیح (دَفتیں) کاغذ رکھنے کا پٹھا - کتاب کا پٹھا - مُقوّی ۔

دَفتین - ع - اِسم مُؤنث - دیکھو (دفتی) ۔

دَفرقلیہ - ا- اِسم مذکر - ڈھب ڈھب قلیہ - خراب پکا ہُوا قلیہ - (عربی میں دفر کپڑے پڑے ہوئے طعام اور خراب چیز کو کہتے ہیں) ۔

دَفع - ع - اِسم مُؤنث (۱) دُور کرنا - ہٹانا - کھدیڑنا - نکالنا - دُور دفان ۔

دفع الوقتی - ا- اِسم مُؤنث - وقت گذاری - رفع ضرورت - آیا گیا ٹالنا روک تھام - ٹال ٹول ۔

دفع دفان ہونا - ا- فعل لازم - ع - رفع دفع ہونا - رخصت ہونا چلا جانا - (تنفّر آ بولتے ہیں) ۔

دفع کرنا - ا- فعل مُتعدّی - ہٹانا - کھدیڑنا - نکالنا - دُور کرنا - زائل کرنا جیسے مرض دفع کرنا ۔

دفع ہونا - ا- فعل لازم - دُور ہونا - جاتا رہنا - چلا جانا - رخصت ہونا - نکلنا ۔

دَفعتاً - ع - تابع فعل - یکایک - یکبارگی - اچانک - اچانچک - ناگاہ فوراً - ناگہاں ۔

دَفعہ - ع - اِسم مُؤنث (۱) ایکبار - باری - نوبت - بار - بیر (۲) حد - قانون کا فقرہ - نمبر مضمون (۳) درجہ - نُمرہ - جماعت - لڑکوں کی ہم سبق جماعت ۔

دفعہ دار - ا- اِسم مذکر - جماعت کا افسر سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار ۔

دَفعیہ - ع - اِسم مذکر - مارگ - علاج - تدبیر - اُپائے - توڑ دفع کرنیکی مذکر بُرائی روکنے کے وسائل ۔

دَفن - ع - اِسم مذکر - زمین میں چھپانا - گاڑنا - تجہیز و تکفین - گرنٹ ۔

دفن کرنا - ا- فعل مُتعدّی - زمین میں دابنا - گاڑنا - دفنانا - قبر میں رکھنا - تجہیز و تکفین کرنا ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دفن

دفن ہونا - ا - فعل لازم - قبر میں رکھا جانا - گڑنا - دبنا ۔

دَفینہ - ع - اسم مذکر - گڑا ہُوا - چھپایا ہُوا خزانہ - گڑا ہُوا مال - دبا ہُوا مال ۔

دِق - ع - اسم مؤنث - (۱) باریک - دُبلا - پتلا (۲) تپ کہنہ - وہ اندرونی ہر وقت کا بخار جس سے آدمی دُبلا ہوتا چلا جاتا ہے اور اخیر کو اُسی میں گھل کر مر جاتا ہے (۳) - صفت) تنگ - عاجز - ناراض - آزردہ - ناخوش ۔

دِق کرنا - ا - فعل متعدی - چھیڑنا - ستانا - تنگ کرنا - تکلیف دینا - حیران کرنا ۔

دِق ہونا - ا - فعل لازم (۱) مرض دِق کا شروع ہونا - تپ کہنہ میں مبتلا ہونا - بخار پیچھے لگنا (۲) تنگ ہونا - عاجز ہونا - حیران ہونا - گھبرانا - ناراض ہونا ۔

دِقت - ع - اسم مؤنث - لغوی معنی - باریکی - مشکل - دشواری - صعوبت - تکلیف - عسرت - تنگی - عذاب ۔

دِقت پڑنا - ا - فعل لازم - مشکل پیش آنا - دشوار ہونا ۔

دِقت میں پڑنا - ا - فعل لازم - مشکل یا صعوبت میں گرفتار ہونا - مصیبت میں پھنسنا ۔

دقیانُوس - ع - اسم مؤنث - (۱) ایک ظالم اور بت پرست - جابر اور بت پرست پرانے بادشاہ فارس و عرب کا نام جسکے خوف سے اصحاب کہف اپنا شہر چھوڑ کر پہاڑ کے غار میں جا چھپے تھے - پہلے صرف فارس اس کے قبضہ میں تھا مگر بعد میں روم - مدین - بابل اور شہر انوس وغیرہ پر بھی اس کا قبضہ ہو گیا - یہ بادشاہ حضرت عیسیٰ اور جالینوس کا ہمعصر بیان کیا جاتا ہے - (۲) - ف - صفت) نہایت پرانا - پراچین - عتیق - اگلے وقت کا - اگلے زمانہ کا - کہنہ - (۳) - ا - صفت) نہایت بوڑھا - بوڑھا پھونس - بہت بڑی عمر والا ۔

دقیانُوسی - ع + ف - صفت (۱) دقیانوس سے نسبت رکھنے والا - (۲) بہت پرانا - پراچین - پرانے زمانہ کا - (۳) عہد عتیق کا ۔

دقیانوسی خیال - ا - اسم مذکر - پرانا خیال - پرانی روشنی - حال کے تجربہ اور تحقیق کے برخلاف - ٹکسال باہر والے ۔

دَقیق - ع - لغوی معنی باریک آٹا - میدا - اصطلاحی - باریک ناکوک کومل - چیز اندک - ذرا سی چیز - مشکل - کٹھن ۔

دَقیقہ - ع - اسم مذکر - (۱) باریکی - نکتہ (۲) منٹ - لمحہ - گھنٹے کا ساٹھواں

دکھ

حصہ - مہاورہ اثنانیہ ۔

دقیقہ رس - ع + ف - صفت - نکتہ رس - ژرف فہم - باریک بین - ژیرک - تیز طبع ۔

دُکان - ف - اسم مؤنث - ہٹی - ہاٹ - سودا بیچنے کی جگہ - کوٹھی - کارخانہ - بکری کا مکان (عربی میں بہ تشدید کان آیا ہے) ؎

بند ہو جائے ترقی تو نہ زاہد غم نہیں ہو قیامت بند گر دیکھوں دکانِ خمار کی (ناسخ)

دُکان اُٹھانا - ا - فعل متعدی (۱) دُکان کا اسباب اُٹھانا - دُکان بند کرنا - بانار سے اپنی ہاٹ کا اسباب لے آنا - دُکان چھوڑنا ۔

دُکان بڑھانا - ا - فعل متعدی - دُکان بند کرنا ۔

دُکان چلنا - ا - فعل متعدی - خوب بکری ہونا - گرم بازاری ہونا - خریداری ہونا - ع

ہم نے چلتے ہوئے دیکھی ہے دُکانِ دہلی

دُکان کھولنا - یا - کرنا - ا - فعل متعدی (۱) دُکان کرنا - کارخانہ جاری کرنا (۲) بند کر دینکا نقیض - دُکان لگانا - بیچنے کی چیزیں لگانا ۔

دُکان لگانا - ا - فعل متعدی - (۱) دیکھو دُکان کھولنا (۲) چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا - چیزیں پھیلا دینا ۔

دُکڑا - ہ - اسم مذکر (پوربی) ٹکڑی - چھدام ۔

دُکڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) دُکی - دو کا پتا - دُری (۲) دو گھوڑوں کی بگھی - جوڑی جیسے دُکڑی ہانکنا - اصل دو کڑی ہے ۔

دُکھ - ہ - اسم مذکر (۱) درد - پیڑا - تکلیف (۲) پاپ - رنج - عذاب جیسے یہ تو ہماری جان کو بڑا دکھ لگا - (۳) مرض - بیماری (۴) مصیبت - بلا - آفت ۔

دُکھ اُٹھانا - ہ - فعل لازم - تکلیف اُٹھانا - مصیبت بھرنا - بیماری بھگتنا - ایذا پانا ۔

دُکھ بٹانا - ہ - فعل متعدی - شریک غم ہونا - شریک رنج ہونا - غمخواری کرنا ؎

ہمیں کیا جو کسی کا دُکھ بٹاویں کسی کے واسطے دُنیا سے جاویں (جرأت)

دُکھ بسرانا - ہ - فعل متعدی - رنج بھلانا - غم بھلانا ۔

دُکھ بھرنا یا بھگتنا - ہ - فعل لازم - مصیبت اُٹھانا - رنج واندوہ میں بسر کرنا - پتا پیٹنا - تکلیف سہنا - خونِ جگر پینا جیسے دُکھ بھریں بی نائنہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دکھ

کوتا میرے کھائے ہے

کہیں ہو جائے وصال آہ بلا سے چھوٹوں ہجر کا دکھ کوئی کب تک دل ناشاد سہے (مومن)

دُکھ پانا - ہ - فعل متعدی - تکلیف اٹھانا - مصیبت بھرنا - رنج پانا ہے

کھویا مفت میں دل نے کہ دکھ ہی پایا قلق ہجر نے کیا کیا نہ مجھے گھبرایا (مومن)

دُکھ دائی - ہ - صفت (ہندو) تکلیف دہ - آزار رساں *

دُکھ درد کا شریک - ا - اسم مذکر - عو - رنج و غم کا ساتھی - شریک رنج و درد *

دُکھ درد میں شریک ہونا - ا - فعل لازم - رنج و غم کا ساتھ دینا دکھ بٹانا *

دُکھ دینا - ہ - فعل متعدی - تکلیف پہنچانا - ستانا - آزار دینا - ایذا پہنچانا *

دُکھ سُکھ - ہ - اسم مذکر - رنج و راحت - غم و شادی *

دُکھ کا مارا - ہ - صفت - مصیبت زدہ - آفت زدہ - رنج دیدہ - فلکزدہ

دُکھ کی پوٹ - ہ - صفت - سرتاپا دکھ - بڑا دکھ ہی دکھ - مجسم درد و غم - دکھ کا گھر - دائم المرض - سدا روگی *

دُکھ لگنا - ہ - فعل لازم - (۱) روگ لگنا - روگی ہونا (۲) مصیبت پڑنا - بپتا پڑنا *

دُکھ ہرتا - ہ - صفت (ہندو) غم دور کرنے والا - مصیبت ہٹانیوالا *

دُکھ ہرن - ہ - صفت (ہندو) غم دور کرنے والا - مصیبت ہٹانیوالا *

دِکھاؤ - ہ - اسم مذکر - (۱) دور کی چیز کا نظر آنا - سامنا ہونا ہے

ہے بہت جلوہ گاہ یار بلند دیکھیں کیا یاں سے کچھ دکھاؤ ہمیں (جرأت)

(۲) بناوٹ معروف بمعنی دیدار رو - خوشنما *

دِکھاوا - ہ - اسم مذکر - نمود - نمائش - تکلف - تصنع - بناوٹ - ظاہری ٹیپ ٹاپ - ظاہر ہونا - معلوم دینا - نمودار ہونا *

دِکھاوٹ - ہ - اسم مؤنث - ظاہرداری - نمائش *

دکھائی - ہ - اسم مؤنث - نمائش - کسبیوں کا مرض دیکھنا *

دکھائی دینا - ہ - فعل متعدی - نظر آنا - دیکھنے میں آنا *

دُکھتی کہنا - ہ - فعل متعدی - چبھتی کہنا - ایسی بات کہنا جو دلپر گراں اور تلخ گذرے - رنج دہ بات کہنا ہے

تم تو ہر بات میں ہو دل کو دکھاتے میرے کیا ہوا ایسے بھی گر دکھتی کہی تھوڑی سی (مومن)

دکھ

دُکھڑا - ہ - اسم مذکر - عو - دکھ کی تصغیر بالتحقیر (۱) مصیبت غریبوں کا کام - بپتا - آفت - بلا - (۲) روگ - مرض - بیماری - جیسے دکھڑا لگنا (۳) محنت - مزدوری - سخت مشقت (۴) بیان اندوہ و افسانۂ درد آمیز *

دُکھڑا پڑنا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - (۱) مصیبت زدہ ہونا - رنج اٹھانا (۲) رانڈ ہو جانا - بیوہ ہو جانا *

دُکھڑا پیٹنا - ہ - فعل لازم - عو - سخت محنت و مشقت کرنا - مصیبت بھرنا - مشکل سے گذارا کرنا - عسرت سے بسر کرنا *

دُکھڑا رونا - ہ - فعل لازم - مصیبت دہرانا - اپنی بیتی کہنا - غم کی کہانی سنانا *

دِکھلانا - ہ - فعل متعدی (۱) دکھانا - نظر کرانا - ظاہر کرانا - درس دینا ملاحظہ کرانا - معائنہ کرانا (۲) جتانا - آگاہ کرنا (۳) پیش کرنا - روبرو کرنا کھولنا (۴) رہنمائی کرنا - راستہ بتانا *

دِکھلاوا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (دکھاوا) *

دکھن - یا - دکن - ہ - اسم مذکر - وکشن - جنوب جیسے دکھن گئے نہ باہری رہے چندیری چھپا *

دکھنا - ہ - اسم مؤنث - جنوبی ہوا *

دُکھنا - ہ - فعل لازم - درد ہونا - درد کرنا - پیڑ کرنا - ٹیسنا - چسکنا کسکنا (دکھانا اس کا متعدی ہے) *

دکھنی - ہ - صفت - دکھن کا - جنوبی *

دکھنی مرچ - ہ - اسم مؤنث - سفید گول مرچ - سفید مرچ جو سیاہ مرچ کی قسم سے ہوتی ہے *

دُکھی - ہ - صفت (۱) مصیبت زدہ - آفت رسیدہ - رنج رسیدہ - درد مند - درد رسیدہ - رنجیدہ - نالاں (۲) بیمار - مریض - روگی *

دُکھی ہونا - ہ - فعل لازم (۱) رنجیدہ ہونا - عاجز آنا - نہایت تکلیف میں ہونا - ضیق میں ہونا - بیزار ہونا (۲) بیمار ہونا - مریض ہونا - روگی ہونا *

دُکھیا - ہ - اسم مؤنث - آفت کی ماری - آفت زدہ عورت - درد مند عورت - رانڈ - بیوہ *

دُکھیارا - ہ - صفت (۱) درد رسیدہ - مصیبت زدہ - آفت کا مارا (۲) بیمار - علیل - مریض - روگی *

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دکھ

دُکھیارِی - ہ - اِسمِ مؤنث - دیکھو دُکھیا ۵

دُگاڑا - ہ - اِسمِ مُذکر - دونالی بندوق - دوہری گولی - دو گولیاں بھر کر مارنا ۔

دُگانا - ہ - اِسمِ مؤنث - ہمعمر عورتوں کا ایک رشتہ جو دو مغز کا بادام کھا کر جوڑا جاتا ہے - بہنا پا ۵

گر دُگانا وہ نہیں ہے تری ہمدم تو یہ پھر چھیڑتی ہے تجھے کیوں آنکھ سے سُن کر (نگین)

دُگانہ - ف - اِسمِ مُذکر - مخفف دوگانہ - (۱) جُڑواں یا دوہری چیز جیسے دوگانہ بادام یا سنگھاڑا اور آم وغیرہ (اگر بھولے سے اِس قسم کی چیز غذا میں دیدیں اور کوئی دوست سیدھے ہاتھ میں لے لے تو اُس کے عوض حسبِ دستور یا اِسی بہت سی دُہی چیز دینی پڑتی ہے اور جو کہہ دے کہ "یاد سے" تو کچھ نہیں دینا پڑتا) (۲) نماز کی دو رکعت - شُکرانہ کی دو رکعت جیسے دوگانہ ادا کرنا ۔

دُگدُگا - ہ - صِفت (عوام) روشن - تاباں - دغدغاتا ہُوا (۲) ایک قسم کی قندیل جسے قُمقُمہ بھی کہتے ہیں (مُسلمانوں نے اِسے دغدغا کر لیا ہے) ۔

دُگدُگانا - ہ - فِعل لازِم - دیکھو (دغدغانا) ۔

دُگدُگاہٹ - ہ - اِسمِ مؤنث - دیکھو (دغدغاہٹ)

دُگدُہا - ہ - اِسمِ مؤنث - عوام - دیکھو (دُبدھا)

دُگدُگی - یا - **دُھگدُگی** - یا - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) حلقوم - سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا - نرکسی حلق - گلا (۲) جگنی - ایک گلے کے زیور کا نام جو سینہ سے اُوپر لٹکتا رہتا ہے - (۳) سینہ کی ہڈی - ہانس ۔

دُگدُگی میں دَم ہونا - ا - فِعل لازِم - صرف گلے میں سانس ہونا - سینہ میں دم ہونا - گھُنگرو بولنا - دم نکلنے کا غیر وقت ہونا ۔

دِگر - ف - صِفت - دیگر - دُوسرا - عو جیسے جگر جگر ہے دگر دگر ہے ۔

دِگرگُوں ہونا - ا - فِعل لازِم - رنگ بدلنا - تغیّر و تبدّل ہونا - تہ و بالا ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا ۔

دَگڑا - ہ - اِسمِ مُذکر (گنوار) راستہ - پگڈنڈی - راہ - سڑک بمقابلہ عام ۔

دَگلا - ہ - اِسمِ مُذکر - لبادہ - روئی دار انگرکھا ۔

دُگن - ہ - اِسمِ مؤنث - باجہ کی دُگنی آواز - دوسرے درجہ کی آواز - دُون ۔

دل

دُگنا - ہ - صِفت - دُونا - دو چند - دوہرا - ڈبل - مُضاعف ۔

دَل - ہ - اِسمِ مُذکر (۱) جسامت - پھیلاؤ - مُٹائی جیسے پھوڑے یا آئینہ کا دل (۲) فوج - لشکر - انبوہ - جیسے ٹڈی دَل - چیونٹی دل - بادل دَل (۳) پتّا - برگ جیسے تُلسی دل ۔

دل بادل - ہ - صِفت (۱) بہت سی فوج ۔ و فوجِ ابر (۲) درباری خیمہ - بڑا خیمہ - خرگاہ - شاہجہانی خیمہ کا نام - ہاتھی کا نام بھی تھا ۔

دَل دار - ا - صِفت - موٹا - دبیز - جیسے دلدار پان یا دلدار تختہ وغیرہ ۔

دل والا - ہ - اِسمِ مُذکر (ہندو) سپہ سالار - کمانڈر انچیف - جنگی لاٹ - میر عسکر - امیر فوج ۔

دِل - ف - اِسمِ مُذکر (۱) ایک صنوبری شکل کے اندرونی عُضو کا نام - قلب - ہردا - فواد - ہیا - من - خاطر - ضمیر (۲ - ۱) کلیجہ - جگر - جگرا - (۳ - ۱) سخاوت - فیاضی جیسے بڑا دل کیا (۴ - ۱) ہمت شجاعت دلیری جُرأت جیسے دل والا (۵ - ۱) رغبت - خواہش (۶ - ۱) باطن اندرونہ - اندر والا (۷) توجہ - رُخ ۵

غم نہیں کس دلبری سے دل کو لیجاتا ہے وہ پاس میرے تب تو آتا ہے جو دل پاتا ہے وہ (نظیر)

دل اٹکانا - ا - فِعل مُتعدّی - دل پھنسانا - عشق کرنا - دل اُلجھانا - دل لگانا - عاشق بنانا ۵

اے صنم کیا پُوچھتا ہے حال اس رنجور کا دل نہ اٹکائے کہیں اللہ بمقدور کا (ذوق)

کسی سے دل نہ اِس وحشت سرا میں میرے مجنوں کا نہ اُلجھانا رے دامن کبھی ہر یار کا (ناسخ)

دل اٹکنا - ا - فعل لازم - دِل اُلجھنا - دل پھنسنا - دِل آنا - عشق ہونا - محبت ہونا ۔

دِل اُٹھانا - ا - فِعل مُتعدّی - قطع تعلّق کرنا - دِل دل لگانا ۵

اُٹھایا کوہ رستم نے مگر تو سخت ناداں ہے اُٹھانا دل کو دنیا سے عجب کارِ نمایاں ہے (سودا)

دِل اُٹھ جانا - یا - اُٹھنا - ا - فِعل لازِم - (۱) خاطر برداشتہ ہو جانا - جی اُچٹ جانا - جی نہ لگنا ۵

کیا ہے جو ہوے گذر یار کی طرف دل سب طرف سے آپ کے جانے سے اُٹھ گیا (جرأت)

(۲) سیر و تماشے کو دل چلنا - خیر کو جی چاہنا - جی ہرا ہونا - دل تازہ ہونا ۵

ناتوانی سے غم ہجر کے ایسے بیٹھے اُٹھنے دنیا سے مگر دل نہ ہمارا اُٹھا (برق)

دل اُچاٹ ہونا - ا - فِعل لازِم - جی اُکتانا - دِل برداشتہ ہونا -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

جی نہ لگنا۔ دل بیزار ہونا۔ جی آنا۔

دل اُچٹنا - ا۔ فعل لازم۔ جی اُکھڑنا۔ خاطر نہ برداشتہ ہونا۔ دل گھبرانا۔

دِل آرام - ف۔ اسم مذکر۔ دل کو آرام دینے والا۔ پیارا محبوب منہ بولا معشوق۔

دِل آزار - ف۔ صفت۔ دِل دُکھانے والا۔ ظالم۔ تکلیف دہ۔ دکھ دائی اذیت رساں۔

دل آزاری - ف۔ اسم مؤنث۔ ظلم۔ ستم۔ اذیت رسانی۔ ایذا رسانی آزار دہی۔

دل آزردہ - ف۔ صفت۔ افسردہ خاطر۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔ ناراض۔

دِل آزردہ ہونا - ا۔ فعل لازم۔ افسردہ خاطر ہونا۔ ناراض یا ناخوش ہونا۔

دِل اُکتانا - ا۔ فعل لازم۔ جی بیزار ہونا۔ جی اُچٹنا۔

دِل اُلٹنا - ا۔ فعل لازم (۱) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ سودائی ہونا۔ (۲) دل گھبرانا۔ خفقان ہونا۔ دل بوکھلانا۔

دل اُمنڈنا - ا۔ فعل لازم۔ دل بھر آنا۔ قریب بگریہ ہونا۔

دِل آنا - یا۔ آجانا - ا۔ فعل لازم۔ دل مائل بہ عاشقی ہونا۔ دِل مبتلا ہونا۔ مفتون ہونا۔ ع

دِل گیا ہاتھ سے لوگوں نے کہا دِل آیا

دل باغ باغ ہونا - ا۔ فعل لازم۔ نہایت دل خوش ہونا۔ شاد شاد ہونا۔

دِل بجھنا - ا۔ فعل لازم۔ دل کا پژمردہ ہونا۔ دل مرنا۔ طبیعت کا افسردہ ہونا ؎

شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے دل ہوا ہے چراغ مفلس کا (میر)

بے داغِ عشق کیوں نہ میرا دل بجھا رہے
اندھیر ہے چراغ نہیں جس کنول میں ہے (آتش)

دل بُرا ہونا - ا۔ فعل لازم۔ دل ناراض ہونا۔ جی کھٹا ہونا (جو لوگ تے ہونے کے معنے لیتے ہیں۔ غلطی پر ہیں۔ اس معنی میں جی بُرا کٹا یا ہونا آتا ہے)

دِل برداشتہ ہونا - ا۔ فعل لازم۔ دل اُکتانا۔ بیزار ہونا۔ دل اچٹنا۔

دِل بڑھانا - ا۔ فعل متعدی (۱) ہمت بندھانا۔ دلیر کرنا۔ جرأت دینا۔ (۲) خوش کرنا۔ خوشنود کرنا۔ شاباشی دینا جیسے پیار اخلاص سے اُسکا دِل بڑھایا (۳) بڑھاوا دینا۔ واہ واکرنا ؎

گھٹانا حوصلے کا حضرتِ ناصح کو آتا ہے کہ صرف لوگ ہیں جو عاشقوں کا دِل بڑھاتے ہیں

(۴) کسی کو بہادر کہنا تاکہ لڑائی میں دلاوری دکھائے۔

دل بڑھنا - یا۔ بڑھ جانا - ا۔ فعل لازم۔ خوش ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا۔ شاد شاد ہونا ؎

وہ بُت ترسا جو آیا دل ہمارا بڑھ گیا گھٹ گیا ایمان کعبے سے کلیسا بڑھ گیا

دل بند ہونا - ا۔ فعل لازم۔ انقباض خاطر ہونا۔ دل رُکنا۔ دم گھٹنا

دل بھاری کرنا - ا۔ فعل متعدی۔ غم کرنا۔ رنج کرنا۔ آزردہ ہونا ملول ہونا۔ اندوہگین ہونا۔

دل بھاری ہونا - ا۔ فعل لازم۔ ملولِ خاطر و اندوہگین ہونا۔

دل بھٹکنا - (۱) فعل متعدی۔ دیکھو جی بھٹکنا۔

دل بھر آنا - ا۔ فعل لازم۔ دل اُمنڈ آنا۔ اندوہگین اور دیدہ پُرآب ہونا۔ کسی کا دُکھ سُنکر رونے لگنا ؎

خُوں فشاں رہتی ہیں آنکھیں ہو چکی جب سے شراب کیوں نہ بھر آئے میرا دل شیشہ خالی ہو گیا (ناسخ)

دل بہلانا - ا۔ فعل متعدی۔ دل کا رنج بھلانا۔ دل کو سیر و تماشے میں مصروف کرنا۔ دِل پیچھے ڈالنا۔ دل خوش کرنا۔ وحشت دور کرنا۔

دل بہلنا - ا۔ فعل لازم۔ دل کا کسی کام میں مشغول ہونا۔ دِل پیچھے پڑنا۔ توحش رفع ہونا۔

دل بیٹھ جانا - ا۔ فعل لازم۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ شوق نہ رہنا۔ دِل مرجانا۔ خوشی نہ رہنا۔ اُمنگ نہ ہونا۔ خاطر کا افسردہ اور پژمردہ ہو جانا ؎

قطع جب سے ہوئی اُمیدِ وصالِ جاناں اِسطرح بیٹھ گیا دِل کہ اُٹھایا نہ گیا (بحر)

دل بیکل ہونا - ا۔ فعل لازم۔ دل مضطرب ہونا۔ دل کا بے چین ہونا۔ دل کا بے آرام ہونا۔

دل پانا - ا۔ فعلِ متعدی۔ عندیہ معلوم کرنا۔ منشا دریافت کرنا۔ توجہ دیکھنا۔ رُخ دیکھنا جیسے دل پاتے ہیں تو ہم بھی تمہارے پاس چلے آتے ہیں۔

دل پر سانپ لوٹنا - ا۔ فعل لازم (۱) افسوس آنا۔ ملول ہونا پچھتاوا آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا (۳) رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ جلنا۔

دل پر میل آنا - ا۔ فعل لازم۔ دِل میں کدورت آنا۔ دل پر خیال

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

گزرنا۔ دِل پر رنج آنا۔

دل پر مَیل نہ لانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ خیال نہ کرنا۔ دل پر رنج نہ لانا۔ مکدّر نہ ہونا۔

دل پر نقش ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی بات کا دل میں جم جانا۔ دل میں بیٹھ جانا۔ نقش کالحجر ہو جانا۔

دل پر ہاتھ رکھے پھرنا۔ ا۔ فعل لازم۔ بیتابانہ پھرنا۔ مضطرب پھرنا۔ بیچین پھرنا۔ دِل پکڑے پھرنا۔

دل پسیجنا۔ ا۔ فعل لازم (را) دل نرم ہونا۔ رحم آنا۔ ترحم کرنا۔ ترس کرنا جیسے جب نرمی اور دلسوزی سے کہا تو دل پسیجا ؎

آتش خموش دل نہ پسیجے گا یار کا بمعنی ہے یہ مصرع موذوں آہ کاٹ (آتش)

(۲) سخاوت پر آمادہ ہونا۔ سلوک کرنا۔

دل پک جانا۔ ا۔ فعل لازم۔ دل کا آزار رسیدہ ہو جانا۔ صدموں یا سخت کلامیوں سے دل اُکتا جانا ؎

بُتوں کے ناز سے دُکھ دُکھ کے پک گئے ہیں دِل
وہ کون ہے کہ خُدا سے جو داد خواہ نہیں (آتش)

دل پکڑا جانا۔ ا۔ فعل لازم۔ دِلمیں شُبہ گنہ رنا۔

دل پکڑ کر بیٹھ جانا۔ ا۔ فعل لازم۔ دل مسوس کر رہ جانا۔ ہاے کر کے بیٹھ جانا۔ صدمہ کے مارے بول نہ سکنا۔

دل پکڑ لینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ کسی کے صدمہ یا رنج کی تاب نہ لانا بیتاب ہو جانا ؎

کِس کو دردِ اپنا سُناؤں کون لاسکتا ہے تاب دل پکڑ لیتی ہے بُلبُل بھی مری فریاد سے

دل پکڑے پھرنا۔ ا۔ فعل لازم۔ عو۔ بے تابانہ اور مضطرباد پھرنا۔ امتا کے مارے بیچین رہنا۔

دل پھٹنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دِل بیزار ہونا۔ طبیعت کا متنفّر ہونا۔ طبیعت ہٹ جانا ؎

کبھی اُنسے ہم جُدا ہوئے جب سے پھٹا دل ایسا کہ پھر التیام ہو نہ سکا (بحر)

دل پھرنا۔ ا۔ فعل لازم (را) دل بیزار ہونا۔ متنفّر ہونا۔ دل کا کراہت کرنا ؎

کوئی دل پر تا ہے اپنا گو کریں غُماں جفا عشق خلقت میں ہماری ان ستمگار دل کا ہے (جرأت)

(۲) سیر ہونا۔ اگھانا۔ طبیعت بھرنا۔ چمکنا۔

دِل پھیرنا۔ (ا) فعل متعدی (را) دل بیزار کرنا۔ رُوگرداں کرنا۔ نفرت دلانا۔ بیرُخ کر دینا۔ (۲) سیر کرنا۔ چھکانا۔

دِل پھیکا ہو جانا۔ ا۔ فعل لازم (لکھنؤ) کسی چیز سے دل ہٹ جانا توجّہ نہ رہنا۔ خیال جاتا رہنا ؎

پریرُو تیرِ آرائش ہی کیوں دل ہو گیا پھیکا نہ وہ لب پر لکھنؤ ہے نہ وہ ماتھے پر افشاں ہے

دل پیچھے پڑنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دل کا دوسری طرف مُتوجّہ ہونا۔ دل بہلنا۔ دل بٹنا۔ کسی چیز کی یاد بھولنا۔ غم غلط ہونا ؎

ہمنشیں بہرِ خُدا کا کل ہی کا کر اُسکے ذکر تیری باتوں سے دل تو مرا پیچھے پڑے (مُصحفی)

دل تڑپنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دل ٹوٹنا۔ دل کا اشتیاق کے مارے مضطر اور بیتاب رہنا۔ دِل ڈھونڈھنا۔ دل بیقرار رہنا ؎

دل تڑپے ہے تجھ بن مرا اے جانِ مُکانا رہ جا میرے گھر آج تو مہمانِ مُکانا (رنگین)

دل توڑنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ ہمّت توڑنا۔ رنجیدہ کرنا۔ مایوس کرنا۔ نا اُمید کرنا۔ بیدل کرنا۔ دل شکستہ کرنا۔ دل افسُردہ کرنا۔

دل ٹوٹنا۔ ا۔ فعل لازم۔ شکستہ خاطر ہونا۔ ہمّت ٹوٹنا۔ مایوس ہونا افسردہ ہونا۔ دل بیٹھنا۔ دل پر صدمہ گذرنا ؎

دل ہر اِک ٹوٹ گیا یاد جو آیا ساقی شیشہ سے کوشبِ ہجر میں پتھر سمجھا (رسا)

دل ٹھکانے لگانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ دل کو تسکین بخشنا۔ اطمینان خاطر عطا فرمانا۔ اضطراب دل کھونا۔ دل کو قرار دینا ؎

مِلا میرے لبِ کو مجھ سے خُدا نہیں تو مرا دل ٹھکانے لگا (میر حسن)

دل ٹھکانے لگنا۔ یا۔ ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ دل ٹھیرنا۔ تسکین خاطر ہونا۔ اطمینان ہونا۔ تسلّی ہونا۔ تقویت ہونا۔ ڈھارس ہونا۔

دل ٹھکنا۔ ا۔ فعل لازم۔ اطمینان خاطر ہونا۔ دلجمعی ہونا۔

دل ٹھوکنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ دلجمعی کرنا۔ اطمینان خاطر کرنا جیسے جب تک انسان اپنا دل ٹھوک نہ لے کیونکر نسبت کی ہامی بھرے۔

دِل جان۔ ا۔ اِسم مُؤنث۔ وہ رشتہ جو سہیلیاں آپس میں مُقرّر کر لیتی ہیں۔ جیسے دُشمن۔ دل بلا۔ برخلاف وغیرہ (بیگمات قلعہ)

دل جلا۔ ا۔ صفت۔ دل سوختہ۔ عاشق۔ دلدادہ۔ فریفتہ ؎

کیا تاب دل جلوں سے ہے برق لاگ تجھے دوزخ بھی ہو تو اِنکی چلوں آگ رکھے (ذوق)

دل جلانا۔ ا۔ فعل مُتعدی۔ رنج دینا۔ دل سوختہ کرنا۔ رشک

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دل

دلانا - ناراض کرنا - ناخوش کرنا + ناخوش ہونا - جلنا - صدمہ اٹھانا + کسی کی آرزو میں ہم جگر پر داغ کھاتے ہیں نہیں معلوم دلسوز اپنے دل کو کیوں جلاتے ہیں

دل جلنا - ا - فعل لازم - دل سوختہ ہونا - ناراض ہونا - ناخوش ہونا - رنج ہونا + حسد ہونا - رشک ہونا - بُرا لگنا - ناگوار گزرنا +

دل جمعی - ا - اسم مؤنث - بیفکری - اطمینان - تسلی - ڈھارس +

دل جمعی رکھنا - ا - فعل متعدی - خاطر جمع رکھنا - مطمئن رہنا - اطمینان رکھنا +

دل جمعی کرنا - ا - فعل متعدی - خاطر جمع کرنا - مطمئن کرنا - طمانیت بخشنا + تسلی دینا +

دل جمنا - ا - فعل لازم - دل لگنا - جی لگنا - توجہ ہونا - کسی کام سے دل نہ اُکتانا +

دل جوئی - ف - اسم مؤنث - دلداری - تسلی - تسکین - تالیف قلوب +

دل جوئی کرنا - ا - فعل متعدی - تالیف قلوب کرنا - دلداری کرنا - دل ہاتھ میں لانا +

دل چرانا - ا - فعل متعدی (۱) کسی کام میں طرح دینا - جی چھپانا - کسی کام سے خواہ نامردی کے باعث یا دور اندیشی وغیرہ کے سبب پہلوتہی کرنا + چڑھ کے جب مفسد دل پہ جاتا ہوں وقت پر میں بھی دل چراتا ہوں (سودا) (۲) دل لینا - دل چھیننا - دل پر قابض ہونا + ؎

دلبر و دل چراتے ہو ہر دم یوں کہیں اعتبار رہتا ہے

دل چسپ - ف - صفت - دلپسند - خوبصورت - خوشنما - دل لبھانیوالا - سہانا - من بھاؤنا - مرغوب الطبع +

دل چلا - ا - صفت - (۱) دلیر - بہادر - جری - سورمیر - نڈر - بے باک - دلاور - جوانمرد - (۲) فیاض - سخی - داتا - لکھ لٹ + فضول خرچ - خراج (۳) ذی ہمت (۴) دیوانہ - پاگل - باولا +

دل چلانا - ا - فعل متعدی - کسی چیز کی طرف رغبت کرنا - دل دوڑانا -

دل چلنا - ا - فعل لازم (۱) رغبت ہونا - خواہش ہونا - دل مائل ہونا - (۲) دل بہکنا - دیوانہ یا پاگل ہونا - سودائی ہونا +

دل چور - ا - صفت (مترادف) (۱) غافل - بیخبر - بیفکر - بے پروا - لاابالی (۲) کام سے بچنے اور ٹالم ٹول کرنے والا - کام چور - جیسے ایک تو دل چور دوسرے کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا (فسانہ آزاد) +

دل

دل حاضر ہونا - ا - فعل لازم - طبیعت کا درست ہونا - دل قابو میں ہونا - اوسان درست ہونا - دل ٹھکانے ہونا +

دل خراش - ف - صفت - دلخراش - دل شگاف - دل شکن - جانکاہ (یہ لفظ صدمہ یا غم کی تعریف میں آتا ہے)

دل خستہ - ف - صفت - رنجیدہ - غم رسیدہ - آفت زدہ - دکھیا - رنج آلودہ + مصیبت زدہ +

دل خواہ - ف - صفت - مرضی کے موافق - دلپسند - مرغوب + خاطر خواہ + پسندیدہ +

دل خوش کرنا - ا - فعل متعدی - دل کو رجھانا - آنند کرنا - خوشوقت کرنا - راضی کرنا +

دل دادہ - ف - صفت - عاشق - مفتون - فریفتہ +

دل دار - ا - اسم مذکر - پیارا - من بھاون - دلبر - محبوب - معشوق - دلدار (۲) جانی - (۲) صفت (تسلی بخش - تسکین دہ +

دلداری - ف - اسم مؤنث - تسلی - تسکین - تشفی - رفاقت - ہمدردی وفاداری - تالیف قلوب +

دل دریا - ا - صفت - (۱) نہایت سخی - نہایت فیاض - فیاض دل - دریا دل - داتا - مخیر - جیسے لٹایا پرایا مال باندی کا دل دریا - (۲) نہایت اندوہگین - دردناک - غمناک - جیسے اک نہ دینی سر کورے کنگھی بابل میرا دل دریا ورے (منڈھا) اگر بابل کی صفت کہیں تو طرفہ اطلاق ہے

دل دکھانا - ا - فعل متعدی - رنج دینا - صدمہ پہنچانا - اندوہ فی غم دینا - اندر ہی اندر آزار پہنچانا - دل کڑھانا +

دل دکھنا - ا - فعل لازم - دل کڑھنا - غم ہونا - افسوس ہونا - جیسے روپیہ دیتے ہوئے دل دکھتا ہے +

دل دھڑکنا - ا - فعل لازم (۱) دل لرزنا - دل ہلنا - دل تھرانا - دل کانپنا - دل کا لرزاں اور تپاں ہونا (۲) افسوس ہونا - ملولا آنا - دل کڑھنا +

دل دھک دھک ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو دل دھڑکنا ؎

کھٹک ہے آنکھوں میں میری اب تک دل اُسکا بھی ہو رہا ہے دھک دھک

عید محمد کو ہوئی مبارک اُس کو سنگار راس آیا

دل دھکڑ پکڑ کرنا - ا - فعل متعدی - دل کا اندیشہ کرنا - دل کا ہچر مچر کرنا - دل کا تذبذب میں ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دل

دِل دُھکڑ پِکڑ ہونا - ا - فعلِ لازم - دِل ڈرنا - دِل کا خوف کھانا - مُتزلزل ہونا ٭

دِل کو بلانا - ا - فعلِ متعدی - خوف دِلانا - دہشت سے یا کسی صدمہ کی خبر سے دل کو تھرّا دینا ٭

دِل دَہلنا - ا - فعلِ لازم - خوف کھانا - ڈرنا - دِل دھڑکنا جیسے بچے کا دِل دہل گیا ٭

دِل دہی - ف - اِسمِ مؤنث - تسلّی تشفّی - تعالیفِ قلوب - دِلجوئی - دِلاسا آنسو پوچھنا - ڈھارس - توجہ - دھیان ٭

دِل دیکھنا - ا - فعلِ مُتعدی - کسی کے دل کا بنجری میں امتحان کرنا - دِل آزمانا ٭ سُبھاؤ اور خوبو کا معلوم کرنا ٭ استمزاج کرنا - عندیہ لینا - منشا دریافت کرنا ٭ مرضی ٹٹولنا ٭

جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا جو پُوچھا میں کہا دِل دیکھتا تھا (حضرت)

دِل دینا - ا - فعلِ لازم - فریفتہ ہونا - عاشق ہونا - مفتوں ہونا ٭ دِل پھنسانا ٭ ٥

دل دیکھے آگیا تیرے قابُو میں اے صنم میں اپنے اختیار سے مجبُور ہو گیا (ناسخ)

دِل ڈُوبنا - ا - فعلِ لازم - دِل بیٹھنا - غشی طاری ہونا - ضعف یا ناتوانی کے مارے دِل کا گِرا پڑنا جیسے ناتوانی سے دِل ڈُوبا جاتا ہے ٥

اے عزیز و آج میرا دل نہ ڈُوبا جائے کیوں اپنے یُوسف کا مجھے چاہِ ذقن یاد آگیا (ناسخ)

دِل ربا - ف - اِسمِ مُذکر - دلبر معشوق - دِل لیجانے والا - من ہرن - دِل لبھانے والا ٭

دِل رُبائی - ف - اِسمِ مؤنث - دلبری معشوقی - موہ - محبت - نیہ ٭

دِل رُکنا - ا - فعلِ لازم - مُنقبض ہونا - دِل بھنچنا ٭ دل نہ ملنا ٭ دل کا آزُردہ ہونا - دل رنجیدہ ہونا ٭

دِل رکھ لینا - ا - فعلِ مُتعدی - دلداری اور پاس خاطر کرنا - باعث اطمینان دل رکھنا - لینا - ارمان یا آرزو پُوری کرنا - امید بر لانا - تسلّی دینا - تسکین بخشنا - تشفّی کرنا ٭ دِلاسا دینا ٭ خوش رکھنا ٭

دِل زدہ - ا - صفت - غم زدہ - غم رسیدہ - دِل مُردہ - دِل افسردہ - دِل پژمُردہ ٭

دِل سنبھالنا - ا - فعلِ مُتعدی - دل کو قابُو میں لانا - دل کو تسلّی دینا - دل قابُو میں رکھنا ٭

دل

دِل سوختہ - ف - صفت - دیکھو (دل جلا) ٭

دلسوز - ف - اِسمِ مُذکر (ا) درد مند - ہمدرد - خیر خواہ - غمخوار ٭ دوست شفیق - رفیق (۲) درد انگیز - رقّت انگیز - دِل گداز ٭

دِلسوزی - ف - اِسمِ مؤنث - درد مندی - ہمدردی - غمخواری - خیر خواہی ٭

دِل سے اُترنا - یا - گِرنا - ا - فعلِ مُتعدی - ناپسند ہونا - ناغوب ہو جانا - دِل کو نہ بھانا ٭ توجہ نہ رہنا ٭ نظروں سے گِرنا - حقیر ہونا - بیقدر ہونا ٭

دل سے دُھواں اُٹھنا - ا - فعلِ لازم - دِل سے آہ نکلنا ٥

دل سے اُٹھتا ہے دُھواں ناک کی راہ جینا ہائے تپشِ غم سے چُھٹکا جاتا ہے سینہ اپنا (رجرات)

دل سے کچھ کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - از خود کوئی کام کرنا - اپنے دل سے کوئی بات کرنا ٭

دل سے کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - شوق سے کرنا - رغبت سے کرنا - دِل لگا کر کرنا - توجہ سے کرنا ٭

دِل شاد - ف - صفت - خُوش آئند - گمن - بشاش - باغ باغ - خُوش و خُرّم ٭

دِل شاد کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - خُوش کرنا - آنند کرنا - مسرُور و محظوظ کرنا ٭

دِل شاد ہونا - ا - فعل لازم - خوش ہونا - باغ باغ ہونا ٭

دِل شکستہ - ف - دل خستہ - رنجیدہ - دل آزُردہ - بِنانا - دل افسُردہ

دِل شکنی - ا - اِسمِ مؤنث - دل آزردگی - کسی کے دل کو آزردہ اور ناراض کرنا - دِل توڑنا - اُمید کے برخلاف کرنا ٭

دِل فریب - ف - صفت - دِل کو فریب دینے والا - چت چور - دل فریفتہ کرنے والا - من موہن - من ہرن ٭ فسُوں ساز ٭

دِل کا بادشاہ - ا - صفت - خود مُختار - آزاد - من موجی - لہری - فعلِ مختار ٭

دِل کا بُخار نکالنا - ا - فعلِ مُتعدی - رنج پہنانی کا رفع ہونا - جوش دل کا فرو ہو جانا ٥

چشم سے خُوں ہزار نکلیگا کوئی دِل کا بُخار نکلیگا (میر)

دل کا غبار نکالنا - ا - فعلِ مُتعدی - ملالِ خاطر و کدُورتِ دل کا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دل

رفع ہونا۔ صفائی ہونا ؎

نکلا غبار دل سے صفائی تو ہو گئی اچھا ہُوا جو خاک میں تُم نے ملا دیا (برق)

دِل کا کنول کھِلنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ شگفتہ خاطر ہونا۔

دل کا مالک اللہ ہے۔ ا۔ کہاوت۔ خُدا ہی دل پھیر سکتا ہے۔ دل کی خبر خُدا ہی کو ہے۔

دل کباب ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل جلنا۔ دل کا سوختہ ہونا۔

دل کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ ہمّت کرنا۔ جرأت کرنا۔ فیاضی کرنا۔ سخاوت کرنا۔ بہادری کرنا۔

دل کڑا کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ دل مضبُوط یا سخت کرنا۔ ہمّت کرنا۔ ہمّت باندھنا۔

دل کڑا کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ دل مضبُوط یا سخت کرنا۔

دل کُڑھانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ دل رنجیدہ کرنا۔ غم کھانا۔ افسوس کرنا۔

دل کُڑھنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ غم ہونا۔ افسوس ہونا۔ رنج ہونا۔ ملال ہونا۔

دِل کش۔ ف صِفت۔ دل پسند۔ خُوشنما۔ دل لُبھانے والا پسندیدہ۔ مرغُوبُ الطبع۔

دِل کُشا۔ ف صِفت۔ رَوشن۔ کھُلا ہُوا۔ وسیع۔ فراخ۔ دل شگفتہ کرنے والا۔ فرحت افزا جیسے دل کُشا مکان یا باغ وغیرہ

دل کملانا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل مرنا۔ دل مُرجھانا۔ دل کا پژمردہ اور افسردہ ہونا۔ دل مغمُوم ہونا۔

دل کو دل سے راہ ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ جانبین سے مُحبّت ہونا۔ طرفین سے اُلفت ہونا۔

دل کو قرار ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ اطمینانِ خاطر ہونا۔ دلجمعی ہونا۔ دل کو یکسُوئی ہونا۔ فراغِ خاطر ہونا جیسے دل کو ہو قرار تو سُوجھیں سب تہوار۔

دل کو لگنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) دل پر اثر ہونا۔ دل پر بیٹھنا۔ دل پر واقع ہونا جیسے جواں کے دل کو لگیگی وہ کسی کے دل کو کب لگیگی (۲) دل میں کھُبنا۔ دل کو یقین ہونا جیسے یہ بات تو دل کو بھی لگتی ہے (۳) دل پر چوٹ ہونا۔ دل پر صدمہ گزرنا

دل

چیٹک ہونا ؎

تڑپنے لوٹنے رونے کا باعث تجھ کو کیا بتا تیرے دلکو بھی میری سی اگر اے ہوا لگی (مومن)

(۴) دل میں جوش پیدا ہونا۔ غصّہ آنا۔ ناگوار گزرنا۔

دل کو مسوسنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ بیتابی اور بیقراری کے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر اُسے دبانا۔ دل کو تھام کر اُسے تسلّی دینا ؎

بیٹھے ہیں ہم تو دل کو مسوسے ہوئے یہاں تو جان اُسکی دیکھ تجھے جینے عش کیا (انشاء)

دل کھٹا ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل بیزار ہونا۔ دل کا مُتنفّر ہونا۔ دل ناراض ہونا۔

دل کھٹکنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل کا مُتشبّہ ہو جانا۔ دل میں شبہ گزرنا

دل کھلنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) دل کا حجاب اُٹھنا (۲) دل کی جھجک مٹنا۔ ہیبا و کھُلنا۔ دل کا خوف اُٹھنا۔ رفعِ انقباض ہونا۔ اِنقباضِ خاطر کا دُور ہونا۔ اِنبساطِ طبع حاصل ہونا ؎

بند سا کچھ ہو رہا تھا دل جو مُدّت سے سو آج لگتے ہی سینہ پر اُس کی ایک ٹھوکر کھُل گیا (جرأت)

دل کھِلنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ شگفتگیٔ خاطر کا حاصل ہونا۔ نشاطِ طبع ہونا۔

دل کھول کے۔ ا۔ تابعِ فعل۔ خاطر خواہ جسب دلخواہ۔ بخُوبی۔ بیدھڑک ہو کے۔

دل کی پھانس۔ ا۔ اسمِ مُؤنث۔ کُلفتِ خاطر۔ دردِ دل کی تکلیف یا رنج۔ خلشِ دل ؎

کھٹکتی ہے جو دل کی پھانس دل کو چین آتا ہے
کہ ماہی کو نہیں تکلیف ہوتی خارِ ماہی سے

دل کے پھپھولے پھُوٹنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل کی حسرت نکلنا۔ طعنہ مہنہ اور اشارے کنایہ سے اپنا دل ٹھنڈا کرنا۔ غصّہ اُتارنا۔ بے جہر یا رکانہ گلہ ہم سے ہو سکا پھُوٹے نہ تھے جو دل میں پھپھولے پڑے ہوئے (آتش)

دل کے پھپھولے پھوڑنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ آبلۂ دل شکستن کا ترجمہ۔ جلن نکالنا۔ آتشِ دل کو تسکین دینا۔ غصّہ نکالنا۔ بدلا لینا۔ زہر اُگلنا۔ بُرا بھلا کہہ کر اپنا دل ٹھنڈا کرنا۔

حسرت نکالنا ؎

دل کے سارے پھپھولے پھوڑوں میں نکتہ ساتی کوئی نہ چھوڑوں میں (ذوق)
میخانے میں جا کے شیشے تمام توڑے زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے (زمان آرزو)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دل

دِل کی دِل میں رہنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ تمنائے دل کا پورا نہ ہونا۔ آرزوئے دل کا بر نہ آنا۔ حسرت رہنا۔ ارمان رہنا ؎

کسی کی حسرت تھی کہ نکلی نہ تری محفل میں رہ گئی ایک فقط میرے ہی دل کی دل میں

دِل کی سادی۔ ا۔ صفت۔ عو۔ بھولی۔ سادہ لوح۔ بے کپٹ صاف دل۔ فند فریب سے پاک ؎

دل کی کنجی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ عو۔ ہمراز۔ صلاحکار۔ مشیر ؎

دل کی لاگ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ عاشقی۔ عشق۔ محبت۔ لگن ؎

دل کی لاگ بُری ہوتی ہے رونہ سکی ٹک جائے بھی
آئے بیٹھے اُٹھ بھی گئے بیتاب ہوئے پھر آئے بھی (میر)

دل گُردہ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ (۱) جگرا۔ زہرا۔ تاب و طاقت۔ جرأت۔ بہادری۔ دلاوری۔ ہمت ؎

نظر آتا تھا بکری سا کیا پر موج شیروں کو نہ جانا مینے یہ قصاب کا رکھتا ہے دل گُردہ (محمد حاتم)

(۲) صبر و تحمل۔ بُردباری۔ برداشت۔ سمائی ؎

رات دن دھڑکے عذابِ حشر کے زاہد تیرا ہی یہ دل گُردہ ہے (ناسخ)

دِل گیر۔ ف۔ صفت۔ مغموم۔ اندوہگین۔ دل گرفتہ۔ اُداس۔ غم آلود۔ سوگوار ؎

دل گیر ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ کوبیدہ خاطر ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ مغموم ہونا ؎

دل لگانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ تعلق خاطر پیدا کرنا۔ دل بستن کا ترجمہ ؎ عشق کرنا۔ محبت کرنا ؎ توجہ سے کوئی کام کرنا۔ دل جانا۔ دل مشغول کرنا ؎

دل لگنا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) دل مشغول ہونا۔ دل مصروف ہونا۔ طبیعت کا متوجہ ہونا۔ جیسے کام پر دل لگنا (۲) تعلق خاطر ہونا۔ عشق ہونا۔ اُلفت ہونا۔ محبت ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ؎

دل کے لگنے کی سنو داد ہیں اُسمیں وہ ستمگار فقط ایک طرحدار ہے کیا (جرأت)

دِل لگی۔ ا۔ اسمِ مؤنث (۱) خوشطبعی۔ ہنسی۔ مزاح۔ مذاق۔ چُہل۔ ٹھٹھا ؎

کھانا بے دل لگی نہ پچتا تھا میلا ٹھیلا کوئی دبچتا تھا (شوق)

(۲) لگاؤ۔ محبت۔ دوستی۔ آشنائی جیسے فلاں مرد کی فلاں کسبی سے

دل

دل لگی ہے۔ (۳) شغل۔ مشغلہ۔ دل بہلاؤ ؎

کرتے ہو تم رقیبوں سے اپنی تو دل لگی کچھ فکر ہے مرے بھی دلِ بیقرار کی (ناسخ)

دل لگی باز۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ ظریف۔ ٹھٹول۔ خوشطبع۔ ٹھٹھے باز۔ مسخرہ ؎

دل لینا۔ ا۔ فعلِ متعدی (۱) کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا ؎

دل لے لیا تو عین عنایت ہے یار کی کیونکر رہیں بتیں تو گئیں بار بار کی (لااعلم)

(۲) مافی الضمیر دریافت کرنا۔ عندیہ لینا۔ مرضی ٹٹولنا۔ منشاء دریافت کرنا ؎

چل کے اُس نا آشنا کا آج پھر دل لیجئے پائیے ایسا اگر کچھ بھی گلے مل لیجئے (لااعلم)

دل لوٹنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) دل کا مضطرب اور بیتاب رہنا۔ دل تڑپنا۔ دل بیقرار ہونا جیسے ع

دل لوٹتا ہے سینہ کے اندر تمام رات

(۲) دل ڈھونڈھنا ؎ دل کا کسی چیز کی آرزو یا اشتیاق میں بے چین رہنا۔ دل پھڑکنا جیسے اُس کے دیکھنے کو دل لوٹتا ہے ؎

دل مارنا۔ یا۔ دل کو مارنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ نفسانی خواہشوں سے دل کو روکنا۔ ہوس دبانا۔ طبیعت کو کسی شوق یا لذت سے باز رکھنا ؎

دل مرجانا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل کا جوش و خروش جاتا رہنا۔ دل کا مُردہ ہو جانا۔ تمام خواہشوں سے دل اُٹھ جانا۔ شوق و ولولہ جاتا رہنا ؎

اِسے چھوڑ کر تُو اگر جائیگا یہ دل مُفت میں یار مر جائیگا (جرأت)

دِل مسوس کر رہ جانا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل پکڑ کر رہ جانا۔ کسی صدمہ یا جبری کے باعث چُپ کا چُپ رہ جانا ؎

دِل مسوسنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو دل کو مسوسنا)

دِل مِلا۔ ا۔ اسمِ مذکر (بیگمات قلعہ) بہنا پا۔ وہ باہمی رشتہ جو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں جیسے کسی سے جانِ من کسی سے دشمن۔ کسی سے دل مِلا کا رشتہ بدا ہوتا ہے (شگفتہ سہیلی)

دل مِلنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل کا موافق ہونا۔ یک جان و دو قالب ہونا۔ دل میں صفائی ہونا ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

گنجلک نہیں ملتی جو کلیجہ میں پڑی ہے دل تجھے کسی طرح سے دبر نہیں ملتا (رند)

دِل مِلنا - ا- فعلِ متعدی- دل موسنا- دل مروڑنا ؎

جب سے عشق کیا ہے ہم نے دل کو کوئی ملتا ہے

اشک کی سُرخی زردیِ چہرہ کیا کیا رنگ بدلتا ہے (میر تقی)

دل مَیلا کرنا - ا- فعلِ متعدی- عو- دل بھاری کرنا- دل کو غمگین اور اندوہگین بنانا- دل پر غم یا کلفت لانا- رنج اُٹھانا- دل اُداس کرنا- دل کو متفکر کرنا +

دِل مَیلا نہ ہونے دینا - ا- فعلِ متعدی- دل پر کدورت نہ آنے دینا- دل پر رنج و کلفت کا نہ آنے دینا +

دِل میں آنا - ا- فعلِ لازم- خیال گزرنا- دل میں کسی بات کا خطور کرنا +

دل میں بل ڈالنا - ا- فعلِ متعدی- دل میں فرق ڈالنا- دل میں گنجلک ڈالنا- بہکانا جیسے پہلے تو مُردوے کے میری طرف سے کان بھرے اور اُس کے دل میں بل ڈالے اب پھپھڑولا لے کرتے ہیں (از شگفتہ سہیلی) +

دل میں پاپ لانا - ا- فعلِ لازم (ہندو) دل میں شک لانا- دل کو وہم میں ڈالنا- تذبذب میں پڑنا- بدگمانی کرنا- بدگمان ہونا- بدظن ہونا +

دل میں پھپھولے پڑنا - ہ- فعلِ لازم- سوزشِ غم یا سوزشِ عشق سے دل میں آبلے ہو جانا ؎

دل کے پھپھولے جل اُٹھے سینے کے داغ سے اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے (ہاشم)

دل میں تو سمجھو - ا- فقرہ- کبھی شرمایا تو کرو- دل میں قائل تو ہو

دل میں جگہ کرنا - ا- فعلِ متعدی- دل میں گھر کرنا- دل میں بیٹھنا خصوصیت پیدا کرنا- دل میں بسنا- دل میں رسائی کرنا ؎

کیا اگر پائی کسی نے کسی محفل میں جگہ آدمی عرش نشیں ہے جو کہے دل میں جگہ (بحر)

دِل میں چُبھنا - ا- فعلِ لازم- دل پر اثر کرنا- دل میں سرایت کرنا- دل میں بیٹھنا- دِل میں کُھبنا- نہایت پسندیدہ اور خوشنما ہونا ؎

چبھ گئی ہے وہ مژہ دل میں جیوں یا نہ جیوں جان کانٹے کی انی پر ہے بھروسا کیا ہے (بحر)

دل میں چٹکیاں لینا - ا- فعلِ متعدی (ا) دل میں طعنے کی برچھیاں مارنا- طعنے دینا- در پردہ آزار پہنچانا- اشارۃً و کنایۃً دل دُکھانا (۲) دل میں چُبھنا- دل میں بیٹھنا ؎

بُلبلو ایسا اثر پیدا کرو فریاد میں چاہیے منقار چٹکی لے دلِ صیاد میں (ناسخ)

دل میں چور بیٹھنا - ا- فعلِ لازم- عو- بدگمانی ہونا- بدظنی ہونا- دل میں فرق پڑنا ؎

اِدھر تو دل میں ٹٹولے کے چور بیٹھا ہے اُدھر کو دل ہے دُکانا کا درہم و برہم (رنگین)

دل میں دل ڈالنا - ا- فعلِ متعدی- عو- دوسرے کا اپنا سا دل بنانا- کسی کے دل پر اپنے دل کا اثر ڈالنا- اپنے دل کی بات کا دوسرے کے دل کو یقین دلانا- دِل بِلانا ؎

ڈالو دشمن کے دل میں دل بنا لیں اپنا دوست پر ستم یہ ہے کہ ظالم تو ہمارے لیے ہے (ارشاد)

دل میں ڈالنا - ا- فعلِ متعدی- کسی بات کا دل میں پیدا کرنا- خدا کی طرف سے الہام ہونا- القا ہونا +

دل میں راہ کرنا - ا- فعلِ متعدی- دل میں جگہ کرنا- کسی کے دل میں رسائی پیدا کرنا- دل میں بیٹھنا- گھٹ میں بیٹھنا ؎

کعبہ سو بار وہ گیا تو کیا جسنے یاں ایک دل میں راہ نہ کی (میر)

دل میں رکھنا - ا- فعلِ لازم- (ا) پوشیدہ رکھنا- ظاہر نہ کرنا- سمجھتی رکھنا جیسے اِس بات کو دل ہی میں رکھنا (۲) کینہ توز ہونا- کپٹ رکھنا- بُرائی کی گرہ باندھنا (۳) دل میں خیال رکھنا + دل کی نہ کہنا +

دل میں فرق آنا - ا- فعلِ لازم (ا) دل میں شُبہ پڑنا- گمان گزرنا- دل سے اعتبار اُٹھنا (۲) شکر رنجی ہونا- دل میں بل پڑنا- گنجلک پڑنا +

دل میں کانٹا سا کھٹکنا - ا- فعلِ لازم- ناگوار طبع ہونا- گرانِ خاطر ہونا- ناگوار گزرنا +

دل میں کُڑھنا - ا- فعلِ لازم- دل میں افسوس کرنا- دل میں رنج کرنا +

دل میں کُھبنا - ا- فعلِ لازم- دل میں بیٹھنا- دل میں اثر کرنا- دل میں سرایت کرنا- دل میں گھُسنا- دل کے اندر بیٹھنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دل

دل میں گرہ پڑنا - ا - فعلِ متعدی - دل میں گنجلک پڑنا - دِل میں فرق آنا - کسی کی طرف سے رنج بیٹھنا ؎

پڑ گئی تھی جو تیرے دِل میں گرہ وا نہ ہوئی سعی ہر چند مرے نا خنِ تدبیر نے کی

دل میں گڑ جانا - ا - فعلِ لازم - دل میں بیٹھ جانا - دل پر نقش ہو جانا - بھا جانا - پسند آجانا - ع

گڑ جاتی ہے دل میں ہمارے آنکھ اُس کی شرمائی ہوئی (میر)

دل میں گھر کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) پیٹ میں گھسنا - پٹھوں میں گھسنا ۔ دل میں بیٹھنا - دل میں گھسنا ؎

کیڑا ذرا سا اور وہ پتھر میں گھر کرے انسان کیا ہے جو دلِ دلبر میں گھر کرے (ذوق)

(۲) خصوصیت پیدا کرنا - اخلاص بہم پہنچانا ؎

یارب سپہر اتنی تو اب در گزر کرے کوئی خانماں خراب کسی دل میں گھر کرے (درد)

(۳) راہ و رسم پیدا کرنا - محبت بڑھانا - ربط بڑھانا - دوست بنانا - ہمدرد اور غمخوار بنا لینا ؎

کون ہے جسکو نہیں اُس صاحبِ عصمت کی یاد گھر میں بیٹھے بیٹھے اک عالم کے دِل میں گھر کیا (ناسخ)

گھر کر لونڈی کے دلمیں حج کی کیا حاجت تمہیں ۔ ہے حرم گھر میں یہاں کعبہ نہ جانا چاہئے (ناسخ)

دِل میں گھر ہونا - ا - فعلِ لازم - دِل میں جگہ ہونا - دل میں خصوصیت پیدا ہونا ؎

ہے تو دلمیں آپکے ابتک گھر ہُوا کر لیتے ہیں دلوں میں یہ کسطرح راہ آپ (قلق)

دِلنشین کرنا - ا - فعلِ متعدی - دل میں بٹھانا - ذہن نشین کرنا - دل پر نقش کرنا - تہ نشین کرنا - دل میں جما دینا - خاطر نشاں کرنا ۔

دِلنشین ہونا - ا - فعلِ لازم - دل میں جمنا - دل میں بیٹھنا - دل میں منقش ہونا ۔

دل نہ ملنا - ا - فعلِ لازم - دل کا مجلت نہ کھانا - میزان نہ پٹنا - دل کا مُوافق نہ آنا - دل صاف نہ ہونا ؎

آنکھیں تو ملاتے ہو مگر دل نہیں ملتا ساغر تو بہت خوب ہے پیمانہ نہیں اچھا (ناسخ)

دل والا - ا - اِسمِ مذکر - سخی - فیاض ۔ بہادر - دلیر - جری ۔ سُورما ۔ باہمت ۔

دل و جان سے - ا - تابعِ فعل (۱) بسر و چشم - سر آنکھوں سے - بطیب خاطر - نہایت خوشی سے - کمال تن دہی سے - دل لگا کر - شوق سے - (۲) بخوبی - نہایت - از حد - کمال ؎

دِل

دل و جاں سے مجھے بھائی ہیں ادائیں تیری (امانت)
پاس لا چاند سا مُنہ لوں مَیں بلائیں تیری

دل و دماغ کا - ا - صِفت - صاحبِ فہم و اولوالعزم عالی دماغ و عالی حوصلہ ۔

دل ہاتھ میں رکھنا - ا - فعلِ متعدی - کسی کو خوش و راضی رکھنا دل میلا نہ ہونے دینا - کسی کی طبیعت پر رنج نہ آنے دینا ۔ تسلی دیتے رہنا ۔

دل ہاتھ میں لینا - ا - فعلِ متعدی - خوش و راضی رکھنا ۔ اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا - تسلی دینا ؎

دل لے فقیر کا بھی ہاتھ نہیں دل لگی کہ آجائے ہے جہاں میں آگے دیا دیا کچھ (میر تقی)

دل ہٹ جانا - ا - فعلِ لازم - دل کا بیزار اور متنفر ہو جانا - طبیعت کا نارائض ہو جانا ۔ کراہت آجانا - رغبت نہ رہنا ؎

چمکا کہ پاس تھا مجھے دل اُسنے ہٹ لیا سینے کا غار گرد کدورت سے پٹ گیا (بحر)

دل ہلنا یا ہِلجانا - ا - فعلِ لازم - خوف یا دہشت یا رحم سے دل کا کانپ اُٹھنا - دل لرز جانا ؎

کوئی سنگدل بھی جرأت تیرا سُنے جو قصّہ یکبار اُسکا دل بھی یہ داستاں ہلا دے (جرأت)

دل ہی دل میں - ا - تابعِ فعل - اندر ہی اندر - دل کے اندر چھپے چھپے ۔

دل ہی دل میں کہنا - ا - فعلِ متعدی - دل کے اندر خیال کرنا - چھپے چھپے کہنا ۔

دُلار - ا - اِسمِ مذکر - پیار - لاڈ - ناز - محبت ۔

دُلارا - ا - صِفت - پیارا - عزیز - لاڈلا ۔

دُلاری - ا - اِسمِ مؤنث - پیاری - لاڈلی - نازو - ناجو ۔

دِلاسا - ا - اِسمِ مذکر - تسلی - تشفی - تسکین - طمانیت ۔ دھیرج - تقویت - استمالت ۔

دلاسا دینا - ا - فعلِ متعدی - تسلی دینا - تشفی دینا - طمانیت بخشنا ۔ ہمت بندھانا - دھیرج بندھانا - جی بڑھانا ۔ ڈھکارنا ۔ ٹھکارنا ۔

دَلّال - ع - اِسمِ مذکر - (۱) رہنما - بیچ لیا - سودا کرانے والا - بائع اور مُشتری میں واسطہ ہو کر خرید و فروخت کرانے والا آڑتیا (۲-۱) بھڑوا - گٹن ۔ قلتبان ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دلا

دَلالَت - ع - اِسمِ مُؤنث - (۱) ہدایت - راہنمائی (۲) نشان - علامت پتا - سُراغ (۳) دلیل - بُرہان - ثبوت (۴) اکسی چیز کا اِس حیثیت پر ہونا کہ اُس کی واقفیت سے دُوسری اور چیز کی واقفیت حاصل ہو جیسے مصنوع سے صانع کا علم ہونا ہ - (۱ - ع) رُعب - عظمت - شان شوکت جیسے اُسکے چہرے پر دلالت نہیں برستی ٭

دلالت برسنا - ا - فعلِ لازم - ع - رُعب داب ظاہر ہونا - شان وشوکت کا نمایاں ہونا ٭

دلالت کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - ماننا ہونا - ثابت ہونا - دلیل ہونا - وثوق ہونا - جیسے تُمہارا قول اِس کے بُطلان پر دلالت کرتا ہے ٭

دَلالَہ - ع - اِسمِ مُؤنث - کُٹنی - مشاطہ - دُوتی - فریادکش ٭

دَلّالی - ا - اِسمِ مُؤنث - (۱) دلّال پنے کا کام ٭ آڑھت (۲) دستوری بکوائی کا حق جیسے کوٹیلوں کی دلّالی میں ہاتھ کالے ٭

دِلانا - ہ - فعلِ مُتعدی - (۱) دِلوانا - حمایت کرانا - (جب کُشتی ملانا یا پکڑ دلانا کہتے ہیں تو وہاں پچھاڑنے سے مُراد ہوتی ہے) (۲) مات کرنا نیچا دکھانا مغلُوب کرنا - جیتنا - فتح پانا جیسے ؎

علم وادب رہے ہیں تیرے ہمیشہ ہر معرکہ میں تُو نے اِن کو دلا کے چھوڑا (حالی)

دِلاوَر - ف - صِفت - بہادر - شجاع - سُورما - سُورمیر - جوانمرد - مردانہ دل چلا ٭

دِلاوَری - ف - اِسمِ مُؤنث - (۱) شجاعت - بہادری - جوانمردی - سُورماپن (۲) جُرأت - دلیری ٭

دِلاوِیز - ف - صِفت - دِلپسند - دل کو بھانے والا ٭

دُلائی - ف - اِسمِ مُؤنث - (دو + لا) دوہری چادر - دوہری بغیر روئی کی رضائی (رضائی) دوہر ٭

دَلائِل - ع - اِسمِ مُؤنث - دلیل کی جمع ٭

دَلبا - ہ - اِسمِ مُذکر (۱) وہ لڑائی کا پرند جسے پٹھا پڑھا کر اور پرندوں کو دلیر بناتے ہیں ٭ وہ کمزور لال جو کسی لال کا مول بڑھانے کے واسطے لڑانے سے پہلے اُس لال کے مقابل کریں (۲) پٹیل - دَبیل ٭

دِلبَر - ف - اِسمِ مُذکر - سجن - معشوق - دِلرُبا - من موہن - پیارا - محبُوب - حبیب - پریتم ٭

دلد

دِلپَزیر - ف - صِفت - دیکھو (دلاویز)

دِلپَسَند - ف - صِفت - مرغُوب الطبع - من بھاؤنا ٭

دُلتی - ا - اِسمِ مُؤنث - جانور کا پچھلی دونوں لاتیں اُٹھا کر مارنا ٭

دُلتی چلانا - یا - مارنا - ا - فعلِ مُتعدی - لات مارنا - لات چلانا - پچھلی دونوں لاتوں کو اُٹھا کر مرتب پہنچانا ٭

دُلدا پیشکَبِض - ا - اِسمِ مُذکر - چھوٹا سا نمگیرا جو پلنگ یا چھپر کھٹ کے آگے لٹکایا جاتا ہے ٭

دَلِدّر - ہ - اِسمِ مُذکر - (ا - صحیح دَلِدّر) افلاس - مُحتاجی - تنگدستی (۲) نحوست - تنگ حالی (۳) منحُوس چیز - منحُوس چیز (۴) پلید آدمی - گندا آدمی - بدبخت آدمی - منحُوس آدمی (دلدّر زیادہ بولتے ہیں) ٭

دَلِدّر بھاگنا - ہ - فعلِ لازم - افلاس دُور ہونا ٭ نحوست ٹلنا ٭ نصیبا جاگنا جیسے ایشور کرے آوے دلدّر جاوے ٭

دَلِدّر پار ہونا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو (دلدّر بھاگنا) ٭

دَلِدّر جانا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو (دلدّر بھاگنا)

دَلِدّر دُور ہونا - ا - فعلِ لازم - افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا - تنگ حالی کا خُوشحالی سے بدل جانا ٭

دَلِدّر نِکالنا - ہ - فعلِ مُتعدی (ہندُو) (۱) ہندُوؤں میں ایک رسم ہے کہ دیوالی کی صبح کو گوردھن کے دن علی الصباح رات کا کوڑا سمیٹ اُس پر پُرانا چراغ جلا اپنے گھر کے آگے گلی میں رکھ دیتے اور اُس کے آگے ایک پتے پر تھوڑے سے کھیل بتاسے ڈال دیتے اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ ایشر آوے دلدّر جاوے - (۲) گھر کو صاف کرنا - پُرانے چراغ کو پھینک کر نئے رکھنا ٭

دَلِدّری - ہ - اِسمِ مُذکر - (۱) مُفلِس اور غریب آدمی ٭ منحُوس آدمی (۲) گھسوری آدمی - میلا کچیلا آدمی وہ شخص جو اپنے کپڑے اور جسم کو صاف نہ رکھے (۳ - صِفت) میلا کچیلا (۴ - صِفت) غریب - کنگال - مُحتاج - مُفلِس - ناوار (۵) منحُوس - بدطالع ٭

دَلدَل - ع - اِسمِ مُذکر مگر صحیح اِسمِ مُؤنث - (۱) وہ مُفید مائل بہ سیاہی خچری جو حاکم اسکندریہ نے رسُولِ مقبول کو نذر میں دی تھی اور آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عطا فرمائی تھی اُردو میں یہ لفظ مُذکر بولتے ہیں بدیں لحاظ کہ عام لوگ اُسے گھوڑا یا خچر سمجھتے ہیں) ٭

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دلد

دُلدُل سوار - ع + ف - اِسمِ مُذکّر - حضرت علی کرم اللہ وجہ کا لقب +

دُلدُل نکالنا - ا - فعلِ مُتعدّی - (اہلِ تشیعہ میں دستور ہے کہ وہ محرم کی آٹھویں کو حضرت عباسؓ کے نام کا اور نویں کو امام حسین علیہ السّلام کے نام کا ایک گھوڑا جو خاص اسی کام کے واسطے سدھایا جاتا ہے اُس پر کوئی سواری نہیں کرتا - بڑے بڑے شہروں میں نہایت پھیڑ بھاڑ کے ساتھ ماتم کرتے ہوئے نکالتے ہیں - اس گھوڑے کے اُوپر ایک پگڑی تیر تشیر اور تلوار رکھی ہوئی ہوتی ہے اور ایک سفید کپڑا جس پر شہاب کی چھینٹیں خون کی علامت ظاہر کرنے کے واسطے دیدیتے ہیں پڑا ہوتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اِس غریب کا سوار شہید ہوا اور یہ گھوڑا بیچ وخم کے ساتھ اُلٹا اپنے گھر آیا +

دَلدَل - ا - اِسمِ مُؤنّث - کیچڑ - گلابہ - چہلہ - دھسان ؎

بعد سے ہیں کس قدر مضمون صفائے تیغ قاتل کے
زمینِ شعر میں دلدل ہوئی ہے آبِ آہن کی (امانت)

دلدل میں پھنسنا - ا - فعلِ لازم - کیچڑ میں پھنسنا + مشکل یا وقت میں پڑنا +

دَلدَلا - ا - صفت - دَلدَل دار - دلدل والا +

دُلڑا - ا - صفت - دو لڑکا - دوہرا - دُہلا +

دُلڑی - ا - اِسمِ مُؤنّث - دو لڑکی زنجیر یا توڑا جو عورتیں گلے میں ڈالتی ہیں +

دَلق - ع - اِسمِ مُؤنّث - گدڑی - پشمینہ کا لباس جو اکثر صوفی درویش پہنتے ہیں +

دلق پوش - ع + ف - اِسمِ مُذکّر - گدڑی پہننے والا - گدڑی پوش + درویش - صوفی +

دَلَک - ا - اِسمِ مُؤنّث - (۱) تصادم - جُنبش - دھک - دھکا - لرزش وہ حرکت جو کسی جسم سے پیدا ہو جیسے ڈھولک کی دلک یا پانی بھری ہوئی مشک پر ہاتھ مارنے سے جو جُنبش پیدا ہو وہ دلک (۲) - پُورب) چپک - دمک - ٹھیس - ضربان +

دَلکنا - ا - فعلِ لازم - (۱) ہلنا - تصادم ہونا - جُنبش ہونا - لرزنا - (۲) چمکنا - دمکنا +

دُلکنا - ا - فعلِ مُتعدّی - بات کاٹنا - اعتراض کرنا + روکنا - منع کرنا + اِنکار کرنا - نامنظور کرنا - نافرمانی کرنا + اُلٹ کر کہنا - برخلاف کہنا - بات کی گرفت کرنا +

دلن

دُلکی - ا - اِسمِ مُؤنّث - گھوڑے کی تیز چال - پویہ رفتار سے کم چال جس میں گھوڑا اُچھل اُچھل کر چلتا ہے - کُوکر چال +

دُلکی جانا - یا - چلنا - ا - فعلِ لازم - کُوکر چال جانا - دُلکی چال سے دوڑنا +

دُلمہ - ا - اِسمِ مُذکّر - (فارسی میں اس کے لغوی معنی لکھتے ہیں پنیر یا وہ دودھ جو مایہ نکالنے کے بعد جم جائے مگر) دو میں ایک قسم کا سالن جو قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجروں وغیرہ کے اندر بھر کر پکاتے ہیں - اس صورت میں ہم خیال کر سکتے ہیں کہ یہ لفظ دُلمیاں بمعنی تھیلی سے نکلا گیا ہے - کیونکہ بینگن یا گاجر کو اندر سے خالی کر کے بھرا تو وہ تھیلی کی مانند ہو گیا) +

دَلنا - ا - فعلِ مُتعدّی - موٹا موٹا پیسنا - دردرا کرنا - دال بنانا - تخم یا غلہ کو چکی کے ذریعہ سے نصف نصف کرنا +

دل مارنا - ا - فعلِ مُتعدّی - پیس ڈالنا - مَسَل ڈالنا - روندڈالنا - پامال کر دینا + ستا مارنا - تباہ کر دینا +

دَلو - ع - اِسمِ مُذکّر - لغوی معنی ڈول - اصطلاحی فلک کا گیارھواں بُرج - کُبھ +

دِلّوالی - ا - اِسمِ مُذکّر - (گنوار) دلّی والا - دہلی کا باشندہ - دہلوی - جیسے دلّی کے دلوالی مُنہ چکنا پیٹ خالی +

دُلّون - ا - اِسمِ مُؤنّث - وہ گولی جو بال پھینکتے وقت سر یعنی اول گولی سے دوسرے درجے پر اور چوتھوں سے پیچھے رہے +

دَلوانا - ا - فعلِ مُتعدّی - موٹا موٹا پسوانا - دردرا کرانا - نصف نصف کرانا +

دِلوانا - ا - فعلِ مُتعدّی المُتعدّی - بتانا + عطا کرانا + سپرد کرانا + قرض نکلوا دینا +

دَلوائی - ا - اِسمِ مُؤنّث - دلوانے کی اُجرت +

دُلہا - ا - اِسمِ مُذکّر - (پُورب - ۱) نوشہ - بنّا - دُولہا - بنڑوا - بر (۲) پیارا - جانی (اکثر عورتیں اپنے چھوٹی عمر کے لڑکے کو کنکر پکارتی ہیں) +

دُلہن - ا - اِسمِ مُؤنّث (۱) عروس - بنّی - بنڑی - بانو (۲) پیاری عزیزہ - دلکی کور +

دُلہنڈی - ا - اِسمِ مُؤنّث (ہندو) چیت کے مہینے کا پہلا اور

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دلی

ہولی کا دوسرا دن جس میں رنگ سے کھیلتے اور خوب خاک دھول اُڑاتے ہیں۔ دھول ماٹھن یعنی دھول اُڑنا سے دلہنڈی بگیا۔

دِلّی - ہ - اِسمِ مؤنث - دہلی ایک مشہور شہر کا نام جسے راجہ دہلو نے بسایا تھا اور اسے ہندوستان کا دل یا دارالخلافہ اور اُردو زبان کا ٹکسال گھر کہنا چاہیے۔

دِلی - ف - صفت - جانی - جگری - باطنی - خالص پکا جیسے دلی دوست دلی غم وغیرہ۔

دِلیا - ہ - اِسمِ مذکر - دلا ہوا اناج خواہ پکا ہو خواہ کچا جیسے دال نہیں تو دلیا جب بھی ہو رہیگا۔

دِلے پَنچ - ہ - اِسمِ مذکر - گھوڑے کے آخری ایام جو بارہ سے لیکر بیس برس تک شمار کئے جاتے ہیں - عمر سے ڈھلا ہوا گھوڑا - گھوڑے کی عمر کا تیسرا درجہ - عوام اسکو بلے پنج کہتے ہیں۔

دِلیر - ف - صفت - نڈر - بیخوف - جری۔ بہادر - سورمیر - شیر مرد - دل چلا - چالاک۔

دِلیرانہ - ف - تابع فعل - بیباکانہ - بہادرانہ - جوانمردی سے - جرأت سے۔ دلیرانہ گستاخانہ - بیحجابانہ۔

دِلیری - ف - اِسمِ مؤنث - بیباکی - بیخوفی - نڈرپن - شجاعت - بہادری - دلاوری۔ جرأت - چالاکی - مضبوطی - استحکام۔

دَلیل - ع - اِسمِ مؤنث - حجت - وجہ ثبوت - وجہ۔ وہ بات جسکے جاننے سے دوسری چیز کا جاننا لازم آوے۔

دلیل لانا - یا - کرنا - ا - فعلِ متعدی - حجت پیش کرنا - وجہ ثبوت دینا - مناظرہ کرنا - بحث کرنا۔

دلیلِ کامل - ع - اِسمِ مؤنث - پوری دلیل - پورا ثبوت دلیلِ بیّن۔

دلیلِ ناقص - ع - اِسمِ مؤنث - بودی بات - کچا ثبوت۔

دَلیل - اِنگلش - ڈرل Drill - اِسمِ مؤنث - فوجی سپاہیوں کی وہ سزا جس میں اُن کا اسباب اور ہتیار لیکر پا پیادہ کچھ وقت تک ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہیں۔

دَلیل بُولنا - ا - فعلِ متعدی - کھڑا رہنے یا ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا دینا۔

دم

دَم - ع - اِسمِ مذکر - (۱) خون - رگت - لہو (یہ غلط اصل میں دمی یا دمو تھا) (۲) جان - روح - زندگی - حیات - جی - پران۔

دَمُ الاَخوَین - ع - اِسمِ مؤنث - لغوی معنی دو بھائیوں کا خون دم سیاہ وشاں - ایک سرخ گوند کا نام جو اکثر رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتا ہے۔

دَم - ف - اِسمِ مذکر (۱) سانس - نفس - پھونک جیسے ایک دم میں ہزار دم (۲) افسوں - منتر - دعا یا جادو کے اکثر اجزا جو پڑھ کر پھونکتے ہیں (۳) دھوکا - فریب - مکر - جھانسا - بہتا (۴) تلوار کی دھار - تلوار کی باڑھ جیسے دم شمشیر - دم خنجر۔

صراط عشق پر اذبسکہ ہے ثابت قدم میرا دم شمشیر قاتل پر بھی خم جاتا ہے جوہر میرا (ذوق)

(۵) روح - جان - پران جیسے دم کا کیا بھروسا ہے۔

دم بلبلِ اسیر کا تن سے نکل گیا جھونکا نسیم کا جو ہیں سے نکل گیا (ناسخ)

(۶) ذات - نفس جیسے وہ اپنے دم سے اچھا ہے۔ (۷-۱) حقے کا کش - حقے کا گھونٹ یا دھواں۔ (۸-۱) لمحہ - پل - منٹ - لحظہ (۹-۱) مکت - دم مکت۔

دَم اَنک کَرَہ جانا - ا - فعلِ متعدی - سانس کا سینہ میں رک کر رہ جانا - سانس کا نزع کے وقت آنکھوں میں آکر ٹھیر رہنا۔

نزع میں آئے تو وہ میں پر بند کر رہگیا راہ کھوٹی کی انہوں نے دم اٹک کر رہگیا (لالہ)

دَم اُلٹنا - ا - فعلِ لازم (۱) دم گھبرانا - دل گھبرانا - طبیعت کا متوحش ہونا - سانس رکنا۔

جاتا ہے ہر قدم دم تمکیں جنہیں اُلٹ پردہ شتاب لیلیٰ محمل نشیں اُلٹ (رند)

(۲) نزع کے وقت سانس کا اکھڑنے لگنا - کسی صدمہ سے سانس اُلٹے لینا۔

نہ جانا کہ جانے ہے کہیں کیونکر جلیگا وہ کہ جسکا دم اُلٹ جاتا تھا میرے روٹھ جانے سے (جرأت)

دَم اُلجھنا - ا - فعلِ متعدی - جی گھبرانا - جی اُکتانا۔

دَم باز - ا - اِسمِ مذکر (۱) فریبی - جھانسیا - دھوکے باز - مکار چھلیا کیا کیا دئے دم اُسنے باتیں بنا بنا کر دم باز کے تصدق اس گفتگو کے صدقے (جرأت)

(۲) صفت) حیلہ ساز - بنے باز - حیلہ گر۔

دل کو اُس مشعبدہ جانی سے لگانا ہی نہ تھا ہاتھ پر اُس بت دم باز کے آنا ہی نہ تھا (مومن)

دم بازی - ا - اِسمِ مؤنث - مکاری - دھوکا دہی - چھل بٹا - حیلہ بازی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دم

دغا بازی ۔ فطرت ۔ چال ۔ ڈھکوسلا ۔ جُل ۔

دَم بخود ۔ ف ۔ صفت (۱) خاموش ۔ ساکت ۔ صامت چُپ ۔ گُنگ صم ۔ (۲) ششدر ۔ متحیر ۔ ہک دک ۔

دَم بخود رہنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) ہک دک رہنا ۔ ششدر ہو جانا ۔ (۲) چُپ رہنا ۔ خاموش رہنا ۔

دَم بخود ہو جانا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ دیکھو دم بخود رہنا ۔

دَم بدَم ۔ ف ۔ تابعِ فعل ۔ گھڑی بہ گھڑی ۔ گھڑی گھڑی ۔ لمحہ لمحہ ۔ ہر وقت ۔ ہر گھڑی ۔ مُتواتر ۔ برابر ۔ علے الاتصال ۔ مُتوالی ۔ ہر لحظہ ۔

دَم بند کرنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی (۱) خاموش کرنا ۔ چُپ کرنا ۔ بات نہ کرنے دینا ۔ مُنہ بند کرنا ۔ خوف کے مارے بات نہ نکلنے دینا ۔ (۲) سانس روکنا ۔ دم روکنا ؎

مُنہ کو پیٹوں میں تو دم کرتے خیالِ یار بند خواب میں دیکھوں اگر ہوں دیدۂ بیدار بند (آتش)

دم بند ہونا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) خاموش ہونا ۔ چُپ رہنا ۔ خوف یا دہشت کے مارے بات نہ کر سکنا ؎

دم تجھ پہ بند آگے تیرے تیغ صفاہانی کا قاتلِ خلق ہے عالم تری عُریانی کا (ناسخ)

(۲) دم گھُٹنا ۔ سانس رُکنا ۔ جی گھبرانا ۔

دَم بھر ۔ ا ۔ تابعِ فعل ۔ ذرا ۔ لمحہ بھر ۔ پل بھر ۔ ایک لحظہ ۔ جیسے دم بھر آرام نہیں ؎

دم بھر یہ بزمِ عیش غنیمت ہے ساقیا ہم بادہ خواری کرتے ہیں جامِ حباب میں (ناسخ)

دم بھر کو ۔ ا ۔ تابعِ فعل ۔ ذرا سی دیر کے واسطے ۔ لمحہ بھر کو ۔ ایک لحظہ ۔ ایک پل ۔

دم بھر میں ۔ ا ۔ تابعِ فعل ۔ کھڑے کھڑے ۔ ذرا سی دیر میں ۔ ایک پل میں ۔ ایک لحظہ میں ۔

دم بھرانا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ پہلوانوں کا شاگردوں کے ساتھ زور کر کے اُن کو تھکانا (۲) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا ۔

دم بھرنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) سانس پھُولنا ۔ سانس چڑھنا ۔ تھکنا ۔ ہارنا جیسے لڑتے لڑتے دم بھر گیا (۲) محبت کا دعوے کرنا ۔ کسی کی ہر وقت یاد رکھنا ۔ کسی کی ہر وقت صفت و ثنا کرنا ؎

یہ عندلیب شہادت ہے ہمارے کرنے کی اے قاتل تری تلوار کا دم بھرتی ہو جو رگ ہو گردن میں (آتش)

دم

دم پخت ۔ ف ۔ اسمِ مذکر ۔ دیگ کی بھاپ روک کر یا مُنہ بند کر کے پکایا ہُوا کھانا ۔ وہ چیز جو پتیلی کا مُنہ خمیر کر کے پکائی جائے ۔ دمپخت ۔ مُرغ کے پیٹ میں جو کوئی چیز بھر کر پکاتے ہیں تو اُسے بھی دم پخت کہتے ہیں ۔

دم پر آنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ طعام کا تیاری پر آنا ۔ بھاپ میں گلنے کے قریب ہونا ۔ پک جانے کے قریب ہونا جیسے کچھڑی پلاؤ کا دم پر آنا ۔

دم پر پہنچانا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ جان پر آن بننا ۔ ہلاکت کے قریب پہنچنا ۔

دم پر دم ۔ ا ۔ تابعِ فعل ۔ دیکھو دم بہ دم ۔

دم پھڑکنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ (۱) بیتاب اور مضطرب ہونا (۲) جی پھڑکنا ۔ جی لوٹ ہو جانا ۔ فریفتہ ہونا ؎

ذبح وہ کرتا تو ہے پر چاہیے اے مُرغِ دل دم پھڑک جانے تڑپنا دیکھ کر صیاد کا (ناسخ)

؎ لئے رہتا ہے زر مُٹھی میں میرے مول لینے کو وہ بُلبل ہوں کہ طفلِ غنچہ کا مجھ پر ہے دم پھڑکا (آتش)

دم پھُولنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ سانس چڑھنا ۔ سانس نہ سمانا ۔

دم پھُونکنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ رُوح ڈالنا ۔ سانس ڈالنا ۔ جسم میں جان ڈالنا ۔

دم توڑنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) جان کنی ہونا ۔ اخیر سانس لینا ۔ سانس اُکھڑنا ؎

سارباں قافلہ لیلیٰ کو نہ دوڑا اتنا تھک کے دم قیس جو نے پسِ محمل توڑا (اسیر)

(۲) مرنا ۔ جان دینا ؎

صُبح شبِ وصال ہو دم توڑتا ہوں میں فالاں ہیں میرے غم میں مؤذن اذاں نہیں (ناسخ)

دم ٹوٹنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) سانس اُکھڑنا ۔ دم دینا ۔ جان دینا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ وفات پانا (۲) تیراک کا حبس دم پر قادر نہ ہونا ۔ سانس نہ رُکنا ۔ دم کا بھر جانا ؎

ہائے جب بحرِ محبت میں دم اپنا ٹوٹا تب مُقابل ہوئی تقدیر بُری پانی کی (رجاؔ)

دم ٹھیرنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ سانس جمنا ۔ سانس کا ٹھکانے سے ہونا ۔ سانس کا قرار پکڑنا ۔

دم جھانسا دینا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ مبتلا دینا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دم

دینا۔ چال کرنا۔

دم چرانا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) اپنے تئیں مُردہ ظاہر کرنے کے واسطے سانس روک لینا۔ جھوٹ موٹ مُردہ ظاہر کرنا۔ مرجانیکا دم دینا موت کا فریب کرنا ؎

دم چُرایا یہ قفس میں کیا اُسنے رہا جلسا ہی میرے دام میں صیاد آیا (امانت)

دم چڑھنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ سانس چڑھنا۔ سانس پھولنا۔ ہانپنا۔ خلافِ معمول سانس کا کثرت کے ساتھ آنا ؎

کوئے قاتل میں پہنچکر سر پٹخا مجھ کو وبال بوجھ اُترنیکی جگہ دم چڑھگیا مزدور کا (ناسخ)

دم چھوڑ دینا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ سانس چھوڑ دینا۔ مرنا۔ جان دینا۔ دم دینا۔ سانس پورے ہونا۔ ہوچکنا۔

دم خشک ہونا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ دم سوکھنا۔ دم بند ہونا۔ خوف کھانا۔ نہایت ڈرنا۔ خون کی حرکت بند ہونا۔ رعب غالب ہونا۔ خوف سے دم فنا ہونا۔ جان نکلنا جیسے اُس کے سامنے اِس کا دم خشک ہوتا ہے۔

دم خفا ہونا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ انقباضِ نفس ہونا۔ دم گھٹنا۔ سانس رُکنا ؎

عشق نے یہ ہی کہ دم میرا خفا ہوتا ہے گھونٹتا ہے جو کوئی مست گلا دینا کا (ناسخ)

دَم خم ۔ف۔ اِسمِ مذکر (۱) تاب و طاقت۔ زور و قوت۔ استواری۔ مضبوطی۔ کھاڈ اپن (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی جیسے یہ تلوار دم خم کی اچھی ہے (۳) اوسان۔ حواس۔ ہوش۔

دم دار ۔ف۔ صفت (۱) جاندار۔ مضبوط۔ استوار۔ طاقت ور۔ زور آور۔ تندوں رہنے اور چلنے والی چیز (۲) باڑھ دار۔ دھار دار۔ تیز۔ بُراں۔

دم دِلاسا ۔ف۔ اِسمِ مذکر۔ اُمید و فریب۔ آسرا۔ آسا۔ دم جھانسا۔ بہلاوا۔ پھسلاوا۔ دھوکا۔ للو پتو۔ خوشامد درآمد۔

دم دلاسا دینا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ دم جھانسا دینا۔ پھسلانا۔ بہلانا۔ فریب دینا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔

دم دھاگا ۔ف۔ اِسمِ مذکر (لکھنؤ) دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔ بہتا۔ حیلہ و حوالہ۔

دم دینا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) فریب دینا۔ بہکانا۔ بہتا دینا۔ دھوکا دینا۔ دم میں لانا ؎

وعدہ کرنیکو وہ تیار تھے پہلے دل سے یہ نے کہنت جانا مجھے دم دیتے ہیں (داغ)

یا تو دم دیتا تھا وہ یا نامہ بر بھیجا تھا تھے غلط پیغام سارے کن بیانک آتے تھا (مومن)

(۲) مرجانا۔ جان دینا۔ جان کا نکل جانا۔ پران چھوڑ دینا۔ چولا چھوڑنا۔ گزرنا جیسے رات کے دو بجے بچے نے دم دیا ؎

مجھے وہ کہتے ہیں پہلے کو دیکھا تو نے دیکھ یوں جیتے ہیں اسطرح ہم دم دیتے ہیں (داغ)

(۳) عاشق ہونا۔ مفتون ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مرنا۔ فدا ہونا۔ جان دینا ؎

عبث اُلفت بُتی کی کو وہ کہتا ہے دم پر کہ مجھ کو دیکھ کر دشمن کلیجہ تھام لیتا ہے (مومن)

تو وفا کرتی جو اے عمر رواں کیا ہوتا بیوفائی پہ تری سینکڑوں دم دیتے ہیں (داغ)

(۴) پُلاؤ پکانا۔ چاول پکانا۔ دم پخت پکانا۔ کھچڑی کو بھاپ پر چھوڑنا۔

دم رُکنا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) دم گھٹنا۔ سانس کا منقبض یا گرفتہ ہونا ؎

درد دل کی اب یہ شدت ہے کہ آہ دم رُکا جاتا ہے جی کیا کیجئے (جرأت)

(۲) دل گھبرانا۔ جی گھبرانا۔ دم اُلٹنا۔ تنگ آنا۔ عاجز آنا ؎

یاں ہم کیا دُنیا سے اُٹھ جاؤں اگر کہتے ہیں آپ رُک گیا میرا بھی دم کیوں اسقدر کہتے ہیں آپ (مومن)

رُکتا ہے دم نفاق عجب جسم جاں کے بیچ کیونکر نباہ دوست ہو جھگڑے کمال کے ہیں

دم سادھنا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ سانس روکنا۔ حبسِ دم کرنا۔ نفس کا ضبط کرنا۔ سانس کا دماغ میں چڑھانا۔

دم ساز ۔ف۔ اِسمِ مذکر۔ (۱) ہمدم۔ رازدار۔ ہمراز۔ دوست۔ محب۔ محرم (۲) دم کش۔ گانے یا فقیری وغیرہ میں ساتھ گاکر آس دینے والا۔

دم سوکھنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ دیکھو دم خشک ہونا)۔

دم سے ٹالنا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ حیلہ سے ہٹانا۔ دھوکے سے رخصت کرنا۔ ہنسی یا مذاق سے الگ کرنا۔

دم غنیمت ہونا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) دم فرصت کی بجائے ہونا۔ متبرک ہونا۔ قابلِ قدر ہونا۔ جیسے اس زمانہ میں اُنکا دم غنیمت ہے ؎

ہمارا دیکھنا اور عاشقی کا دم غنیمت ہے بھروسا کچھ نہیں دم کا عزیزو دم غنیمت ہے (نظیر)

دم فنا ہونا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) جان نکلنا۔ جان جانا جیسے دام دیتے ہوئے دم فنا ہوتا ہے ؎

قاصد کی کام مجھ سے ہے اے صبا ہو جائیگا یا یوں ہی حسرت میں دم اپنا فنا ہو جائیگا (امانت)

(۲) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ رعب غالب ہونا جیسے اُستاد کی آواز سے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دم

دم فنا ہوتا ہے ۔

دَم قَدَم ۔ ف ۔ ع ۔ اِسم مُذکّر ۔ حیات ۔ زندگی ۔ سلامتی ۔ برقراری قیام ۔ ہستی وُجود جیسے یہاں تو تمہارے ہی دم قدم کی برکت ہے ؎

اللہ کرے سلامت جم جم ہے یہ بیڑا ہے جسکے دم قدم سے دنیا کا سب بکھیڑا (انشا)

دم قدم کی خیر ۔ ا ۔ دُعائے فقرا ۔ جان کی سلامتی ۔

دم کرنا ۔ ا ۔ فعلِ متعدی (۱) پُلاؤ پکانا جیسے سیر بھر چاول دم کردو ۔ (۲) پھونکنا ۔ چھو کرنا ۔ جھاڑنا ۔ افسوں یا منتر یا دعا یا کوئی اِسم پڑھ کر پھونکنا ؎

مجھ سے میں چیا پر اسے کہئے یا مسیح نام کس کا لیکے مجھ پر آپ نے دم کر دیا (ناسخ)

دم کو لے رہنا ۔ یا ۔ **لیکر بیٹھ رہنا** ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ سانس نہ لینا دم نہ مارنا ۔ خاموش ہو بیٹھنا ۔ چُپ ہو جانا ۔ ٹال جانا ۔ سُنی اَن سُنی کرنا ۔

دم کھانا ۔ ا ۔ فعلِ متعدی (۱) جان کھانا ۔ دماغ چاٹنا ۔ بکواس کرنا ۔ بار بار تقاضا کرنا یا بولنا ۔ دق کرنا (۲) خاموش رہنا ۔ چُپ رہنا ۔ دم نہ مارنا ۔ گھنّی سادھنا ؎

مُرغانِ باغ سے نہ ہوئی میری دلکشی نالہ کو سُنکے وقت سحر دم ہی کھا گیے (میر)

(۳) پُورب) صبر کرنا ۔ تحمّل کرنا ۔ دم لینا ۔ ٹھیرنا جیسے ذرا دم کھاؤ دیتے ہیں (۴) بھاپ پر ہونا ۔ کوئلوں پر دھیمی آنچ میں پُخت ہونا (۵) فریب میں آنا ۔ دھوکے میں آجانا ۔

دم کھینچنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ نزع کے وقت سانس کا اُوپر کو چڑھنا ۔ دم ٹوٹنا ۔ دم اُکھڑنا ؎

یا دابِ بُرد میں سسکتا ہُوا نیں بسمل کی طرح کھینچ رہا ہے دمِ رگوں سے تیغِ قاتل کی طرح

دَم کھینچنا ۔ ا ۔ فعلِ متعدی (۱) چُپ اختیار کرنا ۔ خاموش رہنا ۔ گھنّی سادھنا ۔ سُونٹھ سُونگھنا ۔ (۲) کش لگانا ۔ حُقّہ کا گھونٹ لینا ۔

دَم کے دَم ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ ساعت بھر ۔ ایک لحظہ ۔ ذرا کی ذرا ۔ لمحہ کی لمحہ ۔ طَرفَۃ العَین ۔

دَم کے دَم میں ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ ذرا سی دیر میں ۔ لمحہ بھر میں ۔ پل بھر میں ۔ لحظہ میں ۔

دَم گھُٹنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ سانس رُکنا ۔ انقباضِ نفس ہونا ۔ دم بند ہونا ۔ جی گھبرانا ۔ دم رُکنا ؎

دم

زلفیں ہیں جو یار کی بہم تمام شب گھُستا رہا دُھوئیں سا میرا دم تمام شب (بحر)

دم گھُونٹ گھُونٹ کر رکھنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ مرضی کے برخلاف اور زبردستی رکھنا ۔ تنگی میں رکھنا ۔ ضیق میں رکھنا ۔

دَم گھُونٹ گھُونٹ کر مارنا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ جلا جلا کر مارنا ۔ نہایت تنگ کرنا ۔ نفس بند کرنا ۔ تنبیہ میں رکھنا ۔ تانسنا ۔

دَم لگانا ۔ ا ۔ فعلِ مُتعدی ۔ کش کھینچنا ۔ حُقّہ پینا ۔ حُقّے کا گھونٹ لینا ۔ چرس اُڑانا ۔

دَم لگنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ حُقّہ کا دُھواں دماغ کو چڑھ جانا ۔ سر پھرنا ۔

دم لینا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) سانس لینا (۲) آرام لینا ۔ ٹھیرنا ۔ توقف کرنا ۔ قیام کرنا ؎

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا (غالب)

(۳) ماننا ۔ یاد آنا ۔ چمکارنا ؎

ہم بھی خالق سے بے دادِ لئے دم لینگے ستم ایجاد جو آمادہ ہے بیدادوں پر (امانت)

دَم مارنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم (۱) بولنا ۔ بات کرنا ۔ جواب دینا ۔ اقرار کرنا ۔ مُنہ سے اُف نکالنا ۔ مُنہ سے بھاپ نکالنا ؎

ہم چَور چشمِ یار سے دم مارتے نہیں یعنی روا ہے کب دلِ بیمار توڑیے (ناسخ)

(۲) شیخی مارنا ۔ دعویٰ کرنا ؎

آتش یہ کس کی چاہ کا دم مارتے ہو تم وہ دلربا ہے دشمنِ جاں دوستدار کا (آتش)

(۳) دخل دینا ۔ مُزاحم ہونا ۔

دم مارنے کی بات نہیں ۔ ا ۔ محاورہ ۔ یعنی خاموشی و صبر اختیار کرنے کی جائے ہے ؎

آہ کرنے کی بھی طاقت ہمیں ہیہات نہیں آہ کیا کیجئے دم مارنے کی بات نہیں (رجات)

دَم مارنے والا ۔ ا ۔ اِسم مُذکّر ۔ دخل دینے والا ۔ بولنے والا ۔ مُنہ سے بات نکالنے والا جیسے وہ جسے چاہے ذلّت دے اور جسے چاہے عزت کون دم مارنے والا ہے ۔

دَم میں ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ لحظہ میں ۔ لمحہ بھر میں ۔ پل میں ۔ ابھی ۔ فی الفور ۔ حُرت ؎

سخت جانی نے مری پھیر دیا مُنہ دم میں دل کڑا کر کے اگر خنجرِ فولاد آیا (امانت)

دَم میں آنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ فریب کھانا ۔ دھوکے میں آنا ۔

دَم میں دَم آنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ جان میں جان آنا ۔ زندگی کی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دم

اُمید ہونا۔ تسلی ہونا۔ اِطمینان حاصل ہونا ؎

تیرے آتے ہی دم میں دم آیا ہوگئی یاس اُمیدواری آج (مومن)

دم میں دم رہنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ حیات رہنا۔ زندگی رہنا۔ جیتا رہنا جیسے اگر دم میں دم رہا تو سمجھ لونگا۔

دم میں دم ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ بقاے حیات ہونا۔ زندگی ہونا۔ ؎

دیدۂ مُشتاق کو منظور تو عالم میں ہے دم تر ابھرتے ہیں دم جبتک کہ اپنے دم میں ہے (آتش)

دم میں لانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ جُل دینا۔ دام فریب میں لانا۔

دم ناک میں آنا۔ یا۔ **ناک میں دم آنا**۔ ا۔ فعلِ لازم۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ بیزار رہونا۔ نہایت تکلیف میں ہونا۔ تنگی سے جاں بلب ہونا۔

دم ناک میں کرنا۔ یا۔ **ناک میں دم کرنا**۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ عاجز و تنگ کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔

دم ناک میں لانا۔ یا۔ **ناک میں دم لانا**۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ دیکھو (دم ناک میں کرنا) ؎

زلف مُشکیں مجکو بہکر دلاجاتی ہے یاد لائی ہے اب نکہت گُل کس مرد خاک میں (ناسخ)

دمِ نقد۔ ف۔ مع۔ صفت۔ جریدہ۔ تنہا۔ اکیلا۔ یک بینی دوگوش چھڑی سواری۔

دم نکلنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) جان نکلنا۔ جان فنا ہونا۔ روح نکلنا۔ مرنا۔ پران چھوڑنا جیسے خاک پکڑے دم نکلتا ہے (۲) نزع میں ہونا۔ اخیر سانس لینا (۳) کسی پر دم دینا۔ عاشق ہونا۔ نہایت فریفتہ و مفتون ہونا ؎

دم نکلتا ہے تیرے ہونٹوں پر جانِ عاشق لبوں پر آئی ہے (برق)

دم نہ مارنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ مُنہ سے بھاپ نہ نکالنا۔ اُف نہ کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ چُپ رہنا ؎

ہنسا بولا کیا غیروں۔ سے تو دیکھے نہ کی اُف تک
تری محفل میں دم پر آ بنی لیکن نہ دم مارا

دم ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) پلاؤ پکنا۔ چاول پکنا۔

دم ہی دم میں رکھنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ ٹال ٹول کرنا۔

دم

حیلہ حوالہ بتانا۔ دھوکے میں رکھنا۔ لیت ولعل کرنا ؎

ہمیں دم ہی دم میں رکھا چاہتے گا کوئی دم تو وعدہ وفا کیجیگا (شیریں)

دُم۔ ف۔ اِسمِ مُؤنث۔ (۱) پونچھ۔ دُنب۔ دُنبہ۔ دُنبالہ (۲) پچھلا حصہ۔ انت۔ انجام۔ تھوڑا سا کام جیسے ہاتھی نکل گیا دُم باقی ہے (۳) پچھلگو۔ پچھلا۔ پیرو۔

دُم چھلا۔ یا۔ **چھلّا**۔ ا۔ اِسمِ مذکر۔ دُنبالہ۔ پچھلا۔ جھبّا۔ لیری۔ پونچھڑی۔

دُم دار۔ ف۔ صفت۔ پونچھ والا۔ ذُوذنب۔ دُنبالہ دار۔ پونچھڑی والا۔ پونچھل۔

دُم دار تارا۔ ا۔ اِسمِ مذکر۔ پونچھل تارا۔ جھاڑو تارا۔

دُم دبا کر۔ ا۔ تابعِ فعل۔ دُم چھپا کر۔ چپکے سے۔ دبکر۔

دُم دبا کر بھاگنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دبکر بھاگنا۔ ڈر کے مارے دُم چھپا کر بھاگنا۔ دبیل کتے کی طرح بھاگنا۔

دُم دبانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ چوپاے کا اپنی دُم کو دونوں ٹانگوں کے بیچ میں چھپا لینا۔ کُتے کا دُم کو دونوں پاؤں میں دبا لینا۔ دنبا۔ کنیانا۔ مغلوب ہونا۔

دُم دبا جانا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ بھاگ جانا۔ چمپت بننا۔

دُم سُم۔ ا۔ صفت۔ نہایت مزبہ چوپڑوتا۔ جسیم۔ گول متھول۔ دُم سے سُم تک یکساں۔

دُم کے پیچھے پھرنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔ ساتھ رہنا جیسے میں عورت ذات کہاں کہاں اُس کی دُم کے پیچھے پھروں۔

دُم میں گھُسنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ گانڑ میں گھُسنا۔ خوشامد میں رہنا۔ پیچھے لگا رہنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ خوشامد کے مارے ساتھ رہنا۔

دُم میں نمدا یا رسّا باندھنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی۔ (بازاری) پکڑ کر باندھنا۔ حیوانوں کی طرح اگاڑی پچھاڑی باندھنا۔

دُم ہلانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی (۱) کُتے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا۔ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ دُم لابہ (۲) جھاڑو دینا۔ جھاڑنا۔ صاف جیسے کُتا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دما

دِماغ - ع - اِسم مُذکر - (۱) مغز - بھیجا - سر کا گودا - گودا - (۲) - ف - غرور - تکبّر - گھمنڈ - تمکنت (۳) - (۱) عقل - دانائی - سمجھ - فہم جیسے عالی دماغ یعنی عالی فہم - (۴) - (۱) تاب - برداشت - سہار ؎

غمِ فراق میں تکلیف سیر باغ نہ دو مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا (غالب)

(۵) - (۱) ہوش - حواس - اوسان ٭

دماغ پریشان کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) حواس باختہ کرنا - اوسان پراگندہ کرنا - اوسان اُڑانا (۲) طبیعت مُکدّر کرنا - دِل بگاڑنا ٭

دماغ جھڑنا - ا - فعلِ لازم - غرور دُور ہونا - گھمنڈ نکلنا ٭

دماغ چاٹنا - ا - فعلِ مُتعدّی - مغز کھانا - بکواس کرنا - بکنا - کاٹ کاٹ کرنا - زق زق کرنا ٭

دماغ چٹ - ا - اِسم مُذکر - بکواسی - بکواد ی - بکّی ٭

دماغ چلنا - یا - آسمان پر ہونا - ا - فعلِ لازم - اِترانا - غرور ہونا - گھمنڈ ہونا - خُود بیں ہونا ٭

دماغ چوٹا - ا - صفت - مُدبّر - مغرور - مُتکبّر - خُود پسند - گھمنڈی ٭ دماغ چلا -

دماغ چوٹی - ا - صفت - اِترانے والی - دماغدار - مُتکبّر - مغرور - مُدبّر - سیدھے مُنہ بات نہ کرنے والی - خُود پسند - اِجنبر ٭

دماغ خالی کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی - مغز خالی کرنا - دماغ کھوکھلا کرنا - مغز پچی کرنا ٭

دماغ دار - ف - صفت - دیکھو (دماغ چوٹا) ٭

دماغ رکھنا - ا - فعلِ لازم - مغرور ہونا - مُتکبّر ہونا - اِترانا - تمکنت کرنا ٭

دماغ روشن - ا - اِسم مُؤنث - ناس - بلاس - نسوار ٭

دماغ کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی - اِترانا - غرور کرنا - تمکنت کرنا - خاطر میں نہ لانا ٭

دماغ میں خلل ہونا - ا - فعلِ لازم - دماغ میں فرق آنا - عقل میں فُتور پڑنا - مالیخولیا ہونا - سودا ہونا - جنون ہونا - سڑی ہونا ٭

دماغ نہ پایا جانا - یا - نہ ملنا - ا - فعلِ لازم - نہایت مُتکبّر ہونا - مدمغ ہونا ؎

تمکنت نے لف جب سے آئی ہے نہیں ملتا ہمیں دماغ اپنا (ناسخ)

دماغ ہونا - ا - فعلِ لازم - غرور ہونا - تمکنت ہونا ٭

دَمادَم - ف - تابعِ فعل - پے در پے - مُتواتر ٭

دِماغی - ا - صفت - عوام - دیکھو (دماغدار) ٭

دَمامَہ - ف - اِسم مُذکر - نقارہ - دھونسا ٭

دُمچی - ف - اِسم مُؤنث - ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کے دُم کے نیچے رہتا ہے

دمک

لید خورا - پارۂ دُم ٭

دَمدَمہ - ف - اِسم مُذکر - مصنُوعی قلعہ - مورچہ - مورچال - دُھس - وہ قلعہ جو لڑائی کے وقت تھیلوں میں خاک بھر کر بنا لیتے ہیں ٭

دمدمہ باندھنا - ا - فعلِ مُتعدّی - قلعہ باندھنا - مورچہ بندی کرنا - دُھس بنانا -

دَمڑک / دَمڑکا - ا - اِسم مُذکر - چمڑے کا وہ گول ٹکڑا جو تسمے میں لگاتے ہیں - ہندو وہ ٹکڑا بھی کہتے ہیں ٭

دُمریز / دُمریزی - ا - صفت - وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد یا پھل توڑنے کے پیچھے آئے جیسے دُمریزی نارنگی وامرود وغیرہ ٭

دمڑی - ا - اِسم مُؤنث - (۱) پیسہ کا چوتھا حصّہ - چھدام (پُورب میں اوسی کو کہتے ہیں) (۲) چوتھا حصّہ - چوتھائی (۳) کچّے ۲۵ بیگو کو بھی دمڑی کہتے ہیں ٭

دمڑی کی بُڑھیا ٹکا سر مُنڈائی - ا - (مثل) اصلی قیمت کم اور خرچہ زیادہ - وہ چیز جس کے اوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے ٭

دمڑی کے تین تین - ا - کہاوت - نہایت ارزاں - کوڑیوں کے مول ٭

دمڑی کی دال تو اپتلی نہ ہو - ا - کہاوت - کنجوس عورت کی ہجو میں کہتے ہیں ٭

دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اُسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں - ا - کہاوت - ہر ایک کام نہایت اطمینان اور سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے ٭

دمڑی کی ہانڈی گنی کتّے کی ذات پہچانی - ا - کہاوت - گو کسی قدر نقصان ہُوا مگر آدمی کو آزما لیا ٭

دَمڑے - ا - اِسم مُذکر - حقارتاً - دام - روپے ٭

دمڑے خرچنا - ا - فعلِ مُتعدّی - دام لگا کر مول لینا - زرِ خرید کرنا - جیسے کونسے تمنے مجھ پر دمڑے خرچے تھے ٭

دمڑے کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی - کوڑے کرنا - بیچ کر دام بنا دھانا - کمتی بڑھتی فروخت کر دینا ٭

دَم طَمانچہ - ا - اِسم مُذکر - ہندی چھوٹی اور موٹی تلوار - تیغہ پیش قبض نیچہ ؎

جان جائیگی دریچہ اُنکا تیغہ ہو گیا شوقِ فگار میں ہر دم دم طمانچہ ہو گیا (غالب)

دَمک - ا - اِسم مُؤنث - چمک - درخشندگی - تابش - تابندگی - تمتماہٹ چہرے یا سونے کی چمک ٭

دَمکَلا - ا - اِسم مُذکر - پانی چڑھانے کی کل - پچکاری - دمکش ٭ دُخانی کل - گوپیا - منجنیق ٭

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دمک	دن س
دَمکنا - ف - فعل لازم - چمکنا - جھلکنا - درخشاں ہونا - تاباں ہونا ۔	سعید کا آنا - نحوست اور تنگی کا دُور ہونا - اختر کا یاور ہونا - خورشید اقبال کا کسوفِ زوال سے نکلنا - مُصیبت کے بعد راحت ہونا - ایام بد و منحوس کا ٹلنا ۵
دُمُنہا - ہ - صفت - دو مُنہ کا ۔ دو مُنہ کا سانپ ۔	جی میں جی آنے گر آجلے ملاقات کو تو دن پھریں سے میرے اگر آن پھرے رات کو تو (منعور)
دَمَوی - ع - صفت - خُونی - خُون کا - منسوب بخُون ۔	**دن پھیرنا** - ہ - فعل مُتعدی - ایام بد و منحوس کا دُور کرنا - مُصیبت کھونا جیسے اللہ نے اُنکے دن پھیرے - ایسے ہمارے تمہارے بھی پھیرے (کہانی کا فقرہ) ۔
دموی مزاج - ع - اِسم مذکر - وہ شخص جسمیں خُون کا خلط بڑھ جائے یا زیادہ ہو ۔	**دن ٹلنا** - ہ - فعل لازم - حیض کا نہ آنا - معمول کے دن گزر جانا کہ پیٹ رہنے کے دنوں میں پیٹ نہ رہجانے کی علامت ظاہر ہونا ۔
دَمَہ - ف - اِسم مذکر (ا) دھونکنی - دھونکنی کا جوڑا (۲-۱) سانس کا روگ - ضیق النفس ۔	یعنے مانا ہے جو اسپر جانند کے دن ٹل جاویں تو ہمیں دُول آپ دُہیں لال پری کی بیٹھک (رنگین)
دَمی - ف - اِسم مُؤنث - چھوٹی سی گزگڑی - ایک قسم کا چھوٹا حقہ ۔	**دن جانا** - ہ - فعل لازم - دن گزرنا - ایام دولت و کامرانی کا خاتمہ ہونا ۔
دِن - س - اِسم مُذکر - (ا) روز - یوم - دیوس - نہار (۲) صبح - بھور - تڑکا - فجر (۳) زمانہ - دَور - وقت - گھڑی - پل جیسے وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ مارتے تھے (کہاوت) (۴) طالع - بخت - نصیب ۵	**دن چڑھانا** - ہ - فعل مُتعدی - دیر کرنا - دُھوپ چڑھا نا صبح کا وقت گزارنا ۔
کب اُس سے ہوگی مُلاقاتیں پُوچھو مُنجم مرے ستارے دِن (جرأت)	**دن چڑھنا** - ہ - فعل لازم - (ا) آفتاب کا بلند ہونا - صبح کا وقت گزرنا ۵
دِن آنا - ف - فعل لازم (ا) موسم آنا - رُت آنا - (۲) وقت آنا - وقت مُقررہ کا آنا - موت کا وقت آنا (۳) ایام آنا جیض آنا (۴) کمبختی آنا - شامت آنا - بُرے دن آنا ۔ (ہندو)	دمبدم مُنتظر ہیں بصر ایسا ہے بے دیدار روست دن چڑھے مجھسے پڑھی جاتی نہیں تحریر صبح (ناسخ)
دن بدن - ا - تابع فعل - روز بروز - آئے دن - ہر روز - روز مرہ - رفتہ رفتہ - شُدہ شُدہ ۔	(۲) دیکھو دن ٹلنا ۔
دِن بھر - ہ - تابع فعل - تمام دن - تمام روز ۔	**دن چڑھے** - ہ - تابع فعل - سورج نکلے - آفتاب کے بلند ہو جانے پر ۵
دِن بھاری ہونا - یا رہنا - ہ - فعل لازم - سختی کے دن آنا - تنگدستی ہونا - بخت برگشتہ ہونا ۵	واہ تم صبح کو نکلے آئے دن چڑھے کبکے دن ڈھلے آئے (ظفر)
جو ہُوا عالم میں اِن سنگین دلوں پر مُبتلا ہمنے یہ دیکھا ہمیشہ اُسکے دن بھاری رہے (معروف)	**دِن دُونا رات چوگنا** - ہ - تابع فعل - کسی امر میں نہایت ترقی کرنے کی نسبت کہتے ہیں جیسے اُس کا اِقبال دِن دُونا رات چوگنا ہے ۔
دِن بھاری کٹتے ہی نہیں ہائے غضب آہ دیکھا سے (نامعلوم)	**دِن چھپنا** - ہ - فعل لازم - دِن غروب ہونا - سورج ڈوبنا - شام ہونا ۔
دِن بھرنا - ہ - فعل لازم - مُصیبت کے دِن پُورے کرنا - مُصیبت میں بسر کرنا - زندگی کا رنج و اندوہ میں بسر کرنا - عمر کے دن پُورے کرنا ۵	**دِن دہاڑے** / **دِن دھولے** / **دِن دُوپہر** / **دِن وِیے** - ہ - تابع فعل - دِن میں - سب کے سامنے - کھُلے خزانے علانیہ - روز روشن میں ۵
کچھ طرح ہو کہ بے طرح ہو حال عمر کے دن کسی طرح بھر لو (میر)	دِن دہاڑے جو چلی آئی تو گھر میں میرے (رنگین)
جنکی آغوش کو تم بھرتے نہیں زندگانی کے وہ دِن بھرتے ہیں (ناسخ)	تو دوگانا ترے آنے سے مجھے شور پڑا
دِن پڑنا - ہ - فعل لازم (ہندو) مُصیبت آنا - بُرا وقت آنا (۲) رانڈ ہونا - بیوہ ہونا ۔	شبہ بازیٔ زلفِ سیہ یاد کو دیکھ دن دیئے روز دکھاتی ہے شب تار مجھے (احسان)
دِن پُورے کرنا - ہ - فعل مُتعدی - جُون بھوگنا - مُصیبت کے دن کاٹنا - عمر کو جُوں توں کر کے پُورا کرنا ۔	**دِن ڈھلنا** - ہ - فعل لازم - دِن گزرنا - زوال آفتاب ہونا - آفتاب کا نقطۂ نصف النہار سے گزرنا - دِن گھٹنا ۵
دِن پھیرنا - ف - فعل لازم دِن پھرنا - اچھے دِن آنا - نصیب پھرنا - نصیبا جاگنا - یا بخت	دو صبح کو آئے تو کروں بات تو میں دوپہر اور چاہوں کہ دن تو ٹلا سا ڈھل جائے تو اچھا (ذوق)
	دِن ڈھلے - ہ - تابع فعل - دوپہر پیچھے ۔
	دِن سن - ہ - اِسم مذکر - (لکھنؤ) سن و سال ۵
	کیا ابھی دِن سن ہیں اِس محبوب کے نام خُدا باڑھ پر آنے دو قد شمشیر دم ہو جائیگا (رجب)
	دِن سے - ہ - تابع فعل - قبل از غروب - دن چھپنے سے پہلے - سرِ شام ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دن

دِن سیدھے ہونا - ف - فعل لازم - خوش طالعی و فرخندہ فالی ہونا - اقبال ساتھ ہونا - بھلے دِن آنا - طالع کا موافق ہونا ؎

اُلٹے دم آج تیرے دلگیر کھینچتے ہیں — یہ دن اگر ہیں سیدھے تقدیر کھینچتے ہیں (مومن)

دِن عید رات شب برات ہونا - ف - فعل لازم - رات دِن عیش و نشاط میں گزرنا - دِن کو عید کی سی خوشی اور رات کو شب برات کا سا جلسہ رہنا ٭

دِن کاٹنا - ف - فعل لازم - مصیبت سے بسر کرنا - دِن بھرنا - دِن پورے کرنا - دنوں کو دغا دینا ٭

دِن کٹنا - ف - فعل لازم - دِن بسر ہونا - دِن گزرنا ؎

دن کٹا زیادہ سے اور رات ہاری ہو کٹی — عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی خواری سے کٹی

دِن کو اُونی اُونی رات کو چرخہ پونی - ا - کہاوت (بے وقت اور بیموقع کام کرنے کی نسبت کہتے ہیں ٭

دِن کو تارے دکھانا - ف - فعل متعدی - صدمہ دماغی پہنچانا جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے سے آجائیں ٭

دِن کو دِن رات کو رات نہ جاننا - یا - نہ سمجھنا - ف - فعل لازم - کسی کام میں رات یا دن کی پروا نہ کرنا - آرام سے کام نہ رکھنا جیسے اُسکی ماں نے دِن کو دن رات کو رات نہ جانا جب پال پوس کر بڑا کیا ٭

دِن گنوانا - ف - فعل متعدی - بیہودہ وقت کھونا - وقت ضائع کرنا - عمر گزارنا ٭

دِن گیا کہ رات - ف - کہاوت - یعنی نہ تو دُنیا سے دِن کا ہونا جاتا رہا اور نہ رات کا آنا ہر وقت موقع حاصل ہے ٭

دِن گئے - ا - محاورہ - وہ زمانہ لد گیا - وہ موقع گزر گیا - دولت و کامرانی اور خوش اقبالی کا وقت نہیں رہا ؎

گئے دِن کہ تنکا سمجھ کے بانڈھنے کے — اب آنکھیں رہتی ہیں دو دو پہر بند (میر)

گئے وہ دِن کہ صحبت میں ترے دِن رات تھی مجکو — کوئی اب محفل عشرت میں اُسکی ہا بتاتا ہوں

کبھی جی تڑپتا ہے بہت تو دُور سے وہ در — کھڑا ہو کے کن کن حسرتوں سے دیکھ آتا ہوں

دِن لگنا - ف - فعل لازم (ا) اترانا - گھمنڈ ہونا - بسفلے کو دولت ملنا - بخت و طرور پیدا ہونا - بڑھکر چلنا (ا) عرصہ دراز ہونا - عرصہ لگنا ٭

دِن مان - ف - اسم مذکر - دِن کا بڑھنا گھٹنا تل - دِن کا اندازہ - (دنماں سے یہ مُراد ہے کہ رات دِن کی جو ساٹھ گھڑیاں مقرر ہیں اُن میں آفتاب اپنا روزمرہ دورہ پورا کرتا ہے اور اُترائیں و گھٹائیں ہونے کے باعث

دند

دِن کی اور رات کی گھڑیوں میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے پس اس کمی بیشی کی تفاوت جو از روے حساب نکلتی جاتی ہے اُسے دنماں کہتے ہیں تمام منورتوں نکلنوں اور سعد و نحس ساعتوں کے دریافت کرنے میں اس سے بڑا کام پڑتا ہے) ٭

دِن نکلنا - ف - فعل لازم - سورج نکلنا - سورج اُدے ہونا - صبح ہونا - پو پھٹنا - بھور ہونا ٭

دَنّا - ف - اسم مذکر (ا) موٹا - مضبوط - لمبا - دراز - بڑا - کلاں - نندر (۲) موٹی گیڑی - دنچو ٭

دُنّاب - ف - صفت - موٹا - سوجا ہوا - پھولا ہوا - فربہ کیا - سمنڈ مسنڈ ٭

دُنّاب ہونا - ا - فعل لازم - سوجکر کپا ہونا - نہایت فربہ ہونا - اندھ ہونا ٭

دَنادَن - ف - اسم مؤنث - (ا) توپوں کی متواتر آواز (۲) ضرب یا صدمہ کی پے در پے آواز ٭

دَنادَنی کا تیل - ف - اسم مذکر - طلا جو ذکر کو سخت کرتا اور شہوت کو بڑھاتا ہے - سانڈے کا تیل (جو لوگ سانڈے کا تیل بیچتے ہیں یہ انکی آواز ہے) ٭

دُنبالہ - ف - اسم مذکر - دُم پیچھا - آنکھ کا کویہ - وہ سُرمہ کی لکیر جو آنکھ کے کویہ سے آگے تک بڑھی ہوئی خوبصورتی کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں ٭ پتوار - کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ ٭

دُنبالہ دار - ف - صفت - دُمدار - گچھے دار - پچھلے دار ٭

دُنبُل - ف - اسم مذکر - پھوڑا ٭ دلدار پھوڑا ٭

دُنبہ - ف - اسم مذکر - مینڈھا ٭

دَنت - ف - اسم مذکر - دانت کا مخفف ٭

دَنتو - ف - اسم مذکر - وہ شخص جسکے دانت آگے کے بہت بڑے بڑے ہوں - دانتو ٭

دَنتیلا - ف - اسم مذکر - بڑے دانت والا آدمی - دانتو - بڑے دانت کا ہاتھی ٭ دندانہ دار ٭

دَنچو - ف - اسم مذکر - دیکھو (دنا نمبر ۲) ٭

دَند - ف - اسم مذکر - (ا) بڑا انقارہ - دھونسا - دمامہ - (۲) غل - شور - (۳) اندھیر - ظلم - ستم ٭

دَند مچانا - ف - فعل متعدی (ا) شور و غل مچانا - (۲) اندھیر کرنا - ظلم ڈھانا ٭

دَندان شکن جواب دینا - ا - فعل متعدی - ایسا جواب دینا کہ جسکا جواب نہ بن پڑے - منہ توڑ جواب دینا - کاٹ شکن جواب دینا ٭

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دندانِ مصری - ا - اِسم مؤنث - ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جسکی شاخیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

دَنَدَناتا ہُوا آنا - ک - فعل لازم (عوام) خوشی سے اُچھلتا کودتا آنا - خوشی کیساتھ آنا - بے دھڑک آنا ۔

دَنَدَنانا - ک - فعل لازم - (عوام) خوشی منانا - مزا اُڑانا - عیش کرنا ۔

دَنَدانہ - ف - اِسم مذکر - آرے کا خار - دانتا ۔

دُنگا - ک - اِسم مذکر - تحقیر ا - دانہ - اناج کا دانہ - نیز دانہ کا تانیث مہمل ۔

دَنگ - ف - صفت - حیران - متحیر - متعجب - ششدر - بھگا بگا بھک - بیحس و حرکت ۔

دنگ رہنا - ف - فعل لازم - حیران رہنا - متحیر ہونا - متعجب ہونا - بے حس و حرکت ہو جانا ۔

دنگ ہونا - ا - فعل لازم - تعجب میں ہونا - حیران ہونا - ششدر رہنا ۔

دَنگا - ک - اِسم مذکر - (۱) لڑائی - جھگڑا - فساد - فتنہ - حرامزدگی - بدنہادی (۲) بلوہ - ہنگامہ - شور - رولا - بلوہ - مخالفانہ بغاوت (۳) شرارت - بدذاتی ۔

دنگا کرنا - ا - فعل متعدی - جھگڑا کرنا - فساد کرنا - شرارت کرنا - شور کرنا - غل کرنا - بغاوت کرنا ۔

دَنگل - ف - اِسم مذکر - (۱) کشتی کرنیکی جگہ - اکھاڑا (۲) بھیڑ - مجمع - انبوہ - ازدحام ۔

دنگل باندھنا یا جمانا - ا - فعل متعدی - لوگوں کا حلقہ باندھنا - کشتی کے واسطے مجمع کرنا ۔

دنگل میں اُترنا - ا - فعل لازم - اکھاڑے یا مجمع میں کشتی یا چوپایوں کی دوڑ کیواسطے آنا ۔

دنگئی - ا - صفت - لڑاکا - جنگجو - شریر - بدذات - فتنہ پرداز ۔

دِنوں - ک - اِسم مذکر - دن کی جمع (۱) ایام (۲) گھوڑے یا چوپایہ کی عمر ۔

دنوں سے اُتر جانا - ک - فعل لازم - عمر سے ڈھلنا - جوانی کا گزرنا ۔
کیا جلد اِن حسینوں کا جاتا رہا شباب — گزری تھی ایک شب کہ دنوں سے اُتر گئے

دنوں کو دغا دینا / **دنوں کو دھکے دینا** - ا - فعل لازم - مصیبت کے دنوں کو ٹالنا - زندگی بھگتنا - شاد و ناشاد جینا ۔

دِنوندا - ک - اِسم مذکر - رتوندا کا تانیث - ایک مرض کا نام جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے ۔

دُنیا - ع - اِسم مؤنث (۱) جگ - سنسار - جہان - جگت - پرتھوی - عالم - دہر (۲-۱) دُنیا کے لوگ - دُنیا دار (۳-۱) دولت - روپیہ پیسہ - مال جیسے دُنیا بڑی بلا ہے ۔

دُنیا دار - ع + ف - اِسم مذکر - دیندار کا نقیض - تعلقات دُنیوی میں گرفتار - ہوا آدمی - چالاک آدمی - ملنسار آدمی - ظاہری اخلاق کا آدمی ۔

دُنیا داری - ع + ف - اِسم مؤنث - تعلقات - ملنساری - کنبہ - رشتہ - بال بچے - گرستی پن - خانہ داری - صحبت - مجامعت ۔

دُنیا عجب جگہ ہے - ا - کہاوت (یعنی دُنیا عجب تماشا گاہ اور انوکھی جگہ ہے) قصر مکان و مسکن ایکوں کو سب جگہ ہے — ایکوں کو جا نہیں ہے دُنیا عجب جگہ ہے (میر)

دُنیا کے پردے سے اُٹھ جانا - ا - فعل لازم - جہان سے گزر جانا - دُنیا پر نہ رہنا - مر جانا ۔

دُنیا کی ہوا لگنا - ا - فعل لازم - دُنیا کا اثر ہونا - دُنیا کا مزہ پڑنا - دُنیا میں آنا ۔
یہ مُنہ اور مسور کی دال جس دن سے دُنیا کی ہوا — حال میرا ہے بعینہٖ آسیائے بادکا (ذوق)

دُنیا ہوا اور تم ہو - ا - کہاوت جب تک دُنیا رہے تم رہو ۔
غالب بھی گر نہ ہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں — دُنیا ہو یا رب اور مرا بادشاہ ہو (غالب)

دُنیا ہے اور خوشامد ہے - ا - کہاوت - یعنی دُنیا میں خوشامد سے کام چلتا ہے - دُنیا کے لوگ خوشامد کو پسند کرتے ہیں ۔

دُنیوی - ع - صفت - دینی کا نقیض - دُنیا سے منسوب - متعلق بہ دُنیا - دُنیا کا ۔

دو - ف - صفت (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ - جفت - جوڑا - اثنے (۲) - عدد جیسے ایک سے دو بھلے - دو جن کے بھی بُرے (۲) چند ۔

دو آتشہ - ف - صفت - دُہری کشید کی - دو دفعہ کھچی ہوئی - تند - تیز ۔

دو آبہ - ف - اِسم مذکر - دو دریا کے بیچ کی زمین جو آگے جا کر مل جائیں ۔

دوازدہ امام - ف + ع - اِسم مذکر - اثنا عشریہ کے بارہ امام - حضرت علیؓ - امام حسنؓ امام حسینؓ - امام زین العابدینؒ - امام محمد باقرؒ - امام جعفر صادقؒ - امام موسیٰؒ کاظم - امام علی موسیٰ الرضاؒ - امام محمد تقیؒ - امام علی نقیؒ - امام حسن عسکریؒ - امام محمد مہدیؒ قرب قیامت میں ظہور فرمائیں گے ۔

دو اسپہ - ف - اِسم مذکر (۱) وہ شخص جس کے ذاتی دو گھوڑے ہوں - وہ شخص جس کے دو گھوڑے رسالہ میں نوکر ہوں (۲) صفت (دو گھوڑوں کی ڈاک ہو - جلد - خوبصورت ۔

دو آشیانہ - ف - اِسم مذکر - ایک قسم کا دوہرے دہانہ کا تمبو - دو کمروں کا ڈیرا - دوہرا خیمہ ۔

دو اُنگل کی بچی - ا - اِسم مؤنث - جو - ننھی سی جان - چھوٹی عمر کی لڑکی - دودھ پیتی بچی - (تحقیر) (بولتے ہیں) ۔

دو اُنگلیاں مسی لگانا - ا - فعل متعدی - جو - ذرا سی رسم ملنا ۔

دو ادوش - ف - اِسم مؤنث - دوشِ ثلاثہ - کوشش و سعی - پیروی - پیروی - پیروی ۔

دو آنسو ڈالنا - ا - فعل متعدی - تھوڑا سا رونا ۔
شمع روئے قبر پر گلرو ہمارے واسطے — حیف تو دو آنسو نہ ڈالے یار کو اتنا سے (سرور)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دو

دو آنسو گرانا۔ یا۔ بہانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ عو۔ دیکھو (دو آنسو ڈالنا) ؎

دم آخری بالیں پہ آؤ گے تو کیا ہو گا میرا فصاحبؔ دو آنسو بہاؤ گے تو کیا ہو گا (رجبؔ)

دوانی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ دو آنے کا نقرئی سکہ۔ روپے کا آٹھواں حصہ۔

دوایک۔ ا۔ تابعِ فعل۔ چند۔ دو چار۔ دو تین۔

دوبارہ۔ ا۔ تابعِ فعل۔ دوسری مرتبہ۔ دوسری دفعہ۔ بار دیگر۔ مکرر۔ پھر۔

دوباز۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ دو رنگے بازو کا کبوتر یا کنکوا۔ وہ کبوتر جسکے دونوں بازوں کے پر سفید ہوں۔ وہ کنکوا جسکے دونوں کنڈے رنگین کاغذ کے ہوں۔

دوبالا۔ ن صفت۔ دونی۔ دونا۔ دوچند۔ دگنا۔ دگنی جیسے اُنکے دم سے دو بالا رونق ہو گئی

دوبلدا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ دو بیلوں کا چھکڑا (گنوار)۔

دوبلدی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ دو بیلوں کی گاڑی (گنوار)۔

دوبول پڑھانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ نکاح پڑھانا۔ لڑکی کا غریبی یا موجب نکاح کر دینا۔ پیلے ہاتھ کر دینا۔

دوبول پڑھوانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ نکاح پڑھوانا۔ عقد کرانا۔ ازدواج کرنا۔

دوبھاشیا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ دو بھاکا جاننے والا۔ مترجم۔ ترجمان۔ وہ شخص جو ایک زبان سے دوسری زبان میں سمجھاوے۔

دوبھیسیا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ دورُخہ۔ منافق۔ دورُو۔ دورنگا۔ رکابی مذہب۔ (اصل میں دو بھیا سیا تھا جو دو بھیا سیا سے بگڑ کر دو بھیسیا ہو گیا عوام نے اس کو دو بھینس سے خیال کر کے دو بھیسیا بنا لیا)۔

دوپارہ۔ ن صفت۔ دو ٹوک۔ پھٹا ہوا۔ پارہ شدہ۔

دو پائے پر چڑھانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ ڈاڑھی کے دونوں پاکھوں کو دونوں رخساروں کی طرف چڑھانا۔ سپاہیوں کی طرح ڈاڑھی چڑھانا۔

دوپائی کا نقش یا تعویذ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ ایک نو خانہ کا شلتی نقش جسے اول نیچے کے تین خانوں کو بھر کر پھر دو دو خانے بھرتے اور ایک ایک چھوڑتے جاتے ہیں ؎

مجھے ہو مسخہ ہوا کبیر سے سوا تعویذ چلے اگر رہِ حب میں دوپائی کا تعویذ (رجبؔ)

دوپایہ۔ ن صفت۔ دو ٹانگوں کا۔ دو پاؤں کا۔

دوپٹہ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ (دو + پاٹ) (ا) لغوی معنی دو پاٹ کا چادر۔ روپٹہ۔ اوڑھنا۔ اوڑھنی (۲) پشکا۔ کمر بند۔

دوپٹہ بدلنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ اوڑھنا بدلنا۔ بہنا پاجوڑنا۔ سہیلی بنانا۔

دوپٹہ تان کے سونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ بیفکری سے سونا۔ موت کی نیند سونا۔ گھوڑے بیچ کے سونا۔

دو

دوپٹہ بلانا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ صلح کرنیکی علامت ظاہر کرنے کے واسطے حالت جنگ میں چادر کو ہلانا تاکہ مخالف لڑائی بند کر دے مغلوب ہونے یا پناہ میں آنے کی علامت ظاہر کرنا۔

دوپٹہ۔ ف۔ صفت۔ دورُخہ۔ دو طرفہ۔ دونوں رُخ کا چھپا ہوا۔

دوپٹہ کرنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ کاغذ کو ایک رُخ سے چھاپ کر دوسرے رُخ سے چھاپنا۔ دورُخا بنانا۔

دوپلڑی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ دو پلڑوں کی ٹوپی۔

دوپلکا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ (۱) ایک قسم کا توام نگینہ ؎

اے جانِ جہاں کم سخنی ختم ہے تم پر لب بستہ دہن ہے کہ نگینہ ہے دوپلکا (رجبؔ)

(۲) ایک قسم کا کبوتر۔

دوپنتھی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ عو۔ ایک وضع کی دو ہرے خانے کی جالی جس کی عورتیں اکثر کرتیاں بناتی ہیں۔

دوپہر۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ بمعنی دن۔ دن کے بارہ بجے کا وقت۔ وہ وقت جبکہ آفتاب نصف النہار پر ہو۔

دوپہر بجنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دوپہر کی توپ چلنا یا گھنٹہ بجنا۔ دوپہر ہونا۔ آدھا دن ہونا ؎

اے روز فراق نیم جاں ہوں تیری ابھی دوپہر بجی ہے (ناسخ)

دوپہر ڈھلنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ زوال کا وقت ہونا۔ دن ڈھلنا۔ آفتاب کا نصف النہار سے ہٹنا۔ سہ پہر ہونا ؎

یار سے وعدہ ملاقات کا ہے بعد زوال دوپہر آج کسی طرح نہیں ڈھلنے کی (رند)

دوپہریا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ (۱) ایک قسم کا پھول جو اکثر دوپہر کو کھلا کرتا ہے۔ (۲۔ صفت) دوپہر کے نطفہ کا۔ دوپہر کی پیدائش حرامزادہ اور شریر۔ بدذات۔ دنگئی۔

دوپیازہ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ بن تر کاری کا گوشت جسمیں مرتبہ پیاز سے کام لیا جاتا ہے۔

دوتارا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جسمیں دو تار ہوتے ہیں۔

دوتئی۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ ایک قسم کا کپڑا جو بستر کی بجائے دوہرا بچھایا جاتا اور پنجاب میں اکثر بنا جاتا ہے۔

دوٹوک۔ ا۔ صفت۔ دوپارہ۔ القط۔

دوٹوک جواب دینا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ صاف انکار کر دینا۔ صاف جواب دیدینا۔

دوٹوک کرنا۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ فیصلہ کرنا۔ دوستی کو القط کرنا۔ قطع محبت کرنا۔ رشتہ توڑنا۔

دوٹوک ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ بالکل دوستی القط ہونا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دوج

انفصال ہونا۔ فیصلہ ہونا۔

دُوجیا۔ ا۔ صفت۔ عو۔ دوجی والی۔ حاملہ۔ پیٹ والی۔ پیٹ سے باردار۔

دُوجی سے ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا ؎

اے دوگانا زندگی میری تری مرضی سے ہے
لاکھ جی صدقے ترے اک جی پہ تو دوجی سے ہے (بیگم)

دُوچار۔ ا۔ تابع فعل۔ چند۔ دو ایک۔ دو تین ؎

قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہے جا کر کہاں کمند
دو چار ہاتھ جبکہ لبِ بام رہ گیا (ذوق)

دوچار ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ سامنا ہونا۔ مقابل ہونا۔ سامنے ہونا چار آنکھیں ہونا ؎

شب کو دلوں میں واہ واز در دلوں کے تار تھے
ہم سے دوچار یار تھا یار سے ہم دوچار تھے (نظیر)

دُوچند۔ ف۔ صفت۔ دونا۔ دُگنا۔ دُہرا۔ ڈبل۔

دُوچوبہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ دو چوب کا خیمہ۔

دُوچھریوں کا ایک میان میں نہ رہنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دو بیبیوں کا ایک گھر میں یا دو بیشتیوں کا ایک کشتی کے ماں رہنا دشوار ہونا۔

دوحرف بھیجنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ لعنت بھیجنا۔ لعنت کرنا ؎

بھیجتی ہوں میں دُگانا کی اکڑ پر دو حرف
اسنے جا کر مجھے صورت بھی نہ دکھلائی پھر (رنگین)

دُوخصمی۔ ا۔ اسم مونث۔ وہ عورت جسنے دوسرا بیاہ کیا ہو۔ دوہاجو۔ دو خصم والی۔

دُودَستہ خلال۔ ا۔ اسم مونث و تاش۔ دو طرفہ خلال۔ وہ آدمی کو ایک بازی میں خلال دینا۔

دُودستی۔ ا۔ اسم مونث۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام جس میں دونوں ہاتھوں کے ذریعہ سے حریف کو گھسیٹ لاتے ہیں۔

دُودِلہ۔ ا۔ صفت۔ شکی۔ وہمی۔ وسواسی۔ دُھکڑ۔ پکڑ میں رہنے والا۔ مذبذب۔ دُوچتا۔

دُودِن کا مہمان۔ ا۔ صفت۔ مہمان چند روزہ۔ چند روزہ۔

دور

عارضی۔ فانی۔ ناپائیدار۔

دو دل راضی تو کیا کریگا قاضی۔ ا۔ کہاوت۔ فریقین کی رضامندی میں زبردست کی بھی نہیں چلتی فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا۔ جانبین کی رضا پر متوسط کی کچھ حاجت نہیں

دو دِن کی چاندنی۔ ا۔ صفت۔ حسن چند روزہ۔ دولت بے ثبات۔ جمالِ زوال پزیر و بے اعتبار۔

دو دو باتیں۔ ا۔ اسم مونث۔ مختصر سوال و جواب۔

دُودُوانے کو پھرنا۔ ا۔ فعل لازم۔ ایک ایک ٹکڑے کو محتاج پھرنا۔ بھیک مانگتے پھرنا۔ جیسے دُعائے سمد صیانے کو نہیں پھرتی دو دو دانے کو۔

دو دو ہاتھ اُچھلنا۔ ا۔ فعل لازم۔ نہایت بیتاب و بیقرار ہونا۔ مضطرب الحال ہونا۔ تڑپنا جیسے دو دو ہاتھ کلیجہ اچھلنے لگا ؎

تڑپے ہے جبکہ سینے میں اچھلے ہے دو دو ہاتھ
گر دل یہی ہے میر تو آرام ہو چکا (میر)

دُودَھارا۔ ا۔ صفت (۱) تیغ دو دم۔ دُہری باڑ کا خنجر۔ دُہری دھار کی تلوار (۲۔ اسم مذکر) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ملیں (۳۔ اسم مذکر) ایک قسم کا تھوہڑ۔ جس کی دُہری شاخ ہوتی ہے۔ زقوم۔

دُودَھاری۔ ا۔ اسم مونث۔ وہ سیدھی تلوار جس کی دونوں طرف باڑ ہو۔ سیف۔

دُوراُوَ۔ ا۔ اسم مذکر۔ دوردی۔ نفاق۔ فرق۔ جیسے اگر ایک سمجھتے ہو تو پھر کیوں جی میں دُوراُو رکھتے ہو (ع)

دُوراہا۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ راستہ جو دو طرف کو گیا ہو۔ یا جہاں دو راستے ملے ہوں۔

دُورُخا۔ ا۔ صفت (۱) دو رُویہ۔ دو بھیسا (۲) دورنگا۔ منافق وہ شخص جو دونوں طرف ہو۔

دُورسا۔ ا۔ اسم مذکر۔ جمیو طاسا تمباکو۔ دو قسم کا طاسا تمباکو۔

دُورگا۔ یا۔ دُوشالا۔ ا۔ اسم مذکر (عوام) سوتیلا۔ وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں۔ (اصل میں دوغلہ تھا)

دُورنگا۔ ا۔ صفت۔ دو رنگ کا۔ دو بھیسا۔ یکرنگ کے خلاف۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دور

دور رخ +

دُورنگی - ا - اسم مونث - دوئی - مغائرت - بیگانگی - دورُوئی مکاری + ؎

دورنگی چھوڑ دے یکرنگ ہوجا + سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا (لالہ)

دُورُوئیہ - ا - صفت (۱) دورُخا - دورنگا (۲ - تابع فعل) دو طرفہ دونوں جانب سے جیسے دورویہ سپاہ کھڑی ہے (۳) منافق - بظاہر رکھنے والا +

دُورَانو بیٹھنا - ا - فعل لازم گھٹنوں کے بل بیٹھنا - اونٹ کی سی ٹھیک بیٹھنا - مودّبانہ بیٹھنا +

دُوسالہ - ا - اسم مونث (۱) وہ زمین جو دو برس بوئی جوتی گئی ہو - (۲ - صفت) دو برس کا - دو برس کی عمر کا +

دوسوتی - ا - اسم مونث - دوہرے سوت کا بُنا ہوا ایک قسم کا کپڑا جو اکثر جھنیوں یا فرش وغیرہ میں لگاتے ہیں +

دُوسیری - ا - اسم مونث - دو سیر کا بٹ +

دُوشاخہ - ا - اسم مذکر (۱) دو شاخوں کی لکڑی یا درخت یا شمعدان (۲) دونوں ٹانگیں +

دُوشالہ - ف - اسم مذکر - چادر جوڑا - دوشال کا موڑا - ؎

کچھ مال دُوشالہ نہیں کمبل کے اگاڑی
یہ تول میں بھاری ہے تو وہ تول میں بھاری

دُوشالہ پوش - ف - اسم مذکر - اول معلوم (۲) خوش لباس - امیر خوش پوشاک +

دوشالہ میں لپیٹ کر لگانا - ا - فعل متعدی - در پردہ ذلیل کرنا - عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا - ہجو ملیح کرنا -

دُوشیزہ - ف - اسم مونث - باکرہ - کواری لڑکی - نابالغہ سن نارسیدہ - کنیا - اچھیڑ +

دُوطرفہ - ف - ع - صفت - دورُویہ - دونوں طرف - دونوں جانب - جانبین + طرفین + باہمی +

دُوعمّلہ - ا - اسم مذکر - وہ جیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیت میں ہو

دُوعملی - ا - اسم مونث - دو حکومتیں - دو حکومتوں کے مختلف قاعدے بد انتظامی - اختلافِ رائے +

دوم

دوفصلی - ا - اسم مونث (۱) دو موسمی - دورُتی - وہ درخت جس میں فصل میں دو بار پھل لگے یا وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے (۲) دو غلی جیسے دو فصلی باتیں +

دُوکرنا - ا - فعل متعدی - دو ٹوک کرنا - دو حصے کرنا - برابر دو ٹکڑے کرنا +

دُوکوڑی کی بات - یا - آبرو کر دینا - ا - فعل متعدی - ذلیل کر دینا - عزت بگاڑ دینا - عزت گھٹا دینا - وقعت اٹھا دینا - پت کھو دینا +

دوگاڑا - ا - اسم مذکر - دونالی بندوق - وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں - ایک دفعہ میں دو گولیاں بھرنے کو بھی دوگاڑا کہتے ہیں +

دوگاڑا مارنا - ا - فعل متعدی - دو نالی بندوق لگانا - ایک دفعہ میں دو گولیاں بھر کر چلانا + ؎

خال روزن سے دکھائے نہیں ناگہ مجکو
بھر کے قاتل نے تپنچے سے دوگاڑا مارا (برق)

دُوگانا - ا - اسم مونث - دیکھو (دوگانا بمعنی بینلی)

دُوگانہ - ف - اسم مذکر (دیکھو ڈگانہ)

دوگھڑی کا تڑکا - ا - اسم مذکر - صبح کاذب - آفتاب نکلنے سے پہلے کا وقت +

دُولتی - ا - اسم مونث - چوپایہ کا دونوں ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا - جفتہ زدن - جفتہ +

دُولتی پھینکنا - ا - فعل متعدی - لات مارنا - لات چلانا

دولتی چھانٹنا - ا - فعل متعدی - لات مارنا - لات چلانا +

دُولڑا - ا - اسم مذکر - دولڑ کا ہار - دوہرا بٹا ہوا تاگا - یا رسی

دُولڑی کا تار +

دولھڑا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا موٹا فرشی کپڑا - جسے گنوار دوھڑا کہتے ہیں +

دومحلّہ - ا - صفت - دو منزلہ - دو کھنڈ کا مکان - دو درجے کا مکان +

دومعنی - ا - اسم مونث - دوارتھی - وہ بات جس کے دو معنی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دوم

ہوں۔ پہلو دار بات۔ دو پہلو کی بات +

دو مُلّا میں مرغی حرام لم۔ ا۔ کہاوت۔ ضد میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتوا لگ جاتا ہے۔ دو ہم دعوے اور ہم پیشہ آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے +

دو مُنہا۔ ا۔ اسم مذکر۔ دو منہ کا سانپ۔ دو منہی۔

دو مُنہ ہنس لینا۔ ا۔ فعل لازم۔ عو۔ ذرا ہنس لینا۔ قدرے ہنسنا ؎

چار میں بیٹھ کے ہنس لیتی ہوں دو منہ میں بھی
جی میں خوش ہوتی ہوں ہر دم کی ملاقات سے کم (رنگین)

دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا۔ ا۔ کہاوت۔ ساجھا دوہی کا بھلا۔ دو سے تیسرا آدمی ناگوار ہوتا ہے +

دونوں۔ ا۔ حرف عطف۔ ہر دو +

دونوں باگیں کسنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ تلوار کا دونوں جانب سے خمیدہ ہونا +؎

نیک و بد سب سے جھک کے ملتی ہے
دونوں باگیں یہ تیغ کستی ہے (برق)

دونوں ٹانگوں میں سر دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ سزا دینا۔ ٹھیک بنانا +

دونوں جہان سے کھونا۔ ا۔ فعل متعدی۔ دین کا رکھنا نہ دُنیا کا +

دونوں طرف۔ ا۔ صفت۔ ہر دو جانب +

دونوں وقت ملے۔ ا۔ تابع فعل۔ شام کے وقت جھٹ پٹے میں۔ مغرب کے وقت +

دونوں وقت ملنا۔ ا۔ فعل لازم۔ رات اور دن کا ملنا۔ شام ہونا۔ سورج ڈوبنا۔ آفتاب چھپنا۔؎

ہوا سے بال زلفوں کے جو رخساروں پہ ہلتے ہیں
دل بیمار اُٹھ بیٹھو کہ دونوں وقت ملتے ہیں (لا اعلم)

عورتیں اس وقت لیٹے رہنا منحوس خیال کرتی ہیں +

دونوں ہاتھ تالی بجنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دونوں طرف سے لڑائی ہونا۔ دوستی سے دوستی عداوت سے عداوت ہونا۔

دو

ہر دو جانب سے جھگڑا ہونا +

یہ سچ ہے بجتی ہے بس دونوں ہاتھ سے تالی
جو وہ نہ آوے تو میں بھی نہیں بلانے کی (رنگین)

دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ نہایت نفرت اور بُعد ظاہر کرنا۔ شرارت یا بدی میں استاد ماننا۔ کسی کی چالاکی کو مان جانا +

دو ورقی۔ ا۔ اسم مونث (۱) دو ورق کی کتاب۔ چھوٹی سی کتاب۔ (۲) فرج۔ قبیل۔ خلائی (عوام)

دو ورقی کا سبق پڑھنا۔ ا۔ فعل لازم (بازاری) صحبت داری میں مشغول رہنا۔ عیاشی کرنا +

دو ہاجو۔ ہ۔ صفت۔ دوسری عورت والا خاوند۔ وہ شخص یا وہ عورت جس نے دوسری شادی کی ہو۔ ایسی عورت کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں +

دو ہتڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دونوں ہاتھوں سے ضرب جو اکثر عورتیں بچوں کے سر یا پیٹھ پر زور سے مارتی ہیں۔ ایک ساتھ دونوں ہاتھ سے پیٹنا۔؎

کیا کہا پیغامبر لے یہ ترے مشتاق سے
مر گیا بس دل پہ اپنے خود دو ہتڑ مار کے (جرأت)

دو ہتی۔ ا۔ صفت۔ دونوں ہاتھوں کی۔ دونوں ہاتھوں سے

دو ہتی تالی بجنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دیکھو دونوں ہاتھ تالی بجنا)

دو ہی دن میں۔ ا۔ تابع فعل۔ عرصۂ قلیل اور کم دقفہ میں۔؎

اپنے دُھب کی کیا پڑھی ایک اور مومن نے غزل
دو ہی دن میں یہ تو گویا ماہر فن ہو گیا (مومن)

دوا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) دُوجا۔ دوسرا (۲) تاش کا وہ پتا۔ جس میں دو نشان ہوں۔ دُکی (۳) جوئے کے ایک داؤں کا نام جو چوک کے برخلاف ہے +

دوا۔ ع۔ اسم مونث۔ اوکھد۔ دارو۔ درمان۔ دوائی۔ علاج معالجہ +

دوا خانہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ شفا خانہ۔ وہ کمرہ یا الماری جس میں دوائیں رہتی ہیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دَوَادارُو - ا - اسم مونث - علاج مُعالجہ - تیمارداری +

دَوَادَرمَن - ا - اسم مونث - عو - دوادرمان - علاج معالجہ +

دَوَاکُو نہ مِلنا - ا - فعل لازم - کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا - ذرا نہ ملنا - گھس لگانے کو نہ ملنا +

دَوَاب ع - اسم مذکر - چوپائے - حیوان - مویشی جیسے گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ +

دُوآبہ - ف - اسم مذکر - دو دریا کے بیچ کی زمین جو آگے جا کر مل جائیں دوآبا +

دُوآپَر - س - اسم مذکر - ہندوؤں کا تیسرا جُگ جو ۸۶۴۰۰۰ برس کا ہوتا ہے - دو جُگوں کے پیچھے کا جُگ +

دَوَات ع - اسم مونث - سیاہی رکھنے کا ظرف - مسی دھان +

دُوآدَشی - ا - اسم مونث (ہندو) ہر ایک پاکھ کی بارھویں تاریخ +

دَوَادَوش - ف - اسم مونث - دوڑ دھوپ - پیروی - کوشش - سعی - محابدت +

دوآر - ا - اسم مذکر - دروازہ - ڈیوڑھی - بار - پُولی - راستہ - گزر (۲) وسیلہ - ذریعہ (گنوار) ۳ - آستانہ - چوکھٹ - عَتَبہ +

دُوآرا - ا - اسم مذکر - دیکھو (دوآر) ۲ - آستانہ - چوکھٹ - جگہ - اَستھان مقام جیسے ٹھاکر دوآرا - گرو دوآرا وغیرہ +

دُوال ف - اسم مونث - تسمہ - رکاب کا تسمہ (اردو والے غلطی سے بکسر دال بولتے ہیں)

دِوال ع - صفت (۱) دینے والا - دیوالی (۲ - غلط العوام) دیوار - بھیت - پاکھا +

دِوال نہیں ہے - ۲ - محاورہ ہندو - نادہندہ ہے لوٹتا ہے - ۵ وہ تو ہی ہے کہ مرتے ہیں سب تیرے طوطے پر + حور و پری کو جان کے کب ہیں دوال ہم (میر)

دِوالا - ا - اسم مذکر - (اصل میں دیوالا - بالا - تھا) ۱ - خارہ ٹوٹا - ناداری - مفلسی - پتڑا الٹنا - (پہلے دستور تھا کہ جب کسی شخص کو دیوالا آتا تھا تو وہ دن کو اپنی دوکان میں چراغ جلا دیتا اور دوکان کا تپڑا الٹ دیتا تھا جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ اس کے ہاں چاننا ہو گیا اب کچھ نہیں رہا) ۲ - ادائے قرض کی بیمقدوری +

دوالا نکالنا - ا - فعل متعدی - ناداری کا اظہار کرنا - تپڑا الٹنا - سرکار میں مفلسی کا ثبوت دینا - قرضہ ادا نہ کر سکنا +

دِوالی - ا - اسم مونث (۱) چمڑے کا تسمہ - پٹا - چپڑاس - پیٹی (۲) بادلہ کا

چوڑا تار جو پیچک کے بیچ میں ہوتا ہے (اول معنی میں صحیح دُوآلی ہے)

دِوالی - ۲ - اسم مونث - مرکب از (دیوا + بالنا) دیپ مالا - دیوؤں کی قطار - چراغاں - ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جس میں لچھمی کی پوجا ہوتی اور بہت سی روشنی کی جاتی ہے - یہ تہوار کاتک کی پندرہ تاریخ کو ہوتا ہے اس میں ہندو کثرت سے جوا کھیلتے اور چور چوری کو نکلتے ہیں ان کے اعتقاد میں آج کی جیت سے برس روز تک جیت رہتی ہے (اصل پیالی تھا اس سے دوالی بنا لیا کیونکہ کاوا سے بدل آیا ہے یا یوں کہو کہ دیپ دیوالہ آئی قطار یعنی دیوؤں کی قطار) +

دِوالیَن - ا - اسم مونث - عو - انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے (غلط العوام) جمع دیوار +

دِوالیہ - ۲ - اسم مذکر - مٹ پونجیا - نادار - مفلس - وہ شخص جس کا دوالہ نکل جانے کے سبب کاروبار بند ہو گیا ہو +

دَوَام ع - اسم مذکر (۱) ہمیشگی - دائمی - مُدامی (۲) - تابع فعل) ہمیشہ سدا بیت - مدام +

دَوامی بندوبست ع + ف - اسم مذکر - وہ زمین کا انتظام جو ہمیشہ کے واسطے ایک ہی دفعہ کر دیا جائے +

دَوان - ف - حال - دوڑتا ہوا - بھاگتا ہوا - حیران و سرگردان جیسے رواں دواں پھرنا +

دِوانہ - ا - اسم مذکر (صحیح - ف - دیوانہ) مخفف دیوانہ (۱) سڑی - سودائی - پاگل - باؤلا - مجنون (۲) احمق - بیوقوف +

دَوائر - ع - اسم مذکر - دائرہ کی جمع +

دُوب - ۲ - اسم مونث - ایک قسم کی باریک نرم اور عمدہ گھاس جب مل گئے تو خط ہزاروں خاک میں

جا بجا ہو کیوں نہ سبزہ دُوب کا دنباغ،

دُوبدُو - ۲ - تابع فعل - سنمکھ - روبرو - سامنے - مقابل - مُنہ در منہ بالمواجہہ - بالمکاشفہ +

دُوبدُو ہونا - ا - فعل لازم - روکش ہونا - مقابل ہونا - ۵ اٹھائے ہاتھ کو فلک ہمارے کہنے سے

کیے دماغ کہ ہو دُوبدُو کہنے سے (میر درد)

دُوبھر - ۲ - صفت - ا - مشکل - دشوار - سخت (۲) اجیرن - ناگوار

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دوت

گران - خاطر - بار خاطر ٭ ٥

چین اِس بچّے کے رونے سے نہیں دم بھر مجھے
کھوٹ جڑے پیٹے نے جینا کر دیا دُوبھر مجھے (راحت)

(دُوبَر بھی بول دیتے ہیں - ٥ نہ بھیجوں گی سسرال میں تمکو ظالم ٭ نہیں مجھکو دُوبَر ہے کھانا تمہارا بگم)

دُوت - ا - اسم مذکر (۱) قاصد - پیک - ایلچی - وکیل - سفیر (۲) نائب - پیشکار - متصدی - مختار - (۳) جم دوت - فرشتۂ موت - قابض الارواح - عزرائیل (۴) چغل خور - غمّاز - لُترا - سخن چین ٭

دُوت پَن - ا - اسم مذکر (۱) جاسوسی - وکالت - ایلچی گری (۲) چغلی - غمازی ٭

دُوت - ا - اسم مونث - کتّے کو ہنکانے کی آواز جیسے دُوت کتّے دُوت ٭

دُوتا - ا - اسم مذکر - دیکھو (دُوت) ٭ (ہندو)

دُوت دَبَک - ا - اسم مونث - دور دبک ٭ پھٹکار - لعنت ملامت دھتکار - لتاڑ - (ایک رندانہ کلمہ ہے جو اوباش لوگوں کی تنبیہ کے واسطے زبان پر آتا ہے - (سودا) کیفی یہانتک کہ یاندازِ سخن میں اسکے ٭ کسی کو بہشت ہے کہتا کسی کو دُوت دبک ٭

دُوتی - ا - اسم مونث (۱) جاسوس عورت - ایلچن (۲) چغلخور عورت - سخن چین عورت - لتری جیسے ساس سوری دوتی نند سوری بیرن (گیت) ٭

دُوج - ا - اسم مونث (ہندو) قمری مہینے کی دوسری اور سترھویں تاریخ ٭

دُوجا - ا - صفت - دوسرا - ثانی - دوم ٭

دُوخت - ف - اسم مونث - سلائی - سیوں ٭

دُود - ف - اسم مذکر - دھوان - دُخان ٭ بھاپ ٭

دُودھ - ا - اسم مذکر - (۱) شیر - لبن - ہلک (۲) درخت یا کسی چیز کا سفید عرق ٭

دودھ اُترنا - ا - فعل لازم - دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دودھ بھر آنا ٭ دودھ کا چھاتیوں یا گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں میں آجانا ٭

دودھ اچھالنا - ا - فعل متعدی - دودھ کو دھار باندھکر ٹھنڈا کرنا

دود

دودھ کو لٹیا سے کلھڑے میں دھار باندھ کر ٹھنڈا کرنا تاکہ پینے کے لایق ہو جائے - دودھ ٹھنڈا کرنا ٭

دودھ اُگلنا - ا - فعل لازم - بچے کا دودھ ڈالنا - دودھ کی قے کرنا ٭ ٥

یوں دہنِ غنچہ سے قطرہ شبنم گرے
دودھ اگلنے لگے جیسے کوئی شیر خوار (نادر لکھنؤ)

دودھ ادھاری - ا - صفت (ہندو) صرف دودھ پر رہنے والا - وہ شخص جس نے ان تیاگ کر دودھ پر اپنا گزارہ ٹھیرا لیا ہو ٭

دودھ بڑھانا - ا - فعل متعدی - دودھ چھڑانا - بچے کو دودھ پینے سے باز رکھنا ٭

دودھ بڑھنا - ا - فعل لازم (۱) دودھ زیادہ ہونا (۲) دودھ چھوٹنا دودھ سے باز رہنا ٭

دودھ بھائی - ا - اسم مذکر - برادر رضاعی - دودھ شریک بھائی - کوکا - دھابھائی -

دُودھ بھر آنا - ا - فعل لازم - بچے کی ممتا یا محبت کے باعث چھاتیوں میں دودھ اُتر آنا - مادری محبت کا جوش ہونا ٭

دودھ بھری کٹوریاں ا - اسم مونث (اطفال) دودھ بھری چھاتیاں پستان پر از شیر - جیسے اللہ اللہ لوریاں دودھ بھری کٹوریاں - ننّا آئے دوروں سے گھوڑا باندھوں کھجوروں سے (بچوں کے کھلانے کا فقرہ)

دودھ بہن - ا - اسم مونث - کوکہ - وہ لڑکی جس کی ماں کا دودھ پیا ہو - انا کی بیٹی - رضاعی بہن ٭

دودھ پڑنا - ا - فعل لازم - اناج میں رس پڑنا ٭

دودھ پلانا - ا - فعل متعدی - بچے کو شیر دینا - دودھ چسانا - چھاتی منہ میں دینا ٭

دودھ پلائی - ا - اسم مونث (۱) دایہ - انا - مرضعہ (۲) وہ نقدی جو دولہا کو دلہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی یا اپنے رشتہ دار اس نام سے دیتے ہیں (۳ - ہندو) وہ نقدی جو دولہا گھر چڑھی کے وقت اپنی ماں کو دودھ پلانے کے عوض میں دیتا ہے یہ ایک رسم ہے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دودھ پوت - ا۔ اسم مذکر۔ دھن دولت۔ مال اولاد + آل اولاد +

دودھ پوت والی - ا۔ اسم مونث۔ آل اولاد اور دھن دولت والی۔ صاحب نصیب +

دودھ پھاڑنا - ف۔ فعل متعدی۔ دودھ کے اجزا جدے کرنا۔ کسی دوا کے ذریعہ سے دودھ کا پانی علیحدہ کر دینا +

دودھ پھٹنا - ف۔ فعل لازم۔ دودھ کا پانی اور اسکی دہنیت کا علیحدہ ہو جانا۔ دودھ کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا +

دودھ پیتا بچہ - ا۔ اسم مذکر (۱) گود کا بچہ۔ ننا بچہ۔ شیر خوار۔ شیر خوارہ (۲) صفت) بھولا۔ ناتجربہ کار۔ ناسمجھ۔ نادان +

دودھ پیتے روپے - ا۔ اسم مذکر۔ کھرے کھرے روپے۔ بے جوکھوں روپے۔ اماثاً موجود اور کھرے روپے + نقد روپے +

دودھ پینا - ف۔ فعل لازم۔ چوچی پینا۔ چوچی چوڑنا۔ شیر نوشیدن کا ترجمہ +

دودھ توڑنا - ف۔ فعل متعدی (۱) دیکھ گرم دودھ کو اوپر نیچے کرنا +

دودھ چڑانا - ف۔ فعل لازم۔ دودھ چڑھا جانا۔ دودھ چھپا لینا۔ (جب گائے بھینس دودھ دوہتے وقت تھنوں میں سے اوپر کو چڑھا جاتی ہے تو یہ کہتے ہیں) +

دودھ چڑھانا - ف۔ فعل متعدی (۱) دیکھو (دودھ چرانا) (۲) کسی چیز کو پرنظر کے طور پر دودھ کی دھار چڑھانا یا ڈالنا +

دودھ چڑھنا - ف۔ فعل لازم (۱) دودھ خشک ہونا۔ دودھ جذب ہونا (۲) دودھ کا چھاتیوں میں کثرت سے جمع ہو جانا جس طرح بچے کے مر جانے یا دودھ چھڑا دینے کے بعد چھاتیاں حسب عادت دودھ جمع ہو ہو کر تنتا جاتی ہیں +

دودھ چھٹانا - یا۔ چھڑانا - ف۔ فعل متعدی - دیکھو (دودھ بڑھانا) +

دودھ چھٹی کا یاد آنا - ف۔ فعل لازم۔ دیکھو (چھٹی کا دودھ یاد آنا) عافیت اور آرام کی حقیقت کھلنا۔ مصیبت پڑنا + ؎

جانب میکدہ کیا وہ ستم ایجاد آیا + میکشو دودھ چھٹی کا تمہیں یاد آیا (اسیر)

دودھ دہنا - ف۔ فعل متعدی۔ دودھ نکالنا۔ دھار نکالنا +

دودھ دیکھنا - ف۔ فعل متعدی۔ دودھ کی آزمائش کرنا۔ دودھ کی برائی بھلائی جانچنا +

دودھ دینا - ف۔ فعل متعدی (۱) دودھیل ہونا۔ دودھ والی ہونا۔ شیر دادن کا ترجمہ (۲) دودھ پلانا۔ شیر خوراندن کا ترجمہ جیسے دو گھنٹے سے بچے کو دودھ نہیں دیا (۳) دودھ فروخت کرنا۔ دودھ بیچنا جیسے یہ گھوسن فلاں شخص کے ہاں دودھ دیتی ہے +

دودھ ڈلنا - ف۔ فعل متعدی۔ دیکھو (دودھ اگلنا)

دودھ سا - ا۔ صفت۔ مانند شیر۔ نہایت سفید + نکھری چاندی +

دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ف۔ کہاوت ایک چیز سے ڈرا ہوا اس کی ہم شکل ہر چیز سے ڈرتا ہے۔ دغا کھایا یا نقصان پایا ہوا آدمی ادنے کام بھی سمجھ سوچ کر کرتا اور دفعتہً ہاتھ نہیں ڈالتا ہے ؎ گزیدہ از رسیماں میتر سد کے مطابق ہے +

دودھ کا دودھ پانی کا پانی - ف۔ کہاوت۔ پورا پورا انصاف۔ ٹھیک انصاف + ایک ایک جنس علیحدہ علیحدہ + ؎

خیر اس سے شکر و شیر نہ ہونے پائے

دودھ کا دودھ ہو پانی کا خدایا پانی (اسیر)

دودھ کا سا اُبال - ا۔ اسم مذکر۔ کڑھی کا سا اُبال جلد فرو ہو جانے والا جوش۔ وہ غصہ جو ایک دفعہ ہی آکر اُتر جائے جیسے دودھ کا سا اُبال آیا چلا گیا +

دودھ کی بو منہ سے آنا - ف۔ فعل لازم۔ ہنوز طفل ہونا۔ ابھی تک بچہ اور ناتجربہ کار ہونا +

دودھ کے دانت - ا۔ اسم مذکر۔ وہ ملایم دانت جو شیر خوارگی کے زمانہ میں نکلتے ہیں +

دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا - ف۔ فعل لازم۔ ابھی کم عمر و صغیر سن ہونا۔ یانا اور نادان بچہ ہونا +

دودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا - ف۔ فعل متعدی۔ کسی شخص کا دخیل یا قرابتی ہونے کے باوجود بالکل اپنے ہاں سے خارج اور بیدخل کر دینا۔ محض بیدخل و بے تعلق کر دینا۔ گھنا دُنا کر دینا +

دودھ کی مکھی - ا۔ اسم مونث۔ وہ مکھی جو دودھ میں گر پڑے اور اُسے نکالکر پھینکدیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دود

دودھ مان - ۲- اسم مونث - (ہندو) انا -

دودھ مسہری - ا- اسم مونث - ایک قسم کا ریشمی کپڑا +

دودھ موت کرنا - ۲- فعل متعدی (پورب) بچے کی پرورش اور خدمت کرنا - گود موت کرنا +

دودھ والی - ۲- اسم مونث (۱) گوالن - شیر فروش - گھوسن (۲) وہ عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو - زچہ +

دُودھا بھاتی - ۲- اسم مونث (۱) دودھ چاول جیسے چھی چھی چھی چھی کوا کھائے دودھا بھاتی نا کھائے + (بچے کے منہ دھلانے کا فقرہ) ۲- چوتھی کی ایک رسم جس میں دولہا کو کھیر کھلاتے ہیں - ہندوؤں کی ایک رسم ہے جو دُولہا دلہن کے ساتھ بڑھاڑ کے دن برتی جاتی ہے +

دُودھاری - ۲- اسم مونث (پورب) (۱) بہت دودھ دینے والی + دُدھیل + (۲) عوام دودھاری یعنی دودھ والی تلوار یا خنجر کو بھی اسی طرح بولتے ہیں)

دُودھوں نہاؤ پوتوں پھلو - ۲- دعا - عو - نہایت دولت اور اولاد میں رہو - دھن دولت آل اولاد سے خوش رہو - صاحب اولاد ہو - مال و دولت کی فراوانی ہو + قطعہ

بیگمانے جو کیا جھک کے سلام آتو کو
آغا مینا نے سنائی اُسے یوں ہے آواز
پوتوں پھلنا تجھے اور دودھوں نہانا ہو نصیب
بیاہ ہو سونے کے سہرے سے تری عمر دراز (ناسخ)

دُودھی - ۲- اسم مونث (۱) پستان - چوچی - چھاتی (۲) ایک بوٹی کا نام جس میں سے توڑنے کے ساتھ دودھ نکلتا ہے اور نیز ایک قسم کا پتھر (اس معنی میں دُدھی زیادہ بولتے ہیں)

دُودھیا - ۲- صفت (۱) دودھ کا - پراز شیر + رسیلا رس سے بھرا ہوا (۲) سفید - دھولا - چٹا (۳) کچا - ہرا - سبز جیسے دودھیا سنگھاڑا (۴) اسم مذکر ایک قسم کا پتھر (۵) اسم مذکر) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن جس میں دودھ زیادہ ڈالکر ملایم کر لیتے ہیں +

دُودھیل - ۲- صفت - بہت دودھ دینے والی بسیار شیر دہندہ - جیسے دودھیل گائے کی دولتیں بھی بھلی +

دور

دَوْر - ع - اسم مذکر (۱) گرداگرد پھرنا - چرخ - گردش - چکر - ؎

دیتا ہے دَور چرخ کسے فرصت نشاط
ہو جس کے پاس جام وہ اب جم سے کم نہیں (ذوق)

(۲) کسی چیز کا دورہ کرتے کرتے اپنی ہی ذات پر پھیرنا - (۳-۱) چال رفتار - روش (۴-۱) حکومت - راج - سلطنت - عمل - ؎

اے قیس عمل وادیٔ وحشت سے اُٹھا لے
تھا پیش ازیں دور ترا اب ہے ہمارا (اسیر)

(۵-۱) گردش ساغر - ؎

ہجر میں مے سے بجائے نشہ ہوتا ہے خمار
باعث دوران سر ہے دور میرے جام کا (ناسخ)

(۶-۱) حاشیہ - کنارہ + حلقہ - گرد - گھیرا جیسے شال کا دور (۷-۱) باری - نوبت - وار - ممبر جیسے سبق قرآن شریف کی دور (اس معنی میں مونث بولتے ہیں) (۸-۱) اسم مذکر - گرداگرد - چاروں طرف - ارد گرد - (۹-۱) زمانہ - عرصہ - مدت (۱۰-۱) انقلاب - زمانہ کا الٹ پلٹ الٹا پلٹی - تغیر و تبدل +

دَور - دَوَر - ف - اسم مذکر - راج - عمل - دخل - حکومت + اقبالمندی چلتی + ؎

ہے یوں ہی مدتوں سے حسینوں کا دَور دَور
کچھ آج سے زمانہ میں دَورِ قمر نہیں (ناسخ)
فصل گل میں اس قدر ہے میکشوں کا دَور دَور
سبحہ زاہد نے بنائی دانہ انگور کی (؎)

دَورَدَورا - ا- اسم مذکر - حکومت + اقبال + چلتی - راج - عمل - دخل +

دَور کرنا - ا- فعل متعدی - دو شخصوں کا بیٹھ کر باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن سنانا +

دُور - ف - صفت (۱) بعید - فاصلہ - بُعد (۲-۱) علیحدہ - جدا - الگ پرے (۳-۱) کلمۂ نفرت بمعنی ہٹ - سرک - چل بھگ (۴-۱) دانستہ - دور اندیش +

دُور اُس سے - ا- تابع فعل - نصیب اعدا - خدا نا کردہ ؎

آپ میں ہم نہیں تو کیا ہے عجب + دور اس سے رہا ہے کیا ہم میں (لالہ ام)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دور

دور اندیش ۔ف ۔صفت ۔دور بین ۔انجام بیں ۔عاقبت اندیش ۔ ہوشیار ۔ آگا پیچھا سوچنے والا ۔

دور اندیشی ۔ف ۔اسم مونث ۔دور بینی ۔عاقبت اندیشی ۔عقلمندی دانائی ۔سوچ بچار ۔سوجھنا ۔

دور بھاگنا ۔ا ۔فعل لازم ۔نفرت کرنا ۔متنفر ہونا ۔الگ رہنا ۔پاس نہ پھٹکنا ۔ وحشت پکڑنا ۔

دور بین ۔ف ۔اسم مونث (۱) دور کی چیز دیکھنے کا آلہ ؎

ہر طرح محروم نظارہ سے رہ جاتے ہیں ہم
بام پر آتے ہیں وہ تو دور بیں ملتی نہیں (اسیر)

(۲ ۔صفت) دور اندیش ۔ دور یا فاصلہ کی چیز دیکھنے والا ۔

(دوربین کا ایجاد اس طرح ہوا کہ ایک روز شہر مڈلبرگ واقع نیدرلینڈ کا ایک عینک ساز اپنی دکان میں بیٹھا ہوا کام کر رہا تھا اور اس کے لڑکے بالے وہیں آس پاس بیٹھے ہوئے کھیل رہے تھے کہ دفعتہً اس کی چھوٹی لڑکی چلا اٹھی کہ آباد یکھنا مینار کتنا پاس آگیا عینک ساز اس کی حیرت کا سبب دریافت کرنیکی غرض سے قریب آیا دیکھا تو لڑکی دو لنس شیشے جن سے بڑی چیز معلوم ہوتی ہے ہاتھ میں لئے بیٹھی ہے ان میں سے ایک اس کی آنکھ کے قریب ہے اور دوسرا ہاتھ بھر کے فاصلہ پر یہ بھی اس کے سہلو میں بیٹھ گیا اور دیکھا کہ جو شیشہ اس کی آنکھ کے قریب ہے وہ ایک مجوف سطح پر تھا ۔اور جو دور ہے وہ ابھری ہوئی یعنی قبہ دار محدب سطح پر ۔اس نے بھی ان دونوں شیشوں کو ہاتھ میں لے لیا اور جس طرح لڑکی دیکھ رہی تھی اسی طرح دیکھنے لگا جس سے ثابت ہو گیا کہ حسن اتفاق سے لڑکی نے دونوں لنس شیشوں کو مناسب سیدھ میں قایم کر لیا تھا اور اسی سبب سے اس کو یہ عجیب و غریب کیفیت نظر آئی تھی ۔ جسکے کہ شہر سے دوچلا اٹھی ۔ چونکہ عینک ساز ایک طبیعت دار آدمی تھا اس نے اپنی تیز بے عقل سے محدب و مقعر شیشوں کے خواص بخوبی کام عینک کے نالوں میں بھی نظروں کی تفاوت کے سبب پڑتا رہتا تھا اور بھی زیادہ معلوم کرنے اور اس عجیب و غریب تجربہ کو بخوبی ذہن نشین کر لیا اور لنس شیشوں کے استعمال کا جدید طریقہ معلوم ہوا فوراً کام میں لانا شروع کر دیا عینک ساز نے اس موقع سے بہت پیشتر دھلی کا ایک چونگلا بھی طیار کیا تھا اب اس نے اس چونگلے میں مناسب فاصلہ پر شیشے لگا کر دوربیں تیار کر لی اور بعد میں ان کی اصلاح ہوتے ہوتے یہانتک نوبت پہنچی کہ چاند کے فاصلہ کو بھی قریب کر کے دیکھنے کی تدبیر نکال لی گئی ۔محدب اور مقعر شیشے کے خواص کی کیفیت دوربین کے اجزا اور رسیدھے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہو جاتی ہے کہ ایک رخ سے فاصلہ بڑھ جاتا اور دوسرے سے گھٹ جاتا ہے ۔)

دور

دُور پار ۔ا ۔کلمہ نفرت عو ۔(۱) دور باد ۔خدا نہ کرے ۔نصیب اعدا ز نوج (۲) زنخہ ۔زنانہ ۔ ہیجڑا ۔

دور پہنچنا ۔ا ۔فعل لازم (۱) دور نکل جانا ۔ دور چلا جانا (۲) درجہ کمال اور بلند خیالی پر پہنچنا ۔ بلند پروازی کرنا (۳) بڑوں تک پہنچنا ۔بڑوں کی گالی دینا ۔

دور تک پہنچنا ۔ا ۔فعل لازم (۱) بڑوں تک جانا ۔بڑوں کی گالی دینا (۲) فاصلہ تک چلا جانا ۔

دور دبک بتانا ۔یا ۔کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔دھتکارنا ۔کھدیڑنا نکالنا ۔بڈارنا ۔ کاڑھنا ۔

دُور دَراز ۔ف ۔صفت ۔کالے کوسوں ۔بہت فاصلہ پر ۔مسافت بعیدہ پر ۔

دور دست ۔ف ۔صفت ۔وہ جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو ۔ کالے کوسوں ۔نہایت دُور ۔

دُور دُور ۔ا ۔ند ۔عو ۔کلمہ نفرت و انکار ۔پرے پرے ۔ہٹ ہٹ سرک ۔پرے ہو ۔

بوسے کا سائل ہوں کیوں مجکو نہ کہوے دور دور
قدر کیا محتاج کی حاجت روا کے سامنے (ناسخ)

دُور دُور پہنچنا ۔ا ۔فعل لازم ۔اول معلوم ۔دوم بلند پروازی کرنا ۔بالغ نظر ہونا ۔ غائر نظر ہونا ؎

اِک جام پی کے کرتے ہیں ہفت آسمان کی سیر
میخانے سے پہنچنے لگے دُور دُور ہم

دُور دُور کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔عو ۔کسی کو پاس نہ آنے دینا ۔نہایت نفرت اور بیزاری ظاہر کرنا ۔

دور رہنا ۔ا ۔فعل لازم ۔الگ رہنا ۔جدا رہنا ۔

دور کا ناتا ۔یا ۔رشتہ ۔ا ۔اسم مذکر ۔رشتہ بعید ۔قرابت بعیدہ پرے کا واسطہ ۔

دور کرنا ۔ا ۔فعل متعدی (۱) الگ کرنا ۔الگ کاٹنا ۔ جدا کرنا ۔خارج کرنا ۔ہٹانا ۔دفع کرنا ۔ہٹانا ۔دفع کرنا ۔باز آنا ؎

جو شکوہ دل نالاں حضور کرتے ہیں ۔
ہم اس فساد کو پہلو سے دور کرتے ہیں (رشک)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دور

(۲) غایب کرنا۔ پوشیدہ کرنا۔ آنکھوں سے علیحدہ کرنا (۳) موقوف کرنا۔ جواب دینا۔ نوکری سے برطرف کرنا۔ برخاست کرنا (۴) رد کرنا۔ کاٹنا۔ منسوخ کرنا۔ بیچنا۔ فروخت کرنا۔ پاس نہ رکھنا۔ جیسے اس چیز کو دور کرو +

دور کھینچنا ۔ا۔ فعل لازم۔ کشیدہ رہنا۔ الگ رہنا + نخوت وغرور کرنا + ؎

کھینچے دو دور یار کو ماہ تمام سے
ہمت بلند چاہیے دو ہاتھ بام سے (آتش)

دور کھینچنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ نخوت کرنا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ دماغ کرنا + ؎

دور اتنا آپ کو مجھ سے نہ اے خونخوار کھینچ
ایک دن اس سے تو میرے قتل کو تلوار کھینچ (ناسخ)

دُور کی بات ۔ا۔ اسم مونث۔ پہنچ کی بات۔ گہرا خیال۔ نکتہ۔ باریکی۔ سمجھ کی بات +

دُور کی سُنانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ باپ دادا تک جانا۔ بڑوں کو گالیاں سنانا + پُتنا۔ بکھاننا۔ اگشنا +

دور کی سوجھنا ۔ا۔ فعل لازم۔ گہرا خیال آنا۔ فکر بلند وخیال تازہ ذہن میں گزرنا۔ باریک ونادر بات خیال میں آنا + دور بین دور اندیش ہونا + ؎

اس پری رخسار پر بھبتی کہی ہے حور کی
سچ تو یہ ہے سوجھتی ہے کیا ہی محبوب دور کی (ناسخ)

دور کی کٹوری لانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ بڑا کام کرنا۔ بڑا تیر مارنا۔ قابل فخر کام کرنا۔ طنزاً بولتے ہیں چونکہ بٹیر وغیرہ پرندوں کو چھلا یا کٹوری لانا سدھایا جاتا ہے اور یہ کام اس کی بساط سے باہر ہوتا ہے لہذا یہ محاورہ اس سے لے لیا گیا ہے +

دور کی کہنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ نہایت سمجھ کی بات کہنا۔ عرفا کی کہنا۔ حد بشریت سے بڑھکر کہنا۔ سمجھ سے باہر بات کہنا +

دور کی ہانکنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ گپ لگانا۔ شیخی مارنا۔ ہوت سے زیادہ ظاہر کرنا۔ لیاقت سے بڑھکر دعوے کرنا +

دور ہو ۔ا۔ کلمہ نفرت۔ ہٹ۔ سرک۔ منہ نہ دکھا۔ بھاگ۔ چل ہٹ دفع ہو +

دور ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ جاتا رہنا۔ جیسے بیماری کا دور ہونا (۲) فاصلہ پر ہونا۔ کالے کوسوں ہونا (۳) نہایت بعید اور سمجھدار ہونا + نہایت شریر اور بدذات ہونا (۴) ہٹنا۔ سرکنا۔ پرے ہونا۔ نظر سے غائب ہونا + ؎

جب دُور تم ہوئے مری چشم پر آب سے
لاکھوں برس گزر گئے اپنے حساب سے (مولف)

دَوران ۔ف۔ اسم مذکر (۱) گردش کرنے والا۔ دوار (۲) زمانہ۔ وقت۔ مجگ (۳) عمر۔ اوستھا (۴) گردش۔ چکر۔ دورہ۔ انقلاب +

دوران سر ۔ف۔ اسم مذکر۔ سر گھومنا۔ سر کا چکر۔ درد سر۔ گھمیری۔ ؎

بادہ گلگوں میں افیوں کا اثر ہو جائیگا
دور مے سے یار بن دوران سر ہو جائیگا (رند)

دَورَہ ۔ا۔ اسم مذکر (۱) گردش۔ چکر (۲) باری۔ نوبت (۳) گشت پھراؤ حکام یا افسروں کا اپنے علاقہ کو دیکھنا +

دورہ سپرد کرنا ۔ا۔ فعل متعدی (قانون) فوجداری کے سنگین مقدمہ کو تجویز کے لئے سشن جج کے سپرد کرنا۔ عدالت کے سپرد کرنا +

دورہ سپرد ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ فوجداری عدالت کے سپرد ہونا۔ مقدمہ کا سشن جج کے متعلق ہونا +

دورہ کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ چکر لگانا۔ گشت کرنا۔ حکام کا اپنے ضلع اور علاقہ کے دیکھنے کے واسطے اٹھنا +

دُوری ۔ف۔ اسم مونث۔ بعد۔ فاصلہ + تفاوت۔ فرق۔ جدائی مفارقت۔ بیرہ +

دَوڑ ۔ہ۔ اسم مونث (۱) تاخت + دوش + حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی (دشمنوں یا مجرموں کی گرفتاری کے واسطے شتاب روی (۲) پہنچ رسائی جیسے ملاکی دوڑ مسجد تک (۳) کوشش۔ سعی۔ پیروی جد وجہد جیسے بیمار کی دوڑ موتی تو بچ جاتا +

دَوڑ دَوڑ یا دَوڑ دَوڑ کے جانا ۔ہ۔ فعل لازم۔ گھڑی گھڑی جانا۔ جلد جلد جانا۔ دمبدم جانا۔ ؎

گر جائے زلف سے کہیں یہ الجھ کے دل + جاتا ہے دوڑ دوڑ کے چاہ ذقن کے پاس (مولف)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دوڑ

دوڑ چلنا - ا - فعل لازم - بڑھکر چلنا - اپنی حد سے باہر قدم رکھنا بے سوچے کوئی کام کرنا جیسے دوڑ چلے نہ گر پڑے +

دوڑ دھپاڑ - ا - اسم مونث - دیکھو (دوڑ دھوپ) قطعہ حسب تلک ہوسکے دوگانا جان + کیجئے اپنی طرف سے دوڑ دھپاڑ آگے پھر یا نصیب یا قسمت + جو بدا ہو سنوار یا کہ بگاڑ (انشاء)

دوڑ دھوپ - ا - اسم مونث - سعی و کوشش - تلاش و جستجو - تگ و پو - نہایت پیروی - دوا دوش + محنت و مشقت +

دوڑ دھوپ کرنا - ا - فعل متعدی - نہایت کوشش و پیروی کرنا +

دوڑ کر چلنا - ا - فعل لازم (۱) بھاگ کر چلنا - تیزی اور سرعت سے چلنا (۲) بڑھکر چلنا - بساط سے باہر قدم رکھنا بے سوچے کوئی کام جلد کرنے پر مستعد ہو جانا +

دوڑ مارنا - ا - فعل لازم (۱) تاخت و تاراج کرنا - بیخبری میں دشمن پر چھاپہ مارنا + یکایک حملہ آور ہونا - دھاوا کرنا - چڑھ جانا (۲) لمبا سفر کرنا + دراز مسافت طے کرنا (۳) مشکل کام کا انجام پہنچانا (۴) نہایت کوشش اور دوا دوش کرنا +

دوڑا دوڑی - ا - اسم مونث - بھاگ دوڑ + بھاگا بھاگ + دوا دوی +

دوڑانا - ا - فعل متعدی (۱) بھگانا - لپکانا - جلدی جلدی چلانا - ڈپٹانا (۲) جلد قاصد روانہ کرنا - جلد بھیجنا (۳) لگانا - چپکانا - نان پاؤ پکانا جیسے تنور میں روٹیاں دوڑانا - (۴) پھیلانا - بچھانا - (۵) محنت کرانا - تھکانا - مشقت لینا - حیران کرنا - پھرانا +

دوڑ دوڑانا - ا - فعل لازم - گھڑی گھڑی آنا - جلد جلد آنا - بار بار آنا +

دوڑنا - ا - فعل لازم (۱) بھاگنا - لپکنا - ڈپٹنا - دویدن کا ترجمہ (۲) جلدی جانا - جلدی چلنا (۳) پھیلنا - بچھنا (۴) محنت و سعی کرنا - پیروی کرنا (۵) حیران ہونا - پھرنا (۶) حملہ کرنا - دھاوا کرنا - تاخت کرنا +

دوڑنا دھوپنا - ا - فعل لازم - تگ و دو کرنا - کوشش و سعی کرنا پیروی کرنا +

دوس

دوزخ - ف - اسم مونث (مگر بول چال میں مذکر زیادہ بولتے ہیں) جہنم نرک + جہنم لوک - وہ ساتوں طبقے جو سخت الشرے میں گناہگاروں کی سزا کے واسطے خیال کئے گئے ہیں +

ہوا مسلماں میں اور ڈر سے نہ درس واعظ کو نکے مومن
بنی تھی دوزخ بلا سے بنتی عذاب ہجر صنم نہ ہوتا (مومن)

(۲-ا) پیٹ - شکم جیسے دوزخ بری بلا ہے - مراعی پیدا کرے ہر چند تقدس بندہ + مشکل ہے حرص سے رہو دل بکند جنت میں بھی اکل و شرب سے کب ہے نجات + دوزخ کا بہشت میں بھی ہوگا دھندا (میر درد)

دوزخی - ف - صفت - جہنمی - پاپی - اپرادھی +

دوس - ا - اسم مذکر - دوش - الزام + خطا - قصور - جرم + عیب نقص + پاپ - گناہ +

دوس دینا - ا - فعل متعدی - الزام لگانا - خطاوار ٹھیرانا - برائی سے یاد کرنا - قصوروار قرار دینا - عیب لگانا - گلہ مند و شاکی ہونا - شکوہ و شکایت کرنا + ؎

دوس دوں کس کو نہیں اس میں کسی کی تقصیر
آفتیں سر پہ مرے میری ہی لائیں آنکھیں (داحسن)

دوسار ہونا - ا - فعل لازم - تیر کا ترازو ہونا - تیر کا آر پار نکلکر لٹک رہنا - تیر یا نیزہ کا بدن سے پار ہو جانا + ؎

سینہ پر سو نیزہ جو کھائے تب اک تیر دوسار ہوا
ہاتھوں کو کیا چوستے ہو دل پر بھی کرے تاش تاش سو (نصیر)

دوساہی - یا - **دوساکھی** - ا - صفت - دو فصلی - وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں - نیز وہ زمین جسکے نیچے سخت زمین اور اوپر ریت ہو +

دوست - ف - اسم مذکر - لغوی معنی چسپاں و پیوستہ (۱) نقیض دشمن - یار - آشنا - مشفق - ایک جاں دو قالب - مترجم - محب - محبد - سنیہی - خیر خواہ (۲) معشوق - محبوب - صنم - پریتم +

دوست بنانا - ا - فعل متعدی - یار بنانا - گانٹھنا - ملانا + سازش کرنا + ہمراز بنانا + طرفدار بنانا +

دور رکھنا - ا - فعل متعدی - پسند کرنا - عزیز رکھنا - پیار کرنا - چاہنا مرغوب سمجھنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دوس

دوستانہ - ا۔ اسم مذکر۔ یاری۔ دوستی۔ محبت۔ یارانہ +

دوستانہ میں - ا۔ تابع فعل۔ یارانہ میں۔ دوستی میں + صفت۔ بلاقیمت +

دوستدار - ا۔ صفت۔ عو۔ خیرخواہ۔ دلسوز + سہراز۔ مشفق + ملاپدار +

دوستداری - ا۔ اسم مونث۔ خیرخواہی۔ دوستی۔ دلسوزی +

دوستی - ف۔ اسم مونث۔ یارانہ۔ دوستانہ۔ یاری۔ پیار۔ محبت آشنائی۔ ربط۔ اتحاد +

دوستی روٹی - ا۔ اسم مونث (پورب) ایک قسم کی روٹی جو گھی کی لاگ سے دو پرتے بناکر پکائی جاتی اور بعد میں ایک کی دو دو کر لی جاتی ہیں۔ جڑواں روٹی +

دوستی کا دم بھرنا - یا۔ مارنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ دوستی کا دعوی کرنا۔ دوست ہونے کا بیڑا اٹھانا۔ دوستی کا حق جتانا +

دوسرا - ا۔ صفت (۱) دوم۔ ثانی۔ اور۔ دیگر (۲) مثنیٰ (۳) غیر۔ اجنبی (۴) مقابل کا۔ برابر کا +

دوسرا تسرا کرنا - ا۔ تابع فعل۔ دوسری اور تیسری دفعہ۔ بار بار۔ کئی کئی بار (بواو معدولہ دسرا پڑھو)

دوسری - ا۔ اسم مونث۔ دیگر۔ ثانی۔ اور +

دوسری حالت - یا صورت پکڑنا - ا۔ فعل لازم۔ تغیر پذیر ہونا۔ استحالہ قبول کرنا۔ منقلب ہونا +

دوسری ماں - ا۔ اسم مونث۔ سوتیلی ماں +

دوش - س۔ اسم مذکر۔ (دیکھو دوس)

دوش - ف۔ اسم مذکر۔ کندھا۔ مونڈھا۔ شانہ (۲) تابع فعل، گزری ہوئی رات۔ شب گزشتہ +

دوشالہ - ا۔ اسم مذکر۔ چادر جوڑا۔ الوان کی دوہر پشمینہ کی چادر کا جوڑا +

دوشاخہ - ا۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا شمعدان جس میں دو ٹہنیاں ہوتی ہیں + بنگ چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں +

دوشنبہ - ف۔ اسم مذکر۔ یکشنبہ کے بعد کا دن۔ پیر۔ سوموار +

دول

دوشیزگی - ف۔ اسم مونث۔ کوارہن۔ چیرابند ہونا۔ لکارت +

دوشیزہ - ف۔ اسم مونث۔ چیرابند۔ کواری۔ باکرہ۔ بن بیاہی۔ کنیا اچھیڑ۔ نابالغ لڑکی +

دوعملہ - ا۔ اسم مذکر۔ وہ چیز۔ یا وہ مکان جس میں دو شریک ہوں

دوعملی - ا۔ اسم مونث۔ حکومتِ مشترکہ + بداتنظامی۔ بدنظمی +

دوغلا - ا۔ صفت (اصل میں دوغلہ) دونسلا۔ دوبھیسا۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں + گھاگس۔ جودھڑا۔ کم اصل۔ کمینہ۔ کم ذات +

دوغلی - ا۔ اسم مونث (۱) دونسلی۔ میل کی۔ وہ عورت جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہوں (۲) منافق۔ دورو + نفاختی + برکابی مذہب +

دوغلی بات - ا۔ اسم مونث۔ دوفصلی بات۔ وہ بات جو صاف اور ایک طرفی نہو + دورخی بات +

دوکان - ا۔ اسم مونث۔ (دیکھو دکان)

دوکھہ - ہ۔ اسم مذکر۔ (دیکھو دوس + دوش)

دوکھنا - ہ۔ فعل متعدی (۱) دوش لگانا۔ دوش دینا۔ عیب لگانا نام رکھنا۔ طعنہ دینا۔ ؎

مجکو دوکھا جو کسی نے تو وہ بولے اے وائے
ایک میرا ہے وہ لاکھوں کی برابر عاشق (انشاء)

(۲) بہتان لینا۔ الزام دھرنا (۳) پوشیدہ عیب کو ظاہر کرنا (۴) برا کہنا۔ حرف رکھنا۔ ؎

دوکھے کوئی جو ہمکو تو ہم مانیں کیوں برا
اس عہد میں خراب ہیں اہل ہنر درست (مصحفی)

(۴) بات کاٹنا۔ قطع کلام کرنا +

دوگاڑا - ہ۔ اسم مذکر۔ دونالی بندوق

دوگانہ - ف۔ صفت۔ (دیکھو دگانہ + لفظ دو کے مشتقات میں دوگانہ) +

دولاڑ - ہ۔ اسم مذکر۔ (دیکھو دولار)

دولارا - ہ۔ اسم مذکر۔ (دیکھو دولار ا) +

دولاری - ہ۔ اسم مونث۔ (دیکھو دولاری) +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دول

دُولائی ۔ا۔ اسم مونث (دیکھو دُولائی)

دَولت ۔ع ۔ اسم مونث (۱) بخت ۔ اقبال ۔ نصیبا + ظفر ۔ فتحمندی (۲) دھن ۔ درب ۔ مال ۔ زر ۔ لچھمی ۔ نقدی ۔ ؎

مہراب کو بیلوں پہ ہونے لگی + دولتِ حسن جب لٹانے لگے (رند)

(۳) سلطنت ۔ حکومت ۔ طاقت جیسے دولت ایران ۔ دولت روم وغیرہ (۴) ۔ع) اولاد ۔ بیٹا بیٹی (۵ ۔ ا) لونڈی ۔ باندی لونکا نام (۶ ۔ ا ۔ نظم) بدولت ۔ طفیل +

دولت خانہ ۔ یا ۔ دولت سرا ۔ع +ف ۔ اظ ۔ مذکر ۔ دم مونث ۔ غریب خانہ کا نقیض ۔ محلسرا ۔ تخمیناً مسکن ۔ رہنے کا گھر + ؎

بچے اسے غافلو سیل حوادث سے نہیں ممکن
کرو بالفرض اگر دولت سرا تعمیر لوہے کی (ناسخ)

دولت قدم ۔ع ۔ اسم مونث ۔ لونڈی ۔ باندیوں کے نام جو اچھا شگون سمجھ کر رکھتے ہیں ۔ مبارک قدم +

دولت مند ۔ع +ف ۔ صفت ۔ مالدار ۔ دھنی ۔ روپے پیسے والا امیر ۔ صاحب زر ۔ تونگر +

دولت مندی ۔ع +ف ۔ اسم مونث ۔ امیری ۔ توانگری ۔ مالداری +

دولتی ۔ا ۔ اسم مونث ۔ دیکھو (مشتقات دوہیں) جفتہ +

دُولہا ۔ا ۔ اسم مذکر ۔ دیکھو (دُلہا)

دولہا بھائی ۔ا ۔ اسم مذکر ۔ بہنوئی ۔ بہن کا دولہا +

دولہا دُلہن مل گئے جھوٹی پڑی برات ۔ا ۔ کہاوت ۔ دوست دوست ایک ہو گئے دراندازِ مفت بُرے بنے +

دولہا کے ساتھ برات ۔ یا ۔ دولہا کے سر سہرا ۔ا ۔ کہاوت سردار کے ساتھ ملازم ہیں + قطعہ

آپ کو چشم فہم سے ٹک دیکھ + ہے تجھ ہی سے یہ کائنات تمام
اپنی ہستی تلک ہے کون و مکاں + ساتھ دولہا کے ہے برات تمام (ذکا)

دُولہن ۔ا ۔ اسم مونث ۔ دیکھو (دُلہن)

دُوم ۔ف ۔ صفت ۔ دوسرا + دیگر ۔ ثانی +

دُوَن ۔ا ۔ اسم مونث (مرکبات میں) (۱) گھاٹی ۔ درہ کوہ + پہاڑ کی تلیٹی ۔ دامن کوہ جیسے دُیرہ دون وغیرہ (یہ لفظ شاید عربی دون سے ہے بمعنی

دول

مقابل فوق سے اس معنی میں مستعمل ہو گیا ہے) ۔ (۲ ۔ ا ۔ اسم مونث) لاف و گزاف شیخی ۔ ڈینگ ۔ تعلّی (۳ ۔ ا ۔ اسم مونث) گلے میں آواز کا رو چند کرنا ۔ الاپ ۔ اونچے سر کی آواز ۔ ڈگن ۔ (دوسرے تیسرے معنی میں اس کی اصل دونا ہے)

دون کی لینا ۔ا ۔ فعل متعدی ۔ ڈینگ مارنا ۔ تعلّی کرنا شیخی بگھارنا + اترانا ۔ خودستائی کرنا + ؎

دون کی آپکے دمساز بجا لیتے ہیں
لحنِ داؤد کو تالوں میں دبا لیتے ہیں

دُون ۔ع ۔ صفت (مرکبات میں) ۔ حقیر ۔ کمینہ ۔ ادنےٰ ۔ پاجی ۔ سفلہ کم ۔ ہیچ جیسے دون ہمت بمعنی کم ہمت (۲) سوائے ۔ غیر ۔ جز ۔ مگر اس معنی میں ایک بائے موحدہ زیادہ کر کے بولتے ہیں جیسے بدون

(۳) زیر ۔ مقابل ۔ فوق ۔ نیچے ۔ تلیٹی +

دَوں ۔ا ۔ اسم مونث (۱) آگ ۔ آتش ۔ اگنی + شعلہ ۔ لو ۔ آگ کا شدت کے ساتھ مشتعل ہونا ۔ آنچ ۔ ؎

شعلے بھڑک رہے ہیں یوں اپنے تن کے اندر
دوں لگ رہی ہو جیسے گرمی میں بن کے اندر (انشا)

(۲) پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش (۳) گرمی ۔ حدّت + حرارت (۴) سوزش ۔ جلن ۔ سوز ۔ حرقت (۵) بھبل ۔ خواہش ۔ جماع + جوش ۔ ولولہ +

دَوں لگنا ۔ا ۔ فعل لازم (۱) آگ لگنا ۔ آگ کا مشتعل ہونا (۲) پیاس لگنا تشنگی غالب ہونا ۔ (۳) سوز محبت ہونا ۔ آتش عشق کا بھڑکنا + ؎

ہر دے اندر دوں لگی دھواں نہ پرگھٹ ہوئے
جاتن لاگے سو لکھے دوجا لکھے نہ کوئے (دوہا)

دُونا ۔ا ۔ صفت (۱) دُگنا ۔ دوچند ۔ المضاعف ۔ ؎

بہر اہوں میں تو چاہیئے دونا ہوالتفات
سنتا نہیں ہوں بات مکرر کہے بغیر (غالب)

(۲) دو بالا ۔ افزوں ۔ بیش ۔ زیادہ ۔ ؎

کہوں سو چمن کو کس روش میں تجھ سے دونا ہے
ترا تو قامت بالا قیامت کا نمونہ ہے (شوق)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

(۳) دوہرا۔ ڈبل +

دونا ہونا ۔ف۔ فعل لازم۔ زیادہ زیادہ ہونا جیسے جُوں جُوں منع کرو دل دونا ہوتا ہے +

دُونا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) پتوں کا پیالہ۔ پتّل (۲)۔ نیاز کی شیرینی جو پتوں میں لائی جاتی ہے + بازاری چٹخاروں کی چیزیں جو دونوں میں دی جاتی ہیں (یہاں ظرف بمعنی مظروف مستعمل ہے) +

دونا چڑھانا ۔ف۔ فعل لازم۔ پھول اور شیرینی کا دونا مزار وغیرہ پر دینا +

دونا دینا ۔ف۔ فعل متعدی۔ عو۔ حضرت شکلکشا شیر خدا علی علیہ السلام یا حضرت فاطمہ خاتون جنت علیہا السلام کی نیاز دینا۔ جس وقت کھڑا دونا کہتے ہیں تو وہاں فی الفور نیاز دلوانے سے غرض ہوتی ہے + (نہاں) جلد بازار سے تو لا دونا + کہ دَدّا دونگی میں کھڑا دونا +

دونا ماننا ۔ف۔ فعل لازم۔ عو۔ نذر و نیاز کا عہد کرنا۔ نیا۔ ماننا۔ نذر ماننا۔ شیرینی ماننا +

دونا ہو جانا ۔ف۔ فعل لانا۔ (لکھنؤ) تلوار کا دُہرا ہو جانا۔ تیغ کا خمیدہ ہو جانا۔ تلوار جھک جانا +

جان شیریں ہم نے کس سختی سے دی
تیرا قاتل کا دونا ہو گیا۔ (وصبا)

دُونا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کی خوشبودار بڑے پھول کی گھاس کا نام +

دونگڑا بنی ۔ا۔ اسم مذکر (۱) برسات کے شروع کی وہ بارش جو خوب زور سے ہو (۲۔ ہندو) چھلا انگیٹھی پر نکالا کرے +

دونوں ۔ا۔ صفت۔ ہر دو +

دونوں باگیں کسنا ۔ف۔ فعل لازم (لکھنؤ) تیغ کا ہر دو جانب سے خمیدہ ہو جانا + ؎

نیک و بد سب سے جھک کے ملتی ہے
دونوں باگیں یہ تیغ کستی ہے (میر زابرق)

دونوں دونوں ہاتھوں سے۔ یا۔ دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا ۔ف۔ فعل لازم۔ عو۔ نہایت تعظیم بجا لانا۔ استادیا قابل تعظیم خیال کرنا + کسی بری بات یا جھوٹ اور شرارت وغیرہ

میں کامل ملنا + دور سے سلام کرنا +

دونوں وقت ملنا ۔ف۔ فعل لازم۔ دن اور رات کا ملنا۔ شام ہونا دن کا جانا اور رات کا آنا + ؎

ہوا سے بال پروں کے رخ ارادت پہ ہلتے ہیں
دل ہمارا ٹک اٹھ بیٹھ دونوں وقت ملتے ہیں (جرأت)

دونوں کی چاٹ پڑنا۔ یا۔ لگنا ۔ف۔ فعل لازم۔ بازار کے سودوں کا مزا پڑنا۔ چٹورپن ہونا +

دوہا۔ یا۔ دوہرا ۔ا۔ اسم مذکر۔ جوڑا۔ بیت۔ فرد۔ دو مصرعوں کا ہندی شعر +

دوہاجو ۔ا۔ اسم مذکر (۱) وہ مرد جس کی پہلی بیوی مر گئی ہو اور دوسری سے نکاح کر لیا ہو (۲۔ اسم مونث) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو اور دوسرے کے عقد میں آئی ہو۔ دوخصمی۔ ؎

دانہ بیوی کا نہ کھا کونڈے کو مت چھو کو کا
بھول مت جائیو ہے تو تو دوہاجو کو کا (بیگم)

دُوہائی ۔یا۔ **دُہائی** ۔ا۔ اسم مونث (۱) فریاد۔ دادخواہی۔ داد و انصاف چاہنا۔ استغاثہ۔ نالش (۲) پناہ۔ بچاؤ۔ امن خواہی۔ الغیاث (۳) شور رفغان (۴) قسم۔ واسطہ۔ سوگند۔ خلف عہد۔ ؎

میرے گھر چلئے اسی میں ہے بھلائی آپکی
آج میں ہرگز نہ چھوڑونگا دہائی آپ کی (رنگین)

(۵) منادی۔ ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔ اعلان (۶) گلہ۔ شکایت شکوہ +

دہائی پھرنا ۔ف۔ فعل لازم۔ منادی ہونا۔ ڈھنڈورا پٹنا۔ اعلان ہونا۔ ڈونڈی پٹنا۔ ؎

بولے کی شہر میں ہم سے دوہائی پھر گئی
تیرے پھر جاتے ہی بس ساری خدائی پھر گئی (رنگین)

دہائی پھرنا ۔ف۔ فعل متعدی۔ منادی کرانا۔ ڈونڈی پٹوانا۔ اشتہار کرانا۔ اعلان دینا +

دہائی دینا ۔ف۔ فعل متعدی (۱) مظلوموں کا فریاد کرنا۔ داد چاہنا داد خواہی کرنا۔ پناہ مانگنا۔ مدد مانگنا (۲) قسم دینا۔ واسطہ دینا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھا

(۳) شور کرنا - غل مچانا - ؎

نالہ اس شور سے کیوں میرا دہائی دیتا
لے فلک گر تجھے اونچا نہ سنائی دیتا (ذوق)

(۴) منادی کرنا +

دہائی ہے - ۲ - محاورہ - فریاد ہے - الغیاث ہے - پناہ ہے + الامان - الحفیظ + قطعہ

اگر جنگل میں لٹ جاوے کوئی تو کیا تعجب ہے
مگر تحقیق ہو تو چور کی مشکل رہائی ہے

مری تنخواہ لوٹی لٹیروں نے حویلی میں
بہادر شاہ غازی کی دہائی ہے دہائی ہے (ظفر)

دُوہتڑ - ۲ - اسم مونث - دو دستہ ضرب - دونوں ہاتھوں سے یکبارگی منہ یا سینے یا پیٹھ یا زمین پر ضرب لگانا +

دُوہر - ۲ - اسم مونث (۱) دولائی - دوہری چادر (۲) دریا کی پرانی تہ (۳) دہ فصلی +

دُوہرا - ۲ - صفت (۱) دوتہ - دولا جیسے دوہرا کپڑا (۲) ڈبل - دوچند - جیسے دوہرا حصّہ (۳) موٹا - فربہ - جیسے دوہرا بدن - ؎

بلبے شوخی دیکھتے ہیں جب مرا قدِ دوتا
ہنسکے کہتے ہیں بدن کیا ان کا دوہرا ہوگیا (وزیر)

دوہرا تہرا - ۲ - صفت - دوچند سہ چند +

دُوہرانا - ۲ - فعل لازم (۱) دوہرا کرنا - دوتہ کرنا (۲) پھیرنا - دوسری دفعہ پڑھنا یا کہنا آموختہ پڑھنا (۳) ذکر کرنا - روایت کرنا - بیان کرنا (۴) کوئی کام دوسری مرتبہ کرنا - اعادہ کرنا +

دُوہنا - ۲ - فعل متعدی - دودھ نکالنا +

دُوہنی - ۲ - اسم مونث - دودھ دوہنے کا برتن +

دُوئی - ف - اسم مونث (۱) وحدت کی ضد - نقیض توحید - دو سمجھنا - شرک + ؎

اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دو چار ہوتا (غالب)

(۲) علیحدگی - جدائی - فرق - دُراؤ +

دِہ - ۲ - اسم مونث - (مخفف دیہ) جسم - بدن - تن - کایا - کالبد - وجود شخصی - شبح +

دِہ دھارنا - ۲ - فعل لازم (ہندو) جسم اختیار کرنا - پیدا ہونا - جنم لینا - قالب بشری میں آنا +

دِہ دھرے کا ڈنڈ - ۲ - اسم مذکر (ہندو) قالب بشری اختیار کرنے یا دنیا میں آنیکا خمیازہ +

دِہ ڈنڈ - ۲ - اسم مذکر (ہندو) جسمی سزا - بدنی سزا - قدرتی سزا +

دَہ - ۲ - اسم مونث (ہندو) ندی - نالہ - جو جیسے کالی دہ (۲) بہت گہرا پانی - آب عمیق + قعر - گہرائی تہ + گرداب - ورطہ - بھنور +

دِہہ - ف - اسم مذکر - گرام - گام - گانو - قریہ - موضع - پنڈ - پُری - بستی - کھیڑا - نگری - آبادی (بعض موقع پر دیہ بھی صحیح ہے)

دِہ بندی - ف - اسم مونث - حلقہ بندی - تفصیل بندی + نقشہ مفصلات +

دَہ - ف - صفت - دس - عشر - ۱۰ - ؎ +

دہ چند - ف - صفت - دس گنا - دس حصّے +

دہ در دنیا سَتّر در آخرت - ا - کہاوت - یعنی اگر دنیا میں ایک حصّہ دوگے تو آخرت میں اسکا ستّر گنا ملیگا +

دہ در دہ - ف - صفت - دس گز شرعی مربع دس ہاتھ سے دس ہاتھ (دس گز مربع اور بالشت بھر گہرا پانی جو اہل اسلام کے ہاں پاک ہے) +

دہ یک - ف - اسم مذکر - ملک کی آمدنی کا دسواں حصّہ وہ خراج جو ایک دسواں لیا جاتا ہے +

دَہا - ا - اسم مذکر - عو - ماہ محرم - ہجری سنہ شروع ہونیکا مہینا قمری مہینوں کا پہلا مہینا +

دَھا - ۲ - اسم مذکر (۱) آہنگ - ترانہ - لے - چھٹا سُر ہندی راگ کا چھٹا جز جیسے - سا - رے - گا - ما - پا - دھا - نی (۲) دائی - انّا - دودھ پلانے والی +

دھا بھائی - ۲ - اسم مذکر - کوکا - دودھ بھائی - برادر رضاعی -

دَھابا - ۲ - اسم مذکر - کچی چھت - کچا کوٹھا یا مکان - اٹاری + وہ مکان جو انا ڈیوں نے چنا ہو - (۲) ہندو عام رسوئی گھر ہندوؤں کے

دھا

باورچی کی دوکان - لانگری کی دکان +

دکھا کے دینا - ف - فعل متعدی (ہندو) آنا کے سپرد کرنا +

دھاپ - ا - اسم مونث - وہ طولانی پیمایش جو انسان کے ایک سانس دوڑنے کی مقدار سے کی جاتی ہے - میل بھر +

دھاپنا - ف - فعل لازم (گنوار) رجنا - سیر ہونا - چھکنا - اگھانا (۲) تھکنا - ہارنا - عاجز آنا +

دھات - ا - اسم مونث (۱) وہ کانی جوہر جس میں پگھلنے کی صلاحیت ہو - فلز - جیسے لوہا - رانگ - تانبا - چاندی - سونا - سیسہ - جست - پارہ - حال میں پلاٹینم ٹین وغیرہ اور بھی دھات دریافت ہوئی ہیں (۲) منی - آب پشت بدہ سفید پانی جس سے نطفہ قرار پاتا ہے + مذی - ودی +

دھات چھن - ا - اسم مونث (ہندو) جریان - پیلان منی دھات بہنا +

دِہات - یا - **دیہات** - ف - اسم مذکر - بقاعدہ عربی وہ بمعنی قریہ کی جمع جسے اہل زبان معیوب خیال کرتے ہیں +

دہاتی - یا - **دیہاتی** - ا - صفت - گنوار - گانو کا رہنے والا - روستائی متعلق بہ دہ +

دھاتو - س - اسم مونث (ہندو) حرفوں کا مادہ حرفوں کی اصل + مصدر +

دُہاجو - ا - اسم مذکر - مححف - دوہاجو +

دھار - ا - اسم مونث (۱) خط - لکیر (۲) کسی رقیق چیز کی تلی - فوارہ جیسے خون کی دھار - پیشاب کی دھار وغیرہ - ؎

کھلوائی فصد یار نے میں قتل ہو گیا
کم تھی لہو کی دھار نہ خنجر کی دھار سے (ناسخ)

(۳) دم شمشیر وخنجر وغیرہ - باڑھ - آب - ؎

تیغ ابرو کے مضامیں ابھی کرتے ہیں تلاش
راہ چلنی ہے مجھے دھار پہ تلواروں کی (رند)

(۴) پانی کا بہاؤ - دریا کی وہ جگہ جہاں پانی زور کے ساتھ بہتا ہو + چشمہ آب (۵) دودھ کی دھار - تار شیر - شجنہ + دودھ جیسے گائے کی دھار نکال لی (۶) تھور کی دھار یا شاخ جیسے دو دھارا تھپڑ یا دو دھارا +

دھا

دھار باندھنا - ف - فعل متعدی - سحر یا افسون کے زور سے تلوار وغیرہ کی دھار کو کند کر دینا - جادو کے زور سے ہتیار کو نکما کر دینا + ؎

نہیں کرتی جو تیغ اسکی اثر کچھ جسم پر میرے
فسونگر ہے کوئی دشمن کہ اسکی دھار باندھی ہے (جرأت)

دھار پر مارنا - ف - فعل متعدی - پیشاب کی دھار پر مارنا - کسی چیز پر پیشاب کرنا - خاطر میں نہ لانا - حقیر جاننا - خیال میں نہ لانا - محض بے حقیقت نا چیز اور نالائق سمجھنا کچھ پرواہ نہ کرنا + ؎

بجا ہے طعن جو ابر بہار پر مارے
یہ چشم دہ ہے کہ دریا کو دھار پر مارے (انعام)
مگر وہ شوخ کہ طعنہ کٹار پر مارے
مژہ وہ تند کہ خنجر کو دھار پر مارے (جرأت)

دھار چڑھنا - ف - فعل متعدی (ہندو - عو) گنگا یا جمنا جی پر منت ماننا کہ دودھ کی دھار دالنا +

دھار دار - ا - صفت - باڑھ دار - تیز - بران +

دھار دینا - ف - فعل متعدی (گنوار) دودھ دینا - مفید کام کرنا جیسے یہاں بیٹھا کیا دھار دے ہے +

دھار رکھنا - ف - فعل متعدی - تیز کرنا - باڑھ رکھنا - صیقل کرنا - چھری کو پتھر چٹانا +

دھار کرنا - ف - فعل لازم - گند ہونا - کھنڈا ہونا - دانتے پڑنا - دھار نہ رہنا +

دھار لینا - ف - فعل لازم - تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پینا + منہ میں دودھ کی دھار چھوڑنا +

دھار مارنا - ف - فعل متعدی - پیشاب کرنا - موتنا - دھار لگانا + مرد کا زور سے پیشاب کی پچکاری چھوڑنا +

دھار نکالنا - ف - فعل متعدی - دودھ دوہنا - دودھ نکالنا - دودھ کاڑھنا - دوشیدن کا ترجمہ +

دھارا - ا - اسم مونث (مذکر (۱) چشمہ - دہانہ - بہاؤ - سوتا - سوت - منبع آبشار - جھرنا - پانی بہنے کی جگہ - ؎

یاد کشتی میں جو آیا وہ در دریائے عشق

دھا

دھار مچھر کی مجھے دریا کا دھارا ہو گیا (ناسخ)
(۲) سلسلۂ کوہ + پہاڑ کی چوٹی۔ قلہ +

دھارن ۔ہ۔ اسم مونث۔ ہندو (مرکبات میں) داشت رکھنا۔ رکھا ہوا۔ رکھاؤ۔ نگہداشت + تول جیسے ایک یا دو دھارن +

دھارن کرنا ۔ہ۔ فعل لازم (ہندو) اختیار کرنا۔ قبول کرنا۔ رسم تن کرنا جیسے جنیو دھارن کرنا + تولنا +

دھارنا ۔ہ۔ فعل متعدی (۱) اختیار کرنا۔ قبول کرنا۔ نگہداشت کرنا۔ رکھنا (۲) کسی عضو پر گرم پانی کی تلی ڈالنا (۳) اٹھانا سہنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ تھامنا۔ ڈھالنا۔ پہنا۔ انڈیلنا۔ سنبھالنا۔ پکڑنا +

دھاری ۔ہ۔ اسم مونث (۱) لکیر۔ خط۔ سیدھا خط۔ رکھیا (۲) رکھنے والا۔ دھرنے والا۔ سہارنے والا +

دھاری دار ۔و۔ صفت۔ خط دار۔ مخطط۔ وہ کپڑا جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں +

دھاڑ ۔ہ۔ اسم مونث۔ عو۔ گردہ۔ ہجوم۔ مجمع۔ انبوہ۔ چوروں کا گروہ۔ جتھا۔ کثرت + افراط اولاد + جلدی۔ اضطراب۔ اشد ضرورت +

دھاڑ پڑنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا۔ (۲۔عو) جلدی ماری جانا۔ جلدی پڑنا۔ شتابی ہونا۔ اضطراب ہونا۔ جیسے ایسی کیا دھاڑ پڑی ہے کہ ابھی دیدو +

دھاڑ کی دھاڑ ۔ہ۔ تابع فعل۔ گروہ کا گروہ۔ انبوہ کا انبوہ۔ جتھے کا جتھا۔ کثرت اور انبوہ +

دھاڑ مار کر رونا ۔ہ۔ فعل لازم۔ نہایت چلا کر رونا۔ زور سے رونا۔ واویلا کرنا۔ کثرت سے رونا +

دھاڑ مارنا ۔ہ۔ فعل متعدی (۱) ڈاکا ڈالنا۔ بہت سے چوروں کا حملہ کرنا + (۲۔ہندو) زور سے رونا۔ چلا کر رونا +

دھاڑا ۔ہ۔ اسم مذکر (عو) (۱) درجہ۔ حال۔ گت۔ حالت۔ لکھا (۲) درگت۔ مگت۔ برا لکھا۔ برا درجہ جیسے تمنے اپنا کیا دھاڑا کر رکھا ہے +

دھاڑی ۔ہ۔ اسم مونث۔ ایک دن کی مزدوری۔ دھیانگی۔ روزیہ

دھا

یومیہ +

دھاڑی ۔ہ۔ اسم مذکر۔ چوروں کے گروہ کا ایک چور۔ ڈاکو۔ رلھار لٹیرا۔ بڑا بھاری چور۔ نامی چور +

دھاڑے کا دھاڑا ۔ہ۔ تابع فعل۔ عو۔ دیکھو (دھاڑ کی دھاڑ)

دھاڑنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) شیر کا گرجنا۔ شیر کا بولنا۔ ڈرونا چنگھاڑنا غرانا۔ گونجنا (۲) غل مچانا۔ چلانا۔ شور کرنا (۳) بچوں کا سخت آواز سے رونا +

دھاڑیں مار کر رونا ۔یا۔ مار کر رونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چلانا چیخنا واویلا کرنا۔ زار زار رونا + ؎

مستی میں شرم گنہ سے میں جو رویا دھاڑیں مار
گر پڑا بجھ دھو واعظ جمعہ کو منبر سمیت (میر)

دھاک ۔ہ۔ اسم مونث (۱) رعب۔ خوف۔ دہشت۔ ہیبت بھے۔ ڈر (۲) جاہ و جلال۔ شہرت۔ دبدبہ۔ ناموری۔ آوازہ اوائی + دھوم۔ ؎

مرد سے بہتر ہے نام مرد سچ ہے یہ مثل
پہلوانی بھی ہو سو ہے رستم کی آتش دھاک ہے (آتش)

دھاک بندھنا ۔ہ۔ فعل لازم۔ شہرت ہونا۔ رعب بیٹھنا۔ ؎

سخت اقلیم میں اس شہر کی تھی دھاک بندھی
کوئی دنیا میں نہ تھا شہر بسان دہلی (تجمل)

دھاکا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) صدمہ۔ رنج۔ فکر + رعب۔ خوف (۲) دس۔ دہ۔ عشر۔ دہائی (۳) دم۔ فریب +

دھاکا بیٹھنا ۔ہ۔ فعل لازم۔ عو۔ صدمہ گزرنا۔ خوف یا صدمہ میں آجانا۔ دہشت۔ بیٹھنا +

دھاکے دینا ۔ہ۔ فعل متعدی (۱) ڈرا دھمکا دینا۔ دہلانا۔ خوف دلانا۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا + قطعہ

نئی روز دانی تو کر کر کے دوری
مجھے اس کے آنے کے دے ہے دھاکے
الٰہی کرے مجھ سے کرتی ہے جو تو
وہ آوے ہی سب تیری بیٹا کے آگے (رنگین)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھا

دَھاگا - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو (تاگا) ۲ - دم - فریب - دھوکا +

دھاگا باندھنا - ا - فعل متعدی - تاگا باندھنا - نشانی باندھنا - نشان کرنا +

دھاگا پرونا - ا - فعل متعدی - سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا + دخول کرنا +

دھاگا دینا - ا - فعل متعدی - لکھنو - دھوکا دینا - فریب دینا - دم دینا - ؎

ہے بند و بست حسن خط و زلف عارضی
دھاگا نہ دیجئے ہمیں دام و کمند سے (رشک)

یہ چاہنے والے چاہتے تھے لگے کا ہار اپنے کر کے رکھئے
دیا نہ کس کس نے اسکو دھاگا نہ دم میں وہ گلعذار آیا (بحر)

دَھاگا ڈالنا - ا - فعل متعدی (ہندو) نگندے ڈالنا +

دَھام - ا - اسم مذکر - گھر - جگہ - استھان (ہندی گیتوں میں آتا ہے جیسے چار دھام یعنی دوارکا - بدرکاآشرم - رامیشور - جگناتھ یا پوری)

دَھامِن - ا - اسم مونث (۱) ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینس کی ٹانگوں کو جگہ جگہ دودھ پی جاتا ہے (۲) ایک قسم کا بانس جس کی کمان اور غلیل وغیرہ بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عمدہ گھانس (۴) قاصد - پیک - دوت - اس معنی میں دھاون بھی آیا ہے +

دَھاں - ا - اسم مذکر - توپ کی آواز بڑی آواز +

دَھان - ا - اسم مذکر (۱) شالی - مع پوست چاول - چھلکوں سمیت چاول (۲) چاولوں کا پودا +

دَھان پان - ا - صفت - لغوی معنی دھان کے پیڑ اور پان کے مانند نازک - دبلا پتلا - لاغر - نازک اندام - ؎

عالم ہے نازکی سے یہ اس دھان پان کا
جسم لطیف نام ہے عاشق کی جان کا (برق)

دَھان - ف - اسم مذکر (۱) مُنہ - دہن - مکھ (۲) روزن - سوراخ چھید - شگاف - زخم +

دَھانا - ا - فعل لازم (ہندو) دوڑنا - بھاگنا - روانہ ہونا - چلدینا (۲) کوشش کرنا - سعی کرنا - دوڑ دھوپ کرنا جیسے دھاؤ دھاؤ کرم کا لکھا سو پاؤ (کہاوت) (۳) عبادت کرنا - ڈنڈوت کرنا - پاوخد اکرنا - رٹنا - چپنا جیسے دھاوے سو پاوے +

دَھانا - ا - فعل متعدی (ہندو - پورب) جلانا - پھونکنا - سوختہ کرنا - داہ دینا - چتا میں رکھنا جیسے مردے کو دھانا +

دَھاندَل - ا - اسم مونث (۱) چیند - بے ایمانی - مکر - فریب - حیلہ - (۲) جھگڑا - ٹنٹا - تکرار - حجت +

دھاندل باز - ا - اسم مذکر - چیندیا - بے ایمان - دغا باز - مکار جھگڑالو - تکراری - حجتی +

دھاندل کرنا - ا - فعل متعدی - چیند کرنا - بے ایمانی کرنا + دغا کرنا فریب کرنا - جھگڑا ٹنٹا کرنا - تکرار و حجت کرنا +

دھاندل لانا - ا - فعل متعدی - چکر لانا - چیند کرنا - جھگڑا مچانا فعل لانا - تکرار کرنا - حجت کرنا +

دھاندلی - ا - اسم مونث - چیندیا - مکار - جھگڑالو - تکراری - حجتی +

دَھانس - ا - اسم مونث (۱) سوکھے تنکوں یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی اٹھنے لگتی ہے (۲) خفیف کھانسی - کم کم سرفہ +

دھانسنا - ا - فعل لازم - گھوڑے کا کھانسنا سکھوکنا - کھانسنا +

دَھانسی - ا - اسم مونث گھوڑے کی کھانسی +

دَھانُک - ا - اسم مذکر - کماندار - تیر انداز + وہ چوکیدار جو تیر و کمان سے مسلح رہے + ایک پہاڑی قوم کا نام جو پورب میں اکثر پائی جاتی اور بھیلوں کی طرح تیر کمان سے شکار کھیلتی ہے +

دَھانگر - ا - اسم مذکر - ایک قوم کا نام جس کا کام اکثر کنوے اور تالاب کھودنے کا ہے +

دَہانہ - ف - اسم مذکر (۱) مُنہ - دہن - مکھ (۲) موہانہ دریا کے جا کر گرنے یا ختم ہونے کا مقام (۳) مشک کا مُنہ (۴) نالی - موری - بدرو - (۵) لگام کا وہ آہنی حصہ جو گھوڑے کے مُنہ میں رہتا ہے - لگام - لجام +

دہانہ کھولنا - ا - فعل متعدی (عوام) مشک کا مُنہ کھولنا - پانی چھوڑنا پیشاب کرنا +

دَھانی - ا - اسم مونث (۱) زردی لئے ہوئے سبز رنگ - ہلکا سبز رنگ (۲) ایک قسم کے چاول (۳) دھان - بونے کے قابل زمین +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھاوا

دَھاوا - ا - اسم مذکر - ہلّا - یورش - چڑھائی - دوڑ - بڑا حملہ + گرداوری چکبہ +

دھاوا کرنا - ا - فعل متعدی - چڑھائی کرنا - یورش کرنا - حملہ کرنا چڑھ کر جانا +

دھاوا مارنا - ا - فعل متعدی - بڑا لمبا سفر طے کرنا - دور تک یورش کرنا - چڑھتے چلے جانا - شہر یا مکان کی گرداوری کرنا - چکر لگانا +

دَھاوَا - ا - اسم مذکر - ایک درخت کا نام جو رنگنے کے کام آتا ہے +

دَھاہ - ا - اسم مونث (ہندو) غل شور چیخ +

دَھائے - ا - اسم مونث (ہندو) دایہ + انا - دودھ پلانے والی عورت - پلائی +

دھائے کے دینا - ا - فعل متعدی (ہندو) انا کے سپرد کرنا - دودھ پلانے کو دینا +

دھائے بھائی - ا - اسم مذکر - دودھ بھائی - کوکہ - برادر رضاعی +

دُہائی - ا - اسم مونث - دس کے عدد کا مرتبہ +

دُہائی - ا - اسم مونث - دیکھو دوہائی) +

دھائے پونچنا - ا - فعل لازم - عوام - باز آنا - سو سلام کرنا - دور سے دُنڈوت کرنا جیسے دھائے پونچے ہم اس نوکری سے +

دھائیں - ا - اسم مونث - دھان - توپ کی آواز - دھوں +

دھائیں دھائیں - ا - اسم مونث - توپوں کی متواتر آواز - دھاں دھاں - دھوں دھوں +

دھائیں دھائیں کرنا - ا - فعل متعدی - چائیں چائیں کرنا - شور مچانا - اپنا راگ گانا جیسے اپنی دھائیں دھائیں کئے جاتے ہو دوسرے کی بھی سنو +

دھائیں سے - ا - تابع فعل - دھن سے - دھوں سے - دھائیں سے - دن سے جیسے اتنے میں دھائیں سے توپ چلی صبح ہوئی +

دھبا - ا - اسم مذکر (۱) داغ - نشان - ٹیکا (۲) عیب - کانک - کلنک +

دھبا پڑنا - ا - فعل متعدی - داغ لگنا - نشان پڑنا +

دھبا لگانا - ا - فعل متعدی - داغ لگانا + عیب لگانا - کلنک لگانا

دھبا

کالک لگنا + ۵

سپید داغ ہونے نے رخ پر نور یا کے

داغ جیسے کاماہ کو دھبا لگا دیا (آتش)

دھبا لگنا - ا - فعل لازم - داغ لگنا + عیب لگنا - کلنک لگنا - کالک لگنا - داغی ہونا +

دَھپ دَھپ - ا - اسم مونث - بھدے آدمی کے پیروں کی آواز - موٹے آدمی کے رہتے یا زمین پر چلنے کی آواز +

دَھپلا - ا - اسم مذکر - عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند لنگا - گھگرا - بے قطع ڈھیلا پیجامہ جیسے تیرے دھبلے میں خاک +

دَھپ - ا - اسم مذکر - تھپڑ - سر چنگ دچانٹا - دھول + طمانچہ طپانچہ - قفا +

دھپ دینا - یا - مارنا - ا - فعل متعدی - دھول - جڑنا - چانٹا لگانا +

دَھپّا - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو (دھپ) ۲ - نقصان - خسارہ - ضرر نوٹا - گھاٹا - جوت +

دھپا لگنا - ا - فعل لازم - اول معلوم - دوم نقصان ہونا - ضرب لگنا گھاٹا ہونا - خسارہ ہونا -

دھپا مارنا - ا - فعل متعدی - اول معلوم - دوم نقصان دینا - دھوکہ دیکر روپیہ لیجانا +

دَھپّاڑ - ا - اسم مونث (مرکبات میں) دوڑ +

دَھپّانا - ا - فعل متعدی (گنوار) رجانا - سیر کرنا +

دَھت - ا - اسم مونث (۱) لت - بان - عادت + خراب عادت دُھن (۲) ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز جیسے بڑی بڑی دھت دھت +

دھت پڑنا - یا - لگنا - ا - فعل لازم - عادت پڑنا - لت لگنا + بان پڑنا +

دُھت - یا - دُت - ا - صفت (۱) نشہ میں چور - مست - سیہ مست - بدمست + (۲) دھتا - دھتکار +

دَھتّا - ا - اسم مذکر - بازاری - ٹال مٹول - دھتکار - دوردبک حیلہ احتراج + مکر - فریب - دھوکا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھتا

دھتا بتانا - ف - فعل لازم - دھوکا دینا - جُل دینا - فریب دینا - (دھوتا دینا - آجکل صرف ہندو بولتے اور بالضم بولتے ہیں) + ؎

جنسِ دل اپنی کے بکنے کا کہوں کیا سودا
مفت بر لیگئے سب دیکے دھتا خاک کے مول (سودا)

دھتکارنا - ف - فعلِ متعدی - نکالنا - لعنت ملامت کرنا - ننکانا - بدارنا +

دھتورا - ا - اسم مذکر - ایک خاردار زہریلے پودے اور اُس کے پھل کا نام جس کے بیج سے آدمی تنکے چننے لگتا ہے - مزاج چوتھے درجہ میں سرد و خشک - تاتورہ - جوز المشائل +

دھتوریا - ا - اسم مذکر - ٹھگوں کا وہ فرقہ جو مسافروں کو دھتورا کھلا کر لوٹ لیتا ہے +

دھتیا - ا - اسم مذکر - لتیا - حادی +

دھتینگر - ا - صفت - دھینگ - دھینگڑا - گنوار کا لٹھ - تن توانا موٹا تازہ + حرام کا - حرامی +

دھتینگڑا - ا - اسم مذکر - چوپٹ دنّا آدمی - موٹا تازہ آدمی + حرام کا لڑکا حرامی آدمی +

دھج - ا - اسم مونث و مذکر (۱) طرز - روش - انداز - وضع - قطع - دھنگ - صورت - شکل + ؎

قدم اس دھج سے پڑتا تھا کل اس خانہ برانداز جاں کا
کہ دل ہر ہر قدم پر لوٹ تھا گبر و مسلماں کا (مصحفی)

دھجا - ا - اسم مونث (۱) پھریرا - جھنڈے کا کپڑا - بیرق - باؤٹا - (۲) جھنڈا - علم - نشان - لوا (۳) روپ (۴) دھجی - کترن - چیر +

دھجی - ا - اسم مونث - لیر - لیری - کپڑے کی لمبی پٹی - چیتھڑا + کترن لکڑی کے تختے کی پتلی اور لمبی لمبی پٹی +

دھجی کی دیوار - ا - اسم مونث - وہ دیوار جو آڑی ترچھی لکڑیاں لگا کر چنی اور گارے سے بھری جائے +

دھجی ہو جانا - ف - فعلِ لازم - نہایت کمزور اور لاغر ہو جانا + بیماری کے باعث زرد یا سفید رنگ نکل آنا +

دھجیاں - ا - اسم مونث - دھجی کی جمع +

دھ

دھجیاں اڑانا - ف - فعلِ متعدی (۱) پارہ پارہ کرنا - پاش پاش کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ٹکڑے اُڑانا (۲) ذلیل و رسوا کرنا خوب خبر لینا + شرمندہ کرنا + عیب چینی کرنا - اعتراض کرنا +

دھجیاں اُڑنا - ف - فعلِ لازم - پارہ پارہ ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا پرزے پرزے ہونا + ؎

جب کیا داماں محشر کی اڑینگی دھجیاں
ہے یہی عالم جو اپنے پنجۂ چالاک کا (ناسخ)

دھجیاں لگنا - ف - فعلِ لازم - چیتھڑے اُگنا - غریبی و مفلسی کے باعث کپڑے پھٹ جانا - نہایت غریب اور مفلوک ہو جانا +

دھجیاں لینا - ف - فعلِ متعدی (لکھنؤ) دیکھو دھجیاں اُڑانا) شرمندہ و محجوب کرنا + ؎ قطعہ

ننگ آتا ہے مجھ سے عالم کو + کس حقارت سے نام لیتے ہیں
کیوں اڑاؤں نہ جیب کے ٹکڑے + دھجیاں خاص و عام لیتے ہیں (برق)

؎ پھاڑتا اپنا گریباں میرے آگے وہ اگر
دھجیاں قیس کی میں چاک گریباں لیتا

دھجیلا - ا - صفت - خوش اندام - وضعدار - سجیلا - مشین - جامہ زیب خوش قطع +

دھچکا - ا - اسم مذکر - ہچکولا - صدمہ - دھکا جھٹکا +

ترچھے قدم کے پڑتے کل جو قدِ اسکا لچکا
پہنچا تلے زمین کے مردوں کے دل کو دھچکا (مصحفی)

دھچکا اُٹھانا یا لگنا - ف - فعل لازم - صدمہ اٹھانا + نقصان اُٹھانا ضرر اٹھانا +

دہر - ع - اسم مذکر - زمانہ + وقت - کال - جگ - سمان +

دھر - ا - حرفِ اختصاص - یہ لفظ اردو میں انحصار اور افراغ کے معنی دیتا ہے جیسے دھر گھسیٹنا - دھر لپکنا - یعنی سارے کا سونکو دھر (چھوڑ کر) لپک جانا - یا گھسیٹ لینا +

دھر - ا - اسم مذکر (۱) ازل + ابتدا - شروع - سرا - جیسے دھر کی ساری ہے تو آپ ہی لوٹ پیٹ کر اچھا ہو جائیگا (۲) ابد + انتہائے نقد - حد - خاص جیسے دھر لندن سے حکم آیا + ؎

تلاشِ کعبۂ مقصد میں کیا کیا ٹھوکریں کھائیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھر

گھسے دو دو قدم پر ہم ارادہ باندھکر دُھر کا (صبا)

دُھر سے دُھر تک ۔ا۔ تابع فعل ۔ابتدا سے انتہا تک ۔

دُھر کی ۔ا۔ اسم مونث ۔عو۔ ازل کی تقدیر کی ۔ خدا کے گھر کی ۔ اس موت سے چلتا ہے بس کسکا ارے لوگو

جو ڑی نہیں جاتی ہے ٹوٹی سو اگر دُھر کی (رنگین)

دُھر کی ٹوٹنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ زندگی کا منقطع ہونا ۔ رشتہ حیات کا تقدیر سے ٹوٹنا ۔

دُھرا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ دھری کی تذکیر ۔ محوّرۂ ۔ حد ۔ زمین کا وہ فرضی اور وہمی خط جو زمین کے مرکز سے گزر کر قطبین تک پہنچتا ہے اور زمین اس کے گرد حرکت کرتی ہے)

دُھرا دُھر ۔ا۔ تابع فعل ۔ اس سرے سے اس سرے تک ۔ از اوّل تا آخر ۔

دِھرا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ مندر ۔ شوالہ ۔ بتخانہ ۔ تبکدہ ۔

دَھرا جانا ۔ا۔ فعل لازم ۔ پکڑا جانا ۔ گرفتار ہونا ۔ قید ہونا ۔

دَھرا دھکا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ رکھا رکھایا ۔ بچا کھچا ۔

دَھرا رہتا ہے ۔ا۔ (محاورہ) کسی کام نہیں ۔ محض بیفایدہ اور نکما ہے جیسے ایسا عضو دھرا ہی رہتا ہے ۔

دِھرانا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا ۔ دھمکی دینا ۔ ؎

در و دل کہنا مرا شاید کہ اس نے سن لیا

ورنہ کیوں محکو دھراتا ہے بھلا اچھا کیا (جرأت)

دُہرانا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) دوبارہ کہنا ۔ پھر بیان کرنا ۔ روایت کرنا ۔ ذکر چلانا (۲) دوہرا کرنا ۔ دوہرا لپیٹنا (۳) پھیرنا ۔ دور کرنا ۔ آموختہ کہنا ۔

دھرا رہیگا ۔ یا ۔ دُھرا ہی رہے ۔ا۔ (محاورہ) کسی کام نہ آئے کچھ کام نہ دیگا ۔ ؎

پنجہ مرجان کا دھرا ہی رہے ۔ ہاتھ خوں میں مرے دُبو لو تم (میر)

دُھرپد ۔ا۔ اسم مونث ۔ ایک قسم کا ہندی راگ ۔ ترانہ اور خیال کے مطابق ۔ وہ ہندی بحر جس کے ہر مصرعہ میں ۳۲ رکن ہوتے ہیں ۔

دُھرتا ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) کشوتی ۔ ہنڈاون ۔ متی کا مٹا ۔ بتا ۔ منہائی کمیشن ۔ ڈسکونٹ ۔

دھر

دُھرتی ۔ا۔ اسم مونث (گنوار) ارض ۔ زمین ۔ دنیا ۔ جہاں ۔ پرتھی ۔ پرتھمی ۔

دَھرتی باہنا ۔ا۔ فعل لازم (گنوار) ہل چلانا ۔ زمین جوتنا ۔ تردد کرنا ۔ قلبہ رانی کرنا ۔

دھرتی کا پھول ۔ا۔ اسم مذکر (۱) کمبھی ۔ کنکن دھول ۔ سانپ کی ٹوپی ۔ کلاہ باران ۔ وہ پرانی لکڑی کا ٹھیا جو اکثر زمین پر برسات کے دنوں میں پھوٹ آتا ہے ۔ سمارو غ (۲) نیا نواب ۔ نو دولت ۔ (۳) مینڈک ۔ غوک ۔ ٹرّو ۔

دَہر دَہر جلنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ کسی چیز کا آگ لگ جانے سے شعلہ زن ہونا ۔ شعلہ افروز ہونا ۔ ؎

تھا وہ بھی اک زمانہ جب نالے آتشیں تھے

چاروں طرف سے خبگل جلتا دہر دہر تھا (میر)

دَھڑ دھڑکنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) آن موجود ہونا ۔ جلد چلے آنا ۔ آن پہنچنا (۲) لپکنا ۔ دوڑنا ۔ دھر لپکنا ۔ دھر جھپٹنا ۔ ؎

دھڑ دھڑکا واں سے لڑتا ہوا شہر کی طرف

القصہ اس نے گھر میں کیا آنکر قرار (سودا)

دَھڑ رکھنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ رکھ چھوڑنا ۔ چھپا رکھنا ۔ پکڑ رکھنا ۔ تھام لینا ۔ روک لینا ۔

دُھڑکا ۔ا۔ اسم مونث (ہندو) لعنت ۔ ملامت ۔

دَھرم ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) (۱) ایمان ۔ عقیدہ ۔ اعتقاد ۔ فرض حق ۔ اوھکار (۲) نیکی ۔ نیاؤ ۔ انصاف ۔ راستی ۔ راستبازی (۳) شق ۔ دستور ۔ کام ۔ قاعدہ (۴) کار نیک (۵) پنتھ مذہب مت (۶) جم راج ۔ دھرم راج ۔

دَھرم اپدیش ۔ا۔ اسم مذکر (ہندو) مذہبی وعظ ۔ دینی نصائح ۔ اخلاق ۔ ادب ۔ تہذیب ۔

دھرم آتما ۔ا۔ صفت ۔ سخی ۔ مخیر ۔ فیاض ۔

دھرم ارتھ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ مال وقف ۔

دھرم اوتار ۔ا۔ صفت ۔ مقدس ۔ پاک ۔ پوتر ۔ جتّی ۔ بھگت معصوم صفت ۔ مبرّا ۔

دھرم بگاڑنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ دین کھونا ۔ ایمان کھونا ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھر

دھرم چاری - ا - صفت - دھرمی - دھرم والا - نیک - صالح نیکوکار - نیک بخت - نیک طینت - دیندار - پاکدامن - پارسا - عفیف +

دھرم دھکا - ا - اسم مذکر - وہ صدمہ جو دین کے باعث پہنچے - دینی تکلیف - خواہ مخواہ کی تکلیف - ناحق کا دکھ +

دھرم راج - ا - اسم مذکر (۱) عادل اور منصف بادشاہ (۲) وہ سلطنت جس میں بخوبی انصاف ہو (۳) یم راج +

دھرم ریت - ا - اسم مونث - مذہبی رسم - رسوم مذہب +

دھرم سالا - ا - اسم مذکر - مسافر خانہ + خانقاہ + معدلت گاہ - عدالت +

دھرم سبھا - یا - سماج - ا - اسم مونث - انجمن دینی - مذہبی مجلس -

دھرم سے - ا - تابع فعل - ایمانًا - حق حق - حق الامر -

دھرم شاستر - ا - اسم مذکر - فقہ - سنود +

دھرم کرنا - ا - فعل لازم - نیکی کرنا - خیرات کرنا

دھرم کمانا - ا - فعل لازم - نیکی اور ثواب حاصل کرنا +

دھرم گیانی - ا - اسم مذکر - عالم دین - فقیہ +

دھرم لگتی کہنا - ا - فعل متعدی - خدا لگتی کہنا - انصاف کی کہنا - ایمان کی کہنا +

دھرم مورت - ا - اسم مذکر - ایمان مجسم - مجسم انصاف (بھنوں لڑ جاؤں اور وشنو کا القاب)

دھرم مول - ا - اسم مذکر - اصول مذہب +

دھرما دھرمی - ا - اسم مونث - قسما قسمی - عہد پیمان +

دھرن - ا - اسم مونث (۱) دھرتی - زمین - ارض (۲) بچہ دان - گربھ استھان - بچہ رہنے کی جگہ - حمل رہنے کی جگہ (۳) شہتیر - بلی اوزار کا آلہ چڑھاؤ (۵) ناف - نلا +

دھرن ٹلنا - یا - ڈگنا - ا - فعل لازم - بچہ دان کا کسی صدمہ کے باعث اپنی جگہ سے ہٹ جانا +

دھرنا - ا - فعل متعدی (۱) رکھنا - نہادن کا ترجمہ - قایم کرنا - لگانا ٹھہرانا - جمانا - جگہ قرار دینا (۲) سپرد کرنا - تحویل کرنا - ودیعت کرنا (۳) گرو رکھنا - مرہون کرنا - مکفول کرنا + ضمانت میں

دھڑ

دینا + امانت رکھنا (۴) قبضہ کرنا (۵) - اسم مذکر) دھئی - دستک + دھرنا دینا - ا - فعل لازم - ڈھئی دینا - حمل کو بیٹھنا - قرضخواہ کی طرح جم جانا + دستک دینا +

دھرو - ا - اسم مذکر - قطب - قطب تارا - زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے + مانی - کیلی - وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے +

دھروڑ نیا - دھروہر - ا - اسم مونث - امانت - تحویل - ودیعت لیجا ہمارے پاس سے اپنا یہ لال داغ

مدت ہوئی ہے تیری دھروہر دھرے ہوئے (بحر)

دھری - ا - اسم مونث - محور - لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے - کیلی - مانی +

دھرے اڑانا / دھریاں اڑانا - ا - فعل متعدی - غو - زدوکوب کرنا - دھرے لگانا - چابک مارنا - بید لگانا (۲) ذلیل وخوار کرنا - ذلیل ورسوا کرنا - (اصل دھرہ تھا)

دھری بات - ا - اسم مونث - پہلودار بات +

دھرے جانا - ا - فعل لازم - کسی آفت میں مبتلا ہونا - گرفتار ہونا پکڑا جانا - قید ہونا - ؎

اسیر ہم ہوے سودا ہوا اے آتش

دھرے گئے دل خانہ خراب کے بدلے

دہریہ - ع - اسم مذکر - خدا کی ذات کا منکر - وجود صانع کا قایل نہ ہونے والا - زمانہ ہی کو خدا تصور کرنے والا - وہ شخص جو زمانے کو قدیم مانے اور حادث نہ جانے ملحد - لامذہب +

منکر ہیں ذات صانع قدرت کے دہریے

نامفہموں کا عمل ہے فقط لاالہ پر (آتش)

دھڑ - ا - اسم مذکر - جسم بے سر - بدن - جسم - جسد - پیکر - لوتھ - نعش - لاشہ - لاش - ؎

پیچھے ہٹا نہ کوچہ قاتل سے اپنا پاؤں

سر سے تڑپ کے چار قدم آگے دھڑ گیا (آتش)

دھڑ ٹوٹنا - ا - اسم مذکر - کمر - کوز پشت - کمر ٹوٹنا +

دھڑہ جانا - ا - فعل لازم - فالج ہو جانا - جسم کا حرکت نہ کر سکنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھڑ

ادھر نگ ہوجانا +

دھڑ میں تارنا۔ یا۔ ڈالنا۔ ف۔ فعل لازم و بازاری) کھانا۔ پیٹ میں تارنا +

دھڑا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) گروہ۔ جتھا۔ خیل۔ (۲) وزن۔ بوجھ + پاسنگ برابر کرنیکا وزن۔ سنگ ترازو (۳) پانچ سیر کا وزن۔ دھڑی تنکاری فروش مطلق معنی میں اس کی آواز لگاتے ہیں مثلاً پیسے سیر کا دھڑا لگا دیا۔ ٹکے سیر کا دھڑا بول دیا +

دھڑا اٹھانا۔ ف۔ فعل متعدی (بقال) تولنا۔ وزن کرنا +

دھڑا باندھنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) جتھا باندھنا + دو گروہ ہوجانا (۲) تہمت لگانا۔ الزام دھرنا (۳) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا +

دھڑا کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ ترازو کے دونوں پلڑوں کو کسی وزن سے برابر کرنا۔ اگر خالی برتن کو پہلے تولیں پھر اس میں کوئی چیز ڈالکر وزن کریں تو پہلے فعل کو دھڑا کرنا کہیں گے +

دھڑا دھڑ۔ ف۔ تابع فعل۔ تصادم متواتر۔ کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز + ماتم کی آواز + پے در پے۔ متواتر جیسے دھڑا دھڑ پیٹنا یا مینہ برسنا یا کنڈی مارنا + ؎

بن ترے دیکھے ہے سب دہر کو اوجڑ عاشق
کیوں نہ سر اپنا بھلا پیٹے دھڑا دھڑ عاشق (انشاء)

صاف بارش کی صدا میں ہے صدائے ماتم
فرقت یار میں پڑتا ہے دھڑا دھڑ پانی (حلال کشمیری)

دھڑاکا۔ ا۔ اسم مذکر۔ دھماکا + آواز گوز جو زور سے سرزد ہو + آواز بندوق زور کے منہ کی آواز۔ زور کی بارش جیسے برسو رام دھڑاکے سے تو نبھا بھر دو آٹے سے +

جھڑیوں نے اس طرح کا دیا آکے جھڑ لگا
سنئے جدھر اُدھر کو دھڑاکے کی ہے صدا (نظیر)

دھڑاکے سے۔ ف۔ تابع فعل۔ پھرتی سے۔ جلدی سے جیسے دھڑاکے سے یہ کام بھی کر ڈالو + (عوام)

دھڑام۔ ا۔ اسم مونث۔ کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز۔ پانی میں کودنے کی آواز جیسے دھڑام سے باولی میں کود پڑا +

دھڑ

دھڑ دھڑ۔ ا۔ اسم مونث۔ کواڑوں کے متواتر پیٹنے یا کنڈی کھڑکھڑانے کی آواز۔ دل کے دھڑکنے کی آواز۔ دھک دھک +

دھڑ دھڑ کرنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) کنڈی کھٹکھٹانا (۲) نقارہ بجانا۔ (۳) دھک دھک کرنا۔ دھڑکنا +

دھڑک۔ ا۔ اسم مونث۔ تڑپ۔ تپاک۔ دھڑکن۔ بیقراری۔ اضطراب۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت +

دھڑکا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) تپاک قلب۔ دل کی دھڑکن۔ ہول دل اضطراب قلب۔ خفقان۔ ؎

ہوں میں بیمار گیا غیر کے دل کا دھڑکا
کی مرے درد نے خاصیت درماں پیدا (ناسخ)

(۲) خوف۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ بیم و ترس۔ ؎

تجھسے ظالم سے ذرا دیکھیو طرّاری دل
کچھ بھی دھڑکا نہ لیا بے جگرداری دل (سلیمان)

دھڑکن۔ ا۔ اسم مونث۔ عـ۔ تڑپ۔ بیقراری۔ اضطرابی۔ دھک دھک ہول دل۔ اختلاج قلب +

دھڑکنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) تڑپنا۔ بیقرار ہونا۔ دھک دھک کرنا دل کا اچھلنا۔ پھڑکنا (۲) دہلنا۔ خوف کھانا۔ اندیشہ کرنا۔ ڈرنا + ؎

پیغام بر نے دیر لگائی تو ہے ولے
دھڑکے ہے دل کہ یہ نہ کہے رات ہوگئی (سودا)

دھڑلا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) انبوہ کثیر۔ ازدحام۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ مجمع خلائق۔ گروہ +

وحشت کی فوج کے جو دھڑے نظر پڑے
فرہاد و قیس دونوں چلے نظر پڑے (انشاء)

(۲) علانیہ کوئی کام کرنا۔ باعلان تمام کوئی بات کرنا۔ چھپا کا نہ یا کھلم کھلا کوئی کام کرنا +

دھڑی۔ ا۔ اسم مونث (۱) پنسیری۔ پانچ سیر کا بٹ ؎

مستی کسی کے پلہ لب پر جو تل گئی
سو سن کا رتبہ ایک دھڑی آج کم ہوا (بحر)

(۲) پانچ سو روپے (۳) مستی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں

دھڑ

عدد کو مُنہ لگانے کا اثر ہے ✦ نہ سمجھو ہونٹ پر اُس کے دھڑی ہے (طالب)
؎ یہ روئے کہ شرمندہ کرے ابر دی گھٹا کو
دیکھے جو نہ دم بھر تری مسّی کی دھڑی آنکھ (ناسخ)
(۴) رکھیا۔ لکیر۔ خط ✦
دھڑی بھرنا ۔ف۔ فعل متعدّی (بقال) وزن کرنا۔ تولنا جیسے دھڑی بھر لو ✦
دھڑی جمانا ۔ف۔ فعلِ متعدّی ۔عو۔ ہونٹوں پر مسّی کی تہ جمانا۔ مسّی ملنا۔ مسّی لگانا۔ ؎
خدا جانے ابھی ہے خون پر کس کس کے دانت اُس کا
دھڑی ہونٹوں پہ اپنے وہ جمائے بن نہیں تہی (رنگین)
دھڑی دھڑی کر کے لٹنا ۔ف۔ فعل لازم مذ ذرا ذرا لٹنا۔ بالکل مال متاع کا غارت و تاراج ہونا۔ جھاڑو پھرنا۔ صفایا ہونا۔ تنکا نہ بچنا ✦ ؎
لٹیں نہ کیوں دل عاشق دھڑی دھڑی کر کے
دکھاؤ جب لب پاں خوردہ کی دھڑی اپنی (ظفر)
دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا ۔ف۔ فعل متعدّی۔ بالکل تاراج و غارت کرنا۔ جھاڑو پھیرنا۔ صفایا کرنا۔ تمام مال و متاع لوٹ لینا۔ برباد کرنا۔ تنکا نہ چھوڑنا ✦ ؎
ہمارا خانہ دل تو نے مدعی لوٹا
دھڑی مسّی کی دکھا کر دھڑی دھڑی لوٹا (احسان)
دھڑیوں ۔ف۔ صفت۔ عو۔ بہت۔ بکثرت۔ بافراط جیسے دھڑیوں خون کیا ✦ بخوبی تمام ✦ ؎
اٹھائے لطف جھٹکا کر اسے گھڑیوں مزے لوٹے
مسی مالیدہ لب کے بہنے بھی دھڑیوں مزے لوٹے (نکہت)
دُھَّس ۔ف۔ اسم مذکر۔ قلعہ۔ گڑھ ✦ پشتہ۔ قلعہ کے گرد کا پشتہ یا وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں ✦ دمدمہ۔ گڈھی ✦
دُھَّسا ۔ف۔ اسم مذکر (دُسا) شال۔ طوس ✦ (عوام)
دھَّسان ۔ف۔ اسم مونث۔ دھنسنے کی جگہ۔ دلدل۔ کیچڑ۔ کیچ۔ پھنسنا و چپلا ✦
دھَّسانا ۔ف۔ فعل متعدّی۔ اندر گھسانا و کیچڑ۔ یا دلدل میں پھنسانا۔

دھک

گھسیڑنا۔ بھرنا ٹھونسنا ✦
دھَّسک ۔ف۔ اسم مونث۔ کھانسی۔ خفیف کھانسی ✦ دھانس۔ کھو ✦
دھَّسکا ۔ف۔ اسم مذکر۔ کھانسی۔ دھانس ✦
دھَّسن ۔ف۔ اسم مونث۔ دیکھو (دھسان)
دھَّسنا یا دھَّسنا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ پھنسنا۔ دلدل میں گھسنا۔ نیچے بیٹھنا ✦ ڈوبنا ✦ داخل ہونا ✦ دخیل ہونا ✦
دہشت ۔ف۔ اسم مونث۔ ڈر۔ خوف۔ بھے۔ خطر ✦
دہشت انگیز ۔ف۔ صفت۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ مہیب۔ خطرناک ہیبتناک ✦ بھیانک ✦
دہشت زدہ ۔ف۔ صفت۔ خوف کا مارا۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک ہیبت زدہ۔ سہما ہوا ✦
دہشت کھانا ۔ف۔ فعل لازم۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ رعب میں آنا۔ دبنا ✦
دہشت ناک ۔ف۔ صفت۔ بھیانک۔ ڈراونا ✦
دِہقان ۔معرب۔ (اسم مذکر۔ گنوار) مالکِ دہ۔ زمیندار۔ ساکن دہ دہاتی۔ روستا (اصل میں دہگان تھا)
دہقانی ۔معرب۔ صفت (۱) گنواری۔ دیہاتی۔ روستائی ✦ اجڈ۔ جانگلو (۲) اسم مذکر) گنوار۔ دہقان ✦
دھَک ۔ف۔ اسم مونث (۱) چھوٹی جوں۔ لیکھ سے بڑی جوں (۲) حیرت ✦ دلکی ناگہانی دھڑکن ✦
دِھَک ۔ف۔ اسم مونث (ہندی) شرم۔ حیا ✦
دھَکا ۔ف۔ اسم مذکر (۱) صدمہ۔ ہچکولا۔ ریلا۔ جنبش (۲) نقصان۔ ضرر ٹوٹا (۳) آفت۔ بلا۔ حادثہ ✦
دھکا دینا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) ہچکولا دینا۔ ڈھکیلنا ✦ صدمہ پہنچانا (۲) شامت لانا۔ آفت لانا جیسے کیا تیرے دلوں نے دھکا دیا ہے ✦
دھکا شیطان کا ۔ف۔ اسم مذکر۔ شیطان کا ورغلانا خراب کرنا اور دوزخ میں ڈلوانا۔ شیطان کی مار ✦ ؎
کوئی کچی ہے گنے ہر بات کا پکا سمجھے۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھک

گر پڑے تو اوندھے منہ شیطان کا دھکا تجھے۔ (انشاء)

دھکا کھانا - ا - فعل لازم - صدمہ اٹھانا - نقصان اٹھانا - آوارہ پھرنا +

دھکا لگنا - ا - فعل لازم - صدمہ پہنچنا - نقصان ہونا - ضرر ہونا + مار پڑنا - لعنت ہونا - آفت آنا +

دھکا پیل - ا - اسم مونث - دھکم دھکا - ریلا پیلی +

دھکا پیلی کرنا - ا - فعل متعدی - ریلنا - ڈھکیلنا +

دھکا گولہ اٹھانا - ا - فعل متعدی - بیگناہی کا امتحان دینا کہتے ہیں پہلے دستور تھا کہ چور کے ہاتھ پر توپ کا گولہ لال کرکے رکھ دیتے تھے کہ اگر وہ چور نہ ہوگا تو اس کے ہاتھ پر صدمہ نہیں آئیگا +

دھک دھک - ا - اسم مونث - دھڑک دھڑک - تڑپ دھڑکن بیقراری - گھبراہٹ - بیکلی - تھرتھراہٹ +

دھک دھک کرنا - ا - دھڑکنا - تڑپنا - بیقرار ہونا - خوف یا دہشت کے مارے دل کا کانپنا +

دھک رہ جانا - ا - فعل لازم - متحیر ہو جانا - بھچک رہ جانا حیرت زدہ ہو جانا +

دھک سے ہو جانا - ا - فعل لازم - حیرت میں رہ جانا - بھونچکا ہو جانا - بھچک رہ جانا - ناگہانی صدمہ یا خوف سے دل دھڑک جانا +

دھکڈھکی - یا - دھکدگی - ا - اسم مونث (اول - پورب) دیکھو (دگدگی) ؎

دھکد کی اسکے کلیجے سے لگے ہے ظالم
ہمدو چھاتی یہ رکھدو میرے تھوڑے پتھر (جرات)

دھکڑ پکڑ - ا - اسم مونث (۱) دھک دھک - دھڑکن + بیقراری اضطراب - گھبراہٹ (۲) بد بدھا - تذبذب - تردد - ہچر مچر - پس و پیش (۳) امید و بیم - خوف و رجا +

دھکم دھکا - ا - اسم مذکر - ریلا پیلی - دھکا پیل - انبوہ خلایق سے متواتر دھکوں کی کثرت +

دہکنا - ا - فعل لازم (۱) آگ بھڑکنا - شعلہ زن ہونا - آگ جلنا -

دہل

لہکنا (۲) بدن گرم کرنا (۳) سلگنا - ٹہلنا جھلنا +

دھکیانا - ا - فعل متعدی - دھکا دینا - پیچھے سے دھکیلنا یا صدمہ پہنچانا - ریلنا - ٹھیلنا +

دھکیلنا - ا - فعل متعدی - ریلنا ٹھیلنا - دھکا دینا +

دھگڈگی - ا - اسم مونث - دیکھو دگدگی)

دھگڑا - ا - اسم مذکر - زن فاحشہ کا یار - آشنا - بشنی +

دہلا - ا - اسم مذکر - تاش کنجفہ کا وہ پتا جس میں دس نشان ہوں +

دہلانا - یا - دہلا دینا - ا - فعل متعدی - ڈرانا - خوف دلانا - دفعۃً چونکا دینا - خایف و ترساں کر دینا +

چل ہٹ بھی پرے بجلی دل بادلوں کو لیکر
دہلا ہی دیا اُس کی تلوار و نکی شب خون نے (انشاء)

دھلائی - ا - اسم مونث - کپڑوں کے دھونے کی اُجرت - دھلوائی +

دہل جانا - ا - فعل لازم - ڈر جانا - خوف کھا جانا + رعب میں آجانا خایف و ترساں ہو جانا - ؎

ابھی کشتہ نہیں دیکھا ہے تو نے کوئی اے ظالم
دہل جاویگا قاتل قتل کرکے ہے یہ ڈر محکو (معروف)

دہلنا - ا - فعل لازم - ڈرنا - خوف کھانا - خوف سے کانپنا خوف زدہ ہونا +

دہلی - ا - اسم مونث - (۱) گنوار - دہلیز - چوکھٹ - آستانہ - عتبہ - (۲) راجہ دہلو کے بسائے ہوئے شہر کا نام جسے دلی بھی کہتے ہیں جس سرزمین پر اب شہر شاہجہاں آباد عرف دہلی آباد ہے اسی کے اطراف و جوانب میں دس دس بارہ بارہ کوس تک یہ شہر مختلف ناموں سے آباد ہوا اور اخیر کو ہر دفعہ دہلی ہی کہلایا اول راجہ ہستا از اولاد بدھ نے دریائے گنگ کے کنارہ پر ہستنا پور بسا کر راجگان ہند کا پایہ تخت قرار دیا تھا اس کے وقت سے راجہ جدہشٹر تک اکثر راجگان ہند ہستنا پور میں مقیم رہے اس کے بعد راجہ جدہشٹر کے عہد میں مورخان ہنود کی رائے کے موافق پانچ ہزار برس پہلے اور مورخان اسلام کی رائے کے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھل

مطابق چار ہزار برس پیشتر اندرپت آباد ہوا۔ لیکن راجہ جدھشٹر سے لے کر راجہ نمی عرف دسنواں تک آٹھ راجا۔ اسی ہستناپور کو زینت بخشتے رہے مگر جب کہ راجہ نمی کے عہد میں دریا کی طغیانی سے ہستناپور پانی ہی پانی ہوگیا تو اندرپت مستقل طور پر تختگاہ قرار پایا ۱۲ سو قبل از سنہ عیسوی اور بعد ازاں تازمانِ راجہ دہلو اس شہر کو اندرپت یا اندرپرست ہی کہتے رہے چنانچہ پٹواریوں اور بندوبست کے کاغذات میں اب تک قلعہ کہنہ کے قریب کی زمین اندرپت ہی کے نام سے پائی جاتی ہے۔ ہندوستان کا بعض فریق تو اس طرف ہے کہ دہلی کو راجہ دلیپ نے آباد کیا بعض کہتے ہیں کہ دہلی ایک زمیندار تھا اس نے اپنے نام پر ایک گاؤں دہلی بسایا تھا۔ بعض کا بیان ہے کہ دہنی بدال ثقیلہ نرم زمین کو کہتے ہیں اس وجہ سے یہ نام پڑ گیا۔ آئیں اکبری اور خلاصۃ التواریخ کے مولف کا قول ہے کہ راجہ انگ پال تو تور نے قلعہ کہنہ بنایا تھا اس وجہ سے اس قلعہ کا جو شہر بنایا گیا ہوگا وہ دہلی کہلاتا ہوگا مگر بعض مورخ اس کے بھی برخلاف ہیں وہ کہتے ہیں کہ انگ پال سے پیشتر بھی اس سرزمین کو دہلی ہی کہا کرتے تھے مولف تاریخ فرشتہ و مرآۃ آفتاب نما وغیرہ لکھتے ہیں کہ دہلی کو راجہ دہلو والے قنوج نے (یا راجہ کنشک بن سیس دھج والے اندرپت نے جو بکرماجیت سے تین برس پیشتر زمان رہا تھا) اپنے نام پر آباد کیا۔ اصل نام اس کا دہلوئی تھا رفتہ رفتہ کثرت مزاولت سے دہلی ہوگیا۔ چنانچہ حضرت امیر خسرو دہلوی و میر حسن دہلوی نے جو زمانہ تغلق میں موجود تھے اپنے اشعار میں دہلوئی باندھا ہے۔ راجہ دہلو کی تخت نشینی مورخان ہنود کے حسب بیان ۲۸۲۱ سنہ عجد ششطری اور سنہ سکندری بیان کی جاتی ہے ہمارے نزدیک بھی یہی صحیح۔ متحقق۔ قرین قیاس اور متفق علیہ ہے کہ راجہ دہلو نے اسے آباد کیا۔ راجہ دہلو سے رائے پتھورا کے زمانے تک پرانی دہلی میں جہاں رائے پتھورا کا مندر اور قطب کی لاٹ واقع ہے مہاراجگان ہند براجتے رہے مگر ۱۱۹۱ء سے شہاب الدین غوری نے اس ملک کو فتح کر کے سلطنت اسلام کا دار الخلافہ بنا دیا۔ مشہور تو یہ ہے کہ اسی دایرہ میں نو جگہ دہلی آباد

دہل

ہوئی اور اجڑی چنانچہ ایک ہندی کہاوت چلی آتی ہے۔ نو دلی دس بارلی چھٹا جہاں آباد۔ یعنی نو دفعہ دہلی دس دفعہ بارلی اور چھے مرتبہ شاہجہان آباد ویران و آباد ہوگا قطب الدین ایبک اور شمس الدین التمش اسی قلعہ رائے پتھورا میں سکونت پذیر رہے ان کے بعد معز الدین کیقباد نے ۱۲۸۶ء میں مقبرہ ہمایون کے قریب کیلوکھڑی شہر آباد کیا۔ علاؤ الدین خلجی نے قلعۂ علائی اُس کے بیٹے فخر الدین نے قصر ہزار ستون۔ غیاث الدین تغلق نے قلعۂ تغلق آباد مع شہر و قصبہ غیاث پور تعمیر و آباد کیا۔ بعد ازاں فیروز شاہ تغلق کے سالار رجب نے شہر فیروز آباد اور فیروز پور کوٹلہ بسایا۔ ہمایون بادشاہ نے پرانے قلعہ کی مرمت اور نئے مکانات تعمیر کر کے اس کا نام دین پناہ رکھا۔ شیر شاہ نے ہمایونی عمارت کو اپنی طرز پر کر کے شیر گڑھ نام رکھا سلیم شاہ فرزند شیر شاہ نے دریائے جمنا کے کنارے پر سلیم گڑھ بنایا نور الدین جہانگیر نے اسکا نام نور گڑھ رکھ دیا لیکن یہ نام اسی کے عہد تک رہا۔ یہ سب شہر گر گر کر کھنڈر ہو گئے بعض عمارتیں عبرت دلانے کے واسطے ابھی تک بے سہارے کھڑی ہیں۔ ان شہروں کے قیام تک بھی اس خطہ کا نام دہلی ہی مشہور رہا گو اس کے بانیوں نے جدا جدا نام رکھے۔ نور الدین جہانگیر کے عہد تک اکثر سلاطین تیموریہ اکبر آباد ہی رہے تاکہ گوالیار پر دباؤ رہے۔ مگر جب شاہجہان بادشاہ ہوا تو اس نے بشوق تعمیر اپنے نام پر ایک شہر اور قلعہ مع مسجد جامع تعمیر کرایا۔ ۱۶۳۸ء میں قلعہ کی تعمیر کا حکم صادر ہوا نو برس میں تیار ہوا ۱۶۴۸ء میں شہر شاہجہان آباد بن گیا اب اس کو ہی دہلی کہتے ہیں۔ یہ شہر ہر صدی میں بتدریج ویران ہوتا آیا ہے۔ مگر پھر بھی اس کی رونق اور دلربائی۔ علوم و فنون کی ترقی میں فرق نہیں آیا۔ لیکن اب علم و فن کی طرف سے اسنے ہمت ہار دی اور تجارتی منڈی بن گیا +

دُھلیا مٹیا کرنا ف۔ فعل متعدی۔ کسی جھگڑے پر خاک ڈالدینا جھگڑا دبا دینا۔ بات دبانا +

دِہلیز ف۔ اسم مونث۔ دیکھو دہلی نمبر ۱۔ ؎

توبہ کبھی نہ بھولکے بھی سجدہ کیجئے + دہلیز ہو جو قبلۂ حاجات آپکی (رند)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دہل

دہلیز کا کتا - ا - اسم مذکر - وہ کتا جو ہر وقت دروازے پر بیٹھا رہے - گھر کا کتا + طفیلی - طفیلیا - گرد گھما - پچھلگو + مترصد +

دہلیز کی مٹی لے ڈالنا - ا - فعل متعدی - کثرت سے آنا متواتر گھر پر آکر تقاضا کرنا - بہت سے پھیرے کرنا - پھیرے پر پھیرے کرنا +

دہلیز کے بگلے سے بیر نہیں جاتا - ا - (کہاوت) ناشائستہ حرکتوں سے رنج دفع نہیں ہوتا +

دہلیز نہ جھانکنا - ا - فعل متعدی - دروازے تک پر آکر نہ پھرنا کبھی گھر پر نہ جانا +

دَہَم - یا - **دَہِم** - ا - صفت - افسردگی - آگ کا بجھنا - کجلانا + حیرت زدہ - بھچک +

دَہَم رہ جانا - ا - فعل لازم - حیران و دم بخود رہ جانا +

دہم ہونا - ا - فعل لازم (۱) آگ بجھنا - گل ہونا (۲) ٹھٹھرنا - افسردہ اور پژمردہ ہونا جیسے بچہ دہم ہو گیا (۳) حیران و دم بخود ہونا - بھچک رہنا + ے

کیا اپنے دل دھڑکنے سے ہوں میں بھی دم بخود
جو دیکھتا ہے میرے تئیں سو دہم ہے کچھ (میر)

دَھَم - ا - اسم مونث - گرنے کی آواز - گدا کا - دھما کا کودنے کی آواز - دھمکا +

دھم سے کودنا - یا - گرنا - ا - فعل لازم - گد سے گرنا - زور سے زمین پر کودنا یا گرنا + ے

یہ فعل ہوا کہ اس کی خبر سب کو ہو گئی
کودے ہم اس کے گھر میں جو شب دھم سے بیخبر (معروف)
قطعہ - دھم سے ہم دونوں گرے فرش پہ اس روپ سے رات
رہ گیا ان کا دوپٹہ بھی چھپر کھٹ سے لپٹ
چوٹ کھا کر لگی کہنے کہ اگر ایسی ہی
ہو کلا کھیلنی تجھ کو تو کسی نٹ سے لپٹ (انشاء)

دَھَماچوکڑی - ا - اسم مونث - کود پھاند - اچھل کود + ہنگامہ - شور ش - فعل عیاڑا - دھوم - اودھم - شور وغوغا + بچوں کا کودنا اچھلنا دھینگا مشتی +

دھم

دھما چوکڑی مچانا - ا - اودھم مچانا - دھوم ڈالنا - شور وغوغا کرنا اچھلنا - کودنا - دھینگا مشتی کرنا + ے

کیا دھما چوکڑی مچائی ہے + تیری بختاوری کچھ آئی ہے (شوق)

دھما چوکڑی مچنا - ا - فعل لازم - کود پھاند ہونا - دھینگا مشتی ہونا کشتم کشتا اور خلی عیاڑا ہونا - ے

جو مجھ میں اور ان میں دھما چوکڑی مچی
فراش بولے یہ تو ہوئی روز جنگ فرش (انشاء)

دَھَما دَھَم - ا - اسم مونث - کودنے اور برابر گرنے کی آواز - دھول دھوں مارنے کی آواز - متواتر پٹنے کی آواز - پیہم ضرب و شلاق کی آواز - متواتر گھونسے اور مکے کی آواز + ے

یاس و امید و شادی و غم نے دھوم اٹھائی سینے میں
خوب مچی ہے آج دھما دھم مار کٹائی سینے میں (انشاء)

دَھَماکا - ا - اسم مذکر (۱) بندوق کی آواز - ٹھاں (۲) کودنے کی آواز - گدا کا (۳) صدمہ - آواز تصادم (۴) پتھر کا بندوق (۵) ہاتھی پر لادنیکی توپ +

دَھَمال - ا - اسم مونث (۱) کود پھاند - اچھل کود - قلندرانہ عجت وخیز - قلندر فقیروں کا کودنا + تصادم - ے

ضعفِ دل سے کیا پوچھو ہو تپش ہم میں حال نہیں
اتنا ہے کہ تپش سے دل کی سر پر وہ دھمال نہیں (میر)
(۲) شور وغل - دھما چوکڑی - دھوم (۳) ایک قسم کا راگ (۴) قلندری کے دن کا گیت +

دھمال کرنا - ا - فعل متعدی - قلندر ذکا ایک خاص وضع کے ساتھ کودنا + دھما چوکڑی مچانا - فعل شور کرنا + فقیروں کا آگ میں کودنا +

دھمال کھیلنا - ا - فعل متعدی - قلندرانہ اچھل کود کرنا - اچھلنا کودنا + ے

اے مکن پہ کی تمنا اور ہی کچھ شان سے
کھیلے ہے دھمال تیرے عاشقوں کی میدنی (انشاء)

دَھَمالیا - ا - اسم مذکر - دھمال کرنے والا فقیر - آگ میں کودنے والا فقیر +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھم

دھمک ۔ ا۔ اسم مونث (۱) پیروں کی آواز ۔ آہٹ ۔ دھمکا ۔ صدمہ وہ صدمہ جو سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے (۲) صدائے خفیف ہلکی آواز ؎

اس قدر ہے وہ سبک رو کہ کبھی چلتے وقت
پاؤں کی اسکے دل مور کو پہنچے نہ دھمک (سودا)

دھمکا ۔ ا۔ اسم مذکر (۱) دیکھو دھما کا نمبر ۱۔ ۲۔ ۳ (۲) حدت ۔ شدت کی گرمی (پوربی)

دھمکانا ۔ ف۔ فعل متعدی (۱) ڈرانا ۔ خوف دلانا (۲) ڈانٹنا ۔ سرزنش کرنا ۔ گھرکنا ۔ تہدید کرنا +

دھمکنا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ درد ہونا ۔ سر میں ہولیں اٹھنا ۔ دھڑکنا ہوک اٹھنا ۔ ٹیس ہونا +

دھمکی ۔ ا۔ اسم مونث ۔ دہشت ۔ خوف ۔ ڈانٹ ۔ ڈپٹ ۔ گھرکی ۔ تخویف ۔ تہدید ۔ ترہیب ۔ دُراوا ۔ وعید ۔ بیم و ترس +

دھمکی دینا ۔ ا۔ فعل متعدی ۔ ڈرانا ۔ تہدید کرنا ۔ ڈراوا دکھانا ۔ خوف دلانا +

دھمکی میں آنا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ ڈر جانا ۔ خوف مان جانا +

دھمکوکا ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ عو ۔ صدمہ ۔ مکا ۔ گھونسا ۔ ڈک +

دھُن ۔ ا۔ اسم مونث (۱) ہوا ۔ پون ۔ باد (۲) آواز ۔ سر ۔ لے ۔ راگ کی آواز + راگ ۔ گیت ؎

شرارت سے جلایا کی صفت جب بینے گا نیکی
اتاری دفعۃً دیپک میں دھن اسنے ترانے کی (امانت)

(۳) دھیان ۔ خیال ۔ تصور ۔ توجہ (۴) شوق ۔ اشتیاق ۔ لَو ۔ لگن + گرمجوشی ۔ سرگرمی ۔ للک ؎

لے آئی ہے اسکو محبت کی دُھن + جیا ہے فقط تیرے ملنے کی تن (میر حسن)

(۵) لت ۔ دھت ۔ بان (۶) ہڈیوں کا درد +

دھن باندھنا ۔ ا۔ فعل متعدی ۔ تصور باندھنا ۔ خیال جمانا ۔ لو لگانا +

دھن بندھنا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ خیال بندھنا ۔ تصور جمنا ۔ لگن لگنا ۔ دُھنا +

دھن لگنا ۔ ا۔ فعل متعدی ۔ دھیان لگنا ۔ لو لگنا ۔ لگن لگنا +

دھن

لت لگنا ۔ دھت ہونا +

دھَن ۔ ف ۔ اسم مذکر مخفف دھان ۔ منہ ۔ مُنھ +

دھَن ۔ ا۔ اسم مذکر (۱) مویشی ۔ چوپائے ۔ گائے ۔ بھینس (۲) نصیبا ۔ بخت (۳) مال ۔ دولت + جایداد + (۴) منطقۃ البروج ۔ راس چکر ۔ راس منڈل (۵) توپ کی آواز (۶) برج قوس (۷) شاباش صدر رحمت جیسے دھن دھنیا تیرا بیا جینا خصم دھرتی میں دیا

دھن بھاگ ۔ یا ۔ نصیب ۔ ا۔ ندا (۱) خوش نصیبی ۔ خوشوقتی خوش اقبالی + شاباش ۔ صدر رحمت ۔ مرحبا ۔ (۲) طرز ادا نصیبی کم نصیبی +

دھَن سے ۔ ا۔ تابع فعل زور سے جیسے دھن سے توپ چلی +

دُھنا ۔ ا۔ فعل متعدی دیکھو دوہنا)

دَھنا ۔ ا۔ صفت ۔ دیکھو دہنا (۲) دھنا بیٹھنا +

دُھنا ۔ ا۔ فعل متعدی (۱) روئی پینا ۔ روئی صاف کرنا ۔ دھنکنا (۲) بجوڑنا ۔ پیٹنا جیسے استاد نے شاگرد کو خوب دُھنا (۳) بجانا ضرب لگانا (بازاری بولتے ہیں) (۴) چمکنا ۔ دے دے مارنا جیسے سر دُھنا (۵) نصیحت دینا +

دُھنا ۔ ا۔ اسم مذکر (عوام) نداف ۔ دھنیا ۔ روئی دھنکنے والا ۔ قطان +

دھنا دینا ۔ ا۔ فعل لازم ۔ دیکھو دھنا دینا)

دھنا سری ۔ ا۔ اسم مونث ۔ مالکوس کی ایک راگنی کا نام +

دھنا سیٹھ ۔ ا۔ صفت ۔ نہایت دولتمند ۔ دھنی ۔ عاقبت سیٹھ مالدار + کھرا (۲) مفسد ۔ سرکش ۔ بسر زور +

دھنتر ۔ ا۔ اسم مذکر (۱) دولتمند ۔ مالدار ۔ امیر (۲) زبردست ۔ تیس مار خاں ۔ رستم (۳) سرکش (۴) ایک حکیم کا نام جو اندر کے دربار میں تھا (۵) ایک قسم کا پودا +

دھند ۔ ا۔ اسم مونث (۱) کم نظری ۔ تاریکیٔ بصر ۔ دھندلاپن ۔ ایک مرض کا نام جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے (۲) کہر +

دھند کار ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ اندھیرا ۔ تاریکی +

دھُندا ۔ ا۔ صفت ۔ اندھا کا مرادف +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھندا

دھندا - ہ - اسم مذکر (۱) کام کاج - کاروبار (۲) مشغولی بمصروفیت (۳) پیشہ - ہنر +

دھندلا - ہ - صفت (۱) تاریک - اندھیرا (۲) بے نور - اندھا - تیرہ - غیر شفاف - نامصفا - گدلا (۳) ماند - کم چمک کا - مندلہ دھواں سا - ع

دھندلے سے کچھ نشاں ہیں دور سے کٹ نہ جائیں (حالی)

دھندلا دکھائی دینا - ہ - فعل لازم - صاف نظر نہ آنا - کم نظر آنا

دھندلکا - ہ - اسم مذکر (ہندو) - منہ اندھیرا - علی الصباح - بھور - نور کا تڑکا (۲) سواد شام - مغرب کی سیاہی +

دھندلے - ہ - اسم مذکر - عو - مکر و فریب - کید - حیلے - دھوکے پھند پھپٹ بازیاں +

دھندلے کرنا - ہ - فعل متعدی - عو - مکر کرنا - فریب کرنا - پھپٹ بازی کرنا - حیلہ سازی کرنا +

دھندلے یا دھیں - ا - محاورہ عو - بڑے حیلے اور فریب یا دھیں نہایت مکار اور حیلہ ساز ہے +

دھندلے کا وقت - ا - اسم مذکر (۱) سواد شام - شام کی سیاہی (۲) صبح کاذب +

دھنک - ہ - اسم مونث (۱) دھنش - قوس - کمان (۲) قوس قزح - کمان شیطان یا رستم (۳) پتلا کوٹا (۴) ایک قسم کی اوڑھنی +

دھنک دھاری - ہ - اسم مذکر (ہندو) تیر و کمان سے مسلح آدمی - کماندار +

دھن کٹا - ہ - اسم مذکر - دھان کوٹنے والا +

دھن کٹی - ہ - اسم مونث - دھان کوٹنے کا آلہ - دھانوں کی اوکھلی اور موسل +

دھن کٹی کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) دھان چھڑنا - دھانوں کو کوٹ کر چاول نکالنا (۲) خوب زدوکوب کرنا - پلیتھن نکالنا - بھرکس نکالنا - کچومر کرنا - خوب پیٹنا +

دھنکنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو دھنا نمبر اول)

دھنکی - ہ - اسم مونث - روئی دھنکنے کی کمان - روئی صاف کرنے

دھو

کا محراب دار آلہ +

دھنگتا - ہ - اسم مونث (گنوار) دھینگا دھینگی - زبردستی - زور زوری +

دھنی - ہ - صفت (۱) مالدار - دولتمند - دھن والا + صاحب اقبال - خوش نصیب (۲) کامل استاد - کسی فن میں پوری پوری دستگاہ رکھنے والا - ہ

مارا ابرو سے سیکڑونکو + قاتل تلوار کا دھنی ہے (ناسخ)

(۲ - ہندو) اسم مذکر - خاوند - مالک - آقا جیسے جو نکلے سو بھاگ دھنی کے (۴ - ہندو - اسم مذکر) شوہر - پتی - خصم میاں - گھر والا - کدخدا +

دھنیا - ہ - اسم مذکر - کشنیز - کوتمیر +

دھنیا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (دھنا بمعنی ندّاف)

دھنیت - ع - اسم مونث - روغن - چکنائی - چکناہٹ - چربی پیہ شحم +

دھنیے کی کھوپری میں پانی پلانا - ہ - فعل متعدی - عو - تنگ و عاجز کرنا - سخت سزا دینا - پیاسا مارنا یعنی دھنیے کے چھلکے کی مقدار بموجب پانی دینا - نہایت ستانا - از حد دق کرنا - نہایت تکلیف پہنچانا - ترسانا - ہ

جس مغبچہ سے پیالی پیتے نہ تھے ہم اُسنے
دھنیے کی کھوپری میں پانی ہمیں پلایا (سودا)

ہ دریادلوں کے دل کو کرے ہے کباب چرخ
دھنیے کی کھوپری میں پلاتا ہے آب چرخ (نگہت)

دھنیے ہاتھ کا کھایا حرام ہے - ا - محاورہ - عو - قسم سخت یعنی اگر تم یہ کام نہ کرو تو تم نے جو کچھ سیدھے ہاتھ سے کھایا ہے وہ تم کو حرام ہے +

جب تک حلال کرے نہ مجھ بیگناہ کو
قاتل کو دہنے ہاتھ کا کھایا حرام ہے (آتش)

دھو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کے درخت کا نام جس کی لکڑی اکثر جلانے کے کام آتی ہے + (۲) لوہے کا حلقہ جو پہیوں پر چڑھایا جاتا ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھو

دُھواں ۔ا۔ اسم مذکر (۱) دُود ۔ دخان ۔ دود آتش ۔ بخار ہوائی ۔ وہ کثیف بخارات جو کسی چیز کے جلانے سے برنگ سیاہ اوپر کو صعود کرتے ہیں ۔ ؎

تیرے فروغ حسن نے صبو یا غبار خط
روشن ہوئی جو آگ تو غائب دھواں ہوا (اسیر)

(۲ ۔ صفت) کالا ۔ سیاہ ۔ کبود ۔ نیلا + ؎

آنکھیں تو بن رہی ہیں دھواں رنگ سرمہ سے
ظالم نگہ کو باندھ نہ دے سنگ سرمہ سے (انشا لکھنؤ)

(۳ ۔ صفت) کلمۂ تعریف جیسے غضب ۔ ستم ۔ آفت ۔ بلا ۔ ؎

بچے کس طرح سے انشا کوئی ہو کر دو چار اس سے
مژہ آفت نگہ جادو بلا آنکھیں دھواں سر ہے (انشا)

؎ دونوں زلفیں دھواں ہیں خال پری
ساری نک سک درست چال پری (رنگین)

(۴ ۔ صفت) برائے کثرت ۔ زور ۔ نہایت ۔ ازحد ۔ ؎

انشا کی گفتگو وہ دھواں گرم ہے کہ آج
آکر بہار اس کے گلے سے لپٹ گئی (انشا)

(قطعہ) کہا رنگین نے ہے دھواں تیری
گورے پاؤں میں نیلی ہیڑی دیکھ

پہلے کچھ بڑبڑا کے ہونٹوں میں
کہا مینے کہ اپنی ایڑی دیکھ (رنگین)

(۵) آراستہ و پیراستہ ۔ مزین ۔ مُزیّن + پری ۔ حور ۔ خوبصورت ؎

مسی کاجل لگائے ہو ایسے تم دھواں ہنکر
خدا نے آج منہ کالا کیا ہے شام ہجراں کا (عالی)

؎ چلا ہے بنکے کہاں شوخ اس پھبن سے دھواں
کہ جائے آہ نکلتا ہے یہاں دہن سے دھواں (مسرور)

دھواں اٹھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) دود از آتش برخاستن کا ترجمہ دخان نکلنا ۔ دھواں صعود کرنا ۔ ؎

ندی کنارے دھواں اٹھت ہے میں جانوں کچھ ہوئے
جا کارن جو گن بھئی وہی نہ جلتا ہوئے (دونہا)

(۲) آہ نکلنا +

دھو

دھواں چھوڑنا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ حقہ پیکر دوسرے کی طرف دود قلیان چھوڑنا ۔ حقہ لیکر معشوقانہ چھیڑ کرنا + ؎

گر پھر بھی اشک آئیں تو جانوں کہ عشق ہے
حقہ کا منہ سے غیر کی جانب دھواں نہ چھوڑ (مومن)

دھواں دھار ۔ا۔ صفت (۱) پر دود ۔ دود آلودہ ۔ دخانی (۲) نہایت سیاہ ۔ تیرہ و تار ۔ نہایت کالا ۔ ؎

مسی تری ہے اگر نمودار + تو میری دھڑی بھی ہے دھواں دھار (رنگین)

(۳) چمکیلا ۔ بھڑکدار ۔ فوق البھڑک ۔ چمکتا ہوا ۔ دمکتا ہوا ۔ ؎

مجھے چاہیئے ہے دھواں دھار جوتا
کوئی لا دے انا طرحدار جوتا (رنگین)

(۴) آفت خیز ۔ فتنہ انگیز ۔ فتنہ زا ۔ غضب ۔ ستم ۔ ؎

ابرو ہیں چڑھے بھرے ہیں بال ابھری ہوئی رگات
سج دیکھیو کیا اس نے دھواں دھار نکالی (جرأت)

(۵) تیز ۔ طرار ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ ؎

ایسے ویسے کاوناں کام نہیں ہے طلق
جاوے رنگیں کے بلانے کو دھواں دھار چیل (رنگین)

(۶) بھبوکا ۔ نہایت خوبصورت ۔ جان چٹاخار ۷ ۔ بہت ۔ بے شمار ۔ بے انداز ۔ نہایت ۔ بیحد (۸) غضبناک ۔ برہم ۔ غصہ میں بھرا ہوا ۔ غصیل ۔ جوش و خروش سے پُر +

دھواں دھار برسنا ۔ا۔ فعل لازم ۔ زور شور سے برسنا ۔ دھڑتے سے برسنا + چھاجوں مینہ پڑنا +

دھواں دھار گھٹا ۔ا۔ اسم مونث ۔ کالی گھٹا ۔ زور شور کی گھٹا ۔ گہری گھٹا ۔ ؎

دودِ آہ دلِ سوناں ہے دھواں دھار گھٹا
چاہیئے پانی کے بدلے ہو شرر بار گھٹا (ناسخ)

دھواں دھار ہونا ۔ا۔ فعل لازم ۔ نہایت تاریکی چھا جانا اندھیرا گھپ ہو جانا +

دھواں دینا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ کسی چیز کے جلنے سے دھواں نکلنا جیسے یہ تیل دھواں دیتا ہے یعنی صاف نہیں ہے ۔ اس سے دھواں زیادہ پیدا ہوتا ہے +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھو

دُھواں رَمنا - ہ - فعل لازم - دھواں بھرنا - دھواں پھیلنا - دھواں گھٹنا +

دُھواں لپک - ہ - اسم مذکر - حقہ کی بو پر دوڑنے والا آدمی - نہایت کثرت سے حقہ پینے والا - لفیلیا - مفت خوار - دوسروں کے حقہ پر دوڑنے والا آدمی +

دھواں نکلنا - ہ - فعل لازم - سلگنا - جلنا - دھواں اٹھنا +

دُھوانسا - یا - دُھوانسا - ہ - اسم مذکر - وہ کھانا جس میں دھواں رچ گیا ہو + دود آلودہ +

دھوانسا ہونا - ہ - فعل لازم - دھوئیں میں رچ جانا - دھوئیں میں بس جانا +

دُھوب - ہ - اسم مذکر - شوپ - دھلاوٹ -

دھوب پڑنا - ہ - فعل لازم - شوب پڑنا - دھویا جانا -

دھوبَن - ہ - اسم مونث (۱) دھوبی کی بیوی + کپڑے دھونے والی عورت (۲) ایک چڑیا کا نام +

دھوبی - ہ - اسم مذکر - کپڑے دھونے والا - برنیٹھا +

دھوبی پاٹ - ہ - اسم مذکر - (۱) کشتی کے ایک پیچ کا نام جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں - (۲) کپڑا دھونے کی سل یا تختہ +

دھوبی کا چھیلا - ہ - صفت - پرائے مال پر اترانے والا - دو روزگا ناموزوں لباس والا +

دھوبی کا کتّا - ہ - اسم مذکر - اَلَّذِی نہ اَلَّذِی - ادھر نہ ادھر بے سروپا آدمی - محض نکما اور بیکار آدمی - آوارہ گرد جیسے دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا +

دُھوپ - ہ - اسم مونث (۱) گھام - سورج کی روشنی - آفتاب (۲) ایک قسم کی خوشبو کا نام جو ہندو پوجا کے وقت جلاتے ہیں +

دھوپ پڑنا - ہ - فعل لازم - آفتاب آنا دن کا ترجمہ - تیز دھوپ ہونا + نہایت گرمی ہونا +

دھوپ چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) دن چڑھنا - سورج نکلنا (۲) دیوار وغیرہ پر دھوپ آنا - ؎

ہمکو بھی ہوتی ہے امید زوال تب غم
دھوپ دیوار سے جب چڑھکے اتر جاتی ہے (اسیر)

دھو

دھوپ چھاں - یا - چھاؤں - ہ - اسم مونث - روشنی اور سایہ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سایہ پڑتا ہے +

دھوپ دانی - یا - دھوپ دان - ا - اسم مونث - و ہ ظرف جس میں ہندو دھوپ رکھکر جلاتے ہیں جیسے اگر سوز اگردان وغیرہ - دھوپ دینے کا برتن جس میں آگ رکھکر اسپر خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں +

دھوپ دینا - یا - دکھانا - ہ - فعل لازم - دھوپ میں سکھانا یا خشک کرنا - دھوپ میں رکھنا - دھوپ لگانا -

دھوپ کھانا - یا - لینا - ہ - فعل لازم - دھوپ میں سکنا - دھوپ میں گرم ہونا - تابش آفتاب میں بیٹھنا - ؎

دیکھکر تا رخط خور کو کہے ہے بادہ نوش
مرغ زریں دھوپ یہ لیتا ہے پر کھولے ہوئے (مسرور)

دھوپ میں بال - یا - سر - یا - چونڈا سفید کرنا - ا - نا تجربہ کاری اور ناکردہ کاری میں بوڑھا ہو جانا - جہالت میں زندگی کا گزار دینا - ؎

رہ کے زلفوں میں نظارہ رخ تاباں کا کیا
دھوپ میں اس دل نادان نے کیے بال سفید

دھوپ میں کھڑا کرنا - ہ - فعل متعدی - دھوپ میں کھڑا رہنے کی سزا دینا - (اکثر ملا بچوں کو یہ سزا دیا کرتے ہیں) +

دھوپ نکلنا - ہ - فعل لازم - آفتاب کا افق یا ابر سے نمایاں ہونا - سورج نکلنا +

جلوۂ رخسار جاناں سے نکل آتی ہے دھوپ
وصل کی شب میرے ویرانے میں ہو جاتی ہے چھوت (ناسخ)

دُھوت - ہ - ندا - کتے کے ہنکانے کی آواز جیسے کتے دھوت یعنی دور ہو - بھاگ - ہٹ - سرک +

دھوتر - ہ - اسم مونث - ایک ہندوستانی موٹا چھدرا کپڑا +

دُھوتُو - ہ - اسم مذکر - بھونپو - ترم - بگل - ترئی - نرسنگھ وغیرہ جو منہ سے بجاتے ہیں +

دھوتی - ہ - اسم مونث - تہبند - ساڑھی - دھبلا -

دھوتی بند - ا - اسم مذکر - دھوتی باندھنے والا - ہندو بنیا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھو

بقال۔ غلہ فروش وغیرہ ۔
وہ مغنی نہ رہا اور وہ ساقی نہ رہا
دھوتی بندوں کے سوا کوئی بھی باقی نظر (آزردہ)

دھورے ۔ ہ۔ تابع فعل (گنوار) قریب۔ نزدیک۔ پاس۔ نیڑے۔ متصل +

دھورے دھارے ۔ ہ۔ تابع فعل (گنوار) آس پاس۔ قرب وجوار +

دھونسنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (پورب) ۱۔ ٹھونسنا۔ ٹھانسنا۔ (۲) بکر بھرنا۔ (۲) سینگوں سے ٹکر مارنا۔ (۳ گنوار) پیٹنا۔ مارنا (۴۔ عو) برتنا۔ استعمال کرنا۔ لانا جیسے برس روز سے یہ رضائی دھونس رہی ہوں۔

دھوک ۔ ا۔ اسم مونث (دودک کا بگڑا ہوا ہے) کلابتوں بٹنے کی سلائی +

دھوکا ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) بتا۔ فریب۔ حیلہ۔ مکر۔ دغا۔ چھل بھگل (۲) غلط فہمی۔ مغالطہ۔ اشتباہ۔

دھوکا دھڑی ۔ ہ۔ اسم مونث۔ مغالطہ۔ چھل بٹا۔ مکر و فریب +

دھوکا دہی ۔ ہ۔ اسم مونث (قانون) فریب دہی۔ فریب بازی حلف دروغی +

دھوکا دینا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ فریب دینا۔ مغالطہ میں ڈالنا چھل کرنا۔ بتا دینا +

دھوکا کھانا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ فریب میں آنا۔ غلطی میں پڑنا۔ مغالطہ ہونا + چوکنا۔ خطا کرنا +

دھوکا ہونا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ مغالطہ ہونا۔ شبہ ہونا۔ چوک پڑنا۔ غلطی ہونا۔ سہو ہونا۔ دم یا فریب میں آنا +

دھوکر چھلا ۔ یا۔ **پیسہ اٹھانا** ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عود مراد یا منت مانتے وقت نیاز دلانے کے واسطے چھلے یا پیسہ کو پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی کے وقت اس کی شیرینی تقسیم کی جائے) منت ماننا۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا۔ شیرینی یا دونا ماننا ۔ ؎ رباعی

رنگیں سے لیا تھا مینے رو کر چھلا + دکھلاؤنگی کیا منہ اسے کھو کر چھلا

دھو

پاؤں جو وہ چھلا تو دو بیٹھک دوں + منت کا اٹھاتی ہوں میں دھو کر چھلا (زنگین)

دھوکے ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) دھوکا کی جمع (۲) حروف مغیرہ کے اٹھانے سے یا ے مجہول کے ساتھ تبدیلی کی حالت +

دھوکے باز ۔ ا۔ صفت۔ فریبی۔ دمباز۔ چھلیا۔ مکار۔ دغا باز +

دھوکے کی ٹٹی ۔ ہ۔ اسم مونث (۱) وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں۔ ؎

خط نکلنے پر بھی گیسو میں پھنسے مرغ نظر + دھوکے کی ٹٹی ترے عارض کا سبزا ہو گیا

یہ محاورہ شکاریوں سے لیا گیا ہے جو ٹٹی کے آڑ میں گھات لگاتے ہیں +

(۲) فریب میں لانے والی چیز۔ دکھاوے کی چیز۔ مغالطہ میں ڈالنے والی چیز۔ ؎

شکلیں جو دیکھتا ہے یہ جادو کی ہیں عیاں
سب کچھ ترے لئے ہیں یہ دھوکے کی ٹٹیاں (نظیر)

(۳) کا جو بھوجو چیز۔ نازک چیز۔ بودی چیز +

دھوکے میں رکھنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ جھوٹی امید میں رکھنا۔ جھوٹا وعدہ کرنا + مغالطہ دینا۔ دم دینا +

دھول ۔ ہ۔ اسم مونث۔ گرد۔ خاک۔ ریت + ریگ + راکھ۔ خاکستر +

دھول اڑانا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) گرد اڑانا۔ (۲) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ (۳) آوارہ پھرنا۔ خراب خستہ پھرنا جیسے یونہی دھول اڑاتا پھرتا ہے +

دھول اڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) خاک اڑنا۔ گرد اڑنا۔ (۲) بدنامی اور رسوائی ہونا (۳) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ جیسے اس کے ہاں دھول اڑ گئی +

دھول جھاڑنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) خاک جھاڑنا (۲) پیٹنا جوتے سے خبر لینا۔ بے حیا کو مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ شلاق کرنا +

دھول جھڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ گرد دور ہونا۔ گت بننا۔ سزا ملنا +

دھول کی رسی بٹنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (ہندو) بیفائدہ۔ محنت کرنا ناممکن بات کی کوشش کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھو

دَھُول - ا - اسم مونث (۱) دھپا - چانٹا - تھپڑ - سرچنگ - دھپ (۲) نقصان - ٹوٹا - خسارہ (۳) جوار کا ہرا پھنٹا جسے گنے کی طرح چوستے ہیں +

دھول جڑنا - ا - فعل متعدی - دھپا لگانا - تھپڑ مارنا +

دھول دھپا - ا - اسم مذکر - چانٹا چٹول - ص

دھول دھپا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیش دستی ایک دن (غالب)

دھول کھانا - ا - فعل لازم - چانٹا کھانا - دھپا کھانا - سرچنگ خوردن +

دھول لگانا - یا - مارنا - ا - فعل متعدی - دھپا لگانا - چانٹا سی کرنا - سرچنگے زدن کا ترجمہ +

دھول لگنا - ا - فعل لازم - چانٹا لگنا + خسارہ ہونا - ٹوٹا ہونا - نقصان ہونا +

دَھُولا - ا - صفت (گنوار) سفید - ابیض - چٹا +

دھولا پڑنا - ا - فعل لازم (گنوار) سفید پڑنا - خوف کے مارے یا کسی صدمہ سے زرد پڑ جانا +

دُھولیا پیر - ا - اسم مذکر - لڑکوں کا ایک فرضی پیر +

دُھولیا پیر کی قسم / **دُھولیا قسم** - ا - اسم مذکر - (ایک طرح کی قسم جو بچے اس طرح پر کھاتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کی پشت میں خاک بھر کر سر پر ایک تنکا کھڑا کر دیتے ہیں اور قسم کھانے والے سے کہتے ہیں کہ تو اس تنکے کو منہ سے اٹھا جب وہ منہ کے سامنے لاتا ہے تو اسکے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ سے اس طرح اچھال دیتے ہیں کہ ساری خاک اس کے منہ پر جا پڑتی ہے اور پھر خوب ہنستے ہیں - ص

دھولیا مجکو کھلائے کو قسم آج اگر + انجمن میں وہ بت انجمن آرا آئے
تو الٰہی پٹے اُس شخص کے یہ منہ میں خاک + جو کہے یہ ترے دانتوں نے تنکا اٹھے (فیضی)

دُھوم - ا - اسم مونث (۱) شور - غل + ہنگامہ - غل - غپاڑا - ص

چل ساتھ کہ حسرت دل مرحوم سے نکلے
عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے (فدوی)

(۲) آوازہ - غلغلہ - شہرت - شہرہ - دھاک - ص

دھوم ہے آفاق میں تیرے عذار صاف کی
اپنا آئینہ نہیں کرتا ہے سکندر پسند (ناسخ)

دھو

(۳) افواہ - خبر + اڑائی +

دھوم دھام - ا - اسم مونث (۱) شان و شوکت - طمطراق - شکوہ بھیڑ بھڑکا - کروفر - احتشام - نمود - ٹھاٹ باٹ - دبدبہ - بھیڑ بھڑا

(۲) زور شور - ریل پیل - ص

دنبال ہر نگاہ ہے صد رکارواں سرشک
بر سے ہے ابر چشم بڑی دھوم دھام سے (میر)

(۳) غل شور - آوازہ - غلغلہ - دھاک - شہرہ - ہنگامہ آرائی - ص

ولونے تھے شباب تک اپنے + اب ہماری وہ دھوم دھام نہیں (بحر)

دھوم دھڑکا - ا - اسم مذکر - ہنگامہ - غل غپاڑا - شور و غلغلہ - ہائے ہو + ص

پرسہ دینے کو مرے لوگ چلے آتے ہیں
گھر میں تو دھوم دھڑکا ہے لحد سونی ہے (بحر)

دھوم ڈالنا - ا - فعل لازم - عو - ہنگامہ برپا کرنا - غل مچانا - شور کرنا +

دھوم سے - ا - تابع فعل - کروفر سے - بھیڑ بھڑکے سے - شور و غل سے - باجے گاجے سے + تزک و احتشام سے +

دھوم مچانا - ا - فعل لازم (۱) غل شور کرنا - غل مچانا - ہنگامہ برپا کرنا - چلانا - ص

راتدن دھوم مچائیں جو مرے طفل سرشک
سچ ہے پھر خواب کا کیونکر ہو گزر آنکھوں میں (ناسخ)

(۲) دہائی دینا - فریاد کرنا - واویلا مچانا +

دھوم مچنا - یا - پڑنا - یا - ہونا - ا - فعل لازم ہنگامہ برپا ہونا - چہچہ دھاڑ پڑنا - دھاک بندھنا - شہرت ہونا +

دُھونک دھنیا - ا - اسم مونث - عو - غل شور - واویلا ہنگامہ

دُھون - ا - اسم مونث - توپ کی آواز +

دُھون دھوں - ا - اسم صوت - توپوں کی متواتر آواز +

دُھوں دھوں کار - ا - صفت - نہایت زور کی بارش یا بخار کے موقع پر بولتے ہیں جیسے دھوں دھوں کار مینہ برسنا یا دھوں دھوں کا بخار چڑھنا +

دُھون - ا - اسم مذکر - بیس سیر کا وزن + بیس سیر آدھا من (صحیح)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

اُدھون ہے)

دُھونا - ہ - اسم مذکر (پورب، رال - ایک قسم کا گوند جو آگ کو بہت جلد قبول کرتا ہے +

دھونا - ہ - فعل متعدی (۱) پانی سے صاف کرنا - پاک کرنا - شستن کا ترجمہ (۲) دور کرنا - زایل کرنا - جیسے دل سے بات دھونا +

دَھونْتَال - ہ - صفت - عو - کام میں چالاک - جلد کام کرنے والی مضبوط - قوی - دلیر +

دَھونس - ہ - اسم مونث (۱) استحصال بالجبر + وہ خرچ جو باقی وصول کرنے کی بابت زمیندار سے دلوایا جائے (۲) دھمکی - تخویف - تہدید (۳) دم - جھانسا - پٹی - فریب - دھوکا +

دَھونس باندھنا - ہ - فعل لازم - (گنوار) خرچ زمہ لینا - خرچ باندھنا - زاید مصارف اختیار کرنا +

دَھونس پٹی - ہ - اسم مونث - دم جھانسا - دم دلاسا +

دَھونس دینا - ہ - فعل متعدی - دم دینا - جھانسا دینا + دھمکی دینا + فریب دینا +

دھونسا - ہ - اسم مذکر - دمامہ - نقارہ کلاں - بڑا نقارہ +

دھونسا کھانا - ہ - فعل لازم - شامت آنا +

دھونْسْنا - ہ - فعل لازم - عوام (۱) ٹھونسنا - دبانا (۲) سزا دینا پیٹنا مارنا +

دھونسیا - ہ - اسم مذکر (۱) دمباز - مکار - فریبی - جھانسیا (۲) وہ شخص جو مالگذاری وصول کرنے کے واسطے جائے اور اپنا خرچ مالگزار سے لے +

دَھونْکنا - ہ - فعل متعدی - آگ پھونکنا + آگ جلانا +

دھونکنی - ہ - اسم مونث - دم کش - آگ پھونکنے کا آلہ وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں +

دھونکنی لگنا - ہ - فعل لازم - سانس چڑھنا - دم پھولنا - ہانپنا -

دُھونی - ہ - اسم مونث - دھواں - کسی چیز کو جلا کر بخور لینا - بخور تپسیوں یا ہندو فقیروں کی آگ کا ڈھیر جس کے سامنے وہ بیٹھے رہتے ہیں +

دھونی جگانا - ہ - فعل متعدی - ہندو - آگ جلانا - تپسیوں کا آگ کے

سامنے بیٹھکر تپ کرنا - دھونی رمانا -

دھونی دینا - ہ - فعل متعدی - بخور دینا - دھواں دینا - دھواں سنگھانا +

دھونی رمانا - ہ - فعل لازم - کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا - جاگزین ہونا - فقیر ہو کر بیٹھنا - فقیری لینا - ؎

رمائے بیٹھے ہو دھونی جو ان کے در پر تم
ہوا ہے کیا تمہیں سید بھلا سنو تو سہی (مولف)

دھونی لگانا - ہ - فعل متعدی - آگ جلانا - جاگزین ہونا - ہٹ کر کے بیٹھنا - دنیا کو ترک کر کے فقیری اختیار کر لینا - کاروبار دنیوی کو تج دینا - ؎

گھر میں جا سکتے نہیں اس عشوہ گر کے سامنے
دل میں ہے دھونی لگا دیں اسکے در کے سامنے (معروف)

دھونی لینا - ہ - فعل لازم - بخور لینا - دھواں چڑھانا - دھواں لینا +

دھوَوَن - ہ - اسم مذکر - دُھلی ہوئی چیز کا پانی + وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو - ؎

عمر خضر سے اس کی زیادہ ہو زندگی
دھووں پیے جو یار کی زلف دراز کا (آتش)

دھویا دَھایا - ہ - اسم مذکر - بے غیرت - بے شرم - سادہ لوح + پاک صاف - شستہ و صاف +

دھویا دیدہ - ا - صفت - عو - بے لحاظ بے شرم بے حیا + بیروت بیدید - شوخ چشم + بے غیرت +

دُھوئیں - ہ - اسم مذکر - دھواں کی جمع +

دھوئیں اڑانا - ہ - فعل متعدی (۱) دھجیاں اڑانا - پرزے اڑانا اکھاڑ پھینکنا + ؎

نالہ اک دم میں اڑا دیوے دھوئیں
چرخ کیا اور چرخ کی بنیاد کیا (مومن)
آہ نے دل کے کیا اٹھائے دھوئیں
چاہ بابل سے بھی اڑائے دھوئیں (د)

(۲) جلا کر خاک سیاہ کرنا - تباہ و برباد کرنا - پراگندہ و پریشان کرنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھی

خراب وخستہ کرنا + ؎

بس اے تپ محبت کب تک یہ شعلہ خیزی
تو نے دھوئیں اڑائے آخر جلا جلا کر (ممنون)

دھوئیں بکھیرنا - ف - فعل لازم (۱) نکتہ چینی کرنا - خوب خبر لینا - بحث میں ہرانا (۲) دیکھو دھوئیں اڑانا +

دھوئیں کے بادل اڑانا - ف - فعل متعدی بے بنیاد اور بے سر و پا بات بیان کرنا +

دَھَنے - ا - اسم مذکر - عو - محرم کے دس دن - ماہ محرم جیسے دہے کا مہینا (پنجابی تعزیہ کو بھی کہتے ہیں)

دِھی - ف - اسم مونث (ہندو) بیٹی - دختر +

دَھِی - ف - اسم مذکر - جما ہوا دودھ - جغرات (ہندو مونث بولتے ہیں)

دِھیان - ف - اسم مذکر - خیال - تصور + توجہ + سوچ بچار + مراقبہ - لحاظ - التفات +

دھیان آنا - ف - فعل لازم - یاد آنا - خیال آنا +

دھیان بٹانا - ف - فعل متعدی - اور طرف توجہ کرنا - تصور کا دوسری طرف لگانا - ؎

ہمنشیں مت ہو خفا گر نہ سنوں بات تری
اک تصور ہے کہ وہ دھیاں بٹا دیتا ہے (جرأت)

دھیان بٹنا - ف - فعل لازم - ایک طرف سے دوسری طرف توجہ ہونا - خیال بٹنا + تصور کا اور طرف ہونا - ؎

نصیحت کرنے سے ناصح ہے گا
نہ دھیان اپنا بٹا ہے نے بٹے گا (جرأت)

دھیان بندھنا - ف - فعل لازم - خیال بندھنا - تصور ہونا - کسی کا خیال آنا + ؎

سارے عالم ہی سے بیزار وہ کچھ بیٹھا ہے
آج جرأت کو خدا جانے یہ کیا دھیان بندھا (جرأت)

دھیان پر چڑھنا - ف - فعل لازم - ذہن پر چڑھنا کسی بات کا بخوبی خیال میں آجانا +

دھیان چڑھنا - ف - فعل لازم - ذہن نشین ہونا + یاد آنا - خیال آنا +

دھی

دھیان دینا - یا - لگانا - ف - فعل لازم - توجہ کرنا - کان لگانا - خیال سے سننا - کسی کام کا اندیشہ و فکر کرنا +

دھیان رہنا - ف - فعل لازم - خیال رہنا - توجہ رہنا - ؎

دھیان رہنا شرط ہے اس دلبر مغرور کا
فکر سے نزدیک ہو جاتا ہے مضمول دور کا (آتش)

دھیان سے - ف - تابع فعل - توجہ سے - خیال سے +

دھیان سے اترنا - ف - فعل لازم - خیال سے اترنا - یاد نہ رہنا بھول جانا - سہو ہونا -

دھیان لگنا - ف - فعل لازم - خیال ہونا - توجہ ہونا +

دھیان کرنا - ف - فعل لازم - توجہ کرنا - خیال کرنا - سوچنا - سمجھنا فکر کرنا +

دھیان میں آنا - ف - فعل لازم - خیال میں آنا - ذہن پر چڑھنا -

دھیانا - ف - اسم مذکر (ہندو) (۱) داماد یا منجھلا داماد جیسے بھتیجا بھتیجی وغیرہ (۲) بیٹی یا بہن کی اولاد نرینہ +

دھیان میں نہ لانا - ف - فعل لازم - خیال میں نہ لانا - توجہ نہ کرنا - لحاظ نہ کرنا +

دِھیانگی - ف - اسم مونث (۱) دن بھر کی مزدوری - یومیہ دہاڑی (۲) ایک دن کی اجرت - ایک دن کا کام +

دِھیانی - ف - صفت (ہندو) خدائے لو لگانے والا - صاحب تصور جیسے گیانی دھیانی + (۲) بیٹی بھتیجی وغیرہ جیسے دھی دھیانا لاگ دیدو - نیز بیٹی یا بہن کی اولاد +

دِھیر - ف - اسم مونث (ہندو) (۱) صبر - تحمل - استقلال (۲) ہمت جرأت - دلیری +

دھیر بندھانا - ف - فعل متعدی - ہمت بندھانا - جرأت دلانا

دِھیرا - ف - صفت (پورب) دھیما - متحمل - نرم - ملایم - صابر +

دِھیرج - ف (ہندو) اسم مونث (۱) دیکھو (دھیر) (۲) مستعدی مضبوطی +

دھیرج دھرنا - ف - فعل لازم (ہندو) صبر کرنا - تحمل کرنا - تحاوس کرنا +

دھیرج کی پہاڑی - ف - اسم مونث - مضافات دہلی کی ایک

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دھی

پہاڑی کا نام جہاں آبادی ہے۔

دِھیرے - ہ۔ تابع فعل (ہندی) آہستہ۔ ہلکے ہلکے۔ دھیمے دھیمے بتدریج۔ درجہ بدرجہ۔ پایہ بپایہ +

دِھیری - ہ۔ اسم مونث (اطفال) شکست۔ مات۔ مغلوبی۔ عاجزی زبونی۔ (اکثر جب کوئی پتنگ لڑانے سے انکار کرتا ہے تو کہتے ہیں)

دھیری پکارنا - ہ۔ فعل لازم۔ شکست جتانا۔ مات کرنے کا آوازہ کسنا +

دھیری ہے - ہ۔ محاورہ) مات ہے۔ ہیٹی ہے۔ شکست ہے زبونی ہے (جب کوئی شخص کنکوا نہیں لڑاتا اور دب جاتا ہے تو لڑکے اسکے جواب میں کہتے ہیں کہ دھیری ہے یعنی بھگا دیا ہے)

دِھیَر - ا۔ اسم مذکر (عوام) جمیز +

دِھیلا - ہ۔ اسم مذکر۔ آدھا پیسہ۔ ادھیلا۔ ساڑھے بارہ یا بارہ دام +

دِھیلی - ہ۔ اسم مونث۔ آدھا روپیہ۔ اٹھنی۔ (صحیح ادھیلی ہے یعنی آدھے سے نسبت رکھنے والی) +

دِھیما - ہ۔ صفت۔ تیز کا نقیض۔ آہستہ۔ نرم۔ سست۔ خفیف۔ مدھم۔ ہلکا + طاسہ کا آہستہ بجانا۔ کم آواز باجا۔

دھیما پڑنا - ہ۔ فعل لازم۔ ٹھنڈا ہونا۔ نرم ہونا۔ غصہ فرو ہونا +

دھیما کرنا - ہ۔ فعل لازم۔ زور گھٹانا۔ نرم کرنا۔ سست کرنا + غصہ فرو کرنا + ٹھنڈا کرنا +

دِھینگ - ہ۔ صفت۔ قوی۔ مضبوط۔ مسٹنڈا۔

دھینگ دھونکڑی کرنا - ہ۔ فعل متعدی۔ زبردستی کرنا زور آوری کرنا۔ جبر و تعدی کرنا +

دھینگا دھینگی - ہ۔ اسم مونث (ا) زبردستی۔ جبر۔ تعدی جیسے دھینگا دھینگی بلو کا راج یعنی جس کی تیغ اُس کی دیغ (دیگ) اور نیز حاکم کی ناانصافی پر اطلاق ہوتا ہے۔ اندھیر نگری چوپٹ راج کے مطابق (۲) تابع فعل) بجبر۔ بزور۔ زبردستی سے۔ جور و تعدی سے ظلم و ستم سے +

صورت مجرم دل بیگانہ کو کینہ سے کھینچ

دیا

دھینگا دھینگی لے گیا تیر مژہ سینہ سے کھینچ (مرزا)

دِھینگا مُشتی - ا۔ اسم مونث۔ ہاتھا پائی۔ گاؤ زوری۔ کشتی +

دِھینگڑا - ہ۔ اسم مذکر۔ دھینگ کی تصغیر بالتحقیر +

دِھینوَر - ہ۔ اسم مذکر۔ مچھوا۔ مچھلی والا۔ ماہی گیر۔ (۲) صفت) نہایت سیاہ۔ کالا کلوٹا۔ حبشی۔ شیدی +

دَئی - ہ۔ اسم مذکر (ا) خدا۔ اللہ۔ بھگوان (۲) دیوتا۔ اوتار پیغمبر (گیتوں میں آتا ہے)

دئی مارا - ہ۔ صفت۔ اللہ مارا جیسے دئی مارا بولے مورا مجھ برہمن کا جوڑا +

دِیا - ہ۔ اسم مذکر (ہندی) دیوا۔ چراغ +

دیا بتی کرنا - ہ۔ فعل لازم (ہندی) چراغ جلانا۔ چراغ روشن کرنا +

دیا سلائی - ہ۔ اسم مونث (ا) چراغ جلانے کی تیلی جس میں گندھک وغیرہ لگی ہوتی ہوتی ہے (۲) وہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے +

دَیا - ا۔ اسم مونث۔ مال + دایہ۔ جیسے ؎

گھڑی گھڑی کچنال لیکاوے + ہائے دیا موہے باس مارے (گھڑیال کی بیٹی)

دَیا - ہ۔ اسم مونث (ا) بخشش۔ عطا (۲) ہمدردی۔ رحم دلی + ترس۔ خوف خدا + مہربانی۔ کرپا۔ عنایت۔ پرورش۔ ربوبیت ؎

دیا دھرم نہیں من میں + مکھڑا کیا دیکھے درپن میں (بھجن)

دَیاوَنت - ہ۔ صفت۔ رحمدل۔ مہربان۔

دِیار - ع۔ اسم مذکر (دار بمعنی خانہ کی جمع) بلاد۔ ملک +

دَیارا - ہ۔ اسم مذکر (پورب) دریا برآمد۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے۔ دریا برآمد +

دِیالیا - ہ۔ اسم مذکر۔ خدا کی راہ پر دیا ہوا۔ بھلائی جیسے کچھ دیا لیا ہی آگے آگیا +

دِیانَت - ع۔ اسم مونث۔ ایمانداری۔ راستی۔ صدق + امانت + تدین +

دیانت دار - ع + ف۔ صفت۔ ایماندار۔ دھرمی۔ سچا۔ راستباز

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دیا

صادق + امین +

دیانت داری - ع + ف - اسم مونث - ایمانداری - صداقت امانت داری +

دیانت داری سے - ا - تابع فعل - ایمانداری سے - راستی اور دھرم سے +

دیباچہ ع اسم مذکر - روئے کتاب - سرنامہ - مقدمہ کتاب

دیباچہ ف تمہید - خطبۂ کتاب +

دیبی - ہ - اسم مونث (ہندو) ۱ - ملکہ - رانی (۲) دیگا - کالکا - دیوتا کی تانیث - دیو یا کی استری - بھوانی + دیوی +

دیبی کھیلنا - ہ - فعل لازم (ہندو) دیبی کا سر پر آنا +

دیپ - ہ - اسم مذکر (۱) جزیرہ - ٹاپو + بر اعظم (۲ - س) چراغ - روشنی - چمک - آتش (۳) چھوٹی دیوالی - (۴) ہندوں کی ایک رسم جس میں کسی رشتہ دار کے مرجانے پر دس روز تک پیپل یا کسی درخت پر چراغ جلا کر لٹکا دیتے ہیں تاکہ متوفی کی روح کو جم پوری کی تاریک راہ پر روشنی پہنچے - (۵) ایک راگ کا نام جسے دیپک بھی کہتے ہیں (۶) وہ زمین جو دریا کے کنارے پر برہمنوں کو اس نظر سے دی جائے کہ اسکے کنارے کا شہر طغیانی سے محفوظ رہے) +

دیپ مالا - ہ - اسم مذکر - چراغوں کی قطار +

دیپک - س - اسم مذکر (۱) روشنی - چراغ - شمع (۲) ایک راگ کا نام جس کی تاثیر سے کہتے ہیں کہ آگ لگ جاتی ہے (۳) ایک قسم کی آتشبازی +

دید - ف - اسم مونث - دیدار - نظارہ + نگاہ - نظر +

دید نہ شنید - ف - صفت - دیکھا نہ سنا - عجیب الجوبہ - انوکھا نادر - نایاب +

دیدار - ف - اسم مذکر - جلوہ - درشن - نظارہ + صورت - چہرہ - ے

عمر بھر کی جو تمنا تھی سو وہ بر آئی
مرتے دم شکر ہے دیدار تمہارا دیکھا (رند)

دیدار بازی - ف - اسم مونث - گھورا گھاری - نظارہ بازی تاک جھانک جیسے دیدار بازی خدا راضی - مقولۂ عوام +

دید

دیدار رو - ا - صفت - شکیل - وجیہ - صورت شکل کا اچھا + تن و توش کا - وہ شخص جس پر دلالت برسے +

دیدہ ناسا - ا - صفت - عو - ذرا سا - بہت کم +

دیدوں - ا - اسم مذکر - دیدہ کی جمع +

دیدوں کی صفائی - ا - اسم مونث - عو - بے باکی - نڈرپن - بے غیرتی بے شرمی - بے حیائی +

دیدو کی قسم - ا - اسم مونث - عو - سوگند دیدہ - آنکھوں کی قسم +

دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا - یا - پانا - ا - فعل لازم - عو - کسی کی بدی کی پاداش میں اندھا یا لنگڑا ہو جانا - کسی کے ستانے کی سزا میں خدا کی طرف سے اندھا یا لنگڑا ہو جانا (دعائے بد)

دیدہ - ف - اسم مذکر (۱) آنکھ - چشم - نیتر (۲ - عو) دلیری - جرأت بیباکی - ے

ہوئی اس بات میں مشہور یوسف سا جواں تاکا
بوا ہم عورتوں میں تھا بڑا دیدہ زلیخا کا - (نازنین)

دیدہ پھٹی - ا - صفت - بڑی بڑی بموقع آنکھوں والی +

دیدہ درائی - ا - اسم مونث - عو - دلیری - جرأت بیباکی شوخ چشمی +

دیدہ دلیل - ا - صفت - شوخ چشم - بیباک - نڈر - دلیر + جری +

دیدہ دلیلی - ا - اسم مونث - شوخ چشمی - بیباکی - دلیری - جرات - نڈرپن +

دیدہ دھوئی - ا - صفت - شوخ دیدہ - شوخ چشم - دلیر بیباک + بیجا - سفاک - بغیرت +

دیدہ ریزی - ا - اسم مونث - باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑتا ہے + مینا کاری +

دیدہ ریزی کرنا - ا - فعل لازم - آنکھوں کا تیل نکالنا - باریک کام کرنا +

دیدہ نہ لگنا - ا - فعل لازم - توجہ نہ کرنا - کسی کا پروا دھیان نہ دھرنا

دیدہ نہ ٹکنا نظر نہ جانا - دل نہ لگانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دید

دیدہ ہوائی ہونا - ا - فعل لازم - شوخ چشم و چالاک ہونا ؎
نکلتے ہی مرے سینے سے لوگر دوں پہ جا چکی
یہ برق آہ کا بھی واہ کیا دیدہ ہوائی ہے ؛ (جرأت)

دیدہ و دانستہ - ف - تابع فعل - جان بوجھ کر دانستہ معلوم ہونے کے باوجود ؛

دِیدے - ا - اسم مذکر - دیدہ کی جمع ؛

دیدے پتھم ہونا - ا - فعل لازم - عو - اندھا ہونا - بصارت نہ رہنا - دعائے بد ؛

دیدے پھاڑ کر دیکھنا - یا - گھورنا - ا - فعل لازم - گھور کر دیکھنا - خوب آنکھیں کھول کر دیکھنا - غور سے دیکھنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ؛ ؎
ایک تو شکل ڈرانی ہے تری بچا سی
تس پہ یوں پھاڑ کے دیدے مجھے مت گھور دزرنگین

دیدے کا پانی ڈھل جانا - ا - فعل لازم - بیحیا اور بیغیرت ہو جانا ؛

دیدے کی صفائی - ا - اسم مونث - بیباکی - شوخ چشمی - دیدہ دلیری - بیحیائی - بے غیرتی - بے شرمی ؛

دیدے مٹکانا - ا - فعل لازم - آنکھیں چمکانا - آنکھیں پھرانا ؛

دیدے نکالنا - ا - فعل لازم (۱) خشمگین آنکھوں سے دیکھنا - غضبناک نظروں سے دیکھنا - آنکھیں نیلی پیلی کرنا - غصہ کرنا (۲) متعدی) چشم برکندن کا ترجمہ - آنکھوں کو حدقہ سے نکالنا ؛

دے ڈالنا - ف - فعل متعدی - دیدینا - بخشدینا - عطا کرنا - معاف کر دینا ؛

دَیر - ف - اسم مذکر - بتکدہ - بتخانہ - مندر ؛

دِیر - ف - اسم مونث - درنگ - وقفہ - عرصہ - اویر - توقف - مدت ؛

دیر پا - ف - صفت - پایدار - مستحکم - مضبوط - قیام پزیر -

دیر آئے درست آئے - ا - کہاوت - جو کام دیر میں یعنی

دیس

سہولت میں ہوتا ہے وہ عمدہ اور درست ہوتا ہے ؛

دیر تک - ا - تابع فعل - مدت تک - عرصہ تک ؛

دیر سے - ا - تابع فعل - عرصہ سے ؛

دیر کرنا - ا - فعل لازم - عرصہ لگانا ؛ وقت گزارنا -

دیر لگانا - ا - فعل لازم - توقف کرنا - عرصہ لگانا - وقفہ ڈالنا - ڈھیل ڈالنا - تاخیر کرنا ؛

دیر ہونا - ا - فعل لازم - توقف ہونا - عرصہ ہونا ؛ وقت گزار کر آنا - اویر کر کے آنا ؛

دِیرگ - س - صفت - تصوت - (نصوت) سُتر کا نقیض -

دَیرَہ - یا - **دِہرَہ** - ہ - اسم مذکر - سکھوں کا مندر ؛

دیرینہ - ف - صفت (از دیر) قدیمی - پرانا - کہنہ ؛ گرگ کہن تجربہ کار - جرآنٹ - آٹھوں گانٹھ - کمیت ؛ بزرگ - پرانتم بوڑھا - پرکھا ؛

دَیڑھ - ہ - اسم مذکر (۱) ایک مشہور خوش الحان پرند کا نام جسے شام دیڑھ بھی کہتے ہیں - (۲) ایک قسم کا کبوتر ؛

دیس - ہ - اسم مذکر (۱) ملک - ولایت - لوک - اقلیم ؛ صوبہ ضلع استھان (۲) وطن - جائے ولادت - مولد - زادبوم جیسے دیس چوری پردیس بھیک (کہاوت) ۳ - ایک راگ کا نام جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے ؛ ؎
اے معنی سن مرے نالے ذرا پردیس میں
درد ہے ایسا بھلا کا ہے کو تیرے دیس میں (ناسخ

(۴) طرف - جانب - کھونٹ - دشا - جیسے پورب دیس پچھم دیس - اس معنی میں لفظ دشا یا دساسے مشتق خیال کرنا چاہئے - ؎
گوری سووے سیج پر اور مکھ پر ڈالے کیس
چل خسرو گھر اپنے سانج بھئی چو ندیس
یعنی چاروں طرف - ہر چہار سو ؛

دیس بدیس پھرنا - ہ - فعل لازم - ملک در ملک پھرنا - سیر و سیاحت کرنا - شہر بشہر پھرنا - مارا مارا پھرنا ؛

دیس بھاشا - یا - بھاکا - ہ - اسم مونث - دیسی زبان - دیسی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دیس

بولی - اپنے شہر کی بولی +

دیس بھائی - ہ - اسم مذکر (ہندو) ہموطن +

دیس چھوڑنا - یا - تیاگنا - ہ - فعل لازم - ترکِ وطن کرنا ہجرت کرنا - نکل جانا +

دیس نکالا - ہ - اسم مذکر - جلاے وطن +

دیس نکالا دینا - ہ - فعل متعدی - جلاوطن کرنا +

دیسا - ہ - اسم مذکر - برہمی + مُردے کی سالانہ فاتحہ + عرس +

دیسی - ہ - صفت (۱) وطنی - وطن کا - مُلک کا - شہر کا - (۲) نیٹو - ولایتی کا نقیض (۳) وہ چیز جو وطن میں پیدا ہو +

دیغ - ا - اسم مونث - دیکھو (دیگ)

دیکھا بھالا - ہ - صفت - آزمودہ - تجربہ کیا ہوا - امتحان کردہ +

سر و بالا سے کب دوبالا ہے + فتنۂ حشر دیکھا بھالا ہے (نکہت)

دیکھا بھالی - ہ - اسم مونث - تلاش - جستجو + دیدہ بازی - نظارہ کسی چیز کو غور سے دیکھنا +

دیکھا جائیگا - ہ - محاورہ (۱) سمجھا جائیگا - سمجھ لینگے - پھر سہی (۲) بدلہ لیا جائیگا (۳) خیال رہیگا - خیال رکھیں گے +

دیکھا چاہئے - ہ - محاورہ (۱) دیدہ باید - امید نہیں دیکھئے شاید - ؎

حشر پر ہے وعدۂ دیدار یار + دل مگر کہتا ہے دیکھا چاہئے

(۲) سراہا جانا چاہئے - قابل تعریف ہے جیسے اس کا حوصلہ دیکھا چاہئے جو دیکر نہیں مانگتے +

دیکھا دیکھی - ہ - تابع فعل - رسم رسیں - حرص حرصی - رقابت - تتبع - کسی کام کو کرتے دیکھکر آپ بھی کرنے لگنا +

دیکھا نہ سنا - ہ - صفت (۱) لاثانی - بے نظیر - اعجوبہ - طرفہ - انوکھا (۲) محاورہ) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا - ؎

آپ ہی آئینہ میں اپنے دیکھا ہوگا
ہم نے تو آپ کا ہمسر کوئی دیکھا نہ سنا (نکہت)

دیکھ بھال - ہ - اسم مونث (۱) تلاش - جستجو (۲) دید - نظارہ - گھورا گھاری :

حیف ہیں ان کا آئینہ نہ ہوا + خوب ہی دیکھ بھال کی ہوتی (صہبا)

دیکھ

دیکھ بھال کر - ہ - تابع فعل (۱) واقف و آگاہ ہو کر دیدہ و دانستہ جان بوجھ کر - ؎

اے دل نہ اس کے چاہ ذقن کا خیال کر
گرتا کوئی کنوئیں میں بھی ہے دیکھ بھال کر (نصیر)

(۲) سوچ سمجھ کر - ٹھوک بجا کر - اطمینان کے ساتھ - دل ٹھوک کر خاطر جمع کر کے

دیکھتا کیا ہے لگے - ہ - محاورہ - یعنی بے فکر و تامل وار کر - بلا تامل مار - ؎

ساتھ پھرتے ہیں بہت نائل لگے + دیکھتا کیا ہے بت قاتل لگے (فدوی)

دیکھت ہوبی - ہ - اسم مونث - ایک قسم کے نفیس اور باریک کپڑے کا نام +

دیکھت ہیں - ہ - تابع فعل - بظاہر - بصورت نظر میں -

دیکھتے دیکھتے - ہ - تابع فعل - آنکھوں کے سامنے - نظر کے سامنے + روبرو - سامنے +

دیکھتے رہ جانا - ہ - فعل لازم - ہکا بکا ہو جانا - حیران رہ جانا - مایوسی کے ساتھ حیرت میں رہ جانا +

دیکھتے رہنا - ہ - فعل متعدی - نگہبانی کرنا - محافظت کرنا + موقع کا خیال رکھنا +

دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا / **دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا** - ا - فعل لازم - قابو نہ چلنا - حیران و ششدر رہ جانا - حیرت میں رہ جانا - سکتے میں رہ جانا - ؎

لے گیا دل ہاتھ سے اور پاؤں کے نیچے ملا
دیکھنے کا دیکھتا میں ہاتھ ملکر رہ گیا (ممنون)

دیکھتے ہی - ہ - تابع فعل - نظر ڈالتے ہی - فوراً نگاہ کے ساتھ + ؎

دل توبندی کا لیا دیکھتے ہی رنگیں نے
اب یہی غم ہے کسی طرح سے ایمان بچے (رنگین)

دیکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) معائنہ کرنا - نظر کرنا - نظر ڈالنا - ملاحظہ کرنا - دیدن کا ترجمہ (۲) فعل لازم) خیال رکھنا - نظر رکھنا (۳) فعل لازم) خیال کرنا - غور کرنا جیسے جان پر کھیلا ہو نہیں میرا جگر دیکھنا (۴) ڈھونڈنا - تلاش کرنا جیسے اُسے دیکھ لاؤ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دیکھ

(۵) مشاہدہ کرنا - آزمانا - استحان کرنا - جانچنا - پرکھنا جیسے دیکھا پڑتا ہے (۶) خبردار رہنا - ہوشیار رہنا جیسے دیکھنا وہاں نہ جانا (۷) لحاظ کرنا - خیال کرنا جیسے اپنی طرف دیکھو اس کی بات پہ نہ جاؤ (۸) سوچنا - سمجھنا جیسے دیکھ کر بات کرو +

دیکھو - ۵ - حرف ندا (۱) ہوشیار ہو - خبردار رہو - توجہ کرو - متوجہ ہو (۲) شاید - بشرط ممکن +

دیکھیے - ۵ - تابع فعل (۱) دیکھنا چاہیے - خدا معلوم - خدا جانے - واللہ اعلم - کس کو خبر ہے + (ایک کلمہ ہے جو کسی آیندہ بات کی نسبت زبان پر لاتے ہیں +

طاؤس کبک کو ہے نکل چلنے کا خیال
چلتا ہے یار کونسی رفتار دیکھئے (آتش)

دیگ - ف - اسم مذکر - کھانا پکانے کا بڑا مسی ظرف - دیغ -

دیگچہ - ف - اسم مذکر - دیگ کی تصغیر - چھوٹی دیگ - پتیلا +

دیگی - ف - اسم مونث - پتیلی +

دیگیں کھنکنا - ۱ - فعل لازم - دیگیں پکنا - دیگیں چڑھنا - بہت سی دیگوں کی آواز نکلنا +

دے مارنا - ۵ - فعل متعدی (۱) پٹک دینا - پٹخنا - سنا ناگرا دینا (۲) پھینک دینا - زمین پر ڈال دینا - ؎

جنوں سے اگر آشنائی ہوئی تو
مطوّل کو دے مار تو مختصر پر (انشاء)

دیمک - ف - اسم مونث - ایک قسم کی سفید چیونٹی جو اکثر لکڑی کتاب وغیرہ کو چاٹ کر خاک کر دیتی ہے جسے پنجاب میں سیونک کہتے ہیں +

دیمک لگنا - ۱ - فعل لازم (۱) کسی چیز میں دیمک کا شروع ہونا (۲) جسم میں چیونٹیاں سی لگنا - مرچیں سی لگنا - (۳) کھن سا لگنا +

دیمک کھایا - ۵ - صفت (۱) وہ چیز جسے دیمک نے کھا لیا ہو (۲) کیڑا کھایا - کوچہ کریلا - کیڑوں کھایا - ستیلا منہ داغ +

دیمک کے سے دانت - ۱ - صفت نہایت تیز دانت +

دِین - ع - اسم مذکر (۱) کیش - مذہب - ملّت - پنتھ (۲ - ۱) مرادف

دین

ایمان - دھرم جیسے دین و ایمان سے کہدو - ؎
ساتھ دل کے کھو دیا کیا دین بھی ✽ نذر اس بت کے کیا کیا دین بھی (مومن)
(۳) عاقبت - عقبے - آخرت - دوسرا جہاں جیسے دین دونیا میں بھلا ہو +

دین پناہ ع + ف - اسم مذکر (۱) حامیٔ دین - وہ بادشاہ جو دین کا معاون ہو - (۲) ہمایوں بادشاہ نے جب ایک شہر پرانے قلعے کے گرد بنانا شروع کیا تو اس کا اور اس قلعہ کا نام بھی دین پناہ رکھا - مگر افسوس کہ شہر ناتمام رہا - (۳) تعظیماً ہر ایک مسلمان بادشاہ کا تعظیمی نام تھا +

دین دین پکارنا - ۱ - فعل لازم - مذہبی جنگ کا جھنڈا کھڑا کرنا دین کا دعوے کرنا +

دین کا جھنڈا - ۱ - اسم مذکر - مذہبی جھنڈا +

دین - ۵ - اسم مونث - بخشش - داد - دہش + ؎
خدائی دین کا موسیٰ سے پوچھ حال + کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

دَین ع - اسم مذکر - قرض - دام - اُدھار +

دینا - ۵ - فعل متعدی (۱) دان کا ترجمہ - بخشنا - عطا کرنا - مرحمت کرنا (۲) حوالہ کرنا - سونپنا (۳) جدا کرنا - بیچنا - فروخت کرنا جیسے گھوڑا دیدیا - (۴) مقرر کرنا - معین کرنا جیسے وہ چار روپیہ ماہوار دیتے ہیں یعنی مقرر کر رکھے ہیں (۵) نذر کرنا - پیش کرنا ہدیہ دینا - جیسے چار اشرفیاں دیکر مجرا کیا (۶) جنا - بچے نکالنا - جیسے بلی نے بچے دیئے (۷) ادا کرنا - بیباق کرنا - چکانا جیسے انکے روپے دیدئے (۸) لگانا - مارنا - جیسے چانٹا یا تھپڑ دینا - (۹) بھرنا - ڈنڈ بھگتنا جیسے دس روپے دیکر پیچھا چھوٹا (۱۰) کاجل سارنا - لگانا جیسے - ؎
کاجل ڈالوں کر کر اور سرمہ دیا نہ جائے
ان نینن میں پی بسے دوجا کون سمائے (دوہا)

دینا لینا - ۵ - اسم مذکر - داد و دہش - عطا و بخشش +

دینا نہ لینا - ۵ - تابع فعل - ناحق - بفائدہ - مفت -

دِینار ع - اسم مذکر - ایک سونے کے سکے کا نام جو ڈھائی روپے کا ہوتا ہے اور عرب میں چلتا ہے +

دینار سرخ - ع + ف - اسم مذکر - سکۂ طلا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

دین

دینیدار - ا - اسم مذکر - قرضدار - مقروض +

دیندار - ع + ف - صفت - متقی - پرہیزگار - پابند شرع + دھرمی - دھرم آتما +

دینداری - ع + ف - اسم مونث = اتقا - پرہیزگاری - پابندی شرع +

دینی - ع + ف + صفت - دین سے نسبت رکھنے والا - دین کا - مذہبی - مذہب کا جیسے دینی بھائی دینی بہن وغیرہ +

دینی باپ - ا - اسم مذکر (۱) وہ شخص جس کو اپنا ہم مذہب ہونے اور بزرگی کے سبب باپ بنا کر اس کے ساتھ فرزندانہ برتاؤ کریں (۲) عیسائیوں کے ہاں اصطباغ کے وقت ایک شخص کو دینی باپ بنانا ضروری امر ہے +

دینی بھائی - ا - اسم مذکر - وہ شخص جسے ہم مذہب ہونے کے سبب بھائی بنا لیا جائے - یہ ایک قسم کا بھائی چارہ ہے +

دینی بہن - ا - اسم مونث - عو - وہ عورت جس کو ہم مذہب ہونے کے سبب بہن بنا لیا جائے - یہ ایک قسم کا بہنا پا یا رشتہ جوڑنا ہے +

دیو - ف - اسم مذکر (۱) جن - بھوت - راکشش - پریت - شیطان خناس - پریوں کے مرد - سینگدار قوم (۲) قوی ہیکل مرد - پہلوان - نہایت لمبا تڑنگا اور موٹا تازہ آدمی - ؎

میں نے لیا بغل میں پری وش کو رات کو
دیو فراق کشتی میں مجھ سے بچھڑ گیا (آتش)

دیو زاد - ف - اسم مذکر - دیو کا جنا + قوی ہیکل +

دیو کا دیو - ا - صفت - نہایت بڑا - بہت بڑا -

دیو - ہ - اسم مذکر - دیوتا - بزرگ - مقدس - پاک - پرمیشر + برہمنوں کا عرف + قابل پرستش +

دیو اٹھانا - ہ - فعل متعدی - دیو جگانا +

دیو اٹھنی اکادشی - یا - **دیو اٹھان** - ہ - اسم مونث - صاحبان ہنود کا تک سدی اکادشی کو دیو اٹھنی اکادشی کہتے ہیں - وجہ یہ ہے کہ اس تاریخ کو چار مہینے کے سوتے ہوئے وشنو کو جگاتے ہیں جس کی کیفیت یہ ہے کہ ایک معین جگہ کو لیپ پوت کر کھریا اور گیرو سے اسپر نقش و نگار بناتے

دیو

اور وہاں سچا پار کھکر اسے تھالی یا پرات سے ڈھک دیتے ہیں گھر کی عورتیں اور ایک برہمنی ہاتھوں سے اس تھالی کو بجاتی جاتی اور یہ کہکر کہ اٹھو دیو اٹھو ان کی تعریف کے نغمے گاتی اور گویا جگاتی ہیں +

دیو بانی - ہ - اسم مونث - ہندو - دیوتاؤں کی مقدس زبان + سنسکرت +

دیو لوک - ہ - اسم مذکر - دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ - عالم ملکوت عالم قدس + جنت - بیکنٹھ - فردوس + بہشت +

دیو ناگری - ہ - اسم مونث - ناگری زبان یا حروف - ہندی زبان سنسکرت کے حروف میں +

دیوا - ہ - اسم مذکر - دینے والا - سخی - داد و دہش کرنیوالا +

دیوا - ہ - ی - اسم مذکر (گنوار) چراغ - دیا +

دیوار - ف - اسم مونث - بھیت - حدار - اوٹ - پردہ - مٹی جیسے دیوار بھی کان رکھتی ہے +

دیوار اٹھانا - یا چنا - ا - فعل لازم - دیوار بنانا - یا دیوار کھڑی کرنا - دیوار بلند کرنا +

دیوار چین یا ختا - ف - اسم مونث - ایک مشہور دیوار کا نام جو تاتار اور ختا کی سرحد پر واقع ہے - اسکے طول کی نسبت مختلف روائتیں ہیں کسی نے آٹھ سو کوس لمبی لکھی ہے کسی نے تین ہزار میل کسی نے ساڑھے بارہ سو میل مگر کم سے آٹھ سو کوس پر اتفاق کرنا چاہئے - باعث تعمیر یہ ہے کہ جب تاتاریوں نے بار بار چڑھائی کر کے ختائیوں کو نہایت تنگ اور عاجز کر دیا اور انہیں بچاؤ کی کوئی تدبیر نہ بن پڑی تو فغفور چینگ والی نے سنہ عیسوی سے دو سو چالیس برس پیشتر اسکی بنیاد ڈالی باوجودیکہ آٹھ سو کوس کی مسافت ہے مگر صرف پانچ برس کی مدت قلیل میں تیار کر لی - اس بعید و اصلہ میں نہ تو بلند اور شوکہ گزار پہاڑ حارج ہوئے نہ عظیم الشان دریاؤں نے مزاحمت کی اگر کی بھی ہو تو اس کے بانی کسی خطرے کو خیال میں نہ لائے - یہ دیوار کئی مقام پر آدھ آدھ کوس کے اونچے پہاڑوں کی چوٹیوں پر بنتی چلی گئی ہے اور اکثر جگہ دریاؤں پر اسکی وجہ سے بڑے بڑے پل باندھے گئے جو اس وقت بجائے خود حیرت انگیز ہیں سمندر کے موقع پر سینکڑوں جہاز پتھر کے بھرے ہوئے تہ تک ڈبو کر ان پر چنائی کی ہے - آٹھ سو کوس تک برابر تیس گز بلند چلی گئی ہے اور چوڑی بھی اس قدر ہے

دیو

کہ چھ گھوڑے پہلو بہ پہلو فراغت کے ساتھ اسپر دوڑ سکتے ہیں ہر جگہ سو سو قدم پر دو منزلہ منزلہ برج بنے ہوئے ہیں تاتاری حکومت کے قبل ان پر سینکڑوں توپیں چڑھی رہتی تھیں اور دس لاکھ فوج ان برجوں میں پڑی رہتی تھی لیکن جب سے تاتار پر یہ لوگ خود قابض ہوئے تو یہ فوج اٹھائی گئی اور دیوار کی مرمت بھی موقوف کر دی گئی۔ زمانہ کا انقلاب اسے کہتے ہیں۔ یہی دیوار ہے جو دنیا کے سات عجائبات میں شمار ہوئی ہے۔ یہی دیوار ہے جسپر چینیوں کی حکمت عملی اور مستقل مزاجی و صناعی ختم ہے ان لوگوں نے آدھ آدھ کوس کے بلند پہاڑوں پر اس آسانی سے بڑی بڑی سلیں پہنچائی ہیں کہ عقل دنگ ہو جاتی ہے۔ کڈھب پہاڑوں پر گزوں لمبی سلوں کا چڑھا دینا کچھ آسان کام نہیں ہے بعض موقع تو ایسے ہیں کہ وہاں پر ندکے سوا انسان کا جانا ہی تعجبات سے ہے۔ اگر علم جر ثقیل سے یہ بات آسان کر بھی لی جائے تو جہاں بجز خارمیں تھاہ کم اور پانی کا جوش خروش بہت زیادہ رہتا ہے وہاں کیا جواب بن سکتا ہے۔ دو ہزار برس سے زیادہ زمانہ گزر گیا لیکن نہ دیوار نے ہی جنبش کھائی۔ نہ طوفان نے ستایا۔ نہ بارشوں نے گرایا۔ پانچ برس تک اس ملک کے آدھے باشندے حکماً اس دیوار کی تعمیر پر لگے رہے اس سے زیادہ تعجب انگیز بات یہ ہے کہ جہاں جہاں سے وہ دیوار گزری وہاں گھسار۔ ریگستان اور ویرانہ کے سوا کچھ نہیں اس لئے اتنے آدمیوں کی رسد کا انتظام بھی ناممکن ہے غرض حکمتیوں کی ثابت قدمی اور حکمت نے سب مشکلوں کو آسان کر دیا۔ سچ پوچھو تو دیوار قہقہہ اگر ہے تو یہی ہے ورنہ سب باتیں قہقہہ لگانے کے قابل ہیں +

دیوار قہقہہ۔ ا۔ اسم مونث (۱) ایک مذہبی مانی ہوئی دیوار جس کو سکندری کہتے ہیں اسکے نسبت اعتقاد کیا جاتا ہے کہ جب سکندر ذوالقرنین مشرق و مغرب تک اپنی سلطنت قایم کر چکا تو شمال کی طرف بڑھا جب انتہا کے دنیا پر پہنچا تو وہاں پر دو پہاڑ دیکھے جو دیو کی مانند کھڑے عالم پر واقع ہیں اُن دونوں کے بیچ میں ایک درہ ہے۔ ایک قوم جو داس پر دو کوہ میں بستی تھی اسنے ذوالقرنین کا جاہ و حشم دیکھکر جان لیا کہ بادشاہ عالم یہی ہے مگر ذوالقرنین اس قوم کی زبان نہیں سمجھتا تھا۔ قوم نے ذوالقرنین سے اشارہ کنایہ سے التجا کی کہ ان پہاڑوں کے دوسری طرف وہ قومیں یاجوج و ماجوج نامی آباد ہیں وہ اس درہ کی راہ سے نکلکر ہمکو لوٹ

دیو

لیجاتے اور برباد کر جاتے ہیں ہمارے لئے کوئی روک اور بنا دیں اس قوم کی شرارت سے بچنے کے لئے بنا دے۔ پس سکندر نے لوہے کی تختیاں اینٹوں کی بجائے تیار کرا کے ایک سو ساٹھ گز چوڑی دیوار دونوں پہاڑوں کی چوٹیوں تک بلند کر دی اور پگھلا ہوا تانبا گارے کی بجائے کام میں لایا گیا۔ اس دیوار سے ان مفسد قوموں کی راہ بند ہو گئی۔ اب وہ مفسد قومیں اس دیوار کو ہمیشہ کھودتی رہتی ہیں جب قریب انہدام کے پہنچ جاتی ہے خدائے تعالےٰ ان قوموں پر نیند غالب کر دیتا ہے وہ سو جاتی ہیں اور دیوار بقدرت الٰہی سے پھر درست ہو جاتی ہے شبانہ روز یہی دستور جاری ہے۔ قیامت کے قریب وہ دیوار ٹوٹ جائیگی اور وہ دونوں قومیں درہ کی راہ سے نکل کر ٹڈی کی مانند عالم میں پھیل کر اہل زمین کو تاراج و برباد کرینگی عوام کا یہ خیال ہے کہ اسکے پرے کا کوئی شخص حال نہیں بیان کر سکتا جو شخص اوپر چڑھایا جاتا ہے وہ دیکھکر ایسی حالت میں ہو جاتا ہے کہ ہنستے ہنستے مر جاتا اور وہاں کی کچھ کیفیت نہیں کہہ سکتا ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ اسی خیال سے اس دیوار کا نام عوام نے دیوار قہقہہ رکھ لیا ہے) ۲۔ بہت اونچی دیوار۔ بہت لمبی دیوار جیسے دیوار ملک چین +

دیوار کھینچنا۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی جگہ یا کسی مکان کے درمیان دیوار بنانا۔ پردہ حایل کرنا۔ آڑ کرنا۔ مٹی کھڑی کرنا +

بھر رہا ہے کیا ہی ظالم تری خاطر میں غبار
شوق سے اب میرے اپنے بیچ میں دیوار کھینچ (ناسخ)

دیوار گیری۔ ا۔ اسم مونث۔ (۱) وہ مٹر کپڑا جو دیواروں میں خوشنمائی کیواسطے لگا دیتے ہیں اور نیز کپڑے کی منڈھی ہوئی دیوار یا وہ کپڑا جو دیوار کو مذاریشت کی حفاظت کے واسطے تھوڑے کی دیوار پر لگا دیتے ہیں۔ جدفاصل (۲) دیوار میں لگانے کا لمبا شاخ دیدار

دیوال۔ ا۔ اسم مونث (عوام) دیکھو۔ (دیوار)

دیوان۔ معرب، اسم مذکر۔ (۱) دربار شاہی۔ دلمالمعدات عدالت کچہری (۲) وزیر۔ رکن سلطنت۔ منتری + وزیر مال۔ محکمہ مال کا بڑا افسر (۳) مقام دربار۔ مقام اجلاس۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ + دفتر محاسبہ + بادشاہوں کی نشستگاہ (۴) غزلوں کی کتاب۔ ہر بات میں ایک شاہد معنی کی تصویر ہے + ناسخ ہے مرقع نہیں دیوان ہمارا (ناسخ)

دیوان اعلےٰ۔ ف ع۔ اسم مذکر۔ وزیر اعظم +

دیوان تن۔ ف۔ اسم مذکر۔ دیوان تنخواہ کا مخفف بخشی +

دیوان خاص۔ ف + ع۔ اسم مذکر۔ دربار خاص + اجلاس خلوت خاص لوگوں کا دربار۔ شاہی خلوتخانہ +

دیوان خالصہ۔ ف ع۔ اسم مذکر۔ سلطانی مہر کا محافظ نوہ شخص جسکے

دیو

پاس شاہی مُہر رہتے۔ معتمد الدولہ ✦

دیوان خانہ - ف۔ اسم مذکر۔ امیروں کی نشستگاہ۔ بیٹھک۔ ملاقات کا کمرہ

دیوان عام - ف ع۔ اسم مذکر۔ دربار عام ✦ بڑے دربار یا عام دربار کا مکان ✦

دیوانہ پن } ا۔ اسم مذکر (۱) دیوانہ پن۔ جنون۔ سودا۔ سڑپن۔ خشت
دیوانگی } (۲) نادانی۔ بیوقوفی۔ سودھوپن ✦

دیوانہ - ف۔ اسم مذکر۔ مجنوں سا پاگل۔ سڑی۔ چنچلی۔ سودائی۔ باؤلا ✧ مجنوں سے بنے پھرتے ہیں لو دشت میں سید بھاتا ہے ہمیں کہنا یہ دیوانہ کسی کا (سوداؔ)

دیوانہ پن - ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو (دیوان پن) ✧ ہوش و حواس گئے نگہِ سحر فن کیساتھ ✦ اب جو ہے اپنی بات سو دیوانہ پن کیساتھ (ذوقؔ)

دیوانہ ہونا - ف۔ فعل لازم (۱) پاگل و مجنون ہونا (۲) عاشق و فریفتہ ہونا۔ پروانہ ہونا۔ ✧ اپنی صورت کا وہ دیوانہ نہ ہوتا تو کیوں بالوں میں سلسلۂ گیسو جاناں ہوتا۔ (ناسخ)

دیوانی - ا۔ اسم مونث۔ پگلی۔ سڑن۔ جنطن۔ مجنونہ۔ باولی۔ سٹلو۔ چیلا جان ہیلا ✦

دیوانی ہانڈی - ا۔ اسم مونث۔ بے ترتیب اور بے ڈھنگی ہانڈی وہ ہانڈی جس میں مختلف ترکاریاں میل بے میل ڈالکر پکائیں۔ بے قرینہ سالن ✦

دیوانی - ف۔ اسم مونث (۱) دیوان کا عہدہ و ملازمت (۲) وہ عدالت جس میں مقدمات مال و جایداد و قرضہ فیصل ہوں نہ کہ عدالت خفیفہ۔ فوجداری کا نقیض ✦

دیوتا - ہ۔ اسم مذکر۔ ہندو (۱) فرشتہ۔ پرمیشر۔ بھگوان ✦ اوتار۔ نبی۔ پیغمبر مرسل ✦ بزرگ۔ مقدس ✦ نہ جا دریا نہانے کو بچھی ہے آگ پانی پر کہ سورج دیوتا لگاتے ہیں سیک راگ پانی پر (انشاء)

(۲) معصوم صفت۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح (۳) بڑے مکار۔ شریر۔ متفنی۔ حضرت (۴) سانپ۔ ناگ ✦

دیوث - ہ۔ اسم مذکر (۱) چراغ دان (۲) کالا آدمی۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگ

ڈاٹ

دیوث - ع۔ اسم مذکر (۱) بے حمیت بے غیرت۔ بے حیا۔ بے شرم (۲-۳) قلتبان۔ بھڑوا۔ مقرمساق۔ وہ شخص جو اپنی عورت کے افعال قبیحہ پر واقف ہو کر چشم پوشی اور اغماض کرے ✦ وہ آدمی جو اپنی اہل پر حیا نہ کرے ✦

دیودار - ہ۔ اسم مذکر۔ کیلو کا درخت۔ ایک قسم کا درخت۔ صنوبر ✦

دیور - ہ۔ اسم مذکر۔ خاوند کا چھوٹا بھائی ✦ خاوند کا بھائی ✦

دیورانی - ہ۔ اسم مونث۔ دیور کی بیوی۔ خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی جیسے تو دیورانی میں جٹھانی تیرے آگ نہ میرے پانی ✦

دیوٹا - ہ۔ اسم مذکر۔ چھوٹا سا چراغ۔ دیا۔ ننھا سا چراغ ✦

دیونی - ا۔ اسم مونث۔ دیو کی عورت ✦ بڑی موٹی لمبر تڑنگی عورت بھوتنی۔ جناتنی ✦

دیوی - ہ۔ اسم مونث۔ رانی دیوتا کی تانیث دیکھو (دیبی) ✦ کنیاں کنواری ✦

دیہ۔ یا۔ دیہی - ہ۔ اسم مونث جسم۔ تن۔ بدن۔ قالب۔ خاکی ✦ چولا۔ وجود۔ سریر۔ کایا۔ انگ۔ جُثّہ ✦

دیہیم ف۔ اسم مذکر۔ شاہی تاج۔ تور۔ مکٹ۔ افسر ✦ جیغہ۔ کلغی ✦

ڈ

ڈ - ہ۔ اسم مونث۔ اردو الف بے تے کا بارھواں ہندی کا تیرھواں حرف مذکر حرف ج ہے ڈال ثقیلہ بھی کہتے ہیں یہ حرف عربی اور فارسی زبان میں نہیں آتا البتہ انگریزی میں اسکی آواز ڈی کے مطابق ہے یہ حرف کبھی جیم کبھی تائے ثقیلہ یعنی ٹ اور کبھی رائے ثقیلہ یعنی ڑ اور کبھی کاف فارسی وغیرہ سے بدلتا ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد دال کی برابر چار لئے جاتے ہیں ✦

ڈا - ہ۔ اسم مونث۔ ستار کی گت کا ایک توڑا۔ ڈا۔ ڈر ✦

ڈاب - ہ۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جکا کان بٹا جاتا ہے (۲-پورب) پرتلا۔ (۳-پورب) کچا ناریل (۵) صاحب دریائے لطافت نے کمر بند بھی لکھا ہے جسکی ہمیں تصدیق نہیں ہوئی ✦

ڈابر - ہ۔ اسم مذکر (۱) جھیل۔ جوہڑ۔ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے چقر۔ چھوٹا تالاب۔ غدیر (۲-پورب) ہاتھ دھونے کا برتن پیلا لچی

ڈابک - ہ۔ اسم مذکر (پورب) کنوے کا تازہ پانی ڈبکے کا پانی ✦

ڈاٹ - ہ۔ اسم مونث۔ گنا۔ ٹھینٹی ✦ میخ۔ کیل۔ سوراخ روکنے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈاٹ

یا بند کرنیکی چیز۔ کاک ۔ محراب کی روک ۔ مرغول کا ڈھولا۔ لڈو کی روک ۔ بھرتی ۔ محراب ۔

ڈاٹ لگانا۔ ف۔ فعل لازم ۔ روکنا ۔ بند کرنا ۔ سیخ ٹھوکنا ۔ لڈو کی چھت کے نیچے اسکے تھامنے کیلئے عارضی کچی عمارت چنا۔ لڈو کا ڈھولا کرنا۔

ڈاٹ کر بھرنا۔ ف۔ فعل متعدی ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔ کھچا کھچ بھرنا۔ داب داب کر بھرنا ۔

ڈاٹنا۔ ف۔ فعل لازم ۔ ڈاٹ لگانا ۔ بند کرنا ۔ روکنا ۔ بھرنا ۔ ٹھونسنا بھرنا ۔ جیسے سلفہ ڈاٹنا ۔

ڈاڑ۔ ف۔ اسم مونث ۔ ہرنوں کی قطار ۔ پرندوں کا پرا ۔ جانوروں کا جھنڈ

ڈاڑم ۔ پانی ۔ اسم مذکر ۔ انار ۔ ڈاڑو ۔

ڈاڑھ۔ ف۔ اسم مونث ۔ جبڑے کا دانت جس سے غذا چبائی جاتی ہے ۔

ڈاڑھ گرم ہونا۔ ف۔ فعل لازم ۔ کلہ گرم ہونا ۔ کھانا کھانے میں آنا ۔ ڈاڑھ جلنا ۔

ڈاڑھ نہ لگانا۔ ف۔ فعل لازم ۔ بن چبائے نگل جانا ۔

ڈاڑھ مار کر رونا۔ ف۔ فعل لازم ۔ اس طرح رونا کہ ڈاڑھ تک سے آواز نکلے ۔ زار زار رونا ۔ پھوٹ کر رونا ۔ چلا کر رونا ۔ نہایت آہ و بکا کرنا ۔ جزع و فزع کرنا ۔ ؎

دامان کوہ میں جو میں ڈاڑھ مار رویا ۔ اک ابر دل سے اٹھکے بے اختیار پوڑا (میر)

ڈاڑھی۔ ف۔ اسم مونث (۱) ریش ۔ لحیہ ۔ ٹھوڑی اور رخساروں کے بال (۲) لٹکنے والی جڑیں جیسے بڑ یا پیپل کی ڈاڑھی ۔

ڈاڑھی پھٹکارنا۔ ف۔ فعل لازم ۔ ہاتھ سے ڈاڑھی صاف کرنا ڈاڑھی میں کنگھی کرنا ۔ ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ سے جھٹکنا ۔

ڈاڑھی چڑھانا جیسے پٹھان لڑائی ماریں بنئے ڈاڑھی پھٹکاریں

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) نہایت ذلت دینا ۔ عزت لینا ۔ بعزتی کرنا (۲) لازم) ذلت اختیار کرنا ۔ ذلیل ہونا ۔ قابل ہونا ۔ معقول ہونا ۔

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا۔ ف۔ فعل لازم ۔ چھوٹی عمر میں بڑوں کی سی باتیں کرنا ۔ کم سنی میں عقلمند ہونا ۔

ڈاڑھی چھوڑنا۔ ف۔ فعل لازم ۔ ڈاڑھی بڑھانا ۔ ڈاڑھی نیچی کرنا ڈاڑھی کتروانے یا منڈوانے کو ترک کرنا ۔

ڈاک

ڈاڑھی رکھنا۔ ف۔ فعل لازم ۔ ڈاڑھی منڈوانے یا کتروانے کو ترک کرنا ۔

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا۔ ف۔ فعل متعدی ۔ عود ڈاڑھی نوچنا ۔ ڈاڑھی کھسوٹنا ۔ عزت بگاڑنا ۔ عزت کرکری کرنا ۔

ڈاڑھی کو کلپ لگانا۔ ف۔ فعل متعدی اول معلوم (دوم) بوڑھے آدمی یا سفید ڈاڑھی کو عیب لگانا ۔ داغ لگانا ۔ کلنگ لگانا ۔ رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

ڈاڑھیں مار کر۔ یا۔ مار مار کر رونا۔ ف۔ فعل لازم ۔ بآواز بلند گریہ و زاری کرنا ۔ چیخیاں لے لیکر رونا ۔ زار و قطار رونا ۔ پیٹتے ہیں سر کو ہم سودے میں زلف یار کے

عشق میں دانتوں کے کیا روتے ہیں ڈاڑھیں مار کے (امانت)

گلشن غم میں تیرے ڈاڑھیں مار ۔ روئے ہم آبشار کی مانند (بر شتہ)

ڈاک۔ ف۔ اسم مونث چٹھی ڈالنے کی جگہ ۔ ٹپال ۔ پوسٹ آفس چٹھی کا بکس (۲) گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی ۔ جا بجا انتظام سواری بھاگوں کا اس قدر کہ نہ پاؤ گے تم پتہ ہے ڈاکیاں سے بے سمندر لگی ہوئی معلوم (۳) علے الاتصال آمد و رفت ۔ پیہم آمد و رفت ۔ لگاتار ۔ خبر ۔ سلسلہ ۔ ؎

روح ہے ہر جسم میں مشتاق اخبار اجل

اس لئے یہ آمد و رفت نفس کی ڈاک ہے (ناسخ)

(۵) نگینہ کے نیچے سنہری یا روپہلی ورق جو زیادہ چمک یا رنگ کیواسطے رکھ دیتے ہیں ۔ فوہ ۔ ؎

خط زیر لب نہیں ہے تیرے رشک ماہ سبز

کیا ہے نگین سرخ تلے ڈاک واہ سبز (نصیر)

(۶) تے ۔ الٹی ۔ استفراغ ۔

ڈاک آنا۔ ف۔ فعل لازم خط وارد آنا ۔ متواتر خبر آنا ۔ ؎

سرے اشکوں کی ڈاک سے چشم تر بہتیری آتی ہے

تعجب ہو تمہیں دل کی خبر جتیری آتی ہے

ڈاک بٹھانا۔ یا۔ بٹھلانا۔ ف۔ فعل متعدی چوکی بٹھانا ۔ جلد جانے آنے کا انتظام کرنا یا ہرکاروں کی آمد و رفت کا برابر سلسلہ جاری کر دینا ؎ نہ روکو قاصد اشک رواں کو مردم دیدہ

خبر کو دل کی بٹھلائی ہے ہمنے ڈاک سینے میں (نصیر)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈاک

ڈاک بٹھانا - ہ - فعل لازم - جابجا سواری یا ہرکارے وغیرہ کا مقرر ہونا

ڈاک چوکی - ہ - اسم مونث - وہ جگہ جہاں چٹھیوں کا تھیلا ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو دے یا گھوڑوں کی بدلی ہو +

ڈاک خانہ - و - اسم مذکر - ڈاک گھر - پوسٹ آفس - خطوط و پارسل وغیرہ کا دفتر +

ڈاک کا گھوڑا - ہ - اسم مذکر - ڈاک لیجانے والا گھوڑا + تیز رو اور تیز رفتار آدمی - بہت چلنے والا آدمی +

ڈاک گاڑی - ہ - اسم مونث - وہ ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی اور اس کی رفتار تیز ہوتی ہے +

ڈاک لگنا - ہ - فعل لازم (۱) متواتر قے ہونا (۲) برابر جبر یا ہرکارہ وغیرہ کا آنا جانا +

ڈاکا - ہ - اسم مذکر - ڈاکوؤں کا حملہ قزاقوں کا دھاوا - غارتگری - ٹیماری +

ڈاکا پڑنا - ہ - فعل لازم - چوروں کا حملہ کرنا - چور و ڈکیت کا دھینگا دھینگی سے لوٹ کر لیجانا - غارتگری کے واسطے آن پڑنا +

ڈاکا ڈالنا - یا - مارنا - یا - دینا - ہ - فعل لازم - لوٹنا - زبردستی لوٹنا تاراج کرنا - غارت کرنا +

ڈاک بنگلا - و - اسم مذکر - وہ مسافروں کی فرودگاہ جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو - سرکاری مسافر خانہ +

ڈاکٹر - انگلش، اسم مذکر - معالج حکیم + طبیب + مبید جراح فاضل - عالم - علم حکمت کا جاننے والا + فیلسوف - فلاسفر + علامہ محقق +

ڈاکو - ہ - اسم مذکر (۱) لٹیرا قزاق - راہزن - ٹیمار - غارتگر - قطاع الطریق دھاوا مارنے والا - (۲) پیٹو کو بھی بولدیتے ہیں - بسیار خوار - پرخوار +

ڈاکیا - ہ - اسم مذکر - چٹھی رساں - ڈاک کا ہرکارہ - پیادہ ڈاک + نامہ رساں + قاصد - پیک - دوت +

ڈاکی - ہ - صفت - عو - نہایت کھانے یا نہایت پینے اور ڈکوسنے والا بچہ +

ڈال - ہ - اسم مونث (۱) شاخ - ٹہنی - فرع (۲) آب پاشی کا ٹوکرا یا ڈول بیلنی (۳) تلوار کا پھل - تیغ بے قبضہ +

ڈال کا پکا - ہ - صفت - پیڑ کا پکا +

ڈال کا ٹوٹا - ہ - صفت (۱) ڈال سے پک کر گرا ہوا تازہ پھل - (۲) اور درجہ

ڈال

کا پھل - عمدہ پھل (۳) نادر - انوکھا - قابل قدر جیسے تم تو ایسے ڈال کے ٹوٹے ہو جو تمہیں کو انعام ملے +

ڈال والا - ہ - اسم مذکر - عو - بندر - لوزنہ - بانر - باندرا - بیموں - قرد +

ڈالا - ہ - اسم مذکر - گدا - ٹہنا بڑی اور موٹی شاخ +

ڈال دینا - ہ - فعل متعدی (۱) پھینکدینا - گرادینا (۲) متوجہ کردینا - لگادینا لے تو تم ہمکو بھولے ہو تو بھولے ہی رہو

اب طبیعت ہمنے بھی یاد خدا میں ڈالدی (مخبر)

ڈال رکھنا - ہ - فعل لازم - رکھ چھوڑنا - دیر لگانا - جھلانا - ملتوی رکھنا - روک رکھنا +

ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) گرانا - پھینکنا (۲) رکھنا - دھرنا - بنیاد دیا ڈول ڈالنا (۳) جوڑنا - جمع کرنا جیسے دو ہی دو روپیہ ڈالتے جاؤ تو بتیرے وقت پر نکل آیا کریں (۴) حمل گرانا - اسقاط کرنا (حیوانات کے واسطے بولتے ہیں) (۵) قے کرنا - روکرنا - استفراغ کرنا - اُلٹی کرنا (۶) داخل کرنا - اندر کرنا جیسے کالا ڈالوں لال نکالوں اکڑوں بیٹھ پٹاپٹ ماروں (لوہے کی پہیلی) ۷ - پہرونا جیسے انار بند ڈالنا دُور ڈالنا وغیرہ (۸) پہننا - پوشیدن کا ترجمہ جیسے انگرکھا گلے میں ڈالنا (۹) اُڑھانا - دُھانکنا جیسے چادر ڈالنا (۱۰) کرنا - آشنائی سے بیوی بنانا - مدخولہ بنانا (۱۱) لگانا - ذمہ کرنا - مقرر کرنا جیسے بوجھ ڈالنا - خرچ ڈالنا وغیرہ (۱۲) ملانا - لگانا - شامل کرنا جیسے کسی سوداگری یا کام میں روپیہ ڈالنا (۱۳) یہ لفظ تکمیل فعل کے واسطے بھی فعل کے اخیر میں لگا دیتے ہیں - جیسے کھا ڈالنا - مار ڈالنا - کاٹ ڈالنا +

ڈالی - ہ - اسم مونث (۱) ٹہنی - شاخ (۲) دو شاخوں کی ٹوکری جس میں پھول یا میوہ وغیرہ سجا کر امیروں اور سرداروں وغیرہ کی نذر کرتے ہیں + ؎

چمن دولتسرا کا صحن ہے رنگیں خزامی سے
ترے جاروب کش کی ٹوکری پھولوں کی ڈالی ہے (ناسخ)

؎ گل لخت جگر ہیں یکقلم مژگان سے وابستہ
یہ ڈالی نذر کو لایا ہوں میں تم یک نظر دیکھو (نصیر)

ڈالی دینا - ہ - فعل متعدی - حاکموں یا امیروں کے واسطے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈام

میوے وغیرہ کا خوانچہ لگا کر لے جانا یا نذر پیش کرنا +

ڈالی سجانا یا۔ لگانا۔ ۲۔ فعل لازم۔ ڈالی کا میوے وغیرہ سے آراستہ کرنا +

ڈام ۔ انگلش (Damn) اسم مذکر۔ پاجی۔ نالایق۔ گدھا۔ احمق۔ نامعقول مردود۔ ملعون +

ڈام بگڑ۔ انگلش (Damn beggar) اسم مذکر۔ نکمّا گدا۔ ملعون کنگال مردود۔ ؎

شاید کسی انگریز کا تو موت ہے لڑکے
ہر بات میں ہونٹوں پہ ترے ڈام بگڑ ہے (راحت)

ڈام فول۔ انگلش (Damn fool) اسم مذکر۔ پاجی۔ احمق۔ گدھا۔ نالایق +

ڈامج۔ انگلش (Damage) اسم مذکر (۱) نقصان۔ خسارہ۔ حرجانہ۔ حرجہ + خراب شدہ (۲۔ ۱) ٹوٹا۔ پھوٹا مال۔ بگڑا ہوا مال مستعمل مال۔ سکنڈ (عوام ڈامج جیم فارسی سے بولتے ہیں) +

ڈامچا۔ ۲۔ اسم مذکر۔ وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی یا گوپیا پھرانے کے واسطے بنا لیتے ہیں +

ڈانٹ۔ ۲۔ اسم مونث۔ دھمکی۔ گھرکی۔ جھڑکی۔ تخویف۔ ڈراوا۔ سرزنش چشم نمائی +

ڈانٹ ڈپٹ۔ ۲۔ اسم مونث۔ (دیکھو ڈانٹ)

ڈانٹنا۔ ۲۔ فعل متعدی۔ دھمکانا۔ جھڑکنا۔ گھرکنا۔ تخویف کرنا۔ عزانا + روکنا باز رکھنا۔ سخت آواز کے ساتھ منع کرنا + چشم نمائی کرنا +

ڈانڈ۔ ۲۔ اسم مونث (۱) لکڑی۔ چھڑی۔ بانڈی۔ بغیر چھڑے کا گدکا + چوب نیزہ + ؎

لٹو ہوتا ہوں ترے حسن پہ اے شاہ سوار
ڈانڈ نیزے کی عجب ناز سے ٹکائی ہے (اختر)

(۲) گنوار) ڈنڈ۔ تاوان (۳) چپو۔ ناؤ کھینے کا بانس یا بلی (۴) ریڑھ کی ہڈی پیٹھ کی ہڈی (۵) کھیت کی حد (۶) زمین خشک (۷) پیمانہ طولانی +

ڈانڈا۔ ۲۔ اسم مذکر (۱) سرحد۔ میڑا۔ سیما۔ ملک کی سرحد سوانہ۔ ؎

گیسو نے قرب آئینہ روئے یار سے + ڈانڈا ملا دیا ہے حلب سے تتار کا (آتش)

(۲۔ گنوار) ہولی کا ڈانڈا۔ ہولی جلانے کی جگہ جو بسنت پنچمی کو کچھ گھانس پھونس ایندھن وغیرہ رکھ دیتے ہیں اُسے ہولی کا ڈانڈا کہتے ہیں +

ڈای

ڈانڈا مینڈا۔ ۲۔ اسم مذکر (۱) دو ملکوں کی سرحد۔ سیما (۲) لڑائی۔ جھگڑا۔ تنازع دو ہمسروں اور ہمچشموں کی دشمنی و عداوت (۳) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ میل جول +

ڈانڈی۔ ۲۔ اسم مونث۔ (۱) ملاح۔ مانجھی۔ کھیوٹیا (۲) ایک قسم کی پہاڑی سواری جس کے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوئی ہوتی ہے +

ڈانس۔ ۲۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا بڑا اچھر +

ڈانک۔ ۲۔ اسم مونث۔ (دیکھو ڈاک نمبر ۵)
ارہ (یا پان کی تحریر لے اور اسکے دانتوں کو
نگیں کا رنگ چمکا دے مقرر ڈانک کندن کا (آتش)
کیا چمک بخت جگر کی ہے بزیر اشک چشم + عشق نے اچھا دیا یہ ڈانگ گوہر کے تئیں (جرأت)
(اہل مشرق مذکر بولتے ہیں)

ڈانگ۔ ۲۔ اسم مونث (۱) سب سے اونچی پہاڑی + پہاڑ کی اونچی چوٹی (۲۔ پنجاب) چھلانگ۔ زقند +

ڈانگر۔ ۲۔ اسم مذکر (۱) ڈھور۔ چوپایہ مویشی (۲) احمق۔ بیوقوف (ڈنگر بھی مخفف کر کے بولتے ہیں) (۳۔ ہند کی ایک قدیم قوم +

ڈلوانڈول۔ ۲۔ صفت۔ آوارہ۔ سرگردان۔ سرگشتہ پریشان۔ سراسیمہ خراب و خستہ۔ ؎

کرد تو اسکے جو پھرتا ہے ڈلا ڈانوا ڈول + ہے ترا نال گرا چاہ زنخداں میں کیا (مغنور)

(۲) ڈگمگاتا ہوا۔ ڈگ مگ + ڈھل مل یقین +

ڈانوانڈول پھرنا۔ ۲۔ فعل لازم (۱) آوارہ دبکا پھرنا۔ نکما پھرنا۔ ؎

کہاں میں آج یہ سودا سے کیوں تو ڈانوانڈول
پھرے ہے جا کہیں نوکر ہو لیکے گھوڑا لول (سودا)

(۲) حیران و پریشان ہونا۔ مارا مارا پھرنا۔ ؎

ڈولی کے ساتھ لال کنوئے سے نہ آئے وہ
بی کیسے ڈانوانڈول پھرے ہیں کہار آج (راحت)

ڈاہ۔ ۲۔ اسم مونث۔ حسد۔ کینہ۔ حلبن + عداوت۔ بغض۔ بیر۔ دشمنی +

ڈائرکٹر۔ انگلش (Director) اسم مذکر۔ منتظم۔ منصرم۔ ہادی۔ ہدایت کرنیوالا۔ کارکن سررشتہ کار +

ڈائن۔ ۲۔ اسم مونث (۱) زن جگر خوارہ۔ ساحرہ۔ ٹونہائی۔ جادوگرنی۔ عائنہ (وہ عورت جو اپنی تصوری طاقت کی وجہ سے نظر لاکر بچوں کا کلیجہ کھا جاتی ہے)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈب

۲۔ بدصورت اور ہیبناک عورت۔ ڈراؤنی صورت کی عورت +

ڈب ۔ا۔ اسم مونث (۱) جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ (۲) قابو۔ قبضہ (۳) پیسے بنانے کا چمڑا (۴) مجازاً) گردن۔ ناٹا۔ نڑیا جیسے ڈب پکڑ کے لے لونگا۔ (اصل میں ابتداءً اس سے یہی مراد تھی کہ جیب پر ہاتھ ڈالکر یا دامن پکڑ کر لے لونگا) +

ڈِبا ۔ا۔ اسم مذکر (۱) ڈرج۔ حقہ بڑی ڈیبیا (۲) پسلی کا خلل جو اکثر بچوں کو عارض ہوا کرتا ہے +

ڈُباؤ ۔ا۔ صفت۔ آدمی کے قد سے زیادہ پانی +

ڈبڈبانا ۔ا۔ فعل لازم۔ آنکھوں میں آنسو بھر لانا۔ پر اشک ہونا جیسے آنکھیں یا آنسو ڈبڈبانا۔

ڈُنکا ۔ا۔ اسم مذکر۔ آب تازہ۔ وہ تازہ پانی جو کنوے سے کھینچکر اسیوقت پئیں +

ڈُنکا ۔ا۔ اسم مذکر۔ خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ خطرہ۔ سانسا (سنسکرت دنخ دال ثقیلہ بولتے ہیں)

ڈُبکی ۔ا۔ اسم مونث۔ غوطہ۔ بڑکی۔ پانی میں سر ڈبانا +

ڈبکی کھانا یا لگانا ۔ا۔ فعل لازم۔ غوطہ مارنا +

ڈبکی لینا ۔ا۔ فعل لازم۔ غوطہ لگانا۔ غوطہ کھانا۔ پانی میں سر ڈبانا۔

ڈُنکے کا پانی ۔ا۔ اسم مذکر۔ کنوے کا تازہ پانی +

ڈبل ۔انگلش (Double) اسم مذکر۔ دوچند۔ دگنا۔ دوہرا موٹا پرکار

ڈبل پیسا ۔ا۔ اسم مذکر۔ انگریزی سکہ موجودہ جو تین پائی میں چلتا ہے (اصل میں اس پیسے کو کہتے ہیں جو آدھ آنے یعنی ۶ پائی میں چلتا ہے کثرت استعمال سے ۳ پائی کے پیسے کو بھی ڈبل پیسا کہنے لگے) +

ڈبل روٹی ۔ا۔ اسم مونث۔ موٹی روٹی۔ نان پاؤ۔ پاؤ روٹی وہ انگریزی روٹی جو خمیر کے باعث موٹی ہو جاتی ہے +

ڈبل کوچ ۔ا۔ اسم مذکر۔ دوچند سفر یا رستہ یا منزل طے کرنا۔ جلد جلد جانا۔ دگنی منزلیں طے کرنا +

ڈبونا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) غوطہ دینا۔ غرق کرنا۔ بوڑنا (۲) تباہ کرنا برباد کرنا۔ ناس کرنا۔ خاک میں ملانا۔ ؎

کی ہم نفسوں نے اثر گریہ میں تقریر
اچھے رہے آپ اس سے مگر مجھکو ڈبوئے (غالب)

(۳) بگاڑنا۔ درہم کرنا۔ بنی بات بگاڑنا۔ ؎

سمجھ کے دیکھا تو بچا تھا سب گلا دل کا
کہ چشم نم نے ڈبویا معاملہ دل کا (جرأت)

ڈر

ڈبیا ۔ا۔ اسم مونث۔ چھوٹا ڈبا۔ ڈرجک +

ڈپارٹمنٹ ۔انگلش۔ اسم مذکر (Department) محکمہ سررشتہ +

ڈپازٹ ۔انگلش (Deposit) اسم مونث۔ امانت +

ڈپٹ ۔ج۔ دھوڑ +

ڈپٹ ۔ا۔ اسم مونث۔ ڈانٹ کا مرادف۔ گھوڑے کی دوڑ حملہ۔ حربہ + تیز رفتاری۔ دوڑ + دھمکی +

ڈپٹانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ پویہ دوڑانا گھوڑا دوڑانا۔ گھوڑا اڑانا یا لپکانا۔ سرپٹ دوڑانا +

ڈپٹنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) دوڑنا۔ تیز جانا (۲) دھمکانا۔ غصہ ظاہر کرنا۔ عتاب کرنا (۳) حملہ کرنا +

ڈپٹی ۔انگلش (Deputy) اسم مذکر۔ نائب +

ڈپو ۔ا۔ صفت (بازاری) بہت بڑا۔ بہت موٹا + مددگار۔ معاون پیشکار + گماشتہ۔ امین

ڈپو ۔انگلش (Depot) اسم مونث۔ لغوی معنے دکان۔ کارخانہ۔ کوٹھی تجارت گاہ۔ جب بک ڈپو کہیں گے تو وہاں کتب خانہ یا تجارت کتب کے دفتر خواہ مقام سے مراد ہوگی +

ڈٹ جانا ۔ا۔ فعل لازم۔ حریف کے مقابل جمکر کھڑا ہو جانا۔ بر وقت مجادلہ روگردان نہ ہونا۔ ؎

سینہ سپر ہے خنجر و پیکاں کے سامنے
دل ڈٹ گیا ہے اس صف مژگاں کے سامنے (شکست)

ڈٹ کر کھانا ۔ا۔ فعل لازم۔ خوب سیر ہو کر کھانا۔ جمکر کھانا۔ سج کر کھانا +

ڈٹنا ۔ا۔ فعل لازم۔ جمنا۔ ٹھیرنا۔ رکنا + مقابلہ کرنا۔ روگردان نہ ہونا۔ سینہ سپر ہونا۔ دیر تک ٹھیرے رہنا +

ڈر ۔ا۔ اسم مذکر۔ خوف۔ بھے۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ ترس۔ بیم جیسے جہاں ڈر وہیں یار دلکا گھر +

ڈر کے مارے ۔ا۔ تابع فعل۔ ڈر سے۔ خوف و دہشت کے باعث۔ خوف و خطر کے سبب +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈرا

مت دیکھا ہمکہ کہیں تیغ نظر کے مارے بن اجل یونہیں ہوے جاتے ہیں قمر کے مارے (ذکہت)

ڈرافس مین - انگلش (Draftsman) اسم مذکر - نقشہ نویس +

ڈراوا - ا - اسم مذکر - دھمکی - خوف - دہشت - ڈر +

ڈرانا - ا - فعل متعدی - دھمکانا - دہشت دکھانا +

ڈراؤنا - ا - صفت - بھیانک - خوفناک - دہشت انگیز +

ڈرائیور - انگلش (Driver) اسم مذکر - چلانے والا - ہنکانے والا جیسے انجن ڈرائیور وغیرہ +

ڈرپوک - ا - صفت - بزدل - کم ہمت - بودا +

ڈرنا - ا - فعل لازم - خوف کھانا - دہشت میں آنا - دھمکی میں آنا - بھے ہونا - رعب ماننا +

ڈری - ا - اسم مؤنث - خوف - دہشت جیسے مجھے کسی کی ڈری نہیں +

ڈریس - انگلش (Dress) اسم مذکر - لباس - پوشاک - پوشش +

ڈرہیلا / ڈرہیل - ا - اسم مذکر - ڈاڑھی والا - ریش دار - ریشائیل مذکر +

ڈس - ا - اسم مؤنث - ترازو کی ڈوری - جس پلڑے بندھتے ہیں + تھان وغیرہ کا بن بنا سرا +

ڈسٹرکٹ - انگلش (District) اسم مذکر - ضلع +

ڈسمس - انگلش (Dismiss) اسم مذکر - خارج - معزول - برطرف نامسموع +

ڈسمس کرنا - ا - فعل متعدی - خارج کرنا - نہ سننا - ہرانا +

ڈسمس ہونا - ا - فعل لازم - خارج ہونا - نامسموع ہونا +

ڈسنا - ا - فعل لازم - کسی زہردار جانور اور علی الخصوص سانپ کا کاٹنا +

ڈسا ہوا کالے نے جس کو کافر تو وہ فسوں کے اثر سے کھیلے
وہاں وہ گیسو کا تیرے مارا نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (ذوق)

ڈسنے کو یہ دل ہے تری زلف کی ناگن طاؤس خط اسکو جو نگل جائے تو اچھا (نصیر)

ڈف - ا - اسم مذکر - دائرہ - دف - دپھڑی +

ڈفالچی / ڈفالی - ا - اسم مذکر - ڈفلی بجانے والا - ایک قوم جسے پرائی بھی کہتے ہیں +

ڈفلی - ا - اسم مؤنث - دائرہ - چھوٹا دف +

ڈک - ا - اسم مذکر - مکا - گھونسا - مشت +

ڈگڈ

ڈکار - ا - اسم مؤنث - آروغ - معدے کی وہ ہوا جو منہ کی راہ نکلے +

ڈکار لینا - ا - فعل لازم (۱) آروغ گرفتن کا ترجمہ (۲) بانگ شیر +

ڈکار نہ لینا - ا - فعل لازم - خبر نہ ہونا - ہضم کر جانا - پتا نہ لگنے دینا جیسے مال مار کر ڈکار تو لیتا ہی نہیں +

ڈکارنا - ا - فعل لازم (۱) معدے کی ہوا کو منہ سے نکالنا آروغیدن کا ترجمہ (۲) ہضم کرنا - خیانت کرنا - کھا جانا - نگل جانا - قابض ہو جانا جیسے اسکا مال بھی ڈکار گیا (۳) ڈرو کرنا - دھاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا +

ڈکرا - ا - اسم مذکر (پورب) بوڑھا - پیر فرتوت +

ڈکرانا - ا - فعل لازم - پھوٹ پھوٹ کر رونا - کراہنا - آہ آہ کرنا - چلانا - فریاد کرنا - آہ و زاری کرنا +

ڈکریا - ا - اسم مؤنث (پورب) بوڑھی عورت - ضعیفہ - پیر زال - بڈھی +

ڈکشنری - انگلش (Dictionary) اسم مؤنث - کتاب لغت - لغات کوش +

ڈکوٹ - ا - اسم مذکر - ایک ہندو قوم کا نام جو باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں یہ لوگ علم نجوم میں نہایت مہارت رکھا کرتے تھے ادنی درجہ کا دان پن بھی لوگ لیا کرتے ہیں - نیچ برہمن +

ڈکوسنا - ا - فعل متعدی - عوپینا - نگلنا (چتا نما بولتے ہیں) +

ڈکیانا - ا - فعل متعدی - گنے مارنا - گھونسے لگانا +

ڈکیت - ا - اسم مذکر - بٹ مار - لٹیرا - راہ زن - ڈاکو - قزاق +

ڈکیتی - ا - اسم مؤنث - قزاقی - راہ زنی - راہ ماری +

ڈگ - ا - اسم مذکر - لمبا قدم - پینڈ (بفتح و کسر اول دونوں طرح بولتے ہیں) +

ڈگ بھرنا - ا - فعل لازم - قدم اٹھانا - قدم رکھنا +

آنکھ بچا جائیو ایک بھر کے ڈگ ریوڑی والے کی دوکاں پہ الگ
سیر میں رستہ کی نہ لگ جائیو ریوڑی کے پھیر میں مت آئیو (نظیر)

ڈگانا - ا - فعل متعدی - جگہ سے ہٹانا - جگہ سے بے جگہ کرنا - ملانا پھسلانا جیسے نلا ڈگانا - قدم ڈگانا - ایمان ڈگانا - ناف ڈگانا +

ڈگڈگا کر پانی پینا - ا - فعل لازم - ایک دم میں بہت سا پانی پینا - بڑے بڑے گھونٹ لینا +

ڈگڈگا کر اگر کوئی پیوے تانا اور ترے لحاف کیا جوے (سودا)

ڈگڈگی - ا - اسم مؤنث (۱) مندر والوں کی ڈفلی - ڈورو - کھنجری - ایک خاص

ڈگڈ

قسم کا چھوٹا سا باجا جسے بیچ میں سے پکڑ کر بجاتے اور اُس کی ڈوریاں چمڑے پر لگ الگ کر بجتی ہیں (۲) ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔ منادی +

ڈگڈگی بجانا ۔ ف فعلِ لازم۔ مجازاً بندر نچانا۔ جیسے ؎

ڈگڈگی بجاتے میاں کھاتے ٹکر گمی اس نوکری کی ایسی تیسی اگلے بچے جی

ڈگڈگی پیٹنا ۔ ف فعلِ لازم۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ ڈونڈی پیٹنا۔ تشہیر کرنا +

ڈگر ۔ ا اسمِ مؤنث۔ راستہ۔ سڑک۔ ٹیبا۔ راہ جیسے اپنی ڈگر چلا جا۔ ڈگر چلت (دیہی گالی سیاد نے دیکھو مورس آلی دگیت) +

ڈگر بتانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ راستہ بتانا۔ طریق بتانا + روش رڈالنا۔ ہدایت کرنا

ڈگرا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (رُوب) بانس کا چھپٹا۔ ٹوکرا +

ڈگرنا ۔ ف۔ فعلِ لازم (گنوار) چلا جانا۔ رفو چکر ہو جانا +

ڈگری ۔ انگلش (Degree) اسمِ مؤنث۔ درجہ۔ مرحلہ۔ منزل +

ڈگری پانا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ درجہ حاصل کرنا +

ڈگری ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ (انگریزی ڈگری (Decree) کا بگڑا ہوا) حکم۔ فیصلہ + جیت۔ فتح۔ قرضہ ثابت ہو جانے کا سرکاری فیصلہ۔ فتویٰ +

ڈگری پانا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ فیصلۂ قطعی حاصل کرنا۔ قرضہ یا حق کی فتح پانا۔ روپیہ کا مقدمہ جیتنا +

ڈگری جاری کرانا ۔ ف فعلِ متعدی۔ تعمیل حکم یا فیصلہ کرانا۔ روپیہ وصول کرنے کے واسطے حکم جاری کرانا +

ڈگری جاری کرنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ حکم دینا۔ فیصلہ کرنا +

ڈگری دار ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ وہ شخص جس نے مدعون پر ڈگری حاصل کی ہو +

ڈگمگانا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ لڑکھڑانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔ ہلنا۔ جُنبش کرنا +

ڈگنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ جگہ سے بے جگہ ہونا۔ سرکنا۔ ہٹنا۔ ٹلنا۔ اتر جانا + ہلنا۔ ڈگمگانا۔ تھرتھرانا۔ کانپنا + پھسل کر نیچے گرنا +

ڈلا ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ ڈھیلا۔ ڈھیما۔ کلوخ۔ برنگ (۲) بڑا ٹکڑا منجمد اور بڑے حجم کی چیز جیسے برف کا ڈلا۔ شلغم کا ڈلا +

ڈلاسا ۔ ف۔ تابع فعل۔ عو۔ بڑا سا۔ سونے کے ڈلے کے موافق + زرد چمکدار رنگ + خاص چیز +

ڈلا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (ہندی) ۱۔ ڈالی کی تذکیر شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۲) دوسرے نوکرا جو شادی کے دن دولہا دولہن کے واسطے اپنے ساتھ لاتا ہے جسے دھیانا یا دھیانی ہی اپنا ایک لیکر کھولکر دیتا ہے۔ بنیوں کی رسم ہے جسے ڈلا کھاوائی

ڈنڈ

بھی کہتے ہیں۔

ڈلانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) ہلانا۔ جُنبش دینا۔ جیسے پنکھا ڈلانا (۲) پھرانا خیران کرنا +

ڈلاؤ ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ غلاظت پڑنے کی جگہ۔ گوڑی۔ مزبلہ +

ڈلک ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ چمک۔ دمک۔ جھلک۔ تاب۔ درخشندگی۔ تابندگی رنگ رخسار سے شرمندہ ہو گندن کی ڈلک ہے کے غیب کے فجالت زدہ سونے کی ڈلک (سودا)

تاب تفاوہ کسے ہے تری اے ماہ تما ہے دیکھی ہے یہ گندن کی ڈلک چلوں سے (نفیر)

ڈلنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ پڑنا۔ گرنا۔ جیسے جھولا ڈلنا +

ڈلی ۔ ا۔ اسمِ مؤنث (۱) ڈلا کی تصغیر و تانیث (۲) ایک قسم کی چکنی چھالیا۔ (۳) منجمد چیز۔ کسی چیز کا ٹکڑا (۴) خرما۔ خرمی۔ بالوشاہی + مصری کا ٹکڑا۔ شاخ نبات +

ڈلیا ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ ڈالی کی تصغیر بالتحقیر چھوٹی نوکری چنگیری۔ ذرا سا ٹکڑا

ڈلیا ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ ڈولی کی تصغیر بالتحقیر +

ڈلیوری ۔ انگلش (Delivery) اسمِ مؤنث۔ تحویل۔ تفویض + تقسیم +

ڈمرو ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ (ہندو) ڈیرو۔ ڈگڈگی۔ ایک قسم کا باجا۔ دیکھو ڈگڈگی +

ڈنٹھل ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ گنڈل۔ مولی کی وہ شاخ جس میں پھول آتا ہے۔ پتے کاٹنا۔ ٹنٹا۔ ٹہنی +

ڈنڈ ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) ڈنڈ۔ بازو۔ ؎

جہاں میں جتنے ہیں جن و پری سب تجھ پہ مرتے ہیں
جب تعویذ تو نے ڈنڈ پر اے جان جاں باندھا (ناسخ)

(۲) ایک قسم کی ورزش جو پہلوان کیا کرتے ہیں (۳) تاوان + جرمانہ۔ گنہگاری + فدیہ +

ڈنڈ بھرنا ۔ یا۔ دینا ۔ ف۔ فعلِ لازم جرمانہ دینا۔ تاوان ادا کرنا۔ مصادرہ سے باہر آنا +

ڈنڈ پیل ۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ ڈنڈ پیلنے والا پہلوان۔ وہ شخص جو صرف ڈنڈوں کی ورزش کرے +

ڈنڈ پیلنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ ڈنڈوں کی ورزش کرنا +

ڈنڈ ڈالنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ محصول لگانا۔ + تاوان ڈالنا۔ ہرجہ کس لگانا +

ڈنڈا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) سونٹا۔ بانڈی۔ گدکا۔ لکڑی کا ہاتھ میں رکھنے کا گھم ٹوٹکا (۲) جنڈ کی لکڑی (۳) چابدستی۔ احاطہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈنڈا

ڈنڈا ڈولی کرنا - ف - فعل متعدی - ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اوپر اٹھا لینا +

ڈنڈا کھینچنا - ف - فعل متعدی - دیوار کھینچنا - سرحد مقرر کرنا + جدا کر دینا +

ڈنڈوت - ف - اسم مؤنث (۱) سجدہ - جبہ سائی - متھا ٹیکنا (۲) آداب - تسلیم - تسلیمات - کورنش - بندگی (اصل میں یہ لفظ زبان سنسکرت میں ڈنڈ بمعنی لکڑی و دت بمعنی مانند یعنی لکڑی کی طرح سیدھا لیٹ کر سجدہ کرنا ہے) +

ڈنڈوت کرنا - ف - فعل متعدی - سجدہ کرنا - سلام کرنا - تعظیم بجا لانا +

ڈنڈی - ف - اسم مؤنث (۱) دستہ - قبضہ - مُوٹھ (۲) ترازو کی وہ لکڑی جس میں دونوں پلڑے باندھے جاتے ہیں - شاہین + (۳) ٹال تک (۴) ہار سنگھار کے پھول (۵) پھول کا ڈنٹھل - پھول کی شاخ شُتُر مُرغ کی گردن (۶) عضو تناسل +

ڈنڈی مارنا - ف - فعل متعدی - کم تولنا - چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا + جیسے میتھی بیچوں سو یا بیچوں اوپر بیچوں چولائی + بیچ بازار میں ڈنڈی ماروں تو کنکڑے کی جائی +

ڈنڈے - ف - اسم مذکر - ڈنڈا کی جمع - چھوٹی چھوٹی - وغن دار لکڑیاں جنسے اکثر بھادوں میں ہندوؤں کے لڑکے کھیلتے ہیں +

ڈنڈے بجاتے پھرنا - ف - فعل لازم - آوارہ و سرگردان پھرنا - تضیع اوقات کرنا +

ڈنڈے دینا - ف - فعل متعدی - ہندوؤں کی ایک رسم ہے جس میں بیٹی والا بیٹے والے کے ہاں نسبت ہونے کے بعد چاندی سونے کے پترے چڑھے ہوئے ڈنڈے - دوات قلم وغیرہ بھادوں بدی چوتھ کو بھیجتا ہے - دوات قلم کی رسم سے ثابت ہے کہ اس قوم میں تعلیم کا خیال ابتدا ہی سے رہتا ہے +

ڈنڈے کھیلنا - ف - فعل متعدی - ہندوؤں کی ایک رسم ہے جسمیں بھادوں بدی چوتھ کو پاٹ شالاؤں کے لڑکے تال سُر اور ایک خاص انداز کے ساتھ کھیلتے ہیں بلکہ اب تو اکثر ہندوؤں کے میلے تماشے میں پنکھے پڑھاتے وقت یہ کیفیت ہوتی ہے کہتے ہیں یہ کھیل کرشن جی کا ایجاد ہے اور عجب نہیں جو درست ہو کیونکہ بہت سے ڈنڈوں سے ایک آواز کا نکلنا کثرت میں وحدت کو اور وحدت میں کثرت کو ثابت کرتا ہے جو کرشن جی کا اصل مُوحّد مسلک تھا -

ڈنڈیڑ - ف - اسم مؤنث - ہندو - عو - سیدھی لکیر - دھاری - سیدھا خط +

ڈنڈر - ف - اسم مذکر - دیکھو ڈنڈ نمبر ۲ -

ڈنک - ف - اسم مذکر (۱) نیش خار - کانٹا - بچھو یا بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا + (۲) تعزیر - اصل علامت نہیں ہوتی ہے سوذی کو ہزار نیک و بد کے واسطے ہے ڈنگ بچھو کا (امیر)

ڈوب

(۲) نب - لوہے کی قلم کا وہ حصہ جس سے لکھتے ہیں - لوہے کا قلم - اسٹیل پین + (۳) جونک کے کاٹے کا نشان +

ڈنگ مارنا - ف - فعل متعدی - نیش زنی کرنا - نیش چبھنا - کسی زہریلے جانور کا کانٹا مارنا - کاٹنا +

وہ چشم کیوں نہ مارے ہر بار ڈنگ والا تحریر سرمہ گویا کالا ہے کنکھورا (نصیر)

ڈنکا - ف - اسم مذکر (۱) چوب - نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ - دھونسا - نقارہ جو امیروں کی سواری کے آگے آگے بجتا ہے (۳) سحری کا دھونسا (۴) عروج - بول بالا +

ڈنکا بجانا - ف - فعل متعدی (۱) نقارہ بجانا + حکومت کرنا - راج کرنا - رعب بٹھانا (۲) نام کرنا شہرت حاصل کرنا (۳) منادی کرنا - ڈھنڈورا پیٹوانا +

ڈنکا بجنا - ف - فعل لازم - مشہور ہونا - نام پانا - نام آوری حاصل کرنا - شہرہ ہونا - دھوم ہونا - دھوم مچنا +

بہات کا بج رہا ہے ڈنکا اک شور ہے آسماں پہ برپا (حالی)

ڈنکا دینا - ف - فعل متعدی - نقارہ بجانا

بادشاہوں کی طرح پھرتے ہیں ڈنکا دیتے، خار پا چوب ہیں اور آبلے نقارے ہیں (وزیر)

ڈنکا ڈالنا - ف - فعل متعدی (مُرغبازی) ۱ - مُرغ سے مُرغ کو لڑانا - مُرغ کی بازی بدنا - بازی مُقرر کرنا (۲) مُرغ کا چونچ مارنا +

ڈنکا ہونا - ف - فعل لازم - نقارہ بجنا +

ڈنکنی - ف - اسم مؤنث (۱) ایک عورت کی قسم (۲) ڈائن (۳) چڑیل یا جھگڑالو عورت - لڑاک عورت - لڑاکا عورت +

ڈنکے کی چوٹ کہنا - ف - فعل لازم - منادی کرنا - ڈونڈی پیٹنا + ہانکے پکارے کہنا - علانیہ کہنا - صاف صاف کہنا - کھلم کھلا کہنا - کھلی کھلی کہنا +

نالہ ڈنکے کی چوٹ کہتا ہے کوئی مجھسا نہ شہسوار ہے اب (نصیر)

ڈنگیا - ف - اسم مؤنث - پانی بھرنے اور پینے کا دستہ دار بنا نے کا چھوٹا برتن +

ڈوب - ف - اسم مذکر - غوطہ - شوب - ڈبکی - کپڑے کو رنگ میں ڈبونا + قلم کو سیاہی میں بھرنا +

ڈوب دینا - ف - فعل متعدی - کپڑے وغیرہ کو رنگ یا پانی میں غوطہ دینا

ڈوبا - ف - اسم مذکر - قلم کو سیاہی میں بھرنا - غوطہ قلم بسیاہی + شوب - ڈبکی +

ڈوبا بھرنا - یا - لینا - ف - فعل لازم - قلم کو سیاہی میں ڈبونا - قلم بورنا +

ڈوبا نام اچھالنا - ف - فعل متعدی (۱) از سر نو عزت و توقیر اور نام آوری پیدا کرنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈوب

انہیں سب دیکھکر کہتے ہیں یوسف ہوگا کیسا ہی یہ ڈوبا نام تیرے اسکا مدت میں اُچالا ہے (آسناد)
(۲) گمنامی کی حالت سے نکالنا۔ نام روشن کرنا۔ ؎

مالِ چاہِ ذقن سے دکھا کر جان من نام یوسف کا نکالا مُجرا کا ڈوبا ہوا دوست

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہوتا۔ ؎ فعل لازم۔ مایوس کو تھوڑی سی مدد بھی بہت ہوتا ہے سخت مصیبت زدہ کو ذرا سا سہارا بھی کافی ہوتا +

ڈوب جانا۔ ؎ فعل متعدی (۱) غرق ہوجانا۔ پانی میں سما جانا (۲) دریا برد ہو جانا۔ دریا میں بہجانا یا آجانا (۳) چھپ جانا۔ غائب ہو جانا۔ پوشیدہ ہوجانا۔ گپت ہوجانا (۴) روپیہ مارا جانا۔ روپیہ وصول نہ ہونا بٹے کھاتے لکھا جانا۔ رقم برباد ہونا (۵) برباد ہوتا۔ تباہ ہونا۔ ضایع ہونا جیسے خاندان ڈوبنا (۶) عزت میں فرق آنا۔ شہرت نہ رہنا۔ نام مٹ جانا + رسوا ہونا (یہ لفظ نام کے ساتھ ایسے موقع پر بولتے ہیں) + ۷۔ گیا گزرا ہونا۔ نکما ہونا۔ کام کا نہ رہنا (۸۔ عو) لڑکی یا لڑکے کا بُری جگہ بیاہ ہو جانا۔ بُرا خاوند ملنا۔ بُرا گھر یا خاندان ملنا (۹) ناکامیاب ہونا۔ فیل ہو جانا۔ امتحان میں پورا نہ اُترنا (۱۰) مفقود و نابود اور معدوم ہونا جیسے ع رسم اُلفت ہی اٹھی جائے ڈوب +

ڈوب مرو۔ ؎ کلمۂ تنفر۔ غارت ہو۔ دفعان ہو۔ منہ نہ دکھا۔ دُنیا سے منہ چھپائے۔ اس حالت سے تو مرجا ؎

طاس طیاں میں لکھا ہے اُسے ابرِ مردہ رو کو ڈوب مرنا روکے تو اے ابرِ بہمن آب میں (وفق)

ڈوب مرنا۔ ؎ فعل لازم۔ شرم۔ غیرت یا بدنامی و رسوائی کے باعث گھنونے خواہ دریا میں غرق ہوکر جان دیدینا۔ مرجانا۔ غارت ہوجانا۔ ناپید ہوجانا ؎

بحرِ اُلفت کی یا اللہ رے طوفان خیزی ڈوب مرتے نہیں وہ چاشنا دیکس دن (آتش)
دیکھے جو اُس کے تابِ دیدۂ خواب میں گرد ہائے سرِ ڈوب مرے ہوئے آب میں (ذہیر)

ڈوبنا۔ ؎ فعل لازم (۱) تیرنا کا نقیض۔ غرق ہونا۔ پانی میں سمانا پانی کا سر سے گذر جانا (۲) دریا برد ہونا۔ دریا میں کھیت وغیرہ کا آجانا (۳) چھپنا۔ غروب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ ؎

یہ سوے بزم میں جامِ شراب ڈوب گیا ہناں وہ مہ جو ہوا آفتاب ڈوب گیا (وزیر)

(۴) ضایع ہونا۔ بٹے کھاتے لکھا جانا۔ رقم کا وصول نہ ہونا (۵) مفقود و معدوم ہونا۔ نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا جیسے ڈوبی کشتہ بھروسے تیرے + (کہاوت) ۷۔ دوالہ نکلنا۔ ٹوٹا آنا جیسے کہیں ڈوبے بھی ہرے ہیں (۸) ذلیل رسوا ہونا۔ نام نکلنا + خاندان کہ بنا گلنا ؎

ڈوبا جس کبیر کا جو جائے پوت کمال رام نام دھن بیج کے لائے چار ہزار

ڈور

(۹) گیا گزرا ہونا۔ کام کا نہ رہنا (۱۰ عو) بُری جگہ بیاہا جانا بُرے خاندان یا آدمی سے پالا پڑنا (۱۱) ناکامیاب ہونا۔ فیل ہونا۔ نامُراد رہنا +

ڈوڈا۔ ؎ اسمِ مذکر (۱) پھل۔ وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے ہیں۔ ٹاٹ جیسے روئی یا پوست یا آک کا ڈوڈا (۲) کوکنار مسلم +

ڈور۔ ؎ اسمِ مؤنث (۱) دھاگا۔ سُتلی۔ رشتہ۔ بٹا ہوا تاگا + ریسمان کاغذ یا سوت کی باریک رسی +

عرصۂ ہوا میں رہتا ہے برباد آدمی اُڑتا ہے یہ پتنگ رگِ جاں کی ڈور پر (صبا)

(۲۔ لکھنؤ) غالب۔ ور۔ زبر ؎

خود بخود دل کو پہنچتی ہے خبر محبوب کی تار برقی پر بھی یا اُلفت کا رشتہ ڈور ہے (بحر)

ڈور پر لگانا۔ ؎ فعل متعدی۔ پہچانا۔ راہ پر لانا۔ ڈھب پر لانا۔ مانوس کرنا + بلانا۔ سدھانا +

ڈور ہونا۔ ؎ فعل لازم (۱) لٹو ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ مایل ہونا۔ (۲۔ لکھنؤ) غالب ہونا۔ ور ہونا (دیکھو نمبر ۲ ڈور) +

ڈورا۔ ؎ اسمِ مذکر (۱) تاگا۔ دھاگا۔ رشتہ۔ رشتۂ تابیدہ۔ ریسمان۔ ڈور تار۔ خیط (۲) خط۔ لکیر۔ جدول۔ دھاری۔ ڈنڈیڑ۔ ریکھا (۳) آنکھوں کی رگوں کی وہ سُرخی جو حالتِ سرور یا خُمار یا نیند سے اُٹھنے میں اکثر آنکھوں میں ہوتی ہے ڈورے ہیں تری آنکھوں کے یا رشتۂ حیات اور رنگی آنکھیں پر ستے کے ڈوروں سے کہ رہیں (رشک)

(۴) تلوار کی دھار۔ دم شمشیر (۵) گھی ڈالنے یا پانی نکالنے کا ایک ظرف جو اکثر باورچیوں کے پاس ہوتا ہے۔ ڈنڈی دار کٹورا ؎

ضمیر اِل توکل کر ہے نانِ خشک پر راتی دلِ نرم کو ہے وابستگی روغن کے ڈورے سے (نصیر)

(۶) تاگے ہوئے گھی کو پکے ہوئے چاولوں میں چھوڑنے کو بھی ڈورا دینا کہتے ہیں جس کی وجہ صرف یہی ہے کہ وہ گھی ڈورے (ظرف) کے وسیلے سے ڈالا جاتا ہے (۷۔ لکھنؤ) تارِ نظر۔ نظرِ محبت سے لبھانے کا فعل۔ دامِ محبت ثبت ہے رشکِ فرہاد انہارا ہوگیا رشتۂ شمعِ تجلی آتشکارا ہوگیا (برق)

(۸۔ لکھنؤ) ڈوڈا۔ کوکنار۔ پوست ؎

عدن ہے پوستے کا کھیت انیقانی کی آنکھوں میں
لالی سیپیوں میں ہیں نہیں خشخاش ڈوروں میں

(۹) سرسہ کی لکیر جو آنکھوں کی خوبصورتی کے واسطے کوروں کے باہر تک کھینچ دیتے ہیں۔ مدسرمہ۔ دنبالۂ چشم ؎

خدا کے واسطے یار ہٹوں میری طرف دیکھو تمہارے سرمہ کا ڈورا مجھے گنڈاسے انسوں کا (بحر)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈور

(۱۰) وہ اندازہ جو ڈورے سے کیا جائے۔ کمر بازو۔ گردن وغیرہ کی ناپ جو ڈورے سے کی جائے ؎

بخوش آں جسم نازنیں نوجواں کہ ہے بنا بریں تو برابر نکلے ڈورا اس کمر کا اور گردن کا (آتش)

(۱۱) گردن کی معشوقانہ حرکت جو رقاص اکثر ناچتے وقت کرتے ہیں ؎

جو دیکھے ہے گردن کا ڈھلک جانے ہے حکا گردن کے غضب میں ہے بے اک کے ڈورے (جرأت)

(۱۲) جال۔ دام فریب ؛

ڈور اڈالنا۔ ف فعل متعدی (۱) دام محبت میں پھنسانا۔ پرچانا۔ رجھانا۔ مائل کرنا۔ یار بنانا۔ دام میں لانا ؛ ؎

نظر سے صنم کے الجھنے کی وجہ کیا ڈورا ہے ڈالا دل دیوانہ دوش پر زناخ

ڈورو۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا باجہ جو پیچ میں سے پتلا ہوتا اور فاکر وب اکثر بجایا کرتے ہیں۔ ڈگڈگی ؛

ڈوری ا۔ اسم مؤنث (۱) پتلی رسی۔ ریسمان تابیدہ (۲) پانی بھرنے کی رسی نیجو۔ رسن (۳) طناب خیمہ کی رسی (۴) گردباف زہ پیراہن بابن۔ وہ ڈور یا قیطون وغیرہ جو اکثر عورتیں سینہ بند وغیرہ کے سرے پر لٹکتی ہیں (۵) پلنگ کے کسنے۔ وہ رسی جس سے پلنگ کی چادر کسی جاتی ہے (۶) وہ رسی جو سپاہ یا شاہی سواری کی حفاظت کے واسطے ادھر ادھر تانے ہوئے چلتے ہیں (۷) جریب۔ زمین ناپنے کی رسی (۸) ملاحی آتارنے یا دودھ ڈالنے کا دستی کٹورا ؛

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا۔ ف فعل متعدی۔ عو۔ کسی کی طرف سے غافل ہونا۔ مہلت دینا۔ خبر نہ رکھنا۔ مطلق العنان کر دینا۔ آزاد کر دینا۔ جیسے نہ ڈوری ڈھیلی چھوڑتا۔ نہ بچہ بگڑتا ؛

ڈوری کھینچنا۔ ف فعل متعدی (ہندو عو) یاد کرنا۔ یاد فرمانا۔ بلانا۔ طلب کرنا۔ جیسے ماتا رانی ہی ڈوری کھینچے گی تو جائیں گے ؛

ڈورے۔ ا۔ اسم مذکر۔ ڈورا کی جمع ؛

ڈورے چھوٹنا۔ ف فعل لازم۔ خمار آلودہ آنکھوں کی سرخی نمودار ہونا۔ حالت غضب یا خمار یا سوتے اٹھنے پر گہائے چشم کا گلابی ہونا ؛

نفیس ری چھٹ جاتی ہیں یاد آتے ہیں جب آہ چھوٹے دو تری چشم غضبناک کے ڈورے (جرأت)

ڈورے چھوڑنا۔ ف فعل متعدی۔ دنبالہ چشم بنانا۔ کاجل یا سرمہ کی لکیر آنکھ کے کونے سے باہر تک کھینچنا ؛

ڈورے ڈالنا۔ ف فعل متعدی (۱) گلے میں ڈالنا۔ تاگے ڈالنا (۲) دام فریب بچھانا پھر جانا۔ ڈھب پر لانا۔ یار بنانا۔ مائل کرنا۔ لگاوٹ کرنا ؎

دول

کھلا یہ راز بھی ہم پر لگاوٹ کی نگاہوں سے کہ آنکھوں نے بھی ڈورے ڈالنا سیکھا ہے کاجل سے (بحر)

اور جا پر کہیں یہ ڈورے ڈال خوبرویوں کا کچھ نہیں ہے کمال (شوق)

(۳) ہنڈوعو) سیندھیاں گوندھنا۔ سر گوندھنا۔ سر میں کلاوہ یا مؤباف ڈالنا (۴) چڑیا یا مینا کا پلے در پے چہچہانا ؛

ڈوریا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کا دھاری دار ولایتی بلیک کپڑا جسے اکثر عورتیں پہنتی ہیں۔ قطعۂ منقور

ذرا تو رویہ اسی کا مزار ہے ظالم ہوا تھا عشق میں جس تیرے خستہ تن منی

نہ پھول مثل گل اپنی تو جامہ زیبی پر یہاں بھی ہے ترے عاشق کے زیب تن منی

بنے ہے دیکھ لے آنکھوں کی داریوں سے علم بدن پہ ڈورنے کا اس کے پیرہن منی

(۲) سگ بان۔ سگ پرست۔ کتوں کا محافظ ؛ معلم سگ۔ شکاری کتوں کو سدھانے والا آدمی۔ قطعۂ جرأت

بیمروت ہے چار چشم ہے یہ لینڈی کتے کی بائیں یتیم ہے یہ

ہو گزر اس پلید کا جس جا واں فرشتہ نہ آئے نیکی کا

تھان خاصے ہزار لاکے دکھائے ڈوریئے چھٹ کوئی اس کو نہ پائے

ڈوک۔ ا۔ اسم مؤنث۔ حیوانات کی ایک بیماری کا نام جو بھیڑ بکری میں ہو جاتی ہے

ڈوکرا۔ ا۔ اسم مذکر (پورب) بوڑھا۔ بوک ؛

ڈوکنا۔ ف فعل لازم (پورب) ڈالنا۔ قے کرنا۔ ا کنا۔ رد کرنا (۲) ڈگڈگا کر پینا۔ بہت سا پینا ؛ سوکھنا جذب کرنا۔ چوسنا ؛

ڈول۔ ا۔ اسم مذکر۔ کنوئے سے پانی بھرنے کا چرمی یا آہنی ظرف۔ دلو۔ بوکا ؛

ڈول۔ ک۔ اسم مذکر۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ ؎

میں اس عشق کا یہ نہ سمجھی تھی ڈول ترے غم سے آنے لگے مجھ کو ہول (میر حسن)

(۲) قطع طرح وضع۔ فیشن۔ انداز (۳) ہیولی۔ خاکا۔ ڈھانچا۔ ڈھیر۔ کسی چیز کے بنانے کا کچا نقشہ (۴) نمونہ۔ اندازہ ؛ پیمانہ ؎

ڈول چوڑی کا بی منہ سے بتانا چاہیے ہاتھ کا دینا رونے کو بتانا چاہیے (ذاکر)

(۵) موقع۔ قسم۔ ڈھنگ

کیجے اقرار کچھ ایسا کہ پھر انکار نہ ہووے یعنی ایسیں کسی ڈول کی نکرار نہ ہووے (انشا)

(۶) صورت۔ شکل (۷) تخمینہ۔ تکرمہ۔ تقدمہ (۸) اسم مؤنث) حکمت کی اونچی حد۔ بارھ۔ ہینڈھ ؛

ڈول پر لانا۔ ف فعل متعدی۔ نزاعی خواہش کو درست کرنا۔ سیدھی بتانا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈول

(۲) ڈھب پر لانا۔ اپنے کام کا بنانا +

ڈول ڈالنا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) ڈھیر ڈالنا۔ بنیاد قایم کرنا

اُٹھتے پلکوں کے گرے پڑتے ہیں لاکھوں آنسو ڈول ڈالا ہے مری آنکھوں نے بُکا فاں کا (دبیر)

(۲) موقع نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ ڈھب نکالنا

ہجرت کے پانو ٹوٹ چکے دشتِ فکر میں کچھ ڈول ڈالا آج تو ہم نے وصال کا (اختر)

ڈول سے لگانا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ ترتیب سے کرنا۔ موقع سے لگانا۔ ڈھنگ سے لگانا +

ڈولا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) کھیت کی ڈول۔ کھیت کی باڑھ۔ مینڈ۔ کھیت کی چار دیواری (۲) خراج کا تخمینہ (۳) گنواں کھیل۔ جاع۔ مجاسمت + ؎

جب نصیر الدین کا مینا سے ڈولا ہو گیا بوند بچے واں میں ٹھیری فضلِ مولا ہو گیا (سودا)

ڈولا بنانا ۔ف۔ فعلِ متعدی (گنوار) کھیت میں لیجا کر جاع کرنا۔ کھیل بنانا۔ (چونکہ ان لوگوں کو اکثر ایسے ہی موقع ملتے ہیں اِس سبب سے یہ محاورہ ڈولا سے بنا لیا) +

ڈولا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) محافہ۔ میانہ۔ ایک قسم کی گول پالکی سنکھیال۔ بڑی اور عمدہ ڈولی جس میں خاندانی عورتیں سوار ہوتی ہیں (۲) سواری۔ تنانہ سواری

ڈولا اچھلنا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) عو۔ لکھنؤ۔ کسی عورت کا دوسری عورت کے خاوند سے بیجا مزاح یا آشنائی کر لینا۔ سر پر یا چونڈے پر ڈولا اچھلنا بولتے ہیں یہ ایسا محاورہ ہے جیسے ہمارے ہاں چھاتی پر مونگ دلنا کہتے ہیں۔

آنکھیں لڑائیں اُنہ نے کہا رہنے بانس کھائے اُسکا بھی میرے چونڈے پہ ڈھلا اُچھل گیا (جانصاحب)

(۲) قطار تاڑ ڈولی پر چڑھکر جانا +

ڈولا دینا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) کسی بادشاہ یا سردار کی زوجیت میں اپنی بیٹی کو فخریہ نذر پکڑنا۔ بادشاہ کو بیٹی دینا (۲) غریب آدمی کا کسی امیر آدمی کو بیٹی بیاہنا (۳) اپنی بیٹی کو کسی حاکم کی خدمت میں دینا۔ فخریہ باندی کے طور پر بیٹی دینا + بیٹی کو بیچنا۔ روپیہ لینے کے واسطے بیٹی دینا +

ڈولا نکالنا ۔ف۔ فعلِ متعدی (لکھنؤ) دُلہن کو دُولہا کے ساتھ رخصت کرنا۔ وداع کرنا +

ڈولچی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ ڈول کی تصغیر۔ پانی بھرنے یا کھینچنے کا چھوٹا سا چوبی یا آہنی ظرف +

ڈولنا ۔ف۔ فعلِ لازم (۱۔ گنوار) پھرنا۔ ہانڈنا ٹولنا۔ چلنا پھرنا + ٹہلنا (۲) آوارہ پھرنا۔ بھٹکنا۔ مارے پھرنا (۳) جُنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔ متحرک ہونا (۴) اِسمِ مذکر محافہ۔ ڈولا۔ گہوارہ۔ ایک ظرف کا نام +

ڈولن

ڈولنا ۔ف۔ فعلِ متعدی (بنجار) گھڑنا۔ ڈول ڈالنا +

ڈولی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ محافہ۔ زنانہ پردہ دار سواری +

ڈوم ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) مُغنی۔ میراثی۔ قوال۔ گانا گانے والا۔ ڈھاڑی۔ ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے ڈوم بجاوے چینی اور ذات بتاوے اپنی (۲) یورپ کی ایک نیچ قوم جس کا پیشہ چھاج وغیرہ بنانے کا ہے۔ کنجر (۳) سپیرا۔ سنگیا۔ سانپ نولا

ڈوم پنا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ ڈوم کا پیشہ۔ بھنڈی خوشامد بیجا۔ بھاٹ پن +

ڈومنی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) زنِ مطرب۔ مُغنیہ۔ میراثن + ڈوم کی بیوی + پردہ کی عورتوں میں ناچنے گانے والی عورت ؎

وہ گرم ہے مری یہ دعا جان ڈومنی رہ جائے جسکو دیکھ کے حیران ڈومنی (رنگین)

(۲) ایک چڑیا کا نام +

ڈومنی پن ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ حرکاتِ معشوقانہ۔ ناچنے گانے کا کام +

ڈومنی پنا کرنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ ناچنے گانے کا کام کرنا۔ ناچنا۔ گانا۔ حرکاتِ دلفریب و معشوقانہ کرنا +

کرتی ہے ڈومنی پنا کو کایری جہاں پکڑے ہو خاک چاٹے وہاں کان ڈومنی (رنگین)

ڈونڈا ۔ا۔ صفت۔ ایک سینگھ کا بیل + وہ بیل جس کے سینگھ ٹوٹ گئے یا مڑے ہوئے ہوں +

ڈونڈانا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ لغوی معنی ڈانوا ڈول پھرنا۔ اصطلاحی گھبرانا۔ گھبرایا گھبرایا پھرنا۔ مضطرب رہنا جیسے اکیلی رہوگی تو ڈونڈاؤ گی +

ڈونڈی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ ڈھنڈورا۔ منادی۔ ڈگڈگی + شہرت +

ڈونڈی پیٹنا ۔ف۔ پھیرنا۔ ف۔ فعلِ متعدی منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ ڈگڈگی بجا کر مشہور کرنا۔ اعلان کرنا ؎

خفیہ لینا تمارضوت کوئی پہلے خال خال ابتو ڈونڈی پیٹ کر سارا جہاں لینے لگا (فتاں دہلوی)

ڈونڈی پیٹکر ۔ف۔ تابع فعل۔ علانیہ کھلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ +

ڈونگا ۔ف۔ صفت۔ (گنوار) عمیق۔ گہرا +

ڈونگا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ زورق۔ چھوٹی ناؤ۔ بجرا۔ (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار ظرف وہ آبخورا جس میں دستگی لگی ہوئی ہو (۳) وہ ظرف جس میں شوربے دار چیز انگریزوں کے خانساماں لوگ رکھتے ہیں +

ڈونگر ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) اُونچی زمین۔ سطح بلند (۲) پہاڑی۔ چھوٹا پہاڑ۔ ٹیلا۔ ٹیبا + پربت + پہاڑ۔ گر۔ کوہ۔ جبل۔ چل (۳) پہاڑی ملک +

ڈونگر پھل ۔ا۔ اِسمِ مذکر (دکن) بندال پھل۔ بندال ڈوڈا۔ ایک نہایت تلخ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈونن

گھانس کے پھل کا نام جو گھوڑوں کو دی جاتی ہے۔ اور اُسے سنگبیرہ بھی کہتے ہیں مزاجًا تیسرے درجہ میں گرم وخشک +

ڈونگری - ا۔ اِسم مؤنث۔ چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑی جیسے موتی ڈونگری اور کی ایک پہاڑی کا نام جسمیں مہاراج کے محل بنے ہوئے ہیں +

ڈونگی - ا۔ اِسم مؤنث۔ چھچہ + وہ چھوٹی سی کشتی جو آمد ورفت کی ضرورت اور ادنےٰ ادنیٰ حوائج کے واسطے بڑی کشتی کے ہمراہ یا جہاز کے ساتھ وقت بیوقت اُترنے کے لیئے بندھی رہتی ہے +

ڈوئی - ا۔ اِسم مؤنث۔ ایک لکڑی کا چمچہ جس سے پکتا ہوا کھانا نکالتے یا ہانڈی چلاتے ہیں۔ گنگیر چوب۔ کفچہ چوبی جیسے جس کے ہاتھ ڈوئی اُسکا سب کوئی +

ڈویژن - انگلش (Division) اِسم مذکر۔ قسمت۔ حصّہ۔ علاقہ +

ڈھایا - ا۔ اِسم مذکر (۱) اولتی (۲) جال۔ دام (۳) پرچھتی (۴) ہندو۔ باورچی کی دُکان جس پر مسافر دام دیکر روٹی کھاتے ہیں +

ڈھاٹا - ا۔ اِسم مذکر۔ وہ کپڑے کی پٹی جسے مُنہ کے گرد اگرد باندھکر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں۔ دہاں بند۔ دستارچہ + وہ کپڑا جس سے مُردے کا مُنہ باندھ دیتے ہیں تاکہ کھلا رہکر بدنما اور ڈراؤنا نہو جائے +

ڈھاٹا باندھنا - ا۔ فعل مُتعدی۔ ڈاڑھی کو کپڑا باندھنا +

ڈھائی - ا۔ اِسم مؤنث (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے مُنہ میں لگام کی بجائے دیدیتے ہیں (۲) پھانسی۔ پھندا۔ کمند (ڈھائی باندھنا یا کسنا کے ساتھ بولتے ہیں) +

ڈھائی دینا - یا۔ چڑھانا - یا۔ لگانا - ا۔ فعل مُتعدی (۱) گھوڑے وغیرہ کے مُنہ سے لگام کی بجائے کپڑا باندھنا (۲) مُنہ بند کرنا۔ بولنے سے روکنا۔ بولنے نہ دینا۔ میت کے مُنہ کو کپڑا باندھنا (ہندو) +

ڈھارس - ا۔ اِسم مؤنث۔ مدد۔ پشتی۔ یاری + تسلی۔ دلداری۔ تسکین خاطر + ہمت۔ دھیرج۔ دِل کی مضبوطی۔ استقلال +

ڈھارس باندھنا - ا۔ فعل مُتعدی۔ ہمت باندھنا۔ تسلی دینا + جو آتا ہے تو جینے کا اُسکے کیا بھروسا ہے کوئی دم اور بھی ڈھارس تم اپنا باندھے ہے (جرأت)

ڈھارس بندھانا - ا۔ فعل مُتعدی۔ دھیرج بندھانا۔ تسلی دینا۔ دلداری کرنا۔ ہمت بڑھانا +

ڈھارس بندھنا - ا۔ فعل لازم۔ استقلال ہونا۔ دِل کی مضبوطی ہونا۔ دلیری ہونا۔ ہمت بندھنا +

ڈھارس دینا - ا۔ فعل مُتعدی۔ تقویت دینا۔ پشتی کرنا۔ دِلاسا دینا۔ تسلی دینا۔ دِلداری کرنا۔ ہمت بندھانا +

ڈھاڑی - ا۔ اِسم مذکر۔ ڈوم۔ سپردا۔ سازندہ۔ سازنوازندہ + گویّا۔ بیراگی۔ سنگیتیا۔ گُنیا گر +

ڈھاک - ا۔ اِسم مذکر۔ ایک درخت کا نام جس کے بڑے بڑے تین تین پتے ہوتے اور نہایت خوش نما سُرخ پھول کھلتے ہیں۔ جیسے جہاں ڈھاک وہیں ڈاکو +

ڈھاک پھولنا - ا۔ فعل لازم۔ ڈھاک کا پھول کھلنا جس سے تمام جنگل سُرخ نظر آتا ہے +

ڈھاک تلے کی پھوٹر مُوے تلے کی سگھڑ - ا۔ (کہاوت) (بمعنی ہر طرح سے بےسلیقہ اور بے سامان پرسلیقہ کہلاتا ہے کیونکہ تو ایک ایسا درخت ہے جس کے پھل کھانے اور بیچنے سے آدمی کا گزارہ چل سکتا ہے مگر ڈھاک کے پتوں سے کیا کام چل سکتا ہے) +

ڈھاک کے تین پات - ا۔ کہاوت۔ ہمیشہ مُفلس وناوار آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ خالی خولی +

ڈھال - ا۔ اِسم مؤنث (۱) نشیب۔ پستی (۲) سپر۔ تیر وتلوار وغیرہ کے روکنے کا آلہ۔ پھری۔ گردہ ؎

سیاہ بخت کو ہوتا نہیں فروغ نصیب وہ چاند چاند نہیں جسکو ڈھال رکھتی ہے (اسیر)

(۳) صفت۔ گنوار) مانند۔ مثل (۴۔ گنوار) آہستہ۔ ہولے جیسے ڈھال ڈھال جانا (۵) پنجاب۔ بقال) چندہ۔ بہری +

ڈھال سا - ا۔ صفت۔ ڈھال کی مانند۔ چوڑا۔ چکلا جیسے ڈھال سا چہرا یا پان +

ڈھالنا - ا۔ فعل مُتعدی۔ دھات کو پگھلا کر قالب میں ڈالنا۔ سانچے میں ڈالنا۔ سانچے کے ذریعہ سے بنانا ؎

اِس شمع رُو کا واہ رے جسم گداز وصاف اللہ نے بنایا ہے سانچے میں ڈھال کے (آتش)

(۲) دینا۔ پلانا۔ اُنڈیلنا۔ جھکانا جیسے شراب ڈھالنا ساقی ڈھالتا (۳) جونکنا۔ بات سر ڈھالنا۔ کسی پر آوازہ پھینکنا۔ طعنہ کرنا۔ مُنہ آنا ؎

غیروں سے رک کے غصّہ تُمہیں پر نکالتے ہیں ہکو سُنا سُنا کر اوروں پہ ڈھالتے ہیں (شاد)

دِل ہزاروں جلی کٹی باتیں تیغ اسمد پہ ڈھال آتا ہے (امانت)

(۴) ڈُھالنا۔ ارزاں بیچنا۔ سفت پلے باندھنا۔ سر ہو کر دینا۔ (شاد تلمیذ سپر قتی ؎)

دنداں جو دیکھے دو دِل بیچ ڈالتے ہیں لو کوڑیوں کے مولوں یہ لال مُفت لیتے ہیں (سپر قتی)

(پُرانا محاورہ ہے) (۵۔ پنجاب) چندہ جمع کرنا +

ڈھانا - ا۔ فعل مُتعدی (۱) گرانا۔ مکان توڑنا۔ مُنہدم کرنا (۲) کرنا۔ مچانا جیسے ظلم

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھا

ڈھانا۔ خضب ڈھانا (۳) مُتصِل کرنا۔ طاقت توڑنا۔ ناتواں بنانا جیسے بخار نے ڈھا دیا (۴) پچھاڑنا۔ دے مارنا۔ پچھاڑنا جیسے ایک پہلوان نے دوسرے پہلوان کو ڈھا دیا (بعض شعرائے گھسوڑے ڈھانا بھی باندھا ہے چنانچہ شک گھسوڑی کا شعر ہے

میرے دل کے ورثے کی شمع گر نہ ہو روشن کھو دیکھ ڈھا مسجد غافل خمار توڑ + (شک)

ڈھانپنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی (پرانی ہندی) ڈھانکنا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا +

ڈھانچ۔ ا۔ اِسمِ مُذکّر۔ بغیر بُنا پلنگ یا چارپائی و کرسی وغیرہ چوکھٹا۔ ٹھاٹر + خاکہ۔ ڈول + قالب +

ڈھانڈ۔ ا۔ اِسمِ مُذکّر (دکنی) ۱۔ بُوڑھا بیل (۲ پنجاب) الاؤ۔ آگ کا ڈھیر جیسے ڈھانڈ بالا جاڑا ٹالا یعنی کسی نہ کسی طرح دفع الوقتی کر لی (کہاوت) ۳۔ (دکنی) پیٹ۔ شکم۔ ڈھیڈ +

ڈھانڈا چلنا۔ ف۔ فعلِ لازم (دکنی) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔ اِسہال جاری ہونا۔

ڈھانکنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی۔ کھولنا کا نقیض۔ ڈھانپنا۔ چھپانا۔ ڈھکنا۔ پردہ ڈالنا + ہوا ہے ابتو یہ نقشہ ترے بیمارِ جُدائی کا کہ جیسے کھولکر مُنہ اُسکا دیا جاتا ہے دیں ڈھانکا (جُرأت)

ڈھائی۔ ۲ صفت۔ اڑھائی۔ دو اور آدھا (شمل) ڈھائی بجا ہیں میاں باغ میں +

ڈھائی چُلّو لہو پینا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی۔ عو (حالتِ غضب میں کسی کو مار کر غُصّہ فرو کرنے سے بہتر سمجھنا جیسے تیرا ڈھائی چُلّو لہو پی جاؤں تو بھی یعنی تجھے مار رکھوں تو بھی) +

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی (۱) دولہا بننا۔ نوشہ بننا (چونکہ دو چار روز دولہا کی نہایت خاطر و مدارت ہوتی اور سب اُس کی خدمت کرتے ہیں اس وجہ سے اِس وقت کو شاہی وقت سے تشبیہ کرتے ہیں) ۲۔ چند روزہ حکومت کرنا۔ تھوڑے دنوں عروج پر رہنا جیسے نظام سقّہ کی بادشاہی +

ڈھائی گھڑی کی آنا۔ ف۔ فعلِ لازم (دکھ۔ کوسنا) ڈھائی گھڑی کے اندر مرجانا جیسے تجھے ڈھائی گھڑی کی آئے +

ڈھب۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر (۱) روش۔ اسلوب۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ +

شبہ روز اس کے صاحبزادوں کا گہوارہ مجنّاں تھا
عجب ڈھب یادِ تمہارِ روح الامیں کو بھی خوشامد کا (شہیدی)

(۲) مَوقع۔ ضرورت ؎

ڈھب نہ دے کہتی ہم میں تم سے آن بنا مجھ پہ یاروں نے دیا پہلے ہی طوفان بنا (ظفر)

(۳) عادت۔ پکا۔ بھاؤ جیسے دن کے سونے کا تجھیں بُرا ڈھب پڑ گیا (۴) قسم۔ طرز۔ طرح جیسے ہیں ڈھب کا آدمی مُشکل سے ملتا ہے۔ کسی ڈھب پہ نہیں (۵) رکھاؤ۔ برتاؤ +

ڈھیج

ڈھب آنا۔ یا۔ یاد ہونا۔ ف۔ فعلِ لازم کسی کام کا رستہ معلوم ہونا۔ رکھاؤ آنا

ڈھب بنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ موقع بنا۔ قابو چلنا ج

ڈھب بنگیا تو آئیں گے دل اپنا مت کڑھا

ڈھب پر چڑھانا۔ یا۔ لگانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ لاسہ پر لگانا۔ دم میں لانا۔ قابو میں لانا۔ بس میں لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا +

ڈھب پر چڑھنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ ہتھے چڑھنا۔ ہتے چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں آنا + ؎

عشق کے ڈھب پہ کوئی بجز انسان چڑھا اِسکے قابو پہ چڑھا تو یہی نادان چڑھا (ذوق)

ڈھب ڈالنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی (۱) عادت ڈالنا۔ عادی بنانا۔ پکا ڈالنا (۲) سدھانا۔ سکھانا۔ تربیت کرنا (۳) مَوقع نکالنا۔ راستہ نکالنا۔ رسائی پیدا کرنا +

ڈھب ڈھب کی بات۔ ف۔ اِسمِ مُؤنّث۔ معقول اور مَوقع مَوقع کی گفتگو۔ راہ راہ کی بات +

ڈھب ڈھب قلیہ۔ ا۔ اِسمِ مُذکّر۔ پتلا اور بہت سے شوربے کا میزہ سالن پتلا سالن۔ شوربے دار سالن +

ڈھبری۔ ف۔ اِسمِ مُؤنّث۔ بیچ کے اُوپر کا لوہا جو اُس کے نکل جانے کے اندیشہ سے گلا کر کستے ہیں +

ڈھپ۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر۔ دف۔ ڈفلی۔ ایک دائرہ کی وضع کے باجے کا نام +

ڈھپالی۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر۔ ڈفالی۔ ڈفالچی۔ دف نواز +

ڈھپ ڈھپ کرنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدّی۔ دف بجانا۔ ڈھول بجانا +

ڈھپّو۔ ف صفت۔ عوام۔ بڑا اور موٹا +

ڈھپّو شاہی۔ ف۔ صفت۔ عوام۔ بہت بڑا +

ڈھٹ۔ ف صفت۔ عو۔ مضبوط اور گڑھوا کپڑا + جامۂ رنگین + خف کپڑا۔ سفت کپڑا +

ڈھٹائی۔ ف۔ اِسمِ مُؤنّث (۱) بے شرمی۔ بیحیائی ؎

اب ڈھٹائی ہے جانے خواہ اِسکو جُرأت جانیے آگئی جی آگئی اب تو طبیعت آگئی (جُرأت)

(۲) ہٹ۔ اڑ۔ ضد (۳) گستاخی۔ شوخ چشمی۔ بے ادبی +

ڈھٹینگڑا۔ یا۔ ڈھٹینگڑ ڈھٹینگڑا۔ یا۔ ڈھٹینگڑ۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر دھینگ مٹا تازہ آدمی + لوٹھا +

ڈھٹھر۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر (۱) دیکھو ڈھانچ (۲) ڈھوڈا۔ کبیڑا۔ دھندا۔ کاروبار۔ کارخانہ۔ (۳) کسی چیز کی بڑی کا سامان (۴ صفت) بُوڑھا۔ کمزور۔ خزاں رسیدہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھیچ

ڈھیچر باندھنا - ف - فعل متعدی - ڈھونگ بنانا - ظاہری ٹھاٹ بنانا - دکھاوے کا سامان رکھنا +

ڈھیچر پھیلانا - ف - فعل متعدی (۱) کسی کام کی درستی کا سامان پھیلانا ڈھونگ کھڑا کرنا - کوئی دھندا یا کام شروع کرنا - ڈول ڈالنا (۲) بھگل گانٹھنا مکر و فریب کا جال پھیلانا +

ڈھیڈو - ف - اسم مؤنث (۱) بڑھیا عورت - زن کہن سال - زن فرتوت (۲) بکواسی - بکی - جھکی (۳) ایک مشہور شور مچانے والی مٹیالے رنگ کی چڑیا کا نام جو اکثر باغوں میں اپنے گروہ کے ساتھ پھرتی اور ڈونی کہلاتی ہے +

ڈھیڈو کا - یا - **ڈھیڈو والا** - ف - اسم مذکر - عوام - احمق - اُلّو - گدھا بیوقوف +

ڈھیڈیا - ف - صفت (۱) تروتازہ - سرسبز - سیراب - شاداب - خرم ؎

ہوے ہیں بہاری سے کل سبزے پیمن سارے سیراب اور ڈھیڈیا ہے (میر حسن)

(۲) نہایت زرد - یا سرخ - چمکتا - شوخ رنگ (۳) چمکیلا - بھبوکا - بھڑکیلا - چمکیلا - دمک والا - تاباں +

گندن سے رنگ کو ترے پہنچے ہے کب بیاں جلوے میں گرچہ ہے زر خورشید ڈھیڈیا (مصحفی)

ڈھیڈیانا - ف - فعل لازم - سرسبز ہونا - شاداب ہونا - کھلنا - پھولنا + ؎

سبزے کا کہیں وہ لہلہانا لالے کا چمن کے ڈھیڈیانا

ڈھیڈی - ف - اسم مؤنث (۱) مقعد کے اوپر کی ہڈی (۲) ایک قسم کا حقہ جو نیچے کے پیندے کو آتا اور اکثر چوراہے میں چڑھایا جاتا ہے +

ڈھیر - ف - اسم مذکر (۱) ڈابر - جوہڑ - چھپر - برساتی پانی کا تالاب - تلاؤ (۲) نشیب نیچی زمین (۳) جہاز یا کشتی کا پیندا (۴) گیہوں کا وہ زرد رنگ جو شہاب سے پیشتر نکلتا ہے +

ڈھیرا - ف - اسم مذکر (لکھنؤ) راستہ - رہگذر - شاہراہ - شارع عام - وہ راستہ جو رات دن چلے + ؎

لوگ کثرت سے روانہ ہیں سو ملک عدم آگے کم چلتا تھا جو رستہ وہ ڈھیرا ہو گیا (اسیر)

ڈھیڑ - ف - اسم مذکر - گولا - پنڈا - چوتڑ کے اوپر کا حصہ جس پر اکثر پہلوان حریف کو پٹخ کر دے مارتے یعنی پٹک دیتے ہیں +

ڈھیر پر اُڑانا - یا - **چڑھانا** - ف - فعل متعدی - گولے پر لے آنا - گولے پر چڑھا کر مارنا +

ڈھیلنا - ف - فعل لازم - پھسلنا - ڈھلنا - مایل ہونا - راغب ہونا - جھکنا - ڈگمگانا

ڈھیل

جیسے نیت ڈھیلنا +

ڈھیلکانا - ف - فعل متعدی - دھوکا دینا - کسی شخص کو کوئی چیز دینے کے واسطے دکھانا اور پھر خود کھا جانا یا نہ دینا - بہکانا - ترسانا + ؎

تو نے ڈھیلکا کے ہمیں غیر کو ساغر کو جو دیا ساقیا پی گئے ہم آنکھ میں بھر کر آنسو (وزیر)

ڈھیلنا - ف - اسم مذکر - سرپوش - ڈھکن - چینی +

ڈھیلنا - ف - فعل لازم - چھپانا - ڈھانکنا - پوشیدہ کرنا +

ڈھیلن سا - ف - صفت - عو - بہت سا - بخوبی - بفراغت - بافراط جیسے پیسے کا کیا ڈھیلن سا سودا آیا ہے +

ڈھیلوسلا - ف - اسم مذکر (۱) دم - فریب - دھوکا - بہتا - جھانسا (۲) کار لغو - سخن مہمل و بیکار +

ڈھیلونسا - ف - فعل متعدی (عوام) دیکھو (ڈکوسنا) +

ڈھیلگ - ف - صفت - (پورب) (۱) پاس - قریب - نزدیک - نیڑے - کول - (۲) طرف - جانب - اور چھور +

ڈھیلگا - ف - اسم مذکر - دبلا اور لمبی ٹانگوں کا گھوڑا - اسپ لاغر (۲) پنجابی بیل - ثور نرگاؤ (۳) صفت (بیوقوف) احمق - لر - بونگا - بے مغز - بیشعور +

ڈھیلان - یا - ڈھلان - ف - اسم مؤنث (۱) ڈھال - نشیب - پستی (۲) میل خاطر - رغبت - رجحان +

ڈھیلت - ف - اسم مؤنث - قالب یا سانچے کی ڈھلی ہوئی چیز کی ساخت +

ڈھلتی پھرتی چھاؤں کبھی اِدھر کبھی اُدھر - ف - کہاوت بہ مقابلہ دولت دنیا فانی یعنی زمانہ اور دولت ایک حال پر نہیں کبھی ایک کے موافق کبھی دوسرے کے موافق +

لے وہ غیروں سے ہمدوش کہیں کب آتا ہے رشک اس کا
یہ ڈھلتی پھرتی ہے چھاؤں فندوی کبھی اِدھر ہے کبھی اُدھر ہے (فندوی)

ڈھلکا - ف - اسم مذکر - آنکھ سے پانی بہنے کی بیماری +

ڈھلکا لگنا - ف - فعل لازم - عو - آنکھ سے پانی جاری رہنا جیسے اب کے جتے سے ڈھلکا لگ گیا +

ڈھلکانا - ف - فعل متعدی - ڈھلکنے کا متعدی - لڑھانا - بہانا (۲) بضم اول ہندی لڑکانا - غلطاں کرنا +

ڈھلکنا - ف - فعل لازم - لڑکنا - غلطاں ہونا +

ڈھلکنا - ف - فعل لازم - اوپر سے نیچے آنا - بہنا - ٹپکنا - ٹپک کر گرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھل

حال دل میں نے جو پردے میں سنایا تو نصیر آنسوؤں کے بھی گئے اور ڈھلک چلوں سے (نصیر)

ڈھلکانا - ف۔ فعلِ لازم۔ ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔ جنبش و لرزاں ہونا + ڈانواں ڈول ہونا + پیچھے پس پیش کرنا + متذبذب ہونا + متردد ہونا +

ڈھلمل یقین - ا۔ صفت (عوام) متذبذب۔ ضعیف الاعتقاد + متاون مزاج +

ڈھلنا - ف۔ فعلِ لازم (۱) نیچے کی طرف جانا آگے کو بڑھنا جیسے کنکوا اڑاتے ہوئے آگے کو ڈھلنا یعنی بڑھنا (۲) لڑکنا۔ پھیلنا +

مرے پاس اُسکی تناک پاکوبازی میں مکنا تھا نہ آتا سر مرا بالیں پر اُدھر جو گیا ڈھلکر (میر)

(۳) مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ متوجہ ہونا ؎

غیروں کی طرف دُور پھرے ڈھلے ہیں رہتا ہے جو دِل نڈھال میرا (معروف)

ڈھلنا - ف۔ فعلِ لازم (۱) بہنا۔ رواں ہونا۔ گرنا ؎

ضبط سے تنگ مری آنکھ سے ڈھلنے نہ دیا پھر جو نظروں سے گرایا تو سنبھلنے نہ دیا

(۲) زوال ہونا۔ گھٹنا۔ اُترنا ؎

دو رد و اجان یہ ڈھلتا ہے چاند اندنوں ہوتی ہوں میں کب بے نماز (رنگین)

(۳) ایام جوانی یا زور و حسن و جمال کا زوال پذیر ہونا ؎

لے سریہ جمال اپنے پتنگوں کا نہ اے شمع تو اور بھی جوبن سے جو ڈھل جائے تو اچھا (نصیر)

(۴) ٹک پڑنا۔ جھول جانا۔ تنا ہوا نہ رہنا جیسے چھاتیاں ڈھلنا وہ (۵) لڑکنا غلطاں ہونا (۶) گزرنا۔ سورج کا نصف النہار سے گزرنا ؎

ڈھل گئے دِل اور جگر خُوں ہو کے آنکھوں سے وے (جرأت)
ہجر کا دن کیا قیامت ہے کہ ڈھلتا ہی نہیں

تو ہی ہو جا شب ہجراں کہیں جلدی کوتاہ وصل کا دن تو شتابی ہی سے ڈھل جاتا ہے (سرور)

(۷) سانچے یا قالب کے ذریعہ سے بنا۔ بوسیلۂ قالب تیار ہونا ؎

جو اہل درد کے دُنیا میں جوہری ہوتے یہ اشک سیپ کے سانچے میں جڑ ڈھل جاتے (بحر)

(۸) عمدہ مضامین اور اشعار کا موزون ہونا۔ عمدہ مضمون گھٹنا ؎

بس قلم رفعۂ ہستی سے اُٹھا اب آتش ڈھل چکے شعر جو تھے مارے ڈھلنے والے (آتش)

جو موزوں کی اُسکے کیجئے توریف کس منہ سے کوئی مصرع زباندانوں سے یارب ڈھل نہیں جاتا (مسرت)

(۹) شراب یا ناڑی کا پیا جانا۔ شراب کا گلاس میں ڈالا جانا۔ انڈیلا جانا + (پوربی)

ڈھلوان - ا۔ صفت۔ پھسلواں + سلامی۔ ترچھا۔ جھکواں (اصل میں ڈھالواں کا مخفف ہے) +

ڈھلوان سطح - ا۔ اسم مؤنث۔ سطح مائل +

ڈھلوانا - ف۔ فعل متعدی۔ سانچے یا قالب میں بنوانا +

ڈھر

ڈھلوانا - ف۔ فعل متعدی۔ اسباب اُٹھوانا۔ بوجھ ایک جگہ سے دوسری جگہ لوائے جانا۔

ڈھلوائی - یا۔ **ڈھلائی** - ف۔ اسم مؤنث۔ ڈھلوانے کی اُجرت +

ڈھلوائی - یا۔ **ڈھلائی** - ف۔ اسم مؤنث۔ بوجھ اُٹھوانے یا ڈھلوانے کی مزدوری +

ڈھلیت - ف۔ اسم مذکر (۱) سپر سند۔ وہ شخص جو ڈھال تلوار باندھے رہے (۲) گانو کا چوکیدار (۳) ڈھلائی کا کام کرنے والا + سانچے میں ڈھالنے والا +

ڈھنڈار - ف۔ صفت۔ نہایت بڑا اور ویران مکان۔ جیسے میری وحشت نے مجھے کہیں کا نہ رکھا تھا اور اسپر ڈھنڈار مکان جان نکالے لیتا تھا +

ڈھنڈنا - ف۔ فعل لازم۔ تلاش ہونا۔ جستجو ہونا +

ڈھنڈوانا - ف۔ فعل متعدی۔ تلاش کرنا۔ کھوج لگوانا +

ڈھنڈورا - ف۔ اسم مذکر (۱) ڈُگڈگی۔ ڈونڈی۔ طبل منادی (۲) منادی تشہیر جیسے ڈھنڈورا شہر میں بغل میں ؎

پاؤں سے راز کھلا باد یہ پیمائی کا جو چھپولا تھا ڈھنڈورا ہوا رسوائی کا (بحر)

ڈھنڈورا پیٹنا - یا۔ **پھیرنا** - ف۔ فعل لازم۔ منادی کرنا۔ ڈونڈی پھیرنا۔ تشہیر کرنا۔ اعلان کرنا +

ڈھنڈورچی } - ا۔ اسم مذکر۔ منادی کرنے والا ڈگڈگی پیٹنے والا + مشتہر۔
ڈھنڈوریا } جارچی۔ منادی زن۔ مُناد +

ڈھنگ - ف۔ اسم مذکر (۱) طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھب (۲) چال چلن۔ روئیہ (۳) طرز۔ قطع۔ وضع (۴) سیرت۔ خصلت۔ عادت (۵) ڈول (۶) ہنر۔ سلیقہ (۷) انداز +

تم چھپکٹ میں ہم جانے پر کیا نکالا ہے ڈھنگ سونے کا (ذاتی)

ڈھنگ پر تنا - ف۔ فعل لازم۔ کسی وضع کا برتاؤ کرنا۔ وضعداری نباہنا + چال چلنا۔ ظاہری برتاؤ کرنا +

ڈھنگ پر لانا - ف۔ فعل متعدی۔ ڈھب پر لانا۔ کسی سیدھے پر لانا۔ موافق بنانا +

ڈھنگ ڈالنا - ف۔ فعل متعدی۔ بنیاد ڈالنا۔ ڈول ڈالنا۔ کوئی کام شروع کرنا۔ راستہ ڈالنا +

ڈھٹو - ف۔ صفت۔ بڑے قد کا طویل القامت۔ تنومند۔ لنترنگا جیسے اتنا بڑا ڈھٹو ہو گیا مگر عقل نہ آئی +

ڈھوانا - ف۔ فعل متعدی۔ گروانا۔ منہدم کروانا +

ڈھوڈھو - ف۔ اسم مذکر (گنوار) کبڈی۔ لڑکوں کا ایک کھیل +

ڈھونبرا - ف۔ اسم مذکر۔ ع (۱) مٹی کا پرانا برتن۔ ٹھیکرا (۲) ع۔ کھنڈلا۔ پرانا اور کچا گھر +

ڈھوٹا - ف۔ اسم مذکر (برج) بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند +

ڈھوؤا - ف۔ اسم مذکر ف ڈھانچا + قالب (۲) گنواں تعزیہ (۳) گھر جھونپڑا (۴) کارخانہ۔ کاروبار جیسے ڈھوؤا چل نکلا (۵) دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھو

ڈھوڈا بنا رکھنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) قدیمی عزت یا حالت کو بنا رکھنا (۲) ظاہری حالت درست رکھنا۔ ٹیپ ٹاپ رکھنا +

ڈھوڈھا۔ ا۔ اسم مذکر۔ ہندوؤں میں جب کوئی بڑا بوڑھا مرجاتا ہے تو اس کی مدھتین ایک گڈا بنا کر لاتی اس کے آگے ناچتی اور بیٹھتین دیتی ہیں یا شب کے وقت ایک نوکرے پر کٹنیاں باندھ اس پر پوشش ڈال چراغ جلا گاتی بجاتی آتی اور اسے ڈھوڈھا کہتے ہیں +

ڈھورا۔ ا۔ اسم مذکر۔ مویشی۔ ڈانگر گائے بھینس + دھن + غریب و مسکین۔ جیسے ڈھوروں کے گھر کوسے مہان یعنی نیکوں میں بدنشانی +

ڈھوسر۔ ا۔ اسم مذکر۔ برہمنوں کی ایک قوم جس کی نسبت ہندوؤں میں ایک خاص روایت مشہور ہے +

ڈھول۔ ا۔ اسم مذکر۔ طبل۔ مردنگ۔ ایک مشہور باجے کا نام۔ تنبور +

ڈھول بجانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ اول معلوم۔ دوم مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ ڈونڈی پیٹنا +

ڈھول ڈھمکا۔ ا۔ اسم مذکر۔ باجا گاجا + دھوم دھڑکا۔ دھوم۔ دھام +

ڈھول سے کھال بھی گئی۔ ف۔ کہاوت۔ جو کچھ باقی رہا تھا وہ بھی جاتا رہا

دلِ نالاں کا آرزو پھوٹا ہے مثل ڈھول سے بھی کھال گئی (نحمت)

ڈھولا۔ ا۔ اسم مذکر۔ سوانا۔ ٹھنٹا۔ حد۔ وہ اونچا پکا یا کچا ٹھوس نشان جو کھیتوں اور زمین کی سرحد بنانے کے واسطے بنا دیا کرتے ہیں + ڈانڈا مینڈا +

ڈھولا بندی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ حد بندی۔ کھیت یا زمین کی سرحد کا نشان بنانا۔ رقبہ بندی +

ڈھولا۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایک مشہور عاشق کا نام (۲۔ پنجابی) ایک اونچے سُر کا نام (۳) احمق۔ بیوقوف (۴) پیارا۔ پریتم۔ معشوق۔ ماروجی +

ڈھولک۔ یا۔ ڈھولکی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ڈھول کی تصغیر چھوٹا ڈھول +

ڈھولکیا۔ ا۔ اسم مذکر۔ طبل نواز۔ ڈھولک بجانے والا +

ڈھولنا۔ ا۔ اسم مذکر۔ عو (۱) ایک گول اور لمبے نقرئی یا طلائی تعویذ کا نام جس کے اندر قرآن شریف یا اس کی کوئی آیت منڈھی ہوئی ہوتی ہے + فضلی تعویذ (۲۔ لکھنؤ۔ عو) بڑی روٹی۔ قرآن شریف +

ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا۔ ف۔ فعل لازم (عو۔ لکھنؤ) ہر گھڑی قرآن شریف کی قسم کھانا۔ ہر وقت ڈھولنے پر قسم کھانے کو ہاتھ رکھنا +

دیدے پھوٹیں گے ایسی باتوں پر ہر گھڑی ڈھولنا ہے ہاتھوں پر (ٹوی)

ڈھی

ڈھوئی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ زیادہ سے زیادہ ہزار کم سے کم دو سو یا ایک سو پانو تکا ٹھا

ڈھوتا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) بوجھ اٹھانا۔ بوجھ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا + لادنا (۲۔ عو) اٹھا لیجانا۔ چوری سے لیجانا جیسے سارا مال ڈھو کر لیگئی +

ڈھونچا۔ ا۔ اسم مذکر۔ سارھے چار کا پہاڑا +

ڈھونڈ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ تلاش۔ جستجو + ہانک۔ پکار +

ڈھونڈ ڈھانڈ۔ ا۔ اسم مؤنث (ا) تلاش و جستجو۔ سراغ۔ کھوج (۲۔ تابع فعل) تلاش کرکے +

محبوب انہیں کہا تو مرتبہ سے ڈھونڈ ڈھانڈ دی آپ نے مجھے میاں محبوب کی شبیہ (انشا)

ڈھونڈ ڈھانڈ کر۔ ف۔ تابع فعل۔ دیکھ بھال کر۔ سراغ لگا کر۔ تلاش کرکے

ڈھونڈنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ تلاش کرنا جستجو کرنا۔ سراغ لگانا۔ کھوجنا۔ کھوج لگانا +

ڈھونڈے نہ پانا / ڈھونڈا نہ پانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ پتا نہ لگنا۔ سعی و کوشش پر بھی ہاتھ نہ لگنا +

تن لاغر مرا اے تار نفس جوں سوزن تو نہ تھا تو یہ ڈھونڈا بھی نہ پایا ہوتا (نصیر)

ڈھونڈے نہ رہنا۔ ف۔ فعل لازم۔ ناپید ہونا۔ کمیاب ہونا نام کو نہ رہنا +

بلبے وحشت ترے جنوں محبت کی کہ بس جنس وطیرات کوئی ڈھونڈے نہ بیاباں میں ملے (جرأت)

ڈھونیا۔ ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ پھولوں اور ترکاری و فصلی میووں وغیرہ کی ڈالی جو مالن یا باغبان لاکر نذر پکڑتا ہے + ۵

چھٹی کے بعد یہ ڈھونیا ماری کا چن جولائی ہے ندیدی ہو یا تم بچ میں سے جو اچکتی ہو (رنگین)

ڈھی۔ ا۔ اسم مذکر (گنوار یا جاٹ) کگرا۔ ٹا۔ دریا کا اونچا کنارہ +

ڈھیئی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ایک جگہ جم جانا۔ ہتیا دے کر بیٹھ جانا +

ڈھیئی دینا۔ ف۔ فعل متعدی۔ جم کر ہو بیٹھنا۔ ہتیا دیکر بیٹھ جانا۔ زمین پکڑ لینا جم ہو جانا

سائے نے دی ڈھیئی جو ترے آستانے پر در سے اٹھا کے ہم پس دیوار لے چلے (آتش)

جی میں یہ آئی ڈھیئی دیکر یہیں کا ہو رہے تیرے در پر جبکہ بھیکی ناتواں لینے لگا (مشتاق دہلوی)

(۲) کھانا کھانے کو اڑ بیٹھنا۔ مفت کھانے کے واسطے رہ پڑنا۔ میزبان کی مرضی سے زیادہ ٹھیرنا۔ زبردستی رہنا + بوجھ ڈالنا۔ سر ہونا +

ڈھیتا۔ ا۔ اسم مؤنث (ا) اٹھائی سیر کا بٹ + اٹھائی سیر وزن (۲۔ اسم مذکر) گانو وہ قریہ + پاس کا گانو (۳) ڈھائی کا پیمانہ +

ڈھے پڑنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) گر پڑنا۔ منہدم ہو جانا۔ مکان کا آن رہنا یا آپڑنا (۲) بوجھ پڑنا۔ رہ جانا + اثر پڑنا۔ بک جانا +

ڈھیٹ پڑنا۔ ف۔ صفت۔ ضدی۔ اڑیل۔ رہ پڑنے والا۔ ہم + سرکش۔ سرزور +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھیٹ

ڈھیٹ۔ ان ٹل + بیحیائی اور بے غیرتی سے رہ پڑنے والا۔ شوخ۔ بیحیا۔ بغیرت +

نازک مزاج قابلِ جور و ستم نہیں — فقرہ نہیں ہے جو رُنہیں ہے یہ دم نہیں
تکلم نہیں ہے رنج تو ہنسی غم نہیں — وہ دھے پڑوں میں اُن کی کوئی نہیں ہم نہیں
جو ہل گرے پڑے وہی گھر میں پڑے رہیں
شامت ہماری ہم جو گلی میں اڑے رہیں (ذوق)

ڈھیٹ۔ ا۔ صفت (۱) ضدی۔ اڑیل۔ ہٹیلا۔ مچلا۔ خیرہ۔ سرکش۔ بیباک (۲) شوخ جو کسی کا کہا نہ مانے ؎

ہے ہے تو کتنی ڈھیٹ ہے سُنتی نہیں ذرا — اس بوند میں یہ مل جائے گی دوا
تہ کر کے رکھ پٹارے میں آنچل کی اوڑھنی (رنگین)

(۳) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت +

مورت حقیقت میں نہیں اتنا نحیف — فاقے مر مر کیا ہے اپنے کو ضعیف
رنگین آگاہ اُسکے فعلوں سے ہے خلق — لیکن ہوتا نہیں ہے وہ ڈھیٹ خفیف

ڈھے جانا۔ ک۔ فعلِ لازم (۱) گر پڑنا۔ منہدم ہو جانا۔

یہ جوش اشک نے طوفاں اٹھایا ہے کہ اے جرأت — کہے ہے کشور تن میں تو کوئی دم کو ڈھیتا ہوں (جرأت)

(۲) بہلی سی طاقت یا جسم نہ رہنا + مضمحل ہو جانا۔ کمزور ہو جانا (بعض فصحا نے صرف وہ کہنے کے ساتھ اس کا قافیہ درست کیا ہے اور بعض نے تکیے تکیے رہنے کے ساتھ۔ بعض نے یائے مجہول میں ہمزہ کی بدل نکالی ہے ؎

پھٹتی نہیں تکتے گئے خاطر سے بتو — دل کا یہ اندام نہیں کعبہ ڈھے گیا
اشکِ رواں نے ڈھایا خانۂ دل اب تو — پر رفتہ رفتہ سارا یہ ملک دل ڈھے گا (جرأت)

ڈھیا جانا۔ ک۔ فعلِ متعدی۔ گرا پڑنا۔ نڈھال ہو جانا۔ سست ہو جانا۔ بیٹھا جانا دل کے ساتھ یہ محاورہ آتا ہے ع دل ڈھیا جاتے ہے جوں جوں رات ڈھلتی جائے ہے

ڈھینڈ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) کوا۔ زاغ + ایک ادنیٰ قوم کے لوگ جو اپنی اصل کو کوؤں سے تشبیہ کرتے اور مُردار کھاتے ہیں (۲) چار۔ کمینہ (۳) احمق۔ بیوقوف۔ موڈھو۔ گاؤدی۔ ٹھوٹ۔ جاہل مطلق +

مسواک پڑھا ت بجوہ پڑھ گئے چاروں بید — بجھے بجھے نہیں رہے ڈھینڈ کے ڈھینڈ (دوا)

ڈھیر۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) اٹم۔ تودہ۔ انبار + کھلیان۔ اٹالا + طومار + ؎

بعد مُردن بھی نجائے گی کبھی سرگشتگی — چاک کی صورت پھریگا ڈھیر میری خاک کا (اسیر)

(۲) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ ٹھٹ۔ بھم۔ انبوہام (۳) آٹا (فقیرا) قبر + فنِ غربا ؎

گور مجنوں سے نجاوے نکلے کیں ہم بینوا — عیب ہے ہم میں جو چھوڑیں ڈھیر اپنے پیر کا (اسیر)

(۴) صفت۔ (۱) بہت۔ انباروں۔ بافراط۔ بکثرت جیسے ڈھیر پان کھا گئی +

ڈھی

ڈھیر رکھنا۔ ک۔ فعلِ متعدی (عوام) مار رکھنا۔ لوتھ ڈال دینا۔ لاش ڈالنا جیسے گالی دی تو یہیں ڈھیر رکھونگا +

ڈھیر رہنا۔ ک۔ فعلِ لازم۔ عوام (۱) مر رہنا۔ لاش پڑ جانا (۲) لوتھ ہو جانا۔ تمک کر چورا ہو جانا +

ڈھیر کرنا۔ ک۔ فعلِ متعدی (۱) اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔ جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔ اٹم لگانا۔ (۲) مار ڈالنا۔ لاش ڈال دینا (۳) خاک کا تودہ بنانا +

ڈھیر ہو جانا۔ ک۔ فعلِ لازم (۱) تھک جانا۔ لوتھ ہو جانا۔ لوتھ پوتھ ہو جانا۔ (۲) مکان کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا (۳) مر کر قبر بن جانا + مرجانا ؎

بلبل چمن میں گل کی روش بس خموش رہ — مجھ بینوا فقیر کا یاں ڈھیر ہو گیا (وزیر)

(۴) اٹم ہو جانا۔ انبار لگ جانا +

ڈھیرا۔ ا۔ صفت۔ (پورب) کج۔ اعوج۔ بھینگا۔ طاق۔ دو نظرا +

ڈھیرا۔ یا۔ ڈھیڈ۔ ا۔ اسمِ مؤنث (گھنواں) چھیٹر۔ گیلر۔ چرکِ چشم +

ڈھیل۔ ا۔ اسمِ مؤنث (۱) دیر۔ دنگ۔ تاخیر۔ وقفہ۔ تامل۔ مدت۔ عرصہ ؎

ہمارا دھیان بھی قدرے تعلیل ہے کر نہیں — یہاں کے آنے میں کچھ اسکے ڈھیل ہو گی نہیں (رنگین)
جاں منتظر ہے آنکھوں میں وقت چل ہے — جلدی پہنچ کہ تیرے ہی آنے کی ڈھیل ہے (محشر)

(۲) سستی کاہلی۔ آلکسی (۳) مہلت۔ فرصت۔ آزادی۔ بے پروائی

کھینچے رہا ہے وہ اگر کھینچ رہنے دو — اپنی جانب سے بھی اب تو ڈھیل ہے (ذاغ)

(۴) جھول۔ تناوٹ کا نقیض +

ڈھیل دینا۔ ک۔ فعلِ متعدی (۱) مہلت دینا۔ ڈوری چھوڑنا (۲) کنکوے کو ڈور پلانا۔ کنکوے کو ڈور دیکر بڑھانا۔ تنا کا نقیض (۳) بے پروائی برتنا۔ توجہ نہ رکھنا بے اعتنائی کرنا +

ڈھیل کرنا۔ ک۔ فعلِ لازم۔ دیر کرنا۔ تامل کرنا۔ وقفہ دینا + وقت گزرنا۔ تضیع اوقات کرنا +

ڈھیلا۔ ا۔ صفت (۱) متغافل۔ چست اور تنگ کا نقیض (۲) سست۔ کاہل (۳) فراخ کشادہ۔ کھلا ہوا (۴) نامرد۔ کم شہوت +

ڈھیلا بنانا۔ ک۔ فعلِ متعدی۔ کرتا پن دور کر دینا۔ ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ اکڑ پھوں نکالنا۔ سیدھا بنانا ؎

یاں کے سایہ کا کروں کیا نذکور — رہ سکے کوئی یہاں کیا مقدور
جس کسی نے اُسے آکر کیلا — خوب اُسے اُسنے بنایا ڈھیلا (مومن)

ڈھیلا پائینچا۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ کھلا ہوا پائینچہ۔ بڑے عرض کا پائینچہ

ڈھیلا پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا۔ ک۔ فعلِ لازم (۱) کشادہ ہونا چست یا تنگ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈھی

نرہنا (۲) ڈھیما ہوجانا۔ نرم پڑجانا + غصہ کم ہوجانا + رسان پر آجانا۔ ٹھیک ہوجانا۔ کڑاپن نرہنا (۳) نامرد ہوجانا۔ شہوت نہ رہنا (۴) سُست یا کمزور ہوجانا

ڈھیلاپن ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) فراخی۔ کشادگی (۲) سُستی۔ کاہلی (۳) زنان پن۔ نامردی +

ڈھیلا پائجامہ ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ غرارہ دار پائجامہ۔ بڑے بڑے پانچوں کا پائجامہ۔ ایک برا پائجامہ۔ برکا پائجامہ +

ڈھیلا پیچ ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) سر کے بال ابرو کے اُوپر گُندھے ہوئے۔ وُہ گُندھے ہوئے بال جو بھوؤں تک ہوں ؎

چوٹی وہ بلا قہر کہ جو مانگ کے جی لے تیسر پہ غضب اور گچھے بیچ ہیں ڈھیلے (انشا)

(۲) وُہ پگڑی کا پیچ جو بھوں پر پڑا ہو +

ڈھیلا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) کلوخ۔ ڈھیم۔ پنڈ۔ لونڈا۔ ڈلا۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا (۲) آنکھ کی ہیئتِ مجموعی +

ڈھیلا لینا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ پیشاب کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا۔ چھوٹا استنجا کرنا +

ڈھیلی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) فراخ۔ کشادہ (۲) سُست۔ کاہل (۳) نازک۔ کمزور۔ ناتواں (۴) ڈھیل۔ مُہلت۔ آزادی + کم توجہی +

ڈھیلی چھوڑنا۔ یا۔ ڈالنا۔ یا۔ دینا ۔ف۔ فعلِ لازم مع۔ اغماض کرنا۔ باگیں چھوڑنا۔ مُہلت دینا۔ جبر نہ لینا۔ تامل کرنا۔ تاخیر کرنا۔ بے پروائی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ مرضی پر چھوڑنا۔ آزادی دینا +

ڈھیلی ڈوری چھوڑنا ۔ف۔ فعلِ متعدی مع۔ دیکھو (ڈھیلی چھوڑنا) +

ڈھیلی زناخ ۔ا۔ اِسمِ مؤنث
ڈھیلے زناخ ۔ا۔ اِسمِ مذکر
سُست و کاہل عورت۔ آدمِ نرم و سُست + زنانہ مزاج آدمی۔ کاہل وجود آدمی +

ڈھیم ۔ا۔ اِسمِ مذکر (گنوار) کلوخ۔ پنڈ۔ مٹی کا بڑا ڈلا +

ڈھیم بندھنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ پنڈ بندھنا +

ڈھینما ۔ا۔ اِسمِ مذکر (گنوار) دیکھو (ڈھیلا بمعنی کلوخ) +

ڈھینما ۔ف۔ فعلِ لازم (۱) گرنا۔ منہدم ہونا۔ اینٹ سے اینٹ بجنا۔ مکان کا بیٹھ جانا۔ ٹوٹنا۔ سمار ہونا (۲) مُضمحل ہونا۔ تھکنا۔ دا ہیٹھنا جیسے طبیعت ڈھینما (۳) جاتا رہنا۔ منہدم ہونا جیسے غرور ڈھینما (۴) ڈھلا۔ لاغر اور بے سکت ہونا۔ طاقت نہ رہنا + تناوٹ کا جاتا رہنا۔ جیسے جسم ڈھینا۔ مٹی ڈھینا +

ڈھینڈ ۔ا۔ اِسمِ مذکر (گنوار) پیٹ۔ شکم۔ ڈھنڈ۔ پوٹا + توند +

ڈیر

ڈھینڈا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) توند۔ بڑا پیٹ (۲) حمل۔ گربھ۔ گابھ۔ گیابھ + حملِ حرام۔ بارِ زنا۔ بارِ حرام +

ڈھینڈا پھلانا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ عو (۱) حاملہ ہونا۔ حمل رکھوانا (عورتیں طنزاً یا بے تکلفی کے موقع پر مذاق سے کہتی ہیں بس اب تو تو نے بھی ڈھینڈا پھلایا (۲) حرام کا حمل رکھوانا

ڈھینڈا جو انگد مُندنے پھلایا حرام کا اے باندی تجھی پیٹ بھی ہوگا حرام کا (باضاحب)

ڈھینڈا پھولنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ عو۔ حملِ حرام رہنا۔ حرام کا پیٹ رہنا + ؎

ملتی ہے باغبانوں سے ہے شوق یار کا گُلزار پھول جائے نہ ڈھینڈا بہار کا (راحت)

ڈھینڈکس ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) ایک قسم کا گول کدّو جیسے پیٹھا ہوتا ہے (لیکن اس سے سیتا پھل یا میٹھا گھیا نہ سمجھنا) ۲۔ تشبیہاً خایہ۔ خُصیہ۔ پیلڑ ؎

ناباں یہ غزل اہلِ شعوروں کے لیے ہے احمق نہ کوئی سمجھے تو جانے مرا ڈھینڈس (ناباں)

ڈھینگ ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ لمڈنگو۔ بڑا گدھ + طویل القامت +

ڈھینگا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (پُورب) کوہو کی لاٹھ (۲) لمڈنگو۔ سارس۔ کُلنگ۔ ایک بڑی بڑی ٹانگوں کا مُردار خوار جانور (۳) دم کٹا۔ ڈھیکلی +

ڈھینگلی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی جس کے ایک طرف بھاری پتھر اور دوسری جانب ڈول کی رسّی ہوتی ہے۔ آبکش (منصفہ) + (۲) ایک کپڑا سینے کا طریقہ۔ آڑی سیون۔ وُہ سیون جو سلگ ہو (۳) دھن کُٹی۔ دھان کوٹنے کا آلہ۔ جمع رہا (۴) کلا بازی +

ڈھینگلی کھانا۔ یا۔ لگانا ۔ف۔ فعلِ متعدی (گنوار) کلا بازی کھانا۔ معلق زدن کا ترجمہ +

ڈھینگلی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (پُورب) دھن کُٹی۔ دھان کوٹنے کا آلہ +

ڈھینگ ۔ا۔ صفت۔ عوام۔ دیکھو (ڈھینگ) +

ڈیٹھ ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ دِرشٹی۔ نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔ بصارت۔ قوتِ باصرہ۔ درشٹ +

ڈیٹھ بند ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ جادوگر۔ وُہ شخص جو منتر کے زور سے کچھ کا کچھ کر دکھائے مداری۔ جادوگر۔ شعبدہ باز۔ شعبد۔ حقہ باز۔ ساحر +

ڈیٹھ بندی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ جادوگری۔ سحر سازی۔ نظر بندی +

ڈیڈ لیٹر آفس ۔انگلش۔ Dead Letter Office ۔اِسمِ مذکر۔ ڈاک کا وہ دفتر جس میں لاوارثی یا واپسی چٹھیاں کھول کر کاتب کے پاس بھیجی جاتی یا بصورتِ دیگر جلا دی جاتی ہیں +

ڈیرا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) خیمہ۔ تنبو۔ کپڑے کا گھر۔ خرگاہ۔ پال۔ بے چوبہ۔ سراچہ۔ شکیرہ (۲) عارضی مکان۔ عارضی۔ قیام گاہ۔ فرودگاہ (۳) گھر۔ خانہ۔ مکان +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ڈیرا

ڈیرا ہونا - ف - فعلِ لازم - خیمہ گھوڑا چھاؤنی پڑنا +

ڈیرا ڈالنا - ف - فعلِ متعدی - خیمہ گاڑنا + قیام اختیار کرنا - رہ پڑنا چھاؤنی چھانا +

ڈیرا کرنا - ف - فعلِ لازم (لشکری) رہنا - اُترنا - ٹھیرنا - فروکش ہونا جیسے کہاں ڈیرا کیا +

ڈیڑھ - ف - اِسمِ مذکر - یک ونیم - ایک اور آدھا +

ڈیڑھ اینٹ کی جُدی مسجد بنانا - یا - **چُنّا** - ا - فعلِ متعدی (۱) چھوٹی سی الگ مسجد بنانا (۲) کل کھچکن اور اکھڑ مزاجی کے سبب سب سے علیحدہ رہنا - شرکت پسند نہ کرنا (۳) کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا (یہ محاورہ پٹھانوں سے لیا گیا ہے جو کے باعث کسی کا احسانمند ہونا یا کسی غیر کی مسجد میں جاکر نماز پڑھنا بایں شرم کی بات خیال کیا کرتے تھے چنانچہ سلاطینِ افغانیہ کے زمانہ کی مسجدیں جو دہلی کی اطراف میں اس پاس اور بکثرت پائی جاتی ہیں اس کا سبب یہی ہے) ۴ - تھوڑا سا کام کرکے دل کا حوصلہ نکالنا (یہ معنی صرف صاحب گلشنِ فیض نے لکھے ہیں) +

ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں - ا - کہاوت - تھوڑی سی پونجی پر اترانا (کم ظرف اور کم حوصلہ کی نسبت بولتے ہیں) +

ڈیڑھ پا - یا - **ڈیڑھ پاؤ** - ف - اِسمِ مذکر - آدھا پاؤ اوپر پاؤ سیر - پونے سیر +

ڈیڑھ پاچُون چوبارے رسوئی - ف - کہاوت - ذرا سا کام اور بہت بڑا اہتمام +

ڈیڑھ چُلّو - ف - صفت - سافل معلوم - دوم معنی ذرا سا - تھوڑا بمقدار قلیل +

زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں کیا ڈیڑھ چلّو پانی میں ایمان بہ گیا (غالب)

ڈیڑھ چلّو لہو پلینا - ف - فعلِ متعدی - عوجوڈھائی چلّو لہو پینے سے غرض ہے وہی اِس سے +

ڈیڑھ گرہ - ا - اِسمِ مؤنث - وہ گرہ جو آسانی سے کھل جائے - ایک پوری اور آدھی گرہ

ڈینک آنہ - ف - اِسمِ مذکر - (دلال) چھے آنے +

ڈینک رُوپَن - ف - اِسمِ مذکر - (دلال) چھے روپے +

ڈیل - ف - اِسمِ مذکر ص - (۱) جسم - دیہ - جثہ - پنڈا - تن - سریر - کایا - قالب خاکی - انگ - اندام + ڈھانچ - کاٹھی (۲) قدوقامت - قدوبالا + جسامت (۳) گتّا - وہ سختی جو پاؤں کی انگلیوں کے بیچ میں جُوتی کی رگڑ سے ہوجاتی اور ہمیشہ بڑھکر تکلیف دیتی رہتی ہے

ڈیل ڈول - ف - اِسمِ مذکر - تن وتوش + قدوقامت جیسے ڈیل ڈول گندنا آدمی پر جچے + (کہاوت) ۲ - شکل وصورت - ہیئت + رُوپ - تراش - قطع - انداز - وضع +

ڈیلا - یا - **ڈیلیا** - ف - اِسمِ مذکر - ایک پہاڑی درخت کا نام جسکا زرد یا سُرخ اور بڑا پھول ہوتا ہے

ڈینگا - ف - اِسمِ مذکر - (گنوار) وہ ڈنڈا جو مرکھنے بیل کی گردن میں باندھ دیتے ہیں +

ڈینگ - ف - اسمِ مؤنث - شیخی - بڑائی - لاف وگزاف - لن ترانی - تعلّی - دُون +

ڈ

ڈینگ کی لینا - ف - فعلِ متعدی - شیخی بگھارنا - اترانا - تعلّی کرنا - دُون کی لینا +

ڈینگ مارنا - یا - **ہانکنا** - ف - فعلِ متعدی - دیکھ ڈینگ کی لینا) +

ڈینگیا - ف - اِسمِ مذکر - شیخی خورا - لاف زن - بڑبولا - لپاڑیا +

ڈیو - ف - اِسمِ مؤنث (گنواں) بھینس کو بُلانے کی آواز +

ڈیوٹی - انگلش (Duty) اِسمِ مؤنث (۱) فرض - کام - خدمت - کوکری - منصبی خدمت + اطاعت (۲) محصول چنگی - رسوم +

ڈیوڑھا - ف - اِسمِ مذکر (۱) ایک اور آدھا یک ونیم - ایک قسم کا سُود جو فیصدی پچاس لیا جاتا ہے - نیز وہ غلّہ جو غیر فصل میں ایک من دیکر فصل پر ڈیڑھ من لیں (۲) ایک کاڑنہ + ڈیڑھ تہ +

ڈیوڑھا حساب - ا - اِسمِ مذکر - یک ونیم ایک اور آدھا (۲) - ہاجن) حساب کا وہ قدیم دستور جس میں پچاس فیصدی سے سود بڑھ جانے پر آگے بیاج نہیں لگایا جاتا تھا - چنانچہ لیکھا ڈیوڑھا برابر - ہندی محاورہ اسی سے بنا ہے +

ڈیوڑھا کرنا - ف - فعلِ متعدی (۱) ڈیڑھ تہ کرنا (۲) - ہاجن) سُودوں کا بقایا نکالنا + حساب بند کرنا +

ڈیوڑھا لیکھا - یا - **لیکھا ڈیوڑھا برابر ہونا** - ا - فعلِ لازم حساب بے باق یا چکتا ہونا (بول چال میں لیکھا ڈیڑھا برابر ہونا زیادہ بولتے ہیں) +

ڈیوڑھی - ف - اِسمِ مؤنث (۱) پٹا ہوا دروازہ - دہلیز - آستانہ - درگاہ (۲) مثل بارپابی - آمدورفت - رئیسوں یا امیروں کے ہاں کی آمدورفت - درباداری +

ڈیوڑھی بند ہونا - ف - فعلِ لازم حُکّام کے دروازے پر آنا جانا بند ہونا - بارپابی سے روکا جانا +

ڈیوڑھی دار - ف - اِسمِ مذکر - دربان - حاجب - دروازے کا پہرے دار - دُوارپال +

ڈیوڑھی کھلنا - ف - فعلِ لازم - بارپاب ہونا - بارپابی کی اجازت ملنا - سرکار میں آنے جانے کی اجازت ملنا +

ڈیوڑھی - ف - اِسمِ مؤنث - یک ونیم - ڈیڑھ جتے جیسے ڈیوڑھی تنخواہ یا ڈیوڑھی تہ +

ذ

ذ - ع - اِسمِ مؤنث (۱) عربی زبان کا نواں فارسی کا گیارھواں اُردو کا تیرھواں حرف جس کی مخارج نوک زبان سے نکلتی اور اُسے ذال معجمہ یا شحذہ یا منقوطہ کہتے ہیں حساب جمل میں اس کے سات سو عدد فرض کیے گئے ہیں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ذات

ذات ع۔ ذُو کا اسم مؤنث (۱) صاحب۔ مالک۔ خداوند جیسے ذات الکمالات۔ ذات الصدر۔ ذات الجنب وغیرہ (۲) حقیقتِ شئے۔ ہستی۔ نفسِ ہر چیز۔ جوہر۔ مادّہ۔ ماہیت۔ عین۔ نفس۔ اصلیت۔ طبیعت۔ سرشت۔ بُنیاد (یہ لفظ در اصل عربی کا اسم اشارہ ہے جس کے آخر ہائے وقف بڑھا دی ہے چونکہ ہا جزو کلمہ ہو گیا، سو اسطے اسکو تانے فرشت سے بدلکر ذات کر دیا پس ذات کے لغوی معنی شاراً الیہ ہوتے ہیں مگر چونکہ ہر شے کی ہستی شاراً الیہ ہوتی ہے اسوجہ سے خداوند اور ذاتِ شئے پر اطلاق ہونے لگا) ۳۔ (ا) جسم۔ وجود۔ شخص۔ دیہ۔ سریر۔ کایا۔ جیسے اُن کی ذات سے امید نہ رکھو (۴۔ (ا) قوم بمعنی بھائت جیسے ایک ذات کا روپیہ صرف کیا (۵۔ (ا) قوم۔ نژاد۔ گوت۔ پیدائش۔ جات + نکاس۔ نسب۔ خاندان۔ نسل + برن (اس معنی میں ہندی جات صحیح ہے مگر اُردو والوں نے بلحاظ فصاحت اور الفاظ کی طرح اسکو ذال ہوّز سے بدلکر ذات کر لیا عربی دانوں نے اِسے کوئی لفظ نہ سمجھکر ذال تخذ سے اپنے لفظ کے موافق لکھنا شروع کر دیا یہانتک کہ طغرا نے بھی اپنے ہاں باندھ دیا دوہا ؎

ذات پات پوچھے نہ کوئی ہر کو بھجے سو ہر کا ہوے

چار دن زیست کے جو چاہے سو کہا کرے رند بعد اُن زیں خاک کے پتلے کی کوئی ذات نہ تھی (رند)

(۶) حال۔ کیفیت۔ عادت۔ بُھاؤ۔ خصلت۔ طینت جیسے ذات مرد سے پتے معلوم ہوتی ہے (کہاوت) ۷۔ مذہب۔ کیش۔ دین جیسے ہاتم بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (۸) حوصلہ۔ ظرف جیسے دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی (۹) منصب عہدہ۔ رتبہ۔ پایہ (یہ بمعنی صرف رند لکھنوی کے شعر میں پائے جاتے ہیں ؎

کیا تکلف تھا ملاقات میں جو مجھ میں نہیں عاشقی حصے میں کچھ اُسکے بھی ذات نہ تھی (رند)

ذاتُ الجنب ع۔ اسم مذکر صاحبِ پہلو + پہلو کا درد۔ پسلی کا درد (اطباء کی اصطلاح میں ایک ورم کا نام ہے جو حجاب یعنی قلب و معدہ کے درمیانی پردہ میں کبھی جانب یمین اور کبھی جانب یسار ہو جاتا ہے اس کی علامات درد پہلو کے علاوہ تپ اور ضیق النفس بھی ہے) +

ذاتُ الریہ ع۔ اسم مذکر۔ ورمِ شُش۔ پھیپھڑے کا ورم یا سوزش +

ذاتُ الصدر ع۔ اسم مذکر۔ درد سینہ + ورم سینہ +

ذات باہر ا۔ صفت۔ ذات سے نکالا ہوا۔ خارج شدہ قوم۔ گوت باہر گنہگار قوم

ذات پات ا۔ اسم مؤنث۔ ذات۔ سلسلہ ذات یعنی ذات اور اُس کا سلسلہ کیونکہ پات معنی پانت بمعنی قطار و سلسلہ بھی ہے +

ذات سے گرا ہوا ا۔ صفت۔ خارج از ذات۔ مردود۔ نکما۔ ناکارہ۔ نالایق۔ بیدین +

ذات سے نکالنا۔ یا باہر کرنا ا۔ فعل متعدی۔ قوم سے خارج کرنا۔ گوت باہر کرنا +

ذاتِ شریف۔ یا۔ بزرگ ا۔ صفت۔ بڑے حضرت۔ بڑے اُستاد و چالاک۔ شریر۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ گرو گھنٹال۔ بانیِ فساد۔ مفسد۔ چھٹا ہوا۔ بیباک۔ پاک +

کی ہے جن کی یہ آپ نے تعریف وہ کوئی اور ہونگے ذات شریف (شوق)

ذات کی بلائی برابر بیٹھے کم ذات کی بلائی نیچے بیٹھے ا۔ کہاوت۔ ہمقوم کی عزت سب سے زیادہ ہوتی ہے +

ذات میں بٹا لگنا ا۔ فعلِ لازم۔ عزت میں فرق آنا۔ عیب لگنا +

ذات ونتا
ذات ونتی ا۔ صفت۔ ع۔ کلونتا۔ کلونتی۔ خاندانی شریف +

ذاتی ا۔ صفت (۱) ہمقوم۔ گوتی (۲) اصلی حقیقی جیسے ذاتی قصور (۳) تابع فعل، اپنا۔ نج کا جیسے ذاتی کام یا روپیہ +

ذاتی تعلق ع۔ اسم مذکر۔ خاص تعلق + خانگی معاملہ + نج کا علاقہ یا لگاؤ یا فائدہ

ذاتی معاملات ع۔ اسم مذکر۔ اپنے معاملات خانگی معاملات یا فوائد +

ذاتی جوہر ع۔ اسم مذکر۔ وہ جوہر جو اپنی ذات میں موجود ہو + اصلی خوبی۔ حقیقی ہنر +

ذاتی حیثیت ع۔ اسم مؤنث۔ اصلی پونجی۔ خاص سرمایہ + قابلیت خاص۔ وسعتِ خاص +

ذاتی لیاقت ا۔ اسم مؤنث۔ خاص اپنی لیاقت یا جوہر اصلی قابلیت +

ذاکر ع۔ اسم مذکر۔ ذکر کرنے والا۔ خدا کی یاد کرنے والا۔ شاغل +

ذائقہ ع۔ اسم مذکر (۱) وہ قوت جس سے چیزوں کا فرق معلوم ہو۔ مزہ چکھنے کی قوت جو زبان میں ہے (۲۔ (ا) مزہ۔ لذت۔ سواد + لطف + چسکا +

ذائقہ لینا ا۔ فعل متعدی۔ مزہ لینا۔ لذت حاصل کرنا + مزے کی چیز کھاکر لطف اُٹھانا + چٹخارے بھرنا +

ذائقہ دار ا۔ صفت۔ خوش مزہ۔ لذیذ۔ مزیدار۔ خوشگوار +

ذبح ع۔ اسم مذکر۔ گلا کاٹنا۔ چھری پھیرنا۔ بسمل کرنا + شرعی طور پر حلال کرنا (بکسر غلط ہے) +

ذبح کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) حلال کرنا۔ گلا کاٹنا۔ چھری پھیرنا۔ ہلاک کرنا۔ (۲) بدلان کرنا۔ قربانی کرنا (۳) مار کر لہولہان کرنا +

جو کہلا میں بھیجوں تو پھر تجھکو رنگین ابھی تک ذبح کر جائے آتوں (رنگین)

ذبیحہ ع۔ اسم مذکر۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ذخی

ذخیرہ ع - اِسمِ مُذکّر - خزانہ - گنجینہ + گودام + جمع - پونجی - وہ چیز جو کسی وقت کے واسطے لگا رکھیں +

ذخیرہ کرنا ا - فعلِ مُتعدّی - ڈھیر لگانا - جمع کرنا - گودام بھرنا + آیندہ کی آسایش کے سامان کرنا +

ذرا ا - تابعِ فعل (۱) مقدارِ قلیل - تھوڑا - کم + جزو - ٹکڑا (۲) ایک آن - یک لحہ +

کہتے ہیں رنجش ظاہر میں مزہ ہوتا ہے — تم یونہیں مجھ سے خفا ہو کے ذرا مل جانا

ذرا آنکھ لگ گئی جو اس حال میں — تو دیکھا پھنسا اُس کو جنجال میں (میر حسن)

(یہ لفظ اصل میں عربی ذرّہ سے نکلا ہے جس کے معنی آگے بیان ہونگے) +

ذرا ذرا کر کے ا - تابعِ فعل - رتی رتی - حبہ حبہ + ایک ایک جزو +

ذرہ ذرہ ہونا ا - تابعِ فعل - ع - تھوڑا ہونا - کسی قدر - کچھ جیسے بچہ کے لئے ذرا ذرا مُنہ چیز نگا کھایا کرو + جو لوگ اِسے ظُہور کہتے ہیں غلطی کرتے ہیں کیونکہ یہ ذرا کا تابع مہمل بنالیا ہے +

ذرا سا ا - صِفت بمقدارِ قلیل - بہت تھوڑا - قدرِ قلیل - رتی بھر +

ذرا سا مُنہ نکل آنا ا - فعلِ لازم - چہرہ سُوت جانا - چہرے پر لاغری کا ظاہر ہونا - ڈر یا خوف خواہ بیماری سے مُنہ نکل آنا +

ذرگنے نام شفا نہ کے زہے خواہش مرگ — مُنہ ذرا سا نکل آیا ترے بیماروں کا (داغ)

ذراسی ا - صِفت - دیکھو (ذرا سا) +

ذرا کی ذرا ا - تابعِ فعل - زمانہ اندک - لحہ بھر کو کھڑے کھڑے - تھوڑی سی دیر کے واسطے جیسے ذرا کی ذرا بیٹھ جاؤ یا ذرا کی ذرا ہو کر چلے جانا +

ذرا میں ا - تابعِ فعل - ذرا سی دیر یا ذرا سی بات میں - لحہ بھر میں - آناً فاناً میں جیسے ذرا میں کچھ ہے ذرا میں کچھ +

ذرا میں ذرا دینا ا - فعلِ مُتعدّی - ع - رتی بھر چیز جو تو اُسی سے بھی دینا +

ذرا ہوش میں آؤ ا - محاورہ - ذرا سمجھو - ذرا عقل پکڑو - غفلت چھوڑو - اپنی عقل کے ناخن لو - چیتو - ہوشیار ہو +

مُشتاق ذرا ہوش میں آؤ نہ کہو راہ — کرتے ہیں وہ وصل کا اقرار نشہ میں (مشتاق)

ذرّہ ع - اِسمِ مُذکّر (۱) لغوی معنی چیونٹی - کیڑی - مورچہ خورد + جَو (۲) وہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو آفتاب کی شُعاع کے ساتھ روزن میں سے دکھائی دیا کرتے ہیں (۳) ایک جَو کا سواں حصّہ (۴) ا - شمہ - تھوڑا - کم - مقدارِ قلیل (۵) ا - جزءِ لایتجزّی وہ جزء جو قابلِ انقسام نہو (۶) ا - ٹکڑا - ریزہ +

ذرّہ بھر ا - تابعِ فعل شمہ بھر - ذرا سا جیسے اِس میں ذرہ بھر جھوٹ نہیں دکھاوت،

ذلت

ذرہ بھر نا ہونا - نگاہ بھر آشنائی +

ذرّی ا - اِسمِ مُؤنّث - دیکھو (ذرا) +

ذُرّیّت ع - اِسمِ مُؤنّث - نسلِ آدمی و جن - سنتان - آل اولاد - بال بچے - بچے کچے سلسلہ

ذریعہ ع - اِسمِ مُذکّر (۱) وسیلہ - واسطہ + طفیل - بدولت (۲) دستآویز - سند (۳) ا - رسوخ (۴) ا - علاقہ - تعلّق - لگاؤ - سمبند (۵) ا - سبب - باعث - جہت - وجہ +

ذریعہ پیدا کرنا ا - فعلِ لازم - کوئی سبب نکالنا - وسیلہ نکالنا - تعلّق حاصل کرنا + حامی یا مددگار پیدا کرنا +

ذقن ع - اِسمِ مُذکّر - زنخدان - ٹھوڑی + ہ

ہے صفائی کے سبب عکس سخن کا اُس پر — خط سے یہ سبز نہیں ہے ذقن سُرخ ترا (وزیر)

ذکا ع - اِسمِ مُذکّر - ذہن - زیرکی - تیزیِ طبع - دانائی - فراست - ذہانت +

ذکاوت ع - اِسمِ مُؤنّث - ذہانت - تیز فہمی - دانائی - فراست - کیاست +

ذکر ع - اِسمِ مُذکّر (۱) آلۂ تناسُل - لِنگ (۲) مرد مُنشی - نر +

ذِکر ع - اِسمِ مُذکّر (۱) یاد - یاد داشت (۲) بیان - چرچا - تذکرہ (۳) خدا کا نام لینا - شُغل یادِ خدا +

ذکر آنا یا ذکر چلنا یا ذکر نکلنا ا - فعلِ لازم - کسی شخص کی بابت کچھ گفتگو ہونا - تذکرہ ہونا + ہ

جل گئے پروانے شمعیں پانی پانی ہو گئیں — میرا تیرا ذکر چل کر انجمن میں رہ گیا (بحر)

ذکر چھیڑنا ا - فعلِ مُتعدّی - بات چیت شروع کرنا - بات کرنا - سرِ سخن آغاز کرنا +

سلسلہ دل دکھانے کو کوئی ذکر اور ہی چھیڑو — پتا خانہ بدوشوں سے نہ پوچھو آشیانے کا (سرور)

ذکرِ خیر ع - اِسمِ مُذکّر (۱) نیکی کے ساتھ تذکرہ - بھلائی کے ساتھ یاد (۲) ذکر اذکار - ذکر مذکور - بات چیت - تذکرہ + ہ

کس کو دیتے تھے گالیاں لاکھوں — کس کا شب ذکرِ خیر تھا صاحب (مومن)

ذکر کرنا ا - فعلِ مُتعدّی - بیان کرنا - تذکرہ کرنا + چرچا کرنا + یادِ خدا کرنا - شُغل کرنا - خدا کا نام لینا +

ذکر مذکور ع - اِسمِ مُذکّر - بات چیت - ذکر اذکار - گفتگو + ہ

ذکی ع - صِفت - ذہین - تیز فہم - ہوشیار - تیز طبع - زود رس - زود فہم +

ذلّت ع - اِسمِ مُؤنّث - خواری - نادری - بیقدری - رسوائی - ہتک - حقارت - اہانت - بے عزتی - بے وقری - توہین - خفت +

ذلّت اُٹھانا ا - فعلِ مُتعدّی - شرمندہ و رسوا ہونا - ذلیل و خوار ہونا +

ذلّت دینا ا - فعلِ مُتعدّی - شرمندہ کرنا - خفیف کرنا - بے عزت و رسوا کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ذلیل

ذِلت ہونا - ا۔ فعلِ لازم - شرمندگی ہونا - رسوائی ہونا - عزت جاتا رہنا +

ذلیل - ع - صفت - (۱) خوار - بیعزت + حقیر (۲-۱) نیچ - کمینہ - رذلہ + پاجی (۳-۱) بے غیرت + سبک سر (۴-۱) رسوا - بدنام (۵-۱) سبک - خفیف +

ذلیل کرنا - ا۔ فعلِ متعدی - شرمندہ کرنا - غیرت دلانا - رسوا کرنا - بدنام کرنا +

ذلیل ہونا - ا۔ فعلِ لازم - خفیف ہونا - نظروں سے گرنا - رسوا ہونا +

ذمّ - ع - اسمِ مؤنث - ہجو - مدح کا نقیض + دوش - دوکھ - پاپ - حرف - بدی (فارسی والے غلط از تشدید بولتے ہیں) +

ذِمّہ - ع - اسمِ مذکر (۱) عہد - پیمان (۲) ضمانت - کفالت (۳) امانت - سپردگی (۴) جوابدہی - مواخذہ +

ذِمّہ ڈالنا - یا - ذِمّہ کرنا - ا۔ فعلِ متعدی (۱) سر کرنا (۲) سونپنا - سپرد کرنا - تفویض کرنا +

ذِمّہ کرنا - یا - لینا - ا۔ فعلِ متعدی - ضامن ہونا - جوابدہ بننا + اقرار کرنا - حامی بھرنا

ذمّہ وار - یا - ذمّہ دار - ع + ف - صفت (۱) جوابدہ - ضامن - متکفل - کفیل - مواخذہ دار (۲) - اسمِ مذکر - (۱) معتمد علیہ - معتبر - اعتبار دار (۳) - اسمِ مذکر (۱) منتظم - کارکن + ولی +

ذمّہ واری - ا۔ اسمِ مؤنث - ضمانت - کفالت + جوابدہی + چوکسی - نگہبانی - خبرداری - پاسبانی +

ذُو - ع - اسمِ مذکر - (مرکبات میں) صاحب - خداوند - مالک + والا + کا + کی جیسے ذُوالاربعۃ الاضلاع یعنی چار ضلعوں کی شکل +

ذوالذناب - ع - اسمِ مذکر - دُمدار - دُمدار ستارے - جھاڑو ستارا +

ذوالاربعۃ الاضلاع - ع - اسمِ مؤنث (اقلیدس) چار ضلعوں کی شکل - چوکھری شکل +

ذواضعاف - ع - اسمِ مذکر (ریاضی) ذو + اضعاف - معمولی ضرب - (جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے تو اُسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں جیسے ۴۴ ذواضعاف ہے ۳ - ۹ - ۱۸ - اور ۲۴ کا) +

ذواضعافِ اقل - ع - اسمِ مذکر (ریاضی) سب سے مختصر ضرب - سب سے چھوٹا ذواضعاف (جو عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ اُن عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو تو اس عدد کو اُن عددوں کا ذواضعاف اقل کہتے ہیں چنانچہ ۷۲ ذواضعاف اقل ۳ - ۹ - ۱۸ - اور ۲۴ کا ہے) +

ذوالجلال - ع - اسمِ مذکر - صاحبِ جلال - شوکت - عزت اور دبدبہ والا جلیل اقتدر

ذوق

معزز + خدا تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام +

ذوالفقار - ع - اسمِ مؤنث - صاحب پھرہ ہائے پُشت (اُس تلوار کا نام ہے جو جنگ بدر میں بنو منبہ کے مارے جانے سے رسول مقبولؐ کے ہاتھ آئی اور اُن سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ علیہ پہلوم کو پہنچی چونکہ عربی زبان میں فقار ہہرہ ہائے پُشت کو کہتے ہیں اور شمشیر ذوالفقار کی پیٹھ فقار ہہرہ ہائے پُشت کی مانند بنی ہوئی تھی اس وجہ سے یہ نام رکھا گیا اندریں وجہ ہر دو دندانہ تلوار پر اسکا اطلاق ہوتا ہے یہ متاخرین کا ایجاد ہے بعض شعرائے صرف نوک کے معنی میں بھی باندھا ہے چنانچہ حضرت اسیر کا شعر ہے ؎

ذوق کے بدلے پڑا ہاتھ اُس کی ایڑی پر — بجائے سیب میرے ہاتھ ذوالفقار آئی (اسیر)

ذوالقرنین - ع - صفت - دو گیسو یا دو سینگوں والا - یہ سکندر اعظم کا لقب ہے جس کی وجہ تسمیہ لوگ اس طرح کہتے ہیں کہ اتفاق سے اُس کے دو گیسو تھے اس وجہ سے یہ لقب پڑا لیکن یہ وہ مشرق سے مغرب تک دو طرف گیا اس لئے یہ نام رکھا گیا یا یہ کہ اس باپ دونوں کی طرف سے کیم و بزرگ تھا یا یہ کہ اُس نے نور و ظلمت دونوں کی سیر کی تھی - بعض محققوں کی رائے ہے کہ جس ذوالقرنین کا قرآن شریف میں ذکر ہے وہ اور بادشاہ تھا کہ سکندر رومی بن فیلقوس کیونکہ ان دونوں کے زمانہ میں بڑا فرق ہے - ذوالقرنین لقب پڑنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ سکندر افضل نے ایران کو فتح کر کے اپنے تاج پر مینڈھے کے دو سینگ بنوائے تھے کیونکہ قدیم زمانے میں اہل مقدونیہ بکری سے منسوب ہوتے تھے اور ایرانیوں کا نشان مینڈھا تھا - مشہور ہے کہ دانیال پیغمبر نے خواب میں دیکھا کہ ایک بکرے اور مینڈھے کی لڑائی ہو رہی ہے اور اخیر کو بکرا مینڈھے پر غالب آیا تعبیر ہوئی کہ بکرے سے شاہ یونان اور مینڈھے سے شاہ ایران مراد ہے - فتح ایران سے تمام ایرانی اور نیز بعض قومیں جو دارائے ایران کے ماتحت تھیں سکندر کی رعایا ہو گئیں -

ذوالقرنین ۳۲ برس کی عمر میں سنہ عیسوی سے ۳۲۳ برس پیشتر مقام بابل پہنچ کر فوت ہوا - بعض مورخ ۳۲ سال کی عمر اور ۳۲۴ قبل مسیح کا یہ واقعہ بیان کرتے ہیں +

ذُوفنُون - ع - صفت (۱) بہت سے فن جاننے والا - عالم متبحر - بہت سے ہنروں سے واقف (۲-۱) چالیا - چالباز - فریبی - مکار - عیار - خلسوف - متفنی +

ذُومعنی - ع - اسمِ مؤنث - وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں + دوارتھی شبد - دو معنی بات - جگت - تجنیس (وہ کلام جو ایک طرح سے مزاح اور دوسری طرح سے غیر مزاح پایا جائے) +

ذوق - ع - اسمِ مذکر (۱) مزہ چکھنا - چکھنے کی قوت + چاشنی (۲-ف) لذت - مزہ - فائدہ + خط - (۳-ا) شوق - نشاط و خوشی جیسے ذوق ہیں شوق - دستوری یا نفع میں لڑکا (کہاوت) (۴-ا) لطف - کیفیت (۵) شیخ محمد ابراہیم خاقانی ہمدانی ایک نامی دہلوی شاعر کا تخلص جو بادشاہِ وقت کی اُستادی کے سبب سے اُستاد ذوق

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ذوق

مشہور تھے ۱۲۷۳ھ ہجری میں انتقال فرمایا۔ اُردو زبان کے محاوروں کو اُن سے بہتر سرپرست اور ٹکسالی شاعر نہ ملا +

ذوق سے ۔ا۔ تابع فعل (۱) دل کی اُمنگ سے۔ دلی خواہش سے (۲) باشوق۔ باخوشی۔ خوشی سے۔ مرضی سے۔ شوق سے + سر آنکھوں سے۔ بطیب خاطر۔ بطوعِ خاطر۔ برضا و رغبت +

ذِہن ۔ع۔ اِسمِ مُذکر (۱) زیرکی۔ فہمیدگی۔ دانائی + قُوتِ مدرکہ + سمجھ۔ قابلیت۔ استعداد۔ رسائی طبع۔ اِدراک۔ ذکا۔ فراست (۲) یاد داشت۔ حافظہ +

ذہن کھلنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ سمجھ کا اُجلا ہو جانا۔ عقل کا تیز ہو جانا۔ فہم کا رسا اور معاملہ رس ہونا +

ذہن لڑانا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی۔ سمجھ لڑانا۔ سوچ بچار کرنا۔ طبیعت لگانا۔ سوچنا۔ عقل دوڑانا۔ غور و خیال کرنا۔ تفرّس کرنا +

ذہن نشین کرنا ۔ا۔ فعلِ مُتعدی۔ سمجھانا۔ تشفی کر دینا۔ ذہن میں بٹھانا کسی بات کو دل میں جاوینا۔ چت میں بٹھانا + جتا دینا +

ذہن نشین ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ جمنا۔ ٹھنا۔ دل پر متمکن ہونا۔ سمجھ میں آنا۔ نقش کالحجر ہونا۔ چت میں بیٹھنا + تہ نشین ہونا +

ذِہین ۔ع۔ صفت۔ زکی۔ زیرک۔ نُہ درس۔ تیز طبع۔ تیز فہم۔ ہوشیار۔ بُدھ واں +

ذی ۔ع۔ اِسمِ مُذکر (مرکبات میں) دیکھو (ذو) +

ذی اختیار ۔ع۔ اِسمِ مُذکر۔ صاحبِ اختیار۔ حکومت والا۔ رتبہ والا۔ مختار۔ عالی منصب

ذی استعداد ۔ع۔ اِسمِ مُذکر۔ استعداد والا۔ لایق۔ قابل + عالم۔ فاضل +

ذی الحج ۔ع۔ اِسمِ مُذکر (نامی اور اُردو والوں نے اس کے اخیر کے تائے قوقانی کو حذف کر دیا ہے) حج کرنے کا مہینا۔ مسلمانوں کا بارھواں قمری مہینا جس کی دسویں تاریخ کو عید الضحیٰ یعنی عید قُربان ہوتی ہے۔ بکریہ کا چاند +

ذی حُرمت ۔ع۔ صفت۔ عزت دار۔ باوقر +

ذی حق ۔ع۔ صفت۔ حقدار۔ مُستحق + دعویدار۔ ورثہ پانے والا +

ذی حیات ۔ع۔ صفت (۱) زندہ۔ جیتا جاگتا موجود (۲) ذی رُوح جاندار +

ذی رُتبہ ۔ع۔ اسمِ مُذکر۔ منصب والا۔ منصب دار۔ عہدہ دار۔ صاحب عزت۔ شریف

ذی رُوح ۔ع۔ صفت۔ جاندار +

ذی عزت ۔ع۔ صفت۔ صاحبِ توقیر۔ عزت دار۔ واجب التعظیم۔ شریف۔ معزز

ذی قعدہ ۔ع۔ اِسمِ مُذکر (تائے قرشت اخیر سے محذوف کر لی ہے) جنگ و جدل سے باز رہکر بیٹھنے کا مہینا۔ عربی قمری گیارھواں مہینا جو شوال کے بعد اور ذوالحج سے پہلے آتا

رات

ہے۔ خالی کا مہینا +

ذی ہوش ۔ع۔ صفت۔ ہوش و گوش والا۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔ فہیم۔ ذکی۔ ذہین + عاقبت اندیش +

ذَیل ۔ع۔ اِسمِ مُذکر (۱) دامن + نیچے کا حصّہ + نیچے (۲۔ا) جرگہ۔ گروہ۔ منڈلی زمرہ جیسے ہمارے ذیل کے آدمی یا عورتیں دُوسری جگہ ٹھیری تھیں (۳) علاقہ۔ حلقہ۔ ذیلدار کا حلقہ +

ذیل دار ۔ا۔ اِسمِ مُذکر۔ وُہ سرکاری عُہدہ دار جس کے ماتحت چند گاؤں یا قصبے ہوں

ذیل میں ۔ا۔ تابع فعل۔ نیچے۔ تحت میں +

ر

ر ۔ع۔ اِسمِ مُؤنث (۱) عربی کا دسواں فارسی کا بارھواں اُردو کا چودھواں ہندی کا ساتئیسواں حرف صحیح ا جسے راے مُہملہ۔ راے غیر منقوطہ راے قرشت بھی کہتے ہیں (۲) حسابِ جمل میں اس کے دو سو عدد فرض کئے گئے ہیں (۳) یہ حرف زیادہ تر لام سے اکثر زبانوں میں اور پ ٹ ڈ س ش غ ک گ ن و سے بعض زبانوں میں بدلتا ہے جس کی تفصیل رمضانِ دہلی میں دیکھو +

رَاب ۔ا۔ اِسمِ مُؤنث (۱) پتلا گُڑ جو اکثر تربوز میں پڑتا ہے اور اُسے بعض مقامات میں شیرہ بھی کہتے ہیں (۲) گنے کا رس۔ شیرہ۔ رس +

رَابڑی ۔ا۔ اِسمِ مُؤنث۔ (گنوار) جوار باجرے یا مکئی کا نمکین کھٹی چھاچھ میں پکایا ہوا آٹا جو اکثر موسم گرما میں گنوار لوگ کھایا کرتے ہیں (۲) گاڑھا کیا ہوا دُودھ جو گھوٹتے گھوٹتے ملائی سا ہو جاتا ہے دہلی میں اُسے مکھن اور بڑی بولتے ہیں + جیسے ملائی سے بیٹھا مکھن در بڑی بیچنے والے کی آواز) +

رَابِطَہ ۔ع۔ اِسمِ مُذکر۔ میل جول۔ ملاپ۔ تعلق۔ ربط ضبط (۲۔ا) قرابت۔ ناتہ۔ رشتہ۔

رَاپی ۔یا۔ **رَاپِی** ۔ا۔ اِسمِ مُؤنث۔ چمڑا تراشنے کا اوزار + چمڑا چھیلنے اور صاف کرنے کی کھرپی۔ کھرچنی +

رَات ۔ا۔ اِسمِ مُؤنث (۱) رین۔ شب۔ نِس۔ لیل۔ رجنی + ؎

نُور مہتاب ہے دھوئیں کی مثال ہائے کیا آج رات کالی ہے (ذائخ)

(۲) شام۔ مغرب۔ سنجا (۳) اندھیرا۔ تاریکی + سیاہی +

رات بسر کرنا ۔ا۔ تابع فعل۔ شب باش ہو کر۔ ایک شب قیام کر کے +

رات بولنا ۔ا۔ فعلِ لازم۔ رات کا سائیں سائیں کرنا۔ رات کا بھائیں بھائیں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رات

ہونا۔ سُنسان کے عالم میں جو آدمی رات کے بعد ہوا کی آواز محسوس ہوتی ہے اُسے رات کا بولنا کہتے ہیں + ؎

کچھ شبِ وصل میں ہی چین نہ پایا ہمنے رات بولے ہے پڑی مُرغِ سحر کے بدلے (عارف)

رات بھاری ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم (ا)، شبِ غم یا شبِ بیماری کا دراز اور ناگوار معلوم ہونا + ؎

یوں تو اُلفت سے گراں ہے سُرمہ چشمِ یار کو جس طرح ہو رات بھاری مردمِ بیمار کو (ناسخ)

(۲) رات کا منحوس سخت و شوار اور خطرناک ہونا + ؎

ہے گراں آج مرے ماہ کو گرمی سے نقاب کیا ہی تجھ پر ہے یہ رات اے مہِ کامل بھاری (ناسخ)

رات بھر۔ ک۔ تابعِ فعل۔ تمام شب۔ ساری رات جیسے رات بھر مہمانی اور ایک بچہ بیائی (کہاوت) +

رات تھوڑی سوانگ بہت / رات تھوڑی کہانی بڑی۔ ک۔ کہاوت (۱) یعنی فرصت کم اور کام بہت (۲) عمر کم اور دُنیوی بکھیڑے بہت +

کر جو کچھ کر سکے جوانی میں رات تھوڑی ہے اور بہت ہے سانگ (سیر)

کیا خیال و گمان سے ہو نجات تھے بہت سانگ اور تھوڑی رات (مومن)

رات دِن۔ ک۔ اسمِ مذکر۔ شب و روز۔ شبانہ روز۔ آٹھوں پہر + ؎

رات دن گردش میں ہیں سات آسماں ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا (غالب)

رات کا پیٹ بھاری ہے۔ ک۔ کہاوت (گنوار)۔ رات میں بہت کچھ اور ہر طرح کی سمائی ہے۔ رات سب کی عیب پوش ہے +

رات کی رات۔ ک۔ تابعِ فعل۔ صرف ایک شب۔ رات بھر۔ ایک ہی رات۔ آج کی رات + ؎

آئے ہو آج تو بھاؤ صنم رات کی رات لیلۃ القدر سے بہتر ہے ملاقات کی رات (قدر)

رات ماں کا پیٹ ہے۔ ک۔ محاورہ۔ یعنی رات عیب پوش اور خود پردہ نشیں عورت کا پردہ ہے +

رات نہ پکڑنا۔ ک۔ فعلِ متعدی۔ رات تک زندہ نہ رہنا۔ دن ہی دن میں کام تمام ہو جانا + رات نہ لینا۔ رات تک یہ حالت نہ رہنا جیسے زچہ کو بہت درد لگ رہے ہوں یا بیمار کا نہایت دن کے وقت حال تنگ ہو تو کہتے ہیں کہ رات نہیں پکڑنے کا +

رات والا۔ ک۔ اسمِ مذکر۔ عو (۱) بُوم۔ گھگو۔ اُلو۔ پُنّد (۲) بیضہ زنانوں (۳) چاند + اعو

رَاتِب۔ ع۔ اسمِ مذکر (۱)، روزمرہ کی معمولی خوراک۔ روزانہ خوراک۔ روزینہ

راج

وظیفہ (۲) کُتے بلّی وغیرہ کا روزانہ کھانا جا (۳) گھوڑے کا معمول کے علاوہ دانا یا نہاری وغیرہ مقرر کرنا +

راتِب خور۔ ع + ف۔ اسمِ مذکر۔ وظیفہ خوار۔ راتبہ خوار۔ علوفہ دار۔ روزی خوار +

راتِب لگانا۔ ک۔ فعلِ متعدی۔ کُتے بلّی وغیرہ کی روزینہ خوراک مقرر کرنا۔ راتب کا حساب ڈالنا +

رَاتوں رَات۔ ک۔ تابعِ فعل۔ شبانہ شب۔ رات بھر میں۔ تمام شب میں +

رَاج۔ ک۔ اسمِ مذکر (۱)، معمار۔ مکان بنانے والا۔ تعمیر کرنے والا (۲) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ فرمانروائی۔ عمل۔ عملداری + ؎

ہم عاشقوں سے ظلم نہاں کچھ نہ پوچھیے اِن کافروں کا آج زمانے میں راج ہے (بحر)

(۳) گورنمنٹ۔ سرکار (۴)، وقت۔ زمانہ۔ عہد جیسے خاوند کے راج میں کیا تھا جو اب بیوہ پنے میں ہوگا ؎

اور کر لوگی مجھے کچھ شکر تمہارے راج میں مر گیا تو مر گیا کیا شہر سُونا ہو گیا (راحت)

(۵)، اختیار۔ خود مختاری۔ عمل و دخل جیسے خاوند مداج بلند راج پُوت راج محتاج راج (یعنی جو اختیار خاوند کے گھر میں ہوتا ہے وہ تو لاد کے گھر میں نہیں ہوتا کیونکہ اولاد کے گھر میں اکثر بیگانہ وار رہنا پڑتا ہے) +

راج اِستھان۔ ک۔ اسمِ مذکر (ہندو)، ا۔ شاہی محل + راج منڈل۔ نواس (۲) راجدھانی۔ دارالخلافہ۔ دربارِ عام۔ دیوانِ عام +

راج اِگیا۔ ک۔ اسمِ مؤنث (ہندو)، شاہی حکم۔ فرمانِ شاہی۔ سرکاری حکم +

راج بَنس۔ ک۔ اسمِ مذکر (ہندو)، خاندانِ شاہی۔ سلاطین۔ نوٹینان +

راج بَنسی۔ ک۔ اسمِ مؤنث (۱)، شاہی خاندان کا آدمی۔ راجہ کے خاندان کا (۲) سانپ۔ ناگ (۳)، راجپوت قوم کا نام (۴)، بادشاہ کا تخت سے اُترنا +

راج بہا۔ یا۔ رج بہا۔ ک۔ اسمِ مذکر۔ نہر کی چھوٹی شاخ۔ نہر جو نہر میں سے نکالی جاتی ہے۔ چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکالی جائے (گنتاریج الماہی کہتے ہیں) +

راج بھنڈار۔ ک۔ اسمِ مذکر (ہندو)، ا۔ خزانۂ عامرہ + بیت المال۔ خزانۂ شاہی (۲) سرکاری مال خانہ۔ سرکاری گودام گھر +

راج بھنگ ہونا۔ ک۔ فعلِ لازم (ہندو)، سلطنت کا تہ و بالا ہونا۔ سلطنت کا پائمال ہونا۔ سلطنت میں زوال آنا +

راج بھوگ۔ ک۔ اسمِ مذکر (۱۔ ہندو) وہ بھوجن جو دوپہر کے وقت پرتما کے روبرو رکھا جائے (۲) مدھ کال کا نئی بید +

راج بھیٹ۔ ک۔ اسمِ مؤنث (ہندو)۔ نذرانۂ شاہی۔ سرکاری رسم اور نذرانہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راج

جوادنی اعلیٰ کو حاضر ہونے کے وقت دکھائے +

راج پاٹ - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) تختِ سلطنت - حکومت - بادشاہت - سلطنت - فرمانروائی +

راج پتی - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ہندو شاہزادوں کا لقب - راج کنور - صاحبِ عالم

راج پتنی - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) ملکہ - رانی - پٹ رانی +

راج پوت - ا - اِسمِ مُذکّر - (ہندو) ۱ - شاہزادہ - بادشاہزادہ (۲) چھتری + ہندو راجا کی اولاد +

راج پھوڑا - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) وہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا اور اُس سے آدمی نہیں بچتا ہے - ڈیٹ پھوڑا - خبیث +

راج تلک - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) شاہی علامت - وہ نشانہ جو راج گدی یا ولیعہدی ظاہر کرنے کے واسطے لگایا جائے +

راج تلک دینا - یا - **راج گدی دینا** - ا - فعلِ مُتعدّی (ہندو) گدی نشین کرنا - تخت پر بٹھانا - ولیعہد بنانا - مسند نشین کرنا - راج سونپنا - ٹیکے کی رسم ادا کرنا +

راج دربار - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) دربارِ شاہی - محفلِ اجلاسِ شاہی + درگاہ بادشاہی

راج درشن - ا - اِسمِ مُذکّر - (ہندو) راجہ کی زیارت + دربارِ شاہی کی زیارت +

راج دُلار - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) راج کُمار - شہزادہ - کنور + ٹیکا +

راج دُلاری ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) شہزادی + ؎

کہہ گئی بچ اک راج دُلاری لاچاری پربت سے بھاری (حالی)

راج دُوار - ا - اِسمِ مُذکّر - شاہی محل کا دروازہ - راجہ کی ڈیوڑھی +

راج دھانی - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) دیکھو (راج استھان) +

راج دُہائی - ا - اِسمِ مؤنث - راج سے پناہ مانگنی - دادخواہی - انصاف خواہی فریاد رسی - بادشاہ یا سرکار سے فریاد کرنا +

راج دھرم - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ۱ - سرکاری فرض (۲) شاہی کام (۳) جنگی قوم کے فرائض (۴) شاہی مذہب +

راج ڈنڈ - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ۱ - کر - ٹیکس + سرکاری رسوم (۲) سرکاری جُرم کی سزا + سرکاری جُرمانہ + محصول +

راج رانی - ا - اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو (راج پتی) ۲ - تعظیماً - دیوی - بھوانی - درگا کالکا - جگ مایا - ہر ویتا کی استری کا یہ لقب ہوتا ہے جیسے سوتا چولہ ہے راج رانی کے دربار کو (نوراتر کے پہلے دن برتاؤ کی آواز) +

راج رجانا - ا - فعلِ مُتعدّی - ع - عیش کرانا - آرام سے رکھنا - حکومت کرانا -

راج

سکھ دینا جیسے تیسری بیٹی بھیک منگا سے تیسرا بیٹا راج رچائے +

راج روگ - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ۱ - بڑا آزار - تپ دق - مرض مہلک + کوئی برص (۲) عرصہ تک زیرِ تجویز رہنے والا مُقدمہ (۳) تعمیر کی لت - عمارت بنوانے کی دھت

راج سبھا - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) دربارِ شاہی +

راج کاج - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) معاملاتِ شاہی +

راج کر - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) دیکھو (راج ڈنڈ) +

راج کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) حکومت کرنا - فرمانروائی کرنا - سلطنت کرنا (۲) عیش کرنا - آرام سے بسر کرنا - خوش رہنا - آسودہ رہنا +

راج کرے - ا - ندا - ع - بٹ جائے - آگ لگے - غارت ہو - اُجڑ جائے - بھاڑ میں پڑے - چولہے میں جائے - جیسے راج کرے یہ اُلفت + قطعۂ رنگین

سخت بیدرد ہو تم اے رنگین کوئی اب اس کا کیا علاج کرے

ہم تمہیں چاہیں چاہو اور کو تم وہ تمہی اس طرح کی راج کرے

کر دیا تو نے خفا مجھ سے میرے انشا کو یہ تری راج کرے شوخی مزاجی باجی (انشا)

(چونکہ بُرا لفظ بھی زبان سے نکالنا عورتیں بُرا جانتی ہیں اس لیے یہ اچھے معنی کا لفظ ایسے موقع پر مستعمل ہوا کیونکہ اس کے اصلی معنی میں اُسے راج نصیب ہوا) +

راج کُل - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) خاندان شاہی +

راج کُمار - ا - اِسمِ مُذکّر - راج کنور - راجا کا بیٹا - راجپوت - کنور - شہزادہ +

راج کوی - یا - **راج کبی** - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ملک الشعراء +

راج گدی - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) تختِ شاہی - مسندِ حکومت - تختِ سلطنت

راج گرو - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ۱ - راجہ کا پیر - قسانی اصلاح کرنے اور روحانی خوشی بخشنے والا مُرشد (۲) جگت اُستاد +

راج گھاٹ - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) ۱ - راجہ کے اشنان کرنے کا گھاٹ - وہ دریا کا کنارہ جہاں راجہ غسل کیا کرتا ہے (۲) بادشاہ کُش - قاتل شاہ (یہ اصل میں راج گھاٹ ہے گیا +

راج گیری - یا - **گیری** - ا - اِسمِ مؤنث - معماری - کارِ تعمیر +

راج مارگ - ا - اِسمِ مُذکّر (ہندو) شاہراہ - عام راہ - بڑی اور چوڑی سڑک + شارعِ عام +

راج مزدور - ا - اسمِ مُذکّر - معمار - تلی + حمال اور بیلدار وغیرہ - کل کار +

راج منتری - ا - اِسمِ مُذکّر - وزیرِ شاہی - وزیرِ اعظم - سکنڈ - سکرٹری + مشیر یا مصاحب بادشاہ +

راج نیت - ا - اِسمِ مؤنث (ہندو) ۱ - فرائضِ شاہی جو موقعِ جنگ و صلح

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راج

میں برتے جائیں (۲) سلسلۂ سلطنت (۳) قانونِ شاہی کی کتاب (۴) علم فقہ۔ قانونِ شریعت (۵) قانونِ ملکی دستور العمل ✤

راج ہٹ ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ بادشاہ کی ضد۔ راجہ کی ہٹ جو کسی طرح نہ ہٹے ✤

راج ہنس ۔ ا۔ ایک قسم کی مرغابی۔ بڑی بطخ۔ قاز ✤

راجا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) فرمانروا۔ بادشاہ۔ رئیسِ بااختیار۔ ملک۔ زبردست حاکم ✤ ماکم جیسے راجا بلائے ٹھہرا آئے (۲۔ صفت) بے پروا۔ من موجی۔ شاہانہ یا امیرانہ مزاج والا (۳) امیر۔ دولتمند جیسے راجا بھئے تو کیا انت جاٹ کے جاٹ ✤

راجا اندر کا اکھاڑا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) راجا اندر کی مجلس۔ راجا اندر جو تمام دیوتاؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے اُسکی محفلِ رقص و سرود ✤ انجمنِ عیش و نشاط (۲) خوبصورت عورتوں کا جمگھٹا۔ پریوں کا مجمع ✤

کرتے ہیں پریوں سے گتھی پہلوانِ عشق میں ۔ رہکو ناسخ راجا اندر کا اکھاڑا چاہیے (ناسخ)

راجا راج پرجا شکھی ۔ ا۔ کہاوت جہاں کا حاکم اچھا وہاں کی رعایا خوش

راجائی ۔ ا۔ اسمِ مؤنث (۱) سلطنت۔ بادشاہی۔ فرمانروائی ✤ حکومت۔ حاکمی (۲) امیری۔ دولتمندی ✤

راچھ ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) پیشہ وروں کے اوزار ✤ کپڑے بُننے کا آلہ۔ بڑھئی اور راج وغیرہ کے اوزار (۲) لکڑی یا ہتیار کے اندر کا پکا حصہ ✤

راچھس ۔ ا۔ اسمِ مذکر (ہندو) ۱۔ راکس۔ راکشس۔ ایک قسم کے سرکش دیو۔ عفریت۔ نشچر۔ اسُر۔ رجنی چر ✤ ہتیارا۔ ہتیا کرنے والا۔ ظالم ✤ جن۔ بھوت۔ پریت۔ روح بد (۲) ایک سینگدار مومنی قوم کا نام جو دیوتاؤں کے برخلاف رہتی تھی ✤ وہ عجیب الخلقت بچہ جسکے سر پر پیدائش کے وقت دو سینگ موجود ہوں

راچھس بیاہ ۔ ا۔ اسمِ مذکر (ہندو) وہ رسم جسکا پیکا بیاہ جس میں کوئی رسم ادا نہ کی جائے۔ وحشیانہ بیاہ بے قاعدہ شادی ✤

راچھس ہلایا ۔ ا۔ اسمِ مذکر (ہندو) جھٹ پٹے کا وقت جس میں راکس اپنے اپنے گھروں سے باہر نکلتے ہیں ✤

راحت ۔ ع۔ اسمِ مؤنث۔ آرام۔ آسایش۔ سکھ۔ چین ✤

راحتِ جان ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ دل خوش کرنے والی چیز۔ (جب نیبو کے نچوڑے ہوئے عرق میں ہری مرچیں کتر کر ڈال لیتے ہیں تو اُسے راحت جان کہتے ہیں اور کبھی چٹنی میں پودینہ کے پتوں کو ڈالکر یا کبھی شربتوں کا زیرہ نکال کر اس میں کھانڈ اور کیوڑہ ملا کر اسی نام سے موسوم کرتے ہیں

رَاد ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ پیپ۔ زخم کی بہی ہوئی آلایش۔ مواد۔ ریم۔ زہ آب ✤

رادھا ۔ ا۔ اسمِ مؤنث (۱) راد ھکا۔ کرشن جی کی ایک معاشقہ۔ یادو کی گوپی کا نام (۲) ذکر

اس

بھجن) رادھا کرشن بول تیرا کیا لگے گا مول (۲) مجاؤ۔ خدا۔ پرمیشر ✤

رادھا کو یاد کرو ۔ ا۔ محاورہ۔ جاؤ ہوا کھاؤ۔ ہمیں کچھ پروا نہیں۔ چلو چھٹی ہوئی کام کرو ✤ (چونکہ کرشن جی رادھا کو زیادہ پیار کرتے تھے اس سبب سے گوپا جوان کی دوسری محبوبہ تھی لہٰذا حالت بے تعلقی یا ناز یا ناخوشی میں یہ کلمہ کہا کرتی تھی پس اسی سے یہ محاورہ بن گیا) ✤

رَاڑ ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا ✤ کلیس ✤

راڑ بڑھانا ۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ فساد بڑھانا۔ جھگڑا کرنا۔ لات بڑھانا ✤

راڑ کرنا ۔ ا۔ فعلِ لازم۔ جھگڑا کرنا۔ ٹنٹا کرنا ✤ چھیڑ کرنا۔ چھیڑنا جیسے دُگر چلت ہو سے کیتنی راڑ دُودھ بچن میں نا جاؤں گی ✤

رَاز ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ بھید۔ پوشیدہ بات۔ سربستہ امر ✤ ؎

باتیں کرنے میں تمہیں نیند چلی آتی ہے — راز آنکھوں سے کھلا رات کی بیداری کا (آباد)

گل سے چھپتی نہیں بوئے راز چھپے گا کیونکر — کرندے چاک گریباں کہیں رسوا تجھکو (ناسخ)

رازدار ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ ہمراز۔ بھیدیا۔ محرم ✤ ہمدم۔ محرم کار ✤

رازداری ۔ ف۔ اسمِ مؤنث (۱) بھید چھپانا۔ اخفائے راز (۲) اخفائے جرم (۳) کسی جرم کو جاننا اور پھر نہ کہنا ✤

راز فاش کرنا ۔ ا۔ فعلِ متعدی۔ بھید کھولنا ✤

راز و نیاز ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) عاشق و معشوق کے رمز و کنایے۔ پیار و اخلاص ✤ ناز و نخرہ۔ چاؤ چونچلا ؎

یوں تو نفرت ہے ہر انداز پر بیدادوں کا — وہ قیامت ہیں جنہیں راز و نیاز آتے ہیں (داغ)

(۲) دعا۔ بندگی۔ خدا کی درگاہ میں اخلاص کے ساتھ عرض ✤ خلوص۔ عجز و نیاز ✤ ؎

یاروں سے کہدو گھر کو چلے جائیں بعد دفن — تکلیف ہو کو وقت ہے راز و نیاز کا (اسیر)

راز و نیاز کی باتیں ۔ ا۔ اسمِ مؤنث۔ پیار و اخلاص کی باتیں۔ عاشق و معشوق کے رمز و کنائے۔ چاؤ چونچلے ✤

رَازق ۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ رزق دینے والا۔ پروردگار۔ روزی رساں۔ رب العالمین ✤

رَاس ۔ ع۔ اسمِ مذکر (۱) سر۔ مؤنث ✤ کسی چیز کی بلندی (۲) مویشی کا سر۔ جانور کا سر۔ وہ لفظ جو مویشی کی تعداد کے ساتھ آتا ہے جیسے دو راس بیل یا اسپ وغیرہ (۳) جغرافیہ) خشکی کا وہ گوشہ جو پانی میں دور تک چلا جائے جیسے راس کماری۔ راس امید وغیرہ (۴۔ ریاضی) زاویہ کی نوک۔ زاویہ کا سر ✤

راسُ الجدی ۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ خط جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں جاڑا شروع ہو جاتا ہے (کشائیر)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راس

راس السلطان ع۔ اسم مذکر۔ خط سلطان کی وہ جگہ جہاں سورج کے پہنچنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔ اترائیں +

راس المال ع۔ اسم مذکر (۱) سرمایۂ تجارت۔ اصل پونجی۔ مول (۲) وہ روپیہ جو کسی بنک کی گورنمنٹ غیر معمولی اخراجات پورے کرنیکے واسطے قرض لے۔ ملکی قرضہ +

راس ف۔ اسم مؤنث (۱) راستہ۔ سڑک (۲) گھوڑے کی باگ (۳۔ ع) وہ آسمانی گروہ جو ہر ایک برج میں تیرہ مہینے تک رہتی ہے۔ راہو +

راس و ذنب ع۔ اسم مذکر۔ راہو اور کیتو۔ اُن دو ستاروں کا نام جن کے سبب کسوف و خسوف ہوتا ہے +

راس ا۔ اسم مؤنث۔ صحیح (ف۔ راش) اناج رکھنے کا چاش۔ بن صاف کیے ہوئے اناج کا ڈھیر۔ کھلیان۔ خرمن +

راس اُٹھانا ا۔ فعل متعدی۔ کھلیان اُٹھانا +

راس ع۔ اسم مؤنث (۱) آسمان کے بارہ برجوں کا نام (دیکھئے یعنی حمل۔ ثور یعنی ثور۔ جوزا یعنی جوزا۔ سرطان یعنی سرطان۔ سنگھ یعنی اسد۔ کنیا یعنی سنبلہ۔ تلا یعنی میزان۔ برچھک یعنی عقرب۔ دھنش یعنی قوس۔ مکر یعنی جدی۔ کنبھ یعنی دلو۔ مین یعنی حوت + طالع ؎

کہتا تھی غرض کہ راس اُسکی پوری نہ ہوئی وہ آس اُسکی (نسیم)

چونکہ ہر ایک برج کے حروف نام کی راس دیکھنے کے واسطے کام آتے ہیں لہذا بہ ترتیب اُنکے نام لکھے جاتے ہیں (۱) ا ع ل (۲) ی د ب (۳) ک ق چ ھ (۴) ڈ ح ہ (۵) م۔ ث (۶) ت۔ پ۔ ف ظ (۷) ر ت (۸) ن پ (۹) و ص ڈ ض (۱۰) ک گ (۱۱) س۔ گ۔ غ۔ س۔ ش (۱۲) ھ ج ز ض) + ۲۔ کھیل۔ ناچ۔ تماشا جیسا سری کرشن نے گوپیوں کے ساتھ کیا تھا جسے راس لیلا بھی کہتے ہیں چنانچہ اب تک کاٹک اور پھاگن میں راس دھاری اِس کھیل کی نقل کیا کرتے ہیں (۳) باگ ڈور۔ لگام کی رسّی (۴) اناج کا ڈھیر۔ انبار غلہ (۵) بیاج۔ سُود +

راس بٹھانا ا۔ فعل متعدی (لکھنؤ) گود لینا۔ متبنّی کرنا + ولیعہد بنانا۔ جانشین قرار دینا +

راس چکر ا۔ اسم مذکر منطقۃ البروج۔ وہ دائرہ جسپر آسمان کے بارہ برج واقع ہوئے ہیں

راس چکر ا۔ اسم مذکر۔ طریق الشمس + سورج منڈل +

راس دھاری ا۔ اسم مذکر۔ وہ ناچنے والے لڑکے جو کرشن جی اور اُنکی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرتے ہیں +

راس لیلا ا۔ اسم مؤنث۔ کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کا کھیل +

راس ملنا ا۔ فعل لازم۔ دو شخصوں کے نام کے اول حروف کا ملنا۔ وہ شخصوں

راس

کے طالع کا یکساں ہونا۔ سازگاری ہونا۔ موافقت ہونا +

راس نشین ا۔ اسم مذکر (لکھنؤ) لے پالک۔ متبنّی۔ گود لیا ہوا لڑکا +

راس ا۔ (مخفف راست بمعنی ٹھیک۔ موافق) سازگار۔ موافق + مناسب طبع + مبارک

راس آنا ا۔ فعل لازم۔ موافق ہونا۔ آب و ہوا کا مناسب طبع ہونا۔ موثر ہونا۔ سازگار ہونا۔ مفید پڑنا۔ موافقت آنا + مبارک ہونا +

بتوں کے کوچہ کی دلکو ہوا نہ راس آئی یہ واں سے آیا ہے کیا زار و ناتواں ہو کر (نخیر)

دیا ہے زہر مرے چارہ گر نے تنگ آکر دوا تو خوب ملی ہے جو آئے راس مجھے (داغ)

راس لانا ا۔ فعل متعدی۔ دیکھو۔ راست لانا +

راس نہ ہونا ۔ یا۔ نہ آنا ا۔ فعل لازم (۱) نحس اور نامبارک ہونا ؎

دل جس سے لگایا وہ ہوا دشمن جانی کچھ دل کا لگانا ہی ہمیں راس نہ آیا

(۲) ناموافق ہونا۔ مزاج کے خلاف ہونا +

کوئی بھی دوا اپنے تئیں راس نہیں ہے جز وصل سو ملنے کی ہمیں آس نہیں ہے (درد)

راست ف۔ صفت (۱) سیدھا۔ درست۔ ٹھیک + صحیح (۲) سچ۔ حق۔ بجا۔ بقیض کذب۔ صدق (۳) موافق + سازگار + مؤثر +

راست آنا ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (راس آنا) +

راست باز ف۔ صفت۔ سچا۔ صادق بے ریا۔ بے کپٹ۔ ایماندار۔ دیانت دار +

راست بازی ف۔ اسم مؤنث۔ ایمانداری۔ دیانت داری۔ راستی۔ سچائی +

راست گو ف۔ صفت۔ صاف گو۔ سچا۔ راستباز جیسے راست گو مجلس میں جھوٹا (کہاوت) +

راست لانا ۔ یا۔ راس لانا ا۔ فعل متعدی۔ سازگار کرنا۔ مبارک کرنا۔ موافق کرنا۔ حسب منشا کرنا +

راستہ ف۔ اسم مذکر (مؤنث معنی صف) بانات۔ لنگ۔ الگ (۲۔ ا) سبیل۔ راہ۔ طریق۔ سڑک۔ گزر۔ باٹ (۳۔ ا) رسم و قاعدہ (۴۔ ا) طریقہ۔ ڈھنگ (ایک مشتقات نظر سے نیچے دیکھو)

راستی ف۔ اسم مؤنث۔ سچائی۔ صدق۔ صداقت + دیانت داری۔ امانت داری + صلاحیت۔ درستی۔ اصلاح + صفائی۔ صاف دلی۔ کھرا پن + اخلاص۔ خلوص۔ وفاداری

راستی پر آنا ا۔ فعل لازم۔ صلاحیت پر آنا۔ سچ بولنے پر آمادہ ہونا۔ راہ پر آنا +

راستی سے ا۔ تابع فعل۔ دیانت داری سے۔ وفاداری سے۔ ایمان سے +

راسخ ع۔ صفت (۱) استوار۔ محکم۔ پکا۔ مضبوط۔ پائیدار۔ رساؤ۔ دیرپا۔ مستقل (۲) گندک نوشادر وغیرہ سے پکھا ہوا تانبا جسے سنگ راسخ بھی کہتے ہیں (۳) شیخ غلام علی عظیم آبادی شاگرد مرزا فدوی و پیر تقی کا تخلص۔ دیوان راسخ مثنوی راز و نیاز

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راس

حُسن و عشق - سبیل نجات وغیرہ آپ کی یادگار ہیں روز مرہ نہایت پاکیزہ اور کلام مرغوب خاص و عام ہے ۱۳۲۳ھ میں اِنتقال فرمایا - نیز مولوی عبدالرحمان خلف مولوی محمد حسین صاحب فقیر متوطن بنت متیم دہلی کا تخلص جو اپنی جدت پسند طبیعت اور اچھوتے مضامین کے سبب اس عالم نوجوانی میں قابلِ تعریف ہیں - آپ نے مثنوی مولانا رُوم کے اول دفتر کا نظم میں ترجمہ مع شرح کیا اور وہ چھپ گیا ہے - ایک دیوان بھی طبع ہو چکا ہے - اب دشا رفضیلت باندھ کر وعظ و نصیحت کی طرف متوجہ ہوئے ہیں +

راسی - ا - صفت (پُورب) اوسط نسل کا گھوڑا + بے غرض - بے پروا +

راسی نام - ا - اِسمِ مُذکر - وُہ نام جو مولود کے طالع کے موافق رکھا جائے +

راشن - اِنگلش (Ration) اِسمِ مُذکر - راتب - رسد - خوراکی + فوجی خوراک +

راشی - ع - اِسمِ مذکر (۱) رشوت دینے والا - گھونس دینے والا (۲ - ا) غلط العوام رشوت گیرندہ - گھونس بچر لینے والا - گھونس لیوا - رشوت خوار +

راضی - ع - صفت (۱) شاد - خوش - خوشنود + رضامند (۲ - ا) سنتوکھی صابر متوکل + شاکر (۳ - ا) تندرست - صحیح سالم - چنگا - بھلا (۴ - ا) آمادہ مستعد تیار - کربستہ +

راضی برضا - ع - صفت - مرضیٔ الٰہی پر شاکر و قانع - خُدا کے حکم پر راضی - تسلیم کرنے والا +

راضی بنانا - ا - فعلِ متعدی (عوام) ٹھیک بنانا - ارنا - پیٹنا - درست کرنا +

راضی خوشی - ا - تابع فعل - صحیح سالم - بھلا چنگا تندرست + چین چان سے - امن و امان سے +

راضی کرنا - ا - فعلِ متعدی - خوش کرنا + آمادہ کرنا - مطمئن کرنا + رضامند کرنا +

راضی ہونا - ا - فعلِ لازم - رضامند ہونا - خوش ہونا + ماننا - تسلیم کرنا + تندرست ہونا

راضی نامہ - ع + ف - اِسمِ مُذکر - باہمی فیصلہ کی وہ تحریر جو سرکار میں داخل کی جائے - وہ نوشت جو مُدعی اپنے دعوے سے باز آنے کی نسبت عدالت میں پیش کرے

راغب - ع - اِسمِ مُذکر - رغبت کرنیوالا - مائل - خواہشمند - مُلتفت - التفات کرنیوالا +

راغب کرنا - ا - فعلِ متعدی - مائل کرنا - متوجہ کرنا - موہنا + فریفتہ کرنا - لبھانا +

راغب ہونا - ا - فعلِ لازم - متوجہ ہونا - مائل ہونا - مُلتفت ہونا - التفات کرنا +

رافضی - ع - اِسمِ مُذکر (۱) منسوب بہ رافضہ - بیاہیوں کا وُہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (اہلِ تشیعہ کا وُہ فرقہ جس نے زید بن علی بن حُسین رضی اللہ عنہم سے بیعت کرتے کے بعد کہا تھا کہ آپ شیخین (یعنی ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما) سے تبرّا (یعنی نفرت کریں

راگ

تاکہ ہم آپ کا ساتھ دیں مگر زید رضی اللہ عنہ نے انکار کیا اور فرمایا کہ میں اُن لوگوں سے کیونکر نفرت کروں جو میرے دادا جان کے وزیر و مددگار رہے ہیں پس اُنہوں نے اُن کو چھوڑ دیا اور آخرکار آپ حجاج بن یوسف کے ہاتھ سے شہید ہو گئے +

راقم - ع - اِسمِ مُذکر - کاتب - لکھنے والا - نامہ نگار - نویسندہ - تحریر کنندہ +

راکھ - ا - اِسمِ مُؤنث - خاکستر - بھسم - بھبُوت - چھار + بھبل - کسی جلی ہوئی چیز کی خاک +

راکھ ہونا - ا - فعلِ لازم - جلکر خاکستر ہونا + خاک میں ملجانا +

راکھی - ا - اِسمِ مُؤنث (۱) رکھشا - ہاتھ کی رکشا یعنی محافظت کرنے والا (راکھڑی - وُہ ایک خاص وضع کا چمکدار کنگن جو ہندو لوگ سلونوں کے تہوار پر ہاتھوں میں برہمنوں سے بندھواتے یا بہن اپنے بھائی کی کلائی میں باندھ دیتی ہے تاکہ وہ بلیات سے محفوظ اور مضمون ہے ۲ - پُورب - رکھوالا +

راگ - ا - اِسمِ مُذکر (۱) نغمہ - سُر و غنا - ترانہ - سماع + لے - سُر - آواز کی مُوزونی ہم آہنگی (۲) گیت + بھجن (۳) کہانی - قصّہ - ذکر - بیان - جیسے تم اپنا ہی یہ راگ گائے آتے ہو (۴) فعل - جھنجٹ - جھگڑا - فساد جیسے مجھے راگ نہ لا ؟

حکمائے ہند کے نزدیک راگ اُس آواز کا نام ہے جو کئی سُروں سے مرکب ہو کر ایک خاص صورت پیدا کرے اگرچہ باعتبار ترکیب اُس کی تین قسمیں ہیں مگر متاخرین نے بالاتفاق اُس کو چھ قسموں پر بہ لحاظ فصل تقسیم کیا اور ہر ایک راگ کے متعلق پانچ پانچ راگنیاں آٹھ آٹھ پتر اور فی پتر ایک ایک بھارجا قرار دیا ہے یعنی راگ کو بجائے مرد اور راگنی کو بجائے عورت اور پتر کو بجائے فرزند اور بھارجا کو بجائے پوتا تصور کیا ہے پھر انکے نام موسم لکھے جاتے ہیں +

نمبر شمار	نام راگ	نام ماہ	نام رُت
۱	بھیروں راگ	کُنوار کا تک یعنی مطابق ستمبر اکتوبر	شرد
۲	ملکوس راگ	اگہن پھاگن	مطابق جنفری فروری	شِشِتر
۳	سری راگ	اگن پوس	نومبر دسمبر	ہیمنت
۴	میگھ راگ	ساون بھادوں	جولائی اگست	برکھا
۵	ہندول راگ	چیت بیساکھ	مارچ اپریل	بسنت
۶	دیپک راگ	جیٹھ اساڑھ	مئی جون	گرمی یا گرشما

راگ دینا - ا - فعلِ متعدی (۱) بُرا بھلا کہنا - دم دینا - دھوکا دینا - ؎

نہ کیونکر شیخ کو پھر کہئے شیخ مندُو آج دیا جو راگ کسی نے لوکیا حرامے نے (جُوئات)

(۲) ہندو دعوٰی) بیٹھک دینا - شیخ سدھ - ویراں وغیرہ کے نام کا گانا کرانا +

راگ رنگ - ا - اِسمِ مُذکر - ناچ [illegible] - سامانِ عیش و نشاط - خوشی - اُمنگ + جیسے (جھول گئے راگ رنگ [illegible] گھنیاں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راگ

تین چیزیں یاد ہیں نون تیل لکڑیاں۔ بعض فارس کے شعرا نے بھی باندھا ہے) ✤

راگ گانا - ف۔ فعلِ لازم (۱) گیت گانا۔ نغمہ شروع کرنا (۲) رام کہانی کہنا۔ قصہ نا نہ ہنا (۳) روئے جانا۔ لمبی آواز سے رونا۔ رُوں رُوں یا ریں ریں کرنا (بچوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) ✤

راگ لانا - ف۔ فعلِ لازم (۱) جھگڑا لگانا۔ فیل لانا۔ کھوٹ لانا۔ جھنجٹ کرنا ✤ ستانا۔ بکھیڑا پھیلانا ✤

راگ لاتا ہے فقیروں سے زمانہ پس مرگ — بے محل عرس و گزر سرِ دفن کیسا (صبا)

(۲) بگڑنا۔ خفا ہونا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ ناحق آزردہ ہونا ✤

رکھتا نہیں ہے نار جولاے ہو راگ تم — ٹپایہ ہے پری ہے تمہارے خیال کا (ذوق)

(۳) حال کھیلنا۔ جوش اور ولولہ میں آنا ✤

راگ لاکر بزم میں عاشق برا کرتے ہیں حال — چھیڑیے بلبلہ پردے میں ستاری انوں (امانت)

راگ مالا - ف۔ اسمِ مؤنث (۱) رسالہ موسیقی۔ وہ کتاب جس میں راگ کے اصول مندرج ہوں (۲) مختلف راگنیوں کا ذکر ✤

راگنی - ف۔ اسمِ مؤنث (۱) راگ کی بیوی۔ راگ کے ہر ایک شعبہ کا نام (کل راگوں کی چھتیس ۳۶ راگنیاں ہیں) ✤

رال - ف۔ اسمِ مؤنث (۱) لعابِ دہن جو اکثر بچوں یا نوطعموں کے منہ سے بہا کرتا ہے منہ کا چیپ۔ آبِ دہن۔ ریق (۲) دھونا۔ چیڑ کا گوند۔ ایک گوند کا نام جیسے آگ جلد اثر کرتی ہے ✤

ابر برسوں رو پکارا پر نہ تم سے اب تلک — خاک میرے ڈھیر کی اُڑنے میں جیسے رال ہے (ذوق)

رال اُڑانا - ف۔ فعلِ متعدی۔ رال کو آگ کے ذریعہ سے مثل بارود اُڑانا ✤

رال بہنا - ف۔ فعلِ لازم۔ لعابِ دہن کا ٹپکنا ✤

رال ٹپکنا - ف۔ فعلِ لازم (۱) لعابِ دہن کا بہنا۔ منہ سے رطوبت کا نکلنا ✤ بچے کی رال ٹپکے گی بی بیٹ سے ہو تم — رغبت ہے علاج تمہیں کھٹے انار سے (راحت)

(۲) نہایت خواہش و رغبت کرنا۔ دل چلنا۔ منہ میں پانی بھر آنا۔ مزے کے ارے پھسلا پڑنا۔ نہایت راغب ہونا ✤

کیا عجب ہے یہی رہا گر حال — ٹپکے صہبا پہ محتسب کی رال (ادیب)

(۳) نیچا و والہ ہونا۔ خریفتہ ہونا ✤

پانی بھر آئے مصریوں کے منہ میں وقتِ دید — خیبر کی رال ٹپکے جو وہ دیکھ پائے ہونٹھ (قلق)

کس قدر تجھ حسیں پیدا کیا اللہ نے — اوپری اچھر پر کہ نکر رال ٹپکے حور کی (رند)

رال ٹپکی پڑنا - ف۔ اصل لازم۔ رغبت کا از حد نمایاں ہونا۔ شوق کے مارے بیتاب ہونا

رام

انکھ اپنے سے سب کی لڑتی ہے — تیری تو رال ٹپکی پڑتی ہے (شوق)

رال گرنا - ف۔ فعلِ لازم - دیکھو (رال ٹپکنا) ✤

رام - ف۔ صفت۔ تابعدار۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ حکم بردار ✤

رام کرنا - یا۔ بنانا - ف۔ فعلِ متعدی۔ تابع کرنا۔ فرمانبردار بنانا ✤ قابو میں لانا ✤

رام - ف۔ اسمِ مذکر (۱) سب میں رہنے والا۔ سب میں رما ہوا ✤ خوش کرنے والا۔ مجازاً خدا۔ پروردگار ✤

رام نام کے کارنے سب دھن ڈالا کھو — مورکھ جانے گھر پڑا دن دن دونا ہو (دونا)

(۲) پرسرام و شنو اور رامچندر جی اوتاروں کا خطاب ✤ رامچندر جی راجہ دسرتھ کے بیٹے کا نام جو ترتیا یگ میں پیدا ہو کر راون سے لڑے تھے ہندو انکو ساتواں اوتار مانتے ہیں

رام بھجن - ف۔ اسمِ مذکر۔ رام کی استتی۔ حمد۔ نعت ✤ مناجات ✤

رام پھل - ف۔ اسمِ مذکر۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ شریفہ جو رامچندر جی کو بہت مرغوب تھا اس کا ذائقہ ترشی مائل ہوتا ہے پورب میں اس کا نام آت ہے۔ اسی طرح سیتا جی کو شریفہ پسند تھا اس وجہ سے اُس کا نام سیتا پھل رکھا گیا تھا ✤

رام تُرئی - ف۔ اسمِ مؤنث۔ ایک قسم کا کھیا۔ کدو (شاید رامچندر جی کو مرغوب ہوگا جو یہ نام رکھا گیا۔ اہلِ اسلام بھی کدو کی بڑی تعظیم کرتے ہیں کیونکہ اُنکے پیغمبر نے بھی اسے رغبت سے کھایا تھا)

رام جانے - ف۔ ندا۔ (ہندو) (۱) خدا جانے۔ خدا معلوم۔ خدا کو خبر ہے (۲) خدا آگاہ ہے۔ خدا کو گواہ کرتا ہوں۔ خدا شاہد ہے۔ خدا کی قسم ✤

رام جنی - ف۔ اسمِ مؤنث۔ ہندو رنڈی۔ ہندو قوم کی کسبی۔ بیسوا۔ لاوارث عورت جو کسب پر بیٹھ جائے (اصل میں رمنی ہے یعنی چلتے پھرتے کی آواز) ✤

رام دُہائی - ف۔ اسمِ مؤنث (ہندو) (۱) خدا کی قسم۔ سوگند خدا (۲) خدا کی پناہ۔ خدا کی مدد

رام رام - ف۔ اسمِ مذکر (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام۔ سلام علیک (۲) صاحب سلامت جان پہچان۔ واقفیت (۳) توبہ توبہ ✤

رام دانا - ف۔ اسمِ مذکر۔ ایک تخم کا نام جس کی اکثر مالا بناتے ہیں ✤

اُس بُتِ کافر کا زاہد نے بھی نام ایسا جپا — دانۂ تسبیح ہر اک رام دانا ہو گیا (خواجہ وزیر)

رام رام بھجو - ف۔ ندا (ہندو) توبہ توبہ کرو۔ خدا خدا کرو۔ خدا کا نام لو ✤ باز آؤ۔ باز رہو

رام رام جپنا پرایا مال اپنا - ف۔ کہاوت۔ بظاہر تسبیح و مصلی اور باطن میں بے ایمانی ✤

رام رس - ف۔ اسمِ مذکر (ہندو) (۱) ذوق الٰہی۔ یادِ الٰہی کا چسکا (۲) نمک۔ لون۔ نون

رام رولا - ف۔ اسمِ مذکر (ہندو) (۱) مذہبی ذوق شوق۔ دینی ولولہ ✤ مناجات خوانی بھجن گانا (۲) غل شور۔ غُل غپاڑا ✤ برائے نام تماشا۔ برائے نام ناچ رنگ۔ دل

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رام

بہلانے کے علاجیانہ راگ رنگ +

رام کرے - ف - کلمۂ تمنا - ہندو (۱) خدا کرے - خدا ایسا کرے جیسے رام کرے وہ یہیں آجائے (۲) مبادا - ایسا نہ ہو +

رام کرے کہیں نینا نہ اُرجھے ان نینن کی بان بُری ہے
اُرجھے نینا سُرجھائے نہ سُرجھے رام کرے کہیں نینا نہ اُرجھے (رکیت)

رام کہانی - ف - اسم مؤنث (۱) رامائن - رامچندرجی کی بڑی اور طولانی داستان (۲) طولانی سرگذشت - بپتا کی بھاری سرگذشت + افسانۂ عشق - قصۂ درد و غم +

خوب خواب نہیں ذکر بتاں میں ہم کو رات یوں رام کہانی سی سُنا کرتے ہیں (رہبر)
درد دل اُس بُت بیدرد سے کہتے تو کہے جا کے یہ رام کہانی تو سُنا اور کہیں (جرأت)

رام کی مایا - ف - اسم مؤنث - صنعت و قدرت خدا + ایشور کی لیلا - خدا کے کھیل + فطرت - قدرتی نمائش - نیچر +

رام لیلا - ف - اسم مؤنث - رامچندر اور راون کی لڑائی کی نقل جو ہندو لوگ گنوار کے مہینے میں بڑی دھوم سے کیا کرتے ہیں - دسہرے کا میلا +

رام نومی - ف - اسم مؤنث - رامچندرجی کے جنم کا دن اور ہندوؤں کا وہ تہوار جو ہمیشہ چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو اس یادگاری میں منایا جاتا ہے +

رامائنی - ف - اسم مذکر - ہندو خصوصاً وہ گروہ جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا +

رامائن - ف - اسم مؤنث - وہ رزمیہ نظم کی کتاب جو اوّل بالمیک شاعر نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی بھاشا میں رامچندرجی کے احوال میں لکھی ہے +

کہتے ہیں رامائنیں تو بے شمار ہیں مگر مشہور یہ ہی دو ہیں +

ران - ف - اسم مؤنث (۱) جانگھ - زانو - ساق - سانتھل

بھر کیا دل تو زیادہ کہیں شرمائیں نہ آپ آپ نے ران جب زانو سے سرکائی ہے (اختر)

(۲-ا) آسن - بیٹھک +

ران تلے آنا - ف - فعل لازم - زانو کے نیچے آنا + سواری دینا - آسن تلے آنا +

ران تلے دبانا - ف - فعل متعدی - آسن تلے دبانا - آسن لینا + قابو میں لانا - گھوڑے پر سوار ہونا +

ران سے ران باندھنا - ف - فعل متعدی - زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا - گھٹنے سے گھٹنا کر بٹھانا - قدر نہ ہونے دینا - ذرا نہ اُکسنے دینا +

رانا - ف - اسم مذکر - چھوٹا سا راجا - ٹھاکر جیسے رانی کو رانا پیارا ناکانی کو کانا پیارا (کہاوت)

(۲) راجپوتوں کے ایک فرقہ کا نام + راجپوتوں کا ایک خطاب جو اپنے راجہ کے بیٹے کو ملتا ہے (۳) جو غلّہ کھیت میں جھڑا جھڑایا نہ جائے اور بارش ہو جانے سے اپنی

رانا

فصل پر از خود اگ آئے تو اسکو بھی رانا یا راتا اناج کہتے ہیں (۴) لاوارث شے +

رانبھنا - ف - فعل لازم (ہندو) گائے کا ڈکرانا - گائے کا چلّانا + گؤ کا صبح کے وقت بولنا

رانپنی - ف - اسم مذکر - دیکھو (رانپی) +

رانجھنا - ف - اسم مذکر - ایک پنجابی عاشق کا نام جو ہیر پر فریفتہ اور شیدا ہوا تھا (۲) رانجھے کا گیت

رانجھن گوئل - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کا بہت بڑا مٹکا +

رانڈ - ف - اسم مؤنث - ہندو - جھگڑا - مٹنا - بکھیڑا +

رانڈ کاٹنا - ف - فعل متعدی (ہندو) جھگڑا چکانا - قطع منازعت کرنا - پاپ کاٹنا - فیصلہ کرنا جیسے دے دلا کر معاند کاٹو +

رانڈہ - ف - صفت - مردود - نکالا ہوا - دھتکارا ہوا - مخرج + ذات باہر +

رانڈہ جانا - ف - فعل متعدی - مردود ہونا - مخرج ہونا +

رانڈہ درگاہ - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو درگاہ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا گیا ہو - مردود - پھٹکارا ہوا +

رانڈھنا - ف - فعل متعدی (ہندو) پکانا - رندھنا - اُبالنا جیسے نائی کے کو رانڈھوں کیچڑی مائی جائے کو کمیر ساون آئیاں (رکیت)

رانڈ - ف - اسم مؤنث (۱) عورت + جوان عورت + استری زن جیسے - سر منڈائے اُس رانڈ کا جو خصم سے پہلے کھائے (کہاوت) ۲ - بیوہ - بدھوا - تخصی - منڈی - وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو (۳) محتاج - دست نگر - بے وارثی (۴) کلمۂ طنز و تحقیر (۵) رنڈی - کسبی - بیسوا (۶) لونڈی - باندی - کنیز +

رانڈ رونا - یا - رنڈا رونا - ف - اسم مذکر - عورتوں کا سا رونا - بیوہ کی طرح رونا + بے کلفت اور بیہودہ کہانی + قصۂ غم - داستان الم - بیان مصیبت + بپتا +

رانڈ کا سانڈ - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کھا کر موٹا تازہ اور آزاد منش ہو جائے - نہنگ - بے پروا - بڈ - بیباک - غم و فکر سے آزاد + ابتر - بے پھرا - حرامزادہ - بدطینت - آوارہ - بداطوار +

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھاوے بہت چلے تھوڑا - ف - کہاوت - بے سہارا زاد پروردہ آدمی کسی قابل نہیں ہوتا +

رانڈ کی رانڈ - ف - بذاء (ہندو دعا) بیوہ کی جنی رانڈ کلمۂ تحقیر و دعائے بد + غریب سے غریب - بہت مفلس و نادار +

رانڈ ہونا - ف - فعل لازم - بیوہ ہونا - بے شوہر ہونا +

رانڈا - ف - اسم مذکر - پورب (۱) بنجر زمین - اُدسر و شرقی - افتادہ زمین (۲) وہ شخص جس کی بیوی مر گئی ہو + بن بیاہا - رنڈوا - کنوارا جیسے رانڈا گیا سگائی کو آپ لائے یا بھائی کو +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ران

رانڈا نپوتی کرنا - ف - فعل متعدی - (ہندو) ایک دوسرے کو بیوہ اور بے اولاد کہنا - کوسا کاٹی کرنا - کوسنا +

رانگ - ا - اسم مذکر - ایک نرم دھات کا نام - قلعی - رصاص - ارزیز - رانگا - ایک قسم کا مُلمّع سیسا +

رانگ بھریا - ا - اسم مذکر - وہ شخص جو رانگ کا زیور لاد کھلوانے ڈھال ڈھال کر بیچتا ہے +

رانگ کی طرح پگلنا - ا - فعل لازم - جوش بدن دبلا اور لاغر ہونا - دفعۃً جھک جانا

رانگ ہونا - ف - فعل لازم - موم ہونا - ملایم ہونا - نرم ہونا - پگلنا + برسر رحم آنا - غصہ دور ہونا - درشتی اور درشت روئی سے باز آنا +

رانگھڑ - ا - اسم مذکر - ایک نومسلم قوم جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی +

رانوں پر ہاتھ دے دے مارنا - ا - فعل لازم - افسوس کرنا - ہاتھ ملنا + یاد میں اُس کی ساق سیمیں کے دے دے ماروں ہوں ہاتھ زانو پر (میر)

رانی - ا - اسم مؤنث (۱) شاہزادی - ملکہ + راجہ کی بیوی جیسے راجہ کے گھر آئی اور رانی کہلائی + (۲) ہندو عورتوں کا معزز خطاب جیسے بیگم خانم بائی وغیرہ +

رانی خاں کا سالا - ا - اسم مذکر - حقارتاً - رستم کا سالا - اخلاطوں کا بچہ - ذمیں دھونکر خاں کا سالا + زبردست - متکبر +

رانی کہن - ا - اسم مذکر - وہ خانگی اور بڑی لڑائی جو مدت تک گھر میں رہے +

رانی کہن ڈالنا - ا - فعل متعدی - گھر میں فساد مچانا - آفت ڈھانا - خانگی جھگڑا بپا کرنا - خوب لڑنا +

راؤ - ا - اسم مذکر (ہندو) (۱) شہزادہ - راجہ کا بیٹا (۲) ایک معزز خطاب + ہندوؤں کا لقب (۳) کلاں - بڑا (۴) امیر قوم کا لقب +

راؤ بہادر - ا - صفت - وہ خطاب جو ہندو بہادر شہزادہ کو دیا جائے - وہ خطاب جو گورنمنٹ سے کسی خاندانی ہندو رئیس کو دیا جائے یا کسی اعلیٰ عہدہ دار کو +

راؤت - ا - اسم مذکر (۱) بہادر - شجاع - سورہ - غازی - سورما ؎

کون راوت ترے گنگ کی یہاں روکے چھوٹ پنجۂ مہر میں پیست سے پھری رہتی ہے (نصیر)

(۲) خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو دوسروں کا جھوٹا کھانا نہیں کھاتی +

راؤتی - ا - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا تنبو - چھولداری - چوبطاق - چوگوشہ خیمہ (۲) بالاخانہ - چوبارہ - چھپر جو کسی کوٹھے کے اوپر ڈال لیا جائے +

راول - ا - اسم مذکر (۱) سردار - افسر + شہزادہ + زبردست - زورآور - شجاع - بہادر (۲) سپاہی - جودھا + پیادہ (۳) پنجاب) جوگی - سنیاسی +

راولا - ا - راولا - ا - اسم مذکر (۱) جھگڑا - دنگا - فتنہ و فساد (۲) فعل - شور - غوغا +

راہ

راولینا - ف - صفت - راول کی تصغیر بالمحبت - سپہیا +

راون - ا - اسم مذکر - لنکا کے راجہ کا نام جو پیتاجی کو ہرکے لیگیا تھا جس کے سبب اُس کی سلطنت اور زندگی ضایع ہوئی +

راون کی چھے - ا - اسم مؤنث - دعائے بد (ہندو) راون کی شکست ہو جسطرح رامچندرجی کی جے کہتے ہیں اُسی طرح یہ لفظ کہتے ہیں +

راون کی سینا - ا - اسم مؤنث (۱) راون کی سینا - راون کی فوج یا سپاہ جو کالا سیاہ لباس تھا (۲) کالے کلوٹے آدمی + کالے کالے لڑکوں کی جماعت جو رام لیلا میں راون کی تعلی فوج بنائی جاتی ہے

راوی - ع - اسم مذکر - روایت کرنیوالا - نسکر کہنے والا - ناقل + مورخ + مصنف + قصہ خواں + حاکی

راوی - ا - اسم مؤنث - پنجاب کے ایک مشہور دریا کا نام جس پر شہر لاہور واقع ہے +

راہ - ا - اسم مذکر - راہو - ایک فرضی سیارہ کا نام جو چاند یا سورج کو نگلجاتا اور اُس سے گرہن لگتا ہے

راہ - ف - اسم مؤنث (۱) راستہ - رستہ - سڑک - گذر - باٹ - سبیل (۲) کرت - مرتبہ جیسے صد راہ یکراہ (یعنی یکمرتبہ گمر صرف فارسی میں آتا ہے) (۳) - رسم و قاعدہ - ریت - طریق ؎

پھر ملاقات کا بھی کوئی تو ٹھیرے گا طریق راہ تو نکلے کہیں اُس سے شناسائی کی (بند)

(۴) سازش - سازو باز - گٹھت ؎

صبا رقیب سے رکھتی ہے راہ کچھ ورنہ رقیم پہ کیوں مرے مُشتِ غبار پر ہوتا (سوز)

(۵) ربط - رسائی - میل جول - ربط ضبط - میل ملاپ ؎

دوئی کی خُو نہیں ہم کہاں رقیب کہاں ہمیں سے راہ رہے یا انہیں سے راہ رہے (اسیر)

(۶) دوستی - آشنائی - لگاؤ ؎

ہمسایوں میں کسی سے راہ آنکو ہے مُقرر پایا جو وقتِ فرصت بالائے بام پہنچے (اسیر)

(۷) خبر - آگاہی - ماہیت ؎

باتیں ہمارے دل کی کہدیں نظیر اُسنے ہے سچ تو یوں کہ دل کو ہوتی ہے راہ دل سے (نظیر)

(۸) ڈھب - طریقہ - ڈھنگ جیسے اس کام کی مجھے خوب راہ ہے (۹) موقع - محل (۱۰) راہ راست - سیدھا رستہ جیسے راہ چھوڑ کے کراہ تُرت دھوکا کھائے +

راہ بتانا - ا - فعل متعدی (۱) ہدایت کرنا - رہنمائی کرنا - رستہ دکھانا (۲) چلتا کرنا - رخصت کرنا - ٹالنا - ڈولی کرنا (۳) نکالدینا - موقوف کردینا (۴) دھوکا دینا - فریب دینا - دم دینا +

تو نے آوارہ کیا خضر کو صحرا صحرا نوح کو راہ بتا کر لبِ دریا مارا (برق)

راہبر - ف - اسم مذکر - ہادی - رہنما - پیشوا - اگوا - سرغنہ - سردار +

راہبری - ف - اسم مؤنث - راہنمائی - ہدایت - پیشوائی + امامت - مقتدائی +

راہ پر آنا - ا - فعل لازم (۱) سیدھے راستہ پر آنا - چھیک ہونا - درست ہونا - سنورنا - اصلاح پر آنا - اصلاح پذیر ہونا - نیک بننا +

راہ چاہو - ا - اسم مذکر - بہت بڑا اخلاص - نہایت لاڈ پیار - ناز و نخرہ - راز و نیاز - الفت - چاہ - محبت - خوشی - انبساط - دل چسپی - دلگی +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راہ

ہوتے ہی ہوگا اثر اس نالۂ شبگیر کا راہ پر آنا کوئی آساں ہے چرخ پیر کا (سوز)

(۲) حسبِ مراد ہونا۔ حسبِ منشا ہونا + قابو میں آنا۔ بس میں آنا۔ تسلط میں آنا۔ قبضہ میں آنا

راہ پر لانا ا۔ فعلِ متعدی (۱) گمراہ کی رہبری یا رہنمائی کرنا۔ سیدھا رستہ بتانا۔ ڈھب پر لانا ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا (میر)

(۲) اصلاح کرنا۔ درستی پر لانا۔ نیک بنانا ؎

لائے خدا ہی اُس بُتِ ظالم کو راہ پر چھائی ہوئی ہے بے اثری روئے آہ پر (قلق)

(۳) راضی کرنا۔ اپنے ڈھب کا بنانا۔ یار بنانا + ؎

تیرے کہنے سے سرِ راہ بھی چل بیٹھیں گے ہمنشیں پہلے اُسے راہ پہ تو لا تو سہی (مصحفی)

راہ پر لگانا ا۔ فعلِ متعدی۔ اپنے ڈھب پر لے آنا۔ یار بنا لینا۔ اپنے رستہ پر ڈال لینا

راہ پر حضرتِ زاہد کو لگا ہی لائے سچ تو یہ ہے کہ مے آشام بڑے ہوتے ہیں (داغ)

راہ پیدا کرنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) راستہ دریافت کرنا۔ رستہ کا کھوج لگانا (۲) دوستی یا ملاقات ہم پہنچانا۔ راہ و رسم نکالنا۔ ربط بڑھانا (۳) کسی کلام میں واقفیت حاصل کرنا۔ مہارت پیدا کرنا

راہ تکنا ا۔ فعلِ لازم۔ انتظار کرنا چشم براہ ہونا۔ رستہ دیکھنا۔ منتظر رہنا + ؎

چشمِ نقشِ کفِ پا راہ تکے ہے کس کی کون ہے اُس سے راہ گزر میں تاکا (ظفر)

راہ چینی ا۔ اسمِ مؤنث (ہندی) توشۂ عاقبت۔ وہ بھلائی جو برہمنوں کو اپنے یا اپنے کسی عزیز مُردہ کی نجات کے واسطے دیجاتی ہے +

راہ چلتا ا۔ اسمِ مذکر۔ راہ گیر۔ مسافر۔ راہ رَو +

چلا ہوں جب ترے کوچہ سے اٹھکر اپنے گھر کو میں تو پھر ہر ہر قدم پر راہ چلتوں نے سنبھالا ہے (جرأت)

راہ چلتوں کا پلا پکڑنا ا۔ فعلِ لازم عو۔ راہ گیروں کے سر ہونا۔ مسافروں کا دامن پکڑنا۔ خواہ مخواہ ہر شخص سے لڑنا۔ نہایت لڑاکا ہونا۔ بے سبب لڑنا +

راہ چلنا ا۔ فعلِ لازم۔ راہ نوردی کرنا +

راہ خرچ ا۔ اسمِ مذکر۔ سفر خرچ۔ راستہ کا خرچ۔ زادِ راہ۔ توشہ۔ بھتا +

راہ دار ف۔ اسمِ مذکر۔ گربان۔ سڑک کا محصول لینے والا +

راہ داری ف۔ اسمِ مؤنث۔ محصولِ راہ۔ سڑک کا محصول +

راہ داری کا پروانہ ا۔ اسمِ مذکر۔ صنائی کا پروانہ۔ وہ تحریر جو کوئی حاکم کسی شخص یا گروہ کے رستہ سے گزر جانے کے واسطے گربانوں یا حکام راہ کے نام لکھے۔ جانہ خاگزرہ۔ خطِ راہ

راہ دکھانا یا۔ دکھلانا ا۔ فعلِ متعدی (۱) راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا (۲) انتظار کرنا۔ منتظر رکھنا نہ اپنی شکل دکھا آ کے تو دکھلائی تمام روز تجھے خوب راہ دکھلائی

غضب ہے نامِ نقطِ اشتیاق کا آنا اجل نے مجھے سمجھا جگہ راہ دکھلائی

راہ دیکھنا ا۔ فعلِ لازم۔ انتظار کرنا چشم براہ ہونا۔ منتظر رہنا۔ آسرا کرنا +

راہ

جاں بلب گو نہیں پہ ہے موت مری تیرے ہاتھ دیکھے ہے تیغ اجل بھی تری تلوار کی راہ (جرأت)

راہ دینا ا۔ فعلِ متعدی (۱) آنے جانیکا راستہ چھوڑنا۔ راستہ چھوڑ کر کھڑا ہونا (۲) راستہ بتانا۔ راہ پر آنا۔ ٹھیک ہونا۔ جیسے اب یہ کام راہ دینا جاتا ہے (۳) صلاح دینا۔ مشورہ دینا + ؎

اب جو ملنا نہیں قسمت میں وہاں جانے کو استخارہ بھی ہمیں راہ نہیں دیتا ہے (جرأت)

راہ ڈالنا ا۔ فعلِ لازم۔ ڈھنگ ڈالنا۔ طریقہ نکالنا۔ عادت پکڑنا۔ بان اختیار کرنا +

راہ راہ چلنا ا۔ فعلِ لازم۔ سیدھے رستہ چلنا۔ کسی شخص کے چال چلن کی پیروی کرنا۔ متوسط طریقہ اختیار کرنا +

راہ راہ سے ا۔ تابع فعل (ہندو) دیکھو راہ راہ سے۔ موقع موقع کی۔ ڈھنگ ڈھنگ کی

راہ راہ سے ا۔ تابع فعل واجبی طور سے۔ ٹھیک ٹھیک۔ انصاف سے۔ رستہ سے۔ معقول طریقہ سے

راہ راہ کی ا۔ تابع فعل (۱) سیدھی سیدھی۔ واجبی طور کی۔ ٹھیک ٹھیک + ؎

کبھی تو مہر کرے راہ راہ کی گردش کہو بہر کرے راہ راہ کی گردش (امانت)

راہ راہ کی باتیں ا۔ اسمِ مؤنث۔ معقول اور درست باتیں۔ واجب باتیں +

راہ رکھنا ا۔ فعلِ لازم۔ رسم رکھنا۔ ربط رکھنا۔ رسم ملاقات رکھنا۔ دوستی رکھنا۔

راہ رَو ف۔ اسمِ مذکر۔ راہگیر۔ مسافر۔ راہ چلتا۔ جاتری۔ راہی۔ بٹوہی +

راہ روش ف۔ اسمِ مؤنث۔ چال چلن۔ سیدھا بتاؤ۔ ڈھنگ۔ وضع۔ مواجب۔ عادت۔ خصلت

راہ روکنا ا۔ فعلِ لازم۔ سدِ راہ ہونا۔ مزاحم ہونا۔ رستہ بند کرنا۔ مانع ہونا +

راہ ریت ا۔ اسمِ مؤنث۔ راہ رسم۔ برتاؤ۔ ضابطہ اور معمول کے موافق +

راہ زن ف۔ اسمِ مذکر۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ راہ مار۔ قطاع الطریق +

راہ زنی ف۔ اسمِ مؤنث۔ قزاقی۔ لٹ مار۔ راہ ماری +

راہ سے ا۔ راہ سر۔ ا۔ (ہندی) تابع فعل ریت کے موافق۔ معقول طور پر۔ ڈھنگ سے۔ سیدھی طرح۔ انصافاً۔ واجبی طریق پر +

راہ سے بے راہ ہونا ا۔ فعلِ لازم۔ گمراہ ہونا۔ سیدھے راستہ کو چھوڑ کر ٹیڑھا رستہ اختیار کرنا۔ بد وضع اور بد باش اور بد راہ ہو جانا +

راہ کاٹنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) رستہ کاٹنا۔ راستہ میں کسی کے چلنے کا مانع ہونا۔ رستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا +

زلفِ حائل ہے نگہ خار جاناں پہ نہ ڈال ہے شکن بند ملاحب سانپ کاٹے راہ کو (آتش)

(۲) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستہ سے جانا +

کوئے قاتل میں بلا جادۂ شمشیر مجھے کاٹ کر راہ کدھر لیگئی تقدیر مجھے (اسیر)

راہ کٹنا ا۔ فعلِ لازم۔ راستہ قطع ہونا۔ قطعِ مسافت ہونا۔ راستہ طے ہونا +

راہ کرنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) رسم ملاقات پیدا کرنا۔ راستہ نکالنا۔ ربط بڑھانا۔ ربط پیدا کرنا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

راہ

خدا کا سجدہ جو رکھا ہے سنگ پر جائز یا بل شرع بتوں سے بھی راہ کرتے ہیں (اسیر)

(۲) رسائی کرنا۔ آمد و رفت کا موقع نکالنا ؎

اٹھا اٹھا کے جو پردہ نگاہ کرتے ہیں ہمارے دل میں وہ در پردہ راہ کرتے ہیں (وزیر)

(۳) ادائے قرض کی صورت نکالنا۔ ربڑی یا ڈھنا۔ قسط مقرر کرنا +

راہ کھوٹی کرنا۔ ف مع فعل متعدی (۱) چلنے میں دیر لگانا۔ راستہ میں روکنا۔ منزل کھوٹی کرنا۔ کام میں دیر لگانا۔ حرج کرنا۔ حرجہ ڈالنا ؎

قتل کرنا ہے تو لو دیکھو نہ دو چار کی راہ کھوٹی کیوں کرتے ہو جی اپنے گنہگار کی (۲) (برجستہ)

(۲) کیے کیے ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔ کسی کا کام بگاڑنا۔ رخنہ ڈالنا۔ خلل انداز ہونا۔ بھانجی مارنا جیسے پانی میں کیوں راہ کھوٹی کرتے ہو یعنی دوسری جگہ شادی ہونے سے کیوں روکتے ہو

راہ کھوٹی ہونا۔ ف فعل لازم۔ راستہ چلنے سے باز رہنا۔ کسی کام میں حرج واقع ہونا۔ منزل طے ہونے میں دیر لگنا + ؎

کھینچ لی ہے تو لگانے میں تامل نہ کرو کھوٹی ہوتی ہے بہت آپ کی تلوار کی راہ (آتش)

راہ کی بات۔ ف اسم مؤنث۔ معقول اور شائستہ بات۔ واجبی بات +

راہ کی روٹی۔ ف اسم مؤنث۔ زاد راہ۔ توشۂ مسافر۔ وہ روٹی جو راستہ میں کھانے کے واسطے مسافر باندھ لیتے ہیں۔ زاد السبیل +

راہ گزر۔ ف اسم مذکر۔ راستہ۔ سڑک۔ شارع عام +

راہ گیر۔ ف اسم مذکر۔ مسافر۔ جاتری۔ راہی۔ بٹوہی۔ بٹاؤ۔ راہ رو +

راہ لگانا۔ ف فعل متعدی۔ راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر لگانا۔ کسی روش پر لگانا دل نے جس راہ لگایا میں اُسی راہ چلا وادیٔ عشق میں گمراہ کو رہبر سمجھا (ناخ)

راہ لگنا۔ ف فعل لازم (مستعمل) پیرو ہونا۔ قدم بقدم چلنا۔ رستہ لینا۔ رستہ پکڑنا۔ اپنے کام سے لگنا۔ اپنا کام کرنا ؎

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی تجھے اٹھکیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں (انفا)

راہ لینا۔ ف فعل لازم (۱) راہی ہونا۔ چلنا بننا۔ روانہ ہونا۔ رستہ پکڑنا۔ چل دینا + ؎

وادیٔ ہستی میں آتے ہی عدم کی راہ لی ساتھ اپنے توسن عمر رواں پیدا ہوا (ناخ)

(۲) اپنے کام سے لگنا۔ اپنا کام کرنا۔ پرے جانا۔ پرے سرکنا۔ پرے ہٹنا +

راہ مار۔ ا۔ اسم مذکر۔ قزاق۔ رہزن۔ لٹیرا۔ راستہ میں ہاتھ ڈالنے یا چیز چھین لینے والا +

راہ مارنا۔ ف فعل متعدی (۱) رہزنی کرنا۔ قزاقی کرنا۔ رستہ لوٹنا (۲) بھانجی مارنا۔ رخنہ انداز ہونا۔ خلل ہونا۔ کام نہ بننے دینا +

راہ ماری۔ ا۔ اسم مؤنث۔ غارتگری۔ لوٹ مار۔ راہزنی۔ قزاقی +

راہ ملنا۔ ف فعل متعدی۔ راستہ پانا +

راہ

کہیں اے باد صبا بچھڑے ہوؤں کو + راہ تھی ہی نہیں وحشت کے آواروں کو (سوز)

راہ ناپنا۔ ف فعل متعدی (۱) راستہ کی پیمایش کرنا (۲) فقط آنے جانے سے کام رکھنا اور کوئی کام نہ بنانا۔ صرف راستہ طے کرنا۔ جلا اگر چلا جانا۔ آگ لینے آنا۔ کھڑے کھڑے آ کر چلا جانا +

راہ نجات۔ ف مع ا اسم مؤنث۔ بخشش کا راستہ۔ طریق مغفرت کا راستہ۔ رستگاری کا ڈھنگ

راہ نکالنا۔ ف فعل متعدی (۱) راستہ نکالنا۔ سڑک نکالنا (۲) تجویز نکالنا۔ وسیلہ یا سبب پیدا کرنا۔ نئی تجویز سوچنا۔ تدبیر کرنا ؎

اے شوق بارخ ہو گئے چاک قفس بھی بند اب چھوٹنے کی راہ کوئی تو نکالیے (لاجم)

(۳) ربط پیدا کرنا۔ رسائی حاصل کرنا۔ ملاقات پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا +

رہتے نہیں ہیں تم سے میرے گل بدن ولے کچھ راہ بھی نکالو کسی پاسباں سے تم (رسیر)

راہ نکلنا۔ ف فعل لازم (۱) سڑک نکلنا (۲) وسیلہ یا سبب پیدا ہونا (۳) تدبیر نکلنا۔ تجویز نکلنا (۴) ربط ہونا۔ ملاقات ہونا۔ رسائی ہونا +

راہ نما۔ ف ا اسم مذکر۔ ہادی۔ راستہ دکھانے والا۔ راہبر۔ اگوا۔ پیشرو +

راہ نمائی۔ ف ا اسم مؤنث۔ دیکھو (راہبری) +

راہ وار۔ ف ا اسم مذکر (۱) قدم باز گھوڑا۔ باد پا (۲) ایک قسم کا گھوڑے کا قدم +

راہ و ربط۔ ف مع ا اسم مذکر۔ ماہ و رسم۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔ ربط ضبط۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ راہ رسم۔ آمد و رفت +

راہ و رسم۔ ف مع ا اسم مؤنث۔ دیکھو (راہ و ربط) +

راہ ہونا۔ ف فعل لازم (۱) ربط ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔ رسم ہونا۔ محبت ہونا۔ دوستی اور آشتی ہونا۔ صلح ہونا۔ معاملہ ہونا ؎

جاتا نہیں سوئے کعبہ میں بھر پھر کے دیر سے اسی سلسلے کہ شیخ و برہمن میں راہ ہو (نصیر)

(۲) رستہ ہونا۔ چلنے کو جگہ ہونا +

راہب۔ ع ا اسم مذکر۔ ناہ۔ گوشہ نشیں۔ تارسایوں کا پادری + تارک الدنیا۔ دین کیتھولک کلیسا کا درویش۔ قلندر۔ منجر۔ جوگی۔ ابدھوت +

راہن۔ ع ا اسم مذکر۔ رہن رکھنے والا۔ بندھک دینے والا۔ گرہوں رکھنے والا +

راہو۔ ک ا اسم مذکر (۱) دیو۔ بھوت جن۔ عفریت۔ راہو کیتس (۲) ایک ستارہ کا نام جسے عربی میں ذنب کہتے ہیں۔ وہ منحوس ستارہ جو چاند یا سورج کو نگل جاتا ہے جسے گرہن کہا کرتے ہیں۔ آٹھویں گرہ یا یوں سمجھو کہ سات سیاروں یعنی چاند سورج وغیرہ کے علاوہ ایک اور ستارہ کا نام ہے +

راہو کیتو۔ ک ا اسم مذکر۔ دیکھو (راس و ذنب) آٹھویں نویں گرہ +

راہی۔ ف ا اسم مذکر۔ راہ گیر۔ سیاح۔ مسافر +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رائے ع۔ اسم مؤنث۔ عقل۔ تجویز۔ دانست۔ فہم۔ دانائی۔ خیال۔ قیاس۔ بچار۔ جانچ۔ مشورہ۔

رائے دینا ۔ا۔ فعل متعدی۔ صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ تدبیر بتانا۔ تجویز بھانا +

رائے لگانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ عقل دوڑانا۔ قیاس کرنا۔ خیال کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا +

رائے لینا ۔ا۔ فعل لازم۔ مشورہ لینا۔ صلاح لینا۔ تجویز پوچھنا۔ تدبیر پوچھنا۔ مشورہ کرنا +

رائے ملانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ ہمرائے اور ہم شنوا ہونا۔ شریک الرائے ہونا۔ اپنی اپنی تدبیروں کو باہم ملانا۔ رائے کا مطابق ہونا +

رائے ۔ا۔ اسم مذکر ہندی۔ ایرا جہ۔ سوامی پردھان۔ راؤ۔ شہزادہ۔ سردار (۲) وہ خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے کسی اعزازی عہدہ کے لحاظ سے ہندو معززین کو دیا جائے +

رائے بہادر ۔ا۔ صفت۔ ہندو معزز جمدے دار رئیس کا خطاب جو گورنمنٹ سے ملا ہو +

رائی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) خردل۔ ایک قسم کی سرسوں ہندوان سفید مزا تیز چوتھے درجہ میں گرم و خشک (۲) مقدار قلیل جیسے رائی بھر نا امید گالی بھر آشنائی بھی تھوڑا رشتہ بہت سی گالیاں پر فرق مکھی اور دکھائی +

رائی اُتارنا ۔ا۔ جلانا ۔ا۔ فعل متعدی ۔ا۔ نظر گزر کے واسطے رائی کو سر سے اُتار کر جلانا +

رائی بھر ۔ا۔ صفت۔ ذرا۔ ذرا سا۔ مقدار قلیل جیسے اس میں رائی بھر جھوٹ نہیں +

رائی سے پربت ہونا ۔ا۔ فعل لازم نہایت چھوٹے سے نہایت بڑا ہو جانا +

رائی کائی ۔ا۔ صفت کائی کے سے ٹکڑے۔ کائی کے رائی کے برابر ٹکڑے ٹکڑے نہایت گلا ہوا۔ ریزہ ریزہ۔ چور چور۔ پارہ پارہ +

رائی کائی کرنا ۔ا۔ فعل متعدی گلانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا +

رنگیں کی طبیعت جا دھر کو آئی — تو کر دیا معروف کو رائی کائی

اسی سلسلے کا نام رکھا اس کا — ہے ایک سوا ایک یہ رباعی بھائی

رائی کائی ہو جانا ۔ا۔ فعل لازم (۱) نہایت گل جانا۔ گل مل جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے اور پارہ پارہ ہو جانا۔ چور چور ہو جانا ؎

گتے ہی اُس سنگدل سے رگیا دل ٹوٹ کر — رائی کائی ہو گیا پتھر پہ شیشہ چھوٹ کر (نکہت)

نچھاور نچھاور مژگاں تو دست خجل سر شک — ابھی زمیں پر گرے تو یہ رائی کائی ہو (سودا)

(۲) پھٹ جانا۔ تھتلے ہو جانا +

رائی نون تیرے دیدوں ۔ا۔ آنکھوں میں ۔ا۔ محاورہ عو۔ چشم بد دور۔ حف نظر + نصیب عدا + ؎

گھر ہو اُن سے صنم ہیں سے بہ ہو بولے — میں تو انساں ہوں ہو تو ہی نگوڑے پتھر

بھٹ کٹنے کے ارے کانٹے پڑیں مٹھی خاک — رائی اور نون ترے دیدوں میں تھوڑے پتھر

رائے بیل ۔ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی جنگلی کھیل اور اُسکے درخت کا نام۔ بیلا +

رائے جامن ۔ا۔ اسم مؤنث۔ بڑی اور گودے دار جامن۔ جمدتاں جامن کا تفیض + پھلنڈا

رائتا ۔ا۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کی خوراک کا نام جو دہی میں کدو۔ شیرہ یا مکھی وغیرہ ہر ایک ایک کر کے نمک مرچ سمیت ڈالنے سے تیار ہوتی ہے۔ نمکینہ +

رائتا بنانا ۔ا۔ فعل متعدی (ہندو) ۱۔ کدو کسی اور ترکاری کو کدوکش میں نکال کر اُسے جوش دینا اور پھر مصالحہ دار دہی میں ڈالکر تیار کرنا (۲) خوب مارنا۔ پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ کچومر نکالنا۔ پتلا حال کرنا +

راستا کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ اول ملوم دوم کچومر کرنا۔ بھرتا کرنا۔ لگدی پتلا حال کرنا۔ بھرکس کرنا

رائٹ ۔ا۔ انگلش (Right) صفت صحیح۔ درست۔ واجب۔ حق۔ سچ۔ ٹھیک۔ بجا +

رائٹر ۔ا۔ انگلش (Writer) اسم مذکر محرر منشی۔ نویسندہ۔ کلرک +

راکب ع۔ صفت۔ جاری۔ رواں۔ مروج۔ چلتا +

راکب ع۔ اسم مذکر۔ مروجہ مال۔ چلتا سکہ۔ جاری سکہ۔ چلتی سکہ +

راکب کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ جاری کرنا۔ رواج دینا +

راکب ہونا ۔ا۔ فعل لازم جاری ہونا۔ مروج ہونا۔ رواج پانا +

رائیگاں ف۔ صفت (۱) راستہ کی گری پڑی چیز۔ مال مفت۔ مفت۔ بلا قیمت۔ بلا عوض۔ بلا خرید (۲) ضائع۔ بے نتیجہ۔ لاحاصل۔ عبث۔ اکارت ؎

بے گدیہ بکوگزاریں بادہ خواری میں — خضر کی طرح کہیں پھر پھر کے ہستی رائیگاں کیجے (عارف)

(۳) ف۔ اسم مذکر خسرو پرویز کے ایک خزانہ کا نام +

رائیگاں جانا ۔ا۔ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ ضائع ہونا۔ برباد ہونا۔ اکارت جانا +

رائیگاں کرنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ کھونا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ گنوانا +

رائے منیائی چوڑیاں ۔ا۔ اسم مؤنث۔ عو۔ ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں +

رُب ع۔ اسم مذکر۔ پکا گاڑھا کیا ہوا عرق جیسے رُب سُوس۔ رُب بہ سُرب جامن وغیرہ

رَب ع۔ اسم مذکر۔ پالنے والا۔ پروش کنندہ۔ پروردگار۔ پالن ہار۔ خدا تعالیٰ۔ مالک۔ صاحب

رب العالمین ع۔ اسم مذکر۔ دنیا کا پالنے والا۔ عالم کا پروردگار +

رَباب ع۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کی سارنگی +

رباعی ع۔ اسم مؤنث۔ وہ چار مصرعے جو اوزان مخصوص پر ہوں چوپائی چوپدع چوراہا +

ربانا ۔ا۔ اسم مذکر ایک قسم کے چھوٹے دف یا دائرے کا نام جس میں جھانجھ یا گھنگرو لگے ہوتے ہیں

رَبَر ۔ا۔ اسم مذکر۔ قصاب۔ بوچڑ۔ قصائی +

رَبَڑ ۔ا۔ انگلش (Rubber) اسم مذکر (۱) رگڑنے کی چیز (۲) ایک درخت کا دودھ جسے گند ک میں پکا کر جلیتے ہیں اور اُس سے لچکدار چیزیں جیسے گیند کھلونے وغیرہ بناتے ہیں انگریزی بوٹ بنانے اور حرفوں کے مٹانے کے واسطے بھی مستعمل ہے +

رَبط ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) مناسبت۔ سفر (۲) بیفائدہ دوڑنا حق کی مشقت۔ محنت۔ راہ بیفائدہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ربر

محنت (مسافتِ بعید کو بسطرح طے کرنا کہ اُس سے کچھ فائدہ مترتب نہ ہو) +

ربڑ پڑنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ آمد و رفت کی مصیبت پڑنا۔ مسافتِ بے فائدہ کا پیش آنا۔ پھیرا پڑنا۔ چکر پڑنا۔ بیفائدہ تھکنا۔ پینڈا پڑنا (پنجابی) +

ربڑنی۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ دیکھو (رابڑی) +

ربط۔ ع۔ اسمِ مذکر (۱) ہندش + لگاؤ۔ علاقہ۔ تعلق (۲-۱) میل ملاپ۔ راہ و رسم (۳-۱) تناسب۔ نسبت (۴-۱) مشق۔ مزاولت۔ مہارت + عادت۔ ڈھب (۵-۱) محبت۔ دوستی چاہت۔ آشنائی۔ اتحاد (۶-۱) پیار۔ اخلاص +

ربط بڑھانا۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) راہ و رسم کو ترقی دینا۔ اتحاد بڑھانا۔ دوستی بڑھانا + (۲) مشق بڑھانا۔ مزاولت بڑھانا۔ مہارت زیادہ کرنا +

ربط ضبط۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ میل ملاپ۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم + تپاک +

ربط ہونا۔ ف۔ فعلِ لازم (۱) آشنائی ہونا۔ دوستی ہونا (۲) عادت ہونا۔ مشق ہونا۔ مزاولت ہونا

ربُع۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ چوتھا۔ چہارم۔ ¼ چہارمک +

ربع مسکون۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ دنیا کا چوتھا حصہ جو آباد خیال کیا جاتا ہے اور باقی غیر آباد +

ربیب۔ ع۔ اسمِ مذکر (۱) پالا ہوا لڑکا۔ پالا پوسا لڑکا (۲) پہلے خاوند کا لڑکا۔ سوتیلا بیٹا۔ گیلڑ بیٹا +

ربیع۔ ع۔ اسمِ مؤنث (۱) موسمِ بہار۔ ہندوستان میں چیت اور بیساکھ مگر اور ملکوں میں جیٹھ اور بیساکھ کا موسم (۲) خریف کا نقیض۔ اساڑھی (دو فصل جو اسوج اور کاتک یعنی اکتوبر و نومبر میں بوئی جاے اور مارچ و مئی یعنی چیت اور جیٹھ میں کاٹی جاے) +

ربیع الآخر۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ ربیع الثانی۔ ربیع کا دوسرا اور عربی سال کا چوتھا مہینا۔ بیراں جی۔ اساڑھ (چونکہ جن دنوں میں مہینوں کے نام تجویز ہوے یہ مہینا فصل ربیع کے آخر میں آیا اس وجہ سے اس نام سے موسوم ہوا) +

ربیع الاوّل۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ ربیع کا پہلا اور سال کا تیسرا مہینا۔ مدار۔ تقریباً جیٹھ (چونکہ جن دنوں میں مہینوں کے نام رکھے گئے یہ مہینا ربیع کے اوّل میں آکر پڑا اسی لیے نام رکھا گیا) +

ربیع الثانی۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ دیکھو (ربیع الآخر) اہل عرب ربیع الثانی نہیں بولتے +

رپ۔ ف۔ اسمِ مذکر (س۔ رپو) ۱۔ دشمن۔ بیری۔ دُرجن۔ بدخواہ (۲) بسر ہو جانے والا۔ جم۔ دُھنی دینے والا۔ کسی کام کے واسطے درپے ہو جانے والا +

رپ ہو جانا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دشمن کی طرح سر ہو جانا۔ پیچھے پڑھانا۔ جم ہو جانا۔ دھلیز کی مٹی لے ڈالنا۔ درپے ہونا +

رپٹ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ رپٹن۔ پھسلن +

رپٹ پڑنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ پھسل جانا۔ لڑھک جانا جیسے رپٹ پڑے کی ہر گنگا دکھاوت)

رپٹ۔ ا۔ اسمِ مؤنث (انگلش رپورٹ Report) کا بگڑا ہوا منتا ہے۔ خبر۔ اطلاع

رت

آگاہی (وہ خبر جو کسی مجرم یا ٹوہ کی پولس میں دی جاے) +

رپٹن۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ پھسلن۔ لغزش۔ پھسلاہٹ +

رپٹنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ پھسلنا۔ لڑھکنا۔ کھسکنا +

رپ رپ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ دُلکی چال +

رپ رپ چلنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ دُلکی جانا۔ تیز تیز جانا۔ جلد جلد جانا۔ سرگرمِ رفتار ہونا

داب اپنی بغل میں ایک مُرغا چلتا رپ رپ قدم ہے وہ مُرغا (انشا)

رپٹی۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ ع۔ رپورٹ کی تصغیر بالتحقیر جیسے چاہ پٹی پر یہ مزاج (پڑیا ہی ہی کہیں)

رپورٹ۔ انگلش (Report) اسمِ مؤنث۔ (دیکھو رپٹ بمعنی خبر) +

رُپہلی۔ ف۔ صفت۔ روپے کے رنگ کا + سفید +

رُت۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ موسم۔ فصل۔ سا۔ ہر چیز کا زمانہ۔ فصلِ اربعہ میں سے ہر ایک فصل۔ ہندی چھے موسموں میں سے ہر ایک موسم (حکماے ہند نے تمام سال کو چھے فصلہ ذیل فصلوں پر تقسیم کر کے دو دو مہینے کی ایک ایک فصل قرار دی ہے) +

نام رُت	ہندی مہینے	انگریزی مہینے
بسنت	چیت بیساکھ	مارچ اپریل
گرشا یا گرکم	جیٹھ اساڑھ	مئی جون
ورشا یا برکھا	ساون بھادوں	جولائی اگست
شرد	کوار کاتک	ستمبر اکتوبر
ہیمنت	اگن پوس	نومبر دسمبر
ششرا	ماگھ پھاگن	جنوری فروری

رُت آنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ موسم آنا۔ فصل آنا۔ زمانہ آنا + بہار آنا + ؎

جھولا جھلاؤ نینگے لیا کے چمن میں تجھکو رُت کہیں آئے تو اے حور نما ساون کی (صبا)

رُت بدلنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ موسم فصل کا تغیر ہونا۔ تبدیلِ موسم ہونا +

رُت پھرنا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ موسم بدلنا۔ موسم پلٹنا + ؎

نہ تو وہ پھول۔ نہ سبزہ۔ نہ وہ کلیاں نہ بہار رُت کے پھرتے ہی چمن زار کا نقشا اُلٹا (بحر)

رَت۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ رات کا مخفف جسکی جمع رتیاں آتی ہے (گیت یا ترکیبات میں)

رت جگا۔ ف۔ اسمِ مذکر (۱) شب بیداری۔ خدائی رات۔ رات بھر جاگ خدا کا نام لینا۔ خوشی میں رات بھر جاگنا ؎

ہے شبِ وصل خوشی میں ہو بسر آج کی رات رتجگا کیجے اے شیک قمر آج کی رات (بحر)

(۲) ف۔ ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتوں میں شادی کے موقع پر یعنی بیاہ سے اگلے بسم اللہ چھٹی دودھ بچھتائی وغیرہ میں رات بھر کڑھائی ہو کر دین کو دلائی جاتی ہے اس میں گانگلوں

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رتا

اور رحم یا رول اللہ میاں کی سلامتی پڑھی جاتی اور پھر زردے یا حلوے پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔

ہاتھ دھوآئی نئی جوتی سے میں تو ہم غل تجگا کل چاندنی خانم کے گھر اچھا ہوا (راحت)

رتالو - ا - اسم مذکر - ایک قسم کی ارُوی کے مانند جڑ جسے تلکر پکاتے ہیں +

رتبہ ع - اسم مذکر - درجہ - مرتبہ + عُہدہ + عزت - حُرمت - وقر - پت - بزرگی - بڑائی ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اُس محفل میں ہے رتبہ کیا مرے دیکھو کہ اُنکے دل میں ہے (شرف)

رُتبہ بڑھانا - ا - فعل متعدی - درجہ زیادہ کرنا - عُہدہ میں ترقی کرنا - ترقی دینا +

رُتبہ پانا - ا - فعل لازم - درجہ حاصل کرنا - مرتبہ پانا - عزت پانا - رسوخ حاصل کرنا +

رُتبہ گھٹانا - ا - فعل متعدی - بیوقری کرنا - درجہ کم کرنا + نظروں سے گرانا +

رتن - ا - اسم مذکر (۱) جواہر - جواہرات - قیمتی پتھر - من - نگ (۲) مُردک چشم - آنکھ کی پُتلی (۳) منی - دھات - آبِ پشت - نطفہ - برج بیج (۴) عطر - ست - نچوڑ - خلاصہ - لُب لُباب (۵) جوبن - حُسن (۶) عمدہ چیز جیسے گھی وغیرہ (رتن نو شمار کئے جاتے ہیں لعل - موتی - پکھراج - زمرد - موگا - لاجورد - نیلم - ہیرا - گومد - سوا سے ان چیزوں کے بوجہ عمدگی اور چیزوں کو بھی رتن کہہ دیتے ہیں +

رتن جڑاؤ - ا - صفت - مرصع - جواہرات سے جڑا ہوا +

رتن جوت - ا - اسم مؤنث - ایک پودے اور اُسکے پھل کا نام + آنکھوں کی ایک دوا کا نام

رتنا - ا - فعل متعدی - سوہن سے ریتا جانا + خالی ہونا +

رتوا - ا - اسم مذکر - ایک سُرخ پتھر کا نام جو اکثر بچوں کے بخار یا دیگر امراض میں گلے میں باندھ دیتے ہیں (۲) ایک سُرخ کیڑا جو گیہوں یا جو کے پیڑوں میں لگ جاتا ہے +

رتوانا - ا - فعل متعدی - ریتی سے صاف کرانا - سوہن پھروانا - کسی سخت چیز پر کوئی خاردار آہنی اوزار رگڑوانا +

رتوندھا - ا - اسم مذکر - شب کور - عشا - ایک بیماری چشم کا نام جس کے سبب سے رات کو نہیں دکھائی دیتا +

رتوندھا آنا - ا - فعل لازم - رات کو نہ دکھائی دینا - آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا

رتوندھیا - ا - اسم مذکر - رتوندھے کا مریض - شب کور +

رتھ - ا - اسم مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی جسکے اُوپر برجی سی بنی ہوئی ہوتی ہے + دیوتاؤں کی گاڑی ایک قسم کی عُمدہ سواری جس میں پہلے سردار لوگ سوار ہوا کرتے اور نیز مقام جنگ میں لیجایا کرتے تھے (۲) قلعہ - کوٹ - حصن - حصار - نگر

رتھبان یا رتھوان - ا - اسم مذکر - گاڑی بان - بہلوان - سارتھی - رتھ ہانکنے والا

رتھ جاترا - ا - اسم مذکر (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو

رجا

(۲) ہندوؤں کے ایک میلے کا نام جو دوسری ساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوا کرتا ہے

رتی - ا - اسم مؤنث (۱) کام دیو کی استری (۲) بھاگ - نصیب - قسمت - تقدیر - پالبد (۳) گھنگچی - گھنگھچی - چرمٹی + ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے - ماشہ کا آٹھواں حصہ (۴) مقدار قلیل - حبہ - ذرہ +

رتی بھر - ا - تابع فعل - ذرا سا - شمہ بھر - حبہ بھر - قدر قلیل جیسے رتی بھر نا مانا +

گاڑی بھر اشنائی + (کہاوت)

رتی جاگنا - ا - فعل لازم - نصیبا جاگنا - طالع خفتہ کا بیدار ہونا - اقبال کا یاور ہونا - قسمت کا ساتھ ہونا - تقدیر کا کھلنا - الاآل اور سرسبز ہونا - پھولنا - پھلنا - احترام اقبال کا زوال سے نکلکر سرحد کمال کو پہنچنا +

آپ سے آتی ہوں تیرے پاس میں بھاگی ہوئی اندنوں رتی دوگانا ہے تری جاگی ہوئی (رنگین)

رتی چمکنا - ا - فعل لازم - دیکھو (رتی جاگنا) +

تشبیہ دی جو ہنسے لب لعل یار سے یاقوت آبدار کی رتی چمک گئی (اسیر)

گوش ہوش تک تو تو پہنچا ہے طالع ترے شکر کر رتی تری چمکی گہرا اچھا ہوا (نصیر)

رتی رتی - ا - تابع فعل - ذرا ذرا - ایک ایک حبہ + بالکل - تمام - سراسر - سرتاپا - درہ بست +

رٹ - ا - اسم مؤنث - جپنی - تسبیح - بار بار اعادہ - تکرار - دوہراؤ - پیہم اور دمبدم کسی کا ذکر کرنا - ہر وقت نام لینا +

کرے وہ ذکر خدا ایسے صنم بھلا کس وقت جسے کہ آٹھ پہر تیرے نام کی رٹ ہو (ناسخ)

رٹ لگنا - ا - فعل لازم - جپنی لگنا - ہر لگنا - ٹر لگنا - اصرار ہونا - ضد ہونا +

رٹنا - ا - فعل لازم - جپنا - بار بار نام لینا - یاد کرنا - دُہرانا - مکرر سہ کرر کہے جانا - اعادہ کرنا + سر ہونا - پیچھے پڑنا - جپنی لگنا +

رج - ا - اسم مؤنث (دہندو) ا - دریا کا ریتا - ریگستان (۲) بالُو ریت - رمل - ریگ رواں (۳) حیض - ایام (۴) دلدل - چلادہ - پھولوں کا زیرہ - وہ آٹا سا جو پھول کے اندر سے نکلتا ہے +

رجا - ا - صفت (۱) سیر - سیر شکم - پیٹ بھرا - اگھایا جیسے جگایا جانے جھوکے کی سار (۲) مستغنی - بے پروا - دولتمند - مالدار +

رجا پجا - ا - صفت - بھرا پُرا - آباد - معمور - پیٹ بھرا - غنی - دولتمند - دھنی دھنوان - مالدار +

رجا ہوا - ا - صفت - پیٹ بھرا - شکم سیر - چکا ہوا +

رجال الغیب - ع - اسم مذکر - مردان غیب - وسائط (مفصل کیفیت لفظ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رجب

دساتیول میں دیکھو) +

رَجَب ع۔ اِسمِ مُذکّر۔ مسلمانوں کے قمری سال کا ساتواں مبارک مہینا جسمیں جنگ کی ممانعت تھی۔ اسوج۔ جمادی الآخر کے بعد کا مہینا +

رَجِسٹر اِنگلش (Register) اِسمِ مُذکّر۔ دفتر کی کتاب۔ یادداشت۔ بہی چٹھا۔ کتاب روزنامچہ۔ کتاب حاضری +

رجسٹری ۔ انگلش (Registry) اِسمِ مؤنث۔ اندراج فہرست۔ اوخال بہی داخلہ

رجسٹری کرانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ سرکاری بہی یا رجسٹر میں درج کروانا۔ دفتر میں چڑھوانا۔ درج فہرست کرانا +

رجسٹری کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ رجسٹر پر چڑھانا + فہرست میں درج کرنا۔ سرکاری کتاب پر چڑھانا +

رجسٹری ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ سرکاری دفتر میں چڑھایا جانا۔ سرکاری کتاب میں درج ہونا۔ سرکاری گواہی ہونا +

رَجعَت ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) بازگشت۔ عود۔ واپسی۔ معاودت۔ لوٹانا۔ اعادہ (۲) شوہر کا اپنی مُطلّقہ کی طرف رجوع کرنا (۳) چاند اور سورج کے سوا کسی اور سیارہ کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴) ا۔ رٹ۔ اڑ۔ ضد۔ ہٹ +

رجعتِ قہقری ع۔ اِسمِ مؤنث۔ اُلٹے قدموں پھرنا + اِس طرح پر واپس ہونا کہ مُنہ تو اُسی طرف رہے جدھر گئے تھے اور پیچھے سرکتے آئیں +

رجعت ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ رٹ لگنا۔ جِنی لگنا + ضد ہونا۔ ہٹ ہونا + بڑ لگنا۔ بکواس لگنا + جنون ہونا + سودا ہونا۔ کسی جلالی عمل کے سبب قصور شر الکا اُلٹ جانے سے پاگل اور سودائی ہونا +

رجمنٹ اِنگلش (Regiment) اِسمِ مؤنث۔ جتھ۔ پلٹن۔ فوج۔ آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ +

رجا بھر۔ صفت۔ ہندو۔ تمام بھر۔ ذرا سا۔

رجنا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ اگھانا۔ سیر ہونا + مستغنی ہونا۔ شکم سیر ہونا۔ چکنا +

رجنی۔ اِسمِ مؤنث (گیتوں میں) رات۔ رین۔ شب۔ نس۔ لیل جیسے سہسر رجنی ترجمہ الف لیلے +

رجواڑا۔ اِسمِ مُذکّر۔ راجہ کی عملداری۔ ہندو راجاؤں کا ٹنک +

رُجوع ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) میل۔ میکلان (۲) توجہ۔ رُجحان (۳) بازگشت۔ اعادہ (۴) قانون) اپیل۔ نظر ثانی۔ مُراجعہ +

رُجوع کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی (۱) لوٹانا۔ بازگشت کرنا۔ واپس آنا (۲) ا۔ متوجہ ہونا

رجن

توجہ کرنا۔ التفات کرنا (۳) ا۔ دائر کرنا۔ پیش کرنا۔ درخواست دینا +

رُجوع ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ عود (۱) راغب ہونا۔ مائل ہونا۔ ملتفت ہونا۔ التفات کرنا جیسے خاوند کا رجوع ہونا (۲) متوجہ ہونا۔ توجہ کرنا (۳) دائر ہونا۔ پیش ہونا۔

رُجولیَت ع۔ اِسمِ مؤنث۔ مردی۔ مردپن۔ قوتِ باہ۔ قوتِ تولید۔ شہوت۔ باہ۔ خاصۂ جماع

رِجھانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی (۱) خوش کرنا۔ انس کرنا۔ محظوظ کرنا۔ مگن کرنا۔ مسرور کرنا ؎

ہم ولولہ رہے ہیں انواع تلخی سہتے ان شکریں لبوں نے ہمکو بھلا دیا ہے (بیر)

(۲) مائل کرنا۔ لبھانا۔ موہنا۔ جادو سے فریفتہ کرنا۔ فریفتہ کرنا +

شیخ رکھتا تھا سدا حُسن بتاں سے انکار آج دیکھا کے تجھے خوب رجھایا ہمنے (مُمتاز)

رُچ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) ا۔ رغبت۔ خواہش۔ چاہ۔ لالسا۔ کامنا۔ اچھا (۲) بھوک۔ اشتہا +

رُچ رُچ کر۔ ا۔ تابع فعلِ رغبت سے۔ شوق سے۔ پیار سے۔ بخوبی۔ افراط حسب دلخواہ

رُچ کر کھانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی۔ رغبت سے کھانا۔ دل دیکر کھانا۔ شوق کے ساتھ تناول فرمانا +

رَچانا۔ ا۔ فعلِ مُتعدّی (۱) بنانا۔ پیدا کرنا۔ مخلوق پیدا کرنا (۲) بسانا۔ رمانا۔ خوشبو ناک کرنا۔ معطر کرنا (۳) لال کرنا۔ سُرخ کرنا (۴) سامان پھیلانا۔ شادی لیکر بیٹھنا جیسے بیاہ رچانا (۵) مالوف کرنا۔ مائل کرنا۔ راغب کرنا +

رَچاوٹ۔ ا۔ اِسمِ مؤنث۔ رنگت + رنگ کی شوخی +

رَچنا پچنا۔ ا۔ صفت۔ خوشگوار۔ منہضم۔ گوارا۔ جزو بدن ہونے والا +

رَچنا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) بھانا۔ پسند آنا۔ مرغوب ہونا۔ اچھا لگنا (۲) میلان ہونا خواہش ہونا

رَچنا۔ ا۔ اِسمِ مؤنث (ہندو) خلقت۔ خلق۔ فطرت۔ قُدرت۔ بناوٹ۔ ساخت۔ چراچر۔ دُنیا۔ جیسے رام نے رچنا رچی +

رَچنا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) بننا۔ تیار ہونا۔ عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔ بسنا۔ سمانا۔ معطر ہونا۔ خوشبو ناک ہونا ؎

کوئی سرکہ کے اپر سوگیا تھا خواب میں اک دم ہوئی ہے نکہت زلف معنبر میرے ناؤں میں (ناسخ)

(۳) رنگ لانا۔ رنگت دینا۔ سُرخ ہونا جیسے مہندی کا ناخنوں میں رچنا (۴) شادی بیاہنا۔ بیاہ کی دھوم دھام ہونا۔ سامان شادی بہا ہونا ؎

تو اگر عطر دُلہن کے لئے شادی رچ جائے خود بخود بجھنے لگے طبلۂ عطار کا بھی

(۵) ربط ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔ آشنائی ہونا (۶) مصروف ہونا۔ گانے بجانے یا عیش و نشاط میں مشغول ہونا (۷) سُرملانا۔ آواز ملانا (۸) مُتعدّی ہونا۔ ہست کرنا۔ ہستی میں لانا۔ پیدا کرنا۔ مخلوق کرنا۔ اُپجانا۔ گانا (۹) متعلم تالیف کرنا۔ تصنیف کرنا۔ مضمون باندھنا۔ مضمون پیدا کرنا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رچن

سامنے لانا۔ موجود کرنا۔ پیش کرنا (۱۱-ع) خاکا ڈالنا۔ ڈول ڈالنا + منصوبہ باندھنا۔ تجویز ٹھیرانا (۱۲-ر) لباس بدلنا۔ روپ بھرنا + وارنش کرنا روغن چڑھانا + منقش کرنا۔ منقوش کرنا۔ مرتسم کرنا۔

رچنا یا رچنا نصیب ہونا ۱- دعا۔ ع- کھانا پینا اوڑھنا لگے یعنی جزو بدن ہو +

رچنی مہندی ۱- اسم مؤنث۔ رنگدار مہندی۔ شوخ رنگ مہندی۔ وہ حنا جو رنگ اچھا دے +

رچھا ۱- اسم مؤنث (۱) رکھشا۔ محافظت۔ پناہ۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ رکھوالی۔ بچاؤ۔ سرن (۲) مدد۔ سرپرستی۔ پشتی۔ حمایت۔ کمک۔ (۳) امن۔ آسودگی۔ چین۔ آرام۔ صلح (۴) پالن۔ مہربانی +

رحل ۶- اسم مؤنث (صحیح بفتح) ۱- مسکن۔ منزل۔ پالان شتر (۲) وہ لکڑی کی کھوڑی جس پر قرآن شریف رکھکر پڑھتے ہیں +

رحلت ۶- اسم مؤنث (۱) کوچ۔ روانگی۔ گمن + موت۔ مرت۔ انتقال۔ ارتحال +

رحلت کرنا ۱- فعل لازم۔ کوچ کرنا۔ رخصت ہونا۔ انتقال کرنا۔ گزرنا۔ فوت ہونا۔ مرنا +

رحم ۶- اسم مذکر۔ بچہ دان۔ وصرن۔ گربھ استھان +

رحم ۱- اسم مذکر۔ ع- وہ چاولوں کا کچا حلوا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے واسطے کسی خوشی کی تقریب یا بیاہ میں عورتیں بناتی ہیں + (چونکہ خدا تعالیٰ یعنی رحیم کی نیاز دلوائی جاتی ہے شاید اس سبب سے یہ نام رکھا) +

رحم ۶- اسم مذکر (۱) دیا۔ کرم۔ مہر۔ شفقت۔ کرپا۔ مہربانی (۲-۱) عفو۔ بخشش۔ مغفرت (۳-۱) ترس۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ دلسوزی۔ رقت۔ رافت + خوف خدا +

رحم دل ۶+ف + صفت۔ دیاونت۔ مہربان۔ دیالو۔ ہمدرد۔ دردمند۔ رقیق القلب +

رحم دلی ۶+ف- اسم مؤنث۔ مہربانی۔ شفقت۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ دلسوزی +

رحم کرنا یا کھانا ۱- فعل لازم۔ ہمدردی فرمانا۔ ترس کھانا۔ خوف خدا کرنا۔

رحم کھانا ۱- فعل متعدی۔ ترس کھانا۔ خوف خدا کرنا۔ ہمدردی کرنا۔

رخ

دردمندی ظاہر فرمانا (مومن) غصّے کے بدلے رحم نہ کھایا + کچھ بھی خدا کا خوف نہ آیا +

رحمان ۶- صفت۔ مہربانی کرنے والا۔ دیاونت۔ شفیق۔ رحیم۔ کریم۔ آمرزگار۔ غفور۔ خداوند (اسکا اطلاق صرف ذات خدا پر ہوتا ہے مگر اردو کی بعض کہاوتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انمیں نیک اور صالح سے مراد ہے جیسے رحمان جوڑے پلی پلی شیطان لوٹھا کو گیا) +

رحمت ع- اسم مؤنث (۱) دیا۔ کرم۔ مہربانی (۲-۱) بارش۔ مینہ۔ برکھا (۳-۱) درود سلام۔ صلوٰۃ جیسے رحمت خدا اُنپر (۴) کلمہ تحسین و آفریں + شاباش۔ مرحبا۔ جزاک اللہ +

رحمت خدا کی (محاورہ) (یہ وہ کلمہ ہے جو بظاہر مدح اور اصل میں مذمت پر دلالت کرتا ہے) آفریں ہے۔ شاباش۔ صد رحمت۔ بارک اللہ پاجی کا کیا کہنا۔ اوہو۔ اوہوجی +

رحمت ہے ۱- محاورہ۔ آفریں ہے۔ شاباش ہے۔ مرحبا۔ کیا کہنا ہے نیز کلمہ طنز +

کبھی صدمہ بگونے کا کبھی حرص کی رحمت ہے + ہماری خاک یوں اڑتی پھرے اے ابر رحمت ہے (امیر)

رحیم ع- صفت۔ مہربانی فرمانے والا۔ دیاونت۔ مہربان +

رخ ف- اسم مذکر (۱) چہرہ۔ مکھڑہ۔ رخسارہ۔ مکھ۔ منہ۔ خد۔ گال۔ کلا۔ کپول + جام مے میں رخ ساقی جو نظر آ ہی گیا + گھر میں خورشید کے گویا کہ قمر آ ہی گیا (ظفر) (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ پاسا (۳-۱) کنارہ۔ حاشیہ۔ افق۔ لب۔ سرا (۴-۱) شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو سیدھا دور تک مارتا ہے (اس معنی میں بعض لوگ عربی قرار دیتے ہیں) (۵) توجہ۔ رجحان۔ میلان۔ التفات (۶) سامنا آگا پیش +

رخ بدلنا یا پھیرنا ۱- فعل متعدی (۱) پیرخ ہونا منہ نہ لگانا۔ اغماض کرنا۔ کم توجہی فرمانا منہ پھیر لینا۔ کشیدہ ہونا (۲) سمت بدلنا +

جدھر سے ہوتے تھے نظارہ ہائے یار ظفر + وہ رخ بھی یار نے اپنے مکان کا بدلا (ظفر) (۳) دوسرے کی طرف ہو جانا طرفداری چھوڑ دینا (رخ کا اطلاق تمام چہرے پر اور رخسار یا رخسارہ کا صرف گال یا اسکے لال حصّے پر کرتے ہیں) +

رخ پھیرنا ۱- فعل لازم۔ حقایتاً ناراض ہونا۔ پیرخ ہونا۔ آزردہ خاطر اور دلگیر ہونا بیزار اور کشیدہ خاطر ہونا + سمت بدلنا۔ اغماض کرنا +

رخ دیکھ بات نکرنا ۱- فعل لازم۔ ع- توجہ سے بات نکرنا۔ دل دیکھ نہ بولنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رخت

خاطر میں نہ لانا +

رُخ کرنا - ا۔ فعل متعدی (۱) منہ کرنا (۲) توجہ کرنا۔ متوجہ ہونا (۳) پھرنا۔ لوٹنا +

رُخ نکرنا - ا۔ فعل متعدی۔ توجہ نہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔ التفات نکرنا +

رُخ نہ ملانا - ا۔ فعل متعدی۔ متوجہ نہ ہونا +

رَخْت ف۔ اسم مذکر (۱) اسباب۔ اثاثہ۔ اثالہ (۲) جامہ۔ لباس۔ پوشاک۔ بدیں پنا دیا ہے خلعت نور اُسکے نور نے + رخت سیاہ دُور شب تار نے کیا داغ، (۳) لوازمہ + ساز و سامان (۴) ا۔ جفت فروش، جوتی کا چمڑا جیسے واہ کیا رخت ہے (۵) ا۔ عوام) ہیئت برنج۔ ٹھاٹ۔ دھج +

رُخسار ف۔ اسم مذکر۔ گال۔ عذار۔ کلا۔ کپول +

رُخسارہ ف۔ اسم مذکر۔ تصغیر رخسار۔ رخسار کا بالائی حصّہ +

رُخصت ع۔ اسم مونث (۱) اجازت۔ منظوری۔ رضامندی۔ آگیا پڑاگی ضیا چمن کو دیکھ لیں چاک قفس سے اے صبا + ٹک اتنی دے ہمیں اپنی زبان سے رخصت (نظیر) رخصت اے زندان جنوں زنجیر رکھڑکا ہے + مژدہ خار دشت پھر تلوار کھجلاتے ہے (ذوق) (۲-ا) روانگی۔ کوچ۔ رفتگی۔ چلنا۔ جانا +

جو کچھ تھے ظلم و ستم وہ تو ہنسے سب دیکھے + امیدوار ہے اب یہ غلام رخصت کا (نظیر) (۳-ا) وداع۔ جنازہ اُٹھنے کا وقت +

ہے ترے بیمار کی رخصت جو آتا ہے تو آ + کوچ کی جلدی ہے یاں واں کیا سبب تاخیر کا (ممنون) (۴-ا) مہلت۔ وقفہ۔ تحصیل غرصت (۵-ا) اجازتِ رفتن چلیں۔ جائیں۔ اجازت ہے + جاؤں؟

دیکھ لی سیر حرم حضرت زاہد رخصت + آپکا کعبہ میرا بتکدہ آباد رہے (نامعلوم)

رخصت دینا - ا۔ فعل متعدی (۱) اجازت دینا۔ پروانگی دینا چھٹی دینا۔ (۲) مہلت دینا +

رخصت کا پان۔ یا۔ جام - ا۔ اسم مذکر۔ وہ پان جو چلتے وقت دیا جائے۔ یا وہ ساغر جو بوقت رخصت پلایا جائے +

خط منہ پہ لکھے جانِ خوبی یہ جان دیگا + ناچار عاشقوں کو رخصت کے پان دیگا (میر)

چلا ہوں بزم کی مجلس سے اب تو اے ساقی + مجھے پلا دے تو اب ایک جام رخصت کا (نظیر)

رخصت کرنا - ا۔ فعل متعدی (۱) اجازت دینا (۲) روانہ کرنا۔ وداع کرنا بھیجنا فلک سے کس کو توقع ہو ساری روٹی کی + کرے ہلال کو جب نیم نان سے رخصت (نظیر) (۳) برطرف کرنا۔ موقوف کرنا (۴) ٹالنا +

رخصت ملنا - ا۔ فعل لازم (۱) اجازت ملنا (۲) چھٹی ملنا (۳) موقوف ہونا (۴) وداع

رُدک

ہونے کی اجازت ہونا +

رخصت ہونا - ا۔ فعل لازم (۱) اجازت ہونا۔ پروانگی ہونا (۲) روانہ ہونا۔ وداع ہونا جانا۔ بسانِ مہر نہ ٹھیرے پھر ایک ذرّہ نفیر + ہوے جب اُس بتِ ناحیہ ماہ سے رخصت (نظیر) (۳) مہلت ہونا چھٹی ملنا (۴) مرنا۔ انتقال کرنا چل بسنا۔ رحلت کرنا کوچ کرنا +

رُخصتانہ ف۔ اسم مذکر۔ وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو۔ خلعتِ رخصت۔ انعام رخصت +

رُخصتی ف (صفت ۱) چھٹی پر۔ رخصت یافتہ (۲-پورب) وداع۔ دُلہن کی روانگی (۳-پورب) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے سلامی سلامی کی رقم +

رُخنہ ف۔ اسم مذکر۔ شگاف۔ دیوار کا پھوٹا ہوا راستہ۔ چھید۔ سوراخ۔ موکھا۔ روزن + دریچہ۔ کھڑکی غرفہ + چاک شگاف۔ دراڑ۔ درز (۲-ا) مزاحمت۔ تعرض۔ انکاؤ۔ سدِ راہ + بھانجی خلل۔ حرج۔ نقص۔ جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ +

رخنہ اندازی ف۔ اسم مؤنث۔ بھانجی مزاحمت۔ تعرض۔ روک۔ خلل +

رخنہ پڑنا - یا۔ رخنے پڑنا - ا۔ فعل لازم (۱) خلل پڑنا۔ نقص آنا + وہ پھریں یلکیں اگر کھب گئیں جی میں تو ہیں + رخنے پڑ جائینگے داغ تری مژگان کے بیچ (میر) (۲) جھگڑا پڑنا۔ فتنہ و فساد ہونا۔ عیب نکلنا۔ ع امانت یوسف کی خریداری میں پڑ جائینگے رخنے + اُس شوخ نے کھڑکی سر بازار نکالی

رخنہ ڈالنا - ا۔ فعل متعدی (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔ بھانجی مارنا۔ ہوتے ہوتے کام کو روکنا۔ خلل انداز ہونا۔ حارج ہونا۔ مزاحم و متعرض ہونا + ع

یہ کہکے رخنے ڈالنا انکے حجاب میں + اچھے بُرے کا حال کھلے کیا نقاب میں (آزردہ)

رخنہ نکالنا۔ یا۔ رخنے نکالنا - ا۔ فعل متعدی عیب نکالنا۔ کھوٹ ظاہر کرنا۔ عیب جوئی کرنا۔ نکتہ چینی کرنا + فساد کھڑا کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ جھگڑا نکالنا + داغ لگانا۔ کلنک لگانا + عذر کرنا۔ حیلہ حوالہ نکالنا +

رخنہ نکلنا - ا۔ فعل لازم۔ عیب نکلنا۔ نقص ظاہر ہونا۔ داغ لگنا۔ کیا پردہ ہی پردے میں یہ خنہ نکل آیا + اے غنچہ دہن منہ جو ذرا سا نکل آیا (قلق) یا رب کنے چہرے سے اٹھا نقابِ ع + سورخنے اب نکلنے لگے آفتاب میں (آزردہ)

رَدّ ع۔ اسم مذکر (۱) واپس۔ لوٹانا۔ واپس کرنا۔ موڑنا پھیرنا جیسے ردِ بندہ خریدار خدا (کہاوت) (۲) انکار۔ نسخ۔ تردید۔ بطلان۔ کاٹ۔ جھٹلانا۔ دلیل توڑنا۔ (۳-ا) قے۔ استفراغ۔ ادک۔ اُلٹی +

رد کرنا - ا۔ فعل متعدی (۱) واپس کرنا پھیرنا (۲) تردید کرنا۔ کاٹنا۔ بطلان کرنا

رود

منسوخ کرنا۔ اعتراض توڑنا۔ دلیل اُٹھا دینا (۳) ترک کرنا + نامنظور کرنا۔ (۴) نفے کرنا۔ ڈالنا۔ اُلٹی کرنا۔ استفراغ کرنا۔

ردّوبدل ۔یا۔ **ردّوقدح** ع۔ اسم مؤنث۔ الٹا پلٹی + طعنہ مہنہ (وہ میٹھی نیچی باتیں جو حالتِ بحث یا مکابرہ میں زبان پر لاتے ہیں) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ مناظرہ۔ مکابرہ۔ حیص وبیص۔ سوال وجواب۔ جھگڑا ٹنٹا۔ گفت وشنید۔ نزاعِ لفظی۔ اُکھاڑ پچھاڑ +

ہوئی جو ردّوبدل اپنی کتنی بار نظیر + تو اُسنے حظ کا ہمارے نہ پھر جواب لکھا (نظیر)

مال جب اُسنے بہت ردّوبدل میں مارا + دل اُٹھا اپنا وہیں ہمنے بغل میں مارا (ذوق)

مجھے کام تجھ سے ہے اے جنوں نہ کہوں کسی کو نہ کچھ سنوں

نہ کسی کے ردّوقدح میں ہوں نہ اُکھاڑ میں نہ پچھاڑ میں (انشاء)

(قدح۔ یعنی شگافتن وشکستن وطعنہ زدن آیا ہے) +

رد ہونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) بطلان ہونا۔ غلط ثابت ہونا۔ منسوخ ہونا۔ ٹوٹنا +

رَدّا ۔ا۔ اسم مذکر۔ تہ۔ علیق۔ پرت۔ ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی کی اینٹ گھی روّا رکھنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ اینٹ پر اینٹ رکھنا۔ چنائی پر چنائی کرنا۔ ایک تہ کے بعد دوسری تہ رکھنا (۲) ایک دفعہ کھا کر دوسری دفعہ کھانا۔ کھانے پر کھانا +

ردا ۔ع۔ اسم مؤنث۔ چادر۔ چادرہ۔ چدر +

شب فراق میں مینے جو منہ لپیٹا ہے + خیال وصل میں پروں نہیں ردا الٹی (ناسخ)

رَدّوکھَدّوا ۔ا۔ صفت۔ برادری سے نکالا ہوا اور کھدیڑا ہوا۔ مردود۔ دھتکارا ہوا۔ خارج از مجلس۔ نکما۔ خراب۔ ناکارہ + سفلہ۔ کمینہ +

رَدِی ع۔ اسم مؤنث (اردو میں بتشدید دال بھی بولتے ہیں) خراب شدہ کاغذ۔ نکما کاغذ (۲) صفت۔ خراب۔ ناکارہ۔ نکما۔ استعمال شدہ۔ ڈاج۔ ناقص۔ بگڑا ہوا۔ پھینکدینے کے قابل +

رَدِیف ع۔ اسم مؤنث (ماخوذ از ردف بمعنی سُرین) (۱) وہ شخص جو ایک گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں خواہ بیتوں کے اخیر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے۔ بدل کے قافیہ لکھو غزل اک اور ظفر + مگر ردیف ہو ساری یوہیں برابر کی (ظفر)

(۳) پیچھے کی فوج +

ردیف وار ع + ف۔ تابع فعل۔ ابجد کے حساب سے رکھا ہوا۔ ترتیب وار باترتیب تہجی۔ الف بے تے کی ترتیب سے +

رزل

رِذّالہ ع۔ اسم مذکر۔ (۱) کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی۔ فرومایہ۔ لچہ۔ گنڈا۔ کم ذات جیسے ردّالہ ست ہوا خدا کو بھول گیا + (۲) شریر۔ بدذات۔ دنگئی۔ بدمعاش۔ شوخ۔ بے ادب۔ بے شرم + گالی گلوچ بکنے والا +

رِذّالپَن ۔ا۔ اسم مذکر۔ سفلہ پن۔ کمینگی۔ فرومایگی۔ لچپن۔ پاجی پن +

رِذّی بات ۔ا۔ اسم مؤنث (اطفال) گندی بات۔ نامناسب اور ناشایستہ بات + فحش بات + بیحیائی کی بات +

رِذّی کا کٹھّہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ بے شرم اور بیباک آدمی۔ منہ پھٹ۔ منہ زور۔ بدلگام۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے حیا۔ دریدہ دہن +

رَذِیل ع۔ اسم مذکر۔ کمینہ۔ سفلہ۔ رذالہ پاجی۔ جیسے رذیل کے دو منہ اشراف کے سو (یعنی رذالہ کی دو گالیاں اشراف کی سو سے زیادہ ہیں) +

رِرِیانا ۔ا۔ اسم مذکر۔ عوام۔ گڑگڑانا +

رَڑکنا ۔ا۔ فعل لازم (ہندو) کھٹکنا۔ چبھنا جیسے آنکھ میں کچھ رڑک رہا ہے +

رَزّہ ف۔ اسم مذکر۔ انگور۔ یا انگور کا درخت +

رَزّاق ع۔ اسم مذکر۔ رزق پہنچانے والا۔ روزی رساں۔ کھانے کو دینے والا۔ خدا تعالےٰ +

رزّاقی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ رزق رسانی۔ پروردگاری +

رِزق ع۔ اسم مذکر۔ روزی۔ خوراک۔ روزینہ۔ کھانا۔ آذوقہ + اجیوکا۔ وظیفہ۔ بھتا۔ روٹی۔ ان۔ اناج +

رزق پہنچانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ روزی پہنچانا۔ خوراک مہیا کرنا +

رزق کا کیڑا ۔ا۔ اسم مذکر۔ اَن کا کیڑا۔ اناج کھانے والا انسان۔ جو رزق کا کیڑا ہو ملے کیوں نہ اسے رزق + رزّاق سے پاتا ہے غذا سنگ میں کیڑا (رجات)

رَزائی ۔ا۔ اسم مؤنث (۱) رنگے ہوئے کپڑے کی روئی دار دلائی (۲) گنوار۔ لحاف۔ لبادہ۔ سوڑ۔ گدڑی

اس لفظ کی املا کے بابت محققوں کی دو رائے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کا موجد محمد رضا نامی کوئی ہندی شخص ہوگا اسلئے ضاد معجمہ سے لکھنا چاہئے مگر زبانداں فارس کے کلام میں یہ لفظ کہیں نہیں پایا جاتا ہاں میرزا بیدل نے جو ہندی نژاد تھے اس لفظ کو باندھا ہے بعض کی رائے ہے کہ ہندوستانیوں نے اس لفظ کو رزیدن سے بنایا ہے اور یہی وجہ ہے کہ زبانداں ولایت نے نہیں باندھا۔ ایک انگریز کی رائے ہے کہ ربائی سے رضائی ہوگیا۔ کیونکہ سنسکرت میں بمعنی کپڑا آیا ہے اور یہی قرین قیاس ہے۔ بعض لوگ دائی منسوب بچہ چادر بھی قرار دیتے ہیں

رِزلٹ ۔انگلش Result اسم مذکر۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ نتیجۂ امتحان +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رزم

رَزْم ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ جُدھ ۔ معرکہ ۔ بھجھ ۔ جدال و قتال ۔ رن رزم گاہ ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ میدانِ جنگ ۔ لڑائی کا کھیت ۔ لڑائی کی جگہ ۔

رَزْمِیَہ ۔ف۔ تابع فعل ۔ متعلق بہ رزم ۔ رزم کا بیان +

رزولیوشن ۔ انگلش Resolution اسم مذکر ۔ منشا ۔ تجویز ۔ عندیہ ۔ پیش نہاد ۔ ارادہ ۔ عزم + عقدہ کشائی ۔ تصریح +

رَزِیڈنٹ ۔ انگلش Resident اسم مذکر ۔ رہنے والا ۔ یا ساکن مقیم باشندہ ۔ باسی ۔ رئیس + وکیل شاہی جو غیر ریاست کے دربار میں رہے +

رَزِیڈنسی ۔ انگلش Residence اسم مؤنث مقام ٹھکانا گھر مسکن وہ جگہ جہاں رزیڈنٹ رہتا ہے +

رِس ۔ہ۔ اسم مذکر ۔ (ہندو) غضب غصہ ۔ کرودھ ۔ خفگی ۔ ناراضی ۔ آزردگی + ہٹ ۔ ضد ۔ اڑ ۔ جیسے رس مارے رسائن ہوئے رس کی رسکی ادری سکھی تیری بھت سہائی + ٹھنڈے تتے ہر جُوں نوں اگ بجھاگے دودنا)

رِس ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) شیرہ + عرق ۔ افشردہ ۔ عصارہ ۔ دُودھ شیرہ سار اناج وغیرہ کا دودھ (۲) جوہر ست ۔ عطر ۔ نچوڑ ست (۳) پارہ ۔ زیبق سیماب جیسے رس مارے رسائن ہو یعنی پارہ مارنے سے جس طرح اکسیر بنتی ہے اسی طرح انسان غصہ مارنے سے کیمیا بن جاتا ہے (۴) منی نطفہ ۔ بیج جیسے رس پڑنا ۔ یعنی بلوغ کو پہنچنا (۵) مزہ ۔ ذائقہ ۔ لذت سواد ۔ لطف ۔ چاٹ + بہار ۔ جوبن ۔ مثلاً ہولی میں رس پڑ گیا یعنی ہولی کے موسم کا مزا آگیا (۶) خوشی ۔ انبساط ۔ عیش ۔ نشاط ۔ جیسے رس میں بس ملا دیا ۔ یعنی عیش بھنگ کر دیا (۷) حُب ۔ محبت ۔ عشق پریت + جوش + وَلولہ (۸) حلاوت ۔ شیرینی ۔ راست مزگی (۹) رقیق چیز ۔ سیال چیز +

رس بھری ۔ ہ۔ صفت (۱) رسیلی ۔ رس دار ۔ شیریں ۔ مزیدار ۔ لذیذ ۔ پُرلطف خوش ذائقہ (۲) ہزار کودہ ۔ نشیلی جیسے رس بھری آنکھ (۲ ۔ مؤنث) انگلش Readiness رسیدی کا بگڑا ہوا لفظ سپیلیوں کے مزہ کا پھل ہوتا ہے

رس پڑنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) منی پڑنا ۔ نطفہ پیدا ہونا ۔ بلوغ کو پہنچنا (۲) اناج میں دودھ پڑنا (۳) مزہ آنا ۔ لطف آنا ۔ رنگ پیدا ہونا (۴) کانوں کو اچھا لگنا (۵) فرحت حاصل ہونا خوشی ملنا +

رس ٹپکنا ۔ہ۔ فعل لازم جوبن اُمنگنا سدھ ماتا ہونا ۔ جوشِ جوانی میں بھرنا دودھ ٹپکنا جیسے گیتوں میں "رس ٹپکے وا کی چھتین سے" +

رسا

رس کا بیندھوا ۔ہ۔ صفت (ہندو) خبث کا مارا ۔ عشق کا زخمی +

رس کی باتیں ۔ہ۔ نسیان ۔ہ۔ اسم مؤنث (۱) عشق و محبت کی باتیں میٹھی میٹھی باتیں جیسے جوبن جوانی ہے دن دس کی + میٹھا بول باتیں کر رس کی (۲) لگاوٹ کی باتیں +

رس لینا ۔ہ۔ فعل متعدی (ہندو) مزہ لوٹنا ۔ جوبن لوٹنا ۔ خط اُٹھانا ۔ لطف اُٹھانا +

رَسا ۔ف۔ صفت (۱) پہنچنے والا ۔ رساں ۔ صائب + (۲ ۔ ا) صعود کرنے والا ۔ بلند ہونے والا + دُور جانے والا +

برق ہو کر گرے گا پھر مجھ پر + نالہ میرا اگر رسا ہو گا ۔ (ناظم)

ہوتا جو دلپذیر تو جاتا نہ دل سے دور + وہ نالہ کام کا نہ رہا جو رسا رہا (۔)

رَسَا ۔ہ۔ اسم مذکر ۔ (ہندو) شوربا ۔ یخنی ۔ پسیو +

رَسّا ۔ہ۔ اسم مذکر ۔ رسن ۔ کلان ۔ موٹی رسّی ۔ جیوڑا ۔ ریسمان ۔ طناب +

رَسَاتَل ۔س۔ اسم مذکر ۔ زمین کا ساتواں طبقہ ۔ پاتال ۔ وہ جگہ جہاں مسرت راحت عشرت اور رنگ وغیرہ رہتے ہیں +

رِسالَت ۔ع۔ اسم مؤنث ۔ پیغامبری + ایلچیگری ۔ سفارت +

رِسالدار ۔یا۔ رِسَلدار ۔ا۔ اسم مذکر (صحیح رسالہ دار) ایک رسالہ کا کمانڈر سو سواروں کا ہندوستانی افسر +

رِسالدارِی ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ رسالہ کی افسری ۔ ہزار سواروں کی افسری ایک ترپ کی افسری ۔ رسالداری کا عہدہ +

رِسانا ۔ہ۔ فعل لازم (ہندو) (۱) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ غصہ ہونا (۲ ۔ متعدی) رُٹھانا ۔ خفا کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ اس معنی میں روسنا کا متعدی ہے +

رَسَاوَل ۔ہ۔ اسم مذکر (گنوار) گنے کے رس کی کھیر +

رِسالہ ۔ع۔ اسم مذکر (مصدر بمعنی اسم مفعول) ۱ ۔ نامہ ۔ مکتوب + چھوٹی سی کتاب (۲ ۔ ا) آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ +

رسالہ دار ۔ا۔ اسم مذکر (دیکھو رسالدار) +

رسالہ داری ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ دیکھو (رسالداری) +

رَسان ۔ہ۔ اسم مؤنث ۔ آہستگی ۔ دھیرج ۔ نرمی ۔ ملائمت ۔ دھیماپن +

رَسائی ۔ف۔ اسم مؤنث (۱) پہنچ ۔ باریابی ۔ دخل ۔ گذر ۔ (۲ ۔ ا) میل ملاپ ۔ ربط ضبط (۳ ۔ ا) واقفیت ۔ شناخت ۔ علم ۔ درک ۔ مہارت ۔ کاردانی (۴ ۔ ا) دھیرج آہستگی +

رسائی کرنا ۔ا۔ فعل لازم میل ملاپ کرنا ۔ واقفیت اور شناسائی بہم پہنچانا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رسا

رسائی ہونا۔ فعل لازم (۱) پہنچ ہونا۔ دخل پانا۔ باریاب ہونا۔ (۲) میل ملاپ ہونا + صلح ہونا۔ آشتی ہونا +

رَسَائِن۔ س۔ اسم مذکر۔ اکسیر یکیمیا۔ وہ دوا جو پارہ یا کوئی دھات مار کر بنائی جاتی ہے +

رَسَائنی۔ س۔ اسم مذکر یکیمیاگر۔ اکسیر گر +

رِسپانڈنٹ۔ انگلش (Respondent) اسم مذکر۔ (قانون) جوابدہ۔ پریتی بادی +

رُستم۔ ف۔ اسم مذکر۔ (فارس کے بارہ مشہور پہلوانوں میں سے ایک۔ بہادر پہلوان کا نام جو زال بن سام بن نریمان کا بیٹا اور تقریباً سنہ عیسوی سے نو سو برس پہلے موجود تھا۔ ہفتخوان مازندران کا رستہ طے کر کے کیکاؤس کو چھڑا لایا۔ اور اسکی اغیر الٰہی اسفندیار سے ہوئی جس میں وہ نہایت مجروح اور مجبور ہو گیا مگر آخر کو حکمت عملی سے اُسکو ہلاک کر کے نام پایا (۲) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ جنگ آور۔ سورما۔ بہادر۔ شہ زور جیسے ایک ہی تو رستم تھا۔ زبردست۔ دلاور +

رستم کا بچہ۔ ف۔ صفت۔ زبردست۔ دلاور +

رستم خاں۔ ف۔ اسم مذکر۔ دلاور۔ زبردست۔ بہادر۔ شجاع۔ تین خاں جیسے ایک ہی رستم خاں ہو +

رستم کا سالا۔ ف۔ اسم مذکر (۱) معلوم (۲) بہادر آدمی کا رشتہ دار۔ زبردست۔ زور آور۔ کوتوال کا یار۔ کوتوال کا دھگڑ۔ دلاور۔

عجب نقشہ ہے دنیا کا عجب عالم ہے عالم کا
کہ اب تو جو زوال ہے وہی سالا ہے رستم کا } نظیر

(۳) شیخی باز۔ اترانے والا۔ بڑ کلی۔ ڈینگیا۔ دن کی سینے اور تعلی کرنیوالا (جب چھپا رستم کہیں گے تو وہاں اُس شخص سے مراد ہوگی جو بظاہر بڑا غریب اور در پردہ نہایت خبر یہ فتنہ انگیز اور پانچوں عیب شرعی ہوگا۔ نیز اپنے کمال فن کی نسبت بھی بولتے ہیں جب کاہنوز ت پنہاں ہوتا ہے۔ صاحب جوہر +

رُستمی۔ ف۔ اسم مؤنث (گنوار) (۱) لڑائی۔ بہادری۔ جرأت۔ شجاعت۔ دل چلی (۲) زور آوری۔ زبردستی۔ دلاوری۔ حاکمی۔ راج۔ حکومت کا کام +

رَستہ یا رَستا۔ ف۔ اسم مذکر (مختف رہستہ)۔ صف۔ قطار۔ لنگ۔ پرا۔ لار + ایسے بازار یا گھر وغیرہ کی راہ جو ایک قطار یا صف میں واقع ہو (۲) راہ۔ سڑک۔ ڈگر۔ بات۔ طریق۔ پنتھ۔ شارع عام۔ شاہراہ (۳) طور۔ ڈھنگ۔ وضع۔ روبہ۔ طرز۔ روش (۴) قاعدہ قانون۔ آئین۔

رستہ

(باقی معنے رہستہ میں دیکھو) +

رستہ بتانا یا بتلانا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) دیکھو رہستہ بتانا۔

ہم ایک رستہ گلی کا اُسکی دکھا کے دل کو ہوئے پشیماں
یہ حضرت خضر کو بتاوے کسی کی تم رہبر ہو نکرنا } داغ

(۲) ٹالنا۔ دھتا بتانا۔ رخصت کرنا۔

کیا کرتے ساقہ دیکھ کے اُسے راہ یار کا ۔ ہنس کے کسی کو رستہ بتا دیا (رعایت)
لگا کے راہ پہ لایا ہے وہ قریبی کے پیچ کے گھر مجھے رستہ بتا گیا پھر گیا } ہیبت
راہ پر آتے نہیں اور رستے پہ لگتے پھیر روز رستہ وہ دامنت کو بتا دیتے ہیں

رستہ بھٹکانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ ایسی راہ پر ڈالدینا جس سے منزل مقصود پر نہ پہنچے۔ گمراہ کرنا۔ ڈانواں ڈول چلانا۔ راہ بھلانا۔ بھٹکانا +

رستہ بھٹکانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ دیکھو رستہ بھٹکانا +

رستہ سر آنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) شرک پر پڑنا۔ سیدھی راہ ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ قابو میں آنا + درست ہونا + ٹھیک ٹھیک سمجھ میں آنا ہونا +

رستہ پکڑو۔ ف۔ ندا۔ راہ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ ہوا کھاؤ۔ سیر کرو +

رستہ چھٹنا۔ ف۔ فعل لازم۔ ایک رہستہ سے دوسرا رستہ نکلنا یا راہ نکل آنا۔ اُدھر خود بخود جو کھنچا جائے ہے دل۔ انہی کہ ہر کہ یہ رستہ چھٹے ہے (رعایت)

رستہ چلتا۔ ف۔ اسم مذکر۔ مسافر۔ راہگیر۔ راہی۔ بٹاؤ۔ بٹوئی۔ جاتری +

رستہ دیکھنا۔ ف۔ فعل لازم۔ منتظر ہونا۔ چشم براہ ہونا۔ انتظار کرنا۔ راہ تکنا۔ راہ دیکھنا +

رستہ روکنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ راہ گھیرنا۔ مزاحم ہونا۔ سد راہ ہونا +

رستہ کاٹ کے جانا یا چلنا۔ ف۔ فعل لازم۔ کترا کے جانا۔ رستہ چھوڑ کے جانا۔ رستہ بچا کر چلنا۔

رستہ کاٹ کے چلتے ہیں اسلیئے مجھے کہ کچھ کہے نہ یہ خانہ خراب سیکھیں (داغ)

رستہ کترانا۔ ف۔ فعل متعدی۔ دوسرا رستہ لینا۔ سیدھا رستہ چھوڑ کر چلنا۔ رستہ کاٹ کر جانا۔ نظر بچا کر نکلنا +

رستہ لو۔ ف۔ ندا۔ دیکھو رستہ پکڑو۔

رستہ گھیر کر کھڑا ہونا۔ ف۔ فعل لازم۔ راہ روک کر کھڑا ہونا۔ بیچ میں کھڑا ہونا۔ رستہ روکنا۔ چلنے نہ دینا۔

دیکھ مجھ کو اپنے در پر یوں کر نہ پھیر کے یہ دوانا کس لئے بیٹھا ہے رستہ گھیر کے (جرأت)

رستہ میں جواب دینا۔ ف۔ فعل متعدی۔ آدھ میں چھوڑنا۔ بیچ میں جواب دینا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رست

پھر اپنا سا منہ لے کر خراب رستے میں دیا نصیبے نے اچھا جواب رستے میں (داغ)

رستہ گھیرنا ف۔ فعل متعدی۔ رستہ روکنا۔ مزاحم ہونا۔ سدِ راہ ہونا +

رستے لگانا ف۔ فعل متعدی۔ رستے پر ڈالنا اور بتانا۔ راہ سے لگانا۔ طریق بتانا ؎

ہے یہی راہ منزلِ مقصود خوب رستے لگا دیا تو نے (داغ)

رسد ف۔ اسم مؤنث (۱) حصہ بخرہ۔ نصیب۔ بھاگ + قسمت۔ بانٹ۔ قسمت۔ سہام (۲) جنس غلہ (۳) لائق مناسب جیسے حصہ رسد (۴-۱) ذخیرہ۔ آذوقہ جو لشکر یا قافلہ کے ہمراہ ہو (۵-۱) غلہ کی آمدنی (۶-۱) راشن۔ راتب۔ خورش۔ خوراک + ادھار۔ بھوجن + بھتا۔ زادِ راہ +

رسد پہنچانا ف۔ فعل متعدی۔ سامانِ خوراک اور جنس غلہ وغیرہ فوج یا لشکر میں بہم پہنچانا +

رسد رسانی ف۔ اسم مؤنث۔ غلہ اور اجناس وغیرہ کا فوج یا لشکر میں پہنچانا۔ غلہ رسانی +

رسم ع۔ اسم مؤنث۔ (۱) لغوی معنی نقش۔ نشان + رقم۔ تحریر۔ نوشت۔ (۲) دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ ریت۔ رواج ؎

ہے معلل لب زبانِ علمہ اور اپنی زبان رسم کی موقوف اُسنے نامہ و پیغام کی (ناسخ)

رسمِ انصاف اُٹھی خوب ہوا یہ ورنہ
زخمِ دل ہر کس و ناکس کو دکھانا ہوتا
} مولا بخش قلق

(۳-ف) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ۔ وظیفہ۔ مواجب (۴-۱) عادت۔ رویہ۔ چال چلن۔ طور و طریق۔ روش ؎

قاتل کو وقتِ ذبح تماشا دکھائیں کیا ہمکو تو رسم یاد نہیں اضطراب کی (اضطر اسم)

(۵-منطق) کسی چیز کی عرضیات کے ساتھ تعریف (۶-۱) ایک کھیل کا نام جسمیں ایک شخص دوسرے شخص سے پوچھتا ہے کہ تمنے کیا کھایا اگر اُسنے اسکے جواب میں کسی ایسے میوے یا چیز کا نام لیا کہ جسمیں ترش تم تینوں آ گئے اور دوسرا نہ بتا سکا تو وہ مات ہو گیا اور یہ جیت گیا) +

رسمِ ملک ع۔ اسم مؤنث۔ ویسا چال۔ دیس ریت۔ ملک کا طریق + ملک کا رواج + عُرف عام +

رسم و رواج ف۔ اسم مذکر۔ دستور و قاعدہ۔ ریت رسم +

رسم ۱ ہ۔ ع + ف۔ اسم مؤنث۔ ربط و ضبط۔ میل جول۔ بدنامی۔ طریق ؎

رسو

ہم آنے مانگے بوسہ بھی نقد دل دیکر جو لین دین کی کچھ رسم و راہ پڑ جاتی (ظفر)

رسمی ع۔ صفت۔ عام معمولی + متوسط درجہ کا۔ ریت کا + بازاری۔ رواجی۔ دوم قسم کا۔ دوسرے نمبر کا +

رِسنا ہ۔ فعل لازم۔ (۱) چکنا۔ چونا۔ تراوش کرنا (۲ ہندو) خفا ہونا ناراض ہونا۔ کھنچنا +

رِسنا ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) (۱) زبان۔ لسان۔ چیبہ۔ لٹو۔ ذائقہ۔ مزہ۔ چسکا (۲-فعل لازم) مرکبات میں) رہنا +

رِسنا سُنا نصیب ہو ف۔ محاورۃً عو۔ رہنا سہنا۔ پھولنا پھلنا نصیب ہو۔ خدا خوش اور سرسبز رکھے۔ خدا بھرا پرا رکھے +

رُسوا ف۔ صفت۔ ذلیل۔ خوار۔ بے عزت۔ بدنام فضیح۔ رُوسیہ بے حرمت۔ بے غیرت +

رُسوا کرنا ف۔ فعل متعدی۔ بدنام کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا + زبون کرنا +

رُسوا ہونا ف۔ فعل لازم۔ بدنام ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ لاج گنوانا۔ خوار ہونا +

رُسوائی ف۔ اسم مؤنث۔ بدنامی۔ بیعزتی۔ فضیحت۔ ذلت خواری

رسوت ہ۔ اسم مؤنث (ایک تلخ دوا کا نام جو اسی نام کے درخت کی چھال سے بنائی جاتی اور اکثر آنکھوں یا پھنسیوں کی دوائیں پڑتی ہے) + شیرۂ خولان۔ گرمی و سردی میں معتدل اور دوسرے درد میں خشک ہے۔ عربی میں اُسکو حنضل کہتے ہیں) +

رسوخ ع۔ اسم مذکر (۱) استواری۔ مضبوطی۔ پختگی (۲) استقلال دھیرج۔ قیام۔ ثبات۔ جماؤ (۳-۱) رسائی۔ ربط و ضبط۔ پہنچ مداخلت۔ اعتماد۔ اعتبار +

رسوخیت ع۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (رسوخ) +

رسول ع۔ اسم مذکر (۱) بھیجا ہوا + خدا کی طرف سے بھیجا ہوا + وہ نبی جو خدا کی طرف سے کتاب لیکر آئے (۲) قاصد۔ پیغامبر۔ پیک۔ ایلچی۔ نامہ بر۔ دوت + مصراع

شتر اسوار کسی کا تھا رسول — (۳-۱) ہادی۔ رہنما۔ پیشوا

رسول شاہی ف۔ اسم مذکر۔ آزاد منش فقراء کے ایک فرقہ کا نام جسکے بانی رسول شاہ نامی ایک درویش کامل تھے۔ خواجہ نجیب الدین

رسو

عُرف شاہ فدا حُسین اِس فرقہ کے اخیر جانشین اور صاحبِ سجادہ تھے جنکے پیر محمد حنیف جانشینِ رسُول شاہ تھے۔ شاہ فدا حُسین بھی بڑے کامل اور صاحبِ کرامات بیان کئے جاتے ہیں ۱۲۵۹ھ بمقام الور انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار اور تکیہ چنبیلی بلغ میں موجود ہے۔ اور وہی رسُول شاہیوں کی گدّی کہلاتی ہے۔ یہ لوگ چار ابرُو کا صفایا رکھتے اور صرف ایک غرقی یعنی لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں۔ اِس فرقہ کے لوگ اکثر عالم اور فاضل ہوتے ہیں

رَسُولی ـہ۔ اسم مؤنث۔ گلٹی۔ وہ گرہ جو مواد لِنفہ سے پیدا ہو جاتی ہے

رُسُوم ع۔ اسم مؤنث۔ رسم کی جمع (۱) نقوس۔ نشان (۲) تنخواہ۔ مشاہرہ (۳) آئین۔ قوانین ✤ عادتیں (۴-۱) فیس۔ سرکاری خرچہ۔ سرکاری حق ✤ اجُورہ۔ محنتانہ۔ مقررہ فیس ✤ ـہ دے نقدِ جاں اسیر کہ قصّہ تمام ہے جلّاد کی کچہری میں داخل رُسُوم کر (اسیر) (۵-۱) حقِ زمینداری۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔ شکرانہ۔ حق ✤

رُسُومِ عدالت ع۔ اسم مؤنث۔ سرکاری خرچہ۔ کورٹ فیس۔ اسٹامپ ✤

رَسوئی ـہ۔ اسم مؤنث (ہندو) (۱) کھانا۔ طعام۔ بھوجن جیسے سوئی آدھی رسائن (۲) چوکہ۔ باورچی خانہ۔ کھانا کھانے اور پکانے کی جگہ (جب کچی رسوئی کہینگے تو وہاں گھی یا تیل کے پکوان یا پوریوں سے غرض ہوگی جسے چوکے سے باہر بھی کھا سکتے ہیں۔ اور جب کچی رسوئی کہینگے تو وہاں چاول روٹی یا دال سے غرض ہوگی جسے چوکے سے باہر نہیں کھا سکتے) ✤

رسوئی بنانا یا کرنا ـہ۔ فعل متعدی (ہندو) کھانا طیار کرنا۔ طعام پکانا۔ روٹی پکانا ✤

رسوئی جیمنا ـہ۔ فعل متعدی۔ کھانا کھانا۔ خاصہ نوش فرمانا۔ تناول کرنا۔ بھوجن کرنا ✤

رسوئیا ـہ۔ اسم مذکر۔ (ہندو) طعام پز۔ باورچی۔ کھانا پکانے والا برہمن ✤

رسّی ـہ۔ اسم مؤنث (۱) رسن۔ نیچہ۔ ریسمان۔ موٹی ڈوری جیل۔ طناب (۲ رع) سانپ۔ مار۔ ناگ ـہ

رات کو رسّی ہو رسّی کا نام تم تو کہو آتا جی بلّی سی ہے (رنگین)

رسّی

(۳) سوفٹ کا لمبا پیمانہ ✤

رسّی بٹنا ـہ۔ فعل متعدی۔ رسّی کو بل دیکر بنانا۔ رسّی تیار کرنا۔ مدتوں تن نہ بٹی رسّی جل گئی پر بل نہیں جلا ✤ کہاوت۔ دولت اور ثروت جاتی رہی مگر غرور اور سرکشی نہ گئی۔ یعنی ہر چند سزا پائی مگر بری عادت نہ گئی ✤

رسّی دراز کرنا ـا۔ فعل متعدی۔ ڈھیلی چھوڑنا۔ فرصت دینا مُہلت دینا۔ اِغماض کرنا ✤ ـہ

خلقِ خدا کو ہتی ہیں اِس سے اذیتیں ظالم کی رسّی کرنہ تو اوآسماں دراز (رند)

رسّی دراز ہونا ـا۔ فعل لازم (۱) رسّی کا طویل اور لمبا ہونا۔ (۲) مُہلت ملنا۔ ڈھیل ہونا۔ طولِ مدّت ہونا۔ دُور تک پہنچ ہونا ـہ

پہنچا ہی شبِ کمند لگا کر وہاں رقیب سچ ہے حرام زادے کی رسّی دراز ہے (ذوق)

(۳) عُمر بڑی ہونا۔ عُمر دراز ہونا ـہ

مجکو نہیں زوال زمانے کو ہے زوال۔ رسّی ہے تیرے ظلم کی اے آسماں دراز

رسّی ڈھیلی چھوڑنا ـہ۔ فعل متعدی۔ لگام ڈھیلی چھوڑنا۔ مُہلت دینا خود مختار کرنا۔ مرضی پر چلنے دینا۔ آزادی بخشنا ✤ اغماض کرنا چشم پوشی کرنا

رسّی کا سانپ بنانا ـہ۔ فعل متعدی۔ بے اصل بات کی دھوم مچانا۔ خیالِ غلط کو فروغ دینا ✤

رسّیا ـہ۔ صفت۔ رس لینے والا۔ مزہ لوٹنے والا۔ شوقین۔ رسیلا۔ رنگیلا۔ چھبیلا۔ وضعدار۔ طرحدار ✤ دھگڑا مُشٹنڈا ✤

رسید ـف۔ اسم مؤنث۔ (۱) پہنچ۔ رسائی۔ دخل۔ باریابی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی نوشت۔ پہنچے کا اقرار۔ وصولی ہونیکی تحریر۔ خطّ الوصُول۔ یافتہ۔ بھرپایا۔ داخلہ ـہ

برسوں گلی میں یار کی قاصد پڑا رہا نکلا جو خط تو خط کی عنایت رسید کی ✤

(۳) پتا۔ خبر۔ سُراغ جیسے وہ کبھی بات کی رسید ہی نہیں دیتا ✤

رسید دینا ـا۔ فعل متعدی۔ پہنچے کا کاغذ لکھ دینا۔ خطّ الوصُول لکھدینا

رسید کا ٹکٹ ـا۔ اسم مذکر۔ وہ اسٹامپ جو وصولیت کے کاغذ پر حکمِ سرکار ایک آنہ کا لگایا جاتا ہے ✤

رسید کرنا ـا۔ فعل متعدی۔ (بازاری) (۱) لگانا۔ مارنا۔ جڑنا۔ سہی کرنا۔ جیسے چانٹا رسید کیا (۲۔ قولی) پہنچانا۔ دخُول کرنا۔ باڑنا ✤

رسید نہ دینا ـا۔ فعل متعدی (اول معلوم۔ دوم پتا نہ دینا۔ خبر نہ لگنے دینا۔ سُراغ نہ بتانا) ✤

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رسی

رسیدہ - ف - صفت (مرکبات میں) پہنچا ہوا۔ بالغ۔ انتہا کو پہنچا ہوا جیسے عمر رسیدہ۔

رسیلا - ہ صفت - (۱) رسدار۔ رس بھرا۔ عرق دار (۲) شیریں اور مزیدار لطیف خوش مزہ میٹھا۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ (۳) رسیا۔ باتونی۔ خوش خوش شیریں ادا۔ نکیلا۔

رسیلی - ہ - ہم مؤنث - (۱) رسدار۔ عرق دار (۲) وضعدار۔ طرحدار۔ بانکی۔ رنگیلی۔

رسیلی آنکھیں یا آنکھیں - ہ - اسم مؤنث چشم۔ گوں چشم خمور۔ نشیلی آنکھ۔ فوش وضع آنکھ۔ چشم مست ؎

قتل کرتی ہیں مجھ کو اسکی رسیلی آنکھیں ۔۔۔ بھری ہیں خون سے ہر رونگٹے پر نشیلی آنکھیں (رند)

رشتہ - ف - اسم مذکر - (۱) تاگا - دھاگا - ڈورا - تار - کاتا ہوا سوت (۲) ڈاڑھ لڑی - نظم سلک (۳) ناتہ - قرابت - سمبندھ - برادری - خویشی - علاقہ - تعلق - اپنایت (۴) سلسلہ - جماعت بزرگوں کے نام کی ترتیب (۵) مجازاً نسل جنس خاندان (۶) - ف) ایک بیماری کا نام جس سے اکثر پاؤں میں زخم ہو جاتا ہے اور اسمیں سے تاگا سا نکلتا ہے۔ تارو۔ تاروا ؛

رشتہ دار - ہ - اسم مذکر - قرابتی۔ ناتہ دار۔ برادری کا بھائی۔ گوتی۔ متعلق۔

رشتہ داری - ہ - اسم مؤنث - خویشی۔ قرابت۔ اپنایت۔ برادری۔ ناتہ داری ؛

رشتہ کا - ہ - تابع فعل - (۱) ناتہ کا۔ قرابتی۔ نسبتی۔ سمبندی۔ (۲) جو سگا نہ ہو غیر حقیقی۔ مجازی۔ کنبہ کا۔ وہ شخص جو قرابت قریبی نہ رکھتا ہو۔ ڈھکے چھپے کا۔

رشتہ کرنا - ہ - فعل متعدی - (۱) نسبت کرنا۔ سگائی ٹھیرانا۔ تعلق پیدا کرنا (۲) بیاہ کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاح کرنا ؛

رشتہ ناتا - ہ - اسم مذکر - (۱) قرابت۔ آپسداری۔ اپنایت۔ سگاوٹ سگائی (۲) اہیل جول۔ میل ملاپ ؛

رشتے ناتے کا - ہ - تابع فعل - عو - (۱) قرابتی۔ قرابت دار۔ رشتہ دار (۲) سگے کی برابر سگے کی مانند۔ مجازاً اپنا۔ سگا ؛

رشٹ پشٹ - ہ - صفت (ہندو) ہٹا کٹا۔ قوی ہیکل۔ ہم۔ موٹا تازہ تنومند۔ زور آور۔ زبردست۔ زورآور۔ پرزور۔ گاڑ زور۔ بلی۔ چوڑ دنا ؛

رشک - ف - اسم مذکر - (۱) ڈاہ۔ حسد۔ جلن۔ جلاپا۔ ایرکھا ؎

کیا رشک سے غیروں کی مجھے پایگاہ کا ۔۔۔ زایر ہوں آستانِ حبیب الٰہ کا ؛ (سالک)

(۲) عداوت۔ دشمنی (۳) غیرت۔ غم۔ (۴) چوپ کسی کی نعمت پر اس کے زوال بغیر رشک کرنا۔ غبطہ۔ (۵) رقابت۔ حریف ہیں ہم پیشہ ہونے کا حسد ؎

مرا قبول رشک سے صدمے نہیں قبول ۔۔۔ ہم آئیں کیا رقیب تری انجمن میں ہے

رشک باہم از ل سے اول ہے ۔۔۔ ایک کی شکل دوسرا نہیں

رشک

رشکِ حور - پری - یوسف - ف - ع - صفت - ایسا خوبصورت جسکے حسن و جمال پر حور و پری اور یوسف کو بھی رشک آئے۔ نہایت حسین۔ بڑا ہی خوبصورت ؛

رشوت - ع - اسم مؤنث - گھوس - ناجائز نذرانہ۔ اجورۂ ناجائز ظلم لینا

رشوت خور - ا - اسم مذکر - رشوت لینے والا ؛

رشوت دینا - ا - فعل متعدی - ناجائز نذرانہ دینا ؛

رشوت ستانی - ا - اسم مؤنث - رشوت لینا۔ گھوس لینا۔ ناجائز طریقہ سے روپیہ حاصل کرنا ؛

رشوت کھانا یا لینا - ا - فعل لازم - ناجائز روپیہ لینا۔ ناجائز اجرت لینا۔ باوجود تنخواہ مستغیثوں کو ڈرا کر یا ناانصافی سے کچھ لینا ؛

رشی - س - اسم مذکر - (ہندو) سنت۔ خدا پرست سادھو منش۔ عابد پرہیزگار۔ متقی۔ ترک۔ ولی۔ مونی جوگی۔ درویش ؛

رشید - ع - صفت - (۱) ہدایت یافتہ - ہدایت کیا ہوا۔ سیدھے راستہ پڑا ہوا (۲) تربیت یافتہ - تہذیب یافتہ۔ تعلیم یافتہ جیسے شاگرد یا فرزند رشید

رصد - ع - اسم مذکر - جنتر منتر ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار۔ چبوترہ۔ چبوترہ ؛ بارگاہ ؛

رصد گاہ - ع ف - اسم مذکر - جنتر منتر ؛

رضا - ع - اسم مؤنث - (۱) خوشنودی۔ خوشی۔ رضامندی۔ مرضی (۲) اجازت۔ رخصت۔ وطن جانے کی بلا وضع تنخواہ چھٹی جو تین سال بعد ملازم کو دی جاتی ہے ؛ فرلو ؛

رضامند - ع ف - صفت - راضی۔ خوش۔ منظور کرنیوالا۔ اجازت دینے والا

رضامندی - ا - اسم مؤنث - خوشنودی۔ منظوری ؛

رضا ہونا - پنجابی - فعل لازم - مرجانا - وفات پا جانا ؛

رضاعت - ع - اسم مؤنث - شیرخواری - دودھ پلانا ؛ بچوں کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے ؛

رضاعی بھائی - ا - اسم مذکر - دودھ شریک بھائی - کوکا - برادرِ رضاعی ؛

رضائی - ا - اسم مؤنث - دیکھو (رزائی) ؎

دور نگی گوٹ ہے رضائی کی ۔۔۔ طرز پٹکے ہے بے وفائی کی (لالہ علم)

رضوان - ع - اسم مذکر - داروغۂ بہشت - ایک فرشتہ کا نام جو فردوس بریں کا دربان اور متوکل ہے ؛

رکا

رَضَوِی۔ رَضَوِیَہ۔ ع۔ صفت۔ امام موسےٰ علی رضا رضی اللہ عنہ سے نسبت رکھنے والا +

رَطب ویابِس۔ ع۔ صفت۔ تر و خشک + برا بھلا۔ اچھا برا۔ نیک و بد۔ مکتہ ہوں حال اپنا سب سے کہتا رطب و یابس ہونٹوں پہ یار کے خشکی آنکھوں میں تری ہے (ناسخ)

رَطل۔ ع۔ اِسم مذکر (۱) جام شراب۔ ساقی ہے نشہ آنکھ میں معمول سے ہلکا نظروں میں ہے اب رطل گراں پھول سے ہلکا (ظفر) (۲) آدھ سیر کا وزن (اٹھائیس تولے ساڑھے چار ماشہ کا وزن جو اطبا کی اصطلاح میں مروج ہے) +

رَطوبَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ تری۔ نمی۔ سیل۔ آل +

رِعایا۔ ع۔ اِسم مؤنث (رعیت کی جمع) حفاظت کی گئی۔ پرجا۔ کسی حاکم کے زیر فرماں رہنے والے لوگ + کرایہ دار۔ محکوم۔ زیر حمایت +

رِعایَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ پاس۔ نگہبانی۔ طرفداری۔ لحاظ۔ خیال۔ پچ نگہداشت + رویت۔ پکش +

رِعایت کرنا۔ و۔ فعل متعدی۔ پاس کرنا۔ طرفداری کرنا۔ حمایت کرنا +

رِعایَتی۔ ع۔ صفت۔ رعایت کردہ شدہ + لحاظ کیا گیا۔ وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے۔ آدرد۔ منظور نظر۔ حمایت کی گھوڑی +

رِعایتی چھٹی یا **رُخصت**۔ و۔ اِسم مؤنث۔ وہ رخصت جو بلا وضع تنخواہ دی جائے +

رُعب۔ ع۔ اِسم مذکر (۱) ڈر۔ خوف۔ ترس۔ بیم۔ دہشت۔ ہیبت (۲۔ و) دبدبہ شان و شوکت + شکوہ + دھاک۔ جلال۔ جاہ و جلال +

رُعب بٹھانا۔ و۔ فعل متعدی۔ خوف بٹھانا۔ ہیبت بٹھانا + دھاک جمانا +

رُعب بیٹھنا۔ و۔ فعل لازم۔ خوف جمنا۔ دھاک بیٹھنا +

رُعب چھانا۔ و۔ فعل لازم۔ خوف غالب ہونا۔ دھاک بیٹھنا۔ دہشت غالب ہونا۔ ہیبت میں آنا +

رُعب واب۔ ع۔ اِسم مذکر۔ دبدبہ۔ شان و شوکت۔ دھاک۔ ہیبت۔ جاہ و جلال۔ تحمل۔ ٹھاٹ +

رُعب دار۔ ع۔ ف۔ صفت۔ ہیبت ناک۔ مہیب۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک +

رَعد۔ ع۔ اِسم مذکر۔ بجلی کی کڑک۔ گرج۔ گڑگڑاہٹ + بادلوں کو چلانے والے فرشتہ کی آواز +

رف

رَعشَہ۔ ع۔ اِسم مذکر (۱) لرزہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ (۲) ایک اعصابی بیماری کا نام جس سے خود بخود ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں +

رَعنا۔ ع۔ صفت (۱) خود آرا۔ بناؤ سنگار سے رہنے والا۔ رنگیلا۔ چھبیلا۔ وضعدار۔ سجیلا (۲) دلچسپ۔ خوشنما۔ زیبا (۳) طرار۔ چالاک۔ شاطر جیسے جوان رعنا۔ تدبیر رعنا (۴) دورنگا جیسے سرو رعنا (۵) ایک پھول کا نام جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے (۶) خوش خرام۔ خوش رفتار جیسے قد رعنا +

رَعنائی۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ خود آرائی۔ وضعداری۔ دلچسپی۔ دورنگی۔ خوش خرامی۔ چالاکی۔ طراری +

رُعونَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ خود آرائی۔ غرور۔ سرکشی۔ گھمنڈ۔ دماغ۔ شیخی۔ ابھمان۔ غرہ +

رَعیَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ رعایت کیا گیا۔ پرجا۔ محکوم + اسامی + کرایہ دار۔ زمیندار۔ دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں۔

شریک حال ظلم ہے جو انسان نیک سیرت ہو رعیت کم نہیں ہے فوج سے سلطان عادل کی (راسخ)

رَغبَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ خواہش۔ میل۔ رجحان۔ اچھا۔ توجہ۔ رجوع۔ رچی + شوق۔ پیار۔ چاؤ۔ چاہ +

رغبت کرنا۔ و۔ فعل متعدی۔ مائل ہونا۔ رجوع کرنا۔ میل کرنا +

رَف۔ انگلش (Rough) صفت۔ نامرتب۔ بھونڈا۔ کٹا پھٹا۔ مسودہ۔ کاٹ چھانٹ کیا ہوا +

رَفاقَت۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) ہمراہی۔ ساتھ۔ سنگت (۲۔ و) محبت۔ دوستی۔ پریت۔ میل جول۔ اتحاد۔ اختلاط۔ ارتباط (۳۔ و) وفاداری۔ خیر خواہی۔ نمک حلالی (۴۔ و) ہمدردی۔ معاونت۔ ؎

دل بیتاب ہو کیا تجھ سے رفاقت کی امید کون ہوتا ہے برے وقت میں جو تو ہوگا (زمر)

رفاقت کرنا۔ و۔ فعل متعدی۔ ساتھ دینا۔ رفیق رہنا۔ سنگت کا نمک حلالی کرنا +

رِفاہ۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ تن آسانی۔ آرام۔ راحت چین۔ وہ کام جس سے لوگوں کو آرام ملے۔ نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ بہبودی۔ راحت +

رفاہ عام یا **خلائق**۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ بہبودی عام۔ عام لوگوں کی بھلائی۔ سب کے آرام کا کام۔ خلائق کے فائدہ کا کام +

رِفاہیَت۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ خوشی۔ عیش۔ بھلائی۔ بہبودی۔ آرام۔ تن آسانی۔ بہتری۔ راحت۔ امن و امان +

رَفتار۔ ف۔ اِسم مؤنث۔ چال۔ روش۔ خرام۔ گمگشت۔

بول چال ایسی کسی کی بھی نہیں دنیا میں تری گفتار نئی ہے تری رفتار نئی (ناسخ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رفت

رفتار و گفتار ۔ف ۔اسم مؤنث ۔چال ڈھال ۔طور طریق ۔چال چلن +

رفتنی نکالنا ۔ا ۔فعل متعدی (بیگمات قلعہ) گلہ اتارنا ۔بوجھ اتارنا ۔مجھدا اتارنا ۔ جیسے دو چار دفعہ آئیں گئیں ۔ رفتنی نکالی ربط بڑھایا +

رفت و گزشت ۔ف ۔صفت ۔گئی گزری ۔ٹال ٹول +

رفت و گزشت کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔باز آنا ۔ جانے دینا ۔معاف کرنا ۔ خیال نہ کرنا + دبانا + پنڈ چھوڑنا ۔باز رہنا ۔آیا گیا کرنا ۔خاک ڈالنا +

رفت گزشت ہونا ۔ا ۔فعل لازم ۔گزرنا ۔بیتنا ۔گیا گزرا ہونا ۔آیا گیا ہونا ۔ دبنا ۔ خاک پڑنا +

رفتہ رفتہ ۔ف ۔تابع فعل ۔بتدریج ۔ہولے ہولے ۔آہستہ آہستہ ۔ سج سج ۔ہوتے ہوتے +

رفرف ۔ع ۔اسم مذکر ۔اسرافیل علیہ السلام کے مقام کا نام + وہ سواری جس پر رسول مقبول معراج میں سدرۃ المنتہیٰ سے بارگاہ احدیت تک تشریف لے گئے +

رفع ۔ع ۔اسم مذکر (۱) اٹھانا + بلندی ۔ارتفاع ۔اونچائی ۔اٹھاؤ ۔اٹھان ۔ (۲) چھوڑنا ۔باز رہنا (۳) ضمہ ۔ضم ۔پیش +

رفع شر یا ۔فساد ۔ع ۔اسم مذکر ۔دفع فساد ۔جھگڑا مٹانا +

رفع دفع کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔دور کرنا ۔مٹانا ۔دبانا ۔جانے دینا ۔ معاف کرنا ۔باز رہنا ۔خیال نہ کرنا ۔ہٹانا +

رفع کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔نکالنا ۔ٹالنا + برلانا ۔ جیسے ۔رفع حاجت کرنا +

رفع ہونا ۔ا ۔فعل لازم ۔جانا ۔دور ہونا ۔جاتا رہنا +

رفعت ۔ع ۔اسم مؤنث ۔بلندی ۔اونچائی ۔عروج ۔اوج ۔برتری ۔عالی مرتبہ ہونا ۔منزلت ۔درجہ ۔قدر ۔جاہ و منصب ۔پایہ شرف ۔بزرگی +

رفل ۔انگلش ۔اسم مؤنث[1] (۱) ایک قسم کی بندوق ۔دھماکا + تپکیا + اتنی شکار گاہ جہاں میں ہے ارزہ میں سامنے ہوں اور تمہارا رفل چلے (آتش) (۲) مذکر ایک قسم کی نہایت باریک تنزیب ۔بہت باریک ململ یا ننسکھ +

رفو ۔ع ۔اسم مذکر ۔کپڑے کی درستی ۔پھٹے ہوئے کپڑے میں تاگے بھر کر برابر کرنا ۔کپڑے کی مرمت ۔ایک قسم کی سلائی ۔تاگوں سے پیوند کرنا + خدا نہ دے تجھے ناخن جنوں ترکے ہاتھوں + ہمیشہ چاک جگر کا رفو بگڑتا ہے (ظفر)

رفو چکر میں آجانا ۔ا ۔فعل لازم ۔رفو کے تاگے کی طرح بے سروپا ہو جانا + کسی عجیب بات کو دیکھ کر حیران و متحیر ہو جانا ۔حیران و ششدر رہ جانا ۔

رفت

ہکا بکا ہو جانا ۔گھبرا جانا ۔سٹ پٹا جانا ۔بے آسان ہو جانا ۔سرگرداں ہونا ۔ رفوگر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے ۔اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آجاوے (سراج) (۲) مصیبت میں پھنس جانا ۔ریوڑی کے پھیر میں آجانا ۔پھندے میں پھنسنا +

رفو چکر ہونا ۔ا ۔فعل لازم (۱) چل دینا ۔بھاگ جانا ۔روپوش ہونا ۔ہوا ہونا ۔اڑ جانا ۔چلتا پھرتا نظر آنا +

جیب و داماں پھاڑ کر جب دشت کے میں سر ہوا + دیکھ کہ مجنوں مجھے کیا ہی رفو چکر ہوا (مؤلف) (۲) حیران و سرگرداں ہونا +

رفو کرنا ۔ا ۔فعل متعدی ۔تاگوں سے پیوند لگانا ۔سوراخ کو تاگوں سے بھرنا ۔تاگے بھر رفوگر ۔ع + ف ۔اسم مذکر ۔رفو کرنے والا ۔رفو ساز ۔وہ شخص جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کیا کرتا ہے +

رفوگری ۔ع + ف ۔اسم مؤنث ۔رفو کرنے کا پیشہ ۔رفو کا کام +

رفو ہونا ۔ا ۔تاروں سے پیوند لگنا ۔تاگوں سے بھرا جانا ۔کشیدہ سے سلائی ہونا + (فعل لازم) ۔

رفی ۔ا ۔اسم مؤنث (۱) دھواں ۔دھواں سا + دود + کاجل (۲) آٹا ۔آٹا سا ۔نرمی ۔سفید سفید باریک چیز جو کسی چیز کے جھاڑنے سے گرتی ہے کوڑا ۔کانکلی ۔جوار ۔باجرا کوٹنے یا روئی دھننے میں جو میدہ سا اڑتا ہے ۔ بقا ۔سرکی خشکی +

رفیدہ ۔ع ۔اسم مذکر ۔امالہ رفادہ (۱) وہ پھوس بھری ہوئی گول گدی سی جس پر روٹی رکھکر تنور میں لگاتے ہیں ۔تنور میں روٹی رکھکر لگانے کی گدی ۔کابوک (۲ ۔ا) گول اور بدوضع پگڑی +

رفیق ۔ع ۔اسم مذکر (۱) ساتھی ۔ہمسفر ۔ہمراہی (۲ ۔ا) معاون ۔مددگار ۔ دوست ۔دلی دوست ۔یار غار (۳ ۔ا) خیر خواہ (۴ ۔ا) مصاحب ہمنشین جلیس ۔انیس +

رقابت ۔ع ۔اسم مؤنث ۔رقیبی + دشمنی ۔چشمک ۔شراکت +

رقبہ ۔ع ۔اسم مذکر ۔لغوی معنی کھاد ۔اصطلاحی زمین متعلقہ دیہ + زمین کے عرض و طول کو ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو + احاطہ +

رقت ۔ع ۔اسم مؤنث (۱) نرمی ۔ملائمت + پتلاپن (۲ ۔مجازاً) گریہ ۔رونا ۔ (۲ ۔ا) حال ۔وجد ۔دل بھر آنا ۔دل امنڈ آنا (۳ ۔ا) رحم ۔ترس ہمدردی دردمندی + رحمدلی +

[1] اہل لکھنؤ اول معنی میں مذکر بولتے ہیں ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رقص

رِقت آنا۔ یا۔ ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دل بھر آنا۔ حال آنا۔ وجد آنا +

رِقتِ منی ع۔ اسم مونث۔ منی کا رقیق ہونا۔ دھات کا پتلا پڑنا +

رَقص ع۔ اسم مذکر (۱) اُچھلنا۔ کودنا۔ گود پھاند۔ اُچھل کود (۲) ناچ۔ اصولِ لغات کے موافق تھرکنا +

رقصِ طاؤس ع۔ اسم مذکر۔ مور کی طرح کا ناچ۔ ایک قسم کا ناچ جو سنکھ پسار کے ناچا جاتا ہے۔ مور کا ناچ +

موسمِ گل کی ہوا پلوا کے مے رکھتی ہے مست + رقص دکھلا دیتا ہے ابر کرم طاؤس کا (آتش)

رقص و سرود ع ف۔ اسم مذکر۔ ناچ رنگ۔ گانا بجانا۔ راگ رنگ +

رُقعہ ع۔ اسم مذکر (۱) پُرزہ۔ پرچہ (۲) دعوتی۔ چیتھڑا۔ پیوند۔ تھگلی (۳) خط کا پرچہ۔ چٹھی۔ کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑا۔ خط (۴) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے باپ دادا۔ پردادا وغیرہ کا نام اور حسب و نسب لکھکر دُلہن کے گھر جاتا ہے (۵) کسی تقریب یا شادی میں بُلانے کا اطلاعی رنگین پرچہ (۶) ہنڈی۔ ہنڈی کا پرچہ +

رقعہ آنا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) کسی تقریب کا بلاوا آنا (۲) پیغام نسبت کا آنا +

رقعہ جانا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ نسبت کا پیغام جانا +

رَقم ع۔ اسم مؤنث (۱) خط۔ نوشتہ۔ تحریر (۲) نقش۔ مُہر۔ نشان۔ چھاپ۔ چھاپا (۳۔ ا) ہندسہ۔ عدد۔ روپوں کے وہ نشان یا ہندسے جو ایک خاص صورت میں الفاظ کا اختصار کر کے بنائے گئے ہیں جیسے عدد کی صورت ۸ عدد اں ۸ ٹ ۸ ثلاثہ ۳ ۔ اربعہ ۴ لکھ ۱۰۰۰۰۰ ۔ ستہ ۶ سبعہ ۷ ثمانیہ ۸ تسعہ ۹ عشرہ ۱۰ وغیرہ + بیگہ بسوے وغیرہ کے ہندسے جو قریب قریب روپوں کے ہندسوں کے مطابق ہیں (۴۔ ا) ٹوم۔ زیور۔ گہنا پاتا (۵۔ ا) سونے کی چڑیا۔ مالدار آدمی دولتمند (۶۔ ا) اعجوبہ۔ عجیب آدمی چلتا ہوا پرزہ۔ چالاک۔ ہوشیار (۷۔ ا) نوچی۔ کم سن کسبی (۸۔ ا) جنس۔ بھانت۔ قسم + ڈھنگ۔ طور طریق (۹۔ ا) بچی۔ تشخیص کی شرح۔ شرح لگان (۱۰۔ ا) جواہرات جواہر (۱۱۔ ا) مال و دولت۔ جوکھوں۔ قیمتی چیز +

لیکے دل آپ جگر چھوڑ گئے سینے میں + ایک رقم یاد رہی ایک رقم بھول گئے (داغ)

تمیں نہ ہو نکیونکہ کر لیا ہے داغ کا دل + یہ رقمہ ہاتھ لگتی نہ یہ افتخار ہوتا

رقم کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ لکھنا۔ تحریر کرنا +

رقم وار ع + ف۔ تابع فعل۔ تفصیل وار +

رکا

رَقیب ع۔ اسم مذکر (۱) نگہبان۔ محافظ۔ رکھوالا۔ پاسبان (۲) حریف۔ ہم پیشہ۔ (۳۔ ا) دشمن۔ عدو۔ مخالف ۱۰ ۔

یہ نہ ہو گا کہ مرے قتل سے درگزریں گے + جو رقیبوں نے سکھایا ہے وہ کر گزریں گے (مخیر)

(۴) جب ایک معشوق کے کئی عاشق ہوں تو ان میں ہر ایک ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے کیونکہ ہر شخص اپنے معشوق کو دوسرے سے بچانا اور اس کی حفاظت کرنا چاہتا ہے پس اسی وجہ سے بعض اوقات مُخل پر بھی اطلاق ہو جاتا ہے (معروف) ایسے ہفتہ دوست کی خاطر بیت جا اے رقیب + چاروں کی بات ہے یاروں سے بھی یارانہ تھا + (فیاض) غیروں کا ہو عمل نہ عمل کا ہو کچھ اثر + میرا رقیب یار کا ہمزاد ہو گیا +

رَقیق ع۔ صفت (۱) پتلا + باریک۔ پانی کی مانند۔ پتلے قوام کا (۲) نرم۔ ملائم۔

رقیق القلب ع۔ اسم مذکر۔ نرم دل۔ رحم دل۔ ملایم دل۔ صاحب درد۔ وہ شخص جس کا دل جلد بھر آئے + ترس کھانے والا۔ دیاوان۔ دیالو۔ دیاونت +

رُقیمہ ع۔ اسم مذکر۔ خط۔ مکتوب۔ چٹھی۔ رقعہ +

رِکاب م ع۔ اسم مونث (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے اور سوار اسپر پاؤں رکھکر گھوڑے پر چڑھتا ہے۔ لوہے کا گھوڑے پر چڑھنے کا حلقہ (۲)۔ رکابی۔ صحنک + پیالہ + ڈھوبری۔ تھالی + طباق۔ طبق + صحاف +

رکاب دار ف۔ اسم مذکر۔ (۱) رکابیوں میں کھانا چننے اور خوبصورتی سے لگانے والا خانساماں۔ وہ شخص جو باورچی گری میں ید طولیٰ رکھتا ہو۔ ایک قسم کے باورچی جو عمدہ عمدہ کھانا پکاتے اور نئی نئی طرح سے ہر ایک چیز جیسے اچار مربّے۔ حلوا لوزیات وغیرہ تیار کرتے ہیں (۲)۔ رکاب پکڑ کر گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر۔ بادشاہوں کی سواری کے ساتھ کھانا لیکر چلنے والا ملازم۔ خاصہ بردار +

رکاب دوال ع + ف۔ اسم مؤنث۔ وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی رہتی ہے۔ رکاب کا تسمہ +

رکابی ف۔ اسم مونث۔ صحنک۔ تھالی۔ تشتری چھوٹا طباق۔ طبقچہ کٹھوتی۔ ڈھوبری +

رکابی سائنہ ا۔ اسم مذکر ع۔ طباق سائنہ۔ چوڑا چکلا سائنہ۔ طباق چہرہ +

رکابی مذہب ا۔ صفت۔ طعام تلاش۔ نیبو نچوڑ۔ ہر دیگی چمچہ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رکا

طبیعی + لالچی۔ طامع۔ وہ شخص جو کھانے کے لالچ سے ہر طرف ڈھلا جائے۔ تھالی کا بینگن۔ بن پیندی کا بدھنا۔ زمانہ ساز۔ دُنیا ساز۔ ابن الوقت۔ خوشامدی۔ ؎

سب اُسے جانتے ہیں ہے وہ رکابی مذہب } خالو جعفر علی
اُسکو لالچ کوئی دیگا تو وہ ڈھل جائیگا } صاحب مرحوم

رکان ا۔ اِسم مُونث۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ جیسے مجھے اِس کام کی رکان خوب یاد ہے۔

رُکاؤ ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) انقباض۔ روک۔ ٹھہراؤ۔ اٹکاؤ۔ توقف۔ ؎

رکاؤ خوب نہیں طبع کی روانی میں کہ بُو فساد کی آتی ہے بند پانی میں (ذوق)

(۲) تعرُّض۔ مزاحمت (۳) رنجش۔ آزُردگی +

رُکاوٹ ہ۔ اِسم مُونث۔ روک۔ کشیدگی۔ انقباض۔ اٹکاؤ۔ ٹھیراؤ۔ خفگی۔ رنجش۔ کدورت۔ آزُردگی۔

کھول آغوش نہ تو مجھ سے کاوٹ سے لپٹ اب جو لپٹا ہے تو آپس کی کروٹ سے لپٹ (انشاء)

رکت س۔ اِسم مذکر (ہندو) لہو۔ خون۔ دم۔ رُوھر + لال۔ سُرخ +

رکت بہانا ہ۔ فعلِ متعدی (ہندو) خون بہانا۔ خُون نکالنا۔ زخمی کرنا۔ مجرُوح کرنا + گھائل کرنا۔ لہولہان کرنا۔ خُونم خُون کرنا +

رکت چندن ہ۔ اِسم مذکر (ہندو) سُرخ صندل جو درجہ دوم میں کرُوٹ سے ہے

رُک رُک کر ہ۔ تابع فعل۔ گھُٹ گھُٹ کر۔ منقبض ہو ہو کر۔ ؎

دُوری میں جی کی مر گئے اِک رُک کے میر ہم نکلا نہ وہ سو ہو کے ہمارے مزار پاس (میر)

رکشا س۔ اِسم مُونث (ہندو) رچھا۔ امان۔ حفاظت۔ پالن پناہ۔ نگہبانی۔ محافظت۔ رکھوالی۔ بچاؤ (۲) راکھی (۳) بھبُوت۔ راکھ۔ بھبم +

رکشا بندھن ہ۔ اِسم مُونث۔ راکھی۔ باندھنے کی رسم۔ ساونی کا تہوار جسمیں ہندو لوگ اپنے ہاتھوں میں کلاوہ راکھی اور نوا ڈورے بندھواتے ہیں +

رکشا کرنا ہ۔ فعلِ مُتعدی (ہندو) بچانا۔ محفُوظ رکھنا۔ محافظت کرنا + پناہ دینا۔ امن دینا +

رکعت ع۔ اِسم مُونث (۱) خمیدگی۔ جُھکاؤ۔ جُھکاوٹ (۲) نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھائی حصہ جسمیں کوئی ع سجود بھی داخل ہو۔ نماز کا رکن +

رکعت دوڑنا یا۔ چلنا ا۔ فعلِ لازم۔ عوام۔ چرچا پھیلنا۔ مکھ دوڑنا۔ شہرت ہونا +

رُکن ع۔ اِسم مذکر (۱) ستون۔ پایہ۔ تھم۔ کھم + تھُونی + جُزو اعظم +

رکھ

پیل پایہ (۲۔ ا) سربراہ کار۔ کارندہ۔ معتمد علیہ (۳۔ ا) اڈھار (۴۔ ا) حصّہ۔ جُزو۔ ؎

طاعت میں تیری ہے کسی قدر اگر اعظم یہی ہے رُکن ہماری نماز کا

رُکنِ سلطنت ع۔ اِسم مذکر۔ وزیر۔ منسٹری۔ متصدی۔ اُمورِ سلطنت +

رُکنا ہ۔ فعلِ لازم (۱) ٹھیرنا۔ تھمنا۔ ؎

یہ رُک رُک کے کرتے ہو اوروں کی باتیں سکھائی ہوئی گفتگو ہے کسی کی

(۲) ہچکلانا۔ تُتلانا۔ لکنت کرنا (۳) کشیدہ ہونا۔ منقبض ہونا۔ کھنچنا۔ رُکے جو کوئی اُس سے رُک جائے چھُٹے جو کوئی اُس سے جُھک جائے (میر حسن)

(۴) باز رہنا (۵) ٹھٹکنا۔ اٹکنا۔

اپنا وہ پاس جانا کہنا کہ ملئے اے جان اُسکا پھرے سرکنا رُکنا عتاب کرنا (نظیر)

(۶) دم لینا۔ قیام کرنا۔ دیر کرنا۔ توقف کرنا (۷) پس و پیش سوچنا۔ پسوپیش سوچنا۔ شش و پنج میں ہونا۔ دُبدھا یا دھکڑ پکڑ کرنا۔ دو دِلا ہونا (۸) ڈٹنا۔ سنگھ ہونا جمنا (۹) معمُور ہونا۔ خالی نہ رہنا۔ پُر ہونا جیسے گھڑا بھرنا (۱۰) بند ہونا۔ مسدُود ہونا۔ جیسے راستہ یا تنخواہ رُکنا (۱۱) ع حیض نہ آنا۔ احتباس ایام ہونا (۱۲) مجامعت سے باز رہنا۔ جماع نہ کرنا (۱۳) جھجکنا۔ پسکنا۔ بھڑکنا۔ چونکنا۔ چمکنا (۱۴) چلنے یا بننے سے رہنا (۱۵) گھُٹنا۔ پیچ و تاب کھانا۔

سنے ہے جسدم گلی میں اپنی وہ فتنہ گر شور و شر ہمارا } (جرأت)
تو دل میں رُک رُک کے وہ کہے ہے نہیں ہے کچھ اِس کو ڈر ہمارا

(۱۶) خفا ہونا۔ ترک ملاقات کرنا۔

اول تو نہیں رُکتا اور جس سے رُکیں میں مُنہ کھوے خزانوں کے تو بھی نہ کھُلیں (معروف)

(۱۷) اِعراض کرنا۔ رُوگرداں ہونا۔

فروتن سے جھکتا تو سرکش سے رُکتا وُہ رُستم ہیں جو یہ کمان کھینچتے ہیں (دبیر)

رُکوع ع۔ اِسم مذکر۔ جُھکاؤ۔ عاجزی سے جُھکنا (نماز کا چوتھا فرض جس میں کھڑے ہونے کے بعد گھٹنوں پر ہاتھ رکھکر جُھکتے اور پھر سجدے کھڑے ہو کر سجدہ میں جاتے ہیں) +

رکھانا ہ۔ فعلِ متعدی۔ عوام۔ دیکھو (دھروانا) +

رکھائی ہ۔ اِسم مُونث۔ نہانی۔ برسیوں کے ایک اوزار کا نام جس سے لکڑی کھودتے ہیں۔ اسکنہ +

رُکھائی ہ۔ اِسم مُونث (۱) روکھا پن۔ خشکی کم توجہی۔ بے التفاتی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رکھ

بیرخی بے کجی خلقی - بدمزاجی - کج ادائی - بے پروائی - نامہربانی - بداخلاقی - دور سے دیکھ مجھے چین بجبیں ہو جانا تاکہ کچھ کہہ نہ سکوں بل بے رُکھائی تیری (فراغ)

(۲) بیمروتی - بیوفائی - روگردانی - اعراض - بے اعتنائی - انکار - چشم نمائی ؎

دغابازی تو دیکھو اُس کی یارو دین و دل لیکر دیا ہے ایک بوسہ دوسرے پر اب رُکھائی ہے } شایق

کہاں ہے مجھ میں یہ جرأت کہ تم کو جانے نہ دوں پر اس رُکھائی سے مجھ سے نہ تم چھڑاؤ ہاتھ } جرأت

رُکھائی بتانا - یا بتلانا ؎ - فعل متعدی - آنکھیں دکھانا - چشم نمائی کرنا - کج ادائی کرنا - دھتکارنا - بدمزگی ظاہر کرنا - منہ نہ لگانا - خاطر میں نہ لانا - توجہ نہ کرنا - رُخ نہ دینا - خفا ہونا +

جب لگاوٹ کی مری ہر بات میں پانے لگا باتوں باتوں میں رُکھائی یار بتلانے لگا (عضنفر)

رُکھائی دینا - ؎ - فعل متعدی - بیرخی کرنا - بے اعتنائی کرنا - کج ادائی کرنا - مُنہ بنانا - تیوری چڑھانا - چیں بجبیں ہونا - چشم نمائی کرنا + ؎

قتل کرتا ہے مجھے جب وقت یاد آتا ہے آہ وہ رُکھائی دیکے اُسکا دیکھ لینا پیار سے (معروف)

رُکھائی کی لینا ؎ - فعل لازم - دیکھو (رُکھائی دینا) +

رُکھائیاں ؎ - اسم مؤنث - رکھائی کی جمع +

رُکھائیاں بتانا ؎ - فعل متعدی - خفگی سے ٹالنا - کج ادائی کرنا - بیرخی سے پیش آنا - توجہ نہ کرنا - بیمروتی کرنا + ؎

بس بس رُکھائیاں نہ بتلاؤ لیکے دل مرتا ہوں لو بتاؤ کوئی ڈھب نباہ کا (جرأت)

رُکھائیاں دینا ؎ - فعل متعدی - بیمروتی کرنا - کج ادائیاں کرنا - کنارکش ہونا - کنارہ کرنا - بیرخی سے پیش آنا - دھتکارنا + ؎

اُن میں کدورتیں نہ کہیں ایسا نہ ہو کہ روٹھ جائیں دیویں ہم رُکھائیاں آتش و باد و آب و خاک } انشا

رکھ دینا ؎ - فعل متعدی (۱) دھر دینا - ٹکا دینا - چھوڑ دینا + بسا دینا + اُتار دینا + گرہوں کر دینا + بازی لگا دینا (باقی معانی لفظ رکھنا سے ملالو) +

رَکھ رکھاؤ ؎ - اسم مذکر - محافظت - حفاظت - نگہداشت - دیکھ بھال - خبرگیری جیسے گھوڑے اور بچے کا رکھ رکھاؤ ہی تو شکل ہے +

رکھ

رَکھکر کہنا ؎ - فعل لازم - کسی پر ڈالکر کہنا - ڈھالکر کہنا (۲) پوری بات نہ کہنا - آدھی بات کہنا - بات چبا جانا + کٹوں بات کہنا +

رَکھنا ؎ - فعل متعدی (۱) دھرنا - ٹکانا (۲) بچانا - محافظت کرنا - خبرداری کرنا - جیسے جان رکھنا جسے خدا رکھے اُسے کون چکھے (۳) جمع کرنا - اکھٹا کرنا - جوڑنا - سینتنا (۴) عاید کرنا جیسے الزام رکھنا (۵) چھوٹنا - ملتوی کرنا - مختصر کرنا - موقوف کرنا - انحصار کرنا - جیسے یہ کام کل پر رکھو (۶) دفن کرنا - قبر میں اُتارنا - دفنانا - توپنا - دابنا - تدفین کرنا ؎

عریاں اُٹھینگے قبر سے آخر تو حشر کو رکھدو ہمیں یونہیں جو ہمیں ہے کفن نہو (غافل)

(۷) رہن کرنا - گرہوں دھرنا - کفالت میں دینا - بندھک کرنا ؎

جنکو ہم زاہد سمجھتے تھے بڑا سو آظفر میکدے کی کچ تک عمامہ رکھکر آئے (ظفر)

(۸ - لوطی) دخول کرنا - داخل کرنا (۹ - عیاش) ساتھ سلانا - شب باش کرنا صحبت داری کرنا (۱۰) دبالینا - مارلینا - قابض ہو جانا (۱۱) روکنا - ٹھیرانا ٹکانا جیسے مہمان رکھنا (۱۲) مقرر کرنا - تعین کرنا - بھرتی کرنا - ملازم بنانا جیسے آدمی رکھنا - (۱۳) نطفہ ڈالنا جیسے پیٹ رکھنا (۱۴) نصب کرنا - کھڑا کرنا - قائم کرنا - گاڑنا (۱۵) لگانا - مارنا جیسے دودھ پہ مکھی (۱۶) انڈے دینا - جیسے کبوتر نے انڈے رکھے (۱۷) دینا دھرانا - معترض ہونا - تردد ہونا جیسے ہم کیا انکا کچھ رکھتے ہیں (۱۸) حوالہ کرنا - پیش کرنا - موجود کرنا - حاضر کرنا - گزارنا - دینا جیسے چار روپے رکھے جب چھپا چھوڑا (۱۹) نذر کرنا - بھینٹ چڑھانا جیسے دیوتا یا ولی کی درگاہ پر رکھنا (۲۰) ٹالنا - ٹالنا - آل بالا بتانا جیسے کام سے رکھنا (۲۱) ترقی نہ ہونے دینا - درجہ نہ بڑھنے دینا (۲۲) مار لینا - سلامت نہ جانے دینا جیسا یکے وچوروں کو تو اُس نے رکھا (۲۳) حوالات کرنا (پورب میں) حاجت میں بھیجنا حراست میں بھیجنا (۲۴) پکڑنا - گرفتار کرنا - قید کرنا جیسے حاکم نے چار برس کو رکھ دیا (۲۵) ڈالنا - بٹھانا - مدخولہ بنانا جیسے رنڈی گھر میں رکھنا (۲۶) دُکان لگانا - سودا دھرنا (۲۷) سنگوانا - سنبھالنا جیسے چیز بکھے اپنی اور چوروں گالی دے (۲۸) تحویل کرنا - سپرد کرنا - ڈپوزٹ میں دینا - سپردگی میں دینا - دھروڑیا امانت سونپنا (۲۹) اُتارنا - فروکش کرنا جیسے سرائے میں رکھنا - گھر میں رکھنا (۳۰) جوں کا توں رہنے دینا - بنا رکھنا - برقرار رہنے دینا (۳۱) داؤں پر لگانا - اڑنا - شرط پر لگانا - شرط بدنا - بازی لگانا (۳۲) کسی برتن کے اندر کوئی چیز بھرنا - اُتارنا - سمانا - برتن میں ڈالنا (۳۳) پرورش کرنا - پالنا جیسے جانور یا کبوتر رکھنا (۳۴) قبول کرنا - منظور کرنا - واپس نہ کرنا جیسے کسی ہدیہ یا تحفہ کو رکھنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رکھ

(۳۵) پس انداز کرنا۔ بچانا۔ رکھ چھوڑنا۔ تو فیر میں رکھنا۔ جیسے تنخواہ میں سے کیا رکھتے ہو؟ (۳۶) کرنا جیسے آرزو رکھنا۔ اتہار رکھنا۔ ضد رکھنا۔ عداوت رکھنا جیسے بکپت رکھنا یعنی اوروں کی عزت کر اپنی عزت کرا وغیرہ (۳۷) کام میں لانا برتنا۔ صرف میں لانا جیسے اس چیز کو اتنے دن رکھا اور پھر نہ ٹوٹی (۳۸) مصروف کرنا۔ دھندے میں لگانا جیسے کام رکھنا (۳۹) چرانا۔ خیانت کرنا۔ نکال لینا۔ جیسے چیز میں سے چیز رکھ لیتا ہے (۴۰) باقی چھوڑنا۔ رہنے دینا جیسے اُسنے گھر کا کچھ نہیں رکھا سب بیچکر کھا لیے لگا دیا (۴۱) ذمہ ڈالنا۔ تھوپنا جیسے بات رکھنا (۴۲) پلے باندھنا۔ جیب میں ڈالنا جیسے یہ روپے تو رکھو اور پھر لے لینا (۴۳) پاٹنا۔ چھانا۔ جیسے کڑیاں یا پھر وغیرہ رکھنا ان بھاتی کے علاوہ اس لفظ کے اور بھی بہت معنی اپنے اپنے موقع پر کہیں مرکبات میں اور کہیں علیحدہ آتے ہیں جنکو بباعث تطویل موقوف رکھا

رکھوالا ۔ہ۔ اسم مؤنث (گنوار) محافظ۔ نگہبان۔ پاسبان۔ چوکسی کرنیوالا۔ کھیت کی نگہبانی کرنے والا۔ چوکیدار۔ پہرے دار۔ سنتری۔ خبرداری کرنے والا۔ ناظر۔ نگراں +

رکھوالی ۔ہ۔ اسم مؤنث (گنوار) محافظت۔ پاسبانی۔ چوکسی۔ نگہبانی۔ چوکیداری نگرانی (۲) محافظت کی اُجرت۔ چوکیداری کی تنخواہ +

رکھوانا ۔ہ۔ رکھنے کا متعدی۔ دھروانا۔ محافظت کروانا۔ بچوانا۔ جمع کروانا + ملتوی کروانا + دفن کروانا + گرہوں کروانا + دخل کروانا + ساتھ سلوانا۔ شب باشی کروانا + قبضہ کروانا + رُکوانا + فوکر کروانا + نقطہ ڈلوانا + کھڑا کروانا۔ پچوانا + نذر کروانا + پکڑوانا + قید کرانا + ترقی رُکوانا + سپرد کرانا + لینا۔ جیسے دس روپے رکھوالئے + بھروانا + پیروی کرانا۔ پلوانا۔ کرانا۔ کام سے لگوانا وغیرہ +

رکھی ۔ہ۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (رکھی)

رکھی ہے ۔ہ۔ محاورہ۔ دھری ہے؟ موجود ہے؟ کیسی؟ نہیں ہے۔ ایک عمر چاہئے کہ گوارا ہو نیشِ عشق رکھی ہے آج لذتِ زخمِ جگر کہاں (غالب)

رکھیبی ۔ہ۔ اسم مؤنث (رکھائی کا مالہ یا بگڑا ہوا لفظ) دیکھو (رکھائی)

رکھیک ۔ع۔ صفت۔ (۱) سُست۔ ضعیف۔ کمزور۔ دُبلا پتلا + باریک حقیر۔ (۲۔ا) ذلیل۔ خفیف + ادنےٰ +

رگ ۔ف۔ اسم مؤنث۔ (۱) نس۔ عرق + ناڑی۔ نبض۔ جسم کی وہ نلیاں جن میں خون رہتا ہے + ؎

رگ

کیا پوچھتا ہے ہمدم اس جمِ ناتواں کی رگ رگ میں نیش غم ہے کیئے کہاں کہاں کی (لالہ اصل)

(۲۔ا) پٹھا۔ عصب (۲) پھول یا پتے کا ریشہ ؎

کمال اے غیرتِ گل ہے تری نازک کمر تیلی
رگِ گل بھی نہیں باغِ جہاں میں اس قدر پتلی } ناسخ

(۳۔ا) آنکھ کا ڈورا جیسے رگِ چشم (۵۔ا) خاصہ۔ عادت۔ عادتِ بد جیسے تمہاری رگ کو میں خوب جانتا ہوں۔ کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے (۶۔ا) ضد۔ ہٹ۔ اڑ + عقدہ جیسے تمہاری رگ ابھی نہیں اُتری (۷۔ا) رکان + ڈوری۔ باگ جیسے اُس کی رگ میرے ہاتھ ہے (۸۔ا) اصل۔ نسل۔ ذات۔ بنیاد جیسے میں تمہاری رگ سے واقف ہوں (۹۔ا) تار۔ تاگا۔ دھاگا۔ رشتہ۔ ڈورا +

رگ اُترنا ۔ا۔ فعل متعدی (۱) ضد اُترنا۔ ہٹ یا اڑ نہ رہنا + عقدہ فرد ہونا + ؎

الگ گر اترے وہ جسے الگ اُترنے دو کوئی نہ بولو ذرا اُسکی رگ اُترنے دو (معروف)

(۲) آنت کا فوطہ میں اُترآنا +

رگ پٹھے سے واقف ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ اصل نسل اور عادت سے واقف ہونا۔ مزاجداں ہونا۔ رکان جاننا۔ ذات بنیاد سے آگاہ ہونا +

رگ پھڑکنا ۔ا۔ فعل لازم۔ ساتھ ٹھنکنا۔ کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہو جانا۔ شدنی امر پر واقف ہو جانا + ؎

جذبِ دل نے دکھایا اثرِ مقناطیس رگ پھڑکتے نہ لگی دیر کہ قضا آیا (امداد علی بحر)

رگِ جاں ۔ف۔ اسم مؤنث۔ شہ رگ۔ وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا اور دل سے تعلق رکھتی ہے۔ شاہ رگ۔ لال رگ +

رگ چڑھنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) ضد چڑھنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑنا۔ (۲) مچلا ہونا۔ مگرا ہونا +

رگ دار ۔ف۔ صفت۔ ریشہ دار۔ لیسلا + مخطط +

رگ دبنا ۔ا۔ فعل لازم۔ رکان ہاتھ ہونا۔ ڈرنا۔ کل ہاتھ میں ہونا جیسے اس کی رگ ہم سے دبتی ہے +

رگ زن ۔ف۔ اسم مذکر۔ فصاد۔ مفصد کھولنے والا جراح +

رگِ غیرت ۔ف۔ مع۔ اسم مؤنث۔ جوشِ غیرت۔ جوشِ حمیت +

رگ کھڑی ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ نس پھولنا۔ رگ اُبھرنا +

رگِ گردن ۔ف۔ اسم مؤنث۔ حبل الورید۔ وہ بڑی بڑی دو رگیں

رگ

جو گردن کے دونوں طرف واقع ہیں اور غصّے یا چیخنے کے وقت کھڑی ہو جاتی ہیں۔ ایران میں غرور و تکبّر عجب کے معنی میں بولتے ہیں ✦

رگِ گردن کھڑی کرنا۔ ف۔ فعل متعدّی۔ غضب و غصّہ ظاہر کرنا۔ اس طرح چلّانا جس سے گردن کی رگیں کھڑی ہو جائیں ✦

رگ و ریشہ۔ ف۔ اسم مذکّر۔ رگ پٹھا۔ گوشت پوست۔ اصل نسل ✦ خُو بُو۔ عادت و خصلت ✦ ذات بُنیاد ✦

رگ و ریشہ میں پڑنا۔ ف۔ فعل لازم۔ گوشت پوست اور ضمیر و سرشت میں داخل ہونا۔ گھٹّی میں پڑنا ✦

رگڑ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ گھڑنچ خراش۔ گھِسا پھِسلن۔ مالش ✦ چینٹ۔ خفیف زخم۔ ہلکا سا گھاؤ ✦ وہ نشان جو دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا لڑنے سے ہو جائے ✦

رگڑ لگنا۔ ف۔ فعل لازم۔ گھِسا لگنا۔ کھڑنچ لگنا ✦ ٹکرانا ✦

رگڑ کھانا۔ ہ۔ فعل متعدّی۔ پھسل جانا۔ کھڑنچ لگنا۔ گھِسا کھانا ✦

رگڑا۔ ا۔ اسم مذکّر (۱) گھِسا۔ خراش ✦ سودن کیرو رگس۔ جیسے لگے رگڑا مٹے جھگڑا (۲) بھنگ کا گھوٹا ✦ بھنگ گھوٹنا (۳) پینا ✦

رگڑا جھگڑا۔ ہ۔ اسم مذکّر۔ مناقشہ۔ فساد و نزاع۔ بحث و تکرار۔ لڑائی بھڑائی۔ جھگڑا اٹھنا ✦ ہ

مجھ میں اور آپ میں رہتے ہیں جو رگڑے جھگڑے آپ ہی اُن کو نبیڑ لیں تو نبڑ سکتے ہیں (انشاء)

رگڑنا۔ ہ۔ فعل متعدّی (۱) گھسنا۔ سائیدن کا ترجمہ (۲) ملنا۔ باہم سودن کا ترجمہ جیسے مصالحہ رگڑنا (۳) صاف کرنا ✦ مانجھنا۔ چمکانا۔ رندہ کرنا (۴) گھوٹنا۔ گھوٹا لگانا جیسے بھنگ رگڑنا (۵) بازاری) رگیدنا۔ کھانا کھینچنا ✦ عورت سے خوب کام لینا۔ بخوبی مجامعت کرنا۔ (۶) تنا ہوا چلانا (۷) متحرک کرنا۔ حرکت دینا (۸) سِلانا۔ آہستہ آہستہ ملنا ✦

رگوید یا رگ وید۔ ہ۔ اسم مذکّر۔ چاروں ویدوں کا پہلا وید ✦

رَگی / رگیلا / رگیلی ا۔ صفت (۱) رگ دار ✦ صندی۔ ہٹیلا۔ ہٹیلی ✦ خود رائے ✦ عادتِ بد پر اصرار کرنے والا۔ سرکش۔ مفسد۔ حرامزادہ۔ بدذات۔ متقی ✦ ہ

خدا جانے یہ کس کا ہے مُوت خوجا قیامت رگیلا ہے یا قوت خوجا (رنگین)

(۲) وہ کپڑا جسکے تار دکھائی دیتے اور اچھا نہیں ہوتا ✦ موٹی موٹی رگوں کا بان ✦

رگیدنا رگاوکڑ ہ۔ تابع فعل (۱) گھیر گھار کر۔ مار پیٹ کر (۲) اپنا کام نکالکر

رم

رگڑ رگڑا کر۔ حاجت روائی کر کے (۳) پہلوان) کشتی دلا کر۔ کسرت کرا کر گھِس گھِسا کر ✦

رگیدنا۔ ہ۔ فعل متعدّی (۱) بھگانا۔ کھدیڑنا۔ پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا ✦ ہ

وہ آنکھیں یاد آئی ہیں مجھے جب دشت وحشتیں غزالوں کو رگیدا ہے چکارا کو کھدیڑا ہے (بحر)

(۲) کام میں لانا۔ استعمال میں رکھنا جیسے دس برس تک اِس کپڑے کو گھیدا جب بھی نہ پھٹا (۳) بازاری) مجامعت کرنا۔ لگنا۔ رگڑنا (۴) تنگ کرنا۔ حیران کرنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا ✦

رگیں مرنا۔ ف۔ فعل لازم۔ عضوِ تناسل کی رگوں کا سست ہونا۔ نامرد ہونا۔ رجولیت نہ رہنا ✦

رَلا۔ ہ۔ اسم مذکّر (ہندو) (۱) ملاؤ۔ آمیزش (۲) جھمیلا۔ بکھیڑا (۳) مغالطہ۔ بھول ✦

رلا پڑنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ مغالطہ پڑنا۔ حساب میں بھول پڑنا۔ حساب کا رل مِل جانا۔ جھمیلا پڑنا۔ بکھیڑا ہونا ✦

رلا ڈالنا۔ ہ۔ فعل متعدّی (۱) جھمیلا ڈالنا۔ بکھیڑا پھیلانا۔ مغالطہ ڈالنا ✦ جھگڑا ڈالنا۔ بھول ڈالنا (۲) ملا دینا۔ آمیز کر دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ التباس کرنا ✦

رلا نکل جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ حساب کی غلطی کا دور ہو جانا۔ مغالطہ نہ رہنا۔ حساب صاف ہو جانا ✦ گڈمڈ کرنا

رلانا۔ ہ۔ فعل متعدّی (ہندو) ملانا۔ آمیز کرنا ✦ شامل کرنا۔ غلط ملط کرنا۔ گڑبڑ کرنا

رل مِل کر رہنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اختلاط اور محبّت سے رہنا۔ اتحاد سے رہنا۔ مِل جُل کر رہنا ✦

رَلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ (ہندو) ملنا۔ آمیز ہونا ✦ شامل ہونا۔ جیسے ذات میں رلنا ✦ سازش کرنا ✦ گڈمڈ ہونا ✦ گڑبڑ ہونا ✦

رُلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ رُلا جانا۔ پھٹکا جانا۔ اوپر اوپر سے کسی چیز کا لیا جانا چھٹنا۔ صاف ہونا ✦

رِم۔ انگلش (Ream) اسم مذکّر۔ کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔ چار سو اسّی تختوں کا گٹھا۔ مگر اب پانسو تختوں کا رِم بھی آنے لگا ہے ✦

رَم۔ ف۔ اسم مذکّر۔ بھاگڑ۔ رمیدگی۔ وحشت و گریز۔ نفرت۔ جدائی ✦ ہ

جوشِ خلق نے اُسکو بھی دیوانہ کر دیا پہلے تو اُسکے طبع و تحمل میں رم نہ تھا (مومن)

رم کرنا۔ ا۔ فعل متعدّی بھاگنا۔ وحشت کرنا ✦ فرار کرنا۔ نفرت کرنا ✦

رَم۔ انگلش (Rum) اسم مؤنث۔ گڑ کی شراب۔ انگریزی گھٹکی شراب۔ انگریزی بھٹی۔ ا۔ ایک قسم کی مقطر شراب۔ یکسیدہ کی ہوئی گڑ کی شراب ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رما

رَمّال ع۔ اسم مذکر۔ عمل رمل جاننے والا نجومی جو تشتی۔ قرعہ انداز منجم شاعر نہیں۔ طالع شناس۔ (ایک قدیمی غیب دانی کا علم ہے جو بندیوں اور خطوط اور رقعہ کے ذریعہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ اسے علم ہیئت کا جزو خیال کرتے ہیں۔ سولہویں صدی میں ممالک یورپ میں بھی اسکا رواج اور اعتقاد تھا۔ دانیال پیغمبر سے اس علم کو منسوب کرتے ہیں)۔

رَمانا ۔ہ۔ فعل متعدی (۱) گھمانا۔ پھرانا۔ گشت کرانا (۲) گم کرنا۔ کھونا۔ گنوانا۔ بھگانا۔ ہرزہ گرد کرانا (۳) سیر کرانا۔ بھرمانا۔ بھگانا۔ فرار کرنا (۵) کام میں لانا۔ رگیدنا۔ رگڑنا۔ استعمال میں لانا جیسے آئی تو سہی نہیں تو فقط چار دن رما۔

رُمال ۔ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو رومال (منہ پونچھنے کا کپڑا)۔

رَمبھانا ۔ہ۔ فعل لازم (گنوار) گائے کا بولنا۔ بھینس کا ڈکرانا جیسے چور کے پیٹ میں گائے آپ ہی آپ رمبھائے۔

رَمتا جوگی ۔ہ۔ اسم مذکر۔ پھرتا پھراتا ہوا جوگی۔ سیاح۔ درویش مسافر فقیر۔

رِم جھم ۔ہ۔ تابع فعل (پوربی) بارش کی خفیف آواز۔ ٹھنکے کی آواز۔ چھم چھم جیسے رِم جھم رم جھم میہ برسے لرجے مہارو جیارا۔

رَم چَرَوایا رَمچَرا ۔ہ۔ اسم مذکر (پوربی) رام کا چیلا۔ بندۂ خدا۔ غلام۔ باندی۔

رَمَدْ ع۔ اسم مذکر۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے اکثر سرخی رہتی ہے۔

رَمز ع۔ اسم مؤنث (۱) آنکھوں بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ۔ غمزہ۔ عشوہ۔ غنج و دلال (۲) ایما۔ اشارہ۔ کنایہ۔ سینا بینی۔ سین (۳۔ا) معما۔ پہیلی۔ چیستان۔ لغز۔ پیچدار بات (۴۔ا) ستر۔ بھید۔ راز (۵۔ا) نکتہ باریکی۔ (۶۔ا) نوکا چوکی۔ نوک چوک (۷۔ا) آواز۔ توازہ۔ طنطنہ۔ (۸۔ا) علامت نشان جیسے رموز نقاط وغیرہ (۹۔ا) معاملہ۔ بات (۱۰۔ا) مخفی بات پوشیدہ بات۔ مستتر بات۔ مبہم بات (۱۱۔ا) ذومعنی بات۔ دو معنی بات۔ معمّی بات۔ پہلودار بات (۱۲) مغز سخن۔ بات کی جڑ۔ مراد۔ مفہوم۔

رمز چلنا۔ یا۔ رمز کی چلنا ۔ا۔ فعل لازم۔ اشارہ کنایہ ہونا۔ نوکا چوکی ہونا۔ آواز۔ توازہ پہنچا جانا۔ سینا بینی ہونا۔ سین چلنا۔

رمز کی باتیں ۔ا۔ اسم مؤنث۔ بھید کی باتیں۔ اشارے کنائے کی باتیں۔ طعنے مہنے۔ نکتہ کی باتیں۔

رمز مارنا ۔ا۔ فعل متعدی۔ (دیکھو) رمز پھینکنا۔

رَمضان ع۔ اسم مذکر۔ مسلمانوں کا تیسرا نواں مہینا۔ ماہ صیام۔ ماہ روزوں کا چاند جس میں اہل اسلام مہینا بھر تک برت رکھتے۔ راتوں کو تراویح پڑھتے۔ اور نہایت عبادت الٰہی میں مشغول رہتے ہیں چنانچہ مثل مشہور ہے۔ رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی چونکہ (رَمَض جلانا۔ جلنا۔ اور ریز سنگ گرم وتپاں کے معنی میں ہے۔ اس سبب سے خیال کیا جاتا ہے کہ یہ متبرک مہینا چونکہ گناہوں کو جلاتا۔ نفس سرکش کو سوختگی اور تکلیف دیتا ہے۔ اس وجہ سے اس نام سے موسوم ہوا یا یوں کہو کہ جس زمانہ میں اس مہینے کا نام رکھا گیا تھا۔ نہایت گرمی پڑ رہی اور پتھر تپ رہے تھے)۔

رمضان کے نمازی ۔ا۔ اسم مذکر۔ چند روزہ نمازی۔

رمضان رہنا ۔ا۔ فعل لازم (ظرافۃً) قحط رہنا۔ کھانے کو نہ ملنا۔ بھوکا مرنا۔ جیسے ان کے ہاں تو سدا رمضان رہتا ہے۔

رَمَضانی ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) رمضان کی پیدائش (۲) قحط زدہ بھوکوں کا مارا۔

رَمَق ع۔ اسم مؤنث (۱) بقیۂ جان۔ تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان۔ دم واپسین۔ دم اخیر۔ اخیر سانس (۲۔ا) ذرا ذرا سا۔ ٹک۔ تنک۔ قطرہ (۳۔ا) شبیہ۔ چاشنی۔ پھاؤں۔ کچھ اثر۔ پھٹکار۔

رمق بھر ۔ا۔ تابع فعل۔ قدر قلیل۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ ذرہ بھر۔ تنک سا۔ شمہ بھر۔

رَمَل ع۔ اسم مذکر (۱) ایک علم کا نام جسمیں ہندسوں اور خطوط وغیرہ کے ذریعہ سے غیب کی بات بتلاتے ہیں یہ علم حضرت دانیال پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے چونکہ رمل عربی میں ریت (ریگ) کو کہتے ہیں اور جبرئیل نے بحکم خدا ریت پر چند نقطے کا رکھ کر اُن کو یہ علم سکھایا تھا۔ اس سبب سے یہ نام پڑ گیا۔ مجازاً۔ نجوم۔ جوتش۔ ہندسہ وغیرہ (۲) عروض کے بحر کا نام جس میں آٹھ بار فاعلاتن کہتے ہیں۔

رَمنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) پھرنا۔ گھومنا۔ ڈولنا۔ گشت کرنا۔ سیر کرنا (۲) گم ہونا۔ کھویا جانا۔ جاتا رہنا (۳) آوارہ پھرنا۔ سرگردان پھرنا (۴) سمانا۔ بنا سرایت کرنا۔ جیسے رونگ رونگ میں رم رہا ہے (۵) بھاجانا۔ رفو ہونا۔ (۶) سیاحت کرنا۔ ملک کھوندنا۔ زمین ناپنا۔ ملک ملک پھرنا (۷) بھولنا۔ بھٹکنا۔ بہنا۔ کہیں کا کہیں چلا جانا جیسے آج کدھر رم گئے تھے (۸) محو ہونا۔ لٹو ہونا۔ موہا جانا۔ فریفتہ ہونا۔

سونا سیبھل دیکھے سیان بھی گنوائی بدھ پھول دیکھے رہے پھل کی رہی نہ سدھ (دوہا)

(۹) رہ پڑنا۔ چھاؤنی چھانا۔ مقیم ہونا۔ جیسے جہاں گئے وہیں رم رہے۔

رمنا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) چراگاہ۔ مرغزار۔ سبزہ زار۔ وہ جگہ جہاں جانوروں کی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رمو

بہت آمد و رفت رہے ✦ آمد و رفت کی جگہ ؎
یار کی آنکھیں پھرا کرتی ہیں دلمیں اپنی جو بوں ✦ اِن غزالوں کا مرا ویرانہ رمنا ہو گیا (لا اعلم)
(۲) شکار گاہ۔ صید گاہ۔ وہ جنگل جہاں بادشاہ وحشی جانوروں کو مارنے شکار کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں (جن لوگوں نے اسے فارسی قرار دیا غلطی کی) ✦

رُمُوز ع۔ اسم مؤنث (رمز کی جمع) ✦ (عوام بہ فتح راے مہمل بولتے ہیں)

رموز تموز۔ ا۔ اسم مؤنث۔ دیکھو اندازہ توازہ) ✦

رموز پھینکنا۔ یا۔ مارنا۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو رمز پھینکنا) ✦

رمیدگی ف۔ اسم مؤنث۔ وحشت۔ بھاگنا۔ تنفر ✦

رَمیم ع۔ صفت۔ گلی ہوئی۔ بوسیدہ۔ کہنہ جیسے عظمِ رمیم ✦

رَن ۱۔ اسم مذکر (۱) جنگ۔ معرکہ۔ مصاف۔ جدال و قتال۔ جُدھ۔ حرب۔ لڑائی۔ کارزار۔ رزم۔ صف آرائی (۲) گوہارِ جنگ۔ عظیم۔ مہابھارت۔ گھمسان (۳) لڑائی کا پالا۔ لڑائی کا کھیت۔ میدانِ جنگ۔ نبرد گاہ۔ جنگ گاہ۔ مقتل ؎

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے ✦ رن ایک طرف چرخِ کہن کانپ رہا ہے (دبیر)
(۴) داغ۔ آبلہ۔ نشان جیسے ماتا کا رن (۵) جنگل۔ ویرانہ۔ بیابان۔ (دکن میں بولتے ہیں (۶) اسم مؤنث) عورت۔ استری۔ بیوی۔ کلکہ۔ رانی۔ جیسے رنواس اسی وجہ سے زنان خانہ کو کہتے ہیں ✦

رَن بَن ۱۔ اسم مذکر (پورب) ویرانہ۔ اُجاڑ۔ جنگل۔ بیابان۔ شکار گاہ۔ شاہی گھنا ✦

رَن بولنا ۱۔ فعلِ لازم۔ (لکھنؤ) (۱) مقتل سے آواز آنا۔ میدانِ جنگ سے آواز نکلنا (جو لوگ اس لفظ کو انگریزی رن بمعنی دوڑنا سے خیال کرتے ہیں محض غلطی پر ہیں) وجہ یہ ہے کہ جہاں سے اُنہوں نے نقل کیا ہے وہاں اسکی تشریح نہیں اور محاورہ سے وہ سمجھے نہیں کیونکہ گرہ کی تعل ہوتی ہے ؎

عجب اُس ترک کا ہے عجب کشتوں پر ✦ اب بھی رن بول رہا ہے کہ وہ جلاد آیا (اسیر)
کشتی ہے مجرم الفت لیتی ہے صدا ✦ اور سنیئے بولتا ہے رن بھی قاتل کی طرح (ر)
(۲) چونکہ انگریزی میں رن بمعنی بھاگنا ہے پس جب انگریزی گیند بلے میں رن بولا کہینگے تو وہاں بھاگنے یا دوڑنے سے مراد ہوگی ۔ دوڑ بولنا ✦

رن بہادر ۱۔ اسم مذکر۔ جنگ بہادر۔ بہادر سرداروں کا خطاب ✦

رن بھُوم ۱۔ اسم مؤنث۔ میدانِ جنگ ✦

رن پڑنا ۱۔ فعلِ لازم۔ لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ جُدھ پڑنا۔ قلع قمع ہونا۔ جدال و قتال کا واقع ہونا۔ گھمسان ہونا ✦ ؎

رنج

گلستاں میں جو ترا طفلِ بدن پڑتا ہے ✦ بلبلیں لوٹتی ہیں آپس میں رن پڑتا ہے (اسیر)

رَن جیت ۱۔ اسم مذکر (ہندو) فاتح۔ مظفر۔ منصور۔ فتحمند۔ ملک گیر۔ کشور کشا۔ جہانگیر ✦

رَن۔ انگلش (Ram) اسم مؤنث۔ دوڑ جھپٹ (کرکٹ کھیلنے والوں کی)

رَنباس۔ یا۔ رَنوَاس ۱۔ اسم مؤنث (ہندو) رانیوں کے رہنے کی جگہ۔ راجہ کا زنان خانہ۔ محل ✦

رَنج ف۔ اسم مذکر (۱) دُکھ۔ درد۔ پیڑ۔ آزار۔ بیماری۔ محنت۔ تکلیف ✦ ؎
الٰہی مجھکو موت آئے کہ میرے دل کو موت آئے ✦ کہ بیماری سے بدتر رنج ہے بیمار داری کا (اسیر)
(۲۔ ا) کلفت۔ الم۔ ملال۔ آزردگی۔ غم۔ دلگیری۔ اندوہ۔ سنتاپ ✦ سوگ۔ ماتم۔ کہرام۔ (۳۔ ا) افسوس۔ پچتاوا (۴۔ ف) غصہ۔ غضب۔ کرودھ۔ خشم (۵۔ ف) رنگ۔ لون ✦

رنج دینا ۱۔ فعلِ متعدی۔ تکلیف دینا۔ غم دینا۔ آزردہ کرنا۔ ستانا۔ بیزار کرنا ✦

رنج کرنا ۱۔ فعلِ لازم۔ غم کرنا ✦ افسوس کرنا ✦ آزردہ ہونا۔ تاسف کرنا۔ کڑھنا ✦

رنج و محن ف ع۔ اسم مذکر۔ درد و تکلیف۔ بلا و آفت۔ دُکھ سکھ۔ مصیبت ؎
چھپے بھول گئے رنج و محن یاد آیا ✦ رو دیا میں نے قفس میں جو چمن یاد آیا (امانت)

رنج ہونا ۱۔ فعلِ لازم (عوام) (۱) غمی ہونا۔ موتا ہونا۔ موت ہونا ✦
(۲۔ خواص) غم ہونا ✦ افسوس ہونا ✦ آزردگی ہونا (۳۔ پورب) خفا ہونا۔ ناراض ہونا جیسے ہم تم سے رنج ہیں یعنی خفا ہیں ✦

رَنجش ف۔ اسم مؤنث۔ غم۔ آزردگی۔ بگاڑ۔ اَن بن۔ شکر رنجی۔ ناخوشی۔

رَنجک ۱۔ اسم مؤنث (۱) بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کیواسطے رکھی جاتی ہے۔ بھڑکی۔ چاشنی (۲) تحریک۔ اغوا (۳) چورن سفوف۔ بکنی۔ دارو۔ بارود ✦

رنجک اُڑانا ۱۔ فعلِ متعدی (۱) رنجک میں آگ دینا۔ بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا۔ بتی دینا۔ فلیتہ دینا۔ شابا لگانا ✦ چمکانا۔ روشنی اُٹھانا۔ (۲۔ بازاری) پادمارنا۔ گوز اُڑانا۔ پھکی لگانا ✦

رنجک اُڑنا ۱۔ فعلِ لازم۔ رنجک روشن ہونا ✦ توا ہنسنا ✦

رنجک پلانا ۱۔ فعلِ متعدی۔ رنجک رکھنا۔ رنجک ڈالنا ✦

رنجک چاٹ جانا ۱۔ فعل لازم۔ توپ یا بندوق کا رنجک نہ پکڑنا۔ رنجک کا اڑ کر رہ جانا۔ رنجک کا دھواں دیکر رہجانا۔ توپ یا بندوق کا سڑنا ✦

رنجیدگی ف۔ اسم مؤنث۔ دیکھو (رنجش) ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنج

رنجیدہ - ف - صفت - دُکھی - غمگین - مغموم - دلگیر - آزردہ - اداس خفا - ناراض + بیزار - ناخوش +

رنجیدہ خاطر - ف + ع - صفت - دل آزردہ - ناراض - ناخوش - دُکھیا - دُکھی - رنجیدہ کرنا - ا - فعلِ متعدی - خفا کرنا - ناراض کرنا - ناخوش کرنا - ستانا - دکھ دینا

رُندہ - ف - اسم مذکر - (۱) وہ مُنکرِ شریعت جس کا انکار امورِ شرعیہ میں از روئے عقل ہو نہ از روئے جہالت مُنکرِ دانا - وہ شخص جو پابندِ مذہب نہ ہو آزاد - غیر متشرع (۲ - ا) متوالا - نشہ باز - شرابی - بھنگی - چرسی - اوباش - بدوضع - لفنگ - لچہ - شہدا - دہریہ - زندیق - ناستک - مُلحد - بیدین - بد مذہب - کافر - بے ایمان - لامذہب (۴) نواب سید محمد خاں فیض آبادی مقیم لکھنؤ کا تخلص جن کا دیوان مشہور ہے +

رندِ مذہب - یا - رندِ مشرب - ف + ع - اسم مذکر - آزاد طبع - لامذہب - آزاد - ملحد - ناستک - مطلق العنان - بیدین - اوباش وضع +

رُنڈ - ا - اسم مذکر - دیوارِ قلعہ یا شہر پناہ کے وہ موکھے جو فنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں ؎

گھر میں بیٹھے کھیلتے ہو تم شکار روزنِ دیوار جو ہے رند ہے (لکھنؤ ہیں)

رِندانہ - ف - صفت - (۱) مثلِ رند - رند سے نسبت رکھنے والا - آزادانہ - ملحدانہ - رندِ مشرب (۲ - ا) شہدا لچہ - بدوضع - اوباش - فاسق - لگڑی - گنڈا

رُندنا - ہ - فعلِ لازم - روندا جانا - کچلا جانا - پامال ہونا - روندن میں آنا - کھوندا جانا +

رَندنا - ا - فعلِ لازم - رندہ کیا جانا - لکڑی کا رندے سے صاف کیا جانا +

رَندہ - ف - اسم مذکر (از رندیدن یعنی تراشیدن) لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار - لکڑی ہموار کرنے کا اوزار +

رَندہ پھیرنا - یا - کرنا - فعلِ متعدی - لکڑی کو رندے سے صاف یا ہموار کرنا +

رُندھنا - ہ - فعلِ لازم (ہندو) اُبلنا + پکنا - کھانا تیار ہونا (مسلمانوں میں بکسرِ اوّلہ رِندھنا پکنا کے ساتھ مترادف کر کے بولتے ہیں - جیسے پکنا یا رندھنا ہوئے تو دوسرا کام ہو +

رُندھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) پامال ہونا - روندن میں آنا - پسنا + ؎

تری رفتار سے دل کا عجب احوال ہے رُندھ گیا پس گیا مٹی ہوا پامال ہوا (صبا)

(۲) بھر آنا - اُمنڈ آنا - اُمنڈنا + ؎

بجلی سا وہ چمک گیا آنکھوں سے بھویں بھڑ جانے لگیں
برنطِ خفگی سے اس بن جی بھی رُندھا دل بھر آیا میر

رنڈ

رَنڈھیر - ہ - صفت (ہندو) بہادر - شجاع - دلیر +

رِنڈی - ف - اسم مؤنث - رنڈیں - رنڈوں کا کام - لامذہبی - زندیقی الحاد - (۲) اوباشی - لچپن - شہدپن - بدکاری - فسق و فجور +

رَنڈ - ہ - اسم مؤنث (۱) رانڈ + عورت + کسبی (۲ - پورب) ارنڈ کا درخت

درختِ بید انجیر (۲) دھڑ جسم بے سر + بعض ہندو بالضم بولتے ہیں جیسے رَنڈ مُنڈ

رنڈ رونا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) بیوہ عورتوں کی طرح رونا چیخنا پیٹنا واویلا - عورتوں کا سا قصہ - عورتوں کا گلہ - شکوہ - شکایت

رنڈ سالا - ہ - اسم مذکر - بیوہ کا جوڑا - وہ لباس جو بیوہ ہو جانے پر پہنایا جاتا اور سہاگ کی چیزیں جیسے چوڑیاں - سرخ یا رنگین کپڑے وغیرہ اُتارے جاتے ہیں +

رنڈ سالا پہنانا - ہ - فعلِ متعدی - رانڈ ہو جانے کی پوشاک پہنانی - ہندوستان کی رسم ہے کہ جب عورت بیوہ ہو جاتی ہے تو پھولوں یا تیجے کے دن تمام کنبے کے لوگ جمع ہو کر سفید جوڑا پہناتے اور چوڑیاں وغیرہ جو سہاگ کی چیزیں کہلاتی ہیں توڑ ڈالتے ہیں +

رنڈ سالا پہننا - ہ - فعلِ لازم - رانڈ ہونے کا لباس پہننا - رانڈ ہونا - بیوہ ہونا

رَنڈاپا - ہ - اسم مذکر - بیوہ پن - بیوگی - بدھواپن - بیوگی کا زمانہ +

رَنڈاپا کاٹنا - ہ - فعلِ متعدی - حالتِ بیوگی میں بسر کرنا - بیوگی کا زمانہ بسر کرنا

رنڈاپا کٹنا - ہ - فعلِ لازم - حالتِ بیوگی میں بسر ہونا - بیوگی کا زمانہ بسر ہونا - بے شوہر زندگی گزرنا +

رُنڈ مُنڈ - ہ - صفت - (ہندو) گھوٹم گھوٹ - صفاچٹ - چاروں طرف کا صفایا کئے ہوئے - بھدرا کئے ہوئے +

رنڈوا - ہ - اسم مذکر (۱) مردِ بے زن - وہ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو جیسے رانڈ میں تو بیتری رہیں جو رنڈوے رہنے دیں (کہاوت) (۲) کوارا - بن بیاہا - وہ شخص جس کی شادی نہ ہوئی ہو - مگر اس طرح طنزاً یا حقارتاً کہتے ہیں (۳) کم ہمت - پست ہمت - کام چور جیسے - رنڈوا بیل جی کا جلایا (کہاوت)

رنڈوا بھنڈوا - ہ - اسم مذکر - عو - خانہ خراب - خانہ ویران - گھر کھووا - نگوڑا

رنڈی - ہ - اسم مؤنث (اصل لفظ رانڈی تھا) عورت - نار - ناری - زن - استری + ایک تکلفی کا کلمہ جو اکثر عورتیں باہم ایک دوسری کو کہہ دیتی ہیں (۲) کسبی - چاترہ - بیسوا - پتریا - کنچنی - فحبہ - فاحشہ - بازاری عورت - رنجنی (۳) رقاصہ - ناچنے والی + ڈومنی - میراثن جیسے رنڈی کی کمائی یا کھانے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنڈ	رنگ
ڈھاڈی یا کھائے گاڈی ✦ رنڈی باز۔ ف۔ اسم مذکر۔ تماش بین عیاش۔ زانی۔ زناکار۔ زنی باز ✦ رنڈی بازی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ تماش بینی عیاشی۔ زنا۔ زناکاری جمع کا۔ رنڈیا۔ ہ۔ رنڈی کی تصغیر بالتحقیر عورت ✦ بیوہ۔ مصیبت زدہ بدھیا۔ جیسے مجھ رنڈیا کو نہ ستاؤ ✦ رنڈیا ہونا۔ ہ۔ فعل لازم بیوہ ہونا۔ بدھوا ہونا۔ رانڈ ہونا ✦ رنگ۔ ف۔ س۔ صیغہ (۱) لون۔ فام۔ رنگت۔ روپ۔ برن ✦ سرخ۔ زرد۔ لال۔ سیاہ۔ سبز وغیرہ۔ کل رنگ میں داخل ہیں ✦ ؎ جو سرخی آتی ہے عکس شفق سے بھی کمر پر حسن سے رنگ ہوتا ہے مبدل چرخ گردوں کا (ناسخ) (۲) ناچ۔ راگ۔ گانا بجانا کھیل کود جیسے ناچ رنگ وغیرہ (۳) طرز۔ روش۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ وضع۔ طریق۔ طرح۔ ڈول۔ ڈھب۔ ٹھاٹ۔ نکالا ہے یہ رنگ حالی نے سالک کہ ہر شعر دیواں ہوا چاہتا ہے (سالک) ✦ (۴) حال۔ احوال۔ عالم۔ حالت۔ گت۔ گتی۔ بہبود ✦ ؎ دل کا کیا رنگ ہے تم پھر بھی سمجھے نہ فسوس ✦ چشمۂ چشم سے خوناب اُبلتے دیکھا (ناظم) باغ عالم میں جو آہوں کا یہی عالم ہے ✦ اے صبا اور ہی کچھ رنگ ہوا کا ہوگا (صبا) روئے تجھ بن یہ شب کہ آنکھوں کا ✦ اور ہی رنگ تا سحر دیکھا (جرأت) بنگیا داغ جگر مہر قیامت کا داغ ✦ پر ابھی رنگ دہی ہے شب تنہائی کا (داغ) (۵) کیفیت۔ دھج۔ لچھن۔ درجہ ۔ ؎ میرے جنوں سے اور ترے حسن شوخ سے ✦ اک کچھ اور رنگ ہے ظالم بہار کا (عبدالکریم ثنا) لخت دل صد پارہ ہے ہر نوک مژہ پر ✦ ہے آج تو کچھ رنگ ہی اے دیدۂ تر اور (دعاجہ) (۶) بہار۔ جوبن ✦ ؎ سرمہ کھٹک رہا ہے نزاکت سے آنکھ میں ✦ تیغ نگاہ یار میں بھی آج رنگ ہے (امانت) (۷) سماں ✦ چرچا ✦ گونج ✦ ؎ کس زہرہ وش کی بزم میں آمد ہے صبحدم ✦ صحن چمن میں راگ کا ہر سمت رنگ ہے (امانت) (۸) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ شبیہ ✦ ؎ مہندی لگا کے تمنے کیا خلق کو ہلاک پامال کون کون بر رنگ حنا نہیں (امانت) (۹) روغن۔ وارنش۔ (۱۰) خوشی۔ خوش حالی (۱۱) دستور۔ ریت۔ رسم۔ قاعدہ۔ قانون (۱۲) قسم۔ بھانت۔ پرکار۔ نوع (۱۳) رونق۔ چمک۔ آب و تاب۔ خوبصورتی (۱۴) تماشا سیر جیسے ع عاشق کو دکھاتی ہے عجب رنگ جوانی۔ (۱۵) ہنسی۔ مذاق۔ بولی ٹھولی۔ چہل (۱۶) گنجفہ کی ہر ایک بازی کا نام (۱۷)	چوسر کی آٹھ نرد میں سے چار کو رنگ۔ چار کو بد رنگ کہتے ہیں ✦ ہم رنگ۔ میل۔ جوڑ ؎ مقدر کا پاسا بدلتا نہیں فلک رنگ کی نرد چلتا نہیں (بحر) (۱۸) ہمسر۔ جوڑ (۱۹) رونق۔ ٹھاٹ۔ دھوم دھام جیسے ہو وہ شادی مبارک بنے کو رنگ بھری بزم ہے (۲۰) لطف۔ مزہ ✦ شغل۔ مشغلہ ؎ چھیڑ تجھے مجھے در پردہ شب وصل قریب راگ کے رنگ میں سب بات گنو آتی ہیں (امانت) (۲۱) نور معرفت۔ معرفت الٰہی کا لطف (۲۲) رس۔ رسیلا پن (۲۳) خمار۔ نشہ۔ کیف۔ سرور جیسے رنگ کا ہولے ہے یعنی خمار آلودہ یا مخمور ہے (۲۴) قدرتی۔ فطرتی۔ ذاتی۔ خود رو جیسے للہ خود رنگ یا خود رنگ لوئی۔ پتو وغیرہ (۲۵) قوت۔ مدد۔ مگر فارسی میں زیادہ ہے۔ ہاں رنگ کے پکڑے کے قائل ہم بھی بعض موقع پر مستعمل کرتے ہیں (۲۶) مکر و حیلہ جیسے رنگ گانٹھنا (۲۷) خون۔ لہو۔ مگر فارسی میں جیسے رنگ ریختن وغیرہ (۲۸) رنگ پاشی جیسے ؎ آج رنگ ہے ہے سبز میں تو ہولی کھیلن جاؤنگی (ہولی) رنگ اُترنا۔ ا۔ فعل لازم۔ رنگ جاتا رہنا۔ رنگ اُڑ جانا۔ چہرہ کا متغیر ہو جانا۔ رنگ میں فرق آجانا ✦ خائف ہو جانا ✦ روغن جاتا رہنا ✦ وارنش نہ رہنا۔ رنگ کٹنا ✦ رنگ اُڑ جانا۔ یا۔ اُڑنا۔ ا۔ فعل لازم۔ رنگ جاتا رہنا۔ بے آب ہو جانا۔ خوف یا غیرت و شرم سے رنگ زرد ہو جانا۔ رونق نہ رہنا۔ مسنہ فق ہو جانا رنگ متغیر ہو جانا ✦ ؎ اُڑ گیا ہے ہجر جاناں میں مرے تن کا رنگ قطرۂ خون جو بدن میں تھا وہ آنسو ہو گیا (ناسخ) لاغری میں اے مصور کس کو ہے کھینچنے کی تاب کھینچتے کھینچتے رنگ اُڑتا ہے مری تصویر کا (صبا) ہے آج کون بام پہ جلوہ نما جو یوں اُڑتا ہے رنگ میری طرح ماہتاب کا (مسیل) رنگ افشانی کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ رنگ چھڑکنا۔ رنگ چھینٹنا۔ رنگ پاشی کرنا ✦ رنگ اُکھڑنا۔ ا۔ فعل لازم کسی مجلس یا محفل میں بے رونقی آنا۔ سماں نہ رہنا۔ رنگ نہ جمنا۔ بے رنگی ہونا۔ مزہ کرکرا ہونا ✦ ؎ آف رے تری شوخی کہ بنا کھیل بگڑ جانے اللہ رے تلوّن کہ جما رنگ اُکھڑ جائے (لاعلم) رنگ آمیزی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ رنگ کا کام۔ رنگ سازی۔ نگاری۔ نقاشی۔ مصوری ✦ عبارت آرائی ✦ رنگ آنا۔ ا۔ فعل لازم۔ رنگ چڑھنا۔ رنگ پکڑنا۔ رنگا جانا جیسے ہلدی لگی نہ پھٹکری رنگ چوکھا آیا ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنگ

رنگ بدلنا ۔ا۔ فعلِ متعدی ۔ رنگ پلٹنا ۔ رنگ کا متغیر ہونا ۔ رنگ اُڑنا جیسے گرگٹ کی سی رنگت بدلنا (۲) وضع بدلنا طرز بدلنا ۔ ڈھنگ بدلنا ۔ حال دگرگوں ہونا ۔ حال بدلنا + ؎

میں گریۂ خونیں کو روکے ہی ہاورنہ اکدم میں زمانہ کا یہاں رنگ بدل جاتا (دبیر)

یوں دزدِ روشن اچانا شام سیہ ہوتی کیسا یہ رنگ تو نے اے آسماں بدلا (جرأت)

(۳) کایا پلٹنا ۔ کینچلی بدلنا (۴) لاغری ۔ سفر بھوک یا خوف سے رنگ کا دگرگوں ہونا ۔ (۵) پیلا ہونا ۔ بگڑنا ۔ حفا ہونا ۔ ؎

محبو اور اُسکو بیٹھے دیکھا تو رنگ اپنا اس چرخِ چنبری نے کیا کیا اُس آن بدلا (جرأت)

رنگ برنگ کا ۔ا۔ تابعِ فعل ۔ طرح طرح کا ۔ گوناگون مختلف الالوان ۔ بھانت بھانت کا ۔ بوقلموں ۔ پچرنگا +

رنگ بگڑنا ۔ا۔ فعلِ لازم (۱) رنگ کا خراب ہونا ۔ بیرنگی اور بیرونقی ہونا ۔ بدرنگ ہونا (۲) حالِ دگرگوں ہونا ۔ حالت کا متغیر ہونا ۔ حال بے حال ہونا ۔ حال تباہ ہونا + ؎

بیرنگِ آسماں سے جیگا قضا کا رنگ بگڑیگا خاک آتش آب ہوا کا رنگ (صبا)

رنگ بندھنا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ رونق پکڑنا ۔ رنگ کا قائم ہونا ۔ زینت پانا ۔ مزین ہونا + ؎

ہمارے داغ چمک کر ابھی مٹا دیتے بندھا ہوا ہے ترے ہاتھ فورِ تن کا رنگ (دبیر)

رنگ بھرنا ۔ا۔ فعلِ متعدی ۔ تصویر یا کسی چیز میں رنگ لگانا ۔ رنگین بنانا ؎

دمیدم رنگ ہے تغیر مرا حیراں یوں ہے رنگ کیا پھر مری تصویر میں بہزاد بھرے (مومن)

رنگ بھنگ کرنا ۔ فعلِ متعدی ۔ مزہ کھنڈت کرنا ۔ لطف بگاڑنا ۔ کھیل کھنڈت کرنا ۔ کھنڈت ڈالنا +

رنگ بھنگ ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ مزہ کھنڈت ہونا ۔ لطف بگڑنا ۔ کھیل بگڑنا +

رنگ بیرنگ ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ حال بے حال ہونا + ؎

دور ہے دل میں وحشت کا رنگ بے رنگ ہے طبیعت کا (امانت)

رنگ پاشی ۔ا۔ اسمِ مؤنث ۔ رنگ کھیلنے کی رسم جو ہولی کے دوسرے روز یعنی دولہنڈی کو برتی جاتی ہے اور اس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں +

رنگ پر آنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) رونق پر آنا ۔ جوبن پر آنا ۔ بہار پر آنا + ؎

نشہ بادہ ہوا غازہ رخِ گلگوں کو رنگ پر اور ترا باغ جوانی آیا (اسیر)

رنگ

(۲) زوروں پر آنا + تیز ہونا + رونق پکڑنا + ؎

مضموں نئے بندھے گلِ رخسار یار کے آتی چلی ہے اپنی طبیعت بھی رنگ پر (اسیر)

رنگ پکڑنا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) رنگ لانا ۔ رنگین ہونا ۔ رنگ میں ڈوبنا

رنگ چڑھنا (۲) رونق پکڑنا ۔ چمکنا ۔ تر و تازگی حاصل کرنا + ؎

سامنے تیرے وے رنگین کے لالہ و گل نے بھی نہ پکڑا رنگ (آتش)

رنگ پھوٹنا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ رنگ ٹپکنا ۔ رنگ ظاہر ہونا ۔ رنگ نمایاں ہونا ۔ رنگ کا ایک طرف سے دوسری طرف جھلکنا ؎

دم مے کشی پھوٹ نکلا یہ رنگ صراحی تمہارا گلا ہو گیا (برق)

رنگ پھیکا پڑنا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ رنگ کا ماند ہونا ۔ رنگ دھندلا ہونا ۔ رنگ کا مندا ہونا ۔ رنگ اُداس ہونا ۔ رنگ ہلکا پڑنا ۔ رنگ دھیما ہونا ۔ رنگ اُڑنا ۔ رونق کم ہونا ۔ بے نمک ہونا ۔ بے رونقی ہونا +

رنگ پھیکا ہونا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ رنگ اُداس ہونا ۔ ماند ہونا ۔ شرم یا خجالت خواہ غیرت سے چہرے کا رنگ فق ہونا ۔ بے رونق اور بے نمک ہونا ۔ بے مزہ ہونا ۔ بے لطف ہونا + ؎

ہو گیا پھیکا ترے جلوے سے رنگِ رخِ گل بے نمک نالے سے میرے شورِ بلبل ہو گیا (ظفر)

جو نمک مجھ میں ہے کہاں اُس میں کیوں نہ پھیکا ہو رنگ سونے کا (ناسخ)

رنگ ٹپکنا ۔ یا چونا ۔ا۔ فعل لازم (۱) رنگ رسنا ۔ تراوش ہونا + رنگ جھلکنا ۔ رس ٹپکنا ۔ جوبن اُمنڈنا ۔ نور برسنا ۔ شباب میں ڈوبا جانا ۔ چمک اور بارونق ہونا ۔ نور کا چھن چھن کر نمایاں ہونا ۔ نور برسنا ۔ روشنی جھلکنا

رنگ جل جانا ۔ا۔ فعلِ لازم ۔ آفتاب کی تمازت یا مدامی غم و غصہ یا خون کے کالے پڑ جانے کے سبب چہرے پر تیرگی چھا جانا ۔ رنگ کا سنولا جانا ۔ کل بھواں ہو جانا + ؎

تو ہے وہ آفتاب جو پرتو ترا جلائے لالہ زار کالے گلعذار (ناسخ)

رنگ جمانا ۔ا۔ فعلِ متعدی (۱) رنگ چڑھانا ۔ رنگ قائم کرنا ۔ رنگینی مستی و عشق کیفِ مے لالہ گوں ہیں اس رنگ پر جمانہیں سکتا خمار رنگ (آتش)

(۲) بنیاد ڈالنا ۔ ڈھب لگانا ۔ موقع ڈھونڈنا ۔ پینیری جمانا ۔ ؎

پان اس شوخ کو کھلاتے ہیں + اپنا رنگ اس طرح جماتے ہیں ۔ (مصحفی)

رنگ جمنا ۔ا۔ فعل لازم (۱) رنگ چڑھنا ۔ رنگ قایم ہونا ۔ رنگ آنا ۔ (۲) رونق پکڑنا ۔ زینت پانا ۔ بڑھنا ۔ فروغ پانا ؎

یار کی مستی کے آگے رنگ جمنے کا نہیں کالا منہ نیلم کرے اب جا کے رو دیبل میں (امانت)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنگ

(۳) رنگ گھٹنا۔ سماں بندھنا ✦ چلنا۔ پار پسانا۔ پیشرفت جانا ✦ جمنا۔ سمانا۔ نظروں میں بھلا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں کھبنا ✦

رنگ جمتا نہیں لاکے پھر لانے سے غیرت گل ویسے ہیں جو ترے بندِ قبا ہوتے ہیں (امانت)

(۴) رنگ کی نرد یا گوٹ کا حسبِ مراد اپنے گھر پر بیٹھنا۔

جسے تانگ اُس پر سگ دربان کا جنگ ٹوٹے کئی دندانی چوپڑ پچھایا چاہیئے پہلے (اسیر)

رنگ چڑھانا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) رنگ چڑھانا۔ رنگنا۔ رنگ دینا۔ ملوّن کرنا۔ رنگین کرنا۔ (۳) وارنش کرنا۔ روغن کرنا۔ رونق دار بنانا (۴) کیفی بنانا۔ مخمور کرنا (۵) سماں باندھنا۔ رُوپ کھڑا کرنا (۶) اپنا بنانا۔ اپنے پنجہ میں لانا (۷) معرفت یا خداشناسی کا مزہ ڈالنا ✦

رنگ چڑھنا۔ ۵۔ فعل لازم (۱) رنگ آنا۔ رنگا جانا۔ رنگ قبول کرنا (۲) رشیلا ہونا۔ مخمور ہونا (۳) رونق پر آنا۔ رنگ نکالنا۔ رنگ چمکانا (۴) وارنش ہونا۔ روغن چڑھنا (۵) معرفت میں رنگا جانا (۶) دوسرے کی باتیں اپنے میں آنا ✦ ہم رنگ ہونا ✦

رنگ چمکانا۔ ۱۔ فعل متعدی۔ رنگ و روغن نکالنا ✦ آب و تاب بخشنا ✦ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ✦ روپ کرنا ✦

رنگ چمکنا۔ ۱۔ فعل لازم (۱) رنگ کا تاباں ہونا۔ رنگ و روغن نکلنا۔ رونق پکڑنا۔ نکھرنا۔ اُجلا ہونا۔ چہرے پر رونق آنا ✦ رُوپ آنا ✦

گو آب سے افسردہ ہو آتش پہ ترا رنگ جُرعہ جو کوئی مے کا پیا اور بھی چمکا (ممنون)

(۲) رنگ کا دوبالا ہونا۔ اصلی رنگت سے بڑھنا ✦

اُس طرف مہندی لگی رنگ جوانی چمکا کھا کے بل دوش پہ لہرانے لگی زلفِ سیاہ (صفدر)

رنگ چونا۔ ۱۔ فعل لازم۔ دیکھو رنگ ٹپکنا ✦

رنگ چھڑکنا۔ ۱۔ فعل متعدی۔ رنگ پاشی کرنا۔ رنگ بکھیرنا۔ رنگ کے چھینٹے دینا ✦

رنگ دار۔ ف۔ صفت۔ رنگین۔ رنگا ہوا۔ روغن دار۔ مُجلّا۔ چمکیلا۔ روشن ✦

رنگ دکھانا یا دکھلانا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) آفت ڈھانا۔ غضب لانا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ غضب ڈھانا ✦

کیا رنگ یہ دکھاتی ہے عالم کو دیکھیے رہتی ہی اُسکے پاؤں سے ہر دم حنا لگی (عارف)

یہ دل کی آگ دکھائے گی رنگ کیا صفدر کہ میرے سینے کے باہر نہیں دھواں ہوتا۔ (صفدر)

(۲) کیفیت دکھانا۔ جوبن دکھانا۔ لطف دکھانا۔ بہار دکھانا (۳) جوہر دکھانا۔ ہنر ظاہر کرنا (۴) عیب لانا۔ عادتِ بد کا ظاہر کرنا (۵) نیرنگ سازی اور شعبدہ بازی دکھانا۔ نیرنگی ظاہر کرنا ✦

رنگ

رنگ ہر رنگ میں اپنا یہ دکھاتا ہے سدا کبھی عاشق کبھی معشوق کبھی بے پروا

شعبدے یاد ہیں اس اہلِ دغا کو کیا کیا کبھی گل ہے کبھی بلبل کبھی غنچے کی صدا

کبھی اس باغ میں قمری کبھی شمشاد ہے یہ کبھی ہے طوقِ گردن کبھی آزاد ہے یہ

رنگ دیکھنا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) سیر دیکھنا۔ بہار دیکھنا۔ تماشا دیکھنا (۲) انجام سوچنا۔ نتیجہ پر نظر ڈالنا (۳) موقع دیکھنا۔ ہوا دیکھنا۔ رُخ دیکھنا جیسے جدھر کا رنگ دیکھا اُدھر ڈھل گئے (۴) حال احوال یا تاثیر معلوم کرنا۔ کیفیت دیکھنا جیسے دوا کا رنگ دیکھنا ✦

رنگ دینا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) رنگ کر دینا۔ ملوّن کر دینا (۲) لطف دینا۔ مزہ دینا ✦ جب تک اُس گل عارض کے نہ باندھے گھنگرو رنگ محفل میں کبھی اپنی غزل نے نہ دیا ✦ (اسیر)

رنگ ڈھنگ۔ ۵۔ اسمِ مذکر۔ (۱) چال چلن۔ حال احوال۔ برتاؤ۔ رویّہ۔ عادت۔ خصلت۔ عالم (۲) حالت۔ کیفیت۔ چونگی ✦

جب سے عطا ہوا ہمیں خلعتِ حیات کا کچھ اور رنگ ڈھنگ ہوا کائنات کا (شیفتہ)

رنگ ڈھنگ دیکھنا۔ ۱۔ فعل متعدی۔ حال احوال معلوم کرنا۔ خو بُو دیکھنا سُجھاؤ معلوم کرنا۔ چال چلن دیکھنا ✦

گر نہ پہلے رنگ ڈھنگ اُس غنچہ لب کا دیکھ لیں کیونکر دلِ پر جب تک اپنے ٹھکانے دیکھیں (ظفر)

رنگ رچانا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) شادی رچانا۔ کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا۔ شادی پھیلانا۔ شادی کا کام شروع کرنا (۲) رنگین بنانا۔ رنگین کرنا۔ رنگ میں شوخ کرنا ✦

رنگ رچنا۔ ۱۔ فعل لازم۔ رنگ کا بخوبی اثر کرنا۔ رنگ لگنا۔ رنگ چڑھنا۔ رنگ آنا۔ رنگ دینا۔ رنگت بیٹھنا ✦

ڈوبا ہے شفق میں صنمِ پنجہ خورشید۔ یا مہندی کا ہاتھوں میں ترے رنگ چاہیے (سودا)

رنگ رس۔ ۵۔ اسمِ مذکر۔ عیش و نشاط۔ خوشی و خرمی۔ فرحت۔ آنند۔ عیش و عشرت۔ رنگ چنگ۔ سکھ چین۔ عیش و سرور۔ حظِ نفسانی۔ بھوگ بلاس۔ رقص و سرود۔ گانے بجانے کی خوشی ✦

رنگ رسیا۔ ۵۔ اسمِ مذکر۔ عیشی بندہ۔ رنگیلا۔ اوباش۔ عیاش۔ عیش پرست ✦

رنگ رلیاں۔ ۵۔ اسمِ مؤنث۔ (۱) کھیل تماشا۔ ہنسی ٹھٹول۔ مذاق۔ ٹھٹھا ٹھٹھولی۔ عیش و نشاط۔ عیش و عشرت۔ مزہ۔ لطف ✦

خون سے پھر اُن کے رنگیں ہنے گلیاں دیکھیاں رنگ محلوں میں جنہوں نے رنگ رلیاں دیکھیاں (ظفر)

(۲) حرکتیں۔ باتیں۔ بازیاں۔ کھلاڑیاں ✦

دیکھکر ایک دو جنوں کی رنگ رلیاں باغیں کھل کھلا کر ہنس پڑیں پھولوں کی کلیاں باغیں (انشا)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنگ

رنگ رلیاں کرنا۔ ۱۔ فعل لازم۔ اختلاط کرنا۔ رول چول کرنا۔ چھپانا مزہ اُڑانا۔ گلچھرّے اُڑانا۔ عیش منانا۔ اُچھلنا کُودنا ؎

بہار آئی ہے تم کو بلبلو یہ دن مبارک ہو چمن میں آجکل کرو گلوں کے ساتھ رنگ رلیاں (ہدایت)

رنگ رُوپ۔ ۱۔ اسم مذکر۔ (۱) چمک دمک۔ آب و تاب۔ رنگ روغن (۲) خال و خد۔ حلیہ۔ چہرا مُہرا ؎

رنگ رُوپ نکالنا۔ ۱۔ فعل لازم۔ بہار پر آنا۔ رنگ روغن نکالنا۔ جوانی پر آنا۔ چمک دمک ہم پہنچانا ؎

رنگ روغن۔ ۱۔ اسم مذکر۔ دیکھو (رنگ رُوپ) ؎

رنگ روغن نکالنا۔ ۱۔ فعل لازم۔ دیکھو (رنگ روپ نکالنا) سُرخ و سفید نکل آنا۔ نکھرنا۔ جوبن نکالنا ؎

رنگ ریز۔ ۱۔ اسم مذکر۔ نیلگر۔ رنگ رز۔ کپڑے رنگنے والا۔ گلیا ؎ صباغ ؎

مضمون ہے تم میں بوقلموں روئے یار کے رنگریز بن کے فکر نے رنگے ہزار رنگ (آتش)

رنگ زرد ہونا۔ ۱۔ فعل لازم۔ چہرے کا رنگ پیلا ہو جانا۔ فق ہو جانا۔ پیلا پڑ جانا۔ کسی بیماری یا خوف کے باعث چہرے کی سُرخی کا جاتا رہنا۔ خون خشک ہو جانا ؎

عاشق اُسی کو جانیے جو اہلِ درد ہو پل پل میں ٹھنڈے سانس لے اور رنگ زرد ہو۔

رنگ ساز۔ ف۔ اسم مذکر۔ میز۔ کواڑ۔ کرسی وغیرہ پر رنگ کرنے والا۔ وارنش کرنے والا۔ رنگ گر۔ رنگ بھرنے یا کرنے والا۔ مصوّر ؎ نقاش۔ رنگ بنانے اور تیار کرنے والا۔ کیمیاگر ؎ صباغ ؎

رنگ سفید پڑنا یا ہونا۔ ۱۔ فعل لازم۔ خوف یا تراکت کے باعث مُنہ سفید ہو جانا۔ کسی صدمہ یا تکلیف سے مُنہ سفید پڑ جانا ؎

دو قدم فرطِ تراکت سے نہیں چل سکتا رنگ ہو جاتا ہے اُس کا دمِ رفتار سفید (امانت)

رنگ فق ہونا یا ہو جانا۔ ۱۔ فعل لازم۔ رنگ اُڑنا۔ کسی صدمہ یا خوف یا شرم سے چہرے کا رنگ متغیر ہو جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ حیرت میں ہونا۔ چہرا اُترنا ؎

شبِ وصال میں لپ قلق ابھی سے ہے سحر ہے دور مرا رنگ فق ابھی سے ہے (عشرت)

تھی شبِ وصل کھل گئی جو مری آنکھ رنگ فق ہو گیا سحر کو دیکھ (مصحفی)

رنگ کا پکا ہونا۔ ۱۔ فعل لازم۔ رنگ کا پختہ اور مستقل ہونا ؎

رنگ کاٹنا۔ ۱۔ فعل متعدی۔ (۱) رنگ زائل کرنا۔ رنگ دُور کرنا۔ کھار یا کوئی شَے

رنگ

رنگ اُڑانا۔ کسی چیز میں سے رنگ جدا کرنا۔ (۲) چوسر میں حریف کی رنگ کی نرد کاٹ مارنا ؎

رنگ کا کچا ہونا۔ ۱۔ فعل لازم۔ پختہ رنگ نہ ہونا۔ رنگ کا قائم نہ رہنا۔ رنگ کا بے ثبات اور بے اعتبار ہونا ؎

مہرتاباں ماہِ تاباں ہو گیا تیرے حضور رنگ کچا دھوپ سے اے مہر انور اُڑ گیا (برق)

رنگ کٹنا۔ ۱۔ فعل لازم (۱) رنگ زائل ہونا۔ رنگ اُڑنا۔ رنگ جدا ہونا۔ کسی کھار یا ترشی کے وسیلے سے رنگ حیلہ کیا جانا ؎

سلاح باندھ کے اتنا ترش نہ دیکھو کنے کہیں کھٹائی سے بانکپن کا رنگ (بحر)

(۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا تغیر ہونا ؎

ہوتے ہیں تیرے آگے گلِ سُرخ یاسمن کٹتا ہی ہمارے شرم کے بے اختیار رنگ (ناسخ)

رنگ کرنا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) رنگ چڑھانا۔ رنگنا۔ رنگ بھرنا۔ رنگ پھیرنا (۲) خوشی میں بسر کرنا۔ خوشی منانا ؎ (۳) چوسر میں رنگ کو رنگ اور رنگ کو بدرنگ ڈالنا

رنگ کھلنا۔ ۱۔ فعل لازم۔ کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا موثر ہونا۔ رنگ کا زیب دینا (بکسر کافِ عربی بھی جائز ہے) ؎

کہتے ہیں لوگ غنچۂ ترگاں کی پھبتیاں کھلتا ہی دستِ یار میں کتنا حنا کا رنگ (صبا)

کیوں نہ اے برق کہے خلق اُسے سُرخ و سفید رنگ گورا ہی بہت جامۂ گلنار کھلا (برق)

رنگ کھیلنا یا ڈالنا۔ ۱۔ فعل متعدی۔ رنگ پاشی کرنا۔ آپس میں ایک دوسرے پر خوشی کے موقع پر رنگ پھینکنا ؎ ہولی کھیلنا۔ پھاگ کھیلنا ؎

غیر سے کھیلی ہے ہولی یار نے ڈالے مجھ پر دیدۂ خونبار رنگ (ناسخ)

پر جشنِ باغ میں ہے کس کی آمد آمد کا کہ خوب کھیلیں ہیں آپس میں لالہ و گل رنگ

رنگ لانا۔ ۱۔ فعل لازم (۱) رنگ قبول کرنا۔ رنگ پکڑنا۔ رنگین ہونا (۲) فعل لانا۔ بدی کرنا۔ بُرائی کرنا۔ کھوٹ لانا ؎

ہزار گچ خرچ رنگ لائے کسی طرح دو فعل میں آخر نہ چھوڑیں اُس شوخ عشوہ گر کو اِدھر کی دنیا اگر اُدھر ہو (ظفر)

اسیرِ دامِ شفتہ رنگ لائے کی رہی تمام طرّۂ طرّار تار تار کیا (داغ)

(۳) بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ؎

لگاوٹ ہے لگاتا ہی حنا غیر اُنکے ہاتھوں میں وہ مجھ سے رنگ کیوں لاتے ہیں مینے کیا لگایا تھا (ظفر)

(۴) مزا چکھانا۔ تماشا دکھانا۔ سزا دینا۔ مصیبت دکھانا ؎ گل کھلانا ؎

مُفت کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن (غالب)

تر ہو دامن مے گلرنگ سے رنگ لائی پاک دامانی مری (داغ)

(۵) اپنے تئیں مختلف اوضاع اور انواع اطوار میں ظاہر کرنا۔ نیا نیا رُوپ دکھانا ؎ عجیب

ؔ متحرک ہونے میں کلام ہے ۱۲

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنگ

رُوپ بھرنا + ۵

دسترس تیرے پاؤں تک ہے اُسے خوب ہندی یہ رنگ لائی ہے (منظور)

(۶) فتنہ برپا کرنا۔ فساد مچانا + واویلا کرانا۔ شور مچوانا + ۵

خوں اِسی ہاتھوں سے کتنوں کا ہوا میرے بعد رنگ لائی ترے ہاتھوں کی حنا میرے بعد

(۷) خُبثِ باطن ظاہر کرنا۔ اپنی ذات دکھانا۔ اپنی اصل پر آنا۔ اپنی نسل پر جانا (۸) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا (۹) جال پھیلانا۔ مکر پھیلانا۔ فریب کرنا + ۵

اب یہاں کوئی جال پھیلاؤ رنگ کچھ اِس سے اَور بھی لاؤ (شوق)

(۱۰) دق کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔ ضرر پہنچانا + ۵

دیوانہ پن ہمارا آخر کو رنگ لایا جو دیکھنے کو آیا ہاتھوں میں سنگ لایا (میر تقی)

(۱۱) رنگ دکھانا۔ رنگینی ظاہر کرنا۔ خوشنمائی ظاہر کرنا۔ رنگ پکڑنا۔ نازکرنا + ۵

جسمن سے ہی گلاں آنے کا تجکو شوق تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ (ناسخ)

(۱۲) چوسر، رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں لاکر اٹھ جانا تاکہ بدرنگ ہو کر گھر میں آئے

رنگ لینا۔ ۱۔ فعلِ متعدی۔ اپنا سا کر لینا۔ اپنے ڈھنگوں پر لے آنا۔ پنتھ میں ملا لینا۔ مذہب میں داخل کر لینا + ہمرنگ بنا لینا +

رنگ مارنا۔ ۱۔ فعلِ متعدی۔ رنگ کی نرد مارنا۔ رنگ کی گوٹ مارنا جیتنا بازی لینا۔ بازی لے جانا۔ ہمسر پر غالب آنا + ۵

کھیلی تھی رات چوسر گویا ہوا تھا پیارا ہارے رقیب سارے ہم نے ہی رنگ مارا (آبرو)

رنگ محل۔ ف۔ ع۔ اسم مذکر۔ نشاط کا گھر۔ عیش و عشرت کا گھر۔ عشرت گاہ وہ مکان جس میں بادشاہ یا اُمرا عیش منائیں۔ آراستہ مکان۔ سجا ہوا مکان +

رنگ مٹانا۔ ۱۔ فعلِ متعدی (۱) بے رنگ اور بے رونق کرنا۔ بے رُوپ بنانا۔ رُوپ کھونا۔ (۲) مذہبی جوش۔ مذہبی شوق۔ مذہبی ولولہ۔ دینی ذوق مٹانا ۵

ملا ہوا ہے تعصب کا چمروں پر روغن مٹا سکا نہ کوئی شیخ و برہمن کا رنگ۔ (بحر)

رنگ مٹنا۔ ۱۔ فعلِ لازم۔ بیرنگی اور بے رُونقی ہونا۔ رُوپ نہ رہنا +

رنگ میں بھنگ ہونا۔ ۱۔ فعلِ لازم۔ خوشی میں کھنڈت پڑنا۔ خوشی میں رنج ہونا۔ لُطف اور مزہ نہ رہنا +

رنگ میں وُہ بنا۔ ۱۔ فعلِ لازم (۱) عیش و عشرت میں غرق ہونا + ۵

بوئے گُل پھرتی ہے اِترائی ہوئی گلشن میں رنگ یہ رنگ میں ڈوبا ہے کہ اللہ اللہ +

(۲) شراب معرفت میں مستغرق رہنا۔ عارفِ کامل ہونا۔ جامِ وحدت کا متوالا ہونا +

رنگ نکالنا۔ ۱۔ فعلِ متعدی و لازم۔ (۱) رنگ بگھارنا۔ جوبن نکالنا۔ رنگ و روغن اور چمک دمک کا نمایاں کرنا۔ بگھرنا۔ صاف ہونا۔ رنگ کا رونق پر آنا۔ گورا ہونا۔ جوبن پر آنا

رنگ

بہار پر آنا۔ (۲) رنگ بنانا۔ رنگ قرار دینا۔ رنگ ٹھیرانا + ۵

وہ پاؤں سے ملتا ہے شہیدوں کے لہو کو کیا رنگ کالا ہے نرالا کفِ پا کا۔ (شیدا)

رنگ نکلنا۔ ۱۔ فعلِ لازم (۱) کسی چیز میں رنگ تراوش کرنا۔ رنگ باہر آنا (۲) نکھرنا۔ جوبن پر آنا۔ چہرے کا صاف اور شفاف ہونا۔ چہرے پر رونق آنا +

رنگ نکھرنا۔ ۱۔ فعلِ لازم۔ رنگ کا صاف اور شفاف ہونا۔ رنگ کا رونق پر آنا +

رنگ ہے۔ ۱۔ ندا۔ شاباش ہے۔ آفریں ہے۔ مرحبا۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ +

رنگ۔ ۵۔ اسم مذکر۔ رانگ کا مخفف + قلعی۔ رصاص۔ اذیز۔ رانگا +

رنگ بھریا۔ ۵۔ اسم مذکر۔ رانگ کے کھلونے ڈھالنے اور رانگ کا گہنا پاتا بنانے والا

رنگا رنگ۔ ف۔ صفت (بالفصل) گوناگوں۔ بوقلموں۔ رنگ برنگ۔ مختلف رنگوں کا طرح بطرح کا + ۵

دیکھے اِس گلشن میں گورے سانولے سُرخ و سفید خوب نظارہ کیا گلہائے رنگا رنگ کا (ناسخ)

رنگا ہُوا۔ ۱۔ صفت (۱) رنگ کردہ۔ رنگین (۲) ذاکر۔ شاغل + عارفِ کامل + باخبر +

رنگائی۔ ۱۔ اسمِ مؤنث۔ رنگوانے کی اُجرت۔ رنگوائی +

رنگت۔ ۱۔ اسمِ مؤنث (۱) رنگ۔ لون + چہرے کا گورا۔ کالا سانولا رنگ + کپڑے کے اوپر کا رنگ (۲) رُوپ۔ برن (۳) حالت۔ کیفیت + ۵

بزمِ جاناں کی وہ پہلی سی نہ رنگت پائی اَور ہی لوگ ہیں کچھ اَور ہی صحبت پائی (حالی)

رنگت آنا۔ ۱۔ فعلِ لازم۔ رنگ پکڑنا۔ رنگ چڑھنا۔ رنگ جانا +

رنگت سفید ہونا۔ ۱۔ فعلِ لازم۔ دیکھو رنگ سفید ہونا +

رنگترا۔ ۱۔ اسمِ مذکر۔ سنگترا۔ کولا۔ سنترا ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی۔ نارنج (یہ نام محمد شاہ بادشاہ رنگیلے کا رکھا ہوا ہے) +

رنگروٹ۔ انگلش۔ صحیح رکروٹ Recruit اسمِ مذکر۔ نیا سپاہی۔ نو مُلازم + نیا بھرتی کیا ہوا سکیمٹر۔ نوآموز۔ مبتدی +

رنگنا۔ ۱۔ فعلِ متعدی (۱) رنگ چڑھانا۔ رنگت دینا۔ رنگ کرنا۔ ملوّن کرنا (۲) اپنا بنانا۔ اپنے پنتھ میں ملانا۔ (۳) ذاکر و شاغل بنانا۔ عارف بنانا + ہمرنگ کرنا +

رنگوانا یا رنگانا۔ ۱۔ فعلِ متعدی۔ رنگ کرانا۔ رنگ چڑھوانا۔ رنگت دلوانا +

رنگوائی۔ ۱۔ اسمِ مؤنث۔ دیکھو (رنگائی) +

رنگیلا۔ ۱۔ صفت۔ رنگین مزاج۔ باتحاد۔ متکلف۔ پُرتکلف چمیلی چھبیلا۔ چھبیلا عیاش طبع + اُجلا۔ سفید پوش۔ خوش پوشاک۔ رنگیں لباس۔ باتکا۔ تچھا۔ خوش طبع زندہ دل۔ کھلاڑی + رسیا۔ شوقین۔ طرحدار۔ وضعدار +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رنگ

رنگین ف۔ صفت (۱) رنگا ہوا۔ ملون۔ رنگ دار (۲۔۱) رنگیلا۔ چمکیلا۔ چھبیلا (۳۔۱) خوش طبع۔ زندہ دل (۲۔۱) آراستہ۔ مزین۔ سجا ہوا۔ گلکاری کیا ہوا۔ (۵۔۱) رنگ برنگ کا۔ گوناگوں (۶۔۱) گلفام۔ گلرنگ۔ سوہا۔ سرخ (۷) دلپسند خوش آیندہ (۸) سعادت یار خاں شاعر کا تخلص جو موجد بیخی اور مصنف فرسنامہ حکایت رنگین وغیرہ ہیں۔ انکے والد کا نام طہماسپ بیگ خاں اور شاگرد شاہ حاتم دہلوی کے تھے ۱۲۵۱ھ ہجری میں اسی برس کے ہو کر راہی ملک بقا ہوئے +

رنگین ادا ف۔ صفت۔ وہ شخص جو نئی نئی وضع اور نئے نئے انداز نکالے۔ طرحدار وضعدار۔ خوش ادا +۵

یوں تو ہیں سرو گل ندام اور بھی ہے رشک گل تجھسا پر رنگین ادا گلگوں قبا دیکھا نہیں (ظفر)

رنگین خط ف +ع۔ اسم مذکر۔ وہ خط جسمیں گل و بیل اور باغ وغیرہ کا تلازمہ ہو

الٰہی کس نگارین پنجہ نے یہ خط لکھا رنگیں کہ نامہ پر چناے کچھ نشاں ہیں جابجا نگیں (مئون)

رنگین غزل ف +ع۔ اسم مؤنث۔ دلچسپ غزل وہ غزل جسمیں گل و بیل کا تلازمہ اور رنگینی مضامین پائی جائے +۵

کیا ہی رنگین غزل اور لکھی مئون نے صفحہ کاغذ کا گیا صفحہ گلزار سے مل (مئون)

رنگین عبارت ف +ع۔ اسم مؤنث۔ وہ عبارت جس میں گلزار یا باغ کا تلازمہ ہو۔ دلچسپ عبارت۔ دلچسپ مضمون +مجازاً مقفیٰ و مسجع عبارت +

رنگین مزاج ف +ع۔ اسم مذکر۔ خوش مزاج۔ خوش طبع۔ زندہ دل۔ رنگیلا چھبیلا۔ ہنس مکھ +

رنگینی ف۔ اسم مؤنث۔ (۱) تلون۔ گلفشی (۲) بھڑک۔ آرایش۔ نمایش۔ آراستگی بناؤ سنگار (۳) خوش طبعی۔ خوش مزاجی (۴) بانکپن چھیل پن +

رنواس ہ۔ اسم مذکر۔ دیکھو (رنباس) محل۔ راجا یا بادشاہ کا زنانخانہ۔ رانیوں کے رہنے کا مکان

رو ۱۔ اسم مؤنث۔ (۱) ریلا۔ پانی کا بہاؤ۔ سیلاب۔ دھارا۔ سیل۔ دھار۔ پھال جیسے رو میں آئے سو رواہے +۵

لاکھ تم منع کرو جب کہ بھر آیگا سیل ناصحو آنسوؤں کی چشم میں رہوے ہی ہوے (ظفر)

(۲) جوش۔ ولولہ +غصہ۔ کروہ جیسے رو میں بات نکل گئی (۳) کیڑے مکوڑوں یا حشرات الارض وغیرہ کا جھنڈ جیسے چیونٹوں کی رو یا مچھلیوں کی رو (۴) راستہ چلنے اور راہ نوردی کا خیال۔ دھن۔ خیال +۵

نہ آنکھوں پر تھے آکر مژگاں پر کے آنسو چلے جب اپنی رو میں پھر یہ کسکے آشنا ٹھیرے (ناسخ)

(۵) دل۔ فوج۔ لشکر۔ سینا۔ ستیاہ۔ بھیڑ۔ انبوہ +

رُو ف۔ اسم مذکر و مؤنث (۱) چہرہ۔ منہ۔ مکھ۔ مکھڑا۔ مکھ رُخ +صورت شکل۔ بشرہ

رو

حسن قدرت سے خدا کی رو نظر آیا مجھے ریش پیغمبر ترا گیسو نظر آیا مجھے (آتش)

(۲) مؤنث) سبب۔ وجہ جہت۔ باعث۔ کارن (۳) سطح۔ بساط۔ پرہ۔ تختہ جیسے روے زمین (۴) نقیض۔ پشت۔ سامنا۔ آگا +ابرہ برخلاف ستر جیسے آئینہ کی رو پشت برابر۔ رو کا فرمہ (۵) اُمید۔ تمنا (۶۔۱) مراعات رعایت (اہل لکھنؤ نے چونکہ اس لفظ کو مذکر باندھا ہے۔ اس لحاظ سے مذکر و مؤنث لکھا گیا۔ مگر دلی میں مؤنث ہی سنا گیا ہے) +

رُوپوش ف۔ صفت۔ منہ چھپائے ہوئے۔ مخفی۔ پوشیدہ (۲) مفرور بھاگا ہوا۔ چھپا ہوا +

رُوپوش کرنا ۱۔ فعل متعدی۔ چھپانا۔ فرار کرنا۔ بھگانا۔ غائب کرنا +۵

غم سے اک پردہ نشیں کے یہ نئی شکل کی آہ ایک عالم سے کیا روپوش میں نے آپکو (جرأت)

رُوپوش ہونا ۱۔ فعل لازم۔ چھپنا۔ غائب ہونا۔ فرار ہونا چل دینا۔ الوپ ہونا۔ گپت ہونا۔ پوشیدہ ہونا مخفی ہونا۔ مستوارہی ہونا +

رُوپوشی کرنا ۱۔ فعل متعدی۔ منہ چھپانا۔ روبرو نہ آنا۔ غائب رہنا۔ چھپا رہنا ہوا کیا فائدہ پردہ نشیں کے دل لگانیسے کہ روپوشی ہمیں کرتی پڑی سارے زمانے سے (عالم)

رُودار ا۔ صفت۔ جوان۔ وجیہ۔ مشیں اور باوضع آدمی۔ جوان شکیل +

رُورعایت ف +ع۔ اسم مؤنث۔ طرفداری۔ پاسداری۔ پاس خاطر لحاظ پچ۔ رویت +

رُوسفید ہونا ۱۔ فعل لازم۔ منہ سفید پڑنا۔ خوف یا حیرت سے خون کی حرکت بند ہو جانیکے سبب رخ کا رنگ تبدیل ہو جانا۔ سفید پڑ جانا +سہم جانا۔ رعب میں آجانا +۵

اک غضب بجلی سی چمکی شب تیرے رخسار سے دیکھتے ہی ہو گیا روے مہ تاباں سفید (ظفر)

رُوسیاہ ف۔ صفت (۱) کل مونہا۔ سیہ چردہ۔ کالے منہ کا +۵

نوگرفتار دام زلف اُس کا ہے یہی روسیاہ مت پوچھو (امیر)

(۲) گنہگار۔ عاصی۔ آثم۔ پاپی۔ لگری (۳) ذلیل۔ رسوا۔ خوار۔ حقیر۔ بے عزت +

دل میں ڈر کہ جینے ڈبویا یہی مرا ہے اے بتو کبھی داغ تجھنے سنا جو ہوئی روسیاہ کا نام ہے (داغ)

(۴) کم بخت۔ کم نصیب۔ نالائق +۵

سودا قمار عشق میں شیریں سے کوہکن بازی اگرچہ لے نہ سکا سر تو کھو سکا

کس منہ سے پھر تو آپ کو کہتا ہے عشقباز اے روسیاہ تجھسے تو یہ بھی نہ ہو سکا

روسیاہ ہونا ۱۔ فعل لازم۔ ذلیل و رسوا ہونا۔ کلنک کا ٹیکا لگنا +بدنام ہونا۔ منہ کالا ہونا +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رُوسیاہی ف۔ اسم مؤنث۔ بدنامی۔ ذلت۔ رُسوائی۔ کلنگ۔ دھبّا +

رُوشناس ف۔ اسم مذکر۔ واقفکار۔ جان پہچان۔ جانب کار۔ تعارف والا۔

رُوشناسی ف۔ اسم مؤنث۔ واقفیت۔ جان پہچان۔ ملاقات۔ صاحب سلامت۔ معرفت۔ بات چیت۔ علیک سلیک +

رُوکش ف۔ صفت (۱) شرمندہ کرنے والا۔ (۲) مقابل۔ سنگ۔ رُوکشِ اندوہِ ہجراں شبِ وصل بیتاب تھا + تاب کا پانی جگر طاقت کا زہرہ آب تھا حیف (۳) نظیر۔ ہمسر۔ مانند۔ مشابہ۔ مُمثل۔ ؎

رُوکش اُسکا ہو کیا گل فردوس + وہ نزاکت وہ رنگ و بُو ہی نہیں + (داغ)

رُوکش ہونا ا۔ فعل لازم۔ مقابل ہونا۔ سنگ ہونا۔ رُوبرُو ہونا۔ سامنے کھڑے ہونا۔ سامنے آنا ؎ یہ نہ کہتا تھا ہو رُوکش تو اُسکی زلف سے + اس خطا سے مُنہ ترا مُشک ختن کالا ہوا + (بسمل)

رُوکش ہو تیرے رُخ سے کیا نُورِ سحر رنگِ شفق + ذرہ ہے تیرے فیض کا نُورِ سحر رنگِ شفق (ذوق)

رُوگرداں ف۔ صفت۔ رُوکش۔ پلٹا ہوا۔ اُلٹا ہوا۔ لوٹا ہوا +

رُوگرداں کرنا ا۔ فعل متعدی رُخ پلٹنا۔ رُخ اُلٹنا نیچے کا رُخ اوپر کرنا۔ لوٹنا

رُونمائی ف۔ اسم مؤنث۔ مُنہ دِکھائی۔ وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ دیکھکر اُسکے خاوند کے رشتہ دار دیتے ہیں + نذر دیدار +

رُونمائی دینا ا۔ فعل متعدی۔ مُنہ دکھائی دینا۔ دُلہن کا مُنہ دیکھنے کے صلہ میں نقدی دینا + دیدار کی نذر دینا +

رَوا ہ۔ اسم مذکر (۱) سوجی۔ (۲) بارُود کا دانہ (۳) چاندی یا سونے کا ذرّہ + ریزہ۔ دانہ۔ ریت کا ذرّہ۔ مصری یا گھی وغیرہ کا دانہ۔ رَونا۔ چھڑا جو خطّال یا پارسب یا جھانجن میں آواز کے واسطے ڈالتے ہیں +

رَوا ف۔ صفت۔ (۱) جائز۔ دُرست۔ مُباح۔ ٹھیک + حلال + مال طیب شیر مادر (۲) رائج۔ مُروّج۔ جاری۔ ساری + عُرفِ عام +

رَوا جاننا یا سمجھنا ا۔ فعل لازم۔ مُباح اور جائز سمجھنا۔ حلال سمجھنا۔ غیر ممنوع جاننا +

رَوادار ا۔ صفت۔ ہَوا خواہ۔ خواہاں۔ قبول کرنے والا۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ۔ طرفدار۔ ساتھی۔ +

رَوادار ہونا ا۔ فعل لازم۔ طرفدار ہونا۔ ساتھی نہ ہونا۔ خواہاں نہ ہونا۔ نہ چاہنا۔

قطعۂ جرأت

ماجرا اپنا عجب قصۂ جانکاہ ہے آہ + کو بیاں کیجیے رو رو تو سُنا جاوے کہاں +

یعنی جو جیتے بھی رہنے کا رَوادار نہیں + ہیں ایک نقطہ گرُس بن تو رہا جاوے کہاں +

رَوا رکھنا ف۔ فعل متعدی۔ جائز رکھنا۔ مباح سمجھنا۔ منظور کرنا۔ ماننا +

رَوا کرنا ا۔ فعل متعدی۔ جائز ہونیکا فتویٰ دینا۔ جائز کرنا۔ مباح کرنا +

رِواج ع۔ اسم مذکر (۱) روانی۔ عام دستور۔ ریت۔ برتاؤ۔ رسم۔ وہ چال۔ کساد بازاری کا نقیض۔ جاری۔ چلتا۔ ٹکسالی۔ چلن۔ دستور۔ آئین حکمرانی ہے حسن کی اے عشق × سکّہ داغ کا رواج ہوا + (اختر) (۲) سررشتہ۔ قاعدہ معمول۔ رَویّہ (یہ لفظ عربی میں بفتح راے جملہ ہے مگر اُردو اور فارسی زبان میں بالکسر مُروّج ہے +

رِواج پانا یا پکڑنا ا۔ فعل لازم۔ جاری ہونا۔ رسم پڑنا۔ چلن ہونا۔ پھیلنا + چلنا + عمل یا برتاؤ میں آنا +

رِواج پڑنا ا۔ فعل لازم۔ دستور پکڑنا۔ چلن ہونا۔ رسم بندھنا۔ رائج ہونا۔ جاری ہونا + عمل میں آنا۔ برتاؤ ہونا +

رِواج دینا ا۔ فعل متعدی۔ جاری کرنا۔ رسم ڈالنا معمول یا دستور پھیلانا

رِواجِ مُلک ع۔ اسم مذکر۔ مُلک کا دستور۔ مُلک کا چلن + عُرفِ عام +

رِواج یا رواز ا۔ اسم مذکر۔ گوشت کی جگری چربی۔

رِواج دار صفت۔ چکنا اور فربہ +

رِواجی ع۔ صفت۔ رسمی۔ ٹکسالی۔ معمولی۔ چلن کے موافق۔ مُروّج +

رَواروی ا۔ اسم مؤنث (۱) جلدی۔ شتابی۔ تاؤلی۔ (۲) بھاگا بھاگ دَوڑا دَوڑ (۳) گھبراہٹ۔ ہڑبڑاہٹ۔ (۴) سراسری۔ رسمی۔ سرِدست۔ (۵) کچل۔ بھاگڑ۔ چلا چلی ؎

تگاپو ہے ہر مرحلے میں تجھی سے + رَواروی ہے ہر قافلے میں تجھی سے + (حالی)

رواس ہ۔ اسم مؤنث ہندو۔ رونکی رغبت۔ رونکو جی چاہنا + چلانس +

رواسا یا رواسا ہ۔ اسم مذکر (ہندو) رُونکھا۔ قریب بگڑہ۔ ناری آمادہ + سخت ناراض۔ از حد رنجیدہ +

رَواسن ہ۔ اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جسکے بیج اور پتے اکثر دوا میں کام آتے ہیں

روال ہ۔ اسم مذکر۔ چاندی یا سونے کا ذرّہ +

رُوال ہ۔ اسم مذکر (رُوں مٹا۔ رُونگٹا۔ رُونگ۔ سُوے تن۔ جسم کے اوپر کے باریک باریک بال جو سمات میں ہوتے ہیں (۲) پشمینہ۔ ہار کا باریک پشم (۳) ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک خار جیسے بھنڈی ٹنڈے وغیرہ کا رُوواں +

رُوال اُترنا ہ۔ فعل لازم۔ بال جھڑنا + بال گرنا۔ بال اُترنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رُواں

رُواں بدلنا ا۔ فعل متعدی۔ جانور کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا۔ پر پرزہ یا کینچلی بدلنا۔ بال جھاڑنا۔ +

رُواں رُواں دُعا دیتا ہے ا۔ محاورہ۔ ہر ایک رونگٹے سے دعا نکلتی ہے۔ کمال ممنون ہوں +

رُواں رُواں کانپنا ا۔ فعل لازم۔ ہر ایک رونگٹے کا لرزاں ہونا نہایت خوف یا ترس خدا سے جسم کا کانپنا + تمام جسم لرزنا۔ بوٹی بوٹی کانپنا۔

رُواں میلا نہ ہونا ا۔ فعل لازم۔ کسی قسم کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا بال بیکا نہ ہونا + کچھ ملال یا رنج نہ پہنچنا۔ ؎

بے غم ہے لحد میں کشتۂ تری ادا کے + میلا ہوا نہ قاتل رُواں کبھی کفن کا + (امداد)

رَواں ف۔ صفت (۱) جاری۔ بہتا ہوا۔ سائر۔ سائر (۲) مشق کیا ہوا۔ ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ جیسے اسکو یہ پیچ خوب رواں ہے (۳) تیز۔ مجرّاں۔ پینا (۴) بلا سمجھے۔ معنی سمجھے بغیر کسی کتاب یا قرآن کا سبق پڑھنا + سمجھے بغیر پڑھنا (۲) موجودہ جیسے سالِ رواں (۳) مہتاب چلنا + وقت

رَواں پڑھنا ا۔ فعل متعدی۔ بن معنی پڑھنا + ناظرہ پڑھنا سمجھے بغیر پڑھنا

رَواں دَواں پھرنا ا۔ فعل لازم۔ جو۔ آوارہ و سرگردان پھرنا۔ بنکارے پھرنا مارا مارا پھرنا۔ ہرزہ گرد اور آوارہ گرد ہونا۔ خراب خستہ پھرنا +

رَواں کرنا ا۔ فعل متعدی (۱) جاری کرنا۔ صاف کرنا۔ مشق کرنا۔ بان پر چڑھانا۔ ہاتھ پر چڑھانا۔ تیز کرنا۔ بار بار رکھنا۔ (۲) چلانا۔ پھیرنا + ؎

رواں کرتا تھا خنجر گاہ گاہے روک لیتا تھا + عجب نازاں ادا سے اسنے کاٹا میری گردن کو +

رَواں ہونا ا۔ فعل لازم (۱) جاری ہونا (۲) تیز ہونا + مشق ہونا + زبان پر چڑھا ہونا + انکار قریب ہے بھی ہوگا + یہ فقرہ تمھیں رواں بہت ہے + (واغ) (۳) چلتا ہوا + مشاق ہونا (۵) روانہ ہونا۔ چلتا بنا ؎

کوئی تو لمبی ڈاڑھی لے ہو گیا رواں + مونچھیں بھویں تلک کوئی منڈا کر گیا (نظیر)

رُوآنسا ہ۔ اسم مذکر۔ دیکھو۔ (رُوآسا) + قریب گریہ۔ رنکھا +

رَوانگی ف۔ اسم مؤنث (۱) ترسیل۔ بھیجنا (۲) چلاوا (۳) روانگی + روانہ کرنا

رَوانہ کرنا و۔ فعل متعدی (۱) بھیجنا۔ ارسال کرنا۔ ترسیل کرنا + رخصت کرنا چلتا کرنا

روانہ ہونا ا۔ فعل لازم۔ ارسال ہونا + جانا + رخصت ہونا۔ سدھارنا۔ چل دینا + مرجانا۔ چل بسنا + وفات پانا۔ پران چھوڑنا + طبیعت

رَوائی ف۔ اسم مؤنث اجرا۔ بہاؤ + تیزی (ظفر) ظفر نے کیا کہوں عالم کی روانی کا + ہے اک اکڑا ہوا دریا اہا ہا آہو ہو ہو +

رُواں

رِوایت ع۔ اسم مؤنث (۱) کسیکی بات کی نقل۔ کسی کی بات (دوسرے) بیان۔ اظہار۔ ذکر۔ حکایت۔ (۲) شہادت کربلا کا کوئی سنا ہوا ذکر + رُلانا کا

رُوباہ ن۔ اسم مؤنث لومڑی۔ لومڑی۔ لوکٹی۔ عربی ثعلب۔

رُوباہ بازی ف۔ اسم مؤنث۔ مکاری۔ فریب دہی۔ مکر بازی فطرت

رُوبَراہ ف۔ صفت (۱) تیار۔ کمر بستہ۔ مستعد۔ لیس۔ (۲) اصلاح کیا ہوا + دست

رُوبَرُو ف۔ ق ف۔ سامنے۔ مقابل۔ بالمواجہہ آمنے سامنے مقابل

رُوبَرُو آنا ا۔ فعل لازم۔ مقابل آنا۔ سامنے آنا +

رُوبَرُو کرنا ا۔ فعل متعدی۔ سامنے کرنا۔ مقابل کرنا (۲) ہاتھ پکڑ کر لانا۔ پیش کرنا۔ (۳) صورت دکھانا۔ پردہ اٹھانا۔ پردہ نکرنا۔ آمنے سامنے کرنا (۴) حاضر کرنا۔ موجود کرنا۔ پیش کرنا +

رُوبَرُو لانا ا۔ فعل متعدی (۱) سامنے لانا۔ حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔ آگے لانا +

رُوبَرُو ہونا ا۔ فعل لازم (۱) سامنے ہونا۔ مقابل ہونا (۲) صورت دکھانا۔ سامنے آنا۔ پردہ نہ کرنا۔ آمنے سامنے ہونا +

رُوبکار ن۔ اسم مذکر۔ سامنا پیشی۔ وہ فیصلہ جو کسی حاکم کی پیشی میں یا اسکے روبرو لکھا جاوے + وہ حکم جو عدالت کی جانب سے لکھا جائے +

رُوبکاری ف۔ اسم مؤنث۔ محکمہ کی پیشی۔ مقدمہ کی کارروائی +

روبیٹھنا ہ۔ فعل لازم۔ ایسا بیٹھنا۔ نااُمید ہونا۔ کھو بیٹھنا۔ ضائع کر دینا + کہیں دل کو بھی تو نہ کھو بیٹھے + کہیں آنکھوں کو یوں نہ رو بیٹھے + (مومن خان) رو بیٹھے وہ آنکھوں کے تئیں ہنستے ہی ہنستے + جو رونے کا عہد اس سے غنا کے باندھے (جرأت)

رودینا ا۔ فعل لازم۔ عاجز ہو جانا + دب جانا + ہلی حالت پر نہ رہنا +

رُوپ ہ۔ اسم مذکر (۱) صورت شکل۔ بھیس + چہرا مہرا۔ گھڑا۔ گھڑنت وضع ہیئت۔ طور۔ رنگ۔ انکار۔ ڈھنگ۔ ڈول +

صبح فرقت نے دکھایا روپ سارا شام کا + آفتاب صبح کو سمجھا میں تارا شام کا + (ناسخ)

(۲) حسن و جمال۔ خوبصورتی۔ جوبن۔ سوبھا۔ سروپ۔ ؎

جب دیکھیے کچھ اور ہی عالم ہے تمہارا + ہر بار نیا روپ ہر اک رنگ نرالا + (آتش)

(۳) رونق و آب و تاب + چمک دمک۔ رنگ و روغن (۴) تجلی۔ جلوہ۔ جوت۔ روشنی + جھانکی۔ جھلک۔ (۵) جوانی۔ گدراہٹ (۶) صورت۔ تصویر (۷) سوانگ لیلا + بناوٹ کی ظاہری صورت (۸) سماں۔ حالت۔ رنگ جیسے روپ کھڑا کر دیا یعنی سماں باندھ دیا۔ (۹) روپا کا مخفف۔ چاندی۔ لقرہ

رُوپ بدلنا ہ۔ فعل متعدی۔ بھیس بدلنا۔ سوانگ بدلنا۔ صورت بدلنا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رُوپ

ہیئت بدلنا۔ صورت اور وضع کا تغیر کرنا ؎

اگرچہ رنگ نئے آسمان بدلے ہے ۔ پر رُوپ تیرے سے کب میری جان بدلے ہے (نصیر)

رُوپ بگاڑنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ بدصورت کرنا۔ چہرہ بگاڑنا۔ بدہیئت کرنا۔ بدرونق کرنا۔ بدنما کرنا۔ بے رُوپ کر دینا۔ کسی چیز کی ہیئت بدلنا۔ +

رُوپ بگڑنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ رونق نہ رہنا۔ بدنما ہونا۔ جوبن نہ رہنا +

رُوپ بنانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) سوانگ بھرنا (۲) نہایت خوبصورت یا حسین بنانا۔ (۳) ہیئت درست کرنا۔ ہیئت بنانا (۴) شباہت بدلنا۔ صورت بدلنا دھوکا دینے کی شکل بنانا + ؎

آپ کوئی رُوپ بنا یا شباہت بدلو ۔ غیر کی شکل ہو تو اپنی یہ صورت بدلو + (صفدر)

رُوپ بھرنا یا گانٹھنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ (۱) کوئی دوسری صورت بنانا سوانگ بھرنا۔ اپنی اصلی صورت کے خلاف دوسری شکل میں نمایاں ہونا۔ بھیس بدلنا۔ متمثل ہونا۔ رُوپ دھارنا (۲) فریب بنانا۔ وضع اور ہیئت بدلکر دھوکا دینا۔ بھگل گانٹھنا۔ (۳) خوبصورت یا حسین ظاہر کرنا +

رُوپ دِکھانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ درشن دینا۔ صورت دکھانا۔ نئی صورت یا نئے لباس میں ظاہر ہونا + جھانکی دِکھانا۔ +

رُوپ دھارنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) کوئی صورت یا ہیئت اختیار کرنا جسطرح دیوتا لوگ رُوپ دھار لیا کرتے تھے کسی صورت یا قالب میں آنا۔ (۲) صورت بنانا۔ شکل بنانا (۳) بھیس بھرنا۔ سوانگ بھرنا۔ +

رُوپ رُوئیں بھاگ کھائیں ۔ ف۔ کہاوت۔ یعنی زمانہ کا یہ حال ہے کہ خوبصورت بدنصیب تو مصیبت بھرتے ہیں اور بدصورت خوش نصیب عیش مناتے اور خوبصورتوں پر حکم چلاتے ہیں ؎ قطعہ

نادہندگی زناخی کی کروں کیونکر نہیں + لاکھ دل سے دل جسے چاہے وہ بیدل کس سے ہو +
ہے مثل مشہور یا جی رُوپ رُوئیں بھاگ کھائیں + جو لکھا قسمت میں خالق نے وہ ٹالے کس سے ہو (رئیس)

رُوپ لانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی (۱) بھورُولانا۔ فعلِ لانا (۲) ہیبت ناک صورت بنانا (۳) جھنجھٹ کرنا + دھمکی دکھانا (۴) دھوکا دینا۔ +

رُوپ نکالنا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ (۱) رنگ و روغن نکالنا۔ جوبن پر لانا۔ نکھارنا۔ چمک دمک حاصل کرنا۔ چمکنا۔ (۲) اوضاع اطوار دکھانا۔ خُبثِ باطن ظاہر کرنا۔ جیسے آپ نے تو خوب رُوپ نکالے +

رُوپ نکلنا ۔ ف۔ فعلِ لازم۔ نکھرنا۔ جوبن ظاہر ہونا۔ خوبصورتی حاصل ہونا رنگ و روغن آنا۔ تاب و چمک دمک کا ظاہر ہونا ؎

نہانے سے نکلا عجب سکار رُوپ + نکل آئے بدلی سے جسطرح سروپ + (میر حسن)

رُوپ وان یا وَنت ۔ ف۔ صفت (ہندو) خوبصورت۔ حسین۔ جمیل۔ وشنیل۔ سوہن۔ خوبرو۔ سندر۔ سُہاؤنا۔ سلونا + مستعمل

رُوپ وَنتی ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ ہندو عو۔ حسینہ۔ شکیلہ۔ جمیلہ۔ سندر۔ سوہنی۔ سُہاؤنی۔ سلونی۔ قبول صورت + موہنی۔ +

رُوپ ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ رُوپا کا مخفف۔ نقرہ۔ چاندی۔ سیم +

رُوپ درشن ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ زیارتِ نقرہ۔ چاندی کی کسی چیز کا نظارہ

رُوپیہ ۔ چاندی کا سکہ۔ وہ روپیہ جو دُلہن کو چڑھایا جائے۔ روپیہ کا نذرانہ

رُوپ رس ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ (ہندو) چاندی کا گشتہ۔ گشتۂ سیم۔ نقرہ مقتول

رُوپا ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔ ایک سفید قیمتی دھات کا نام جسکے اکثر زیور اور روپے بنائے جاتے ہیں۔ +

رُوپنا ۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ منگنی کا نشان۔ منگنی۔ + ہندو بولتے ہیں +

رُوپہلا ۔ ف۔ صفت۔ چاندی کا بنا ہوا یا چاندی کے رنگ کا۔ نقرئی۔ سیمی

رُوپہلی ۔ ف۔ صفت دیکھو۔ روپہلا۔ +

رُوپے ۔ ف۔ اسمِ مذکر (۱) رُوپیہ کی جمع۔ بہت سے روپے (۲) محرف منیرہ کے انجانے سے بنی ہوئی صورت +

رُوپے کے ٹلے ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ اوّل معلوم۔ دوم مکھری مُرتوج اور چلتی ہوئی چیز + جیسے یہ مال تو روپے کے ٹکے ہیں جہاں چاہو بھنا لو۔

رُوپے والا ۔ ف۔ صفت۔ دولتمند۔ مالدار۔ دھنونت۔ تونگر۔ متموّل۔ ہوت والا۔ صاحبِ ثروت +

رُوپیا یا رُوپیہ ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ (۱) روپے کا بنا ہوا۔ سولہ آنے کا سکہ۔ گیارہ ماشے دو رتی چاندی کا سکہ +

یکے دل کو چار بوسوں پر دیا اک یار نے ہنس کر + بھنی پیسہ روپیا کے ہاتھ چار آنے لگی + (آتش)

رُوپیا اُٹھانا یا اُڑانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ دولت خرچ کرنا۔ اسراف کرنا

رُوپیا پیسا ۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ دھن دولت۔ مال و زر +

رُوپیا بھنانا یا تڑوانا یا خُردہ کرانا ۔ ف۔ فعلِ متعدی روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا +

رُوپیا ٹھیکری یا کنکریاں کر دینا ۔ ف۔ فعلِ متعدی۔ روپے کو اپنی تعدی سے اٹھانا کہ اسکی اصل سنگریزہ کے برابر بھی نہ سمجھنا۔ فضول خرچی یا بیماری وغیرہ میں کثرت سے رُوپیا اُٹھانا + اسراف کرنا۔ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روت

رُوپیا جوڑنا - ف۔ فعل لازم - زر جمع کرنا - روپیہ اکھٹا کرنا

روتی صُورت - ا۔ صفت - ہر وقت اندوہگین اور غمگین رہنے والا محرّم کی پیدائش بھنکتی صورت - کریہ منظر بسورتی شکل والا - غم کی تصویر ؎ ایسی ہی میر کی ہے مدت سے روتی صورت پہ اُسکے کس دن آنسو رواں نہ پایا + (میر) خفا ہیں واں تو منہ مجھ روتی صورت سے دلاؤں رحم اُن میں کس طرح سے بار روٹے کا (جرأت)

روتے کیوں ہو؟ صورت ہی ایسی ہے - ا۔ کہاوت - جنم ہی سے دُکھیا پیدا ہوئے ہیں +

روتے گئے موئے کی خبر لائے - کہاوت - جس بدشگونی سے گئے ویسی ہی بدخبر لائے - جھینکتے گئے جھینکتے آئے +

روٹ یا روٹا - ف۔ اسم مذکر - بڑی روٹی - ٹکڑ - جیسے ہاتھی کا روٹ + دیوتا کے نام کا روٹ جو آٹا مانگ مانگ کر چڑھایا جاتا ہے - ہنومان یا کسی اور دیوتا کا روٹ +

رُوٹھا ف۔ صفت - خفا - ناراض - رنجیدہ - آزردہ +

رُوٹھارانی ف۔ اسم مؤنث - شکر رنجی - اَن بن خفگی - رنجیدگی + آزردگی +

رُوٹھنا - ف۔ فعل لازم - خفا - ناراض اور کشیدہ خاطر ہونا - بگڑنا - آزردہ ہونا - روٹھنے میں بھی لطف ہے ایسا + صبح کو روٹھے وہ شام کو ہم + (انشا)

روٹی ف۔ اسم مؤنث - (۱) نان - چپاتی - پھلکا - کاک (۲) رزق - اَن - اناج - رزق - جیسے روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر - مُردے کو روتے ہیں ٹھیکہ (۳-عو) جب بڑی روٹی یا روٹی اُٹھانا کہتے ہیں تو وہاں قرآن کو حلفاً اُٹھانا مراد ہوتی ہے (۳) وہ کھانا جو اہل اسلام چہلم کے روز تقسیم کرتے ہیں +

روٹی بٹنا - ف۔ فعل متعدی - روٹی تقسیم ہونا - اتفاق کر لینے کی ایک رسم جیسے ایام سے پیشتر روٹی بٹی تھی +

روٹی بنانا - ف۔ فعل متعدی (ہندو) روٹی پکانا - رسوئی کرنا +

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا - ف۔ فعل متعدی - عو - فراغتی سے بسر کرنا

روٹی پونا - ف۔ فعل متعدی - (ہندو) روٹی پکانا یا کرنا - +

روٹی چپڑنا - ف۔ فعل متعدی - روٹی پر گھی لگانا - روٹی کو روغن سے چپ کرنا + روغن بزبان مالیدن

روٹی دینا - ف۔ فعل متعدی - (گنوار) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا - کھانا دانہ کرنا + ہر مہینہ مقرر کرنا - کھانے کو دینا - پرورش کرنا - پالنا +

روٹی ڈالنا - ف۔ فعل متعدی - تحقیراً روٹی پکانا +

روٹی سینکنا - ف۔ فعل متعدی - (۱) روٹی کو انگاروں یا توے

روٹ

خوب پختہ کرنا - (۲ تحقیراً - عو) روٹی پکانا - روٹی ڈالنا -

روٹی کا مارا - ف۔ صفت - بھوکا - کنگال - فاقہ زدہ - دانہ زدہ +

روٹی کپڑا - ف۔ اسم مذکر - نان و نفقہ - روٹی اور کپڑے کا خرچ + عورت کا واجب الادا حق جو مرد پر ہے +

روٹی کپڑے کی خبر لینا - ا۔ فعل متعدی - کھانا اور کپڑا دینا پوشش و خوراک کی خبر گیری کرنا +

روٹی کرنا - ف۔ فعل متعدی (۱-ہندو) روٹی پکانا - رسوئی کرنا - (۲-گنوار) برادری کو کسی تقریب خواہ شادی یا غمی میں کھانا کھلانا برادری کی ضیافت کرنا - کھانا دانہ کرنا - اگرچہ یہ لفظ شادی اور غمی دونوں موقع کی مہمانی اور ضیافت پر بولا جاتا ہے مگر خاصکر میت کی وفات کے چند روز بعد جو کھانا کیا جاتا ہے اُسکی نسبت زیادہ بولتے ہیں +

روٹی کو رونا - ف۔ فعل لازم - روٹی کا ماتم کرنا - روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا - روٹی تلاش کرتے پھرنا - بے روزی کا گلہ کرنا - بھوکوں مرنا +

روٹی والا - ف۔ اسم مذکر - نان بائی - نان پز - خیری روٹی بیچنے والا اور بیچنے والا - نان پاؤ بکانے اور بیچنے والا - +

روٹیاں - ف۔ اسم مؤنث - روٹی کی جمع جو حروف مغیرہ یا تابع مغیرہ کے بغیر آتی ہے جیسے کواری کھائے روٹیاں - بیاہی کھائے بوٹیاں + کہاوت +

روٹیاں اُدھیڑنا - ف۔ فعل متعدی (بازاری) + مفت کی روٹیاں کھانا - دوسرے کے سر کھانا + روٹیاں مروڑنا -

روٹیاں توڑنا - ف۔ فعل متعدی - دیکھو روٹیاں اُدھیڑنا -

روٹیاں لگنا - ف۔ فعل لازم (۱) تنگی کے زمانہ کو بھولکر اترانا - پیٹ بھر جانا - اچھر جانا - کمظرف کا فراغبالی سے بہک جانا - شامت یا آوبار آنا (۲) تنور میں روٹیاں پکنا +

روٹیوں - ف۔ اسم مؤنث - روٹی کی جمع جو تابع مغیرہ یا حروف مغیرہ کے ساتھ میں آتی ہے +

روٹیوں پر پڑنا - ف۔ فعل لازم - دوسرے کے گھر روٹی کے لالچ سے جا پڑنا - دوسرے کی روٹی پر رہنا - طفیلیوں میں داخل ہونا - +

روٹیوں کا مارا - ف۔ صفت - بھوکا - فاقہ زدہ - دانہ زدہ - قحط زدہ - کال کا مارا - کنگلا - کنگال +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رُوح

رُوح ع۔ اِسمِ مؤنث (۱) جان۔ جیو۔ بولتا۔ آتما۔ پران ؎
بعد از فنا جو قبر پہ آئے وہ آئے وزیرؔ پہنچانے انکو رُوح مری دُور تک گئی + (وزیر)
(۲) خدا تعالیٰ + امرِ الٰہی (۳) اِطبا کی اصطلاح میں وہ لطیف بھاپ جو دل میں پیدا ہو کر باعثِ حیات و حسّ و حرکت ہوتی ہے (۴-ا) ست۔ لبِ لباب۔ عطر۔ خلاصہ۔ جوہر۔ ست (۵-ا) دل۔ قلب۔ ہیا۔ ہردہ۔ من۔ جیسے ہماری رُوح نہیں چاہتی (۶-ا) نیت۔ اندرونی خواہش جیسے رُوح بھرنا +

رُوح افزا ع۔ صفت۔ مُفرح۔ تازگی بخش۔ فرحت بڑھانے والا +

رُوح الامین ع۔ اِسمِ مذکر۔ امانت دارِ رُوح۔ حضرت جبرئیل کا لقب جو خدائے تعالیٰ کے احکام جوں کے توں رسولِ مقبولؐ کے پاس پہنچاتے تھے +

رُوح القُدس ع۔ اِسمِ مذکر۔ رُوحِ پاک (مسلمانوں کے نزدیک حضرت جبرئیل علیہ السّلام اور عیسائیوں کے حسبِ اعتقاد خدا تعالیٰ کی وہ حالت جبکہ رُوحوں کو ہدایت بخشتا اور ترغیبِ نیک دیتا ہے +

رُوح اللہ ع۔ اِسمِ مذکر۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام جو باپ کی مدد بغیر پیدا ہوئے تھے +

رُوح بھٹکنا ا۔ فعلِ لازم۔ (۱) رُوح کا منڈلانا۔ رُوح کا مشتاق ہونا یا تڑپنا کسی چیز کے دیکھنے یا کسی سے ملنے کو از حد جی چاہنا (۲) رُوح کا آمد و رفت رکھنا جو موت کا ہے

رُوح پرواز کرنا ا۔ فعلِ لازم۔ جان نکلنا۔ جان ہوا ہونا۔ خوف سے دم نکلنا کسی سے نہایت ڈرنا۔ رعب غالب ہونا۔

رُوح کانپنا یا تھرّانا ا۔ فعلِ لازم۔ کسی کے خوف سے دل تھرّانا۔ خوف یا رعب کے مارے جان کا نکلا جانا۔ خوفِ خدا سے دل لرزنا +

رُوح کھینچنا ا۔ فعلِ لازم (۱) عطر نکلنا۔ جوہر نکلنا۔ ست کھنچنا۔ (۲) دم فنا ہونا۔ جان نکلنا۔ دم برسنا ؎
ہما اور دو دیکھا جائے کس سے + ہمیشہ رُوح کھنچتی ہے دوا کی + (داغ)

رُوح نکالنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) رُوح قبض کرنا۔ جان کھینچنا۔ دم نکالنا۔ مار ڈالنا (۲) ست نکالنا۔ عطر کھینچنا۔ جوہر نکالنا +

رُوح نکلنا یا پرواز ہونا ا۔ فعلِ لازم۔ جان نکلنا۔ دم نکلنا۔ خوف یا رعب طاری ہونا ؎ نکل ابھی کی جو یاد آتی ہے تو بھی رُوح نکلتی ہے (رنگین) (۲) عطر یا جوہر کھنچنا۔

رُوحانی ع۔ صفت۔ منسوب بہ رُوح۔ رُوح سے نسبت رکھنے والی۔ غیر جسمانی۔ غیر فانی۔ اندرونی۔ پاک صاف۔ مقدس۔ منزہ جیسے رُوحانی خوشی + تازگیِ نیم

رُوداد ف۔ اِسمِ مؤنث (۱) کیفیت۔ حالت۔ حقیقت۔ حال احوال ؎
منہ دیکھی ہے جو آئینہ حیرت سے تمہارا + ہم جس سے ظفر کہتے ہیں روداد تمہاری + (ظفر)

رُور

میرے مرنے کی سُنکے سب روداد + پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا آگے (نامعلوم)
(۲) عدالت کی کارروائی۔ مسل۔ مُوبکار +

رُوداد مُقدّمہ ع۔ اِسمِ مؤنث۔ مُقدمہ کی کیفیت۔ عدالت کی کارروائی۔ مُقدمہ کی مسل +

رودبار ف۔ اِسمِ مذکر۔ پانی کا وہ بڑا حصّہ جو عموماً آبنائے سے چڑھا اور اندر دو سمندروں کو وصل کرتا ہے جیسے رُود بار سینٹ جارج و انگلستان وغیرہ بڑی بہت سا پانی جو بہتا نہ ہو۔ سمندر کا حصّہ۔ بڑی جھیل جو گیلا اور قریب کے دریا یا سمندر کا پانی

رو پڑنا ف۔ فعلِ لازم۔ رُدانسا ہو جانا۔ بسورنے لگنا۔ ناراض ہونا۔ رُٹھا ہو جانا

رودینا ف۔ فعلِ متعدی (۱) رو پڑنا۔ رونے لگنا۔ بسورنے لگنا۔ آنسو بھر لانا (۲) ہمت ہار دینا۔ جی چھوڑ دینا (۳) چلنا کرنا۔ اپنی دفعہ بگڑنے اور خفا ہونے لگنا۔ اپنے وار پر تُرشرو ہو جانا (۴) چیخ اُٹھنا۔ چلّانا۔ ہار مان جانا۔ سہار نہ سکنا۔ (۵) کسی چیز کا جلد کمّا ہو جانا۔ زیادہ نہ چلنا۔ مُدّت تک قائم نہ رہنا جیسے یہ کپڑا یا جوتی تو دس دن میں رو دی +

روڈ انگلش۔ Road. اِسمِ مؤنث۔ سڑک۔ راستہ راہ۔ شارعِ عام۔ پنتھ۔ باٹ +

روڈ انگلش Road. (۱) اِسمِ مذکر۔ ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ جریب (۲) مُسطّح پیمانہ جو آٹھ بسوے کے برابر ہوتا ہے۔ ایکڑ کی چوتھائی جو ۴۰ بسوے یعنی ایک بیگہ بارہ بسوے کا ہوتا ہے +

روراہٹ ف۔ اِسمِ مؤنث (۱) پچھاوا۔ افسوس۔ ملولا (۲-عو) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بھاگڑ۔ جیسے ایسی کیا روراہٹ پڑ گئی۔ دَم لو +

روڈالنا ف۔ فعلِ متعدی (۱) رو لینا۔ رو پڑنا۔ آنسو نکالنا۔ آنسو بہا دینا۔ (۲) بے اختیار گریہ کر کے دل کے غم اور بھاؤ کا رفع کر دینا۔ انقباضِ خاطر کو رو کر دُور کرنا +

رُورِعایت ف ع۔ اِسمِ مؤنث۔ دیکھو (رُو بمعنی مُنہ کے مُشتقات)

رو رو کر کاٹنا ف۔ فعلِ متعدی۔ مُصیبت کے ساتھ گزارنا۔ بمشکل اوقات بسر کرنا ؎ عہدِ جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں مُند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا + (میر)

رو روکے ف۔ تابع فعل بمشکل تمام۔ پیٹ پیٹ کے۔ نہایت قلق اور مصیبت سے جیسے رو روکے چار پیسے دیئے +

رو روکے گھر بھر دینا ف۔ فعلِ متعدی۔ نہایت رونا۔ روتے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روڑے

روتے گھر سر پر اُٹھا لینا - ✤ چیخ چیخ کر رو دے جانا ✤

روڑا - ہ - صفت - مٹی کا برتا ہُوا برتن ✤

روڑا - ہ اِسم مذکر - (۱) اینٹ کا ٹکڑا - پتھر کا ٹکڑا - سنگریزہ ؎
قبر کا ساتھ پس مرگ نہ چھوڑے پتھر ✤
بہتر انسان سے رفاقت میں ہیں روڑے پتھر (وزیر)
(۲) صفت) ادنیٰ - رذل میں آنیوالا - ٹھوکروں میں آنیوالا - جیسے کیسا بھاری روڑا ہو ہو - (۳) باشندۂ قدیم جیسے بندہ بھی دِلی کا روڑا ہے (۴) اینٹ پتھر کا کام - تعمیر کا کام جیسے یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا -
(۵) پنجاب کے کھتریوں کی ایک ذات کا نام (۶) مزاحم - سدِّ راہ - روک جیسے چلتی گاڑی میں روڑا اٹکا دیا یعنی مزاحم ہو گیا ✤

رُوڑھا - ہ - صفت (۱) رُوکھا - خشک - کج خُلق - بدخُلق (۲) سخت گڑا ہُوا - اُجڈ - اکھڑ ✤ (۳) کھُردرا - کھڈرا (۴) برتا ہُوا مستعمل (۵) گنوار بے ادب - ناہموار - (۶) بے ڈول - اَن گھڑ ✤

رُوڑھی - ہ - اِسم مؤنث - (ہندی) - اِسم جامد - غیر مشتق ✤

روڑی - ہ - اِسم مؤنث (۱) وہ توڑے ہُوئے چھوٹے چھوٹے پتھر کے گڑے جو پکی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بُنیاد کے نیچے کُوٹے جاتے ہیں - ✤

روڑی کوٹنا - فعل متعدی - پتھر توڑنا ✤

روز - ف - اِسم مذکر (۱) دِن - نہار - بار - وار - یوم - دیوس ✤ تتھ تاریخ (۲) دِن بھر کی اُجرت - مزدوری - روزینہ - یومیہ - وھیانگی ؎
بوسہ روز آپ نے ٹھیرایا تو دو روز کا روز ✤ کیوں چڑھاتے تم اِس عاشقِ دلسوز کا روز ✤
(۳) اِ - مرنے کا دِن - تاریخ وفات ✤ یومِ فاتحہ - یومِ عُرس - (۴-۵) آئے دِن - ہمیشہ - ہر روز - سدا - نت - جیسے تم تو روز نہاتے ہو - روز کنواں کھودنا تو ہی پانی پینا ✤

روز افزوں ف - صفت - دِن دُونا - دِن بدن زیادہ - روزانہ ترقی ✤

روز بٹنا - اِ - فعل لازم - یومیہ تقسیم ہونا - مزدوری ملنا ✤ چھٹا بٹنا -

روز بروز ف - صفت - ہر روز - دن بدن ✤

روز جزا یا داد - ف - ع - اِسم مذکر - روزِ انصاف - اعمال کا بدلا ملنے کا دِن - روزِ قیامت - یوم الحساب ✤

روزِ جنگ - ف - اِسم مذکر - روزِ میدان - لڑائی کا دِن ✤ دھاوے کا دِن

روز

روزِ مصاف ✤ یوم کارزار - جدہ بار - معرکہ آرائی کا دِن ✤

روزِ حشر یا قیامت یا حساب - ف ع - اِسم مذکر - دُنیا کے فنا ہونے کے بعد پھر مبعوث ہونے کا دِن - پرلے - پرلو - دُنیا کا وہ اخیر دِن جس میں تمام مخلوق خُدا کے سامنے کھڑے ہو کر اپنا اپنا حساب دیگی - روزِ حساب - یوم الحج - یوم التناد - الیوم الساعۃ ✤

روز روز - اِ - صفت ہر روز - آئے دِن - مُدام - ہمیشہ ✤

روزِ روشن - ف - اِسم مذکر - صبح - علی الصباح - بھور - تڑکا - وقت طلوع

روزِ روشن ہونا - ف - فعل لازم - دِن نکلنا - سُورج اُدے ہونا - طلوع ہونا

روزِ سیہ - ف - اِسم مذکر - روزِ بد - روزِ نحس - مصیبت کا دِن ادبار اور بدا قبالی کا زمانہ - غم و اندوہ کا دِن - ماتم کا دِن ؎
اپنے روزِ سیہ سے دیکھ لیا ✤ ہم سُنا کرتے تھے بلا ہے عشق ✤ (معین)

روزِ سیہ لانا - اِ - فعل لازم - روزِ بد دکھانا - مُصیبت لانا - آفت میں ڈالنا ؎
دِل کو پھر کاکل میں اُلجھاتے ہیں ہم ✤ سر پہ پھر روزِ سیہ لاتے ہیں ہم ✤ (رند)

روزشمار - ف - اِسم مذکر - قیامت کا دِن - موجودات کا دِن - روزِ حساب گن گن کے روز کرتے ہیں وہ عاشقوں کو قتل ✤
ہر روز اُن کے کُوچہ میں روز شمار ہے ✤ (نسیم)

روزِ میدان ف - اِسم مذکر - دیکھو روزِ جنگ ✤

روز و شب یا شب و روز - ف - اِسم مذکر - رات دِن - لیل و نہار ✤ مُدام - ہمیشہ - سدا ✤

روزِ ولادت - ف - ع - اِسم مذکر - (۱) روزِ پیدائش جنم دِن (۲) سالگرہ - برس کا گانٹھ ✤

روزانہ - ف - تابع فعل - ہر روز - روز بروز - نت - ہمیشہ مُدام - (۲) روزینہ - یومیہ ✤

روزگار - ف - اِسم مذکر - (۱) زمانہ - وقت - عالم - سماں ✤ دُنیا جہان - سنسار - جگت (۲) مُدّت - عرصہ - فرصت - مُہلت (۲-۱) نوکری - چاکری - پیشہ - شغل - ملازمت - خدمت - کام - دھندا کار - سیوا - ٹہل - پرستاری ✤

روزگار پیشہ - اِ - اِسم مذکر - نوکری پیشہ - چاکر یا - وہ شخص جس کا پیشہ نوکری چاکری ہو ✤

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روزگار چمکنا - ا۔ فعل لازم - مزدوری چلنا - خوب بکری اور خریداری ہونا + ملازموں کی ضرورت ہونا ؎

کس روش پھولے نہ اپنے پیرہن میں اے نسیم +
ان دنوں چمکا ہوا کچھ روزگار لالہ ہے (نسیم)

روزگار چھوٹنا - ا۔ فعل لازم - نوکری جاتی رہنا - موقوف ہو جانا برطرف ہونا - کام سے علیحدہ ہونا + گھر بیٹھنا - بیکار ہونا +

روزگار کرنا - ا۔ فعل متعدی (۱) نوکری کرنا - ملازمت کرنا (۲) کوئی پیشہ یا تجارت کرنا - دھندا کرنا - کام پھیلانا +

روزگار لگنا - ا۔ فعل لازم - نوکری لگنا - نوکر ہونا - کام سے لگنا + مزدوری لگنا +

روزمرہ - ف - صفت - (۱) ہر روز - ہمیشہ - بلاناغہ - برابر - متواتر آئے دن - (۲) اسم مذکر) ہر روز کی گفتگو - بول چال - بات چیت - محاورہ - اصطلاح (۳) تکیہ کلام - سخن تکیہ +

روزنامچہ - ف - اسم مذکر - سیاہا - اہ راجہ - ہر روز کا حساب کتاب یا حال احوال لکھنے کی بیاض - وہ بہی جس میں روز روز کا حساب کتاب یا حال احوال لکھا جائے - روزانہ رپورٹ - روزانہ اطلاع - چٹھا - کھاتہ - کچا چٹھا +

روزن - ف - اسم مذکر (صنائع) چھید - بل - بلا - چھری - دراڑ - دراڑ - درز - شگاف ؎

زخم تو بھی مرہم زخم کہن ہے چارہ گر
بند تیر پار سے سینہ کا روزن ہو گیا + (مومن)

(موکھا - روشندان - موری +

روزہ - ف - اسم مذکر (۱) صوم - برت - اُپاس - لنگھن - صبح سے شام تک کھانے پینے سے پرہیز جیسے غریب نے روزے رکھے دن بڑے آئے - (۲) فاقہ - کڑاکا - بھوکا رہنا - انا ہار جیسے آئی تو روزی نہیں تو روزہ

روزہ توڑنا - ا۔ فعل متعدی - روزے میں کچھ کھا پی لینا جسکے کفارہ میں تین سو ساٹھ آدمیوں کو کھانا کھلانا پڑتا ہے ؎

جطح توڑتے ہیں شیشہ مے کو پتھر + شیشہ مے نے یونہیں روزہ ہمارا توڑا + (ناسخ)

روزہ ٹوٹنا - ا۔ فعل لازم - روزے میں فرق آنا - روزے کی احتیاط کے خلاف کر کے گنہگار میں داخل ہونا ؎

ایک بوسے پہ بات سے تری روزہ ٹوٹے + اسکے بدلے میں کھلاؤنگا بشر تیس سو ساٹھ + (عارف)

روزہ خور - ا۔ اسم مذکر - روزہ نہ رکھنے والا - جیسے روزہ خور رحلا کا چور +

روزہ دار یا روزہ وار - ف - صفت - (عوام روزہ دار بولتے ہیں)

برتی - صائم - اُپاسی - روزہ رکھنے والا - روزہ سے +

روزہ رکھنا - ا۔ فعل متعدی - صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزے کی نیت سے کھانے پینے و جماع سے باز رہنا - برت رکھنا - لنگھن کرنا - بھوکا پیاسا رہنا +

روزہ کشائی - ف - اسم مؤنث (۱) افطاری - روزہ کھولنے کی چیز (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب +

روزہ کھانا - ا۔ فعل متعدی - روزہ نہ رکھنا - روزوں کے سلسلہ میں کوئی روزہ چھوڑ جانا - روزہ چھوڑنا ؎

افطار صوم کی جو کچھ دستگاہ ہو + لازم ہے اس شکستہ کو کہ روزہ رکھا کرے +
جس پاس روزہ کھول کے کھانے کو کچھ نہ ہو + روزہ کو وہ نہ کھائے تو ناچار کیا کرے (غالب)

روزہ کھلوانا - فعل متعدی روزہ کشائی کرانا - لوگوں کو افطاری کھلانا +

روزہ کھولنا - ف - فعل لازم (۱) روزہ افطار کرنا - روزہ کشاون کا ترجمہ - غروب آفتاب پر کھانا پینا - برت کھولنا - (۲) عہد توڑنا - بندش توڑنا - جیسے آپ نے وہی پیسے پر روزہ کھولا +

روزی - ف - اسم مؤنث (۱) روزمرہ کی خوراک - رزق - اجیوکا - آزوقہ کھاجا - راتب - راتبہ - روٹی (۲) ا۔ روزگار - نوکری - ٹکڑا - ملازمت جیسے خدا سبکی روزی لگی رکھے - (۳) مزدوری جیسی دن کو سو دے روزی کھوئے

روزی بڑار - اسم مذکر - (ہندو) رزق پر لات مارنے والا - دشمن رزق - نکھٹو - نا شکرا +

روزی رساں - ف - اسم مذکر - رزاق - روزی دہندہ - روٹی دینے والا - پروردگار + رب العباد +

روزینہ - ف - اسم مذکر (۱) یومیہ + روزمرہ کا خرچ + اجرت ہر روز کی روز روز کی تنخواہ - روزداری - مزدوری + دھیاڑی + خرچ + (۲) وظیفہ + پنشن + تنخواہ - ماہانہ - درماہا - مشاہرہ + علوفہ +

روزینہ دار - ف - اسم مذکر - پنشن خوار تنخواہ دار - مزدور + وظیفہ خوار +

رؤسا یا رؤ - ساء - اسم مذکر - رئیس کی جمع - سردار لوگ - عمائد +

روٹھنا - ف - فعل لازم (گنوار) خفا ہونا - بگڑنا - رُوٹھنا +

رُوسیاہ - ف - اسم مذکر - دیکھو (مشتقات رُو بمعنی چہرہ) +

رُوسیاہی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (مشتقات رُو بمعنی منہ) +

رَوِش - ف - اسم مؤنث (۱) رفتار - چال - (۲) طرز - طور - طریق - تراش خراش - ڈھنگ وضع (۳) باغ کی پٹڑی - چمن کی بٹیا - +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روش

روشن ف صفت - (۱) چمکتا ہوا - نورانی - چمکدار - چمکیلا - درخشان - مجلا - صاف - تاباں - (۲-۱) کھلا ہوا - کشادہ - دلکش جیسے روشن مکان - (۳-۱) ظاہر عیاں - واضح - پرگھٹ +

روشن چوکی ف اسم مؤنث (وہ چاروں آدمیوں کا گروہ جو دولھا یا بادشاہ کی سواری کے ساتھ - نفیری - طبلہ - بنجرے بجاتے ہوئے چلتا اور نوشہ کے قریب رہتا ہے + ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی جیسے تاسہ والوں میں برادری ہوتی ہے +

روشن دان ف اسم مذکر - تابدان - دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا سوراخ

روشن دماغ ف اسم مذکر - عالی دماغ - عالی فہم - نوکی - ذہین عالی طبع (۲-۱) بلاس - ناس - نسوار - سعوط +

روشن ضمیر ف ع صفت - صاحبِ کشف - گیانی - بدھوان خبردار - صاحبِ ادراک - زیرک - عاقل - دانا - زود فہم - ماہر + اہل دل - عارف + روشن رائے + اہل بصیرت +

روشن کرنا ف فعل متعدی (۱) چمکانا - اجاگر کرنا - درخشاں کرنا - تاباں کرنا (۲) جلانا - بالنا - جیسے چراغ روشن کرنا - (۳) ظاہر کرنا - پرکاش کرنا - پرگھٹ کرنا

روشن ہونا ف فعل لازم (۱) جلنا - بلنا - چراغ جلنا - (۲) چمکنا - اجاگر ہونا - (۳) ظاہر ہونا - معلوم ہونا - کھلنا ؎

چوکیاں درگاہ میں بھرتے ہو بہر غسلِ غیر
آپ کے دل کی مرادیں ہم پہ روشن ہو گئیں (انامی)

روشنائی ف اسم مؤنث (۱) تجلی - نور - شعاع + روز روشن - (۲) سیاہی - مداد - مسی + مرکب - لکھنے کی سیاہی +

روشنی ف اسم مؤنث - (۱) نور - چمک - دمک - تجلی - جلوہ (۲) رونق - آبادی - زیبائش جیسے ان کے دم کی روشنی ہے (۳-۱) بینائی - بصارت - بصیرت - تیور - نورِ چشم - آنکھ میں روشنی نہ رہنا دعا

روشنی کرنا ف فعل متعدی - جیسے چراغ جلانا - چراغ جلانا - جوت جگانا +

روضہ ع اسم مذکر (۱) باغ - باغیچہ - سبزہ زار - مرغزار - (۲) مزار - بزرگواروں کا مقبرہ - تربت - آستانہ - سمادھ ؎

مردہ غریب بیچ گڑھے میں پڑا ہوا + کیا فائدہ جو روضہ بنائے مہربان بلند + (ناسخ)

روضہ خواں ع ف اسم مذکر - مرثیہ خواں - وہ شخص جو منبر پر پڑھ کر کتاب روضۃ الشہدا پڑھے +

روک

رَوضۂ رضوان ع اسم مذکر - داروغۂ بہشت - یعنی رضوان کا باغ - جنتِ فردوس - سرگ +

روغن ف اسم مذکر (تیل - کسی چیز کا چکنا عرق ؎

نظر سے میری گر یار اُن کی ہو گئیں آنکھیں
تصدق کے لئے - کچواؤں روغن آنکھ کے تل کا + (وزیر)

(۲) گھی - گھن - مسکہ - (۳) چکنائی - چکناہٹ - چربی - چربیدار شے (۴) وارنش - سندرس کے گوند - یا لاکھ کا گلایا ہوا چمکدار روغن - ملمع +

ہو چکا تمام گل چراغ زندگانی پھر بھی کام روغن آ گیا لیکن تری تصویر کا + (اسیر)
تیرے عکسِ رخ سے ہے خوشبو سی کے پھول میں
روغنِ گل بن گیا ہے صاف روغن ڈھال کا +

(۵) چمک دمک - آب و تاب - روپ - محاورہ - رنگت جیسے رنگ و روغن +

روغنِ تلخ ف اسم مذکر - کڑوا تیل - روغنِ سیاہ +

روغنِ زرد ف اسم مذکر - گھی - مسکہ + گھن +

روغنِ قاز ف اسم مذکر - راج ہنس کی چربی جو نہایت آبدار اور چکنی ہوتی ہے +

روغن قاز ملنا ف فعل لازم - (۱) چکنانا - چکنی چپڑی باتیں بنا کر دھوکا دینا - دم دینا - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا - لگو پٹو کرنا ہنسے ہر چند ملا آکر بہت روغنِ قاز + پر کسی شکل خدا کی رکھائی نہ گئی + (عارف)
(۲) زمانہ سازی کرنا - چمکنا ؎

ہم کو تو یہ بات بجھائی تجھ سے بلا ہے دل اپنا
مجھکو ملنا روغنِ قاز اور آنکھ بلائی اوروں سے (صفت)

(۳) یار بنانا - شیشے میں اتارنا - پنیری جمانا - + ؎

اس قدر چرب زبانی سے ملا روغنِ قاز (صفت)
دل میں پیدا ہوا اُس شمع تجلی کے گداز +

روغنی ف صفت - روغن دار - تیلیا - مچیڑا ہوا - چکنا - چکنی (۲) وارنش کیا ہوا +

روغنی روٹی ف اسم مؤنث - روغندار روٹی - روغنیہ وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈال کر لگائی جائے - +

روک ہ اسم مؤنث (ہندو) نقدی - روکڑ - روپیہ + کاغذِ زر - نوٹ +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روک

روک ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث (۱) ممانعت + آڑ۔ مزاحمت + بدی + مناہی + بازداشت۔ اِنحصار۔ اٹک۔ اُٹکاؤ کشیدگی۔ رُکاوٹ (۲) انسداد مسدودی تعرُّض (۳) احاطہ بندی۔ بند +

روک تھام ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ روک روکاؤ + بندوبست + عارضی طور پر بچاؤ + اِنسداد +

روک تھام کرنا ۔ہ۔ فعلِ متعدی (۱) بندوبست کرنا۔ عارضی طور پر علاج کر کے مرض کو ٹھیرانا۔ مرض کو ترقی سے روکنا + کسی جھگڑے کو بڑھنے نہ دینا۔ دبانا (۲) جوڑ جاڑ کر تھما دینا۔ پیوند لگا کر کام چلتا کر دینا +

روک ٹوک ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ تعرُّض۔ اٹکاؤ مناہی +

جی جس کا چاہے آئے کہ صحرا نشیں ہیں ہم کچھ روک ٹوک یاں نہیں دیوار و در نہیں (جرأت)

روک ٹوک کرنا ۔ہ۔ فعلِ متعدی۔ آتے جاتے کو روکنا۔ پوچھ گچھ کرنا + ٹپنا سدِّ راہ ہونا۔ مُقابلہ کرنا۔ مُتعرِض ہونا +

روک ٹوک میں رہنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ آمد و رفت میں مانع آنا۔ نگراں رہنا۔ خبر رکھنا۔

(بیان ہے وہ ایک نگوڑا سو عُمر بھر میری اصیل کی ہی رہا روک ٹوک میں (انشا)

روک ٹوک ہونا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ پوچھ گچھ ہونا۔ باز پُرس ہونا +

روک رکھنا ۔ہ۔ فعلِ مُتعدی۔ ٹھیرا لینا۔ باز رکھنا۔ پکڑ رکھنا۔ کسی مال کو فائدہ سے بیچنے کے واسطے ڈال رکھنا +

روک روک کے ۔ہ۔ تابع فعل (۱) پکڑ پکڑ کے + ٹھیرا ٹھیرا کے۔ تھام تھام کے (۲) احتیاط سے +

رُوکا ۔ہ۔ اِسمِ مذکر۔ (دکنّی) ہانک پُکار۔ زور کی آواز۔ للکار۔ لمکار +

رُوکا دینا ۔ہ۔ فعلِ لازم (دکنّی) ہانک دینا۔ آواز دینا۔ پکارنا۔ پکار کے بُلانا۔ للکارا۔ ہلکارنا +

روکڑ ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ نقدی۔ روپیہ پیسہ۔ زرِ نقد + دھن دولت +

روکڑ بکری ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ نقد کی بکری۔ وہ فروخت جو نقد ہوئی ہو +

روکڑ بہی ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ کیش بُک۔ وہ بیاض جس میں نقدی کا حساب کتاب درج ہو۔ آمدنی کی کتاب +

روکڑیا ۔ہ۔ اِسمِ مذکر (ہندو) زر موجودہ۔ نقدی۔ زرِ نقد + سکّہ لگی ہوئی مقدار +

روکڑیا ۔ہ۔ اِسمِ مذکر (ہندو) خزانچی۔ گنجینہ دار۔ روکڑ نویس۔ فوطہ دار۔ تحویلدار۔ کوٹھیاری +

روکھ

رُوکن ۔ہ۔ اِسمِ مذکر۔ رونگا۔ اوپر + علاوہ۔ کسی چیز کی وہ مقدار جو اُسکے خریدنے کے بعد بلا قیمت اوپر سے لے لیں۔ منگنی۔ بچوترا۔ بڑھوتری۔ بادھا +

رُوکن دینا ۔ہ۔ فعلِ مُتعدی۔ کسی چیز کے اوپر وہی چیز بمقدارِ قلیل مُفت دینا۔ اُوپر دینا۔ بادھا دینا۔ منگنی دینا + گھاتا دینا۔ (پورب) +

رُوکن لینا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ اصل خرید پر کچھ اور اُٹھا لینا۔ منگنی لینا +

روکنا ۔ہ۔ فعلِ مُتعدی (۱) باز رکھنا۔ مانع آنا۔ مزاحم ہونا۔ تعرُّض کرنا + سدِّ راہ ہونا۔ حائل ہونا (۲) بند کرنا۔ مُوندنا۔ گھیرنا۔ مسدُود کرنا (۳) اٹکانا ٹھیرانا۔ تھامنا (۴) منع کرنا۔ بات کاٹنا (۵) ٹہّی لگانا۔ باڑ لگانا۔ پردہ کرنا۔ اوٹ کرنا۔ اِحاطہ کرنا۔ گھیرا گھیرنا (۶) داب رکھنا۔ نہ دینا۔ تھام رکھنا (۷) بچاؤ کرنا۔ سپر کرنا۔ آڑ کرنا۔ وار بچانا۔ چوٹ یا ضرب کو کسی چیز پر لینا (۸) کسی چیز کو بکری یا کرایہ سے تھام لینا + قبضہ کرنا (۹) بکری سے تھامنا۔ دیر میں دینا۔ (۱۰) راستہ بند کرنا۔ رستہ میں پکڑ رکھنا (۱۱) پھانسنا۔ چھانسنا۔ اُلجھانا۔ بجھانا (۱۲) حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔ بچانا جیسے اپنے بچے کو بُری صحبت سے روکنا (۱۳) چھیڑنا۔ ہنسی کرنا۔ راستہ میں کسی عورت کو پکڑنا (۱۴) بیحرکت کرنا جُنبش سے ٹھیرانا۔ ساکن کرنا (۱۵) ٹھیرانا۔ مقرّر کرنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا جیسے بات روکنا یعنی کسی کی نسبت یا شادی کو مقرّر کرنا (۱۶) ہاتھ سے نہ جانے دینا۔ معاملہ بنانا (۱۷) سنبھالنا۔ قابو میں لانا۔ بس میں لانا + اُٹھانا سہنا۔ سہارنا (۱۸) اٹانا۔ بھرنا۔ معمُور کرنا۔ جگہ تنگ کرنا جیسے سارا گھر روک لیا (۱۹) چُھپانا۔ مخفی کرنا۔ گپت کرنا۔ ڈھانکنا۔ الوپ کرنا +

رُوکھ ۔ہ۔ اِسمِ مذکر۔ درخت۔ شجر۔ تَرُور۔ تَرُو۔ پیڑ۔ برکش۔ برچھ جیسے جہاں روکھ نہیں وہاں ارنڈ رُوکھ (کہاوت)

رُوکھ چڑھا ۔ہ۔ اِسمِ مذکر۔ ہندوعو۔ ڈالی والا۔ بُوزنہ۔ میمُوں سترد۔ بندر۔ باندر۔ بانر + منّو +

رُوکھا ۔ہ۔ صِفت (۱) چکنا کا نقیض۔ خُشک۔ سُوکھا یا بس (۲) سادہ (۳) بے رس۔ بے مذاق + خُشک دماغ۔ بے لطف (۴) پھیکا دال سالن یا نمک مرچ بغیر (۵) اکھڑ۔ بے لگاؤ۔ کھُرا (۶) بدخلق۔ کج اخلاق۔ کڑوا (۷) بیدرد۔ بیرحم۔ کٹھور۔ سخت۔ سنگدل۔ دُرشت۔ نرومی (۸) کھردرا۔ کھُرکھرا (۹) بلا روغن۔ جو چکنا نہ ہو + بن گھی کا +

روکھا سُوکھا ۔ہ۔ صِفت۔ بے سالن کا۔ بُرا بھلا۔ دال دلیا +

روکھا ہونا ۔ہ۔ فعلِ لازم (۱) بدمزاج۔ کج خُلق اور اکھڑ ہونا (۲) بیمُرخ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

روکھ

ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ آزردہ اور رنجیدہ ہونا۔

میں نے اُس سے کہا کہ تو مجھ سے عید کے دن بھی کیا نہیں ملتا
ہو کے روکھا وہ یوں لگا کہنے کیا کریگا بے جا نہیں ملتا (مصحفی)
بن نمک چھڑکے زخم سینہ پر مصحفی کچھ مزا نہیں ملتا

رُوکھائی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث۔ روکھ کھانے والی۔ بڑھئی کی نہانی۔ لکڑی کھودنے کا اوزار۔ چھینی +

رُوکھائی ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (۱) دیکھو رُکھائی (۲) کھُردراہٹ۔ ناہمواری کھُردرا پن (۳) سختی۔ دُرشتی۔ خشونت (۴) روکھا پن۔ بدمزاجی (۵) خشکی۔ یبوست۔ سوکھا (۶) بے اعتنائی بے پروائی (۷) سرد مہری۔ بیدردی +

روکے رُوپٹی مانگنے والا ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ ننا بچہ۔ ناسمجھ بچہ۔ ماں باپ پر ناز کرنے والا بچہ +

رُوگ ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) دُکھ۔ درد۔ بیماری۔ پیڑا۔ مرض۔ آزار۔ رنجوری۔ عارضہ۔ علت۔

وعدہ خلاف یار سے کہو۔ پیام بر آنکھوں کو روگ دیگئے ہو انتظار کا (آتش)
(۲) وبا۔ مری۔ مرگ و میر (۳) وبال۔ جنجال۔ آفت۔ بلا۔ بکھیڑا۔ پاپ۔ اُلجھیڑا۔ عذاب جیسے کس روگ میں پھنسایا (۴) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فتنہ۔ فساد۔ فیل۔ قضیہ (۵) ردّوبدل۔ مکابرہ۔ مجادلہ۔ حیص وبیص (۶) مشکل۔ دِقت۔ دُشواری + عذاب۔ تکلیف (۷) عَیب۔ بُرائی۔ نقص۔ قباحت جیسے تم میں بھی تو بڑا روگ ہے کہ کہا نہیں مانتے (۸) عذابِ جان۔ سوزشِ روح ہے ہے ارے دل نوج اُسے چاہے کسیکا ہے عشق تو رنگین کا بڑا روگ نہ تھا (رنگین)

روگ آنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ جانوروں میں وبا پھیلنا +

روگ بسانا ۔ف۔ فعلِ مُتعدی (۱) عذاب یا رنج مول لینا۔ جھگڑے میں پڑنا۔ مخمصہ میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ پاپ لگانا (۲) دُشمن کر لینا۔ دشمن بنا لینا (۳) بُری عادت ڈال لینا۔ کسی بات کا عادی ہو جانا +

روگ پالنا یا لگا لینا ۔ف۔ فعلِ مُتعدی (۱) دیکھو (روگ بسانا) (۲) کوئی مرض پیچھے لگا لینا۔ دائم المرض رہنا۔ رنجھنا +

روگ ٹالنا ۔ف۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو (روگ کاٹنا) +

روگ کاٹنا ۔ا۔ الگ کرنا ۔ف۔ فعلِ مُتعدی۔ جھگڑا چکانا + حساب فیصل کرنا + رار کاٹنا۔ قضیہ پاک کرنا + مصیبت یا مشقت سے بچنا +

رول

روگ راج ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ بیماریوں کا سردار۔ تپ دق۔ بڑا آزار۔ تپ مُزمن۔ سوکھا +

روگ کا گھر ۔ا۔ **روگ کی جڑ** ۔ا۔ اوّل اِسمِ مذکر دوم مؤنث (۱) دُکھ کی پوٹ + سرتاپا آزار و تکلیف۔ بیماری کا باعث۔ بیماری پیدا کرنیوالی چیزیں جیسے روگ کا گھر کھانسی۔ لڑائی کا گھر ہانسی (ہنسی) +

روگ لانا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ فیل لانا۔ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا + بادی پھیلانا۔ قباحت نکالنا +

روگ لگانا ۔ف۔ فعلِ متعدی (۱) کوئی مرض پیچھے لگا لینا (۲) عذاب مول لینا۔ اپنے کو مصیبت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا۔

لگایا روگ جوانی میں کیوں میاں جرأت ابھی تو کھیل تماشے کے تھے تمہارے دن (جرأت)

روگ لگنا ۔ا۔ **لگ جانا** ۔ف۔ فعلِ لازم۔ کسی بیماری کا سر ہو جانا۔ مرض کا پیچھے لگ جانا۔ بیماری ہو جانا۔

یارب یہ کیوں لگا دی ہے ساون کی جھڑی کیا روگ لگ گیا مری چشمِ پُرآب کو (جرأت)
(۲) جھگڑا پیچھے لگنا (۳) لت پڑنا۔ عادی ہونا۔ دھت لگنا +

رُوگی ۔ا۔ اِسمِ مذکر (۱) مریض۔ سقیم۔ دُکھی۔ بیمار رہنے والا + دائم المرض۔ دُکھ کی پوٹ (۲) جھگڑالو۔ بکھیڑیا (۳) کوڑھی۔ مبروص۔ مجذامی۔ مجذوم +

روگیا ۔ا۔ **روگیلا** ۔ا۔ اِسمِ مذکر۔ دیکھو (روگی) +

رَوْل ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (گنوار) غُل۔ شور۔ ہرانگیختگی۔ شورش۔ شور و شغب ہائے ہُو۔ گنتی میں بھول۔ کھیل میں چینہ + ابتری۔ بے قاعدگی +

رول پڑنا ۔ف۔ فعلِ لازم۔ ہرانگیختہ ہونا۔ رولا پڑنا۔ شور و غل مچنا +

رول ۔ا۔ اِسمِ مؤنث (بواوِ مجہول بروزنِ مول) چھٹن بُری بُری چھالیہ جو اکثر عمدہ چھالیہ میں سے چھانٹ کر غریبوں کے ہاتھ بیچتے ہیں۔ ناقص کتری کترائی چھالیہ +

رول ۔ا۔ انگلش (Roll) اِسمِ مذکر۔ فرد یا داشت۔ دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی مدارج و مناصب کے واسطے مُلازموں کے نمبروار نام لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ فرد اسماء۔ فرد اسامی وار +

رُول ۔ا۔ انگلش (Rule) اِسمِ مذکر۔ قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ دستور۔ (۲) جدول۔ لکیر جو کتاب کے حاشیہ پر کھینچی جائے (۳-۴) جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا +

رَولا ۔ا۔ اِسمِ مذکر (ہندو) غل۔ شور۔ غوغا۔ رُوکا۔ غُل غپاڑا۔ نعرہ۔ گھمار۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رول

غُغاں۔ دُہائی۔ تہائی۔ توبہ۔ دھاڑ۔ حشرات (ہ) دنگا۔ فساد۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ آشوب۔ بکھیڑا۔ اندھیر (ہ) غُلغلہ۔ ہل چل۔ کھل بلی۔ ہائے ہوئی۔ شہر آشوبی +

رولا ڈالنا۔ یا۔ کرنا۔ یا۔ مچانا۔ ہ (فعل متعدی) غل کرنا۔ شور و شر کرنا + ہلچل مچانا۔ ہلچل ڈالنا۔ توبہ دہاڑ ڈالنا۔ بکھیڑا ڈالنا (۲) عذر کرنا۔ بلوہ کرنا۔ رعیت خواہ سپاہ کا حاکم پر چڑھ جانا۔ شورش مچانا۔ بغاوت کرنا +

رولانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی۔ دیکھو دُرلانا) +

رُولَر۔ (انگلش Ruler) اِسمِ مُذکّر (۱) جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ٹُنڈا۔ (۲) خط متوازی کھینچنے کی چوکی یا برنجی دو پٹریاں۔ برنجی یا چوبی پیٹے دار چپٹا ٹکڑا۔ یہ نقشہ نویسی کے اوزار ہیں۔

رولن۔ ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ چھلن۔ چھلور +

رولنا۔ ہ۔ فعلِ مُتعدی (۱) پھٹکنا۔ نیارا کرنا۔ جُدا کرنا۔ اُوپر اوپر سے لینا۔ چھانٹنا۔ برسانا (۲) بٹورنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا +

رولتا موتی جو کرتا کشتکاری خیر کی ہُن برستا میں اگر بارانِ رحمت مانگتا (بحر)

(۳) صاف کرنا + ہموار کرنا۔ چھیلنا + چکنانا + رندہ کرنا (۴) کمانا۔ حاصل کرنا۔ بافراط روپیہ گھسیٹنا۔ جیسے وہ تو خوب روپیہ رول رہا ہے۔ ؎

کہ جس کی خاک سے لیتی تھی خلق مولی + (مصرعۂ میر)

(۵) ملنا۔ مالش کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ کھریرا کرنا جیسے گھوڑا اور پھوڑا اچھنا رولو اُتنا بڑھے +

رولی۔ ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ ایک قسم کی سُرخ اور خشک چیز جسکا ہندو لوگ تلک لگاتے اور اُسے ہلدی پھٹکری اور تُرشی سے بناتے ہیں۔ کُنکُو +

رُوم۔ ہ۔ اِسمِ مُذکّر (۱) رونگٹا۔ روال۔ مُوئے تن۔ مُوئے زرد۔ زغب۔ ؎

جس کی جا سے پریت ہے وہی اُسکا رام رُوم رُوم میں بس رہو نہیں اور سے کام (دوہا)

رُومال۔ ف۔ اِسمِ مُذکّر (۱) منہ پونچھنے کا کپڑا۔ تولیا۔ بینی پاک۔ انگوچھا یعنی انگ پونچھا۔ دست پاک۔ دست مال (۲) وہ چوگوشہ شال کا کپڑا جو اوڑھا جاتا اور اُسے شالی رومال بھی کہتے ہیں۔

دولتِ فقر ہوئے منعم اور کملی ہو فخر کیا ہے جو دوشالہ ہوا رومال ہوا (صبا)

(۳) وہ چکن کا کپڑا جسے سمو سہ کر کے موسمِ گرما میں اوڑھا کرتے ہیں۔ ؎

نخوت کی فقیروں سے نہ لو اوڑھ کے رومال

ایسا نہ ہو رومال سے رومال بدل جائے

رونا

(۴) میانی کا کپڑا +

رُومال پر رُومال بھگونا۔ ف۔ فعلِ لازم۔ زار و قطار رونا۔ اٹھ اٹھ آنسو رونا۔ اِس قدر رونا کہ رومال تر ہو ہو جائے +

رومال دینا۔ ف۔ فعلِ مُتعدی۔ مجامعت کرنے والے کو رومال دینا +

رومال رکھنا۔ ف۔ فعلِ مُتعدی۔ گدی رکھنا۔ حیض کے دنوں میں کپڑے یا اسفنج کا کام میں لانا +

رومال لینا۔ ف۔ فعلِ مُتعدی۔ بعد از انزال رومال سے الوُدگی کو صاف کرنا +

رُومالی۔ ف۔ اِسمِ مُؤنث (۱) اوڑھنی۔ لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا (۲) ہیانی کا کپڑا (۳) وہ تکھونٹا کپڑا جو پہلوان لوگ کثرت کے وقت باندھ لیتے ہیں۔ اس سے چوتڑ ڈھک جاتے ہیں۔ کاچھا۔ کچھ (۴) گلے میں باندھنے کا کپڑا۔ گلوبند (۵) قصابہ۔ وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں +

ڈھاٹو + (کوہستانی)

رُومالی چاول۔ ہ۔ اِسمِ مُذکّر۔ وہ نہایت باریک چاول جو صرف رومال میں باندھ کر گرم پانی میں ڈالنے سے فوراً اُبل جاتے ہیں +

رومالی سویاں۔ ف۔ اِسمِ مُؤنث۔ وہ نہایت باریک سویاں جو صرف رومال میں باندھ کر کھولتے پانی میں غوطہ دینے سے فوراً تیار ہو جاتی ہیں +

رُونا۔ ہ۔ اِسمِ مُذکّر (۱) چھرّا۔ گھنگرو یا جھانجھن کے اندر کے دانے جو سیسے کے بنے ہوئے ڈالے جاتے ہیں تاکہ اُس سے آواز اچھی طرح نکلے (۲) ہندوی چالے پر دُلہن کو اپنے گھر لانا۔ بیاہ کے تیسرے مرتبہ جورو کو اپنے گھر لانا۔ گونے کے بعد گھر میں لانا +

رونا۔ ہ۔ فعلِ لازم (۱) گریہ کرنا۔ آنسو بہانا۔ زاری کرنا۔ اشکباری کرنا۔ بلاپ کرنا + بلکنا جیسے بن روئے لڑکے کو دودھ نہیں ملتا (۲) شکایت کرنا۔ جھینکنا۔ گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا۔

ترستے آستانِ یار پر ہیں جبہ سائی کو کہا نتک روئیں ہم طالع کی اپنے نارسائی کو (جرأت)

(۳) غم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ پیٹنا۔ سوگ کرنا۔

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں (غالب)

(۴) واویلا کرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ کوکنا۔ چلّانا۔ ڈکرانا۔ فریاد و فغاں کرنا۔ دُہائی دینا جیسے دھوبی روئے دُھلائی کو میاں روویں کپڑوں کو۔

راہ دور عشق میں روتا ہے کیا آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا (میر)

(۵) افسوس کرنا۔ آہ کرنا۔ ہائے کرنا۔ کلپنا۔ کُڑھنا۔ تلف شدہ چیز کا رنج کرنا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رونا

پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے اب صبح ہونے آئی ہے اکدم تو سوئیے (میر)
لڑکا روئے بالوں کو نائی روئے منڈوائی کو۔
ضبط بکا محال ہے یعقوب کی طرح آنکھوں کو روئیے جو مقدر دکھائے رنج (بحر)
(۵) چرچا ہونا۔ ذکر اذکار ہونا۔ ذکر پھیلنا۔ افواہ ہونا۔ مُنہ جُڑنا۔
بھایا جب مری آنکھوں نے دریا تو اس رونے کا کیا رونا نہ ہوگا (جرأت)
(۶) پچتانا۔ پریشان ہونا۔ پچتاوا کرنا۔ ہاتھ ملنا۔ ملولا کرنا کسی کام کو کر کے تاسُّف کرنا۔
عشق میں اپنی جان کھوئینگے ہم ابھی کیا روئے اور روئیں گے ہم (میر)
(۷) صدمہ اُٹھانا۔ مُصیبت بھرنا۔ آفت میں پڑنا (۸) دُکھ بیان کرنا۔ مُصیبت دُھرانا۔ دُکھڑا رونا جیسے اب اپنا دُکھ روتا ہوں (۹) بسُورنا۔ رونے کی شکل بنانا۔ اپنا درد ظاہر کرنا۔
اور مجھ پاس ہے کیا دینے کو دیکھکر تجھ کو روئے دیتا ہوں (ولی)
(۱۰) بُری طرح پڑھنا۔ بدآوازی سے بولنا جیسے باتیں کرتا ہے یا روتا ہے دوسرے کے کام یا تصنیف کو بگاڑ کر پڑھنا +

رونا پیٹنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ گریہ وزاری کرنا۔ واویلا کرنا۔ آہ و پکار کرنا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ کُہرام ڈالنا +

رونا دھونا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ دیکھو (رونا پیٹنا) +

رونا ۔ہ۔ اِسمِ مُذکر (۱) غم۔ فکر۔ اندیشہ۔ افسوس۔
ہنسنے کا تمہارے ہمیں رونا تو یہی ہے اخلاص میں بھی اور ہے انداز ادا کا (عارف)
(۲) گریہ وزاری۔ نالہ۔ جزع فزع۔ تضرع + آنسو جیسے اُنکی تو ناک پر رونا دھرا رہتا ہے (۳) ماتم۔ نوحہ۔ بلاپ۔ واویلا۔ پیٹنا (۴) تاسُّف۔ افسوس۔ رنج۔
وہ ہنسے سُن کے نالہ بُلبل کا مجھکو رونا ہے خندۂ گُل کا (مومن)
(۵) مُصیبت۔ سختی۔ کشٹ۔ کلیش۔ دُکھڑا۔ سنکٹ (۶) گلہ۔ شکوہ (۷) آہ و فُغاں۔ فریاد (۸) چرچا۔ ذکر۔ اذکار (۹) صدمہ۔ حادثہ جیسے رونا پڑنا بمعنی صدمہ ہونا (۱۰) پچھتاوا۔ ملولا۔ رور اہٹ (۱۱) رُنکھا۔ رو دینے والا۔ گریہ ناک جیسے یہ بڑا رونا لڑکا ہے +

رونا آنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ دل بھر آنا۔ افسوس آنا۔
آتا ہے اپنے حال پہ رونا ہمیں تو یار دشمن کا بھی خدا نہ کرے کار و بار بند (نظیر)

رونا پڑنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ ماتم ہونا۔ کُہرام مچنا۔ کسی صدمہ یا حادثہ کے

رون

سبب آہ و بکا ہونا۔ پٹنا پڑنا۔
جنجوٹ میں دل کے بہلانیکی جی کھونا پڑا جو ہنسی کی بات تھی سو اُسکا بے ناپڑا (جرأت)

رونا پیٹنا ۔ہ۔ اِسمِ مُذکر۔ گریہ وزاری۔ واویلا۔ آہ و بکا۔ نالہ و فریاد۔ ماتم۔ کُہرام +

رونا دھونا ۔ہ۔ اسمِ مُذکر۔ گریہ وزاری۔ نالہ و فریاد۔ آہ و بکا۔ ماتم۔ کُہرام۔ واویلا۔
صبر کر اپنے مقدر کے لکھے پر بے بحر رونے دھونے سے بھلا ہوگی یہ تحریر سفید (بحر)

رونا رونا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ دُکھڑا بیان کرنا۔ مُصیبت دُھرانا۔ اپنی بپتا کہنا۔
ترے واسوخت سے خالی نہ میں پایا کوئی شمع بھی آگے میرے اپنا ہی رونا روئی (سودا)

رَونَا ۔ا۔ اِسمِ مُذکر (بیگمات قلعہ) (۱) وہ مُلازم جو عورتوں کے کام کاج کرنے اور سودا سُلف لانے کے واسطے دروازے پر رہتا ہے۔ اُوپر کا سودا سُلف کرنے والا نوکر۔ پیادہ۔ چھوکرا۔ ہرکارہ +
ڈول چوڑی کا نبی مُنہ سے بتانا چاہئے ہاتھ کا دینا رونے کو بتانا چاہئے (نازنین)
خبر کو زنانے کی بھیجا تھا میں نے گیا اور کے گھر دوا نا رونا (رنگین)
(۲) ٹکٹ۔ تصدیقی پروانہ (۳) مال کی روانگی کا پرچہ۔ مال کی راہداری۔

رَونْد ۔انگلش (Round) اِسمِ مُؤنث۔ طلایہ۔ رات کا گشت۔ گشت۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا دورہ۔ میاں گئے روند بیوی گئیں پتروند +

رَونْد گشتی ۔ا۔ اِسمِ مُؤنث۔ شب گشتی۔ رات کا گشت +

رَونْد ڈالنا ۔ہ۔ فعلِ مُتعدی۔ پامال کر دینا۔ تلوؤں کے نیچے مل ڈالنا۔ کھُوند ڈالنا۔
اُٹھا رونْد ڈالا اِک عالم کا دل بھلا شوخ یہ بھی کوئی چال ہے (قائم)
مانع رفتار ہو کیا اُسکو تہجر زیر پا جس نے لاکھوں رونْد ڈالے کاسہ سر پر پا (داغ)

رَونْدَن ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ کھُوندن۔ پامالی۔ پیروں سے کچلا جانا۔ پے سر ہونا۔
رشک کی جا ہے خوشا حالِ وُفاتا عشق جسکو اُس شوخ کے توسن کی وہ رونْدن ملے (انشاء)

رونْدن میں آنا ۔ہ۔ فعلِ لازم۔ پیروں میں آنا۔ رَوندا جانا۔ رونْدا جانا۔ پامال ہونا۔ کچلا جانا۔ پسا جانا +

رَونْدنا ۔ہ۔ فعلِ مُتعدی۔ دُکھ دینا۔ کھُوندنا۔ پامال کرنا۔ پاؤں سے ملنا۔ پیروں میں کچلنا۔
جو ضعیفوں کو ستائیگا سزا پائیگا آپ دُکھ پاتے ہیں جو روندتے ہیں خلق کو (ناسخ)
غُنچوں کو رونگل کو سُنبل اور صبا کو چھیڑ لیکن نہ اُس کے عقدۂ بند قبا کو چھیڑ (انشاء)

رُول رُول ۔ہ۔ اِسمِ مُؤنث۔ سارنگی کی آواز (۲) بچہ کے رونے کی آواز +

رَونَق ۔ع۔ اِسمِ مُؤنث (۱) رُوپ۔ خوبصورتی۔ چمک۔ دمک۔ آب و تاب۔ درخشندگی۔ جلوہ۔ (۲-۹) تازگی۔ طراوت۔ بحالی۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رون

لگے دیکھے جو آجاتی ہو منہ پر رونق ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے ۔ (غالب)

(۳-۵) آبادی ۔ آوا دانی ۔ گہما گہمی ۔ چہل پہل ۔ جیسے رونق چار پیسے کی ؎

وہ کوچہ ہی اشک خوں سے گلزار ۔ رونق ہے یہ ساری اپنے دم کی ۔ (مومن)

(۴-۵) بہار ۔ جوبن ۔ لطف ۔ کیفیت جیسے وہاں اب کل رونق آرہی ہے ابتو باغ رونق پر ہے ۔ (۵-۵) زیب و زینت ۔ زیبائش ۔ آرائش ؎

کفر کچھ چاہیئے اسلام کی رونق کیلئے ۔ حسن زنار ہے تسبیح سلیمانی کا ۔ (میر)

(۶-۵) ہنگامہ ۔ دھوم دھام ۔ کر و فر ۔ جاہ و جلال ۔ شان و شوکت ۔ حشمت ۔ طمطراق ۔ بھیڑ بھاڑ ۔ طنطنہ ۔ غلغلہ ۔

رونق افروز ۔ ع ف ۔ صفت ۔ جلوہ گر ۔ جلوہ فرما ۔ تشریف فرما ۔ قدم رنجہ فرما ۔

رونق افروز ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ کسی بزرگ یا سردار یا بادشاہ کا تشریف لانا ۔ جلوہ فرما ہونا ۔ جلوہ افروز ہونا ۔ تشریف ارزانی فرمانا ۔

رونق افزا ۔ ع ف ۔ صفت ۔ رونق بڑھانے والا ۔ رونق افروز تشریف فرما ۔ جلوہ فرما ۔

رونق افزا ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ رونق افروز ہونا ۔ تشریف فرما ہونا ۔ جلوہ فرما ہونا ۔

رونق دار ع ف ۔ صفت ۔ چمکیلا ۔ خوبصورت ۔ پر لطف ۔ پر بہار ۔ زرین ۔ آراستہ ۔ آبدار ۔

رونگ ۔ ہ اسم مذکر ۔ رُوم ۔ رُوما ۔ انسان کے جسم کا ملایم بال ۔ رُونگٹا ۔

رونگ رونگ میں بسنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ رویں رویں میں سمانا ۔

رونگٹا ۔ ہ اسم مذکر ۔ اون ۔ پشم ۔ رُواں ۔ رُوما ۔ رُوم ۔ رونگ ۔ وہ چھوٹے چھوٹے نرم بال جو انسان کے جسم پر ہوتے ہیں ؎

تمام رونگٹے خرگاں بنے شب عدہ ۔ ہر ایک داغ بدن چشم انتظار ہوا ۔ (ناسخ)

رونگٹے کھڑے ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ سردی یا خوف یا رعب کے باعث جسم کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا ۔ سہمنا ۔ ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ تھرانا ۔ کانپنا ۔ دہشت ماننا جسکی وادی سے ہوں رونگٹے سو اس کے کھڑے ۔ وہ محبت نے کیا سلسلہ پاہمکو ۔ (ذوق)

خون کی دیدیں یہ چھیڑ ان سے بول اٹھا کہ رونگٹے سن کے کھڑے ہو گئے خوانوں کے ۔ (میر)

(۲) تحیر ہونا ۔ حیرت میں رہنا ۔ ہکا بکا رہ جانا ۔ سکتہ کا عالم ہو جانا ۔ چوکنا ہونا ۔ چوکنا

اس غزل میں مستغانی نوٹ دیے کی ہے قصیدہ ۔ ہو گئے سنکر کھڑے اہل سخن کے رونگٹے ۔ (نصیر)

(۳) شوق میں بھر کر انہوں کرنا ۔ رال ٹپک پڑنا ؎

رونگٹے تن پہ مرے کیوں نہ کھڑے ہو جائیں ۔ پوچھتے جب ہے بدن کے تئیں وہ شال سے خوب ۔ (جرأت)

روے

رونڈ ۔ ا اسم مذکر (از رونا) (۱) دیکھو (رونا) چالان ۔ بنگاسی کی چھٹی ۔ بہتی وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد لادنے والے کا نام مع اسم جنس محصول مرج ہو (۲) پروانۂ راہداری ۔ اجازت نامہ ۔ پروانگی ۔ (۳) بیگار ۔ پیادہ ۔ ہرکارہ ۔ پھوکرا ۔

روئی صورت یا شکل ۔ ا ۔ صفت ۔ دیکھو (روتی صورت) ؎

ایسے ہنس مکھ کو شمع سے تشبیہ ۔ شمع مجلس کی روئی صورت ہے ۔ (نامعلوم)

روئے کا تار باندھنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ پیہم گریہ وزاری کرنا ۔ برابر روئے جانا ۔

روہو ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔ مچھلی کا بچہ ۔

رُوئی ۔ ہ اسم مؤنث ۔ پنبہ ۔ قطن ۔ تُول ۔ صاف کی ہوئی کپاس ۔ (۲ ۔ صفت) ملایم ۔ نرم ۔ کومل ۔ گدگدا ۔

رُوئی توڑنا ۔ ہ فعل متعدی ۔ رُوئی کو انگلیوں سے بکھیرنا ۔ تار تار کرنا ۔

رُوئی دار ۔ ا ۔ صفت ۔ روئی کا بھرا ہوا ۔ وہ کپڑا جسکے اندر روئی پڑی ہوئی ہو ۔

رُوئی دُھنتا یا دُھنکنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ رُوئی کو تانت سے صاف کرنا ۔ رُوئی کے روئیں جُدا جُدا کرنا ۔

رُوئی سا ۔ ہ ۔ صفت ۔ روئی کی مانند ۔ نہایت نرم اور ملایم جیسے روئی سا بدن ۔ رُوئی سے ہاتھ پاؤں وغیرہ ۔

رُوئی سا یا رُوئی کی طرح تُوم ڈالنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ ع ۔ دھجیاں اُڑانا ۔ ایک ایک عیب کھول کر رکھ دینا ۔ خوب خبر لینا ۔ چھوٹے بڑوں کو پُن ڈالنا ۔ سب کو اگٹ ڈالنا ۔ بکھانا ۔ بکھان کرنا ؎

دیکھیو کیسی دھوم ڈالوں گی ۔ رُوئی کی طرح تُوم ڈالوں گی ۔ (شوق)

رُوئی سا یا روئی کی طرح دُھنتا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ پرزے اُڑانا خوب مارنا ۔ خوب پیٹنا ۔ دُھواں دُھوں مارنا ۔

رُوئی کا سا گالا ۔ ہ ۔ صفت ۔ نہایت سفید اور ملایم ۔

رُوئی کا گالا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) صاف رُوئی کا بنایا ہوا گول گتا گوڑھا ۔ رُوئی کا بڑا پھویا ۔ رُوئی کا گولہ ؎

پائے نازک اُسنے جب رکھے ہمارے قبر پر
پارہ ہائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے (ناسخ)

(۲ صفت) سفید ۔ نہایت سفید جیسے انگار تو رُوئی کا گالا ہو گیا ۔

رُوے ۔ ف ۔ اسم مؤنث (۱) (دیکھو) (رُو) منہ ۔ چہرہ ۔ مُہرہ ۔ (۲) سبب ۔ موجب ۔ باعث ۔ رُخ ۔

رُوئے سخن ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ خطاب سخن ۔ بات کا ڈھلاؤ ۔ بات کا رُخ ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رُوے سخن کسیکی طرف ہونا۔ رُو سیاہ ہونا۔ کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے (غالب)

رؤیا - ع - اِسم مذکر - خواب - سپنا - جو کچھ خواب میں دیکھا جاے جیسے عالم رویا یعنی عالم خواب - مَنام +

رؤیاے صادقہ - ع - اِسم مذکر - سچا خواب + وہی کی ایک قسم +

رُوپاں - ہ - اِسم مذکر (رکھنو) رُواں - رُونگٹا - مُوٹا سُوت تن +

بدلے پانی کے اگر خاک بھگنے بدلی سے + ایک رویاں ہو نہ ملا مری بارانی کا + (اسیر)

(ناسخ - بحر - آتش و فوق نے بھی باندھا ہے) +

رُویت - ع - اِسم مؤنث - صورت کا نظر آنا - نظارہ - دیدار +

رویت ہلال - ع - اسم مذکر - چاند کا نظر آنا - پہلے دن کے چاند کا نظارہ -

رُوئداد - ف - اِسم مؤنث - (دیکھو) رُوداد) +

رُوئیدار - ا - صفت - دانہ دار - خستہ - بھربھرا -

رُوئیدگی - ف - اِسم مؤنث - نباتات + نمو +

رُوئیں - ف - اِسم مؤنث - (۱) دھات - کانسی مد ۲ - صفت - دھات کا - پیتل یا کانسی کا +

رُویں - اِسم مذکر (رُواں کی جمع) رُونگٹے +

رُوئیں کھڑے ہونا - ہ - فعل لازم - دیکھو (رُونگٹے یا رُوئیں کھڑے ہونا) + خوف طاری ہونا +

رِویو - انگلش - اِسم مذکر - نظر ثانی - تقریظ - دیکھ داکھ - دیکھ بھال کسی کتاب کے عیب و ثواب پر راے + تنقید (Review) نقد +

رَویّہ - ف - اِسم مذکر (۱) چال چلن - دستور - قاعدہ - برتاؤ - محاورہ - ریت - ضابطہ - معمول - ڈھنگ - طور - طریق - رسم - روش + سررشتہ +

رَہ - ف - اِسم مذکر - مخفف راہ - جیسے رہبر - رہگزر وغیرہ میں +

رِہا - ف - صفت - آزاد - چھوٹا ہوا - واگزاشت - خلاص بری - بچا یا فدیہ چھٹکارا پایا ہوا +

رِہا کرنا - ا - فعل متعدی - چھوڑنا + واگزاشت کرنا + بری کرنا +

رَہا جانا - ا - فعل لازم - (۱) برداشت ہونا - سہا ہو نا ؎

بات آجاتی ہے جو کچھ منہ سے اپنے ہمنشیں + بن کہے اُسکے پھر اپنے سے نہیں جاتا رہا + (جرأت)

(چھوٹا جانا + جیسے مطلب رہا جاتا ہے) +

رِہاست - ہ - اِسم مؤنث - عوام - سکونت + بساست +

رَہا سَہا - ہ - صفت - (۱) باقی ماندہ - بچا کھچا یا تی ساتی (۲) ہوتا سوتا - رشتہ دار - رشتہ ناتہ کا - مُوا جیتا + حامی - مددگار - خبر گیراں + ولی خگر +

دیتا رہے وہ گالیاں اپنے رہے سہے کو + (نادر)

رَہانا - ہ - فعل متعدی - چکی کو کھڑا کرنا - چکی یا سل میں خوب پسنے کیواسطے گیہوں ڈالنا (۲) کھڑا کرانا - چکی یا سل میں گیہوں ڈلوانا +

رَہاؤ - ہ - اِسم مذکر - ٹھیراؤ - وقفہ - وقف - ٹکاؤ +

رَہاؤ - ہ - صفت - مضبوط - دیرپا - مستحکم +

رِہائی - ف - اِسم مؤنث - خلاصی - نجات - چھٹکارا - بریت - مخلصی + آزادی + واگزاشت - فراغت - چھٹی - معافی - چھوٹ +

رِہائی دینا - ا - فعل متعدی - چھوڑنا - آزادی بخشنا +

رہایش یا رہاس - ہ - اِسم مؤنث - عوام - سکونت مسکن - قیام - بود و باش - بساست - گھر - ٹھکانا - ماوا - +

رَہبَر - ف - اِسم مذکر - دیکھو (راہبر) رہنما - ہادی +

رَہبَری - ف - اسم مؤنث - رہنمائی - ہدایت +

رَہٹ - ہ - اِسم مؤنث (۱) بھاؤنی - ہرٹ - چرخ - دولاب - وہ چرخ جسکے ذریعہ سے پانی کنوئیں کے اندر سے باہر نکلتا ہے - (۲) ہنڈولا +

رَہٹ لگانا - ہ - فعل لازم - (عوام) بار بار آنا جانا لگنے جانے کا نا رہنا +

رَہنٹی - ہ - اِسم مؤنث - قسط - کچھ معمول باندھکر ادا کرنا +

رہٹی باندھنا - ہ - فعل متعدی - قسط مقرر کرنا - معمول باندھنا +

رہٹی چلانا - ہ - فعل متعدی - قسط پر دینا - قسط باندھنا - ایک قسم کو نقد ادا کرنا +

رَہجانا - ہ - فعل لازم - (۱) ٹھیر جانا - پیچھے چھوٹ جانا - ساتھ نہ آنا - (۲) دیر کرنا - اوبر کرنا - (۳) کسی چیز کا چھوٹ جانا - (۴) بچ رہنا - باقی رہنا - (۵) ناتمام رہنا - نامکمل رہنا - (۶) ناکامیاب ہونا (۷) پیچھے رہ جانا - پس ماندہ ہونا ؎

بگڑا اگر وہ شوخ تو سنیو کہ رہ گیا + خورشید اپنی تیغ و تبر ہی سنبھالتا (میر)

(۸) چوکنا - خطا کرنا - بہک جانا ؎

جسطرح چاہو مجھے پس کے پامال کرو + نہیں ممکن کہ کسی چال میں بندہ رہجاے (شوق)

(۹) تھک جانا - عاجز ہو جانا - (۱۰) ہاتھ پاؤں یا دھڑکا شل ہو جانا - (۱۱) رہ پڑنا قیام فرمانا - (۱۲) قرار پانا - رحم میں ٹھیرنا - جیسے پیٹ رہ جانا +

رَہ - ہ - صیغہ امر - ٹھیر - کھڑا رہو + صبر کر - انتظار کر - جیسے

رہ ری کٹیا میری آس - میں آؤں کا تک ماس +

رَہ تو سہی - ہ - بنا - کھڑا تو رہ - دیکھ تو - ذرا صبر کر - ذرا تھم جا - چھری تلے دم لے - جیسے رہ تو سہی کیسی خبر لیتا ہوں +

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

رہو

رہ رہ کر، رہ رہ کے ف۔ تابع فعل (۱) ٹھیر ٹھیر کے۔ بار بار گھڑی گھڑی ؛

زلفِ شکین مجھکو رہ رہ کر دلاجاتی ہے یاد ؛ کالے ہے نے بہت گل کیوں مرا دم ناک میں ؛ (تاریخ)

اسکے جانیسے دل میں آئے ہے رہ رہ کے ہائے ؛ سب جہاں سنتا ہے اک اپنا ہی گھر ویراں ہوا ؛ (جرأت)

(۲) بچا بچا کے۔ تاسف کر کر کے ؛

رہڑو ہ۔ اسم مذکر۔ گڈولنا۔ گڑولنا۔ بچوں کے کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی ؛

رہزن ف۔ اسم مذکر۔ بٹمار۔ دھاڑی ؛

رہزنی ف۔ اسم مؤنث۔ قزاقی۔ بٹماری ؛

رہس س۔ اسم مذکر۔ چہل۔ خوشی۔ خوش طبعی۔ دل بہلاوا ؛ دل لگی ؛ دل بہلانے کی بات یا چیز (جیسے واجد علی شاہ کا رہس مشہور تھا جس میں عمدہ عمدہ گانے دلکش ناچ اور سوانگ ہوتے تھے یا کرشن اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ۔ کرشن۔ لیلا ؛

رہس رہس ہ۔ تابع فعل (گیت میں) خوش ہو ہو کر ؛ ہنس ہنس کر ؛ اُمنگ سے۔ شوق سے۔ عشق میں بھر بھر کر ؛

رہنکلا ہ۔ اسم مذکر (۱) چھوٹی توپ) زنبورک۔ گھڑچڑھی۔ (۲) بھنوکلی (۳) پھڑ۔ توپ رکھنے کی گاڑی۔ پھڑ پیتہ ؛

رہگزر ف۔ اسم مذکر۔ رستہ۔ شارع عام۔ سڑک ؛

رہن ع۔ اسم مذکر۔ گرو۔ بندھک۔ گروی ؛ کفالت۔ جاکڑ ؛ بربانِ مقبوضہ ؛

رہن در رہن ع ؛ ف۔ اسم مذکر۔ گرو در گرو۔ ایک شخص سے آپ رہن رکھ کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا ؛ ایک مرہونہ چیز کو دوسری جگہ رہن کرنا ؛

رہن نامہ ف۔ اسم مذکر۔ تمسک۔ وہ تحریر جو کوئی چیز کفالت میں دینے کی بابت استام پر لکھ کر دی جاوے۔ کفالت نامہ ؛

رہنا ہ۔ فعل لازم۔ (۱) ٹھہرنا۔ رکنا۔ بسنا۔ قیام کرنا۔ جیسے

رہے محمود کے انڈے دے مسعود کے (کہاوت)

(۲) بچھونا باقی بچنا۔ (۳) دیر پا ہونا۔ مدت تک کام دینا۔ پائیدار ہونا۔ خوب چلنا۔ (۴) برقرار رہنا۔ چلنا۔ پار پسانا جیسے سدا کسی کی نہیں رہی۔ (۵) کھڑا رہنا۔ قائم رہنا۔ جیسے مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی (۶) سن ہو جانا ؛ شل ہو جانا (۷) بسر ہونا۔ گزرنا جیسے کیوں بھئی کس طرح رہے۔ بجھات بن رہا جاے پیا بن نہ رہا جاے (۸) گنا جانا۔ حساب میں آنا شمار ہونا ؛

اگر دل پھر گیا رنگین کا مجھ سے ؛ تو لے آتا رہی پھر میں کہاں کی ؛ (رنگین)

(۹) باقی رہنا۔ ادا نہ ہونا۔ نمتہ ہونا۔ جیسے کبھی کچھ تمہارا رہ گیا ہے (۱۰) کسی یا

رہیا

عورت کا مرد کے پاس یا مرد کا عورت کے پاس شب باش ہونا (۱۱ باداری) نطفہ قرار پکڑنا حمل ہونا جیسے دیکھتے ہی رہ گیا (۱۲) ٹھہرنا۔ بڑھنے سے رہنا جیسے پودا اتنا ہی ہو کر رہ گیا (۱۳) بسر کرنا۔ گزرنا۔ جیسے رہے تو ٹیکے سے جائے تو جڑ بیچ سے

رہنما ف۔ اسم مذکر۔ ہادی۔ رہبر۔ اگوا ؛

رہنمائی ف۔ اسم مؤنث۔ ہدایت۔ رہبری۔ اگوانی ؛

رہنمو ف۔ اسم مذکر۔ بدرقہ۔ قافلہ کش۔ پیش رو۔ رہنما ؛

رہنے دینا ہ۔ فعل متعدی۔ (۱) رکھ چھوڑنا (۲) قائم رکھنا (۳) پیچھے چھوڑنا (۴) ہاتھ نہ لگانا (۵) جانے دینا۔ باز آنا۔ چپ رہنا۔ جیسے یہاں بس رہنے دو میرے منہ سے کچھ نہ سننا ؛

رہوار (ف) اسم مذکر۔ گھوڑا ؛ قدمباد گھوڑا ؛

رہے نام اللہ کا ؛ محاورہ۔ خدا ہی کو قیام ہے۔ خدا کے سوا سب فانی ہیں۔ دنیا ناپائدار و بے ثبات ہے (یہ محاورہ دو موقعوں پر بولتے ہیں ایک تو جب کوئی مرجاتا ہے تو کہتے ہیں دوسرے جب کسی چیز یا مرتبہ وغیرہ کو زوال ہو جاتا ہے تب کہتے ہیں ؎ گیا حسن خوبانِ بدراہ کا ؛ ہمیشہ رہے نام اللہ کا (میر)

رئی ہ۔ اسم مؤنث۔ بلونی۔ مدھانی۔ متھنی۔ شیرینہ۔ دودھ بلونے کا آوزار ؛

رئی پھیرنا یا چلانا ہ۔ فعل متعدی۔ دودھ بلونا۔

رے یا رمی ہ۔ حرف ندا۔ ارے یا اری کا مخفف (یہ لفظ بے تکلفی کے موقع پر حالت ندا میں بولتے ہیں) ؛

ریا ع۔ اسم مؤنث۔ نفاق۔ دورنگی۔ کپٹ۔ دو بھیسیا پن۔ ظاہر داری زمانہ سازی ؛ فریب۔ حیلہ۔ چھل۔ چھ کا۔ پیٹ کی بات۔ بیچ کی بات۔ پھپڑ دلالا ؛

ریاکار ع ؛ ف۔ صفت و اسم۔ دو بھاؤ ؛ منافق۔ مکار۔ دورنگا۔ کپٹی زمانہ ساز۔ فریبی۔ چھلیا ؛

ریاکاری ع ؛ ف۔ اسم مؤنث۔ مکاری۔ فریب۔ نفاق۔ کپٹا پی ؛

ریاح ع۔ اسم مؤنث۔ جمع ریح۔ بائی۔ معدہ کی ہوا ؛

؛ گوز۔ باد جیسے ریاح روکنے سے پیٹ میں درد ہوتا ہے ؛

ریاست ع۔ اسم مؤنث (۱) سرداری۔ افسری۔ امارت (۲-۱) عالی حوصلگی۔ عالی ہمتی (۳-۱) حکومت۔ علاوہ اس کے جیسے ریاست بے ریاست نہیں ؛

ریاست جمہوری ع۔ اسم مؤنث۔ وہ سلطنت جسمیں بادشاہ بالکل نہو پنچایتی سلطنت جس میں رعیت اپنا بادشاہ خود منتخب کر کے اسکا نام پریزیڈنٹ یا میر مجلس رکھے نیز وہ سلطنت جس میں بادشاہ مطلق العنان نہو

ریا

ایسی ریاست جس میں عام رعایا قانون میں دخل دینے کے مجاز ہو اور کوئی بات خلاف قانون نہ ہونے دے۔ ایسی سلطنت جس میں رعایا کو اپنا بادشاہ آپ تجویز کرنے کا اختیار حاصل ہو جیسے امریکہ کی سلطنت +

ریاض ع۔ اسم مذکر (۱) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ ۰ جبتک ہے رہت قامت شمشاد سے خدا ۔ پھولے ریاض حسن ترے سرو ناز کا + (امیر) (۲-ع) محنت۔ مشقت جیسے اسنے بڑا ریاض کیا (شاید ریاضت سے خیال کیا ہوگا) +

ریاض کرکے کھانا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ محنت۔ مزدوری کرکے کھانا۔ قوت بازو سے کما کر کھانا +

ریاضت ع۔ اسم مؤنث (۱) ریج کشی۔ محنت۔ مشقت۔ سختی کشٹ۔ جفاکشی۔ زہد۔ تپ۔ نفس کشی۔ کایا کو کشٹ دینا۔ جوگ (۲-ع) مشق۔ مہارت۔ ابھیاس (۳-ع) کسرت۔ ورزش۔ پہلوانی (۵-ع) مزدوری۔ پیشہ وری۔ ریدہ ریزی +

ریاضت کش ع۔ ف۔ صفت۔ ریج کش۔ زحمت کش۔ سختی اٹھانے والا۔ محنتی +

ریاضتی ع۔ اسم مذکر (محنت کش۔ جفاکش (۲) مرتاض۔ زاہد۔ تپسی۔ بیراگی۔ جوگی۔ سنیاسی۔ رشی۔ منی۔ اتیت +

ریاضی ع۔ اسم مؤنث۔ حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم کا نام (وہ عقلی علوم جو وجود خارجی میں مادے کے محتاج ہیں۔ جیسے مقدار یا عدد جو مادیات میں پائے جاتے ہیں۔ علم ہندسہ۔ علم عدد۔ نجوم ہیئتی مناظر و مرایا۔ جبر و مقابلہ۔ جر ثقیل سب ریاضی میں داخل ہیں +

ریاضی داں ع۔ ف۔ اسم مذکر۔ ریاضی جاننے والا +

ریائی ع۔ اسم مؤنث۔ مکار۔ ریاکار۔ فریبی +

ریب ع۔ اسم مذکر۔ شک۔ شبہ۔ دھوکا (لفظ لا کے ساتھ اردو میں بولا جاتا ہے۔ جیسے۔ لاریب۔ بلاشبہ) +

ریت } **ریتا** } ۰ (اسم مذکر و مؤنث۔ بالو۔ سراب۔ رمل + ریتکا۔ ریگ۔ دھول + گاد۔ ریگ دسنگریزۂ دریا +

ریت اٹھنا ۰ فعل لازم۔ پیشاب میں ریت نکلنا۔ گاد نکلنا۔ پیشاب میں سنگریزوں کا آنا ہو جو گردوں کا فعل خراب ہو جانے کی علامت ہے۔

ریت ۰ اسم مؤنث (۱) رسم رویہ۔ قاعدہ۔ قومی قانون۔ روش برتاؤ۔ رواج۔ معمول۔ دستور۔ ضابطہ۔ طور۔ طریق جیسے دنیا کی ریت

ریٹھ

گرم حمام کی پہلی } سمکہ کی کان بنایا اک مندر جو پونچ جاوے حاکے اندر
اس مندر کی ریت دوانی ہے بجھاویں آگ اور اوڑھیں پانی
(۲) شرح نکان۔ پڑتا۔ بیوہار۔ لین دین (۳) پہاڑ میں روپیہ دیکر عورت لینے کو بریت کہتے ہیں +

ریت ۔ رسم۔ اسم مؤنث۔ (۱) قانون و قاعدہ۔ طور۔ طریق (۲-۱-ع) اگرچہ یہ دونوں لفظ ایک ہندی ایک عربی باہم مرادف ہیں مگر ہر دو کا ایک خاص اسم ہو گیا ہے جو عورتوں کی زبان پر آتا ہے تو اس سے خاص وضع رسم مراد ہوتی ہے جو نکاح کے بعد یا دوا کے وقت دولھا دلہن کے ساتھ برتی جاتی ہے جس میں آرسی مصحف۔ آنچل ڈالنا جوتی چھپانا۔ کھانا چٹانا۔ تل چھوانا۔ جوتیوں کا پڑا ہوا کاجل آنکھ میں لگانا۔ ٹونے ٹوٹکے کرانا۔ مصری کی ڈلیاں چھوانا وغیرہ یہ ساری باتیں داخل ہیں +

ریت سے ۰ تابع فعل۔ حسب دستور۔ حسب قاعدہ۔ رواج کے موافق +

ریت سے باہر ۰ تابع فعل۔ خلاف قاعدہ۔ دستور کے خلاف۔ ان ریت

ریتا ۰ اسم مذکر۔ دیکھو (ریت بمعنی بالو) +

ریتا ۰ صفت (گنوار) (۱) خالی ہتی + سونا + محروم (۲) خالی ہاتھ بن لیے جیسے جگت سے ریتا چلا +

ریتلا ۔ یا **ریتیل** ۔ ا صفت۔ ریت دار۔ بھوڑ کا +

ریتلی ۰ صفت۔ ریت دار۔ بھوڑی۔ بھوڑ۔ ریٹر اوسر کلر۔ بنجر۔ غیر مزروعہ +

ریتلی زمین ا۔ اسم مؤنث بھوڑ۔ وہ زمین جس میں ریت زیادہ ہو۔ شورہ زار۔ سوہر زمین۔ کلر زمین۔ بنجر زمین۔ ناقابل ترددہ +

ریتنا ۰ فعل متعدی۔ ریتے سے گھسنا۔ سوہن کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ (۲) کوریں مارنا صاف کرنا۔ رندہ کرنا + چلا کرنا۔ (۳) رگیدنا۔ رگڑنا۔ گھسے لگانا۔ جیسے پہلوان نے اپنے شاگرد کو خوب ریتا۔ (۴) ریگمال کرنا +

ریتی ۰ اسم مؤنث (۱) سوہن۔ ریتنے کا اوزار (۲) ریتلی زمین دریا کے کنارے کی ریتلی دھرتی (۳) کبھی فالیز سے بھی مراد ہوتی ہے۔ خربزہ تربوز

ریتیلا ۰ صفت۔ بھوڑ کا + بھربھرا + کرکرا۔ بانکا۔ ریگی ریتلا۔ گرد آمیز +

ریٹھا ۰ اسم مذکر (ایک قسم کا درخت اور اسکے پھل کا نام جس سے اونی ریشمی کپڑے اور بال وغیرہ صاف ہوتے اور اوس کے اندر سے کالی کالی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ریجھ

گولیاں نکلتی ہیں +

ریجھ ۔ہ۔ اسم مؤنث (۱) پسند محبت + رغبت ۔چاہت ۔وُھن ۔اچھا شوق خوشی جیسے جو تمہاری ریجھ ہماری ریجھ (۲) خو ۔عادت خصلت + بیٹھے بیٹھے روٹھ جانا بے سبب اُسکی ریجھ + اور غضب یہ ہے کہ ہم اُسکو منا سکتے نہیں (جرأت)

ریجھ کر ۔ہ۔ تابع فعل ۔خوش ہوکر ۔رغبت سے ۔شوق سے ۔اُمنگ سے + تلسی اپنے رام کو ریجھ بھجے کے کھیج + کھیت پڑیں سب اجیں اُٹھے سُو وہی بیج (دوہا)

ریجھنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) خوش ہونا ۔مگن ہونا ۔راضی ہونا ۔پرسن ہونا ۔ آنند ہونا ۔خوشنود ہونا ۔راضی ہونا ۔ جیسے ریجھیں گے تو پتھری مارینگے (۲) نہایت مایل ہونا ۔راغب ہونا ۔پھسلنا ۔ڈھلنا جیسے اُن کے گانے پر یہ بھی ریجھ گئے +

ریجھنے ہی کے قابل یار کی ترکیب میر + واہ رے چشم داور فقد فتا ہائے (میر)

(۳) گرنا ۔لٹو ہونا ۔فریفتہ ہونا ۔عاشق ہونا ۔ جیسے اسپر کیا دیکھکر ریجھے تھے + (گیت) تیر بالم ریجھ گئی تم اوڑھونہ کالی کا ملیا +

ریجھتے انکی اداؤں پہ ہیں کیا کیا لیکن + مارے اندیشہ کے گردن بھی ہلا سکتے نہیں (جرأت)

(۴) نہایت پسند کرنا +

ریجھو ۔ہ۔ اسم مذکر ۔خرس ۔بھالو +

ریح ع۔ اسم مؤنث (۱) ۔ہوا ۔باد ۔بایو ۔پون (۲) ۔ل گوز ۔پاد ۔ہوائے معدہ ۔ زیاح +

ریحان ع۔ اسم مذکر (۱) ایک خوشبودار پودے کا نام جو تُلسی کے قسم میں سے ہے ۔نازبو ۔بالنگو (۲) اسم مؤنث) ریحان کے بیج ۔تخم ریحان مُہی ۔مسکن اور مقوی قلب ہے (۳) سبزہ ہر ایک خوشبودار گھاس گل سُرخ کے ماسوا ۔تمام پھول (۴) ایک قسم کے خط کا نام +

ریخ ۔ل۔ اسم مؤنث ۔دراصل ریکھ (۱) ریکھا ملکیر (۲) ہسی کی کائی ملکیر جو دانتوں میں پڑجاتی ہے (۳) دانتوں کے بیج کا گوشت اور ملکیر (۴) چول + بنیاد ۔جڑ ۔بیج +

ریختہ ۔ف ۔صفت (۱) گرا ہوا ۔چکیدہ ۔ٹپکا ہوا + بیساختہ نکلا ہوا بلا تکلف و بلا تصنع زبان سے نکلا ہوا (۲) پختہ ۔مضبوط ۔پکا ۔چونے گچی کا بنا ہوا ۔چونے کا بنا ہوا (۴) بکھرا ہوا ۔منتشر ۔پریشان ۔پراگندہ + (۳۔ اسم مذکر) استرکاری کا مصالحہ + قلعی + پکا مکان ۔پکی دیوار + پختہ عمارت + ۵

ریزہ

یہ ریختہ وہ ہے کہ کوئی ڈھا نہیں سکتا + عارف کہیں دیکھی ہے یہ تعمیر کسی نے (عارف)

(۵۔ اسم مذکر) زبان اردو کی نظم جو بیساختہ کہی گئی ہو ۔اردوے معلے کے اشعار ۔دہلی کی خاص سیدھی سادھی اردو زبان اور اسکے اشعار عارف یہ ریختہ بھی ہیں فارسی سے کم + دیوان سینکڑوں مرے ایراں تلک گئے (عارف)

کس کس طرح سے میر نے کاتا تمکو + اب آخر آخر آن کے یہ ریختہ کہا (میر)

(بعض لوگ اس کی وجہ تسمیہ یہ بیان کرتے ہیں کہ ریختہ معماروں کی اصطلاح میں اس مصالحہ کو کہتے ہیں جو مضبوطی کے واسطے چونہ وغیرہ ملا کر بنایا جاتا ہے ۔چونکہ اردو نظم میں بھی مختلف زبانوں کے الفاظ شامل ہیں اس لئے ریختہ نام پڑگیا ۔ جرأت نے ایک موقع پر اس معنی میں ریختی بھی باندھا ہے +

کہہ غزل اور اک انداز کی جرأت اب تو + ریختی جیسی کہ اگلی تیری مشہور رہی (جرأت)

ریختی ۔ہ۔ اسم مؤنث عورتوں کی بولی میں جو نظم کہی جائے ۔اس کا موجد سعادت یار خان رنگین اپنے تئیں اور انشاء اللہ خان اپنے کو کہتا ہے ریختی کہنی اجی رنگین کا ایجاد ہے + مُنہ چڑاتا ہے مُوا ایسا جیا کس واسطے (رنگین)

ریخیں ۔ہ۔ اسم مؤنث ۔ریخ کی جمع +

ریخیں ڈھیلی ہونا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) چولیں ڈھیلی ہونا جوڑ جوڑ ہلجانا ۔ چولیں ہلجانا ۔تھک جانا ۔مایوس ہوجانا (۲) لکھنؤ) دہشت یا خوف کے مارے بدحواس اور بے طاقت ہوجانا +

ریدا سی ۔ہ۔ اسم مذکر ۔چاروں کے ایک فرقہ کا موجد جو بڑا گیانی اور بھگت مشہور تھا +

ریداسی ۔ہ۔ صفت ۔ریداس کا ماننے والا فرقہ +

ریڑھ ۔ہ۔ اسم مؤنث ۔کمر کی درمیانی ہڈی ۔عمر ہائے پشت ۔صلب ۔ پیٹھ کے فقرے ۔استخوان پشت جس میں حرام مغز رہتا ہے ۔یہ ہڈیوں کی اصل سمجھی جاتی ہے +

ریز ف۔ اسم مؤنث ۔چھچھاہٹ ۔نغمہ سنجی ۔نغمہ سرائی ۔نوا سنجی ۔مرغان نوا سنج کی سخن سرائی +

ریزہ کرنا ۔ا۔ فعل لازم ۔چہکنا ۔خوشی میں باہم چہچہانا + نازونخرہ کرنا ۔ سخن سرائی کرنا +

ریزش ف۔ اسم مؤنث ۔ناک سے پانی بہنے کا مرض ۔زکام ۔سردی ۔ زُکھر + نزلہ + ٹپکن ۔ٹپکاؤ +

ریزہ گاری ۔ا۔ اسم مؤنث ۔جزوہ + روپے کے حصے جیسے دوائی چونی اٹھنی

ریزہ

ریزگی و۔ اسم مؤنث (۱) خُردہ۔ ریزہ کاری (۲) چھٹن + کترن + کھرچن قصائی (قصاب) کی چھانٹ +

ریزہ ف۔ اسم مذکر (۱) ٹکڑا۔ پُرزہ۔ قطعہ۔ پارچہ (۲۔ ا) ریزگاری۔ ریزگی خُردہ۔ روپے کے حصے (۳۔ ا) تھان ریشمی کپڑے کا تھان (۴۔ ا) راج کا لڑکا جسے بڑے راج سے کم مزدوری ملے (۵۔ ا) پٹھا۔ پٹھیا + بچکانہ + نونہار۔ نونچی۔ بچہ (۶۔ ا) عمدہ اور رسُدول صندوقی (۷۔ ا) نہایت خرد چیز یا جانور۔ غبار جیسی جوں یا پسو یا کھٹمل +

ریزہ ریزہ کرنا۔ ا۔ فعل متعدی ٹکڑے ٹکڑے کرنا +

ریزہ ریزہ ہونا۔ ا۔ فعل لازم ٹکڑے ٹکڑے ہونا + رائی کائی ہونا۔ متفرق اور پاشیدہ ہو جانا +

رئیس ع۔ اسم مذکر (ا) سردار۔ معزز آدمی۔ امیر۔ پیشوا چودھری۔ مقدم۔ مہت جن۔ رئیس دہ۔ فرماں روا۔ نواب۔ راجہ وغیرہ (۲۔ ا) باشندہ۔ ساکن۔ رہنے والا +

رئیس بالاختیار ع۔ اسم مذکر۔ وہ رئیس جسکو گورنمنٹ سے مالی اور ملکی اختیارات ملے ہوئے ہوں +

رئیس خود مختار ع۔ اسم مذکر۔ وہ رئیس جو بذات آزاد حکمران ہو + وہ امیر جو کسی سلطنت کے زیر فرمان نہو +

ریس یا۔ ریش ہ۔ اسم مؤنث کھج۔ غصہ۔ جوش۔ حُقہ +

ریس ہ۔ اسم مؤنث (ا) برابری۔ ہمسری۔ مقابلہ۔ روکشی۔ ہونس۔ ہونسا ہونسی۔ ہمچشمی۔ رقابت۔ ہوڑا ہوڑی۔ رشک۔ غبطہ۔ چونپ۔ مثلاً ریس بھی ہونس بُری جیسے دوانا ہ

چند انکیت جگ نوے سب ہی لاویں سیس + تو دو کوڑی کی کامن کیا کرے چاند کی ریس

(۲) حرص۔ ہوس۔ ہوکا +

جاتے ہیں اگر پیر دجواں سیر بھر کچھ + اے مصحفی جاویں ہمیں اسبات کی کیا ریس (مصحفی)

ریس کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی ہمسری کرنا۔ برابری کا دعوے کرنا۔ دیکھا دیکھی کرنا + حرص کرنا +

اُسکے گھنے کی کریں کیا ریس پھول + جسکے ہے چمپا کلی گردن میں تاسیں پھل (ذوق)

ریسمان ف۔ اسم مونث۔ رسّی۔ نیجو۔ ڈوری۔ رسن +

ریش ف۔ اسم مونث۔ داڑھی۔ محاسن۔ لحیہ۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط +

ریکھ

ریش بچہ۔ ف۔ م مذکر ٹھوڑی سے اُوپر کے بال بچی +

ریش قاضی ف ع اسم مؤنث (ا) قاضی جی کی ڈاڑھی +

ندھڑک ایسی ہے بیباک کہ گرمے نہ پہلے + ریش قاضی میں وہ صبا کی لگاوے جھپٹ (انشاء)

(۲) بھنگ چھاننے کا کپڑا۔ بنگ کی صافی۔ شیر کے کان + پاکباز شراب کے چھاننے کا کپڑا جو صراحی کے منہ پر لگا رہتا ہے۔ شراب کی صافی +

نہ پائی ریش قاضی تو لیا عمامہ مفتی + مزاج ان کے فروشوں کا بھی کیا ہی بالا بالا ہے (ناسخ)

ریشا ریش ا۔ صفت۔ اڈرھیا۔ دراز ریش۔ بڑی اور لمبی داڑھی والا

ریشخند ف۔ اسم مذکر (قلیل الاستعمال) سخریہ۔ مسخرگی۔ سخریہ ہنسی ٹھٹھا۔ ہوا نہ فائدہ کچھ منع سے واعظ کو + مگر ہی کہ سزاوار ریشخند ہوا۔ (ناظم)

(خندہ کی تین قسمیں ہیں شکر خند۔ ریش خند۔ زہر خند۔ لطف کے وقت کی ہنسی شکر خند مسکراہٹ۔ اور تمسخر کے وقت کی ہنسی ریشخند (ٹھٹھا قہقہہ) اور غصہ کے وقت زہر خند (کھیانی ہنسی) کہلاتی ہے +

ریشم و۔ ابریشم کا مخفف۔ اسم مذکر (ا) وہ تار جو ریشم کے کیڑوں کے پیٹ میں سے نکلتا ہے + پٹ۔ پٹامبر۔ حریر۔ ابریشم۔ لٹر (۲) نخ نیفاظ ریشم کی گانٹھ یا گرہ۔ ا۔ اسم مونث۔ ریشم کی گرہ جو مشکل سے کھلتی ہے عقدۂ دشوار۔ مضبوط گرہ۔ عقدۂ لاینحل +

اُٹھتے ہو چلے سے بندے کے اٹھانے کو عبث
پہلے کیوں منظور تھا صاحب کو بٹھلانا مرا
اب کھلے کیسا رشتۂ اُلفت پڑی ریشم کی گانٹھ
دیکھو کہتا ہوں نہ سمجھو سہل اُلجھانا مرا (جرأت)

ریشم کے لچھے ا۔ صفت اقل معلوم۔ دوم نہایت ملایم۔ ارجمند +

ریشمی ا۔ صفت۔ ریشم کا بنا ہوا۔ پاٹ کا۔ حریری +

ریشہ ف۔ اسم مذکر۔ نس پٹھا۔ عصب + نس۔ رگ + سوت + پھونسڑا +

ریشہ دار ف۔ صفت۔ وہ چیز جس میں سوت سوت سا نکلے۔ رگ دار۔ پھونسڑے دار۔ نس دار جیسے ریشہ دار آم +

ریکھ یا۔ ریکھا ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) ا۔ لکیر۔ تحریر۔ نشاں۔ خط

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ریگ

دھاری (۲) سرنوشت۔ خطِ تقدیر۔ قسمت کا لکھا۔ لِلاٹ + تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ پرالبد۔ نصیب۔ رتی +

ریکھ بھیگنا ۔ہ۔ فعل لازم۔ (پورب ہندو) سین بھیگنا۔ رخساروں پر سبزہ کا آغاز ہونا +

ریکھا گنت ۔ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) تحریر اقلیدس +

ریگ ۔ف۔ اسم مؤنث۔ ریت۔ بالو۔ دریا کا ریتا۔ ریتا۔ ریتکا + محراب + جگہ کشتی پڑے یا اب یکس شیریں شمایل کی + جو شربت آب دریا ہے تو شکر ریگ ساحل کی (امیر)

ریگِ روان ۔ف۔ صفت۔ اڑنے والا ریت + چوربالو +

ریگِ ماہی ۔ف۔ اسم مؤنث۔ ریت کی مچھلی۔ شقفور (حشرات الارض میں سے ایک جانور کا نام جو گوہ یا ظالم سانڈے کی مانند ہوتی اور قوت باہ کے واسطے نہایت مفید خیال کی جاتی ہے۔ عرب کے ریگستان میں زیادہ پائی جاتی ہے +

ریگستان ۔ف۔ اسم مذکر۔ بھوڑ۔ ریت کا ملک +

ریل ۔انگلش (RAIL.) اسم مذکر (۱) لوہے کی پٹڑی جس پر ریل گاڑی چلتی ہے۔ لوہے کی سڑک۔ آہنی سڑک (۲) ریل گاڑی۔ ریلوے لائن +

ریل ۔انگلش (REEL.) اسم مذکر۔ پھرکی جس پر سوت یا تاگے لپٹے ہوئے ہوں۔ چرخی +

ریلا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) رَو پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ طوفانِ آب۔ سیلاب۔ جوار بھاٹا (۲) دھکا۔ ٹھیلا۔ ہل چل (۳) دھار۔ جیسے موت کے ریلے میں بہانا۔ چیونٹی کو موت کا ریلا بہت ہے +

ریل پیل ۔ہ۔ اسم مؤنث (۱) دھکا پیل۔ دھکم دھکا (۲) بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ زیادتی + انبوہ + بھرمار جیسے آجکل تو آموں کی ریل پیل ہے +

ریل پیل کرنا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ ڈھیر لگانا۔ انبار لگانا۔ کثرت سے بہم پہنچانا +

ریل پیل ہونا ۔ہ۔ فعل لازم۔ کسی چیز کی کثرت اور افراط ہونا۔ بہتات ہونا۔

ریلنا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ ٹھیلنا۔ دھکیلنا۔ پیلنا۔ سرکانا۔ چلانا۔ ریلا دینا + دوڑانا۔ دھکا دینا۔ ٹھولنا۔ دھکا پیل کرنا +

ریلوے ۔انگلش (RAILWAY.) اسم مونث۔ ریل کی سڑک +

ریم ۔ف۔ اسم مونث۔ راد۔ پیپ۔ پکا ہوا مواد۔ مایخ۔ بیاد ھ۔ مادّہ کثیف زرداب +

ریمی بواسیر ۔ف ع۔ اسم مونث۔ وہ بواسیر جس میں سفید مواد یا پیپ آتی ہے۔ نواسیر

رین

رین ۔ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) رات۔ راتری۔ شب۔ نِش۔ لیل +

رین بسیرا ۔ہ۔ اسم مذکر (ہندو) رات کاٹنا۔ شب باشی +

رین گنوانا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ (گیت میں) رات گزارنا۔ رات ضایع کرنا۔ رات کھونا +

رین رین ۔ہ۔ اسم مؤنث۔ رُوں رُوں بچوں کے رونے کی آواز۔ سارنگی کی آواز +

رینٹ ۔ہ۔ اسم مذکر۔ سنک۔ ناک کا سفید لیس دار مادہ۔ ناک کی غلاظت۔ آب بینی۔ مخاط +

رینٹا ۔ہ۔ اسم مذکر (گنوار) بڑا لسلسا۔ لیسوا۔ لسوڑا۔ سپتان +

رینڈھنا ۔ہ۔ فعل متعدی (ہندو) راندھنا۔ پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا تیار کرنا +

رینڈی ۔ہ۔ اسم مؤنث۔ کچری۔ سیندھ۔ چھوٹا سا خرپزہ یا پھوٹ جیسے کچی رینڈی۔ دسترخوان کا ضرر +

رینڈی ۔ہ۔ اسم مؤنث (پورب) (دیکھو رانڈی) +

رینکا ۔ہ۔ اسم مذکر (ہندو) دریا کا ریتا +

رینکنا ۔ہ۔ فعل لازم۔ گدھے کا بولنا۔ ہینچو ہینچو کرنا + گدھے کی بولی بولنا۔ چیخنا۔ کاں کاں کرنا

رینگ ۔ہ۔ اسم مونث۔ ایک قسم کا باریک کیڑا۔ مک۔ تنزیب۔ شبنم۔ باریک ململ +

رینگتے کیڑے ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) چلتے ہوئے کیڑے۔ جیسے اُجلے کپڑے پر میلے سوت کے شلنگے رینگتے ہوئے کیڑے معلوم ہوتے ہیں (۲) ننھے بچے۔ دودھ پیتے بچے +

رینگتا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ گدھے کا بچہ۔ جانور کا دُبلا پتلا چھوٹا بچہ +

رینگنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) کیڑوں کا چلنا۔ جوؤں کا چلنا۔ چیونٹی کا چلنا (۲) آہستہ چلنا۔ جوں کی چال چلنا۔ مری چال چلنا۔ گھسٹنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا +

رینگنی ۔ہ۔ اسم مؤنث (پورب) عرق النسا۔ ایک درد کا نام جو چُتڑوں سے اٹھکر ٹخنوں تک پہنچتا ہے +

رینی ۔ہ۔ اسم مؤنث۔ کسوم کو کپڑے میں رکھکر پانی کے ذریعہ سے رنگ چُوانے کو ریتی کہتے ہیں دیکھ تے اُسکا رخِ رنگین تو ایسا ہو خجل + رنگ رینی کی طرح ٹپکے گل شاداب کا (بحر)

نوکِ مژہ سے خون کی رینی مجھکو بھی ٹپکانے دو (جرأت)

(۲) لکھنؤ) وہ سدھایا ہوا پرند جو راتوں کو بولتا ہے +

رینی بلبل ۔ا۔ اسم مذکر۔ وہ ہزار داستان جو رات بھر بولے۔ تمام رات چہچہانیوالا گلدُم + بلبلِ شب آہنگ +

نالاں ہے رات بھر دلِ اُس گل کی انجمن میں کیا بولتا ہے رینی بلبل مرا چمن میں (خلیل)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

ریہہ

رینی ٹپکنا ۔ہ ۔فعل لازم ۔کسوم سے رنگ نکلنا ۔رنگ برستا ۔

رینی چڑھانا ۔ہ ۔فعل متعدی ۔بھیگے ہوئے کسوم کو رنگ نکالنے کے واسطے کپڑے میں رکھکر ٹکانا ۔رنگ نکالنا ۔

رینی چڑھنا ۔ہ ۔فعل لازم (۱) رنگ چڑھنا ۔کسوم کا رنگ کے واسطے ٹکایا جانا (۲) ۔بازاری) ماہواری حیض آنا ۔حائضہ ہونا ۔

رے واؤ زبر رَوہو ۔ہ ۔محاورہ ۔چل دور ہوا کھاؤ ۔رخصت ۔ہوا ہو ۔اُڑ چھو ہو ۔

کہہ بیٹھے صاف اُس سے یہ دل جس نہ دہو ۔ رے واؤ زبر رو ہو اُڑ چھو ہو ہوا ہو (انشا)

ریوڑ ۔ہ ۔اسم مذکر ۔بکریوں کا گلہ ۔رمہ ۔بکریوں کا غول ۔

ریوڑی ۔ہ ۔اسم مونث ۔ایک قسم کی مٹھائی جو گٹوں پر تل جمانے سے بنتی ہے ۔وہ شیرینی جو شکر کا قوام پکا کر چھوٹے چھوٹے قرصوں کی شکل میں بنا کر اُوپر سے تل لگا دیتے ہیں ۔

ریوڑی کے پھیر میں آنا ۔یا ۔پڑنا ۔ہ ۔فعل لازم کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا ۔آفت میں پھنسنا مبتلائے بلا ہونا ۔گردش میں آنا ۔

لے شکر لب یکے تل کو دیکھکر میں کیا کہوں ۔ اگیا بیٹھے بٹھائے ریوڑی کے پھیر میں (مولف)

ریوڑی کی پڑی پھیر میں گنّا سی مری جان ۔ حلوائی نے ارمان تو تل بھر نہ نکالا (جان صاحب)

(جب کسی جگہ کچھ ہم عمر جمع ہو جاتے ہیں تو اکثر تفنن طبع کے واسطے ایسے ایسے کھیل نکالتے اور شرطیں لگاتے ہیں کہ جس سے کوئی یا راسے سہل سمجھ کر دھوکے میں آئے اور پیچھے پچتائے چنانچہ بعض اوقات یہ بھی شرط بدتے ہیں کہ بھلا دوست تم اسطرح کتنی ریوڑیاں کھا سکتے ہو کہ ہر ایک ریوڑی کا دوچند کرتے چلے جاؤ ۔فرض کرو کہ ایک شخص نے اپنے نزدیک بظاہر نہایت آسان سمجھ کر یہ شرط بدلی کہ میں دس ریوڑیاں کھا جاؤں گا اور جب اس کا سلسلہ اسطرح پر پھیلا کہ ایک کا دوچند دو اور دو کا دوچند چار اور چار کا دوچند آٹھ اور آٹھ کا دوچند سولہ ۔تو ان ریوڑیوں کی اکٹھی ایک ہزار اسی ہو گئیں ۔اب وہ حیران ہوا کہ الٰہی میں کس عضب میں پھنس گیا اگر کھاتا ہوں تو کھاتے کھاتے منہ بھی تھکتا ہے اور پوری بھی نہیں ہوتیں اور جو انکار کرتا ہوں تو شرط ہارتا ہوں بہرحال دونوں طرح خرابی ہے غرض اسطرح سے وہ پیچ تاب میں آجاتا ہے ۔کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ آپس میں ایک دوسرے سے کہتا ہے کہ تم اسطرح کتنی ریوڑیاں کھا سکتے ہو کہ ایک ہاتھ کی انگلی ہلاتے جاؤ اور دوسرے ہاتھ سے کھاتے جاؤ چونکہ ایک وقت میں دو کا منہ کا ہونا محال ہے اس سبب جو فوراً کر لیتا ہے وہ ہار جاتا ہے اور نہایت پچتاتا ہے پس اس تمام تقریر سے

زاو

معانی مذکورہ پر اطلاق ہونے لگا ۔ (از رمغان دہلی) ۔

ریوند ۔یا ۔ریوند چینی ۔ف ۔اسم مونث ۔ایک دست آور دوا کا نام جسے عربی میں راوند کہتے ہیں مزاج دوسرے درجہ میں گرم و خشک ہے ۔

ریہ ۔ع ۔اسم مذکر ۔شش پھیپھڑا ۔

ریہ ہ ۔اسم مونث ۔ایک قسم کی شور مٹی ۔شوردار ریتا جو اکثر شکر صاف کرنے اور کپڑا دھونے اور صابون بنانے کے کام آتا ہے ۔بلکہ وفا باز تمباکو فروش تمباکو میں وزن اور تیزی بڑھانے کی غرض سے بھی آمیز کرتے ہیں ۔

ریہو ہ ۔اسم مونث ۔ایک قسم کی کالے پروں کی مچھلی جسمیں صرف ایک کانٹا ہوتا ہے اور اُسے رہو بھی کہتے ہیں ۔

ڑ

ڑ ہ ۔اسم مونث ۔ہندی اور اُردو زبان کا پندرھواں حرف جو اپنی ثقالت کے باعث کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا ہے مگر فی زمانہ حرف ڈ جیم کے نیچے نقطہ لگا دینے سے جیم ڑ پڑھا جاتا ہے ۔

ز

زے ع ۔اسم مونث (۱) عربی کا گیارھواں فارسی کا تیرھواں اُردو کا سولھواں حرف جسے زائے معجمہ ۔زائے منقوطہ ۔زائے ہوز کہتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے سات عدد ہیں (۳) یہ حرف سنسکرت یا ہندی میں اپنے خاص تلفظ کے ساتھ نہیں پایا جاتا البتہ انگریزی میں زیڈ ج کی آواز اس سے ملتی ہوئی ہے ہندی والے اسکی بجائے جا ج کا استعمال کرتے ہیں (۴) فارسی نظم میں اسکا اختصار ہے جیسے ز بس بجائے از بس (۵) یہ حرف کبھی جیم عربی ۔کبھی جیم فارسی کبھی سین ۔کبھی شین معجمہ کبھی ظاء معجمہ کبھی ف کبھی کاف تازی کبھی ٹے ہوز کبھی یائے تحتانی سے بدلتا اور بعض موقع پر زاید بھی آتا ہے ۔

زا ۔ف ۔اسم فعول (۱) زائیدہ پیدا شدہ جنا ہوا جیسے میرزا (۲) اسم فاعل زائندہ جیسے فتنہ زا مگر مرکب ہو کر ان معنوں میں آتا ہے جیسے (مصرعہ) تیری سی آنکھ دیکھی نہیں فتنہ زا کہیں ہزاروں فتنے اُٹھائے جدھر کو جا نکلے ۔ جہاں میں تم ہو عجب فتنہ زا سنو تو سہی (مولف)

زاد ۔یا ۔زادہ ۔ف ۔اسم مذکر (۱) جنا جنا ہوا ۔زائیدہ جیسے آزاد پیرزادہ شہزادہ حرامزادہ وغیرہ (۲) توشہ ۔خرچ راہ ۔ (اس صورت میں عربی ہے) ۔

زادبوم ۔ف ۔اسم مونث جنم بوم جنم استھان مسقط الراس ۔جائے پیدائش وہ جگہ جہاں نال گڑھو دطن اپنا دیش ۔

زادراہ ع ۔ف ۔اسم مذکر ۔توشہ ۔راہ خرچ ۔خرچ راہ ۔

زادی ف ۔اسم مونث جنی جنی ہوئی جیسے شہ زادی بندہ زادی وغیرہ ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زار

زار - ف - اسم مذکر (۱) جگہہ - مکان - مقام - ٹھاؤں جیسے سبزہ زار، گلزار بازار - (۲) افراط - بہتات - کثرت - ڈھیر جیسے کار زار یعنے جنگ (جو بہت سے کاموں کا محل اور موقعہ ہے) وغیرہ - (۳) نالہ و فریاد چنانچہ زاری اسی سے نکلا ہے (۴) لاغر - ضعیف - نحیف - مگر اس معنے میں نزار نحیف کے ساتھ آتا ہے جیسے زار و نزار نحیف و زار (۵) ناداں - گریہ کناں - ذلیل و خوار - رسوا جیسے عاشقِ زار (۶ - روسی) شہنشاہِ روس کا خطاب ✦

زار زار - یا زار و قطار رونا - ف - فعلِ لازم - آٹھ آٹھ آنسو رونا - کثرت سے رونا - بہت رونا - رونے کا تار باندھ دینا ✦ ؎

گلے لگ کے رونے لگے زار زار کیا اپنے تن من کو سب پر نثار (میر حسن)
روتا ہے تجھ بغیر دلِ زار زار زار اور کھینچتا ہے آہ شرر بار بار بار (داغ)
روتا ہے سیر غم میں جو وہ آج زار زار چشمِ سیاہ کم نہیں ابرِ سیاہ سے (ناسخ)

زار و نزار - ف - صفت - دُبلا - پتلا - نحیف و زار - ضعیف نحیف کم زور - کم طاقت - ناتواں - لاغر ✦

زاری - ف - اسم مؤنث (۱) گریہ - رونا پیٹنا - نالہ (۲ - ف) عجز و نیاز ✦

زاغ - ف - اسم مذکر - (۱) کاگ - کوّا - کلاغ - غُراب - ؎

کرے جو خالِ صنم سے ہمارے ہمچشمی تو بن ہی جائے مقرر وہ زاغ تھپر کا (ظفر)

(۲) کمان کے گوشہ کی نوک ✦ گوشۂ کمان جو سیاہ سینگ کا کمان کے گوشوں کی دونوں طرف لگاتے ہیں - مگر کمان سے علیحدہ ان معنی میں نہیں آتا ؎

خالِ لبِ دلدار کا کتنا مزہ کے پاس ہے خوف زخمِ تیر کا زاغِ کماں رکھتا نہیں (صبا)

(۳) موسیقی کے ایک راگ کا نام ✦

زاغ آبی - ف - اسم مذکر - جل کوّا ✦ پن ڈُبّی - ایک قسم کا آبی پرند جو اکثر مچھلیاں پکڑا کرتا اور پانی کے اندر سے غوطہ لگا کر اس طرح اُڑتا ہے کہ ایک بُوند بھی اُس کے جسم پر نہیں معلوم ہوتی ✦

زاغ کمان - ف - اسم مذکر - دیکھو (زاغ) ✦

زال - ف - صفت (۱) بُوڑھا - پیر - سفید بالوں والا ✦ پیرِ فرتوت - بُڈھا - پھونس (۲ - اسم مذکر) سام بن نریمان کا بیٹا جو رستم پہلوان کا باپ تھا چونکہ پیدائش کے وقت زال کے بال سفید تھے - اِسوجہ سے اُس کے باپ نے منحوس سمجھکر کوہ البرز کے دامن میں ڈلوا دیا - چنانچہ سیمرغ نے اُسے وہاں پالا اور سام کو خواب ہوا کہ تیرا بیٹا خوش و خرم - زندہ سلامت موجود ہے

زاہ

تو نے تو خدا کا خوف نہ کر کے جنگل میں ڈالدیا - مگر پروردگارِ عالم نے ایک جانور سے اُسے پلوا دیا - سام البرز گیا اور سیمرغ نے وہ لڑکا اُس کے حوالہ کر دیا اور چند پر عنایت کیئے کہ جب ضرورت پڑے اِنکو جلانا میں فوراً چلا آؤنگا - بادشاہ نے اُسکا زائچہ دیکھکر زابل کا حاکم بنا دیا - بعض لوگوں کا بیان ہے وہ پرند نہ تھا بلکہ سیمرغ نامی ایک حکیم یا عارف باللہ تھا جسنے زال کی پرورش کی ✦ (۳) بُڑھیا عورت - بُڑھیا پھونس ✦

زانو - ف - اسمِ مذکر - جانگھ - آسن گھٹنا - گوڈا ✦ ران ✦ پہلو جیسے زانو بدلنا زانو پر زانو وغیرہ ✦

زانو پوش - ف - اسمِ مذکر - وہ کپڑا جو امیر لوگ کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں تاکہ جو کچھ مُنہ سے گرے اُسی پر رہے ✦

زانو ٹیکنا - ف - فعلِ متعدی - افسوس یا حالتِ ماتم و رنج و الم کا ظاہر کرنا ؎

مشغلہ تھا یہ شبِ ہجر میں سر دُھنا سینۂ و سر کبھی پیٹا کبھی زانو اپنا (رند)
اگرچہ وصل کی شب گزری آپ سے لیکن نکالنے لگا پردہ میں زانو کو (جرأت)

زانو جمانا - ف - فعلِ متعدی - پٹڑی جمانا - آسن جمانا - گھوڑے پر جم کر بیٹھنا ✦

زانی - ع - اسمِ مذکر - زناکار مرد چھنلا - حرام کار مرد - فاجر - فاسق - بدراہ ✦

زانیہ - ع - اسمِ مؤنث - زناکار عورت چھنال ✦

زاویہ - ع - اسمِ مذکر - کونا - گوشہ - کھونٹ - مخالف سمتوں سے دو مستقیم خطوں کے ایک نقطہ پر ملنے سے جو کونہ پیدا ہوا اُسے زاویہ کہتے ہیں (اقلیدس میں زاویہ کی مشہور قسمیں یہ ہیں زاویہ مُسطحہ جو دو مستقیم خطوں کے ایک نقطہ پر ملنے سے پیدا ہو بشرطیکہ وہ دونوں خطوط مل کر ایک مستقیم خط نہ ہو جائیں - زاویۂ مُستقیمُ الخطین جو سطحِ مستوی پر دو خط کے ملنے سے پیدا ہو - زاویہ قائمہ وہ جو ایک خطِ مستقیم پر دوسرا خطِ مستقیم اسطرح واقع ہونے سے کہ اُس خط کے دونوں جانب برابر کے زاویے پیدا ہوں ظہور میں آئے - یہ ہر ایک قائمہ کہلائیگا زاویۂ مُنفرجہ یعنی فراخ کونہ جو قائمہ سے بڑا ہو - زاویۂ حادّہ یعنی تنگ کونہ جو قائمہ سے چھوٹا ہو) ✦

زاہد - ع - اسمِ مذکر - زہد اور محنت کرنے والا - مُرتاض - ریاضت کش تپشی پر پیغمبر کی تپشیا میں کشٹ اُٹھانے والا - عابد - راہب - سنیاسی دنیا کی رغبت اور خواہش چھوڑ دینے والا - نیکی کو کشٹ دینے والا - پرہیزگار ✦ ؎

زاہدِ گمراہ کے کس طرح میں ہمراہ ہوں وہ کہے اللہ کہو اور میں کہوں اللہ ہوں (ذوق)
زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں کیا ڈیڑھ چُلّو پانی سے ایمان بہ گیا (غالب)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زبا

کہہ رہا ہے باغمیں ہر گل زبانِ حال سے مبتلائے خارِ غم رہتا ہے جو زردار ہے (ناسخ)

زبان دابنا ل۔ فعل متعدی۔ عو۔ زبان پکڑنا۔ بولنے یا بات کرنے سے روکنا۔ ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ روکنا ✦

زباں داں ف۔ اسمِ مذکر۔ کسی زبان کا ماہر۔ واقفِ زباں۔ کسی زبان کو بخوبی جاننے والا ✦ فاضل۔ عالم ✦ شاعر۔ کہنہ مشق۔ کہتا ✦ فصیح۔ بلیغ۔ بہت سی زبانیں جاننے والا ✦

زباں دانی ف۔ اسمِ مؤنث۔ علمِ زبان ✦ زبان کی بخوبی واقفیت اور اُس کے کمال تک رسائی ✦

زباں دراز ف۔ صفت۔ (۱) یاوہ گو۔ بدگو۔ زیادہ گو۔ بیہودہ گو۔ بے محابا کہنے والا۔ گستاخ۔ بیباک۔ دلیر۔ مُنہ پھٹ۔ دریدہ دہن۔ مُنہ کا چھوٹا بدلگام۔ مُنہ چھٹ ؎

گلشن میں کیا کروں میں زبانِ فغاں دراز غنچہ ہوں نی دریدہ ہے سوسن زباں دراز (اسیر)

(۲۔ ل) گالی گلوچ بکنے والا۔ رذالہ۔ پاجی ✦

زباں دراز کرنا ل۔ فعلِ متعدی۔ زبان کھولنا۔ طول کلامی کرنا۔ بات بڑھا کر بیان کرنا۔ دراز نفسی کرنا۔ بڑھکر بولنا ✦ پکار کر بولنا (مثال دیکھو زباں دراز میں شعرِ اکسیر) ✦

زباں درازی ف۔ اسمِ مؤنث۔ بیہودہ گوئی۔ گستاخی ✦ بدلگامی ✦ دشنام دہی۔ فحش بیانی۔ بدزبانی ✦

زباں درازی کرنا ل۔ فعل متعدی۔ گستاخی کرنا۔ بیہودہ بکنا گالی گلوچ بکنا۔ فحش بکنا ✦ ؎

وہ کرتا ہے جب زباں درازی حیرت سے ہم چپکے ہیں کچھ بولا نہیں جاتا یعنی اُسکے حرفِ سخن کے بیچ (میر)

زبان دینا ل۔ فعل متعدی۔ قول ہارنا۔ بچن ہارنا۔ اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ وعدہ کرنا

زبان دے نہ عدو کو کہ یہ تو وہ شے ہے مرے دہن میں ہے یا ترے دہن میں ہے (داغ)

جو جانوں تجھ میں بلبل تو نہیں تو کیوں نہ بولتا زباں کرے نہ سارے باغ میں محکو نہ سرسوا کر (میر)

زبان ڈالنا ل۔ فعل متعدی۔ کہنا۔ پوچھنا۔ سوال کرنا۔ مانگنا۔ طلب کرنا ✦

زبان روکنا ل۔ فعل متعدی (۱) بُرا کہنے سے منع کرنا۔ بدگوئی سے باز رکھنا (۲۔ لازم) زبان بند کرنا۔ خاموش ہونا۔ کہتے کہتے رُک جانا ✦

زباں زد ف۔ صفت۔ مشہور و معروف ✦ ؎

حسرت سے خونِ گل کی چکھا ہوا ہوں ورنہ طیرانِ باغمیں ہوں میں خوش زباں زد (میر)

زبان زد ہونا ل۔ فعلِ لازم۔ مشہور و معروف ہونا۔ مشہور خلائق ہونا۔ پھیلنا

زبا

جاری ہونا۔ ہر ایک کی زبان پر ہونا ؎

ہے عشق کا فسانہ میر لیکن یہاں زبان زد ہر شہر میں ہوئی ہے یہ داستان زباں زد (میر)

زبان سمجھنا ل۔ فعل متعدی۔ کسی کے محاورے یا روزمرہ سے واقف ہونا۔ بولی سمجھنا ✦

زبان سنبھال کر بات کرنا۔ یا۔ بولنا ل۔ فعل متعدی۔ حدِ ادب اور حفظِ مراتب کا خیال رکھکر بولنا۔ سوچ سمجھکر بات کرنا۔ زبان کو قابو میں رکھکر بات کرنا۔ مُنہ کو لگام دیکر بولنا۔ سنجیدگی سے بولنا ✦

زبان سنبھالنا۔ چونچ سنبھالنا ل۔ فعلِ متعدی (۱) خاموش رہنا۔ زبان کو روکنا چُپ رہنا ✦

پیچھے رند کے گا تو یہ ہو جائے گا بند کہدے گی کہ زبان اپنی سنبھالے بلبل (رند)

(۲) زبان کو قابو میں رکھنا۔ حفظِ مراتب سے درگزر نہ کرنا۔ مُنہ کو لگام دینا سنجیدہ کلام کرنا۔ کلماتِ ناملائم سے زبان کو آلودہ نہ کرنا ؎

زباں سنبھالو یہ مُنہ زوریاں غریبوں پر خدا کی سوں کوئی تسا بھی بے لگام نہیں

سنبھالو اک ذرا اپنی زباں کو ہمارے مُنہ میں بھی آخر زباں ہے (عارف)

اک بوسہ پر یہ گالیاں اللہ کی پناہ کچھ میں بھی اب کہوں گا زباں کو سنبھالیے (امانت)

زبان سُوکھنا ل۔ فعلِ لازم۔ زبان خشک ہونا۔ بیان نہ کر سکنا۔ زبان بند ہونا جیسے اُنکی تعریف کرتے ہوئے زبان سُوکھتی ہے ✦

زبان سے خندق پار ل۔ (کہاوت) یعنی شیخی۔ زبان ہی سے بہادر ہیں ✦

زبان سینا ل۔ فعلِ متعدی۔ زبان بند کرنا۔ خاموش رہنا۔ مُنہ سے نہ بولنا بات نہ کرنا چُپ رہنا ✦

زبان سے نکالنا ل۔ فعل متعدی (۱) زبان پر لانا۔ بیان کرنا۔ کہنا۔ (۲) تلفظ کرنا ✦

زبان سے نکلنا ل۔ فعلِ لازم (۱) زبان سے باہر ہونا۔ کہا جانا۔ کہنے میں آنا۔ ظاہر ہونا جیسے زبان سے نکلی اور پرائی ہوئی (۲) بلا ارادہ کوئی بات مُنہ سے نکل جانا (۳) تلفظ ادا ہونا ✦

زبانِ قال ع۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ زبانِ حال کا نقیض۔ بیان یا گفتگو سے کوئی امر جتانا ✦ اظہارِ بیان۔ گفتگو کے ذریعہ سے اپنا حال بیان کرنا۔

زبان کا چھوٹا ل۔ صفت۔ بدزبان۔ زبان دراز۔ بدتہذیب۔ بدلگام۔ گالی گلوچ بکنے والا ✦ بیدھڑک بک دینے والا۔ بدکلام ✦ دراستہ زبان ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زبان پر چڑھنا۔ ل۔ فعلِ لازم۔ ازبر ہونا۔ نوکِ زبان ہونا۔ حفظ ہونا زبان پر رہنا۔

زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ چکھنا۔ سوا دلینا۔ زبان لگا کر دیکھنا۔ چاشنی لینا۔ تھوڑا سا کھانا۔ مُنہ جُھٹھالنا۔ آب و نمک دیکھنا۔

زبان پر دھرا ہونا۔ ل۔ فعلِ لازم۔ زبان پر موجود ہونا۔ زبان پر حاضر ہونا۔ ازبر ہونا۔ یاد ہونا۔ ؎

معروف اِسطرح سے کسی تو نے یہ غزل تھی یہ غزل دھری ہوئی گویا زبان پر (معروف)

زبان پر زبان بدلنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ کبھی کچھ کہنا۔ کبھی کچھ کہنا۔ ایک بات پر قایم نہ رہنا۔ ؎

خنجر مجھے لگاتے ہی انکار کر گیا قاتل نے کیا زبان کو بدلا زبان پر ( )

زبان پر لانا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ کہنا۔ بیان کرنا۔ مُنہ پر رکھنا۔ ظاہر کرنا کھولنا۔ مُنہ سے کہنا۔ ؎

لاؤں زباں پہ مطلبِ دل کیا مجال ہے میں کیا کہوں فقیروں کی صورت سوال ہے (عارف)

زبان پکڑنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ زبان روکنا۔ بات کاٹنا۔ بیچ میں بول پڑنا بولنے سے بند کرنا۔ ؎

کیونکر نکالوں مُنہ سے یہ حرفِ وصالِ یار جو دانت سے زبان پکڑتا ہو ہجر میں (بحر)

(۲) مُتعرض ہونا۔ مُعترض ہونا۔ گرفت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ مین میکھ نکالنا۔ حرف گیری کرنا۔ گرفت کرنا۔ ؛ زباندانی میں نقص نکالنا۔ محاورے میں ٹوکنا۔ ؎

تاب کیا حاسد کی جو پکڑے کبھی میری زباں شمع ہے لیکن اُسے گلگیر کی حاجت نہیں (ناسخ)

میں وہ شاعر فی ہوں جو پکڑے کوئی میری زباں لاکھ مرزا کو سُناؤں سو سُناؤں میر کو (جانصاب)

زبان پلٹنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ اقرار سے پھرنا۔ عہد توڑنا۔ زبان پھیرنا ؛

زبان پھیرنا۔ ل۔ فعل متعدی۔ دیکھو (زبان بدلنا) ؛

زبان تلا نا۔ ل۔ فعلِ لازم۔ زبان کا گلنت کرنا۔ ہکلانا ؛

زبان تلے زبان ہونا۔ یا۔ **زبان کے نیچے زبان ہونا**۔ ل۔ فعلِ لازم۔ ایک بات پر قایم نہ رہنا۔ تلوّن مزاج ہونا۔ بات میں بھدرک نہ ہونا۔ مُضطرب القول ہونا ؛

زبان ٹوٹنا۔ ل۔ فعلِ لازم۔ زبان کا صاف ہونا۔ بچے کی زبان کا درست ہونا۔ بولنے کی مشق یا عادت ہونا۔ صحیح بولنے کا ربط پڑنا۔ جیسے اب اِس بچے کی زبان دن بدن ٹوٹتی اور درست ہوتی جاتی ہے ؛

زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار۔ ل۔ کہاوت۔ زبان کا اقرار ایک ہی ہوتا ہے ؛

زبان چاٹنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ مزہ لینا۔ ذائقہ لینا۔ چٹنی رے بھرنا۔ مزیدار چیز کھا کر دیر تک مزہ لیتے رہنا۔ جیسے وہ چیز کھا کر اب تک زبان چاٹ رہا ہوں ؛

زبان چڑھانا۔ ل۔ فعلِ متعدی (ہندو) کسی دیوی کی یہ منت ماننا کہ فلاں کام ہو جائے تو اپنی زبان کاٹ کر فلاں استھان کی نذر کروں۔ اگرچہ اب قانوناً یہ حرکت منع ہے مگر اخبارات میں بھی کہیں نہ کہیں ایسی خبر دیکھی جاتی ہے۔ دیوی کی مُورت کے سامنے اپنی زبان کاٹ کر چڑھانا ؛

زبان چلانا۔ ل۔ فعلِ متعدی (۱) بولنا۔ کہہ اُٹھنا۔ کہدینا جیسے تم تو صرف زبان چلا کر الگ ہو جاتے ہو ؛ (۲) زیادہ گوئی کرنا۔ بڑھکر بولنا۔ بہت بولنا لگاتار باتیں کرنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ (۳) زبان درازی کرنا۔ زبان دراز کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ گالی دینا۔ گالی گلوچ کرنا۔ گالی بکنا۔ گندی بات کہنا ؛

زبان چلائے کی روٹی کھانا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ خوشامد درآمد سے پیٹ پالنا۔ طرّاری سے کما کر کھانا۔ چاپلوسی کے ذریعہ سے روٹی پیدا کرنا ؛

زبان چلنا۔ ل۔ فعلِ لازم (۱) جلدی سے بول اُٹھنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ بولے چلے جانا۔ تڑانا۔ بڑبڑانا ؛ ؎

زبان ضعفِ پیری میں چلتی رہی سحر ہو گئی شمع جلتی رہی (اسیر)

کیا زباں چلتی ہے اُس بزم میں بدگو یونکی مُنہ میں اُنکے یہ زباں ہے کہ الٰہی ہر قراض (ذوق)

(۲) کھانا۔ نوش کرنا جیسے۔ زبان چلے ستر بلا ٹلے (۳) گالیاں دینا۔ گالیاں بکنا۔ بیہودہ گوئی کرنا ؎

اب پٹکیاں جو لوگے تو ہم دینگے گالیاں پیارے کسی کا ہاتھ کسی کی زباں چلے (امانت)

(۴) گویا ہونا۔ بولنا۔ بات کرنا۔ بات ہونا ؛

حالِ دل کیونکر کریں اپنا بیاں اچھی طرح رُوبرُو اُنکے نہیں چلتی زباں اچھی طرح (ظفر)

زبان داب کے۔ یا۔ **دبا کے کچھ کہنا**۔ ل۔ فعلِ متعدی چپکے سے کچھ کہنا۔ دبی زبان سے بولنا۔ آہستگی سے کہنا ؛

زبانِ حال۔ ف۔ ع۔ اسمِ مؤنث۔ حالتِ موجودہ سے بن بولے ظاہر کرنا۔ ہیئتِ ظاہری۔ کیفیتِ موجودہ ؛

زبانِ حال سے کہنا۔ ل۔ فعلِ متعدی۔ ہیئت اور حالتِ موجودہ سے ظاہر کرنا۔ موقع دکھا کر جتانا ؛

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زخم

(جن لوگوں نے اِس لفظ کو سُخ + اُڑ سے مرکب بہ ترکیب فارسی مانا ہے وہ اسکے معنے نہایت شور کرنے والا اور غرہ زنندہ لیتے ہیں۔ غرض دونوں صورتوں میں بحر۔ دریا۔ سمندر کی تعریف میں یہ لفظ آتا ہے)

زَخم ف۔ اسم مذکر۔ (۱) گھاؤ۔ ریش۔ ناسور ؛ ؎

ہوں وہ بیکس کہ مرے لاشے پہ روئیگا کبھی زخمِ تن بھی نہ مرے حال پہ گریاں ہوگا (وزیر)

(۲) ؎ نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ ضرر جیسے دس روپئے کا زخم کھایا یعنی ٹوٹا اُٹھایا ؛

زخم اچھا ہونا ؎ فعل لازم۔ دیکھو (زخم بھر جانا) ؛

زخم بھر جانا۔ یا۔ بھرنا۔ فعلِ لازم۔ (۱) زخم کا اندمال پذیر ہونا۔ گھاؤ کا التیام ہونا۔ گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا ؛ ؎

دوست غمخواری میں میری سعی فرماویگا زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاویگے کیا (غالب)

(۲) جبر نقصان ہونا۔ نقصان کا عوضہ ملنا ؛

زخم پر نمک چھڑکنا ؎ فعل متعدی (۱) کاٹے پر نون لگانا ؛ تکلیف میں تکلیف اور دُکھ میں دکھ دینا (۲) جلے کو جلانا ؛ مرتے کو مارنا۔ رنج پر رنج دینا۔ صدمہ پر صدمہ پہنچانا ؎

یہ زخمِ دل پہ نمک کس طبیب نے چھڑکا بجائے غم مجھے کھاتا ہے استخواں کیطرح (دمدا)

زخم پڑنا ؎ فعل لازم۔ گھاؤ ہونا ؛

زخم پکنا ؎ فعل لازم۔ گھاؤ میں پیپ پڑ جانا ؛

زخم دینا ؎ فعل متعدی (۱) گھائل کرنا۔ زخمی کرنا۔ مجروح کرنا۔ (۲) گھاؤ دینا ٹوٹا دینا۔ نقصان پہنچانا۔ (۳) صدمہ یا ضرر پہنچانا۔ آزار دینا ؛

زخمِ کاری ف۔ صفت۔ مُہلک زخم۔ گہرا گھاؤ۔ زخم کاری بھرپور زخم ؛ ؎

بڑی تیز ہیں میر دنسے جو دُنیا میں کامل ہیں تعلق بیخبر دہم کو کیا ہے زخم کاری سے (ناسخ)

زخم کھانا ؎ فعل متعدی (۱) زخم اُٹھانا۔ مجروح ہونا۔ گھائل ہونا ؎

تیغ ابرو کے سامنے جاکر زخم گردن پہ جوان کھاتے ہیں (برق)

(۲) نقصان اُٹھانا۔ ٹوٹا بھرنا۔ ضرر اُٹھانا۔ (۳) صدمہ اُٹھانا ؛

زخم لگنا ؎ فعل لازم (۱) تیغ۔ تیر یا برچھی وغیرہ سے مجروح ہونا۔ گھائل ہونا۔ (۲) گھاؤ آنا۔ خسارہ ہونا۔ ٹوٹا پڑنا۔ (۳) صدمہ پہنچنا ؛

زخم ہرا کرنا ؎ فعل متعدی (۱) زخم الا کرنا۔ زخم تازہ کرنا۔ گھاؤ کو پھر تازہ کرنا ؎

مرہم سبز لگاتے ہیں جو وہ مرے زخموں کو ہرا کرتے ہیں (وزیر)

(۲) صدمہ پہنچانا یا رنج دلانا ؛

زخم ہرا ہو جانا ؎ فعل لازم (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا۔ جراحت کا از سرِ نو تکلیف دینا

زر

(۲) گزشتہ صدمہ یا حادثہ کا یاد آجانا۔ پہلے دُکھ کا یاد آجانا۔ از سرِ نو رنج ہونا ؛

زَخمی ف۔ صفت۔ گھایل مجروح۔ جراحت رسیدہ۔ چُٹیلا یا ہوا۔ چوٹ کھایا ہوا ؛

زخمی کرنا ؎ فعلِ متعدی۔ جراحت پہنچانا۔ مجروح کرنا۔ چوٹ لگانا ؛

زخمی ہونا ؎ فعل لازم۔ گھائل ہونا۔ مجروح ہونا ؛

زَدْ ف۔ اسم مؤنث۔ (۱) مار۔ نشانہ۔ ضرب۔ ہدف۔ آماج (۲) چوٹ۔ صدمہ (۳) ؎ نقصان۔ ضرر۔ خسارہ۔ ٹوٹا جیسے سو روپیہ کی اور زد پڑی (۴) قابو۔ ڈھب ؛ وار ؛

زد پر چڑھنا ؎ فعلِ لازم۔ ہدف پر ہونا۔ نشانہ پر ہونا ؛ ڈھب پر چڑھنا قابو پر چڑھنا ؎

دل ہے اے جاں کے دشمن نہ اُتارا ہوتا چڑھ گئے تھے ہم اگر زد پہ تو مارا ہوتا (ناظم)

زد پر ہونا ؎ فعلِ لازم۔ مار یا ٹھیک نشانہ پر ہونا ؛

زد پڑنا ؎ فعلِ لازم۔ نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا ؛

زدوکوب ف۔ اسم مؤنث۔ مار پیٹ۔ جوتی پیزار۔ مار کٹائی۔ لپا ڈُکی۔ ہاتھا پائی۔ گھُوسم گھاسا ؛

زَدَہ ف۔ صفت۔ (۱) ضرب رسیدہ۔ مارا ہوا۔ پٹا ہوا۔ (۲) ؎ ہلوک۔ ہلاکت رسیدہ۔ مُصیبت کا مارا۔ تباہ و خستہ (۳) ؎ بوسیدہ۔ بُور بُور۔ آٹا آٹا۔ گلا ہوا۔ بیدم۔ کمزور۔ جیسے یہ کپڑا بالکل زدہ ہے ؛

زدہ حال ؎ صفت۔ خستہ حال۔ تباہ حال۔ پریشان حالت۔ کپڑے لتے اور کھانے پینے سے ٹوٹا ہوا۔ غمگین۔ سوگوار۔ آفت کا مارا ؛

زَر ف۔ اسم مذکر۔ (۱) سونا۔ طلا۔ ذہب۔ (۲) دھن۔ دولت۔ روپیہ پیسا۔ مال و متاع جیسے چون زر نیست عشق ہیں نیں ؎

دل فقر کی دولت سے مرا ایسا غنی ہے دُنیا کے زر و مال پہ میں تُف نہیں کرتا (ذوق)

خاک حاصل ہے اِس سے مرد و نکو زر جو صرفِ قبور ہوتا ہے (صبا)

(۳) پھول کے اندر کا زرد زرد ڈورہ ؎

کڑے گئے گلبن میں دیکھ کر تُو اساتذہ تھا کفِ گل میں جو زر گویا دفینہ ہو گیا (ناسخ)

(۴) ؎ تار زر۔ سونے چاندی کے تار یا کلابتو جیسے زربفت یعنی سونے چاندی کے تاروں سے بُنا ہوا ؛

زرِ اصل ف ع۔ اسم مذکر۔ مُول سرمایہ۔ وہ رقم جو اوّل سے کام میں لگائی جائے ؛ وہ روپیہ جو قرض دیا جائے ؛

زرِ باقی ف ع۔ اسم مذکر۔ وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا ہو ؛

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زبا

زبان کا تڑتڑ یا تڑاق پڑاق چلنا ا۔ فعل لازم۔ قینچی کی طرح زبان چلنا۔ جلد جلد بولنا۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ طرّاری اور بے باکی سے جواب دیے جانا ؛ ؎

ہنسی ٹھٹھے مجگت ضلع میں طاق چل رہی ہے زبان تڑاق پڑاق (شوق)

زبان کاٹ کر دینا ا۔ فعل متعدی۔ اقرار کر لینا۔ عہد کر لینا۔ قول ہار دینا

زبان کاٹنا ا۔ فعل متعدی (۱) افسوس کرنا۔ متاسف ہونا۔ دانتوں میں اُنگلی دینا (۲) دانتوں سے زبان کاٹ لینا ؛

زبان کا چسکا ا۔ اسم مذکر۔ زبان کا مزہ۔ چٹورپن۔ مزیدار چیزوں کے کھانے کی عادت۔ دونوں کی چاٹ ؛

زبان کا زخم ا۔ فعل متعدی (گنوار) دیکھو (جیب نکالنا) ؛

زبان کا مزہ ا۔ اسم مذکر۔ دیکھو (زبان کا چسکا) ؛

زبان کا میٹھا ا۔ صفت۔ شیریں کلام ؛ میٹھی چھری۔ خوش مدح کیٹی جیسے زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا ؛

زبان کٹنا ا۔ فعل لازم (۱) زبان کا بریدہ ہونا۔ زبان قلم ہونا۔ (۲) متعدی) زبان کا قلم کیا جانا۔ زبان کو ترا شش دیا جانا ؎

شکر پر واں زبان کٹتی ہے شکوہ کرنے کی کیا مجال ہیں (رمز)

زبان کرنا ا۔ فعل لازم۔ بد زبانی کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ بدکلامی پیش آنا اب تلخی دشنام حلاوت نہیں دیتی کیجے نہ زباں آپ بس اب سے زیادہ (عارف)

زبان کو سینا ا۔ فعل متعدی۔ دیکھو (زبان سینا)

زبان کو منہ میں رکھنا ا۔ فعل متعدی۔ زبان کو قابو میں رکھنا۔ بیموقعہ بات نہ کرنا ؛

زبان کو کو لیگئی ا۔ محاورہ یعنی اسکی زبان کو کوّا لیگیا۔ کہاں سے بولے۔ گونگا بنگیا۔ زبان جاتی رہی۔ بن زبان کا ہو گیا (جو شخص بات کا جواب نہ دے یا گھنا ہو اسکی نسبت یہ فقرہ کہتے ہیں) ؛

زبان کو لبوں پر یا لبوں پر زبان پھیرنا ا۔ فعل لازم۔ مزے یاد کر کر ہونٹ چاٹنا۔ مزہ لینا ؎

وہی لذت ہے اُس بوسہ کی اب تک لبوں پر پھیرتا ہوں میں زباں کو (مومن)

زبان کھلنا ا۔ فعل لازم۔ (۱) زبان کا گویا ہونا۔ زبان سے الفاظ نکلنا گویائی آنا۔ باتیں کرنے لگنا۔ بچہ کا بولنے لگنا ؎

کھلی ہے کنج قفس میں مری زبان صیاد میں تاجرا چہن کیا کروں بیان صیاد (رند)

زبا

(۲) بہت بولنا۔ بہت بولنے لگنا۔ بیدھڑک بولنا ؎

کیا کھلی ہے زبان جم جم سے صاف صاف اب تو کہتے ہو ہم سے (شوق)

(۳) گالیوں پر اُترنا۔ دشنام دہی پر زبان رواں ہونا۔ ناشائستہ باتوں کا زبان پر لانا۔ بدزبانی کرنا۔ زبان درازی کرنا ؎

تحکام اُس لبِ شیریں کے کیا بوسہ نے گالیوں پر جو زبانِ بُت بے پیر کھلی (عارف)

(۴) زبان چلنا۔ مُنہ سے بات نکلنا ؎

شور و افغاں ہی پہ بس اپنی زباں کھلتی ہے آنکھ کمبخت یہ سوتے میں جہاں کھلتی ہے (جرأت)

(۵) گفتگو میں نڈر ہو جانا۔ طلاقت لسانی میں کمال بہم پہنچانا۔ طلیق اللسان ہونا

زبان کھلوانا ا۔ فعل متعدی (۱) بدزبانی (۲) بدکلامی پر اُترانا۔ گستاخ اور بے ادب بنوانا۔ بُرا بھلا سُنانا یا سُنوانا۔ گالیوں پر اُتروانا ؛

زبان کھولنا ا۔ فعل متعدی۔ بُرا بھلا کہنا۔ بدکلامی پر اُترنا۔ لتاڑنا۔ جھڑکنا ؎

سمجھ کر مجھے جی میں بھولی کسارو زباں آج باجی نے کھولی کسارو (رنگین)

(۲) بیباکانہ کلام کرنا۔ چرکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ مُنہ میں آنا سو کہدینا (۳) عیب جوئی کرنا۔ عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ نقص نکالنا ؎

زباں کھولیں گے مجھ پر بد زباں کیا بد شعاری سے کریں گے خاک بھر دی اُنکے مُنہ میں خاکساری سے (ذوق)

(۴) زباں درازی کرنا۔ زباں دراز کرنا۔ گستاخی یا طعن سے پیش آنا ؎

کانٹوں تمہیں پہنچے کھولی زبانِ طعن خالی تو آبلوں سے ہمارے قدم نہ تھے (اسیر)

(۵) مُنہ سے بولنا۔ بات کرنا۔ بھاپ نکالنا۔ گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا۔ زبان ہلانا اُف کرنا۔ چرکنا ؎

توڑنے پر پھول دیں ہمکو ہزاروں گالیاں دور رہ تیرا کوئی کب کھول سکتا ہے زباں (نظیر)
خاک اُڑیگی باغ میں جب آئیگی فصل خزاں نکہتِ گل پھر کہاں بادِ بہاری پھر کہاں

باندھ لے اے باغباں اپنی ہوا دو چار دن

(۶) بات کو بڑھا کر کہنا۔ دراز نفسی کرنا۔ کلام کو طول دینا ؛

زبان کھینچنا ا۔ فعل متعدی۔ گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا۔ زبان کاٹنے کی سزا دینا جیسے یرحمی کے زمانہ میں خلافِ بادشاہ کہنے پر دیجایا کرتی تھی ؛

زبان کے تلے زبان ہونا ا۔ فعل لازم دیکھو (زبان تلے زبان ہونا)

زبان کے مزے یا چٹخارے لینا ا۔ فعل متعدی۔ ذائقہ اُٹھانا۔ لذت یاب ہونا۔ لطیف اور خوش ذائقہ چیزیں کھا کر زبان کو چٹخارنا۔ ہونٹھ چاٹنا ؛

زبان کے نیچے زبان ہونا ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (زبان تلے زبان ہونا)

زبان گھس جانا ا۔ فعل لازم۔ زبان تھک جانا۔ کہتے کہتے زبان

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زای

زائچہ ف۔ اسمِ مذکر۔ (۱) طالعِ مولود۔ جنم پترا۔ کنڈلی۔ لگن۔ جنم پتری۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچہ کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں۔ جس میں مولود کی تاریخ وقت ماہ سنہ ولادت وغیرہ درج ہوتا ہے۔ اُس وقت پر مختلف سیارے جہاں جہاں ہوتے ہیں وہ ایک آسمانی نقشہ میں بنا دیے جاتے ہیں۔ پس اُسکے موافق ہر ایک نجومی اُس کی تمام عمر کا نیک و بد حال بتایا کرتا ہے) (۲) رمل کی شکلیں جو رمّال قرعہ ڈالکر لکھتے ہیں ✦

زائچہ بنانا۔ یا کھینچنا ا۔ فعلِ متعدی۔ جنم پتری بنانا۔ لگن کنڈلی کھینچنا ✦

زائد ع۔ صفت۔ زیادہ۔ فضول۔ ادھک۔ بہت بڑھا ہوا ✦ بچا ہوا۔ فاضل

زائد الوصف ع۔ صفت۔ تعریف سے باہر ✦

زائیدہ ف۔ صفت۔ جنا ہوا ✦ نطفہ کا جیسے اشراف کا زائیدہ ✦

زائر ع۔ اسمِ مذکر۔ جاتری۔ زیارت کو جانیوالا۔ حاجی۔ حج کو جانیوالا۔ زیارت کرنیوالا

زائل ع۔ صفت۔ زوال قبول کرنے والا۔ گھٹنے والا۔ کم ہونے والا۔ دور ہونے والا۔ جاتا رہنے والا۔ ضائع ہونے والا ✦

زبان ف۔ اسمِ مؤنث (۱) جیبھ۔ للو۔ لسان۔ ؎

نہ انتظار میں یاں آنکھ ایک آن لگی نہ ہائے ہائے میں تالو سے شب زبان لگی (مومن)

(۲) بول چال۔ گویائی۔ کہنا۔ نطق۔ بولی۔ بھاکا۔ محاورہ۔ بانی بات گفتگو

کہتا ہوں اضطراب میں اک اک سے حالِ دل رسوا کریگی خلق میں میری زبان مجھے (صابر)

بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو (ذوق)

کون کہہ سکتا ہے یاں میری برابر بیخته شک نہیں عارف کہ ہے لبسِ زبان پر سے قصر (عارف)

(۳) اقرار۔ قول۔ بچن۔ وعدہ ✦ (۴) بیان ✦

زبان اُلٹنا ا۔ فعلِ متعدی۔ زبان کا گردش کرنا۔ زبان سے بات نکلنا بات ہونا۔ کلام ہونا۔ زبان کا حرکت کرنا ✦ ؎

بیان حالتِ دلپیش یار ہو نہ سکا زبان کبھی نہ دمِ عرضِ مدعا اُلٹی (آتش)

جیسے میری تو اُنکے سامنے زبان نہیں اُلٹتی یعنی زبان یاری نہیں دیتی۔ (یہ لفظ نہیں کے ساتھ مستعمل ہے) ✦

زبان آور ف۔ اسمِ مذکر۔ شاعر ✦ فصیح زبان۔ خوش بیان۔ خوش کلام شیریں زبان۔ بلیغ۔ طرار۔ چرب زبان ✦

زبان بدلنا۔ یا پھیرنا۔ یا پلٹنا ا۔ فعلِ متعدی۔ کہکر نہ کرنا۔ اقرار سے انکار کرنا۔ بات سے پھرنا ✦ ؎

جو کہتے ہیں وہ بس اُسے لکھ لیتے ہیں دلبر ہم اُنکو زباں اب تو بدلنے نہیں دیتے (عارف)

زبا

جیسے زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے (کہاوت) ✦

زبان بگاڑنا ا۔ فعلِ متعدی۔ زبان خراب کرنا۔ زبان کو بیہودہ الفاظ سے آلودہ اور ملوث کرنا جیسے رذالہ کے مُنہ لگ کر کیوں زبان بگاڑتے ہو ✦

زبان بگڑنا ا۔ فعلِ لازم۔ زبان کا گندہ ہونا۔ زبان خراب ہونا۔ زبان پر خراب الفاظ چڑھنا۔ گالی گفتار کی عادت ہونا۔ زبان پر بیہودہ الفاظ کا چڑھنا ✦ گلے مُنہ بھی چڑانے دیتے دیتے گالیاں صبا زبان بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجے دہن بگڑا (آتش)

زبان بند ف۔ اسمِ مذکر۔ وہ تعویذ جو دشمنوں اور بدگویوں کی زبان روکنے کے واسطے لکھا جائے ✦

زبان بند کرنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) بولنے سے روکنا۔ بات نہ کرنے دینا خاموش کرنا ✦ جواب نہ بننے دینا۔ جواب نہ آنے دینا (۲) جادو یا تعویذ کے زور سے اپنے حلاف کہنے پر کسی کی زبان کو نہ چلنے دینا۔ (۳) لازم) خاموش ہونا۔ چُپ رہنا۔ بات مُنہ سے نہ نکالنا۔ (مثال دیکھو زبان دنیا میں میر کا شعر)

زبان بند ہونا ا۔ فعلِ لازم (۱) قوتِ گویائی کا جاتا رہنا۔ بولنے بات کرنے سے عاجز ہونا۔ خاموش ہونا۔ زبان رُکنا ؎

شبِ فُرقت میں ہم پھرتے ہیں نالاں زباں ہوتی نہیں مثلِ جرس بند (ناسخ)

(۲) کسی کے سامنے رُعب کے مارے بات نہ کر سکنا۔ زبان کا یاری نہ دینا۔ (۳) مرتے وقت قوتِ گویائی کا سلب ہو جانا۔ زبان اَینٹھ جانا زبان ساکت ہو جانا ✦ ؎

کیسی زبان بند دمِ واپسیں ہوئی حسرت رہی کہ یار سے کچھ بات کیجئے (لاعلم)

موت آئی پر نہیں ہائے دمِ عرضِ تمنا دل کھلنے نہ پایا کہ ہوئی اپنی زبان بند (داغ)

(۴) جادو یا تعویذ کے زور سے اپنے عندیہ کے موافق نہ کر سکنا۔ کسی کے خلاف نہ کر سکنا بند ہو جانا جیسے دیکھ رقیبو کی زباں لکھ دو کچھ سوچ سمجھ کر مجھے ایسا تعویذ (جعفر)

زباں بندی ف۔ اسمِ مؤنث (قاعدوں) ا۔ گواہی۔ شہادت ✦ حلف ✦ حلف نامہ۔ (۲) خاموشی۔ سکوت ✦

زباں بندی کرنا ا۔ فعلِ متعدی (۱) گواہی لینا۔ شہادت لینا۔ اظہار لکھنا۔ بیان لکھنا۔ (۲) زبان روکنا۔ زبان بند کرنا۔ خاموش کرنا ✦

زبان پر یا۔ زبان پہ آسکنا ا۔ فعلِ لازم۔ بیان ہو سکنا۔ کہنے میں آسکنا۔ ظاہر ہو سکنا ؎

جو شوقِ دل ہے نہیں وہ زباں پہ آسکتا زباں نہ دل کی طرح ہے نہ دل زباں کی طرح (

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زبر

شہزور۔ غالب ۔ مضبوط۔ قوی ۔ ٹھاڈا (۲) بہت بڑا لایق۔ کامل فن (۳) مستحکم۔ پکا۔ پختہ۔ استوار (۴) ذی مقدور۔ مقدرت والا (۵) سینہ زور دست دراز۔ جابر۔ ظالم ۔

زبردستی ۔ن۔ اسم مؤنث (۱) دھینگا دھینگی۔ سینہ زوری۔ جبر۔ زیادتی ظلم و تعدی۔ براجوری۔ سرزوری۔ زور آوری (۲) تابع فعل خلاف مرضی کوئی کام لینا۔ جبرا دباؤ ڈالکر۔ چھین جھپٹ کر (۳) تابع فعل) ناحق۔ بے سبب۔ یونہیں ۔

زبردستی بھگا لیجانا ۔ف۔ فعل متعدی۔ کسی کی مرضی بغیر اُسکو بھگا کر لیجانا۔ بلا رضامندی لے اُڑنا۔ جبرا پھسلا کر یا بہکا کر یا دھمکی دیکر کسی عورت وغیرہ کو گھر سے نکال لیجانا۔ دباؤ ڈالکر بھگا لیجانا ۔

زبردستی پکڑ بلانا ۔ف۔ فعل متعدی۔ حکومت کے زور سے گرفتار کرا منگانا۔ بلا مرضی دباؤ کے باعث بلوا لینا ۔

زبردستی چھین لینا یا لے لینا ۔ف۔ فعل متعدی۔ جھپٹا مارنا۔ اینٹھ لینا۔ بزور لے لینا۔ ظلم سے لے لینا ۔

زبردستی قبول کرانا ۔ف۔ فعل متعدی۔ زور و ظلم سے منظور کرانا۔ دباؤ ڈال کر یا دھمکی دیکر اقرار لینا ۔

زبردستی کرنا ۔ف۔ فعل متعدی۔ جبر کرنا۔ زیادتی کرنا۔ زور آوری کرنا دھینگا دھینگی کرنا ۔

زَبُور ع۔ اسم مؤنث (۱) نوشتہ۔ کتاب۔ مکتوب (۲) عارفانہ سرود۔ بھجن اُستتی۔ زمزمہ (۳) وہ کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی اور اُسے بنی اسرائیل راگ میں پڑھتے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ حضرت داؤد کے دعائیہ گیت ہیں ۔ ایک آسمانی کتاب کا نام ۔

زبُون ۔ن۔ صفت (۱) عاجز۔ ضعیف (۲) خوار۔ بیچارہ۔ ذلیل و رسوا (۳۔ت) بد۔ زشت۔ خراب۔ تباہ ؎

ہمسے دیکھا نہیں جاتا یہ تراحال زبوں عارف اس وقت میں ہم اور کہیں کیوں نہ ہوئے (عارف)

(۲۔ف۔ عو) نحس۔ نحوس۔ سعد کا نقیض جیسے دونوں وقت بنے سو اڑا زبوں ہے

زَبَل ۔ف۔ اسم مؤنث۔ لغو اور بیہودہ بات۔ پوچ بات۔ گپ۔ ہیمنی بات واہیات۔ بڑ۔ جھک۔ بکبک۔ بکواس ؎

تاثیر جذب مستوں کی ہر بحر غزل میں ہے اعجاز بڑ میں ہے تو کرامت زبل میں ہے (قلق لکھنوی)

مضمون حسن و عشق نہیں کس غزل میں ہے سنئے اگر تو لطف ہماری زبل میں ہے (آتش)

رخا

زبل قافیہ ۔ف۔ اسم مذکر۔ گپ شپ ۔ واہی تباہی۔ نکمی بے تکی بات ۔ بے اصل بات۔ نامعتبر بات ۔

زبل مارنا ۔ف۔ فعل متعدی۔ گپ ہانکنا۔ جھوٹی باتیں بکنا۔ واہی تباہی بکنا بے اصل مبالغہ کرنا ۔

زبل ہانکنا ۔ف۔ فعل متعدی۔ گپ مارنا۔ جھوٹی سچی باتیں کرنا۔ شیخی مارنا۔ شیخی بگھارنا

زَجر ع۔ اسم مذکر (۱) بازداشت۔ روک۔ ڈانٹ ڈپٹ (۲۔ف) دھمکی تنبیہ۔ جھڑکی۔ ملامت ۔

زجر و توبیخ ع۔ اسم مؤنث۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت ۔ جھڑکنا دھتکارنا۔ دُر دُر۔ پھٹ پھٹ ۔

زِچ ۔ف۔ صفت (۱) عاجز۔ تنگ۔ مجبور۔ بے بس۔ دق (۲۔ اسم مؤنث شطرنج جب شہ کے بغیر مُہرے کو چلنے کے واسطے کوئی گھر نہ رہے تو اُسے زچ اور جب شہ کے بعد ایسا موقع آئے تو اُسے مات کہتے ہیں ۔

زچ کر دینا ۔ف۔ فعل متعدی۔ مات کر دینا۔ ہرا دینا۔ مجبور کر دینا۔ عاجز کر دینا قافیہ تنگ کر دینا۔ بے بس کر دینا ؎

زچ کر دیا ہے تو نے سخن چیں کو لے نصیر بازی حریف کی کوئی بچتی ہے مات سے (نصیر)

زچ ہو جانا ۔ف۔ فعل لازم۔ ناک میں دم آجانا۔ تنگ ہو جانا۔ دق ہو جانا ۔

زچہ ۔ن۔ اسم مؤنث (بہ تشدید جیم فارسی بھی درست ہے) وہ عورت جو نئی جنی ہو۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ زن نوزائیدہ۔ جچا (چالیس روز تک زچہ کہلاتی ہے) ۔

زچہ خانہ ۔ن۔ اسم مذکر۔ زچہ کا گھر۔ چالیس روز تک زچہ کے متعلق کارو بار اور رسوم وغیرہ۔ جنگا۔ سوڑ ۔

زچہ رانی ۔ف۔ اسم مؤنث۔ زچہ کا خطاب ۔

زچہ گیریاں ۔ف۔ اسم مؤنث۔ زچہ خانہ کے گیت۔ وہ گیت جس میں بچے اور اُس کی ماں کی تعریف ہوتی ہے ۔

زُحَل ع۔ اسم مذکر۔ سنیچر۔ اُس ستارہ کا نام جو ساتویں آسمان پر اور نہایت سست و نحس اکبر خیال کیا جاتا ہے ۔

زحمت ع۔ اسم مؤنث۔ دکھ۔ درد۔ کلفت۔ تکلیف۔ رنج ۔ محنت۔ مشقت ۔ مصیبت۔ سختی ۔

زحمت اُٹھانا ۔ف۔ فعل متعدی۔ دکھ بھوگنا۔ مصیبت بھرنا۔ تکلیف برداشت کرنا

زَخّار ع۔ صفت۔ پانی سے نہایت بھرا ہوا۔ لبالب۔ طغیانی پر آیا ہوا۔ چڑھا ہوا۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زکام

زکام ہونا - ف - فعل لازم - ناک سے پانی بہنا - سردی ہونا +

زکاوت ع - اسم مؤنث - دیکھو دزکاوت، جن لوگوں نے اِسکا املا زائے ہوّز سے قرار دیا ہے انکو سہو ہوا ہے کیونکہ اُسکے اور اِسکے معنوں میں کوسوں کا بل ہے

زکریّا ع - اسم مذکر - ایک مشہور پیغمبر بن اوذان کا نام جو عمران بن ماثان پدر مریم اولاد سلیمان بن داؤد علیہ السلام سے تھے - عمران کی بیوی اور مریم حسنہ نامی ایک نیک ذات بزرگ سے منسوب تھیں - اور عمران کی بڑی بیٹی مسماۃ اشیاع حضرت زکریا علیہ السلام کے نکاح میں آئی تھیں - اپنی سالی مریم کی پرورش اور خبر گیری میں آپ نے بڑی مدد دی - باوجودیکہ یہ عمر طبعی کو پہنچگئے تھے - نہ بیوی استقرار حمل کے قابل رہی تھیں نہ میاں ہمبستری کے لائق - مگر خداوند تعالےٰ نے آپ کی دُعا قبول فرما کر حضرت یحییٰ علیہ السلام کو ان کے نطفہ اور بطنِ اشیاع سے عطا فرمایا -

کتب سیر میں حضرت زکریا اور یحییٰ کی شہادت کا اس طرح مذکور ہے کہ جب حضرت مریم کے قدرتی حمل کی یہودیوں میں شہرت ہوئی اور یہ سب کو معلوم تھا کہ حضرت مریم کے پاس حضرت زکریا کے سوا کوئی آجا نہیں سکتا تھا تو وہ لوگ بدگمان ہو کر اُن کے قتل کے درپے ہوئے - آپ بخوفِ جان وہاں سے بھاگے - یہودی بھی خبر لگا کر پیچھے پیچھے ہوئے جب آپ آبادی سے نکل گئے تو جنگل میں ایک درخت سے آواز آئی کہ اے زکریا تُو میرے پاس آجا - آپ نے اِس آواز سے اور زیادہ فکر کیا - اِس تردّد میں تھے کہ دوسری آواز اور آئی کہ زکریا سوچتا کیا ہے جلد آجا چنانچہ آپ اپنا دل مضبوط کر کے اُس درخت کے پاس پہنچے - درخت آپ کو دیکھتے ہی شق ہو گیا - آپ اُسکے جوف میں داخل ہو گئے شیطان ملعون نے دامن پکڑ لیا جسکا ٹکڑا پھٹ کر اُس کے ہاتھ میں رہ گیا اور زکریا اُسکے اندر سما گئے درخت بدستور جیسا تھا بحکم خدا ویسا ہی ہو گیا - اتنے میں یہودی بھی پہنچگئے - شیطان کو بشکل انسان دیکھکر پوچھا کہ اِس شکل و شباہت کا کوئی پیر مرد اِسطرف سے گزرا ہے شیطان نے کہا جی پیر مرد نہیں وہ تو ایک جادوگر تھا جو اُس درخت کی جوف میں چھپ گیا ہے - یہ دیکھو یہ اُسی کے دامن کا ٹکڑا میرے ہاتھ میں ہے - میں نے ہر چند روکنا چاہا مگر وہ تو جھٹ سرتا پا اُس کے اندر سما گیا - یہودیوں نے صلاح کی کہ اِس درخت کو جلا دینا چاہیئے شیطان نے تدبیر بتائی کہ جلانے میں دقت ہے - ایسے آرے سے چیر ڈالو - چنانچہ آرے سے چیرنا شروع کیا - جسوقت آرہ حضرت زکریا کے سر مبارک پر پہنچا تو آپ نے بے تابانہ آہ بھرنی چاہی اُسی وقت مُنتقمِ حقیقی سے خطاب ہوا کہ اے پیر روشن ضمیر خبردار دامن صبر ہاتھ سے نہ چھوٹے گو کیسا ہی قہر تجھ پر ٹوٹے - اِس خطاب کے سُنتے ہی آپ راضی برضائے الٰہی ہو کر ایک لخت ساکت اور خاموش ہو گئے - سر سے ناخنِ پا تک چر گئے مگر مُنہ سے اُف تک بھی نہ نکالی +

زلال

اب حضرت یحییٰ کی شہادت کی نوبت آئی - بادشاہ وقت کی بیوی نے جب دیکھا کہ میں نہایت بڑھیا ہو گئی ہوں اور اب کوئی دن میں میری محبت و عزت میں کمی ہو جائیگی تو اُس نے یہ تدبیر کی کہ اپنی جمیلہ و شکیلہ بیٹی کو اُس کے باپ کے ساتھ بیاہ دینے کی تجویز ٹھہرائی بادشاہ راضی ہو گیا اور اُسنے حضرت یحییٰ سے اِس امر کا فتوےٰ لیا - آپ نے حرام بتایا - ملکہ کو یہ بات نہایت ناگوار ہوئی اُسنے کیا کام کیا کہ جسوقت بادشاہ کو شراب کے نشہ میں چُور اور مدماتا پایا تو اپنی بیٹی کو آراستہ پیراستہ کر کے اُسکے پاس بھیجدیا کہ بادشاہ اُسوقت نہایت فریفتہ ہو کر تجھ سے مقاربت چاہیگا مگر تُو بھی اِس بات پر تاوقتیکہ وہ یحییٰ کا سر کٹوا کر منگوا دینے پر راضی نہو جائے ہرگز نہ ملنا کہ تیرے سامنے نذر کھدے مواصلت کا اقرار ہی نہ کیجیو - چنانچہ اُس نے درخواست کی بادشاہ نے جواب دیا کہ مجھکو اختیار ہے - قاتل دوڑ گئے - اور حضرت یحییٰ کو شہید کر کے اُنکا سر مبارک لے آئے - بعدہٗ میں خدا تعالےٰ نے اُن لوگوں اور انکے والد کے قاتلوں کو کیفر کردار کو پہنچایا - ایک بادشاہ خردوس نامی ملک فارس سے چڑھکر آیا جس نے بیت المقدس سے اپنی فرودگاہ تک ایک نہر بنوائی اور فیروز نامی سردار کو قتلِ عام کا حکم دیا اور کہا کہ جب تک خون بہکر میرے لشکرگاہ تک نہ آئے قتل بند نہ کیا جائے - ستر ہزار یہودی قتل ہوئے جب تک یہ قتل عام نہ ہو لیا - خونِ یحییٰ برابر جاری رہا +

زکوٰۃ ع - اسم مؤنث (دال کا وہ چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جاوے کم سے کم ساڑھے باون روپے تک زکوٰۃ واجب ہے - اِس میں اِسقدر قیمت کا زیور ہو خواہ نقد ہو - اگر وہ سال بھر تک رہے اور اِسقدر رقم نہ بھی ہو جس میں یہ ساڑھے باون روپئے یا اُن کا کوئی حصہ اُس میں مُستغرق ہو جائے تو اُسپر اہلِ اسلام کی شرع کے بموجب یہ حصہ نکالنا فرض ہے +

زکی ع - صفت - (ن دیکھو دذکی) اِس لفظ کے املا میں بھی وہی غلطی ہے جو زکاوت میں ہے کیونکہ زکی کے معنی صاف ہیں اور یہ بتشدید تحتانی ہے اور دوسرے ذکی کے معنی تیزی طبع تیزی ذہن کے ہیں (۲) نواب سید محمد زکی تاخاں صاحب دہلوی خلف سید محمود خاں صاحب محمود نبیرۂ نواب اعظم الدولہ میر مہر خاں بہادر مظفر جنگ شاگردِ رشید حضرت غالب علیہ الرحمۃ کا تخلص - آپ کا دیوان بھی چھپ گیا ہے - متانت اور نازک خیالی آپ کا حصہ ہے - عرصہ دراز تک صاحب ڈائرکٹر بہادر ممالکِ غربی و شمالی کے نائب میر منشی رہے - پھر مدایوں میں ڈپٹی انسپکٹر مدارس ہوئے - اب پنشن لیکر دہلی میں قیام فرمایا ہے - نہایت بافیض اور دوست نواز آدمی ہیں +

زُلال ع - اسم مذکر - صاف اور شیریں پانی + ٹھہرا ہوا پانی - (عربی فرہنگ نویسوں نے لکھا ہے کہ زُلال ایک کیڑے کا نام ہے جو برف میں پیدا ہوتا ہے اور مقدار

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زر

زربفت - ف - اسم مذکر - بزربافتہ - کمخواب - تامی ایک قسم کا کپڑا جو کلابتو سے بُنا جاتا ہے - زری - دیبا ✦

زربیعانہ - ف ع - اسم مذکر - وہ روپیہ جو بایع کو بیع پختہ کرنے کی بابت کسی قدر منجملہ قیمت کے دیدیا جائے - سائی ✦

زرپیشگی - ف - اسم مذکر - چڑھتا روپیہ - وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کی عوض میں قبل از وجوب دیا جاوے - چڑھاؤ روپیہ - باقی - فاضل ✦

زرخرید - ف صفت (۱) روپیہ دیکر خریدا ہوا - مول لیا ہوا (۲) ذاتی خریدا ہوا -

زرخیز - ف - صفت - زریز - پیداوار کی زمین - سیر حاصل - سیراب شاداب ✦

زردار - ف - صفت - مالدار - دولتمند - امیر - تونگر جیسے ؎

زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ ✦ (مصراع)

زردوز - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو زری کا کام کرے - کارچوب ✦

زردوزی - ف - اسم مؤنث - کارچوبی - کامدانی - چمکی کا کام ✦

زردوست - ف - صفت - روپے کو عزیز رکھنے والا - بخیل - زرپرست لوبھی - طامع - لالچی ✦

زردگری - ل - اسم مذکر - وہ رقم جسکی ڈگری ہوئی ہو - ڈگری کا روپیہ ✦

زررہن - ف ع - اسم مذکر - گروی کا روپیہ ✦

زرسُرخ - ف - اسم مذکر - زر خالص - سونا - طلا ✦

زرسفید - ف - اسم مذکر - چاندی - نقرہ ✦

زرضامنی - ف ع - اسم مذکر - ضمانت کا روپیہ ✦

زرفاضل - ف ع - اسم مذکر - زائد روپیہ ✦

زرقرض - ف ع - اسم مذکر - قرض کا روپیہ ✦

زرقلب - ف ع - اسم مذکر - کھوٹا سونا ✦ ناقص سونا ✦

زرکاجُوتا - ل - اسم مذکر (۱) چاندی کا جوتا - روپے کی مار - روپیہ دیکر مخالف کو دبانا یا خجل کرنا - رشوت - گھونس - پیچر - کشتا (۲) کامدار جوتا - تار بافی جوتا ✦

زرکوب - ف - اسم مذکر - ورق ساز - چاندی سونے کو کوٹ کر ورق بنانیوالا

زرکوبی - ف - اسم مؤنث - ورق سازی ✦

زرگر - ف - اسم مذکر - سُنار ✦

زرگل - ف - اسم مذکر - پھول کے اندر کا زیرہ ✦

زرلگان - ل - اسم مذکر - ہل پڑنا - زمین کا سرکاری خراج - مقرری - وہ روپیہ یا جمع جو بندوبست پر تشخیص کرکے زمین پر لگایا گیا ہو - مالگزاری جمع مشتہ

زرد

تعداد و مقدار جمع - مالیہ ✦

زرمالگزاری - ف - اسم مذکر - دیکھو (زرلگان) ✦

زرمطالبہ - ف ع - اسم مذکر - بقایا - واجب الادا سرکاری روپیہ - مواخذہ طلب روپیہ ✦

زرمنافع - ف ع - اسم مذکر - نفع کا روپیہ - فائدہ کا روپیہ - سود - بیاج - ربا

زرنقد - ف ع - اسم مذکر - روکڑ - وہ روپیہ جو نقد گنا لیا جائے (علم حساب)

زرنگار - ف - صفت - وہ چیز جسپر سُنہری نقش بنے ہوئے ہوں - ملمع کیا ہوا سُنہرا - زراندود - چمکنا دمکتا - مجلا - زرق برق - مُنقش ✦

زراعت - ع - اسم مؤنث (۱) کشت - کھیتی باڑی (۲) کشت کاری - بونا - جوتنا - کشاورزی (۳) فصل - کھڑی فصل (یہ لفظ زرع ہے - اہل فارس نے اسمیں تصرف کرکے زراعت کرلیا) ✦

زراعت پیشہ - ع ف - اسم مذکر - کسان - بویا - جوتا - زمیندار - کاشتکار مزارع - حراث ✦

زراعت کرنا - ل - فعل متعدی - بونا - جوتنا - کھیتی باڑی کرنا - کاشتکاری کرنا ✦

زربافت - ف - اسم مذکر - بافیدۂ زر - تاروں کا بنا ہوا کمخواب ✦

زربافی - ف - صفت - بافتہ زر - تار بافی ✦ سُنہرا ✦

زرشت - ف - اسم مذکر - دیکھو (زردشت)

زرد - ف - صفت - پیلا ✦ سُنہرا - اصفر ✦

زرد پڑنا - ل - فعل لازم - خوف یا دہشت یا کسی مرض کے سبب چہرے وغیرہ کا پیلا پڑجانا ✦

زردرُو - ف - صفت - شرمندہ - خجل - شرمسار - مُنفعل ✦

زردرُو ہونا - ل - فعل لازم - شرمندہ ہونا - لجانا - شرمانا - ؎

وہ پہنتے ہیں چھپٹی پوشاک زعفراں آج زردرُو ہوگی (امانت)

زرد ہوجانا - یا - ہونا - ل - فعل لازم - شرمندگی یا خجالت یا طول مرض یا رنج یا عشق سے سفید پڑجانا - خون خشک ہوجانا - شرما جانا - خوف یا رعب میں آجانا

غصے سے وہ گل جو لال ہوگا ہوجائے گی ساری انجمن زرد

باندھوں مضموں میں ایسے رنگیں سُنکر ہو عندلیب سرا سخن زرد (ناسخ)

پھر کہیں کیا دل لگا یا میر جو ہے زرد تو منہ پر آیا ہے ترے دو چار دن سے کوزنگ (میر)

ہوگیا کیوں زرد ناسخ کیا کہوں ہے زمانے کا عجب اے یار رنگ (ناسخ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زبا

معطل ہو جانا جیسے دُعا مانگتے مانگتے زبان گھس گئی ہے

زبان گھس گئی اپنی خدا خدا کرتے (مصرعہ برق)

زبان لڑ کھڑانا - ف - فعل متعدی - زبان کا لغزش یا لکنت کرنا - خوف یا رعب کے مارے زبان کا قابو میں نہ رہنا ✦

زبان ملانا - ف - فعل متعدی (۱) باتیں کرنا - بولنا چالنا - کہنا سُننا جیسے ہمسے زبان مت ملاؤ (۲) برابری کرنا - جواب دینا - مُقابلہ کرنا - برابر بولنا - جیسے مجھ سے زبان ملائی تو تُو ہی جانے گی ✦

زبان مُنہ میں رکھنا - ف - فعل متعدی - زبان والا ہونا - نطق یا گویائی کی قُدرت رکھنا جیسے تم کچھ کہو گے تو ہم بھی زبان مُنہ میں رکھتے ہیں ✦

زبان میں پڑنا - ف - فعل لازم - مشہور یا خلائق ہونا - افواہ ہونا - شُہرت ہونا

زبان میں یا - زبان پر کانٹے پڑنا - ف - فعل لازم - پیاس کی زیادتی اور تشنگی کے غلبہ کے سبب زبان کا خشک اور کھردرا ہو جانا ✦

آبوس نے پاؤں کے پانی چھوا یا اسقدر تشنگی سے پڑ گئے کانٹے زبان خار پر (نصوری)

مثل ہی پڑ گئے کانٹے زبان میں پیاس سے پر نہ ہمت نے کیا منت کشِ دریا مجھے (ناسخ)

کیا خار ہوا دل کو ہمارے رمضاں میں کانٹے جو پڑے پیاس سے اُس گُل کی زباں میں (لاشہ)

زبان نکالنا - ف - فعل متعدی - (۱) دیکھو زبان کھینچنا (۲) زبان درازی کرنا بدزبانی کرنا - (۳) بیہودہ باتیں مُنہ سے نکالنا - بکنا - جیب کاٹ رہنا -

زبان نکلنا - یا - نکل پڑنا - ف - فعل لازم - نہایت تشنگی یا کسی صدمہ یا ماندگی کے باعث زبان کا مُنہ سے باہر آجانا - زبان لٹک پڑنا ✦

زبان نہ ہلانے دینا - ف - فعل متعدی - بولنے سے باز رکھنا - بات نہ کہنے دینا - خاموش رکھنا ✦

حالِ دلِ بیمار نہیں ضبط کے قابل لیکن وہ زبان مجھکو ہلانے نہیں دیتے (بیدار)

زبان ہار نا - ف - فعل متعدی - پَن ہار نا - قول ہار نا - زبان دینا - اقرار کرنا - وعدہ کرنا ✦

ہم وہ جانباز نہیں ہیں کہ پھریں جی چھوکر تجھ سے جس بات میں اے شوخ زباں ہار گئے

ہونی جو ہو سو ہو بندی ملے گی شرطی وصل کی اب تو زبان اس سے میں ہم نے ہاری (نظیر)

زبان ہلانا - ف - فعل متعدی (۱) بولنا - بات کرنا - کہنا - جیسے تمہارا زبان ہلا دینے میں کیا بگڑتا ہے ✦

خاموش بیخ بار میں جلتا ہوں راتدن میں شمع ساں زبان ہلاؤں مجال کیا (رامنت)

(۲) سوال کرنا - مانگنا - ہاتھ پھیلانا - درخواست کرنا ✦

زبر

ابدال کہیں نہ جا کے تو اپنی زبان ہلا مانگ اُس سے جسکے ہاتھ سے تُو پیٹ بھر کھائے

غیرِ خدا کے کس پہ قدرت جو ہاتھ اٹھائے مقدور کیا کسی کا وہی دے وہی دلائے

زَبانہ - ف - اسم مذکر - شعلہ - لَو - آگ کی لپیٹ ✦

زَبانی - ف - صفت - (۱) تقریری - بلا تحریر - غیر نوشتہ - مُنہ سے کہی ہوئی (۲) روایتی - سماعی - سُنی سُنائی - سینہ بسینہ منقول - (۳) ظاہری - اوپری - مُنہ دیکھے کی - بناوٹ کی ✦

حُسنِ اخلاقِ زبانی اور ہے دل سے لطف و مہربانی اور ہے (دھن)

محبت کچھ نہیں دلیں مگر اُلفت زبانی ہے یہ اُس عیار کی در پردہ ہمپر ظلم رانی ہے (جرأت)

زبانی امتحان - ف - اسم مذکر - تقریری امتحان - وہ امتحان جو پڑھوا کر لیا جائے مگر تحریری نہو ✦

زبانی پڑھنا - ف - فعل متعدی - بن دیکھے پڑھنا - ازبر پڑھنا - حفظ پڑھنا ✦

زبانی تکے - ف - اسم مذکر - اوپری باتیں - باتیں ہی باتیں - زبانی جمع خرچ ✦

زبانی جمع خرچ - ف - اسم مذکر - باتیں ہی باتیں - خالی حساب ہی حساب - خیالی پلاؤ

زبانی جمع خرچ کرنا - ف - فعل متعدی - صرف باتیں ہی باتیں بنانا - خیالی پلاؤ پکانا -

زبانی جمع خرچ ہونا - ف - فعلِ لازم - باتیں ہی باتیں ہونا - نری باتیں ہونا - خیالی پلاؤ پکنا ✦

زبانی حساب - ف - اسم مذکر - تقریری حساب - ذہنی حساب - وہ حساب جو صرف پٹی پہاڑوں اور گُروں کے وسیلہ سے دل ہی دل میں پھیلا لیں اور تحریری مدد نہ لیں - منٹل ارتھمیٹک ✦

زُبدہ - ع - صفت - مکھن - مسکہ - چیدہ - خلاصہ - مُنتخب - چُنا ہوا - عطر ✦

زَبَردست - ف - صفت - (۱) اوپر والا - بالا - فوق - مُقابل - تحت - اونچا دست - (۲) قوی - زبردست - بلوان - طاقت ور - غالب - غالب (۳) بھاری - زیادہ وزنی - بوجھل گراں (۴) - ف - مخفف از بردہ - اسم مذکر - اوپر کی حرکت - فتحہ - نصب - (وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے اُوپر آدھے الف کی سی آواز ظاہر کرنے کے واسطے لگائی جائے جیسے بَتْ میں تا نے فوقانی پر زبر ہے) ✦

زَبَردست ہونا - ف - فعل لازم - غالب ہونا - فتح پانا - زور ہونا - طاقت میں زیادہ ہونا - بھاری ہونا ✦

زبرجد - ع - اسم مذکر - ایک قسم کا زمرد - ایک سبز رنگ کا زردی مائل جواہر پتھر

زَبردست - ف - صفت (۱) بلوان - طاقت ور - بلی - بلوخت - توانا

زر

آراستہ پیراستہ ہو کر آنا ۔

زرگری ۔ف۔ اسم مؤنث (۱) سُنار کا کام۔ سُنار کا پیشہ۔ (۲) وہ ساختہ زبان جو چند آدمی آپس میں مقرر کر لیں ۔ ایک خاص بنائی ہوئی زبان کا نام جسمیں ہر حرف پر ایک حرف رائے مہملہ اور دوسرا رائے معجمہ زیادہ کر کے الفاظ متعارفہ کو تلفظ میں لایا کرتے تھے مگر آجکل جو زرگری آپسمیں بولی جاتی ہے اُس کا یہ قاعدہ ہے کہ حروفِ تہجی کے دو دو حرفوں کے درمیان رائے معجمہ زیادہ کرتے جاتے ہیں۔ مثلاً کوئی یوں کہے کہ آج میلہ یوں چلتا ہو تو اسکی زرگری ہوگی کہ ازاج مزیر زاجی یُرُوں چرلتا ہرہے)

زرگری جنگ ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ جنگِ زرگری ۔ بناوٹ کی لڑائی ۔ مصلحتاً جھوٹ مُوٹ کی لڑائی ۔

لڑے ہو مصلحتاً غیر سے بُتِ پُرفن مزاج نامِ خدا جنگِ زرگری پر ہے (جرأت)

زِرَہ ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ چلتہ ۔ جوشن ۔ بکتر لڑائی کی ایک پوشاک کا نام ہے جو لوہے کی کڑیوں سے بُنی ہوئی ہوتی ہے ۔

ڈر گیا اسد رجعتِ ابروے خمدار سے آئنہ پہنے ہے جوہر سے زرہ فولاد کی (اسیر)

زرہ پوش ۔ف۔ اسم مذکر ۔ چلتہ پوش ۔ وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہوئے ہو ۔

زری ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ سُنہری تار ۔ سونے کی تار ۔ چاندی کے تار پر سونے کا ملمع ہو ۔ کلابتو کا بنا ہوا کپڑا ۔ بادلہ ۔ تاش ۔ تمامی ۔ گوٹا ۔ کناری وغیرہ ۔

زری گوٹے والا ۔ف۔ اسم مذکر ۔ صحیح زری گوٹہ خریدنے والا) وہ صراف جو پُرانا مستعمل گوٹا کناری خرید کر لیجاتا اور اُسے جلا کر چاندی اور سونا علیحدہ علیحدہ ناریوں سے کرانا ہے ۔

زرّیں ۔ف۔ صفت ۔ سونے کا ۔ سُنہرا ۔ سُنہری جیسے جامِ زرّیں ۔ کُلاہِ زرّیں وغیرہ

زِڑ ۔ اسم مؤنث ۔ یاوہ ۔ ژاژخائی ۔ بکواس ۔ بکواد ۔ بڑ ۔ بیفائدہ طُول کلامی ۔

زِڑ مارنا ۔ یا ۔ ہانکنا ۔ف۔ فعل متعدی ۔ بکواس کرنا ۔ بڑ لگانا ۔ یاوہ گوئی کرنا ژاژخائی کرنا ۔ بیہودہ اور بیفائدہ بکے چلا جانا ۔

زِڑی ۔ اسم مذکر ۔ بکواسی ۔ بکوادی ۔ یاوہ گو ۔ بیہودہ گو ۔

زعفران ۔ اسم مؤنث ۔ کیسر ۔ ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول جسکے کھیت کی نسبت لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اُس میں جا کر آدمی ہنسے بغیر نہیں رہتا چونکہ اسکی خوشبو نہایت مست اور مزاج درجہ دوم میں گرم اول میں خشک ہے ۔ اس سبب دماغ کو پریشان کر دیتا ہو تو عجب نہیں پس اس صورت میں جو حرکتیں سرزد ہوتی ہیں اُن سے یہ نتیجہ نکال لیا ہوگا ۔

زردی نے میری رنگ کی مجھ کو رولا دیا ہنسوائے جو کسی کو وہ یہ زعفران نہیں (آتش)

زکا

زعفران کا کھیت ۔ل۔ اسم مذکر (۱) کشتِ زعفران ۔ کیسر کی کیاری (۲) ہنسنا یکا مقام ۔ ایسی جگہ جہاں خود بخود ہنسی آئے ۔

زعفرانی ۔ع۔ صفت ۔ زعفران کے رنگ کا ۔ کیسری ۔ پیلا ۔ زرد ۔

زَعم ۔ع۔ اسم مذکر (بر سہ حرکتِ حرفِ اول مگر افصح بفتح اول) ظن ۔ گمان خیال تو سرِ نازکو یوں خصتِ جولاں کب تک کیا تری زعم میں باقی ہے مری خاک ہنوز (مومن)

زَغَنْد ۔ف۔ اسم مؤنث ۔ جست ۔ کلانچ ۔ چھلانگ ۔ چوکڑی ۔ کُلچال ۔ کُود پھاند ۔

زِفاف ۔ع۔ اسم مؤنث (۱) مکلاوہ ۔ گونا ۔ دُلہن کی اپنے دولہا کے گھر روانگی (۲) ہم بستری ۔ سُہاگ رات ۔ تخت کی رات (ایسے موقع پر شبِ زفاف زیادہ بولتے ہیں)

زَفِیل ۔ل۔ اسم مؤنث ۔ صحیح عربی زفیر ہیٹی ۔ صفیر ۔ اور پورا دم کھینچکر مُنہ سے زور کے ساتھ آواز نکالنے کو عربی میں زفیر کہتے ہیں مگر اُردو میں اُس آواز کو کہتے ہیں جو کبوتر باز کبوتروں کے اُڑانیکے واسطے دو انگلیاں مُنہمیں رکھکر زور سے نکالتے ہیں

زفیل دینا ۔ل۔ فعل متعدی ۔ سیٹی بجا کر بُلانا ۔ سیٹی دینا ۔

زفینا ۔ل۔ فعل متعدی (کھنٹو) سیٹی بجانا ۔ سیٹی دینا ۔

زَک ۔ل۔ اسم مؤنث (۱) شکست ۔ خفت ۔ ذلت ۔ شرمندگی (۲) ہار ۔ ہزیمت ۔ شکست (۳) نقصان ۔ ٹوٹا ۔ خسارہ ۔

زک اُٹھانا ۔ل۔ فعل متعدی ۔ خفت اُٹھانا ۔ شرمندگی اُٹھانا ۔ ہار ماننا ملزم ہونا ۔ نقصان اُٹھانا ۔

زک پانا ۔ل۔ فعل متعدی ۔ دیکھو (زک اُٹھانا) ۔

اب دلکو لگاتے ہیں ذرا سوچ سمجھ کر دو چار جگہ پہلے جو زک پائے ہوئے ہیں (میر ناصر)

زک دینا ۔ل۔ فعل متعدی ۔ ہرانا ۔ شکست دینا ۔ شرمندہ کرنا ۔ ذلیل و رسوا کرنا ۔ ذلت دینا ۔ خفیف کرنا ۔ شیخی کرکری کرنا ۔

عدو تک بھی تو ہنستے ہیں مرے رونے پہ بدبدل یہ آنسو چشم سے میری مجھے دیتے کو نک نکلے (عارف)

زک کھانا ۔ل۔ فعل متعدی ۔ خفت اُٹھانا ۔ ذلیل ہونا ۔ مات کھانا ۔ شرمندگی اُٹھانا ۔ شکست کھانا ۔

چمن میں اُسکی کرنے یہ کل لچک کھائی کہ شاخِ گل نے سرِ ہمسری سے نک پائی (نصیر)

زکام ۔ع۔ اسم مذکر ۔ ریزش ۔ ہوا زدگی ۔ سردی ۔ نزلہ ۔ وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے ۔

جو درد سر ترا صندل سے کم ہو اجاناں تو سرد مہری سے افزوں مرا زکام ہوا (اختر)

زکام بگڑنا ۔ل۔ فعل لازم ۔ نزلہ کے پانی کا سڑ جانا ۔ یا ناک و دماغ وغیرہ میں جم جانا ۔ ریزش بند ہو کر دوسرا مرض کھڑا ہو جانا ۔

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زمی

زمین سے پیٹھ نہ لگنا - ف - فعلِ لازم - مُضطرب رہنا - بیقرار رہنا - چین نہ پانا - لوٹنا - تڑپنا ؎

گے بھی گر زمیں سے پیٹھ تیرے تنفسہ جانو کی تو نشترِ برق اُٹھ بھاگیں گے پھر دو بیقراری سے (ذوق)

زمین غیر مزروعہ - ف مع - اسمِ مؤنث - ممکن الزراعت - بنجر - پڑتی - زمین اُفتادہ وہ زمین جس میں زراعت نہ کی جاوے ✦

زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا - ف - فعلِ لازم (۱) کسی دانہ یا صدمہ کی دفعۃً خبر سُنکر آپے میں نہ رہنا - لرزہ آنا - کانپنا - تھرّانا - تھرتھری چھوٹنا ✦ حواس کا ٹھکانے نہ رہنا - بیحواسی کے باعث پاؤں کا ڈگمگا جانا جکر آجانا - ہوش پراگندہ ہو جانا (۲) دیکھو پاؤں تلے کی زمین سرکی جاتی ہے (اس محاورہ کے معنی لکھنے میں اوّل تو صاحب گلشن فیض نے ایک شعر کے سبب جو شناعت سے صرف ایک بات نکالنے کی خاطر دوسری طرح پر ادا کیا ہے دھوکا کھایا - اسکے بعد مخزن المحاورات والے صاحب نے جنکو مسلمانوں کے محاورات سے بالکل اُنس نہیں قلم اُٹھا کر گلشن فیض نقل کر دی چنانچہ ہم اُس شعر کو بعینہٖ اس موقع پر نقل کرتے ہیں ؎

میدانِ عشق میں نہ کوئی ساتھ دیسکا طبلہ زمین کا پاؤں تلے سے سرک گیا (بحر)

زمین کا پیوند ہونا - ف - عو - دعائے بد - مر جانا - اُجڑ جانا - ناپید ہو جانا - زمین میں گڑ جانا ؎

ہوا ہے آکے مری آستین کا پیوند یہ طفلِ اشک ہوا رب زمین کا پیوند (مصروف)

کس دور میں اُٹھایا مجھ سینہ سوختہ کو پیوند ہو زمیں کا جیسا یہ آسماں ہے (میر)

رات دن میں یہی کہتی ہوں کہ یاں جس نے رنگیں کا کیا آنا بند قطعۂ رنگین

پانی پانی کے یہ کوسوں گی اُسے ہووے یارب وہ زمیں کا پیوند

زمین کا پیوند ہونا - ف - فعلِ لازم (۱) خاک میں ملجانا - نیست و نابود اور معدوم ہو جانا - ناپید ہونا ؎

ہونا جو ہے پیوند زمیں تیری گلی میں آسودہ یہ دل زیرِ زمیں ہو ہی چکا تھا (ذوق)

(۲) بکھر جانا - فنا ہونا - انتقال کرنا - زمین میں دبنا - دفن ہونا - گڑنا - خاک میں خاک ملجانا ؎

کہیں پیوند ہوں یارب زمیں کے پھر یہ نگے اُس سے یوں کب تک جدا ہم (میر)

قیس و فرہاد کا سُن ذکر غم آیا جرات لوگ پیوندِ زمیں ہو گئے کیسے ایسے (جرات)

زمین کا گز - ف - صفت - رہ نورد - جہاں گرد - جہاں پیما - ہمیشہ سفر اور سیاحت میں رہنے والا ✦ سیاح

زمین کا گز بننا - یا - ہو جانا - ف - فعلِ لازم - نہایت رہ نوردی - سیاحی

زمم

جہاں گردی کرنا - دُنیا جہان کو چھان مارنا ؎

نالی پہ جسنوں نے تری راہ محبت گر بنگیا ہے غیرتِ شمشاد زمیں کا (اسیر)

زہے قافلہ غزہ پر چلے کہ اپنے غبے سے بھی نکلی یہ دشت دشت میں راہ نالی کہ بنگیا قیس گز زمیں کا (؟)

زمین کھا گئی کہ آسمان - ف - محاورہ - جب کوئی چیز دفعۃً غائب ہو جاتی ہے تو اُسکی نسبت کہتے ہیں ✦

زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا - ف - فعلِ متعدی - سوال کچھ جواب کچھ - سوال دیگر جواب دیگر ؎

اگر زمین کی پوچھی فلک کی کہنے لگی یہ اُن کا آدمی اچھا فرشتہ خو آیا (وزیر)

زمین مزروعہ - ف مع - اسمِ مؤنث - بوئی ہوئی زمین - زمین زراعت

زمین میں سمانا - ف - فعلِ لازم (۱) زمین میں دھنسنا - زمین میں گڑنا - زمین میں گھسنا - زمین میں جذب ہونا - (۲) شرم یا غیرت کے مارے زمین میں گڑ جانے کی آرزو کرنا ✦

زمین میں گاڑنا - ف - فعلِ متعدی - زمین کے اندر دبانا - دفن کرنا - دفنانا (۲) سزائے سخت دینا - مار ڈالنے کی دھمکی دینا - تہدید موت کرنا ✦

زمین میں گڑ جانا - ف - فعلِ لازم - (۱) زمین میں دھنس جانا - دھرتی میں سما جانا - (۲) نہایت شرمندہ ہونا - شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا ؎

بعد مرگ اعمال سے اپنے جو کھینچا انفعال آخر اس شرمندگی سے ہم زمیں میں گڑ گئے (جرات)

قامتِ رعنا سے تیری بسکہ شرماتا ہے سرو دیکھکر جھکو زمیں کے بیچ گڑ جاتا ہے سرو (یقین)

زمیندار - ف - اسمِ مذکر - (۱) کسان - دہقان ✦ کھیتی باڑی کرنے والا - ہل جوتنا سانی - مالی - (۲) ٹھاکر - جاگیردار - مالک اراضی - مرزبان - دھرتی پت

زمیندارا - ف - اسمِ مذکر - دیہات - مالکانہ - حق زمینداری ✦

زمینداراني - ف - اسمِ مؤنث - زمیندار کی عورت - سانن ✦

زمینداری - ف - اسمِ مؤنث - (۱) کسان پن - (۲) جاگیرداری - پٹی داری (۳) میراث التمغہ ✦

زن - ف - اسمِ مؤنث - عورت - استری - تریا ✦ جورو - بیوی - زوجہ - اہلیہ - حلیلہ

زن مُرید - ف مع - صفت - جورو کا مزدور - جورو کا غلام - عورت کے کہے پر چلنے اور اُس کے حکم کو ماننے والا ✦

زنِ مدخولہ - ف مع - اسمِ مؤنث - گھر میں ڈالی ہوئی عورت - وہ عورت جسے ماں باپ نے بیاہ کر دیا ہو اور خود کسی سبب سے اُس سے نکاح کر لیا ہو ✦ حرم - سُریت - نکاحی ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

میں وہ اُنگلی سے زیادہ نہیں ہوتا۔ یہ کیڑا بہت کم جیتا ہے اور کم حرکت کرتا ہے چونکہ عرب میں سرد ہوا کی کمی ہے۔ اِس سبب سے اکثر عرب جب اُن کے ہاتھ یہ کیڑا لگ جاتا ہے تو اُسی کو بخوشی حلق سے اُتار جاتے ہیں اور بڑی تعریف کرتے ہیں کہ اِس سے بہتر کسی پانی میں یہ مچھلی اور شیرینی نہیں پائی جاتی۔ مجازاً ہر ایک ٹھنڈے اور میٹھے پانی پر اسکا اطلاق ہوتا ہے (جناب لین صاحب مؤلف مد القاموس نے لکھا ہے کہ زلال ایک جھوٹے سے خاص جانور کا نام ہے جس کی رنگت سفید ہوتی ہے جب وہ مرجاتا ہے تو اُسے پانی میں ڈالدیتے ہیں اور اُس کی تاثیر سے پانی ٹھنڈا ہوجاتا ہے۔ یہی مُصنف ارسطو کے حوالے سے ہمارے اُس بیان کی بھی تصدیق کرتا ہے۔ جو ہم نے نور پر لکھا ہے کہ اُسکا ایک انگلی کے برابر قد ہوتا ہے اور اُس کے جسم پر زرد زرد دستے ہوتے ہیں) ✦

زَلزَلہ ع۔ اسم مذکر۔ (۱) لرزہ۔ جنبش۔ ہلن ڈولن ✦ ؎

نجم میں زلزلہ نوشیرواں کے تصویر ہوا — عرب میں شور اُٹھا جسوقت اُسکی آمد آمد کا (شہیدی)

(۲) بھونچال۔ امن چین۔ بھوڈول (۳) ہلچل۔ تہلکہ۔ کھلبلی ✦

زلزلہ پڑجانا ف۔ فعل لازم۔ تہلکہ مچ جانا۔ ہلچل پڑجانا۔ کھلبلی پڑجانا ✦

زَلَف ع۔ اسم مؤنث (۱) عربی میں اِسکے معنی رات کا اول حصہ یا پارۂ شب آئے ہیں ✦ (۲) فارسی والے اُن بالوں سے مُراد لیتے ہیں جو کنپٹی کے اوپر خوبصورتی کے واسطے حلقہ کی طرح موڑ لیتے ہیں۔ بالوں کی لٹ۔ کاکل۔ گیسو۔ جٹا۔ الکن ؎

آئینے نے رُخِ انور پہ اجارا باندھا — شانے کے حصے میں جب زلف پریشاں آئی (آتش)

زُلفی ف۔ اسم مؤنث (صحیح عربی زلفین) زنجیر۔ کنڈی۔ کواڑ کی شکل ✦

زُلفیاں ف۔ اسم مؤنث۔ زنجیریں ✦

زَلّہ ع۔ اسم مذکر۔ وہ کھانا جو کسی شخص کے واسطے اُٹھا رکھیں ✦ پس خوردہ۔ آگے کا بچا ہوا کھانا۔ جھوٹ۔ اُلش ✦ نیز وہ کھانے جو کھیتے یا کنگے کھیں سے بڑا بڑا اُٹھالیں ✦

زلّہ رُبا ع ✦ ف۔ اسم مذکر۔ مُرادًا خوشہ چیں ✦

زلّہ رُبائی ع ✦ ف۔ اسم مؤنث۔ مُرادًا خوشہ چینی ✦

زُلیخا ع۔ اسم مؤنث۔ ماخوذ از زلخا) ایسی خوبصورت عورت جسے دیکھکر لوگ پھسلیں۔ عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی اور اُسکے اصرار سے عازن نام بادشاہ مصر نے حضرت یوسف کو خریدا تھا

چاہ جس یوسف کی محسن کو ہے آہ — وہ زلیخا یار جانی اور ہے (محسن)

زمانہ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) حرکتِ فلکی کی مقدار ✦ وقت۔ سماں۔ کال۔ عصر۔ بیلا۔ ہنگام۔ اوسر (۲) عرصہ۔ مدت۔ وقفہ۔ میعاد (۳) رُت۔ موسم فصل (۴) عہد۔ راج۔ حکومت۔ (۵) جگ۔ قرن (۶) دور۔ گردش۔ (۷) دُنیا۔ گیتی۔ عالم۔ دلہ ؎

یارب زمانہ مجکو مٹاتا ہے کس لیئے — لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہیں ہم ( )

(۸) دُنیا کے لوگ۔ جگت۔ جگ۔ خلائق۔ مخلوق۔ پرتھوی۔ جیسے زمانہ دشمن ہوگیا ✦ ؎

دیکھا ہمیشہ مورد و ملکس کو شکر کے گرد — دولت ہے جسکے پاس اُسیکا زمانہ ہے (اسیر)

(یہ لفظ اصل میں عربی کے زمن سے اہل فارس نے اپنے ڈھنگ پر زمانہ بنالیا ہے)

زمانہ بھر ف۔ تابع فعل۔ تمام دُنیا ✦

زمانہ پھر جانا فعل لازم۔ (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف اور اُسکا دشمن ہوجانا۔ مخلوق کا اپنے سے برگشتہ اور برسرِ فساد ہوجانا ؎

اپنے بیگانے ہوئے سب مطربِ ساقی دیکھکر — پھر گیا ہے زمانہ گردش مہ و خ کے ساتھ (نواب امتد سعید خان صاحب طالب) (۲) زمانہ اُلٹ جانا۔ زمانہ بدل جانا ✦

زمانہ دیکھنا ف۔ فعل متعدی (۱) دنیا کو دیکھ ڈالنا۔ دُنیا میں پھر لینا (۲) تجربہ حاصل کرنا۔ لوگوں کی آنکھیں دیکھنا ✦

زمانہ ساز ف۔ صفت۔ گوں کا یار۔ مطلب کا یار۔ خود غرض۔ دو بھیسا ظاہرداری برتنے والا۔ ابن الدنیا۔ ابن الوقت۔ ہوا کے رُخ پر رہنے والا

زمانہ سازی ف۔ اسم مؤنث۔ خوشامد۔ ظاہرداری۔ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔ دُنیاداری۔ بناوٹ۔ مکاری ✦

زمانہ سازی کرنا ف۔ فعل متعدی۔ ظاہرداری برتنا۔ دنیاداری کا برتاؤ کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مکاری اور بناوٹ کی باتیں کرنا جیسا دیکھنا ویسا بننا

زمانہ کا لہو سفید ہونا ف۔ فعل لازم۔ دنیا کی محبت کا جاتا رہنا۔ آپسمیں محبت نہ رہنا ✦

زمانہ کے موافق ف۔ تابع فعل۔ جیسا وقت ویسا روپ۔ جیسے لوگ ویسا برتاؤ ✦

زمانہ موافق ہونا ف۔ طالع کا یاور اور اقبال کا سازگار ہونا ✦

زمرد ع۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک سبز رنگ کے قیمتی پتھر کا نام۔ زبرجد۔ سبزہ پتا۔ مزاجاً دوسرے درجہ میں سرد۔ تیسرے میں خشک۔ خواصاً مُفرح۔ مقوی حرارت غریزی ارواح دل دماغ۔ کبد۔ معدہ وغیرہ ✦

رشک کے مارے زمرد خاک میں ملجائیگا — سبزے پر اُس گوش کے فیروزہ ہیرا کھائیگا (آتش)

(۲) خواجہ سراؤں وغیرہ کا نام بھی زمرد ہوتا ہے ✦

زمرد ین ف۔ صفت۔ سبز۔ ہرا ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زرد

زرد آلو - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا زرد آڑو جو اکثر پہاڑ پر ہوتا ہے - خوبانی چیڑو

زرد چوب - ف - اسم مؤنث - ہلدی - زرد چوبہ ✦

زرد روئی - ف - اسم مؤنث - شرمندگی - خجالت - شرمساری ✦

زَرْدُشت - یا - **زَرْتُشت** - ف - اسم مذکر - آتش پرستوں کا پیغمبر - منوچہر کی نسل سے ایک شخص ہوا ہے جو فیثاغورث کا شاگرد تھا اس نے گشتاسپ کے زمانہ میں نبوت کا دعویٰ کر کے آتش پرستی کو جاری کیا بعض لوگوں کے نزدیک اس نے مجوسیوں کے مذہب کو ترقی دی جنہوں نے اسے پیغمبر مانکر ابراہیم کے نام سے ملقب فرمایا اور کتاب ژند جو اس نے بنائی تھی اُسے آسمانی کتاب ماننے لگے - اس کے مذہب کا اُصول تھا کہ خدا تعالیٰ کی ناراضی اپنی بُرائی کرنے سے ہوتی ہے - سب سے بہتر چیز دُنیا میں اپنے اپنا - جنس کی بھلائی چاہنی ہے - اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ زر بمعنی روپیہ پیسا، دُشت بمعنی بُرا - زبون - چونکہ وہ روپیہ پیسے کے جمع کرنے کو بُرا جانتا اور آزاد فقیروں کی مانند رہتا تھا اس لئے اس لقب سے ملقب ہوا اسکا مذہب یہ ہے کہ آتش اور آفتاب میں نور تعالیٰ زیادہ خاصکر ہے اس لئے انکی تعظیم بھی عبادت) گویا خدا کی عبادت ہے اور اس نُور کو خدا سے زیادہ نزدیک سمجھتا ہے - اس کے پیرو اہل اسلام اور اہل کتاب کے مقابلہ میں یہ دلیل لاتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کو وادی ایمن میں درخت پر جو آگ دکھائی دی یا کوہ طور پر تجلی ہوئی جس سے پہاڑ ریزہ ریزہ اور موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو گئے وہ بھی نور تھا - چونکہ طبع اول میں نہایت اختصار مدنظر تھا اس وجہ سے زردشت کے حالات مختصر درج فرہنگ ہوئے تھے - مگر اب چونکہ نظر ثانی کے وقت ہر بات میں ترقی کی گئی ہے لہذا جو باتیں اُسوقت چھوڑ دی گئی تھیں وہ اس تشریح سے ظاہر ہو جائیں گی زردشت یا زرتشت لفظ زر اور دُشت سے مرکب ہے زر بمعنی مال و دولت اور دُشت بمعنی دشت وبہ - پس لغوی معنی مال و دولت کو بُرا جاننے اور اُس سے نفرت کرنے والا - اصطلاحی آفریدۂ اوّل - نفس کل نفس ناطقہ - عقل اول ✦ فلک ۱۰ اردہ - فلک دوم ✦ نُور مجرد - عقل فعّال ✦ رب النوع انسان ✦ سچّا - صادق - راست گو - نور یزداں - نورانی (۲) آتش پرستوں کے مذہب کا بانی - قوم گبر کا پیشوا - مذہب - آتش پرستی کا موجد پارسیوں کا پیغمبر جس پر ان کے اعتقاد کے موافق کتاب ژند نازل ہوئی - اصل میں یہ شخص ایک بڑا بھاری حکیم و دولت سے مُتمتع اور حکیم فیثاغورث کا شاگرد تھا بعض مورخ اسے آسیا پیغمبر کا شاگرد بیان کرتے ہیں پارسی اسی کو ابراہیم مانتے ہیں - اس نے گشتاسپ کے زمانہ میں پیغمبری کا دعویٰ کیا - ایک روز گشتاسپ کے پاس آیا اور کہا کہ خدا تعالیٰ نے تمام اسرار فلکی مجھ پر منکشف کر دیئے اور مجھے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے چنانچہ علم فلکیات کے وسیلہ سے ایک ایسا عمل کیا کہ گشتاسپ کے محل کے آگے ایک بڑا بھاری عظیم الشان درخت کھڑا ہو گیا - جس نے اس کے پھل - پھول - پتے کھائے پھر علم افلاک روشن ہوا - یہ معجزہ دیکھکر گشتاسپ اس کا معتقد بن گیا - یزدان پرستی کو چھوڑ آتش پرستی اختیار کی - کتاب ژند کو اپنا دین و ایمان سمجھا - ایک روز زردشت نے گشتاسپ سے کہا کہ تو

زرق

ارجاسپ بادشاہ چین کو باج و خراج کیوں دیتا ہے کہ ڈرتا ہے اور اُس سے جا بجا فتح تیرے ہی نام سے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور وہ اس کے لشکر میں آتش پرستی کا مذہب ملک در ملک پھیلاتا پھرا سیستان میں جا کر رستم و زال کو اس مذہب میں لایا - اور اُس کے بیٹے اسفندیار نے بھی جہاں چڑھائی کر کے گیا - اس مذہب کے پھیلانے میں کمی نہیں کی رُوم میں گیا تو وہاں گیا تو ارمن میں گیا تو ہر جگہ یہی کرتا رہا زردشت کو علوم غریبہ میں کمال حاصل تھا - گو سب علماء اہل اسلام اسکی پیغمبری کے قائل نہیں مگر علامہ شہرستانی جلال الدین دوانی اور رجب اور عالم اسکو حکیم و نبی ضرور خیال کرتے ہیں - مذکور ہے کہ گشتاسپ نے بارہ ہزار گاؤ پوست کے کاغذ پر سونے کے پترے پر لکھوا کر اپنے ملک میں تقسیم کرائے اور سینکڑوں آتشکدے بنوائے اور جن میں فارس اور آذربائیجان کا آتشکدہ سب سے عمدہ اور ممتاز تھا - اس وجہ سے تھوڑے ہی دنوں میں زرتشت کا دین رونق پکڑ گیا - پارسی اُس کے عجیب عجیب معجزے بیان کرتے اور کہتے ہیں کہ آگ زردشت کے ہاتھ کو نہیں جلاتی تھی یہ ایران میں جاماسپ اور ہند میں منکھ اچاریج اسکا ہمعصر تھا)

زرک - ف - اسم مذکر - کاجر - گزر ✦

زردہ - ف - اسم مذکر - (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پت - صفرا - (۳) انڈے کی زردی (۴) - ل - میٹھے زرد رنگ کے چاول - پُلاؤ کا نقیض ✦ مُرصفرہ - ل - پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۱) - ل - زرد کوڑی ✦

زردہ کھانا - ل - فعل متعدی - تمباکو کھانا ✦

زردی - ف - اسم مؤنث (۱) پیلا رنگ - صفرۃ - پیلاہٹ (۲) انڈے کی زردی - (۳) - ل - پرقان - کنول بابا - پانڈو (۴) - ل - (۵) اشرفی (۶) - ل - پھول کے اندر کا زیرہ

زردی چھانا - ل - فعل لازم - زردی کا طاری ہونا - پیلا ہونا - زرد پھیل جانا جیسے تمام چہرے پر زردی چھا گئی ✦ زردی کھنڈنا ✦ زردی کھنڈنا (۱) - ل - فعل لازم - دیکھو زردی چھانا) ✦

زَرْغَل - ل - صفت - خراب - ناکارہ - نکما - نکمی چیز ✦

زرق برق - یا - **زرق و برق** - ف مع - صفت - (۱) ٹیپ ٹاپ شان و شوکت - طمطراق - کرّ و فرّ - (۲) بھڑکیلا - چمکیلا - بھڑک دار - تکلف آراستہ پیراستہ - چمک دمک کا - مجلا - آب و تاب کا زرق اصل میں زرک تھا جسے زر ورق کہتے ہیں اور وہ ایک قسم کی سُنہری افشاں ہے جو فارسی کے سناروں سنگاروں میں سے ایک سینگار خیال کیا جاتا ہے - وہاں کی عورتیں چہرہ چمکانے کے لئے اسے پوڈر کی طرح لگایا کرتی ہیں - غازہ - غالیہ - وسمہ سب اسمیں داخل ہے) ✦ زرک سونے کے ورق کا بُرادہ) ✦

زرق برق ہو کر آنا - ل - فعل لازم - بن سنور کر آنا - فوق البشر بنکر آنا -

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زمی

سنگلاخ زمین ہونا ؎

پسند ہیں وہی اشعار ہمکو اے مظہر کہ ہے بلند زمیں جنکی آسمان کی طرح (مظہر)

زمیں بوس ہونا۔ف۔فعل لازم۔زمین چومنا۔آستانہ بوسی کرنا ✦ حاضر خدمت ہونا۔ملازمت میں حاضر ہو کر آداب بجالانا ✦

زمین بیٹھنا۔ف۔فعل لازم۔زمین دھنسنا۔زمین کا نیچے دب جانا ؎

دشمن احباب ہی پر کچھ یہ لفظ بارہ تھی لاش رکھی گئی میری تو زمیں بیٹھ گئی (لالہ)

زمین پاؤں کو لگنا۔ف۔فعل لازم۔کسی کا آسنا کا مشتاق ہونا۔کسی زمین پر چلنے کی عادت پڑنا جیسے یہاں کی زمین ابھی پاؤں کو نہیں لگی اس سے دیر میں جانا ہے ✦

زمین پر پانی پھرنا۔ف۔فعل لازم۔زمین کا غرقاب ہونا۔زمین کا ڈوب جانا۔غرقی میں آجانا ؎

کہو جو آکے سے چلتے ہیں آنسو تو پھر جاتا ہے پانی سب زمیں پر (مہر)

زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ف۔فعل متعدی۔نہایت اترانا۔نہایت نازاں ہونا۔کسی چیز کو خاطر میں نہ لانا۔زمین کو اپنا قدم رکھنے کے قابل نہ جاننا۔پر پروں اڑنا۔بڑھکر جانا۔ازحد متکبر ہونا ؎

اب پاؤں رکھتے وہ نہیں چلتے زمیں پر ایک اک ٹپے کے ساتھ میں دو دو چھڑیاں ہوئے (آتش)

زمین پر چڑھنا یا زمین چڑھنا۔ف۔فعل لازم۔تیز رفتاری کا مشتاق ہونا۔گھوڑے کا بہت دوڑنے کا زور پکڑنا ؎

بچپن ہے اسپ تازہ دادا ناز و شوخی ہیں ہے چرخ ابھی زمیں پر گھوڑے چڑھے نہیں (لالہ)

زمین پر سے پڑا پانا۔ف۔فعل متعدی۔بلا محنت حاصل ہونا۔مفت ہاتھ آنا بلا توقع ہاتھ لگجانا۔راستہ چلتے مجانا۔یونہیں ہاتھ لگجانا۔کسی چیز کے بلا محنت ہاتھ آنے سے خوش ہونا ؎

خاک پر گل جو نقش ہا کی طرح اُس کے میرے تئیں خدا یاد ہے
خوش ہوا زر نا دیکھ کر۔گویا کچھ زمیں پر سے ہے پڑا پایا
مقدر نہ جان طپش

زمین پر گڑ جانا۔ف۔فعل لازم۔(زمین میں گڑ جانا زیادہ بولتے ہیں۔) شرم کے مارے زمین میں سما جانا۔نہایت خجل اور شرمندہ ہونا۔اسقدر شرمانا کہ منہ دکھانے کو جی نہ چاہنا ؎

کیوں شرم سے گڑ جائے نہ گلشن میں وہ سرو سمن اندام ہے آنا (ظفر)

زمین پر قدم نہ رکھنا۔ف۔فعل متعدی۔دیکھو (زمین پر پاؤں نہ رکھنا) ؎

آبلہ پائی سے یہ رتبہ ہوا حاصل کہ بس ہم زمیں کیا آسماں پر بھی قدم رکھتے نہیں (آشفتہ)

زمی

کس توقع پہ زیر خاک گڑیں وہ زمیں پر قدم نہیں رکھتے (اسیر)

زمین پکڑنا۔ف۔فعل متعدی۔(۱) جم کر بیٹھنا۔ہتیا دیکر بیٹھنا۔جم جانا جم کر بیٹھ جانا۔کسی جگہ سے نہ ٹلنا۔زمیں سے چپک جانا۔مستقل ہو کر بیٹھنا۔جم ہو جانا ✦ ؎

اٹھائے کوکسی نے پھر نہ میری آستیں پکڑی برنگ نقش پا اُس در پہ جب میں زمیں پکڑی (نا)

اب تو زمیں یہ پکڑی ہے عشق ہی کیوں نہ جنبش کرینگے آگے دیکھا آسماں سے ہم (تہمر)

(۲) کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا۔مچل جانا ؎

اُٹھاؤں خاک تجھ طفل اشک آنکھوں سے کہ تو نے دیدۂ و دانستہ اب زمیں پکڑی (نصیر)

زمیں دکھانا۔یا۔دکھلانا۔ف۔فعل متعدی۔(۱) پٹکنا۔گرا دینا۔دے مارنا پھینک دینا ✦ ؎

کیا عجب مجکو جو اب گرد دکھائے زمیں پست منہ زور وہ ہے میں شہسواروں میں نہیں (اسیر)

(۲) نیچا دکھانا۔خفیف کرنا ✦ پچھاڑنا ✦

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں۔ف۔کہاوت۔نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی جیتے جی مر جانے کو جی چاہتا ہے ✦

زمیں دوز۔ف۔صفت۔(۱) زمین کے برابر ✦ وہ کنواں جسکی منڈیریں نہوں (۲) زمین میں دھنسا ہوا۔تحت الارض زمین میں چھپا ہوا جیسے زمیں دوز قلعہ وغیرہ (۳) وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا زمین میں ہوا کے بچاؤ کے واسطے دبا دیا کرتے ہیں ✦

زمین دیکھنا۔ف۔فعل متعدی (۱) قے کرنا۔رد کرنا۔اُلٹی کرنا۔استفراغ کرنا۔ڈالنا۔اوکنا ؎

کشف جا نہ ہے دیکھو نہ آسماں کی طرف مجھے یہ ڈر ہے مبادا کہیں زمیں دیکھو (ناسخ)

(۲) نیچا دیکھنا۔عزور ڈھیلا۔شرمندگی اُٹھانا۔ذلیل ہونا ؎

اسیر ایسی اگر ہے اہل عالم کی شوخی زمیں دیکھینگے وہ دعوے ہے جن کو شہسواری کا (اسیر)

زمیں سخت آسماں دور ہے۔ف۔کہاوت۔یعنی جان سے تو تنگ مرنے کو آمادہ ہوں مگر نہ تو زمین میں گڑ سکتا ہوں اور نہ دوری کے باعث آسمان تک پہنچ سکتا ہوں کہ اپنے تئیں لوگوں سے چھپاؤں ؎

کرے کیا کہ دل بھی تو مجبور ہے زمیں سخت ہے آسماں دور ہے (میر)

جدائی تری کس کو منظور ہے زمیں سخت ہے آسماں دور ہے (میر حسن)

زمین سے پڑا پانا۔ف۔فعل متعدی۔دیکھو زمین پر سے پڑا پانا) ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زمر

زُمرہ س ع - اسم مذکر (۱) گروہ - جتھا - ٹولی - منڈلی - جماعت (۲) سنگت ساتھ - ہمراہی (۳ - ف) بھیڑ - فوج ✦

زَمزَم س ع - اسم مذکر - از (زم) جسکے معنے روکنے تیز کھاری ہونے کے ہیں بی بی ہاجرہ کے کنوے کا نام جو کعبۃ اللہ میں اب تک موجود ہے - اسکا پانی ملمالا یعنی کھیرا تا ہوا ہے - رکھتے ہیں کہ جب بیوی ہاجرہ کے پیٹ میں حضرت اسمٰعیل پڑے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی بیبی بیوی سارہ کو رشک ہونے کے خیال سے انھیں کو کے میدان میں چھوڑ گئے یہاں اگر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تو اُسوقت اُن کی والدہ کو نہایت تشنگی ہوئی اور پانی کے واسطے اِدھر اُدھر بیقراری پھریں خدا کی شان سے جس زمین پر حضرت اسمٰعیل پڑے ٹانگیں مار رہے تھے ان کی ایڑیاں جو گھسیں تو وہاں سے پانی رسنے لگا - اور بعض لوگوں کا بیان ہے کہ حضرت جبرئیل نے خدا کے حکم سے اُس زمین پر اگر ایک ایسا پر مارا کہ زمین کا پردہ پھٹ گیا اور پانی اُبھر آیا - غرض جب وہ پانی بہنے لگا تو آپ نے چاروں طرف سے مٹی روک کر اُس پانی سے ارشاد کیا کہ زم زم یعنے بھر جا بھر جا جب سے اُس متبرک چشمے کا نام زمزم ہو گیا - چونکہ یہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا ایک معجزہ ہے اور خانہ کعبہ میں بھی اِسکا پانی صرف ہوا ہے اِس سبب سے اہل اسلام اُسکی بڑی عزت کرتے اور دُور دُور لیجاتے ہیں بلکہ مرتے وقت اِسکا مُنہ میں چوانا باعث نجات تصور کرتے ہیں اور اُن کا اعتقاد ہے کہ اِس چشمہ میں جنت کی سوت ہے اور از روے حدیث یہ کل امراض کے واسطے آبِ شفا ہے - مشہور ہے کہ آدمی جس چیز کی نیت کر کے اِس پانی کو پیتا ہے اُس کا مزہ اُسکو ملتا ہے - بعضوں نے شہد کا مزہ پایا ہے بعضوں نے دودھ کا مزہ لیا ہے - اِسکے علاوہ یہ پانی غذا کا کام بھی دیتا ہے - واللہ اعلم بالصواب ✦

زَمزَمہ ف - اسم مذکر - ترنم - وہ گیت جو ٹھمریں گائے جائیں - نغمہ - ترانہ - گیت ✦ وہ الفاظ جو آتش پرست آگ پُوجتے وقت سُر میں آواز سے کہتے جاتے ہیں

زَمزَمی س ع - اسم مؤنث - آبِ زمزم رکھنے کا برتن ✦

زمستان ف - اسم مذکر - موسم سرما - جاڑا - سردی ✦

زَمہَریر ع - اسم مذکر (۱) سخت جاڑا - نہایت سردی (۲) کُرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے یہ طبقہ کُرۂ ہوا کے وسط میں واقع ہے اور کُرۂ ہوا کُرۂ نار کے نیچے کُرۂ ارض کے اوپر ہے - اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ کافروں کو اُس میں عذاب دیا جائیگا - علم حکمت میں لکھا ہے کہ جب سمندری بخارات تصاعد کر کے کُرۂ زمہریر تک پہنچتے ہیں تو وہاں جا کر منجمد ہو جاتے ہیں اور اُن کا ابر بنکر نمودار ہوتا اور برستا ہے یہ لفظ زم - منے سرما شدید اور ہریر یعنے کنندہ سے مرکب ہے یعنی نہایت سرد کر دینے والا طبقہ

زمین ف - اسم مؤنث (۱) ارض - بُوم - بُھومی - دھرتی وہ خاکی کُرہ جسپر

زمی

ہم لوگ رہتے سہتے ہیں ✦ ؎

جنوں میں بھلا کوئی کیا خاک اُڑائے کہ اک جوش ہی میں زمیں ہو چکی (مومن)

(۲) غزل کی ردیف قافیہ اور وزن یا بحر ؎

گلشن کسی نے مول لیا ہے کسی نے گھر ہمنے زمین شعر جہاں میں خرید لی (اسیر)

زمین شعر ہے باہر جہان سے معرفت کہ اِس زمیں پہ جو دیکھا تو آسمان نہیں (معرفت)

کیا سر جھکا رہے ہو میر اِس غزل کو سُنکر بارے نظر کرو تک اے مہرباں زمیں پر (میر)

باندھوں میں سخنوں جو اپنی شور بختی کا کوئی ہو زمین شعر میں عالم زمین شور کا (ذوق)

(۳ - ف) دُنیا - جہان - عالم - سنسار - سرزمین - میر بُوبوم ✦ تختہ - خطہ - سطح زمین - ولایت - ملک - دیس - (۴ - ف) خاک - مٹی - دُھول گرد (۵ - ف) بنیاد - جڑ - نیو - ہر ایک عطر کا مادہ جیسے صندل کی زمین ہر ایک عطر میں دی جاتی ہے (۶ - ف) تہ - طبقہ ✦ تالیچے کا حصہ - نیچے کا رنگ - کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا اصلی رنگ ✦ ؎

خط سے قماش مارہن جاناں ہوا ہے بہار اِس چھینٹ کے لئے مُش مین سبزہ و زمین گل لالہ وری (۷) عورت - اولاد کی والدہ جیسے تخم تو اچھا ہے مگر زمین بُری ہے ✦

زمین اُٹھنا - ف - فعل لازم - زمین کا ٹھیک ہو جانا ✦ زمین کا بو یا جوتا جانا زمین میں کشتکاری اور زراعت ہونا - زمین کا کھایا جانا - زمین کا سرسبز ہونا ؎

آسماں سے کیے امید ہے سرسبزی کی ہوں وہ اُفتادہ زمیں جو نہ اُٹھے دہقاں سے (آتش)

زمین آسمان ایک کر دینا - ف - فعل متعدی - کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا - چھان مارنا - ڈھونڈ مارنا ✦

زمین آسمان کا فرق - ف - اسم مذکر - نہایت فرق اور بہت بڑا تفاوت اختلاف عظیم ✦ ؎

ہے زمیں آسمان کا یارو ذرہ میں اور آفتاب میں فرق (جرأت)

خوبی کو اُس کے چہرے کی کیا پہنچے آفتاب ہے اِسمیں اُسمیں فرق زمین آسمان کا (میر)

زمین آسمان کے قلابے ملانا - ف - فعل متعدی (۱) نہایت مبالغہ کرنا - جھوٹی سچی باتیں بنانا - عیاری دکھانا - توڑ جوڑ ملانا - بہت باتیں بنانا نہایت جھوٹ بولنا ؎

قلابے آسمان و زمین کے ملا نہ تُو اُس مہروش کے ملنے کی ناصح بتا صلاح (ذوق)

(۳) ڈینگ ہانکنا - شیخی بگھارنا - تعلّی کی لینا - دُون ہانکنا - لاف زنی کرنا ؎

بس زمین و آسماں کے تُو نہ قلابے مِلا ہنسیں ہے سخت مشکل ماہ پاروں کا طاپ (ظفر)

زمین بلند ہونا - ف - فعل لازم (عروض) غزل کی بحر کا سخت اور دشوار ہونا

زن

زنِ منکوحہ - ف + اسم مونث (۱) نکاحی بیوی - وہ عورت جسکے ساتھ نکاح ہوا ہو - کری ہوئی - کی ہوئی عورت (۲) بیاہتا - بیاہی +

زِنا - ع - اسم مذکر - حرام - چھنالا - بدکاری - جاری - کسی کی جورو یا مملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا - سِفاح +

زِنا بالجبر ع - اسم مذکر - زبردستی حرام کرنا کسی عورت سے اُسکی مرضی بغیر حرکتِ نشایستہ کرنا

زناکار ع + ف - صفت - حرام کار - زانی - بدکار - فاجر +

زناکاری - ع + ف - اسم مونث - حرام کاری - زنا - بدکاری - فسق و فجور +

زناٹا - اسم مذکر - کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے جانے کی آواز - سنسناہٹ بھنبھناہٹ - سائیں سائیں - سناٹا جیسے کیا زناٹے سے پتھر گیا - کس زناٹے سے کبوتر جا رہا ہے +

زناخ - ل - اسم مونث - مرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو دو شاخ ہوتی ہے چونکہ نیچ کی شکل اسکے قریب قریب ہے شاید اس سے یہ نام رکھ لیا ہے +

ناخ توڑنا - ل - فعل متعدی (بیگمات قلعہ) سینۂ مرغ کو باہم ملکر توڑنا (۲) پکا یارانہ ہونا - ہمدم و ہمراز سہیلی بنانا ؎

شاید کہ اس نے اور سے توڑی کہیں زناخ دریافت ہو گیا مجھے اس نازنیں کا بھید (رنگین)

زناخی - ل - اسم مونث (بیگمات قلعہ دہلی) قلعہ کی عورتوں کا دستور تھا کہ آپس میں اس طرح کے رشتے مقرر کر کے ایک دوسرے کو خطاب کیا کرتی تھیں جس طرح سہیلی سہیلی کہتے ہیں اسی طرح وہ کسی کو دل جان - کسی کو جانِ من - کسی کو دشمن - کسی کو زناخی کہا کرتی تھیں - زناخی کا رشتہ اور رشتوں سے زیادہ مضبوط اور قابل قدر گنا جاتا تھا - جب انمیں کسی کو زناخی بنانا منظور ہوتا تھا تو وہ باہم ملکر زناخ یعنے کبوتر یا مرغ کے سینہ کی جڑی ہوئی ہڈی کو توڑا کرتی تھیں - گویا اس طرح پکی یاری بدی جایا کرتی تھی - بعض ناواقف لوگ جو کہتے ہیں کہ چپٹ باز عورتوں کا یہ لفظ اور اُسکے معنی ہمراز و ہمدم وغیرہ زن ہیں - یہ محض بہتان ہے ہاں اگر لکھنؤ میں یہ معنی لئے جاتے ہوں تو عجب نہیں - حال کی تصانیف میں دو کتابیں چترسہیلی اور سگھڑ سہیلی چھپی ہیں ان میں بھی یہ لفظ صرف سہیلی کے معنی میں آیا ہے - اگر اسکے ایسے کریہ معنی ہوتے تو وہ مصنف جو قلعہ کا پلا ہوا ہے ہرگز عام بول چال میں اس لفظ کو جا بجا نہ لکھتا - ہاں اگر بے تکلف یک جان یک تن سہیلی کہیں تو بجا ہے ؎

ہے زناخی مری وہ لال پری ہو جسے دیکھکو نڈھال پری

یہ زناخی کھل گئیں جلوہ میں گاہ لیجانا یہاں سے اور گہ لانا ترا (رنگین)

زنار - ف - اسم مذکر و مونث - (۱) جنیئو - وہ تاگا جو ہندو لوگ اکثر حمائل دار ڈالے رہتے ہیں - پگ - سوتر - یگیہ پویت ؎

زنب

کافر ہوا ہوں پیکے مئے عشق بت وزیر زنار مجکو چاہئے موج شراب کا (وزیر)

ایک جگہ یہی صاحب مونث بھی باندھتے ہیں مگر اہل دہلی سے کبھی مونث نہیں سنا - ہاں سودا کے شعر میں موجود ہے ؎

اُس بت بید میں پہ ہم دیندار بھی مرنے لگے برہمن زنار پہنا دے کفن کی تار کی (وزیر)

(۲) سفید لکیر جو اکثر نگینوں میں قدرتی آڑی بنی ہوئی ہوتی ہے - پتھر کا جنیئو ؎

ہاجب گفتار ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی (سودا)

زنار بند - ف - اسم مذکر - برہمن - جنیئو پہننے والا - دوجنما یعنی برہمن چھتری - ویش

زنار دار - ف - اسم مذکر - دیکھو (زنار بند) +

زنانہ - ف - اسم مذکر - (۱) زنخہ - مخنث - ہیجڑا - پنسک - وہ مرد جو عورتیں کی سی حرکتیں کرے + بھانڈ - نچنیا جیسے زنانہ نہ مردانہ سوا ہیجڑا ہے ہڈی نہ پسلی سوا چھیچھڑا ہے + (۲ - اسم مذکر) پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان حرم سرائے - (۳) پردہ جیسے زنانہ ہو رہا ہے مت آنا - (۴ صفت) نامرد ڈھیلا - سست + زن صفت - بزدل +

زنانہ کرنا یا کروانا - ل - فعل متعدی - مردوں کو ہٹا دینا تاکہ پردہ دار عورتیں آئیں جائیں + پردہ کرانا ؎

ہٹ گئے سب زنانہ کروایا باغ میں آنکو لا اُتروایا (شوق)

(۲) خوجہ کرانا - ہیجڑا بنوانا +

زنانہ کرنا - ل - فعل متعدی (۱) پردہ کرنا - غیر مردوں کو ہٹانا (۲) نامرد بنانا +

زنانِ مِسرّی - ل - اسم مذکر - گرہائی یکسی - وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے + زنانہ - زنخہ +

زنانی - ل - اسم مونث - (لشکری) عورت - استری - زن - مادین - (۲ - صفت) منسوب بہ زن +

زنانی بولی - ل - اسم مونث - عورتوں کی زبان + ریختی +

زنانی پوشاک - ل - اسم مونث - عورتوں کی پوشاک جیسے انگیا کرتی وغیرہ

زنبق ع - اسم مذکر - ایک طرح کا سفید پھول جو نرگس کی قسم کا دھتورے کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے شاعر لوگ معشوق کی ناک سے اُسے تشبیہ دیا کرتے ہیں

سرو قامت سمن اندام گلستان رخسار ہونٹ گلبرگ دہن غنچہ دہنی زنبق (ذوق)

زنبور - ف - اسم مذکر - (۱) تتیا - بھڑ - بر (۲) سیسی کی طرح کا ایک اوزار جسکا منہ آگے سے گول ہوتا ہے + سنڈاسی (۳) چھوٹی توپ - وہ توپ جو اکثر اونٹوں پر لدی ہوئی بادشاہ کی سواری کے ساتھ چھوٹتی جاتی ہے - جزائح

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زنب

زنبورچی - ف - اسم مؤنث - زنبور چلانیوالا توپچی - بندوقچی - برقنداز سپاہی +

زنبورک - ف - اسم مؤنث - چھوٹی توپ +

زنبیل - ف - اسم مؤنث - فقیروں کی چمڑے کی جھولی + پھکول + جھولی بھیک کا ٹھیکرا - کاسۂ گدائی + کچھول (۲) عمرو عیار کی جھولی جس میں وہ تمام زمانہ کی چیزیں رکھ لیا کرتا تھا +

زنجیر - ف - اسم مؤنث - حلقۂ در - کنڈی - سانکل - سنگل + سلاسل - جولان بیڑی + لڑی + توڑا - گلے کی زنجیر + ؎

ناسخ ضعیف بھاری ہے زنجیر آہنی کافی ہے اسکی قید کو زنجیر یاسمن (ناسخ)

جب فیل کا لفظ لکھتے ہیں تو اُسکے ساتھ بھی تعدا وظاہر کرنے کے واسطے ایک ایک زنجیر یا دو زنجیر فیل لکھا کرتے ہیں +

زنجیر ڈالنا - ا - فعل متعدی - بیڑی ڈالنا - پابجولاں کرنا +

زنجیر کرنا - ا - فعل متعدی (متروک) پاؤں میں بیڑی ڈالنا (صرف جرأت نے باندھا ہے) +

زنجیر کھٹکھٹانا - یا - مارنا - ا - فعل متعدی - کنڈی مارنا - کنڈی کھڑکھڑانا دستک دینا +

زنجیرا - ا - اسم مذکر (۱) توڑہ - ہار - کنٹھی - چھپا کلی وغیرہ (۲) حلقہ دار کڑھائی یا کڑھنت + لہریا +

زنجیری - ف - صفت - ایک قسم کا زنجیر دار گولہ یا گولی + ؎

جان جائے طائر وحشت مگر اُڑنے نہ پائے گولۂ آہے قاتل لگانا کوئی زنجیری مجھے ( )

زنخ - یا زنخدان - ف - اسم مؤنث - ٹھوڑی - ٹھوڈی - ذقن - چمبک +

زنخا - ا - اسم مذکر - (در اصل) زنکہ (۱) وہ شخص جو عورتوں کی سی بات چیت اور حرکات وسکنات کرے - زنانہ (۲) ہنجڑا - خنیاگر - ہیجڑا - بھانڈ (۲ صفت) نامرد - بزدل - ہیز - زن صفت + نازک کمر - پتلی کمر والا +

زندان - ف - اسم مذکر - قید خانہ - جیل - محبس - بندیخانہ - بندیخانہ - بندت خانہ + ایسے لاغر جو نہ ہوتے تو سامنے کیونکر تنگ ہے خانہ زنجیر سے زنداں اپنا ( )

زندگانی - ف - اسم مؤنث - حیات - عمر - زیست - اَوسُتھا - ارمل ؎

آدمی بلبلا ہے پانی کا کیا بھروسہ ہے زندگانی کا

زندگی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (زندگانی) ؎

زندگی اپنی گر اس طور سے گزری غالب ہم بھی کیا یاد کرینگے کہ خدا رکھتے تھے (غالب)

زندگی بسر کرنا - ا - فعل متعدی - عمر کاٹنا - عمر گزارنا - دن بھرنا - جینا +

زنگ

زندگی بسر ہونا - ا - فعل لازم - عمر کٹنا +

زندگی بھر - ا - تابع فعل - تمام عمر - تا بحیات - جیتے جی - مادام الحیات +

حسن کا اب جہانے عالم یار ہے تیرے دم سے زندگی بھر ہم رہے (ذوق)

زندگی تلخ ہونا - ا - فعل لازم - جینا دوبھر ہونا - حیات کا وبال جان ہونا - جینے کا لطف نہ رہنا - جینے کا مزہ نہ رہنا - عیش میں کھنڈت ہونا +

زندگی سے تنگ آنا - یا - ہونا - ا - فعل لازم - جینے سے ناراض ہونا - زندگی سے عاجز ہونا - جینے سے بیزار ہو جانا ؎

ابھی مرجائیں یاں تک زندگی سے ہو تنگ ہیں لیکن نہیں ہوتا کہ اپنی تیرے بیمار و کے تابوں (ظفر)

زندگی سے ہاتھ اُٹھانا - یا - دھونا - ا - فعل متعدی - جینے سے مایوس ہونا - حیات سے ناامید ہونا - جینے کی امید نہ رکھنا +

زندگی کا جام پینا - ا - فعل متعدی - کسی کی سلامتی یا تندرستی کا جام پینا - کسی کی یاد میں شراب یا شربت کا پیالہ پی کر اُسکی سلامتی کی دُعا مانگنا - کسی خوشی کے جلسہ میں اپنے پیارے خواہ عزیز خواہ افسر خواہ بادشاہ کے واسطے اُس کی درازی حیات کی دُعا کرنا +

زندگی میں - ا - تابع فعل - جیتے جی + سلامتی میں +

زندہ - ف - صفت - جیتا - حیات - ذی رُوح - ذی حیات + ذی حس + جاگتا + خوش + تازہ +

زندہ باش - ف - دُعا - جیتا رہ + سلامت رہ + شاباش - مرحبا +

زندہ درگور ہونا - ا - فعل لازم - جیتے جی مرنا - موت سے پہلے مرنا - زندگی میں قبر کا مزہ آجانا جیسے اُنہیں تو بیماری نے تو زندہ درگور کر رکھا ہے +

زندہ دل - ف - صفت - افسردہ دل کا نقیض - خوش طبع - خوش مزاج دل لگی باز - ظریف +

زندہ دلی - ف - اسم مؤنث - خوش طبعی - دل لگی - خوش مزاجی - ظرافت چہل + زندگی زندہ دلی کا ہے نام مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں (ذوق)

زندہ رہنا - ا - فعل لازم - جیتا رہنا - سلامت رہنا + تازہ رہنا + عزیز رہنا

زندہ کرنا - ا - فعل متعدی - جلانا - حیات بخشنا - جان ڈالنا +

زنگ - ف - اسم مذکر - (۱) لوہے کا میل - مورچہ - کدورت ؎

کدورت اپنے چہروں کی نظر آئی ہر لو گو نکو تماشا ہے کہ اُٹھے آئینے میں زنگ ٹھیرایا (ناسخ)

(۲) افریقہ کے ایک ملک کا نام - زنگبار - حبشن (۳) گھنٹالی - گھنگرو - گھنٹی

مری لیلیٰ کو یاں اگر لائے باندھوں ناقہ میں زنگ سونے کا (ناسخ)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زنگ

زنگ آلود - یا - آلودہ - ف صفت - زنگ خوردہ - مورچہ لگا ہوا مرچالا - گندہ - کھونڈا - کھنڈا +

زنگ لگنا - ل - فعل لازم - جرلگنا - مورچہ لگنا +

زنگار - ف - اسم مذکر - تانبے کا کساؤ + نیلا تھوتھا - طوطیائے سبز - زنجار (معرب زنگار) +

زنگاری - ف - صفت - زنگار کے رنگ کا - سبز - ہرا +

زنگولہ - ف - اسم مذکر - جرس + گھنٹا - گھنگرو - تال - جلاجل +

زنگی - ف - اسم مذکر - زنگبار کا باشندہ - حبشی - شیدی +

زنگی ہڑ - ل - اسم مؤنث - کالی ہڑ - چھوٹی ہڑ - ہلیلہ سیاہ +

زنہار - ف - تابع فعل - (۱) پناہ - بچاؤ - امان (۲) تنبیہ و تاکید کا لفظ - جیسے وہاں زنہار نہ جاؤ +

زوال - ع - اسم مذکر - جاتا رہنا - گھٹتا ہونا - کمی - گھٹاؤ - گھٹتی + ڈھلاؤ - اتار - تنزل + ادبار - فرسودگی جیسے ہر کمال کو زوال ہے +

زوال کا وقت - ل - اسم مذکر - وہ وقت کہ جب آفتاب نصف النہار سے ڈھلے - دوپہر کے بعد کا وقت - تیسرا پہر - ظہر + گھنٹی کا پہرا + دھوپ ڈھلنے کا وقت +

زوال ماہ - ع + ف صفت - چاند کا بدر ہونے کے بعد گھٹنا یعنی روح ماہ کا نقیض

زوائد - ع - صفت - زائد کی جمع - فضول - زیادہ - بڑھتی - اوھکاری +

زوج - ع - اسم مذکر - جفت - جوڑا - جٹ + خاوند - جورو + وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے - جیسے دو - چار - چھ - آٹھ وغیرہ +

زوج الزوج - ع - اسم مذکر - وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو کر پھر دو پر بٹ سکے جیسے ۸ - ۱۶ - ۳۲ وغیرہ

زوج الفرد - ع - اسم مذکر - وہ عدد جو جفت و طاق دونوں پر بٹ سکے - جیسے ۱۲ - ۱۸ وغیرہ +

زوجہ - ع - اسم مؤنث - جورو - بیوی - گھر والی - استری - بہو - اہلیہ - حلیلہ +

زوجیت - ع - اسم مؤنث - نکاح - عقد - بیاہ - جوڑا لگنا - گٹھ جوڑ - انبوہنا جورو بنا - جیسے حق زوجیت یعنی بیوی بنے کا حق +

زوجیت میں لانا - ل - فعل متعدی - جورو بنانا - نکاح میں لانا - عقد کرنا - نکاح کرنا +

زود - ف - تابع فعل - جلد - شتاب - تاولی - فوراً - ابھی - ترت - معاً +

زود

زود آشنا - ف صفت - بہت جلد یار بنجانے والا - جلد گھل مل جانے والا ؎

کیوں جائیں جناب پر ہو کے کملا نیگے زود آشنا آپ (ناظم)

زود رنج - ف - صفت - بہت جلد غصہ ہو جانے والا - تنک مزاج غصیل - مغلوب الغضب - تیز مزاج - جلاتن +

زود رس - یا زود فہم - ف صفت - تیز فہم - بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا - ذکی +

زود نویس - ف - اسم مذکر - جلد جلد لکھنے والا +

زور - ع - اسم مذکر - دغا - فریب - مالوس - مکر - جھوٹ - دروغ - کذب + بھگل چھل + شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے کمزور زور اور زیادی رہتا ہے - سو ہے وہ بھی آدمی (نظیر)

زور - ف - اسم مذکر - (۱) بل - طاقت - توانائی - سکت - قوت - جیسے زور بادشاہ زادوں وزیر زادوں کا مقولہ) (۲) غلبہ - زیادتی - کثرت افراط - نہایت - ازبس - از حد - بہت - ؎

یہ زور آتش رنگ حنا کے گرمی کی تری ہتیلی کا تل صورت پسند ہوا (وزیر)

عالم مستی میں جرأت پڑھ غزل اک اور بھی زور کیفیت اٹھاتے میں ترے اشعار سے (جرأت)

(۳) برائے تعجب + قیامت - غضب + بیڈھب ؎

غیر کو نامہ ہے سر نامہ مرے نام کا ہے مہربان زور یہ تم نے ستم ایجاد کیا (ناسخ)

بزم طرب میں شکل دکھا کر چلے گئے شادی میں زور غم پہ لگا کر چلے گئے (جرأت)

در تک آکر پھر گئے تم زور پر یاں ہیں وہ ہکو الفت نے تکو اس گھر کے ساتھ ہے (جرأت)

(۴ صفت) خوب - اچھا - عمدہ ؎

یار کا آستان پایا ہے زور دل نے مکان پایا ہے (جرأت)

زور کیفیت اس شراب میں تھی لب پر رکھتے ہی بس ہوا بیہوش (مصحفی)

(۵) بس - قابو - اختیار - قدرت - سکت ؎

زندہ ان آنکھوں کے کشتے کو وہ اب کیا کہے اس نمک پر زور چل سکتا نہیں اعجاز کا (آتش)

(۶) عجیب و غریب - انوکھا ؎

خاک سر پر ہے مہر و مہ پامال اے فلک زور انقلاب ہوا (ناسخ)

(۷) طرفہ معجون - ایک عجیب شخص - انوکھا آدمی ؎

ے کشی مجھ سے چھڑاتا ہے بزور ساقیا زاہد بھی کوئی زور ہے

(۸) ظلم و ستم - جور و جفا - سختی - جیسے زور نہیں - ظلم نہیں عقل کی کوتاہی ہے -

(۹) حکم - حکم - حکومت - جبر - دباؤ - اجارہ جیسے کچھ تمہارا زور نہیں چلتا کہ چلے جائیں گھر پر ہی زور دکھاتے ہو - (۱۰ صفت) چمکتا - چمکدار - پھریرا کیلا ؎

جوتا تیرا بنا ہے مگر زور تو میری بھی کفش ہے جھلا بور (رنگین)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زور

(۱۱) کوشش سعی - جدوجہد جیسے اس نوکری میں کہنوں نے بھی خوب ہی زور لگایا

زور آزمانا - ف - فعل متعدی - طاقت آزمائی کرنا - اپنے زور کا امتحان کرنا - طاقت دکھانا - زور دکھانا ؎

جاکر آنہوں کے گھر جب زور آزمایئں وہ گردوار کو دیں ہم کو ٹھاپھا بنجاویں (نظیر)

زور آزمائی - ف - اسم مؤنث - طاقت آزمائی - کشتی - لڑنت - دبل دکھانا جیسے بچے ہی پر زور آزمائی کرتے ہو - کسی بڑے سے لڑو تو جانیں +

زور آنا - ف - فعل لازم - طاقت بڑھنا - بل آنا - طاقت آنا - توانا ہونا +

زور آور - ف - صفت - بلوان - بلوونت - بلی - طاقتور - صاحب زور - قوی

زور آوری - ف - اسم مؤنث - (۱) طاقت - بل - سکت - بلکتی - توانائی (۲) زبردستی - زور آوری +

زور بازو سے - ف - تابع فعل - قوت بازو سے - اپنی طاقت سے - اپنی محنت و مشقت سے

زور پر - ف - تابع فعل - کمال پر - انتہا پر - اخیر درجہ پر - بدرجہ ترقی - افزونی پر ؎

اب ہے پتنگ بازی قاتل پہ زور پر عاشق کے دل کے شیشے کا بنجا ہے ڈور پر (امانت)

زور پر چڑھنا - فعل لازم - طاقت میں بھرنا - حد کمال کو پہنچنا - ترقی پر ہونا - مشاق ہونا ؎

دکھانا جوش و خروش اپنا زور پر چڑھکر گئے جہاں میں دریا اتر بہت چڑھکر (ذوق)

پتنگے بے آگ سے ہرد م پہ آسماں کیا پڑھا ہے زور پہ اب نالہ و فغاں کیا (آرزو)

زور پڑنا - ف - فعل لازم - (۱) بوجھ پڑنا - دباؤ پڑنا - داب پڑنا (۲) طاقت صرف ہونا - زیادہ محنت پڑنا - جیسے آنکھوں پر زور پڑنا (۳) مجبور کیا جانا - دبایا جانا +

زور جتانا یا دکھانا - ف - فعل متعدی - حکم جتانا - حکومت دکھانا - دباؤ ڈالنا - طاقت ظاہر کرنا +

زور چلانا - ف - فعل متعدی - حکومت چلانا - زبردستی یا رعب سے کوئی کام لینا - بل دکھانا

زور چلنا - ف - فعل لازم - بس چلنا - قابو چلنا - حکم چلنا - اختیار چلنا + ؎

ہو گیا غرق آخر غرقہ دریائے نیل چل سکا ہرگز نہ اسکا زور شاہی آب میں (ظفر)

خواہ جیتا رکھے وہ خواہ مجھے قتل کرے اس ستمگار پر کیا زور مرا چلتا ہے (جرات)

جو پہ چاہے اس بیوفا سے تو جانوں کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا (مومن)

زور دار - ف - صفت - قوی - بلوان - بلوونت - طاقتور - توانا - پشٹ +

زور دکھانا - ف - فعل متعدی - طاقت سے پڑھنا - آواز سے پڑھنا -

زور دیکر پڑھنا - ف - فعل متعدی - طاقت سے پڑھنا - آواز سے پڑھنا - کسی چیز کے تلفظ کو ایک خاص آواز کے ساتھ ادا کرنا +

زور

زور دینا - ف - فعل متعدی (۱) دباؤ ڈالنا - بوجھ ڈالنا (۲) مدد دینا - پشتی کرنا - حمایت کرنا - کمک دینا - تاکید کرنا - (۳) مجبور کرنا - ناچار کرنا (۴) تقویت دینا - قوت دینا - زور بڑھانا - جیسے انجن کو زور دینا (۵) سخت کرنا - کڑا کرنا - جیسے کسی پرزے کو زور دینا (۶) کسی تلفظ کو زیادہ آواز سے ادا کرنا +

زور دیوانہ ہونا - ف - فعل لازم - نہایت دیوانہ ہونا - انتہا پاگل ہونا ؎

ہاتھ میں سلسلۂ زلف گرہ گیر نہیں دور دیوانہ ہوں میں بستہ زنجیر نہیں (وزیر)

(۲) عاشق زار ہونا - نہایت فریفتہ ہونا +

زور ڈالنا - ف - فعل متعدی - (۱) دبانا - مجبور کرنا - جبر کرنا - تنگ کرنا (۲) کمک پہنچانا - مدد کرنا - (۳) دباؤ ڈالنا کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا جیسے فوج کا کسی خاص مقام پر زور ڈالنا +

زور زور - ف - تابع فعل - نہایت طاقت سے - جلد جلد - جلدی جلدی

زور سے - ف - تابع فعل (۱) طاقت سے - تیزی سے - تندی سے جلدی سے (۲) سختی سے - بمشکل +

ضعف آنے نہیں دیتا تھا قدم لے لیکر گھر تک آیا ہوں بڑے زور سے دم لے لیکر (سودا)

(۳) بشدت - نہایت - بکثرت - بدرجہ غایت - سختی جیسے زور سے تھپڑ مارا یا زور سے مینہ برسا +

زور شور - ف - اسم مذکر - تیزی و تندی - چڑھاؤ - شدت ؎

عشق کے زور شور تو دیکھو جو بھلایا وہی خیال رہا (داغ)

زور شور پر - ف - تابع فعل - جوش و خروش پر - نہایت تندی و تیزی پر - از حد سختی اور شدت پر - طاقت اور توانائی پر ؎

فرہاد سے جو دیدہ گریاں نے کو دیا کچھ بن نہ آئی ابر سے اس زور شور پر (امیر)

ٹھنڈے ہیں اپنے اشک بہت زور شور پر پانی نہ پھیر دیں کہیں دریائے شور پر (کبر)

زور شور سے - ف - تابع فعل - (۱) بڑی طاقت سے - نہایت شدت سے - جوش و خروش سے (۲) شان و شوکت سے - طمطراق سے - دھوم دھڑکے اور ہیٹ بھڑکے سے +

زور شور کا - ف - تابع فعل - بھاری - گہرا - گمبھیر - جوش و خروش کا - نہایت شدت کا ؎

ساقی صدائے قلقل مینا کا وقت ہے اٹھا ہے ابر باغ میں کس زور شور کا (اسیر)

زور ظلم - ف + ع - اسم مذکر - عو - سختی - جفا و کفا - زیادتی +

زور کرنا - ف - فعل متعدی - (۱) طاقت آزمانا - زور لگانا - زور مارنا (۲) کوشش

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زور

کرنا۔ سعی کرنا۔ (۳) دو پہلوانوں کا باہم لڑنا۔ (۴) بڑھنا۔ ترقی پر ہونا۔ جیسے مرض کا زور کرنا۔

زور لگانا ف۔ فعل متعدی (۱) اپنی طاقت سے سارا بل کھپانا (۲) ڈھکیلنا ٹھیلنا۔ آگے کو بڑھانا۔ ہاتھ لگانا (۳) مدد کرنا۔ کمک کرنا۔ (۴) سعی کرنا۔ کوشش کرنا۔ سعی بلیغ کرنا (۵) ہمت کرنا۔ بلند ارادہ کرنا (۶) ساری طاقت کو صرف کرنا۔ دھکے لگانا۔

زور مارنا ف۔ فعل متعدی۔ نہایت کوشش کرنا۔ اپنی ساری طاقت کو صرف کرنا

خواہ نخواہ امیر کا انداز نصیب فوق یاروں نے بہت زور مارا (ذوق)

زور مند ف۔ صفت۔ طاقت ور۔ بلوانت۔ بلوان۔

زور میں آنا۔ یا۔ بھرنا ف۔ فعل لازم۔ طاقت میں بھرنا۔ جوانی جوبن میں بھرنا۔ کامل قوت پر ہونا۔

زور نکالنا ف۔ فعل متعدی (۱) کمزور کرنا۔ کم طاقت کرنا۔ زور گھٹانا (۲) طاقت آزمائی کرنا۔

زور نہ گھٹنا ف۔ فعل لازم۔ جوش و خروش کا کم نہونا۔ شدت کا نہ گھٹنا

جھڑکیاں پر بہاری کی بھی شیخی لیکن نہ گھٹا زور ری اشک فشانی کا (نصیر)

زورے ف۔ کلمہ تعجب (۱) غضب ہے۔ آفت ہے۔ قیامت ہے (۲) نہایت کمال پر ہے۔ از حد ترقی پر ہے۔

زور ہے گرمی بازار ترے کوچوں کی جمع ہیں تیرے خریدار ترے کوچوں میں (ناسخ)

زورا ف۔ اسم مذکر۔ حرہ۔ ظلم حکومت۔ طاقت۔ سرزوری۔ سینہ زوری۔ ہماہمی۔ طمطراق

زورا ڈھینا ف۔ فعل لازم۔ غرور ڈھینا۔ ہماہمی نہ رہنا۔ حکومت یا طاقت کا زوال ہو جانا۔

زورازوری ف۔ اسم مؤنث (مکنوار) زبردستی۔ دھینگا دھینگی۔

زوروں ف۔ اسم مذکر۔ زور کی جمع۔

زوروں پر آنا ف۔ فعل لازم۔ جوانی۔ طاقت میں بھرنا۔ جوانی پر ہونا۔ طاقت ور ہونا۔

زوروں پر چڑھنا ف۔ فعل لازم (۱) نہایت مشاق ہونا۔ قوت میں بھرنا۔ طاقت میں بھرنا۔ نہایت زور آور اور تیار ہونا۔

زوروں پہ چڑھا ہے یہ مرا نیچۂ وحشت داسن سے الجھتا ہے گریباں سے الجھکر (غالب)

(۲) طغیانی پر آنا۔ جوش و خروش پر ہونا۔

زوروں پہ چڑھا جو ہے جوانی سو جوں کی ہیں صورتیں ڈرانی (حالی)

زہر

(۳) حد کمال کو پہنچنا۔

مفلسی سب بہار کھوتی ہے کیا ہی زوروں پہ آدمی کی ناتوانی ہائے (شور)

(۴) جوانی میں بھرنا۔ جوانی پر ہونا۔ سوٹا تازہ ہونا۔ گدرانا۔

ہاتھ ہی مل کے کہ ورزش نے دنوں پر چڑھا کہہ رہا ہے سر و کو بڑھنے سے اکھاڑا چاہئے (ناسخ)

(۵) بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

ہند لوں دنوں ہوا زوروں پہ ہے جنوں زنجیریں آٹھ سات بنا پانچ چار طوق (اسیر)

(۶) گھمنڈ پر ہونا۔ اترانا۔ زعم میں بھرنا۔

زوریے زوریے ف۔ تابع فعل (اطفال) دیکھو (زور زور)

زوف ہے ف۔ فعل ذم۔ خف ہے۔ لعنت ہے۔ پھٹے منہ۔ جیسے زوف ہے تیری ادعا پر۔ زوف ہے تیری ڈاڑھی پر۔ زوف ہے تیری چلتی پر۔

زوفا ع۔ اسم مذکر۔ زوفا فارسی۔ ایک قسم کی نبات جو زافا دوسرے درجہ میں حار یابس اور بدن سے امراض کے واسطے مفید ہے۔

زہ ف۔ اسم مؤنث۔ (۱) کنارہ۔ منڈیر یا کنگنی (دیوار کی وہ ابھری ہوئی ہڈیاں یا اینٹیں جو منڈیر کے نیچے یا اختتام دیوار پر خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں) (۲) جنا۔ بچہ دینا۔ بچہ جننا۔ وضع حمل ہونا۔ چنانچہ دو زہ چہ زائید کو اسی سے کہتے ہیں

زہاز ف۔ اسم مذکر (۱) عورت خواہ مرد کا اندام نہانی۔ شرمگاہ۔ فرج۔ ذکر (۲) پیڑو جیسے موے زہار یعنی پیڑو کے بال۔ جھانٹیں۔

زہد ع۔ اسم مذکر۔ تقوے۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ جت ست (لغوی معنی ہیں چیزوں سے رغبت اٹھانا)

زہر ف۔ اسم مذکر (۱) بس۔ سم۔ وہ چیز جس کے کھانے سے روح کا مزاج فاسد ہو کر آدمی مر جاتا ہے۔

کون ہو تجھ سے دوچار آنکھ ظالم کا بلا تجھ میں زہر اے نگہ چشم پر افسوں ہے بھرا (ظفر)

(۲) صفت۔ (۱) تلخ۔ کڑوا۔ کسیلا (۳) صفت۔ (۱) ناگوار۔ مکروہ۔ برا خلاف طبع ناگوار خاطر۔ جیسے مجھے اسکا آنا زہر معلوم ہوتا ہے۔

فراق یار میں سیر چمن ہے زہر مجھے کھلا لگی ہے ابھی افیون کو کنار کی شاخ (ناسخ)

(۳) صفت (۱) مہلک۔ قاتل۔ ہلاک کر دینے والا۔ مضر۔ مفسد۔ زبون جیسے اس پانی کے حق میں گھی زہر ہے۔

(۴) اسم مذکر (۱) غصہ۔ خشم (۲) صفت۔ بے لطف۔ بے مزہ۔ بد ذائقہ۔

زہر اگلنا ف۔ فعل متعدی (۱) زہر منہ سے نکالنا۔ پس ڈالنا۔

کہاں خط سبز کا ہے بیچ تمام ہے شہ خیبر پہ نگینی نہاں سانپ گیسو کا کچھ زہر اگلتا ہے میں (اسیر)

حسن خوبی پہ خدا کی مار زہر آلود غضب بڑھ کے کئی رنگ نہیں موے دبے کو تن پر گھیں (امانت)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زہر

(۲) ناملائم الفاظ زبان پر لانا۔ برا بھلا کہنا۔ دشمنی یا حسد کے باعث دل دُکھانیوالے الفاظ زبان پر لانا۔ طعنہ دینا جیسے خاوند کا رُخ پھرتے ہی نندیں بھی زہر اُگلنے لگیں ؎

عادت میں کرو فرق نہ تم اپنی نگہ سے کیوں زہر اُسے آج اُگلنے نہیں دیتے (عارف)

(۳) آفت انگیز اور فتنہ برپا کرنیوالی باتوں کا زبان پر لانا ؎

زلیکہ مرتے ہیں اک سبزہ رنگ پر جرأت یہ شعر کہتے نہیں زہر ہم اُگلتے ہیں (جرأت)

(۴) غصہ نکالنا۔ دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا۔ (۵) لگانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ اُکسانا۔ بہکانا ؎

دیکھیے کیا ہوا تی میرے نامے کا جواب پاس اُنکے ہیں بہت زہر اُگلنے والے (دانغ)

زہر آلودہ ۔ف۔ صفت (۱) زہر کا بھرا ہوا۔ زہریلا۔ لبالب بھرا۔ پس بھرا (۲) زہر کا بجھایا ہوا۔ زہر میں بسا ہوا +

زہر آب ۔ف۔ اسم مذکر۔ زہر آلودہ پانی۔ زہر گھلا ہوا پانی۔ پس بھرا ہوا پانی زہر کا پانی ؎

ترے پیکے ہوئے گیسو سے یہ بُو بیں نہیں چھپتی دہانِ مار سے زہر آب جانِ من ٹپکتا ہے (ظفر)

ہے دلآشفتہ دیدار تو کچھ کھا کے نہ مر پہلے اُس غمزۂ خونخوار کا زہر آب تو پی (جرأت)

زہر باد ۔ف۔ اسم مذکر (۱) خناق۔ کنٹھ روگ۔ کنٹھ مالا۔ انتڑیوں کی خشکی کے سبب گلے کا خشک ہو جانا (۲) ایک خوفناک بیماری جو ہاتھی یا گھوڑے کے فوطہ پر ہوتی ہے۔ فتق۔ بادخایہ۔ (۳) کسی قسم کا زہر جو سانس کے ذریعہ سے سرایت کرے جیسے آنول نال کے نکلنے یا سانپ کے کاٹنے سے جو زہر چڑھتا ہے +

زہر باد چڑھنا ۔ل۔ فعل لازم۔ جسم میں زہر کا سانس کے ذریعہ سے سرایت کر جانا۔ خون میں زہر کا گردش کر جانا +

زہر چھٹکنا ۔ل۔ فعل متعدی (لکھنؤ) مسموم کے تمام جسم میں زہر کا سرایت کر جانا۔ زہر پھیلنا۔ زہر چڑھنا۔ (۲) زہر پھیلانا۔ زہر چڑھانا +

پھر یاد آگئی مجھے ناگن سی زلفِ یار پھر زہر عشق ساری بدن میں چھٹک گیا (بحر)

زہر دار ۔ف۔ صفت۔ زہریلا۔ سمی۔ پس بھرا +

زہر دینا ۔ل۔ فعل متعدی۔ زہر کھلانا۔ زہر سے مارنا ؎

بھاگوں علاج دردِ محبت سے کیوں نہ میں دینگے طبیب زہر یقیں ہے دوا کے بعد (دانغ)

زہر قاتل ۔ف ع۔ صفت۔ زہر ہلاہل۔ سمِ قاتل۔ مُہلک زہر۔ مار ڈالنے والا زہر۔

زہر کرنا ۔یا زہر کر دینا ۔ل۔ فعلِ متعدی۔ عمداً تلخ کر دینا۔ لطف کھو دینا۔ ناگوار کر دینا۔ بدمزہ کر دینا۔ کڑوا کر دینا جیسے اُسنے تک بات کا کہ زیب کا سارا رکھا یا پیا

زہر

زہر کر دیا۔ دال میں نمک زہر کر دیا ؎

زہر کر دیتی ہو وہ کھانیکو لاکر مجھ سے روز آج سے میں ساتھ اُسکے کھانا کھاؤں تو دوبار (رنگین)

زہر کھانا ۔ل۔ فعلِ متعدی (۱) پس کھانا۔ کوئی ایسی چیز کھانا کہ جس سے جان جاتی رہے۔ جان دینا۔ مرنا ؎

زہر کھا کر بگڑتے ہیں خاک میں عاشق بت انگلیاں ہیں دیکھ تو یا سبزۂ روئیدہ ہے (دانغ)

کبتلک روئے کہو کوئی کہ تم کو تو ابیر مارنا سہل ہے اور زہر کھانا بات ہی (امیر)

پیچی میں آتا ہے بس زہر کھا کے سو رہئے جب اُسکے نوخ پہ خطِ سبز فام دیکھتے ہیں (امانت)

(۲) عشق یا شرمندگی یا غم یا کسی سخت بیماری سے عاجز آکر جان دینا + مرنا + فریفتہ ہونا ؎

زہر کھاتے ہیں طلبگار شہادت قاتل ہاتھ سے تیرے ترے بے سر و پا جانتے ہیں (آتش)

شادابی و لطافت ہرگز ہوئی نہ اُسمیں تیری مسوں پہ گرچہ سبزے نے زہر کھایا (میر)

(۳) کسی ایسے کام کی تقلید کرنی جسکی قابلیت نہ ہو۔ رشک کھانا۔ رشک سے مرنا۔ حسد سے مرنا۔ جلنا ؎

یہ عالم اُسکے خطِ سبز نے دکھایا ہے کہ جسکو دیکھ کے عالم نے زہر کھایا ہے (نصیر)

یہ جتنے سرو ہیں سب اُسکے قد پہ زہر کھاتے ہیں چمن میں سبز کو نکر نہ ہو نہ جائیں سرکے پاؤں تک (ذوق)

تو مُلتا ہے بہار مُنہ کی خط میر پس اُسپہ زہر کھاؤ نگا (میر)

ہر سمت ہے سبزہ لہلہاتا فیروزہ ہے جس پہ زہر کھاتا (مشائق)

غیر کو بوسہ دیا ہے تم نے خطِ سبز کا بے تکلف ہے یہ میرے زہر کھانے کی جگہ (اسیر)

زہر کھائیں نہ بات پر کیوں ہم قند کی ہے ڈلی تمہاری بات (امانت)

(۴) دشمنی کرنا۔ عداوت رکھنا۔ بُغض نکالنا ؎

سبھوں کو سے ہمیں خوبتاب دل پر اناتھا فلک ہمیں تجھے کیا یہ زہر کھانا تھا (نظیر)

(۵) دانت رکھنا۔ قصد رکھنا۔ اُدھار کھانا۔ سر رہنا۔ گروبدہ رہنا۔ ارادہ رکھنا

بجا ہے خط ترے لبِ شکر پہ جو پیدا شکر پہ کب ہے یہ طوطی ہے زہر کھائے ہوئے (اسیر)

زہر کی چھری ۔ل۔ صفت۔ شہد کی چھری کا نقیض۔ پس کی کانٹھ فتنہ انگیز۔ زہریلا +

زہر کے سے گھونٹ پینا ۔ل۔ فعلِ متعدی۔ مجبور ہو کر غصے کو ضبط کرنا۔ خشم کو روکنا۔ خشم کو جذب کرنا۔ اندر ہی اندر جلنا۔ دل ہی دل میں پیچ و تاب کھانا۔ کھنچے چوسالب شیریں کو تروزبان کہاں گھونٹ سے زہر جو پی لی کے یہ دلگیر ہا (مصون)

زہر کے گھونٹ ہونا ۔ل۔ فعل لازم۔ ناگوار گزرنا۔ تلخ ہونا ؎

سخت جانی سو غمِ ہجر میں تنگ آیا ہوں میں زہر کے گھونٹ مجھے آبِ بقا ہوتے ہیں (امانت)

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زہر

زہر کی گانٹھ - ا - صفت - بس کی گانٹھ - سرتاپا فتنہ یا فتنہ انگیز - فتنہ پرداز - فتاں + ؎

مدعی نیش زن ہر دم ہے میرے درپے ایذا ۔ کوئی زہر کی ہو گانٹھ بھجوا سکو کھتے ہیں (ذوق)

زہر لگنا - ا - فعل لازم - حد ناگوار گزرنا - نہایت بُرا معلوم دینا - تلخ گزرنا - آنکھوں میں کھٹکنا - دُشمن معلوم دینا - بُرا لگنا ؎

زہر لگتا ہے درد کا تجھے جانا تیرا ۔ ہاں جو بھاتا ہے تو بھاتا ہی یہ آنا تیرا (رنگین)

زہر لگتی ہے مجھکو اچھوائی ۔ میں ہوگی بُلا جانی کو (؎)

یہاں تو میں ہوں وہاں سبزہ رنگوں کہ رہے جی کی ۔ جس میں زہر لگتی ہے مجھے آواز طوطی کی (مصحفی)

زہر مار کرنا - ا (فعل متعدی (حقارتاً حالتِ آزردگی میں) نگلنا - ٹھونسنا - کھانا + طوعاً و کرہاً کھانا - بیدلی سے کھانا ؎

ڈستی ہے سانپ بنکے مرے دلکو غم کبھی ۔ کرتا ہوں عشق زلف میں گر زہر مار کچھ (امانت)

شیرینیٔ خط سے مٹ گئی لبہائے یار کی ۔ لیں چیونٹیوں نے سب پسکر زہر مار کی (اسیر)

منظور ہے جو تجھ کو جو سگ یار اسقدر ۔ کہیں ہڈیاں ہمارے نمی زہر مار کیا (؎)

زہر مُہرہ - ف - اسم مذکر - تریاق - بس مار - بس ہرن - ایک پتھر کا نام جو زہر کو جذب کر لیتا ہے + ایک سبز پتھر جو بچوں کو سوسم گرہا میں ٹھنڈک کے واسطے پلاتے ہیں

زہر مارنا - ا - فعل متعدی - زہر کا اثر زائل کرنا - بس دور کرنا - وف مارنا +

زہر ملانا - ا - فعل متعدی - کڑوا کرنا - تلخ کرنا + مزہ کرکرا کرنا - لطف کھونا بُرا کرنا + ؎

کودے ہو جاتے ہیں بوسوں پہ شیریں لب کے ۔ شربت وصل میں وہ زہر ملا دیتے ہیں (امانت)

زہر مُہرۂ خطائی - ف - اسم مذکر - شہر ختا کا زہر مُہرہ جو نہایت عمدہ اور خوشرنگ ہوتا ہے +

زہر میں بجھانا - ا - فعل متعدی - زہر آلود کرنا - زہر کے پانی میں بجھا دینا بس ملانا + ؎

تو نے کیا زہر میں ۔ ہر زخم شمشیر داں جو ہر لگتا ہے (نصیر)

زہر میں بجھا ۔ ست - زہر آلود + وہ ہتیار جسکا زخم کبھی اچھا نہو + فتنہ انگیز +

چشم غضب سے بہم نگہ میرے واسطے ۔ اک نیمچہ ہے زہر میں گویا بجھا ہوا (ذوق)

زہر ہونا - یا - ہو جانا - ا - فعل لازم (ا) بُرا ہونا - باعث آزار ہونا - مضر ہونا - باعث تکلیف ہونا جیسے بُروں کی صحبت ہی اُسکے حق میں زہر ہو گئی

کیجئے نہ تا قفس میں گزر نغمہ سنج ۔ زہر ہو گئیں ہے میری زباں میرے لئے (عارف)

زہر

(۲) تلخ ہونا - کڑوا ہونا - تلخی ناچیسے ہڈی کھٹائی سے سالن زہر ہو گیا (۳) زیادہ ہو جانا - بہت بڑھ جانا جیسے دال میں نمک زہر ہو گیا - وغیرہ +

زہر رسا - ا - محاورہ - (ا) سم قاتل ہے - نہایت مضر ہے - آزار رساں ہے - آزردہ ہے ؎

ہیں جو صاحب درد انکو زہر ہے سامان عیش ۔ موت کا سامان نرخی گنتے ہیں مہتاب کو (ناسخ)

مجھ دل فگار کو یہ شب ماہ میں پھرا ۔ نرخی کے حق میں زہر ہے اے حور جاودانی (امانت)

(۲) حد ناگوار ہے - بے لطف ہے + ؎

یاں کف دریا نظر میں زہر ہے ۔ اژدہا ہے بحر میں جو لہر ہے (ناسخ)

(۳) تلخ ہے - کڑوا ہے - (۴) زیادہ ہے - بہت ہے جیسے نمک زہر ہے -

زُہرا ع - اسم مؤنث - حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب جو اُنکے حُسن کے سبب پڑ گیا تھا

زُہرہ ع - اسم مؤنث (ا) لوبی فلک - ناہید - مُسکرہ - شوکہ - ایک ستارہ کا نام جو تیسرے آسمان پر ہے ؎

دم رقص اُسنے جو کی رُخ وا ۔ تو زُہرہ اسیر سلاسل ہوئی (صبا)

(۲) ایک خوبصورت عورت کا نام جسے ہاروت و ماروت دو فرشتے عاشق و شیدا ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہوئے +

زُہرہ جبین - ف - صفت - زہرہ کی سی پیشانی والا - قمر طلعت - ماہ پیکر چاند کے سے مکھڑے والا + خوبصورت +

زُہرہ - ف - اسم مذکر - (ا) صفرے کی تھیلی - مرارہ - تلخہ - پتا - ایک اندرونی عضو کا نام جسمیں زرد اور مٹیلے رنگ کا تلخ پانی بھرا ہوتا ہے اور حیوانات کے جگر سے چسپاں رہتا ہے - چونکہ یہ منبع حرارت ہے اسوجہ سے شجاعت اور دلیری پر مجازاً اطلاق ہونے لگا (۲) دلیری - شجاعت - قوت - قدرت - مردانگی + ہمت - حوصلہ + گردہ - کلیجہ - دل - جگر - جگرا +

زہرہ آب ہونا - ا - فعل لازم - حوصلہ پست ہونا - جبن اور نامردی کا ظاہر ہونا - نامردی چھانا - رُعب اور نامردی طاری ہونا - خوف زدہ ہونا - ہیبنا بننا - دہشت ماننا ؎

کہوں میں کیا کہ ہے عجب دل بیتاب پارے کا ۔ اُسے تو دیکھ کر ہوتا ہے زہرہ آب پارے کا (ظفر)

گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے ۔ زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا (غالب)

ہے شاہنشہی زلف کے ہاتھوں سے دلفگار ۔ آئینہ کا بھی رُخ سے ہوا زہرہ آب ہے (مرزا)

رکھش اندوہ ہجراں شب دل بیتاب تھا ۔ آب کا پانی جگر طاقت کا زہرہ آب تھا (رسید)

زہرہ پانی ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو (زہرہ آب ہونا) + ؎

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زہر

سنگ کا جب تجھ دیکھے سے ہو زہر پانی چشم آئینہ میں حیرت ہے جو تصویر پانی (نصیر)
بہر اُلفت میں جو دیکھا کہ ہے گرپانی کیونکر خواہیں خود کاہ ہو زہر پانی (صفی)

زہرہ پھٹنا۔ ف۔ فعل لازم۔ (۱) خوف یا دہشت کے مارے جگر کا ٹکڑے ہونا رُعب چھانا۔ کلیجہ پھٹنا۔ دل دھڑکنا۔ (۲) حیرت میں رہنا۔ متحیر ہونا (۳) جلنا۔ حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ انگاروں پر لوٹنا ۔

زہر مار کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ دیکھو زہر مارنا ۔

زہر مار / زہر مارا / زہر مارو — اسم مذکر / اسم مؤنث / صفت — (۱) زہر دار۔ بیسلا۔ بس بھرا (۲) فتنہ انگیز شریر۔ بدذات۔ خصیل۔ غضبناک۔ غضبی ۔

زہے۔ ف۔ کلمۂ عجب و تحسین۔ بل بے۔ واہ۔ واہ۔ کیا کہنا ہے۔ بہت خوب ۔ شاباش۔ خوب ۔ عجب۔ غضب ۔

نہ ہے جادو ہوا اُس کا وہی حال جسے جو کہدیا تو نے زباں سے (دبیر)

زیادتی۔ ع۔ زیادتی ج۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) کثرت۔ اور ۔ بہتات۔ افزونی شدت۔ (۲) ظلم۔ جبر۔ سختی ۔ زبردستی۔ غلبہ ۔

زیادتی کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا تعدی کرنا

زیادہ۔ ع۔ صفت۔ افزوں۔ بہت۔ بیش ۔ بڑھتی۔ بڑھا ہوا۔ فاضل فالتو۔ سوا ۔

مرتے ہیں ترے پیار سے ہم اور زیادہ تو لطف میں کرتا ہے ستم اور زیادہ (ذوق)

زیادہ تر۔ ف۔ صفت۔ بیشتر اور سوا۔ بہت زیادہ۔ اور بھی۔ اکثر۔ غالب ۔

زیادہ حد ادب۔ ف۔ ع۔ دعائے خاتمہ۔ (یہ فقرہ جب کسی بزرگ یا حاکم کو عرضی خواہ عریضہ لکھ چکتے ہیں تو بطور خاتمہ اخیر پر لکھدیا کرتے ہیں جس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ اب میں حد ادب پر اسکا خاتمہ کرتا ہوں) ۔

زیادہ خیریت ہے۔ ف۔ خاتمۂ خط۔ یعنی باقی خیریت ہے۔ آگے خیریت ہے۔ آیندہ عافیت ہے ۔

زیادہ ستانی۔ ف۔ اسم مؤنث (قانون) زیادہ طلبی۔ حصول بالجبر۔ سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لے لینا۔ مُرادفاً رشوت ۔

زیادہ سے زیادہ۔ ف۔ تابع فعل۔ حد درجہ کا۔ بہت سے بہت ۔

زیادہ کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ (۱) بڑھانا۔ پہلے سے زیادہ کرنا۔ سوا کرنا (۲) دسترخوان اٹھانا یا پوشاک وغیرہ اتارنا ۔ کم کرنا ۔

زیادہ گو۔ ف۔ اسم مذکر۔ فضول گو۔ یاوہ گو۔ جھوٹا۔ دروغگو۔ بات کو بڑھا کر کہنے والا

زیادہ گوئی کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ مبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر کہنا۔

زیب

فضول بکنا۔ بڑ ہانکنا ۔

زیادہ ہونا۔ فعل لازم۔ (۱) بڑھنا۔ سوا ہونا۔ (۲) فاضل ہونا۔ باقی رہنا (۳) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔ اُٹھا یا جانا۔ جیسے دسترخوان وغیرہ زیادہ ہونا ۔

زیادہ ہے۔ ف۔ ندا۔ برکت ہے۔ بہت ہے۔ نہیں ہے۔ جب کسی فقیر کو جواب دینا ہوتا ہے تو رد سوال کے واسطے یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں تاکہ نہیں کا لفظ ہماری زبان سے نہ نکلے ۔

زیادتی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ دیکھو زیادتی ۔

زیارت۔ ع۔ اسم مؤنث۔ (۱) کسی متبرک مقام یا آدمی کا دیکھنا۔ جانا (۲) تیرتھ۔ ج۔ مقدس مقام کا نظارہ۔ (۳) کسی بزرگ کا مقبرہ ۔ پرستشگاہ آستانہ ۔ درگاہ ۔

زیارت کرنا۔ فعل متعدی۔ کسی مقدس مقام یا بزرگ کا نظارہ کرنا۔ جانا۔ کرنا۔ بزرگ سے ملنا ۔

زیارت گاہ۔ ع۔ ف۔ اسم مؤنث۔ مقدس جگہ۔ متبرک مقام۔ درگاہ۔ آستانہ۔ دربار بزرگان دین ۔

زیان۔ ف۔ اسم مذکر۔ سود کا نقیض۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا ۔ ضرر

دیت میں روز جزا لے رہینگے قتل کو ہمارا جانا کہ جانے میں بھی زیاں ہوا (مومن)

زیب۔ ف۔ اسم مؤنث۔ مرادف زینت۔ آرایش۔ زیبایش۔ سوبھا۔ سنگار۔ بناؤ۔ خوشنمائی۔ خوبصورتی ۔ رونق ۔

مجھسے اے رشک چمن زیب چمن بڑھتی ہے سرو کی طرح ہر اک شاخ سمن بڑھتی ہے (نصیر)

زیب تن کرنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا۔ پہننا لگانا جیسے تمغہ یا پوشاک زیب تن کرنا ۔

زیب دینا۔ ف۔ فعل لازم۔ بھلا لگنا۔ سوبھا دینا۔ سوبھا ہونا۔ کھلنا موزوں ہونا۔ خوشنما ہونا۔ سجنا ۔

زیب و زینت۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بناؤ سنگار۔ آرایش خوبیاشیر آراستگی۔ سجاوٹ۔ ٹھاٹھ باٹ ۔

زیبا۔ ف۔ صفت۔ (۱) زیب دینے والا۔ سندر۔ بھلا۔ خوشنما خوبصورت ۔ آراستہ۔ بنا۔ سنوارا ۔ موزوں۔ پھبتا (۲) لایق۔ مناسب جیسے تمکو یہ بات زیبا نہیں ہے ۔

تم کرو مجھپر جفائیں میں وفا وہ تمہیں زیبا ہے یہ زیبا مجھے (اسیر)

زیبایش۔ ف۔ اسم مؤنث۔ پھبن۔ آرایش۔ زینت۔ سوبھا خوشنمائی سجاوٹ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زیب

زَبیق ع - اسم مذکر - پارہ - سیماب - رس ✦

زیبندہ - ف - صفت - زیب دینے والا ✦

زَیتون ع - اسم مذکر - ایک مشہور درخت کا نام جس کے روغن کو زیت کہتے ہیں - جلپائی کا درخت ✦

زَید ع - اسم مذکر - ایک فرضی نام - جیسے عمرو - خالد - ولید وغیرہ ✦

زیر ف - اسم مؤنث - بم کا نقیض - دھیمی آواز - مدھم آواز - نیچا سُر - ٹھا - طبلہ یا ڈھولکی کا بایاں رُخ ✦

زیر و بم - ف - اسم مذکر - طبلہ یا ڈھولکی کا دایاں بایاں رُخ ✦ نیچا اُونچا سُر ✦

زیر ف - اسم مذکر (۱) جر - کسرہ - وہ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے دیتے ہیں . (۲ - صفت) بالا کا نقیض - نیچے - تحت - پائیں (۳) کمزور - کم طاقت جیسے زیروں کے شیر ہوتے ہیں ✦

زیر انداز - ف - اسم مذکر - وہ کپڑا یا چمڑا جو حقے کے نیچے پانی وغیرہ کی حفاظت کے واسطے رکھتے ہیں ✦ غالیچہ ✦

زیر بار - ا - صفت - بوجھ میں دبا ہوا - مقروض - قرضدار - دَیندار - مدیون ✦

زیر بار ہونا - ا - فعل لازم - قرض کے نیچے دبنا - صرف میں دبنا - مقروض ہونا - قرض میں گھرنا ✦

زیر باری - ف - اسم مؤنث - قرضداری - دَیندار ✦

زیر بند - ف - اسم مذکر - گھوڑے کا ننگ ✦ وہ تسمہ جو گھوڑے کی پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے - پیش بند ✦

زیر بند مارنا - یا لگانا - ا - فعل متعدی - کوڑے مارنا - تسمہ سے خبر لینا ✦

زیر پائی - ا - اسم مؤنث - (لکھنؤ) ایک قسم کی زنانی جُوتی - کفش پائی ✦ ہے ترقی پر ہے ہر دم حسن اُس محبوب کا ماہ کامل زیر پائی کا ستارہ ہو گیا (ناسخ)

زیر تجویز - ف - ع - تابع فعل - سوچ بچار یا غور میں کسی معاملہ کے واسطے ٹھہرانا ✦ زیر حکم ✦

زیر حکومت - ف - ع - تابع فعل - ماتحت - رعیت - زیر فرمان - زیر امر

زیر دست - ف - اسم مذکر - ماتحت ✦ زبردست کا نقیض - غریب - کمزور - کم طاقت جیسے زبردست مارے زیردست روئے ✦

زیر سایہ - ف - تابع فعل - (۱) حمایت میں - پناہ میں (۲ - ا) قریب - پاس جیسے ہم تو اُنکے زیر سایہ رہتے ہیں (۳ - ا) نیچے - پائیں - ؎

سجدے کے زیر سایہ خرابات چاہیئے بھوں پاس انکے قبلۂ حاجات چاہیئے (غالب)

زیس

زیر کرنا - ا - فعل متعدی - مغلوب کرنا - دبانا ✦ قابو میں لانا - بس میں لانا ✦ فتح کرنا - ماتحت کرنا - حکومت میں شامل کرنا ✦

زیر مشق - ف ع - اسم مذکر (۱) وہ چمڑا یا وصلی جسے لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھ لیتے ہیں - (۲ - مفعول) بُرا کام دینے والا - بائیں زیر نظر (۳ - ا) ہاتھ پر چڑھا ہوا - رواں ✦

زیر و زبر - ف - صفت - تہ و بالا - اُوپر نیچے - درہم برہم ✦ اُلٹ پلٹ ✦ تلے اوپر ✦ تتر بتر ✦

زیر و زبر کرنا - ا - فعل متعدی - تہ و بالا کرنا - تباہ و برباد کرنا - اُلٹ پلٹ کرنا ؎

حُسن بے پروا کو خود بینی و خود آرائی سے کر دیا جس کو یہاں زیر و زبر وہ میں ہوں (مصروف)

کہتی ہیں نصیر اُس بُت کافر کی یہ پلکیں اک پل میں دو عالم کو کریں زیر و زبر ہم (نصیر)

زیر و زبر ہونا - ا - فعل لازم - تہ و بالا ہونا تلے اُوپر ہونا - اوپر نیچے ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا - پراگندہ ہونا - پریشان ہونا - تتر بتر ہونا ؎

دیکھا جنبش جو تو مژگاں کو تو ہو جائینگی تیرے مجنوں کی صفیں زیر و زبر آپ سے آپ (ظفر)

جو دل بریں سرگرم آہ و فغاں ہو تو زیر و زبر سب زمیں آسماں ہو (جرأت)

زیرہ - ف - اسم مذکر (۱) کمون - ایک خوشبودار باریک تخم کا نام جو اکثر گرم مصالحہ میں پڑتا ہے مزاجاً دوسرے درجہ میں گرم و خشک (۲) پھول کے اندر کا باریک باریک رُواں - زیر گل - زر وَرَق ✦

زیرۂ سفید - ف - اسم مذکر - دھولے رنگ کا زیرہ ✦

زیرۂ سیاہ - ف - اسم مذکر - کالے رنگ کا باریک باریک زیرہ ✦

زیرک - ف - صفت - دانا - دانشمند - فہمیدہ ✦ ہوشیار ✦ باسلیقہ - سگھڑ چترا - ہنرمند - چالاک ✦

زیرکی - ف - اسم مؤنث - دانائی - دانشمندی - سُرت - چترائی - ہوشیاری تیز فہمی

زیریں - ف - تابع فعل - نیچے کا - تلے کا - پائیں ✦

زیست - ف - اسم مؤنث - زندگی - حیات عمر اَوسُتھا ہستی - جینا ؎

تیرے بن زیست کیسی کو بھاتی ہے نام مُردن سے لذت آتی ہے (مومن)

زیست کا حظ اُٹھ جانا - یا اُٹھ چکنا - ا - فعل لازم - لُطفِ زندگی جاتا رہنا - جینے کا مزہ نہ رہنا ؎

آپ بہلوئے غیر میں بیٹھے اُٹھ چکا زیست کا یہاں سے حظ (دمنون)

زیست کا حظ اُٹھنا - ا - فعل لازم - لُطفِ زندگی حاصل ہونا - جینے کا مزہ آجانا ✦

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

زیست

زیست کرنا ف۔ فعل متعدی۔ جینا۔ زندگی بسر کرنا ٭

زیست مشکل پڑنا ف۔ فعل لازم۔ زندگی دشوار ہونا۔ جینا دوبھر ہونا ٭

زین ف۔ اسم مذکر (۱) چارجامہ ٭ کاٹھی ٭ سرج ٭

دم بھی اس مہماں سرائے دہر میں لینے نہ پائے
آتے ہی یاں تو سن عمر رواں پہ زیں ہوا — آتش

(۲) پالان۔ کجاوہ ٭

زین پوش ف۔ اسم مذکر۔ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ چارجامہ۔ خاشیہ ٭

زین دھرنا یا۔ کسنا ف۔ فعل متعدی۔ گھوڑے پر کاٹھی رکھنا۔ چارجامہ لگانا ٭

زینت ع۔ اسم مؤنث۔ دیکھو زیب ٭

زین خاں و۔ اسم مذکر۔ عورتوں کا ایک فرضی جن ؎

سدِ رہِ جہاں سے کسی نے لگایا ہے لگا
کوئی کہے ہے کہ ہے زین خاں کا مجھ پہ کرم — رنگیں
کیا ترے سر آ چڑھے چاروں کے چاروں الاماں
شاہ دریا شیخ ستو زین خاں نتھے میاں

زینہ ف۔ اسم مذکر۔ زدبان۔ سیڑھی۔ پوڑی۔ سلّم ٭

زینہار ف۔ حرف تنبیہ۔ ہرگز۔ کبھی ٭

زیور ف۔ اسم مذکر۔ (۱) گہنا پاتا۔ ٹوم۔ چیز۔ رقم۔ اٹھوکن ؎

زر گر کا تیرے ہاتھ جو پہنچے سپہر تک
زیور بنا کے لائے زرِ آفتاب کا — اسیر

(۲) زیب۔ زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ بناؤ۔ سنگار ٭

ثریا

ث

ث ف۔ اسم مؤنث (۱) فارسی کا چودھواں اُردو کا ستر ہواں حرف جسے زاے فارسی یا عجمی کہتے ہیں۔ ہندی اور عربی میں یہ حرف نہیں پایا جاتا (۲) حساب جمل میں اسکے عدد زاے معجمہ کے برابر شمار فرض کیے جاتے ہیں (۳) یہ حرف فارسی میں کبھی جیم سے اور زاے معجمہ سے بدلتا ہے جیسے ژاژ سے ثراج اور ازدحام سے اژدہام وغیرہ ٭

ژاژ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) اُونٹ کٹارا۔ ایک کانٹوں دار جھاڑی کا نام جسے اُونٹ بہت کھاتا ہے (۲) بیہودہ بات۔ بیفائدہ بات۔ لغوبات ٭

ژاژ خا ف۔ صفت۔ بیہودہ گو۔ بکواسی ٭

ژاژ خائی ف۔ اسم مؤنث۔ بیہودہ گوئی۔ بکواس ٭

ژالہ ف۔ اسم مذکر۔ تگرگ۔ اولا۔ چھر۔ بچری ٭

ژالہ باری ف۔ اسم مؤنث۔ اولوں کی بارش۔ اولے پڑنا۔ ژالہ زدگی ٭

ژند ف۔ اسم مذکر۔ (۱) خرقۂ کہنہ۔ دلق۔ گدڑی۔ پھٹا ہوا کپڑا (۲) بزرگ مجوسیوں کی زرتشت کی ایک کتاب کا نام جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں (۳) زرتشت کے زمانے کی زبان۔ بہت پرانی فارسی ٭

ژندہ ف۔ اسم مذکر۔ گدڑی۔ پرانا خرقہ۔ پیوند لگا ہوا جامہ ٭

ژولیدہ ف۔ صفت۔ اُلجھے ہوئے۔ درہم برہم۔ پریشان۔ بکھرے ہوئے۔ تتر بتر۔ شیفتے

ژولیدہ حال ف۔ ع۔ صفت۔ پریشان حال خستہ حال۔ آوارہ حال

ژولیدہ مُو ف۔ صفت۔ بکھرے ہوئے بال۔ اُلجھے ہوئے بال۔ پراگندہ مو ٭

ژیاں ف۔ صفت۔ خشمناک۔ غضبناک ٭ تند خو (اکثر درندوں اور کمتر شکاری پرندوں کے حق میں آتا ہے۔ جیسے شیر ژیاں ٭

س

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صحت نامۂ جلدِ دوم فرہنگِ آصفیہ

جسے فادِہ عام سٹیم پریس لاہور کی بے توجہی۔ بے پڑائی۔ عدم نگرانی اور کار پردازانِ مطبع کی حسن کارگزاری کا پورا پورا کارنامہ سمجھنا چاہیئے مہربانی فرما کر قبل از استعمال درست فرمالیں یا جس لغت کو دیکھیں ساتھ ہی اُس کے صفحے کے صحت نامے پر بھی ایک نظر ڈال لیں

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۲	۱	۶	چراغ کر دیتے ہیں	چراغ روشن کر دیتے ہیں
۲	۲	۶	ٹانٹ۔ ۵۔ اسم مذکر	ٹانٹ۔ ۵۔ اسم مؤنث
۲	۲	۱۵	ٹاپ	ٹاٹ
۲	۲	۳۰	حیا سے پھیرنا	حیلہ سے پھیرنا
۳	۱	۱۶	یوند	پیوند
۴	۱	۱۹	وا	او
۵	۲	۶	ٹپکے	ٹپکی
۵	۲	۹	وہ رگڑ گئی	رگڑ گئی
۶	۱	۱	سر	پہر
۶	۱	۴	پٹے ٹوئی۔ ۵۔ اسم مؤنث	پٹے ٹوئی۔ ۵۔ اسم مذکر
۷	۱	۱۹	بری فوج	بڑی فوج
۷	۲	۶	موٹ	موٹھ
۸	۲	۲۳	نہ جھپکانا	نہ جھپکانا
۱۰	۱	۸	جتھا رتھ	جتھا رتھ
۱۳	۱	۲۵	پٹھاے	پٹھائیں
۱۴	۲	۹	ٹوم دیتا	ٹوم دینا
۱۶	۲	۱۲	امواکے	امواکی
۱۶	۲	۲۴	ٹھڈا ٹوئی	ٹھڈا ٹوئی
۱۷	۱	۸	ود	وہ
۱۹	۲	۲	میرا	مِرا
۲۲	۲	۲۱	سرنا	ٹھہرنا
۲۳	۱	۸	مقررہ	مقرّرہ
۲۵	۲	۷	بہروباہن	بیروباہن
۲۷	۱	۵	ثبوت	ثُبوت
۲۷	۱	۷	ثمبوت	ثَمبوت
۲۷	۲	۴	تاے مثلثہ	ثائے مثلثہ
۲۷	۲	۵	سِتہ	زلد لکھا گیا ہے
۲۷	۲	۹	ہیں جو	ہیں۔ جو
۲۸	۱	۱۵	ابن پوت	ابن۔ پُوت
۲۸	۱	۲۴	ہ	نا
۲۹	۱	۶	کسف	کیفیت
۲۹	۱	۱۷	حاسر	حاضر
۲۹	۲	۶	سردی چمکنا	سڑی چمکنا
۲۹	۲	۱۴	خفیہ زیسی	خفیہ نویسی
۲۹	۲	۲۱	رنجکہ	رنجگہ
۳۰	۱	۱۲	بطرے	بطِرے
۳۱	۱	۷	پیالہ جمشید	پیالۂ جمشید
۳۱	۱	۲۸	خلف ابن	خلف۔ ابن
۳۲	۱	۱۸	رسن	رَسن
۳۴	۱	۱۴	دہلی کی بیگمات	(دہلی کی بیگمات
۳۵	۱	۶	کونت	کُوت
۳۶	۱	۲۲	قابل پذیرا	قابلِ پذیرائی
۳۶	۲	۹	سورٹ	سورٹھ
۳۷	۱	۱۵	جبہ	جبہہ
۳۷	۱	۱۶	جبہ سائی	جبہہ سائی
۳۷	۱	۱۸	للو۔	۔للو۔
۳۷	۱	۲۶	پرھوانا	پڑھوانا
۳۷	۲	۲۳	اتفاق	اِتفاق
۳۷	۲	۲۷	رررر	دور
۳۷	۲	۲۸	تیشی	تپشی یا تپسی
۳۷	۲	۲۹	ہندوں	ہندووں
۳۷	۲	۲۹	لباں	لباس
۳۷	۲	۳۰	سیوڑی	سیوڑے
۳۸	۱	۱۴	جٹ	(زیادہ ہونا چاہیئے) جٹ رے جٹ تیرے بحر پر کھٹ
۳۸	۱	۲۰	روپیوں یا پیسوں کی بیڑی	روپیوں یا پیسوں کی بیڑی
۳۹	۱	۲۹	پالی	پائی
۳۹	۲	۱۸	جورو کی تصغیر	جورو کی تصغیر بہ تحقیر
۴۰	۱	۳	زمین ماپتے	زمین ماپتے
۴۰	۲	۳	تاک	تلک
۴۱	۲	۱۸	اُنشب	اُنسب یا اُنشب
۴۱	۲	۲۰	جشن اڑنا	جشن اُڑانا
۴۱	۲	۲۵	کھرا ہونا	کھرا سونا
۴۲	۱	۱۴	جگ	جُگ
۴۲	۱	۲۶	اس سیمبر	اُس سمن بر
۴۲	۲	۱۲	اُنشب	اُنسب یا اُنشب
۴۴	۱	۲۶	جلترن	جلترن
۴۴	۲	۱۲	اوپ	رُوپ
۴۶	۱	۱۰	یہ شعر طبع آیندہ	میں نکال دیا جائیگا
۴۶	۲	۷	خدمتگا	خدمتگار
۴۷	۱	۱	کس طرح	کس طرح سے

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۴۷	۱	۲۳	کر	کو
۴۷	۲	۱	جمادی الاول	جمادی الاولے
۴۷	۲	۳	جمادی آخر یا جمادی الثانی	جمادی الآخرے
۴۸	۱	۳	جماہنا	جماہنا
۴۸	۱	۷	اُٹھائے	اُٹھائے
۴۸	۲	۵	نکلوائے	نکلوائے
۴۸	۲	۶	اوس	اُس
۴۹	۱	۲	یوم الخمیس	یوم الخمیس
۴۹	۱	۴	جمگی	جمگی
۴۹	۱	۵	سودا کرنے	سودا لینے
۴۹	۲	۲	حمل	حَمَلْ
۴۹	۲	۲۹	جمہور	جَمہور
۵۰	۱	۱۳	بھوتنا	بھُتنا
۵۰	۱	۲۴	جن	جن (۱) جن پیدا ہونے میں بالفتح مؤنث ہے اور بالکسر مذکر ہے میں بالکسر
۵۰	۱	۲۶	ٹھاڈو	ٹھاڈو
۵۰	۲	۲۹	رہد	رصد
۵۱	۱	۵	سن	سنہ
۵۱	۲	۲۳	مجتی	مُجتبیٰ
۵۲	۱	۱۸	گھنگا	گھنگا
۵۲	۱	۲۶	خودرو	خودرو
۵۲	۲	۱۹	رکھاکر	رکھ کر
۵۴	۱	۲۷	گاری	گاڑی
۵۴	۲	۲۹	وا	مُوا
۵۴	۲	۲۰	پاسخ	پاسُخ
۵۴	۲	۲۴	کستاخی	گستاخی
۵۴	۲	۲۹	رد	ردّ
۵۵	۱	۵	صاف تھا جب تک جواب صاف تھا قاصد کے تئیں	صاف تھا جب تک جواب صاف تھا
۵۵	۱	۲۰	بدچلن	بدچلن
۵۵	۱	۳۰	جوالا	جوالا (در اصل بجیم ساکن)
۵۵	۲	۴	جوالا	جوالا (در اصل بجیم ساکن)
۵۵	۲	۱۰	امردے ریشہ	امرد۔ بے ریشہ
۵۵	۲	۲۶	جائیگا	جائیگا
۵۶	۱	۹	سوچتا	سوجھتا
۵۶	۱	۲۳	وہ شاہی سکان	وہ شاہی مکان جہاں
۵۶	۲	۱۰	اسمیں	اُسمیں
۵۷	۱	۳۰	پہنہائی	پہنچی
۵۷	۲	۹	جوتا	جُوتا
۵۷	۲	۱۷	جوتے	جُوتے
۵۷	۲	۱۸	جوتے	جُوتے
۵۷	۲	۱۹	جوتے	جُوتے
۵۷	۲	۲۰	جوتے	جُوتے
۵۷	۲	۲۲	جوتی	جُوتی
۵۹	۲	۲۷	جُوڑا	جوڑا
۶۰	۱	۱۰	جوڑے	جُوڑے
۶۰	۱	۱۷	جوڑا	جُوڑا
۶۰	۱	۳۰	وہ بچہ جو ایک ساتھ پیدا ہوا ہو	وہ بچے جو ایک ساتھ ایک ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہوں
۶۰	۲	۱	جوڑی	جُوڑی
۶۱	۱	۳۰	آفات	آفت
۶۲	۱	۲۷	جون	جُون (بکسر جیم و ضم واو)
۶۲	۱	۲۹	جُم	جُم (بکسر تین)
۶۲	۲	۱۶	पेन	पेन
۶۲	۲	۲۰	جونان	جونار
۶۴	۳	۲۷	لفظ رہگیا ہے	جھاڑ پھونک پھیرا (۱۲ شہ شہ شہ

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۷۸	۲	۵	جھومنا	جھُومنا
۷۸	۲	۱۳	ایک قسم کے حال	ایک قسم کے چانول
۷۸	۲	۱۵	چھونپڑے	جھونپڑی
۷۹	۱	۱	عضب	غضب
۷۹	۱	۲۷	گھرے	گھرسے
۷۹	۲	۶	جھیل کر	جھیل کر
۷۹	۲	۲۴	ایک سم	ایک قسم
۸۲	۱	۱۶	(کنوار)	(گنوار)
۸۲	۱	۲۳	کنارہ کشی	کنارہ کشی
۸۲	۱	۲۷	محنوں	مجنوں
۸۲	۱	۲۹	بدلا	بولا
۸۲	۲	۲۲	جیوٹ دار	جیوٹ دار
۸۳	۱	۱	بنائے	بھائے
۸۳	۱	۱۰	چمس	چمن
۸۳	۱	۱۲	انسبت کرنا	اُنسیت کرنا
۸۳	۱	۲۸	زکوں	زبون
۸۳	۲	۶	گیاگرا	کیاگرا
۸۳	۲	۱۴	میری	مری
۸۳	۲	۱۴	ات لت	ات گت
۸۴	۱	۱	قصہ غم نے جی کھویا	قصہ غم نے جی کھپایا
۸۴	۱	۲۹	بجان خاطر	رُجحان خاطر
۸۴	۱	۳۱	مایل آنا	مائل کرنا
۸۴	۲	۹	جی لُوٹنا	جی لوٹنا
۸۵	۱	۱۲	گھٹ میں اُتار	گھٹ میں اُتارنا
۸۵	۱	۱۶	امادہ رکھنا	آمادہ رکھنا
۸۵	۲	۸	میں	من
۸۵	۲	۱۳	وہ تھیلی	وہ تھیلی جو
۸۵	۲	۱۴	دہن	دامن
۸۵	۲	۱۵	ڈھب	ڈب
۸۵	۲	۲۲	دیکھا	دیکھا

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۸۵	۲	۲۲	(جودا)	(سودا)
۸۵	۲	۲۵	لئو	للو
۸۶	۱	۱۶	فتح کیا	فتح کیا جائے
۸۶	۱	۱۷	مردہ	مُردہ
۸۶	۱	۲۴	جینا	جیتا
۸۶	۲	۹	جیٹ	جیٹھ
۸۶	۲	۱۶	جٹھای	جٹھانی
۸۶	۲	۲۸	قابل تعریف	قابلِ تعریف
۸۷	۱	۱۴	جیگڑا یا جیگھڑ	جیگڑا یا جیگھڑ
۸۷	۱	۱۵	مسکے	مسکے
۸۷	۱	۲۱	توپوری	توکوری
۸۷	۱	۲۲	اڑکانی	
۸۷	۱	۲۲	سہراندھی	سہرا باندھتی
۸۷	۱	۲۴	جبل	جیل
۸۷	۱	۳۰	اکٹھی	اکھٹی
۸۷	۲	۱	(قصاب)	(قصّاب)
۸۷	۲	۲	اوجھے	اوجھ کے
۸۷	۲	۱۲	جیناجاگنا	جیتا جاگتا
۸۷	۲	۱۵	جیئو	جیئو
۸۷	۲	۱۶	جیئو	جیو
۸۷	۲	۲۵	رسّاطناب	رسّا-طناب
۸۷	۲	۲۸	بول	بول
۸۷	۲	۲۹	شامل شامل	شامل
۸۸	۱	۱۰	معنی نمبر ۵	نمبر ۵ کے معنی میں بجائے فارسی بھی بولتے ہیں
۸۸	۱	۲۴	ٹکرے	ٹکڑے
۸۸	۱	۲۷	تعریف بیجا	تعریف بیجا
۸۸	۲	۲۱	پتیسر	پتیس
۸۹	۲	۴	تین	چار
۸۹	۲	۵	-	چوتھا کابل میں
۹۱	۲	۷	چاردا	چاروا

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۹۲	۱	۳	علاج	علاج
۹۲	۱	۱۰	پت	پات
۹۲	۱	۱۵	بربکاول	بکاول
۹۲	۲	۱۲	چکشش	چکش
۹۳	۱	۳	باؤ	جاؤ
۹۳	۱	۱۳	اے	اے
۹۴	۱	۱	آئینہ	ائنہ
۹۴	۱	۶	چاندنا سا	چاندتارا
۹۴	۱	۲۰	ماہ پارہ	ماہ پارہ
۹۶	۱	۲۸	ٹھوری کا گڑا	ٹھوڑی کا گڑھا
۹۷	۱	۱۰	پان	پاں
۹۷	۲	۳	وزنکا	دورنگا
۹۸	۲	۲	لگ مفسول	لک مفسول
۹۹	۱	۷	کانسۂ زانو	کاسۂ زانو
۹۹	۱	۲۲	چیتی مرے	چیتی کرتے
۱۰۰	۱	۱۴	دیکھو دیکھو...	دیکھو ہم میری چترائی
۱۰۰	۱	۲۸	چارج	مجروح
۱۰۰	۲	۱۹	لچٹ	لچٹ
۱۰۱	۲	۱۶	ترقنا	ترقنا
۱۰۳	۲	۱۳	پیوں	پیٹن
۱۰۵	۱	۲۴	برھ گیا	بڑھ گیا
۱۰۷	۱	۱۷	چُرتی	چُرتی
۱۰۷	۲	۴	کشمیر	کشمیری
۱۰۷	۲	۱۴	سان چڑھا	سان چڑھانا
۱۰۸	۱	۴	لاڈ	لاؤ
۱۰۸	۱	۲۴	آرایش	آلایش
۱۰۸	۱	۲۵	چیرا خط	چیرا-خط
۱۰۸	۲	۱۷	سر	سُر
۱۰۸	۲	۲۶	چُرنا	چُرنا
۱۰۹	۱	۱۲	چڑھرانی	چڑمرانی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۱۱۰	۱	۳۰	آزار بند	اِزار بند
۱۱۱	۱	۱۱	جف نظر	حف نظر
۱۱۱	۱	۲۸	تام	تمام
۱۱۱	۲	۱۶	یہ	یہ
۱۱۱	۲	۱۶	تپار	تیار
۱۱۲	۱	۳	بھایا	پھایا
۱۱۲	۱	۷	گلے	لگے
۱۱۲	۱	۹	خشم کردہ	خشم کردہ
۱۱۲	۱	۱۳	آ)	آیا
۱۱۲	۱	۱۴	رنسٹانا	رنٹانا
۱۱۲	۱	۱۴	ٹمنانا	ٹنٹانا
۱۱۲	۱	۱۹	ستور بور	شور بور
۱۱۲	۲	۲	بانھ پرمری پکتا مارے	باہنہ پر میری چلتا مارے
۱۱۲	۲	۱۵	عشق وغضی	عشق وغشی
۱۱۲	۲	۱۶	دھار۔ دار حلقہ آہنی	دھار زار حلقہ آہنی
۱۱۲	۲	۱۶	ستیار	ہتیار
۱۱۲	۲	۱۷	ہمدو	ہندو
۱۱۲	۲	۱۸	مس	قتل
۱۱۲	۲	۱۹	نگو	نگہ
۱۱۲	۲	۲۲	سچ	بیچ
۱۱۲	۲	۲۷	اُتمانا	اُٹھانا
۱۱۲	۲	۲۷	ٹیڑھ کی لینا	ٹیڑھ کی لینا
۱۱۳	۱	۱۴	پچکل	پچکل
۱۱۴	۱	۱	چکنا چور	چکنا چور
۱۱۴	۱	۲۵	گھٹے	گھٹنے
۱۱۴	۱	۲۷	ٹکوترا	چکوترا
۱۱۴	۱	۲۹	کیک	کبک
۱۱۵	۱	۱۵	اس	اُس
۱۱۵	۱	۱۸	یک یک	یک بیک
۱۱۵	۱	۲۰	کافر	کافر
۱۱۵	۱	۲۱	سنگ	سبک

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۱۱۵	۱	۲۶	وہ	وہ
۱۱۵	۲	۱۴	اد	آہ
۱۱۵	۲	۱۶	چمت	چمپت
۱۱۵	۲	۱۹	(۱) نلہ	(۱) تلہ
۱۱۵	۲	۲۰	روئی	روٹی
۱۱۵	۲	۲۳	سفر کا تہ	سفر کا تہیہ
۱۱۵	۲	۲۷	نصب ہونا	غضب ہونا
۱۱۶	۱	۱۲	نگاہ	نگاہ
۱۱۶	۲	۹	گو	یاں
۱۱۶	۲	۹	چلتول	چکتول
۱۱۷	۱	۷	چلیچی	چلیچی
۱۱۸	۱	۲۲	مراد	مزار
۱۱۸	۲	۱۱	پیر	پہر
۱۱۸	۲	۱۵	میلہ	میلا
۱۱۹	۲	۲۱	نیساں کرم	نیسان کرم
۱۲۰	۱	۱۱	ناس	ناہیں
۱۲۰	۱	۱۸	کھائے	کھائے
۱۲۰	۱	۲۲	مستثنیٰ	مستثنیٰ
۱۲۰	۲	۹	ہیں	میں
۱۲۱	۱	۲۶	آئے	آئے
۱۲۱	۲	۱	پانڈے	پانڈو
۱۲۲	۱	۲۵	مُرزتی	مُرزتی
۱۲۲	۲	۳	قسم	ایک قسم
۱۲۳	۱	۲۰	ہوگئی	ہوگئے
۱۲۴	۱	۱۰	کھلے	کھلے
۱۲۴	۲	۱۱	اواز	آواز
۱۲۵	۱	۲۳	چوٹ پھیٹ	چوٹ پھیٹ
۱۲۶	۱	۱۱	چونا	چودنا
۱۲۶	۳	۱۳	چودو	چودو
۱۲۶	۱	۱۵	چھے ارنگ	چھے وید انگ

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۱۲۶	۱	۱۶	دھرم	دھرم شاستر
۱۲۶	۲	۱۹	چُور	چور
۱۲۷	۱	۲۹	پیارے	پیادے
۱۲۷	۱	حاشیہ	چوکیدار پہرہ	چور پہرہ
۱۲۸	۲	۲۷	دوجنبی	دوجنبی
۱۲۹	۱	۴	دوجمی	دوجنبی
۱۳۱	۱	۲۲	باہر	یاہر
۱۳۱	۱	۲۳	ساٹ	چاٹ
۱۳۱	۱	۲۵	(صحیح چوکھ)	(صحیح چوکھ)
۱۳۱	۱	۲۷	حاسے کا	چار مُنہ کا
۱۳۱	۱	۲۹	پھیرایا	پھرایا
۱۳۲	۱	۱۹	لسی	لیتی
۱۳۲	۲	۱	۱۰۳۲ھ	۱۰۳۲ھ
۱۳۳	۲	۱	اور	اور اَور
۱۳۳	۲	۸	ساجا	سانچا
۱۳۴	۱	۱۰	سے	سینے
۱۳۴	۱	۱۸	ساں	یہاں
۱۳۴	۱	۲۴	ہوکے	ہوتے
۱۳۴	۱	۲۵	کہینگے	کہینگے
۱۳۴	۱	۲۷	نہلانے	نہلانے
۱۳۹	۱	۱۸	اوس	ساوس
۱۳۹	۱	۲۲	پیس	پیسنس
۱۳۹	۱	۲۳	کسی	کئی
۱۴۰	۱	۱۶	خاس	خراش
۱۴۱	۱	۲۳	مکرا	جھگڑا
۱۴۲	۱	۲	جواب	جوآب
۱۴۲	۱	۴	بقاعدہ	بقاعدہ
۱۴۲	۱	۴	مدل	بدل
۱۴۲	۱	۱۶	پھٹرخالی	چھیڑخانی
۱۴۲	۱	۳۰	پنجمی	پنچمی

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	ح	غلط	صحیح
۱۴۳	۱	۲۴	کچہ	کچھ
۱۴۴	۱	۱	دپر	دَیر
۱۴۴	۱	۹	ساسوں	پیاسوں
۱۴۴	۱	۱۴	ا	—
۱۴۴	۱	۳۰	کلہ	کلسا
۱۴۵	۱	۷	جیارا	جِیرا
۱۴۵	۱	۸	دیارا	دِیرا
۱۴۵	۱	۱۲	چھُن	چھَن
۱۴۵	۱	۱۶	پکے کا	پکّے کا
۱۴۷	۱	۲	نقصان اشکست	نقصان شکست
۱۴۷	۲	۸	بچہ کا ہگنا	بچہ کا ہگنا۔ (۲) نفرت کرنا
۱۴۷	۲	۱۵	(۲)	(۲) ایک
۱۴۷	۲	۱۹	ہندوعوہ	(ہندوعو)
۱۴۷	۲	۲۴	چیزے	چیزکے
۱۴۸	۱	۷	چھیڑ	چھیڑ
۱۴۸	۱	۱۱	گو	گر
۱۴۸	۱	۱۳	مژگاں	مِژگانِ
۱۴۸	۱	۲۱	چھڑنا	چھیڑنا
۱۴۸	۲	۳	بزنگ	برنگ
۱۴۸	۲	۱۰	الاپنا	الاپنا
۱۴۹	۱	۸	آوازہ لوازہ	آوازہ توازہ
۱۴۹	۱	۹	چھینٹا پینٹا	چھینٹا پڑنا
۱۴۹	۲	۷	بلاس	ہُلاس
۱۴۹	۲	۲۰	چینتا	چِنتا
۱۵۰	۱	۲۳	چنگھار	چنگھاڑ
۱۵۱	۱	۱۶	نتر	نثر
۱۵۲	۱	۷	لِشان	نشان
۱۵۲	۲	۱۲	چین ماننا	چیں ماننا
۱۵۶	۱	۶	غ	ع
۱۵۶	۲	۲۷	ساکس	ساسس

صفحہ	کالم	ح	غلط	صحیح
۱۵۷	۱	۴	مس	ہیں
۱۵۷	۲	۷	ٹوئے	ٹوٹے
۱۵۷	۲	۲۷	حجراسوز	حجرِاسود
۱۵۸	۱	۲۶	ردکے	روکے
۱۵۸	۲	۱۲	خنگی کرنا	خفگی کرنا
۱۵۸	۲	۱۴	نخلے	تجلی
۱۵۸	۲	۳۰	بذات	بذذات
۱۶۰	۱	۳۰	ناوانی	ناتوانی
۱۶۲	۲	۱۲	بل جائے	کل جائے
۱۶۵	۱	۱	جو کچھ اُٹھانا ہی	حظ اُٹھالے جو کچھ اُٹھانا ہے
۱۶۵	۱	۲۷	شرح	شرع
۱۶۶	۲	۲۰	مسر	مسیحا
۱۶۹	۲	۲۴	ملایم (بقلم جلی)	ملایم (بقلم خفی چاہیئے)
۱۷۰	۲	۷	حل کرنا	حل کرنا
۱۷۰	۲	۲۷	قوت - باصرہ	قوتِ باصرہ
۱۷۲	۱	۱۵	ایام طمث	ایامِ طمث
۱۷۵	۱	۳۰	عالی دماغی	عالی دماغ
۱۷۷	۲	۵	خالہ کا گھر	خالہ کا گھر ہے
۱۷۸	۲	۳۰	خانخاں	خان خاناں
۱۷۹	۱	۱۶	کمادیں	کماویں
۱۷۹	۱	۱۷	اُڑدیں	اُڑاویں
۱۷۹	۱	۲۱	چوں نیست	چوں زرِ نیست
۱۷۹	۲	۲	ببری	میری
۱۷۹	۲	۶۷	فلک دہ	فلک زدہ
۱۷۹	۲	۱۸	چسر	چیر
۱۸۰	۱	۸	مئے	مَے
۱۸۰	۱	۸	تھی	تھے
۱۸۳	۱	۲۹	لولینگے	بولینگے
۱۸۸	۲	۲۰	محلف	مختلف
۱۹۰	۱	۸	رخنہ	ریختہ

صفحہ	کالم	ح	غلط	صحیح
۱۹۰	۱	۱۳	جس کا ایک	جس کا ایک مجلّا
۱۹۰	۲	۱	مربتی	مُربّا
۱۹۰	۲	۲۹	اردت	ارادت
۱۹۱	۱	۱۶	اکتر	اکثر
۱۹۴	۱	۲۶	بدطوبے	یدطوبےٰ
۱۹۵	۱	۱۷	مایل	مائل
۱۹۵	۲	۱۴	ایک	ایک دن
۱۹۶	۲	۱۴	گوہ کن	کوہ کن
۱۹۶	۲	۲۵	کٹھن کام	کٹھن کام
۱۹۷	۲	۱۹	خنکہ	خشکہ
۱۹۹	۲	۲۸	وہ دوخطوط	وہ خطوط
۲۰۵	۱	۲۵	خمیارہ	خمیازہ
۲۰۶	۱	۱	غیرشدّد	غیرمشدّد
۲۰۷	۲	۳	دور دورو	دَور دَورہ
۲۰۸	۱	۱	جلایا	جلاپا
۲۰۸	۱	۱۵	کیا تواب	کیا اب
۲۱۰	۱	۲۷	خود	خُود
۲۱۰	۲	۱۶	خورائی سے	خودرائی سے
۲۱۱	۱	۳۰	خود	خُور
۲۱۵	۱	۳	درند	رند
۲۱۷	۱	۴	خبر	خیر
۲۱۹	۲	۱۴	پادلش	پاداش
۲۲۰	۲	۳	داؤد	داؤدُ
۲۲۰	۲	۳	داؤد	داؤدُ
۲۲۰	۲	۶	مادی	پادی
۲۲۰	۲	۷	داؤد	داؤدُ
۲۲۰	۲	۱۵	داؤد	داؤدُ
۲۲۰	۲	۱۶	نیتھ	پنتھ
۲۲۰	۲	۱۹	داؤد	داؤدُ
۲۲۰	۲	۲۳	داؤد	داؤدُ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۲۲۰	۲	۲۵	داؤد	داؤد
۲۲۰	۲	۲۵	داؤد	داؤد
۲۲۰	۲	۲۷	داؤد	داؤد
۲۲۰	۲	۲۷	باوڑی	باؤری
۲۲۱	۱	۶	پایہ تخت	پایۂ تخت
۲۲۱	۱	۲۴	بادشاہ ایران	پادشاہِ ایران
۲۲۲	۱	۱۹	چاردانگ	چاردانگ
۲۲۲	۱	۲۵	یر	پر
۲۲۲	۲	۲۲	نماں ہولا	نمایاں ہونا
۲۲۲	۲	۲۶	اونت	اونٹ
۲۲۳	۱	۲۹	بکھڑے	بکھرے
۲۲۳	۲	۱	دال اور موٹھ	دال اور موٹھ پچھاپھرے
۲۲۳	۲	۹	سیخی	شیخی
۲۲۶	۱	۱	گرزنا	گزرنا
۲۲۷	۱	۶	میرے	تیرے
۲۲۷	۱	۳۰	ہنا	ہنسنا
۲۲۸	۱	۲	دانتا کلکل	دانتا کلکل ہے
۲۲۸	۱	۲۲	عاجر آجانا	عاجز آجانا
۲۲۸	۱	۲۶	راتوں	دانتوں
۲۲۸	۲	۲	دانتو	دانتوں
۲۲۸	۲	۱۶	سحت	متعجب
۲۲۸	۲	۱۷	سکا	تنکا
۲۲۸	۲	۱۹	رات لے	رات نے
۲۲۹	۲	۳۰	پسد	پسند
۲۳۰	۱	۱۳	ملوت	ملوث
۲۳۰	۱	۲۶	بازی	بازی
۲۳۱	۲	۳	آنکھ مچوئی	آنکھ مچولی
۲۳۴	۱	۱۷	ابھیاس	ابھیاس
۲۳۴	۱	۱۹	دبلے	دُبلے
۲۳۴	۱	۲۳	دھمے دھمے	دِھیمے دِھیمے

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۲۳۴	۱	۲۸	(اتس)	(دَتش)
۲۳۴	۲	۹	اسم مذکر-	اسم مذکّر- (۱)
۲۳۴	۲	۱۰	(۲)	(۲) دیکھو لفظ دبیر کے
				معنی نمبر ۲ سطر ۱۳-
۲۳۵	۱	۱	دجال	دَجّال- (لغوی معنی بناوٹ جھوٹ کپٹ نکلا ہے صیغہ مبالغہ کا دجل یعنی کذب ہے باقی رہا یہ سے متعلق ہے-
۲۳۴	۲	۱۳	(۲) فرہ اسلامت علی	(۲) فرہ اسلامت علی کاتب کی غلطی سے لفظ دبیر کے
			تا آخر	دوسرے معنی اس جگہ لکھ گئے ہیں-
۲۳۶	۱	۷	ددوڑا	دودوڑا
۲۳۸	۱	۱۴	مکان	تیرتھ
۲۳۸	۲	۱۷	دروبست	دربست
۲۳۸	۲	۱۹	دال جھلہ	رائے جھلہ
۲۳۸	۲	۲۷	لکھر	سکھر
۲۴۰	۲	۳	پاٹ	پاٹھ
۲۴۰	۲	۲۰	دَرشٹ	دِرشٹ
۲۴۲	۱	۱۰	(دَرشن)	(دِرشن)
۲۴۲	۱	۱۲	نیا	نیائے
۲۴۲	۱	۱۳	اوتر	اُتّر
۲۴۴	۱	۲۹	دُہیں	وہیں
۲۴۵	۱	۲۱	دڑیڑا	دریڑا
۲۴۵	۱	۲۸	دو	دَہ
۲۴۵	۲	۲۴	نوگھڑی تین گھنٹے	نوگھڑی یا تین گھنٹے
۲۴۷	۱	۵	نساں	نشان
۲۴۸	۱	۳	شہدے	شُہدائے
۲۴۸	۲	۲۱	دسنہ	دستہ
۲۴۹	۱	۲۸	(رسا)	(دشا)
۲۴۹	۱	۲۹	مدکر	مذکّر
۲۵۳	۲	۱۵	باہری	باہرے
۲۵۳	۲	۱۵	چھا	چھائے

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۲۵۶	۲	۵	تیر	تیرا
۲۶۵	۲	۱۹	د-فش	درفش
۲۶۵	۲	۲۳ و ۲۹	جھنڈو	جھنڈا
۲۶۶	۱	۲۵	رور	زور
۲۷۱	۱	۲۳	سیۂ	سیر
۲۷۲	۱	۲۹	دنماں	دنمان
۲۷۲	۲	۲	دنماں	دنمان
۲۷۵	۱	۱۷	کبی	بی
۲۷۵	۱	۱۷	رہتا	رہنا
۲۷۸	۲	۲۳	نوخط	نوخط
۲۷۹	۲	۷	دودھ دھاری	دُودھ دھاری
۲۸۰	۱	۲۱	جدب ہونا	جذب ہونا
۲۸۶	۱	۲۹	ددوں	دُوں
۲۸۶	۲	۲	روچند	دوچند
۲۸۹	۱	۲	دکھاکے دینا	دھاکے دینا
۲۸۹	۱	۱۷	خرفوں	حرفوں
۲۸۹	۲	۱۳	دھار چڑھنا	دھار چڑھانا
۲۸۹	۲	۲۰	دھار کرنا	دھار کرنا
۲۹۵	۱	۱۶	دھرکیانی	دھرم گیانی
۲۸۹	۲	۲۶	کنگ	گنگ
۲۹۹	۲	۵	مغیر الدین	معز الدین
۲۹۹	۲	۱۹	ہیں	میں
۳۰۲	۲	۲	دھینگا دھینگی	دھینگا دھینگی
۳۰۳	۱	۴	ھویا	دھویا
۳۰۶	۱	۵	اسم مذکر چاننا چھول	اسم مذکّر چاننا چھول
۳۰۶	۱	۱۴	فعل لاز	فعل لازم
۳۰۶	۱	۳۰	ہے سکندر	سکندر ہے
۳۰۶	۲	۵	صد	صدر
۳۰۶	۲	۱۹	مجائیں	مجائیں
۳۰۶	۲	۳۰	دُھون	دھون
۳۰۸	۲	۱۹	خدائے لونگانے والا	خدا سے لو لگانے والا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۳۰۹	۲	۹	جوڑ	جوڑا
۳۱۰	۱	۸	درگا	دُرگا
۳۱۰	۱	۹	دیوما	دیوتا
۳۱۱	۱	۹	گھوزکر دیکھنا	گھورکر دیکھنا
۳۱۱	۱	۱۳	وِدَ	وِدَا (رنگین)
۳۱۱	۲	۲۶	اپنے	آپنے
۳۱۳	۱	۳۰	مختصر	مختصر
۳۱۳	۲	۱۳	پوچھ	پوچھیے
۳۱۴	۲	۲۲	مصافت	مسافت
۳۱۴	۲	۲۳	واصلہ	فاصلہ
۳۱۴	۲	۲۴	دشولہ	دشوار
۳۱۴	۲	۲۷	سینگڑاوں	سینکڑاوں
۳۱۵	۱	۳۰	دہ	دو
۳۱۵	۲	۳	گاڑے	گارے
۳۱۵	۲	۱۰	ہنستے ہنستے	ہنستے ہنستے
۳۱۵	۲	۲۱	دارلمعدات	دارلعدلت
۳۱۶	۱	۱۱	اپنی بات	بات اپنی
۳۱۶	۱	۲۷	دیسک	دیپک
۳۱۶	۱	۳۰	کالا بھد	کالا بھنڈ
۳۱۷	۱	۱۰	پانی	پالی
۳۱۷	۲	۱۹	نکینہ	نگینہ
۳۱۷	۲	۱۹	رر پہلی	رُوپہلی
۳۱۷	۲	۲۲	درہ	واہ
۳۱۷	۲	۲۵	بہنری	بہتیری
۳۱۹	۱	۵	ڈام بکرہ	ڈام بگر
۳۱۹	۱	۸	ہونٹو	ہونٹوں
۳۱۹	۱	۲۸	ڈانٹ	ڈانٹوا
۳۱۹	۲	۵	دری	دھری
۰	۱	۱۶	ڈاوڈاڈول	ڈاواں ڈول
۳۲۲	۱	۴	اگلے بچے جی	ابکے بچے جی
۳۲۲	۱	۲۸	دوسر بندلوکرا	دوسر بندہ نوکرا
۳۲۲	۱	۳۰	نیک	نیگ
۳۲۲	۲	۹	دُلّا	دیتا ہے
۳۲۲	۲	۶	خجالت دوسوئی ڈاک	خجالت دو سو کی ڈاک
۳۲۲	۲	۶	ڈاک	ڈلک
۳۲۲	۲	۷	چلوں	چلون
۳۲۲	۲	۲۹	حکم	محکم
۳۲۲	۲	۳۰	معاطہ	احاطہ
۳۲۳	۱	۱۵	تطبع	تقطیع
۳۲۳	۱	۲۴	سس	نہیں
۳۲۴	۱	۳	ذَمن	ذقن
۳۲۴	۱	۲۵	وہ	وہ
۳۲۴	۲	۲۹	کہ	کو
۳۲۵	۱	۲	دودے	ڈورے
۳۲۵	۱	۳	حوس اسلوب	خوش اُسلوب
۳۲۵	۱	۵	عضب میں	غضب ہیں
۳۲۵	۱	۱۰	پن سے مین	نیچ میں
۳۲۵	۱	۱۳	ط مات	طناب
۳۲۸	۱	۴	توٹ	ٹوٹ
۳۲۸	۱	۱۸	درارات	مُدارات
۳۲۸	۱	۲۸	حادت	عادت
۳۲۹	۱	۱۵	زنگ	رنگ
۳۲۹	۱	۱۶	ڈہڑمانا	ڈہنڈھانا
۳۲۹	۱	۱۹	پیہ	پیسہ
۳۳۰	۱	۱	آو	اور
۳۳۰	۱	۲۱	ننا	بنا
۳۳۰	۱	۲	ستاوں	ستاون
۳۳۰	۱	۲۴	مارسے	فکر سے
۳۳۱	۱	۴	لاتی	لاتی
۳۳۱	۱	۷	ڈھورا	ڈھور
۳۳۱	۱	۱۶	آلہ	آبلہ
۳۳۱	۲	۱۵	مجوں محبت	مجنونِ محبت
۳۳۱	۲	۱۸	بیا	جیا
۳۳۲	۱	۱۵	پہلی سی	پہلی سی
۳۳۲	۱	۲۲	ڈھینڈ	ڈھیڈ
۳۳۲	۲	۱۵	منظر سے	منظر ہے
۳۳۷	۲	۸	سبب	سیب
۳۳۸	۱	۲۰	ذالحج	ذی الحج
۳۳۸	۲	۱۵	مقامات	مقامات
۳۳۹	۱	۲۸	بناوں	بناواں
۳۳۹	۲	۱۲	سکھ	سکھ
۳۴۰	۲	۱۳	شوخی مزاجی	شوخ مزاجی
۳۴۱	۱	۶	ٹھارا	ٹھاڑا
۳۴۱	۱	۱۳	راجانی	راجائی
۳۴۱	۱	۲۸	قلوں	قتلون
۳۴۲	۱	۹	غلہ چاش	غلہ۔ چاش
۳۴۲	۱	۱۲	اثر	نور
۳۴۲	۱	۱۴	یعنی دا	یعنی دو
۳۴۲	۲	۲۲	بازار	ہزار
۳۴۲	۲	۲۲	لنگ	آلنگ
۳۴۳	۲	۲۱	شسترا	ششر
۳۴۳	۲	۳۰	بتیاں	جلکڑی
۳۴۴	۱	۱	لکڑیاں	لکڑی
۳۴۴	۱	۹	پتایہ لے	ٹپایہ اے
۳۴۴	۱	۱۹	تک	تنک
۳۴۴	۱	۲۳	بطرح	بیطرح
۳۴۴	۲	۱	اچھے سے	اچھے سے
۳۴۴	۲	۹	کڑے تھے	لڑے تھے
۳۴۶	۱	۱۰	راندا	راندڈ
۳۴۶	۱	۱۶	رانی کہن	رانی گہن
۳۴۷	۲	۲۰	پھرپھ	پھر پھر
۳۴۹	۲	۲۷	وہ دھ	دُودھ
۳۵۱	۱	۱۳	گو	گوہ
۳۵۱	۲	۱	دوسری اساڑھ	دوسری سُدی اساڑھ
۳۵۴	۱	۱۳	مرآ	مرا

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۳۵۷	۲	۲۶	رستہ تُو	رستہ لو
۳۵۸	۱	۱۶	عامہ	خامہ
۳۵۸	۲	۲۱	سُوخ	رُسُوخ
۳۵۹	۲	۷	اد	او
۳۶۰	۱	۲۳	ہم	جسیم
۳۶۰	۱	۲۸	دال	زوال
۳۶۰	۱	۲۸	ہم پشتہ	ہم پیشہ
۳۶۲	۱	۲۰	تغیّر	تغییر
۳۶۴	۱	۳۰	ترشی	ترشی سے
۳۶۵	۱	۲۲	ملا	ملا
۳۶۷	۱	۳۰	جانگاہ	جانگاہ
۳۷۹	۲	۱۷	روپے کے ٹلے	روپے کے ٹکے
۳۸۱	۲	۷	پانی	پانی
۳۸۲	۱	۱۹	فردوس	دُوس
۳۸۳	۱	۱۸	بندِ تیر	ہندِ تیر
۳۸۳	۲	۳	نیت گے	نیت سے
۳۸۳	۲	۶	روز نہ رکھنا	روزہ نہ رکھنا
۳۸۳	۲	۱۴	اجیوکا	آجیوکا
۳۸۴	۱	۹	روشنی	روشن
۳۸۶	۱	۱۵	کہو	کہیو
۳۸۷	۲	۹	کثرت	کسرت
۳۸۷	۲	۲۶	س	میں
۳۸۷	۲	۲۶	ہو	ہو تو
۳۸۸	۱	۱	سوے	سوئے
۳۸۹	۱	۲۶	رونگتے	رونگٹے
۳۸۹	۲	۲۷	کالا	گالا
۳۹۳	۱	۶	بجھے	بجھے
"	"	۲۳	ریخ	ریخ
۳۹۴	۲	۲۶	رِیشہ	ریشہ
۳۹۵	۱	۱۱	+	بن روہو +
۳۹۵	۱	۱۰	ہوتی	ہوتا
۳۹۵	۱	۱۱	کی جاتی	کیا جاتا
۳۹۵	۱	۱۱	پائی جاتی	پایا جاتا
۳۹۶	۱	۸	رد	رو
۳۹۷	۱	۵	نزارِ نحیف	نزار و نحیف
۳۹۸	۱	۱۶	شعرِ کسیر	شعرا سیر
۳۹۸	۱	۲۱	جاتا	جاتا ہے
۳۹۸	۱	۲۹	زباں زد	زبان زد
۳۹۸	۲	۳۰	دارُستہ	وارستہ
۳۹۸	۲	۳۰	۳۹۹ صفحہ	۴۰۱ صفحہ دیکھو
۳۹۹	۲	۱۹	(ذوق)	(ذوق)
۳۹۹	۲	۳۰	۳۹۹ صفحہ	دیکھو صفحہ ۳۹۸
۴۰۰	۱	۵	روئیگا	نہ روئیگا
۴۰۰	۲	۳۰	رہ گیا	رہ گیا
۴۰۰	۲	۳۰	۴۰۰	دیکھو صفحہ ۴۰۵
۴۰۲	۱	۱۵	زباں	زباں
۴۰۳	۱	۲۵	کیوں	کیوں
۴۰۴	۲	۳۰	اور مقدار	اور مقدار دیکھو صفحہ
۴۰۶	۲	۳۰	توانا	توانا دیکھو صفحہ ۳
۴۰۷	۱	۳۰	رولا دیا	رُلا دیا
۴۰۸	۱	۱۳	گلشن فیض	گلشن فیض کی
۴۰۸	۲	۳	نانی	نانی
۴۰۸	۲	۳۰	لگاجی	لگاجی + دیکھو صفحہ
۴۱۰	۲	۳۰	نبکر	بنکر + دیکھو صفحہ
۴۱۱	۱	۱۹	زمیں	زمین
۴۱۲	۱	۲۰	ٹھا	ٹھا یعنی مرہم آوا
۴۱۲	۲	۵	(معروف)	(معروف)
۴۱۲	۲	۱۳	(لا)	(لا)
۴۱۲	۲	۲۳	فرق	فرق
۴۱۲	۲	۲۶	زمین	زمین
۴۱۲	۲	۳۰	۴۱۲	دیکھو صفحہ ۴۱۱
۴۱۳	۲	۵	رنگینوں	نگینوں
۴۱۴	۱	۲۰	چمبک	چنک
۴۱۴	۲	۲۰	نے تو	نے
۴۱۴	۲	۲۴	بندت خانہ	پنڈت خانہ
۴۱۵	۲	۱۲	سبند	سپند
۴۱۶	۱	۱۶	دکھانہ	دکھانا
۴۱۷	۱	۱۵	مری	مرے

صفحہ ۳۹۹ سے ۴۱۲ تک اڑ پشت الٹی چھپ گئی ہے

جلد سوم

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۲۴۷	۱	۱۷	طلیعہ	طلایع
۲۶۱	۱	۱	علم صغرے	عالم صغیر
۳۶۳	۲	۲۱	قاعدہ	قعدہ

جلد چہارم

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۳۷۴	۲	۱۲	فاریابی	فارابی
۴۸۶	۱	۲۷	موہب	واہب
۵۶۳	۲	۱۳	شین معجمہ)	شین معجمہ عربی نقو
۵۶۳	۲	۱۳	صحیح عربی	صحیح فارسی

کتاب ہزم آخر عہد شاہجہانی کے دو دیباچہ دار شاہوں کا طریق معاشرت جس میں بعہد رکابداری ابوالمظفر معین الدین محمد اکبر شاہ کے زمانے سے لے کر عہد سراج الدین محمد بہادر شاہ ظفر شاہ دہلی کے جہنگ روزمرہ بیوقائی و اندروانی برتاؤ۔ ان کی عادتیں۔ سیر و شکار۔ آئین خانگی معاملات خاص عام واقعات دربار و سواری کے تماشے جشن نوروز کے قریبے ذنانہ و مردانہ میلوں کے رنگ تماشوں کے فرہنگ مردوں میں مردوں کی سی بول چال عورتوں میں عورتوں کی سی بات چیت مع تصاویر ہر دو بادشاہ و دربار و سواری جو پریس نسخہ لیتھو ہونے کو تھا مگر شہید مرحوم نے اپنی کتاب سیرت فرید پر بھی ایک موقع پر بطور سند اس کتاب کا حوالہ دیا ہوا ہے اور اپریل ۱۸۵۷ء کے رسالہ موسوم جوشہای کہانوں کے نام سے چھپے ہیں اور وہ اسی سے نقل ہوئے ہیں مانند بہادر شمس العلماء مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب کے ہر ایک بسیط پر یوں لکھا ہے جو رسالہ اصلاحے عام مطبوعہ ماہ رمضان ۱۲۷۴ھ ہجری میں زود شور سے مع نقل ذکر رمضان الیارک طبع ہوا ہے۔ اگرچہ پہلے یعنی ۱۸۵۷ء میں اس نایاب کتاب کی قیمت پانچ روپے تھی اس پر بھی یہ دھوم ہے جاہا تحاش کرکے کچھ نسخے ہم پہنچائے ہیں اور بنظر فاقہ۔ بجلد کے صرف دو روپے چار آنے اور غیر مجلد کے دو روپے پختہ قیمت مقرر کردی ہے البتہ ڈاک در سطری وغیرہ کا خرچ بذمہ طرداری ہے جن صاحبوں کو یہ مجموعہ روزگار۔ رشحاتی یادگار درکار ہو۔ وہ بہ ترسیل قیمت یا بذریعہ ویلیو پی ایبل دفتر فرہنگ آصفیہ واقع دہلی کو لکھ پہنچائیں اور دہ بلا پس و پیش بھیجا جائے گا۔

دیگر کتب مرحومہ ۵۔ جملہ تعلیم و اشاعت ہادی الانام ہر دو حصہ۔ منافع نقد بدہ رسم ڈاکی۔ پتہ بھیلی محصول بذمہ خریدار

منیجر دفتر فرہنگ آصفیہ

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)

شفاخانۂ علاجِ بے دوا۔ دہلی

(۱) شفاخانۂ ہذا میں ہر ایک مرض کا علاج بذریعہ پانی اور بھاپ ہوتا ہے اور بفضلہ تعالیٰ نہایت صحت شفا حاصل ہوتی ہے فیس شفاخانہ ہفتہ وار صرف ایک روپیہ پیشگی (۲) اگر دیسی مریضوں کا علاج مفصل حالات مرض لکھنے پر بذریعہ خط و کتابت بھی ہوتا ہے فیس مشورہ و نسخہ صرف ایک روپیہ پیشگی منی آرڈر یا وی پی۔ (۳) شفاخانہ ہذا کے علاج مذکورہ پر تین کتابیں بزبان اردو قیمت ایک روپیہ نقد پیشگی یا بذریعہ وی پی مفت میں۔ تاجران کتب وغیرہ کو زیادہ جلدوں کی خریداری پر معقول کمیشن دیا جاتا ہے (۴) دیگر حالات شفاخانہ ہذا میں تشریف آوری پر یا بذریعہ خط و کتابت دو آنے کا ٹکٹ بمراہ جواب خط بھیجنے سے دریافت کیجئے۔ **ہنشی رسول داد** (مہتمم) انچارج شفاخانۂ علاج بے دوا دہلی

یہ مکان شفاخانۂ علاج بے دوا کے واسطے ہمارے نظر سے گذرا۔ مسٹر امیر مرزا صاحب ایک مدت سے بڑی محنت کے ساتھ اس کام میں مصروف ہیں۔ ہم نے ان کو بڑا محنتی پایا۔ ہر ایک مریض کی حالت کو بڑی توجہ سے سنتے تھے۔ اچھی اچھی دوائیں دیتے تھے۔ ہر مریض سے صرف ایک روپیہ لیتے تھے۔ اس کے مقابلہ میں ہر ایک مریض کو جو کچھ دیتے تھے وہ بہت زیادہ تھا۔ اس لئے ہم کو یقین ہے کہ ان کو اس کام میں بہت کچھ نقصان ہوتا ہوگا۔ ہم نے ان کو ہر طرح سے خوش پایا۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ خدا ان کو اس کام میں برکت دے۔ (دہلی اخبار)

مخزن پبلشنگ ایجنسی دہلی کی مشہور کتابیں

رسوم دہلی متعلقہ مسلمانان حصہ اول جلد دوم سراسر متعلقہ صاحبان ہنود۔ زیر نظر ثانی قیمت عہ

مثنویاتِ میر حسن۔ ایک زبان دلکی دل آویز بندشیں۔ ماس مانہ کے شاہانہ امیرانہ نکات مستند تاریخی ثبوتوں کے دکھائے ہیں کہ قدیمی وجھکہ رنگ ہجا تا ہے۔ انتخابی کورسنے ان مثنویوں کی اغلاط کا تتبع مطابع سے پاک کرکے مع دل چسپ دیباچہ۔ عمدہ سفید و لائنی کاغذ پر نہایت خوشخط چھپائی قیمت عہ

خواب ہستی ایک عجیب ناول ہے جو اخلاقِ حسنہ کا معاون۔ جدید طرز معاشرت کا ستیاناس کرتا ہے قیمت عہ

ابو مسلم خراسانی یہ ناول بھی دسلطنت زمانہ کی تصویر ملک۔ بھی اُنیت کی تباہی اور حکومت جاب کی ترقی اچھی طرح دکھاتا ہے قیمت عہ

مقامِ خلافت یعنی استیصال کا سفرنامہ۔ یہ سفرنامہ جو مولوی شیخ عبد القادر صاحب بی اے سیر شرائیٹ لائے خاص خاص مقامات میں قیام فرما کر تحریر دیدہ کتابچہ ہے اراکین و دوستانہ اور سفارتِ انگریزی کے بڑے بڑے عہدہ داروں سے ملے۔ بہت سی باتیں ایسی معلوم کیں اور ہر ایک کی گفتگو سے لطف اٹھایا اُس سے اپنے ہموطنوں کو محروم نہ رکھا۔ مقامات اور بعض فاضل کی حضرات کی تصویریں بھی دی ہیں گھر بیٹھے مفتہ سیاحی کا لطف اس سفرنامہ سے جیسا ناہی کسی اور سے نہیں اسکا قیمت ہے۔ ان کل کتابوں کا محصول ڈاک خریدار پر ہوگا۔

تنبیہ

چونکہ اس لغات کی ہر صورت اور ہر دفعہ پر کئی بار حسب ضابطہ رجسٹری عمل میں آئی ہے۔ اور مؤلف نے صرف زر کے علاوہ محنت بھی سالہا سال بہت ہی سی اُٹھائی ہے۔ اس سب سے تمام اہل مطابع۔ تمام تاجران کتب۔ جملہ مصنفین و مؤلفین لغات اور شائقین بافرہنگ یعنی فرہنگ آصفیہ کے قدردانوں کی خدمت بابرکت میں نہایت ادب انکسار کے ساتھ گزارش ہے کہ وہ طبع دُنیوی وغیر منصفی کو کام فرما کر سالما خواہ انتخاباً یا اختصاراً اسی قالب میں یا اُس قالب میں بتغیر الفاظ خواہ عبارت۔ بہ تبدیل ہیئت۔ یا جالایے طبیعت بلا اجازت چھاپ لینے یعنی ہماری برسوں کی محنت کو رائیگاں کھوئے کا قصد نہ فرمائیں اور بیٹھے بٹھائے قانون بستم ۱۸۴۷ء کی زد میں نہ آئیں۔ کم مایہ خریداروں اور طلبائے مدارس کے واسطے ہم خود ہی اس کا انتخاب مع سوم بہ اُردو لغات المدارس یعنی اُردو سکول ڈکشنری کے نام سے چھاپتے ہیں جو غالباً اسی سال میں شائع ہو جائے گا۔

راقم

سید احمد دہلوی مؤلف فرہنگِ آصفیہ

ہماری ذاتی چند کتب موجودہ کی فہرست

طبعی تعلیم قیمت ۷ رسالہ فائدہ تقاریر و تدریر۔ قیمت فی جلد ۱۷ انشاء ہادی المنشیاں قیمت فی جلد ۱۰ رسوم اہل ہنود یا اہل ہنود زیر نظر ثانی ہے کوئی قیمت مقرر نہیں کی گئی ہے

علم اللسان علم زبان میں اپنے نام کی یہ پہلی کتاب ہے قیمت ۲

راحت زمانی کا قصہ (بار دوم) یہ ایک نہایت ہی عجیب قصہ زیر طبع ہے۔

شیخوں کا رکھ رکھاؤ (بار دوم) یہ بھی زیر طبع ہے۔ **اخلاق النساء** (بار دوم زیر طبع ہے) یہ کتاب عورتوں کے لیے مفید اور بکار آمد ہے۔ **لغات المدارس** اوّل و دوم (بار اوّل زیر طبع ہے) یہ کتاب طلبا کے لیے بہت مفید ہے۔ **روزمرہ دہلی** (بار اوّل زیر طبع ہے) **سوانح عمری مصنفہ فرہنگ آصفیہ** (بار اوّل یہ بھی زیر طبع ہے) **لغات النساء** (بار اوّل زیر طبع ہے) لڑکیوں کا نوٹر تیب قاعدہ (بار دوم ہنود زیر طبع ہے) لڑکیوں کی پہلی کتاب یہ کتاب اب دوسری مرتبہ چھپ رہی ہے۔ یہ سب کتابیں عنقریب شائع ہو جائیں گی۔ **سید احمد** دہلوی مؤلف فرہنگ آصفیہ۔ دہلی کوچہ پنڈت

فرہنگ آصفیہ کے بچے کچے

تزئین الکلام ضرب الامثال مع موقع استعمال کا بھاری مجموعہ۔

تکمیل الکلام خاص خاص گروہ اور پیشہ وروں کی اصطلاحیں نہایت خوبی سے اس میں جمع ہوئی ہیں۔

تحقیق الکلام ہندوستانی علم زبان کا بیان اس کے حروف کی حالت اُن کا تغیر و تبدل وغیرہ۔

رس کھان یعنی قیت ہندی زبان کے گھریلو مجلسی گیتوں پہیلیوں کہہ مکرنیوں دوہوں کبتوں۔ بزرگن اور سرگن بجھوں کا مجموعہ۔

ریت بکھان یعنی صاحبان ہنود کی پیدا ہونے سے مرنے تک کی رسوم کا بیان۔

ناری کتھا ہندو اعلیٰ خاندانوں کی زنانہ روزمرہ بول چال بطرز مکالمہ۔

لغات النساء اسلامی کی اعلیٰ خاندانوں کی عورتوں کے محاورے اور اصطلاحیں مع الفاظ روزمرہ۔

سیر شملہ یعنی شملہ کا تاریخی حال۔ وہاں کے باشندوں کی رسمیں اور عمدہ عمدہ تماشے۔

قواعد اردو یعنی اُردو زبان کے وہ قاعدے جو قواعد نگاروں سے رہ گئے ہیں۔


سید احمد دہلوی مؤلف فرہنگ آصفیہ۔ دہلی کوچہ پنڈت

اطلاع


جس کتاب پر مصنف کے قلمی دستخط یا اُسکے دفترِ تصنیف کی مُہر ثبت نہ ہو وہ مسروقہ خیال کیجائے۔ **سید احمد دہلوی مؤلف فرہنگِ آصفیہ**


مہر کی جگہ


تخفیف قیمت چونکہ چلہ حمام کی گرمی کے باعث صرف چند روز رہی ہے اور ہنوز بہت سے خریدار ایسے ہیں جو کہ قیمت زیادہ نہ ہونے کے سبب سے بسیط و طویل متعدد کتاب یعنی تاریخ اردو کی قیمت نہ دے سکا ہے جاتا ہے




Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)









اردو سائنس بورڈ

وفاقی وزارت تعلیم - حکومت پاکستان

299-اپر مال، لاہور

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org)